مَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ فَانْتَھُوْا۔

رسول اللہ ﷺ جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو، اور جس سے منع کریں اس سے باز آ جاؤ۔

تالیف

امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم

مولانا ناظم الدین

جلد دوم ○ حصہ اول

ابواب القدر	ابواب الفتن	ابواب الرویا
ابواب الشہادات	ابواب الزھد	ابواب صفة القیامة
ابواب صفة الجنة	ابواب صفة جہنم	ابواب الایمان
ابواب العلم	ابواب الاستیذان والادب	

ناشر

مکتبة العلم

۱۸۔اردو بازار لاہور ○ پاکستان

مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

اللہ کے رسول جو کچھ تم کو دیں، اسکو لے لو، اور جس سے منع فرمائیں اس سے باز آجاؤ

جامع ترمذی شریف مترجم

جلد دوم

تالیف: امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم: مولانا ناظم الدین مدظلہ

شرح: مولانا عبد الرؤف علوی حفظہ اللہ استاذ جامعہ عثمانیہ

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان

Ph:7211788-7231788

نام کتاب: ـــــــ جامع ترمذی شریف

تالیف: ـــــــ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم: ـــــــ مولانا ناظم الدین

نظرِثانی: ـــــــ حافظ محبوب احمد خان

طابع: ـــــــ خالد مقبول

مطبع .... زاہد بشیر

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7224228

مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7221395

مکتبہ جویریہ 18 اردو بازار لاہور 7211788

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَبْوَابُ الْقَدَرِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تقدیر کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کے ابواب

۱: بَابُ مَاجَآءَ فِي التَّشْدِيْدِ فِي الْخَوْضِ فِي الْقَدَرِ

۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهُ حَتّٰى كَاَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْنَتَيْهِ الرُّمَّانُ فَقَالَ اَبِهٰذَا اُمِرْتُمْ اَمْ بِهٰذَا اُرْسِلْتُ اِلَيْكُمْ اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِي هٰذَا الْاَمْرِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَلَّا تَنَازَعُوْا فِيْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَائِشَةَ وَاَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَّا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ صَالِحِ الْمُرِّيِّ لَهُ غَرَائِبُ يَتَفَرَّدُ بِهَا۔

۱: باب تقدیر میں بحث کرنے کی ممانعت کے متعلق

۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ ایک مرتبہ تشریف لائے تو ہم لوگ تقدیر پر بحث کر رہے تھے۔ آپؐ غصے میں آگئے یہاں تک کہ آپؐ کا چہرہ مبارک سرخ ہوگیا گویا کہ آپؐ کے چہرے پر انار کے دانوں کا عرق نچوڑ دیا گیا ہو۔ پھر آپؐ نے فرمایا کیا تم لوگوں کو اس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟ کیا میں اسلئے بھیجا گیا ہوں؟ تم لوگوں سے پہلے کی قومیں اسی مسئلے میں بحث ومباحثہ کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوگئیں۔ میں تم لوگوں کو قسم دیتا ہوں کہ اس مسئلے میں آئندہ بحث وتکرار نہ کرنا۔ اس باب میں عمرؓ، عائشہؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف صالح مُری کی روایت سے جانتے ہیں اور ان سے کئی غریب روایات مروی ہیں جن میں وہ منفرد ہیں۔

۲: بَابٌ

۲: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا اَبِي عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ احْتَجَّ اٰدَمُ وَمُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى يَا اٰدَمُ اَنْتَ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُّوْحِهٖ اَغْوَيْتَ النَّاسَ وَاَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ فَقَالَ اٰدَمُ اَنْتَ

۲: باب

۲: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمؑ اور موسیٰؑ کے درمیان مکالمہ ہوا۔ موسیٰؑ نے فرمایا: اے آدم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے بنایا پھر اپنی روح آپ میں پھونکی اور پھر آپ کی لغزش کی وجہ سے لوگوں کو جنت نے نکالا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدم علیہ السلام نے جواباً فرمایا: اے موسیٰ! تو وہ ہے جسے اللہ نے شرفِ ہمکلامی کے

مُوسَى الَّذِيْ اِصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهٖ اَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى عَمَلٍ عَمِلْتُهٗ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَالَ فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰى وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَجُنْدُبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُ اَصْحَابِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ذریعے برگزیدہ کیا۔ کیا تو مجھے ایسے عمل پر ملامت کرتا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پہلے میرے لیے (لوحِ محفوظ میں) لکھ دیا تھا۔ نبی اکرمؐ فرماتے ہیں اس طرح آدم علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام پر (گفتگو میں) غالب آ گئے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ اور جندبؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ (یعنی سلیمان کی اعمش سے) اعمش کے بعض ساتھی اسے اعمش، وہ ابو صالح وہ ابو ہریرہؓ اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں جبکہ بعض راوی اسے ابو ہریرہؓ کی جگہ ابو سعیدؓ سے نقل کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث نبی اکرم ﷺ سے ابو ہریرہؓ کے واسطے سے کئی سندوں سے منقول ہے۔

۳: بَابُ مَاجَآءَ فِي الشَّقَاءِ وَالسَّعَادَةِ

۳: باب بدبختی اور خوش بختی کے بارے میں

۳: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ فِيْهِ اَمْرٌ مُبْتَدَعٌ اَوْمُبْتَدَاٌ اَوْفِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ فِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ اَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَاِنَّهٗ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ وَاَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الشَّقَاءِ فَاِنَّهٗ يَعْمَلُ لِلشَّقَاءِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَحُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ وَاَنَسٍ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳: حضرت سالم اپنے والد عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم جو عمل کرتے ہیں کیا یہ نیا امر ہے؟ یا عرض کیا کہ نیا شروع ہوا ہے یا یہ پہلے سے تقدیر میں لکھا جا چکا ہے اور اس سے فراغت حاصل کی جا چکی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: پہلے سے لکھا ہوا ہے اور اس سے فراغت ہو چکی ہے۔ اے خطاب کے بیٹے! ہر شخص پر وہ چیز آسان کر دی گئی ہے جس کیلئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ لہٰذا جو نیک بخت لوگ ہیں وہ نیک بختی کے عمل (اعمال صالح) کرتے ہیں اور جو بدبخت ہیں وہ اسی کیلئے عمل کرتے ہیں۔ اس باب میں علیؓ، خدیفہ بن اُسیدؓ، انسؓ اور عمران بن حصینؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴: اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ نُمَيْرٍ وَوَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَنْكُتُ فِي الْاَرْضِ اِذْ رَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ قَالَ مَامِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا قَدْ عُلِمَ قَالَ وَكِيْعٌ اِلَّا قَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهٗ مِنَ

۴: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ نبی اکرمؐ کے ساتھ تھے۔ آپؐ زمین کریدر ہے تھے (جیسے کوئی تفکر کی حالت میں کرتا ہے) اچانک آپؐ نے آسمان کی طرف سر اٹھایا اور فرمایا تم میں سے کوئی ایسا نہیں کہ جس کے متعلق متعین نہ ہو چکا ہو کہ وہ جنتی ہے یا جہنمی۔ وکیع کہتے ہیں کہ کوئی شخص ایسا نہیں جس کیلئے جنت یا دوزخ میں اس کی جگہ لکھی نہ جا چکی ہو۔

النَّارِ وَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوْا اَفَلَا نَتَّكِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم (تقدیر کے لکھے پہ) بھروسہ کرلیں آپؐ نے فرمایا عمل کرو ہر ایک جس کام کیلئے پیدا کیا گیا ہے اس پر وہ (کام) آسان کردیا گیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الْاَعْمَالَ بِالْخَوَاتِيْمِ

۴ : باب اس متعلق کہ اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے

۵. حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ وَاِنَّ اَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ فِي اَرْبَعِيْنَ يَوْماً ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ اِلَيْهِ الْمَلَكَ فَيَنْفُخُ فِيْهِ الرُّوْحَ وَيُؤْمَرُ بِاَرْبَعٍ يَكْتُبُ رِزْقَهُ وَاَجَلَهُ وَعَمَلَهُ وَشَقِيٌّ اَوْسَعِيْدٌ فَوَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَايَكُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۵: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ صادق ومصدوق رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بتایا کہ تم میں ہر ایک ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک نطفے کی حالت میں رہتا ہے پھر چالیس دن کے بعد گاڑھا خون بن جاتا ہے۔ پھر چالیس دن میں گوشت کا لوتھڑا بنتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو اس میں روح پھونکتا ہے اور اسے چار چیزیں لکھنے کا حکم دیا جاتا ہے (رزق، موت، عمل اور یہ کہ وہ نیک بخت ہے یا بد بخت) پس اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں تم میں سے کوئی اہل جنت کے عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان بالشت بھر فاصلہ رہ جاتا ہے۔ پھر تقدیر الٰہی اسکی طرف سبقت کرتی ہے تو اس کا خاتمہ دوزخیوں کے اعمال پر ہوتا ہے۔ اور وہ جہنم میں داخل ہوجاتا ہے اور ایک آدمی (عمر بھر) جہنمیوں کے اعمال کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان بالشت بھر فاصلہ رہ جاتا ہے پھر تقدیر الٰہی اسکی طرف دوڑتی ہے اور اس کا خاتمہ جنتیوں کے اعمال پر ہوتا ہے۔ پس وہ جنت میں داخل ہوجاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا الْاَعْمَشُ نَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ سَمِعْتُ اَحْمَدَ مَارَاَيْتُ بِعَيْنَيَّ مِثْلَ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْقَطَّانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا وَكِيْعٌ

۶: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے نبی اکرم ﷺ سے حدیث روایت کی اور اسی کی مثل ذکر کیا۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت انسؓ سے بھی روایات مروی ہیں۔ احمد بن حسن فرماتے ہیں میں نے امام احمد بن حنبلؒ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری آنکھوں نے یحییٰ بن سعید قطان کی مثل کوئی دوسرا نہیں دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ اور ثوریؒ نے اعمش سے اس کی مثل روایت کی۔ محمد بن علاء نے وکیع کے واسطے سے انہوں نے بواسطہ

عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدٍ نَحْوَهُ.

اعمش حضرت زید سے اس کی مثل حدیث روایت کی۔

۵: بَابُ مَاجَآءَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ عَلَى الْفِطْرَةِ

۵: باب اس بارے میں کہ ہر پیدا ہونے والا فطرت پر پیدا ہوتا ہے

۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ رَبِيْعَةَ الْبُنَانِيُّ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ وَيُشَرِّكَانِهِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ هَلَكَ قَبْلَ ذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَاكَانُوْا عَامِلِيْنَ بِهِ.

۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر پیدا ہونے والا ملت اسلامیہ پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مشرک بنا دیتے ہیں۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ جو بچے جوان ہونے سے پہلے فوت ہو گئے؟ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ وہ اگر بڑے ہوتے تو کیا کرتے۔

۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَالْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَقَالَ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَغَيْرُهُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ.

۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی حدیث کے ہم معنی روایت کرتے ہیں لیکن یہاں "يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ" کی جگہ "يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ" کے الفاظ ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ وغیرہ اسے اعمش وہ ابو صالح، وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل نقل کرتے ہیں اور اس میں "يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ" کے الفاظ ہیں۔

۶: بَابُ مَاجَآءَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَآءُ

۶: باب اس بارے میں کہ تقدیر کو صرف دعا ہی لوٹا سکتی ہے

۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ وَ سَعِيْدُ ابْنُ يَعْقُوْبَ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ عَنْ اَبِي مَوْدُوْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَضَآءَ اِلَّا الدُّعَآءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمَرِ اِلَّا الْبِرُّ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي اُسَيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَانَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ الضُّرَيْسِ وَاَبُوْ مَوْدُوْدٍ اِثْنَانِ اَحَدُهُمَا يُقَالُ لَهُ فِضَّةُ وَالْاٰخَرُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ اَحَدُهُمَا بَصْرِيٌّ وَالْاٰخَرُ مَدِيْنِيٌّ وَكَانَا

۹: حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قضاء (قدر) کو صرف دعا ہی بدل سکتی ہے اور عمر کو نیکی کے علاوہ کوئی چیز نہیں بڑھا سکتی۔ اس باب میں ابو اُسید رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف یحییٰ بن ضریس کی روایت سے جانتے ہیں اور ''ابو مودود'' دو ہیں۔ ایک کو فضہ اور دوسرے کو عبد العزیز بن سلیمان کہتے ہیں۔ ان میں سے ایک بصری اور دوسرے مدنی ہیں۔ جنھوں نے یہ حدیث نقل کی ہے وہ ابو مودود فضہ

فِي عَصْرٍ وَّاحِدٍ وَاَبُوْ مَوْدُوْدِ الَّذِيْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ اسْمُهٗ فِضَّةُ بَصْرِيٌّ.

بصری ہیں۔

۷: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ اُصْبُعَيِ الرَّحْمٰنِ

۷: باب اس بارے میں کہ لوگوں کے دِل رحمٰن کی دو اُنگلیوں کے درمیان ہیں

۱۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ اَنْ يَّقُوْلَ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ فَقُلْتُ يَانَبِيَّ اللّٰهِ اٰمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهٖ فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا قَالَ نَعَمْ اِنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ اُصْبُعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ شَاءَ وَفِي الْبَابِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَعَائِشَةَ وَاَبِيْ ذَرٍّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ اَنَسٍ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ اَنَسٍ اَصَحُّ.

۱۰: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اکثر پڑھا کرتے تھے "يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ" اے دِلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ ہم ایمان لائے آپؐ پر اور جو چیز آپؐ لائے اس پر بھی۔ کیا آپؐ ہمارے بارے میں ڈرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں کیونکہ دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے انہیں پھیر دیتا ہے۔ اس باب میں نواس بن سمعانؓ، اُم سلمہؓ، عائشہؓ اور ابوذرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسے اسی طرح کئی راوی اعمش، وہ ابوسفیان اور وہ انسؓ سے نقل کرتے ہیں۔ بعض راوی انسؓ کی جگہ جابرؓ سے بھی اسے نقل کرتے ہیں لیکن ابوسفیان کی اعمش سے منقول حدیث زیادہ صحیح ہے۔

۸: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا لِاَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ

۸: باب اس بارے میں کہ اللہ تعالیٰ نے دوزخیوں اور جنتیوں کے متعلق کتاب لکھی ہوئی ہے

۱۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِيْ قَبِيْلٍ عَنْ شُفَيِّ بْنِ مَاتِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ يَدِهٖ كِتَابَانِ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَاهٰذَانِ الْكِتَابَانِ فَقُلْنَا لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا اَنْ تُخْبِرَنَا فَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَسْمَآءُ اٰبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى اٰخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا ثُمَّ وَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ شِمَالِهٖ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ فِيْهِ

۱۱: حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ آپؐ کے پاس دو کتابیں تھیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم لوگ جانتے ہو کہ یہ کتابیں کیا ہیں؟ ہم نے عرض کیا نہیں مگر یہ کہ آپؐ ہمیں بتائیں۔ آپؐ نے دائیں ہاتھ والی کتاب کے متعلق فرمایا۔ یہ "رب العلمین" کی طرف سے ہے اور اس میں اہل جنت کے نام ہیں۔ پھر ان کے آباء واجداد اور ان کے قبیلوں کا ذکر کرنے کے بعد آخر میں میزان ہے۔ پھر ان میں نہ کمی ہوگی اور نہ زیادتی ہوگی۔ پھر آپؐ نے بائیں ہاتھ والی کتاب کے متعلق فرمایا کہ یہ بھی " رب

اَسْمَاءُ اَهْلِ النَّارِ وَاَسْمَاءُ اٰبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى اٰخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا فَقَالَ اَصْحَابُهٗ فَفِيْمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ اَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا فَاِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ وَ اِنَّ صَاحِبَ النَّارِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ فَنَبَذَهُمَا ثُمَّ قَالَ فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ.

العلمين" کی طرف سے ہے۔اس میں اہل دوزخ، ان کے آباءاجداداور قبائل کے نام مذکور ہیں اور پھرآ خر میں میزان کردیا گیا ہے۔اس کے بعدان میں نہ کمی ہوگی اور نہ زیادتی۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا تو پھر عمل کا کیا فائدہ؟ آپؐ نے فرمایا سیدھی راہ چلواور میانہ روی اختیار کرو کیونکہ جنتی کا خاتمہ جنت والوں ہی کے عمل پر ہوگا اگر چہ اس سے پہلے کیسے بھی عمل ہوں اور اہل دوزخ کا خاتمہ دوزخ والوں کے اعمال پر ہی ہوگا۔خواہ اس سے پہلے اس نے کسی طرح کے بھی عمل کیے ہوں ۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ہاتھوں سے اشارہ کیا اور دونوں کتابوں کو پھینک دیا پھر فرمایا: تمہارا رب بندوں سے فارغ ہو چکا ہے۔ایک فریق جنت میں اور دوسرا دوزخ میں ہے۔

١٢ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ اَبِيْ قَبِيْلٍ نَحْوَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ قَبِيْلٍ اسْمُهٗ حُيَيُّ بْنُ هَانِئٍ.

١٢: قتیبہ بھی بکر بن مضر ابوقبیل سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ابوقبیل کا نام حیی بن ھانی ہے۔

١٣ : اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهٗ فَقِيْلَ كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُوَفِّقُهٗ بِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

١٣: حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسکو عمل پر لگا دیتا ہے۔پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ کیسے عمل میں لگاتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اسے موت سے پہلے نیک اعمال کی توفیق دے دیتا ہے۔یہ حدیث صحیح ہے۔

٩ : بَابُ مَاجَآءَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ

٩: باب عدوی[1] صفر[2] اور ہامہ[3] کی نفی کے متعلق

١٤ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ نَا اَبُوْزُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ قَالَ نَاصَاحِبٌ لَنَا عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

١٤ : حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا: کسی کی بیماری کسی کو نہیں لگتی۔ایک اعرابی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ۔ایک اونٹ

---

[1] عدوی۔اس کا معنی یہ ہے کہ ایک کی بیماری دوسرے کی طرف متعدی نہیں ہوتی۔

[2] صفر۔اس میں علماء کے دو اقوال ہیں۔ایک یہ کہ صفر کو محرم پر مقدم کیا جائے جیسے عرب کے کافر کیا کرتے تھے۔دوسرا یہ کہ عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ جانور کے پیٹ میں ایک کیڑا ہے جو بھوک کے وقت ہیجان کرتا ہے۔اور اکثر جانور کو مار ڈالتا ہے۔

[3] ہامہ۔الو کو کہتے ہیں۔بعض لوگوں کا خیال تھا کہ میت کی ہڈیاں سڑ کر الو بن جاتی ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیتے تھے۔ (مترجم)

قَالَ قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَايُعْدِئ شَئٌ شَيْئًا فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْبَعِيْرُ اَجْرَبُ الْحَشَفَةِ نُدْبِنُهُ فَيُجْرِبُ الْاِبِلَ كُلَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ اَجْرَبَ الْاَوَّلَ لَا عَدْوٰى وَلَا صَفَرَ خَلَقَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ فَكَتَبَ حَيَاتَهَا وَرِزْقَهَا وَمَصَائِبَهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَنَسٍ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيَّ الْبَصْرِيَّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ ابْنَ الْمَدِيْنِيِّ يَقُوْلُ لَوْحُلِّفْتُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ لَحَلَفْتُ اَنِّي لَمْ اَرَا اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ .

جسے کھجلی ہوتی ہے جب دوسرے اونٹوں کے درمیان آتا ہے تو سب کو کھجلی والا کر دیتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر پہلے اونٹ کو کس کی کھجلی لگی؟ ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی اور نہ ہی صفر کا اعتقاد صحیح ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نفس کو پیدا کیا اور اس کی زندگی، رزق اور مصیبتیں بھی لکھ دیں۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، ابن عباسؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ میں (امام ترمذی) نے محمد بن عمرو بن صفوان ثقفی بصری کو کہتے ہوئے سنا کہ علی بن مدینی کہتے ہیں کہ اگر مجھے مقامِ ابراہیم اور رکن کے درمیان (کھڑا کر کے) قسم دلائی جائے تو میں قسم اٹھا کر کہوں گا کہ میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے زیادہ علم والا کوئی نہیں دیکھا۔

خلاصۃ الابواب: قضا وتقدیر کا مسئلہ اتنا دقیق و باریک ہے کہ اس میں جھگڑنا تو در کنار گفتگو کرنا بھی خطرہ سے خالی نہیں کیونکہ ایسے باریک مسائل میں جہاں گفتگو کی وہیں کوئی نہ کوئی پہلو بحث اور جھگڑے کا نکلا اور بحث و جھگڑے کا پہلو نکلا بس تقدیر کے انکار کے امکانات پیدا ہوئے۔ (۲) مصیبت میں تقدیر کا سہارا لینا حضرت آدم علیہ السلام کی سنت ہے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی مشیت ایزدی سے ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین میں اپنا ایک خلیفہ بنانے کا فیصلہ فرما چکے تھے۔ (۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اصل فیصلہ وہی ہوتا ہے جو قضا و تقدیر کر چکی ہے۔ اعمال ظاہری تو وہ انسان کے اچھے اور بُرے ہونے کی صرف ظاہری نشانیاں ہیں اس لئے تمام اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔ (۴) اس میں تین چیزوں تقدیر، عمر، رزق کا ذکر ہے اور تین چیزیں اسلامی عہد کے بعد نا قابل تبدیل ہونے میں ضرب المثل ہیں۔ اگر غور کیجئے تو یہاں ایک ہی چیز ہے تقدیر، عمر اور رزق اس کے اجزاء ہیں ان تینوں کے مقابلہ میں آپ ﷺ نے یہاں تین چیزیں بیان فرمائی ہیں جن کی تاثیر سے آج تک دنیا ناواقف تھی یعنی دعاء، نیکی اور گناہ۔ ان میں سے دعاء کی برکت سے کبھی نوشتہ تقدیر بھی ٹل جاتا ہے اور نیکی کی بدولت عمر میں اضافہ ہو جاتا ہے حالانکہ وہ بھی مقرر شدہ شے ہے۔ اس جگہ مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کا مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ مکتوبات، ص ۲۱۷، ۲۲۲۔ (۵) حق تعالیٰ کی علی الاطلاق قدرت اور بندہ کی انتہائی بے چارگی اور بے بسی کا نقشہ اس سے زیادہ مؤثر اور مختصر انداز میں ادا نہیں کیا جا سکتا کہ انسان پر اللہ تعالیٰ کا قبضہ و قدرت ہے۔

۱۰: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْاِيْمَانِ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ

۱۰: باب خیر و شر کے مقدر ہونے پر ایمان لانا

۱۵: حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ

۱۵: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ حَتّٰى يَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهٗ وَاَنَّ مَااَخْطَاءَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُبَادَةَ وَجَابِرٍ وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وهٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ لَّا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُوْنٍ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

اچھی اور بری تقدیر پر ایمان نہ لائے۔ یہاں تک کہ وہ جان لے کہ جو چیز اسے ملنے والی تھی وہ اسے ہی ملی کسی اور کے پاس نہیں جاسکتی تھی اور جو چیز اسے نہیں ملی وہ کسی صورت اسے نہیں مل سکتی۔ اس باب میں حضرت عبادہؓ، جابرؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث جابرؓ کی حدیث سے غریب ہے۔ ہم اسے صرف عبداللہ بن میمون کی حدیث سے پہچانتے ہیں اور عبداللہ بن میمون منکر حدیث تھا۔

۱۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ وَ يُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ.

۱۶: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بندہ اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک چار چیزوں پر ایمان نہ لائے۔ اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بیشک میں اللہ کا رسول ہوں اس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ موت پر ایمان لائے (یعنی اس کیلئے اعمال صالحہ سے تیاری کرے) موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر اور تقدیر پر ایمان لائے۔

۱۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا النَّضْرُبْنُ شُمَيْلٍ عَنْ عَلِيٍّ حَدِيْثُ اَبِيْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عِنْدِيْ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ النَّضْرِ وَهٰكَذَ ارَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْجَارُوْدُقَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ بَلَغَنِيْ اَنَّ رِبْعِيَّ بْنِ حِرَاشٍ لَمْ يَكْذِبْ فِي الْاِسْلَامِ كِذْبَةً.

۱۷: محمود بن غیلان، نضر بن شمیل سے اور وہ شعبہ سے اسی کے مانند نقل کرتے ہیں لیکن ربعی ایک شخص سے اور وہ حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں۔ ابو داؤد کی شعبہ سے منقول حدیث میرے نزدیک نضر کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ کئی راویوں نے بھی منصور سے انہوں نے ربعی سے اور انہوں نے علیؓ سے یہ حدیث نقل کی ہے۔ جارود بیان کرتے ہیں کہ وکیع کہتے ہیں: مجھے خبر پہنچی ہے ربعی بن حراش نے اسلام میں ایک مرتبہ بھی جھوٹ نہیں بولا۔

۱۱: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ النَّفْسَ تَمُوْتُ حَيْثُ مَا كُتِبَ لَهَا

۱۱: باب اس بارے میں کہ ہر شخص وہیں مرتا ہے جہاں اس کی موت لکھی ہوتی ہے

۱۸: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا مُؤَمَّلٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ مَطَرِبْنِ عُكَامِسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَاقَضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ اَنْ يَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهٗ اِلَيْهَا حَاجَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ عَزَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَلاَ نَعْرِفُ لِمَطَرِبْنِ

۱۸: حضرت مطر بن عکامس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے بندے کی کسی جگہ موت لکھی ہوتی ہے تو وہاں (جس جگہ موت لکھی ہو) کوئی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔ اس باب میں ابوعزہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ مطر

عُـكَـامِـسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ .

بن عکامس کی اس حدیث کے علاوہ کسی حدیث کا ہمیں علم نہیں۔

۱۹ : حَـدَّثَـنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا مُؤَمَّلٌ وَاَبُوْدَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ.

۱۹: ہم سے محمود بن غیلان نے اور ان سے مؤمل اور ابوداؤد حفری نے سفیان کی روایت اسی کے مثل بیان کی۔

۲۰ : حَـدَّثَـنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَلْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالاَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي الْـمَلِيْحِ عَنْ اَبِي عَزَّةَ قَالَ قَالَ رَسُوْ لُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ اِذَا قَـضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ اَنْ يَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَـعَـلَ لَـهُ اِلَيْهَا حَاجَةً اَوْقَالَ بِهَا حَاجَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ صَـحِيْـحٌ وَاَبُـوْ عَـزَّةَ لَهُ صُحْبَةٌ اسْمُهُ يَسَارُبْنُ عَبْدٍ وَ اَبُـو الْـمَلِيْـحِ بْـنِ اُسَامَةَ عَامِرُ بْنُ اُسَامَةَ ابْنِ عُمَيْرِ الْهُذَلِيُّ.

۲۰: احمد بن منیع اور علی بن حجر بھی یہ حدیث نقل کرتے ہیں اور دونوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اسمٰعیل بن ابراہیم، ایوب سے وہ ابوملیح اور وہ ابوعزہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کیلئے کسی مقام کو جائے موت قرار کر دیتا ہے تو اس طرف اس کے لیے کوئی حاجت پیدا کر دیتا ہے۔ (راوی کو شک ہے کہ) "اِلَيْهَا حَاجَةً" کے الفاظ ہیں یا" بِهَا حَاجَةٌ " کے الفاظ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوعزہ صحابی ہیں ان کا نام یسار بن عبد ہے اور ابوملیح، عامر بن اسامہ بن عمیر ہذلی ہیں۔

۱۲ : بَابُ مَاجَآءَ لاَ تَرُدُّ الرُّقٰى وَلاَالدَّوَاءُ مِنْ قَدَرِاللّٰهِ شَيْئًا

۱۲: باب اس بارے میں کہ تقدیر الٰہی کو دم جھاڑ اور دوا نہیں ٹال سکتے

۲۱ : حَدَّثَـنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَـا سُـفْيَـانُ عَـنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِي خِزَامَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلاً اَتَـى الـنَّبِيَّ صَـلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَرَاَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِيْهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰى وَتُقَاةً نَتَّقِيْهَا هَـلْ تَـرُدُّمِـنْ قَـدَرِاللّٰـهِ شَيْـئًـا قَالَ هِيَ مِنْ قَدَرِاللّٰهِ هٰـذَا حَـدِيْثٌ لاَ نَـعْـرِفُـهُ اِلاَّ مِـنْ حَـدِيْـثِ الزُّهْرِيِّ وَقَـدْ رَوٰى غَيْــرُ وَاحِـدٍ هٰـذَا عَــنْ سُـفْيَـانَ عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ عَـنْ اَبِي خِزَامَةَ عَنْ اَبِيْهِ وَهٰذَا اَصَحُّ هٰكَذَا قَـالَ غَيْـرُ وَاحِـدٍ عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ عَنْ اَبِي خِزَامَةَ عَنْ اَبِيْهِ.

۲۱: حضرت ابوخزامہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ مرقیہ جن سے ہم دم کرتے ہیں اور یہ دوائیں جن سے ہم علاج کرتے ہیں اور یہ بچاؤ کی چیزیں جن سے ہم ضرب سے بچتے ہیں۔ (یعنی ڈھال وغیرہ) کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا یہ (علاج وغیرہ) بھی تقدیر الٰہی میں سے ہے۔ یہ حدیث ہم صرف زہری کی روایت سے جانتے ہیں کئی راوی اسے سفیان، وہ زہری، وہ ابوخزامہ اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ یہ زیادہ صحیح ہے۔ اسی طرح کئی راوی زہری سے وہ ابوخزامہ سے اور وہ اپنے والد سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۳ : بَابُ مَاجَآءَ فِي الْقَدَرِيَّةِ

۱۳: باب قدریہ کے بارے میں

۲۲ : حَدَّثَـنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ

۲۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

فُضَيْلٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَبِيْبٍ وَعَلِيُّ بْنِ نِزَارٍ عَنْ نِزَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ ﷺ صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِي لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيبٌ الْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَ ابْنِ عُمَرٍو وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ.

۲۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ثَنَا سَلَّامُ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ نَا عَلِيُّ بْنُ نِزَارٍ عَنْ نِزَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت میں سے دوگروہ ایسے ہیں جن کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں۔ ایک فرقہ مرجیہ[1] اور دوسرا فرقہ قدریہ[2]۔ اس باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۳: محمد بن رافع، محمد بن بشر وہ سلام بن ابوعمرہ، وہ عکرمہ وہ ابن عباسؓ اور وہ نبی اکرم ﷺ سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں پھر محمد بن بشر بھی علی وہ فزار وہ عکرمہ وہ ابن عباسؓ سے وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۴: بَابٌ

۲۴: حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ نَا أَبُو قُتَيْبَةَ وَسَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ نَا أَبُو الْعَوَّامِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُثِّلَ ابْنُ آدَمَ وَإِلَى جَنْبِهِ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ مَنِيَّةً إِنْ أَخْطَأَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ حَتَّى يَمُوتَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَأَبُو الْعَوَّامِ هُوَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ.

۱۴: باب

۲۴: حضرت عبداللہ بن شخیر سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بنوآدم کی تصویر اس نقشے پر تیار کی گئی ہے کہ اس کے دونوں جانب ننانوے خواہشات ہیں۔ اگر وہ زندگی بھران تمام تمناؤں سے محفوظ بھی رہے تو بڑھاپے میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ پھر اسی میں اس کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابو العوام سے مراد عمران القطان ہیں۔

۱۵: بَابُ مَاجَآءَ فِي الرِّضَآءِ بِالْقَضَآءِ

۲۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو عَامِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ آدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهُ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ تَرْكُهُ اسْتِخَارَةَ اللّٰهِ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ سُخْطُهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهُ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ

۱۵: باب رضاء بالقضاء کے بارے میں

۲۵: حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بنوآدم کی سعادت اسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قضاء وقدر پر راضی رہے اور اسکی بدبختی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے خیر طلب نہ کرے اور اس کی قضاء پر ناراضگی کا اظہار کرے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف محمد بن ابی حمید کی روایت سے جانتے ہیں۔ محمد بن حمید کو حماد بن ابی حمید بھی کہتے ہیں۔ یہ ابو ابراہیم

---

[1] فرقہ مرجیہ: مرجیہ کا عقیدہ ہے کہ انسان مجبور محض ہے۔ سب کچھ تقدیر الٰہی سے ہوتا ہے۔

[2] فرقہ قدریہ: ان کا عقیدہ یہ ہے کہ بندوں کے اعمال خود ان کی اپنی قدرت سے ہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت اور ارادے کا اس میں کوئی دخل نہیں۔ یہ تقدیر الٰہی کے منکر ہیں۔ (مترجم)

وَيُقَالُ لَهُ اَيْضًا حَمَّادُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ وَهُوَ اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ الْمَدِيْنِيُّ وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

مدنی ہیں اور محدثین (رحمہم اللہ تعالیٰ) کے نزدیک قوی نہیں۔

۱۶: بَابٌ

۱۶: باب

۲۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ ثَنِيْ نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ جَآءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ فُلاَنًا يُقْرِئُ عَلَيْكَ السَّلَامَ فَقَالَ لَهُ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلاَ تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِي هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوْفِي اُمَّتِيْ اَلشَّكُّ مِنْهُ خَسْفٌ اَوْ مَسْخٌ اَوْقَذْفٌ فِي اَهْلِ الْقَدَرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْصَخْرٍ اِسْمُهُ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ.

۲۶: حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ فلاں آپ کو سلام کہتا ہے۔ آپ نے فرمایا: مجھے خبر ملی ہے کہ اس نے نیا عقیدہ نکالا ہے اگر یہ صحیح ہے تو اسے میرا اسلام نہ کہنا اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اس امت میں یا فرمایا میری امت میں زمین میں دھنسا دینا، چہروں کا مسخ کر دینا اہل قدر میں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ابوصخر کا نام حمید بن زیاد ہے۔

۲۷: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْدَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ قَدِمْتُ مَكَّةَ فَلَقِيْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ فَقُلْتُ لَهُ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّ اَهْلَ الْبَصْرَةِ يَقُوْلُوْنَ فِي الْقَدَرِ قَالَ يَا بُنَيَّ اَتَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاقْرَءِ الزُّخْرُفَ قَالَ فَقَرَأْتُ (حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ اِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ وَاِنَّهُ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ) قَالَ اَتَدْرِيْ مَا اُمُّ الْكِتَابِ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهُ كِتَابٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمَآءَ وَقَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ الْاَرْضَ فِيْهِ اِنَّ فِرْعَوْنَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَفِيْهِ (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ط) قَالَ عَطَآءٌ فَلَقِيْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ مَاكَانَتْ وَصِيَّةُ اَبِيْكَ عِنْدَ الْمَوْتِ قَالَ دَعَانِيْ فَقَالَ يَابُنَيَّ اِتَّقِ اللّٰهَ وَاعْلَمْ اَنَّكَ اَنْ تَتَّقِيَ اللّٰهَ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَتُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ فَاِنْ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ هٰذَا دَخَلْتَ النَّارَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَاخَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ

۲۷: عبدالواحد بن سلیم کہتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ آیا تو میری ملاقات عطاء بن ابی رباح سے ہوئی۔ میں نے کہا اے ابومحمد! اہل بصرہ تقدیر کے متعلق کچھ چیزوں پر اعتراض کرتے ہیں۔ فرمایا: بیٹے تم قرآن پڑھتے ہو۔ میں نے کہا "ہاں"۔ فرمایا تو پھر سورہ زخرف پڑھو۔ کہتے ہیں میں نے پڑھنا شروع کیا اور حٰم سے حکیم تک پڑھا (ترجمہ۔ قسم ہے اس واضح کتاب کی۔ ہم نے اس کو عربی زبان میں نازل کیا۔ تاکہ تم لوگ سمجھ سکو اور یہ قرآن ہمارے پاس لوح محفوظ میں اس سے برتر اور مستحکم ہے)۔ عطاء بن ابی رباح نے کہا کیا تم جانتے ہو کہ اُم الکتاب کیا ہے۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول جانتے ہیں۔ فرمایا یہ وہ کتاب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کرنے سے پہلے لکھا۔ اس میں تحریر ہے کہ فرعون دوزخی ہے اور ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ خود ٹوٹ گیا۔ عطاء کہتے ہیں کہ پھر میں نے صحابی رسول ولید بن عبادہ بن صامتؓ سے ملاقات کی اور ان سے پوچھا آپ کے والد نے موت کے وقت کیا وصیت کی تھی۔ فرمایا میرے والد نے مجھے بلایا اور فرمایا بیٹے اللہ سے ڈر اور جان لو اگر تم اللہ سے ڈرو گے تب ہی اس پر ایمان لاؤ گے اور اچھی اور بری تقدیر پر بھی ایمان لاؤ گے اور

فَقَالَ اُكْتُبْ قَالَ مَا اَكْتُبُ قَالَ اُكْتُبِ الْقَدَرَ مَا كَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ اِلَى الْاَبَدِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

اگر تم اس کے علاوہ کسی اور عقیدے پر مرو گے تو جہنم میں جاؤ گے کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا اور حکم دیا کہ لکھو۔ اس نے عرض کیا۔ کیا لکھوں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ تقدیر۔ جو گزر چکی اور جو ہمیشہ، ہمیشہ ہونے والی ہے قیامت تک۔

۲۸: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْذِرِ الصَّنْعَانِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ ثَنِيْ اَبُوْهَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَدَّرَ اللّٰهُ الْمَقَادِيْرَ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِخَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۲۸: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تقدیریں آسمان و زمین پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے لکھ دی تھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ زِيَادِبْنِ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْزُوْمِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَآءَ مُشْرِكُوْا قُرَيْشٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَاصِمُوْنَ فِي الْقَدَرِ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۹: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ مشرکین قریش نبی اکرم ﷺ کے پاس تقدیر کے متعلق جھگڑتے ہوئے حاضر ہوئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ" (ترجمہ: جس دن دوزخ میں منہ کے بل گھسیٹے جائیں گے (اور کہا جائے گا) دوزخ کی آگ کا مزہ چکھو۔ بے شک ہم نے ہر چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب : احادیث درحقیقت آنحضرت ﷺ کی ان گفتگوؤں کا ایک مجموعہ ہیں جو آپ ﷺ اپنی مجلسوں میں وقتاً فوقتاً فرمایا کرتے تھے اس لئے ان کا انداز بیان کتابی شکل کا نہیں ہوتا اس لئے یہاں بھی ایمانیات کے صرف وہی چند اجزاء بیان کر دیئے گئے ہیں جو اس محفل میں کسی وقتی مناسبت سے زیادہ اہم سمجھے گئے تھے (۲) منکرین تقدیر کے حق میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے شدید کلمات اور ان کو سلام کا جواب نہ دینا اس بات کی علامت ہے کہ تقدیر کے منکر مجوسیوں کی طرح ہیں لہٰذا جو مسلمانوں کے حقوق ہیں وہ ان کے نہیں ہیں۔

اَبْوَابُ الْفِتَنِ

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فتنوں کے متعلق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کے ابواب

۱۷: بَابُ مَاجَاءَ لَايَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ

۳۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَشْرَفَ يَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ اِرْتِدَادٍ بَعْدَ اِسْلَامٍ اَوْقَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهٖ فَوَاللّٰهِ مَازَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا فِي اِسْلَامٍ وَلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ فَبِمَ تَقْتُلُوْنِيْ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ وَرَفَعَهٗ وَرَوَاهُ يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ وَغَيْرُوَاحِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَوَقَّفُوْهُ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۷: باب اس بارے میں کہ تین جرموں کے علاوہ کسی مسلمان کا خون بہانا حرام ہے

۳۰: حضرت ابواُمامہ بن سہل بن حنیفؓ کہتے ہیں کہ عثمان بن عفانؓ اپنے دورِ خلافت میں اہل فتنہ کے ڈر سے گھر میں محبوس تھے کہ ایک دن چھت پر چڑھے اور فرمایا: میں تم لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم لوگوں کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کا خون تین جرموں کے علاوہ بہانا حرام ہے۔ اول یہ کہ شادی شدہ زنا کرے۔ دوسرا یہ کہ کوئی اسلام لانے کے بعد مرتد ہوجائے اور تیسرا یہ کہ کوئی شخص کسی کو ناحق قتل کرے (حضرت عثمانؓ نے فرمایا) اللہ کی قسم میں نے نہ کبھی زمانہ جاہلیت میں زنا کیا اور نہ ہی اسلام لانے کے بعد۔ پھر جس دن سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ہے اس کے بعد مرتد نہیں ہوا، اور نہ ہی میں نے کسی ایسے شخص کو قتل کیا ہے جس کا قتل اللہ تعالیٰ نے حرام کیا۔ پس تم لوگ مجھے کس جرم میں قتل کرتے ہو؟ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، عائشہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو حماد بن سلمہ، یحییٰ بن سعید سے غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔ پھر یحییٰ بن سعید قطان اور کئی راوی یحییٰ بن سعید سے یہی حدیث موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ حضرت عثمانؓ سے یہ حدیث کئی سندوں سے مرفوعاً منقول ہے۔

۱۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي تَحْرِيْمِ الدِّمَاءِ وَالْاَمْوَالِ

۱۸: باب جان و مال کی حرمت کے بارے میں

۳۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ شَبِيْبِ ابْنِ غَرْقَدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِ وبْنِ الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِلنَّاسِ اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قَالُوْ ايَوْمُ الْحَجِّ الْاَ كْبَرِ قَالَ فَاِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَ اَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْ مِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا اَلاَ لَايَجْنِيْ جَانٍ اِلَّا عَلٰى نَفْسِهٖ اَلاَ لاَ يَجْنِي جَانٍ عَلٰى وَلَدِهٖ وَلاَ مَوْلُوْدٌ عَلٰى وَالِدِهٖ اَلاَ وَاِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْاَيِسَ اَنْ يُعْبَدَ فِي بِلاَ دِكُمْ هٰذِهٖ اَبَدًا وَّلٰكِنْ سَتَكُوْنُ لَهٗ طَاعَةٌ فِيْمَا تُحْقِرُوْنَ مِنْ اَعْمَالِكُمْ فَسَيَرْضٰى بِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ وَحِذْيَمِ ابْنِ عَمْرٍو السَّعْدِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوٰى زَائِدَةُ عَنْ شَبِيْبِ ابْنِ غَرْقَدَةَ نَحْوَهٗ وَلاَ نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ.

۳۱: حضرت عمرو بن احوصؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں سے خطاب فرماتے ہوئے پوچھا: یہ کون سادن ہے؟ انہوں نے کہا۔ حج اکبر کا دن ہے۔ آپؐ نے فرمایا بے شک تم لوگوں کی جان ومال اور عزت آپس میں ایک دوسرے پر اسی طرح حرام ہیں جس طرح آج کے دن کی تمہارے اس شہر میں حرمت ہے۔ جان لوکہ انسان کے جرم کا وبال اس پر ہے سن لو انسان کے جرم کا وبال نہ اس کی اولاد پر ہے اور نہ باپ پر۔ سن لو: شیطان اس بات سے ہمیشہ کیلئے مایوس ہو چکا ہے کہ تمہارے اس شہر میں اس کی پوجا کی جائے۔ لیکن تم اپنے چھوٹے چھوٹے اعمال میں اس کی اطاعت کرو گے اور وہ اس پر راضی ہوگا۔ اس باب میں ابو بکرہؓ، ابن عباسؓ، جابرؓ اور حذیم بن عمرو ساعدیؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس حدیث کو زائدہ، شبیب بن غرقدہ کی سند سے نقل کرتے ہیں۔

۱۹: بَابُ مَاجَاءَ لاَيَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُّرَوِّعَ مُسْلِمًا

۱۹: باب کسی مسلمان کو گھبراہٹ میں مبتلا کرنے کی ممانعت کے متعلق

۳۲: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يَأْخُذْ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لاَعِبًا اَوْجَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَسُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ وَجَعْدَةَ وَاَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَلاَ نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ وَالسَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ لَهٗ صُحْبَةٌ قَدْ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلاَمٌ قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالسَّائِبُ ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَاَبُوْهُ يَزِيْدُ بْنُ السَّائِبِ هُوَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَوٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَادِيْثَ.

۳۲: حضرت عبداللہ بن سائب بن یزید اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص بطور مذاق اپنے بھائی کو پریشان کرنے کے لیے اس کی لاٹھی نہ لے اور اگر کسی نے لی ہو تو واپس کر دے۔ اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، سلمان بن صرد رضی اللہ عنہ، جعدہ رضی اللہ عنہ، اور ابو ہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابن ابی ذئب کی روایت سے جانتے ہیں۔ سائب بن یزید صحابی ہیں انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے احادیث سنی ہیں۔ جب نبی اکرم ﷺ کی وفات ہوئی اس وقت ان کی عمر سات سال تھی۔ جبکہ ابو یزید بن سائب صحابی ہیں اور انہوں نے کئی احادیث رسول اللہ ﷺ سے نقل کی ہیں۔

۲۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي اِشَارَةِ الْمُسْلِمِ اِلٰى اَخِيْهِ بِالسِّلَاحِ

۳۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ نَا مَحْبُوْبُ بْنُ الْحَسَنِ نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ لَعَنَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ وَعَائِشَةَ وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ خَالِدِ الْحَذَّاءِ وَرَوٰى اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَزَادَفِيْهِ وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ.

۳۴: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍعَنْ اَيُّوْبَ بِهٰذَا.

۲۰: باب کسی مسلمان بھائی کی طرف ہتھیار سے اشارہ کرنے کی ممانعت کے متعلق

۳۳: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص ہتھیار سے اپنے بھائی کی طرف اشارہ کرے اس پر فرشتے لعنت بھیجتے ہیں۔ اس باب میں ابو بکرہؓ، عائشہؓ، اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ یعنی خالد بن حذاء کی روایت سے۔ محمد بن سیرین سے بھی ابوہریرہؓ کے واسطے سے اسی طرح کی حدیث نقل کی گئی ہے۔ لیکن یہ مرفوع نہیں اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں ''وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ'' اگر چہ وہ اسکا حقیقی بھائی ہی کیوں نہ ہو۔

۳۴: قتیبہ بھی حماد بن زید سے اور وہ ابوایوب سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۲۱: بَابُ النَّهْيِ عَنْ تَعَاطِي السَّيْفِ مَسْلُوْلًا

۳۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلًا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَرَوٰى ابْنُ لَهِيْعَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ بَنَّةَ الْجُهَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ حَمَّادِ ابْنِ سَلَمَةَ عِنْدِيْ اَصَحُّ.

۲۱: ننگی تلوار کا تبادلہ ممنوع ہے

۳۵: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ننگی تلوار لینے اور دینے سے منع فرمایا۔ اس باب میں ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حماد بن سلمہ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ابن لہیعہ اسے ابو زبیر سے وہ جابرؓ سے وہ بنۃ الجہنی سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ میرے نزدیک حماد بن سلمہ کی روایت زیادہ صحیح ہے۔

۲۲: بَابُ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

۳۶: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا مَعْدِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ فَلَا يَتْبَعَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ جُنْدُبٍ وَابْنِ

۲۲: باب اس بارے میں کہ جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ کی پناہ میں ہے

۳۶: حضرت ابوہریرہؓ، نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ کی پناہ میں ہے۔ لہٰذا ایسا نہ ہو کہ اللہ کی پناہ توڑنے کے جرم میں وہ تمہارا مواخذہ کرے۔ اس باب میں حضرت جندبؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث

عُمَرَ مِنْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ هٰذَا الْوَجْهِ.

منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۳: بَابُ فِي لُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

۲۳: باب جماعت کی پابندی کرنے کے متعلق

۳۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ اَبُو الْمُغِيْرَةِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِاَصْحَابِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ وَيَشْهَدَ الشَّاهِدُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَاِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ اَبْعَدُ مَنْ اَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَةٌ وَسَائَتْهُ سَيِّئَةٌ فَذٰلِكُمُ الْمُؤْمِنُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوَاهُ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۳۷: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے جابیہ کے مقام پر ہم سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: اے لوگو میں تم لوگوں کے درمیان رسول اللہ ﷺ کا قائم مقام ہوں اور آپ ﷺ نے فرمایا: میں تم لوگوں کو اپنے صحابہؓ کی اطاعت کی وصیت کرتا ہوں، پھر ان کے بعد آنے والوں کی اور پھر ان سے متصل آنے والوں کی۔ (یعنی تابعین اور تبع تابعین کی) اس کے بعد جھوٹ رواج پکڑ جائے گا۔ یہاں تک کہ قسم لئے بغیر لوگ قسمیں کھائیں گے اور بغیر گواہی طلب کیے لوگ گواہی دیں گے۔ خبردار کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ خلوت نہ کرے۔ (یعنی علیحدگی میں نہ رہے) ۔ اس لیے کہ ان میں تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ جماعت کو لازم پکڑو اور علیحدگی سے بچو کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ جبکہ دو آدمیوں سے دور ہوتا ہے۔ جو شخص جنت کا وسط چاہتا ہے اس کیلئے جماعت سے وابستگی لازمی ہے جس کو نیکی سے خوشی ہو اور برائی کا ارتکاب برا محسوس ہو وہی مؤمن ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ ابن مبارک نے اسے محمد بن سوقہ سے روایت کیا ہے اور یہ کئی سندوں سے حضرت عمرؓ کے واسطہ سے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی گئی ہے۔

۳۸: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْبَصْرِيُّ ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ثَنَا سُلَيْمَانُ الْمَدِيْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ اَوْقَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شَذَّ اِلَى النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَسُلَيْمَانُ الْمَدِيْنِيُّ هُوَ عِنْدِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

۳۸: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ میری امت کو یا فرمایا امت محمد یہ کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا اور جماعت پر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے جبکہ جو شخص جماعت سے جدا ہوا وہ آگ میں ڈال دیا گیا۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ میرے نزدیک سلمان مدنی سے مراد سلمان بن سفیان ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۹: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ

۳۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ہاتھ

عبَاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُاللّٰهِ مَعَ الجَمَاعَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

جماعت کے ساتھ ہوتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے صرف اسی سند جانتے ہیں۔

خلاصۃ الباب : فتن اصل میں فتنہ کی جمع ہے فتنہ کے کئی معنی ہیں مثلاً آزمائش وامتحان، ابتلاء، گناہ، فضیحت، عذاب، مال اور دولت، اولاد، بیماری، جنون، محنت، عبرت، گمراہ کرنا و گمراہ ہونا اور کسی چیز کو پسند کرنا اور اس پر فریفتہ ہونا نیز لوگوں کی رائے میں اختلاف پر بھی فتنہ کا اطلاق ہوتا ہے۔ حدیث باب میں حضرت عثمانؓ کا وہ خطبہ ہے جو انہوں نے مفسدین اور بلوائیوں کو دیا تھا شہادتِ عثمانؓ وہ روح فرسا واقعہ اور فتنہ ہے جس کی طرف حضور ﷺ نے گویا پہلے ہی اشارہ فرمادیا تھا اسلامی تاریخ میں فتنوں کا آغاز حضرت عثمانؓ کی شہادت سے ہوا اس کے بعد مسلسل فتنہ پر فتنہ رونما ہوا کسی مسلمان بھائی کو ڈرانا اور گھبراہٹ میں ڈالنا سخت ترین منع ہے اور اس کی طرف اسلحہ سے اشارہ کرنا باعث لعنت فعل ہے۔ مسلمانوں کی عزت اور مال و جان بہت قیمتی ہے (۲) نماز پڑھنے سے بندہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ میں آجاتا ہے۔ جس سے بڑھ کر کوئی جائے پناہ نہیں (۳) صحابہ کرامؓ کی پیروی کرنے اور ان کا ادب واحترام کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس لئے کہ صحابہ کرامؓ معیار حق ہیں لہٰذا ان کی جماعت کو لازم پکڑنا واجب ہے۔

۲۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِي نُزُوْلِ الْعَذَابِ اِذَا لَمْ يُغَيِّرِ الْمُنْكَرُ

۲۴: باب اس بارے میں کہ برائی کو نہ روکنا نزول عذاب کا باعث ہے

۴۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي بَكْرِ الصِّدِّيْقِ اَنَّهُ قَالَ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لاَ يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ) وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ مِنْهُ.

۴۰: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو: تم یہ آیت پڑھتے ہو "یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ......" تک (یعنی اے ایمان والو تم اپنی جانوں کی فکر کو ضروری سمجھو۔ کوئی گمراہ تمہیں ضرر نہیں پہنچا سکتا بشرطیکہ تم ہدایت یافتہ ہو) جبکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ: اگر لوگ ظالم کو ظلم کرتے ہوئے دیکھیں اور اسے (ظلم سے) نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو عذاب میں مبتلا کردے۔

۴۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ نَحْوَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَحُذَيْفَةَ هٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ نَحْوَ حَدِيْثِ يَزِيْدَ وَرَفَعَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ.

۴۱: محمد بن بشار، یزید بن ہارون سے اور وہ اسمٰعیل بن خالد سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ، ام سلمہؓ، نعمان بن بشیرؓ عبداللہ بن عمرؓ اور حذیفہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ کئی راوی اسمٰعیل سے یزید کی روایت کی طرح مرفوعاً نقل کرتے ہیں جبکہ بعض راوی اسے موقوفاً بھی نقل کرتے ہیں۔

۲۵ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

۴۲ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْيُمَانِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْلَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ فَتَدْعُوْنَهٗ فَلَا يَسْتَجِيْبُ لَكُمْ.

۴۳ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۴۴ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيِّ الْاَشْهَلِيِّ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوْا اِمَامَكُمْ وَتَجْتَلِدُوْا بِاَسْيَافِكُمْ وَيَرِثُ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۴۵ : حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سُوْقَةَ عَنْ نَافِعِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنْ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْجَيْشَ الَّذِيْ يُخْسَفُ بِهِمْ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ لَعَلَّ فِيْهِمُ الْمُكْرَهَ قَالَ اِنَّهُمْ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ اَيْضًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۲۵: باب بھلائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے بارے میں

۴۲: حضرت حذیفہ بن یمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (اچھی باتوں کا حکم اور برائی سے روکنا) کرتے رہو۔ ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم لوگوں پر عذاب بھیج دے اور تم اس سے دعائیں مانگو اور وہ قبول نہ کرے۔

۴۳: علی بن حجر بھی اسمٰعیل بن جعفر سے اور وہ عمرو بن ابی عمرو سے اسی سند سے اسی کی مثل حدیث نقل کرتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

۴۴: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ قیامت اس وقت تک نہ آئے گی۔ یہاں تک کہ تم اپنے امام کو قتل کرو اپنی تلواروں سے لڑائی کرو اور تمہارے دنیاوی امور شریر لوگوں کے ہاتھ میں آ جائیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۴۵: حضرت ام سلمہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتی ہیں کہ آپؐ نے اس لشکر کا ذکر کیا جو دھنسا دیا جائے گا (یعنی اس پر عذاب نازل ہوگا) ام سلمہؓ نے عرض کیا: ممکن ہے کہ اس میں بعض لوگ مجبور بھی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا وہ لوگ اپنی اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ یہ حدیث نافع بن جبیر سے بھی حضرت عائشہؓ کے واسطے سے مرفوعاً نقل کی گئی ہے۔

۲۶ : بَابُ مَاجَاءَ فِي تَغْيِيْرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ اَوْ بِاللِّسَانِ اَوْ بِالْقَلْبِ

۴۶ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ

۲۶: باب ہاتھ، زبان یا دل سے برائی کو روکنے کے متعلق

۴۶: حضرت طارق بن شہاب کہتے ہیں کہ جس نے سب سے پہلے (عید کی) نماز سے پہلے خطبہ دینا شروع کیا وہ مروان

اَوَّلُ مَنْ قَدَّمَ الْخُطْبَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ مَرْوَانُ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ لِمَرْوَانَ خَالَفْتَ السُّنَّةَ فَقَالَ يَافُلَانُ تُرِكَ مَاهُنَاكَ فَقَالَ اَبُوْسَعِيْدٍ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَاعَلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ رَاٰى مُنْكَرًا فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَ ذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

تھا۔ پس ایک شخص کھڑا ہوا اور مروان سے کہا کہ تم نے سنت کی مخالفت کی ہے۔ اس نے جواب دیا: اے فلاں سنت جسے تم ڈھونڈ رہے ہو اب چھوڑ دی گئی ہے۔ ابوسعیدؓ نے فرمایا اس شخص نے اپنا حق ادا کر دیا (یعنی امر بالمعروف کا) اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص کسی برائی کو دیکھے تو اسے ہاتھ سے روک دے۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے روکے اور اگر ایسا بھی نہ کر سکے تو دل میں برا جانے اور یہ ایمان کا سب سے کم درجہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۷: بَابُ مِنْهُ

۴۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْقَائِمِ عَلٰى حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْمُدْهِنِ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ فِي الْبَحْرِ فَاَصَابَ بَعْضُهُمْ اَعْلَاهَا وَاَصَابَ بَعْضُهُمْ اَسْفَلَهَا فَكَانَ الَّذِيْنَ فِي الْبَحْرِ اَسْفَلَهَا يَصْعَدُوْنَ فَيَسْتَقُوْنَ الْمَآءَ فَيَصُبُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ فِي اَعْلَاهَا فَقَالَ الَّذِيْنَ فِي اَعْلَاهَا لَا نَدَعُكُمْ تَصْعَدُوْنَ فَتُؤْذُوْنَنَا فَقَالَ الَّذِيْنَ فِي اَسْفَلِهَا فَاِنَّا نَنْقُبُهَا فِي اَسْفَلِهَا فَنَسْتَقِي فَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى اَيْدِيْهِمْ فَمَنَعُوْهُمْ نَجَوْا جَمِيْعًا وَاِنْ تَرَكُوْهُمْ غَرِقُوْا جَمِيْعًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۲۷: باب اسی سے متعلق

۴۷: حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حدودالٰہی کو قائم کرنے اور ان میں سستی برتنے والوں کی مثال اس طرح ہے کہ ایک قوم کشتی پر سوار ہوئی اور کشتی کے اوپر اور نیچے والے حصہ کو باہم تقسیم کر لیا۔ بعض کو اوپر والا اور بعض کو نیچے والا حصہ۔ نچلے والے اوپر والے حصے میں جا کر پانی لاتے ہیں تو وہ پانی اوپر والوں پر گرنے لگا۔ پس اوپر والوں نے کہا ہم تمہیں اوپر نہیں آنے دیں گے کیونکہ تم ہمیں تکلیف دیتے ہو۔ اس پر نچلے والے کہنے لگے کہ اگر ایسا ہے تو ہم نچلے حصے میں سوراخ کر کے دریا سے پانی حاصل کریں گے۔ اب اگر اوپر والے ان کو اس حرکت سے باز رکھیں تو سب محفوظ رہیں گے اور اگر نہ روکیں تو سب کے سب غرق ہو جائیں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۸: بَابُ اَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

۲۸: باب اس بارے میں کہ جابر بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل جہاد ہے[1]

۴۸: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

۴۸: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

---

[1] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنا اپنی استطاعت اور طاقت کے مطابق ضروری ہے۔ ہمارے اسلاف اور بزرگانِ دین اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے تھے۔ بے شمار واقعات اسکی دلیل ہیں۔ افضل جہاد یہ ہے کہ ظالم حکمران کے سامنے کلمۂ حق کہا جائے اور غیر شرعی امور میں بادشاہوں کی تائید کرنا بہت بڑی خیانت ہے۔

ابُنُ مُصُعَبٍ اَبُوُ يَزِيُدَ نَا اِسُرَائِيُلُ عَنُ مُحَمَّدِ بُنِ جُحَادَةَ عَنُ عَطِيَّةَ عَنُ اَبِی سَعِيُدِ الْخُدُرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَّ مِنُ اَعُظَمِ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدُلٍ عِنُدَ سُلُطَانٍ جَابِرٍ وَفِی الْبَابِ عَنُ اَبِی اُمَامَةَ هٰذَا حَدِيُثٌ حَسَنٌ غَرِيُبٌ مِنُ هٰذَا الْوَجُهِ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے بڑا جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق بلند کرنا ہے۔ اس باب میں ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۹ : بَابُ سُوَالُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ ثَلاَ ثًا فِی اُمَّتِهٖ

۲۹: باب امت کے لیے رسول اللہ ﷺ کے تین سوال

۴۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بُنُ بَشَّارٍ نَا وَهُبُ بُنُ جَرِيُرٍ ثَنَا اَبِی قَالَ سَمِعُتُ النُّعُمَانَ بُنَ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهُرِیِّ عَنُ عَبُدِ اللّٰهِ بُنَ الْحَارِثِ عَنُ عَبُدِاللّٰهِ بُنِ خَبَّابِ ابُنِ الْاَرَتِّ عَنُ اَبِيُهِ قَالَ صَلّٰی رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً فَاَطَالَهَا فَقَالُوُا يَارَسُوُلَ اللّٰهِ صَلَّيُتَ صَلٰوةً لَّمُ تَكُنُ تُصَلِّيُهَا قَالَ اَجَلُ اِنَّهَا صَلٰوةُ رَغُبَةٍ وَّرَهُبَةٍ اِنِّی سَاَلُتُ اللّٰهَ فِيُهَا ثَلاَ ثًا فَاَعُطَانِی اثُنَتَيُنِ وَمَنَعَنِیُ وَاحِدَةً سَاَلُتُهُ اَنُ لَّا يُهُلِکَ اُمَّتِی بِسَنَةٍ فَاَعُطَانِيُهَا وَسَاَلُتُهُ اَنُ لَّا يُسَلِّطَ عَلَيُهِمُ عَدُوًّا مِنُ غَيُرِهِمُ فَاَعُطَانِيُهَا وَسَاَلُتُهُ اَنُ لَّايُذِيُقَ بَعُضَهُمُ بَاُسَ بَعُضٍ فَمَنَعَنِيُهَا هٰذَا حَدِيُثٌ حَسَنٌ صَحِيُحٌ وَفِی الْبَابِ عَنُ سَعُدٍ وَابُنِ عُمَرَ.

۴۹: حضرت عبداللہ بن خباب بن ارتؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے بہت طویل نماز پڑھی تو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ نے ایسی طویل نماز پہلے کبھی نہیں پڑھی۔ آپؐ نے فرمایا ہاں بے شک یہ امید و خوف کی نماز تھی میں نے اس میں اللہ تعالیٰ سے تین چیزیں مانگی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں عطاء فرمادیں اور ایک چیز نہیں دی۔ میں نے سوال کیا کہ میری ساری امت قحط میں ہلاک نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قبول فرمایا۔ میں نے سوال کیا کہ ان پر کسی غیر قوم سے دشمن مسلط نہ ہو۔ یہ دعا بھی قبول کرلی گئی۔ پھر میں نے سوال کیا کہ ان میں سے بعض کو بعض کے ساتھ لڑائی کا مزانہ چکھا۔ لیکن یہ دعا قبول نہیں ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت سعدؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۵۰: حَدَّثَنَا قُتَيُبَةُ نَا حَمَّادُ بُنُ زَيُدٍ عَنُ اَيُّوُبَ عَنُ اَبِی قِلاَبَةَ عَنُ اَبِی اَسُمَاءَ عَنُ ثَوُبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنُهُ قَالَ قَالَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ زَوٰی لِیَ الْاَرُضَ فَرَأَيُتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَاِنَّ اُمَّتِی سَيَبُلُغُ مُلُكُهَا مَا زُوِیَ لِیُ مِنُهَا وَاُعُطِيُتُ الْكَنُزَيُنِ الْاَحُمَرَ وَالْاَبُيَضَ وَاِنِّیُ سَاَلُتُ رَبِّیُ لِاُمَّتِیُ اَنُ لَّا يُهُلِكَهَا لِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَاَنُ لَّا يُسَلِّطَ عَلَيُهِمُ عَدُوًّا مِّنُ سِوٰی اَنُفُسِهِمُ يَسُتَبِيُحُ بَيُضَتَهُمُ وَاِنَّ رَبِّیُ قَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنِّیُ اِذَا قَضَيُتُ قَضَاءً فَاِنَّهٗ

۵۰: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین میرے سامنے کردی اور میں نے اس کے مشرق و مغرب دیکھے۔ بے شک میری امت کی سلطنت وہاں تک پہنچے گی۔ جہاں تک یہ میرے سامنے سمیٹی گئی ہے اور مجھے دو خزانے عطا کئے گئے سرخ اور سفید (یعنی سونا، چاندی) پھر میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ میری امت کو ایک ہی مرتبہ قحط میں ہلاک نہ کرنا۔ ان کے علاوہ کسی اور دشمن کو ان پر مسلط نہ کرنا جو ساری امت کو ہلاک کردے۔ اس پر رب ذوالجلال نے فرمایا اے محمد (ﷺ) جب میں کسی چیز کا حکم

لَا يُرَدُّ وَاِنِّيْ اَعْطَيْتُكَ لِاُمَّتِكَ اَنْ لَّا اُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَلَا اُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِّنْ سِوٰى اَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَ لَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِاَقْطَارِهَا اَوْقَالَ مَنْ بَيْنَ اَقْطَارِهَا حَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَيَسْبِيْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

دیتا ہوں تو وہ واپس نہیں لیا جاتا۔ میں نے تمہاری امت کو یہ عطا کر دیا ہے کہ میں انہیں قحط عام سے ہلاک نہیں کروں گا اور ان کے علاوہ کسی ایسے دشمن کو ان پر مسلط نہیں کروں گا جو ان کی پوری جماعت کو ہلاک کر دے۔ خواہ تمام اہل زمین ہی اس پر متفق کیوں نہ ہو جائیں۔ لیکن انہی میں سے بعض لوگ دوسروں کو ہلاک کریں گے اور انہیں قید کریں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يَكُوْنُ فِي الْفِتْنَةِ

۳۰: باب جو شخص فتنے کے وقت ہو وہ کیا عمل کرے

۱۵: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ نَاعَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ اُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ قَالَتْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ خَيْرُ النَّاسِ فِيْهَا قَالَ رَجُلٌ فِي مَا شِيَتِهٖ يُؤَدِّيْ حَقَّهَا وَيَعْبُدُ رَبَّهٗ وَرَجُلٌ اٰخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ يُخِيْفُ الْعَدُوَّ وَيُخَوِّفُوْنَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ مُبَشِّرٍ وَ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرَوَاهُ لَيْثُ ابْنُ اَبِيْ سُلَيْمٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ اُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۵۱: حضرت ام مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنے کا ذکر کیا اور فرمایا کہ یہ بہت قریب ہے۔ میں نے عرض کیا: اس دور میں کون بہترین شخص ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جو اپنے جانوروں میں ہوگا۔ اور ان کا حق ادا کرتے ہوئے اپنے رب کی عبادت کرے گا۔ دوسرا وہ شخص جو اپنے گھوڑے کو پکڑ کر دشمن کو ڈرا رہا ہوگا اور وہ اسے ڈرا رہے ہوں گے۔ اس باب میں ام مبشرؓ، ابو سعید خدریؓ اور ابن عباسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ لیث بن ابی سلیم بھی اسے طاؤس سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۵۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ زِيَادِ ابْنِ سِيْمِيْنَ كُوْشَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ الْفِتْنَةُ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِي النَّارِ اللِّسَانُ فِيْهَا اَشَدُّ مِنَ السَّيْفِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَقُوْلُ لَا نَعْرِفُ لِزِيَادِ بْنِ سِيْمِيْنَ كُوْشَ غَيْرَهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوَاهُ حَمَّادُ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ لَيْثٍ فَرَفَعَهٗ وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ لَيْثٍ فَوَقَفَهٗ.

۵۲: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فتنہ ایسا ہوگا جو عرب کو گھیر لے گا اور اس میں قتل ہونے والے دوزخی ہوں گے۔ اس میں تلوار سے زیادہ زبان شدید ہوگی (یعنی اس دور میں کلمۂ حق کہنا کسی پر تلوار نکالنے سے زیادہ شدید ہوگا) یہ حدیث غریب ہے۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ زیاد بن سیمین کی اس حدیث کے علاوہ کسی حدیث کو ہم نہیں پہچانتے کہ وہ لیث سے نقل کرتے ہوں۔ حماد بن سلمہ اسے لیث سے مرفوعاً اور حماد بن زید لیث سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔

۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي رَفْعِ الْاَمَانَةِ

۵۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ قَدْ رَاَيْتُ اَحَدَهُمَا وَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِي جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ ثُمَّ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ فَعَلِمُوْا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِ الْاَمَانَةِ فَقَالَ يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ نَوْمَةً فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهٗ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَتْ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ اَخَذَ حَصَاةً فَدَحْرَجَهَا عَلٰى رِجْلِهٖ قَالَ فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ لَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّ فِي بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا وَحَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ مَا اَجْلَدَهٗ وَاَظْرَفَهٗ وَاَعْقَلَهٗ وَمَا فِي قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ قَالَ وَلَقَدْ اَتٰى عَلَيَّ زَمَانٌ وَمَا اُبَالِيْ اَيُّكُمْ بَايَعْتُ فِيْهِ لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلٰى دِيْنِهٖ وَلَئِنْ كَانَ يَهُوْدِيًّا اَوْنَصْرَانِيًّا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلَيَّ سَاعِيْهِ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ اُبَايِعُ مِنْكُمْ اِلَّا فُلَانًا وَّفُلَانًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۳۱: باب امانت داری کے اُٹھ جانے کے متعلق

۵۳: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو حدیثیں بیان کیں ان میں سے ایک میں نے دیکھ لی اور دوسری کا انتظار کر رہا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا ''امانت'' لوگوں کے وسط قلوب میں نازل ہوئی پھر قرآن پاک نازل ہوا تو انہوں نے امانت (یعنی ایمان) کا حق قرآن سے دیکھا اور حدیث سے بھی سیکھا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں امانت کے اٹھ جانے کو بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا؛ ایک آدمی سویا ہوگا اور اسکے دل سے امانت نکال لی جائے گی اور صرف ایک دھبہ باقی رہ جائے گا۔ پھر وہ حالت نیند میں ہوگا اور اس کے دل سے امانت قبض کر لی جائے گی اور اس کا اثر نشان آبلہ کی طرح رہ جائے گا۔ جیسے کہ تم انگارے کو اپنے پاؤں پر لڑھکا دو اور وہ چھالا بن جائے لیکن اس میں کچھ نہ ہو۔ پھر آپؐ نے ایک کنکری اٹھائی اور اسے اپنے پاؤں پر لڑھکا کر دکھایا۔ پھر فرمایا: جب صبح ہوگی تو لوگ خرید وفروخت کر رہے ہوں گے اور کوئی ایسا نہیں ہوگا کہ امانت کو ادا کرے یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ فلاں قبیلے میں ایک شخص امین ہے اور یہاں تک کہ کسی کی تعریف میں اس طرح کہا جائے گا۔ کتنا چست وچالاک آدمی ہے۔ (یعنی کاروبار وغیرہ میں) جبکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں ہوگا۔ راوی کہتے ہیں بے شک مجھ پر ایسا زمانہ آیا کہ میں بلاخوف وخطر خرید وفروخت کیا کرتا تھا۔ اگر کسی مسلمان کے پاس میرا حق رہ جاتا تو وہ خود مجھے واپس کر دیتا اور اگر یہودی یا نصرانی ہوتا تو ان کے سردار ہمیں ہمارا حق دلواتے (یعنی آنحضرت ﷺ کا زمانہ) لیکن آج کل میں کسی سے معاملات نہیں کرتا۔ ہاں البتہ فلاں اور فلاں شخص سے کر لیتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۲: بَابُ لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

۵۴: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِيْ سِنَانٍ عَنْ اَبِيْ

۳۲: باب اس بارے میں کہ سابقہ امتوں کی عادات اس امت میں بھی ہونگی

۵۴: حضرت ابوواقد لیثیؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوہ حنین کے لیے نکلے تو مشرکوں کے ایک درخت کے پاس سے

وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلٰى حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ يُعَلِّقُوْنَ عَلَيْهَا اَسْلِحَتَهُمْ قَالُوْ ايَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَ اطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰى اِجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَرْكَبُنَّ سُنَّةَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ وَاقِدِ اللَّيْثِيُّ اِسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ عَوْفٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ۔

گزرے جس کو ''ذات انواط'' کہا جاتا تھا اور وہ اس کے ساتھ اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارے لیے بھی ان کی طرح کا ''ذات انواط'' مقرر فرما دیں۔ آپؐ نے (تعجب کرتے ہوئے) سبحان اللہ کہا اور فرمایا یہ تو ایسا ہی سوال ہے جیسا حضرت موسیٰ سے ان کی قوم نے کیا تھا کہ ہمارے لیے بھی ایک معبود بنا دیں جیسا ان کے لیے ہے۔ (پھر فرمایا) اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تم ضرور پہلی امتوں کا راستہ اختیار کرو گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو واقد لیثیؒ کا نام حارث بن عوف ہے۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۳۳: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَلَامِ السِّبَاعِ

۳۳: باب درندوں کے کلام کے متعلق

۵۵: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ نَا اَبُوْ نَضْرَةَ الْعَبْدِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ وَحَتّٰى يُكَلِّمُ الرَّجُلَ عَذَبَةُ سَوْطِهٖ وَشِرَاكُ نَعْلِهٖ وَتُخْبِرُهُ فَخِذُهُ بِمَا اَحْدَثَ اَهْلُهُ بَعْدَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَانَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ وَالْقَاسِمُ ابْنُ الْفَضْلِ ثِقَةٌ مَامُوْنٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَثَقَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ۔

۵۵: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک درندے انسانوں سے بات نہیں کریں گے اور جب تک کسی شخص سے اس کی (یعنی جانور کی) چابک کی رسّی اور تسمہ وغیرہ بات نہیں کریں گے اور اس کی ران اسے بتا دے گی کہ اس کی عدم موجودگی میں اس کی بیوی نے کیا کیا۔

اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اسے قاسم بن فضل کی روایت سے جانتے ہیں اور یہ ثقہ اور مامون ہیں۔ انہیں یحییٰ بن سعید اور عبدالرحمٰن بن مہدی نے ثقہ قرار دیا ہے۔

۳۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِنْشِقَاقِ الْقَمَرِ

۳۴: باب چاند کے پھٹنے کے متعلق

۵۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ انْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْهَدُوْا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَنَسٍ وَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۵۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں چاند دو ٹکڑے ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اس معجزہ پر) گواہ رہو۔ اس باب میں ابن مسعودؓ، انسؓ اور جبیر بن مطعمؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْخَسْفِ

۵۷: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيِّ نَا سُفْيَانُ عَنْ فُرَاتِ الْقَزَّازِ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيْدٍ قَالَ اَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْا عَشْرَ اٰيَاتٍ طُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَيَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَالدَّابَّةُ وَثَلٰثُ خُسُوْفٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدْنٍ تَسُوْقُ النَّاسَ اَوْتَحْشُرُ النَّاسَ فَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا وَتَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا.

۵۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيْهِ وَالدُّخَانَ.

۵۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ فُرَاتِ الْقَزَّازِ نَحْوَ حَدِيْثِ وَكِيْعٍ عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ شُعْبَةَ وَالْمَسْعُوْدِيِّ سَمِعَا فُرَاتًا الْقَزَّازَ نَحْوَ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ فُرَاتٍ وَزَادَ فِيْهِ الدَّجَّالَ اَوِالدُّخَانَ.

۶۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا اَبُو النُّعْمَانِ الْحَكَمُ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعِجْلِيُّ عَنْ شُعْبَةَ وَزَادَ فِيْهِ وَالْعَاشِرَةُ اَمَّا رِيْحٌ تَطْرَحُهُمْ فِي الْبَحْرِ وَاَمَّا نُزُوْلُ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبِي هُرَيْرَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا سُفْيَانُ

۳۵: باب زمین کے دھنسنے کے بارے میں

۵۷: حضرت حذیفہ بن اُسیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرے سے ہم لوگوں کو قیامت کے متعلق بات چیت کرتے ہوئے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک تم دس نشانیاں نہ دیکھ لو۔ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، یاجوج ماجوج (کا ظہور) دابۃ الارض (جانور کا نکلنا)۔ زمین کا تین جگہ سے دھنسنا، مشرق، مغرب اور جزیرۂ عرب میں۔ عدن کی جڑ سے آگ کا نکلنا جو آدمیوں کو ہانکے گی یا فرمایا اکٹھا کرے گی اور اس کے ساتھ جہاں وہ رات گزاریں رات گزارے گی اور جہاں وہ قیلولہ کریں گے یعنی دوپہر گزاریں گے وہیں ٹھہرے گی۔

۵۸: محمود بن غیلان، وکیع سے، اور وہ سفیان سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ البتہ اس میں "وَالدُّخَانَ" دھواں کے الفاظ زیادہ ہیں۔

۵۹: ھناد بھی ابواحوص سے اور وہ فرات قزاز سے وکیع کی سفیان سے منقول حدیث کے مثل نقل کرتے ہیں۔ محمود بن غیلان، ابوداؤد طیالسی سے وہ شعبہ سے اور مسعودی سے اور وہ فرات قزاز سے عبدالرحمٰن کی سفیان سے منقول حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں اور اس میں "الدَّجَّالَ اَوِالدُّخَانَ" (دجال یا دھواں) کے الفاظ زیادہ ہیں۔

۶۰: ابوموسیٰ، ابونعمان سے وہ شعبہ سے اور وہ فرات سے شعبہ کی حدیث کے مثل نقل کرتے ہیں اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں'' اور دسویں نشانی یا تو ہوا ہے جو ان کو سمندر میں پھینک دے گی یا حضرت عیسیٰ بن مریم کا نزول ہے''۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابوہریرہؓ، ام سلمہؓ اور صفیہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۱: حضرت صفیہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِى اِدْرِيْسَ الْمُرْهِبِيِّ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ صَفِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْتَهِى النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هٰذَا الْبَيْتِ حَتّٰى يَغْزُوَ جَيْشٌ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ اَوْبِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ خُسِفَ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ وَلَمْ يَنْجُ اَوْسَطُهُمْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ كَرِهَ مِنْهُمْ قَالَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى فِى اَنْفُسِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

فرمایا لوگ اس گھر (بیت اللہ شریف) پر چڑھائی کرنے سے باز نہیں آئیں گے یہاں تک کہ ایک لشکر چڑھائی کرے گا اور جب وہ زمین کے ایک چٹیل میدان میں ہوں گے ان کے اوّل اور آخر زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے اور درمیان والے بھی نجات نہیں پائیں گے۔ (حضرت صفیہؓ فرماتی ہیں) میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جولوگ ان لوگوں میں سے اس فعل کو برا سمجھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ انہیں ان کو دلوں کے حال کے مطابق اٹھائیں گے (یعنی ان کی نیتوں پر دار ومدار ہوگا)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٢: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا صَيْفِيُّ بْنُ رِبْعِيٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِى اٰخِرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ قَالَتْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا ظَهَرَ الْخَبَثُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ تَكَلَّمَ فِيْهِ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۶۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ اس امت کے آخر میں (یہ عذاب نازل ہوں گے) زمین میں دھنسا دینا، چہرے کا مسخ ہونا اور آسمان سے پتھروں کی بارش۔ پھر فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا ہم نیک لوگوں کی موجودگی کے باوجود ہلاک ہو جائیں گے۔ آپؐ نے فرمایا؛ ہاں جبکہ فسق وفجور ظہور پذیر (یعنی غالب) ہوگا۔ یہ حدیث حضرت عائشہؓ کی روایت سے غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ عبداللہ بن عمر (حضرت عمرؓ کے صاحبزادے نہیں بلکہ ایک اور راوی ہیں) کے حافظے پر یحییٰ بن سعید اعتراض کرتے ہیں۔

٣٦: بَابُ مَاجَاءَ فِى طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

۳۶: باب سورج کا مغرب سے نکلنا

٦٣: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَ يَااَبَا ذَرٍّ اَتَدْرِىْ اَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهٖ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا تَذْهَبُ لِتَسْتَاْذِنَ فِى السُّجُوْدِ فَيُؤْذَنُ لَهَا وَكَاَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا اطْلُعِىْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا قَالَ ثُمَّ قَرَاَ

۶۳: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ میں غروب آفتاب کے بعد مسجد میں داخل ہوا تو نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے فرمایا: ابوذرؓ جانتے ہو یہ سورج کہاں جاتا ہے؟ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ سجدے کی اجازت لینے کے لیے جاتا ہے اور اسے اجازت دے دی جاتی ہے گویا کہ پھر حکم دیا جائے گا کہ وہاں سے طلوع کرو جہاں سے آئے ہو۔ اس طرح وہ مغرب سے طلوع ہوگا۔ پھر آپؐ نے

وَذٰلِکَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا وَقَالَ ذٰلِکَ قِرَآءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ وَحُذَیْفَةَ ابْنِ اَسِیْدٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

یہ آیت پڑھی "وَذٰلِکَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا" (یعنی یہی اسکا ٹھکانہ ہے)۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ ابن مسعودؓ کی قرأت ہے۔ اس باب میں صفوان بن عسالؓ، حذیفہ بن اسیدؓ، انسؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۳۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ خُرُوْجِ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ

۳۷: باب یاجوج اور موجوج کے نکلنے کے متعلق

۶۴: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ حَبِیْبَةَ عَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ قَالَتْ اِسْتَیْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَوْمٍ مُحْمَرًّا وَجْهُهٗ وَهُوَ یَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یُرَدِّدُهَا ثَلَاثَ مَرَّاةٍ وَیْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْیَوْمَ مِنْ رَدْمِ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مِثْلَ هٰذِهٖ وَعَقَدَ عَشْرًا قَالَتْ زَیْنَبُ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنُهْلَکُ وَفِیْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا کَثُرَ الْخُبْثُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ جَوَّدَ سُفْیَانُ هٰذَا الْحَدِیْثَ وَقَالَ الْحُمَیْدِیُّ عَنْ سُفْیَانَ ابْنِ عُیَیْنَةَ حَفِظْتُ مِنَ الزُّهْرِیِّ فِیْ هٰذَا الْاِسْنَادِ اَرْبَعَ نِسْوَةٍ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ حَبِیْبَةَ وَهُمَا رَبِیْبَتَا النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ زَوْجَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰی مَعْمَرٌ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ عَنْ حَبِیْبَةَ.

۶۴: حضرت زینب بنت جحش فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نیند سے بیدار ہوئے تو آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو رہا تھا پھر آپؐ نے تین مرتبہ "لا الہ الا اللہ" پڑھا اور فرمایا: عرب کیلئے اس شر سے ہلاکت ہے جو قریب ہوگیا ہے۔ آج کے دن یاجوج ماجوج کو روکنے والی دیوار میں اس کے برابر سوراخ ہوگیا اور پھر آپؐ نے انگلی سے گول دائرے سے نشان بنا کر دکھایا۔ زینبؓ فرماتی ہیں: نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ ہم صالحین کے ہونے کے باوجود ہلاک کر دیئے جائیں گے۔ آپؐ نے فرمایا ہاں جب برائی زیادہ ہوجائے گی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان نے اسے جید قرار دیا ہے۔ حمیدی، سفیان کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں نے زہری کی اس سند سے چار عورتوں کو یاد کیا ہے۔ زینب بنت ابوسلمہ کو جو حبیبہ سے نقل کرتی ہیں اور یہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی پرورش میں رہیں۔ ام حبیبہؓ، زینب بنت جحش سے روایت کرتی ہیں اور یہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے تھیں۔ معمر نے اس حدیث کو زہری سے روایت کیا لیکن اس میں حبیبہ کا ذکر نہیں ہے۔

۳۸: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ الْمَارِقَةِ

۳۸: باب خارجی گروہ کی نشانی کے بارے میں

۶۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ اَحْدَاثُ

۶۵: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخری زمانے میں ایک قوم پیدا ہوگی جن کی عمریں کم ہوں گی۔ بے عقل ہوں گے، قرآن پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے

الْاَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبِي ذَرٍّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ فِي غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصْفُ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ اِنَّمَا هُمُ الْخَوَارِجُ الْحَرُوْرِيَّةُ وَغَيْرُ هُمْ مِنَ الْخَوَارِجِ.

نیچے نہیں اترے گا۔ یہ لوگ (رسول کریم ﷺ) والی بات (یعنی احادیث) کہیں گے لیکن دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابوسعیدؓ اور ابوذرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کے علاوہ بھی نبی اکرم ﷺ سے ان لوگوں (خارجیوں) کے اوصاف منقول ہیں۔ وہ یہ کہ وہ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ ان لوگوں سے مراد خوارج کا فرقہ حروریہ اور دوسرے خوارج ہیں۔

۳۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاَثْرَةِ

۳۹: باب اثرہ[1] کے بارے میں

۶۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاؤُدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا وَلَمْ تَسْتَعْمِلْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۶: حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک انصاری نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں شخص کو حاکم بنایا اور مجھے نہیں بنایا۔ آپؐ نے فرمایا تم میرے بعد اثرہ (یعنی ناجائز ترجیح) دیکھو گے، پس صبر کرنا یہاں تک کہ تم حوض (کوثر) پر مجھ سے ملاقات کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً وَاُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا قَالَ اَدُّوْا اِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَاسْئَالُوا اللّٰهَ الَّذِيْ لَكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۷: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم لوگ میرے بعد ناجائز ترجیحات اور ناپسندیدہ امور دیکھو گے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا آپ ﷺ ہمیں اس وقت کے بارے میں کیا حکم دیتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تم ان حاکموں کا حق ادا کرنا (یعنی ان کی اطاعت کرنا) اور اپنا حق اللہ تعالیٰ سے مانگنا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۰: بَابُ مَا اَخْبَرَ نَاالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ بِمَاهُوَ كَائِنٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

۴۰: باب اس بارے میں کہ نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو قیامت تک کے واقعات کی خبر دی

۶۸: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ

۶۸: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی اور پھر خطاب فرمایا جس میں

[1] اثرہ۔ سے مراد وہ لوگ ہیں جو صحابہؓ پر دوسرے لوگوں کو مقدم کریں گے (یعنی ترجیح دیں گے)۔ (مترجم)

سَعِيدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا صَلاَ ةَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ ثُمَّ قَامَ خَطِيْبًا فَلَمْ يَدَ عْ شَيْئًا يَكُوْنُ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اِلَّا اَخْبَرَ نَا بِهٖ حَفِظَهٗ مَنْ حَفِظَهٗ وَنَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ فَكَانَ فِيْمَا قَالَ اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ اَلاَ وَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَآءَ وَكَانَ فِيْمَا قَالَ اَلاَ لاَ تَمْنَعَنَّ رَجُلاً هَيْبَةُ النَّاسِ اَنْ يَّقُوْلَ بِحَقٍّ اِذَا عَلِمَهٗ قَالَ فَبَكٰى اَبُوْ سَعِيْدٍ فَقَالَ قَدْ وَاللّٰهِ رَاَيْنَا اَشْيَاءَ فَهِبْنَا وَكَانَ فِيْمَا قَالَ اَلاَ اِنَّهٗ يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَا مَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهٖ وَلاَ غَدْرَةَ اَعْظَمُ مِنْ غَدْرَةِ اِمَامِ عَامَّةٍ يُرْكَزُ لِوَاءُهٗ عِنْدَ اِسْتِهٖ وَكَانَ فِيْهَا حَفِظْنَا يَوْمَئِذٍ اَلاَّ اِنَّ بَنِيْ اٰدَمَ خُلِقُوْا عَلٰى طَبَقَاتٍ شَتّٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيٰى مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَيَحْيٰى كَافِرًا وَيَمُوْتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيٰى مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَّيَحْيٰى كَافِرًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا اَلاَ وَاِنَّ مِنْهُمُ الْبَطِيْءُ الْغَضَبِ سَرِيْعُ الْفَيْءِ وَمِنْهُمْ سَرِيْعُ الْغَضَبِ سَرِيْعُ الْفَيْءِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ اَلاَ وَاِنَّ مِنْهُمْ سَرِيْعَ الْغَضَبِ بَطِيْءُ الْفَيْءِ اَلاَ وَخَيْرُهُمْ بَطِيْءُ الْغَضَبِ سَرِيْعُ الْفَيْءِ اَلاَ وَشَرُّهُمْ سَرِيْعُ الْغَضَبِ بَطِيْءُ الْفَيْءِ اَلاَ وَاِنَّ مِنْهُمْ حَسَنَ الْقَضَآءِ حَسَنَ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ سَيِّئُ الْقَضَآءِ حَسَنُ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ حَسَنَ الْقَضَآءِ سَيِّئُ الطَّلَبِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ اَلاَ وَاِنَّ مِنْهُمُ السَّيِّئَ الْقَضَآءِ السَّيِّئَ الطَّلَبِ اَلاَ وَخَيْرُهُمُ الْحَسَنَ الْقَضَاءِ الْحَسَنَ الطَّلَبِ اَلاَ وَشَرُّهُمْ سَيِّئُ الْقَضَاءِ سَيِّئُ الطَّلَبِ اَلاَ وَاِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ فِيْ قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ مَارَاَيْتُمْ اِلٰى حُمْرَةِ عَيْنَيْهِ وَانْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ فَمَنْ اَحَسَّ بِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ فَلْيَلْصَقْ بِالْاَرْضِ قَالَ

آپؐ نے قیامت تک واقع ہونے والی کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ پس یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور جو بھول گیا سو بھول گیا۔ آپؐ نے فرمایا دنیا بڑی سرسبز وشاداب اور میٹھی ہے۔ اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو آئندہ آنے والے لوگوں کا خلیفہ بنانے والے ہیں۔ پھر وہ دیکھیں گے کہ تم لوگ کیا کرتے ہو۔ خبر دار دنیا اور عورتوں سے بچو۔ خبردار کسی شخص کو لوگوں کا خوف حق بات کہنے سے نہ روکے جبکہ اس کو اس کا حق ہونا معلوم ہو۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوسعید یہ حدیث بیان کرتے ہوئے رونے لگے اور فرمایا اللہ کی قسم ہم بہت چیزوں سے ڈر گئے۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا؛ خبردار قیامت کے دن ہر غدار کیلئے اسکی بے وفائی کی مقدار پر جھنڈا ہوگا۔ اور امام عام (حاکم) سے غداری کرنے والا سب سے بڑا غدار ہے۔ اس کا جھنڈا اسکی پشت پر لگایا جائے گا۔ ابوسعیدؓ فرماتے ہیں کہ اس دن جو چیزیں ہم نے یاد کیں ان میں آپ کا یہ فرمان بھی تھا کہ آگاہ ہوجاؤ: انسان کئی طبقات پر پیدا ہوئے ہیں ان میں سے بعض مؤمن پیدا ہوتے اور مؤمن ہی کی حیثیت سے زندہ رہتے اور مؤمن ہی مرتے ہیں۔ جبکہ بعض کافر پیدا ہوتے اسی حیثیت سے جیتے اور اسی حیثیت (یعنی کافر) پر مرتے ہیں۔ بعض ایسے بھی ہیں جو مؤمن ہی پیدا ہوتے اور اسی حیثیت سے جیتے ہیں لیکن کافر ہوکر مرتے ہیں۔ پھر ان کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے اور جو کافر پیدا ہوتا ہے کافر بن کر زندگی گزارتا ہے لیکن خاتمہ ایمان پر ہوجاتا ہے۔ انہی میں سے کچھ ایسے ہیں جنہیں دیر سے غصہ آتا اور جلدی ٹھنڈا ہوجاتا ہے جبکہ بعض غصے کے بھی تیز ہوتے ہیں اور ٹھنڈے بھی جلدی ہوجاتے ہیں۔ یہ دونوں برابر برابر ہیں انہی میں ایسا طبقہ بھی ہے جو جلدی غصے میں آجاتا ہے لیکن دیر سے اس کا اثر زائل ہوتا ہے۔ ان میں سب سے بہتر دیر سے غصے میں آنے والے اور جلدی ٹھنڈے ہونے والے ہیں اور سب سے برے جلدی غصہ میں آنے والے اور دیر سے ٹھنڈے ہونے والے ہیں۔ یہ بھی جان لو کہ ان میں بعض لوگ جلدی قرض ادا کرنے

وَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ اِلَى الشَّمْسِ هَلْ بَقِيَ مِنْهَا شَيْءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا اِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ هٰذَا اَحَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَاَبِي زَيْدِبْنِ اَخْطَبَ وَحُذَيْفَةَ وَاَبِي مَرْيَمَ ذَكَرُوْا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ هُوَ كَائِنٌ اِلَى اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔

والے اور سہولت کے ساتھ ہی تقاضا کرنے والے ہیں (یعنی جب وہ کسی کو قرض دیتے ہیں) بعض قرض کی ادائیگی میں برے ہیں لیکن تقاضا (قرض) حسن وخوبی ہی کے ساتھ کرتے ہیں۔ تیسرا طبقہ ایسا بھی ہے جو ادائیگی میں تو ٹھیک ہے لیکن تقاضے میں برا ہے۔ جبکہ کچھ ایسے بھی ہیں جو مانگنے میں بھی برے ہیں اور ادا کرنے میں بھی صحیح نہیں۔ جان لو کہ ان میں سے سب سے بہتر بحسن وخوبی تقاضا کرنے والے اور ادا کرنے والے ہیں اور ان میں سے بدترین وہ ہیں جو دونوں چیزوں میں برے ہیں۔ خبردار: غضب ابن آدم کے دل میں ایک چنگاری ہے۔ کیا تم اس کی آنکھوں کی سرخی اور اسکی گردن کی رگوں کے پھولنے کو نہیں دیکھتے۔ پس جسے غصہ آئے اسے زمین پر لیٹ جانا چاہیے۔ ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ہم سورج کی طرف دیکھنے لگے کہ آیا کچھ باقی رہ گیا ہے۔ (یا غروب ہوگیا ہے)۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سن لو: دنیا کی باقیات گزرے ہوئے زمانے کی بہ نسبت اتنی ہی رہ گئی ہیں جتنا تمہارا آج کا دن گزرے ہوئے پورے دن کی بہ نسبت۔ اس باب میں مغیرہ بن شعبہؓ، ابوزید بن اخطبؓ، حذیفہؓ اور ابومریمؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ تمام راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قیامت تک ہونے والے واقعات کی خبر دی۔

خلاصۃ الباب: نبی اکرم ﷺ کا اپنی اُمت کے حق میں دعائیں کرنا اُمت کے ساتھ شفقت اور مہربانی کی روشن دلیل ہے (۲) فتنہ کے زمانہ میں بالکل الگ تھلگ رہنا اور خلوت میں اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہنا اور اسلام کے دشمنوں کو ڈرانا یہ بہترین خصلت ہے۔ ''انواط'' دراصل ''نوط'' کی جمع ہے۔ اس کے معنی لٹکانا کے ہیں۔ چونکہ اس درخت پر ہتھیار لٹکائے تھے۔ اس لئے اس کا نام ''ذات انواط'' ہوگیا اور یہ نام اسی خاص درخت کا تھا۔ حدیث کے آخری جملہ کے ذریعہ رسول اللہ ﷺ نے گویا ان لوگوں کے لئے ناراضگی و بے اطمینانی کا اظہار فرمایا کہ اگر تم لوگ ایسی بات کہتے اور کرتے رہے تو عجب نہیں کہ گمراہی اور حد سے بڑھ جانے کے اس راستے پر جا پڑو جس کو پچھلی امتوں کے لوگوں نے اختیار کیا تھا اور وہ اللہ تعالیٰ کے مبغوض بندے قرار پائے تھے (۳) حدیث باب میں امانت سے مراد ایمان ہے۔ اس جملہ کا حاصل یہ ہے کہ دین وشریعت کی طرف سے غافل ہوجانے اور گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے دل میں ایمان کا نور کم ہوجائے گا اور غافل جب اس صورتِ حال سے آگاہ ہوگا اور اپنے دل کی حالت و کیفیت پر غور و فکر کرے گا تو یہ محسوس کرے گا کہ اس میں ایک نقطہ کی مقدار کے علاوہ نور ایمان میں سے کچھ باقی نہیں رہا۔ ''پھر جب دوبارہ سو جائے گا'' کے ذریعہ اس طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ غفلت اور ارتکاب گناہ کی وجہ سے دل میں سے نورِ ایمان کا بقیہ حصہ بھی نکل جائے گا صرف آبلہ (چھالے) کی طرح نشان کی صورت میں رہ جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے کسی بھی ایسے فتنہ پرداز کا ذکر کرنے سے احتراز نہیں کیا جو دنیا کے ختم ہونے تک پیدا ہونے والا ہے۔ ''قائد'' یعنی فتنہ پرداز سے مراد وہ شخص ہے جو فتنہ وفساد اور تباہی وخرابی کا باعث ہو جیسے وہ عالم دین جو دین میں بدعت پیدا کرے۔

دین کے نام پر مسلمانوں کو آپس میں لڑائے ۔قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ درندے کوڑے کی رسی اور جوتے کا تسمہ باتیں کریں گے اور یاجوج و ماجوج کا خروج ہوگا، آگ کا عدن سے نکلنا، دس آیات کا لوگوں کے سامنے واقع ہونا اور دشمنان اہل بیت یعنی خارجیوں کا پیدا ہونا بھی قیامت کی نشانی ہے۔اس طرح حکمرانوں کا نا اہل لوگوں کو عہدوں پر مسلط کرنا اور ان کو ترجیح دینا بھی ایک نشانی ہے۔غرضیکہ قیامت تک آنے والے واقعات کی خبر نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے بتانے سے ارشاد فرمائی۔

۴۱: بَابُ مَاجَآءَ فِي اَهْلِ الشَّامِ

۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَافَسَدَ اَهْلُ الشَّامِ فَلَاخَيْرَ فِيْكُمْ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ مَنْصُوْرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ قَالَ مُحَمَّدُبْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ عَلِيُّ ابْنُ الْمَدِيْنِيُّ هُمْ اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوَالَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا بَهْزُبْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ تَاْمُرُنِيْ قَالَ هٰهُنَا وَنَحَا بِيَدِهٖ نَحْوَا لشَّامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۱: باب اہل شام کی فضیلت کے بارے میں

۶۹: حضرت معاویہ بن قرہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اہل شام میں خرابی پیدا ہوگی تو تم میں کوئی خیر و بھلائی نہ ہوگی۔میری امت میں سے ایک گروہ ایسا ہے جس کی ہمیشہ مدد ونصرت ہوتی رہے گی اور کسی کا ان کی مدد نہ کرنا انہیں نقصان نہیں پہنچائے گا۔یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔ امام بخاریؒ علی بن مدینی سے نقل کرتے ہیں کہ یہ فرقہ محدثین کا ہے۔اس باب میں عبداللہ بن حوالہؓ، ابن عمرؓ، زید بن ثابتؓ اور عبد اللہ بن عمروؓ سے بھی احادیث منقول ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۰: حضرت بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ آپؐ مجھے کہاں قیام کا حکم دیتے ہیں۔پس نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے شام کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا اس طرف۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۲: بَابُ لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَّضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

۷۱: حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَمْرُوْبْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ ثَنَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَّضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَرِيْرٍ وَابْنِ عُمَرٍ وَ كُرْزِ ابْنِ عَلْقَمَةَ وَوَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَالصُّنَابِحِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۲: باب میرے بعد کافر ہو کر ایک دوسرے کو قتل نہ کرنے لگ جانا

۷۱: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد دوبارہ کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگو۔اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعود، جریر، ابن عمر، کرز بن علقمہ، واثلہ بن اسقع اور صنابحی رضی اللہ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۳: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّهُ تَكُوْنُ فِتْنَةُ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ

۷۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَ شَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ سَعْدَبْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ عِنْدَ فِتْنَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَشْهَدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ قَالَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ دَخَلَ عَلَيَّ وَبَسَطَ يَدَهُ اِلَيَّ لِيَقْتُلَنِيْ قَالَ كُنْ كَابْنِ اٰدَمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَخَبَّابِ ابْنِ الْاَرَتِّ وَاَبِيْ بَكْرَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ وَاقِدٍ وَاَبِيْ مُوْسٰى وَخَرَشَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَزَادَفِيْ هٰذَا الْاِ سْنَادِ رَجُلاً وَّقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ.

۴۳: باب ایسا فتنہ جس میں بیٹھا رہنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا

۷۲: حضرت بسر بن سعیدؓ، سعد بن ابی وقاصؓ سے نقل کرتے ہیں کہ سعد بن ابی وقاصؓ نے عثمان غنیؓ کے خلاف فتنہ کے موقع پر کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا عنقریب ایک فتنہ بپا ہوگا جس میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے، کھڑا ہونے والا چلنے والے سے اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ کسی نے پوچھا۔ بتایئے اگر کوئی میرے گھر میں داخل ہوا اور مجھے قتل کرنے لگے تو میں کیا کروں۔ آپؐ نے فرمایا تو آدمؑ کے بیٹے ہابیل کی طرح ہو جا۔ (جو اپنے بھائی کے ہاتھوں قتل ہوا)۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، خباب بن ارتؓ، ابوبکرہؓ، ابن مسعودؓ، ابو واقدؓ، ابوموسیٰؓ، اور خرشہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور بعض راوی اسے لیث بن سعدؓ سے نقل کرتے ہوئے ایک راوی کا اضافہ کرتے ہیں۔ پھر یہ نبیؐ سے بواسطہ سعدؓ کئی سندوں سے منقول ہے۔

۴۴: بَابُ مَاجَآءَ سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ

۷۳: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوْا بِالْاَ عْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ اَحَدُ هُمْ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اِسْتَيْقَظَ لَيْلَةً فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ

۴۴: باب اس بارے میں کہ ایک فتنہ ایسا ہوگا جو اندھیری رات کی طرح ہوگا

۷۳: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اعمال صالحہ میں جلدی کرو اس سے پہلے کہ اندھیری رات کی طرح فتنے تم لوگوں کو گھیر لیں جن میں انسان صبح مؤمن اور شام کو کافر ہو جائے گا۔ پھر شام کو مؤمن ہوگا لیکن صبح تک کافر ہو جائے گا اور اپنے دین کو دنیا کے تھوڑے سے مال کے عوض بیچ دے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۴: حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو نیند سے بیدار ہو گئے اور فرمایا سبحان اللہ۔ آج رات کتنے فتنے نازل ہوئے اور کس قدر خزانے

مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ يَارُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

اتارے گئے۔ کون ہے جو حجروں والیوں (یعنی ازواج مطہرات) کو جگائے۔ بہت سی دنیا میں لباس پہننے والی عورتیں آخرت میں ننگی ہوں گی[1]۔

۷۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي حَبِيْبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكُوْنُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ أَقْوَامٌ دِيْنَهُمْ بِعَرَضِ الدُّنْيَا وَفِي الْبَابِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَجُنْدَبٍ وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَأَبِي مُوْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۷۵: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے قریب ایسے فتنے واقع ہوں گے جو اندھیری رات کی طرح ہوں گے۔ان میں انسان صبح مؤمن ہوگا تو شام کو کافر اور شام کو مؤمن ہوگا تو صبح کافر ہوجائے گا۔ اور بہت سے لوگ تھوڑے سے مال کے عوض اپنا دین بیچ ڈالیں گے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، جندبؓ، نعمان بن بشیرؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۷۶: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا قَالَ يُصْبِحُ مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ وَعِرْضِهِ وَمَالِهِ وَيُمْسِيْ مُسْتَحِلًّا لَهُ وَيُمْسِيْ مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ وَعِرْضِهِ وَمَالِهِ وَيُصْبِحُ مُسْتَحِلًّا لَهُ.

۷۶: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے متعلق بیان فرماتے تھے (صبح مؤمن ہوگا شام کو کافر ہوجائے گا) کہ صبح کو اپنے بھائی کی جان، مال اور عزت کو اپنے اوپر حرام سمجھے گا لیکن شام کو حلال سمجھنے لگے گا اور اسی طرح شام کو حرام سمجھتا ہوگا تو صبح حلال سمجھنے لگے گا۔

۷۷: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلٌ يَسْأَلُهُ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا وَيَسْأَلُوْنَا حَقَّهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۷: حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص کو یہ سوال کرتے ہوئے سنا کہ اگر ہم پر ایسے حاکم حکمرانی کرنے لگیں جو ہمیں ہمارا حق نہ دیں اور اپنا حق طلب کریں تو ہم کیا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو اور اطاعت کرو اس لیے کہ ان کا عمل ان کے ساتھ اور تمہارا عمل تمہارے ساتھ ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۵: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْهَرَجِ

۴۵: باب قتل کے بارے میں

۷۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا أَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ

۷۸: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

[1] ان عورتوں سے مراد وہ عورتیں ہیں جو باریک لباس پہنتی ہیں۔ مال حرام سے لباس بناتی ہیں اور اس طرح لباس پہنتی ہیں کہ ان کے جسم کے اعضاء ننگے رہتے ہیں۔ (مترجم)

شَقِيقٍ عَنْ اَبِى مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ وَّرَائِكُمْ اَيَّامًا يُرْفَعُ فِيْهَا الْعِلْمُ وَيَكْثُرُ فِيْهَا الْهَرْجُ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالْهَرْجُ قَالَ الْقَتْلُ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

فرمایا تمہارے بعد ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں علم اٹھا لیا جائے گا اور ''ھرج'' زیادہ ہوگا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ''ھرج'' کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ''قتل''۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، خالد بن ولیدؓ اور معقل بن یسارؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ رَدَّهُ اِلٰى مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ فَرَدَّهُ اِلٰى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَدَّهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِبَادَةُ فِى الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ اِلَيَّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ.

۷۹: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قتل کے ایام میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی طرح ہے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ ہم اسے صرف معلّٰی بن زیاد کی روایت سے جانتے ہیں۔

۸۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ اَبِى اَسْمَآءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِى اُمَّتِى لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۸۰: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب میری امت میں تلوار رکھ دی جائے گی تو پھر قیامت تک نہیں اٹھائی جائے گی۔ (یعنی جب ایک مرتبہ خونریزی شروع ہوگی تو پھر کبھی بھی ختم نہیں ہوگی) یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۶: بَابُ مَاجَآءَ فِى اتِّخَاذِ السَّيْفِ مِنْ خَشَبٍ

۴۶: باب لکڑی کی تلوار بنانے کے بارے میں

۸۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ اُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيِّ الْغِفَارِيِّ قَالَتْ جَآءَ عَلِيُّ بْنُ اَبِى طَالِبٍ اِلٰى اَبِى فَدَعَاهُ اِلَى الْخُرُوْجِ مَعَهُ فَقَالَ لَهُ اَبِى اِنَّ خَلِيْلِى وَابْنَ عَمِّكَ عَهِدَ اِلَيَّ اِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ اَنْ اَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَقَدِ اتَّخَذْتُهُ فَاِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ بِهٖ مَعَكَ قَالَتْ فَتَرَكَهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ.

۸۱: عدیسہ بنت اھبان بن صیفی غفاریؓ کہتی ہیں کہ حضرت علیؓ میرے والد کے پاس آئے اور انہیں لڑائی میں اپنے ساتھ چلنے کو کہا۔ میرے والد نے کہا بے شک میرے دوست اور تمہارے چچازاد بھائی رسول اللہ اکرم ﷺ نے مجھ سے عہد لیا تھا کہ اگر لوگوں میں اختلافات ہو جائیں تو میں لکڑی کی تلوار بنالوں۔ لہٰذا میں نے وہ بنوالی ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ کے ساتھ چلوں تو میں تیار ہوں۔ عدیسہؓ فرماتی ہیں کہ حضرت علیؓ نے انہیں چھوڑ دیا۔ اس باب میں محمد بن سلمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف عبداللہ بن عبید کی روایت سے جانتے ہیں۔

۸۲: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ نَا هَمَّامٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَرْوَانَ

۸۲: حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ اَبِى مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ فِى الْفِتْنَةِ كَسِّرُوْا فِيْهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوْا فِيْهَا اَوْتَارَكُمْ وَالْزَمُوْا فِيْهَا اَجْوَافَ بُيُوْتِكُمْ وَكُوْنُوْا كَابْنِ اٰدَمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَرْوَانَ هُوَ اَبُوْ قَيْسٍ الْاَوْدِيُّ۔

ارشاد فرمایا: فتنہ کے زمانے میں اپنی کمانیں توڑ دینا۔ زین کو کاٹ دینا اور اپنے گھروں ہی میں رہنا۔ جس طرح ہابیل بن آدم نے قتل ہونے پر صبر کیا تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عبد الرحمٰن بن ثروان سے مراد ابوقیس اودی ہے۔

خلاصۃ الباب: اہل شام کی فضیلت بیان فرمائی ہے کہ دورِ فتن میں اہل شام بھلائی اور خیر پر ہوں گے نیز یہ بھی ارشاد فرمایا میرے بعد قتل وقتال جائز سمجھنے والے نہ بن جانا البتہ کفار اور مشرکین کے ساتھ قتال عین عبادت ہے۔
(۲) حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دورِ فتن میں خلوت اور تنہائی اختیار کرنے کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے۔ علماء کرام نے ارشاد فرمایا ہے کہ شاید یہ فتنہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے وقت رونما ہو چکا ہے۔

۴۷: بَابُ مَا جَآءَ فِى اَشْرَاطِ السَّاعَةِ

۴۷: باب علاماتِ قیامت کے متعلق

۸۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ اُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَدِّثُكُمْ اَحَدٌ بَعْدِيْ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ وَيَفْشُوَ الزِّنَا وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ وَيَقِلَّ الرِّجَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَاَةً قَيِّمٌ وَّاحِدٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِى مُوْسٰى وَاَبِى هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۸۳: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور یہ حدیث میرے بعد کوئی ایسا شخص بیان نہیں کرے گا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ آپؐ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھ جائے گا۔ جہالت ظاہر وغالب ہو جائے گی۔ زنا رواج پکڑ جائے گا۔ شراب بکثرت استعمال ہوگی۔ عورتوں کی کثرت ہوگی اور مرد کم ہو جائیں گے۔ یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا نگران ایک ہی مرد ہوگا۔ اس باب میں حضرت ابوموسیٰ اور ابو ہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ مَا نَلْقٰى مِنَ الْحَجَّاجِ فَقَالَ مَا مِنْ عَامٍ اِلَّا وَالَّذِىْ بَعْدَهٗ شَرٌّ مِّنْهُ حَتّٰى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۸۴: حضرت زبیر بن عدی فرماتے ہیں کہ ہم انس بن مالکؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حجاج بن یوسف کے مظالم کی شکایت کی۔ آپؓ نے فرمایا ہر آنے والا سال گزرے ہوئے سال کے مقابلے میں برا ہوگا۔ یہاں تک کہ تم اپنے رب سے ملاقات کرو۔ میں نے یہ بات تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ حُمَيْدٍ

۸۵: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالُ فِى الْاَرْضِ اَللّٰهُ اَللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک اس پر کوئی اللہ، اللہ کہنے والا موجود ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۸۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ الْمُثَنّٰى لِلْخَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ.

۸۶: محمد بن مثنیٰ اسے خالد بن حارث سے وہ حمید سے اور وہ انسؓ سے اسی کی مثل نقل کرتے ہیں لیکن یہ روایت مرفوع نہیں اور یہ پہلی والی روایت کے مقابلے میں زیادہ صحیح ہے۔

۸۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ابْنُ سَعِيْدٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ عَمْرٍ وح وَثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ اَبِى عَمْرٍ وعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَ نْصَارِىُّ الْاَشْهَلِىُّ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ اَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِ وبْنِ اَبِى عَمْرٍو.

۸۷: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ آ بائی احمق دنیا کے سعادت مند لوگ شمار نہ ہونے لگیں گے۔ یہ حدیث حسن ہے اور ہم اسے عمرو بن ابی عمرو کی روایت سے پہچانتے ہیں۔

۸۸: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا مُحَمَّدُ ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى حَازِمٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقِیْءُ الْاَرْضُ اَفْلَاذَ كَبِدِهَا اَمْثَالَ الْاُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ فَيَجِیْءُ السَّارِقُ فَيَقُوْلُ فِى هٰذَا قُطِعَتْ يَدِىْ وَيَجِیْءُ الْقَاتِلُ فَيَقُوْلُ فِى قَتَلْتُ وَيَجِیْءُ الْقَاطِعُ فَيَقُوْلُ فِى هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِىْ ثُمَّ يَدَعُوْنَهٗ فَلَا يَاْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۸۸: حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمین اپنے جگر کے خزانے سونے اور چاندی تے کی طرح اگلے گی۔ آپؐ نے فرمایا چور آئے گا اور کہے گا اس کی وجہ سے میرا ہاتھ کاٹا گیا، قاتل آئے گا اور کہے گا اسکی وجہ سے میں نے قتل کیا۔ قاطع رحم آئے گا اور کہے گا اس کی وجہ سے میں نے (اقارب سے) قطع تعلق کیا پھر وہ (سب) اسے چھوڑ دیں گے اور اس میں سے کچھ بھی نہیں لیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۸: بَابٌ

۴۸: باب

۸۹: حَدَّثَنَا صَالِحُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا الْفَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ اَبُوْفَضَالَةَ الشَّامِىُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِىٍّ عَنْ عَلِىِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَعَلَتْ اُمَّتِىْ خَمْسَ عَشَرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ قِيْلَ وَمَا هِىَ يَا

۸۹: حضرت علی بن ابی طالبؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا اگر میری امت میں پندرہ خصلتیں آ جائیں گی تو ان پر مصیبتیں نازل ہوں گی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا جب مالِ غنیمت ذاتی دولت بن جائیگی۔ امانت کو لوگ مالِ غنیمت سمجھنے لگیں گے۔ زکوٰۃ کو جرمانہ سمجھا جائیگا۔ شوہر بیوی کی اطاعت

رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِذَا كَانَ الْمَغْنَمُ دُوَلاً وَالْاَمَانَةُ مَغْنَمًا وَالزَّكٰوةُ مَغْرَمًا وَاَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهٗ وَعَقَّ اُمَّهٗ وَبَرَّ صَدِيْقَهٗ وَجَفَا اَبَاهُ وَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَاُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَلُبِسَ الْحَرِيْرُ وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَلَعَنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ اَوْخَسْفًا اَوْمَسْخًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ غَيْرَ الْفَرَجِ ابْنِ فَضَالَةَ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَضَعَّفَهٗ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ وَكِيْعٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِّنَ الْاَئِمَةِ.

اور ماں کی نافرمانی کریگا۔ دوستوں کے ساتھ بھلائی اور باپ کے ساتھ ظلم وزیادتی کریگا۔ مسجد میں لوگ زور زور سے باتیں کریں گے۔ ذلیل قسم کے لوگ حکمران بن جائینگے۔ کسی شخص کی عزت اسکے شر سے محفوظ رہنے کیلئے کی جائے گے۔ شراب پی جائے گی۔ ریشمی کپڑا پہنا جائے گا۔ گانے بجانے والیاں لڑکیاں اور گانے کا سامان گھروں میں رکھا جائے گا اور اُمت کے آخری لوگ پہلوں پر لعن طعن کریں گے۔ پس اس وقت لوگ عذابوں کے منتظر رہیں یا تو سرخ آندھی، یا خسف (دھنسنے کا عذاب) یا پھر چہرے مسخ ہوجانے والا عذاب۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے حضرت علیؓ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں ہمیں علم نہیں کہ اسے فرخ بن فضالہ کے علاوہ کسی اور نے یحییٰ بن سعید سے نقل کیا ہو۔ بعض محدثین فرخ کو انکے حافظے کی وجہ سے ضعیف قرار دیتے ہیں۔ وکیع اور کئی ائمہ ان سے احادیث نقل کرتے ہیں۔

۹۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الْمُسْتَلِمِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ رُمَيْحٍ الْجُذَامِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اتُّخِذَ الْفَيْءُ دُوَلاً وَالْاَمَانَةُ مَغْنَمًا وَالزَّكٰوةُ مَغْرَمًا وَتُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ وَاَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ وَعَقَّ اُمَّهٗ وَاَدْنٰى صَدِيْقَهٗ وَاَقْصٰى اَبَاهُ وَظَهَرَتِ الْاَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَسَادَ الْقَبِيْلَةَ فَاسِقُهُمْ وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَاُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَظَهَرَتِ الْقَيْنَاتُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَلَعَنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ وَزَلْزَلَةً وَخَسْفًا وَمَسْخًا وَقَذْفًا وَاٰيَاتٍ تَتَابَعُ كَنِظَامٍ بَالٍ قُطِعَ سِلْكُهٗ فَتَتَابَعَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۹۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب مال غنیمت کو ذاتی دولت سمجھا جائیگا۔ امانت مال غنیمت بن جائے گی۔ زکوٰۃ کو ٹیکس سمجھا جانے لگے گا۔ علم کا حصول غیر دین کے لیے ہوگا۔ انسان اپنی بیوی کا مطیع اور ماں کا نافرمان ہوجائے گا۔ دوست کے ساتھ وفا اور باپ کے ساتھ بے وفائی کرے گا۔ مساجد میں آوازیں بلند ہونے لگیں گی۔ قبیلے کی سرداری فاسقوں کے ہاتھوں میں آجائے گی۔ ذلیل شخص قوم کا رہبر بن جائے گا اور کسی شخص کو اس کے شر سے ڈرتے ہوئے قابل تعظیم سمجھا جائے گا۔ گانے والی لڑکیاں اور گانے بجانے کا سامان رواج پکڑ جائیں۔ شراب پی جائے گی اور امت کے آخری لوگ گزرے ہوؤں پر لعن طعن کریں گے۔ تو پھر وہ لوگ سرخ آندھی، زلزلے، خسف (زمین میں دھنسنا) چہرے کے بدلنے اور آسمان سے پتھر برسنے کے عذابوں کا انتظار کریں۔ اس وقت نشانیاں اس طرح ظاہر ہوں گی جیسے کسی پرانی (موتیوں کی) لڑھی کا دھاگہ ٹوٹ جائے اور پے در پے گرنے لگیں۔ (یعنی قیامت کی نشانیاں) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۹۱: حَدَّثَنَا عَبَّادُبْنُ يَعْقُوبَ الْكُوفِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ عَنِ الْاَ عْمَشِ عَنْ هِلَالِ ابْنِ يَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَتٰى ذٰلِكَ قَالَ اِذَاظَهَرَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْاَ عْمَشِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً.

۹۱: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس اُمت میں (تین) عذاب آئیں گے۔ خسف، مسخ اور قذف۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کب''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گانے والیوں اور باجوں کا رواج ہو جائے گا اور لوگ شرابیں پینے لگیں گے۔ یہ حدیث غریب ہے اور اعمش سے بھی عبدالرحمٰن بن سابط کے حوالے سے منقول ہے لیکن یہ مرسل ہے۔

۴۹: بَابُ مَاجَآءَ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَا تَيْنِ

۴۹: باب نبی اکرم ﷺ کی بعثت قیامت کے قرب کی نشانی ہے

۹۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ هَيَّاجٍ الْاَ سَدِيُّ الْكُوْفِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَرْحَبِيُّ نَا عُبَيْدَ ةُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ الْفِهْرِيُّ رَوَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ اَنَا فِي نَفْسِ السَّاعَةِ فَسَبَقْتُهَا كَمَا سَبَقَتْ هٰذِهٖ هٰذِهٖ لِاَصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَ الْوُسْطٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْمُسْتَوْرِدِ ابْنِ شَدَّادٍلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۹۲: مستورد بن شداد فہری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ میں اور قیامت ایک ساتھ مبعوث کئے گئے لیکن میں اس پر درمیانی انگلی کی شہادت کی انگلی پر بعثت کی طرح سبقت لے گیا۔

یہ حدیث غریب ہے۔

ہم اسے مستورد بن شداد کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۹۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ اَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَا تَيْنِ وَاَشَارَ اَبُوْدَاوٗدَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى فَمَا فَضَلُ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۹۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ میں اور قیامت ان دو (انگلیوں) کی طرح (متصل) بھیجے گئے ہیں۔ پھر ابو داؤد (راوی) نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا کہ ان میں سے ایک کی دوسری پر کیا فضیلت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۰: بَابُ مَاجَآءَ فِي قِتَالِ التُّرْكِ

۵۰: باب تُرکوں سے جنگ کے متعلق

۹۴: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِبْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

۹۴: حضرت ابو ہریرہؓ، نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی۔ جب تک لوگ تم ایک ایسی قوم سے جنگ نہیں کروگے۔ جن کے جوتے

لا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ وَلاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَبُرَيْدَةَ وَ اَبِي سَعِيْدٍ وَعَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ وَمُعَاوِيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

بالوں کے ہوں گے پھر مزید فرمایا کہ قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک ایسے لوگوں سے تمہاری جنگ نہ ہوگی جن کے چہرے ڈھالوں کی طرح چپٹے ہوں گے۔ اس باب میں حضرت ابوبکر صدیقؓ، بریرہؓ، ابوسعیدؓ، عمرو بن تغلبؓ، اور معاویہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۱: بَابُ مَاجَآءَ اِذَا ذَهَبَ كِسْرٰى فَلاَ كِسْرٰى بَعْدَهٗ

۵۱: باب کسریٰ کی ہلاکت کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا

۹۵: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا هَلَكَ كِسْرٰى فَلاَ كِسْرٰى بَعْدَهٗ وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهٗ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسریٰ (شاہ ایران) ہلاک ہوگا تو اس کے بعد کوئی دوسرا کسریٰ نہ ہوگا اور جب قیصر (شاہ روم) ہلاک ہوگا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہ ہوگا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم ضرور قیصر وکسریٰ کے خزانوں کو اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲: بَابُ لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِّنْ قِبَلِ الْحِجَازِ

۵۲: باب حجاز سے آگ نکلنے سے پہلے قیامت قائم نہیں ہوگی

۹۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي قِلاَبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَخْرُجُ نَارٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ اَوْمِنْ نَحْوِ بَحْرِ حَضْرَمَوْتَ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ تَحْشُرُ النَّاسَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا تَاْمُرُ نَافَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ وَفِي الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَّاَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ.

۹۶: حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضر موت یا فرمایا: حضر موت کے سمندر کی طرف سے قیامت سے پہلے ایک آگ نمودار ہوگی جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی۔ عرض کیا گیا: ہم لوگ اس وقت کیا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم (ملک) شام میں سکونت اختیار کرنا۔ اس باب میں حضرت حذیفہ بن اسید، انس، ابو ہریرہ اور ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

خلاصۃ الباب : قیامت کی جو نشانیاں حضور ﷺ نے ارشاد فرمائی ہیں وہ ظاہر ہو رہی ہیں۔ علم اٹھ رہا ہے' جہالت بڑھ رہی ہے' شراب نوشی بہت کثرت سے ہو رہی ہے' عورتوں کی کثرت ہے' حکام ظالم ہیں جو بھی حاکم آتا ہے وہ پہلے سے زیادہ ظالم ہوتا ہے۔ آج اس زمانہ میں بیوی کو ماں پر ترجیح دی جارہی ہے اور باپ کی بات کو ٹھکرا کر دوست کی مانی جاتی ہے۔ مسجدیں جو عبادت کے لئے تھیں ان میں شور وغوغا کیا جاتا ہے عبادت برائے نام رہ گئی ہے۔ گانے والیاں اور گانے کے آلات کی بہتات ہے گھر گھر ناچ اور گانے کی اشیاء (سامان) موجود ہیں۔ سلفِ صالحینؒ پر لعن طعن بہت کثرت کے ساتھ ہے اور قیامت کی ایک خاص نشانی یہ ہے کہ جھوٹے لوگ بہت زیادہ ہوں گے یعنی جھوٹی حدیثیں گھڑیں گے یا وہ لوگ مراد ہیں جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کریں گے یا وہ لوگ ہیں جو بدعتیں رائج کریں گے اپنے غلط سلط عقائد وخیالات اور اپنی جھوٹی اغراض و خواہشات کو صحیح اور جائز ثابت کرنے کے لئے ان کی نسبت صحابہ کرامؓ اور اگلے بزرگوں کی طرف کریں گے۔ واللہ اعلم۔

۵۳ : بَابُ مَاجَآءَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ كَذَّابُوْنَ

۹۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْبَعِثَ كَذَّابُوْنَ دَجَّالُوْنَ قَرِيْبٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۸ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِيْ بِالْمُشْرِكِيْنَ وَحَتّٰى يَعْبُدُوا الْاَوْثَانَ وَاَنَّهٗ سَيَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ ثَلَاثُوْنَ كَذَّابُوْنَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۵۳ : باب جب تک کذاب نہ نکلیں قیامت قائم نہیں ہوگی

۹۷ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک تیس کے قریب جھوٹے دجال نبوت کے دعویدار بن کر ظاہر نہیں ہوں گے۔ اس باب میں حضرت جابر بن سمرہؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۸ : حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی۔ جب تک میری امت کے کئی قبائل مشرکین کے ساتھ الحاق نہیں کریں گے اور بتوں کی پوجا نہیں کریں گے۔ پھر فرمایا؛ میری امت میں تیس جھوٹے پیدا ہوں گے ہر ایک کا یہی دعویٰ ہوگا کہ وہ نبی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں خاتم النبیین (آخری نبی) ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابٌ وَّ مُبِيْرٌ

۹۹ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

۵۴ : باب بنی ثقیف میں ایک کذاب اور ایک خون ریز ہوگا

۹۹ : حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ بنو ثقیف میں ایک کذاب اور ایک خون بہانے والا شخص

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی ثَقِیْفٍ كَذَّابٌ وَّمُبِیْرٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ وَاقِدٍ نَا شَرِیْكٌ نَّحْوَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِّنْ حَدِیْثِ بْنِ عُمَرَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْكٍ وَشَرِیْكٌ یَقُوْلُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُصْمَةَ وَاِسْرَائِیْلُ یَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُصْمَةَ وَیُقَالُ الْكَذَّابُ الْمُخْتَارُ بْنُ اَبِیْ عُبَیْدٍ وَالْمُبِیْرُ الْحَجَّاجُ بْنُ یُوْسُفَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَیْمَانُ بْنِ سَلْمٍ الْبَلْخِیُّ نَا النَّضْرُبْنُ شُمَیْلٍ عَنْ حَسَّانَ قَالَ اَحْصُوْا مَا قَتَلَ الْحَجَّاجُ صَبْرًا فَبَلَغَ مِائَةَ اَلْفٍ وَّعِشْرِیْنَ اَلْفَ قَتِیْلٍ.

(پیدا) ہوگا۔ اس باب میں حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ سے بھی روایت ہے۔ عبدالرحمٰن بن واقد بھی شریک سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث ابن عمرؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف شریک کی سند سے جانتے ہیں اور وہ راوی کا نام عبدالرحمٰن بن عصم بیان کرتے تھے جبکہ اسرائیل عبداللہ بن عصمہ کہتے۔ کہا جاتا ہے کہ کذاب سے مراد مختار بن ابوعبید اور قاتل سے مراد حجاج بن یوسف ہے۔ ابوداؤد، سلیمان بن سلم بلخی، نضر بن شمیل سے اور وہ ہشام بن حسان سے نقل کرتے ہیں کہ حجاج کے قتل کئے ہوئے افراد کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار تک پہنچتی ہے۔

۵۵: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْقَرْنِ الثَّالِثِ

۵۵: باب تیسری صدی کے متعلق

۱۰۰: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَیْلِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ خَیْرُ النَّاسِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ یَاتِیْ مِنْ بَعْدِهِمْ قَوْمٌ یَتَسَمَّنُوْنَ وَیُحِبُّوْنَ السِّمَنَ یُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ اَنْ یُّسْاَلُوْهَا هٰكَذَا رَوٰی مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ وَرَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ مِّنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ وَلَمْ یَذْكُرُوْا فِیْهِ عَلِیَّ بْنَ مُدْرِكٍ.

۱۰۰: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے زمانے کے لوگ سب سے بہتر ہیں۔ پھر ان کے بعد والے (یعنی صحابہ) پھر ان کے بعد والے (تابعین) پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو موٹا ہونا چاہیں گے۔ موٹاپے کو پسند کریں گے۔ وہ لوگ گواہی طلب کئے بغیر گواہی دیں گے۔ یہ حدیث محمد بن فضیل بھی اعمش سے وہ علی بن مدرک سے اور وہ ہلال بن یساف سے اسی طرح نقل کرتے ہیں جبکہ کئی راوی اسے اعمش سے وہ ہلال بن یساف سے نقل کرتے ہوئے علی بن مدرک کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۰۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا وَكِیْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ نَا هِلَالُ بْنُ یَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ وَهٰذَا اَصَحُّ عِنْدِیْ مِنْ حَدِیْثِ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَیْلٍ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۱۰۱: حسین بن حریث بھی وکیع سے وہ اعمش سے وہ ہلال بن یساف سے وہ عمران بن حصین سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ میرے (امام ترمذی کے) نزدیک یہ حدیث محمد بن فضیل کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ یہ حدیث کئی سندوں سے عمران بن حصینؓ ہی سے مرفوعاً منقول ہے۔

۱۰۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ

۱۰۲: عمران بن حصین سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰی عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ اُمَّتِی الْقَرْنُ الَّذِیْ بُعِثْتُ فِیْهِمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ وَلَا اَعْلَمُ اَذَکَرَ الثَّالِثَ اَمْ لَا ثُمَّ یَنْشَؤُ اَقْوَامٌ یَشْهَدُوْنَ وَلَا یُسْتَشْهَدُوْنَ وَیَخُوْنُوْنَ وَلَا یُؤْتَمَنُوْنَ وَیَفْشُوْ فِیْهِمُ السِّمَنُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

نے فرمایا: بہترین لوگ میری بعثت کے زمانے کے لوگ ہیں۔ پھر جو ان کے بعد ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ تیسرے زمانے کا بھی ذکر فرمایا یا نہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اس کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو بغیر طلب کئے گواہی دیں گے۔ خیانت کریں گے۔ امین نہیں ہوں گے اور ان میں موٹاپا زیادہ ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْخُلَفَآءِ

۵۶: باب خلفاء کے بارے میں

۱۰۳: حَدَّثَنَا اَبُوْکُرَیْبٍ نَا عُمَرُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَکُوْنُ بَعْدِیْ اِثْنَا عَشَرَ اَمِیْرًا قَالَ ثُمَّ تَکَلَّمَ بِشَیْءٍ لَمْ اَفْهَمْهُ فَسَاَلْتُ الَّذِیْ یَلِیْنِیْ فَقَالَ قَالَ کُلُّهُمْ مِنْ قُرَیْشٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ.

۱۰۳: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے بعد بارہ امیر ہوں گے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بات فرمائی لیکن میں سمجھ نہیں سکا۔ پس میں نے اپنے ساتھی سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ آپؐ نے فرمایا: وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے جابر بن سمرہؓ سے منقول ہے۔

۱۰۴: حَدَّثَنَا اَبُوْکُرَیْبٍ نَا عُمَرُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِیْثِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ یُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ.

۱۰۴: ابوکریب بھی اسے عمرو بن عبید سے وہ اپنے والد وہ ابو بکر بن ابوموسیٰ سے اور وہ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے اسی طرح مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ یعنی بواسطہ ابوبکر بن موسیٰ۔ اس باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۰۵: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا اَبُوْدَاؤُدَ نَا حُمَیْدُ بْنُ مِهْرَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ زِیَادِ ابْنِ کُسَیْبٍ الْعَدَوِیِّ قَالَ کُنْتُ مَعَ اَبِیْ بَکْرَةَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابْنِ عَامِرٍ وَهُوَ یَخْطُبُ وَعَلَیْهِ ثِیَابٌ رِقَاقٌ فَقَالَ اَبُوْ بِلَالٍ اُنْظُرُوْا اِلٰی اَمِیْرِ نَا یَلْبَسُ ثِیَابَ الْفُسَّاقِ فَقَالَ اَبُوْبَکْرَةَ اسْکُتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ اَهَانَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۰۵: حضرت زیاد بن کسیب عدوی کہتے ہیں کہ میں ابوبکرہؓ کے ساتھ ابن عامر کے منبر کے نیچے بیٹھا ہوا تھا۔ وہ خطبہ دے رہا تھا اور اس کے جسم پر باریک کپڑے تھے۔ ابو بلال کہنے لگے: دیکھو ہمارا امیر فساق کے کپڑے پہنتا ہے۔ ابوبکرہؓ نے فرمایا خاموش ہو جاؤ۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ کی زمین میں حاکم کی توہین کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کریں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۵۷: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْخِلاَفَةِ

۱۰۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ نَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ نَا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُمْهَانَ قَالَ ثَنِیْ سَفِیْنَةُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْخِلاَفَةُ فِی اُمَّتِی ثَلاَثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ مُلْکٌ بَعْدَ ذٰلِکَ ثُمَّ قَالَ لِیْ سَفِیْنَةُ اَمْسِکْ خِلاَفَةَ اَبِی بَکْرٍ ثُمَّ قَالَ وَخِلاَفَةَ عُمَرَ وَخِلاَفَةَ عُثْمَانَ ثُمَّ قَالَ اَمْسِکْ خِلاَفَةَ عَلِیٍّ فَوَجَدْنَا هَا ثَلاَثِیْنَ سَنَةً قَالَ سَعِیْدٌ فَقُلْتُ لَهٗ اِنَّ بَنِیْ اُمَیَّةَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّ الْخِلاَفَةَ فِیْهِمْ قَالَ کَذَبُوْا بَنُو الزَّرْقَآءِ بَلْ هُمْ مُلُوْکٌ مِّنْ شَرِّ الْمُلُوْکِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَلِیٍّ قَالاَ لَمْ یَعْهَدِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْخِلاَفَةِ شَیْئًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ قَدْ رَوَاهُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ جُمْهَانَ وَلاَ نَعْرِفُهٗ اِلاَّ مِنْ حَدِیْثِهٖ.

۱۰۷: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قِیْلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَوِ اسْتَخْلَفْتَ قَالَ اِنْ اَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ اَبُوْ بَکْرٍ وَاِنْ لَمْ اَسْتَخْلِفْ لَمْ یَسْتَخْلِفْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِی الْحَدِیْثِ قِصَّةٌ طَوِیْلَةٌ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۵۷: باب خلافت کے متعلق

۱۰۶: حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں تیس سال تک خلافت رہے گی پھر بادشاہت آ جائے گی۔ سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوبکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کی خلافت گن لو یہ پورے تیس سال ہیں۔ سعید نے عرض کیا؛ بنوامیہ سمجھتے ہیں کہ خلافت انہی میں ہے۔ حضرت سفینہ نے فرمایا کہ بنوزرقاء جھوٹ بولتے ہیں۔ بلکہ یہ لوگ تو بدترین بادشاہوں میں سے ہیں۔ اس باب میں حضرت عمرؓ اور علیؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ دونوں حضرات بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے کسی شخص کو خلیفہ مقرر نہیں کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اسے کئی راوی سعید بن جمہان سے نقل کرتے ہیں۔ ہم بھی اسے صرف انہی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۷: حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ سے کہا گیا کہ آپ کسی کو خلیفہ بنا دیتے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اگر میں خلیفہ بناتا ہوں تو ابوبکرؓ نے بھی کسی کو خلیفہ مقرر کیا تھا اور اگر نہ مقرر کروں تو اس میں رسول اللہ ﷺ کی اقتداء ہے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ نامزد نہیں کیا۔ اس حدیث میں طویل قصہ ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ابن عمرؓ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔

۵۸: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الْخُلَفَاءَ مِنْ قُرَیْشٍ اِلٰی اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ

۱۰۸: حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الْبَصْرِیُّ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ الزُّبَیْرِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْهُذَیْلِ یَقُوْلُ کَانَ نَاسٌ مِّنْ رَّبِیْعَةَ عِنْدَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ بَکْرِ بْنِ وَائِلٍ لَتَنْتَهِیَنَّ قُرَیْشٌ اَوْ لَیَجْعَلَنَّ اللّٰہُ هٰذَا الْاَمْرَ فِی

۵۸: باب اس بارے میں کہ خلفاء قیامت تک قریش ہی میں سے ہوں گے

۱۰۸: حضرت عبداللہ بن ابی ہذیل فرماتے ہیں کہ ربیعہ کے کچھ لوگ عمرو بن عاصؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ بکر بن وائل (قبیلے) کے ایک شخص نے کہا کہ قریش کو (فسق و فجور سے) باز رہنا چاہیے ورنہ اللہ تعالیٰ خلافت ان کے غیر جمہور عرب کے سپرد کر دیں گے۔ عمرو بن عاصؓ نے فرمایا تم غلط کہتے ہو ایسا

جُمْهُوْرٍ مِنَ الْعَرَبِ غَيْرِهِمْ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ كَذَبْتَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قُرَيْشٌ وُلَاةُ النَّاسِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

نہیں ہوگا۔ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت تک خیر وشر میں قریش ہی لوگوں کے حکمران ہوں گے۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، ابن مسعودؓ، اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں ۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۰۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْبَكْرٍ الْحَنَفِيُّ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَذْهَبُ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ حَتّٰى يَمْلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْمَوَالِي يُقَالُ جَهْجَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ .

۱۰۹: حضرت عمرو بن حکم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل کرتے ہوئے سنا کہ رات اور دن نہیں جائیں گے۔ (یعنی قیامت قائم نہ ہوگی) یہاں تک کہ غلاموں میں سے ایک آدمی برسر اقتدار آئے گا جس کو جہجاہ کہا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۵۹: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّيْنَ

۵۹: باب گمراہ حکمرانوں کے متعلق

۱۱۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ اَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ قَالَ وَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَّنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۰: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی امت پر گمراہ کرنے والے حکمرانوں کا ڈر ہے۔ حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی فرمایا میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر رہے گی اور وہ اپنے دشمنوں پر غالب ہوں گے۔ انہیں کسی کے اعانت ترک کر دینے سے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ یہاں تک کہ قیامت آجائے گی۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب: سب سے بہترین دور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم تابعین کرامؒ اور تبع تابعین رحمہم اللہ کا ہے۔
حدیث نمبر ۱۰۳: اس حدیث کے معنی ومفہوم کے تعین کئی اقوال ہیں۔ پہلا قول یہ کہ بارہ/۱۲ خلیفوں سے مراد وہ بارہ لوگ ہیں جو آنحضرت ﷺ کے بعد سریر آرائے خلافت وحکومت وسلطنت ہوئے اور ان کے زمانہ حکومت میں مسلمانوں کے ظاہری حالات ومعاملات اور رعایا کے مفاد کے اعتبار سے حکومت وسلطنت کا نظام مستحکم رہا اگر چہ ان میں سے بعض ظلم و بے انصافی کے راستہ پر بھی چلے۔ یہ قول قاضی عیاضؒ کا ہے اور علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے اس قول کی تحسین کی ہے۔ دوسرا قول یہ کہ خلفاء سے مراد عادل اور انصاف کرنے والے نیک طینت اور پاکباز مراد ہیں اس قول کی بناء پر حدیث کا لازمی مطلب یہ بیان کرنا نہیں ہوگا کہ یہ بارہ/۱۲ خلفاء حضور ﷺ کے زمانہ کے بعد متصلاً (یکے بعد دیگرے) منصب خلافت وامارت پر متمکن ہوں گے بلکہ اصل مقصد محض تعداد بیان کرنا ہو خواہ یہ خلفاء کسی زمانہ میں رہے ہوں۔ ان کے علاوہ بھی اقوال ہیں یہ بھی ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ خلافت قریش میں رہے گی اس کا مطلب یہ ہے کہ قریش خلافت کے مستحق ہیں اس لئے خلافت کا منصب جلیلہ قریش ہی کے پاس رہنا چاہئے۔ جس حدیث میں خلافت کو تیس سال میں منحصر (بند) بیان فرمایا ہے اس میں خلافت کبریٰ مراد ہے جو اصل میں خلافت نبوت ہے چنانچہ خلفاء راشدین کی خلافت تو حقیقی ہے ان کے دور کے بعد خلافت مجازی ہے۔

۶۰ : بَابُ مَاجَآءَ فِي الْمَهْدِيّ

۱۱۱ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُبْنُ اَسْبَاطَ بْنِ مُحَمَّدِ الْقُرَشِيُّ نَا اَبِي نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهُ اِسْمِيْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبِي سَعِيْدٍ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَاَبِي هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۲ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلاَءِ الْعَطَّارُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَلِيْ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهُ اِسْمِيْ قَالَ عَاصِمٌ وَنَا اَبُوْصَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلاَّ يَوْمًا لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَلِيَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۳ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُبْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ الْعَمِّيَّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الصِّدِّيْقِ النَّاجِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَشِيْنَا اَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ نَبِيِّنَا حَدَثٌ فَسَأَلْنَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي اُمَّتِي الْمَهْدِيَّ يَخْرُجُ يَعِيْشُ خَمْسًا اَوْسَبْعًا اَوْتِسْعًا زَيْدُ الشَّاكُّ قَالَ قُلْنَا وَمَا ذَاكَ قَالَ سِنِيْنَ قَالَ فَيَجِيْئُ اِلَيْهِ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ يَا مَهْدِيُّ اَعْطِنِيْ اَعْطِنِيْ قَالَ لَهُ فِي ثَوْبِهٖ مَا اسْتَطَاعَ اَنْ يَحْمِلَهُ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو الصِّدِّيْقِ النَّاجِيُّ اِسْمُهُ بَكْرُبْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ بَكْرُبْنُ قَيْسٍ.

۶۱ : بَابُ مَاجَآءَ فِي نُزُوْلِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ

۱۱۴ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ

۶۰ : باب امام مہدی کے متعلق

۱۱۱: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا اس وقت تک فنا نہیں ہوگی جب تک میرے اہل بیت میں سے میرے ہی نام کا کوئی شخص پورے عرب پر حکمرانی نہیں کرے گا۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، ابوسعید رضی اللہ عنہ، ام سلمہؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۲: حضرت عبداللہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا؛ اہل بیت میں سے میرے نام کا ایک شخص دنیا کا حکمران ہوگا۔ عاصم، ابو صالح کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اگر دنیا میں سے ایک دن ہی رہ جائے تو اللہ تعالیٰ اسے طویل کردے گا۔ یہاں تک کہ امام مہدی حکمران ہو جائیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۳: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں اندیشہ ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی بدعت شروع ہو جائے۔ پس ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ میری امت میں ایک مہدی آئے گا۔ جو پانچ، سات یا نو سال (راوی کو شک ہے) تک حکومت کرے گا؛ پھر اس کے پاس ایک شخص آئے گا اور کہے گا اے مہدی مجھے دیجئے۔ مجھے دیجئے۔ پس وہ اسے اتنے دینار دیں گے جتنے اس میں اٹھانے کی استطاعت ہوگی۔ یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے۔ ابوصدیق کا نام بکر بن عمرو ہے انہیں بکر بن قیس بھی کہتے ہیں۔

۶۱: باب عیسیٰ بن مریم کے نزول کے بارے میں

۱۱۴: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَيُوْشِكَنَّ اَنْ يَّنْزِلَ فِيْكُمْ اِبْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا فَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيَفِيْضُ الْمَالُ حَتّٰى لَا يَقْبَلَهٗ اَحَدٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

عنقریب لوگوں میں عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے جو عدل اور انصاف کے ساتھ حکومت کریں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیے کو موقوف کر دیں گے اور اتنا مال تقسیم کریں گے کہ لوگ قبول کرنا چھوڑ دیں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۲ : بَابُ مَا جَآءَ فِي الدَّجَّالِ

۶۲: باب دجال کے بارے میں

۱۱۵ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ ابْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّهٗ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ بَعْدَ نُوْحٍ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّالَ وَ اِنِّيْ اُنْذِرُكُمُوْهُ فَوَصَفَهٗ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّهٗ سَيُدْرِكُهٗ بَعْضُ مَنْ رَاٰنِيْ اَوْسَمِعَ كَلَامِيْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَكَيْفَ قُلُوْبُنَا يَوْمَئِذٍ فَقَالَ مِثْلُهَا يَعْنِي الْيَوْمَ اَوْخَيْرٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ خَالِدِ الْحَذَّاءِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ اِسْمُهٗ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ.

۱۱۵: حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نوح علیہ السلام کے بعد کوئی نبی ایسا نہیں جس نے اپنی قوم کو دجال کے فتنے سے ڈرایا نہ ہو اور میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اوصاف بیان کئے اور فرمایا: شاید مجھے دیکھنے اور سننے والوں میں سے بھی کوئی اسے دیکھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دن ہمارے دلوں کی کیا کیفیت ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج کی طرح یا اس سے بھی بہتر۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن بسر، عبداللہ بن مغفل اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف خالد حذاء کی روایت سے جانتے ہیں اور ابو عبیدہ کا نام عامر بن عبداللہ بن جراح ہے۔

۱۱۶ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنِّيْ لَاُنْذِرُكُمُوْهُ وَمَا مِنْ نَّبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ وَلَقَدْ اَنْذَرَ نُوْحٌ قَوْمَهٗ وَلٰكِنْ سَاَقُوْلُ فِيْهِ قَوْلًا لَّمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهٖ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ اَعْوَرُ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِاَعْوَرَ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَاَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ

۱۱۶: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور خطاب کیا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد دجال کا ذکر کیا اور فرمایا: میں تم لوگوں کو اس سے ڈراتا ہوں جیسے کہ مجھ سے پہلے تمام انبیاء ڈرایا کرتے تھے۔ نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس فتنے سے ڈرایا لیکن میں اس کے متعلق ایسی بات بتاؤں گا جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی وہ یہ کہ تم لوگ جانتے ہو کہ وہ کانا ہے اور تمہارا رب کانا (یعنی ایک آنکھ سے اندھا) نہیں۔ زہری کہتے ہیں کہ عمر بن ثابت انصاری نے مجھے بعض صحابہؓ سے نقل کرتے ہوئے بتایا کہ آپؐ نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَئِذٍ لِلنَّاسِ وَهُوَ يُحَذِّرُهُمْ فِتْنَةً تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ لَنْ يَّرٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ رَبَّهُ حَتّٰى يَمُوْتَ وَاَنَّهُ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ يَقْرَأُهُ مَنْ كَرِهَ عَمَلَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اس روز لوگوں کو دجال کے فتنے سے ڈراتے ہوئے یہ بھی فرمایا کہ تم لوگ جانتے ہو کہ تم میں سے کوئی اپنے خالق حقیقی اللہ رب العلمین کو اپنی زندگی میں نہیں دیکھ سکتا۔ نیز اس کی (یعنی دجال کی) پیشانی پر کافر لکھا ہوا ہوگا۔ جو لوگ اس سے بیزار ہوں گے وہی یہ لفظ پڑھ سکیں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۷: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يَقُوْلُ الْحَجَرُ يَا مُسْلِمُ هٰذَا الْيَهُوْدِيُّ وَرَائِيْ فَاقْتُلْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۷: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ یہودی تم لوگوں سے جنگ کریں گے اور تمہیں ان پر مسلط کر دیا جائے گا۔ یہاں تک کہ پتھر کہے گا اے مسلمان میرے پیچھے یہودی چھپا ہوا ہے اسے قتل کرو۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۶۳: بَابُ مَاجَاءَ مِنْ اَيْنَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ

۶۳: باب اس متعلق کہ دجال کہاں سے نکلے گا

۱۱۸: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَا نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ سُبَيْعٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ حُرَيْثٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدَّجَّالُ يَخْرُجُ مِنْ اَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ يَتْبَعُهُ اَقْوَامٌ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُ الْمُطْرَقَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ وَلَا يُعْرَفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِي التَّيَّاحِ.

۱۱۸: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال مشرق کی ایک زمین سے نکلے گا جسے خراسان کہا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ایسے لوگ ہوں گے جن کے چہرے ڈھالوں کی طرح چپٹے ہوں گے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عبداللہ بن شوذب بھی اسے ابوتیاح سے نقل کرتے ہیں اور یہ ابوتیاح کی حدیث سے پہچانی جاتی ہے۔

۶۴: بَابُ مَاجَآءَ فِي عَلَامَاتِ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ

۶۴: باب دجال کے نکلنے کی نشانیوں کے بارے میں

۱۱۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ يَزِيْدِ بْنِ قُطَيْبٍ السَّكُوْنِيِّ عَنْ اَبِيْ بَحْرِيَّةَ صَاحِبِ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰى

۱۱۹: حضرت معاذ جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ زبردست خونریزی، قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کا خروج سات (۷) مہینوں میں ہوگا۔ اس باب میں صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور ابوسعید خدری رضی

وَفَتحُ الْقُسطَنطِنِيَّةِ وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ فِي سَبْعَةِ اَشْهُرٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَاَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۲۰: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَتْحُ الْقُسْطَنْطِيْنَةِ مَعَ قِيَامِ السَّاعَةِ قَالَ مَحْمُوْدٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَالْقُسْطَنْطِيْنَةُ هِيَ مَدِيْنَةُ الرُّوْمِ تُفْتَحُ عِنْدَ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ وَالْقُسْطَنْطِيْنَةُ قَدْ فُتِحَتْ فِي زَمَانِ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۲۰: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قسطنطنیہ قیامت کے قریب فتح ہوگا۔ محمود کہتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اور قسطنطنیہ روم کا ایک شہر ہے جو خروج دجال کے وقت فتح ہوگا۔ قسطنطنیہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں بھی فتح ہوا۔

۶۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

۶۵: باب دجال کے فتنے کے متعلق

۱۲۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ دَخَلَ حَدِيْثُ اَحَدِهِمَا فِي حَدِيْثِ الْاٰخَرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ فَانْصَرَفْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رُحْنَا اِلَيْهِ فَعَرَفَ ذٰلِكَ فِيْنَا فَقَالَ مَا شَاْنُكُمْ قَالَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ الْغَدَاةَ فَخَفَّضْتَ وَرَفَّعْتَ حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ غَيْرُ الدَّجَّالِ اَخْوَفُ لِيْ عَلَيْكُمْ اِنْ يَّخْرُجْ وَاَنَا فِيْكُمْ فَاَنَا حَجِيْجُهُ دُوْنَكُمْ وَاِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهِ وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ اِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ عَيْنُهُ قَائِمَةٌ شَبِيْهٌ بِعَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قَطَنٍ فَمَنْ رَاٰهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَاْ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ اَصْحَابِ الْكَهْفِ قَالَ يَخْرُجُ مَا بَيْنَ

۱۲۱: حضرت نواس بن سمعان کلابی فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے دجال کا ذکر کیا تو اس طرح اسکی ذلت و حقارت اور اس کے فتنے کی بڑائی بیان کی کہ ہم سمجھنے لگے کہ وہ کھجوروں کی آڑ میں ہے۔ پھر ہم لوگ آپؐ کے پاس سے چلے گئے۔ اور دوبارہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپؐ ہمارے دلوں کے خوف کو بھانپ گئے پس آپؐ نے پوچھا کیا حال ہے (راوی فرماتے ہیں) ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کل آپؐ نے دجال کا فتنہ بیان کیا تو ہمیں یقین ہوگیا کہ وہ کھجوروں کی آڑ میں ہے۔ یعنی یقیناً وہ آنے والا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: دجال کے علاوہ ایسی بھی چیزیں ہیں جن کا مجھے دجال کے فتنے سے زیادہ خوف ہے کیونکہ اگر دجال میری موجودگی میں نکلا تو میں اس سے تم لوگوں کی طرف سے مقابلہ کرنے والا ہوں اور اگر میری غیر موجودگی میں نکلا تو ہر شخص خود اپنے نفس کی طرف سے مقابلہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ میری طرف سے ہر مسلمان کا محافظ ہے۔ اسکی صفت یہ ہے وہ جوان ہوگا، گھنگریالے بالوں والا ہوگا۔ اسکی ایک آنکھ ہوگی (۱) اور عبدالعزی بن قطن (زمانہ جاہلیت میں ایک بادشاہ تھا) کا ہم شکل ہوگا۔ اگر تم میں سے کوئی

الشَّامِ وَالْعِرَاقِ فَعَاثَ يَمِينًا وَشِمَالاً يَاعِبَادَ اللّٰهِ
اَلْبُثُوْا قُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهٗ فِي الْاَرْضِ قَالَ
اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا يَوْمٌ كَسَنَةٍ وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ
وَسَائِرُ اَيَّامِهٖ كَاَيَّامِكُمْ قَالَ قُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ
الْيَوْمَ الَّذِیْ كَالسَّنَةِ اَتَكْفِيْنَا فِيْهِ صَلٰوةُ يَوْمٍ قَالَ لَا
وَلٰكِنِ اقْدُرُوْا لَهٗ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا سُرْعَتُهٗ فِي
الْاَرْضِ قَالَ كَالْغَيْثِ اِسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ فَيَاْتِي الْقَوْمَ
فَيَدْعُوْهُمْ فَيُكَذِّبُوْنَهٗ وَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَهٗ فَيَنْصَرِفُ
عَنْهُمْ فَتَتْبَعُهٗ اَمْوَالُهُمْ فَيُصْبِحُوْنَ لَيْسَ بِاَيْدِيْهِمْ شَيْءٌ
ثُمَّ يَاْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ فَيَسْتَجِيْبُوْنَ لَهٗ وَيُصَدِّقُوْنَهٗ
فَيَاْمُرُ السَّمَاءَ اَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرُ وَيَاْمُرُ الْاَرْضَ اَنْ
تُنْبِتَ فَتُنْبِتُ فَتَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ كَاَطْوَلِ مَا
كَانَتْ ذُرًى وَاَمَدِّهٖ خَوَاصِرَ وَاَدَرِّهٖ ضُرُوْعًا ثُمَّ يَاْتِي
الْخَرِبَةَ فَيَقُوْلُ لَهَا اَخْرِجِيْ كُنُوْزَكِ فَيَنْصَرِفُ مِنْهَا
فَيَتْبَعُهٗ كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ ثُمَّ يَدْعُوْا رَجُلًا شَابًّا مُمْتَلِيًا
شَبَابًا فَيَضْرِبُهٗ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهٗ جِزْلَتَيْنِ ثُمَّ يَدْعُوْهُ
فَيُقْبِلُ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهٗ يَضْحَكُ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ
هَبَطَ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ بِشَرْقِيِّ دِمَشْقَ عِنْدَ الْمَنَارَةِ
الْبَيْضَاءِ بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى اَجْنِحَةِ
مَلَكَيْنِ اِذَا طَاْطَاَ رَاْسَهٗ قَطَرَ وَاِذَا رَفَعَهٗ تَحَدَّرَ مِنْهُ
جُمَانٌ كَاللُّؤْلُؤِ قَالَ وَلَا يَجِدُ رِيْحَ نَفْسِهٖ يَعْنِيْ اَحَدًا
اِلَّا مَاتَ وَرِيْحُ نَفْسِهٖ مُنْتَهٰى بَصَرِهٖ قَالَ فَيَطْلُبُهٗ حَتّٰى
يُدْرِكَهٗ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلَهٗ قَالَ فَيَلْبَثُ كَذٰلِكَ مَاشَاءَ
اللّٰهُ قَالَ ثُمَّ يُوْحِي اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنْ حَرِّزْ عِبَادِيْ اِلَى الطُّوْرِ
فَاِنِّيْ قَدْ اَنْزَلْتُ عِبَادًا لِّيْ لَا يَدَانِ لِاَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ قَالَ
يَبْعَثُ اللّٰهُ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ وَهُمْ كَمَا قَالَ اللّٰهُ وَهُمْ
مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ قَالَ وَيَمُرُّ اَوَّلُهُمْ بِبُحَيْرَةِ
الطَّبَرِيَّةِ فَيَشْرَبُ مَا فِيْهَا ثُمَّ يَمُرُّ بِهَا اٰخِرُهُمْ

اسے دیکھے تو سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے۔ وہ شام اور عراق
کے درمیان سے نکلے گا اور دائیں بائیں کے لوگوں کو خراب کرے
گا۔ اے اللہ! کے بندو، ثابت قدم رہنا۔ پھر ہم نے عرض کیا یا
رسول اللہ ﷺ وہ کتنی مدت زمین پر ٹھہرے گا؟ آپؐ نے فرمایا
؛ چالیس دن تک۔ پہلا دن ایک سال کے برابر، دوسرا ایک ماہ
اور تیسرا ایک ہفتے کے برابر ہوگا۔ پھر باقی دن تمہارے عام دنوں
کے برابر ہوں گے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ دن جو
سال کے برابر ہوگا کیا اس میں ایک دن کی نماز کافی ہوگی۔
آپؐ نے فرمایا ''نہیں'' بلکہ (اوقات کا) اندازہ لگالینا۔ ہم نے
عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ زمین میں اس کی تیز رفتاری کس قدر
ہوگی۔ آپؐ نے فرمایا ان بادلوں کی طرح جن کو ہوا ہنکا کرلے
جائے۔ پھر وہ ایک قوم کے پاس آ کر انہیں اپنی خرافات کی
دعوت دے گا۔ وہ لوگ اسے جھٹلا دیں گے اور واپس کردیں
گے۔ پس وہ ان سے واپس لوٹے گا تو ان کے اموال اس کے
پیچھے چل پڑیں گے اور وہ خالی ہاتھ رہ جائیں گے، وہ ایک اور قوم
کے پاس آئے گا انہیں دعوت دے گا۔ وہ قبول کریں گے
اور اسکی (یعنی دجال کی) تصدیق کریں گے تب وہ آسمان کو بارش
برسانے کا حکم دے گا وہ بارش برسائے گا اور زمین کو درخت
اُگانے کا حکم دے گا تو وہ درخت اُگائے گی۔ شام کو ان کے
جانور (چراگاہوں سے) اس حالت میں لوٹیں گے کہ ان کے
کوہان لمبے، کولہے چوڑے اور پھیلے ہوئے اور تھن دودھ سے
بھرے ہوں گے پھر وہ ویران جگہ آ کر کہے گا ''اپنے خزانے نکال
دے'' جب واپس لوٹے گا تو خزانے اس کے پیچھے شہد کی مکھیوں
کے سرداروں کی طرح (کثرت کے ساتھ) چل پڑیں گے۔ پھر
وہ ایک بھرپور جوانی والے جوان کو بلا کر تلوار سے اسکے دو ٹکڑے
کردے گا۔ پھر اسے پکارے گا تو وہ زندہ ہوکر ہنستا ہوا اس کو
جواب دے گا۔ وہ انہی باتوں میں مصروف ہوگا کہ حضرت عیسیٰ
بن مریم علیہ السلام ہلکے زرد رنگ کا جوڑا پہنے جامع مسجد دِمشق

فَيَقُولُونَ لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهٖ مَرَّةً مَاءٌ ثُمَّ يَسِيرُونَ حَتّٰى يَنْتَهُوْا اِلٰى جَبَلِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُولُونَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْاَرْضِ فَهَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَآءِ فَيَرْمُوْنَ بِنُشَّابِهِمْ اِلَى السَّمَآءِ فَيَرُدُّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مُحْمَرًّا دَمًا وَيُحَاصَرُ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ وَاَصْحَابُهٗ حَتّٰى يَكُوْنَ رَاْسُ الثَّوْرِ يَوْمَئِذٍ خَيْرًا لَّهُمْ مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِاَحَدِكُمُ الْيَوْمَ قَالَ فَيَرْغَبُ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ اِلَى اللّٰهِ وَاَصْحَابُهٗ قَالَ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِي رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسٰى مَوْتٰى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ قَالَ وَيَهْبِطُ عِيْسٰى وَاَصْحَابُهٗ فَلَا يَجِدُ مَوْضِعَ شِبْرٍ اِلَّا وَقَدْ مَلَأَتْهُ زَهْمَتُهُمْ وَ نَتْنُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ قَالَ فَيَرْغَبُ عِيْسٰى اِلَى اللّٰهِ وَاَصْحَابُهٗ قَالَ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ طَيْرًا كَاَعْنَاقِ الْبُخْتِ قَالَ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ بِالْمَهْبِلِ وَيَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِيِّهِمْ وَنُشَّابِهِمْ وَجِعَابِهِمْ سَبْعَ سِنِيْنَ وَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ وَبَرٍ وَلَا مَدَرٍ قَالَ فَيَغْسِلُ الْاَرْضَ فَيَتْرُكُهَا كَالزَّلَفَةِ قَالَ ثُمَّ يُقَالُ لِلْاَرْضِ اَخْرِجِيْ ثَمَرَتَكِ وَرُدِّيْ بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَاْكُلُ الْعِصَابَةُ الرُّمَّانَةَ وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى اِنَّ الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْاِبِلِ وَاَنَّ الْقَبِيْلَةَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْبَقَرِ وَاَنَّ الْفَخِذَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْغَنَمِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيْحًا فَقَبَضَتْ رُوْحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَيَبْقٰى سَائِرُ النَّاسِ يَتَهَارَجُوْنَ كَمَا يَتَهَارَجُ الْحُمُرُ فَعَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ۔

کے سفید مشرقی مینارہ پر اس حالت میں اتریں گے کہ ان کے ہاتھ دو فرشتوں کے بازوؤں پر رکھے ہوں گے۔ جب آپ سر نیچا کریں گے تو ان کے بالوں سے نورانی قطرات ٹپکیں گے اور جب سر اوپر اٹھائیں گے تو موتیوں کی مثل سفید چاندی کے دانے جھڑتے ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جس کافر تک آپ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کے سانس کی ہوا پہنچے گی مر جائے گا اور آپ کے سانس کی ہوا حد نگاہ تک پہنچتی ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو تلاش کریں گے یہاں تک کہ لد[1] کے دروازے پر پائیں گے اور اسے قتل کر دیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی چاہت کے مطابق مدت تک زمین پر قیام کریں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ وحی بھیجیں گے کہ میرے بندوں کو ''کوہ طور'' پر لے جا کر جمع کر دیں۔ کیونکہ میں ایسی مخلوق کو اتارنے والا ہوں جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ پھر اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا وہ ارشاد خداوندی کے مطابق ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔ آپؐ نے فرمایا انکا پہلا گروہ بحیرہ طبرہ پر سے گزرے گا اور اس کا پورا پانی پی جائے گا۔ پھر جب ان کا دوسرا گروہ وہاں سے گزرے گا تو وہ لوگ کہیں گے کہ یہاں کبھی پانی ہوا کرتا تھا۔ پھر وہ لوگ آگے چل دیں گے یہاں تک کہ بیت المقدس کے ایک پہاڑ پر پہنچیں گے اور کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو قتل کر دیا۔ اب آسمان والوں کو بھی قتل کر دیں پس وہ آسمان کی طرف تیر پھینکیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے تیر خون آلود (سرخ) واپس بھیج دے گا۔ عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی محصور ہوں گے (یعنی کوہ طور پر) یہاں تک کہ ان کے نزدیک (بھوک کی وجہ سے) گائے کا سر تمہارے آج کے سو دیناروں سے زیادہ اہمیت رکھتا ہوگا۔ عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان (یاجوج، ماجوج) کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کر دے گا۔ یہاں تک کہ وہ سب یکدم مر جائیں گے۔ جب عیسیٰ علیہ السلام اور انکے

---

[1] لد: لد بیت المقدس میں ایک جگہ کا نام ہے جبکہ بعض اہل علم کے نزدیک یہ فلسطین کی ایک بستی ہے۔ اور (آج کل یہودیوں کا بہت بڑا فوجی ائیر بیس ہے)

ساتھی اتریں گے تو ان کی بدبو اور خون کی وجہ سے ایک بالشت جگہ بھی خالی نہیں پائیں گے۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی دعا مانگیں گے تو اللہ تعالیٰ لمبی گردن والے اونٹوں کی مثل پرندے بھیجے گا۔ جو انہیں اٹھا کر پہاڑ کے غار میں پہنچا دیں گے۔ مسلمان ان کے تیروں کمانوں اور ترکشوں سے سات سال تک ایندھن جلائیں گے پھر اللہ تعالیٰ ایسی بارش برسائے گا جو ہر گھر اور خیمہ تک پہنچے گی۔ تمام زمین کو دھو کر شیشہ کی طرح صاف شفاف کر دے گی۔ پھر زمین سے کہا جائے گا۔ اپنے پھل باہر نکال اور اپنی برکتیں واپس لاؤ۔ پس اس دن ایک گروہ ایک انار (کے درخت) سے کھائے گا اور اس کے لوگ اس کے چھلکے سے سایہ کریں گے۔ نیز دودھ میں اتنی برکت پیدا کر دی جائے گی کہ ایک اونٹنی کے دودھ سے ایک جماعت سیر ہو جائے گی، ایک گائے کے دودھ سے ایک قبیلہ اور ایک بکری کے دودھ سے ایک کنبہ سیر ہو جائے گا۔ وہ لوگ اسی طرح زندگی گزار رہے ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسی ہوا بھیجے گا جو ہر مؤمن کی روح قبض کرے گی اور باقی صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح راستے میں جماع کرتے پھریں گے اور انہی پر قیامت قائم ہوگی۔ یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے ہم اسے صرف عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر کی روایت سے پہچانتے ہیں۔

۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ الدَّجَّالِ

۱۲۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الدَّجَّالِ فَقَالَ اَلَا اِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ اَلَا وَاِنَّهُ اَعْوَرُ عَيْنُهُ الْيُمْنٰى كَاَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَّحُذَيْفَةَ وَاَبِي هُرَيْرَةَ وَاَسْمَاءَ وَجَابِرِ بْنِ عَبَّاسٍ وَالْفَلَتَانِ بْنِ عَاصِمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ۔

۶۶: باب دجال کی صفات کے بارے میں

۱۲۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جان لو کہ تمہارا رب کانا نہیں جبکہ دجال کی دائیں آنکھ کانی ہے گویا کہ وہ ایک پھولا ہوا انگور ہے۔ اس باب میں حضرت سعدؓ، حذیفہؓ، ابو ہریرہؓ، اسماءؓ، جابر بن عبداللہؓ، ابو بکرہؓ، عائشہؓ، انسؓ، ابن عباسؓ اور فلتان بن عاصمؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث عبداللہ بن عمرؓ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۶۷: بَابُ مَاجَآءَ فِي اَنَّ الدَّجَّالَ لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ

۱۲۳: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاتِي الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ فَيَجِدُ الْمَلَآئِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا فَلَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَفَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ وَمِحْجَنٍ وَاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

۶۷: باب اس بارے میں کہ دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوسکتا

۱۲۳: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دجال مدینہ طیبہ کے پاس آئے گا اور فرشتوں کو اس کی حفاظت کرتے ہوئے پائے گا۔ پس نہ تو طاعون مدینہ طیبہ میں آسکتا ہے اور نہ ہی دجال۔ ان شاء اللہ۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، فاطمہ بنت قیسؓ، محجنؓ، اسامہ بن زیدؓ اور سمرہ بن جندبؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۲۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِيْمَانُ يَمَانٍ وَالْكُفْرُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَالسَّكِيْنَةُ لِاَهْلِ الْغَنَمِ وَالْفَخْرُ وَالرِّيَآءُ فِي الْفَدَّادِيْنَ اَهْلُ الْخَيْلِ وَاَهْلِ الْوَبَرِ يَاْتِي الْمَسِيْحُ اِذَا جَآءَ دُبُرَ اُحُدٍ صَرَفَتِ الْمَلَآئِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ وَهُنَالِكَ يَهْلِكُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان یمنی ہے اور کفر مشرقی ہے۔ بکریوں والوں کے لئے سکون واطمینان ہے جبکہ اونٹ اور گھوڑے والوں میں تکبر غرور اور درشتگی پائی جاتی ہے اور دجال جب اُحد (پہاڑ) کے پیچھے پہنچے گا تو فرشتے اس کا رخ شام کی طرف موڑ دیں گے جہاں وہ ہلاک ہوگا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۶۸: بَابُ مَاجَآءَ فِي قَتْلِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ

۶۸: باب اس بارے میں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے

۱۲۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِيِّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّيْ مُجَمِّعَ بْنَ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَقْتُلُ ابْنُ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ وَّفِي الْبَابِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَّنَافِعِ بْنِ عُقْبَةَ وَاَبِي بَرْزَةَ وَحُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيْدٍ وَاَبِي هُرَيْرَةَ وَكَيْسَانَ وَعُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ وَجَابِرٍ وَاَبِي اُمَامَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ وَالنَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ وَعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَّحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۵: حضرت مجمع بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو باب لد کے پاس قتل کریں گے۔ اس باب میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ، نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ، ابو برزہ رضی اللہ عنہ، حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، کیسان رضی اللہ عنہ، عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ، ابو امامہ رضی اللہ عنہ، ابن مسعود رضی اللہ عنہ، عبد اللہ بن عمرو، سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۶۹: بَابٌ

۶۹: باب

۱۲۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَّبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ اُمَّتَهُ الْاَعْوَرَ الْكَذَّابَ اَلَا اِنَّهُ اَعْوَرُ وَاَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۶: حضرت قتادہؒ سے روایت ہے کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی نے اپنی امت کو کانے کذاب کے فتنے سے ڈرایا۔ سن لو کہ وہ کانا ہے (یعنی دجال) اور تمہارا رب کانا نہیں۔ اس (دجال) کی آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب : امام مہدیؒ کا اصل نام محمد ہوگا اور لقب مہدی ہوگا۔ آنحضرت ﷺ کی پشت سے تعلق رکھتے ہوں گے باپ کی جانب سے حسنی اور ماں کی جانب سے حسینی ہوں گے اور حضور ﷺ کے ساتھ ان کا تعلق صرف نسلی نہیں ہوگا بلکہ روحانی اور شرعی بھی ہوگا یعنی طور طریقہ اور عادات و معمولات حضور ﷺ کے معمولات و عادات کے مطابق ہوں گے اس موقع پر ایک خاص بات یہ بتادینی ضروری ہے کہ حضور ﷺ نے امام مہدیؒ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جو یہ فرمایا کہ اس کا نام میرے نام پر اور اس کے باپ کا نام میرے نام پر ہوگا تو اس بات سے شیعہ لوگوں کی اس بات کی تردید ہو جاتی ہے کہ مہدی موعود قائم و منتظر ہیں۔ بہرحال امام مہدی روئے زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔ فتنہ دجال سے بڑا کوئی فتنہ نہیں ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے اس کی پہچان کرادی ہے۔ احادیث کو غور سے پڑھنے سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہتی۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے حضور ﷺ کے دین کا اتباع کریں گے اور اپنے تمام احکام شریعت محمدی کے مطابق جاری و نافذ کریں گے۔ البتہ جزیہ جو اس وقت کے کفار سے لیا جاتا ہے وہ منسوخ ہو جائے گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دور بہت برکتوں والا ہوگا نیز دجال کو قتل کردیں گے۔ جب آسمان پر اٹھائے گئے ان کی عمر تینتیس/۳۳ سال تھی پھر آسمان سے زمین پر اترنے کے بعد وہ سات سال دنیا میں رہیں گے بعض احادیث میں ان کی مجموعی مدت قیام پینتالیس سال نقل ہوئی ہے وفات کے بعد روضۂ اقدس میں دفن ہوں گے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے درمیان سے اٹھیں گے۔

۷۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي ذِكْرِ ابْنِ صَيَّادٍ

۱۲۷: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَحِبَنِي ابْنُ صَيَّادٍ اِمَّا حُجَّاجًا وَاِمَّا مُعْتَمِرِيْنَ فَانْطَلَقَ النَّاسُ وَتُرِكْتُ اَنَا وَهُوَ فَلَمَّا خَلَصْتُ بِهِ اقْشَعْرَرْتُ مِنْهُ وَاسْتَوْحَشْتُ مِنْهُ مِمَّا يَقُوْلُ النَّاسُ فِيْهِ فَلَمَّا نَزَلْتُ قُلْتُ لَهُ ضَعْ مَتَاعَكَ حَيْثُ تِلْكَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَاَبْصَرَ غَنَمًا فَاَخَذَ الْقَدَحَ فَانْطَلَقَ فَاسْتَحْلَبَ ثُمَّ اَتَانِي بِلَبَنٍ فَقَالَ لِي يَا اَبَا سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِشْرَبْ فَكَرِهْتُ اَنْ اَشْرَبَ عَنْ يَدِهٖ شَيْئًا لِمَا يَقُوْلُ النَّاسُ فِيْهِ فَقُلْتُ لَهُ هٰذَا الْيَوْمُ يَوْمٌ صَائِفٌ وَاِنِّي اَكْرَهُ فِيْهِ اللَّبَنَ فَقَالَ يَا اَبَا سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰخُذَ حَبْلًا فَاُوْثِقَهٗ اِلَى الشَّجَرَةِ ثُمَّ اَخْتَنِقَ لِمَا يَقُوْلُ النَّاسُ لِي وَفِيَّ اَرَاَيْتَ مَنْ خَفِيَ عَلَيْهِ حَدِيْثِي فَلَنْ يَخْفٰى عَلَيْكُمْ اَنْتُمْ اَعْلَمُ النَّاسِ بِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ

۷۰: باب ابن صیاد کے بارے میں

۱۲۷: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ابن صیاد نے میرے ساتھ حج یا عمرے کا سفر کیا تو لوگ آگے بڑھ گئے اور میں اور وہ پیچھے رہ گئے۔ جب میں اس کے ساتھ تنہا رہ گیا تو میرا دل خوف کی وجہ سے دھڑکنے لگا۔ اور مجھے اس سے وحشت ہونے لگی کیونکہ لوگ اس کے متعلق کہا کرتے تھے کہ دجال وہی ہے۔ جب میں ایک جگہ ٹھہرا تو اس سے کہا کہ اپنا سامان اس درخت کے نیچے رکھ اتنے میں اس نے کچھ بکریاں دیکھیں تو پیالہ لے کر گیا اور ان کا دودھ نکال کر لایا اور مجھ سے کہا کہ اسے پیو لیکن مجھے اس کے ہاتھ سے کوئی چیز پینے میں کراہت محسوس ہوئی کیونکہ لوگ اسے دجال کہتے تھے۔ پس میں نے اس سے یہ کہہ دیا کہ آج گرمی ہے اور میں گرمی میں دودھ پینا پسند نہیں کرتا۔ اس نے کہا ابوسعید میں نے لوگوں کی ان باتوں سے جو وہ میرے متعلق کہتے ہیں تنگ آکر فیصلہ کیا کہ رسّی لے کر درخت سے باندھوں اور گلا گھونٹ کر مر جاؤں۔ دیکھو اگر میری حیثیت کسی اور پر پوشیدہ رہے تو رہے تم لوگون پر تو پوشیدہ نہیں رہنی

الْاَنْصَارِ اَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ كَافِرٌ وَاَ نَامُسْلِمٌ اَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ عَقِيْمٌ لَايُوْلَدُ لَهٗ وَقَدْخَلَّفْتُ وَلَدِىْ بِالْمَدِيْنَةِ اَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ لَهٗ مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ اَلَسْتُ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَهُوَذَا اَنْطَلِقُ مَعَكَ اِلٰى مَكَّةَ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَازَالَ يَجِيْئُ بِهٰذَا حَتّٰى قُلْتُ فَلَعَلَّهٗ مَكْذُوْبٌ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَااَبَاسَعِيْدٍ وَاللّٰهِ لَاُ خْبِرَنَّكَ خَبَرًا حَقًّا وَاللّٰهِ لَاَ عْرِفُهٗ وَاَعْرِفُ وَالِدَهٗ اَيْنَ هُوَ السَّاعَةَ مِنَ الْاَرْضِ فَقُلْتُ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

چاہیے۔اس لیے کہ تم لوگ احادیث رسول اللہ ﷺ کو تمام لوگوں سے زیادہ جانتے ہو۔اے انصار کی جماعت کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا؛ کہ وہ (دجال) کافر ہوگا جبکہ میں مسلمان ہوں۔کیا آپؐ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ نا قابل تولد ہوگا اور اسکی اولاد نہ ہوگی جبکہ میں اپنا بچہ مدینہ میں چھوڑا ہے۔پھر کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ مکہ میں داخل نہیں ہوسکتا جبکہ میں اہل مدینہ میں سے ہوں اور اس وقت تمہارے ساتھ مکہ جارہا ہوں۔ابوسعید فرماتے ہیں کہ اس نے اس قسم کی دلیلیں پیش کیں کہ میں سوچنے لگا کہ شاید لوگ اس کے متعلق جھوٹی باتیں کہتے ہوں گے۔پھر اس نے کہا؛ ابوسعید میں تمہیں ایک سچی خبر بتاتا ہوں کہ اللہ کی قسم میں دجال اور اس کے باپ کو جانتا ہوں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ اس وقت کہاں ہے جب اس نے یہ بات کہی تو میں نے کہا تجھ پر سارے دن کی ہلاکت ہو۔یعنی مجھے پھر اس سے بدگمانی ہوگئی کیونکہ آخر میں اس نے ایسی بات کہہ دی تھی۔یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۸: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّبِابْنِ صَيَّادٍ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ اُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ وهُوَ غُلَامٌ فَلَمْ يَشْعُرْحَتّٰى ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهٗ بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَنَظَرَ اِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ قَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ الْاُ مِّيِّيْنَ قَالَ ثُمَّ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرُسُلِهٖ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَاْتِيْكَ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ يَاْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِّطَ

۱۲۸: حضرت ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ اپنے چند صحابہؓ (جن میں عمرؓ بھی شامل تھے) کے ساتھ ابن صیاد کے پاس سے گزرے وہ بنومغالہ کے قلعے کے پاس لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔آپؐ کی آمد کا اسے اس وقت تک اندازہ نہ ہوا جب تک نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کی پیٹھ پر نہیں مار دیا اور آپؐ نے فرمایا کیا میں اللہ کا رسول ہوں۔ابن صیاد نے آپؐ کی طرف دیکھا اور کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اُمیوں کے رسول ہیں پھر ابن صیاد نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔آپؐ نے فرمایا؛ میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتا ہوں۔پھر نبی اکرم ﷺ نے پوچھا کہ تمہارے پاس کس قسم کی خبریں آتی ہیں۔ابن صیاد نے کہا جھوٹی بھی اور سچی بھی۔ آپؐ نے فرمایا؛ تو پھر تیرا کام مخلط ہوگیا۔پھر آپؐ نے فرمایا میں نے

عَلَيْکَ الْاَ مْرُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّى قَدْ خَبَأْتُ لَکَ خَبِيْئًا وَخَبَأَ لَهُ يَوْمَ تَاتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ هُوَ الدُّخُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَقَدْرَکَ قَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِیْ فَاضْرِبَ عُنُقَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ يَکُ حَقًّا فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَاِنْ لَايَکُ فَلَاخَيْرَلَکَ فِى قَتْلِهٖ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ يَعْنِى الدَّجَّالَ.

دل میں تمہارے متعلق کوئی بات سوچی ہے (لہٰذا بتاؤ کہ وہ کیا ہے) اور آپ نے یہ آیت سوچ لی "یَوْمَ تَاتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ" ابن صیاد نے کہا وہ بات "دخ" ہے (یعنی دخان کا جزء ہے)۔ آپ نے فرمایا دھتکار ہو تم پر۔ تم اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے اجازت دیجئے میں اس کی گردن اتار دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اگر یہ دجال ہی ہے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اسے قتل کرنے کی قدرت نہیں دے گا اور اگر وہ نہیں تو اسے مارنے میں تمہارے لئے بھلائی نہیں ہے۔ عبد الرزاق کہتے ہیں کہ اس سے مراد "دجال" ہی ہے۔

١٢٩: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنِ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِى نَضْرَةَ عَنْ اَبِى سَعِيْدٍ قَالَ لَقِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ صَائِدٍ فِى بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ فَاحْتَبَسَهُ وَهُوَ غُلَامٌ يَهُوْدِيٌّ وَلَهُ ذُؤَابَةٌ وَمَعَهُ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّى رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْتَ اَنِّى رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَرٰى قَالَ اَرٰى عَرْشًا فَوْقَ الْمَاءِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرٰى عَرْشَ اِبْلِيْسَ فَوْقَ الْبَحْرِ قَالَ مَاتَرٰى قَالَ اَرٰى صَادِقًا وَكَاذِبَيْنِ اَوْصَادِقَيْنِ وَكَاذِبًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُبِسَ عَلَيْهِ فَدَعَاهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَابْنِ عُمَرَوَاَبِى ذَرٍّ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ وَحَفْصَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

١٢٩: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ مدینہ طیبہ کے ایک راستہ میں نبی اکرم ﷺ کی ملاقات ابن صیاد سے ہوئی تو آپ نے اسے روک لیا۔ وہ یہودی لڑکا تھا اس کے سر پر بالوں کی چوٹی تھی۔ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ، حضرت ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی تھے۔ اس سے آپ نے فرمایا کیا تو میری رسالت کی گواہی دیتا ہے۔ ابن صیاد نے کہا کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں، کتابوں، رسولوں اور آخرت کے دن پر ایمان لایا۔ پھر آپ نے پوچھا تو کیا دیکھتا ہے۔ ابن صیاد نے کہا میں پانی پر تخت دیکھتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا دریا پر شیطان کا تخت دیکھ رہا ہے۔ پھر آپ نے پوچھا اور کیا دیکھتا ہے۔ ابن صیاد نے کہا ایک سچا اور دو جھوٹے یا دو سچے اور ایک جھوٹا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس پر معاملہ خلط ملط ہو گیا۔ پھر آپ اس سے الگ ہو گئے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، حسین بن علیؓ، ابن عمرؓ، ابوذرؓ، ابن مسعودؓ، جابرؓ اور حفصہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

١٣٠: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى

١٣٠: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دجال کے ماں باپ کے ہاں

بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْكُثُ اَبُوالدَّجَّالِ وَ اُمُّهُ ثَلاَثِيْنَ عَامًا لاَيُوْلَدُ لَهُمَا وَلَدٌ ثُمَّ يُوْلَدُ لَهُمَا غُلاَمٌ اَعْوَرُ اَضَرُّشَيْءٍ وَاَقَلُّهُ مَنْفَعَةً تَنَا مُ عَيْنَاهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ ثُمَّ نَعَتَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ فَقَالَ اَبُوْهُ طُوَالٌ ضَرْبُ اللَّحْمِ كَاَنَّ اَنْفَهُ مِنْقَارٌ وَاُمُّهُ اِمْرَأَةٌ فِرْضَاخِيَّةٌ طَوِيْلَةُ الثَّدْيَيْنِ قَالَ اَبُوْبَكْرَةَ فَسَمِعْتُ بِمَوْلُوْدٍ فِي الْيَهُوْدِ بِالْمَدِيْنَةِ فَذَهَبْتُ اَنَاوَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ حَتّٰى دَخَلْنَاعَلٰى اَبَوَيْهِ فَاِذَانَعْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِمَاقُلْنَا هَلْ لَكُمَا وَلَدٌفَقَا لاَ مَكَثْنَا ثَلاَثِيْنَ عَامًا لاَيُوْلَدُ لَنَا وَلَدٌ ثُمَّ وُلِدَ لَنَا غُلاَمٌ اَعْوَرُ اَضَرُّ شَيْءٍ وَاَقَلُّهُ مَنْفَعَةً تَنَا مُ عَيْنَاهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ قَالَ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ هِمَا فَاِذَا هُوَمُنْجَدِلٌ فِي الشَّمْسِ فِي قَطِيْفَةٍ لَهُ وَلَهُ هَمْهَمَةٌ فَكَشَفَ عَنْ رَاسِهِ فَقَالَ مَاقُلْتُمَا قُلْنَا وَهَلْ سَمِعْتَ مَاقُلْنَا قَالَ نَعَمْ تَنَامُ عَيْنَايَ وَلاَيَنَا مُ قَلْبِيْ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لاَنَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

تیس سال تک اولاد نہ ہوگی اس کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوگا۔ اس کی آنکھیں سوئیں گی (یعنی کانا ہوگا) دل نہیں سوئے گا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس کے والدین کا حلیہ وغیرہ بیان کیا اور آپ نے فرمایا اس کا باپ کافی لمبا اور دبلا پتلا ہوگا اور اس کی ناک مرغ کی چونچ کی طرح ہوگی۔ جبکہ اسکی ماں لمبے لمبے پستان والی عورت ہوگی۔ ابوبکرہؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے یہودیوں کے ہاں ایک بچے کی ولادت کا سنا تو میں اور زبیر بن عوام اسے دیکھنے کے لیے گئے۔ ہم نے اس کے ماں باپ کو نبی اکرم ﷺ کے بیان کردہ اوصاف کے مطابق پایا۔ میں نے ان سے پوچھا کیا تمہاری اولاد ہے انہوں کہا ہم تیس سال تک بے اولاد رہے پھر ہمارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جو کانا ہے اور اس میں نفع سے زیادہ ضرر ہے اس کی آنکھیں سوتی ہیں اور دل نہیں سوتا پھر ہم ان کے پاس سے نکلے تو اچانک اس لڑکے پر نظر پڑ گئی وہ ایک موٹی روئیں دار چادر میں (لپٹا ہوا) دھوپ میں پڑا ہوا کچھ بڑبڑا رہا تھا اتنے میں اس نے اپنے سر سے چادر اٹھائی اور پوچھا تم نے کیا کہا۔ ہم نے کہا کہ تو نے ہماری بات کو سنا ہے۔ کہنے لگا ہاں سنا ہے۔ میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن میرا دل نہیں سوتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ہم اسے صرف سلمہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۷: بَابٌ

۱۳۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاعَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوْسَةٌ يَعْنِي الْيَوْمَ تَاْتِيْ عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَبُرَيْدَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۷: باب

۱۳۱: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ کوئی سانس لینے والا نفس اس وقت زمین پر نہیں کہ اس پر سو برس گزر جائیں (یعنی سو برس تک سب مر جائیں گے)۔[1] اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، ابوسعیدؓ اور بریدہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۳۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَهُوَ

۱۳۲: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیات طیبہ کے

---

[1]: اس سے مراد یہ نہیں کہ قیامت قائم ہو جائے۔ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس طبقے کے لوگ ختم ہو جائیں گے۔ (مترجم)

ابْنُ اَبِی حَثْمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ ابْنَ عُمَرَ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَیْلَةٍ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ فِی اٰخِرِ حَیَاتِہٖ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ فَقَالَ اَرَاَیْتَکُمْ لَیْلَتَکُمْ ھٰذِہٖ عَلٰی رَاْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْھَا لَایَبْقٰی مِمَّنْ ھُوَ الْیَوْمَ عَلٰی ظَھْرِ الْاَرْضِ اَحَدٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَھَلَ النَّاسُ فِی مَقَالَةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تِلْکَ فِیْمَا یَتَحَدَّثُوْنَہٗ بِھٰذِہِ الْاَحَادِیْثِ نَحْوَ مِائَةِ سَنَةٍ وَاِنَّمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَایَبْقٰی مِمَّنْ ھُوَ الْیَوْمَ عَلٰی ظَھْرِ الْاَرْضِ اَحَدٌ یُرِیْدُ بِذٰلِکَ اَنْ یَنْخَرِمَ ذٰلِکَ الْقَرْنُ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

آخری ایام میں ایک مرتبہ ہمارے ساتھ نماز عشاء پڑھی۔ پھر سلام پھیر کر کھڑے ہوگئے اور ارشاد فرمایا: دیکھو جو لوگ آج کی رات زندہ ہیں ان میں سے کوئی سو سال کے بعد زندہ نہیں رہے گا۔ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث نقل کرنے میں غلطی کی اور اسے سو برس تک باقی رہنے کے معنی میں نقل کیا حالانکہ درحقیقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ سو سال بعد اس صدی یا زمانے کے لوگ ختم ہو جائیں گے۔
یہ حدیث صحیح ہے۔

۷۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی النَّھْیِ عَنْ سَبِّ الرِّیَاحِ

۷۲: باب ہوا کو برا کہنے (گالی دینے) کی ممانعت

۱۳۳: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ حَبِیْبِ بْنِ الشَّھِیْدِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِی ثَابِتٍ عَنْ ذَرٍّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الرِّیْحَ فَاِذَا رَاَیْتُمْ مَاتَکْرَھُوْنَ فَقُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَخَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِہٖ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاَبِی ھُرَیْرَةَ وَعُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ وَاَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۳: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہوا کو گالی نہ دو۔ اگر تم کوئی ناپسندیدہ بات دیکھو تو کہو اے اللہ: ہم تجھ سے اس ہوا کی بھلائی اور جو کچھ اس میں ہے کی بھلائی اور جس بات کا حکم دیا گیا ہے کی بھلائی چاہتے ہیں اور اس کی شر، اس کے اندر جو کچھ ہے یا جس کا اسے حکم دیا گیا ہے کی برائی سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۳: بَابٌ

۷۳: باب

۱۳۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ ھِشَامٍ نَا اَبِی عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَضَحِکَ فَقَالَ اِنَّ تَمِیْمَ الدَّارِیَّ حَدَّثَنِیْ بِحَدِیْثٍ فَفَرِحْتُ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُحَدِّثَکُمْ اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَھْلِ فِلَسْطِیْنَ رَکِبُوْا سَفِیْنَةً فِی الْبَحْرِ فَجَالَتْ بِھِمْ حَتّٰی قَذَفَتْھُمْ

۱۳۴: حضرت فاطمہ بنت قیسؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ منبر پر چڑھے اور مسکراتے ہوئے فرمایا کہ تمیم داری نے مجھ سے ایک قصہ بیان کیا ہے جس سے میں بہت خوش ہوا۔ پس میں نے چاہا کہ تمہیں بھی سنا دوں کہ اہل فلسطین میں سے چند لوگ ایک کشتی میں سوار ہوئے یہاں تک کہ وہ کشتی موجوں میں گھر گئی جس نے انہیں ایک جزیرے پر پہنچا دیا۔ وہاں انہوں نے ایک

فِیْ جَزِیْرَۃٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ فَاِذَا ھُمْ بِدَابَّۃٍ لَبَّاسَۃٍ نَا شِرَۃٌ شَعْرُھَا فَقَالُوْا مَا اَنْتِ قَالَتْ اَنَا الْجَسَّاسَۃُ قَالُوْا فَاَخْبِرِیْنَا قَالَتْ لَا اُخْبِرُکُمْ وَلَا اَسْتَخْبِرُکُمْ وَلٰکِنْ ائْتُوْا اَقْصَی الْقَرْیَۃِ فَاِنَّ ثَمَّ مَنْ یُخْبِرُکُمْ وَیَسْتَخْبِرُکُمْ فَاَتَیْنَا اَقْصَی الْقَرْیَۃِ فَاِذَا رَجُلٌ مُوْثَقٌ بِسِلْسِلَۃٍ فَقَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ عَیْنِ زُغَرَ قُلْنَا مَلْاٰی تَدْفُقُ قَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنِ الْبُحَیْرَۃِ قُلْنَا مَلْاٰی تَدْفُقُ قَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ نَخْلِ بَیْسَانَ الَّذِیْ بَیْنَ الْاُرْدُنِّ وَفِلَسْطِیْنَ ھَلْ اَطْعَمَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنِ النَّبِیِّ ھَلْ بُعِثَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَخْبِرُوْنِیْ فِیْ کَیْفَ النَّاسُ اِلَیْہِ قُلْنَا سِرَاعٌ قَالَ فَنَزٰی نَزْوَۃً حَتّٰی کَادَ قُلْنَا فَمَا اَنْتَ قَالَ اَنَا الدَّجَّالُ وَاِنَّہٗ یَدْخُلُ الْاَمْصَارَ کُلَّھَا اِلَّا طَیْبَۃَ وَطَیْبَۃُ الْمَدِیْنَۃُ ھٰذَاحَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ قَتَادَۃَ عَنِ الشَّعْبِیِّ وَقَدْ رَوَاہُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ۔

لمبے بالوں والی عورت دیکھی۔ انہوں نے اس سے پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا نہ میں تمہیں کچھ بتاتی ہوں اور نہ ہی پوچھتی ہوں۔ ہاں تم لوگ بستی کے کنارے پر چلو وہاں کوئی تم سے کچھ پوچھے گا بھی بتائے گا بھی۔ پس ہم لوگ وہاں گئے تو دیکھا کہ ایک شخص زنجیروں میں بندھا ہوا ہے۔ اس نے پوچھا: مجھے چشمہ زغر کے متعلق بتاؤ۔ ہم نے کہا وہ بھرا ہوا ہے اور اس سے پانی چھلک رہا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ بحیرہ طبریہ کے بارے میں بتاؤ۔ ہم نے کہا کہ وہ بھی بھرا ہوا جوش مار رہا ہے۔ پھر اس نے پوچھا بیسان کے نخلستان، جو اردن اور فلسطین کے درمیان میں ہے، کا کیا حال ہے؟ کیا وہ پھل دیتا ہے۔ ہم نے کہا ''ہاں'' کہنے لگا بتاؤ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوگئی ہے؟ ہم نے کہا: ''ہاں'' اس نے کہا کہ اس کی طرف لوگوں کا میلان کیسا ہے؟ ہم نے کہا: تیزی کے ساتھ لوگ اس کی طرف جا رہے ہیں (یعنی اسلام قبول کر رہے ہیں) راوی کہتے ہیں پھر وہ اتنا اچھلا قریب تھا کہ زنجیروں سے نکل جائے۔ ہم نے پوچھا: تو کون ہے؟ وہ کہنے لگا میں ''دجال'' ہوں اور دجال طیبہ کے علاوہ تمام شہروں میں داخل ہوگا اور طیبہ سے مراد مدینہ منورہ ہے۔ یہ حدیث قتادہ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے اور کئی راویوں نے اسے بواسطہ شعبیؒ، فاطمہ بنت قیس سے روایت کیا ہے۔

خلاصۃ الباب: ابن صیاد کا اصل نام ''صاف'' تھا اور بعض حضرات نے ''عبداللہ'' بتایا ہے وہ ایک یہودی تھا جو مدینہ کا باشندہ تھا ابن صیاد سحر یعنی جادو اور کہانت کا ماہر تھا اور اس وجہ سے اس کی شخصیت پر اسرار بن کر رہ گئی تھی وہ ایک بڑا فتنہ تھا جس میں مسلمانوں کو مبتلا کر کے ان کا امتحان لیا گیا تھا اس کے حالات بڑے مختلف تھے اسی بناء پر صحابہؓ کے درمیان بھی اس کی حیثیت کے تعین میں اختلاف تھا چنانچہ کچھ صحابہؓ کا خیال یہ تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے جس کی خبر دی گئی ہے لیکن اکثر حضرات کا کہنا یہ تھا کہ ابن صیاد وہ بڑا دجال تو نہیں ہے لیکن ان چھوٹے چھوٹے دجالوں میں سے ایک ضرور ہے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ میں شبہ میں پڑ گیا کہ ذریعہ گویا یہ بیان کیا کہ پہلے تو میں یقین رکھتا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے لیکن اب اس نے جو دجال ہونے سے انکار کیا تو میں شک وشبہ میں پڑ گیا کہ اس کو دجال سمجھا جا سکتا ہے یا نہیں۔ علماء، محققین فرماتے ہیں کہ ابن صیاد کے بارے میں جو احادیث و روایات منقول ہیں اگر چہ ان کے درمیان اختلاف و تضاد ہے اور اس کے متعلق علماء کا کوئی متفقہ فیصلہ نہیں لیکن جس حدیث میں آنحضرت ﷺ کے متعلق آتا ہے کہ آپ ﷺ ہمیشہ ابن صیاد کے دجال ہونے کے خوف میں مبتلا رہے اس کی یہ توجیہ ضروری ہے کہ جب تک آپ ﷺ کو مسیح دجال کے بارے میں پورے حقائق کا علم نہیں ہوا تھا آپ ﷺ ابن صیاد کو دجال سمجھتے تھے لیکن جب تمیم داریؓ کے واقعہ سے اور وحی کے ذریعہ بھی آپ ﷺ کو یہ یقین حاصل

ہو گیا کہ دجال کون ہوگا تو آپ ﷺ پر یہ بات واضح ہو گئی کہ ابن صیاد وہ دجال نہیں ہے جو سمجھا جاتا تھا نیز دجال مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ نہیں جا سکے گا اور اس کی اولاد نہیں ہوگی اور وہ کافر ہوگا جبکہ ابن صیاد کی اولاد تھی مدینہ میں رہتا تھا اور مکہ مکرمہ حج کرنے گیا تھا۔ ہوا اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے جو بادلوں کو لے کر آتی ہے کبھی تند و تیز بھی چلتی ہے تو ناگوار ہوتی ہے اس وقت دعاء مانگنے کا حکم دیا گیا ہے اس عجیب الخلقت جانور نے اپنا نام جساسہ یعنی جاسوسی کرنے والا اس اعتبار سے فرمایا کہ وہ دجال کو خبریں پہنچایا کرتا تھا ۔نخل بیان ایک شہر کا نام ہے۔ ''دَیر'' اصل میں عیسائیوں کی عبادت گاہ یعنی ''گرجا'' کو کہتے ہیں۔ لغت کی کتابوں میں یہ بھی لکھا ہے کہ ''دیر'' راہبوں کے رہنے کی جگہ کو کہتے ہیں یہاں حدیث میں ''دیر'' سے مراد وہ بڑی عمارت ہے جس میں دجال تھا۔

۷۴: بَابٌ

۱۳۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَمْرُوبْنُ عَاصِمٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جُنْدُبٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ قَالُوْا وَكَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلاَءِ لِمَا لاَ يُطِيْقُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ .

۷۴: باب

۱۳۵: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مؤمن کے لیے اپنے نفس کو ذلیل کرنا جائز نہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ کوئی شخص اپنے نفس کو کس طرح ذلیل کرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی طاقت سے زیادہ مشقتیں اٹھانے کے باعث۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۷۵: بَابٌ

۱۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ الْمُؤَدِّبُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَصَرْتُهُ مَظْلُوْمًا فَكَيْفَ اَنْصُرُهُ ظَالِمًا قَالَ تَكُفُّهُ عَنِ الظُّلْمِ فَذَاكَ نَصْرُكَ اِيَّاهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۵: باب

۱۳۶: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے مظلوم اور ظالم بھائی کی مدد کرو۔ عرض کیا گیا یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم مظلوم کی مدد تو ٹھیک ہے لیکن ظالم کی مدد کس طرح کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے ظلم سے روک کر۔ یہی تیری طرف سے اسکی مدد ہے۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۶: بَابٌ

۱۳۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَاسُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ وَمَنْ اَتَى

۷۶: باب

۱۳۷: حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے جنگل میں سکونت اختیار کی وہ سخت خو اور بدخلق ہو گیا۔ (کیونکہ اسے لوگوں سے ملنے کا اتفاق کم ہوتا ہے) اور جس نے شکار کا پیچھا کیا وہ غافل ہو گیا اور جو حاکموں

اَبْوَابَ السُّلْطَانِ اُفْتُتِنَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ لاَ نَعْرِ فُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الثَّوْرِیِّ.

کے دروازے پر گیا وہ فتنوں میں مبتلا ہوگیا۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث ابن عباسؓ کی روایت سے حسن غریب ہے ہم اسے صرف ثوری کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۳۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ نَا اَبُوْدَاؤُدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّکُمْ مَنْصُوْرُوْنَ وَمُصِیْبُوْنَ وَمَفْتُوْحٌ لَکُمْ فَمَنْ اَدْرَکَ ذَاکَ مِنْکُمْ فَلْیَتَّقِ اللّٰهَ وَلْیَاْمُرْبِالْمَعْرُوْفِ وَلْیَنْهَ عَنِ الْمُنْکَرِوَمَنْ یَکْذِبُ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۸: حضرت عبداللہ مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ مدد کیے جانے والے ہو اور تم لوگوں کو مال و دولت عطا کیا جائے گا اور تمہارے ذریعے ممالک فتح ہوں گے۔ لہٰذا تم میں سے جو شخص اس زمانہ کو پائے اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے، نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۷: بَابٌ

۷۷: باب

۱۳۹: حَدَّثَنَا مُحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ نَا اَبُوْدَاؤُدَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ وَعَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ وَ حَمَّادٍ سَمِعُوْااَبَاوَائِلٍ عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَیُّکُمْ یَحْفَظُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْفِتْنَةِ فَقَالَ حُذَیْفَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَا قَالَ حُذَیْفَةُ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِی اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ وَجَارِهٖ تُکَفِّرُهَا الصَّلٰوةُ وَالصَّوْمُ وَالصَّدَقَةُ وَالْاَ مْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْکَرِ قَالَ عُمَرُ لَسْتُ عَنْ هٰذَا اَسْأَلُکَ وَلٰکِنْ عَنِ الْفِتْنَةِ الَّتِیْ تَمُوْجُ کَمَوْجِ الْبَحْرِ قَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنَّ بَیْنَکَ وَ بَیْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَیُفْتَحُ اَمْ یُکْسَرُقَالَ بَلْ یُکْسَرُقَالَ اِذًا لاَ یُغْلَقُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ قَالَ اَبُوْوَائِلٍ فِی حَدِیْثِ حَمَّادٍ فَقُلْتُ لِمَسْرُوْقٍ سَلْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ الْبَابِ فَسَأَلَهُ فَقَالَ عُمَرُ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۹: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے لوگوں سے دریافت کیا کہ فتنے کے متعلق نبی اکرم ﷺ کے ارشاد کو کون بخوبی بیان کر سکتا ہے۔ حضرت حذیفہؓ نے عرض کیا ''میں'' پھر حضرت حذیفہؓ نے بیان کیا کہ کس شخص کے لیے اس کے اہل و عیال مال اور اس کا پڑوسی فتنہ ہیں۔ (یعنی ان کے حقوق کی ادائیگی میں نقص رہ جاتا ہے۔) اور ان فتنوں کا کفارہ نماز، روزہ صدقہ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا میں اس فتنے کے متعلق نہیں پوچھ رہا۔ میں تو اس فتنے کی بات کر رہا ہوں جو سمندر کی موج کی طرح اٹھے گا۔ (حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں) میں نے عرض کیا امیر المؤمنین آپ کے اور اس عظیم فتنے کے درمیان ایک بند دروازہ حائل ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا؛ کیا وہ کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا۔ حضرت حذیفہؓ نے عرض کیا توڑا جائے گا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا تو پھر وہ قیامت تک دوبارہ بند نہیں ہوگا۔ ابو وائل اپنی حدیث میں حماد کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں کہ میں نے مسروق سے کہا

کہ حذیفہؓ سے پوچھئے کہ وہ دروازہ کیا ہے۔ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا کہ وہ حضرت عمرؓ کی ذات ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۷۸: بَابُ

۱۴۰: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ اَبِي حَصِيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ خَمْسَةٌ وَاَرْبَعَةٌ اَحَدُ الْعَدَدَيْنِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْاٰخَرُ مِنَ الْعَجَمِ فَقَالَ اِسْمَعُوْا هَلْ سَمِعْتُمْ اَنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكِذْبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكِذْبِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مِسْعَرٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ قَالَ هَارُوْنُ وَثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي حَصِيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ هٰرُوْنُ وَثَنِيْ مُحَمَّدٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَلَيْسَ بِالنَّخَعِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَ حَدِيْثِ مِسْعَرٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ وَابْنِ عُمَرَ.

۷۸: باب

۱۴۰: حضرت کعب بن عجرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ ہماری طرف تشریف لائے ہم کل نو آدمی تھے جن میں سے پانچ عربی اور چار عجمی یا اس کے برعکس۔ آپؐ نے فرمایا سنو کیا تم لوگوں نے سنا کہ میرے بعد ایسے حاکم اور امراء آئیں گے کہ اگر کوئی شخص ان کے دربار میں جائے گا اور ان کے جھوٹے ہونے کے باوجود تصدیق کرے گا اور ان کی ظلم پر اعانت کرے گا تو اس کا مجھ سے کوئی متعلق نہیں اور نہ ہی وہ میرے حوض (کوثر) پر آئے گا۔ ہاں جو شخص ان حکام کے پاس نہیں جائے گا، ان کی ظلم پر اعانت نہیں کرے گا اور ان کے جھوٹ بولنے کے باوجود ان کی تصدیق نہیں کرے گا۔ وہ مجھ سے اور میں اس سے وابستہ ہوں اور وہ شخص میرے حوض پر آ سکے گا۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو مسعر کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ہارون یہ حدیث محمد بن عبدالوہاب سے وہ سفیان سے وہ ابو حصین سے وہ شعبی سے وہ عاصم عدوی سے وہ کعب بن عجرہ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ پھر ہارون محمد وہ سفیان وہ زبید وہ ابراہیم سے (یہ ابراہیم نخعی نہیں) وہ کعب بن عجرہ اور وہ نبی اکرم ﷺ سے مسعر ہی کی حدیث کی طرح بیان کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت حذیفہؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۴۱: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ ابْنُ ابْنَةِ السُّدِّيِّ الْكُوْفِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ شَاكِرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلٰى دِيْنِهٖ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعُمَرُ بْنُ شَاكِرٍ رَوٰى عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ

۱۴۱: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ اپنے دین پر قائم رہنے والا ہاتھ میں انگارہ پکڑنے والے کی طرح تکلیف میں مبتلاء ہوگا۔

یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ عمر بن شاکر بصری ہیں۔ ان سے کئی اہل علم احادیث نقل کرتے

الْعِلْمِ وَهُوَ شَيْخٌ بَصرِيٌّ.

۷۹: بَابُ

۱۴۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى اُنَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ اَلاَ اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوْا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا قَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجٰى خَيْرُهُ وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ وَشَرُّكُمْ مَنْ لاَ يُرْجٰى خَيْرُهُ وَلاَ يُؤْمَنُ شَرُّهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۸۰: بَابُ

۱۴۳: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ نَازَيْدُ بْنُ حُبَابٍ اَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِي الْمُطَيْطِيَاءَ وَخَدَمَهَا اَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ اَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ سُلِّطَ شِرَارُهَا عَلٰى خِيَارِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ.

۱۴۴: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُبْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْوَاسِطِيُّ نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلاَ يُعْرَفُ لِحَدِيْثِ اَبِيْ مُعَاوِيَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَصْلٌ اِنَّمَا الْمَعْرُوْفُ حَدِيْثُ مُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ وَقَدْ رَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ مُرْسَلاً وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۱۴۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ

ہیں۔

۷۹: باب

۱۴۲: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ چند بیٹھے ہوئے لوگوں کے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا کیا میں تمہیں اچھوں اور بُروں کے متعلق بتاؤں۔ لوگ خاموش رہے تو آپؐ نے یہی سوال تین مرتبہ دہرایا تو ایک شخص نے عرض کیا ''ہاں'' یارسول اللہ ﷺ ہمیں بُرے بھلے کی خبر دیجئے۔ فرمایا تم میں سے بہتر وہ ہے جس سے لوگ بھلائی کی امید رکھیں اور اس کے شر سے بے خوف ہوں جبکہ بدترین شخص وہ ہے جس سے نیکی کی کوئی امید نہ ہو بلکہ اس کے شر سے بھی لوگ محفوظ نہ ہوں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۸۰: باب

۱۴۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب میری اُمت کے لوگ اکڑ اکڑ کر چلیں گے اور بادشاہوں کی اولاد (یعنی مفتوحہ علاقوں کے بادشاہوں کی اولاد جو مسلمانوں کی غلام ہوگی) ان کی خدمت کرے گی یعنی فارس وروم کی اولاد تو ان کے نیک لوگوں پر ان کے بدترین لوگ مسلط کر دیے جائیں گے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اس حدیث کو ابومعاویہ بھی یحییٰ بن سعید انصاری سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۴: ہم سے یہ حدیث محمد بن اسمٰعیل نے ابو معاویہ کے حوالے سے انہوں نے یحییٰ بن سعید کے حوالے سے انہوں نے عبداللہ بن دینار کے انہوں نے ابن عمرؓ اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے بیان کی ہے۔ جبکہ ابو معاویہ کی یحییٰ بن سعید سے مرسلاً عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمرؓ سے منقول حدیث کی کوئی اصل نہیں۔ مشہور حدیث موسیٰ بن عبیدہ ہی کی ہے۔ مالک بن انس بھی یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے مرسلاً نقل کرتے ہیں اور اس میں عبداللہ بن دینار کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۴۵: حضرت ابو بکرہؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی

نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ عَصَمَنِي اللّٰهُ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّاهَلَكَ كِسْرٰى قَالَ مَنِ اسْتَخْلَفُوْا قَالُوْا ابْنَتَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا اَمْرَهُمْ اِمْرَاَةً قَالَ فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ يَعْنِي الْبَصْرَةَ ذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَنِيَ اللّٰهُ بِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

برکت سے ایک فتنے سے بچایا جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا کہ جب کسریٰ ہلاک ہوا تو آپؐ نے پوچھا؛ اس کا خلیفہ کسے بنایا گیا۔ صحابہؓ نے عرض کیا اس کی بیٹی کو۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی جن پر کوئی عورت حکمرانی کرتی ہو۔ ابوبکرہؓ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عائشہؓ بصرہ آئیں تو مجھے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد یاد آ گیا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کی معیت سے بچالیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۴۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْعَامِرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخِيَارِ اُمَرَائِكُمْ وَشِرَارِهِمْ وَخِيَارُهُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتَدْعُوْنَ لَهُمْ وَيَدْعُوْنَ لَكُمْ وَشِرَارُ اُمَرَائِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حُمَيْدٍ وَمُحَمَّدٌ يُضَعَّفُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۱۴۶: حضرت عمر بن خطابؓ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں تم لوگوں کے بہترین اور بدترین حکام کا نہ بتاؤں۔ اچھے حاکم وہ ہیں جن سے تم محبت کروگے اور وہ تم سے محبت کریں گے۔ تم ان کے لیے دعا کروگے اور وہ تمہارے لیے دعا کریں گے اور تمہارے برے حاکم وہ ہوں گے جن سے تمہیں بغض ہوگا اور وہ تم سے بغض رکھیں گے تم ان پر لعنت بھیجوگے اور وہ تم پر لعنت بھیجیں گے۔ یہ حدیث غریب ہے اور ہم اس کو محمد بن حمید کی روایت سے ہی پہچانتے ہیں۔ محمد کو حفظ کے بارے میں ضعیف کہا گیا ہے۔

۱۴۷: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةٌ تَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا صَلُّوْا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۷: حضرت ام سلمہؓ رسول اللہ ﷺ کا یہ قول نقل کرتی ہیں کہ آپؐ نے فرمایا میری امت میں عنقریب ایسے حاکم آئیں گے جنہیں تم (اچھے اعمال کی وجہ سے) پسند بھی کروگے اور (بعض کو برے اعمال کی وجہ سے) ناپسند۔ پس جو ان کے منکرات کو ناپسند کرے گا وہ بری الذمہ ہے اور جو ان کے منکرات کو برا جانے گا وہ ان کے گناہ میں شریک ہونے سے بچ جائے گا۔ لیکن جو شخص ان سے رضامندی ظاہر کرے گا اور ان کا ساتھ دے گا وہ ہلاک ہوگیا۔ پھر کسی نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ؛ کیا ہم ان سے جنگ نہ کریں؟ فرمایا "نہیں" جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَشْقَرُ نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَهَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَا نَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ عَنْ

۱۴۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تمہارے حکمران اچھے لوگ

سَعِیدِ الْجُرَیْرِیِّ عَنْ اَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَتْ اُمَرَاءُ کُمْ خِیَارُکُمْ وَاَغْنِیَاؤُکُمْ سُمَحَاءُ کُمْ وَاُمُوْرُکُمْ شُوْرٰی بَیْنَکُمْ فَظَهْرُ الْاَرْضِ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ بَطْنِهَا وَاِذَا کَانَتْ اُمَرَاؤُکُمْ شِرَارَکُمْ وَاَغْنِیَاؤُکُمْ بُخَلاءَکُمْ وَاُمُوْرُکُمْ اِلٰی نِسَاءِ کُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَیْرٌلَّکُمْ مِنْ ظَهْرِهَا هٰذَا اَحدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ صَالِحِ الْمُرِّیِّ وَصَالِحٌ فِی حَدِیْثِهٖ غَرَائِبُ لَا یُتَابَعُ عَلَیْهَا وَهُوَرَجُلٌ صَالِحٌ.

ہوں تمہارے مالدار سخی ہوں اور تمہارے معاملات باہمی مشورہ سے طے ہوں تو زمین کا ظاہر اس کے باطن سے تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اور جب تمہارے حاکم شریر لوگ ہوں، تمہارے مالدار بخیل ہوں اور تمہارے معاملات عورتوں کے سپرد ہوں تو اس وقت زمین کا بطن تمہارے لیے اس کے ظاہر سے زیادہ بہتر ہے۔ (یعنی مرجانا) یہ حدیث غریب ہے اور ہم اسے صالح مری کی روایت سے جانتے ہیں۔ صالح کی احادیث غریب ہیں اور ان میں کوئی بھی اس کی اتباع نہیں کرتا اور وہ نیک آدمی ہے۔

۸۱: بَابٌ

۸۱: باب

۱۴۹: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْجُوْزَجَانِیُّ نَا نُعَیْمُ بْنُ حَمَّادٍ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّکُمْ فِی زَمَانٍ مَنْ تَرَکَ مِنْکُمْ عُشْرَمَا اُمِرَ بِهٖ هَلَکَ ثُمَّ یَاْتِیْ زَمَانٌ مَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ بِعُشْرِمَا اُمِرَبِهٖ نَجَا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ نُعَیْمِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی ذَرٍّ وَاَبِی سَعِیْدٍ.

۱۴۹: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا تم ایسے زمانے میں ہو کہ اگر تم میں سے کوئی اس کام کا دسواں حصہ بھی چھوڑ دے جس کے کرنے کا حکم ہے تو ہلاک ہوا۔ پھر وہ زمانہ آئے گا کہ اگر کوئی حکم کئے گئے کام کا دسواں حصہ بھی ادا کرے گا نجات پائے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف نعیم بن حماد کی روایت سے جانتے ہیں جو سفیان بن عیینہ سے روایت کی گئی ہے۔ اس باب میں حضرت ابوذرؓ اور ابوسعیدؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۵۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ هٰهُنَا اَرْضُ الْفِتَنِ وَاَشَارَ اِلَی الْمَشْرِقِ حَیْثُ یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطٰنِ اَوْقَالَ قَرْنُ الشَّمْسِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۵۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا فتنوں کی زمین اس طرف ہے اور مشرق کی طرف اشارہ کر کے فرمایا جہاں سے شیطان کا سینگ یا فرمایا سورج کا سینگ نکلتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۱: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا رِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِیِّ عَنْ قُبَیْصَةَ بْنِ ذُؤَیْبٍ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ مِنْ خُرَاسَانَ رَایَاتٌ سُوْدٌ فَلَا یَرُدُّهَا شَیْءٌ تُنْصَبُ بِاِیْلِیَاءَ هٰذَاحَدِیْثٌ غَرِیْبٌ حَسَنٌ.

۱۵۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خراسان سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے۔ انہیں کوئی نہیں روک سکے گا یہاں تک کہ وہ بیت المقدس میں نصب ہوں گے۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

خلاصۃ الباب : مطلب حدیث کا یہ ہے کہ اپنے آپ کو ذلت سے بچانا چاہئے (۲) ظالم کو ظلم سے روکنا اس کی مدد کرنے کے مترادف ہے (۳) شہر میں تہذیب وتمدن ہوتا ہے اور علم حاصل کرنے کے مواقع میسر آتے ہیں اس کے برعکس دیہات میں تعلیم حاصل کرنے کا کوئی موقع نہیں ہوتا اس لئے آدمی بدخلق ہو جاتا ہے (۴) حکام کے پاس جانا فتنہ سے خالی نہیں اس لئے سلف صالحین امراء و حکام کے پاس جانے سے بہت احتراز کرتے تھے (۵) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ذات فتنوں کے لئے رکاوٹ تھی جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا تو فتنے پھوٹ نکلے (۶) سخت فتنے کے زمانہ میں دین پر چلنا بہت مشکل ہے جس کی پیشین گوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی وہ دور آ گیا ہے کہ آج کے دور میں دین پر چلنا بھی مشکل ہے (۷) بیوی' بچے' مال اور پڑوسی فتنہ ''ہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ بیوی' بچوں کی وجہ سے بعض اوقات خلافِ شریعت کام کر بیٹھتا ہے یا ان کی وجہ سے پریشانی اور غم لاحق ہوتا ہے اور کبھی مال غلط طریقہ سے حاصل کرتا ہے اور اس کو بے جا خرچ کر دیتا ہے اور ہمسایہ کی طرح بننے کی کوشش کرتا ہے اور کبھی یہ تمنا کرتا ہے کہ پڑوسی کا مال چھن جائے جب تک کبیرہ گناہ کا ارتکاب نہ کرے تو نماز روزہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کفارہ ہو جاتے ہیں (۸) اس دور میں پریشانی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ تمام معاملات عورتوں کے سپرد ہیں (۹) ظالم حکام کی ہاں میں ہاں ملانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دوری کا سبب ہے اس کی وجہ سے سخت پیاس اور گھبراہٹ والے دن حوض کوثر سے محرومی کا سبب ہے۔

اَبْوَابُ الرُّؤْيَا
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
خواب کے متعلق
رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۸۲: بَابُ اَنَّ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

۱۵۲: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِيّ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ وَاَصْدَقُهُمْ رُؤْيَا اَصْدَقُهُمْ حَدِيْثًا وَرُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ وَالرُّؤْيَا ثَلاَثٌ فَالرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ بُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْيَا مِنْ تَحْزِيْنِ الشَّيْطَانِ وَالرُّؤْيَامِمَّا يُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهُ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ وَلْيَتْفُلْ وَلاَ يُحَدِّثُ بِهِ النَّاسَ قَالَ وَ اُحِبُّ الْقَيْدَ فِى النَّوْمِ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ اَلْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِى الدِّيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

۸۲: باب اس بارے میں کہ مؤمن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے

۱۵۲: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب زمانہ قریب ہوجائے گا (یعنی قیامت کے قریب) تو مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا اور سچا خواب اسکا ہوتا ہے جوخود سچا ہو۔ اور مسلمان کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک ہے۔ پھر خواب تین قسم کے ہوتے ہیں۔ پس ایک تو اچھے خواب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہوتے ہیں دوسرے وہ جو شیطان کی طرف سے غم میں مبتلا کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔ اور تیسرے وہ خواب جو انسان اپنے آپ سے باتیں کرتا ہے۔ وہی نیند میں متصور ہوجاتے ہیں۔ پس اگر تم میں سے کوئی خواب میں ایسی چیز دیکھے جسے وہ پسند نہ کرتا ہو تو کھڑا ہو کر تھوک دے اور لوگوں کے سامنے بیان نہ کرے۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ میں خواب میں زنجیر دیکھنا پسند کرتا ہوں کیونکہ اسکی تعبیر دین پر ثابت قدم رہنا ہے جبکہ گلے میں ڈالے جانے والے طوق کو دیکھنا پسند نہیں کرتا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۵۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعَ اَنَسًا يُحَدِّثُ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ رَزِيْنِ الْعُقَيْلِيِّ وَاَنَسٍ وَاَبِىْ

۱۵۳: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ، ابوسعید رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، عوف بن مالک رضی اللہ

سَعِيْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ عُبَادَةَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح ہے۔

۸۳: بَابُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

۸۳: باب نبوت چلی گئی اور بشارتیں باقی ہیں

۱۵۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ نَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلاَ رَسُوْلَ بَعْدِيْ وَلاَ نَبِيَّ قَالَ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ لٰكِنِ الْمُبَشِّرَاتُ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ وَهِيَ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَاءِ النُّبُوَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَحُذَيْفَةَ ابْنِ اَسِيْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاُمِّ كُرْزٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ.

۱۵۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رسالت اور نبوت منقطع ہوگئی ہیں اور اب میرے بعد کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ بات لوگوں کیلئے باعث رنج ہوئی تو آپؐ نے فرمایا لیکن بشارتیں (باقی ہیں) صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ بشارتیں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا مسلمان کا خواب اور یہ نبوت کا ایک حصہ ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، حذیفہ بن اسیدؓ، ابن عباسؓ اور ام کرزؓ سے احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے صحیح غریب ہے یعنی مختار بن فلفل کی روایت سے۔

۱۵۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ (لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا) فَقَالَ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْتُرٰى لَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُبَادَةَ الصَّامِتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۵۵: عطاء بن یسار کہتے ہیں کہ ایک مصری شخص نے ابودرداءؓ سے اس آیت کے متعلق پوچھا "لَهُمُ الْبُشْرٰى ......" (ان کے لیے دنیا کی زندگی میں خوشخبری ہے) تو آپؓ نے فرمایا کہ جب سے میں نے نبی اکرم ﷺ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی ہے تمہارے علاوہ صرف ایک شخص نے مجھ سے اس کے متعلق دریافت کیا ہے اور جب میں نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو فرمایا یہ آیت جب سے نازل ہوئی ہے تم پہلے شخص ہو جس نے اس کے متعلق پوچھا ہے۔ مراد نیک خواب ہے جسے کوئی مسلمان دیکھتا ہے یا فرمایا کہ اسے دکھایا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۵۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ.

۱۵۶: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کے وقت دیکھی جانے والی خوابیں زیادہ صحیح ہوتی ہیں۔

۱۵۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْدَاوُدَ نَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ وَعِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ

۱۵۷: حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے یہ خبر ملی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے

اَبِی سَلَمَةَ قَالَ نُبِّئْتُ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قَالَ هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُؤْمِنُ اَوْتُرٰى لَهٗ قَالَ حَرْبٌ فِي حَدِيْثِهٖ ثَنَا يَحْيَى ابْنُ اَبِي كَثِيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد " لَهُمُ الْبُشْرٰى " کے بارے میں پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مؤمن کا اچھا خواب ہے جسے وہ دیکھتا ہے یا اسے دکھایا جاتا ہے۔ حرب اپنی حدیث میں کہتے ہیں کہ ہم سے یحییٰ نے بیان کیا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

خلاصۃ الباب: رؤیا (خواب) بھی یعنی وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے۔ محققین فرماتے ہیں کہ خواب تین طرح کے ہوتے ہیں (۱) محض خیال کہ وہ دن بھر انسان کے دل و دماغ پر جو باتیں چھائی رہتی ہیں وہ خواب بن کر مشکل ہو کر نمودار ہو جاتی ہیں (۲) خواب شیطانی اثرات کا عکاس ہوتا ہے مثلاً ڈراؤنے خواب نظر آتے ہیں (۳) وہ خواب ہے جو من جانب اللہ بشارت اور بہتری کو ظاہر کرتا ہے اس طرح خواب کو رؤیا صالحہ (اچھا خواب) کہلاتی ہے۔ اس حدیث میں اچھے خواب کو نبوت کے چھیالیسویں حصوں میں ایک حصہ فرمایا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بہترین خواب علم نبوت کے اجزاء اور حصوں سے میں ایک جزو اور حصہ ہے اور ظاہر ہے کہ علم نبوت باقی ہے تو اس کا حصہ بھی باقی ہے اگرچہ نبوت باقی نہیں اور اس عدد سے متعین عدد (گنتی) مراد نہیں بلکہ کثرت مراد ہے۔

۸۴: بَابُ مَاجَآءَ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِيْ

۸۴: باب نبی اکرم ﷺ کے اس قول کے بارے میں کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا بے شک اس نے مجھے ہی دیکھا

۱۵۸: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِيْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِيْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَاَبِي قَتَادَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِي سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَاَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَاَبِي بَكْرَةَ وَاَبِي جُحَيْفَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۸: حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے واقعی مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری شکل وصورت میں نہیں آسکتا۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ، ابو قتادہ، ابن عباس، ابو سعید، جابر، انس، ابو مالک اشجعی رضی اللہ عنہم، بواسطہ اپنے والد، ابو بکرہ رضی اللہ عنہ اور ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۵: بَابُ مَاجَآءَ اِذَا رَاٰى فِي الْمَنَامِ مَايَكْرَهُ مَا يَصْنَعُ

۸۵: باب اس بارے میں کہ اگر خواب میں کوئی مکروہ چیز دیکھے تو کیا کرے

۱۵۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ الرُّؤْيَا مِنَ

۱۵۹: حضرت ابو قتادہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اچھے خواب اللہ تعالیٰ جبکہ برے خواب شیطان کی طرف سے

اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفُثْ عَنْ يَسَارِهٖ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا فَاِنَّهَا لاَ تَضُرُّهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِي سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہوتے ہیں۔ پس اگر تم میں سے کوئی ایسی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اپنے بائیں طرف تین مرتبہ تھوکے اور اللہ تعالیٰ سے اس خواب کے شر سے پناہ مانگے تو اسے نقصان نہیں پہنچے گا۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ، ابوسعیدؓ، جابرؓ، اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۶: بَابُ مَاجَآءَ فِي تَعْبِيْرِ الرُّؤْيَا

۸۶: باب خواب کی تعبیر کے بارے میں

۱۶۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا اَبُوْدَاوُدَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ اَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا تُحُدِّثَ بِهَا سَقَطَتْ قَالَ وَاَحْسِبُهُ قَالَ وَلاَ تُحَدِّثْ بِهَا اِلاَّ لَبِيْبًا اَوْحَبِيْبًا.

۱۶۰: حضرت ابورزین عقیلیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مؤمن کا خواب نبوت کے چالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ اور یہ کسی شخص کیلئے اس وقت تک پرندے کی مانند ہے جب تک وہ اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرے۔ اگر اس نے بیان کر دیا تو گویا کہ وہ اڑ گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اپنا خواب کسی عقلمند یا دوست کے سامنے ہی بیان کرو۔

۱۶۱: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيْعِ بْنِ عُدُسٍ عَنْ عَمِّهٖ اَبِيْ رَزِيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُحَدِّثْ بِهَا وَاِذَا حَدَّثَ بِهَا وَقَعَتْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْرَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيُّ اِسْمُهُ لَقِيْطُ بْنُ عَامِرٍ وَرَوٰى حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ فَقَالَ وَكِيْعُ بْنُ حُدُسٍ وَقَالَ شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ وَهُشَيْمٌ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيْعِ بْنِ عُدُسٍ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۶۱: ابورزین عقیلیؓ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا مسلمان کا خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک ہے اور یہ کس شخص کے لیے اس وقت تک پرندے کی مانند ہوتا ہے جب تک اسے وہ کسی سے بیان نہیں کرتا۔ اگر وہ بیان کر دیتا ہے تو اس کی بیان کردہ تعبیر واقع ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ کا نام لقیط بن عامر ہے۔ حماد بن سلمہ، یعلی بن عطاء سے یہ حدیث نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ وکیع بن حدس سے روایت ہے جبکہ شعبہ، ابوعوانہ اور ہشیم، یعلی بن عطاء اور وہ وکیع بن عدس سے نقل کرتے ہیں۔

۸۷: بَابٌ

۸۷: باب

۱۶۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ السَّلِيْمِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا ثَلاَثٌ فَرُؤْيَا حَقٌّ وَرُؤْيَا يُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهُ وَرُؤْيَا تَحْزِيْنٌ مِنَ الشَّيْطَانِ

۱۶۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ خواب تین قسم کے ہیں ایک سچا خواب ہوتا ہے، ایک خواب انسانی خیالات ہوتے ہیں اور ایک خواب شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔ پس جو برا خواب دیکھے وہ اٹھے اور نماز پڑھے اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ مجھے خواب میں زنجیر کا دیکھنا

فَمَنْ رَاٰى مَايَكْرَهُ فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ وَكَانَ يَقُوْلُ يُعْجِبُنِى الْقَيْدُ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِى الدِّيْنِ وَكَانَ يَقُوْلُ مَنْ رَاٰنِى فَاِنِّىْ اَنَاهُوَفَاِنَّهُ لَيْسَ لِلشَّيْطٰنِ اَنْ يَتَمَثَّلَ بِىْ وَكَانَ يَقُوْلُ لَا تَقُصَّ الرُّؤْيَا اِلَّا عَلٰى عَالِمٍ اَوْنَا صِحٍ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَاَبِىْ بَكْرَةَ وَاُمِّ الْعَلَاءِ وَابْنِ عُمَرَ وَعَائِشَةَ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ وَاَبِىْ مُوْسٰى وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

پسند ہے جبکہ طوق کو میں پسند نہیں کرتا۔ اس لئے کہ زنجیر دین پر ثابت قدمی کی علامت ہے۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ جس نے (خواب میں) مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ خواب صرف کسی عالم یا ناصح کے سامنے ہی بیان کرو۔ اس باب میں حضرت انسؓ، ابوبکرہؓ، ام علاءؓ، ابن عمرؓ، عائشہؓ، ابوسعیدؓ، جابرؓ، ابوموسیٰؓ، ابن عباسؓ اور عبداللہ بن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸: بَابُ مَاجَآءَ فِى الَّذِىْ يَكْذِبُ فِىْ حُلُمِهٖ

۸۸: باب جھوٹا خواب بیان کرنا

۱۶۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْاَحْمَدَ الزُّبَيْرِ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِىٍّ قَالَ اُرَاهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ فِىْ حُلُمِهٖ كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَقْدَ شَعِيْرَةٍ.

۱۶۳: حضرت علیؓ سے منقول ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے تو قیامت کے دن اسے دو جو کے دانوں کو گرہ لگانے کا حکم دیا جائے گا۔

۱۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ عَبْدِالْاَعْلٰى عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِىِّ عَنْ عَلِىٍّ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ شُرَيْحٍ وَوَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ.

۱۶۴: قتیبہ، ابوعوانہ وہ عبدالاعلیٰ وہ ابوعبدالرحمٰن سلمی سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، ابوہریرہؓ، ابوشریحؓ اور واثلہ بن اسقعؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۶۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ نَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَحَلَّمَ كَاذِبًا كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَعْقِدَ بَيْنَهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے گا اسے قیامت کے دن دو جو کے دانوں میں گرہ لگانے کا حکم دیا جائے گا۔ اور وہ ہرگز ان میں گرہ نہیں لگا سکے گا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۸۹: بَابٌ

۸۹: باب

۱۶۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اِذْ اُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ ثُمَّ اَعْطَيْتُ فَضْلِىْ عُمَرَ

۱۶۶: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں سو رہا تھا کہ ایک دودھ کا پیالہ لایا گیا میں نے اس میں سے پیا اور جو باقی بچا وہ عمر بن خطابؓ کو دے دیا۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ اسکی

بْنُ الْخَطَّابِ قَالُوْا فَمَااَوَّلْتَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْعِلْمُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَاَبِي بَكْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَخُزَيْمَةَ وَالطُّفَيْلِ بْنِ سَخْبَرَةَ وَ سَمُرَةَ وَاَبِي اُمَامَةَ وَجَابِرٍ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

کیا تعبیر ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا ''علم''۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، ابوبکرہؓ، ابن عباسؓ، عبداللہ بن سلامؓ، خزیمہؓ، طفیل بن سخبرہؓ، سمرہؓ، ابوامامہؓ اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ ابن عمرؓ کی حدیث صحیح ہے۔

۹۰: بَابٌ

۱۶۷: حَدَّثَنَا الْحَسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ الْجَرِيْرِيُّ الْبَلْخِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ بَيْنَا اَنَانَا ئِمٌ رَاَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَايَبْلُغُ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدِّيْنَ.

۹۰: باب

۱۶۷: حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیفؓ بعض صحابہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ لوگ میرے سامنے پیش کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کرتے پہن رکھے ہیں۔ کسی کا کرتہ پستانوں تک اور کسی کا اس سے نیچے تک ہے۔ آپؐ نے فرمایا پھر حضرت عمرؓ میرے سامنے پیش کئے گئے تو (میں نے کیا دیکھا کہ) ان پر ایک قمیص ہے جسے وہ گھسیٹ رہے ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ اس کی کیا تعبیر فرماتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا ''دین''۔

۱۶۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۶۸: عبد بن حمید، یعقوب بن ابراہیم بن سعد سے وہ اپنے والد سے وہ صالح بن کیسان سے وہ زہری سے وہ ابوامامہ سے وہ ابوسعید خدریؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب: ایک مطلب یہ ہے کہ جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا اس نے گویا عالم بیداری میں دیکھا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ صحابی بن گیا۔ دوسرا مطلب یہ کہ اپنے زمانے کے لوگوں کے لئے فرمایا کہ میرے زمانہ میں جو شخص مجھ کو خواب میں دیکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ ہجرت کی توفیق عطا فرمائے گا تاکہ وہ مجھ سے آکر ملے۔ تیسرا مطلب یہ ہے کہ اس کا خواب سچا ہے کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ (۲) خواب عقلمند اور نیک عالم شخص کے سامنے بیان کرنا چاہئے ہر ایک کو نہ بتائے نیز اگر برا خواب دیکھے تو بائیں طرف تین مرتبہ تھوکے اور اللہ تعالیٰ سے اس خواب کے شر سے پناہ مانگے تو اسے نقصان نہیں پہنچے گا (۳) جھوٹا خواب لوگوں سے بیان کرنے پر سخت وعید بیان فرمائی ہے (۴) دودھ پینا اس کی تعبیر علم سے کی ہے۔ (۵) قمیص پہنے ہوئے خواب میں دیکھنا اس کی تعبیر دین کی پابندی سے کی ہے۔

۹۱: بَابُ مَاجَآءَ فِي رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمِيْزَانِ وَالدَّلْوِ

۱۶۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا اَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ رُؤْيَا فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا رَاَيْتُ كَاَنَّ مِيْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَكْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ بِاَبِي بَكْرٍ وَوُزِنَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَكْرٍ وَ وُزِنَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ الْمِيْزَانُ فَرَاَيْنَا الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ اَنَّهُ كَانَ صَدَّقَكَ وَاَنَّهُ مَاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْتُهُ فِي الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بَيَاضٌ وَلَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَيْسَ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ.

۱۷۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْعَاصِمٍ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ ثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ رَاَيْتُ النَّاسَ اجْتَمَعُوْا فَنَزَعَ اَبُوْبَكْرٍ ذَنُوْبًا اَوْ ذَنُوْبَيْنِ فِيْهِ ضَعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ ثُمَّ قَامَ عُمَرُ فَنَزَعَ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَلَمْ اَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِيْ فَرِيَّهُ حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِالْعَطَنِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ

۹۱: باب نبی اکرم ﷺ کا میزان اور ڈول کی تعبیر بتانا

۱۶۹: حضرت ابوبکرہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہؐ نے پوچھا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ ایک شخص نے عرض کیا جی ہاں میں نے دیکھا ہے کہ آسمان سے ایک ترازو اُتارا گیا ہے پھر آپؐ اور ابوبکرؓ کا وزن کیا گیا۔ آپؐ زیادہ وزنی تھے۔ ابوبکر اور عمرؓ اور عثمانؓ کا وزن کیا گیا تو ابوبکرؓ بھاری تھے۔ پھر عمرؓ اور عثمانؓ کا وزن کیا گیا تو عمرؓ بھاری تھے پھر ترازو اٹھالیا گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ خواب سننے کے بعد ہم نے آپؐ کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار دیکھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۰: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے ورقہ بن نوفل کے متعلق پوچھا گیا تو خدیجہؓ نے عرض کیا کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی تصدیق کی تھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان (نبوت) سے پہلے وہ انتقال کر گئے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے وہ خواب میں دکھائے گئے تو ان کے بدن پر سفید رنگ کے کپڑے تھے اگر وہ دوزخی ہوتے تو کسی اور رنگ کے کپڑے ہوتے ۔ یہ حدیث غریب ہے اور عثمان بن عبدالرحمٰن محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔

۱۷۱: حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے نبی اکرمؐ کے ابوبکر و عمرؓ کو خواب میں دیکھنے کے متعلق فرمایا چنانچہ آپؐ نے فرمایا میں نے بہت سے لوگوں کو ایک کنوئیں پر جمع ہوتے ہوئے دیکھا پھر ابوبکرؓ نے ایک یا دو ڈول پانی کھینچا اور ان کے کھینچنے میں ضعف تھا۔ اللہ تعالیٰ انہیں معاف کریں گے۔ پھر عمرؓ کھڑے ہوئے اور ڈول نکالا تو وہ بہت بڑا ہو گیا۔ پھر میں نے کسی پہلوان کو ان کی طرح کام کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ لوگ سیراب ہو کر اپنی آرام گاہوں میں چلے گئے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث ابن

ابْنِ عُمَرَ.

عمرؓ کی روایت سے صحیح غریب ہے۔

۱۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ امْرَاَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى قَامَتْ بِمَهْيَعَةٍ وَهِيَ الْجُحْفَةُ فَاَوَّلْتُهَا وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ يُنْقَلُ اِلَى الْجُحْفَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۲: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک خواب نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب میں ایک سیاہ فام عورت کو دیکھا جس کے سر کے بال بکھرے ہوئے تھے وہ مدینہ سے نکلی اور مَهْيَعَة یعنی جحفہ کے مقام پر جا کر ٹھہر گئی۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ ایک وباء مدینہ طیبہ میں آئے گی جو جحفہ منتقل ہو جائے گی۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۱۷۳: اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ لَا تَكَادُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ وَاَصْدَقُهُمْ رُؤْيَا اَصْدَقُهُمْ حَدِيْثًا وَالرُّؤْيَا ثَلَاثٌ الْحَسَنَةُ بُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْيَا يُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهُ وَالرُّؤْيَا تَحْزِيْنٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ رُؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلَا يُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا وَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُعْجِبُنِي الْقَيْدُ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ قَالَ وَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَيُّوْبَ مَرْفُوْعًا وَرَوٰى حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ وَوَقَفَهُ.

۱۷۳: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخری زمانے میں مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا اور سب سے سچا خواب اس کا ہوتا ہے جو خود سچا ہوتا ہے۔ خواب کی تین قسمیں ہیں۔ نیک خواب یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوشخبری ہے دوسری قسم انسان کے خیالات ہیں۔ تیسری قسم شیطانی خواب ہے۔ جب تم میں سے کوئی ایک ناپسندیدہ خواب دیکھے تو کسی سے بیان نہ کرے بلکہ اٹھ کھڑا ہو اور نماز پڑھے۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں زنجیر دیکھنا پسند ہے اور طوق کا دیکھنا ناپسند کرتا ہوں اس لیے کہ زنجیر دیکھنے کی تعبیر دین پر ثابت قدم رہنا ہے اور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مؤمن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ عبدالوہاب ثقفی یہ حدیث ایوب سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں جبکہ حماد بن زید اسے ایوب ہی سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

۱۷۴: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ نَا اَبُو الْيَمَانِ عَنْ شُعَيْبٍ وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ فَهَمَّنِيْ شَانُهُمَا فَاُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَنْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُهُمَا كَاذِبَيْنِ يَخْرُجَانِ مِنْ بَعْدِيْ يُقَالُ لِاَحَدِهِمَا مُسَيْلَمَةُ

۱۷۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب میں اپنے دونوں ہاتھوں میں سونے کے دو کنگن دیکھے۔ مجھے انہوں نے فکر میں ڈال دیا۔ پھر مجھ پر وحی کی گئی کہ ان دونوں کو پھونک ماروں۔ پس میں نے پھونک ماری تو وہ دونوں اڑ گئے۔ پھر میں نے ان کی تعبیر کی کہ میرے بعد دو کذاب (جھوٹے) نکلیں گے۔ ایک کا نام مسیلمہ ہوگا جو یمامہ سے

صَاحِبُ الْيَمَامَةِ وَالْعَنسِيُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ.

نکلے گا اور دوسرا عنسی جو صنعاء سے نکلے گا۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۱۷۵ : حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ اَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّي رَاَيْتُ اللَّيْلَةَ ظُلَّةً يَنْطُفُ مِنْهَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ وَرَاَيْتُ النَّاسَ يَسْتَقُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَيْتُ سَبَبًا وَاصِلاً مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فَاَرَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ فَعَلاَ ثُمَّ اَخَذَبِهٖ رَجُلٌ بَعْدَهٗ فَعَلاَ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ فَقُطِعَ بِهٖ ثُمَّ وَصَلَ لَهٗ فَعَلاَبِهٖ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ وَاللّٰهِ لَتَدَعُنِيْ اَعْبُرُهَا فَقَالَ اعْبُرْهَا فَقَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ فَظُلَّةُ الْاِسْلَامِ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ فَهٰذَا الْقُرْاٰنُ لِيْنُهٗ وَحَلَاوَتُهٗ وَاَمَّا الْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ فَهُوَالْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالْمُسْتَقِلُّ مِنْهُ وَاَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فَهُوَالْحَقُّ الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ فَاَخَذْتَ بِهٖ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ بَعْدَكَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْبِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ بَعْدَهٗ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْبِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ اٰخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهٖ ثُمَّ يُوْصَلُ فَيَعْلُوْبِهٖ اَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِيْ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ اَقْسَمْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُخْبِرَنِيْ مَا الَّذِيْ اَخْطَاْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْسِمْ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

۱۷۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ابو ہریرہؓ فرمایا کرتے تھے کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے آج کی رات خواب میں ایک بادل دیکھا جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے اور لوگ ہاتھوں سے لے کر پی رہے ہیں۔ کچھ زیادہ لیتے ہیں اور کچھ کم اور ایک رسّی دیکھی جو آسمان سے زمین تک متصل ہے۔ یارسول اللہ ﷺ پھر میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اس کو پکڑ کر اوپر چڑھ گئے۔ آپؐ کے بعد ایک شخص نے اسے پکڑا اور اوپر گیا۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور اوپر چڑھ گیا۔ پھر ایک اور شخص نے پکڑا تو وہ ٹوٹ گئی مگر وہ اس کے لیے جوڑ دی گئی اور وہ بھی چڑھ گیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا اے اللہ! کے رسول میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ اللہ کی قسم مجھے اسکی تعبیر بتانے دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: ''بتاؤ''۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا بادل سے مراد اسلام ہے اور اس سے برسنے والا گھی اور شہد قرآن مجید کی نرمی اور مٹھاس ہے۔ زیادہ اور کم حاصل کرنے والوں سے قرآن پاک سے زیادہ اور کم نفع حاصل کرنے والے لوگ مراد ہیں۔ آسمان سے زمین تک متصل رسّی دین جس پر آپ ہیں آپ نے اسے اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ آپ کو اعلیٰ مرتبہ عطا فرمائے گا۔ پھر آپ کے بعد ایک اور شخص اسے اختیار کرے گا وہ بھی بلند ہوگا۔ پھر ایک اور شخص پکڑے گا وہ بھی بلند ہوگا۔ پھر ایک شخص اور پکڑے گا وہ بھی بلند ہوگا۔ پھر ایک اور شخص پکڑے گا تو وہ ٹوٹ جائیگی۔ پھر اس کیلئے ملائی جائے گی اور وہ بھی بلند ہوجائے گا۔ یارسول اللہ ﷺ بتایئے میں نے صحیح تعبیر کی یا غلط کی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کچھ صحیح ہے اور کچھ میں خطا واقع ہوئی۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں میں آپؐ کی قسم دیتا ہوں کہ میری غلطی کی اصلاح کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا ''قسم نہ دو''۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى بِنَا الصُّبْحَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهٖ وَقَالَ هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ رُؤْيَا اللَّيْلَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى عَنْ عَوْفٍ وَجَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قِصَّةٍ طَوِيْلَةٍ وَهٰكَذَا رَوٰى لَنَا بُنْدَارٌ هٰذَا حَدِيْثٌ عَنْ وَهْبِ بْنِ جَرِيْرٍ مُخْتَصَرًا۔

۱۷۶: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر پوچھتے کہ کیا کسی نے آج رات کوئی خواب دیکھا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عوف اور جریر بن حازم سے بھی بواسطہ ابورجاء منقول ہے۔ ابورجاء سمرہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث میں طویل قصہ ہے۔ بندار بھی وہب بن جریر سے یہی حدیث مختصراً نقل کرتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: باب کی پہلی حدیث میں خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خلافت اور ان کی قوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دکھائی گئی (۲) ورقہ بن نوفل کی وفات حالتِ اسلام میں ہوئی تھی اس لئے اچھی حالت میں دکھائے گئے۔

اَبْوَابُ الشَّهَادَاتِ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

گواہوں کے متعلق

نبی اکرم ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۱۷۷: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنُ نَا مَالِکٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو عَنْ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبِیْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِیْ يَاْتِیْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يُسْاَلَهَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلَمَةَ عَنْ مَالِکٍ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ اَبِیْ عَمْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاَكْثَرُ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ عَمْرَةَ وَاخْتَلَفُوْا عَلٰی مَالِکٍ فِیْ رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرَوٰی بَعْضُهُمْ عَنْ اَبِیْ عَمْرَةَ وَرَوٰی بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ وَهُوَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِیُّ وَهٰذَا اَصَحُّ عِنْدَ نَا لِاَنَّهٗ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ مَالِکٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَهُوَ صَحِيْحٌ اَيْضًا وَاَبُوْ عَمْرَةَ هُوَ مَوْلٰی زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِیِّ وَلَهٗ حَدِيْثُ الْغُلُوْلِ لِاَبِیْ عَمْرَةَ.

۱۷۷: حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں بہترین گواہوں کے متعلق نہ بتاؤں وہ ایسے گواہ ہیں جو طلب شہادت سے پہلے گواہی دیتے ہیں۔ احمد بن حسن، عبداللہ بن مسلمہ سے اور وہ مالک سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ ابن ابی عمرہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔ اکثر راوی انہیں عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ کہتے ہیں اور مالک کے یہ حدیث نقل کرنے میں اختلاف کرتے ہیں چنانچہ بعض ابی عمرو سے اور بعض ابن ابی عمرو سے روایت کرتے ہیں ان کا نام عبد الرحمٰن بن ابی عمرہ انصاری ہے اور یہی ہمارے نزدیک صحیح ہے۔ اس لئے کہ مالک کے علاوہ بھی کئی راوی عبدالرحمٰن بن ابی عمرو انصاری ہی کہتے ہیں۔ وہ زید بن خالد سے اس کے علاوہ بھی احادیث نقل کرتے ہیں۔ وہ بھی صحیح ہیں۔ ابوعمرہ، زید بن خالد جہنی کے مولیٰ ہیں ان کی ایک حدیث یہ بھی ہے جس میں غلول کا ذکر ہے۔ یہ ابی عمرہ سے منقول ہے۔

۱۷۸: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اٰدَمَ ابْنُ اَزْهَرَ السَّمَّانِ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ثَنِیْ اُبَیُّ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ ثَنِیْ اَبُوْبَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِوبْنِ حَزْمٍ ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِوبْنِ عُثْمَانَ ثَنِیْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

۱۷۸: حضرت زید بن خالد جہنی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہترین گواہ وہ ہیں جو گواہی طلب کرنے سے پہلے گواہی دیتے ہیں۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

ثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ عَمْرَةَ ثَنِیْ زَیْدُ بْنُ خَالِدِ الْجُھَنِیُّ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ خَیْرُ الشُّھَدَاءِ مَنْ اَدّٰی شَھَادَتَہٗ قَبْلَ اَنْ یُّسْاَلَھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

۱۷۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا مَرْوَانُ بْنُ الْمُعَاوِیَۃَ الْفَزَارِیُّ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ زِیَادِ الدِّمَشْقِیِّ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ شَھَادَۃُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَۃٍ وَلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَلَا مَجْلُوْدَۃٍ وَلَا ذِیْ غِمْرٍ لِاَخِیْہِ وَلَا مُجَرَّبِ شَھَادَۃٍ وَلَا الْقَانِعِ اَھْلَ الْبَیْتِ لَھُمْ وَلَا ظَنِیْنٍ فِیْ وِلَاءٍ وَلَا قَرَابَۃٍ قَالَ الْفَزَارِیُّ الْقَانِعُ التَّابِعُ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ یَزِیْدَ بْنِ زِیَادِ الدِّمَشْقِیِّ وَ یَزِیْدُ یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ وَلَا یُعْرَفُ ھٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ حَدِیْثِ الزُّھْرِیِّ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِہٖ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَلَا نَعْرِفُ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَلَا یَصِحُّ عِنْدَنَا مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِہٖ وَالْعَمَلُ عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ فِیْ ھٰذَا اَنَّ شَھَادَۃَ الْقَرِیْبِ جَائِزَۃٌ لِقَرَابَتِہٖ وَاخْتَلَفَ اَھْلُ الْعِلْمِ فِیْ شَھَادَۃِ الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ وَالْوَلَدِ لِلْوَالِدِ فَلَمْ یُجِزْ اَکْثَرُ اَھْلِ الْعِلْمِ شَھَادَۃَ الْوَلَدِ لِلْوَالِدِ وَلَا الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ وَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اِذَا کَانَ عَدْلًا فَشَھَادَۃُ الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ جَائِزَۃٌ وَکَذٰلِکَ شَھَادَۃُ الْوَلَدِ لِلْوَالِدِ وَلَمْ یَخْتَلِفُوْا فِیْ شَھَادَۃِ الْاَخِ لِاَخِیْہِ اَنَّھَا جَائِزَۃٌ وَکَذٰلِکَ شَھَادَۃُ کُلِّ قَرِیْبٍ لِقَرَابَتِہٖ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ لَا یَجُوْزُ شَھَادَۃُ الرَّجُلِ عَلَی الْاٰخَرِ وَاِنْ کَانَ عَدْلًا اِذَا کَانَ بَیْنَھُمَا عَدَاوَۃٌ وَذَھَبَ اِلٰی حَدِیْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا لَا تَجُوْزُ شَھَادَۃُ صَاحِبِ حِنَۃٍ یَعْنِیْ صَاحِبَ عَدَاوَۃٍ وَکَذٰلِکَ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ حَیْثُ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَھَادَۃُ صَاحِبِ غِمْرٍ یَعْنِیْ صَاحِبَ عَدَاوَۃٍ.

۱۷۹: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خائن مرد وعورت کی گواہی یا کسی ایسے مرد وعورت کی گواہی جن پر حد جاری ہو چکی ہو، یا کسی دشمن کی گواہی یا ایسے شخص کی گواہی جو ایک مرتبہ جھوٹا ثابت ہو چکا ہے یا کسی کے ملازم کی اس کے حق میں گواہی اور ولاء یا قرابت میں تہمت زدہ کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ یعنی ان تمام مذکورہ اشخاص کی گواہی قابل قبول نہیں فزاری کہتے ہیں کہ قانع سے مراد تابع ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف یزید بن زیاد دمشقی کی روایت سے جانتے ہیں اور یہ ضعیف ہیں۔ پھر یہ حدیث ان کے علاوہ کوئی راوی بھی زہری سے نقل نہیں کرتے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے بھی روایت ہے ہمیں اس حدیث کے مفہوم کا علم نہیں اور میرے نزدیک اسکی سند بھی صحیح نہیں۔ اہل علم کا عمل اس طرح ہے کہ قریب کی قریب کے لیے شہادت جائز ہے۔ ہاں باپ کی بیٹے کے لیے شہادت میں اختلاف ہے۔ اس طرح بیٹے کی باپ کے لیے۔ پس اکثر علماء ان دونوں کی ایک دوسرے کے لیے شہادت کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔ لیکن بعض اہل علم اس کی اجازت دیتے ہیں بشرطیکہ وہ دونوں عادل ہوں۔ پھر بھائی کی بھائی کیلئے شہادت اور قرابت داروں کی آپس میں شہادت کے متعلق علماء میں کوئی اختلاف نہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ کسی دشمن کی کسی پر شہادت کسی صورت بھی جائز نہیں اگرچہ گواہ عادل ہی کیوں نہ ہوں۔ ان کی دلیل عبدالرحمٰن سے منقول حدیث ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صاحب عداوت کی گواہی جائز نہیں۔

۱۸۰: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْقَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهُ سَكَتَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۰: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں سب سے بڑے گناہ کے متعلق نہ بتاؤں ؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: آپؐ نے فرمایا اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، ماں باپ کی نافرمانی، جھوٹی گواہی یا فرمایا جھوٹی بات کہنا۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ مسلسل فرماتے ہیں یہاں تک کہ ہم نے کہا کاش آپؐ خاموش ہو جائیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ زِيَادٍ الْاَسَدِيِّ عَنْ فَاتِكِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ عَدَلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ اِشْرَاكًا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ بْنِ زِيَادٍ وَقَدِ اخْتَلَفُوْا فِي رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ زِيَادٍ وَلَا نَعْرِفُ لِاَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ سَمَاعًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۸۱: حضرت ایمن بن خریمؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ خطبہ دینے کیلئے کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو جھوٹی گواہی۔ اللہ کے ساتھ شرک کرنے کے برابر ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت کریمہ پڑھی: " فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ " یعنی بتوں کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹی بات سے پرہیز کرو۔ اس حدیث کو ہم صرف سفیان بن زیاد کی روایت سے جانتے ہیں اور ان سے نقل کرنے میں اختلاف ہے۔ پھر ایمن بن خریم کا مجھے علم نہیں کہ ان کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ثابت ہے یا نہیں۔

۱۸۲: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثَلَاثًا ثُمَّ يَجِيْئُ قَوْمٌ مِنْ بَعْدِهِمْ يَتَسَمَّنُوْنَ وَيُحِبُّوْنَ السِّمَنَ يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ اَنْ يُسْاَلُوْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ وَاَصْحَابُ الْاَعْمَشِ اِنَّمَا رَوَاعَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

۱۸۲: حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے زمانے کے لوگ سب سے بہتر ہیں پھر ان کے بعد کے زمانے والے پھر ان کے بعد والے اور پھر ان کے بعد والے یعنی تین زمانوں کے متعلق فرمایا۔ پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو بزرگی کو پسند کریں گے اور اسی کو دوست رکھیں گے (یعنی بڑے کہلوانا پسند کریں گے) اور طلب کیے بغیر گواہی دینے کے لیے موجود ہوں گے۔ یہ حدیث اعمش کی علی بن مدرک سے روایت سے غریب ہے۔ اعمش اس سند سے روایت کرتے ہیں کہ اعمش، ہلال بن یساف سے اور وہ عمران بن حصینؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۸۳: حَدَّثَنَا اَبُوْعَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا وَكِيْعٌ

۱۸۳: ہم سے روایت کی ابوعمار حسین بن حریث نے انہوں

عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ وَ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ اَنْ يُسْأَلُوْهَا اِنَّمَا يَعْنِيْ شَهَادَةَ الزُّوْرِ يَقُوْلُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُسْتَشْهَدَ وَبَيَانُ هٰذَا فِي حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَفْشُوْ الْكَذِبُ حَتّٰى يَشْهَدَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ وَيَحْلِفُ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ وَ مَعْنٰى حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَاْتِيْ بِشَهَادَتِهٖ اَنْ يُسْاَلَهَا هُوَ اِذَا اسْتُشْهِدَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْئِ اَنْ يُؤَدِّيَ شَهَادَتَهٗ وَلَا يَمْتَنِعَ مِنَ الشَّهَادَةِ هٰكَذَا وَجْهُ الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ.

نے وکیع سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے ہلال بن یساف سے انہوں نے عمران بن حصین سے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل ۔ یہ محمد بن فضیل کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے ۔بعض اہل علم کے نزدیک اس حدیث سے وہ گواہ مراد ہیں جو بغیر سوال کے جھوٹی گواہی دینے کیلئے تیار ہوں گے ۔محدثین کہتے ہیں کہ اس کا بیان عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے ۔ کہ سب زمانوں میں سے بہتر میرے زمانے کے لوگ ہیں ۔ پھر ان سے متصل پھر ان سے متصل اور پھر جھوٹ عام ہوجائے گا یہاں تک کہ ایک شخص سے گواہی طلب نہیں جائے گی ۔ اور وہ ازخود گواہی دے گا ۔ اسی طرح قسم طلب کیے بغیر لوگ قسمیں کھائیں گے اور اس حدیث کا مطلب کہ بہترین گواہ وہ ہیں جو بن بلائے گواہی دیں ۔ یہ ہے کہ جب کسی انسان سے شہادت طلب کی جائے تو بلا تامل گواہی دے ۔بعض اہل علم کے نزدیک حدیث مبارکہ کی توجیہ یہ ہے ۔

خلاصة الباب: (۱) گواہ کا عادل نیک متقی ہونا شرط ہے خیانت کرنے والا اور جھوٹا اور جس پر کسی قسم کی حد شرعی لگائی گئی ہو گواہی قبول نہیں اور قریبی رشتہ دار کے حق میں گواہ قبول نہیں ۔ دشمن کی دشمن کے خلاف گواہی قبول نہیں ہوتی (۲) جھوٹی گواہی یا جھوٹی بات بہت بڑے گناہوں میں سے ہے ۔

ابواب الزهد
عن رسول الله صلى الله عليه وسلم
زُہد کے باب
جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں

۱۸۴ : حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَسُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ صَالِحٌ ثَنَا وَ قَالَ سُوَيْدٌ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ.

۱۸۴: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا؛ بہت سے لوگ ''دونعمتوں'' تندرستی اور فراغت میں نقصان میں ہیں۔

۱۸۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ وَرَفَعُوْهُ وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ.

۱۸۵: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے یحییٰ سے انہوں نے عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے اسی حدیث کو مرفوعاً نقل کیا ہے۔ جبکہ بعض راوی اسے عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔

۱۸۶ : حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ نَا جَعْفَرُ ابْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِى طَارِقٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَاْخُذُ عَنِّىْ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ اَوْيُعَلِّمُ مَنْ يَعْمَلُ بِهِنَّ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قُلْتُ اَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَخَذَ بِيَدِىْ فَعَدَّ خَمْسًا وَقَالَ اتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ اَغْنَى النَّاسِ وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَاتُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَاِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَالْحَسَنُ لَمْ يَسْمَعْ

۱۸۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کون ہے جو مجھ سے کلمات سیکھ کر ان پر عمل کرے یا اسے سکھائے جو ان پر عمل کرے۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں سیکھتا ہوں۔ پس نبی اکرم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور پانچ باتیں شمار کیں آپؐ نے فرمایا حرام کاموں سے پرہیز کرو سب سے زیادہ عبادت گزار بن جاؤ گے۔ اللہ کی تقسیم پر راضی رہو اس سے تم لوگوں سے بے پرواہ ہو جاؤ گے۔ اپنے پڑوسی سے اچھا سلوک کرو اس سے تم مؤمن ہو جاؤ گے۔ لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو اس سے تم مسلمان ہو جاؤ گے۔ زیادہ مت ہنسو کیونکہ زیادہ ہنسی دل کو مردہ کر دیتی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف

مِنْ اَبِی هُرَیْرَةَ شَیْئًا هٰكَذَارُوِیَ عَنْ اَیُّوْبَ وَیُوْنُسَ بْنِ عُبَیْدٍ وَعَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ قَالَ لَمْ یَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ اَبِی هُرَیْرَةَ وَرَوٰی اَبُوْعُبَیْدَةَ النَّاجِیُّ عَنِ الْحَسَنِ هٰذَا الْحَدِیْثَ قَوْلَهٗ وَلَمْ یَذْكُرْ فِیْهِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

جعفر بن سلیمان کی روایت سے جانتے ہیں اور حسن کا ابو ہریرہؓ سے سماع ثابت نہیں۔ ایوب، یونس بن عبید اور علی بن زید سے بھی یہی منقول ہے کہ حسن نے ابو ہریرہؓ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ پھر ابو عبیدہ ناجی نے حسن سے یہ حدیث روایت کی لیکن اس میں حضرت ابو ہریرہؓ اور نبی اکرم ﷺ کا ذکر نہیں کیا۔

۹۲ : بَابُ مَاجَآءَ فِی الْمُبَادَرَةِ بِالْعَمَلِ

۹۲: باب نیک اعمال میں جلدی کرنا

۱۸۷ : حَدَّثَنَا اَبُوْمُصْعَبٍ عَنْ مُحْرِزِبْنِ هَارُوْنَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ سَبْعًاهَلْ تَنْظُرُوْنَ اِلَّا اِلٰی فَقْرٍ مُنْسٍ اَوْغِنًی مُطْغٍ اَوْمَرَضٍ مُفْسِدٍ اَوْهَرَمٍ مُفْنِدٍ اَوْ مَوْتٍ مُجْهِزٍ اَوِالدَّجَّالِ فَشَرٌّ غَائِبٌ یُنْتَظَرُ اَوِالسَّاعَةُ فَالسَّاعَةُ اَدْهٰی اَمَرُّهٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ مُحْرِزِ بْنِ هَارُوْنَ وَ رَوٰی مَعْمَرٌ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَمَّنْ سَمِعَ سَعِیْدًا الْمَقْبُرِیَّ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا.

۱۸۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ سات چیزوں کے آنے سے پہلے نیک اعمال کرلو کیا تم بھلا دینے والے فقر کا انتظار کرتے ہو یا سرکش کردینے والی امیری، فاسد کردینے والی بیماری، مخبوط الحواس کردینے والے بڑھاپے، جلد رخصت کرنے والی موت کے منتظر ہو، یا دجال جوان چیزوں میں جواب تک غائب ہیں سب سے برا ہے اس کا انتظار کیا جاتا ہے۔ یا قیامت اور قیامت تو بہت ہی سخت اور کڑوی ہے ان میں سے کس کا انتظار کرتے ہو۔ یہ حدیث غریب ہے حسن ہے۔ ہم اسے بواسطہ اعرج حضرت ابو ہریرہؓ سے صرف محرز بن ہارون کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ معمر نے اس حدیث کو ایک ایسے شخص سے روایت کیا ہے جس نے سعید مقبری سے سنا انہوں نے حضرت ابو ہریرہؓ کے واسطہ سے نبی اکرم ﷺ سے اس کے ہم معنی روایت ذکر کی۔

۹۳ : بَابُ مَاجَآءَ فِی ذِكْرِ الْمَوْتِ

۹۳: باب موت کو یاد کرنے کے بارے میں

۱۸۸ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِی سَلَمَةَ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ یَعْنِی الْمَوْتَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ حَسَنٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ.

۱۸۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لذتوں کو ختم کردینے والی چیز یعنی موت کو کثرت کے ساتھ یاد کیا کرو۔ یہ حدیث غریب حسن ہے اور اس باب میں حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔

۹۴ : بَابٌ

۹۴: باب

۱۸۹ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ نَا هِشَامُ ابْنُ

۱۸۹: عبداللہ بن بحیر، حضرت عثمانؓ کے آزاد کردہ غلام ہانی سے

يُوسُفَ حَدَّثَنِي عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بُجَيْرٍ أَنَّهُ سَمِعَ هَانِئًا مَوْلٰى عُثْمَانَ قَالَ كَانَ عُثْمَانُ إِذَا وَقَفَ عَلٰى قَبْرٍ يَبْكِي حَتّٰى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ فَقِيلَ لَهُ تُذْكَرُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَلاَ تَبْكِيْ وَتَبْكِيْ مِنْ هٰذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْاٰخِرَةِ فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ إِلَّا وَالْقَبْرُ أَفْظَعُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ هِشَامِ بْنِ يُوسُفَ.

نقل کرتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ آپ کی داڑھی مبارک تر ہو جاتی۔ ان سے کہا گیا کہ آپ جنت و دوزخ کے ذکر پر اتنا نہیں روتے جتنا قبر کو دیکھ کر روتے ہیں اسکی کیا وجہ ہے۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا اس لیے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے۔ اگر کسی نے اس سے نجات پالی تو بعد کے مرحلے اس کے لیے آسان ہیں۔ لیکن اگر کسی شخص کو اس سے نجات نہ ملی تو بعد کے مرحلے اس سے بھی زیادہ سخت ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے قبر کے منظر سے زیادہ گھبراہٹ میں مبتلا کرنے والا منظر نہیں دیکھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ہشام بن یوسف کی سند سے جانتے ہیں۔

۹۵ : بَابُ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

۹۵: باب جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا خواہشمند اللہ بھی اس سے ملاقات کرنا پسند کرتا ہے

۱۹۰ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا أَبُوْدَاوُدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يُحَدِّثُ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ وَأَبِي مُوْسٰى وَأَنَسٍ حَدِيثُ عُبَادَةَ حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

۱۹۰: حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا خواہشمند ہوتا ہے اللہ بھی اس سے ملاقات کرنا پسند کرتے ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو ناپسند کرے اللہ تعالیٰ کو بھی اسکی ملاقات پسند نہیں۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، عائشہؓ، ابو موسیٰؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حدیث عبادہ صحیح ہے۔

۹۶ : بَابُ مَاجَآءَ فِي إِنْذَارِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمَهُ

۹۶: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا امت کو خوف دلانا

۱۹۱ : حَدَّثَنَا أَبُوالْأَشْعَثِ أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا صَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

۱۹۱: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ" (اور آپ ﷺ اپنے قریب والے رشتہ داروں کو ڈرائیں) نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اے صفیہ بنت عبدالمطلب، اے فاطمہ بنت محمد اور اے بنو عبدالمطلب میں تم لوگوں کے لیے اللہ رب العزت کے عذاب سے بچانے میں کسی چیز کا اختیار نہیں

سَلُوْنِیْ مِنْ مَالِیْ مَاشِئْتُمْ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرَوٰی بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ.

رکھتا۔ ہاں میرے مال سے جوتم چاہو طلب کرلو۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، ابن عباسؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت عائشہؓ کی حدیث حسن ہے۔ بعض راوی اسے ہشام بن عروہ سے ان کے والد کے حوالے سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

۹۷: بَابُ مَاجَآءَ فِی فَضْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

۹۷: باب خوف خدا سے رونے کی فضیلت کے بارے میں

۱۹۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عِيْسَی بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَلِجُ النَّارَرَجُلٌ بَكٰی مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتّٰی يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِی الضَّرْعِ وَ لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌفِی سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ رَيْحَانَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ هُوَ مَوْلٰی اٰلِ طَلْحَةَ مَدِيْنِیٌّ ثِقَةٌ رَوٰی عَنْهُ شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ.

۱۹۲: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص خوف خدا کی وجہ سے رویا وہ اس وقت تک دوزخ میں نہیں جائے گا۔ یہاں تک کہ دودھ پستان میں واپس ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کا غبار اور جہنم کا دھواں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ اس باب میں ابوریحانہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور محمد بن عبدالرحمٰن آل طلحہ کے مولیٰ ہیں۔ یہ مدنی ہیں اور ثقہ ہیں۔ ان سے سفیان ثوری اور شعبہ بھی احادیث نقل کرتے ہیں۔

۹۸: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا

۹۸: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ اگر تم لوگ وہ کچھ جان لو جو کچھ میں جانتا ہوں تو ہنسنا کم کردو

۱۹۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ اَخْبَرَ نَا اَبُوْاَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍعَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ مُوَرِّقٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَاءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ مَا فِيْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ لِلّٰهِ سَاجِدًا وَاللّٰهِ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَی

۱۹۳: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور میں وہ باتیں سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے۔ آسمان چر چراتا ہے اور اس کا چر چرانا، حق ہے۔ اس میں چار انگلی کے برابر بھی ایسی جگہ نہیں ہے کہ وہاں کوئی فرشتہ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں پیشانی رکھ کر سجدہ ریز نہ ہو۔ اللہ کی قسم اگر تم لوگ وہ کچھ جاننے لگو جو میں جانتا ہوں تو کم ہنستے اور زیادہ روتے اور بستروں پر عورتوں سے لذت نہ حاصل کرتے، جنگلوں کی طرف نکل جاتے اور اللہ تعالیٰ کے

الْفُرُشِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ تَجْأَرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَاَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا الْوَجْهِ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ قَالَ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ وَيُرْوٰی عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ مَوْقُوْفًا.

حضور گڑگڑاتے۔ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ میں نے تمنا کی کہ کاش میں ایک درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ، ابو ہریرہؓ، ابن عباسؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ایک اور سند سے بھی حضرت ابوذرؓ کا یہ قول منقول ہے کہ کاش میں ایک درخت ہوتا اور لوگ مجھے کاٹ ڈالتے۔

۱۹۴: حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَمْرُ وبْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُالْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۹۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم لوگ وہ کچھ جان جاؤ جو میں جانتا ہوں تو تم لوگوں کی ہنسی میں کمی اور رونے میں کثرت پیدا ہو جائے۔
یہ حدیث صحیح ہے۔

۹۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ مَنْ تَكَلَّمَ بِالْكَلِمَةِ لِيُضْحِكَ النَّاسَ

۹۹: باب جو شخص لوگوں کو ہنسانے کیلئے کوئی بات کرے

۱۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ ثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عِيْسَی بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ لَا يَرٰی بِهَا بَأْسًا يَهْوِیْ بِهَا سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا فِی النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۹۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ایسی بات کرتے ہیں جس میں ان کے نزدیک کوئی حرج نہیں ہوتا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اسکی وجہ سے انہیں ستر سال کی مسافت تک دوزخ میں پھینک دیتا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۹۶: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَحْيَی بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا بَهْزُبْنُ حَكِيْمٍ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَيْلٌ لِلَّذِیْ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ فَيَكْذِبُ وَيْلٌ لَهٗ وَيْلٌ لَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۹۶: حضرت بہز بن حکیم اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہلاکت ہے اس شخص کیلئے جو لوگوں کو ہنسانے کیلئے جھوٹی بات کرے۔ اس کے لئے خرابی ہے، اس کے لیے خرابی ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۰: بَابٌ

۱۰۰: باب

۱۹۷: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْبَغْدَادِیُّ نَا عُمَرُبْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ ثَنِیْ اَبِیْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ

۱۹۷: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی کی وفات ہوئی تو ایک شخص نے اسے جنت کی بشارت دی۔ پس

اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ تُوُفِّیَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ یَعْنِی رَجُلاً اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوَلاَ تَدْرِیْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِیْمَا لاَ یَعْنِیْهِ اَوْبَخِلَ بِمَا لاَ یَنْقُصُهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں کیا معلوم کہ شاید اس نے کوئی فضول بات کی ہو یا کسی ایسی چیز کے خرچ کرنے میں بخل سے کام لیا ہو جسے خرچ کرنے سے اس کو کوئی نقصان نہیں تھا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۹۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ النَّیْسَابُوْرِیُّ وَ غَیْرُوَاحِدٍ قَالُوْا نَا اَبُوْ مُسْهِرٍ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ قُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالاَ یَعْنِیْهِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لاَ نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۹۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی شخص کے بہترین مسلمان ہونے کا تقاضا ہے کہ لغو باتوں کو چھوڑ دے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت سے جانتے ہیں۔ ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

۱۹۹: ثَنَا قُتَیْبَةُ نَا مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالاَ یَعْنِیْهِ هٰكَذَا رَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِ الزُّهْرِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِیْثِ مَالِکٍ.

۱۹۹: قتیبہ بھی مالک سے وہ زہری اور وہ علی بن حسین سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہترین مسلمان ہونے کیلئے کسی شخص کا لایعنی باتوں کو ترک کر دینا ہی کافی ہے۔

زہری کے کئی ساتھی بھی علی بن حسین سے اسی طرح کی حدیث مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: صحت اور فارغ البال ہونا ایسی دو نعمتیں ہیں جو بہت کم لوگوں کو میسر ہیں۔ (۲) گناہوں سے بچنا بڑی عبادت ہے اور بھی بہت جامع کلمات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق کا محبوب بننے کے نسخے ہیں (۳) نیک اعمال میں جلدی کرنے کی تعلیم فرمائی ہے (۴) موت کو یاد کرنے سے مراد ہے کہ یاد کر کے آخرت کی تیاری میں لگ جانا ہے (۵) قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے یہ آسان ہوگئی تو بعد میں آسانی ہو جائے گی (۶) جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار نیک اعمال اور ایمان کے بغیر نجات نہیں پائیں گے تو باقی لوگ کس کھاتے میں ہیں (۷) اللہ تعالیٰ کے خوف و خشیت سے رونا دوزخ کے عذاب سے بچنے کا ذریعہ ہے (۸) زیادہ ہنسنا غفلت اور دل میں سختی پیدا کرتا ہے (۹) ویل کے معنی ہیں عظیم ہلاکت اور ویل دوزخ کی ایک گہری وادی کا نام بھی ہے جس میں اگر پہاڑ ڈال دیئے جائیں تو گرمی سے گل جائیں (۱۰) زبان کو قابو میں رکھنا ایمان کی شاخ ہے۔

۱۰۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي قِلَّةِ الْكَلَامِ

۲۰۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ثَنِيْ اَبِي عَنْ جَدِّيْ قَالَ سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَابَلَغَتْ فَيَكْتُبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَارِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَابَلَغَتْ فَيَكْتُبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا سَخَطَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو نَحْوَ هٰذَا وَقَالُوْا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ وَرَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ اَبِيْهِ عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ۔

۱۰۱: باب کم گوئی کی فضیلت کے متعلق

۲۰۰: حضرت بلال بن حارث مزنیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص (ایسا بھی ہے) جو کوئی ایسی بات کرتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور وہ ایسے مرتبے پر پہنچتی ہے جس کا وہ گمان بھی نہیں کرسکتا۔ پس اللہ تعالیٰ اس بات کے سبب سے اس شخص کیلئے اس دن تک رضامندی لکھ دیتا ہے جس دن وہ ان سے ملاقات کرے گا۔ جبکہ کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے اور اس بات کا وبال کتنا زیادہ ہوگا وہ سوچ بھی نہیں سکتا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ قیامت تک کے لیے اس سے اپنی ناراضگی لکھ دیتا ہے۔ اس باب میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کئی راوی محمد بن عمرو سے اسی کی مثل نقل کرتے ہوئے اس طرح سند بیان کرتے ہیں۔ "عَنْ مُحَمَّدِبْنِ عَمْرٍو وَعَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ" جبکہ مالک اس سند میں "دادا" کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۰۲: بَابُ مَاجَآءَ فِي هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ

۲۰۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شُرْبَةَ مَآءٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

۱۰۲: اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی بے وقعتی

۲۰۱: حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی مچھر کے پر کے برابر بھی قدر ہوتی تو کسی کا فر کو اس سے ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے صحیح غریب ہے۔

۲۰۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِبْنِ شَدَّادٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ الرَّكْبِ الَّذِيْنَ وَقَفُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى

۲۰۲: حضرت مستورد بن شدادؓ کہتے ہیں کہ میں ایک جماعت کے ہمراہ آپؐ کے ساتھ تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک بکری کے مردہ بچے کے قریب کھڑے ہو کر فرمایا: تم لوگ دیکھ رہے ہو کہ کس طرح اس کے مالکوں نے اسے بے قیمت

السَّخْلَةِ الْمَيِّتَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَرَوْنَ هٰذِهِ هَانَتْ عَلٰى اَهْلِهَا حِيْنَ اَلْقَوْهَا قَالُوْا مِنْ هَوَانِهَا اَلْقَوْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلٰى اَهْلِهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ الْمُسْتَوْرِدِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

سمجھ کر کیسے پھینک دیا ہے؟ جانتے ہو کیوں؟ اس لیے کہ یہ ان کے نزدیک ذلیل اور حقیر ہوگیا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ یہی وجہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا اس سے بھی زیادہ ذلیل اور حقیر ہے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۰۳ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ الْمُؤَدِّبُ نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ قُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ضَمْرَةَ قَالَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ مَلْعُوْنٌ مَافِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْمُتَعَلِّمٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۲۰۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا؛ دنیا اور اس کی تمام چیزیں ملعون ہیں۔ البتہ اللہ (عزوجل) کا ذکر اور اس کی معاون چیزیں اور عالم یا متعلم اللہ کے نزدیک محبوب ہیں۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۰۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ اَخْبَرَنِيْ قَيْسُ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ مُسْتَوْرِدًا اَخَابَنِيْ فِهْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاالدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلَ مَايَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْبِمَا ذَا تَرْجِعُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۰۴: حضرت مستورد رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا کی آخرت کے مقابلے میں صرف اتنی حیثیت ہے کہ کوئی شخص سمندر میں انگلی ڈال کر نکال لے چنانچہ دیکھ لے کہ اسکی انگلی کو کتنا پانی لگا ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۳ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

۱۰۳: باب اس بارے میں کہ دنیا مؤمن کے لیے جیل اور کافر کے لیے جنت ہے

۲۰۵ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

۲۰۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا مؤمن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔

۱۰۴: بَابُ مَاجَاءَ مِثْلُ الدُّنْيَا مِثْلُ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ

۲۰۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اَبُوْنُعَيْمٍ نَا عُبَادَةُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ خَبَّابٍ عَنْ سَعِيْدٍ الطَّائِيِّ اَبِى الْبَخْتَرِيِّ اَنَّهُ قَالَ ثَنِىْ اَبُوْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلَاثٌ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ قَالَ مَانَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلَمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ عِزًّا وَلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ اَوْ كَلِمَةٍ نَحْوَهَا وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِىْ رَبَّهُ فِيْهِ وَيَصِلُ بِهِ رَحِمَهُ وَيَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْاَنَّ لِىْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا يَخْبِطُ فِىْ مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِىْ فِيْهِ رَبَّهُ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهُ وَلَا يَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ لَمْ يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالًا وَلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْاَنَّ لِىْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۱۰۴: باب دنیا کی مثال چار شخصوں کی سی ہے

۲۰۶: حضرت ابو کبشہ انماری رسول اللہ ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: میں تین چیزوں کے متعلق قسم کھاتا اور تم لوگوں کے سامنے بیان کرتا ہوں تم لوگ یاد رکھنا۔ پہلی یہ کہ کسی صدقہ یا خیرات کرنے والے کا مال صدقے یا خیرات سے کبھی کم نہیں ہوتا۔ دوسری یہ کہ کوئی مظلوم ایسا نہیں کہ اس نے ظلم پر صبر کیا ہو اور اللہ تعالیٰ اسکی عزت نہ بڑھائیں۔ تیسری یہ کہ جو شخص اپنے اوپر سوال (بھیک مانگنے) کا دروازہ کھولتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے فقر ومحتاجی کا دروازہ کھول دیتے ہیں یا اسی طرح کچھ فرمایا؛ چوتھی بات یاد کرلو کہ دنیا چار اقسام کے لوگوں پر مشتمل ہے۔ (۱)۔ ایسا شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال اور علم دونوں دولتوں سے نوازا ہو اور وہ اس میں تقویٰ اختیار کرتا ہے۔ (۲) وہ شخص جسے علم تو دیا گیا لیکن دولت سے نہیں نوازا گیا چنانچہ وہ صرف دل کے ساتھ اپنی اس تمنا کا اظہار کرے کہ کاش میرے پاس دولت ہوتی جس سے میں فلاں شخص کی طرح عمل کرتا (مذکورہ بالا نیک شخص کی طرح) ان دونوں شخصوں کے لیے برابر اجر وثواب ہے۔ (۳) ایسا مالدار جو علم کی دولت سے محروم ہو اور اپنی دولت کو ناجائز جگہوں پر خرچ کرے نہ اس کے کمانے میں خدا کے خوف کو ملحوظ رکھے اور نہ اس سے صلہ رحمی کرے اور نہ ہی اس کی زکوٰۃ وغیرہ ادا کرے۔ یہ شخص سب سے بدتر ہے۔ (۴) ایسا شخص جس کے پاس نہ دولت ہے اور نہ علم لیکن اس کی تمنا ہے کہ کاش میرے پاس دولت ہوتی تو میں فلاں کی طرح خرچ کرتا یہ شخص بھی اپنی نیت کا مسئول ہے اور ان دونوں کا گناہ بھی برابر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۵: بَابُ مَاجَاءَ فِى الْهَمِّ الدُّنْيَا وَحُبِّهَا

۲۰۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ بَشِيْرٍ اَبِى اِسْمَاعِيْلَ عَنْ سَيَّارٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

۱۰۵: باب دنیا کی محبت اور اس کے متعلق غمگین ہونا

۲۰۷: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کو فاقے میں مبتلا کیا گیا اور اس نے اپنی حالت لوگوں سے بیان کرنی شروع کردی اور چاہا کہ لوگ اسکی

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَزَلَتْ بِهٖ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهٗ وَمَنْ نَزَلَتْ بِهٖ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ فَیُوْشِکُ اللّٰهُ لَهٗ بِرِزْقٍ عَاجِلٍ وَاٰجِلٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

حاجت پوری کر دیں تو ایسے شخص کا فاقہ دور نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر اس نے اپنی آزمائش پر صبر کیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا تو اللہ تعالیٰ جلد یا بدیر اسے رزق عطا فرمائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۰۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ جَاءَ مُعَاوِیَةُ اِلٰی اَبِیْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ مَرِیْضٌ یَعُوْدُهٗ فَقَالَ یَاخَالُ مَا یُبْکِیْکَ اَوَجَعٌ یُشْئِزُکَ اَوْحِرْصٌ عَلَی الدُّنْیَا قَالَ کُلٌّ لَا وَلٰکِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَیَّ عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهٖ قَالَ اِنَّمَا یَکْفِیْکَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْکَبٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاَجِدُنِیْ الْیَوْمَ قَدْ جَمَعْتُ وَقَدْ رَوَاهُ زَائِدَةُ وَعَبِیْدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ سَهْمٍ قَالَ دَخَلَ مُعَاوِیَةُ عَلٰی اَبِیْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ فَذَکَرَ نَحْوَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ بُرَیْدَةَ الْاَسْلَمِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۲۰۸: حضرت ابو وائل کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ ابو ہاشم بن عتبہ کے مرض میں ان کی عیادت کیلئے آئے تو عرض کیا ماموں کیا وجہ ہے کہ آپ رو رہے ہیں کیا کوئی تکلیف ہے یا دنیا کی حرص اس کا سبب ہے۔ انہوں نے کہا ایسی بات نہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ایک عہد لیا تھا جسے میں پورا نہ کرسکا۔ آپؐ نے فرمایا تھا کہ تجھے زیادہ مال جمع کرنے کی بجائے صرف ایک خادم اور جہاد کیلئے ایک گھوڑا کافی ہے جبکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ میرے پاس بہت کچھ ہے (اس وجہ سے رو رہا ہوں)۔ زائدہ اور ابو عبیدہ بن حمید بھی یہ حدیث منصور سے وہ ابو وائل سے اور وہ سمرہ بن سہم سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں بریدہ اسلمی سے بھی مرفوعاً منقول ہے۔

۲۰۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَکِیْعٌ نَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِیَّةَ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْاَخْرَمِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوا الضَّیْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فِی الدُّنْیَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۲۰۹: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: باغات اور کھیتیاں وغیرہ نہ بناؤ۔ کیونکہ اس کی وجہ سے دنیا سے رغبت ہو جائے گی۔

یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ طُوْلِ الْعُمُرِ لِلْمُؤْمِنِ

۱۰۶: باب مؤمن کیلئے لمبی عمر

۲۱۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا زَیْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ اَعْرَابِیًّا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ خَیْرُ النَّاسِ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۱۰: حضرت عبداللہ بن بُسر کہتے ہیں کہ ایک اعرابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ بہترین آدمی کون ہے۔ آپؐ نے فرمایا جس کی عمر لمبی اور عمل اچھا ہو۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۱۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ نَا خَالِدُ بْنُ

۲۱۱: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ اپنے والد سے روایت

الْحَارِثِ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ قَالَ فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَسَاءَ عَمَلُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہترین شخص کون ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی عمر لمبی اور عمل اچھا ہو۔ پھر سوال کیا؛ کون سا شخص برا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی عمر لمبی اور عمل برا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷ : بَابُ مَاجَاءَ فِي فَنَاءِ اَعْمَارِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلٰى سَبْعِيْنَ

۱۰۷: باب اس بارے میں کہ اس امت کی عمریں ساٹھ اور ستر سال کے درمیان ہیں

۲۱۲ : حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ كَامِلٍ اَبِي الْعَلَاءِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمُرُ اُمَّتِيْ مِنْ سِتِّيْنَ سَنَةً اِلٰى سَبْعِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ.

۲۱۲: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کے لوگوں کی عمر عموماً ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہوگی۔

یہ حدیث ابو صالح کی روایت سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے منقول ہے۔

۱۰۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي تَقَارُبِ الزَّمَانِ وَقِصَرِ الْاَمَلِ

۱۰۸: باب زمانے کا قرب اور امیدوں کی قلت کے متعلق

۲۱۳ : حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ مُخْلَدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ فَيَكُوْنُ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنُ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ وَيَكُوْنُ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنُ السَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَسَعْدُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ اَخُوْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ.

۲۱۳: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک زمانہ چھوٹا نہ ہو جائے۔ یعنی سال مہینے کے برابر، مہینہ ہفتے کے برابر، ہفتہ دن کے برابر، دن ایک گھڑی (گھنٹے) کے برابر اور گھنٹہ آگ کی چنگاری کے برابر نہ ہو جائے[1]۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور سعد بن سعید یحییٰ بن سعید انصاری کے بھائی ہیں۔

۱۰۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِي قِصَرِ الْاَمَلِ

۱۰۹: باب امیدوں کے کم ہونے کے متعلق

۲۱۴ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا

۲۱۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ

---

[1] : اوقات کے چھوٹا ہونے سے مراد یہ ہے کہ وقت میں برکت باقی نہ رہے گی یعنی پہلے جو کام اسلاف ایک دن میں کر لیتے تھے وہ آج کے لوگوں سے سو ہفتوں میں نہیں ہو پاتا۔ ہفتہ گزر جاتا ہے اور لگتا ہے کہ کل ہی کی بات ہے یہی وقت کا چھوٹا ہونا ہے۔ (مترجم)

سُفْيَانُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ قَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ فَقَالَ لِیَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ قَبْلَ سَقَمِكَ وَمِنْ حَيَاتِكَ قَبْلَ مَوْتِكَ لَا تَدْرِیْ يَا عَبْدَاللّٰهِ مَا اسْمُكَ غَدًا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بدن کا ایک حصہ پکڑ کر فرمایا دنیا میں کسی مسافر یا کسی راہ گیر کی طرح رہو اور خود کو قبر والوں میں شمار کرو۔ مجاہد کہتے ہیں کہ پھر ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھ سے فرمایا؛ اگر صبح ہو جائے تو شام کا بھروسہ نہ کرو اور اگر شام ہو جائے تو صبح کا انتظار نہ کرو۔ بیماری آنے سے پہلے صحت سے اور موت آنے سے پہلے زندگی سے فائدہ حاصل کرو کیونکہ تمہیں نہیں معلوم کہ کل تم زندہ ہو گے یا مرجاؤ گے۔

۲۱۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ الْبَصْرِیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ الْاَعْمَشُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهُ۔

۲۱۵: احمد بن عبدہ بھی حماد بن زید سے وہ لیث سے وہ مجاہد سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث اعمش بھی مجاہد سے ابن عمرؓ کے حوالے سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۲۱۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عِنْدَ قَفَاهُ ثُمَّ بَسَطَهَا فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهُ وَثَمَّ اَمَلُهُ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۲۱۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ ابن آدم ہے اور یہ اس کا وقت موت ہے یہ فرماتے ہوئے آپؐ نے اپنا دست مبارک اپنی گردن سے ذرا اوپر رکھا اور پھیلایا پھر فرمایا یہاں اسکی امیدیں ہیں۔ (یعنی لمبی امیدیں)۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۱۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِی السَّفَرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُعَالِجُ خُصًّا لَنَا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْنَا قَدْ وَهٰى فَنَحْنُ نُصْلِحُهُ فَقَالَ مَا اُرَی الْاَمْرَ اِلَّا اَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُو السَّفَرِ سَعِيْدُ بْنُ يُحْمِدَ وَيُقَالُ ابْنُ اَحْمَدَ الثَّوْرِیُّ۔

۲۱۷: حضرت عبد اللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس سے گزرے تو ہم لوگ اپنے مکان کے لیے گارا بنا رہے تھے۔ آپؐ نے پوچھا یہ کیا ہے۔ ہم نے عرض کیا؛ یہ گھر پرانا ہو گیا ہے اس لیے ہم اسکی مرمت کر رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا میں موت کو اس سے بھی جلدی دیکھ رہا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوسفر کا نام سعید بن محمد ہے انہیں ابواحمد ثوری بھی کہا جاتا ہے۔

۱۱۰: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ فِتْنَةَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِی الْمَالِ

۱۱۰: باب اس بارے میں کہ اس امت کا فتنہ مال میں ہے

۲۱۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ سَوَّارٍ نَا اللَّيْثُ

۲۱۸: حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ

بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ اُمَّتِي الْمَالُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر امت کے لیے ایک فتنہ (آزمائش) ہے اور میری امت کی آزمائش مال و دولت ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف معاویہ بن صالح کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۱۱: بَابُ مَاجَاءَ لَوْكَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا

۱۱۱: باب اگر کسی شخص کے پاس دو وادیاں مال سے بھری ہوں تب بھی اسے تیسری کی حرص ہوگی

۲۱۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا اَبِي عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ لَاَحَبَّ اَنْ يَكُوْنَ لَهُ ثَانِيًا وَلَا يَمْلَاُ فَاهُ اِلَّا لتُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَاَبِي سَعِيْدٍ وَعَائِشَةَ وَابْنِ الزُّبَيْرِ وَاَبِي وَاقِدٍ وَ جَابِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِي هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۱۹: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر انسان کیلئے سونے کی ایک وادی بھی ہو تو اسے دوسری کی چاہت ہوگی۔ اس کا منہ صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کی توبہ ضرور قبول کرتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابی بن کعب، ابوسعید، عائشہ، ابن زبیر، ابو واقد، جابر، ابن عباس اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی احادیث مبارکہ منقول ہیں۔

یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

خلاصۃ الباب: (۱) دنیا کی بے وقعتی کی دلیل اس حدیث میں فرمائی گئی ہے مطلب یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس دنیا کی کچھ وقعت ہوتی تو اس دنیا کی کوئی ادنیٰ ترین چیز بھی کافر کو نصیب نہ ہوتی (۲) ایمان والے کے لئے دنیا قید خانہ ہے، کا مطلب یہ ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی طرف سے پابندیاں عائد ہیں (۳) نیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے معاملہ کیا جاتا ہے (۴) لوگوں کے سامنے اپنی ضرورت کو پیش کرنا فقر و فاقہ کو ختم نہیں کرتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے اور صبر کرنے سے رزق میں فراوانی ہوتی ہے (۵) صحابہ کرامؓ مال کی کثرت کو دیکھ کر خوف زدہ ہو جاتے تھے اسی لئے اللہ تعالیٰ کی راہ میں زیادہ سے زیادہ خرچ کرتے تھے (۶) قیامت کی نشانیوں میں سے اوقات میں بے برکتی بھی ہے (۷) حضور ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ موت کا آنا اس مکان کی ٹوٹ پھوٹ اور خرابی سے پہلے متوقع ہے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ کا اپنے مکان کو گارا مٹی لگانا اشد ضرورت کے تحت نہیں ہوگا بلکہ زیادہ مضبوطی اور آرائش کے لئے اس کو لیپ پوت رہے تھے (۸) یعنی آدمی کی حرص و طمع کا یہ عالم ہے کہ کسی بھی حد پر پہنچ کر اس کو سیری حاصل نہیں ہوتی (۹) یعنی انسان کی موت اس کی آرزو سے زیادہ قریب ہے۔

۱۱۲: بَابُ مَاجَاءَ قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ

۲۲۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ طُوْلِ الْحَيَاةِ وَكَثْرَةِ الْمَالِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۲۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْعُمْرِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۲: باب اس بارے میں کہ بوڑھے کا دل دو چیزوں کی محبت پر جوان ہے

۲۲۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں کی محبت پر جوان ہے ایک لمبی زندگی اور دوسرے مال کی محبت۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۲۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انسان بوڑھا ہو جاتا ہے لیکن اس میں دو چیزیں جوان ہو جاتی ہیں ایک لمبی عمر ہونے کی اور دوسرے مال کی حرص۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی الزَّهَادَةِ فِی الدُّنْيَا

۲۲۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ حَلْبَسَ عَنْ اَبِیْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیِّ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّهَادَةُ الدُّنْيَا لَيْسَتْ بِتَحْرِيْمِ الْحَلَالِ وَلَا اِضَاعَةِ الْمَالِ وَلٰكِنَّ الزَّهَادَةَ فِی الدُّنْيَا اَنْ لَا تَكُوْنَ بِمَا فِیْ يَدَيْكَ اَوْثَقَ مِمَّا فِیْ يَدِ اللّٰهِ وَاَنْ تَكُوْنَ فِیْ ثَوَابِ الْمُصِيْبَةِ اِذَا اَنْتَ اُصِبْتَ بِهَا اَرْغَبَ فِيْهَا لَوْ اَنَّهَا اُبْقِيَتْ لَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیُّ اِسْمُهٗ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

۲۲۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا حُرَيْثُ بْنُ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ ثَنِیْ حُمْرَانُ بْنُ اَبَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِابْنِ اٰدَمَ حَقٌّ فِیْ سِوٰى هٰذِهِ الْخِصَالِ بَيْتٍ يَسْكُنُهٗ وَثَوْبٍ يُوَارِیْ

۱۱۳: باب دنیا سے بے رغبتی کے بارے میں

۲۲۲: حضرت ابوذرؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ زہد (دنیا سے بے رغبتی) صرف حلال کو حرام کر دینے اور مال کو ضائع کر دینے ہی کا نام نہیں بلکہ زہد یہ ہے کہ جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے وہ اس سے زیادہ قابل اعتماد نہ ہو جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور جب تجھے مصیبت پہنچے تو اس کے ثواب (کے حصول) میں زیادہ رغبت رکھے اور یہ خواہش ہو کہ کاش یہ میرے لئے باقی رہتی (اور مجھے اجر ملتا رہتا)۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اس سند سے جانتے ہیں۔ کہ ابو ادریس خولانی کا نام عائش بن عبداللہ ہے اور عمرو بن واقد منکر الحدیث تھا۔

۲۲۳: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ابن آدم کا دنیا میں ان چیزوں کے علاوہ کوئی حق نہیں رہنے کیلئے گھر، تن ڈھانپنے کیلئے مناسب کپڑا اور روٹی اور پانی کے برتن۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوداؤد اور سلمان بن سلم بلخی نضر بن شمیل

عَوْرَتَهُ وَ جِلْفِ الْخُبْزِ وَ الْمَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ حَدِيْثُ حُرَيْثِ بْنِ السَّائِبِ وَسَمِعْتُ اَبَا دَاوٗدَ سُلَيْمَانَ بْنَ سَلْمٍ الْبَلْخِيَّ يَقُوْلُ قَالَ النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ جِلْفُ الْخُبْزِ يَعْنِيْ لَيْسَ مَعَهُ اِدَامٌ.

سے نقل کرتے ہیں کہ 'جِلْفُ الْخُبْزِ'' بغیر سالن کی روٹی کو کہتے ہیں۔

۲۲۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ انْتَهٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِيْ مَالِيْ وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ اِلَّا مَا تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ اَوْ اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۲۴: حضرت مطرف کہتے ہیں کہ میرے والد ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ''اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ'' پڑھ رہے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ابن آدم (انسان) کہتا ہے کہ میرا مال، میرا مال۔ حالانکہ تمہارا صرف وہی ہے جو تم نے صدقہ یا خیرات کر کے جاری رکھا یا کھا کر فنا کر دیا، یا پہن کر پرانا کر دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۲۵: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ نَا شَدَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ اِنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَكَ وَاَنْ تُمْسِكَهُ شَرٌّ لَكَ وَلَا تُلَامُ عَلٰى كَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَشَدَّادُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ يُكْنٰى اَبَا عَمَّارٍ.

۲۲۵: حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابن آدم تم اگر اپنی ضرورت سے زائد مال کو محاسن میں خرچ کر دو گے تو تمہارے لئے بہتر ہوگا اور اگر ایسا نہیں کرو گے تو یہ تمہارے لیے بدتر ہوگا جبکہ حاجت کے بقدر اپنے اوپر خرچ کرنے پر ملامت نہیں کی جائے گی اور صدقات وخیرات کی ادائیگی میں ابتداء اس سے کرو جس کی تم کفالت کرتے ہوا اور جان لو کہ دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور شداد بن عبداللہ کی کنیت ابوعمار ہے۔

۲۲۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ الْكِنْدِيُّ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ عَنْ اَبِيْ تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْاَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيُّ اِسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَالِكٍ.

۲۲۶: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اللہ پر اس طرح بھروسہ کرو جس طرح توکّل کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں اس طرح رزق دے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے صبح کو وہ (پرندے) بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں۔ ابوتمیم جیشانی کا نام عبد اللہ بن مالک ہے۔

۲۲۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْدَاوٗدَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ

۲۲۷: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں دو بھائی تھے ایک نبی اکرم ﷺ کی

اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُ هُمَا يَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰ خَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ۔

خدمت میں حاضر رہتا اور دوسرا محنت مزدوری کرتا ایک مرتبہ مزدوری کرنے والے نے اپنے بھائی کی آپؐ سے شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ ہوسکتا ہے تمہیں بھی اسی کی وجہ سے رزق ملتا ہو۔

۲۲۸: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَا نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُمَيْلَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ الْخَطْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَتْ لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ مُعَافًى فِيْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَرْوَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَوْلُهٗ حِيْزَتْ يَعْنِيْ جُمِعَتْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا الْحُمَيْدِيُّ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ نَحْوَهٗ۔

۲۲۸: عبد اللہ بن خطمی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اس حالت میں صبح کی کہ وہ خوش حال تھا، بدن کے لحاظ سے تندرست تھا اور اس کے پاس اس دن کیلئے روزی موجود تھی تو گویا کہ اس کے لیے دنیا سمیٹ دی گئی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف مروان بن معاویہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ ''حِیْزَتْ'' کے معنی ''جمع کی گئی'' کے ہیں۔ ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل نے انہوں نے حمیدی سے انہوں نے مروان بن معاویہ سے اسی کی مثل۔

۱۱۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْكَفَافِ وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ

۱۱۴: باب گزارے کے لائق روزی پر صبر کرنا

۲۲۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَغْبَطَ اَوْلِيَائِيْ عِنْدِيْ لَمُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنَ الصَّلَاةِ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَاَطَاعَهٗ فِي السِّرِّ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ نَقَرَ بِاِصْبَعِهٖ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهٗ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهٗ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّيْ لِيَجْعَلَ لِيْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا قُلْتُ لَا يَارَبِّ وَلٰكِنْ اَشْبَعُ يَوْمًا وَاَجُوْعُ يَوْمًا اَوْ قَالَ ثَلَاثًا اَوْ نَحْوَ هٰذَا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ فَاِذَا شَبِعْتُ شَكَرْتُكَ

۲۲۹: حضرت ابو امامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے دوستوں میں سب سے قابل رشک وہ شخص ہے جو کم مال والا، نماز میں زیادہ حصہ رکھنے والا اور اپنے ربّ کی اچھی طرح عبادت کرنے والا ہے۔ نیز یہ کہ جو خلوت میں بھی اپنے رب کی اطاعت کرے لوگوں میں چھپا رہے اور اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کئے جائیں۔ اس کا رزق بقدر کفایت ہو اور وہ اسی پر صبر کرتا ہو۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھوں سے چٹکیاں بجائیں اور فرمایا اس کی موت جلدی آئے اور اس پر رونے والیاں کم ہوں اور ساتھ ہی ساتھ اسکی میراث بھی کم ہو۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: میرے ربّ نے میرے لیے وادی بطحا کو سونا بنانے کی پیشکش کی۔ میں نے عرض کیا نہیں۔ اے میرے ربّ: بلکہ میں چاہتا ہوں کہ ایک دن پیٹ بھر کر کھاؤں تو دوسرے دن بھوکا رہوں یا فرمایا تین دن تک یا اسی

وَحَمِدْتُكَ وَفِي الْبَابِ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْقَاسِمُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَيُكْنٰى اَبَاعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ وَهُوَ شَامِيٌّ ثِقَةٌ وَعَلِيُّ بْنُ يَزِيْدَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَيُكْنٰى اَبَا عَبْدِ الْمَلِكِ۔

طرح کچھ فرمایا اس لیے کہ جب میں بھوکا رہوں تو تجھ سے التجا کروں اور عجز وانکساری بیان کرتے ہوئے تجھے یاد کروں اور جب سیر ہو جاؤں تو تیرا شکر اور تعریف وتحمید کروں۔ اس باب میں فضالہ بن عبید سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور قاسم بن عبدالرحمٰن کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے اور وہ عبد الرحمٰن بن خالد بن یزید بن معاویہ کے مولیٰ ہیں۔ یہ شام سے تعلق رکھتے ہیں اور ثقہ ہیں جبکہ علی بن زید ضعیف ہیں ان کی کنیت عبدالملک ہے۔

۲۳۰: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا سَعِيْدُبْنُ اَبِي اَيُّوْبَ عَنْ شُرَحْبِيْلَ ابْنِ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْروٍاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْاَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۲۳۰: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اسلام لایا اور اسے کفایت کے بقدر رزق عطا کیا گیا جس پر اللہ تعالیٰ نے اسے قناعت دی تو وہ شخص کامیاب ہو گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۳۱: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ شُرَيْحٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْهَانِيءٍ الْخَوْلَانِيُّ اَنَّ اَبَاعَلِيٍّ عُمْرَوبْنَ مَالِكٍ الْجَنْبِيَّ اَخْبَرَهٗ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طُوْبٰى لِمَنْ هُدِيَ لِلْاِسْلَامِ وَكَانَ عَيْشُهٗ كَفَافًا وَقَنَعَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْهَانِيءٍ الْخَوْلَانِيُّ اِسْمُهٗ حُمَيْدُ بْنُ هَانِيءٍ۔

۲۳۱: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کیلئے بشارت ہے جسے اسلام کی ہدایت دی گئی، ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور اس پر اس نے صبر کیا۔

یہ حدیث صحیح ہے اور ابو ہانی خولانی کا نام حمید بن ہانی ہے۔

۱۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي فَضْلِ الْفَقْرِ

۱۱۵: باب فقر کی فضیلت کے بارے میں

۲۳۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ نَا شَدَّادٌ اَبُوْطَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ عَنْ اَبِي الْوَازِعِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّكَ فَقَالَ انْظُرْ مَا تَقُوْلُ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِي فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ

۲۳۲: حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص بارگاہ رسالت مآب میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: اللہ کی قسم میں آپؐ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا سوچ کیا کہہ رہے ہو۔ کہنے لگا اللہ کی قسم میں آپؐ سے محبت کرتا ہوں۔ اس نے تین مرتبہ یہ بات کہی۔ آپؐ نے فرمایا اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو فقر کے لیے تیار ہو جا کیونکہ جو مجھ سے محبت کرتا

فَاِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلٰی کُنْتَ تُحِبُّنِیْ فَاعِدَّ لِلْفَقْرِفَاِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلٰی مَنْ یُحِبُّنِیْ مِنَ السَّیْلِ اِلٰی مُنْتَهَاهُ.

۲۳۳: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِیٍّ نَا اَبِیْ عَنْ شَدَّادِ اَبِیْ طَلْحَةَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَاَبُو الْوَازِعِ الرَّاسِبِیُّ اِسْمُهُ جَابِرُبْنُ عَمْرٍووَ هُوَ بَصْرِیٌّ.

ہے تو اس کی طرف فقر اس سیلاب سے بھی تیز رفتاری سے آتا ہے جو اپنے بہاؤ کی طرف تیزی سے چلتا ہے۔

۲۳۳: نضر بن علی اپنے والد سے اور وہ شداد بن ابی طلحہ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابووازع راسبی کا نام جابر بن عمرو بصری ہے۔

۱۱۶: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِیْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَائِهِمْ

۱۱۶: باب اس بارے میں کہ فقراء مہاجرین امراء سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

۲۳۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی الْبَصْرِیُّ نَازِیَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَطِیَّةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِیْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَائِهِمْ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍووَجَابِرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۳۴: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مہاجرین اغنیاء سے پانچ سو سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ، عبداللہ بن عمر اور جابر رضی اللہ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۳۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَی بْنُ وَاصِلٍ الْکُوْفِیُّ نَا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَابِدُ الْکُوْفِیُّ نَاالْحَارِثُ ابْنُ النُّعْمَانِ اللَّیْثِیُّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَائِهِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا یَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّی الْمِسْکِیْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ یَاعَائِشَةُ اَحِبِّی الْمَسَاکِیْنَ وَقَرِّبِیْهِمْ فَاِنَّ اللّٰهَ یُقَرِّبُکِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۲۳۵: حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا کی کہ یا اللہ مجھے مسکینوں میں زندہ رکھ اور انہی میں موت دے اور پھر انہی میں سے دوبارہ زندہ کرنا۔ حضرت عائشہ نے عرض کیا کیوں یارسول اللہ ﷺ۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس لیے کہ یہ اغنیاء سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ اے عائشہؓ کبھی کسی مسکین کو واپس نہ لوٹاؤ۔ اگرچہ آدھی کھجور ہی کیوں نہ دو۔ مسکینوں سے محبت کرو اور انہیں اپنے قریب کر اس لیے کہ اس سے اللہ تعالیٰ تمہیں قیامت کے دن اپنا قرب نصیب کریگا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۲۳۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا قَبِیْصَةُ نَا سُفْیَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍوعَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِصْفُ یَوْمٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۲۳۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء جنت میں اغنیاء سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے اور یہ قیامت کے دن کا آدھا حصہ ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۳۷: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ

۲۳۷: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں

بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفاً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کے فقراء جنت میں اغنیاء سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے۔

یہ حدیث حسن ہے۔

۲۳۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَاءِ هِمْ بِنِصْفِ يَوْمٍ وَهُوَ خَمْسُ مِائَةِ عَامٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۳۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فقراء مسلمان جنت میں اغنیاء سے نصف دن پہلے داخل ہوں گے اور وہ (آدھا دن) پانچ سو سال کا ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي مَعِيْشَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلِهٖ

۱۱۷: باب رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے گھر والوں کا رہن سہن

۲۳۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَدَعَتْ لِيْ بِطَعَامٍ وَقَالَتْ مَا اَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ فَاَشَاءُ اَنْ اَبْكِيَ اِلَّا بَكَيْتُ قَالَ قُلْتُ لِمَ قَالَتْ اَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِيْ فَارَقَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا وَاللّٰهِ مَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مَرَّتَيْنِ فِي يَوْمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۲۳۹: حضرت مسروق ؒ فرماتے ہیں کہ میں ام المومنین حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے میرے لیے کھانا منگوایا اور فرمایا میں جب سیر ہو کر کھانا کھاتی ہوں تو مجھے رونا آتا ہے۔ مسروق ؒ کہتے ہیں میں نے پوچھا کیوں۔ ام المومنینؓ نے فرمایا مجھے نبی اکرم ﷺ کی دنیا سے رحلت یاد آجاتی ہے۔ اللہ کی قسم آپ ﷺ کبھی ایک دن میں روٹی اور گوشت سے دو مرتبہ سیر نہ ہوئے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ يُحَدِّثُ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَاشَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ شَعِيْرٍ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۴۰: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زندگی میں کبھی دو دن متواتر جَو کی روٹی سے سیر نہ ہوئے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۴۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُهٗ ثَلَاثًا تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتّٰى فَارَقَ

۲۴۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں تین دن تک متواتر گیہوں کی روٹی سے سیر نہ ہوئے۔ یہ حدیث حسن

الدُّنيا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

صحیح ہے۔

۲۴۲: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ نَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ مَاكَانَ يَفْضُلُ عَنْ اَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُبْزُ الشَّعِيْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۴۲: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر سے کبھی جو کی روٹی حاجت سے زائد نہ نکلتی تھی (یعنی بقدر حاجت ہی ہوتی) یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۲۴۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبِيْتُ اللَّيَالِيَ الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا وَاَهْلُهُ لَا يَجِدُوْنَ عَشَاءً وَكَانَ اَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزُ الشَّعِيْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۴۳: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والے کئی کئی راتیں بھوک سے رہتے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کے پاس شام کا کھانا نہ ہوتا اور عام طور پر ان کا کھانا جو کی روٹی ہوتی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۴۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ نَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۴۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ آل محمد (محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت) کا رزق بقدر کفایت کر دے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۴۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا غَيْرُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا.

۲۴۵: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کل کیلئے کوئی چیز نہیں رکھتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے اور جعفر بن سلیمان کے علاوہ بھی مرسلا منقول ہے۔

۲۴۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَلَا اَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتّٰى مَاتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ.

۲۴۶: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی خوان (یعنی چھوٹا میز جو زمین سے کچھ اونچا ہوتا ہے) پر کھانا نہیں کھایا اور نہ چپاتی ہی کھائی۔ یہاں تک (آپ صلی اللہ علیہ وسلم) کہ رحلت کر گئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۴۷: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَابْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ

۲۴۷: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان سے کسی نے پوچھا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی میدہ

دِيْنَارٍ نَا اَبُوْحَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّهُ قِيْلَ لَهُ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ يَعْنِي الْحُوَّارَيَّ فَقَالَ سَهْلٌ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ فَقِيْلَ لَهُ هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَتْ لَنَا مَنَاخِلُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ قَالَ كُنَّا نَنْفُخُهُ فَيَطِيْرُ مِنْهُ مَا طَارَثُمَّ نُشَرِّيْهِ فَنَعْجِنُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ.

کھایا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی بھر میدہ نہیں دیکھا۔ پھر پوچھا گیا کیا عہد نبوی میں آپ لوگوں کے پاس چھنیاں ہوا کرتی تھیں۔ آپؐ نے فرمایا ''نہیں'' عرض کیا گیا تو پھر جَو کے آٹے کو کس طرح چھانتے تھے؟ انہوں نے فرمایا ہم اسے پھونک مارتے جو اڑنا ہوتا اڑ جاتا پھر باقی میں پانی ڈال کر گوندھ لیتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے ابوحازم سے نقل کیا ہے۔

۱۱۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي مَعِيْشَةِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۱۸: باب صحابہ کرامؓ کے رہن سہن کے بارے میں

۲۲۸ : حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ نَا اَبِيْ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ اَهْرَاقَ دَمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْرَاَيْتُنِيْ اَغْزُوْفِي الْعِصَابَةِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَأْكُلُ اِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِوَالْحُبْلَةَ حَتّٰى اِنَّ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ وَالْبَعِيْرُ وَاَصْبَحَتْ بَنُوْ اَسَدٍ يُعَزِّرُوْنِيْ فِي الدِّيْنِ لَقَدْ خِبْتُ اِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ بَيَانٍ.

۲۲۸: حضرت قیس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ میں پہلا شخص ہوں جس نے جہاد میں کفار کو قتل کیا اور خون بہایا۔ اسی طرح جہاد میں پہلا تیر پھینکنے والا بھی میں ہی ہوں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں صحابہؓ کی ایک جماعت کے ساتھ جہاد میں شریک تھا تو ہم لوگ درختوں کے پتوں اور خاردار جھاڑیوں کے پھل کھا کر گزارا کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمارا پاخانہ بکریوں اور اونٹوں کی مینگنی کی طرح ہوتا۔ اب قبیلہ بنو اسد میرے دین کے بارے میں طعن کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہی ہے تو اس وقت میں نامراد رہا اور میرے اعمال ضائع ہوئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے بیان کی روایت ہے۔[1]

۲۲۹ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ ثَنِيْ قَيْسٌ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ اَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا نَغْزُوْمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا الْحُبْلَةَ وَهٰذَا

۲۲۹: حضرت سعد بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں پہلا عرب ہوں جس نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں تیر پھینکا۔ مجھے یاد ہے کہ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جہاد کر رہے تھے ہمارے پاس کھانے کیلئے خاردار درختوں کے پتوں اور پھلوں کے سوا کچھ نہ تھا۔ یہاں تک کہ ہمارا پاخانہ بکریوں کی مینگنیوں کی طرح ہوتا

---

[1] سعد بن مالک (ابووقاص) قبیلہ بنو اسد کے امام تھے لوگوں نے انہیں نماز سکھانی شروع کر دی اور کہنے لگے کہ آپ کی نماز صحیح نہیں۔ پس حضرت سعد بن مالک سوچنے لگے کہ اگر واقعی میری نماز صحیح نہیں تو میں اتنی مدت جو عمل کرتا رہا وہ تو بیکار ہو گیا اور میں نقصان میں رہا لیکن ان لوگوں کا یہ الزام صحیح نہیں تھا۔ واللہ اعلم۔ (مترجم)

السَّمُرِ حَتّٰى اِنَّ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُوْاَسَدٍ تُعَزِّرُنِىْ فِى الدِّيْنِ لَقَدْ خِبْتُ اِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِىْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ.

لیکن اب بنواسد نے مجھے دین کی وجہ سے ملامت کرنی شروع کر دی تو میں سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ اگر ایسا ہے تو میں تو برباد ہو گیا اور میری نیکیاں ضائع ہو گئیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں عتبہ بن غزشوان سے بھی روایت ہے۔

۲۵۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ فَمَخَطَ فِىْ اَحَدِهِمَا ثُمَّ قَالَ بَخٍ بَخٍ يَتَمَخَّطُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِى الْكَتَّانِ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ وَاِنِّىْ لَاَخِرُّ فِيْمَا بَيْنَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحُجْرَةِ عَائِشَةَ مِنَ الْجُوْعِ مَغْشِيًّا عَلَىَّ فَيَجِىْءُ الْجَائِىْ فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلٰى عُنُقِىْ يُرٰى اَنَّ بِىَ الْجُنُوْنَ وَمَالِىْ جُنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا الْجُوْعُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۲۵۰: محمد بن سیرین کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابو ہریرہؓ کے پاس تھے ان کے پاس دو سرخ رنگ کے کپڑے تھے انہوں نے اس میں سے ایک کپڑے سے ناک صاف کیا اور فرمایا: واہ واہ، ابو ہریرہؓ آج اس کپڑے سے ناک صاف کر رہا ہے اور ایک زمانہ تھا کہ میں منبر رسول ﷺ اور حضرت عائشہؓ کے حجرے کے درمیان بھوک کی وجہ سے نڈھال ہو کر گر گیا تو گزرنے والے یہ سمجھتے ہوئے میری گردن پر پاؤں رکھنے لگے کہ شاید یہ پاگل ہو گیا ہے حالانکہ میں بھوک کی وجہ سے بے ہوش ہوا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۵۱: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ ثَنِىْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِىُّ اَنَّ اَبَا عَلِىٍّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ الْجَنْبِىَّ اَخْبَرَهُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا صَلّٰى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِى الصَّلَاةِ مِنَ الْخَصَاصَةِ وَهُمْ اَصْحَابُ الصُّفَّةِ حَتّٰى تَقُوْلَ الْاَعْرَابُ هٰؤُلَاءِ مَجَانِيْنُ اَوْمَجَانُوْنَ فَاِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ انْصَرَفَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَالَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ لَاَحْبَبْتُمْ اَنْ تَزْدَادُوْا فَاقَةً وَحَاجَةً قَالَ فَضَالَةُ اَنَا يَوْمَئِذٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۵۱: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھایا کرتے تو اصحابِ صفہ میں سے بعض حضرات بھوک سے نڈھال ہو کر بے ہوش ہو کر گر جاتے تو دیہاتی لوگ کہتے کہ یہ پاگل ہیں۔ چنانچہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوتے تو ان سے فرماتے اگر تم جان لو کہ اس فقر و فاقے پر اللہ تعالیٰ تمہیں کس قدر انعام و اکرام سے نوازیں گے تو تم لوگ اس سے بھی زیادہ فقر و فاقے کو پسند کرنے لگو۔ فضالہ کہتے ہیں کہ میں اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۵۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اٰدَمُ بْنُ اَبِىْ اِيَاسٍ نَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَاعَةٍ لَا يَخْرُجُ فِيْهَا وَلَا يَلْقَاهُ فِيْهَا اَحَدٌ فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ مَاجَاءَ بِكَ

۲۵۲: حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ خلافِ عادت (وقت میں) گھر سے نکلے۔ اس وقت آپ ﷺ سے ملاقات کے لیے بھی کوئی نہیں حاضر ہوا کرتا تھا۔ اتنے میں حضرت ابوبکرؓ تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے پوچھا: کیسے آنا ہوا؟ عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ صرف آپ ﷺ کی ملاقات

يَا اَبَا بَكْرٍ فَقَالَ خَرَجْتُ اَلْقَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْظُرُ فِي وَجْهِهٖ وَالتَّسْلِيْمَ عَلَيْهِ فَلَمْ
يَلْبَثْ اَنْ جَاءَ عُمَرُ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ يَا عُمَرُ قَالَ
اَلْجُوْعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ
ذٰلِكَ فَانْطَلَقُوْا اِلٰى مَنْزِلِ اَبِي الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيِّهَانِ
الْاَنْصَارِيِّ وَكَانَ رَجُلاً كَثِيْرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ وَلَمْ يَكُنْ
لَهٗ خَدَمٌ فَلَمْ يَجِدُوْهُ فَقَالُوْا لِاِمْرَاَتِهٖ اَيْنَ صَاحِبُكِ
فَقَالَتْ اِنْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ وَلَمْ يَلْبَثُوْا اَنْ جَاءَ
اَبُو الْهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُفَدِّيْهِ بِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ ثُمَّ انْطَلَقَ
بِهِمْ اِلٰى حَدِيْقَتِهٖ فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا ثُمَّ انْطَلَقَ اِلٰى
نَخْلَةٍ فَجَاءَ بِقِنْوٍ فَوَضَعَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَفَلَا تَنَقَّيْتَ لَنَا مِنْ رُطَبِهٖ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ
اَرَدْتُ اَنْ تَخْتَارُوْا اَوْقَالَ تَخَيَّرُوْا مِنْ رُطَبِهٖ وَبُسْرِهٖ
فَاَكَلُوْا وَشَرِبُوْا مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مِنَ
النَّعِيْمِ الَّذِيْ تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ظِلٌّ بَارِدٌ وَ
رُطَبٌ طَيِّبٌ وَمَاءٌ بَارِدٌ فَانْطَلَقَ اَبُو الْهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ
طَعَامًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحَنَّ
ذَاتَ دَرٍّ فَذَبَحَ لَهُمْ عَنَاقًا اَوْ جَدْيًا فَاَتَاهُمْ
بِهَا فَاَكَلُوْا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ
لَكَ خَادِمٌ قَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْيٌ فَاْتِنَا فَاُتِيَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَيْنِ لَيْسَ مَعَهُمَا ثَالِثٌ
فَاَتَاهُ اَبُو الْهَيْثَمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اِخْتَرْ مِنْهُمَا قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اخْتَرْ لِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ هٰذَا فَاِنِّيْ
رَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ وَاسْتَوْصِ بِهٖ مَعْرُوْفًا فَانْطَلَقَ اَبُو الْهَيْثَمِ
اِلٰى اِمْرَاَتِهٖ فَاَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

زیارت اور سلام عرض کرنے کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔ تھوڑی
دیر بعد حضرت عمرؓ بھی آ گئے۔ آپ ﷺ نے ان سے پوچھا
کیسے آنا ہوا عمر؟ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ بھوک کی وجہ سے آیا
ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مجھے کچھ بھوک محسوس ہو رہی
ہے۔ پھر وہ سب ابوالہیثم بن تیہان انصاری کے گھر کی طرف
چل پڑے۔ ابوالہیثم کے ہاں بہت سے کھجوروں کے درخت اور
کثیر تعداد میں بکریاں تھیں البتہ خادم کوئی نہیں تھا۔ جب یہ لوگ
وہاں پہنچے تو انہیں موجود نہ پا کر ان کی بیوی سے پوچھا کہ کہاں
گئے ہیں؟ عرض کیا: وہ ہمارے لیے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ اتنے
میں وہ ایک مشک اٹھائے ہوئے پہنچ گئے۔ پھر مشک رکھی، اور نبی
اکرم ﷺ کے ساتھ لپٹ گئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ ﷺ
میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ پھر ابوالہیثم ان تینوں
حضرات کو لے کر اپنے باغ میں چلے گئے ان کے لیے کپڑا بچھایا
اور درخت سے کھجور کا گچھا توڑ کر حاضر کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے
فرمایا تم ہمارے لیے صرف تازہ کھجوریں ہی کیوں نہ لائے؟
انہوں نے عرض کیا میں اس ارادہ سے تازہ پختہ اور نیم پختہ
کھجوریں لایا ہوں تاکہ آپؐ جو چاہیں اختیار فرمائیں۔ پس
انہوں نے کھجوریں کھائیں اور میٹھا پانی پیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ
نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان
ہے۔ یہ ٹھنڈا سایہ، پاکیزہ کھجوریں اور ٹھنڈا پانی ایسی نعمتیں ہیں کہ
قیامت کے دن ان کے متعلق تم لوگوں سے پوچھا جائے گا۔ پھر
جب ابوالہیثمؓ آپ ﷺ کے لیے کھانا تیار کرنے کیلئے جانے
لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا دودھ والا جانور ذبح نہ کرنا۔ چنانچہ
ابوالہیثمؓ نے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا اور پکا کر پیش کیا تو ان
حضرات نے کھانا کھایا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے پوچھا
کیا تمہارے پاس کوئی خادم نہیں۔ انہوں نے عرض کیا ''نہیں''
یا رسول اللہ ﷺ۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب ہمارے پاس
قیدی آئیں تو آنا (تھوڑے ہی دنوں میں) نبی اکرم ﷺ کی

وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِمْرَأَتُهُ مَاأَنْتَ بِبَالِغٍ مَا قَالَ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنْ تُعْتِقَهُ قَالَ هُوَعَتِيقٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا وَلَا خَلِيْفَةً اِلَّا وَلَهُ بِطَانَتَانِ بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِوَ بِطَانَةٌ لَا تَأْلُوْهُ خَبَالاً وَمَنْ يُوْقَ بِطَانَةَ السُّوْءِ فَقَدْوُقِيَ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

خدمت میں دوقیدی پیش کیے گئے۔ تو ابوالہیثم بھی حاضر ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا ان میں سے جسے چاہو لے جاؤ۔ انہوں نے عرض کیا آپ ﷺ جو چاہیں دے دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے یہ لے لو کیونکہ میں اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتا ہوں اور سنو میں تمہیں اس سے بھلائی کی نصیحت کرتا ہوں۔ جب ابوالہیثمؓ نے بیوی کے پاس جا کر نبی اکرم ﷺ کا ارشاد سنایا تو وہ کہنے لگیں کہ تم نبی اکرم ﷺ کے ارشاد کی تعمیل اس صورت میں کر سکتے ہو کہ اسے آزاد کر دو۔ ابوالہیثمؓ کہنے لگے تو پھر یہ اسی وقت آزاد ہے۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر نبی یا خلیفہ کے ساتھ دو قسم کے رفقاء رکھتے ہیں ایک وہ جو اسے اچھے کاموں کا حکم دیتے اور برائیوں سے روکتے ہیں اور دوسرے وہ جو اسے خراب کرتے ہیں۔ لہٰذا جسے برے رفقاء سے نجات دے دی گئی وہ نجات پا گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۵۳: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَااَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَذَكَرَ نَحْوَهٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَحَدِيْثُ شَيْبَانَ اَتَمُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِي عَوَانَةَ وَاَطْوَلُ وَ شَيْبَانُ ثِقَةٌ عِنْدَهُمْ صَاحِبُ كِتَابٍ.

۲۵۳: ہم سے روایت کی صالح بن عبداللہ نے انہوں نے ابوعوانہ سے وہ عبدالملک بن عمیر سے اور وہ ابوسلمہ بن عبدالرحمنؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ، ابوبکرؓ اور عمرؓ باہر تشریف لائے۔ اس کے بعد مذکورہ بالا حدیث کے ہم معنی روایت نقل کی لیکن اس میں حضرت ابوہریرہؓ کا واسطہ ذکر نہیں کیا۔ شیبان کی حدیث ابوعوانہ کی حدیث سے زیادہ مکمل اور طویل ہے۔ شیبان محدثین کے نزدیک ثقہ اور صاحب کتاب (یعنی علم والے) ہیں۔

۲۵۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ نَاسَيَّارٌ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي مَنْصُوْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْجُوْعَ وَ رَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَجَرَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۵۴: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے اپنی بھوک کی شدت بیان کی اور پیٹ سے کپڑا اٹھا کر دکھایا کہ ہم نے ایک ایک پتھر باندھ رکھا ہے۔ پس نبی اکرم ﷺ نے اپنا کپڑا اٹھایا تو دو پتھر بندھے ہوئے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۲۵۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ اَلَسْتُمْ فِي طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بِهٖ بَطْنَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۲۵۵: سماک بن حرب کہتے ہیں کہ میں نے نعمان بن بشیر کو فرماتے ہوئے سنا: کیا تمہیں تمہارا پسندیدہ کھانا اور پانی میسر نہیں حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ ﷺ کو (بعض اوقات) پیٹ بھر کر ادنیٰ قسم کی کھجوریں بھی حاصل نہ

صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ نَحْوَحَدِيْثِ اَبِى الْاَحْوَصِ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سِمَاكٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ عُمَرَ.

ہوتی تھیں ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ابوعوانہ اور کئی راوی اسے سماک بن حرب سے اس کے ہم معنی نقل کرتے ہیں ۔شعبہ یہی حدیث سماک سے وہ نعمان بن بشیرؓ سے اور وہ حضرت عمرؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۹ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ

۱۱۹: باب غناء درحقیقت دل سے ہوتا ہے

۲۵۶ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ قُرَيْشٍ الْيَامِىُّ الْكُوْفِىُّ نَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِى حَصِيْنٍ عَنْ اَبِى صَالِحٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۵۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : حقیقی مالداری ، مال کی کثرت نہیں بلکہ نفس کا غنی ہونا ہی اصل مالداری ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب : حقیقی زہد یہ ہے کہ آرزوؤں اور امیدوں کی کمی کی جائے مطلب یہ ہے کہ زہد دنیا سے بے رغبتی کی اس کیفیت کا نام ہے جو انسانی دل پر اس طرح طاری ہو کہ دل دنیا سے بےزار اور آخرت کی طرف راغب و متوجہ رہے (۲) آدمی کا دنیا میں گھر مناسب کپڑے اور روٹی پانی کے برتن کے علاوہ کوئی حق نہیں ۔اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں کی قدر نصیب فرماوے (۳) بندہ کا مال وہی ہے جو حدیث میں بیان فرمادیا ہے اور جو اس کے علاوہ ہے وہ وارثوں کا ہے (۴) توکل و یقین بہت بڑی دولت ہے اس کی وجہ سے غیبی طور پر رزق ملتا ہے (۵) مسلمان فقراء کی فضیلت حدیث مبارکہ میں اچھی بیان کردی ہے (۶) سرورکونین ﷺ کی حیات مبارکہ کتنی سادہ اور تنگی کی تھی کہ دو دن متواتر جَو کی روٹی اور گوشت سے سیر نہ ہوئے اسی طرح صحابہ کرامؓ کی زندگی عسرت اور تنگی کی تھی ۔حقیقت یہ کہ یہ لوگ دنیا میں کسی اور مقصد کے لئے بھیجے گئے تھے اور وہ مقصد بہت عالی ہے اور جن کے مقاصد عالی ہوتے ہیں ان کے نزدیک دنیا کچھ وقعت نہیں رکھتی۔

۱۲۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِى اَخْذِ الْمَالِ بِحَقِّهٖ

۱۲۰: باب حق کے ساتھ مال لینے کے متعلق

۲۵۷ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِى الْوَلِيْدِ قَالَ سَمِعْتُ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسٍ وَكَانَتْ تَحْتَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ مَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا النَّارُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَبُوالْوَلِيْدِ اِسْمُهٗ عُبَيْدُ بْنُ سَنُوْطَا.

۲۵۷: ابوولید کہتے ہیں میں نے حمزہ بن عبدالمطلب کی بیوی خولہ بنت قیس سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے جس نے اسے حق اور حلال طریقے سے حاصل کیا اس کے لیے اس میں برکت دی گئی اور بہت سے لوگ جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مال سے نفسانی خواہشات پوری کرتے ہیں ان کے لیے قیامت کے دن آگ ہی آگ ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ابوالولید کا نام عبید بن سنوطاء ہے۔

۱۲۱: بَابُ

۲۵۸: حَدَّثَنَا بِشْرُبْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ نَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لُعِنَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ قَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَتَمُّ مِنْ هٰذَا وَاَطْوَلُ.

۱۲۱: باب

۲۵۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار اور دراہم کے بندوں پر لعنت کی گئی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اور اس کے علاوہ بھی ابوہریرہؓ ہی سے مرفوعاً منقول ہے جو اس سے طویل ہے۔

۱۲۲: بَابُ

۲۵۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَكَرِيَّابْنَ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَاذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَافِي غَنَمٍ بِاَفْسَدَلَهَامِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى فِي هٰذَا الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَلَا يَصِحُّ اِسْنَادُهٗ.

۱۲۲: باب

۲۵۹: ابن کعب بن مالک انصاری اپنے والد سے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اگر دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیئے جائیں تو وہ اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا مال اور مرتبے کی حرص انسان کے دین کو خراب کرتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی حدیث منقول ہے لیکن اس کی سند صحیح نہیں۔

۱۲۳. بَابُ

۲۶۰: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ نَازَيْدُ بْنُ حُبَابٍ حَدَّثَنِي الْمَسْعُوْدِيُّ نَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حَصِيْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَفِي جَنْبِهٖ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوِاتَّخَذْنَالَكَ وِطَآءً فَقَالَ مَالِيْ وَلِلدُّنْيَا مَااَنَا فِي الدُّنْيَا اِلَّا كَرَاكِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَو ابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۳: باب

۲۶۰: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ (اپنے) بوریے پر سے سو کر اٹھے تو آپ ﷺ کے جسم مبارک پر چٹائی کے نشانات تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ ہمیں اجازت دیجئے کہ آپ ﷺ کے لیے ایک بچھونا بنا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے دنیا سے کیا کام۔ میں تو دنیا میں اس طرح ہوں کہ جیسے کوئی سوار کسی درخت کے نیچے سائے کی وجہ سے بیٹھ گیا پھر وہاں سے روانہ ہو گیا اور درخت کو چھوڑ دیا۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۲۴: بَابُ

۲۶۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ وَ اَبُوْ

۱۲۴: باب

۲۶۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

دَاوُدَ قَالَا نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنِي مُوسَى بْنُ وَرْدَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے دوست کے دین پر ہے۔ پس تم میں سے ہر ایک کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس کو دوست بنا رہا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۲۵: بَابٌ

۱۲۵: باب

۲۶۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثٌ فَيَرْجِعُ اِثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ يَتْبَعُهٗ اَهْلُهٗ وَ مَالُهٗ وَعَمَلُهٗ فَيَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۶۲: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں۔ ان میں سے دو واپس آجاتی ہیں اور ایک وہیں رہ جاتی ہے اس کے پیچھے اس کا مال، اولاد اور عمل جاتے ہیں۔ اولاد اور مال واپس آجاتے ہیں اور عمل (اس کے ساتھ) باقی رہتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ كَثْرَةِ الْاَكْلِ

۱۲۶: باب اس بارے میں کہ زیادہ کھانا مکروہ ہے

۲۶۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ ثَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ وَحَبِيْبُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ عَنْ مِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامَلَاءَ اٰدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُكُلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهٗ فَاِنْ كَانَ لَا مُحَالَةَ فَثُلُثٌ لِطَعَامِهٖ وَثُلُثٌ لِشَرَابِهٖ وَثُلُثٌ لِنَفْسِهٖ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُرْفَةَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ نَحْوَهٗ وَقَالَ الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِيْكَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۶۳: حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان نے پیٹ سے بدتر برتن نہیں بھرا۔ چنانچہ ابن آدم کے لیے کمر سیدھی کرنے کیلئے چند لقمے کافی ہیں۔ اگر اس سے زیادہ ہی کھانا ہو تو پیٹ کے تین حصے کرلے۔ ایک کھانے کے لیے دوسرا پانی کیلئے اور تیسرا سانس لینے کیلئے۔ حسن بن عرفہ بھی اسماعیل بن عیاش سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدام بن معد یکربؓ نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی لیکن اس میں "سَمِعْتُ النَّبِيَّ" میں نے نبی ﷺ سے سنا کہ الفاظ نہیں ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب: مطلب یہ ہے کہ حلال میں برکت ہوتی ہے تھوڑے سے مال کے ذریعہ بہت فائدہ ہوتا ہے اور حرام مال جہنم میں جانے کا ذریعہ اور بے برکت بھی ہے جو صرف پیسے کا بندہ ہے اس پر لعنت فرمائی گئی ہے۔ واقعی مال اور لالچ ہلاک کرنے والے ہیں دنیا کی مثال اس درخت کے ساتھ دی کہ جس کے سایہ کے نیچے کوئی مسافر تھوڑی دیر کے لئے بیٹھ جائے اور درخت کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے نیز سب کچھ یہاں رہ جاتا ہے صرف اعمال ساتھ دیتے ہیں۔

۱۲۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرِّيَآءِ وَالسُّمْعَةِ

۲۶۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُرَائِيْ يُرَائِيْ اللّٰهُ بِهِ وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ جُنْدُبٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۶۵: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِي الْوَلِيْدِ اَبُوْ عُثْمَانَ الْمَدَائِنِيُّ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَهُ اَنَّ شُفَيًّا الْاَصْبَحِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّهُ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَدِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقَالُوْا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَدَنَوْتُ مِنْهُ حَتّٰى قَعَدْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُحَدِّثُ النَّاسَ فَلَمَّا سَكَتَ وَخَلَا قُلْتُ لَهُ اَسْأَلُكَ بِحَقٍّ وَبِحَقٍّ لَمَا حَدَّثْتَنِيْ حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلْتَهُ وَعَلِمْتَهُ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلْتُهُ وَعَلِمْتُهُ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْهُرَيْرَةَ نَشْغَةً فَمَكَثْنَا قَلِيْلًا ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ مَامَعَنَا اَحَدٌ غَيْرِيْ وَغَيْرُهُ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً ثُمَّ اَفَاقَ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَقَالَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَهُوَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ مَا مَعَنَا اَحَدٌ غَيْرِيْ وَغَيْرُهُ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً ثُمَّ مَالَ خَارًّا عَلٰى وَجْهِهِ فَاَسْنَدْتُهُ

۱۲۷: باب ریاکاری اور شہرت کے متعلق

۲۶۴: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص لوگوں کو دکھانے کیلئے عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عبادت لوگوں کو دکھا دیتے ہیں اور جو شخص لوگوں کو سنانے کیلئے عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عبادت لوگوں کو سنا دیتے ہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں کرتا۔ اس باب میں حضرت جندبؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۶۵: حضرت شفیا اصحی کہتے ہیں کہ میں مدینہ میں داخل ہوا تو دیکھا کہ لوگ ایک آدمی کے گرد جمع ہوئے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ کہا گیا۔ ابوہریرہؓ۔ میں بھی ان کے قریب ہو گیا یہاں تک کہ ان کے بالکل سامنے بیٹھ گیا۔ وہ لوگوں سے حدیث بیان کر رہے تھے۔ جب وہ خاموش ہوئے تو میں نے عرض کیا کہ میں آپ سے اللہ کے واسطے ایک سوال کرتا ہوں کہ مجھ سے کوئی ایسی حدیث بیان کیجئے جسے آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا اور اچھی طرح سمجھا ہو۔ فرمایا ضرور بیان کروں گا۔ پھر چیخ ماری اور بے ہوش ہو گئے۔ جب افاقہ ہوا تو فرمایا: میں تم سے ایسی حدیث بیان کروں گا جو آپ ﷺ نے مجھ سے اسی گھر میں بیان کی تھی اس وقت میرے اور آپ ﷺ کے علاوہ کوئی تیسرا نہیں تھا۔ اس کے بعد ابوہریرہؓ نے بہت زور سے چیخ ماری اور دوبارہ بے ہوش ہو گئے۔ تیسری مرتبہ بھی اسی طرح ہوا اور منہ کے بل نیچے گرنے لگے تو میں نے انہیں سہارا دیا اور کافی دیر تک سہارا دیئے کھڑا رہا۔ پھر انہیں ہوش آیا تو کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے کیلئے نزول فرمائیں گے۔ اس وقت ہر امت گھٹنوں کے بل گری پڑی ہوگی۔ پس جنہیں سب سے پہلے بلایا جائے گا۔ وہ تین شخص ہوں گے۔ ایک حافظ قرآن، دوسرا شہید اور تیسرا دولتمند شخص۔ اللہ تعالیٰ قاری سے پوچھیں گے کیا

طَوِيْلًا ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ ثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ یَنْزِلُ اِلَی الْعِبَادِ لِیَقْضِیَ بَیْنَهُمْ وَکُلُّ اُمَّةٍ جَاثِیَةٌ فَاَوَّلُ مَنْ یَّدْعُوْابِهٖ رَجُلٌ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ وَرَجُلٌ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ کَثِیْرُ الْمَالِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْقَارِئِ اَلَمْ اُعَلِّمْکَ مَااَنْزَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِیْ قَالَ بَلٰی یَارَبِّ قَالَ فَمَاذَا عَمِلْتَ فِیْمَا عَلِمْتَ قَالَ کُنْتُ اَقُوْمُ بِهٖ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ کَذَبْتَ وَتَقُوْلُ الْمَلَائِکَةُ لَهٗ کَذَبْتَ وَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ بَلْ اَرَدْتَ اَنْ یُّقَالَ فُلَانٌ قَارِئٌ فَقَدْ قِیْلَ ذَاکَ وَیُؤْتٰی بِصَاحِبِ الْمَالِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ اَلَمْ اُوَسِّعْ عَلَیْکَ حَتّٰی لَمْ اَدَعْکَ اَلَمْ تَحْتَاجُ اِلٰی اَحَدٍ قَالَ بَلٰی یَارَبِّ قَالَ فَمَا ذَا عَمِلْتَ فِیْمَا اٰتَیْتُکَ قَالَ کُنْتُ اَصِلُ الرَّحِمَ وَاَتَصَدَّقُ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ کَذَبْتَ وَتَقُوْلُ الْمَلَائِکَةُ لَهٗ کَذَبْتَ وَیَقُوْلُ اللّٰهُ بَلْ اَرَدْتَ اَنْ یُقَالَ فُلَانٌ جَوَادٌ وَقَدْ قِیْلَ ذَاکَ وَیُؤْتٰی بِالَّذِیْ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ فِیْمَاذَا قُتِلْتَ فَیَقُوْلُ اُمِرْتُ بِالْجِهَادِ فِیْ سَبِیْلِکَ فَقَاتَلْتُ حَتّٰی قُتِلْتُ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ کَذَبْتَ وَتَقُوْلُ لَهٗ الْمَلَائِکَةُ کَذَبْتَ وَیَقُوْلُ اللّٰهُ بَلْ اَرَدْتَ اَنْ یُّقَالَ فُلَانٌ جَرِیْءٌ فَقَدْ قِیْلَ ذٰلِکَ ثُمَّ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی رُکْبَتِیْ فَقَالَ یَااَبَاهُرَیْرَةَ اُولٰئِکَ الثَّلَاثَةُ اَوَّلُ خَلْقِ اللّٰهِ تُسَعَّرُبِهِمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ قَالَاالْوَلِیْدُ اَبُوْعُثْمَانَ الْمَدَائِنِیُّ فَاَخْبَرَنِیْ عُقْبَةُ اَنَّ شُفَیًّا هُوَالَّذِیْ دَخَلَ عَلٰی مُعَاوِیَةَ فَاَخْبَرَهٗ بِهٰذَا قَالَ اَبُوْ عُثْمَانَ وَحَدَّثَنِی الْعَلَاءُ بْنُ اَبِیْ حَکِیْمٍ اَنَّهٗ کَانَ سَیَّافًا لِمُعَاوِیَةَ قَالَ فَدَخَلَ عَلَیْهِ رَجُلٌ فَاَخْبَرَهٗ بِهٰذَا عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ فَقَالَ مُعَاوِیَةُ قَدْ فُعِلَ بِهٰؤُلَاءِ هٰذَا فَکَیْفَ بِمَنْ بَقِیَ مِنَ النَّاسِ ثُمَّ بَکٰی مُعَاوِیَةُ بُکَاءً

میں نے تمہیں وہ کتاب نہیں سکھائی جو میں نے اپنے رسول (ﷺ) پر نازل کی۔عرض کرے گا کیوں نہیں یااللہ۔اللہ تعالیٰ پوچھیں گے تو نے اپنے حاصل کردہ علم کے مطابق کیا عمل کیا۔وہ عرض کرے گا میں اسے دن اور رات پڑھا کرتا تھا۔اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تم جھوٹ بولتے ہو۔اسی طرح فرشتے بھی اسے یہی کہیں گے۔پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تم اس لیے ایسا کرتے تھے کہ لوگ کہیں کہ فلاں شخص قاری ہے۔(یعنی شہرت اور ریاکاری کی وجہ سے ایسا کرتے تھے) چنانچہ وہ تو کہہ دیا گیا۔پھر مالدار آدمی پیش کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے۔کیا میں نے تمہیں مال میں اتنی وسعت نہ دی کہ تجھے کسی کا محتاج نہ رکھا۔عرض کرے گا ہاں یااللہ۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا میری دی ہوئی دولت سے کیا عمل کیا۔وہ کہے گا میں قرابتداروں سے صلہ رحمی کرتا اور خیرات کرتا تھا۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹا ہے۔فرشتے بھی کہیں گے تو جھوٹا ہے۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو چاہتا تھا کہ کہا جائے فلاں بڑا سخی ہے۔سو ایسا کیا جا چکا۔پھر شہید کو لایا جائے گا۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو کس لیے قتل ہوا۔وہ کہے گا تو نے مجھے اپنے راستے میں جہاد کا حکم دیا۔پس میں نے لڑائی کی یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تو نے جھوٹ کہا۔فرشتے بھی کہیں گے تو جھوٹا ہے۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیری نیت یہ تھی کہ لوگ کہیں فلاں بڑا بہادر ہے۔پس یہ بات کہی گئی۔حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے زانو پر مارتے ہوئے فرمایا اے ابوہریرہؓ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب سے پہلے ان ہی تین آدمیوں سے جہنم کو بھڑکایا جائے گا۔ولید ابوعثمان مدائنی کہتے ہیں مجھے عقبہ نے بتایا کہ یہی شخص حضرت معاویہؓ کے پاس گئے اور انہیں حدیث سنائی۔ابوعثمان کہتے ہیں مجھے علاء بن حکیم نے بتایا کہ یہ شخص حضرت امیر معاویہؓ کے پاس جلاد تھے۔کہتے ہیں حضرت امیر معاویہؓ کے پاس ایک آدمی آیا اور انہیں حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث بتائی تو حضرت معاویہؓ نے فرمایا ان تینوں کا یہ حشر ہے تو باقی

شَدِیْدًا حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهٗ هَالِکٌ وَقُلْنَا قَدْجَاءَ نَاهٰذَا الرَّجُلُ بِشَرٍّ ثُمَّ اَفَاقَ مُعَاوِیَةُ وَمَسَحَ عَنْ وَجْهِهٖ وَقَالَ صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَانُوَفِّ اِلَیْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِیْهَا وَهُمْ فِیْهَا لاَ یُبْخَسُوْنَ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ اِلاَّ النَّارُ وَحَبِطَ مَاصَنَعُوْا فِیْهَا وَبَاطِلٌ مَاکَانُوْا یَعْمَلُوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

لوگوں کا کیا حال ہوگا۔ پھر حضرت معاویہؓ اتنا روئے یہاں تک کہ ہم سوچنے لگے کہ وہ اب فوت ہوجائیں گے۔ اور ہم نے کہا یہ آدمی ہمارے پاس شر لے کر آیا ہے۔ پھر جب حضرت معاویہؓ کو ہوش آیا تو آپؓ نے چہرہ پونچھا اور فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ فرمایا۔ پھر یہ آیت پڑھی " مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا...... " "جو شخص دنیاوی زندگی اور اس کی رونق چاہتا ہے ہم ایسے لوگوں کے اعمال کا بدلہ دنیا میں دے دیتے ہیں اور اس میں کوئی کمی نہیں رکھتے۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں دوزخ کے سوا کچھ نہیں۔ پس جو کچھ انہوں نے دنیا میں کیا وہ ضائع ہوگیا اور ان کے اعمال باطل ہوگئے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۲۸: بَابٌ

۲۶۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَاالْمُحَارِبِیُّ عَنْ عَمَّارِ بْنِ سَیْفِ الضَّبِّیِّ عَنْ اَبِیْ مَعَانِ الْبَصْرِیِّ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحَزَنِ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جُبُّ الْحَزَنِ قَالَ وَادٍ فِیْ جَهَنَّمَ یَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ کُلَّ یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ یَدْخُلُهٗ قَالَ الْقُرَّاءُ وْنَ الْمُرَاؤُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۱۲۸: باب

۲۶۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غم کے کنویں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غم کا کنواں کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنم میں ایک وادی ہے جس سے (خود) جہنم بھی دن میں سو مرتبہ پناہ مانگتا ہے۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس میں کون داخل ہوگا؟۔ آپؐ نے فرمایا ریا کاری سے قرآن پڑھنے والے۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۲۹: بَابٌ

۲۶۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَااَبُوْ دَاوٗدَ نَااَبُوْسِنَانِ الشَّیْبَانِیُّ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ یَعْمَلُ الْعَمَلَ فَیُسِرُّهٗ فَاِذَا اطُّلِعَ عَلَیْهِ اَعْجَبَهٗ ذٰلِکَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَهٗ اَجْرَانِ اَجْرُالسِّرِّ وَاَجْرُالْعَلاَنِیَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوَی الْاَعْمَشُ وَغَیْرُهٗ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی

۱۲۹: باب

۲۶۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اس شخص کے متعلق کیا حکم ہے جو اپنے کسی نیک عمل کو چھپاتا ہے لیکن جب وہ ظاہر ہوجاتا ہے تو بھی وہ اس کے ظاہر ہوجانے کو پسند کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کے لیے دو اجر ہیں ایک چھپنے کا اور دوسرا ظاہر ہوجانے کا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اعمش نے حبیب بن ابی ثابت سے اور وہ ابوصالح سے یہ حدیث مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم اس حدیث کی تفسیر اس طرح

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَقَدْ فَسَّرَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ ھٰذَا الْحَدِیْثَ اِذَا اطُّلِعَ عَلَیْہِ فَاَعْجَبَہُ اِنَّمَا مَعْنَاہُ اَنْ یُّعْجِبَہُ ثَنَاءُ النَّاسِ عَلَیْہِ بِالْخَیْرِ لِقَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتُمْ شُھَدَاءُ اللّٰہِ فِی الْاَرْضِ فَیُعْجِبُہُ ثَنَاءُ النَّاسِ عَلَیْہِ ھٰذَا فَاَمَّا اِذَا اَعْجَبَہُ لِیَعْلَمَ النَّاسُ مِنْہُ الْخَیْرَ وَیُکْرَمُ وَیُعَظَّمُ عَلٰی ذٰلِکَ فَھٰذَا رِیَاءٌ وَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اِذَا اطُّلِعَ عَلَیْہِ فَاَعْجَبَہُ رَجَاءَ اَنْ یُّعْمَلَ بِعَمَلِہٖ فَتَکُوْنُ لَہٗ مِثْلُ اُجُوْرِھِمْ فَھٰذَا لَہٗ مَذْھَبٌ اَیْضًا۔

کرتے ہیں کہ جب اس کی نیکی لوگوں پر ظاہر ہو جاتی ہے اور وہ اس کی تعریف کرتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہوتا ہے اور اسے آخرت میں بہتر معاملے کی امید ہوتی ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم لوگ اللہ کی زمین پر گواہ ہو لیکن اگر کوئی شخص لوگوں کے اس سے مطلع ہونے کو اس لیے پسند کرے کہ وہ اس کی تعظیم وتکریم کریں گے تو یہ ریا کاری ہے جبکہ بعض علماء یہ بھی کہتے ہیں کہ لوگوں کے اس کے بھلائی سے مطلع ہونے پر خوشی کا مطلب یہ ہے کہ لوگ بھی اس نیک کام میں اس کی اتباع کریں گے اور اسے بھی اجر ملے گا تو یہ ایک مناسب بات ہے۔

۱۳۰ : بَابُ اَنَّ الْمَرْءَ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

۱۳۰: باب آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ وہ صحبت رکھے گا

۲۶۸ : حَدَّثَنَا اَبُوْ ھِشَامٍ الرِّفَاعِیُّ نَاحَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَہٗ مَا اکْتَسَبَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ حَسَنِ الْبَصْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ۔

۲۶۸: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جسے وہ پسند کرے گا اور اسے اپنے کیے ہوئے عمل کا ہی اجر ملے گا۔ اس باب میں حضرت علیؓ، عبداللہ بن مسعودؓ، صفوان بن عسالؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن بصری بواسطہ انسؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۲۶۹ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّہٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَتٰی قِیَامُ السَّاعَۃِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَلَمَّا قَضٰی صَلَاتَہٗ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنْ قِیَامِ السَّاعَۃِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا اَعْدَدْتَ لَھَا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَعْدَدْتُ لَھَا کَبِیْرَ صَلٰوۃٍ وَلَا صَوْمٍ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فَمَا رَاَیْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَھُمْ بِھَاھٰذَا حَدِیْثٌ

۲۶۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ قیامت کب آئے گی؟ آپ ﷺ نماز کے لیے کھڑے ہو گئے اور جب فارغ ہوئے تو پوچھا سوال کرنے والا کہاں ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا: میں حاضر ہوں یارسول اللہ ﷺ۔ فرمایا تم نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کیا: میں نے اس کی تیاری میں لمبی لمبی نمازیں اور بہت زیادہ روزے تو نہیں رکھے ہاں اتنا ضرور ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا (قیامت کے دن) ہر شخص اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے اور تم بھی اسی کے ساتھ ہو گے جس سے محبت کرتے ہو۔ راوی کہتے ہیں کہ میں

صَحِیْحٌ.

نے مسلمانوں کو اسلام کے بعد اس بات سے زیادہ کسی چیز سے خوش ہوتے نہیں دیکھا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۷۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا یَحْیَی ابْنُ اٰدَمَ اَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرِّبْنِ حُبَیْشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ جَهْوَرِیُّ الصَّوْتِ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ الرَّجُلُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا یَلْحَقْ هُوَ بِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْءُ مَعَ اَحَبَّ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۲۷۰: حضرت صفوان بن عسالؓ سے روایت ہے کہ ایک بلند آواز والا دیہاتی آیا اور عرض کیا اے محمد ﷺ اگر کوئی آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہو لیکن وہ ان سے مل نہیں سکا (یعنی عمل میں ان کے برابر نہیں) پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن آدمی اسی کیساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۷۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِیْثِ مَحْمُوْدٍ.

۲۷۱: ہم سے روایت کی احمد بن عبدہ ضبی نے انہوں نے حماد بن زید سے انہوں نے عاصم سے انہوں نے زِرّ سے انہوں نے صفوان سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے محمود کی حدیث کی مانند روایت نقل کی ہے۔

خلاصۃ الباب: ریاء رؤیت سے مشتق ہے اس کے معنی ہیں اپنے آپ کو لوگوں کی نظر میں اچھا بنا کر پیش کرنا اور اپنی عبادت و نیکی کا سکہ جمانا اور اس کے ذریعہ لوگوں کی نظر میں اپنی قدر و منزلت چاہنا۔ سُمْعَۃٌ (سین کے اور میم کے جزم کے ساتھ) کے معنی ہیں وہ کام جو لوگوں کے سنانے اور شہرت حاصل کرنے کے لئے کیا جائے دونوں میں فرق یہ ہے کہ ریاء کا تعلق دکھانے کے ساتھ ہوتا ہے اور سمعہ کا تعلق سمع (سنانے) کے ساتھ۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کوئی نیکی کا کام محض شہرت و ناموس اور حصول عزت کے لئے کرے گا تو اللہ تعالیٰ دنیا میں اس کے ان عیوب اور بُرے کاموں کو اپنی مخلوق کے سامنے ظاہر کر دے گا جن کو وہ چھپاتا ہے اور لوگوں کی نظر میں اس کو ذلیل و رسوا کر دے گا یا یہ مطلب ہے کہ قیامت کے دن اس کو اس نیک عمل کا ثواب صرف اس کو دکھائے اور سنائے گا اجر و ثواب نہیں دے گا اور بھی کئی مطلب بیان کئے گئے ہیں (۲) ریاء اور سمعہ کی وجہ سے بڑے بڑے اعمال ضائع ہو جائیں گے اور ریاکار کو گھسیٹ کر الٹا جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ لوگوں کے اس کی نیکی سے مطلع ہونے پر خوشی مطلب یہ کہ میری اتباع و پیروی کا جذبہ پیدا ہوگا اور یہ شخص اس طرح نماز پڑھے گا جس طرح میں پڑھ رہا ہوں۔

۱۳۱: بَابُ فِی حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰهِ تَعَالٰی

۱۳۱: باب اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھنے کے متعلق

۲۷۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا وَکِیْعٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا دَعَانِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۲۷۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے بندے کے گمان کے پاس ہوتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوں جب بھی وہ مجھے پکارے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْبِرِّ وَالْاِثْمِ

۱۳۲: باب نیکی اور بدی کے بارے میں۔

۲۷۳: حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْکِنْدِیُّ الْکُوْفِیُّ

۲۷۳: حضرت نواس بن سمعان فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے

نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ ثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرِ الْحَضْرَمِیُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ اَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاکَ فِی نَفْسِکَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ النَّاسُ عَلَيْهِ .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور بدی کے بارے میں پوچھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیکی عمدہ اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے اور تم لوگوں کا اس سے مطلع ہونا پسند نہ کرو۔

۲۷۴ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۲۷۴: ہم سے روایت کی بندار نے انہوں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے وہ معاویہ بن صالح سے اور وہ عبدالرحمٰن سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں البتہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے (خود) نبی اکرم ﷺ سے یہ بات پوچھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۳ : بَابُ مَاجَآءَ فِی الْحُبِّ فِی اللّٰهِ

۱۳۳: باب اللہ کے لیے محبت کرنا

۲۷۵ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا كَثِيْرُ بْنُ هِشَامٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ نَا حَبِيْبُ بْنُ اَبِیْ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ مُسْلِمِ الْخَوْلَانِیِّ ثَنِیْ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ الْمُتَحَابُّوْنَ فِی جَلَالِیْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَاَبِیْ مَالِکٍ الْاَشْعَرِیِّ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَبُوْمُسْلِمِ الْخَوْلَانِیُّ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ثُوَبٍ .

۲۷۵: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے لئے آپس میں محبت کرنے والوں کے لیے (قیامت کے دن) نور کے منبر ہوں گے جن پر انبیاء اور شہداء بھی رشک کریں گے۔ اس باب میں حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ، ابن مسعود رضی اللہ عنہ، عبادہ بن صامتؓ، ابو مالک اشعریؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو مسلم خولانی کا نام عبداللہ بن ثوب ہے۔

۲۷۶ : حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِکٌ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَوْعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِی ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَاءَ بِعِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ كَانَ قَلْبُهٗ مُعَلَّقًا بِالْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْهُ حَتّٰى يَعُوْدَ اِلَيْهِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ فَاجْتَمَعَا عَلٰى ذٰلِکَ

۲۷۶: حفص بن عاصم، حضرت ابو ہریرہؓ یا حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سات آدمی ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کا سایہ نصیب ہوگا جس دن اس کے سائے کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔ (۱) انصاف کرنے والا حکمران۔ (۲) وہ نوجوان جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہوئے نشوونما پائی ہو۔ (۳) وہ شخص جو مسجد سے نکلتا ہے تو واپس مسجد جانے تک اس کا دل اسی میں لگا رہتا ہے۔ (۴) ایسے دو

وَتَفَرَّقَا وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ ذَاتُ حَسَبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّي اَخَافُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ مِثْلَ هٰذَا وَ شَكَّ فِيْهِ وَقَالَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَوْعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَوَاهُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ فَقَالَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ .

شخص جو آپس میں اللہ کے لیے محبت کرتے ہیں اور اسی پر جدا ہوتے ہیں۔ (۵) وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کو یاد کرے اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ (۶) وہ شخص جسے حسین و جمیل اور حسب نسب والی عورت زنا کے لیے بلائے اور وہ یہ کہہ کر انکار کر دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ (۷) ایسا شخص جو اس طرح صدقہ کرتا ہے کہ اس کے بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہیں ہوتی کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مالک بن انسؓ سے بھی کئی سندوں سے اسی طرح منقول ہے لیکن اس میں شک ہے کہ ابوہریرہؓ راوی ہیں یا ابوسعیدؓ۔ پھر عبیداللہ بن عمرؓ بھی اسے خبیب بن عبدالرحمٰن سے وہ حفص بن عاصم سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۲۷۷ : حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ مَعْنَاهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ كَانَ قَلْبُهُ مُعَلَّقًا بِالْمَسَاجِدِ وَقَالَ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۷۷: ہم سے روایت کی سوار بن عبداللہ عنبری اور محمد بن مثنیٰ نے دونوں نے کہا ہم سے روایت کی یحییٰ بن سعید نے انہوں نے عبیداللہ بن عمر سے انہوں نے خبیب بن عبدالرحمٰن سے انہوں نے حفص بن عاصم سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے انہوں نے نبی ﷺ سے مالک بن انسؓ کی حدیث کے ہم معنی روایت کی لیکن اس میں تیسرا شخص وہ ہے جس کا دل مسجد میں لگا رہتا ہے اور ''ذات حسب'' کی جگہ ''ذات منصب'' کے الفاظ ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۴ : بَابُ مَاجَاءَ فِي اِعْلَامِ الْحُبِّ

۱۳۴: باب محبت کی خبر دینے کے متعلق

۲۷۸ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحَبَّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ اِيَّاهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي ذَرٍّ وَاَنَسٍ حَدِيْثُ الْمِقْدَامِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۲۷۸: حضرت مقدام بن معد یکربؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں کوئی کسی بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ اسے بتادے۔ اس باب میں حضرت ابوذرؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت مقدام کی حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۷۹ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَ قُتَيْبَةُ قَالَا نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ الْقَصِيْرِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ نُعَامَةَ الضَّبِّيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۲۷۹: حضرت یزید بن نعامہ ضبی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی کسی سے بھائی چارگی قائم کرلے تو اس سے اس کا نام، اس کے والد کا

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اٰخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْأَلْهُ عَنْ اِسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَاِنَّهٗ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَا نَعْرِفُ لِيَزِيْدَ بْنِ نُعَامَةَ سَمَاعًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوُ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَا يَصِحُّ اِسْنَادُهٗ.

نام اور اس کے خاندان کا نام پوچھ لے۔ کیونکہ یہ بات محبت کو زیادہ قائم کرتی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ یزید بن نعامہ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ہمیں معلوم نہیں۔ حضرت ابن عمرؓ سے بھی اس حدیث کی مثل مرفوع روایت منقول ہے لیکن اس کی سند صحیح نہیں۔

۱۳۵: بَابُ كَرَاهِيَةِ الْمِدْحَةِ وَالْمَدَّاحِيْنَ

۱۳۵: باب تعریف کرنے اور تعریف کرانے والوں کی برائی

۲۸۰: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَاَثْنٰى عَلٰى اَمِيْرٍ مِّنَ الْاُمَرَاءِ فَجَعَلَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ يَحْثُوْ فِيْ وَجْهِهِ التُّرَابَ وَقَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَحْثُوَ فِيْ وُجُوْهِ الْمَدَّاحِيْنَ التُّرَابَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰى زَائِدَةُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَحَدِيْثُ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ اَصَحُّ وَاَبُوْ مَعْمَرٍ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ وَالْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ هُوَ الْمِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو الْكِنْدِيُّ وَيُكْنٰى اَبَا مَعْبَدٍ وَاِنَّمَا نُسِبَ اِلَى الْاَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ لِاَنَّهٗ كَانَ تَبَنَّاهُ وَهُوَ صَغِيْرٌ.

۲۸۰: ابومعمر سے روایت ہے کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور اُمراء میں سے ایک امیر کی تعریف کرنے لگا تو مقداد بن اسود نے اس کے منہ میں مٹی ڈالنا شروع کر دی اور فرمایا ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم تعریف کرنے والوں کے منہ میں مٹی ڈالیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ زائدہ بھی یہ حدیث یزید بن ابی زیاد سے وہ مجاہد سے اور وہ ابن عباسؓ سے نقل کرتے ہیں۔ مجاہد کی ابومعمر سے روایت اصح ہے۔ ابومعمر کا نام عبداللہ بن سخبرہ ہے اور مقداد بن اسود سے مقداد بن عمرو کندی مراد ہیں ان کی کنیت ابومعبد ہے۔ یہ اسود بن عبد یغوث کی طرف منسوب ہیں کیونکہ انہوں نے بچپن میں انہیں متبنی (منہ بولا بیٹا) بنایا تھا۔

۲۸۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْكُوْفِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سَالِمٍ الْخَيَّاطِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَحْثُوَ فِيْ اَفْوَاهِ الْمَدَّاحِيْنَ التُّرَابَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۲۸۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم تعریف کرنے والوں کے منہ میں مٹی ڈالیں۔ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے غریب ہے۔

۱۳۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ

۱۳۶: باب مؤمن کی محبت کے متعلق

۲۸۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ

۲۸۲: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں

حَیْوَةَ بْنِ شُرَیْحٍ نَا سَالِمُ بْنُ غَیْلَانَ اَنَّ الْوَلِیْدَ بْنَ قَیْسٍ التُّجِیْبِیَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیَّ قَالَ سَالِمٌ اَوْ عَنْ اَبِی الْهَیْثَمِ عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا یَاْکُلْ طَعَامَکَ اِلَّا تَقِیٌّ هٰذَا حَدِیْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ صرف مؤمن ہی کی محبت اختیار کرو اور متقی آدمی ہی کو کھانا کھلاؤ۔

اس حدیثِ مبارکہ کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: حدیث میں بشارت وخوش خبری ہے ان لوگوں کے لئے جو علماء، صلحاء اور بزرگان دین سے عقیدت ومحبت اور دوستی رکھتے ہیں کہ وہ لوگ ان شاء اللہ قیامت کے دن انہی علماء وصلحاء اور بزرگان دین کے ساتھ اٹھیں گے اور آخرت میں ان کی رفاقت ومعصیت کی دولت پائیں گے۔ مُلّا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ حدیث کا ظاہری مفہوم عمومیت پر دلالت کرتا ہے یعنی عمومی طور پر یہ نکتہ بیان فرمایا گیا ہے کہ جو شخص کسی سے محبت رکھتا ہے اس کا حشر اس کے ساتھ ہوگا خواہ نیک وصالح ہو یا بدکار وفاسق اس کی تائید المرءُ علیٰ دین خلیلہ بھی آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے (۲) اللہ ہی کی رضا وخوشنودی کی خاطر محبت کرنے، باہم بیٹھنے والے اور اللہ تعالیٰ کے لئے خرچ کرنے والے نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے کہ انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کے عرش کے سایہ کے نیچے رہنے والوں میں سے وہ دو مسلمان شخص ہیں جو محض اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر محبت کرتے ہیں اور ان کا باہم اجتماع اور جدا ہونا بھی اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہے۔ حضور ﷺ کی یہ تعلیم بھی ہے کہ جس مسلمان بھائی سے کسی کو محبت ہو تو اس کو بتا دینا چاہئے (۳) منہ پر تعریف کرنا مذموم ہے اس شخص کی حوصلہ شکنی کرنے کا حکم ہے کہ تعریف کرنے والے کے منہ میں مٹی ڈال دے۔

۱۳۷: بَابُ فِی الصَّبْرِ عَلَی الْبَلَاءِ

۱۳۷: باب مصیبت پر صبر کرنے کے بارے میں

۲۸۳: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِی حَبِیْبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الْخَیْرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوْبَةَ فِی الدُّنْیَا وَاِذَا اَرَادَ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ اَمْسَکَ عَنْهُ بِذَنْبِهٖ حَتّٰی یُوَافِیَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَاِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِیَ فَلَهُ الرِّضٰی وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۸۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے عذاب میں جلدی کرتا ہے اور دنیا ہی میں اس کا بدلہ دے دیتا ہے اور اگر کسی کے ساتھ شر کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے گناہوں کی سزا قیامت تک مؤخر کر دیتا ہے۔ اسی سند سے نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا زیادہ ثواب بڑی آزمائش یا بڑی مصیبت پر دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ جن لوگوں سے محبت کرتا ہے انہیں آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہے۔ پس جو راضی ہو جائے اس کے لیے رضا اور جو ناراض ہو اس کے لیے ناراضگی مقدر ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے

۲۸۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ یُحَدِّثُ یَقُوْلُ قَالَتْ

۲۸۴: اعمش کہتے ہیں میں نے ابووائل کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی

عَائِشَةُ مَارَاَيْتُ الْوَجعَ عَلٰى اَحَدٍ اَشَدَّ مِنْهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اکرم ﷺ کے درد سے شدید کسی کا درد نہیں دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۸۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا شَرِيْكٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلاءً قَالَ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ فَاِنْ كَانَ فِىْ دِيْنِهٖ صُلْبًا اشْتَدَّبَلاءُهٗ وَ اِنْ كَانَ فِىْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ اُبْتُلِىَ عَلٰى قَدْرِ دِيْنِهٖ فَمَا يَبْرَحُ الْبَلاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَتْرُكَهٗ يَمْشِىْ عَلَى الْاَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۸۵: مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ۔کون لوگ زیادہ آزمائش میں مبتلا کیے جاتے ہیں ۔فرمایا انبیاء پھران کے مثل اور پھران کے مثل (یعنی اطاعتِ الٰہی اوراتباعِ سنت میں) پھرانسان اپنے دین کے مطابق آزمائش میں مبتلاء کیا جاتا ہے اگر دین پرسختی سے کاربند ہوتا تو سخت آزمائش ہوتی ہےاوراگر دین میں نرم ہوتا تو آزمائش بھی اس کے مطابق ہوتی ہے۔پھروہ آزمائش اسے اس وقت تک نہیں چھوڑتی جب تک وہ گناہوں سے پاک نہیں ہوجاتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۸۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى نَايَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الْبَلاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِىْ نَفْسِهٖ وَوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاُخْتِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ.

۲۸۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مؤمن مردوعورت پر ہمیشہ آزمائش رہتی ہے۔کبھی اس کی ذات میں' کبھی اولاد میں اور کبھی مال میں یہاں تک کہ وہ جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرتا ہےتو گناہوں سے پاک ہوتا ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور حذیفہ بن یمانؓ کی بہن سے بھی حدیث منقول ہے۔

۱۳۸: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ ذِهَابِ الْبَصَرِ

۱۳۸: باب بینائی زائل ہونے کے متعلق

۲۸۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِىُّ نَاعَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ نَا اَبُوْ ظِلالٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ اِذَا اَخَذْتُ كَرِيْمَتَىْ عَبْدِىْ فِى الدُّنْيَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ جَزَاءٌ عِنْدِىْ اِلَّا الْجَنَّةَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ ظِلالٍ اِسْمُهٗ هِلالٌ.

۲۸۷: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میں نے کسی بندے سے دنیا میں اس کی آنکھیں سلب کرلیں تو اس کا بدلہ صرف اورصرف جنت ہے۔اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور زید بن ارقمؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور ابوظلال کا نام ہلال ہے۔

۲۸۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَاسُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهٗ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ

۲۸۸: حضرت ابوہریرہؓ مرفوع حدیث قدسی نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اگر کسی بندے کی بینائی زائل کر دی اوراس نے اس آزمائش پر صبر کیا اور مجھ سے ثواب کی امید

عَزَّوَجَلَّ مَنْ اَذْهَبْتُ حَبِيْبَتَيْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ لَمْ اَرْضَ لَهٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

رکھی تو میں اس کے لیے جنت سے کم بدلہ دینے پر کبھی راضی نہیں ہوں گا۔ اس باب میں عرباض بن ساریہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ وَيُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَغْرَاءَ اَبُوْ زُهَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَوَدُّ اَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِيْنَ يُعْطَى اَهْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ لَوْ اَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

۲۸۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن جب آزمائش والوں کو ان مصیبتوں کا بدلہ دیا جائے گا تو اہل عافیت تمنا کریں گے کاش ان کی کھالیں دنیا میں قینچیوں سے کاٹ دی جاتیں تاکہ انہیں بھی اسی طرح اجر ملتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ بعض حضرات اسے اعمش سے بھی نقل کرتے ہیں۔ اعمش طلحہ بن مصرف سے اور وہ مسروق سے اس کے ہم معنی حدیث بیان کرتے ہیں۔

۲۹۰: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَمُوْتُ اِلَّا نَدِمَ قَالُوْا وَمَا نَدَامَتُهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا نَدِمَ اَنْ لَا يَكُوْنَ ازْدَادَ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا نَدِمَ اَنْ لَا يَكُوْنَ نَزَعَ هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَيَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ.

۲۹۰: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص ایسا نہیں جو موت کے بعد شرمندہ نہ ہو۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کس چیز پر ندامت ہوگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر نیک ہو تو نادم ہوگا کہ میں نے زیادہ عمل کیوں نہ کیا اور اگر گناہ گار ہے تو اس بات پر ندامت ہوگی کہ میں گناہ سے کیوں نہ بچا۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ شعبہ نے یحییٰ بن عبید اللہ کے بارے میں کلام کیا ہے۔

۲۹۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّاْنِ مِنَ اللِّيْنِ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَبِي يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِءُوْنَ فَبِي حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ مِنْهُمْ حَيْرَانًا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۲۹۱: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخری زمانے میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو دنیا کو دین سے حاصل کریں گے۔ وہ (لوگوں کو دکھانے اور اپنا معتقد بنانے کے لیے) دنبوں کی کھال کا لباس پہنیں گے اور ان کی زبانیں چینی سے زیادہ میٹھی ہوں گی جبکہ ان کے دل بھیڑیوں کے دلوں سے بدتر ہوں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تم لوگ میرے سامنے غرور کرتے اور مجھ پر اتنی جرأت رکھتے ہو۔ میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں کہ میں ان میں ایک ایسا فتنہ برپا کردوں گا کہ انکا بردبار ترین شخص بھی حیران رہ جائیگا۔ اس

باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔

۲۹۲ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ نَاحَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا حَمْزَةُ بْنُ اَبِي مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَقُلُوْبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبْرِ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاُ تِيْحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ مِنْهُمْ حَيْرَانًا فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِؤُنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۹۲: حضرت ابن عمرؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے ایسے لوگ بھی پیدا کئے ہیں جن کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہیں اوران کے دل مُصبّر سے زیادہ کڑوے ہیں۔ میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں کہ میں انہیں ایسے فتنے میں مبتلا کروں گا کہ ان میں سے عقل مند شخص بھی حیران رہ جائے گا۔ کیا وہ لوگ میرے سامنے گھمنڈ کرتے ہیں یا میرے سامنے اتنی جرأت کرتے ہیں۔ یہ حدیث ابن عمرؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو اسی سند سے جانتے ہیں۔

خلاصۃ الباب : صبر کے معنی ہیں رکنا، منع کرنا، نفس کو کسی چیز سے باز رکھنا۔ اصطلاح شریعت میں صبر اس کو کہتے ہیں کہ نیکی اور برائی کے درمیان کشمکش کے وقت اپنے نفس کو اس بات پر مجبور کیا جائے کہ وہ نیکی کو اختیار کرے اور برائی سے باز رہے صبر کی کئی اقسام ہیں۔ صبر فرض بھی ہے اور نفل بھی۔ فرض صبر تو وہی ہے جو فرائض کی ادائیگی اور حرام چیزوں کے ترک (چھوڑنے) پر اختیار کرنا پڑتا ہے اور نفل صبر کی جو صورتیں ہیں ان میں کچھ یہ ہیں (۱) فقر وافلاس اور شدائد و آلام پر صبر کرنا (۲) کوئی صدمہ وتکلیف پہنچنے پر صبر کرنا (۳) اپنی مصیبتوں اور پریشانیوں کو چھپانا، باطنی احوال وکرامات کو چھپانا۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ فرائض اور نفل دونوں طرح صبر کی بہت اقسام ہیں۔ مصائب وآلام کی وجہ سے گناہ معاف اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے اس لئے کہ بہت زیادہ ثواب بہت بڑی آزمائش ومصیبت پر دیا جاتا ہے دلیل یہ ہے کہ سب سے زیادہ تکالیف انبیاء علیہ السلام پر آتی ہیں پھر درجہ بدرجہ بھی جتنا بھی کوئی نیک زیادہ ہوتا ہے اور مطیع اور متبع سنت زیادہ ہوتا ہے اس پر تکلیفیں بھی زیادہ آتی ہیں دوسرے باب میں ایک خاص نعمت کے (آنکھوں کی بینائی) سلب ہوجانے پر جنت کا وعدہ فرمایا اللہ تعالیٰ رحمت کا معاملہ فرماوے (۲) اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہونے کے بعد ندامت اور پشیمانی بہت ہوگی۔

۱۳۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِي حِفْظِ اللِّسَانِ

۱۳۹: باب زبان کی حفاظت کرنے کے متعلق

۲۹۳ : حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالنَّجَاةُ قَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۲۹۳: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نجات کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنی زبان قابو میں رکھو، اپنے گھر میں رہو اور اپنی غلطیوں پر رویا کرو۔

یہ حدیث حسن ہے۔

۲۹۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ نَا هَمَّادُ بْنَ

۲۹۴: حضرت ابوسعید خدریؓ مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ جب

زَيْدٍ عَنْ اَبِي الصَّهْبَاءِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَفَعَهُ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰهَ فِيْنَا فَاِنَّمَا نَحْنُ بِكَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا.

صبح ہوتی ہے تو انسان کے تمام اعضاء اس کی زبان سے التجا کرتے ہیں کہ اللہ سے ڈر ہم بھی تیرے ساتھ ہیں اگر تو سیدھی ہوگی تو ہم سب سیدھے ہوں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہوگی تو ہم سب بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔

۲۹۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

۲۹۵: ہناد بھی ابو اسامہ سے اور وہ حماد بن زید سے اسی حدیث کی طرح غیر مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے۔ اس حدیث کو ہم صرف حماد کی روایت سے جانتے ہیں۔ کئی راوی اسے حماد بن زید سے غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔

۲۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ يَتَوَكَّلُ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَتَوَكَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۲۹۶: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھے زبان اور شرمگاہ کی ضمانت دیتا ہے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۹۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَاهُ اللّٰهُ شَرَّمَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَ شَرَّمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ حَازِمٍ الَّذِيْ رَوٰى عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ هُوَ اَبُوْ حَازِمٍ الزَّاهِدُ مَدِيْنِيٌّ وَاسْمُهُ سَلَمَةُ بْنُ دِيْنَارٍ وَاَبُوْ حَازِمٍ الَّذِيْ رَوٰى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِسْمُهُ سَلْمَانُ الْاَشْجَعِيُّ مَوْلٰى عَزَّةَ الْاَشْجَعِيَّةِ وَهُوَ الْكُوْفِيُّ.

۲۹۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے زبان اور شرمگاہ کے شر سے محفوظ کر دیا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو حازم جو سہل بن سعد سے احادیث نقل کرتے ہیں وہ ابو حازم زاہد مدنی ہیں ان کا نام مسلم بن دینار ہے جبکہ ابو ہریرہؓ سے حدیث نقل کرنے والے ابو حازم کا نام سلمان بن اشجعی ہے اور وہ عزۃ الاشجعیہ کے مولیٰ ہیں اور کوفہ کے رہنے والے ہیں۔

۲۹۸: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَاعِزٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ قَالَ قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۲۹۸: حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفیؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: مجھے ایسی بات بتائیے کہ میں اس پر مضبوطی سے عمل کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہو میرا رب اللہ ہے اور اسی پر قائم رہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ میرے بارے میں سب سے زیادہ کس چیز سے ڈرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنی زبان مبارک پکڑ کر فرمایا:

صَحِيحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ.

اس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سفیان بن عبداللہ ثقفی ہی سے کئی سندوں سے منقول ہے۔

۲۹۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي ثَلْجٍ الْبَغْدَادِيُّ صَاحِبُ اَحْمَدَبْنِ حَنْبَلٍ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا تُكْثِرِ الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ وَاِنَّ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِيْ.

۲۹۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذکر الٰہی کے علاوہ کثرت کلام سے پرہیز کرو کیونکہ اس سے دل سخت ہو جاتا ہے اور سخت دل والا اللہ تعالیٰ سے بہت دور رہتا ہے۔

۳۰۰: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ ثَنِيْ اَبُو النَّضْرِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَاطِبٍ.

۳۰۰: ابوبکر بن ابی نضر بھی ابونضر سے وہ ابراہیم سے وہ عبداللہ بن دینار سے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابراہیم بن عبداللہ بن حاطب کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۰۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَامُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ الْمَكِّيُّ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ حَسَّانَ الْمَخْزُوْمِيَّ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ صَالِحٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ قَالَ كُلُّ كَلَامِ ابْنِ اٰدَمَ عَلَيْهِ لَا لَهُ اِلَّا اَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْذِكْرُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ.

۳۰۱: ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: انسان کو اپنی گفتگو سے کوئی فائدہ نہیں جب تک کہ وہ نیکی کا حکم، برائی سے مخالفت اور اللہ تعالیٰ کے ذکر پر مشتمل نہ ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن یزید بن خنیس کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۴۰: بَابٌ

۱۴۰: باب

۳۰۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ نَااَبُو الْعُمَيْسِ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اٰخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْنَ سَلْمَانَ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ فَزَارَ سَلْمَانُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَاٰى اُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً قَالَ مَاشَانُكِ مُتَبَذِّلَةً قَالَتْ اِنَّ اَخَاكَ اَبَا الدَّرْدَاءِ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ فِي الدُّنْيَا قَالَتْ فَلَمَّاجَاءَ اَبُو الدَّرْدَاءِ قَرَّبَ اِلَيْهِ طَعَامًا فَقَالَ كُلْ فَاِنِّيْ صَائِمٌ قَالَ مَا اَنَا بِاٰكِلٍ حَتّٰى تَاْكُلَ قَالَ فَاَكَلَ فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ ذَهَبَ اَبُو الدَّرْدَاءِ لِيَقُوْمَ فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ نَمْ فَنَامَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَقُوْمَ قَالَ لَهُ نَمْ فَنَامَ فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الصُّبْحِ فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ قُمِ الْاٰنَ

۳۰۲: حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سلمان کو ابودرداء کا بھائی بنایا تو ایک مرتبہ سلمان ابودرداء سے ملنے کے لیے آئے اور ام درداء کو میلی کچیلی حالت میں دیکھ کر اس کا سبب دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمہارے بھائی ابودرداء کو دنیا سے کوئی رغبت نہیں۔ پھر ابودرداء آگئے اور سلمان کے سامنے کھانا لگا دیا اور کہنے لگے کہ تم کھاؤ میں روزے سے ہوں۔ سلمان نے کہا میں ہرگز اس وقت تک نہیں کھاؤں گا جب تک تم میرے ساتھ شریک نہیں ہو گے۔ راوی کہتے ہیں کہ اس پر ابودرداء نے کھانا شروع کر دیا۔ رات ہوئی تو ابودرداء عبادت کے لیے جانے لگے لیکن سلمان نے انہیں منع کر

فَقَامَا فَصَلَّيَا فَقَالَ اِنَّ لِنَفْسِکَ عَلَيْکَ حَقًّا وَ لِرَبِّکَ عَلَيْکَ حَقًّا وَلِضَيْفِکَ عَلَيْکَ حَقًّا وَاِنَّ لاَ هْلِکَ عَلَيْکَ حَقًّا فَاَعْطِ كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَاَتَيَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَكَرَ ذٰلِکَ لَهٗ فَقَالَ صَدَقَ سَلْمَانُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُو الْعُمَيْسِ اِسْمُهٗ عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ اَخُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِیِّ.

دیا اور کہا کہ سوجاؤ۔ چنانچہ وہ سو گئے۔ تھوڑی دیر بعد دوبارہ جانے لگے تو اس مرتبہ بھی سلمان نے انہیں سلا دیا۔ پھر جب صبح قریب ہوئی تو سلمان نے انہیں کہا کہ اب اٹھو۔ چنانچہ دونوں اٹھے اور نماز پڑھی پھر سلمان نے فرمایا: تمہارے نفس کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارے رب کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارے مہمان کا بھی تم پر حق ہے اور اسی طرح تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے۔ لہٰذا ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کرو۔ اس کے بعد وہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ قصہ بیان کیا۔ آپؐ نے فرمایا سلمان نے ٹھیک کہا۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ابوعمیس کا نام عقبہ بن عبداللہ ہے۔ یہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ مسعودی کے بھائی ہیں۔

۱۴۱: بَابٌ

۳۰۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ عَبْدِالْوَهَّابِ بْنِ الْوَرْدِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ كَتَبَ مُعَاوِيَةُ اِلٰی عَائِشَةَ اَنِ اكْتُبِیْ اِلَیَّ كِتَابًا تُوْصِيْنِیْ فِيْهِ وَلَا تُكْثِرِیْ عَلَیَّ قَالَ فَكَتَبَتْ عَائِشَةُ اِلٰی مُعَاوِيَةَ سَلَامٌ عَلَيْکَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَی اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَی النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ وَكَّلَهُ اللّٰهُ اِلَی النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْکَ.

۱۴۱: باب

۳۰۳: حضرت عبدالوہاب بن ورد مدینہ کے ایک شخص سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت معاویہؓ نے حضرت عائشہؓ کو لکھا کہ مجھے ایک خط لکھئے جس میں نصیحتیں ہوں لیکن زیادہ نہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے حضرت معاویہ کو لکھا: " سلام علیک امابعد " میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو شخص اللہ کی رضا کو لوگوں کے غصے میں تلاش کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے لوگوں کی تکلیف دور کر دے گا اور جو شخص لوگوں کی رضامندی کو اللہ کے غصے میں تلاش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے انہی کے سپرد کر دے گا۔ والسلام علیک۔

۳۰۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَتَبَتْ اِلٰی مُعَاوِيَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۳۰۴: محمد بن یحییٰ، محمد بن یوسف سے وہ سفیان سے وہ ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور حضرت عائشہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت امیر معاویہؓ کو لکھا اس کے بعد گزشتہ حدیث کے ہم معنی روایت موقوفاً منقول ہے۔

خلاصۃ الباب: زبان کی حفاظت کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی زبان پر قابو حاصل کرے یعنی بے فائدہ کلام اور فحش گوئی اور سخت کلامی سے محفوظ رکھے اسی طرح شرم گاہ کی حفاظت کا مطلب یہ ہے کہ زنا جیسی برائی سے اجتناب کرے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت میں داخل ہونے کی ضمانت دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ضمانت دراصل حق تعالیٰ کی طرف سے ضمانت ہے کہ جس طرح وہ محض اپنے فعل سے بندہ کے رزق کا ضامن ہوا ہے اسی طرح اس نے پاکیزہ زندگی اختیار کرنے اور اعمال صالحہ پر جزا دینے اور انعامات سے نوازنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کے نائب ہیں اس لئے آپؐ نے اس طرف سے ضمانت لی ہے۔ معلوم ہوا کہ لغویات سے زبان کو بچانا بہت ضروری بلکہ مباح کلام بھی قلیل کیا جائے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہی عمدہ چیز ہے باقی سب کچھ وبال ہے۔

اَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ

قیامت کے متعلق ابواب

۱۴۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِي شَانِ الْحِسَابِ وَالْقِصَاصِ

۳۰۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْكُمْ مِنْ رَجُلٍ اِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تَرْجُمَانٌ ثُمَّ يَنْظُرُ اَيْمَنَ مِنْهُ فَلَا يَرٰى شَيْئًا اِلَّا شَيْئًا قَدَّمَهُ ثُمَّ يَنْظُرُ اَشْأَمَ مِنْهُ فَلَا يَرٰى شَيْئًا اِلَّا شَيْئًا قَدَّمَهُ ثُمَّ يَنْظُرُ تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ فَتَسْتَقْبِلُهُ النَّارُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَقِيَ وَجْهَهُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَلْيَفْعَلْ حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ نَا وَكِيْعٌ يَوْمًا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْاَعْمَشِ فَلَمَّا فَرَغَ وَكِيْعٌ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ فَلْيَحْتَسِبْ فِيْ اِظْهَارِ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِخُرَاسَانَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى لِاَنَّ الْجَهْمِيَّةَ يُنْكِرُوْنَ هٰذَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۲: باب حساب وقصاص کے متعلق

۳۰۵: حضرت عدی بن حاتمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے بات نہ کریں اور اس دوران بندے اور رب کے درمیان کوئی ترجمان نہ ہوگا۔ پھر بندہ اپنی دائیں طرف دیکھے گا تو اسے اپنے اعمال نظر آئیں گے۔ بائیں طرف نظر دوڑائے گا تو اس طرف بھی اس کے کیے ہوئے اعمال ہی ہوں گے۔ پھر جب سامنے کی طرف دیکھے گا تو اسے دوزخ نظر آئے گی۔ پس اگر کسی میں اتنی بھی استطاعت ہو کہ وہ خود کو کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر دوزخ کی آگ سے بچا سکے تو اسے چاہیے کہ ایسا ہی کرے۔ ابوسائب سے روایت ہے کہ وکیع نے ایک دن یہ حدیث اعمش سے (روایت کرتے ہوئے) ہم سے بیان کی جب وکیع بیان کر چکے تو فرمایا اگر کوئی خراسان کا باشندہ یہاں ہو تو وہ یہ حدیث اہل خراسان کو سنا کر ثواب حاصل کرے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ اس لیے کہ جہمیہ اس بات (یعنی خدا سے ہمکلام ہونے) کے منکر ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰۶: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ اَبُوْ مِحْصَنٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ قَيْسٍ الرَّحَبِيُّ نَا عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهٖ حَتّٰى يُسْئَالَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَا ذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا

۳۰۶: حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کسی شخص کے قدم اللہ رب العزت کے پاس سے اس وقت تک نہیں ہٹ سکیں گے جب تک اس سے پانچ چیزوں کے متعلق نہیں پوچھ لیا جائے گا۔ (۱) اس نے عمر کس چیز میں صرف کی۔ (۲) جوانی کہاں خرچ کی۔ (۳) مال کہاں سے کمایا۔ (۴) مال کہاں خرچ کیا۔ (۵) جو کچھ سیکھا

نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُسَيْنِ بْنِ قَيْسٍ وَحُسَيْنٌ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ.

اس پر کتنا عمل کیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے حضرت ابن مسعودؓ سے مرفوعاً صرف حسین بن قیس کی سند سے پہنچانتے ہیں اور وہ ضعیف ہیں۔ اس باب میں حضرت ابو برزہؓ اور ابو سعیدؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۳۰۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ حَتّٰى يُسْئَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَا فَعَلَ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ هُوَ مَوْلٰى اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ وَاَبُوْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيُّ اِسْمُهٗ نَضْلَةُ بْنُ عُبَيْدٍ.

۳۰۷: حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کے قدم بارگاہ خداوندی سے نہیں ہٹ سکیں گے یہاں تک کہ اس سے اس کی عمر کے بارے میں سوال ہوگا کہ اس نے کس چیز میں اسے صرف کیا۔ اپنے حاصل کردہ علم پر کتنا عمل کیا۔ مال کہاں سے کمایا، کہاں خرچ کیا اور اپنا جسم کس چیز میں مبتلا کیا؟ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سعید بن عبداللہ ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ہیں۔ ابو برزہ اسلمی کا نام نضلہ بن عبید ہے۔

۳۰۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَنِ الْمُفْلِسُ قَالُوْا الْمُفْلِسُ فِيْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُفْلِسُ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ يَّاتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاةٍ وَصِيَامٍ وَزَكٰوةٍ وَيَاتِيْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيَقْعُدُ فَيَقْتَصُّ هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُقْتَصَّ مَا عَلَيْهِ مِنَ الْخَطَايَا اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۰۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگ جانتے ہو مفلس کون ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس مال ومتاع نہ ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ لے کر آئے گا لیکن اس نے کسی کو گالی دی ہوگی کسی پر بہتان لگایا ہوگا، کسی کا مال غصب کیا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا۔ لہٰذا ان برائیوں کے بدلے میں اس کی نیکیاں مظلوموں میں تقسیم کر دی جائیں گی یہاں تک کہ اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی۔ لیکن اس کا ظلم ابھی باقی ہوگا۔ چنانچہ مظلوموں کے گناہوں کا بوجھ اس پر لاد دیا جائے گا اور پھر جہنم میں دھکیل دیا جائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَنَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ قَالَا نَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ اَبِيْ خَالِدٍ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ

۳۰۹: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر رحم کریں جس نے اپنے کسی بھائی کی عزت یا مال میں کوئی ظلم کیا ہو اور پھر وہ آخرت میں حساب

عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا كَانَتْ لِاَ خِيْهِ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ فِىْ عِرْضٍ اَوْمَالٍ فَجَاءَهُ فَاسْتَحَلَّهُ قَبْلَ اَنْ يُّؤْخَذَ وَلَيْسَ ثَمَّ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ فَاِنْ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٌ اُخِذَمِنْ حَسَنَاتِهٖ وَاِنْ لَّمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ حَمَلُوْا عَلَيْهِ مِنْ سَيِّاٰتِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

وکتاب سے پہلے اس کے پاس آکر اپنے ظلم کو معاف کرالے کیونکہ اس دن نہ تو درہم ہوگا اور نہ دینار۔ اگر ظالم کے پاس نیکیاں ہوں گی تو اس سے لے کر مظلوم کو دے دی جائیں گی اور اگر نیکیاں نہیں ہوں گی تو اس ظلم کے بدلے میں مظلوموں کی برائیاں اس پر ڈال دی جائیں گی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ مالک بن انس بھی اسے سعید مقبری سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۳۱۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَتُؤَدَّنَّ الْحُقُوْقُ اِلٰى اَهْلِهَا حَتّٰى تُقَادَ الشَّاةُ الْجَلْحَاءُ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۱۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل حقوق کو ان کے حقوق پورے پورے ادا کرنا ہوں گے ۔ یہاں تک کہ بغیر سینگ کی بکری کا سینگ والی بکری سے بھی بدلہ لیا جائے گا۔ اس باب میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن انیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۳ : بَابٌ

۱۴۳: باب

۳۱۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ ثَنِىْ سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ نَا الْمِقْدَادُصَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ اُدْنِيَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْعِبَادِ حَتّٰى تَكُوْنَ قِيْدَ مِيْلٍ اَوِاثْنَتَيْنِ قَالَ سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ لَا اَدْرِىْ اَىُّ الْمِيْلَيْنِ عَنٰى اَمَسَافَةُ الْاَرْضِ اَمِ الْمِيْلُ الَّذِىْ يُكْحَلُ بِهِ الْعَيْنُ قَالَ فَتَصْهَرُ هُمُ الشَّمْسُ فَيَكُوْنُوْنَ فِى الْعَرَقِ بِقَدَرِ اَعْمَالِهِمْ فَمِنْهُمْ مَنْ يَّاخُذُهُ اِلٰى عَقِبِهٖ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّاْخُذُهُ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّاخُذُهُ اِلٰى حِقْوَيْهِ وَ مِنْهُمْ مَنْ يُّلْجِمُهُ اِلْجَامًا فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيْرُبِيَدِهٖ اِلٰى فِيْهِ اَىْ يُلْجِمُهُ اِلْجَامًا وَ فِى الْبَابِ

۳۱۱: حضرت مقداد رضی اللہ عنہ (صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم) بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن سورج بندوں سے صرف ایک یا دو میل کے فاصلے پر رہ جائے گا۔ سُلیم بن عامر کہتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ کون سا میل مراد لیا۔ زمین کی مسافت یا وہ سلائی جس سے سرمہ لگایا جاتا ہے۔ پھر فرمایا کہ سورج لوگوں کو پگھلانا شروع کر دے گا چنانچہ لوگ اپنے اپنے اعمال کے مطابق پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے۔ کوئی ٹخنوں تک ،کوئی گھٹنوں تک، کوئی کمر تک اور کوئی منہ تک ڈوبا ہوا ہوگا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے منہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا گویا کہ اسے لگام ڈال دی گئی ہو۔ اس باب میں حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۱۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَمَّادٌ وَهُوَ عِنْدَ نَا مَرْفُوْعٌ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ يَقُوْمُوْنَ فِي الرَّشْحِ اِلَى اَنْصَافِ اٰذَانِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۱۲: ابوزکریا، حماد بن زید سے وہ ایوب سے وہ نافع سے اور وہ ابن عمرؓ سے یہی حدیث غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔ حماد کہتے ہیں یہ حدیث اس آیت کی تفسیرہ " يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ" یعنی جس دن لوگ رب العالمین کے کے سامنے کھڑے ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پسینہ ان کے آدھے کانوں تک ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۱۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۳۱۳: ہناد بھی عیسی سے وہ ابن عون سے وہ نافع سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۴۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ شَانِ الْحَشْرِ

۱۴۴: باب کیفیت حشر کے متعلق

۲۱۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ ابْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا كَمَا خُلِقُوْا ثُمَّ قَرَأَكَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ وَاَوَّلُ مَنْ يُكْسٰى مِنَ الْخَلَائِقِ اِبْرَاهِيْمُ وَيُؤْخَذُ مِنْ اَصْحَابِيْ بِرِجَالٍ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ يَارَبِّ اَصْحَابِيْ فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ اِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْامُرْتَدِّيْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ (اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْلَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ.)

۳۱۴: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگ قیامت کے دن ننگے پاؤں، برہنہ جسم اور بغیر ختنہ کے اکھٹے کیے جائیں گے جس طرح کہ انہیں پیدا کیا گیا۔ پھر آپ ﷺ نے پڑھا " كَمَا بَدَأْنَا ...... " (یعنی جس طرح ہم نے پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کریں گے۔ یہ ہمارا وعدہ ہے جسے ہم ضرور پورا کریں گے) پھر مخلوق میں سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو کپڑے پہنائے جائیں گے۔ پھر میرے صحابہؓ میں سے بعض کو دائیں اور بعض کو بائیں طرف سے لے جایا جائے گا۔ میں عرض کروں گا۔ اے میرے رب یہ میرے اصحاب ہیں۔ کہا جائے گا کہ آپ نہیں جانتے کہ آپؐ کے بعد ان لوگوں نے کیا کیا نئی چیزیں نکالی تھیں۔ جس دن سے آپؐ نے انہیں چھوڑا۔ یہ اسی دن سے اپنی ایڑیوں پر پیچھے کی طرف لوٹ رہے ہیں۔ پھر میں وہی بات کہوں گا جو اللہ تعالیٰ کے صالح بندے (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہی " اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ ...... " اگر تو ان کو عذاب دے تو تیرے بندے ہیں اور اگر انہیں بخش دے پس تو بے شک غالب حکمت والا ہے۔

۲۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ النُّعْمَانِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

۳۱۵: محمد بن بشار اور محمد بن مثنیٰ بھی محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ مغیرہ سے اسی کے مانند حدیث مبارکہ نقل کرتے ہیں۔

۲۱۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَايَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ

۳۱۶: بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے

فَابَهْزُبْنُ حَكِيمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ رِجَالاً وَرُكْبَانًا وَتُجَرُّوْنَ عَلٰى وُجُوْهِكُمْ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم قیامت کے دن پیادہ اور سوار اٹھائے جاؤ گے اور کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جنہیں منہ کے بل گھسیٹا جائے گا۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۴۵: بَابُ مَاجَاءَ فِى الْعَرْضِ

۱۴۵: باب آخرت میں لوگوں کی پیشی

۳۱۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلٰثَ عَرَضَاتٍ فَاَمَّا عَرْضَتَانِ فَجِدَالٌ وَمَعَاذِيْرُ وَاَمَّا الْعَرْضَةُ الثَّالِثَةُ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَطِيْرُ الصُّحُفُ فِى الْاَيْدِىْ فَاٰخِذٌ بِيَمِيْنِهٖ وَاٰخِذٌ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَصِحُّ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ قِبَلِ اَنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ الرِّفَاعِىُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۳۱۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ تین مرتبہ پیش کئے جائیں گے۔ پہلی دو مرتبہ تو گفت وشنید اور عفو ودرگزر ہوگی جبکہ تیسری مرتبہ نامہ اعمال ہاتھوں میں دیئے جائیں گے۔ چنانچہ کوئی دائیں ہاتھ میں اور کوئی بائیں ہاتھ میں لے گا۔ یہ حدیث صحیح نہیں اس لیے کہ حسن کا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سماع ثابت نہیں۔ لہٰذا اس کی سند متصل نہیں۔ بعض اسے علی بن علی رفاعی سے وہ حسن سے وہ ابوموسیٰ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۶: بَابُ مِنْهُ

۱۴۶: باب اسی کے متعلق

۳۱۸: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا قَالَ ذٰلِكَ الْعَرْضُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ اَيُّوْبُ اَيْضًا عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ.

۳۱۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کا حساب کتاب سختی سے کیا گیا وہ ہلاک ہوگیا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جسے نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا گیا اس سے آسان حساب لیا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا وہ تو اعمال کا سامنے کرنا ہے (یعنی پیش ہونا ہے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایوب نے بھی اسے ابن ابی ملیکہ سے روایت کیا ہے۔

۱۴۷: بَابُ مِنْهُ.

۱۴۷: باب اسی سے متعلق

۳۱۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْحَسَنِ وَقَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُجَاءُ بِابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهٗ بَذَجٌ فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدَىِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيَقُوْلُ اللّٰهُ

۳۱۹: حضرت انسؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ قیامت کے دن انسان کو اس طرح لایا جائیگا گویا کہ وہ بھیڑ کا بچہ ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے تمہیں دولت، غلام ولونڈیاں اور

اَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَاذَا صَنَعْتَ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَاكَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَرِنِيْ مَا قَدَّمْتَ فَيَقُوْلُ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ فَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَاِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضٰى بِهٖ اِلَى النَّارِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَقَدْرَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَوْلَهٗ وَلَمْ يُسْنِدُوْهُ وَاِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ.

بہت سے انعام واکرام سے نوازا تھا۔ تم نے اس کا کیا کیا۔ وہ عرض کرے گا میں نے اسے جمع کیا اور اتنا بڑھایا کہ پہلے سے زیادہ ہو گیا۔ اے اللہ! تو مجھے واپس بھیج دے تاکہ میں وہ سب کچھ لے آؤں۔ پس اگر اس بندے نے نیکی آگے نہ بھیجی ہو گی تو اسے دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں متعدد راویوں نے یہ حدیث حسن سے ان کے قول کے طور پر بیان کی۔ مسند نہیں بیان کی۔ اسماعیل بن مسلم حدیث میں ضعیف ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابوسعید خدریؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۲۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الزُّهْرِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْكُوْفِيُّ التَّمِيْمِيُّ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَلَمْ اَجْعَلْ لَكَ سَمْعًا وَبَصَرًا وَمَالًا وَوَلَدًا وَسَخَّرْتُ لَكَ الْاَنْعَامَ وَالْحَرْثَ وَتَرَكْتُكَ تَرْاَسُ وَتَرْبَعُ فَكُنْتَ تَظُنُّ اَنَّكَ مُلَاقِيَّ يَوْمَكَ هٰذَا فَيَقُوْلُ لَا فَيَقُوْلُ لَهُ الْيَوْمَ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَمَعْنٰى قَوْلِهِ الْيَوْمَ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِي الْيَوْمَ اَتْرُكُكَ فِي الْعَذَابِ وَكَذَا فَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ) قَالُوْا مَعْنَاهُ الْيَوْمَ نَتْرُكُهُمْ فِي الْعَذَابِ.

۳۲۰: حضرت ابوہریرہؓ اور ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن بندہ (بارگاہ الٰہی) میں حاضر کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں نے تجھے سننے اور دیکھنے کی قوت نہ دی۔ کیا میں نے تجھے مال، اولاد نہ دیئے۔ کیا میں نے تیرے لئے جانور اور کھیتیاں مسخر نہ کئے۔ کیا میں نے تجھے اس حالت میں نہ چھوڑا کہ تو سردار بنایا گیا اور تو لوگوں سے چوتھائی مال لینے لگا، کیا تیرا خیال تھا کہ آج کے دن تو مجھ سے ملاقات کرے گا اور کہے گا ''نہیں اے ربّ''۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو پھر میں بھی تجھے آج اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تو نے مجھے بھلا دیا تھا۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ اس قول ''کہ میں تجھے چھوڑ دوں گا جس طرح تو نے مجھے بھلا دیا کا مطلب یہ ہے کہ میں تجھے عذاب میں ڈالوں گا'' بعض علماء نے اس آیت ''فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ'' (آج ہم ان کو بھلا دیں یعنی چھوڑ دیں گے) کا مطلب یہی بیان کیا ہے۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آج ہم ان کو عذاب میں چھوڑ دیں گے۔

۱۴۸: بَابُ مِنْهُ

۱۴۸: باب اسی کے متعلق

۳۲۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ نَا يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۳۲۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا'' (یعنی اس دن زمین اپنی خبریں بیان کرے گی) اور فرمایا کیا تم جانتے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا) قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَخْبَارُهَا قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ اَخْبَارَهَا اَنْ تَشْهَدَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ اَوْاَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلٰى ظَهْرِهَا اَنْ تَقُوْلَ عَلٰى كَذَا وَكَذَا فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا قَالَ بِهٰذَا اَمَرَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

ہو کہ وہ کیا خبریں ہوں گی۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن یہ ہر غلام و باندی کے متعلق گواہی دے گی کہ اس نے اس پر کیا کیا اعمال کیے ہیں۔ چنانچہ وہ کہے گی کہ اس نے فلاں دن مجھ پر یہ عمل کیا۔ آپؐ نے فرمایا زمین کو اللہ تعالیٰ نے اسی کام کا حکم دیا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

خلاصۃ الباب: حساب کے معنی ہیں گنتا، یہاں مراد ہے قیامت کے دن بندوں کے اعمال و کردار گننا اور ان کا حساب کرنا، اللہ تعالیٰ کو تو سب کچھ معلوم ہے لیکن حساب اس لئے ہوگا تا کہ ان پر حجت قائم ہو اور تمام مخلوق پر روشن ہو جائے کہ دنیا میں کس نے کیا کیا؟ اور کون کس درجہ کا آدمی ہے بس قیامت کے دن کا حساب قرآن اور صحیح احادیث سے ثابت ہے اور اس کا عقیدہ رکھنا واجب ہے۔ قصاص کا معنی بدلہ و مکافات ہیں یعنی جس شخص نے جیسا کیا اس کے ساتھ ویسا ہی کرنا۔ مطلب حدیث کا یہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی سخت صورت حال سے دوچار ہوتا اور کسی مشکل میں پڑ جاتا ہے تو دائیں بائیں دیکھنے لگتا ہے پس اس وقت ہر بندے کیلئے ایک سخت ترین مرحلہ درپیش ہوگا اس لئے دائیں بائیں دیکھے گا تو نیک و بد اعمال نظر آئیں گے اور سامنے کی طرف آگ نظر آئے گی حضور ﷺ نے فرمایا نجات کیلئے نیک اعمال کو ذریعہ بنائے اور صدقہ و خیرات کرے اگر چہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ اس جملہ کے دو معنی ہیں ایک تو مشہور ہے کہ صدقہ کرے دوسرا معنی یہ ہے کہ اپنے آپ کو دوزخ میں جانے سے بچاؤ اور کسی پر ظلم وزیادتی نہ کرو اگر چہ وہ ظلم وزیادتی ایک کھجور کے ٹکڑے ہی کی صورت میں یا اس کے برابر کیوں نہ ہو (۲) پانچ سوالات کی تیاری کرنے کے بارہ میں حدیث مبارکہ میں تعلیم دی گئی ہے۔ یہ بھی بتا دیا گیا ہے جس نے لوگوں کے حقوق دینے ہیں وہ مفلس ہے کہ کوئی نماز لے جا رہا ہے اور کوئی روزہ اسی طرح دوسری نیکیاں حقوق والے لے جائیں گے اور آدمی خالی ہاتھ کھڑا رہ جائے گا کیونکہ حقوق اللہ تو معاف ہو سکتے ہیں لیکن حقوق العباد کو اہل حق ہی معاف کریں۔ تب ہی نجات ہوگی (۳) اللہ تعالیٰ کے دربار میں پیشی کے بارہ میں احادیث لائے ہیں مطلب یہ ہے کہ پہلی مرتبہ پیش ہونگے تو اس وقت مجرمین اپنے گناہوں کا اقرار نہیں کریں گے اور کہیں گے کہ ہم عذاب کے مستحق نہیں ہیں کیونکہ ہمارے پاس آپ ﷺ کے احکام کسی بھی نبی نے نہیں پہنچائے اور نہ کسی نے ہمیں بتایا کہ ہمارا کون سا عمل درست اور کون سا عمل درست نہیں۔ دوسری پیشی پر اعتراف کریں گے اور پھر عذر کریں گے اور کہیں گے ہم سے غلطی ہوئی تھی اور کوئی کہے گا کہ میں تیری رحمت کی امید پر کوتاہ عمل اور غفلت کا شکار ہو گیا تھا۔ تیسری پیشی پر نامۂ اعمال تقسیم کئے جائیں گے نیک لوگوں کو دائیں ہاتھ اور مجرمین کو بائیں ہاتھ میں دیے جائیں گے۔

۱۴۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصُّوْرِ

۱۴۹: باب صور کے متعلق

۳۲۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَسْلَمَ الْعِجْلِيِّ عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا

۳۲۲: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ صور کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ ایک سینگ ہے جس میں قیامت کے دن پھونک ماری جائے

الصُّورُ قَالَ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ غَيْرُوَاحِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ وَلاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِهٖ.

گی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی راوی اسے سلیمان تیمی سے نقل کرتے ہیں ہم اسے صرف انہی کی روایت سے پہنچانتے ہیں۔

۳۲۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا خَالِدٌ اَبُو الْعَلَاءِ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ وَ اسْتَمَعَ الْاُذُنَ مَتٰى يُؤْمَرُ بِالنَّفْخِ فَيَنْفُخُ فَكَاَنَّ ذٰلِكَ ثَقُلَ عَلٰى اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

۳۲۳: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کس طرح آرام کروں جبکہ اسرافیل نے صور میں منہ لگایا ہوا ہے اور ان کے کان اللہ کے حکم کے منتظر ہیں کہ وہ کب پھونکنے کا حکم دیں اور وہ پھونکیں ۔ یہ بات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں پر گراں گزری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کہو اللہ تعالیٰ ہمیں کافی ہے اور بہتر کارساز ہے ہم اللہ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں ۔ یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے عطیہ سے بحوالہ ابوسعید مرفوعاً اسی طرح منقول ہے۔

۱۵۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ شَاْنِ الصِّرَاطِ

۱۵۰: باب پل صراط کے متعلق

۳۲۴: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الصِّرَاطِ رَبِّ سَلِّمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمَانِ بْنِ اِسْحَاقَ.

۳۲۴: حضرت مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمنوں کا پل صراط پر یہ شعار ہوگا ''اے رب سلامت رکھ، اے رب سلامت رکھ''۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف عبدالرحمٰن بن اسحٰق کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۲۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ نَابَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُوْنَ الْاَنْصَارِيُّ اَبُو الْخَطَّابِ نَا النَّضْرُبْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ اَنْ يَّشْفَعَ لِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ اَنَا فَاعِلٌ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيْنَ اَطْلُبُكَ قَالَ اُطْلُبْنِيْ اَوَّلَ مَاتَطْلُبُنِيْ عَلَى الصِّرَاطِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَكَ عَلَى الصِّرَاطِ قَالَ فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَالْمِيْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَكَ عِنْدَالْمِيْزَانِ قَالَ فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّيْ لاَ اُخْطِئُ هٰذِهِ الثَّلاَثَ الْمَوَاطِنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۲۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے قیامت کے دن اپنی شفاعت کی درخواست کی۔ آپؐ نے فرمایا: ''میں کروں گا''۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں آپ کو کہاں تلاش کروں؟ آپؐ نے فرمایا سب سے پہلے مجھے پل صراط پر ڈھونڈنا۔ میں نے عرض کیا اگر میں آپ ﷺ کو پل صراط پر نہ پاؤں۔ آپؐ نے فرمایا پھر مجھے میزان کے پاس تلاش کرنا، میں نے عرض کیا اگر وہاں بھی نہ ہوں تو آپؐ نے فرمایا پھر حوض کوثر پر دیکھ لینا کیونکہ میں ان تین جگہوں کے علاوہ کہیں نہیں جاؤں گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۵۱: بَابُ مَاجَاءَ فِی الشَّفَاعَةِ

۳۲۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ نَا اَبُوْحَيَّانَ التَّيْمِیُّ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ فَاَکَلَهٗ وَکَانَ يُعْجِبُهٗ فَنَهَشَ مِنْهُ نَهْشَةً ثُمَّ قَالَ اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ ذَاکَ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِیْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِیَ وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ وَتَدْنُوا الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْکَرْبِ مَالَا يُطِيْقُوْنَ وَلَا يَتَحَمَّلُوْنَ فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَلَا تَرَوْنَ مَاقَدْ بَلَغَکُمْ اَلَا تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَشْفَعُ لَکُمْ اِلٰى رَبِّکُمْ فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَلَيْکُمْ بِاٰدَمَ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ خَلَقَکَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْکَ مِنْ رُوْحِهٖ وَاَمَرَ الْمَلَائِکَةَ فَسَجَدُوْا لَکَ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّکَ اَمَا تَرٰى اِلٰى مَانَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى مَاقَدْ بَلَغَنَا فَيَقُوْلُ لَهُمْ اٰدَمُ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ قَدْ نَهَانِیْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهٗ نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى نُوْحٍ فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ يَانُوْحُ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَقَدْ سَمَّاکَ اللّٰهُ عَبْدًا شَکُوْرًا اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّکَ اَلَا تَرٰى مَانَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى مَاقَدْ بَلَغَنَا فَيَقُوْلُ لَهُمْ نُوْحٌ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ قَدْ کَانَتْ لِیْ دَعْوَةٌ دَعَوْتُهَا عَلٰى قَوْمِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا اِبْرَاهِيْمُ اَنْتَ نَبِیُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهٗ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّکَ

۱۵۱: باب شفاعت کے بارے میں

۳۲۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں دستی کا گوشت پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے اسے کھایا چونکہ آپؐ اسے پسند کرتے تھے۔ لہٰذا آپ ﷺ نے اسے دانتوں سے نوچ نوچ کر کھایا۔ پھر فرمایا: میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہوں۔ تم جانتے ہو کیوں؟ اس طرح کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کو ایک ہی میدان میں اس طرح اکٹھا کرے گا کہ انہیں ایک شخص اپنی آواز سنا سکے گا۔ اور وہ انہیں دیکھ سکے گا۔ سورج اس دن لوگوں سے قریب ہوگا۔ لوگ اس قدر غم وکرب میں مبتلا ہوں گے کہ اس کے متحمل نہیں ہو سکیں گے۔ چنانچہ آپس میں ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تم لوگ دیکھتے نہیں کہ ہم لوگ کس قدر مصیبت میں گرفتار ہیں۔ کیا تم لوگ کسی شفاعت کرنے والے کو تلاش نہیں کرتے؟ اس پر کچھ لوگ کہیں گے کہ آدم علیہ السلام کو تلاش کیا جائے چنانچہ ان سے کہا جائے گا کہ آپ ابوالبشر ہیں، اللہ نے آپ کو اپنے ہاتھوں سے بنایا، آپ میں اپنی روح پھونکی اور پھر فرشتوں کو حکم دیا اور انہوں نے آپ کو سجدہ کیا۔ لہٰذا آج آپ اپنے رب سے ہماری شفاعت کیجئے۔ کیا آپ ہماری حالت نہیں دیکھ رہے۔ کیا آپ ہماری مصیبت کا اندازہ نہیں کر رہے۔ آدم علیہ السلام فرمائیں گے کہ میرے رب نے آج ایسا غضب فرمایا جیسا اس سے پہلے کبھی نہیں فرمایا تھا اور نہ ہی اس کے بعد فرمائے گا۔ مجھے اس نے درخت کے قریب جانے سے منع فرمایا پس مجھ سے (بظاہر) حکم عدولی ہوگئی۔ لہٰذا میں شفاعت نہیں کر سکتا۔ مجھے اپنی فکر ہے تین مرتبہ فرمایا؛ تم لوگ کسی اور کی طرف جاؤ۔ ہاں نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ پھر نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے اے نوح علیہ السلام آپ اہل زمین کی طرف پہلے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام شکر گزار بندہ رکھا۔ آپ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری سفارش فرمائیں۔ آپ دیکھتے

اَلا تَرٰى مَانَحْنُ فِيهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّىْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَاِنِّىْ قَدْكَذَبْتُ ثَلاثَ كَذِبَاتٍ فَذَكَرَهُنَّ اَبُوْ حَيَّانَ فِى الْحَدِيْثِ نَفْسِىْ نَفْسِىْ نَفْسِىْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِىْ اِذْهَبُوْا اِلٰى مُوْسٰى فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ يَامُوْسٰى اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَضَّلَكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهٖ وَكَلامِهٖ عَلَى النَّاسِ اِشْفَعْ لَنَااِلٰى رَبِّكَ اَلا تَرٰى مَانَحْنُ فِيهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّىْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَاِنِّىْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ اُوْمَرْ بِقَتْلِهَا نَفْسِىْ نَفْسِىْ نَفْسِىْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِىْ اِذْهَبُوْا اِلٰى عِيْسٰى فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ يَاعِيْسٰى اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَكَلَّمْتَ النَّاسَ فِى الْمَهْدِ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُوْلُ عِيْسٰى اِنَّ رَبِّىْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًالَمْ يَّغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَ لَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْذَنْبًا نَفْسِىْ نَفْسِىْ نَفْسِىْ اِذْهَبُوْااِلٰى غَيْرِىْ اِذْهَبُوا اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَاْتُوْنَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا مُحَمَّدُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَخَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ وَغُفِرَلَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَاِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيهِ فَاَنْطَلِقُ فَاٰتِىْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَاَخِرُّ سَاجِدًا لِرَبِّىْ ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَىَّ مِنْ مَحَامِدِهٖ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يُفْتَحْهُ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلِىْ ثُمَّ يُقَالُ يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ سَلْ تُعْطَهْ وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِىْ فَاَقُوْلُ يَارَبِّ اُمَّتِىْ يَارَبِّ اُمَّتِىْ يَارَبِّ اُمَّتِىْ فَيَقُوْلُ يَامُحَمَّدُ اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مَنْ لاحِسَابَ عَلَيْهِ مِنَ الْبَابِ الْاَيْمَنِ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْاَبْوَابِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِىْ

نہیں ہم کس قدر مصیبت میں گرفتار ہیں۔کیا آپ ہماری حالت اور مصیبت کا اندازہ نہیں کررہے ۔حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے کہ میرے رب نے آج وہ غضب فرمایا جو نہ اس سے پہلے فرمایا اور نہ ہی اس کے بعد فرمائے گا۔ مجھے ایک دعا دی گئی تھی میں نے اپنی قوم کے لیے ہلاکت کی دعا مانگ کر اس موقع کو ضائع کر دیا۔ مجھے اپنے نفس کی فکر ہے۔تم کسی اور کے پاس جاؤ۔ تم لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ پھر وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور عرض کریں گے اے ابراہیم علیہ السلام آپ اللہ کے نبی اور زمین والوں میں سے آپ اللہ کے خلیل ہیں۔آپ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری سفارش فرمائیں۔آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس مصیبت میں مبتلا ہیں۔حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے آج میرے رب نے وہ غضب فرمایا جو نہ اس سے پہلے فرمایا اور نہ اس کے بعد فرمائے گا۔میں نے تین مرتبہ ظاہری واقعہ کے خلاف بات کی۔(ابوحیان نے وہ باتیں حدیث میں بیان کیں)۔میں تمہاری شفاعت نہیں کرسکتا۔ مجھے اپنی فکر ہے (نفسی، نفسی) تم لوگ کسی اور کو تلاش کرو۔موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے اے موسیٰ آپ اللہ کے رسول ہیں۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو رسالت اور ہم کلام ہونے کے شرف سے نوازا۔آج آپ ہماری شفاعت کیجئے۔کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس تکلیف وکرب میں مبتلا ہیں۔موسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میرے رب نے آج وہ غصہ فرمایا جیسا نہ تو اس سے پہلے فرمایا اور نہ ہی بعد میں فرمائے گا۔میں نے ایک نفس کو قتل کیا حالانکہ مجھے قتل کا حکم نہ تھا لہٰذا میں سفارش نہیں کرسکتا۔(نفسی نفسی نفسی) مجھے اپنی فکر ہے۔ تم کسی اور کے پاس جاؤ۔تم لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ پس وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے اے عیسیٰ علیہ السلام آپ اللہ کے رسول ہیں اور اس کے کلیم ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے مریم علیہ السلام تک پہنچایا تھا اور اللہ کی

نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنَّ مَابَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيْعِ الْجَنَّةِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَهَجَرٍ وَكَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَبُصْرٰى وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَاَنَسٍ وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

طرف سے ایک جان ہیں پھر آپ نے گود میں ہونے کے باوجود لوگوں سے بات کی ۔ ہماری مصیبت کا اندازہ کیجئے اور ہماری شفاعت کیجئے ۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے آج کے دن میرے رب نے ایسا غضب فرمایا جیسا نہ تو اس سے پہلے فرمایا اور نہ اس کے بعد فرمائے گا۔ آپ اپنی کسی خطا کا ذکر نہیں کریں گے۔ ہر ایک کو اپنی اپنی فکر ہے۔تم کسی اور کے پاس جاؤ تم حضرت محمد ﷺ کی خدمت میں جاؤ۔ پس وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے: اے محمد ﷺ آپ اللہ کے رسول ہیں آخری نبی ہیں۔ آپؐ کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے ۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ ربّ العزت سے ہماری شفاعت کیجئے کیونکہ ہم بڑی مصیبت میں مبتلا ہیں ۔ (حضور ﷺ فرماتے ہیں) چنانچہ میں چلوں گا اور عرش کے نیچے آ کر سجدہ ریز ہو جاؤں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ میری زبان اور دل سے اپنی حمد وثنا اور تعظیم کے وہ الفاظ جاری کریں گے جو اس سے پہلے کسی کو نہیں سکھائے گئے ۔ پھر کہا جائے گا اے محمد (ﷺ) سر اٹھاؤ اور مانگو جو مانگو گے عطا کیا جائے گا۔ شفاعت کرو قبول کی جائے گی۔ پھر میں اپنا سر اُٹھاؤں گا اور عرض کروں گا اے ربّ میں اپنی امت کی نجات اور فلاح کا طلب گار ہوں ۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے محمد ﷺ آپؐ کی اُمت میں سے جن لوگوں پر حساب وکتاب نہیں انہیں جنت کے دائیں جانب کے دروازے سے داخل کر دیجئے اور وہ لوگ دوسرے دروازوں سے بھی داخل ہونے کے مجاز ہوں گے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: قسم ہے اس پروردگار کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ جنت کے دروازوں کا فاصلہ اتنا ہے جتنا مکہ مکرمہ اور ''ہجر'' تا مکہ مکرمہ اور بصریٰ کے درمیان کا فاصلہ۔ اس باب میں حضرت ابوبکر صدیقؓ ، انسؓ ، عقبہ بن عامرؓ اور ابوسعیدؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۲ : بَابُ مِنْهُ

۱۵۲: باب اسی کے متعلق

۳۲۷: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِىُّ نَاعَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَفَاعَتِىْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِىْ وَفِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۲۷: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری شفاعت امت کے ان افراد کے لیے ہے جنہوں نے کبیرہ گناہ کئے ۔اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت منقول ہے۔ یہ حدیث اس سند سے صحیح غریب ہے۔

۳۲۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْبُنَانِىِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَفَاعَتِىْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِىْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِىٍّ فَقَالَ لِىْ جَابِرٌ يَا مُحَمَّدُ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْ اَهْلِ الْكَبَائِرِ فَمَا لَهٗ وَلِلشَّفَاعَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

۳۲۸: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری شفاعت امت کے اہل کبائر کے لیے ہے۔ محمد بن علی کہتے ہیں کہ مجھ سے جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے محمد جو کبیرہ گناہوں والے نہیں ہوں گے ان سے شفاعت کا کیا تعلق ۔ یہ حدیث اس سند سے

مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

غریب ہے۔

۳۲۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَلْهَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَعَدَنِىْ رَبِّىْ اَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِىْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا لَاحِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ مَعَ كُلِّ اَلْفٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا وَثَلَاثُ حَثَيَاتٍ مِّنْ حَثَيَاتِ رَبِّىْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۳۲۹: حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ میری امت میں سے ستر ہزار آدمیوں کو بغیر حساب و کتاب و عذاب کے جنت میں داخل کرے گا۔ پھر ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور ہوں گے اور میرے ربّ کی مٹھیوں (جیسا اس کی شاہان شان ہے) سے تین مٹھیاں (مزید ہوں گے) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۳۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَهْطٍ بِاِيْلِيَاءَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِىْ اَكْثَرُ مِنْ بَنِىْ تَمِيْمٍ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكَ قَالَ سِوَاىَ فَلَمَّا قَامَ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا ابْنُ اَبِى الْجَذْعَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَابْنُ اَبِى الْجَذْعَاءِ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاِنَّمَا يُعْرَفُ لَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ الْوَاحِدُ.

۳۳۰: حضرت عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں کہ میں ایلیاء کے مقام پر ایک جماعت کے ساتھ تھا کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کا یہ قول بیان کیا۔ آپؐ نے فرمایا میری امت میں سے ایک شخص کی شفاعت سے قبیلہ بنو تمیم کے لوگوں کی تعداد سے بھی زیادہ لوگ جنت میں داخل کیے جائیں گے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ کے علاوہ۔ آپؐ نے فرمایا "ہاں"۔ پھر جب حدیث بیان کرنے والے کھڑے ہوئے تو میں نے پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ تو لوگوں نے کہا کہ یہ ابن ابی الجذعاء ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ابن ابی جذعاء کا نام عبداللہ ہے۔ ان سے صرف یہی ایک حدیث معروف ہے۔

۳۳۱: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اُمَّتِىْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْفِئَامِ مِنَ النَّاسِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْعُصْبَةِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلرَّجُلِ حَتّٰى يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۳۳۱: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے بعض لوگ ایک گروہ کی سفارش کریں گے بعض ایک قبیلہ کی بعض ایک جماعت کی اور کچھ لوگ ایک ایک آدمی کی سفارش کریں گے یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۳۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِى الْمَلِيْحِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِىِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِىْ اٰتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّىْ فَخَيَّرَنِىْ بَيْنَ اَنْ يُدْخِلَ نِصْفَ اُمَّتِى الْجَنَّةَ وَبَيْنَ

۳۳۲: حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا میرے پاس آیا اور مجھے نصف امت جنت میں داخل کرنے اور شفاعت کے درمیان اختیار دیا تو

الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ وَهِيَ لِمَنْ مَاتَ لاَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ رَجُلٍ اٰخَرَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ.

میں نے شفاعت کو اختیار کیا اور یہ (شفاعت) ہر اس شخص کیلئے ہے جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا۔ یہ حدیث ابوملیح نے ایک دوسرے صحابی کے واسطے سے روایت کی اور عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر نہیں کیا۔

۱۵۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ الْحَوْضِ

۱۵۳: باب حوض کوثر کے بارے میں

۳۳۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا بِشْرُبْنُ شُعَيْبِ بْنِ اَبِيْ حَمْزَةَ ثَنِيْ اَبِيْ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِيْ حَوْضِيْ مِنَ الْاَبَارِيْقِ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۳۳: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے حوض میں آسمان کے ستاروں کے برابر صراحیاں ہیں۔ یہ حدیث اسی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۳۳۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نِيْزَكَ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ نَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوْضًا وَاِنَّهُمْ يَتَبَاهَوْنَ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ وَارِدَةً وَاِنِّيْ اَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ وَارِدَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوَى الْاَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنْ سَمُرَةَ وَهُوَاَصَحُّ.

۳۳۴: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حوض ہوگا اور وہ آپس میں ایک دوسرے پر اپنے حوض سے زیادہ پینے والوں (کی تعداد) پر فخر کریں گے۔ مجھے امید ہے کہ میرے حوض پر آنے والوں کی تعداد زیادہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اشعث بن عبدالملک بھی اسے حسن سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں اس میں سمرہؓ کا ذکر نہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

۱۵۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ اَوَانِي الْحَوْضِ

۱۵۴: باب حوض کوثر کے برتن کے متعلق

۳۳۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ عَنِ الْعَبَّاسِ عَنْ اَبِيْ سَلَّامٍ الْحُبْشِيِّ قَالَ بَعَثَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَحُمِلْتُ عَلَى الْبَرِيْدِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ مَرْكَبِي الْبَرِيْدُ فَقَالَ يَااَ بَا سَلَّامٍ مَا اَرَدْتُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ وَلٰكِنْ بَلَغَنِيْ عَنْكَ حَدِيْثٌ

۳۳۵: ابوسلام حبشی کہتے ہیں کہ عمر بن عبدالعزیزؒ نے مجھے بلوایا چنانچہ میں خچر پر سوار ہو کر ان کے پاس پہنچا تو عرض کیا اے امیر المؤمنین مجھ پر خچر کی سواری شاق گزری ہے۔ انہوں نے فرمایا اے ابوسلام میں آپ کو مشقت میں نہیں ڈالتا لیکن میں نے اس لیے تکلیف دی کہ میں نے سنا ہے کہ آپ ثوبانؓ کے واسطے سے نبی اکرم ﷺ کی ایک حدیث بیان کرتے ہیں۔ میں چاہتا تھا

تُحَدِّثُهُ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَوْضِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ تُشَافِهَنِيْ بِهِ قَالَ اَبُوْ سَلَّامٍ ثَنِيْ ثَوْبَانُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَوْضِيْ مِنْ عَدْنٍ اِلٰى عَمَّانَ الْبَلْقَاءِ مَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَكْوَابُهُ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا اَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الشُّعْثُ رُؤُسًا الدُّنُسِ ثِيَابًا الَّذِيْنَ لَا يَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا يُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ قَالَ عُمَرُ لٰكِنِّيْ نَكَحْتُ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَفُتِحَتْ لِيَ السُّدَدُ نَكَحْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ عَبْدِ الْمَلِكِ لَاجَرَمَ اَنِّيْ لَا اَغْسِلُ رَاْسِيْ حَتّٰى يَشْعَثَ وَلَا اَغْسِلُ ثَوْبِي الَّذِيْ يَلِيْ جَسَدِيْ حَتّٰى يَتَّسِخَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ سَلَّامٍ الْحُبْشِيُّ اِسْمُهُ مَمْطُوْرٌ۔

کہ خود آپ سے سنوں۔ ابوسلام نے بیان کیا کہ ثوبانؓ نے نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا میرا حوض عدن سے بلقاء کے عمان تک ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ اس کے کوزے آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں جو اس سے پیئے گا اس کے بعد کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ اس پر سب سے پہلے جانے والے فقراء مہاجرین ہیں جن کے بال گرد آلود اور کپڑے میلے ہیں۔ وہ ناز ونعمت میں پلی ہوئی عورتوں سے نکاح نہیں کرتے اور انکیلئے بند دروازے کھولے نہیں جاتے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا لیکن میں نے تو ناز ونعمت میں پرورش پانے والیوں سے نکاح کیا اور میرے لئے بند دروازے کھولے گئے۔ میں نے فاطمہ بنت عبدالملک سے نکاح کیا۔ یقیناً جب تک میرا سر گرد آلود نہ ہو جائے میں اسے نہیں دھوتا۔ اور اسی طرح اپنے بدن پر لگے ہوئے کپڑے بھی میلے ہونے سے پہلے نہیں دھوتا۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور معدان بن ابی طلحہ سے بھی ثوبان کے حوالے سے مرفوعاً منقول ہے۔ ابوسلام حبشی کا نام ممطور ہے۔

۲۳۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ نَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اٰنِيَةُ الْحَوْضِ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاٰنِيَتُهُ اَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ وَكَوَاكِبِهَا فِيْ لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ مُصْحِيَةٍ مِنْ اٰنِيَةِ الْجَنَّةِ مَنْ شَرِبَ مِنْهَا لَمْ يَظْمَأْ اٰخِرَ مَا عَلَيْهِ عَرْضُهُ مِثْلُ طُوْلِهٖ مَابَيْنَ عَمَّانَ اِلٰى اَيْلَةَ مَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ وَابْنِ عُمَرَ وَحَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ وَالْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ

۲۳۳۶: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: حوض کے برتن کس طرح کے ہوں گے۔ آپؐ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس کے برتن آسمان کے ستاروں سے بھی زیادہ ہوں گے اور ستارے بھی ایسی اندھیری رات کے کہ جس میں بادل بالکل نہ ہوں پھر وہ برتن جنت کے برتنوں میں سے ہیں۔ جس نے اس سے (یعنی حوض کوثر سے) ایک مرتبہ پی لیا اسے پھر پیاس نہیں لگے گی۔ اس کی چوڑائی بھی لمبائی ہی کی طرح ہوگی۔ یعنی عمان سے ایلہ تک۔ اور اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اس باب میں حضرت حذیفہ بن یمانؓ، عبداللہ بن عمروؓ، ابو برزہ اسلمیؓ، ابن عمرؓ، حارثہ بن وہبؓ اور مستورد بن شداد سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ الْكُوْفَةِ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ.

بھی احادیث منقول ہیں۔ ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میرا حوض کوفہ سے حجر اسود تک ہے۔

۱۵۵: بَابُ

۱۵۵: باب

۲۳۳۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَصِيْنٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ حُصَيْنٍ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا اُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ يَمُرُّ بِالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَمَعَهُمُ الْقَوْمُ وَالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَمَعَهُمُ الرَّهْطُ وَالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَلَيْسَ مَعَهُمْ اَحَدٌ حَتّٰى مَرَّ بِسَوَادٍ عَظِيْمٍ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قِيْلَ مُوْسٰى وَقَوْمُهٗ وَ لٰكِنِ ارْفَعْ رَاْسَكَ فَانْظُرْ قَالَ فَاِذَا هُوَ سَوَادٌ عَظِيْمٌ قَدْ سَدَّ الْاُفُقَ مِنْ ذَا الْجَانِبِ وَمِنْ ذَا الْجَانِبِ فَقِيْلَ هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ وَسِوٰى هٰؤُلَاءِ مِنْ اُمَّتِكَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ فَدَخَلَ وَلَمْ يَسْاَلُوْهُ وَلَمْ يُفَسِّرْ لَهُمْ فَقَالُوْا نَحْنُ هُمْ وَقَالَ قَائِلُوْنَ هُمْ اَبْنَاءُ الَّذِيْنَ وُلِدُوْا عَلَى الْفِطْرَةِ وَالْاِسْلَامِ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَكْتَوُوْنَ وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ اَنَا مِنْهُمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ ثُمَّ جَاءَهٗ اٰخَرُ فَقَالَ اَنَا مِنْهُمْ فَقَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۳۳۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ معراج کے لیے تشریف لے گئے تو آپ ﷺ کا ایسے نبی یا نبیوں پر گزر رہوا کہ انکے ساتھ ایک قوم تھی پھر کسی نبی یا نبیوں پر سے گزرے تو ان کے ساتھ ایک جماعت تھی۔ پھر ایسے نبی یا انبیاء پر سے گزر رہوا کہ ان کے ساتھ ایک آدمی بھی نہیں تھا۔ یہاں تک کہ ایک بڑے مجمع کے پاس سے گزرے تو پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا کہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم۔ آپ ﷺ سر کو بلند کیجئے اور دیکھئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اچانک میں نے دیکھا کہ وہ ایک جم غفیر ہے جس نے آسمان کے دونوں جانب کو گھیرا ہوا ہے۔ پھر کہا گیا یہ آپ ﷺ کی امت ہے اور اس کے علاوہ ستر ہزار آدمی اور ہیں جو بغیر حساب وکتاب جنت میں داخل ہوں گے۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ گھر چلے گئے۔ نہ لوگوں نے پوچھا کہ وہ کون لوگ ہیں اور نہ ہی آپ ﷺ نے بتایا۔ چنانچہ بعض حضرات کہنے لگے کہ شاید وہ ہم لوگ ہوں جبکہ بعض کا خیال تھا کہ وہ فطرت اسلام پر پیدا ہونے والے بچے ہیں۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ دوبارہ تشریف لائے اور فرمایا وہ، وہ لوگ ہیں جو نہ داغتے ہیں، نہ جھاڑ پھونک کرتے ہیں اور نہ ہی بدفالی لیتے ہیں بلکہ اپنے ربّ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اس پر عکاشہ بن محصن کھڑے ہوئے اور عرض کیا: میں ان میں سے ہوں۔ آپؐ نے فرمایا "ہاں"۔ پھر ایک اور صحابی کھڑے ہوئے اور پوچھا کہ میں بھی انہی میں سے ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۳۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ الْبَصْرِيُّ نَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيْعِ نَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا اَعْرِفُ شَيْئًا مِمَّا كُنَّا عَلَيْهِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَيْنَ الصَّلٰوةُ

۲۳۳۸: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی جس پر ہم عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں عمل پیرا تھے۔ راوی نے عرض کیا نماز ویسی ہی نہیں۔ آپؓ نے فرمایا کیا تم نے نماز میں وہ کام نہیں کیے جن

قَالَ اَوَلَمْ تَصْنَعُوْا فِيْ صَلٰوتِكُمْ مَاقَدْ عَلِمْتُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ.

کا تمہیں علم ہے (یعنی سستی اور بے پرواہی) یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

۳۳۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ الْبَصْرِيُّ نَاعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَاهَاشِمُ بْنُ سَعِيْدِ الْكُوْفِيُّ ثَنِيْ زَيْدُ الْخَثْعَمِيُّ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ الْخَثْعَمِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالَ وَبِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهَا وَلَهَا وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغٰى وَنَسِيَ الْمُبْتَدَاَ وَالْمُنْتَهٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَمَعٌ يَقُوْدُهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ هَوًى يُضِلُّهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رُغَبٌ يُذِلُّهُ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

۳۳۹: حضرت اسماء بنت عمیس خثعمیہ کہتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتنا برا ہے وہ بندہ جس نے اپنے آپ کو (دوسروں سے) اچھا سمجھا اور تکبر کیا اور بلند وبالا ذات کو بھول گیا۔ وہ بندہ بھی برا ہے جو جابر وظالم بن گیا اور جبّار کو بھول گیا اور وہ بندہ بھی بہت برا ہے جو لہو ولعب میں مشغول ہو کر قبروں اور قبر میں گل سڑ جانے والی ہڈیوں کو بھول گیا۔ اور وہ بندہ بھی برا ہے جس نے سرکشی ونافرمانی کی اور اپنی ابتدائے خلقت اور انتہاء کو بھول گیا۔ اسی طرح وہ بندہ بھی برا ہے جس نے دین کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنایا۔ وہ بندہ بھی برا ہے جو دین کو شبہات کے ساتھ خلط ملط کرتا ہے اور وہ بندہ برا ہے جس نے حرص کو راہ نما بنالیا اور وہ شخص بھی برا ہے جسے اس کی خواہشات گمراہ کردیتی ہیں اور وہ بندہ جسے اس کی حرص ذلیل کردیتی ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند صحیح نہیں۔

۳۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ اُخْتِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ نَا اَبُو الْجَارُوْدِ الْاَعْمٰى وَاسْمُهٗ زِيَادُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا مُؤْمِنٍ اَطْعَمَ مُؤْمِنًا عَلٰى جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَقٰى مُؤْمِنًا عَلٰى ظَمَاءٍ سَقَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ وَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ كَسَامُؤْمِنًا عَلٰى عُرْىٍ كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرُوِىَ هٰذَا عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ مَوْقُوْفًا وَهُوَ اَصَحُّ عِنْدَ نَا وَ اَشْبَهُ.

۳۴۰: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی مؤمن کسی دوسرے مؤمن کو بھوک کے وقت کھانا کھلائے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن جنت کے میوے کھلائیں گے۔ اور جو مؤمن کسی پیاسے مؤمن کو پیاس کے وقت پانی پلائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے مہر لگائی ہوئی خالص شراب پلائے گا اور جو مؤمن کسی برہنہ مؤمن کو لباس پہنائے گا اللہ تعالیٰ اسے جنت کا سبز لباس پہنائے گا۔ یہ حدیث غریب ہے اور عطیہ سے بھی منقول ہے وہ اسے ابوسعیدؓ سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ یہ ہمارے نزدیک زیادہ صحیح اور اشبہ ہے۔

۳۴۱: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِنَا اَبُو النَّضْرِ نَا اَبُوْ عَقِيْلِ الثَّقَفِيُّ نَا اَبُوْ فَرْوَةَ يَزِيْدُ بْنُ سِنَانِ التَّمِيْمِيُّ ثَنِيْ بُكَيْرُ

۳۴۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ڈرا وہ پہلی رات چلا اور جو پہلی رات

بْنُ فَيْرُوزَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَانَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِي النَّضْرِ.

(یعنی اول شب) چلا وہ منزل پر پہنچ گیا۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ کا سامان (تجارت) بہت مہنگا ہے۔ یہ بھی جان لو کہ وہ سامان جنت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابونضر کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۴۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ نَا اَبُو النَّضْرِ ثَنِي اَبُوْ عَقِيْلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَقِيْلٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ ثَنِي رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ وَعَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ يَكُوْنَ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ حَتّٰى يَدَعَ مَالَا بَاْسَ بِهٖ حَذَرًا لِمَا بِهٖ بَاْسٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۴۲: حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اس وقت تک پرہیزگاروں میں شامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ ضرر رساں اشیاء سے بچنے کیلئے بے ضرر چیزوں کو نہ چھوڑے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ہم اسے صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں۔

۳۴۳: حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا اَبُوْ دَاوُدَ نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ كَمَا تَكُوْنُوْنَ عِنْدِيْ لَاَظَلَّتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ اَيْضًا عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيْدِيِّ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۳۴۳: حضرت حنظلہ اسیدی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم لوگوں کے دل اسی طرح رہیں جس طرح میرے پاس ہوتے ہیں تو فرشتے تم پر اپنے پروں سے سایہ کریں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور اس کے علاوہ بھی کئی سندوں سے منقول ہے اور اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔

۳۴۴: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَلْمَانَ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شِرَّةً وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَاِنْ صَاحِبُهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوْهُ وَاِنْ اُشِيْرَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ وَلَا تَعُدُّوْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ.

۳۴۴: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی ایک خوشی وشادمانی ہے اور ہر خوشی کیلئے ایک سستی ہے۔ پس جو شخص سیدھا رہا اور اس نے میانہ روی اختیار کی تو میں اس کی (بہتری کی) امید رکھتا ہوں اور اگر اس کی طرف انگلیاں اٹھیں تو تم اس کو شمار نہ کرو۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ حضرت انس بن مالکؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آدمی کی برائی کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ اس کے دین یا دنیا کے بارے میں انگلیاں اٹھیں مگر جس کو اللہ تعالیٰ بچالے۔

۳۴۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ

۳۴۵: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

نَاسُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ يَعْلٰى عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ فِيْ وَسَطِ الْخَطِّ خَطًّا وَخَطَّ خَارِجًا مِنَ الْخَطِّ خَطًّا وَحَوْلَ الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ خُطُوْطًا فَقَالَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ مُحِيْطٌ بِهٖ وَهٰذَا الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ الْاِنْسَانُ وَهٰذِهِ الْخُطُوْطُ عُرُوْضُهٗ اِنْ نَجَامِنْهُ هٰذَا يَنْهَشُهٗ هٰذَا وَالْخَطُّ الْخَارِجُ الْاَمَلُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

ﷺ نے ہمارے لیے ایک لکیر کھینچی اور اس سے مربع بنایا پھر اس کے درمیان ایک لکیر کھینچی اور اسے اس چوکور خانے سے باہر تک لے گئے۔ پھر درمیان والی لکیر کے اردگرد کئی لکیریں کھینچیں پھر درمیان والی لکیر کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: یہ ابن آدم ہے اور یہ اردگرد اس کی موت ہے جو اسے گھیرے ہوئے ہے اور یہ درمیان میں انسان ہے اور اس کے اردگرد کھنچے ہوئے خطوط اس کی آفات اور مصیبتیں ہیں۔ اگر وہ ان سے نجات پا جائے تو یہ خط اسے لے لیتا ہے اور یہ لمبی لکیر اس کی امید ہے یعنی جو مربع سے باہر ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۴۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عُوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۴۶: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان بوڑھا ہوتا ہے اور اس کی دو چیزیں جوان ہوتی ہیں مال اور طویل زندگی کی حرص۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۴۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ نَا اَبُو الْعَوَّامِ وَهُوَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُثِّلَ ابْنُ اٰدَمَ وَاِلٰى جَنْبِهٖ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۴۷: حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کی تخلیق اس صورت میں کی گئی کہ اس کے دونوں جانب ننانوے (۹۹) موتیں ہیں اگر وہ ان سے بچ نکلے تو بڑھاپے میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۴۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا قَبِيْصَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَااَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ قَالَ اُبَيٌّ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِيْ قَالَ مَا شِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ بِهٖ قُلْتُ فَالنِّصْفُ قَالَ مَا شِئْتَ وَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ

۳۴۸: حضرت اُبی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ جب رات کا تہائی حصہ گزر جاتا تو نبی اکرم ﷺ اٹھ کھڑے ہوتے اور فرماتے اے لوگو: اللہ کو یاد کرو۔ اللہ کی یاد میں مشغول ہو جاؤ۔ صور کا وقت آ گیا ہے پھر اس کے بعد دوسری مرتبہ بھی پھونکا جائے گا۔ پھر موت بھی اپنی سختیوں کے ساتھ آن پہنچی ہے۔ اُبی بن کعبؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میں آپؐ پر بکثرت درود بھیجتا ہوں لہٰذا اس کے لیے کتنا وقت مقرر کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا چاہو۔ میں نے عرض کیا اپنی عبادت کے وقت کا چوتھا حصہ مقرر کر لوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا چاہو کر لو۔ لیکن اگر اس

قُلْتُ فَثُلُثَى قَالَ مَا شِئْتَ فَإِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّکَ قُلْتُ اَجْعَلُ لَکَ صَلاَتِیْ کُلَّهَا قَالَ اِذًا تُکْفٰی هَمَّکَ وَيُغْفَرُ ذَنْبُکَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

سے زیادہ کرو تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: آدھا وقت؛ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا چاہو لیکن اس سے بھی زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا دو تہائی وقت۔ آپؐ نے فرمایا جتنا چاہو لیکن اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا تو پھر میں اپنے وظیفے کے پورے وقت میں آپ ﷺ پر درود پڑھا کروں گا۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر اس سے تمہاری تمام فکریں دور ہو جائیں گی اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۴۹: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الصَّبَّاحِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَحْيُوْا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ قُلْنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّا لَنَسْتَحْيِیْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَالَ لَيْسَ ذَاکَ وَلٰکِنَّ الْاِسْتِحْيَاءَ مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ اَنْ تَحْفَظَ الرَّأْسَ وَمَا وَعٰی وَتَحْفَظَ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰی وَتَتَذَکَّرَ الْمَوْتَ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ تَرَکَ زِيْنَةَ الدُّنْيَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ فَقَدِ اسْتَحْيٰی يَعْنِیْ مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اَبَانَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الصَّبَّاحِ بْنِ مُحَمَّدٍ.

۳۴۹: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے اتنی حیا کرو جتنا اس کا حق ہے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اللہ کا شکر ہے کہ ہم اس سے حیا کرتے ہیں: آپؐ نے فرمایا ٹھیک ہے لیکن اس کا حق یہ ہے کہ تم اپنے سر اور جو کچھ اس میں ہے اسکی حفاظت کرو (یعنی ناک کان آنکھ وغیرہ) پھر پیٹ اور اس میں جو کچھ اپنے اندر جمع کیا ہوا ہے اس کی حفاظت کرو۔ اور پھر موت اور ہڈیوں کے گل سڑ جانے کو یاد کیا کرو؛ اور جو آخرت کی کامیابی چاہے گا وہ دنیا کی زینت کو ترک کر دے گا؛ اور جس نے ایسا کیا اس نے اللہ سے حیا کرنے کا حق ادا کر دیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند یعنی بواسطہ ابان بن اسحٰق، صباح بن محمد کی روایت سے پہچانتے ہیں۔

۳۵۰: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مَرْيَمَ ح وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِیْ مَرْيَمَ عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْکَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰی عَلَى اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَمَعْنٰی قَوْلِ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ يَقُوْلُ يُحَاسِبُ نَفْسَهُ فِی الدُّنْيَا قَبْلَ اَنْ يُحَاسَبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيُرْوٰی عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ حَاسِبُوْا اَنْفُسَکُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا وَتَزَيَّنُوْا لِلْعَرْضِ الْاَکْبَرِ وَاِنَّمَا يَخِفُّ الْحِسَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰی مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ فِی

۳۵۰: حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو عبادت میں لگائے اور موت کے بعد کی زندگی کے لیے عمل کرے جبکہ بے وقوف وہ ہے جو اپنے نفس کی پیروی کرنے اور اللہ تعالیٰ سے امید رکھے۔ یہ حدیث حسن ہے اور ''مَنْ دَانَ نَفْسَهُ'' کا مطلب حساب قیامت سے پہلے (دنیا ہی میں) نفس کا محاسبہ کرنا ہے؛ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا اپنے نفسوں کا محاسبہ کرو اس سے قبل کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے اور بڑی پیشی کیلئے تیار ہو جاؤ۔ قیامت کے دن اس آدمی کا حساب آسان ہوگا جس نے دنیا ہی میں اپنا حساب کر لیا۔ میمون بن مہران سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا بندہ اس وقت تک پرہیزگار شمار نہیں ہوتا جب تک اپنے

الدُّنيا وَيُرْوَى عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ لَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ تَقِيًّا حَتّٰى يُحَاسِبَ نَفْسَهُ كَمَا يُحَاسِبُ شَرِيْكَهُ مِنْ اَيْنَ مَطْعَمُهُ وَمَلْبَسُهُ.

نفس کا محاسبہ نہ کرے جس طرح اپنے شریک سے کرتا ہے کہ اس نے کہاں سے کھایا اور کہاں سے پہنا۔(یعنی حلال سے یا حرام سے)

۳۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ وَهُوَ ابْنُ مَدُّوَيَةَ نَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْوَصَّافِيُّ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُصَلَّاهُ فَرَاٰى نَاسًا كَاَنَّهُمْ يَكْتَشِرُوْنَ قَالَ اَمَا اِنَّكُمْ لَوْ اَكْثَرْتُمْ ذِكْرَهَا ذِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ عَمَّا اَرٰى فَاَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِهَا ذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ فَاِنَّهُ لَمْ يَاْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ اِلَّا تَكَلَّمَ فَيَقُوْلُ اَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ اَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ فَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَاَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ يَمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيْعِيْ بِكَ فَيَتَّسِعُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهٖ وَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ اَوِ الْكَافِرُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَ لَا اَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَبْغَضَ مَنْ يَمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيْعِيْ بِكَ قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰى يَلْتَقِيَ عَلَيْهِ وَتَخْتَلِفَ اَضْلَاعُهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصَابِعِهٖ فَاَدْخَلَ بَعْضَهَا فِيْ جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيِّضُ لَهُ سَبْعِيْنَ تِنِّيْنًا لَوْ اَنَّ وَاحِدًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَشْنَهُ وَيَخْدِشْنَهُ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ اِلَى الْحِسَابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۵۱: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ اپنے مصلیٰ پر تشریف لائے تو کچھ لوگوں کو ہنستے ہوئے دیکھا تو آپؐ نے فرمایا اگر تم لذتوں کو ختم کرنے والی چیز کو یاد کرتے تو تمہیں اس بات کی فرصت نہ ملتی جو میں دیکھ رہا ہوں۔ لہٰذا لذتوں کو قطع کرنے والی موت کو زیادہ یاد کرو کوئی قبر ایسی نہیں جو روزانہ اس طرح نہ پکارتی ہو کہ میں غربت کا گھر ہوں۔ میں تنہائی کا گھر ہوں میں مٹی کا گھر ہوں اور میں کیڑوں کا گھر ہوں۔ پھر جب اس میں کوئی مؤمن بندہ دفن کیا جاتا ہے تو وہ اسے مرحباً واھلاً کہہ کر خوش آمدید کہتی ہے۔ پھر کہتی ہے کہ میری پیٹھ پر جو لوگ چلتے ہیں تو مجھے ان سب میں محبوب تھا۔ اب تجھے میرے سپرد کر دیا گیا ہے تو اب تو میرا احسن سلوک دیکھے گا۔ پھر وہ اس کے لیے حد نگاہ تک کشادہ ہو جاتی ہے اور اس کیلئے جنت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور جب گنہگار یا کافر آدمی دفن کیا جاتا ہے تو قبر اسے خوش آمدید نہیں کہتی بلکہ ''لا مرحبًا ولا اھلاً'' کہتی ہے پھر کہتی ہے کہ میری پیٹھ پر چلنے والوں میں سے تم سب سے زیادہ مبغوض شخص تھے۔ آج جب تمہیں میرے سپرد کیا گیا ہے تو تم میری بدسلوکی بھی دیکھو گے پھر وہ اسے اس زور سے بھینچتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنی انگلیاں ایک دوسری میں داخل کر کے دکھائیں (یعنی شکنجہ بنا کر) پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے بعد اس پر ستر اژدھے مقرر کر دیئے جاتے ہیں۔ اگر ان میں سے ایک زمین پر ایک مرتبہ پھونک مار دے تو اس پر کبھی کوئی چیز نہ اُگے۔ پھر وہ اسے کاٹتے اور نوچتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اسے حساب و کتاب کے لیے اٹھایا جائے گا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۳۵۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ ثَوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى رَمْلِ حَصِيْرٍ فَرَأَيْتُ اَثَرَهُ فِيْ جَنْبِهٖ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۵۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا تو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں اس کے نشانات دیکھے۔ اس حدیث میں ایک طویل قصہ ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۵۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَعْمَرٍ وَ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ اَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَمْرَو ابْنَ عَوْفٍ وَهُوَ حَلِيْفُ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ فَقَدِمَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَسَمِعَتِ الْاَنْصَارُ بِقُدُوْمِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ فَوَافَوْا صَلٰوةَ الْفَجْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ فَتَعَرَّضُوْا لَهُ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَاٰهُمْ ثُمَّ قَالَ اَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ اَنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ قَدِمَ بِشَيْءٍ قَالُوْا اَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَبْشِرُوْا وَاَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ فَوَاللّٰهِ مَا الْفَقْرَ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنْ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ اَنْ تُبْسَطَ الدُّنْيَا عَلَيْكُمْ كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا فَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۵۳: حضرت مسور بن مخرمہ کہتے ہیں کہ قبیلہ بنو عامر بن لوی کے حلیف عمرو بن عوف جنہوں نے جنگ بدر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شرکت کی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوعبیدہ بن جراحؓ کو بحرین کا عامل بنا کر بھیجا تو وہ بحرین سے کچھ مال لے کر لوٹے۔ جب انصار نے ان کی آمد کا سنا تو فجر کی نماز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہونے کے بعد انہیں دیکھا تو مسکرائے پھر فرمایا: میرا خیال ہے کہ ابوعبیدہ کی آمد کی خبر تم لوگوں تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے عرض کیا "جی ہاں" یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں خوشخبری ہو اور تم اس چیز کی امید رکھو جو تمہیں خوش رکھے۔ اللہ کی قسم میں تم پر فقر سے نہیں ڈرتا بلکہ میں اس سے ڈرتا ہوں کہ دنیا تم لوگوں کے لیے بھی پہلے لوگوں کی طرح کشادہ کر دی جائے اور تم اس سے اسی طرح طمع و حرص کرنے لگو جس طرح وہ لوگ کرتے تھے پھر وہ تم لوگوں کو بھی ہلاک کر دے جیسے ان لوگوں کو ہلاک کیا تھا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۵۴: اَخْبَرَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ يَا حَكِيْمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَهُ

۳۵۴: حضرت حکیم بن حزامؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ مال مانگا تو آپ ﷺ نے دے دیا۔ میں نے تین مرتبہ مانگا اور آپؐ نے تینوں مرتبہ دیا پھر فرمایا اے حکیم یہ مال ہرا ہرا اور میٹھا میٹھا ہوتا ہے۔ چنانچہ جو شخص اسے سخاوت نفس سے لیتا ہے اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی جاتی ہے۔ لیکن جو اسے اپنے نفس کو ذلیل کر کے حاصل کرتا ہے

بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى فَقَالَ حَكِيمٌ فَقُلْتُ يَارَسُولَ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَرْزَأُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا فَكَانَ اَبُو بَكْرٍ يَدْعُوا حَكِيمًا اِلَى الْعَطَاءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَقْبَلَهُ ثُمَّ اِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ فَاَبٰى اَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا فَقَالَ عُمَرُ اِنِّي اُشْهِدُكُمْ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى حَكِيمٍ اَنِّي اَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَاْخُذَهُ فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيمٌ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ شَيْئًا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تُوُفِّيَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

اس کے لیے برکت نہیں ڈالی جاتی۔ ایسے شخص کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کھائے لیکن اس کا پیٹ نہ بھرے اور جان لو کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے۔ حکیمؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا میں آپؐ کے بعد کبھی کسی سے سوال نہیں کروں گا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ حکیم کو کچھ دینے کیلئے بلاتے تو وہ انکار کر دیتے۔ پھر حضرت عمرؓ نے بھی بلوایا تو انہوں نے انکار کر دیا۔ اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے مسلمانو گواہ رہنا کہ میں حکیم کو مال فئی میں سے اس کا حق پیش کرتا ہوں تو یہ انکار کر دیتے ہیں۔ پھر حکیمؓ نے اپنی زندگی میں کبھی کسی سے سوال نہیں کیا۔ یہاں تک کہ وفات پا گئے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۵۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ صَفْوَانَ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ ابْتُلِيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالضَّرَّاءِ فَصَبَرْنَا ثُمَّ ابْتُلِيْنَا بَعْدَهُ بِالسَّرَّاءِ فَلَمْ نَصْبِرْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۳۵۵: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تنگدستی اور تکلیف کی آزمائش میں ڈالے گئے جس پر ہم نے صبر کیا۔ پھر ہمیں وسعت اور خوشی دے کر آزمایا گیا تو ہم صبر نہ کر سکے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۵۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنِ الرَّبِيْعِ ابْنِ صَبِيْحٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبَانَ وَهُوَ الرَّقَاشِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتِ الْاٰخِرَةُ هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَفَرَّقَ عَلَيْهِ شَمْلَهُ وَلَمْ يَاْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا قُدِّرَلَهُ.

۳۵۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جسے آخرت کا فکر ہو اللہ تعالیٰ اس کا دل غنی کر دیتا ہے اور اس کے بکھرے ہوئے کاموں کو جمع کر دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل لونڈی بن کر آتی ہے اور جسے دنیا کی فکر ہو، اللہ تعالیٰ محتاجی اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے اور اس کے مجتمع کاموں کو منتشر کر دیتا ہے اور دنیا (کا مال) بھی اسے اتنا ہی ملتا ہے جتنا اس کیلئے مقدر ہے۔

۳۵۷: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ زَائِدَةَ بْنِ نَشِيْطٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ يَا ابْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ اَمْلَاْ صَدْرَكَ غِنًى وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ

۳۵۷: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے حدیث قدسی نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابن آدم تم میری عبادت میں مشغول ہو جاؤ میں تمہارے دل کو بے نیازی سے بھر دوں گا اور محتاجی کو دور کر دوں گا۔ لیکن اگر ایسا نہیں کرو گے تو تمہارے دونوں ہاتھ مشغول رہیں گے اور اس کے باوجود میں

مَلَأْتُ يَدَيْكَ شُغُلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ خَالِدِ الْوَالِبِيُّ اِسْمُهُ هُرْمُزُ.

تمہارا فقر دور نہیں کروں گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابوخالد والبی کا نام ہرمز ہے۔

خلاصۃ الباب: شفاعت کا مطلب یہ ہے کہ گناہوں کی معافی کی سفارش کرنا چنانچہ حضرت محمد ﷺ قیامت کے دن بارگاہ ربّ العزّت میں گناہ گار اور مجرم بندوں کے گناہوں کے معاف کئے جانے کی درخواست پیش کریں گے اس لئے شفاعت کا لفظ اسی مفہوم کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی شفاعت کا قبول ہونا اور اس پر ایمان لانا واجب ہے شفاعت کی مختلف اقسام ہیں سب سے پہلی شفاعت عظمیٰ' یہ شفاعت تمام مخلوق کے حق میں ہوگی۔ دوسری وہ قسم ہے جس کے ذریعہ ایک طبقہ کو بغیر حساب کے جنت میں پہنچانا مقصود ہوگا۔ تیسری قسم شفاعت کی وہ ہے جس کے ذریعہ ان لوگوں کو جنت میں پہنچانا مقصود ہوگا جو اپنے جرائم کی سزا بھگتنے کیلئے دوزخ کے حق دار ہوں گے چنانچہ حضور ﷺ ان لوگوں کے حق میں شفاعت کریں گے اور ان کو جنت میں داخل کرائیں گے شفاعت کی اور بھی اقسام ہیں (۲) حوض کا معنی پانی جمع ہونا اور بہنا یہاں مراد وہ حوض ہے جو قیامت کے دن آنحضرت ﷺ کیلئے مخصوص ہوگا اور جس کی صفات وخصوصیات اس باب میں نقل ہونے والی ہیں۔ امام قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کیلئے دو حوض ہونگے ایک تو میدانِ محشر میں پل صراط سے پہلے عطا ہوگا اور دوسرا حوض جنت میں ہوگا دونوں کا نام کوثر ہے۔ عربی زبان میں کوثر کا معنی خیر کثیر یعنی بے شمار بھلائیاں اور نعمتیں ہے۔ پھر زیادہ صحیح یہ ہے کہ میدانِ حشر میں جو حوض عطا ہوگا وہ میزان کے مرحلہ سے پہلے عطا ہوگا پس لوگ اپنی قبروں سے پیاس کی حالت میں اٹھیں گے پہلے حوض پر آئیں گے اس کے بعد میزان یعنی اعمال تولے جانے کا مرحلہ پیش آئے گا اس طرح میدان حشر میں ہر پیغمبر کا اپنا الگ حوض ہوگا جس پر اس کی امت آئے گی حوض کوثر کی درازی اور اس کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں ایک مہینہ کی مسافت کے بقدر دراز ہوگا اور مربع ہوگا شہد سے زیادہ میٹھا اور دودھ سے زیادہ لذیذ سب سے پہلے جانے والے فقراء مہاجرین ہیں مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایمان واعمال صالحہ اور ہجرت وجہاد سادگی کی وہ قدر ہے جو مالداری کی نہیں۔ اس باب میں یہ بھی بیان ہے کہ تکبر اور دوسروں سے اپنے کو بلند و بالا سمجھنا جابر وظالم بننا ہے اور جو قبر کو بھول گیا وہ بھی بُرا ہے یہ بھی بیان کیا ہے کہ قبر کیلئے تیاری کرو اس لئے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام صور لے کر کھڑے ہوگئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے منتظر ہیں لہٰذا اپنے نفس کا محاسبہ کرو پرہیزگاری حاصل ہوگی۔

۱۵۶ : بَابٌ

۱۵۶: باب

۳۵۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لَنَا قِرَامُ سِتْرٍ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ عَلٰى بَابِيْ فَرَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْزِعِيْهِ فَاِنَّهُ يُذَكِّرُنِي الدُّنْيَا قَالَتْ وَكَانَ لَنَا سَمَلُ قَطِيْفَةٍ عَلَمُهَا حَرِيْرٌ كُنَّا

۳۵۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ ہمارے ہاں ایک باریک پردہ تھا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ میں نے اسے اپنے دروازے پر ڈال دیا۔ جب آپ ﷺ نے دیکھا تو فرمایا: اسے اتار دو کیونکہ یہ مجھے دنیا کی یاد دلاتا ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ہمارے ہاں ایک پرانی روئی دار چادر تھی اس پر ریشم کے نشانات بنے ہوئے تھے۔ ہم اسے اوڑھا کرتے تھے۔ امام

نَلْبَسُهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۵۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ وِسَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ يَضْطَجِعُ عَلَيْهَا مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۵۹: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس تکیے پر لیٹا کرتے تھے وہ چمڑے کا تھا اور اس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۶۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ مَابَقِيَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ مَيْسَرَةَ هُوَ الْهَمْدَانِيُّ اِسْمُهُ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيْلٍ.

۳۶۰: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے ایک بکری ذبح کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اس میں سے کیا باقی ہے؟ میں نے عرض کیا صرف ایک بازو بچا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو پھر دستی کے سوا پورا گوشت باقی ہے۔[1] یہ حدیث صحیح ہے اور ابومیسرہ ہمدانی کا نام عمرو بن شرحبیل ہے۔

۳۶۱: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنَّا اٰلَ مُحَمَّدٍ نَمْكُثُ شَهْرًا مَانَسْتَوْقِدُ نَارًا اِنْ هُوَ اِلَّا الْمَاءُ وَالتَّمْرُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۶۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک ایک مہینہ گھر میں چولھا نہیں جلا سکتے تھے۔ اس دوران ہماری خوراک پانی اور کھجور ہوتا تھا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۶۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا شَطْرٌ مِنْ شَعِيْرٍ فَاَكَلْنَا مِنْهُ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ قُلْتُ لِلْجَارِيَةِ كِيْلِيْهِ فَكَالَتْهُ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ فَنِيَ قَالَتْ فَلَوْ كُنَّا تَرَكْنَاهُ لَاَكَلْنَا مِنْهُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ شَطْرٌ يَعْنِيْ شَيْئًا مِنْ شَعِيْرٍ.

۳۶۲: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی وفات ہوئی تو ہمارے پاس کچھ جو تھے۔ چنانچہ ہم اس میں سے اتنی مدت کھاتے رہے جتنی اللہ کی چاہت تھی۔ پھر میں نے اپنی لونڈی سے کہا کہ اس کا وزن کرو۔ اس نے وزن کیا تو وہ بہت جلد ختم ہوگئے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اگر ہم اسے اسی طرح چھوڑ دیتے اور وزن نہ کرتے تو اس سے مدت دراز تک کھاتے رہتے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور شطر کے معنی ہیں کہ کچھ جو تھے۔

۳۶۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ اَبُوْ حَاتِمٍ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ نَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْذِيْتُ فِيْ

۳۶۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں اللہ کی راہ میں اتنا ڈرایا گیا جتنا کسی دوسرے کو نہیں ڈرایا گیا۔ پھر مجھے اتنی تکالیف پہنچائی گئیں جتنی کسی دوسرے کو نہیں پہنچائی گئیں۔ نیز مجھ پر تیس دن اور تیس راتیں ایسی گزری

---

[1] وہ بکری ذبح کر کے اس کا گوشت اللہ کے راستے میں دے دیا گیا تھا اور صرف دستی کا گوشت باقی تھا لہٰذا نبی اکرم ﷺ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جو اللہ کی راہ میں دے دی ہے وہی باقی اور جو ہم نے اپنے لیے رکھ لی ہے وہ فانی ہے۔ (مترجم)

اللّٰهِ وَلَمْ يُؤْذَ اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَىَّ ثَلاَثُونَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَمَالِىْ وَلِبِلاَلٍ طَعَامٌ يَاْكُلُهُ ذُوْكَبِدٍ اِلاَّ شَيْءٌ يُوَارِيْهِ اِبْطُ بِلاَلٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ حِيْنَ خَرَجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَارِبًا مِنْ مَكَّةَ وَمَعَهُ بِلاَلٌ اِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلاَلٍ مِنَ الطَّعَامِ مَايَحْمِلُ تَحْتَ اِبِطِهِ.

ہیں کہ میرے اور بلالؓ کے پاس اتنا کھانا بھی نہیں تھا جسے کوئی جگر والا کھائے مگر اتنی چیز جسے بلال کی بغل چھپا لیتی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ اور حضرت بلالؓ مکہ مکرمہ سے (ہجرت کے علاوہ) تشریف لے گئے تو حضرت بلالؓ کے پاس صرف اتنا کھانا تھا جسے انہوں نے اپنی بغل کے نیچے دبایا ہوا تھا۔

۳۶۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ اِسْحَاقَ ثَنِىْ يَزِيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِىِّ قَالَ ثَنِىْ مَنْ سَمِعَ عَلِىَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ يَقُوْلُ خَرَجْتُ فِىْ يَوْمٍ شَاتٍ مِنْ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخَذْتُ اِهَابًا مَعْطُوْفًا فَجَوَّبْتُ وَسَطَهُ فَاَدْخَلْتُهُ عُنُقِىْ وَشَدَدْتُ وَسْطِىْ فَحَزَمْتُهُ بِخُوْصِ النَّخْلِ وَاِنِّىْ لَشَدِيْدُ الْجُوْعِ وَلَوْكَانَ فِىْ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ لَطَعِمْتُ مِنْهُ فَخَرَجْتُ اَلْتَمِسُ شَيْئًا فَمَرَرْتُ بِيَهُوْدِىٍّ فِىْ مَالٍ لَهُ وَ هُوَيَسْقِىْ بِبَكْرَةٍ لَهُ فَاطَّلَعْتُ عَلَيْهِ مِنْ ثُلْمَةٍ فِى الْحَائِطِ فَقَالَ مَالَكَ يَااَعْرَابِىُّ هَلْ لَكَ فِىْ دَلْوٍ بِتَمْرَةٍ فَقُلْتُ نَعَمْ فَافْتَحِ الْبَابَ حَتّٰى اَدْخُلَ فَفَتَحَ فَدَخَلْتُ فَاَعْطَانِىْ دَلْوَهُ فَكُلَّمَا نَزَعْتُ دَلْوًا اَعْطَانِىْ تَمْرَةً حَتّٰى اِذَا امْتَلاَتْ كَفِّىْ اَرْسَلْتُ دَلْوَهُ وَقُلْتُ حَسْبِىْ فَاَكَلْتُهَا ثُمَّ جَرَعْتُ مِنَ الْمَاءِ فَشَرِبْتُ ثُمَّ جِئْتُ الْمَسْجِدَ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۳۶۴: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ سخت سردی کے دنوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر سے نکلا ۔ چنانچہ میں نے ایک بدبودار چمڑا لیا اور اسے درمیان سے کاٹ کر اپنی گردن میں ڈال لیا اور اپنی کمر کھجور کی ٹہنی سے باندھ لی ۔اس وقت مجھے بہت سخت بھوک لگ رہی تھی ۔ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں کچھ ہوتا تو میں کھا لیتا۔ چنانچہ میں کوئی چیز تلاش کر رہا تھا کہ ایک یہودی کو دیکھا جو اپنے باغ میں تھا میں نے دیوار کے سوراخ میں سے جھانکا تو وہ اپنی چرخی سے پانی دے رہا تھا۔اس نے مجھ سے کہا۔کیا ہے دیہاتی ؟ ایک کھجور کے بدلے ایک ڈول پانی کھینچو گے؟ میں نے کہا ہاں دروازہ کھولو۔ میں اندر گیا۔تو اس نے مجھے ڈول دیا ۔ میں نے پانی نکالنا شروع کیا ۔وہ مجھے ہر ڈول نکالنے پر ایک کھجور دے دیتا۔ یہاں تک کہ میری مٹھی بھر گئی تو میں نے کہا بس : پھر میں نے کھجوریں کھائیں پھر پانی پیا اور مسجد آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہیں پایا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۶۵: حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِىٍّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِىِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِىَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمْ اَصَابَهُمْ جُوْعٌ فَاَعْطَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً تَمْرَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۶۵: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگوں (یعنی اصحاب صفہ) کو بھوک لگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک ایک کھجور دی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۶۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ

۳۶۶: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ

اَبِيهِ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ ثَلاثُ مِائَةٍ نَحْمِلُ زَادَنَا عَلٰى رِقَابِنَا فَفَنِىَ زَادُنَا حَتّٰى كَانَتْ تَكُوْنُ لِلرَّجُلِ مِنَّا كُلَّ يَوْمٍ تَمْرَةٌ فَقِيْلَ لَهٗ يَااَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَيْنَ كَانَتْ تَقَعُ التَّمْرَةُ مِنَ الرَّجُلِ قَالَ لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِيْنَ فَقَدْنَاهَا فَاَتَيْنَا الْبَحْرَ فَاِذَا نَحْنُ بِحُوْتٍ قَدْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا اَحْبَبْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

نے ہمیں جنگ کے لیے بھیجا۔ اس وقت ہمارے قافلے کی تعداد تین سوتھی۔ سب نے اپنا اپنا توشہ خود اٹھایا ہوا تھا۔ یعنی کم تھا۔ پھر وہ ختم ہونے لگا تو ہم میں سے ہر آدمی کے حصے میں ایک دن کے لیے ایک ہی کھجور آتی۔ ان سے کہا گیا کہ ایک کھجور سے ایک آدمی کا کیا بنتا ہوگا۔ فرمایا جب وہ ایک ملنا بھی بند ہوگئی تو ہمیں اس کی قدر ہوئی۔ پھر ہم لوگ سمندر کے کنارے پہنچے تو دیکھا کہ سمندر نے ایک مچھلی کو پھینک دیا ہے یعنی وہ کنارے لگی ہوئی ہے چنانچہ ہم نے اس میں سے اٹھارہ دن تک خوب سیر ہو کر کھایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۶۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ ثَنِىْ يَزِيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ ثَنِىْ مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ يَقُوْلُ اِنَّا لَجُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَسْجِدِ اِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ مَا عَلَيْهِ اِلَّا بُرْدَةٌ لَهٗ مَرْقُوْعَةٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكٰى لِلَّذِىْ كَانَ فِيْهِ مِنَ النِّعْمَةِ وَالَّذِىْ هُوَ فِيْهِ الْيَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ اِذَا غَدَا اَحَدُكُمْ فِىْ حُلَّةٍ وَرَاحَ فِىْ حُلَّةٍ وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ وَرُفِعَتْ اُخْرٰى وَسَتَرْتُمْ بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنْكُمْ يَوْمَئِذٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَيَزِيْدُ بْنُ زِيَادٍ هٰذَا هُوَ مَدَنِىٌّ وَقَدْ رَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ وَيَزِيْدُ بْنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِىُّ الَّذِىْ رَوٰى عَنِ الزُّهْرِىِّ رَوٰى عَنْهُ وَكِيْعٌ وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَيَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ كُوْفِىٌّ رَوٰى عَنْهُ سُفْيَانُ وَشُعْبَةُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ.

۳۶۷: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مصعب بن عمیرؓ داخل ہوئے۔ انکے بدن پر صرف ایک چادر تھی جس پر پوستین کے پیوند لگے ہوئے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ نے انہیں دیکھا تو رونے لگے کہ مصعب کل کس ناز و نعم میں تھے اور آج ان کا کیا حال ہے۔ پھر آپؐ نے ہم سے پوچھا کہ کل اگر تم لوگوں کو اتنی آسودگی میسر ہو جائے کہ صبح ایک جوڑا ہو اور شام کو ایک جوڑا۔ پھر انواع واقسام کے کھانے کی پلیٹیں تمہارے آگے یکے بعد دیگرے لائی جاتی ہوں نیز تم لوگ اپنے گھروں میں کعبہ کے غلاف کی طرح پردے ڈالنے لگو تو تم لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اس دن ہم آج کے مقابلے میں بہت اچھے ہوں گے کیونکہ محنت ومشقت کی ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے عبادت کے لیے فارغ ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں بلکہ تم لوگ آج اس سے بہتر ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور یزید بن زیاد مدنی ہیں۔ مالک بن انسؓ اور دوسرے علماء نے ان سے روایات لی ہیں۔ یزید بن زیاد دمشقی جو زہری سے روایت کرتے ہیں ان سے وکیع اور مروان بن معاویہ نے روایت کی ہے۔ یزید بن زیاد کوفی سے سفیان، شعبہ، ابن عیینہ اور کئی ائمہ حدیث احادیث نقل کرتے ہیں۔

٣٦٨: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ ثَنَا عُمَرُ بْنُ
ذَرٍّ نَا مُجَاهِدٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ اَهْلُ الصُّفَّةِ
اَضْيَافَ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا يَأْوُوْنَ عَلٰى اَهْلٍ وَّمَالٍ وَاللّٰهِ
الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنْ كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِيْ عَلَى
الْاَرْضِ مِنَ الْجُوْعِ وَاَشُدُّ الْحَجَرَ عَلٰى بَطْنِيْ مِنَ
الْجُوْعِ وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ الَّذِيْ
يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ فَمَرَّبِيْ اَبُوْبَكْرٍ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ اٰيَةٍ مِّنْ
كِتَابِ اللّٰهِ مَاسَاَلْتُهٗ اِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِيْ فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ
مَرَّ عُمَرُ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ مَاسَاَلْتُهٗ اِلَّا
لِيَسْتَتْبِعَنِيْ فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ مَرَّ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَبَسَّمَ حِيْنَ رَاٰنِيْ وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ قُلْتُ
لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْحَقْ وَمَضٰى فَاتَّبَعْتُهٗ
وَدَخَلَ مَنْزِلَهٗ فَاسْتَاْذَنْتُ فَاَذِنَ لِيْ فَوَجَدَ قَدَحًا مِنَ
اللَّبَنِ قَالَ مِنْ اَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ لَكُمْ قِيْلَ اَهْدَاهُ لَنَا فُلَانٌ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا هُرَيْرَةَ
قُلْتُ لَبَّيْكَ قَالَ الْحَقْ اِلٰى اَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ وَهُمْ
اَضْيَافُ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا يَأْوُوْنَ عَلٰى اَهْلٍ وَلَا مَالٍ اِذَا
اَتَتْهُ الصَّدَقَةُ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ وَلَمْ يَتَنَاوَلْ مِنْهَا شَيْئًا
وَاِذَا اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ فَاَصَابَ مِنْهُمَا وَ
اَشْرَكَهُمْ فِيْهَا فَسَاءَنِيْ ذٰلِكَ وَقُلْتُ مَا هٰذَا الْقَدَحُ
بَيْنَ اَهْلِ الصُّفَّةِ وَاَنَا رَسُوْلُهٗ اِلَيْهِمْ فَسَيَاْمُرُنِيْ اَنْ
اُدِيْرَهٗ عَلَيْهِمْ فَمَا عَسٰى اَنْ يُّصِيْبَنِيْ مِنْهُ وَقَدْ كُنْتُ
اَرْجُوْا اَنْ اُصِيْبَ مِنْهُ مَا يُغْنِيْنِيْ وَلَمْ يَكُ بُدٌّ مِنْ طَاعَةِ
اللّٰهِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهٖ فَاَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَلَمَّا دَخَلُوْا
عَلَيْهِ فَاَخَذُوْا مَجَالِسَهُمْ قَالَ اَبَا هُرَيْرَةَ خُذِ الْقَدَحَ
فَاَعْطِهِمْ فَاَخَذْتُ الْقَدَحَ فَجَعَلْتُ اُنَاوِلُهُ الرَّجُلَ
فَيَشْرَبُ حَتّٰى يَرْوٰى ثُمَّ يَرُدُّهٗ فَاُنَاوِلُهُ الْاٰخَرَ حَتّٰى
اِنْتَهَيْتُ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ

٣٦٨: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ مسلمانوں
کے مہمان تھے۔ کیونکہ ان کا کوئی گھر نہیں تھا اور نہ ہی انکے پاس
مال تھا۔ اس پروردگار کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں بھوک
کی شدت کی وجہ سے اپنا کلیجہ زمین پر ٹیک دیا کرتا تھا اور اپنے پیٹ
پر پتھر باندھا کرتا تھا۔ ایک دن میں راستہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ ابوبکرؓ
وہاں سے گزرے تو میں نے ان سے صرف اس لیے ایک آیت کی
تفسیر پوچھی کہ وہ مجھے ساتھ لے جائیں لیکن انہوں نے ایسا نہیں
کیا۔ پھر عمرؓ گزرے تو ان سے بھی اسی طرح سوال کیا وہ بھی چلے
گئے اور مجھے ساتھ نہیں لے گئے۔ پھر ابوقاسم ﷺ کا گزر ہوا۔ تو
آپؐ مجھے دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا ابوہریرہؓ۔ میں نے عرض کیا
یارسول اللہ ﷺ حاضر ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا میرے ساتھ
چلو۔ آپؐ مجھے لے کر اپنے گھر تشریف لے گئے۔ پھر میں نے
اجازت چاہی تو مجھے بھی داخل ہونے کی اجازت دی۔ آپ ﷺ
کو دودھ کا پیالہ پیش کیا گیا۔ تو پوچھا کہ یہ کہاں سے آیا ہے؟ عرض
کیا گیا فلاں نے ہدیے میں بھیجا ہے۔ پھر آپ ﷺ مجھ سے
مخاطب ہوئے اور حکم دیا کہ اہل صفہ کو بلالاؤ۔ کیونکہ وہ لوگ
مسلمانوں کے مہمان ہیں اور ان کا کوئی گھر بار نہیں۔ چنانچہ
اگر آپ ﷺ کے پاس کوئی صدقہ وغیرہ آتا تو اسے انہی کے پاس
بھیج دیا کرتے اور اگر ہدیہ آتا تو انہیں بھی اپنے ساتھ شریک
کرتے۔ حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں مجھے یہ چیز ناگوار گزری کہ
آپؐ ایک پیالہ دودھ کے لیے مجھے اصحاب صفہ کو بلانے کا حکم
دے رہے ہیں۔ انکے لیے اس ایک پیالہ دودھ کی بھلا کیا حیثیت
ہے۔ پھر مجھے حکم دیں گے کہ اس پیالے کو لے کر باری باری سب
کو پلاؤ۔ لہٰذا میرے لئے تو کچھ بھی نہیں بچے گا۔ جبکہ مجھے امید تھی
کہ میں اس سے بقدر کفایت پی سکوں گا۔ اور وہ تھا بھی اتنا ہی
۔لیکن چونکہ اطاعت ضروری تھی لہٰذا چار وناچار انہیں بلا کر لایا۔ پھر
جب وہ لوگ (اصحاب صفہ) نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پہنچے
اور اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے تو آپؐ نے فرمایا اے ابوہریرہؓ: یہ پیالہ

رَوِیَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ فَاَخَذَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَوَضَعَهُ عَلٰى يَدِهٖ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَتَبَسَّمَ وَقَالَ اَبَا هُرَيْرَةَ اِشْرَبْ فَشَرِبْتُ ثُمَّ قَالَ اِشْرَبْ فَلَمْ اَزَلْ اَشْرَبُ وَيَقُوْلُ اِشْرَبْ ثُمَّ قُلْتُ وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ مَا اَجِدُ لَهٗ مَسْلَكًا فَاَخَذَ الْقَدَحَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسَمّٰى وَشَرِبَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

پکڑ واوران کو دیتے جاؤ۔ ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے پیالہ لے کر ایک کو دیا انہوں نے سیر ہو کر دوسرے کو دیا یہاں تک کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچ گیا۔ حالانکہ تمام افراد سیر ہو چکے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے پیالہ اپنے دست مبارک میں رکھا پھر سر اٹھا کر مسکرائے اور فرمایا ابو ہریرہؓ پیو۔ میں نے پیا۔ پھر فرمایا پیو۔ یہاں تک کہ میں پیتا رہا اور آپؐ یہی فرماتے رہے کہ پیو۔ آخر میں نے عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو دین حق کے ساتھ بھیجا اب اسے پینے کی گنجائش نہیں۔ پھر آپؐ نے پیالہ لیا اور اللہ کی تعریف بیان کرنے کے بعد بسم اللہ پڑھی اور خود بھی پیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۶۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِیُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِیُّ ثَنِیْ يَحْيَى الْبَكَّاءُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَجَشَّأَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُفَّ عَنَّا جُشَاءَکَ فَاِنَّ اَكْثَرَهُمْ شِبَعًا فِی الدُّنْيَا اَطْوَلُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ.

۳۶۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ڈکار لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی ڈکار کو ہم سے دور رکھو کیونکہ دنیا میں زیادہ پیٹ بھر کر کھانے والے قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکے رہیں گے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اس باب میں حضرت ابو جحیفہؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۷۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ يَا بُنَیَّ لَوْرَاَيْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصَابَتْنَا السَّمَاءُ لَحَسِبْتَ اَنَّ رِيْحَنَا رِيْحُ الضَّاْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ كَانَ ثِيَابُهُمُ الصُّوْفُ فَكَانَ اِذَا اَصَابَهُمُ الْمَطَرُ يَجِیْءُ مِنْ ثِيَابِهِمْ رِيْحُ الضَّاْنِ.

۳۷۰: حضرت ابو موسیٰؓ نے اپنے بیٹے سے فرمایا: اے بیٹے اگر تم ہمیں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ (یعنی عہد نبوی میں) دیکھتے اور کبھی بارش ہو جاتی تو تم کہتے ہمارے جسم کی بُو بھیڑ کی بُو کی طرح ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ کے کپڑے چونکہ اُونی ہوتے تھے۔ اس لیے جب بارش ہوتی تو ان سے بھیڑ کی سی بُو آنے لگتی۔

۳۷۱: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ الدُّوْرِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِیُّ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِیْ مَرْحُوْمٍ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِیِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ تَرَکَ اللِّبَاسَ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ مِنْ اَیِّ حُلَلِ الْاِيْمَانِ شَاءَ يَلْبَسُهَا.

۳۷۱: حضرت معاذ بن انس جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے تواضع کے پیش نظر (نفیس و قیمتی) لباس ترک کیا حالانکہ وہ اس پر قدرت رکھتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے مخلوق کے سامنے بلائے گا اور اسے اختیار دے گا کہ اہل ایمان کے لباسوں میں سے جسے چاہے پہن لے۔

۳۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِیُّ نَازَافِرُ بْنُ

۳۷۲: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

سُلَيْمَانَ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلنَّفَقَةُ كُلُّهَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا الْبِنَاءَ فَلَاخَيْرَ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ هٰكَذَا قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ شَبِيْبُ بْنُ بَشِيْرٍ وَاِنَّمَا هُوَ شَبِيْبُ بْنُ بِشْرٍ.

ﷺ نے فرمایا: نفقہ پورے کا پورا اللہ کی راہ میں شمار ہوتا ہے۔ ہاں البتہ جو عمارت وغیرہ پر خرچ کیا جاتا ہے اس میں خیر نہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ محمد بن حمید نے (راوی کا نام) شبیب بن بشیر (یاء کے ساتھ) بیان کیا ہے۔ جبکہ صحیح نام (بغیر یاء کے) شبیب بن بشر ہے۔

۳۷۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ اَتَيْنَا خَبَّابًا نَعُوْدُهُ وَقَدِ اكْتَوٰى سَبْعَ كَيَّاتٍ فَقَالَ لَقَدْ تَطَاوَلَ مَرَضِيْ وَلَوْلَا اَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ وَقَالَ يُوْجَرُ الرَّجُلُ فِيْ نَفَقَتِهِ اِلَّا التُّرَابَ اَوْقَالَ فِي التُّرَابِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۷۳: حضرت حارثہ بن مضرب کہتے ہیں کہ ہم خبابؓ کی عیادت کے لیے گئے۔ انہوں نے سات داغ دلوائے تھے۔ چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ میرا مرض طویل ہو گیا ہے۔ اگر میں نے نبی اکرم ﷺ کو موت کی تمنا کرنے کی ممانعت کرتے ہوئے نہ سنا ہوتا تو یقیناً میں موت کی آرزو کرتا۔ نیز فرمایا (حضرت خبابؓ نے) ہر آدمی کو نفقے پر اجر دیا جاتا ہے مگر یہ کہ وہ مٹی پر خرچ کرے (یعنی اس پر کوئی اجر نہیں) یہ حدیث صحیح ہے۔

(ف) مٹی پر خرچ کرے یعنی مسکینوں محتاجوں کو نہ کھلائے اور بڑھیا مکان بنائے مطلب یہ کہ لوگ غریب ہوں اور یہ شخص عیش وعشرت کیلئے عمدہ مکانات بناتا پھرے۔

۳۷۴: حَدَّثَنَا الْجَارُوْدُ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كُلُّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلَيْكَ قُلْتُ اَرَاَيْتَ مَالَا بُدَّ مِنْهُ قَالَ لَا اَجْرَوَلَا وِزْرَ.

۳۷۴: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہر تعمیر تمہارے لیے وبال کا باعث ہے۔ پوچھا گیا جس کے بغیر گزارہ نہ ہو اس کا کیا حکم ہے۔ انہوں نے فرمایا نہ گناہ اور نہ ہی ثواب۔

۳۷۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ اَبُو الْعَلَاءِ ثَنِيْ حُصَيْنٌ قَالَ جَاءَ سَائِلٌ فَسَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِلسَّائِلِ اَتَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ نَعَمْ قَالَ سَاَلْتَ وَلِلسَّائِلِ حَقٌّ اِنَّهُ لَحَقٌّ عَلَيْنَا اَنْ نَّصِلَكَ فَاَعْطَاهُ ثَوْبًا ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظِ اللّٰهِ مَادَامَ مِنْهُ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا

۳۷۵: حضرت حصینؓ کہتے ہیں کہ ایک سائل نے ابن عباسؓ سے سوال کیا تو انہوں نے اس سے پوچھا کہ کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اس نے عرض کیا ''ہاں'' آپؓ نے فرمایا کیا تم گواہی دیتے ہو کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول (ﷺ) ہیں۔ اس نے کہا ''ہاں'' آپؓ نے فرمایا کیا تم رمضان کے روزے رکھتے ہو؟ اس نے کہا ''ہاں'' پھر فرمایا کہ تم نے مجھ سے کچھ مانگا ہے اور سائل کا بھی حق ہے لہٰذا مجھ پر فرض ہے کہ میں تمہیں کچھ نہ کچھ دوں۔ پھر آپؓ نے اسے کپڑا اعطا فرمایا اور فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی مسلمان کو کپڑا پہنائے وہ اللہ تعالیٰ کی

الْوَجْهِ.

حفاظت میں ہوتا ہے جب تک کہ پہننے والے پر اس کپڑے کا ایک ٹکڑا بھی باقی ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۳۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ وَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَوْفِ بْنِ اَبِيْ جَمِيْلَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِى الْمَدِيْنَةَ انْجَفَلَ النَّاسُ اِلَيْهِ وَقِيْلَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ فِي النَّاسِ لِاَ نْظُرَ اِلَيْهِ فَلَمَّا اسْتَبَنْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهٗ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ وَكَانَ اَوَّلَ شَيْءٍ تَكَلَّمَ بِهٖ اَنْ قَالَ يَااَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصَلُّوْا وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۷۶: حضرت عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو لوگ دوڑتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے اور مشہور ہو گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ میں بھی لوگوں کے ساتھ آیا تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھوں۔ جب میری نظر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور پر پڑی تو میں بے اختیار یہ کہنے پر مجبور ہو گیا کہ یہ کسی جھوٹے آدمی کا چہرہ نہیں ہوسکتا۔ آپؐ نے اس موقع پر پہلی مرتبہ یہ بات فرمائی کہ اے لوگو: سلام کو رواج دو، لوگوں کو کھانا کھلاؤ، اور رات کو جب لوگ سو جائیں تو نماز پڑھا کرو سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو گے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۷۷: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ بِمَكَّةَ نَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ نَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَأَيْنَا قَوْمًا اَبْذَلَ مِنْ كَثِيْرٍ وَلَا اَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِنْ قَلِيْلٍ مِنْ قَوْمٍ نَزَلْنَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ لَقَدْ كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ وَاَشْرَكُوْنَا فِي الْمَهْنَاءِ حَتّٰى لَقَدْ خِفْنَا اَنْ يَذْهَبُوْا بِالْاَجْرِ كُلِّهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَامَادَ عَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ وَاَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۳۷۷: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو مہاجرین آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: جس قوم کے پاس ہم آئے ہیں (یعنی انصار) ہم نے مال ہوتے ہوئے ان سے زیادہ خرچ کرنے والے اور قلت مال کے باوجود ہمدردی کرنے والے کبھی نہیں دیکھے۔ اس لیے کہ ان لوگوں نے ہمیں محنت و مزدوری سے بچائے رکھا اور ہمیں اپنے عیش و آرام میں بھی شریک کیا یہاں تک کہ ہمیں ڈر ہونے لگا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ پورے کا پورا اجر یہی لوگ لے جائیں۔ پس نبی اکرم ﷺ نے فرمایا نہیں ایسا اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک تم ان لوگوں کے لیے دعا کرتے اور ان کی تعریف کرتے رہو گے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۳۷۸: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ الْمَدِيْنِيُّ الْغِفَارِيُّ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

۳۷۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھانے والا شکر گزار صبر کرنے والے روزہ دار کے برابر ہے (یعنی ثواب میں)۔

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۷۹: حَدَّثَنَا هَنَّادُ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو الْاَوْدِيّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ عَلٰى كُلِّ قَرِيْبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۳۷۹: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم لوگوں کو ایسے شخص کے متعلق نہ بتاؤں جس پر دوزخ کی آگ حرام اور وہ آگ پر حرام ہے؟ یہ وہ شخص ہے جو اقرباء کیلئے سہولت اور آسانی پیدا کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۸۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قُلْتُ يَا عَائِشَةُ اَيُّ شَيْءٍ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ اِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ قَالَتْ كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مَهْنَةِ اَهْلِهٖ فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ قَامَ فَصَلّٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۸۰: حضرت اسود بن یزید کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ جب نبی اکرم ﷺ گھر میں داخل ہوتے تو کیا کرتے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا گھر کے کام کاج کرتے اور جب نماز کا وقت ہو جاتا تو اٹھ کھڑے ہوتے اور نماز پڑھتے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۸۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ زَيْدِ التَّغْلَبِيّ عَنْ زَيْدِ الْعَمِّيّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَقْبَلَهُ الرَّجُلُ فَصَافَحَهُ لَا يَنْزِعُ يَدَهُ مِنْ يَدِهٖ حَتّٰى يَكُوْنَ الرَّجُلُ يَنْزِعُ وَلَا يَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنْ وَجْهِهٖ حَتّٰى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ يَصْرِفُهُ وَلَمْ يُرَ مُقَدِّمًا رُكْبَتَيْهِ بَيْنَ يَدَيْ جَلِيْسٍ لَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۳۸۱: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے مصافحہ کرتے اور اس وقت تک اپنا ہاتھ نہ کھینچتے جب تک سامنے والا خود نہ کھینچتا۔ پھر اس وقت تک اس سے چہرہ نہ پھیرتے جب تک وہ چہرہ نہ پھیرتا۔ اور کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سامنے بیٹھنے والے کی طرف پاؤں بڑھاتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۸۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فِيْ حُلَّةٍ لَهُ يَخْتَالُ فِيْهَا فَاَمَرَ اللّٰهُ الْاَرْضَ فَاَخَذَتْهُ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ اَوْقَالَ يَتَلَجْلَجُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۳۸۲: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک آدمی اپنے لباس میں تکبر کرتے ہوئے نکلا تو اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا تو زمین نے اسے پکڑ لیا۔ پس وہ اب زمین میں قیامت تک دھنسا چلا جائے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۸۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَمْثَالَ الذَّرِّ فِيْ صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ

۳۸۳: حضرت عمرو بن شعیب بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن متکبرین چیونٹیوں کی طرح آدمیوں کی صورت میں اٹھائے جائیں گے ہر طرف سے ذلت انہیں ڈھانپ لے گی پھر وہ لوگ جہنم کے ایک

الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يُسَاقُوْنَ اِلٰى سِجْنٍ فِيْ جَهَنَّمَ يُسَمّٰى بُوْلَسَ تَعْلُوْهُمْ نَارُ الْاَنْيَارِ يُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَةِ اَهْلِ النَّارِ طِيْنَةَ الْخَبَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

قید خانے کی طرف دھکیلے جائیں گے جس کا نام بولس ہے۔ان پر آگ چھا جائے گی اور انہیں دوزخیوں کی پیپ پلائی جائے گی جو سڑا ہوا بدبودار کیچڑ ہے۔یہ حدیث حسن ہے۔

۳۸۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ قَالَا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ ثَنِيْ اَبُوْ مَرْحُوْمٍ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى اَنْ يُنْفِذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ الْحُوْرِ شَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۳۸۴: حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص غصے کو پی جائے حالانکہ وہ جاری کرنے پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سامنے بلائے گا اور اختیار دے گا کہ جس حور کو چاہے پسند کرے۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۸۵: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْغِفَارِيُّ الْمَدِيْنِيُّ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ نَشَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَنَفَهٗ وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ رِفْقٌ بِالضَّعِيْفِ وَ الشَّفَقَةُ عَلَى الْوَالِدَيْنِ وَالْاِحْسَانُ اِلَى الْمَمْلُوْكِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۳۸۵: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین نیکیاں ایسی ہیں کہ جو انہیں اختیار کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اپنی حفاظت میں رکھے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔ ضعیف پر نرمی کرنا ،والدین کے ساتھ شفقت سے پیش آنا اور غلام پر احسان کرنا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۸۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ هَدَيْتُ فَسَلُوْنِي الْهُدٰى اَهْدِكُمْ وَكُلُّكُمْ فَقِيْرٌ اِلَّا مَنْ اَغْنَيْتُ فَسَلُوْنِيْ اَرْزُقْكُمْ وَكُلُّكُمْ مُذْنِبٌ اِلَّا مَنْ عَافَيْتُ فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ اَنِّيْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلَى الْمَغْفِرَةِ فَاسْتَغْفَرَنِيْ غَفَرْتُ لَهٗ وَلَا اُبَالِيْ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اِجْتَمَعُوْا عَلٰى اَتْقٰى قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِيْ مَا زَادَ ذٰلِكَ فِيْ مُلْكِيْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اِجْتَمَعُوْا عَلٰى اَشْقٰى قَلْبِ عَبْدٍ

۳۸۶: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندو تم سب بھٹکے ہوئے ہو مگر جس کو میں ہدایت دوں لہٰذا مجھ سے ہدایت مانگا کرو تا کہ میں تمہیں دوں، تم سب فقیر ہو مگر یہ کہ میں کسی کو غنی کر دوں لہٰذا تم لوگ مجھ سے رزق مانگا کرو تا کہ میں تمہیں عطا کروں اسی طرح تم سب گناہگار ہو مگر یہ کہ جسے میں محفوظ رکھوں۔ چنانچہ جو شخص جانتا ہے کہ میں مغفرت کی قدرت رکھتا ہوں اور مجھ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو میں اسے معاف کر دیتا ہوں۔ مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ اور اگر تمہارے اگلے پچھلے زندہ، مردہ، خشک اور تازہ سب کے سب تقویٰ کی اعلیٰ ترین قدروں پر پہنچ جائیں تو اس سے میری بادشاہت میں مچھر کے پر کے برابر بھی اضافہ نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر یہ تمام کے تمام شقی اور بدبخت ہو جائیں تو

مِنْ عِبَادِيْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِيْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اِجْتَمَعُوْا فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ فَسَأَلَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْكُمْ مَا بَلَغَتْ اُمْنِيَّتُهُ فَاَعْطَيْتُ كُلَّ سَائِلٍ مِنْكُمْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِيْ اِلَّا كَمَا لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ مَرَّبِا لْبَحْرِ فَغَمَسَ فِيْهِ اِبْرَةً ثُمَّ رَفَعَهَا اِلَيْهِ ذٰلِكَ بِاَنِّيْ جَوَّادٌ وَاجِدٌ مَاجِدٌ اَفْعَلُ مَا اُرِيْدُ عَطَائِيْ كَلَامٌ وَعَذَابِيْ كَلَامٌ اِنَّمَا اَمْرِيْ لِشَيْءٍ اِذَا اَرَدْتُ اَنْ اَقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ مَعْدِ يْكَرِبَ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

اس سے میری سلطنت وبادشاہت میں مچھر کے پر کے برابر بھی کمی نہیں آئے گی۔ نیز اگر تمہارے اگلے، پچھلے، جن، انس، زندہ، مردہ تر یا خشک سب کے سب ایک زمین پر جمع ہو جائیں اور پھر مجھ سے اپنی اپنی منتہائے آرزو کے متعلق سوال کریں پھر میں ہر سائل کو عطا کردوں تو بھی میری بادشاہت وسلطنت میں کوئی کمی نہیں آئے گی مگر یہ کہ تم میں سے کوئی سمندر پر سے گزرے تو اس میں سوئی ڈبو کر نکال لے یعنی اتنی کمی آئے گی جتنا اس سوئی کے ساتھ پانی لگ جائے گا۔ یہ سب اس لیے ہے کہ میں جواد ہوں (جو نہ مانگنے پر خفا ہو جاتا اور بغیر مانگے عطا کرتا ہے) واجد (جو کبھی فقیر نہیں ہوتا) ہوں اور ماجد (جس کی شرف وعظمت کی کوئی انتہا نہیں) ہوں۔ جو چاہتا ہوں کرتا ہوں۔ میری عطا اور عذاب دونوں کلام ہیں اس لیے کہ اگر میں کچھ کرنا چاہتا ہوں تو کہہ دیتا ہوں کہ ہو جا، وہ ہو جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض راویوں نے اسے شہر بن حوشب سے وہ معدیکرب سے وہ ابوذرؓ سے اور وہ نبی اکرمؐ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۳۸۷: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اَسْبَاطَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ نَا اَبِيْ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعْدٍ مَوْلٰى طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا لَوْلَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً اَوْمَرَّتَيْنِ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَلٰكِنِّيْ سَمِعْتُهُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَانَ الْكِفْلُ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ لَا يَتَوَرَّعُ مِنْ ذَنْبٍ عَمِلَهُ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَاَعْطَاهَا سِتِّيْنَ دِيْنَارًا عَلٰى اَنْ يَطَأَهَا فَلَمَّا قَعَدَ مِنْهَا مَقْعَدَ الرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهِ اُرْعِدَتْ وَبَكَتْ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكِ اَكْرَهْتُكِ قَالَتْ لَا وَلٰكِنَّهُ عَمَلٌ مَا عَمِلْتُهُ قَطُّ وَمَا حَمَلَنِيْ عَلَيْهِ اِلَّا الْحَاجَةُ فَقَالَ تَفْعَلِيْنَ اَنْتِ هٰذَا وَمَا فَعَلْتِهِ اِذْهَبِيْ فَهِيَ لَكِ وَقَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اَعْصِي اللّٰهَ بَعْدَهَا اَبَدًا فَمَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ فَاَصْبَحَ مَكْتُوْبًا عَلٰى بَابِهِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ الْكِفْلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاهُ شَيْبَانُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ وَرَفَعُوْهُ

۳۸۷: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو سات سے بھی زیادہ مرتبہ فرماتے ہوئے سنا کہ بنی اسرائیل کا کفل نامی ایک شخص کسی گناہ سے پرہیز نہیں کرتا تھا۔ اس کے پاس ایک عورت آئی تو اس نے اسے ساٹھ دینار دیئے تاکہ وہ اس سے جماع کرسکے۔ چنانچہ جب وہ شخص اس سے یہ فعل (یعنی جماع) کرنے لگا تو وہ رونے اور کانپنے لگی۔ اس نے کہا تم کیوں روتی ہو۔ کیا میں نے تمہارے ساتھ زبردستی کی ہے۔ اس عورت نے کہا نہیں بلکہ یہ ایک ایسا عمل ہے جو اس سے پہلے میں نے نہیں کیا لیکن ضرورت نے مجھے مجبور کیا۔ کفل نے کہا جو کام تم نے کبھی نہیں کیا آج کر رہی ہو۔ جاؤ وہ دینار تمہارے ہیں۔ پھر اس شخص نے کہا اللہ کی قسم میں آج کے بعد کبھی اللہ کی نافرمانی نہیں کروں گا۔ پھر وہ اسی رات مر گیا تو صبح اس کے دروازے پر لکھا ہوا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کفل کو معاف کر دیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور اسے شیبان اور کئی راوی اعمش سے غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔ جبکہ بعض

رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ الْاَعْمَشِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَرَوٰى اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ فَاَخْطَأَ فِيْهِ وَ قَالَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ هُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الرَّازِيُّ هُوَ كُوْفِيٌّ وَ كَانَتْ جَدَّتُهُ سُرِّيَّةً لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَقَدْ رَوٰى عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الرَّازِيُّ عُبَيْدَةَ الضَّبِّيُّ وَالْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ.

اعمش سے مرفوعاً بھی نقل کرتے ہیں ۔ابوبکر بن عیاش یہی حدیث اعمش سے نقل کرتے ہوئے اس میں غلطی کرتے ہیں۔ اور کہا کہ عبداللہ بن عبداللہ نے بواسطہ سعید بن جبیر، حضرت ابن عمرؓ سے روایت کی ہے اور یہ غیر محفوظ ہے۔عبداللہ بن عبداللہ رازی کوفی ہے اور اس کی دادی حضرت علی بن ابی طالبؓ کی لونڈی تھیں۔عبداللہ بن عبداللہ رازی سے عبیدہ ضبی، حجاج بن ارطاہ اور دوسرے لوگوں نے روایت کی ہے۔

۳۸۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بِحَدِيْثَيْنِ اَحَدُهُمَا عَنْ نَفْسِهٖ وَالْاٰخَرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَرٰى ذُنُوْبَهٗ فِيْ اَصْلِ جَبَلٍ يَخَافُ اَنْ يَّقَعَ عَلَيْهِ وَاِنَّ الْفَاجِرَيَرٰى ذُنُوْبَهٗ كَذُبَابٍ وَقَعَ عَلٰى اَنْفِهٖ قَالَ بِهٖ هٰكَذَا فَطَارَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ اَحَدِكُمْ مِنْ رَجُلٍ بِاَرْضٍ فَلَاةٍ دَوِيَّةٍ مَهْلَكَةٍ مَعَهٗ رَاحِلَتُهٗ عَلَيْهَا زَادُهٗ وَطَعَامُهٗ وَشَرَابُهٗ وَمَا يُصْلِحُهٗ فَاَضَلَّهَا فَخَرَجَ فِيْ طَلَبِهَا حَتّٰى اِذَا اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ قَالَ اَرْجِعُ اِلٰى مَكَانِيَ الَّذِيْ اَضْلَلْتُهَا فِيْهِ فَاَمُوْتُ فِيْهِ فَرَجَعَ اِلٰى مَكَانِهٖ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهٗ فَاسْتَيْقَظَ فَاِذَا رَاحِلَتُهٗ عِنْدَرَاْسِهٖ عَلَيْهَا طَعَامُهٗ وَ شَرَابُهٗ وَمَايُصْلِحُهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالنُّعْمَانُ بْنِ بَشِيْرٍ وَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۳۸۸: حارث بن سوید کہتے ہیں کہ عبداللہ نے ہم سے دو حدیثیں بیان کیں ایک اپنی طرف سے اور دوسری نبی اکرم ﷺ سے نقل کی۔ چنانچہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں مؤمن اپنے گناہ کو ایسے دیکھتا ہے جیسے وہ پہاڑ کے نیچے ہے اور اسے ڈر ہے کہ کہیں وہ اس پر گر پڑے گا اور بدکار اپنے گناہ کو ایسے دیکھتا ہے جیسے ناک پر مکھی بیٹھی ہوئی ہو، اس نے اشارہ کیا اور وہ اڑ گئی۔ (یہ عبداللہ کا قول تھا جبکہ دوسری حدیث یہ ہے کہ) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تم میں سے کسی ایک کی توبہ سے اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جو ایک خطرناک چٹیل میدان میں ہو، اس کے ساتھ اس کی سواری ہو جس پر اس کا سامان کھانا پانی اور ضرورت کی اشیاء رکھی ہوں پس وہ گم ہو جائے اور وہ شخص اس کی تلاش میں نکلے یہاں تک کہ اسے موت آنے لگے تو کہے میں اسی جگہ لوٹ جاتا ہوں جہاں سے میری سواری گم ہوئی تا کہ وہاں ہی مروں۔ جب وہ اپنے مقام پر لوٹ کر آئے تو اس پر نیند طاری ہو جائے۔ جب اسکی آنکھ کھلتی ہے تو اسکی اونٹنی اس کے سر پر کھڑی ہو اور کھانے پینے کا سارا سامان موجود ہو۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، نعمان بن بشیرؓ اور انس بن مالکؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۳۸۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَازَيْدُ بْنُ حُبَابٍ نَا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ نَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ابْنِ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ

۳۸۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمام ابن آدم (انسان) خطا کار ہیں اور ان میں سب سے بہترین توبہ کرنے والے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس

الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بْنِ مَسْعَدَةَ عَنْ قَتَادَةَ.

حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں کہ علی بن مسعدہ، قتادہ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۵۷ : بَابُ

۱۵۷: باب

۳۹۰: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْلِيَصْمُتْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاَنَسٍ وَاَبِيْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ وَهُوَ الْعَدَوِيُّ وَاسْمُهُ خُوَيْلِدُ بْنُ عَمْرٍو.

۳۹۰: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے مہمان کی عزت کرنی چاہیے اور جوشخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اچھی بات کرے یا خاموش رہے ۔ یہ حدیث صحیح ہے ۔اس باب میں حضرت عائشہؓ، انسؓ، شریح کعبی عدوی سے بھی روایات منقول ہیں۔ شریح کعبی عدوی کا نام خویلد بن عمرو ہے۔

۳۹۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ .

۳۹۱: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص خاموش رہا اس نے نجات پائی ۔اس حدیث کو ہم صرف ابن لہیعہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۵۸ : بَابُ

۱۵۸: باب

۳۹۲: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ ثَنِيْ بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ مُوْسٰى.

۳۹۲: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ مسلمانوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔ یہ حدیث ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت سے صحیح غریب ہے۔

۳۹۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهُ قَالَ اَحْمَدُ قَالُوْا مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ وَخَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ لَمْ يُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَرُوِيَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ اَنَّهُ اَدْرَكَ سَبْعِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ

۳۹۳: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے کسی (مسلمان) بھائی کو گناہ پر عیب لگایا تو وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک اس گناہ کا ارتکاب نہ کرے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ گناہ ہے جس سے وہ توبہ کر چکا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس کی سند متصل نہیں ۔خالد معدان نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کونہیں پایا۔ خالد بن معدان سے منقول ہے کہ انہوں نے ستر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

سے ملاقات کی۔

۱۵۹ : بَابٌ

۱۵۹: باب

۳۹۴: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيُّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ح وَ ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ نَا اُمَيَّةُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَمَكْحُوْلٌ قَدْ سَمِعَ مِنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَاَبِيْ هِنْدِ الدَّارِيِّ وَيُقَالُ اَنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَحَدٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ اِلَّا مِنْ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةِ وَمَكْحُوْلُ الشَّامِيُّ يُكْنٰى اَبَا عَبْدِاللّٰهِ وَكَانَ عَبْدًا فَاُعْتِقَ وَمَكْحُوْلُ الْاَزْدِيُّ بَصْرِيٌّ سَمِعَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَيَرْوِيْ عَنْهُ عُمَارَةُ ابْنُ زَاذَانَ.

۳۹۴: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مسلمان بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے گا اور تمہیں اس میں مبتلا کرے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ مکحول نے واثلہ بن اسقع، انس بن مالک اور ابو ہند داری سے احادیث سنی ہیں۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ ان تین شخصوں کے علاوہ ان کا کسی صحابی سے سماع نہیں۔ مکحول شامی کی کنیت ابو عبداللہ ہے وہ غلام تھے پھر انہیں آزاد کیا گیا۔ مکحول ازدی بصری نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے احادیث سنی ہیں اور عمارہ بن زاذان نے ان سے روایت کی ہے۔

۳۹۵: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ تَمِيْمٍ عَنْ عَطِيَّةَ قَالَ كَثِيْرًا مَا كُنْتُ اَسْمَعُ مَكْحُوْلًا يُسْئَالُ فَيَقُوْلُ نَدَانَمْ.

۳۹۵: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے انہوں نے اسماعیل بن عیاش سے انہوں نے تمیم سے انہوں نے عطیہ سے نقل کیا کہ انہوں نے کہا میں نے کئی مرتبہ لوگوں کے مسئلہ پوچھنے پر جواب میں مکحول کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ مجھے علم نہیں۔

۱۶۰ : بَابٌ

۱۶۰: باب

۳۹۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِيْ حُذَيْفَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُحِبُّ اَنِّيْ حَكَيْتُ اَحَدًا وَاَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۹۶: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں چاہتا کہ کسی کا عیب بیان کروں اگرچہ اس کے بدلے مجھے یہ یہ ملے یعنی دنیا کا مال۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۹۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِيْ حُذَيْفَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ حَكَيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فَقَالَ مَا يَسُرُّنِيْ اَنِّيْ حَكَيْتُ رَجُلًا وَاَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ صَفِيَّةَ

۳۹۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہؐ کے سامنے ایک شخص کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا: میں پسند نہیں کرتا کہ کسی کا تذکرہ کروں اگرچہ مجھے اس کے بدلے میں یہ فائدہ حاصل ہو (یعنی دنیا کا مال)۔ اُم المؤمنینؓ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: صفیہ ایک ایسی عورت ہے جو پستہ قد ہے (حضرت عائشہؓ نے ہاتھ سے اشارہ کیا) آپؐ نے فرمایا تم

اِمْرَأَةٌ وَقَالَتْ بِيَدِهَا هٰكَذَا كَاَنَّهَا تَعْنِيْ قَصِيْرَةً فَقَالَ لَقَدْ مَزَجْتِ بِكَلِمَةٍ لَوْمُزِجَ بِهَا مَاءُ الْبَحْرِ لَمُزِجَ.

نے اپنی باتوں میں ایسی بات ملائی ہے کہ اگر سمندر کے پانی کے ساتھ ملادی جائے تو وہ بھی متغیر ہو جائے۔

۱۶۱ : بَابٌ

۱۶۱: باب

۳۹۸: حَدَّثَنَا اَبُوْمُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ شَيْخٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا كَانَ يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ خَيْرٌ مِنَ الْمُسْلِمِ الَّذِىْ لَا يُخَالِطُ النَّاسَ وَلَا يَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ قَالَ ابْنُ عَدِيٍّ كَانَ شُعْبَةُ يَرٰى اَنَّهُ ابْنُ عُمَرَ.

۳۹۸: یحییٰ بن وثاب ایک صحابی سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ مسلمان جو دوسرے مسلمانوں سے مل جل کر رہتا ہے اور ان کی تکالیف پر صبر کرتا ہے وہ اس مسلمان سے بہتر ہے جو الگ تھلگ رہتا ہے اور لوگوں کی تکالیف ومصائب پر صبر نہیں کرتا۔ ابن عدی فرماتے ہیں کہ شعبہ کے خیال میں اس حدیث کے راوی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

۳۹۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْزَمِيُّ هُوَ مِنْ وَلَدِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَخْنَسِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ الْمُقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَاِنَّهَا الْحَالِقَةُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَسُوْءُ ذَاتِ الْبَيْنِ اِنَّمَا يَعْنِىْ بِهِ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ وَقَوْلُهُ الْحَالِقَةُ اَنَّهَا تَحْلِقُ الدِّيْنَ.

۳۹۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپس کی عداوت سے بچو کیونکہ یہ تباہ کن چیز ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے صحیح غریب ہے اور "سُوْءُ ذَاتِ الْبَيْنِ" کا مطلب بغض و عداوت ہے اور "حَالِقَةُ" کے معنی "دین کو مونڈنے والی" کے ہیں۔

۴۰۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ قَالُوْا بَلٰى قَالَ صَلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ فَاِنَّ فَسَادَ ذَاتِ الْبَيْنِ هِىَ الْحَالِقَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ هِىَ الْحَالِقَةُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّيْنَ.

۴۰۰: حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو روزے نماز اور صدقے سے افضل ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا آپس میں محبت اور میل جول اس لیے کہ آپس کا بغض تباہی کی طرف لے جاتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا آپس کی پھوٹ مونڈ دیتی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سر کو مونڈ دیتی ہے بلکہ یہ تو دین کو مونڈ دیتی ہے۔ (یعنی انسان کو تباہی کی طرف لے جاتی ہے)

۴۰۱: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

۴۰۱: حضرت زبیر بن عوام کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے

مَهْدِيّ عَنْ حَرْبِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ يَعِيْشَ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ مَوْلًى لِلزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ اَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَبَّ اِلَيْكُمْ دَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَكُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ هِيَ الْحَالِقَةُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّيْنَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا اَفَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِمَا يُثَبِّتُ ذٰلِكَ لَكُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ.

فرمایا: تم لوگوں میں پہلی امتوں والا مرض گھس آیا ہے اور وہ حسد اور بغض ہے جو تباہی کی طرف لے جاتا ہے (مونڈ دیتا ہے) میرا یہ مطلب نہیں کہ بالوں کو مونڈ دیتا ہے بلکہ وہ دین کو مونڈ دیتا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تم لوگ اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک مؤمن نہ ہو جاؤ اور اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتے جب تک آپس میں محبت سے نہ رہو گے۔ کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو تم لوگوں میں محبت کو دوام بخشے؟ وہ یہ کہ تم آپس میں سلام کو رواج دو۔

۱۶۲: بَابٌ

۱۶۲: باب

۴۰۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ اَجْدَرُ اَنْ يُعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَقَطِيْعَةِ الرَّحِمِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۰۲: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغاوت اور قطع رحمی ایسے گناہ ہیں کہ کوئی گناہ دنیا اور آخرت دونوں میں ان سے زیادہ عذاب کے لائق نہیں۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۰۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ الْمُثَنّٰى بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَمَنْ لَمْ تَكُوْنَا فِيْهِ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَلَا صَابِرًا مَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاقْتَدٰى بِهٖ وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا فَضَّلَهٗ بِهٖ عَلَيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاَسِفَ عَلٰى مَا فَاتَهٗ مِنْهُ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَلَا صَابِرًا.

۴۰۳: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو خصلتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ اسے صابر و شاکر لکھ دے گا اور جس میں نہیں ہوں گی اسے صابر و شاکر نہیں لکھے گا۔ ایک یہ کہ دین کے معاملات میں اپنے سے بہتر کو دیکھے اور اس کی پیروی کرنے کی کوشش کرے دوسرے یہ کہ دنیاوی معاملات میں اپنے سے کمتر کی طرف دیکھے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اس نے اسے اس پر فضیلت دی ہے۔ ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ شاکر اور صابر لکھ دیتے ہیں لیکن اگر کوئی شخص دینی معاملات میں اپنے سے کم تر کی طرف دیکھے اور دنیاوی معاملات میں اپنے سے بڑے لوگوں کی طرف دیکھے اور جو کچھ اسے نہیں ملا اس پر افسوس کرے تو اللہ تعالیٰ اسے شاکر اور صابر لوگوں میں نہیں لکھتے۔

۴۰۴: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ نَا عَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ نَا

۴۰۴: ہم سے روایت کی موسیٰ بن حزام نے انہوں نے علی بن

عَبْدُ اللّٰهِ نَا الْمُثَنّٰى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَمْ يَذْكُرْ سُوَيْدٌ عَنْ اَبِيْهِ فِيْ حَدِيْثِهٖ.

اسحٰق سے انہوں نے عبداللہ سے وہ مثنیٰ بن صباح سے وہ عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے اور وہ انکے دادا سے اسی کی طرح مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ سوید نے اپنی روایت میں عمرو بن شعیب کے بعد ان کے والد کا ذکر نہیں کیا۔

۴۰۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَوَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَاِنَّهٗ اَجْدَرُاَنْ لَّا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۰۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیاوی معاملات میں اپنے سے کمتر لوگوں کی طرف دیکھا کرو اور اپنے سے اوپر والوں کی طرف نہ دیکھو اس لیے کہ ایسا کرنے سے امید ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کو حقیر نہیں جانو گے جو تمہارے پاس ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۶۳: بَابٌ

۱۶۳: باب

۴۰۶: حَدَّثَنَا بِشْرُبْنُ هِلَالٍ الْبَصْرِيُّ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ ح وَثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ نَا سَيَّارٌ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيْدِيِّ وَكَانَ مِنْ كُتَّابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ مَرَّبِاَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ يَبْكِيْ فَقَالَ مَالَكَ يَا حَنْظَلَةُ قَالَ نَافَقَ حَنْظَلَةُ يَا اَبَابَكْرٍ نَكُوْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُذَكِّرُ نَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ كَاَنَّا رَأْيَ عَيْنٍ فَاِذَا رَجَعْنَا عَافَسْنَا الْاَزْوَاجَ وَالضَّيْعَةَ وَنَسِيْنَا كَثِيْرًا قَالَ فَوَاللّٰهِ اِنَّا كَذٰلِكَ اِنْطَلِقْ بِنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْنَا فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَالَكَ يَا حَنْظَلَةُ قَالَ نَافَقَ حَنْظَلَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَكُوْنُ عِنْدَكَ تُذَكِّرُ نَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ حَتّٰى كَاَنَّا رَأْيَ عَيْنٍ فَاِذَا رَجَعْنَا عَافَسْنَا الْاَزْوَاجَ وَالضَّيْعَةَ وَنَسِيْنَا كَثِيْرًا قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ

۴۰۶: حضرت ابوعثمان، رسول اللہ ﷺ کے کاتب حنظلہ اُسیدیؓ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ ابوبکرؓ کے پاس سے روتے ہوئے گزرے۔ حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: حنظلہ کیا ہوا؟ عرض کیا: اے ابوبکرؓ حنظلہ منافق ہوگیا۔ اس لیے کہ جب ہم نبی اکرم ﷺ کی مجلس میں ہوتے ہیں اور نبی اکرم ﷺ ہمیں جنت ودوزخ کی یاد دلاتے ہیں تو ہم اس طرح ہوتے ہیں گویا کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہوں لیکن جب ہم آپ کی مجلس سے لوٹتے ہیں تو اپنی بیویوں اور سامان دنیا میں مشغول ہوکر اکثر باتیں بھول جاتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم میرا بھی یہی حال ہے۔ چلو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں چلتے ہیں۔ جب ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا ''اے حنظلہ تجھے کیا ہوا۔ عرض کیا۔ میں منافق ہوگیا یا رسول اللہ ﷺ: کیونکہ جب ہم آپ ﷺ کے پاس ہوتے ہیں اور آپؐ جنت ودوزخ کا تذکرہ کرتے ہیں تو گویا کہ ہم انہیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں لیکن جب ہم اپنے گھر بار اور بیویوں میں مشغول ہوجاتے ہیں تو ان نصیحتوں کا اکثر حصہ بھول جاتے

تَدُوْمُوْنَ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ تَقُوْمُوْنَ بِهَا مِنْ عِنْدِيْ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِيْ مَجَالِسِكُمْ وَعَلٰى فُرُشِكُمْ وَفِيْ طُرُقِكُمْ وَلٰكِنْ يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً وَسَاعَةً قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اگر تم لوگ اس حال پر باقی رہو جس پر میرے پاس سے اٹھ کر جاتے ہو تو فرشتے تمہاری مجالس تمہارے بستروں اور تمہاری راہوں میں تم لوگوں سے مصافحہ کرنے لگیں ۔لیکن حنظلہ کوئی گھڑی کیسی ہوتی ہے اور کوئی کیسی۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۰۷: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۰۷: حضرت انسؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کیلئے وہی چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۰۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ قَيْسِ الْحَجَّاجِ قَالَ وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا اَبُو الْوَلِيْدِ نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ ثَنِيْ قَيْسُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ يَا غُلَامُ اِنِّيْ اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ اِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلٰى اَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَاِنِ اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۰۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ (سواری پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لڑکے میں تمہیں چند باتیں سکھاتا ہوں وہ یہ کہ ہمیشہ اللہ کو یاد رکھ وہ تجھے محفوظ رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ کو یاد رکھ اسے اپنے سامنے پائے گا۔ جب مانگے تو اللہ تعالیٰ سے مانگ اور اگر مدد طلب کرو تو صرف اسی سے مدد طلب کرو اور جان لو کہ اگر پوری امت اس بات پر متفق ہو جائے کہ تمہیں کسی چیز میں فائدہ پہنچائیں تو بھی وہ صرف اتنا ہی فائدہ پہنچا سکیں گے جتنا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے ۔اور اگر تمہیں نقصان پہنچانے پر اتفاق کرلیں تو ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر وہ جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے لکھ دیا۔ اس لیے کہ قلم اٹھا دیئے گے اور صحیفے خشک ہو چکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۰۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ اَبِيْ قُرَّةَ السَّدُوْسِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْقِلُهَا وَاَتَوَكَّلُ اَوْ اُطْلِقُهَا وَاَتَوَكَّلُ قَالَ اَعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ قَالَ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ يَحْيٰى وَهٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَهٰذَا حَدِيْثٌ

۴۰۹: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا اونٹنی کو باندھ کر توکل کروں یا بغیر باندھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا باندھو اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔ عمرو بن علی کہتے ہیں یحییٰ بن سعید نے فرمایا میرے نزدیک یہ حدیث منکر ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ۔ یہ حدیث حضرت انسؓ کی روایت سے

غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِىَ عَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا.

غریب ہے اور ہم اسے صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں۔عمرو بن اُمیہ ضمری سے بھی اس کے ہم معنی مرفوع حدیث مروی ہے۔

۴۱۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ نَا شُعْبَةُ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ مَا حَفِظْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَايُرِيْبُكَ اِلٰى مَا لاَ يُرِيْبُكَ فَاِنَّ الصِّدْقَ طَمَانِيْنَةٌ وَاِنَّ الْكَذِبَ رِيْبَةٌ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُو الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيُّ اِسْمُهٗ رَبِيْعَةُ بْنُ شَيْبَانَ حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍنَا شُعْبَةُعَنْ بُرَيْدٍ نَحْوَهٗ.

۴۱۰: ابوحوراء سعدی کہتے ہیں کہ میں نے حسن بن علیؓ سے پوچھا کہ آپ نے نبی اکرم ﷺ کی کونسی حدیث یاد کی ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم ﷺ کا یہ قول یاد رکھا ہے کہ ایسی چیز جو تمہیں شک میں مبتلا کرے اسے چھوڑ کر وہ چیز اختیار کرلو جو تمہیں شک میں نہ ڈالے، اس لیے کہ سچ سکون ہے اور جھوٹ شک وشبہ ہے۔اس حدیث میں ایک قصہ ہے۔یہ حدیث صحیح ہے۔ابوحوراء کا نام ربیعہ بن شیبان ہے۔محمد بن بشار بھی محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ برید سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۴۱۱: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيْرِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرَ الْمَخْرَمِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نُبَيْهٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُنْكَدِرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَ اجْتِهَادٍ وَذُكِرَا خَرُ بِرِعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يُعْدَلُ بِالرِّعَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۱۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کی کثرتِ عبادت اور ریاضت کا تذکرہ کیا گیا جبکہ دوسرے شخص کے شبہات سے بچنے کا تذکرہ کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عبادت (اس دوسرے شخص کی) پرہیزگاری کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۱۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَ اَبُوْ زُرْعَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا قَبِيْصَةُ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ هِلاَلِ بْنِ مِقْلاَصٍ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِيْ سُنَّةٍ وَاَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهٗ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا الْيَوْمَ فِي النَّاسِ لَكَثِيْرٌ قَالَ فَسَيَكُوْنُ فِيْ قُرُوْنٍ بَعْدِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ نَعْرِفُهٗ

۴۱۲: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے حلال کھایا سنت پر عمل کیا اور لوگ اس کی شرارت سے محفوظ رہیں وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس زمانے میں تو ایسے لوگ بہت ہیں۔ آپؐ نے فرمایا میرے بعد کے زمانوں میں بھی یہ بات ہوگی۔یہ حدیث غریب ہے اور ہم اسے صرف اسی سند سے یعنی اسرائیل کی روایت سے جانتے ہیں۔

۴۱۳: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ

۴۱۳: ہم سے روایت کی عباس بن محمد نے انہوں نے یحیٰ

بُكَيْرٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ هِلَالِ بْنِ مِقْلَاصٍ نَحْوَ حَدِيثِ قَبِيصَةَ عَنْ إِسْرَائِيلَ -

سے انہوں نے اسرائیل سے اور وہ ہلال بن مقلاص سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۴۴۴: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ الدُّوْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ يَزِيْدَ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ مَرْحُوْمٍ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْطَى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ وَ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَنْكَحَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ۔

۴۴۴: حضرت سہل بن معاذ جہنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے کسی کو کچھ دیا، اللہ کیلئے کسی کو کچھ نہ دیا، اللہ ہی کے لیے محبت کی اور اللہ ہی کے لیے (کسی سے) دشمنی کی۔ اور اللہ ہی کے لیے نکاح کیا، اس کا ایمان مکمل ہو گیا۔ یہ حدیث منکر ہے۔

خلاصۃ الباب: (۱) تصویروں والے کپڑے اور پردے لگانا مکروہ وحرام ہیں (۲) جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کر دیا وہ باقی ہے (۳) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی تنگی اور آپ پر بے شمار مصائب آلام آئے ہیں ایک تو مشرکین نے بہت ستایا دوسرے معیشت کی تنگی جیسا کہ احادیث باب سے واضح ہے (۳) حدیث باب میں یہ بھی ہے کہ جو بندہ اسباب کے ہوتے ہوئے گناہ چھوڑ دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما دیتے ہیں (۴) مہمان کا اکرام کرنا ایمان کی علامت ہے۔

اَبْوَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جنت کی صفات کے متعلق
رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۱۶۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ شَجَرِ الْجَنَّةِ

۴۱۵: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدُّوْرِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا قَالَ وَذٰلِكَ الظِّلُّ الْمَمْدُوْدُ.

۴۱۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۱۷: حَدَّثَنَا اَبُوْسَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ الْفُرَاتِ الْقَزَّازُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ اِلَّا وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ.

۱۶۴: باب جنت کے درختوں کی صفات کے متعلق

۴۱۵: حضرت ابوسعید خدریؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جنت میں ایسے درخت ہیں کہ کوئی سوار اگر اس کے سایہ میں سو سال تک بھی چلتا رہے تو بھی اس کا سایہ ختم نہ ہوگا ''اَلظِّلُّ الْمَمْدُوْدُ'' پھیلے ہوئے سائے سے یہی مراد ہے۔ (جو قرآن پاک میں مذکور ہے)

۴۱۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جنت میں ایک ایسا درخت ہے جس کے سائے میں ایک سوار سو سال تک چلتا رہے گا۔ اس باب میں حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۱۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کے ہر درخت کا تنا سونے کا ہے۔

یہ حدیث غریب حسن ہے۔

۱۶۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ الْجَنَّةِ وَنَعِيْمِهَا

۴۱۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ عَنْ زِيَادِ الطَّائِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَنَا اِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا وَزَهِدْنَا وَكُنَّا مِنْ اَهْلِ الْاٰخِرَةِ فَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ فَانَسْنَا اَهَالِيْنَا وَشَمَمْنَا اَوْلَادَنَا اَنْكَرْنَا

۱۶۵: باب جنت اور اس کی نعمتوں کے متعلق

۴۱۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! جب ہم آپ ﷺ کی خدمت میں ہوتے ہیں تو ہمارے دل نرم اور دنیا سے بیزار ہوتے ہیں اور ہم آخرت والوں سے ہوتے ہیں لیکن جب آپ ﷺ کے پاس سے چلے جاتے ہیں اور گھر والوں سے مانوس اور اولاد سے ملتے جلتے ہیں تو

اَنْفُسَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ اِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِىْ كُنْتُمْ عَلٰى حَالِكُمْ ذٰلِكَ لَزَارَتْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ فِىْ بُيُوْتِكُمْ وَلَوْلَمْ تُذْنِبُوْا لَجَاءَ اللّٰهُ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ كَىْ يُذْنِبُوْا فَيَغْفِرَلَهُمْ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مِمَّ خُلِقَ الْخَلْقُ قَالَ مِنَ الْمَاءِ قُلْتُ الْجَنَّةُ مَابِنَاؤُهَا قَالَ لَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ وَلَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ وَمِلَاطُهَا الْمِسْكُ الْاَذْفَرُ وَحَصْبَاءُ هَا اللُّؤْلُؤُ وَالْيَاقُوْتُ وَتُرْبَتُهَا الزَّعْفَرَانُ مَنْ يَدْخُلُهَا يَنْعَمُ لَا يَبْأَسُ وَيَخْلُدُ لَا يَمُوْتُ وَلَا تَبْلٰى ثِيَابُهُمْ وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهُمْ ثُمَّ قَالَ ثَلٰثٌ لَا يُرَدُّ دَعْوَتُهُمُ الْاِمَامُ الْعَادِلُ وَالصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ يَرْفَعُهَا فَوْقَ الْغَمَامِ وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَعِزَّتِىْ لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْبَعْدَ حِيْنٍ هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِذٰلِكَ الْقَوِىِّ وَلَيْسَ هُوَعِنْدِىْ بِمُتَّصِلٍ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ.

ہمارے دِل بدل جاتے ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا! اگر تم اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس سے جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں میں تمہاری ملاقات کریں اور اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ ضرور ایک نئی مخلوق لے آئے گا کہ وہ گناہ کریں پھر اللہ تعالیٰ انہیں بخش دے۔حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! مخلوق کو کس چیز سے پیدا کیا گیا۔ آپؐ نے فرمایا پانی سے۔میں نے پوچھا جنت کس چیز سے بنی ہے۔ آپؐ نے فرمایا ایک اینٹ چاندی کی ہے اور ایک اینٹ سونے کی۔اس کا گارا نہایت خوشبودار مشک ہے۔اس کے کنکر موتی اور یاقوت (سے) ہیں اور اس کی مٹی زعفران کی ہے۔جو اس میں داخل ہوگا نعمتوں میں رہے گا اور کبھی مایوس نہ ہوگا۔ ہمیشہ اس میں رہے گا اسے کبھی موت نہیں آئے گی۔پھر جنتیوں کے کپڑے کبھی پرانے نہیں ہوں گے اور ان کی جوانی کبھی ختم نہیں ہوگی پھر آپ ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔عادل حاکم، روزہ دار جب افطار کرتا ہے اور مظلوم کی بددعا۔چنانچہ جب مظلوم بددعا کرتا ہے تو اس کے لیے آسمانوں کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے میری عزت کی قسم میں ضرور تمہاری مدد کرونگا اگرچہ تھوڑی دیر بعد ہی کروں۔اس حدیث کی سند قوی نہیں اور میرے نزدیک یہ غیر متصل ہے۔ابو ہریرہؓ سے یہی حدیث دوسری سند سے منقول ہے۔

۱۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ صِفَةِ غُرَفِ الْجَنَّةِ

۱۶۶: باب جنت کے بالاخانوں کے متعلق

۴۱۹: حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِىٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِى الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرٰى ظُهُوْرُ هَا مِنْ بُطُوْنِهَا وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا فَقَامَ اِلَيْهِ اَعْرَابِىٌّ فَقَالَ لِمَنْ هِىَ يَانَبِىَّ اللّٰهِ قَالَ هِىَ لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَدَامَ الصِّيَامَ وَصَلّٰى لِلّٰهِ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْتَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

۴۱۹: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایسے کمرے ہوں گے جن کا اندرونی منظر باہر سے اور بیرونی منظر اندر سے نظر آئے گا۔ایک دیہاتی کھڑا ہوا اور عرض کیا وہ کس کے لیے ہوں گے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اس کے لیے ہیں جس نے اچھی گفتگو کی، کھانا کھلایا، ہمیشہ روزہ رکھا اور رات کے وقت جب لوگ سوئے ہوئے ہوں اللہ کے لیے نماز پڑھی۔یہ حدیث غریب ہے۔بعض محدثینؒ عبدالرحمٰن بن

اِسْحَاقَ هٰذَا مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَهُوَ كُوْفِيٌّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُرَشِيُّ مَدَنِيٌّ وَهُوَ اَثْبَتُ مِنْ هٰذَا.

۴۲۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ جَنَّتَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَجَنَّتَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْا اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ وَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِنْ دُرَّةٍ مُجَوَّفَةٍ عَرْضُهَا سِتُّوْنَ مِيْلًا فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا اَهْلٌ لَا يَرَوْنَ الْاٰخَرِيْنَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ اِسْمُهٗ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حَبِيْبٍ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ لَا يُعْرَفُ اِسْمُهٗ وَاَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ.

۱۶۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ دَرَجَاتِ الْجَنَّةِ

۴۲۱: حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ نَا شَرِيْكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُعَادَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِي الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۴۲۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَا نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَصَلَّى الصَّلٰوةَ وَحَجَّ الْبَيْتَ لَا اَدْرِيْ اَذَكَرَ الزَّكٰوةَ اَمْ لَا اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّغْفِرَ لَهٗ اِنْ هَاجَرَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْمَكَثَ بِاَرْضِهِ الَّتِيْ وُلِدَ بِهَا قَالَ مُعَاذٌ اَلَا اُخْبِرُ بِهٰذَا النَّاسَ فَقَالَ

اسحٰق کے حافظے پر اعتراض کرتے ہیں۔ یہ کوفی ہیں جبکہ عبدالرحمٰن بن اسحٰق قرشی مدنی ہیں اور وہ اثبت ہیں۔

۴۲۰: حضرت عبداللہ بن قیسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جنت میں دو باغ ہیں جن کے برتن اور جو کچھ اس میں ہے، چاندی کے ہیں۔ دو باغ ایسے ہیں جن کے برتن اور جو کچھ اس میں ہے سونے کے ہیں۔ پھر اہل جنت اور رویت باری تعالیٰ میں ایک اس کی کبریائی کی چادر کے علاوہ کوئی چیز حائل نہیں ہوگی جو کہ جنت عدن میں اس کے چہرۂ مبارک پر ہوگی۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ جنت میں ایک ایسا خیمہ بھی ہوگا جو ساٹھ میل چوڑے موتی سے تراشا ہوا ہوگا۔ اس کے ایک کونے والے دوسرے کونے والوں کو نہ دیکھ سکیں گے (اور) انکے پاس ایمان والے آتے جاتے رہیں گے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوعمران جونی کا نام عبدالملک بن حبیب ہے۔ ابوبکر بن ابی موسیٰ کے بارے میں امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ ان کا نام مشہور نہیں اور ابوموسیٰ اشعری کا نام عبداللہ بن قیس ہے۔

۱۶۷: باب جنت کے درجات کے متعلق

۴۲۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سو درجے ہیں اور ہر درجے کے درمیان سو برس کا فاصلہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۲۲: حضرت معاذ بن جبلؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے، حج کیا، (راوی کہتے ہیں) مجھے یاد نہیں کہ آپؐ نے زکوٰۃ کا ذکر کیا یا نہیں تو اس کا اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ وہ اس کی مغفرت کرے خواہ وہ ہجرت کرے یا جہاں پیدا ہوا ہو وہیں رہے۔ معاذؓ نے عرض کیا کیا میں لوگوں کو یہ خوشخبری نہ سنا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا لوگوں کو عمل کرنے کیلئے چھوڑ دو کیونکہ جنت میں سو درجے ہیں

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرِالنَّاسَ يَعْمَلُوْنَ فَاِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ مَابَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَالْفِرْدَوْسُ اَعْلَى الْجَنَّةِ وَ اَوْسَطُهَا وَفَوْقَ ذٰلِكَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهَا تُفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ فَاِذَاسَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ هٰكَذَارُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَهٰذَا عِنْدِيْ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ هَمَّامٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَعَطَاءٌ لَمْ يُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَمُعَاذٌ قَدِيْمُ الْمَوْتِ مَاتَ فِيْ خِلَافَةِ عُمَرَ.

، ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان اور جنت الفردوس جنتوں میں سب سے اعلیٰ اور درمیان میں ہے۔ اس کے اوپر رحمٰن کا عرش ہے۔ جنت کی نہریں بھی اسی سے نکلتی ہیں۔ لہٰذا اگر تم اللہ سے مانگو تو جنت الفردوس مانگا کرو۔ یہ حدیث ہشام بن سعد سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ ہشام بن سعد، زید بن اسلم سے وہ عطاء بن یسار سے اور وہ معاذ بن جبلؓ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ میرے نزدیک یہ حدیث زیادہ صحیح ہے۔ عطاء کی معاذ بن جبلؓ سے ملاقات نہیں ہوئی وہ ان سے کافی مدت پہلے انتقال کر گئے تھے ان کا انتقال خلافت عمرؓ میں ہوا۔

۴۲۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ مَابَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَالْفِرْدَوْسُ اَعْلَاهَا دَرَجَةً وَمِنْهَا تُفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ الْاَرْبَعَةِ وَمِنْ فَوْقِهَا يَكُوْنُ الْعَرْشُ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ نَحْوَهُ.

۴۲۳: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سو درجے ہیں اور ہر دو درجوں کے درمیان آسمان وزمین جتنا فاصلہ ہے۔ جنت الفردوس سب سے اوپر والا درجہ ہے۔ جنت کی چاروں نہریں اسی سے نکلتی ہیں اور اسکے اوپر عرش ہے۔ لہٰذا اگر تم اللہ سے جنت مانگو تو جنت الفردوس مانگا کرو۔ احمد بن منیع بھی یزید بن ہارون سے وہ ہمام سے اور وہ زید بن اسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۴۲۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ لَوْاَنَّ الْعَالَمِيْنَ اجْتَمَعُوْا فِيْ اِحْدٰهُنَّ لَوَسِعَتْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۴۲۴: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جنت میں سو درجے ہیں اگر ان میں سے ایک میں تمام جہان کے لوگ اکٹھے ہو جائیں تب بھی وہ وسیع ہوگا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۶۸ :بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۶۸: باب جنت کی عورتوں کے متعلق

۴۲۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَافَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ نَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ السَّائِبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُرٰى بَيَاضُ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ سَبْعِيْنَ حُلَّةً حَتّٰى

۴۲۵: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی عورتوں میں سے ہر عورت کی پنڈلی کی سفیدی ستر جوڑے میں سے بھی نظر آئے گی۔ یہاں تک کہ اس کی ہڈی کا گودا بھی دکھائی دے گا۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ

يُرٰى مُخُّهَا وَذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ (كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ) فَاَمَّا الْيَاقُوْتُ فَاِنَّهُ حَجَرٌ لَوْ اَدْخَلْتَ فِيْهِ سِلْكًا ثُمَّ اسْتَصْفَيْتَهُ لَاُرِيْتَهُ مِنْ وَرَائِهِ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ السَّائِبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

وَالْمَرْجَانُ" (یعنی گویا کہ وہ یاقوت اور مرجان ہیں) اور یاقوت ایک پتھر ہے اگر تم اس میں دھاگہ داخل کرو گے اور پتھر کو صاف کرو گے تو وہ دھاگا تمہیں اس کے اندر دکھائی دے گا۔ ہناد بھی عبیدہ سے وہ عطاء سے وہ عمرو بن میمون سے وہ عبداللہ بن مسعودؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۴۲۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبِيْدَةَ بْنِ حُمَيْدٍ وَهٰكَذَا رَوٰى جَرِيْرٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

۴۲۶: ہناد، ابوالاحوص سے وہ عطاء بن سائب سے وہ عمرو بن میمون سے اور وہ عبداللہ بن مسعودؓ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں لیکن یہ غیر مرفوع اور اس سے زیادہ صحیح ہے۔ جریر اور کئی راوی بھی اسے عطاء بن سائب سے غیر مرفوع ہی نقل کرتے ہیں۔

۴۲۷: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى مِثْلِ ضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالزُّمْرَةَ الثَّانِيَةَ عَلٰى مِثْلِ اَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ بِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ عَلٰى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يُرٰى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَائِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۲۷: حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جنت میں پہلے داخل ہونے والے گروہ کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہے ہوں گے۔ جبکہ دوسرے گروہ کے چہروں کی چمک آسمان کے سب سے زیادہ چمکدار ستارے کی سی ہوگی۔ ان میں ہر ایک کی دو بیویاں ہوں گی اور ہر بیوی ستر جوڑے پہنے ہوئے ہوگی اور اس کی پنڈلی کا گودا ان جوڑوں میں سے بھی نظر آئے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۲۸: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى نَا شَيْبَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالثَّانِيَةُ عَلٰى لَوْنِ اَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ عَلٰى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يَبْدُوْ مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَائِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۲۸: حضرت ابوسعید خدریؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جنت میں داخل ہونے والے پہلے گروہ کی صورتیں چودھویں رات کے چاند کی سی ہوں گی جبکہ دوسرے گروہ کی آسمان کے بہترین ستارے کی سی (یعنی ان کی چمک ان کے مشابہ ہوگی) ان میں سے ہر ایک کے لیے دو بیویاں ہوں گی اور ہر عورت پر ستر جوڑے ہوں گے جن میں سے اس کی پنڈلی کی ہڈی کا گودا ان میں سے نظر آئے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۹: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ جِمَاعِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۲۹: باب اہل جنت کے جماع کے بارے میں

۴۲۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ عَنْ

۴۲۹: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مومن کو جنت میں جماع کی اتنی

قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُعْطَى الْمُؤْمِنُ فِي الْجَنَّةِ قُوَّةَ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْجِمَاعِ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَيُطِيْقُ ذٰلِكَ قَالَ يُعْطَى قُوَّةَ مِائَةٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

اتنی قوت دی جائے گی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ اس کی طاقت رکھے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے سو آدمیوں کی طاقت عطا کی جائے گی۔ اس باب میں حضرت زید بن ارقم ؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے اور ہم اسے بواسطہ قتادہ حضرت انس ؓ سے صرف عمران قطان کی روایت سے پہچانتے ہیں۔

۱۷۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۷۰: باب اہل جنت کی صفت کے متعلق

۴۳۰: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الْجَنَّةَ صُوْرَتُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَا يَبْصُقُوْنَ وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ اٰنِيَتُهُمْ فِيْهَا مِنَ الذَّهَبِ وَاَمْشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَمَجَامِرُهُمْ مِنَ الْاُلُوَّةِ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ يُرٰى مُخُّ سُوْقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الْحُسْنِ لَا اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ وَلَا تَبَاغُضَ قُلُوْبُهُمْ قَلْبُ رَجُلٍ وَاحِدٍ يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۳۰: حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں داخل ہونے والے پہلے گروہ کے چہرے چودہویں کے چاند کی مانند ہوں گے وہ لوگ نہ تھوکیں گے نہ ناک سنکیں گے اور نہ ہی انہیں حاجت کا تقاضا ہوگا۔ ان کے برتن سونے کے ہوں گے اور کنگھیاں سونے چاندی کی جبکہ انگھیٹیاں عود سے ہیں۔ ان کا پسینہ مشک ہوگا۔ اور پھر ہر شخص کے لیے دو بیویاں ہوں گی جو اتنی حسین ہوں گی کہ ان کی پنڈلیوں کا گودا تک گوشت کے اوپر سے نظر آئے گا۔ انکے درمیان نہ کوئی اختلاف ہوگا اور نہ ان کے دلوں میں بغض۔ نیز انکے دل ایک شخص کے دل کی طرح ہوں گے جو صبح وشام اللہ کی تسبیح کرتے رہیں گے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۳۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اَنَّ مَا يُقِلُّ ظُفُرٌ مِمَّا فِي الْجَنَّةِ بَدَا لَتَزَخْرَفَتْ لَهُ مَا بَيْنَ خَوَافِقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَوْ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَ فَبَدَا اَسَاوِرُهُ لَطَمَسَ ضَوْءَ الشَّمْسِ كَمَا تَطْمِسُ الشَّمْسُ ضَوْءَ النُّجُوْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ وَقَدْ رَوٰى يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ وَقَالَ عَنْ عُمَرَ بْنِ

۴۳۱: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ اگر جنت کی چیزوں میں سے ایک ناخن سے بھی کم مقدار دنیا میں ظاہر کر دی جائے تو آسمان وزمین کے کناروں تک ہر چیز روشن ہو جائے۔ اور اگر اہل جنت میں سے کوئی شخص دنیا میں جھانکے اور اس کے کنگن ظاہر ہو جائیں تو سورج کی روشنی اس طرح ماند پڑ جائے جس طرح ستاروں کی روشنی سورج کی روشنی سے ماندھ پڑ جاتی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابن لہیعہ کی سند سے ہی جانتے ہیں۔ یحییٰ بن ایوب یہی حدیث یزید بن ابی حبیب سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن سعد بن ابی وقاص ؓ سے اسے

سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .

۱۷۱ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ ثِیَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۴۳۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِیُّ قَالَا نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ جُرْدٌ مُرْدٌ کَحْلٰی لَا یَفْنٰی شَبَابُهُمْ وَلَا تَبْلٰی ثِیَابُهُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۴۳۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَارِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ اَبِی السَّمْحِ عَنْ اَبِی الْهَیْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ وَفُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ قَالَ اِرْتِفَاعُهَا کَمَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ مَسِیْرَةُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ رِشْدِیْنِ بْنِ سَعْدٍ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ تَفْسِیْرِ هٰذَا الْحَدِیْثِ مَعْنَاهُ اَنَّ الْفُرُشَ فِی الدَّرَجَاتِ وَبَیْنَ الدَّرَجَاتِ کَمَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ.

۱۷۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

۴۳۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا یُوْنُسُ بْنُ بُکَیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَذَکَرَ سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰی قَالَ یَسِیْرُ الرَّاکِبُ فِیْ ظِلِّ الْفَنَنِ مِنْهَا مِائَةَ سَنَةٍ اَوْ یَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا مِائَةُ رَاکِبٍ شَکَّ یَحْیٰی فِیْهَا فِرَاشُ الذَّهَبِ کَاَنَّ ثَمَرَهَا الْقِلَالُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۱۷۳ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ طَیْرِ الْجَنَّةِ

۴۳۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

مرفوعاً بیان کیا ہے۔

۱۷۱: باب اہل جنت کے لباس کے متعلق

۴۳۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جنت کے بدن اور چہرے پر بال نہیں ہوں گے ان کی آنکھیں سرگین ہوں گی، ان کی جوانی ختم نہ ہوگی اور ان کے کپڑے بھی کبھی بوسیدہ نہیں ہوں گے۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۳۳: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے قول " وَفُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ " کے بارے میں فرمایا انکی بلندی اتنی ہے جتنی زمین و آسمان کے درمیان مسافت ہے یعنی وہ پانچ سو برس کا راستہ ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف رشدین بن سعد کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ بعض علماء نے اس حدیث کی تشریح میں فرمایا کہ درجات (جنت کے فرش) کا فاصلہ اور دو درجوں کے درمیان کا فاصلہ زمین و آسمان کے درمیان جتنا ہے۔

۱۷۲: باب جنت کے پھلوں کے متعلق

۴۳۴: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سدرۃ المنتہیٰ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا سوار اس کی شاخوں کے سائے میں سو سال چل سکتا ہے یا (فرمایا) اس کے سائے میں سو، سوار آرام کر سکتے ہیں۔ یحییٰ کو شک ہے۔ اس کے پتے سونے کے اور پھل مٹکوں کے برابر ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۷۳: باب جنت کے پرندوں کے متعلق

۴۳۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کوثر کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا وہ ایک نہر ہے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے جنت میں عطا کی ہے۔ وہ دودھ

وَسلَّمَ مَاالْكَوْثَرُ قَالَ ذَاكَ نَهْرٌ اَعْطَانِيهِ اللّٰهُ يَعْنِي فِي الْجَنَّةِ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ فِيهِ طَيْرٌ اَعْنَاقُهَا كَاَعْنَاقِ الْجُزُرِ قَالَ عُمَرُ اِنَّ هٰذِهٖ لَنَاعِمَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَتُهَا اَنْعَمُ مِنْهَا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ هُوَ ابْنُ اَخِيْ اِبْنِ شِهَابِ الزُّهْرِيِّ.

سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھی ہے۔ اس میں ایسے پرندے ہیں جن کی گردنیں اونٹوں کی طرح ہیں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یہ تو بڑی نعمت میں ہوں گے۔ آپؐ نے فرمایا انہیں کھانے والے ان سے بھی زیادہ نعمت میں ہوں گے۔ یہ حدیث حسن ہے اور محمد بن عبداللہ بن مسلم، ابن شہاب زہری کے بھتیجے ہیں۔

۱۷۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ خَيْلِ الْجَنَّةِ

۱۷۴: باب جنت کے گھوڑوں کے متعلق

۴۳۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ نَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ فِي الْجَنَّةِ مِنْ خَيْلٍ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ فَلَا تَشَاءُ اَنْ تُحْمَلَ فِيهَا عَلٰى فَرَسٍ مِنْ يَاقُوْتَةٍ حَمْرَاءَ تَطِيرُ بِكَ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْتَ قَالَ وَسَاَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ فِي الْجَنَّةِ مِنْ اِبِلٍ قَالَ فَلَمْ يَقُلْ لَهُ مَاقَالَ لِصَاحِبِهٖ فَقَالَ اِنْ يُدْخِلْكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ يَكُنْ لَكَ فِيهَامَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَيْنُكَ.

۴۳۶: حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ: کیا جنت میں گھوڑے بھی ہوں گے۔ آپؐ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں جنت میں داخل کیا تو تم اس میں سرخ یاقوت کے جس گھوڑے پر سوار ہونا چاہو گے وہ تمہیں لے کر جنت میں جہاں چاہو گے اڑا کر لے جائے گا۔ راوی کہتے ہیں ایک دوسرے شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ: کیا جنت میں اونٹ ہوں گے۔ آپؐ نے اسے وہ جواب نہ دیا جو پہلے کو دیا تھا بلکہ فرمایا اگر اللہ تعالیٰ تمہیں جنت میں لے جائے تو جو کچھ تمہارا جی چاہے گا اور جس سے تمہاری آنکھیں محفوظ ہوں گی تمہیں وہی کچھ ملے گا۔

۴۳۷: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيثِ الْمَسْعُوْدِيِّ.

۴۳۷: سوید، عبداللہ بن مبارک سے وہ سفیان سے وہ علقمہ بن مرثد سے وہ عبدالرحمٰن بن باسط سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں اور یہ مسعودی کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۴۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي سَوْرَةَ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اُحِبُّ الْخَيْلَ اَفِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اُدْخِلْتَ الْجَنَّةَ اُتِيتَ بِفَرَسٍ مِنْ يَاقُوْتَةٍ لَهُ جَنَاحَانِ فَحُمِلْتَ عَلَيْهِ ثُمَّ طَارَ بِكَ حَيْثُ شِئْتَ هٰذَا حَدِيثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ

۴۳۸: حضرت ابو ایوبؓ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے گھوڑے بہت پسند ہیں کیا جنت میں بھی ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم جنت میں داخل ہو گئے تو تمہیں ایسا گھوڑا دیا جائے گا جو یاقوت کا ہوگا اور اس کے دو پر ہوں گے۔ تم اس پر سواری کرو گے اور جہاں چاہو گے گھومتے پھرو گے۔ اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ ہم اسے صرف اسی

بِالْقَوِيِّ وَلَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ اَبِي اَيُّوبَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيثِ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ جِدًّا وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيلَ يَقُولُ اَبُو سُورَةَ هٰذَا مُنْكَرُ الْحَدِيثِ يَرْوِي مَنَا كِيرَ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ لَا يُتَابَعُ عَلَيْهَا.

سند سے جانتے ہیں۔ ابوسورہ، ابوایوب کے بھتیجے ہیں۔ انہیں یحییٰ بن معین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ جبکہ امام بخاریؒ انہیں منکر الحدیث کہتے ہیں۔ یہ ابوایوب سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے جن کا کوئی متابع نہیں۔

۱۷۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي سِنِّ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۷۵: باب جنتیوں کی عمر کے متعلق

۴۳۹: حَدَّثَنَا اَبُو هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُو دَاوُدَ نَا عِمْرَانُ اَبُو الْعَوَّامِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ جُرْدًا مُرْدًا مُكَحَّلِينَ اَبْنَاءَ ثَلَاثِينَ اَوْثَلَاثٍ وَثَلَاثِينَ سَنَةً هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَبَعْضُ اَصْحَابِ قَتَادَةَ رَوَوْا هٰذَا عَنْ قَتَادَةَ مُرْسَلًا وَلَمْ يُسْنِدُوْهُ.

۴۳۹: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنتی اس حالت میں جنت میں داخل ہوں گے کہ ان کے جسم اور چہرے پر بال نہیں ہوں گے۔ ان کی آنکھیں سرگیں ہوں گی اور ان کی عمر تیں یا تینتیس برس تک ہوگی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض قتادہ کے ساتھی اسے قتادہ سے مرسل روایت کرتے ہیں۔

۱۷۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَمْ صَفُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۷۶: باب جنت کی کتنی صفیں ہوں گی؟

۴۴۰: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيدَ الطَّحَّانُ الْكُوفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ ضِرَارِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ ثَمَانُونَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَاَرْبَعُونَ مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مُرْسَلًا وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ وَحَدِيثُ اَبِي سِنَانٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ حَسَنٌ وَاَبُو سِنَانٍ اِسْمُهُ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ وَ اَبُو سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ اِسْمُهُ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ وَهُوَبَصْرِيٌّ وَاَبُو سِنَانٍ الشَّامِيُّ اِسْمُهُ عِيسَى بْنُ سِنَانٍ هُوَ الْقَسْمَلِيُّ.

۴۴۰: حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسّی (۸۰) اس اُمت اور چالیس باقی امتوں کی ہوں گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث مبارکہ کو علقمہ بن مرثد بھی سلیمان بن بریدہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ بعض محدثین (رحمہم اللہ تعالیٰ) نے اسے متصل بیان کیا یعنی سلیمان بن بریدہ اپنے والد بریدہ سے روایت کرتے ہیں۔ ابن سنان کے واسطہ سے محارب بن دثار کی حدیث حسن ہے۔ ابوسنان کا نام ضرار بن مرہ ہے۔ ابوسنان شیبانی کا نام سعید بن سنان ہے اور وہ بصری ہیں۔ ابوسنان شامی کا نام عیسٰی بن سنان ہے اور وہ قسملی ہیں۔

۴۴۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُو دَاوُدَ اَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ

۴۴۱: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم تقریباً چالیس افراد ایک قصبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قُبَّةٍ نَحْوًا مِنْ اَرْبَعِيْنَ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ مَا اَنْتُمْ فِی الشِّرْكِ اِلَّا كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِیْ جِلْدِ الثَّوْرِ الْاَسْوَدِ اَوْ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِیْ جِلْدِ الثَّوْرِ الْاَحْمَرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ.

اہل جنت کا چوتھا حصہ ہونا پسند کرتے ہو عرض کیا ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جنتیوں کا تیسرا حصہ ہونا پسند کرتے ہو۔ عرض کیا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم اہل جنت کا نصف حصہ ہونا پسند کرتے ہو اس لیے کہ جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہو سکیں گے اور تم لوگ ت... میں مشرکین کی بہ نسبت اس طرح ہو جیسے کالے بیل کی کھال پر ایک سفید بال یا سرخ بیل کی کھال پر ایک کالا بال۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں عمران بن حصینؓ اور ابوسعید خدریؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۷۷ : بَابُ مَا جَاءَ فِیْ صِفَةِ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ

۴۴۲ : حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِیُّ نَا مَعْنُ بْنُ عِيْسَی الْقَزَّازُ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابُ اُمَّتِی الَّذِیْ يَدْخُلُوْنَ مِنْهُ الْجَنَّةَ عَرْضُهُ مَسِيْرَةُ الرَّاكِبِ الْمُجَوِّدِ ثَلَاثًا ثُمَّ اِنَّهُمْ لَيُضْغَطُوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰی تَكَادَ مَنَاكِبُهُمْ تَزُوْلُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ وَ قَالَ لِخَالِدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ مَنَاكِيْرُ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

۱۷۷: باب جنت کے دروازوں کے متعلق

۴۴۲: حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس دروازے سے میری امت جنت میں داخل ہوگی اس کی چوڑائی اتنی ہوگی کہ ایک تیز رفتار سوار اس میں تین روز تک چلتا رہے لیکن اس کے باوجود داخل ہوتے وقت دباؤ اتنا بڑھے گا کہ قریب ہوگا کہ ان کے بازو اتر جائیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا میں اسے نہیں جانتا۔ خالد بن ابوبکر، سالم بن عبداللہ کے حوالے سے بہت سی منکر احادیث نقل کرتے ہیں۔

۱۷۸ : بَابُ مَا جَاءَ فِیْ سُوْقِ الْجَنَّةِ

۴۴۳ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ اَبِی الْعِشْرِيْنَ نَا الْاَوْزَاعِیُّ ثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ لَقِیَ اَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَسْاَلُ اللّٰهَ اَنْ يَجْمَعَ بَيْنِیْ وَبَيْنَكَ فِیْ سُوْقِ الْجَنَّةِ فَقَالَ سَعِيْدٌ اَفِيْهَا سُوْقٌ قَالَ نَعَمْ اَخْبَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ اِذَا دَخَلُوْهَا نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ اَعْمَالِهِمْ ثُمَّ يُؤْذَنُ فِیْ مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا

۱۷۸: باب جنت کے بازار کے متعلق

۴۴۳: حضرت سعید بن میسّبؒ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے ملاقات کی۔ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ ہم دونوں کو جنت کے بازار میں اکٹھا کرے۔ حضرت سعید بن میسّبؒ نے پوچھا کیا اس میں بازار ہوں گے۔ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا "ہاں" مجھے رسول اللہ ﷺ نے بتایا کہ جنتی جب بازاروں میں داخل ہوں گے تو اپنے اعمال کی فضیلت کے مطابق اس میں اتریں گے پھر دنیاوی جمعہ کے دن کے برابر وقت میں آواز دی جائے گی تو یہ لوگ اپنے رب

فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ وَيَبْرُزُ لَهُمْ عَرْشُهُ وَيَتَبَدّٰى لَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ فَتُوْضَعُ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ وَمَنَابِرُ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَمَنَابِرُ مِنْ يَاقُوْتٍ وَمَنَابِرُ مِنْ زَبَرْجَدٍ وَمَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ وَمَنَابِرُ مِنْ فِضَّةٍ وَيَجْلِسُ اَدْنَاهُمْ وَمَا فِيْهَا مِنْ اَدْنٰى عَلٰى كُثْبَانِ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ مَا يَرَوْنَ اَنَّ اَصْحَابَ الْكَرَاسِيِّ بِاَفْضَلَ مِنْهُمْ مَجْلِسًا قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَهَلْ نَرٰى رَبَّنَا قَالَ نَعَمْ هَلْ تَتَمَارُوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قُلْنَا لَا قَالَ كَذٰلِكَ لَا تَتَمَارُوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ وَلَا يَبْقٰى فِيْ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ اِلَّا حَاضَرَهُ اللّٰهُ مُحَاضَرَةً حَتّٰى يَقُوْلَ لِلرَّجُلِ مِنْهُمْ يَافُلَانُ بْنَ فُلَانٍ اَتَذْكُرُ يَوْمَ قُلْتَ كَذَا وَكَذَا فَيُذَكِّرُهُ بِبَعْضِ غَدَرَاتِهِ فِي الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ يَارَبِّ اَفَلَمْ تَغْفِرْلِيْ فَيَقُوْلُ بَلٰى فَبِسَعَةِ مَغْفِرَتِيْ بَلَغْتَ مَنْزِلَتَكَ هٰذِهِ فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ غَشِيَتْهُمْ سَحَابَةٌ مِنْ فَوْقِهِمْ فَاَمْطَرَتْ عَلَيْهِمْ طِيْبًا لَمْ يَجِدُوْا مِثْلَ رِيْحِهٖ شَيْئًا قَطُّ وَيَقُوْلُ رَبُّنَا قُوْمُوْا اِلٰى مَا اَعْدَدْتُ لَكُمْ مِنَ الْكَرَامَةِ فَخُذُوْا مَااشْتَهَيْتُمْ فَنَاْتِيْ سُوْقًا قَدْ حَفَّتْ بِهِ الْمَلَائِكَةُ مَالَمْ تَنْظُرِ الْعُيُوْنُ اِلٰى مِثْلِهٖ وَلَمْ تَسْمَعِ الْآذَانُ وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى الْقُلُوْبِ فَيُحْمَلُ اِلَيْنَا مَا اشْتَهَيْنَا لَيْسَ يُبَاعُ فِيْهَا وَلَا يُشْتَرٰى وَفِيْ ذٰلِكَ السُّوْقِ يَلْقٰى اَهْلُ الْجَنَّةِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا قَالَ فَيُقْبِلُ الرَّجُلُ ذُوالْمَنْزِلَةِ الْمُرْتَفِعَةِ فَيَلْقٰى مَنْ هُوَدُوْنَهٗ وَمَا فِيْهِمْ دَنِيٌّ فَيَرُوْعُهٗ مَايَرٰى عَلَيْهِ مِنَ اللِّبَاسِ فَمَا يَنْقَضِيْ اٰخِرُ حَدِيْثِهٖ حَتّٰى يَتَخَيَّلَ عَلَيْهِ مَا هُوَ اَحْسَنُ مِنْهُ وَذٰلِكَ اَنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَحْزَنَ فِيْهَا ثُمَّ نَنْصَرِفُ اِلٰى مَنَازِلِنَا فَتَتَلَقَّانَا اَزْوَاجُنَا فَيَقُلْنَ مَرْحَبًا وَاَهْلًا لَقَدْ جِئْتَ وَاِنَّ لَكَ مِنَ الْجَمَالِ اَفْضَلَ مِمَّا

کی زیارت کریں گے۔ انکیلئے اس کا عرش ظاہر ہوگا اور اللہ تعالیٰ باغات جنت میں سے کسی ایک باغ میں تجلی فرمائے گا۔ جنتیوں کیلئے منبر بچھائے جائیں گے جونور، موتی، یاقوت، زمرد، سونے اور چاندی کے ہوں گے۔ اوران میں سے ادنیٰ درجے کا جنتی (اگر چہ ان میں کوئی ادنیٰ نہیں ہوگا) بھی مشک اور کافور کے ٹیلوں پر ہوگا۔ وہ لوگ یہ نہیں دیکھ سکیں گے کہ کوئی ان سے اعلیٰ منبروں پر بھی ہے (تا کہ وہ غمگین نہ ہوں) حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ۔ کیا ہم اللہ رب العزت کو دیکھیں گے۔ آپؐ نے فرمایا ''ہاں'' کیا تم لوگوں کو سورج یا چودھویں رات کے چاند کو دیکھنے میں کوئی زحمت یا تردد ہوتا ہے۔ ہم نے کہا ''نہیں''۔ آپ ﷺ نے فرمایا اسی طرح تم لوگ اپنے رب کو دیکھنے میں زحمت وتردد میں مبتلا نہیں ہوگے۔ بلکہ اس مجلس میں کوئی شخص ایسا نہیں ہوگا جو بالمشافہ اللہ تعالیٰ سے گفتگو نہ کر سکے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان میں سے کسی سے کہیں گے۔ اے فلاں بن فلاں تمہیں یاد ہے تم نے فلاں دن اس طرح کہا تھا اور اسے اس کے بعض گناہ یاد دلائیں گے۔ وہ عرض کرے گا اے اللہ کیا آپ نے مجھے معاف نہیں کر دیا اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیوں نہیں۔ میری مغفرت کی وسعت ہی کی وجہ سے تو تم اس منزل پر پہنچے ہو۔ اس دوران ان لوگوں کو ایک بدلی ڈھانپ لے گی اوران پر ایسی خوشبو کی بارش کرے گی کہ انہوں نے کبھی ویسی خوشبو نہیں سونگھی ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اٹھو اور میری کرامتوں (انعامات) کی طرف جاؤ جو میں نے تمہارے لئے رکھے ہیں اور جو چاہو لے لو۔ پھر ہم لوگ اس بازار کی طرف جائیں گے۔ فرشتوں نے اس کا احاطہ کیا ہوا ہوگا۔ اور اس میں ایسی چیزیں ہوں گی جنہیں نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی دل پر ان کا خیال گزرا۔ چنانچہ ہمیں ہر وہ چیز عطا کی جائے گی۔ جس کی ہم خواہش کریں گے۔ وہاں خرید وفروخت نہیں ہوگی۔ پھر وہاں جنتی ایک دوسرے سے ملاقات

فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ فَنَقُوْلُ اِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ وَ يَحِقُّنَا اَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

کریں گے۔اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا پھر ان میں ان سے اعلیٰ مرتبے والے جنتی اپنے سے کم درجے والے سے ملاقات کرے گا۔حالانکہ ان میں سے کوئی بھی کم درجے والا نہیں ہوگا تو اسے اس کا لباس پسند آئے گا۔ابھی اس کی بات پوری بھی نہیں ہوگی کہ اس کے بدن پر اس سے بھی بہتر لباس ظاہر ہوجائے گا۔یہ اس لیے ہوگا کہ وہاں کسی کا غمگین ہونا جنت کی شان کے خلاف ہے۔پھر ہم اپنے گھروں کی طرف روانہ ہوجائیں گے۔وہاں جب ہماری اپنی بیویوں سے ملاقات ہوگی تو وہ کہیں گی۔''مَرْحَبًا وَ اَهْلاً'' تم پہلے سے زیادہ خوبصورت ہو کر لوٹے ہو۔ہم کہیں گے کہ آج ہم اپنے رب جَبَّار کی مجلس میں بیٹھ کر آرہے ہیں۔لہٰذا اسی حسن و جمال کے مستحق ہیں۔یہ حدیث غریب ہے۔ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۴۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَهَنَّادٌ قَالاَ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانَ ابْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ فِى الْجَنَّةِ لَسُوْقًا مَافِيْهَا شِرًى وَلاَ بَيْعٌ اِلاَّ الصُّوَرَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فَاِذَا اشْتَهَى الرَّجُلُ صُوْرَةً دَخَلَ فِيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۴۴۴: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک بازار ہوگا جس میں خرید و فروخت نہیں ہوگی البتہ اس میں عورتوں اور مردوں کی تصویریں ہوں گی جو جسے پسند کرے گا اسی کی طرح ہوجائیگا۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۹: بَابُ مَاجَاءَ فِى رُؤْيَةِ الرَّبِّ

۱۷۹: باب رؤیت باری تعالیٰ

۴۴۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ ابْنِ اَبِى حَازِمٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَقَالَ اِنَّكُمْ سَتُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّكُمْ فَتَرَوْنَهُ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لاَ تُضَامُوْنَ فِى رُؤْيَتِهِ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لاَ تُغْلَبُوْا عَلٰى صَلاَةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَصَلاَةٍ قَبْلَ غُرُوْبِهَا فَافْعَلُوْا ثُمَّ قَرَأَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۴۵: حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ نے چاند کی طرف دیکھا جو کہ چودھویں رات کا تھا اور فرمایا تم لوگ اپنے پروردگار کے سامنے پیش کئے جاؤ گے اور اسے اسی طرح دیکھ سکو گے جیسے یہ چاند دیکھ رہے ہو یعنی اسے دیکھنے میں بالکل زحمت نہیں اٹھانی پڑے گی۔لہٰذا اگر ہو سکے تو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے کی نمازیں (یعنی فجر اور عصر) ضرور پڑھا کرو۔ پھر آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی'' فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ'' یعنی تم اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو سورج طلوع ہونے سے پہلے بھی اور بعد بھی۔یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۴۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ

۴۴۶: حضرت صہیبؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے قول ''جن لوگوں نے نیکی کی ان کیلئے بھلائی

الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ صُهَیْبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ قَالَ اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ نَادٰی مُنَادٍ اِنَّ لَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا قَالُوْا اَلَمْ یُبَیِّضْ وُجُوْهَنَا وَیُنَجِّنَا مِنَ النَّارِوَیُدْ خِلْنَا الْجَنَّةَ قَالُوْا بَلٰی فَیُکْشَفُ الْحِجَابُ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا اَعْطَاهُمْ شَیْئًا اَحَبَّ اِلَیْهِمْ مِنَ النَّظَرِ اِلَیْهِ هٰذَا حَدِیْثٌ اِنَّمَا اَسْنَدَهٗ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَرَفَعَهٗ وَرَوٰی سُلَیْمَانُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَوْلَهٗ.

ہے'' کے بارے میں فرمایا جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے تو ایک پکارنے والا پکارے گا تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک وعدہ ہے وہ کہیں گے'' کیا اس نے ہمارے چہرے روشن نہ کئے؟ اور ہمیں جہنم سے بچا کر جنت میں داخل نہ کیا'' ۔وہ (فرشتے) کہیں گے ۔ہاں کیوں نہیں۔ پھر پردہ ہٹایا جائے گا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم انہیں اس کی طرف دیکھنے سے بہتر کوئی چیز نہیں ملی۔ (یعنی دیدار الٰہی سے بہتر)۔اس حدیث کو حماد بن سلمہ نے مسند اور مرفوع کیا ہے۔سلیمان بن مغیرہ اسے ثابت بنانی سے اور وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے انہی کا قول نقل کرتے ہیں۔

۴۴۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ اَخْبَرَنِیْ شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ ثُوَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَدْنٰی اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً لَمَنْ یَنْظُرُ اِلٰی جِنَانِهٖ وَزَوْجَاتِهٖ وَنَعِیْمِهٖ وَخَدَمِهٖ وَ سُرُرِهٖ مَسِیْرَةَ اَلْفِ سَنَةٍ وَاَکْرَمُهُمْ عَلَی اللّٰهِ مَنْ یَنْظُرُ اِلٰی وَجْهِهٖ غُدْوَةً وَعَشِیَّةً ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ ثُوَیْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا وَرَوَاهُ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ اَبْجَرَ عَنْ ثُوَیْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا وَرَوَاهُ عُبَیْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ ثُوَیْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَوْلَهٗ وَلَمْ یَرْفَعْهُ حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ اَبُوْ کُرَیْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ ثُوَیْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهٗ وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

۴۴۷: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ادنیٰ درجے کا جنتی بھی اپنے باغوں، بیویوں، نعمتوں، خدمتگاروں اور تختوں کو ایک ہزار برس کی مسافت تک دیکھے گا۔ ان میں سے سب سے زیادہ اکرام والا وہ ہوگا جو صبح وشام اللہ تعالیٰ کے چہرے کی طرف دیکھے گا۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی '' وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ '' (اس روز بہت سے چہرے بارونق ہوں گے اور اپنے رب کی طرف دیکھیں گے) یہ حدیث کئی سندوں سے اسرائیل ہی سے منقول ہے۔ اسرائیل، ثویر سے اور وہ ابن عمرؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں ۔عبدالملک بن ابجر بھی ثویر سے اور وہ ابن عمرؓ سے موقوفاً نقل کرتے ہیں پھر عبیداللہ اشجعی، سفیان سے وہ ثویر سے وہ مجاہد سے اور وہ ابن عمرؓ سے انہی کا قول نقل کرتے ہیں اور اسے مرفوع نہیں کرتے ۔ابوکریب محمد بن علاء، عبیداللہ اشجعی سے وہ سفیان سے وہ ثویر سے وہ مجاہد سے اور وہ ابن عمرؓ سے اسی کی مانند غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔

۴۴۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِیْفٍ الْکُوْفِیُّ ثَنَا جَابِرُ بْنُ نُوْحٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تُضَامُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ

۴۴۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگوں کو چودہویں کا چاند یا سورج دیکھنے میں کوئی دشواری پیش

الْبَدْرِ وَتُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ قَالُوْا لاَ قَالَ فَاِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لاَ تُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَهٰكَذَارَوٰى يَحْيَى بْنُ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَرَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَحَدِيْثُ ابْنِ اِدْرِيْسَ عَنِ الْاَعْمَشِ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَحَدِيْثُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَصَحُّ وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ مِثْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَهُوَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اَيْضًا.

آتی ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ عنقریب اپنے رب کو اسی طرح دیکھ سکو گے جس طرح تم چودھویں کا چاند دیکھ سکتے ہو کہ اس کے دیکھنے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہوگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ یحییٰ بن عیسیٰ اور کئی راوی اسے اعمش سے وہ ابوصالح سے وہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ عبداللہ بن ادریس بھی اعمش سے وہ ابوسعید سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث متعدد سندوں سے مرفوعاً مروی ہے اور وہ بھی صحیح حدیث ہے۔

۱۸۰: بَابٌ

۴۴۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ يَقُوْلُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُوْنَ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَ سَعْدَيْكَ فَيَقُوْلُ هَلْ رَضِيْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ مَالَنَا لاَ نَرْضٰى وَقَدْ اَعْطَيْتَنَا مَالَمْ تُعْطِ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ فَيَقُوْلُ اَنَا اُعْطِيْكُمْ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالُوْا وَاَيُّ شَيْءٍ اَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِيْ فَلاَ اَسْخَطُ عَلَيْكُمْ اَبَدًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۰: باب

۴۴۹: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اہل جنت سے فرمائے گا: اے جنت والو۔ وہ کہیں گے اے رب ہم تیری بارگاہ میں حاضر ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم راضی ہوئے۔ وہ کہیں گے ہمیں کیا ہے کہ ہم راضی نہ ہوں حالانکہ تو نے ہمیں وہ کچھ دیا جو اس سے پہلے کسی مخلوق کو نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں تمہیں اس سے بھی افضل چیز دوں گا۔ وہ عرض کریں گے یا اللہ اس سے بہتر اور کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے تمہیں اپنی رضا مندی عطا کر دی۔ اب میں تم سے کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَرَائِيْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِي الْغُرَفِ

۴۵۰: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ

۱۸۱: باب اس بارے میں کہ اہل جنت بالا خانوں سے ایک دوسرے کا نظارہ کریں گے

۴۵۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اہل جنت اپنے اپنے درجات کے مطابق بالا خانوں

اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ لَیَتَرَاءَ وْنَ فِی الْغُرْفَةِ كَمَا یَتَرَاؤْنَ الْكَوْكَبَ الشَّرْقِیَّ وَالْكَوْكَبَ الْغَرْبِیَّ الْغَارِبَ فِی الْاُفُقِ اَوِ الطَّالِعَ فِیْ تَفَاضُلِ الدَّرَجَاتِ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُولٰئِكَ النَّبِیُّوْنَ قَالَ بَلٰی وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ وَاَقْوَامٌ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَصَدَّقُوا الْمُرْسَلِیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ خُلُوْدِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ

۴۵۱: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ صَعِیْدٍ وَاحِدٍ ثُمَّ یَطَّلِعُ عَلَیْهِمْ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ فَیَقُوْلُ اَلَا یَتَّبِعُ كُلُّ اِنْسَانٍ مَا كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ فَیُمَثَّلُ لِصَاحِبِ الصَّلِیْبِ صَلِیْبُهٗ وَلِصَاحِبِ التَّصَاوِیْرِ تَصَاوِیْرُهٗ وَلِصَاحِبِ النَّارِ نَارُهٗ فَیَتْبَعُوْنَ مَا كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ وَیَبْقَی الْمُسْلِمُوْنَ فَیَطَّلِعُ عَلَیْهِمْ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ فَیَقُوْلُ اَلَا تَتْبَعُوْنَ النَّاسَ فَیَقُوْلُوْنَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَهٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰی نَرٰی رَبَّنَا وَهُوَیَأْ مُرُهُمْ وَ یُثَبِّتُهُمْ قَالُوْا وَهَلْ نَرَاهُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ قَالُوْا لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاِنَّكُمْ لَا تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَتِهٖ تِلْكَ السَّاعَةَ ثُمَّ یَتَوَارٰی ثُمَّ یَطَّلِعُ فَیُعَرِّفُهُمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ یَقُوْلُ اَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّبِعُوْنِیْ فَیَقُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ وَیُوْضَعُ الصِّرَاطُ فَیَمُرُّ عَلَیْهِ مِثْلَ جِیَادِ الْخَیْلِ وَالرِّكَابِ وَقَوْلُهُمْ عَلَیْهِ سَلِّمْ سَلِّمْ وَیَبْقٰی اَهْلُ النَّارِ فَیُطْرَحُ مِنْهُمْ فِیْهَا فَوْجٌ فَیُقَالُ هَلِ امْتَلَاْتِ فَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَزِیْدٍ ثُمَّ یُطْرَحُ فِیْهَا فَوْجٌ

میں سے ایک دوسرے کواس طرح دیکھیں گے جس طرح مشرق [illegible] ستارے کو یا مغرب میں [illegible] رے ہو یا طلوع ہونے والے تارے کو دیکھتے ہیں۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ انبیاء ہوں گے۔فرمایا ہاں کیوں نہیں اور اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے وہ لوگ بھی ہوں گے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور انہوں نے تمام رسولوں کی تصدیق کی۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۲: باب اس بارے میں کہ جنتی اور دوزخی ہمیشہ ہمیشہ وہیں رہیں گے

۴۵۱: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام لوگوں کو ایک جگہ جمع کرے گا پھر ان کی طرف دیکھ کر فرمائے گا کہ ہر شخص اپنے معبود کے ساتھ کیوں نہیں آتا۔چنانچہ صلیب والوں کے لیے صلیب کی صورت بن جائے گی، بت پرستوں کے لیے بتوں کی تصاویر اور آتش پرستوں کیلئے آگ کی شکل بن جائے گی۔پھر وہ تمام لوگ اپنے معبودوں کے پیچھے چل پڑیں گے۔پھر مسلمان باقی رہ جائیں گے توان کی طرف دیکھ کر اللہ تعالیٰ پوچھے گا کہ تم لوگ ان کے پیچھے کیوں نہیں گئے۔وہ عرض کریں گے اے رب ہم تجھ ہی سے پناہ کے طلب گار ہیں۔ہمارا رب تو اللہ ہے لہٰذا ہماری جگہ یہی ہے یہاں تک کہ ہم اپنے رب کو دیکھ لیں۔پھر اللہ تعالیٰ انہیں حکم دیں گے۔انہیں ثابت قدم کریں گے۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! کیا ہم اپنے ربّ کو دیکھیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم لوگ چودھویں کا چاند دیکھتے ہوئے شک میں مبتلا ہوئے ہو۔انہوں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا اسی طرح عنقریب تم لوگ اپنے ربّ کو (یقین کامل) کے ساتھ دیکھو گے۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ دوبارہ چھپیں گے اور پھر ظاہر ہو کر انہیں اپنے متعلق بتائیں گے اور فرمائیں گے کہ میں تمہارا ربّ ہوں لہٰذا میرے ساتھ چلو۔

فَيُقَالُ هَلِ امْتَلأْتِ فَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ حَتّٰى اِذَا اُوْعِبُوْا فِيْهَا وَضَعَ الرَّحْمٰنُ قَدَمَهُ فِيْهَا وَ اُزْوِىَ بَعْضُهَا اِلٰى بَعْضٍ ثُمَّ قَالَ قَطْ قَالَتْ قَطْ قَطْ فَاِذَا اَدْخَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَاَهْلَ النَّارِ النَّارَ اُتِىَ بِالْمَوْتِ مُلَبَّبًا فَيُوْقَفُ عَلَى السُّوْرِ الَّذِىْ بَيْنَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ ثُمَّ يُقَالُ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَطَّلِعُوْنَ خَائِفِيْنَ ثُمَّ يُقَالُ يَا اَهْلَ النَّارِ فَيَطَّلِعُوْنَ مُسْتَبْشِرِيْنَ يَرْجُوْنَ الشَّفَاعَةَ فَيُقَالُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ وَلِاَهْلِ النَّارِ هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا فَيَقُوْلُوْنَ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ قَدْ عَرَفْنَاهُ هُوَ الْمَوْتُ الَّذِىْ وُكِّلَ بِنَا فَيُضْجَعُ فَيُذْبَحُ ذَبْحًا عَلَى السُّوْرِ ثُمَّ يُقَالُ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ لَا مَوْتَ وَيَا اَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ لَا مَوْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

چنانچہ سب مسلمان کھڑے ہوجائیں گے اور پل صراط رکھ دیا جائے گا۔ پھر اس پر سے ایک گروہ عمدہ گھوڑوں اور ایک (گروہ) عمدہ اونٹ کی طرح گزر جائے گا۔ وہ لوگ اس موقع پر یہ کہیں گے "سَلِّمْ سَلِّمْ" یعنی سلامت رکھ، سلامت رکھ۔ پھر دوزخی باقی رہ جائیں گے چنانچہ ایک فوج اس میں ڈالی جائے گی اور پوچھا جائے گا کیا تو بھر گئی۔ وہ عرض کرے گی۔ کچھ اور ہے۔ پھر ایک اور فوج ڈال کر پوچھا جائے گا تو بھی اس کا یہی جواب ہوگا۔ یہاں تک کہ سب کے ڈالے جانے پر بھی یہی جواب دے گی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا قدم رکھ دے گا جس سے وہ (یعنی جہنم) سمٹ جائے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کہ بس۔ وہ کہے گی بس، بس۔ پھر جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل کر دیے جائیں گے تو موت کو کھینچ کر لایا جائے گا اور دونوں کے درمیان کی دیوار پر کھڑا کر دیا جائے گا۔ پھر اہل جنت کو بلایا جائے گا تو وہ لوگ ڈرتے ہوئے دیکھیں گے اور دوزخیوں کو پکارا جائے گا تو وہ خوش ہو کر دیکھیں گے کہ شاید شفاعت ہو لیکن ان سب سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم لوگ اسے جانتے ہو۔ وہ سب کہیں گے جی ہاں یہ موت ہے جو ہم پر مسلط تھی۔ چنانچہ اسے لٹایا جائے گا اور اسی دیوار پر ذبح کر دیا جائیگا۔ پھر کہا جائیگا اے جنت والو اب تم ہمیشہ جنت میں رہو گے اور تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی اور اے دوزخ والو تم ہمیشہ جہنم میں رہو گے اور تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۵۲: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِىْ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ يَرْفَعُهُ قَالَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اُتِىَ بِالْمَوْتِ كَالْكَبْشِ الْاَمْلَحِ فَيُوْقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَيُذْبَحُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ فَلَوْ اَنَّ اَحَدًا مَاتَ فَرَحًا لَمَاتَ اَهْلُ الْجَنَّةِ وَلَوْ اَنَّ اَحَدًا مَاتَ حُزْنًا لَمَاتَ اَهْلُ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِىَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِوَايَاتٌ كَثِيْرَةٌ مِثْلُ هٰذَا مَا يُذْكَرُ فِيْهِ اَمْرُ الرُّؤْيَةِ اَنَّ النَّاسَ يَرَوْنَ رَبَّهُمْ وَذِكْرُ الْقَدَمِ وَمَا اَشْبَهَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ وَ الْمَذْهَبُ فِىْ هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ الْاَئِمَّةِ مِثْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَابْنِ الْمُبَارَكِ

۴۵۲: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن موت کو سیاہ وسفید رنگ کے مینڈھے کی شکل میں لا کر جنت و دوزخ کے درمیان کھڑا کیا جائے گا۔ اور پھر ذبح کر دیا جائے گا۔ وہ سب اسے دیکھ رہے ہوں گے۔ چنانچہ اگر کوئی خوشی سے مرتا تو جنت والے مر جاتے اور اگر کوئی غم سے مرتا تو دوزخی مر جاتے۔ یہ حدیث حسن ہے اور آپ ﷺ سے بہت سی احادیث منقول ہیں جن میں دیدار الٰہی کا ذکر ہے کہ لوگ اپنے پروردگار کو اس طرح دیکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے قدم اور اس جیسی دوسری باتوں کے بارے میں سفیان ثوریؒ، مالک بن انسؒ، سفیان بن عیینہؒ، ابن مبارکؒ اور وکیعؒ وغیرہم کا مذہب یہ ہے کہ ان کا ذکر جائز ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم ان

وَ وَكِيعٍ وَغَيْرِهِمْ اَنَّهُمْ رَوَوْا هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ وَ قَالُوْا تُرْوٰى هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ وَنُؤْمِنُ بِهَاوَ لَا يُقَالُ كَيْفَ وَهٰذَا الَّذِىْ اِخْتَارَهُ اَهْلُ الْحَدِيْثِ اَنْ يُرْوُوْا هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ كَمَا جَاءَتْ وَيُؤْمَنُ بِهَاوَ لَا تُفَسَّرُ وَلَا يُتَوَهَّمُ وَلَا يُقَالُ كَيْفَ وَهٰذَا اَمْرُ اَهْلِ الْعِلْمِ الَّذِىْ اِخْتَارَهُ وَذَهَبُوْا اِلَيْهِ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ فِى الْحَدِيْثِ فَيُعَرِّفُهُمْ نَفْسَهٗ يَعْنِىْ يَتَجَلّٰى لَهُمْ.

احادیث کو روایت کرتے ہیں اور ان پر ایمان لاتے ہیں۔ البتہ ان کی کیفیت کے بارے میں بات نہ کی جائے۔ محدثین نے بھی یہی مسلک اختیار کیا ہے کہ ہم ان سب چیزوں پر اسی طرح ایمان لاتے ہیں جس طرح یہ مذکور ہیں۔ ان کی تفسیر نہیں کی جاتی نہ ہی وہم کیا جاتا ہے اور اسی طرح ان کی کیفیت بھی نہیں پوچھی جاتی اور یہ بات کہ وہ ان کو پہچان کرائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان پر اپنی تجلی ظاہر کرے گا۔

۱۸۳ : بَابُ مَاجَاءَ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَ حُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

۱۸۳: باب اس بارے میں کہ جنت شدائد سے جبکہ جہنم خواہشات سے پُر ہے

۴۵۳ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ وَ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ صَحِيْحٌ.

۴۵۳: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت تکلیفوں اور مشقتوں کے ساتھ گھیری گئی ہے جبکہ دوزخ کا احاطہ شہوات نے کیا ہوا ہے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب صحیح ہے۔

۴۵۴ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو نَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ اَرْسَلَ جِبْرَئِيْلَ اِلَى الْجَنَّةِ فَقَالَ اُنْظُرْ اِلَيْهَا وَاِلٰى مَا اَعْدَدْتُ لِاَهْلِهَا فِيْهَا قَالَ فَجَاءَهَا فَنَظَرَ اِلَيْهَا وَاِلٰى مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِاَهْلِهَا فِيْهَا قَالَ فَرَجَعَ اِلَيْهِ قَالَ فَوَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا فَاَمَرَبِهَا فَحُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ فَقَالَ ارْجِعْ اِلَيْهَا فَانْظُرْ اِلٰى مَا اَعْدَدْتُ لِاَهْلِهَا فِيْهَا قَالَ فَرَجَعَ اِلَيْهَا فَاِذَا هِىَ قَدْ حُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ فَرَجَعَ اِلَيْهِ فَقَالَ فَوَعِزَّتِكَ لَقَدْ خِفْتُ اَنْ لَا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ قَالَ اذْهَبْ اِلَى النَّارِ فَانْظُرْ اِلَيْهَا وَاِلٰى مَا اَعْدَدْتُ لِاَهْلِهَا فِيْهَا فَاِذَا هِىَ يَرْكَبُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَرَجَعَ اِلَيْهِ فَقَالَ فَوَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ فَيَدْخُلَهَا فَاَمَرَبِهَا فَحُفَّتْ بِالشَّهَوَاتِ

۴۵۴: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے جنت اور دوزخ بنائی تو جبرائیل علیہ السلام کو جنت اور اس میں موجود چیزیں دیکھنے کے لیے بھیجا۔ وہ گئے اور دیکھ کر واپس لوٹے اور عرض کیا: اے اللہ تیری عزت کی قسم جو بھی اس کے متعلق سنے گا اس میں داخل ہو جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے تکلیفوں سے گھیرنے کا حکم دیا اور دوبارہ جبرائیل علیہ السلام کو دیکھنے کے لیے بھیجا۔ وہ دیکھ کر واپس آئے اور عرض کیا: اے اللہ تیری عزت کی قسم مجھے اندیشہ ہے کہ اس میں کوئی بھی داخل نہ ہو سکے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا کہ اب دوزخ اور اس میں موجود عذاب کو دیکھو۔ انہوں نے دیکھا کہ اس کا ایک حصہ دوسرے حصے پر چڑھا ہوا ہے۔ چنانچہ واپس آئے اور عرض کیا: اے اللہ تیری عزت کی قسم اس کا حال سننے کے بعد کوئی اس میں داخل نہیں ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے شہوات سے گھیرنے کا حکم دیا اور دوبارہ جبرائیل کو بھیجا۔ اس

فَقَالَ ارْجِعْ اِلَيْهَا فَرَجَعَ اِلَيْهَا فَقَالَ فَوَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيْتُ اَنْ لَا يَنْجُوَ مِنْهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

مرتبہ وہ لوٹے اور عرض کیا: اے اللہ تیری عزت کی قسم مجھے اندیشہ ہے کہ اس سے کوئی شخص نجات نہ پاسکے گا اور اس (یعنی جہنم) میں داخل ہو جائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۴ : بَابُ مَا جَاءَ فِي احْتِجَاجِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

۱۸۴: باب جنت اور دوزخ کے درمیان تکرار کے متعلق

۴۵۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَقَالَتِ الْجَنَّةُ يَدْخُلُنِي الضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاكِيْنُ وَقَالَتِ النَّارُ يَدْخُلُنِي الْجَبَّارُوْنَ وَالْمُتَكَبِّرُوْنَ فَقَالَ لِلنَّارِ اَنْتِ عَذَابِيْ اَنْتَقِمُ بِكِ مِمَّنْ شِئْتُ وَقَالَ لِلْجَنَّةِ اَنْتِ رَحْمَتِيْ اَرْحَمُ بِكِ مَنْ شِئْتُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۵۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت کی دوزخ سے تکرار ہوئی تو جنت نے کہا: مجھ میں ضعفاء اور مساکین داخل ہوں گے۔ دوزخ نے کہا مجھ میں ظالم اور متکبر داخل ہوں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے فرمایا: تم میرا عذاب ہو میں جس سے انتقام لینا چاہتا ہوں تمہارے ذریعے سے لیتا ہوں۔ پھر جنت سے فرمایا: تم میری رحمت ہو میں تمہارے ذریعے جس پر چاہتا ہوں رحم کرتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۵ : بَابُ مَا جَاءَ مَا لِاَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْكَرَامَةِ

۱۸۵: باب ادنیٰ درجے کے جنتی کے لیے انعامات کے متعلق

۴۵۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً الَّذِيْ لَهُ ثَمَانُوْنَ اَلْفَ خَادِمٍ وَاثْنَتَانِ وَسَبْعُوْنَ زَوْجَةً وَتُنْصَبُ لَهُ قُبَّةٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَزَبَرْجَدٍ وَيَاقُوْتٍ كَمَا بَيْنَ الْجَابِيَةِ اِلٰى صَنْعَاءَ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ يُرَدُّوْنَ بَنِيْ ثَلَاثِيْنَ فِي الْجَنَّةِ لَا يَزِيْدُوْنَ عَلَيْهَا اَبَدًا وَكَذٰلِكَ اَهْلُ النَّارِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عَلَيْهِمُ التِّيْجَانَ اَنَّ اَدْنٰى لُؤْلُؤَةٍ مِنْهَا لَتُضِيْءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ هٰذَا حَدِيْثٌ

۴۵۶: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ادنیٰ جنتی وہ ہے جس کے اسی ہزار خادم اور بہتر (۷۲) بیویاں ہوں گی۔ اس کے لیے موتی، یاقوت اور زمرد سے اتنا بڑا خیمہ نصب کیا جائے گا جتنا کہ صنعاء اور جابیہ کے درمیان فاصلہ ہے۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت میں سے ہر شخص کی عمر تیس سال کر دی جائے گی۔ خواہ موت کے وقت وہ اس سے زیادہ کا ہو یا کم ہو۔ یہی حال دوزخیوں کا بھی ہوگا۔ پھر اسی سند سے منقول ہے کہ انکے (یعنی جنتیوں کے) سروں پر ایسے تاج ہوں گے جن کا ادنیٰ سے ادنیٰ موتی بھی مشرق و مغرب روشن کر دے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف رشدین بن سعد کی

غَرِيبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ رِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ.

۴۵۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَامِرِ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ اِذَا اشْتَهَى الْوَلَدَ فِي الْجَنَّةِ كَانَ حَمْلُهُ وَوَضْعُهُ وَسِنُّهُ فِيْ سَاعَةٍ كَمَا يَشْتَهِيْ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ فِي الْجَنَّةِ جِمَاعٌ وَلَا يَكُوْنُ وَلَدٌ هٰكَذَا يُرْوٰى عَنْ طَاؤُسٍ وَ مُجَاهِدٍ وَاِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ وَقَالَ مُحَمَّدٌ قَالَ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ فِيْ حَدِيثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَهَى الْمُؤْمِنُ الْوَلَدَ فِي الْجَنَّةِ كَانَ فِيْ سَاعَةٍ كَمَا يَشْتَهِيْ وَلٰكِنْ لَا يَشْتَهِيْ قَالَ مُحَمَّدٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ لَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِيْهَا وَلَدٌ وَاَبُو الصِّدِّيقِ النَّاجِيُّ اِسْمُهُ بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ بَكْرُ بْنُ قَيْسٍ.

روایت سے جانتے ہیں۔

۴۵۷: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی مؤمن جنت میں اولاد کی خواہش کرے گا تو صرف ایک گھڑی میں حمل، پیدائش اور اس کی عمر اس جنتی کی خواہش کے مطابق ہو جائے گی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اہل علم کا اس مسئلے میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جنت میں صرف جماع ہوگا اولاد نہیں۔ طاؤس، مجاہد اور ابراہیم نخعی بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام بخاریؒ، اسحٰق بن ابراہیمؒ کے حوالے سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ اگر کوئی جنت میں اولاد کی خواہش کرے گا تو ایک گھڑی میں وہ جس طرح چاہے گا ہو جائے گا۔ لیکن وہ آرزو نہیں کرے گا۔ پھر امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابورزین عقیلی سے مروی ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اہل جنت کے ہاں اولاد نہیں ہوگی۔ ابوصدیق ناجی کا نام بکر بن عمرو ہے۔ انہیں بکر بن قیس بھی کہا جاتا ہے۔

۱۸۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَلَامِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ

۱۸۶: باب حوروں کی گفتگو کے متعلق

۴۵۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَّ اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالَا نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَمُجْتَمَعًا لِلْحُوْرِ الْعِيْنِ يَرْفَعْنَ بِاَصْوَاتٍ لَمْ يَسْمَعِ الْخَلَائِقُ مِثْلَهَا يَقُلْنَ نَحْنُ الْخَالِدَاتُ فَلَا نَبِيْدُ وَنَحْنُ النَّاعِمَاتُ فَلَا نَبْاَسُ وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلَا نَسْخَطُ طُوْبٰى لِمَنْ كَانَ لَنَا وَكُنَّا لَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَنَسٍ حَدِيثُ عَلِيٍّ حَدِيثٌ غَرِيبٌ.

۴۵۸: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں حوریں جمع ہوتی ہیں اور اپنی ایسی آواز بلند کرتی ہیں کہ مخلوق نے کبھی ویسی آواز نہیں سنی اور وہ کہتی ہیں کہ ہم ہمیشہ رہنے والی ہیں جو کبھی فنا نہیں ہوں گی۔ ہم ناز و نعم میں رہنے والی ہیں کبھی کسی چیز کی محتاج نہیں ہوتیں۔ ہم اپنے شوہروں سے راضی رہنے والیاں ہیں کبھی ان سے ناراض نہیں ہوتیں۔ خوش بخت ہے وہ جو ہمارے لیے ہے اور ہم اس کے لیے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، ابوسعیدؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث علیؓ غریب ہے۔

۱۸۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

۱۸۷: باب جنت کی نہروں کے متعلق

۴۵۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

۴۵۹: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَحْرَ الْمَاءِ وَبَحْرَ الْعَسَلِ وَبَحْرَ اللَّبَنِ وَبَحْرَ الْخَمْرِ ثُمَّ تُشَقَّقُ الْاَنْهَارُ بَعْدُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَحَكِيْمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ هُوَ وَالِدُ بَهْزٍ.

پانی، شہد، دودھ اور شراب کے سمندر ہیں پھر ان میں سے نہریں نکل رہی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حکیم بن معاویہ بہز کے والد ہیں۔

۴۶۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ مِنَ النَّارِ هٰكَذَا رَوٰى يُوْنُسُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَقَدْ رُوِىَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَوْلُهُ.

۴۶۰: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے جنت مانگی۔ جنت اس کے لیے دعا کرنے لگتی ہے کہ اے اللہ اسے جنت میں داخل کر دے اور جو شخص تین مرتبہ دوزخ سے پناہ مانگے۔ دوزخ اس کے لیے دعا کرتی ہے کہ اے اللہ اسے دوزخ سے پناہ دے۔ یہ حدیث یونس نے بھی ابواسحٰق سے اسی طرح نقل کی ہے۔ وہ انسؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں جبکہ ابواسحٰق سے برید بن ابی مریم کے حوالے سے حضرت انسؓ ہی کا قول منقول ہے۔

۴۶۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ زَاذَانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ عَلٰى كُثُبَانِ الْمِسْكِ اُرَاهُ قَالَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَغْبِطُهُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ رَجُلٌ يُنَادِيْ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَرَجُلٌ يَؤُمُّ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ رَاضُوْنَ وَعَبْدٌ اَدّٰى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَبُو الْيَقْظَانِ اِسْمُهٗ عُثْمَانُ بْنُ عُمَيْرٍ وَيُقَالُ ابْنُ قَيْسٍ.

۴۶۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین آدمی مشک کے ٹیلوں پر ہوں گے۔ (راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ آپؐ نے قیامت کے دن کا بھی تذکرہ کیا) ان پر پہلے اور بعد والے سب رشک کر رہے ہوں گے (۱) موذن جو پانچوں نمازوں کے لیے اذان دیتا ہے۔ (۲) امام جس سے اس کے مقتدی راضی ہوں (۳) ایسا غلام جو اللہ کا حق بھی ادا کرے اور اپنے مالکوں کا بھی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف سفیان ثوری کی روایت سے جانتے ہیں۔ ابویقظان کا نام عثمان بن عمیر ہے۔ انہیں ابن قیس بھی کہا جاتا ہے۔

۴۶۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يَرْفَعُهٗ قَالَ ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ رَجُلٌ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ يَتْلُوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ صَدَقَةً بِيَمِيْنِهٖ يُخْفِيْهَا قَالَ اُرَاهُ عَنْ شِمَالِهٖ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَانْهَزَمَ اَصْحَابُهٗ فَاسْتَقْبَلَ

۴۶۲: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تین آدمیوں سے محبت رکھتا ہے۔ (۱) جو شخص رات کو کھڑا ہو کر اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھے۔ (۲) ایسا شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے چھپا کر صدقہ وخیرات کرتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے (کہ یہ بھی فرمایا کہ) اور بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہیں ہوتی۔ (۳) وہ شخص جس نے اپنے لشکر

الْعَدُوَّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَالصَّحِيْحُ مَارَوٰى شُعْبَةُ وَغَيْرُهُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ظَبْيَانَ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ كَثِيْرُ الْغَلَطِ.

کے ساتھیوں کے شکست کھانے کے بعد دشمن کا اکیلے مقابلہ کیا۔ یہ حدیث غریب ہے اور اس سند سے غیر محفوظ ہے۔ صحیح روایت وہ ہے جو شعبہ وغیرہ منصور سے وہ ربعی بن خراش سے وہ زید بن ظبیان سے وہ ابوذر سے اور وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ ابوبکر بن عیاش بہت غلطیاں کرتے ہیں۔

۴۶۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَدِّهٖ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْفُرَاتُ يَحْسِرُ عَنْ كَنْزٍ مِنَ الذَّهَبِ فَمَنْ حَضَرَهٗ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۴۶۳: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب دریائے فرات ایک سونے کے خزانے کو منکشف کرے گا۔ تم میں سے جو اس وقت موجود ہو وہ اس میں سے کچھ نہ لے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۶۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ يَحْسِرُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۶۴: ابوسعید اشج، عقبہ بن خالد سے وہ عبیداللہ بن عمر سے وہ ابوزناد سے وہ اعرج سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ البتہ اس میں یہ ہے کہ عنقریب دریائے فرات سے ایک سونے کا پہاڑ ظاہر ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

۴۶۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرِ ابْنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ظَبْيَانَ رَفَعَهٗ اِلٰى اَبِىْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ فَاَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ فَرَجُلٌ اَتٰى قَوْمًا فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ وَلَمْ يَسْاَلْهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهُمْ فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْقَابِهِمْ فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهٖ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِىْ اَعْطَاهُ وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهٖ فَوَضَعُوْا رُءُوْسَهُمْ فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِىْ وَيَتْلُوْا اٰيَاتِىْ وَرَجُلٌ كَانَ فِىْ سَرِيَّةٍ فَلَقِىَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوْا فَاَقْبَلَ بِصَدْرِهٖ حَتّٰى يُقْتَلَ اَوْيُفْتَحَ لَهٗ وَالثَّلَاثَةُ الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ الشَّيْخُ الزَّانِىْ وَالْفَقِيْرُ

۴۶۵: حضرت ابوذرؓ نبی اکرم ﷺ کا قول نقل کرتے ہیں کہ تین شخصوں سے اللہ رب العزت محبت اور تین سے بغض رکھتے ہیں۔ جن سے محبت کرتے ہیں ان میں سے ایک شخص وہ ہے جو کسی قوم کے پاس آیا اور ان سے خدا کے لیے کچھ مانگتا ہے۔ نہ کہ قرابتداری کے لیے جو اس شخص اور اس قوم کے درمیان ہوتی ہے لیکن وہ لوگ اسے کچھ نہیں دیتے۔ پھر انہی میں سے کوئی شخص الگ جا کر اسے اس طریقے سے دیتا ہے کہ اللہ اور اس سائل کے علاوہ اسے کوئی شخص نہیں جانتا۔ وہ دینے والا شخص اللہ کے نزدیک محبوب ہے۔ دوسرا وہ شخص جو کسی جماعت کے ساتھ رات کو چلتا ہے یہاں تک کہ انہیں نیند کے مقابلے کی تمام چیزوں میں نیند پیاری ہو جاتی ہے اور وہ لوگ سر رکھ کر سو جاتے ہیں لیکن وہ شخص کھڑا ہو کر اللہ کے حضور گڑگڑاتا ہے۔ اور اس کی کتاب (قرآن) کی آیات کی تلاوت کرنے لگتا ہے۔ تیسرا وہ

الْمُخْتَالُ وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ عَنْ شُعْبَةَ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهٰذَا وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ بَكْرِبْنِ عَيَّاشٍ۔

شخص جو کسی لشکر میں ہوتا ہے اور اس لشکر کو دشمن کے مقابلے میں شکست ہو جاتی ہے لیکن وہ شخص سینہ سپر ہو کر دشمن کا مقابلہ کرتا ہے۔تا کہ یا تو قتل ہو جائے یا پھر فتح کر کے لوٹے (یہ تھے وہ تین جن سے اللہ محبت کرتا ہے) اب ان تین کا تذکرہ آتا ہے جن سے اللہ نفرت کرتا ہے وہ یہ ہیں۔بوڑھا زانی، متکبر فقیر اور ظالم غنی۔محمود بن غیلان، نضر بن شمیل سے اور وہ شعبہ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔شیبان بھی منصور سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔یہ ابو بکر بن عیاش کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب : ''جنت'' کے معنی ہیں باغ، بہشت اصل میں ڈھانپنے کے معنی میں آتا ہے بہشت کو جنت اسی اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ وہاں گھنے درخت اور باغات ہیں جو ہر چیز کو اپنے دامن میں چھپائے ہوئے ہیں جنت کی ہر چیز بہت ہی عمدہ ہے جس کی ایک اینٹ چاندی کی اور ایک اینٹ سونے کے گارا' نہایت خوشبودار مشک کی۔اس کی مٹی زعفران اور کنکر موتی اور یاقوت کے ہوں گے اس کی دوسری چیزیں کتنی عمدہ ہوں گی۔حاصل یہ کہ وہاں کے جو اولیٰ مناظر ہوں گے اور وہاں نظر افروز شکلیں اور صورتیں دکھائی دیں گی ان جیسے مناظر اور صورتیں اس دنیا میں نہ دیکھی گئی نہ کبھی دیکھی جا سکتی ہیں۔اسی طرح وہاں کی آوازوں میں جو مٹھاس نغمگی اور دلکشی ہوگی ایسی میٹھی، نغمہ ریز اور دلکش آوازیں اس دنیا میں آج تک نہ کسی کان نے سنی ہیں اور نہ کبھی سنی جا سکتی ہیں اور ایسی ہی وہاں جو خاطر مدارت' جو نعمتیں اور لذتیں حاصل ہوں گی ان کا تصور بھی اس دنیا میں آج تک کسی انسان کے دل میں نہیں آیا اور نہ کبھی اس کا تصور کیا جا سکتا ہے۔جنت کی نعمتوں کے بارہ میں احادیث بہت واضح ہیں جنتی مرد و عورتیں چودھویں رات کے چاند کی طرح خوبصورت ہوں گے اور کچھ ستاروں کی سی چمک والے ہوں گے نہ غم نہ فکر غیر محدود زندگی خوشی و مسرت کے ساتھ رہیں گے اللہ تعالیٰ کا دیدار بھی ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنی رضا کا پروانہ بھی عطا کریں گے۔اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسّی اس امت کی اور چالیس باقی امتوں کی ہوں گی یعنی سب سے زیادہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی جنت میں جائیں گے۔

اَبْوَابُ صِفَةِ جَهَنَّمَ
عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جہنم کے متعلق
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کے ابواب

۱۸۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ النَّارِ

۴۶۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ نَا اَبِيْ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ خَالِدِ الْكَاهِلِيِّ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لَهَا سَبْعُوْنَ اَلْفَ زِمَامٍ مَعَ كُلِّ زِمَامٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَجُرُّوْنَهَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالثَّوْرِيُّ لَا يَرْفَعُهُ.

۴۶۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَرَ وَ اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ خَالِدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۴۶۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ عَيْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ يَنْطِقُ يَقُوْلُ اِنِّيْ وُكِّلْتُ بِثَلَاثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَبِكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَبِالْمُصَوِّرِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۸۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِي صِفَةِ قَعْرِ جَهَنَّمَ

۴۶۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ عَلٰى مِنْبَرِنَا هٰذَا

۱۸۸: باب جہنم کے متعلق

۴۶۶: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن جہنم کو اس طرح لایا جائے گا کہ اس کی ستر ہزار لگامیں ہوں گی اور ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے جو اس کو کھینچ رہے ہوں گے ۔عبداللہ بن عبدالرحمٰن اور ثوری کہتے ہیں کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اسے مرفوع نہیں کرتے۔

۴۶۷: عبدالرحمٰن بن حمید، عبدالملک اور ابو عامر عقدی سے وہ سفیان سے اور وہ علاء سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں یہ بھی مرفوع نہیں۔

۴۶۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن جہنم سے ایک گردن نکلے گی جس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے وہ دیکھے گی دو کان ہوں گے جن سے وہ سنے گی اور زبان ہوگی جس سے وہ بات کرے گی۔ وہ کہے گی مجھے تین آدمیوں کو نگلنے کا حکم دیا گیا ہے۔(۱) سرکش ظالم (۲) مشرک (۳) تصویریں بنانے والا (مصور) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۹: باب جہنم کی گہرائی کے متعلق

۴۶۹: حضرت حسن کہتے ہیں کہ عتبہ بن غزوان نے ہمارے اس منبر یعنی بصرہ کے منبر پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کی کہ آپؐ نے فرمایا: اگر جہنم کے کنارے سے ایک بڑا پتھر

مِنبَرِ الْبَصْرَةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الصَّخْرَةَ الْعَظِيْمَةَ لَتُلْقٰى مِنْ شَفِيْرِ جَهَنَّمَ فَتَهْوِىْ فِيْمَا سَبْعِيْنَ عَامًا مَا تُفْضِىْ اِلٰى قَرَارِهَا قَالَ وَكَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ اَكْثِرُوْا ذِكْرَ النَّارِ فَاِنَّ حَرَّهَا شَدِيْدٌ وَاِنَّ قَعْرَهَا بَعِيْدٌ وَاِنَّ مَقَامِعَهَا حَدِيْدٌ لَا نَعْرِفُ لِلْحَسَنِ سَمَاعًا عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ وَاِنَّمَا قَدِمَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ الْبَصْرَةَ فِىْ زَمَنِ عُمَرَ وَوُلِدَ الْحَسَنُ لِسَنَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ.

پھینکا جائے اور ستر برس تک نیچے گرتا رہے تب بھی وہ اس کی گہرائی تک نہیں پہنچے گا۔ پھر عقبہ نے حضرت عمرؓ کا قول نقل کیا کہ جہنم کو بکثرت یاد کرو اس لیے کہ اس کی گرمی بہت شدید، اس کی گہرائی انتہائی بعید اور اس کے کوڑے حدید (لوہے) کے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہمیں علم نہیں کہ حسن نے عتبہ بن غزوان سے کوئی حدیث سنی ہو کیونکہ وہ بصرہ، حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں آئے تھے اور حسن، حضرت عمرؓ کی خلافت ختم ہونے سے صرف دو سال پہلے پیدا ہوئے۔

۴۷۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حَسَنُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِى الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّعُوْدُ جَبَلٌ مِنْ نَارٍ يَتَصَعَّدُ فِيْهِ الْكَافِرُ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا وَيَهْوِىْ فِيْهِ كَذٰلِكَ اَبَدًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ.

۴۷۰: حضرت ابو سعیدؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: جہنم میں ایک آگ کا پہاڑ ہے جس کا نام صعود ہے۔ کافر اس پر ستر سال میں چڑھے گا اور پھر اتنی ہی مدت میں گرتا رہے گا۔ اور ہمیشہ اسی عذاب میں رہے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابن لہیعہ کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔

۱۹۰: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ عِظَمِ اَهْلِ النَّارِ

۱۹۰: باب اس بارے میں کہ اہل جہنم کے اعضاء بڑے بڑے ہونگے

۴۷۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ ثَنِىْ جَدِّىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ وَصَالِحٌ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضِرْسُ الْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِثْلُ اُحُدٍ وَفَخِذُهُ مِثْلُ الْبَيْضَاءِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ مَسِيْرَةَ ثَلَاثٍ مِثْلُ الرَّبَذَةِ قَوْلُهُ مِثْلُ الرَّبَذَةِ يَعْنِىْ بِهِ كَمَا بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَالرَّبَذَةِ وَالْبَيْضَاءُ جَبَلٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۴۷۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن کافر کی داڑھ احد پہاڑ کی طرح، اس کی ران بیضاء پہاڑ کی طرح اور اس کے بیٹھنے کی جگہ تین دن تک کی مسافت ہوگی "مِثْلُ الرَّبَذَةِ" یعنی مدینہ اور ربذہ کے درمیان کے فاصلے کے برابر ہے جبکہ بیضاء ایک پہاڑ کا نام ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۷۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُصْعَبُ ابْنُ الْمِقْدَامِ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ قَالَ ضِرْسُ الْكَافِرِ مِثْلُ اُحُدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاَبُوْ حَازِمٍ هُوَ الْاَشْجَعِيُّ اِسْمُهُ سَلْمَانُ مَوْلٰى عَزَّةَ الْاَشْجَعِيَّةِ.

۴۷۲: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافر کی داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی۔ یہ حدیث حسن ہے اور ابو حازم، اشجعی ہیں ان کا نام سلمان ہے اور یہ عزہ اشجعیہ کے مولیٰ ہیں۔

۴۷۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ يَزِيْدَ

۴۷۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

عَنْ اَبِی الْمَخَارِقِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْکَافِرَ لَیَسْحَبُ لِسَانَهُ الْفَرْسَخَ وَالْفَرْسَخَیْنِ یَتَوَطَّأُهُ النَّاسُ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ الْفَضْلُ بْنُ یَزِیْدَ کُوْفِیٌّ قَدْرَوٰی عَنْهُ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَاَبُو الْمَخَارِقِ لَیْسَ بِمَعْرُوْفٍ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اپنی زبان کو ایک یا دو فرسخ تک گھسیٹے گا لوگ اسے (اپنے پاؤں تلے) روندیں گے۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ فضل بن یزید کوفی سے کئی ائمہ احادیث نقل کرتے ہیں اور ابو مخارق غیر مشہور ہیں۔

۴۷۴: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ ابْنُ مُوْسٰی نَا شَیْبَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ غِلَظَ جِلْدِ الْکَافِرِ اِثْنَتَانِ وَاَرْبَعُوْنَ ذِرَاعًا وَاَنَّ ضِرْسَهُ مِثْلُ اُحُدٍ وَاَنَّ مَجْلِسَهُ مِنْ جَهَنَّمَ کَمَا بَیْنَ مَکَّةَ وَالْمَدِیْنَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ الْاَعْمَشِ.

۴۷۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کافر کی کھال کی موٹائی بیالیس گز ہے۔ اس کی داڑھ احد (پہاڑ) کے برابر اور اس کے بیٹھنے کی جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیان فاصلے جتنی ہے۔ یہ حدیث اعمش کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۹۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ شَرَابِ اَهْلِ النَّارِ

۱۹۱: باب دوزخیوں کے مشروبات کے متعلق

۴۷۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا رِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِی الْهَیْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ کَالْمُهْلِ قَالَ کَعَکَرِ الزَّیْتِ فَاِذَا قَرَّبَهُ اِلٰی وَجْهِهٖ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهٖ فِیْهِ هٰذَا حَدِیْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ رِشْدِیْنِ بْنِ سَعْدٍ وَرِشْدِیْنُ قَدْ تُکُلِّمَ فِیْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۴۷۵: حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "کَالْمُهْلِ" کی تفسیر میں فرمایا کہ وہ تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگی اور جب دوزخی (اسے پینے کے لیے) منہ کے قریب لے جائے گا تو اس کے منہ کی کھال اس میں گر پڑے گی۔ اس حدیث کو ہم صرف رشدین بن سعد کی روایت سے جانتے ہیں اور ان کے حافظے پر اعتراض کیا گیا ہے۔

۴۷۶: حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَکِ نَا سَعِیْدُ بْنُ یَزِیْدَ عَنْ اَبِی السَّمْحِ عَنْ اَبِیْ حُجَیْرَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْحَمِیْمَ لَیُصَبُّ عَلٰی رُؤُسِهِمْ فَیَنْفُذُ الْحَمِیْمُ حَتّٰی یَخْلُصَ اِلٰی جَوْفِهٖ فَیَسْلِتُ مَافِیْ جَوْفِهٖ حَتّٰی یَمْرُقَ مِنْ قَدَمَیْهِ وَهُوَ الصَّهْرُ ثُمَّ یُعَادُ کَمَا کَانَ وَابْنُ حُجَیْرَةَ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُجَیْرَةَ الْمِصْرِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ.

۴۷۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گرم پانی ان (دوزخیوں) کے سر پر ڈالا جائے گا تو وہ سرایت کرتے کرتے ان کے پیٹ تک پہنچ جائے گا اور جو کچھ پیٹ میں ہوگا اسے کاٹ کر قدموں سے نکل جائے گا اور یہی "اَلصَّهْرُ" (گل جانا) ہے اور پھر وہ ویسے ہی ہو جائے گا جیسے پہلے تھا۔ ابن حجیرہ کا نام عبدالرحمٰن بن حجیرہ مصری ہے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۴۷۷: حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ نَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ

۴۷۷: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "وَیُسْقٰی ......" (ترجمہ۔ اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا جسے وہ (یعنی جہنمی) گھونٹ گھونٹ پیئے گا) کے

وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ يَّتَجَرَّعُهُ قَالَ يُقَرَّبُ اِلٰى فِيْهِ فَيَكْرَهُهُ فَاِذَا اُدْنِيَ مِنْهُ شَوٰى وَجْهَهُ وَوَقَعَتْ فَرْوَةُ رَأْسِهِ فَاِذَا شَرِبَهُ قَطَّعَ اَمْعَاءَهُ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ دُبُرِهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى (وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَ هُمْ وَيَقُوْلُ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَآءَ تْ مُرْتَفَقًا) هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ هٰكَذَا قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُسْرٍ وَلَا يُعْرَفُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ اِلَّا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَدْ رَوٰى صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَهٰذَا الْحَدِيْثِ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ بُسْرٍ لَهُ اَخٌ قَدْ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُخْتُهُ قَدْ سَمِعَتْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ الَّذِيْ رَوٰى عَنْهُ صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو حَدِيْثَ اَبِيْ اُمَامَةَ لَعَلَّهُ اَنْ يَكُوْنَ اَخَاعَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ.

بارے میں فرمایا جب اسے اس کے منہ کے نزدیک کیا جائے گا تو وہ اسے ناپسند کرے گا۔ جب اور قریب کیا جائے گا تو اس کا منہ اس سے بھُن جائیگا اور اس کے سر کی کھال اس میں گر پڑے گی اور جب وہ اسے پئے گا تو اس کی آنتیں کٹ کر دُبر سے نکل جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "وَسُقُوْا......" انہیں (یعنی جہنمیوں کو) گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں کاٹ دے گا۔ پھر فرمایا "وَيَقُوْلُ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا ......" یعنی اگر وہ لوگ فریاد کریں گے تو انہیں تیل کی تلچھٹ کی مانند پانی دیا جائے گا جو ان کے چہروں کو بھون دے گا۔ کتنی بری ہے یہ پینے کی چیز اور کتنی بری یہ رہنے کی جگہ ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ امام بخاریؒ بھی عبید اللہ بن بسرؓ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں اور عبیداللہ بن بسر صرف اسی حدیث کے ساتھ مشہور ہیں۔ صفوان بن عمرو نے عبداللہ بن بسرؓ سے اس کے علاوہ بھی کئی احادیث نقل کی ہیں۔ عبداللہ بن بسرؓ کے ایک بھائی اور ایک بہن کو بھی نبی اکرم ﷺ سے سماع حاصل ہے۔ اور عبیداللہ بن بسرؓ جن سے صفوان بن عمرو نے ابوامامہ کی روایت بیان کی شاید وہ عبداللہ بسر کے بھائی ہیں۔

۴۷۸: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَالْمُهْلِ قَالَ كَعَكَرِ الزَّيْتِ فَاِذَا قُرِّبَ اِلَيْهِ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ فِيْهِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَسُرَادِقُ النَّارِ اَرْبَعَةُ جُدُرٍ كِثَفُ كُلِّ جِدَارٍ مَسِيْرَةَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْاَنَّ دَلْوًا مِنْ غَسَّاقٍ يُهْرَاقُ فِي الدُّنْيَا لَاَنْتَنَ اَهْلُ الدُّنْيَا هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بْنِ سَعْدٍ وَفِيْ رِشْدِيْنَ بْنِ سَعْدٍ مَقَالٌ.

۴۷۸: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "كَالْمُهْلِ" کی تفسیر میں فرمایا کہ یہ تیل کی تلچھٹ کی طرح ہے۔ جب وہ دوزخی کے قریب کی جائے گی تو اس کے چہرے کی کھال اس میں گر پڑے گی۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "لَسُرَادِقُ النَّارِ" (دوزخ کی) چار دیواریں ہیں اور ہر دیوار کی موٹائی چالیس سال کی مسافت ہے۔ اسی سند سے منقول ہے کہ اگر جہنمیوں کی پیپ کا ایک ڈول دنیا میں بہایا جائے تو پورے اہل دنیا سڑ جائیں۔ اس حدیث کو ہم صرف رشدین بن سعد کی روایت سے جانتے ہیں اور وہ ضعیف ہیں۔

۴۷۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ نَا شُعْبَةُ

۴۷۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ قَطْرَةً مِنَ الزَّقُّوْمِ قُطِرَتْ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا لَا فْسَدَتْ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا مَعَايِشَهُمْ فَكَيْفَ بِمَنْ يَكُوْنُ طَعَامُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) ''اللہ تعالیٰ سے ایسا ڈرو جیسا ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں حالت اسلام میں ہی موت آئے'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر زقوم[1] کا ایک قطرہ بھی دنیا میں ٹپکا دیا جائے تو دنیا والوں کے لیے ان کی زندگی برباد کر دے تو پھر ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جن کی غذا ہی یہی ہوگی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ طَعَامِ اَهْلِ النَّارِ

۱۹۲: باب دوزخیوں کے کھانے کے متعلق

۴۸۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ نَا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِبْنِ عَطِيَّةَ عَنْ شَهْرِبْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلْقٰى عَلٰى اَهْلِ النَّارِ الْجُوْعُ فَيَعْدِلُ مَاهُمْ فِيْهِ مِنَ الْعَذَابِ فَيَسْتَغِيْثُوْنَ فَيُغَاثُوْنَ بِطَعَامٍ مِنْ ضَرِيْعٍ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ فَيَسْتَغِيْثُوْنَ بِالطَّعَامِ فَيُغَاثُوْنَ بِطَعَامٍ ذِيْ غُصَّةٍ فَيَذْكُرُوْنَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُجِيْزُوْنَ الْغُصَصَ فِي الدُّنْيَا بِالشَّرَابِ فَيَسْتَغِيْثُوْنَ بِالشَّرَابِ فَيُدْفَعُ اِلَيْهِمُ الْحَمِيْمَ بِكَلَالِيْبِ الْحَدِيْدِ فَاِذَادَنَتْ مِنْ وُجُوْهِهِمْ شَوَتْ وُجُوْهَهُمْ فَاِذَا دَخَلَتْ بُطُوْنَهُمْ قَطَّعَتْ مَافِيْ بُطُوْنِهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ ادْعُوْا خَزَنَةَ جَهَنَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوْا بَلٰى قَالُوْا فَادْعُوْا وَمَادُعَآءُ الْكَافِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلَالٍ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ فَيُجِيْبُهُمْ اِنَّكُمْ مَا كِثُوْنَ قَالَ الْاَعْمَشُ نُبِّئْتُ اَنَّ بَيْنَ دُعَائِهِمْ وَبَيْنَ اِجَابَةِ مَالِكٍ اِيَّاهُمْ اَلْفَ عَامٍ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ فَلَا اَحَدَ خَيْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ

۴۸۰: حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دوزخیوں کو بھوک میں مبتلا کر دیا جائے گا یہاں تک کہ دوسرا عذاب اور بھوک برابر ہو جائیں گے۔ تو وہ لوگ فریاد کریں گے۔ چنانچہ انہیں ضریع (کانٹے دار نباتات) کھانے کے لیے دیا جائے گا جو نہ موٹا کرے گا اور نہ ہی بھوک کو ختم کرے گا۔ وہ دوبارہ کھانے کے لیے کچھ مانگیں گے تو انہیں ایسا کھانا دیا جائے گا جو گلے میں اٹکنے والا ہوگا۔ وہ لوگ یاد کریں گے کہ دنیا میں اٹکے ہوئے نوالے پر پانی پیا کرتے تھے اور پانی مانگیں گے تو لوہے کے کانٹوں کے ساتھ گرم پانی ان کی طرف پھینکا جائے گا۔ جب وہ ان کے منہ کے قریب کیا جائے گا تو وہ انہیں بھون دے گا اور جب پیٹ میں داخل ہوگا تو سب کچھ کاٹ کر رکھ دے گا۔ وہ کہیں گے کہ جہنم کے دربانوں کو بلاؤ۔ وہ جواب دیں گے کہ کیا تمہارے پاس رسول نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں۔ دربان کہیں گے: تو پھر پکارو اور کافروں کی پکار صرف گمراہی میں ہے نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر وہ کہیں گے کہ مالک (داروغہ جہنم) کو پکارو۔ پھر وہ پکاریں گے اے مالک! تمہارے رب کو چاہئے کہ ہمارا فیصلہ کر دے۔ مالک ان کو جواب دے گا کہ تمہارا فیصلہ ہو چکا ہے۔ اعمش کہتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی کہ ان کی پکار اور مالک کے جواب کے درمیان ایک ہزار

---

[1] زقوم: ایک درخت ہے جس کی جڑ دوزخ کی گہرائی میں ہے۔ یہ سخت کڑوا ہے۔ دوزخیوں کو کھلایا جائے گا۔ اردو میں اس کو ''تھوہر'' کہہ سکتے ہیں جس کا دودھ نہایت کڑوا اور زہریلا ہوتا ہے۔ (مترجم)

رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظَالِمُوْنَ قَالَ فَيُجِيْبُهُمْ اِخْسَؤُا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ قَالَ فَعِنْدَ ذٰلِکَ يَئِسُوْا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ وَ عِنْدَ ذٰلِکَ يَاْخُذُوْنَ فِي الزَّفِيْرِ وَ الْحَسْرَةِ وَالْوَيْلِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالنَّاسُ لَا يَرْفَعُوْنَ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالَ اِنَّمَا رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَوْلُهٗ وَلَيْسَ بِمَرْفُوْعٍ وَقُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ هُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

سال کی مدت ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ پھر وہ لوگ کہیں گے کہ اپنے رب کو بلاؤ اس لیے کہ اس سے بہتر کوئی نہیں۔ پس وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہم پر ہماری بدقسمتی غالب آ گئی اور ہم گمراہ ہوگئے۔ اے ہمارے رب ہمیں اس سے نجات دے۔ اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو بے شک ظالم ہوں گے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان کو جواب دے گا دور ہوجاؤ اور اسی میں ذلت کے ساتھ رہو اور مجھ سے بات مت کرو۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ اس وقت وہ ہر بھلائی سے ناامید ہوجائیں گے۔ چیخیں گے اور حسرت وافسوس کریں گے عبداللہ بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ لوگوں نے اس حدیث کو مرفوع نہیں بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اعمش سے بواسطہ شمر بن عطیہ، شہر بن حوشب اور اُم درداءؓ، حضرت ابودرداء کا قول منقول ہے اور مرفوع نہیں ہے۔ قطبہ بن عبدالعزیز محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔

۴۸۱: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ اَبِيْ شُجَاعٍ عَنْ اَبِي السَّمْحِ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ (وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ) قَالَ تَشْوِيْهِ النَّارُ فَتَقَلَّصُ شَفَتُهُ الْعُلْيَا حَتّٰى تَبْلُغَ وَسْطَ رَاْسِهٖ وَتَسْتَرْخِيْ شَفَتُهُ السُّفْلٰى حَتّٰى تَضْرِبَ سُرَّتَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَاَبُو الْهَيْثَمِ اِسْمُهٗ سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْعُتْوَارِيُّ وَكَانَ يَتِيْمًا فِيْ حُجْرِ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

۴۸۱: حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ" یعنی وہ اس میں بدشکل اور ترش رو ہوں گے کا مطلب یہ ہے کہ آگ ان کے چہروں کو بھون دے گی اور اوپر والا ہونٹ سکڑ کر سر کے درمیان تک پہنچ جائے گا اور نیچے والا ہونٹ لٹک کر ناف کے ساتھ لگنے لگے گا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ابوہیثم کا نام سلیمان بن عمرو بن عبدالعتواری ہے۔ یہ یتیم تھے ان کی پرورش ابوسعید نے کی۔

۴۸۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا سَعِيْدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ اَبِي السَّمْحِ عَنْ عِيْسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْاَنَّ رَصَاصَةً مِثْلَ هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلٰى مِثْلِ الْجُمْجُمَةِ اُرْسِلَتْ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ وَهِيَ مَسِيْرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ لَبَلَغَتِ الْاَرْضَ قَبْلَ اللَّيْلِ وَلَوْاَنَّهَا اُرْسِلَتْ مِنْ رَاْسِ السِّلْسِلَةِ لَسَارَتْ اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ قَبْلَ اَنْ تَبْلُغَ اَصْلَهَا اَوْ

۴۸۲: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کھوپڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اگر اس جیسا سیسے کا گولہ آسمان سے زمین کی طرف پھینکا جائے اور یہ پانچ سو سال کی مسافت ہے تو ہورات سے پہلے زمین پر پہنچ جائے گا لیکن اگر اسے زنجیر کے ایک سرے سے (لٹکا کر) چھوڑا جائے تو اس کی (یعنی جہنم کی) گہرائی اور تہہ تک پہنچے تک چالیس سال چلتا رہے۔

قَعْرَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهُ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اس حدیث کی سند حسن صحیح ہے۔

۱۹۳ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ نَارَكُمْ هٰذِهٖ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ

۱۹۳: باب اس بارے میں کہ دنیا کی آگ دوزخ کی آگ کا ستّر واں (۷۰) حصہ ہے

۴۸۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِيْ يُوْقِدُ بَنُوْ آدَمَ جُزْءٌ وَاحِدٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْأً مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ قَالُوْا وَاللّٰهِ اِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاِنَّهَا فُضِّلَتْ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّيْنَ جُزْأً كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهَمَّامُ بْنُ مُنَبِّهٍ هُوَ اَخُوْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ وَهْبٌ.

۴۸۳: حضرت ابو ہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہا آپؐ نے فرمایا تمہاری یہ آگ جسے انسان جلاتے ہیں جہنم کی آگ کا ستر واں حصہ ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جلانے کے لیے تو یہی آگ کافی تھی۔ آپؐ نے فرمایا: وہ آگ اس سے انہتر درجے زیادہ گرم ہے اور ہر درجہ اس کی گرمی کے برابر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہمام بن منبہ، وہب بن منبہ کے بھائی ہیں ان سے وہب نے روایت کی ہے۔

۱۹۴ : بَابٌ

۱۹۴: باب اسی کے متعلق

۴۸۴: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ اَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَنَا شَيْبَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَارُكُمْ هٰذِهٖ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ لِكُلِّ جُزْءٍ مِنْهَا حَرُّهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

۴۸۴: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری یہ آگ دوزخ کی آگ کا ستر واں حصہ ہے اور ہر حصہ اتنا ہی گرم ہے جتنی تمہاری یہ آگ۔

یہ حدیث ابوسعید کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۴۸۵: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ نَا يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اُوْقِدَ عَلَى النَّارِ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى احْمَرَّتْ ثُمَّ اُوْقِدَ عَلَيْهَا اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى ابْيَضَّتْ ثُمَّ اُوْقِدَ عَلَيْهَا اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى اسْوَدَّتْ فَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ.

۴۸۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوزخ کی آگ ہزار سال بھڑکائی گئی یہاں تک کہ سرخ ہوگئی پھر ہزار سال بھڑکائی گئی یہاں تک کہ سفید ہوگئی پھر ہزار سال بھڑکائی گئی یہاں تک کہ سیاہ ہوگئی پس اب وہ سیاہ و تاریک ہے۔

۴۸۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ اَوْرَجُلٍ اٰخَرَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَحَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْ هٰذَا مَوْقُوْفٌ اَصَحُّ وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا رَفَعَهُ غَيْرَ يَحْيَى ابْنِ

۴۸۶: سوید بن نصر، عبداللہ سے وہ شریک سے وہ عاصم سے وہ ابوصالح یا کسی اور شخص سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں لیکن یہ موقوف ہے اور اس باب میں سب سے زیادہ صحیح ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ یحییٰ بن بکیر کے علاوہ بھی کسی

اَبِیْ بُکَیْرٍ عَنْ شَرِیْکٍ.

نے اسے مرفوع کیا ہو۔ وہ شریک سے روایت کرتے ہیں۔

۱۹۵: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَیْنِ وَمَا ذُکِرَ مَنْ یَّخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ اَھْلِ التَّوْحِیْدِ

۱۹۵: باب دوزخ کے لیے دو سانس اور اہل توحید کا اس سے نکالے جانے کے متعلق

۴۸۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِیْدِ الْکِنْدِیُّ الْکُوْفِیُّ نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِشْتَکَتِ النَّارُ اِلٰی رَبِّھَا وَقَالَتْ اَکَلَ بَعْضِیْ بَعْضًا فَجَعَلَ لَھَا نَفَسَیْنِ نَفَسًا فِی الشِّتَاءِ وَنَفَسًا فِی الصَّیْفِ فَاَمَّا نَفَسُھَا فِی الشِّتَاءِ فَزَمْھَرِیْرٌ وَاَمَّا نَفَسُھَا فِی الصَّیْفِ فَسَمُوْمٌ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ وَالْمُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ لَیْسَ عِنْدَ اَھْلِ الْحَدِیْثِ بِذَاکَ الْحَافِظُ.

۴۸۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخ نے اللہ تعالیٰ سے شکایت کی کہ میرے بعض اجزاء بعض کو کھا گئے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے اسے دو مرتبہ سانس لینے کی اجازت دے دی ایک مرتبہ سردیوں میں دوسری مرتبہ گرمی میں۔ چنانچہ سردی میں اس کا سانس سخت سردی کی شکل میں اور گرمی میں سخت لُو کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ مفضل بن صالح محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔

۴۸۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ ابْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ نَا شُعْبَۃُ وَھِشَامٌ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ ھِشَامٌ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ وَقَالَ شُعْبَۃُ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَکَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِنَ الْخَیْرِ مَایَزِنُ شَعِیْرَۃً اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَکَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِنَ الْخَیْرِ مَایَزِنُ بُرَّۃً اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَکَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مَا یَزِنُ ذَرَّۃً وَقَالَ شُعْبَۃُ مَا یَزِنُ ذُرَّۃً مُخَفَّفَۃً وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۴۸۸: حضرت انسؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہشام (راوی) نے کہا آگ سے نکالا جائیگا اور شعبہ کی روایت میں ہے آگ سے نکالو اس شخص کو جس نے لا اِلٰہ الا اللّٰہ کہا اور اس کے دل میں جَو کے دانے کے برابر بھی ایمان ہے۔ اسے بھی جہنم سے نکالو جس نے "لا اِلٰہ الا اللّٰہ" کہا اور اس کے دل میں گندم کے دانے کے برابر ایمان ہے۔ اسے بھی جہنم سے نکالو جس نے "لا الٰہ الا اللّٰہ" کہا اور اس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہے۔ شعبہ نے کہا اس کو بھی جس کے دل میں جَو کے برابر ایمان ہے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور عمران بن حصینؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ مُبَارَکِ بْنِ فُضَالَۃَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَکَرَنِیْ یَوْمًا اَوْخَافَنِیْ فِیْ مَقَامٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۴۸۹: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ ہر اس شخص کو دوزخ سے نکال دو جس نے مجھے ایک دن بھی یاد کیا ہو یا مجھ سے کسی مقام پر ڈرا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۹۰: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عُبَیْدَۃَ السَّلْمَانِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ

۴۹۰: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب

مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَ عْرِفُ اٰخِرَاَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنْهَا زَحْفًا فَيَقُوْلُ يَارَبِّ قَدْاَخَذَالنَّاسُ الْمَنَازِلَ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ اِنْطَلِقْ اِلَی الْجَنَّةِ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ فَيَذْهَبُ لِيَدْخُلَ فَيَجِدُ النَّاسَ قَدْ اَخَذُوا الْمَنَازِلَ فَيَرْجِعُ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ قَدْ اَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ اَتَذْكُرُالزَّمَانَ الَّذِیْ كُنْتَ فِيْهِ فَيَقُوْلُ نَعَمْ فَيُقَالُ لَهُ تَمَنَّ قَالَ فَيَتَمَنّٰی فَيُقَالُ لَهُ فَاِنَّ لَكَ الَّذِیْ تَمَنَّيْتَ وَعَشْرَةَ اَضْعَافِ الدُّنْيَا قَالَ فَيَقُوْلُ اَتَسْخَرُبِیْ وَاَنْتَ الْمَلِكُ قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سے آخر میں دوزخ سے نکلے گا۔ایک آدمی سرینوں کے بل گھٹتا ہوا نکلے گا اورعرض کرے گا اے رب: لوگ اپنے اپنے مقام پر پہنچ گئے ۔نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس سے کہا جائے گا جنت کی طرف جا اور اس میں داخل ہو جا۔آپؐ نے فرمایا وہ جنت میں داخل ہونے جائے گا تو دیکھے گا کہ لوگوں نے اپنی اپنی جگہ پر قبضہ کرلیا ہے واپس آ کر کہے گا اے میرے پروردگار لوگ اپنے اپنے مقام پر قابض ہو چکے ہیں۔اسے کہا جائیگا کیا تجھے وہ وقت یاد ہے جس میں تو تھا۔وہ کہے گا ''ہاں'' کہا جائیگا کہ پھر اپنی تمنا بیان کر۔وہ تمنا کرے گا تو اس سے کہا جائے گا کہ تجھے وہ بھی دیا جائے گا جس چیز کی تو نے تمنا کی ہے اور (اس کے ساتھ) دنیا کا دس گنا اور دیا جائے گا۔وہ عرض کرے گا اے اللہ: کیا تو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تو بادشاہ ہے۔راوی کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ ہنس پڑے یہاں تک کہ آپؐ کے نواجذ (آخری دانت) ظاہر ہو گئے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۹۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمَعْرُوْرِابْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَعْرِفُ اٰخِرَاَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ وَاٰخِرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلاً الْجَنَّةَ يُؤْتٰی بِرَجُلٍ فَيَقُوْلُ سَلُوْا عَنْ صِغَارِ ذُنُوْبِهٖ وَاَخْبَؤُا كِبَارَهَا فَيُقَالُ لَهُ عَمِلْتَ كَذَاوَ كَذَا يَوْمَ كَذَاوَ كَذَا وَعَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا فِیْ يَوْمِ كَذَاوَ كَذَا قَالَ فَيُقَالُ لَهُ فَاِنَّ لَكَ مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ حَسَنَةً قَالَ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ لَقَدْ عَمِلْتُ اَشْيَاءَ مَا اَرَاهَا هٰهُنَا قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۹۱: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں اس آدمی کو جانتا ہوں جو جہنم سے نکلنے اور جنت میں داخل ہونے والوں میں سب سے آخری ہوگا۔ایک آدمی لایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اس کے بڑے گناہوں کو چھپا کر اس کے چھوٹے گناہوں کے متعلق پوچھو۔اس سے کہا جائے گا کہ تم نے فلاں دن اس طرح کیا تھا۔آپؐ نے فرمایا پھر اس سے کہا جائے تیرے تمام گناہ نیکیوں سے بدل دیئے گئے۔وہ کہے گا اے میرے پروردگار میں نے اور بھی بہت سے گناہ کیے تھے جو یہاں نہیں ہیں۔راوی کہتے ہیں پھر میں نے آنحضرت ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ ہنس رہے ہیں۔یہاں تک کہ آپ ﷺ کے آخری دانت ظاہر ہو گئے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۹۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَذَّبُ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ التَّوْحِيْدِ فِی النَّارِ

۴۹۲: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اہل توحید میں سے کچھ لوگوں کو دوزخ میں عذاب دیا جائیگا۔یہاں تک کہ وہ کوئلہ کی طرح ہو جائیں گے۔پھر

حَتّٰی یَکُوْنُوْا فِیْهَا حُمَمًا ثُمَّ تُدْرِکُهُمُ الرَّحْمَةُ فَیُخْرَجُوْنَ وَیُطْرَحُوْنَ عَلٰی اَبْوَابِ الْجَنَّةِ قَالَ فَیَرُشُّ عَلَیْهِمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْمَاءَ فَیَنْبُتُوْنَ کَمَا یَنْبُتُ الْغُثَاءُ فِیْ حُمَالَةِ السَّیْلِ ثُمَّ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ.

رحمت الٰہی ان کا تدارک کرے گی اور انہیں دوزخ سے نکال کر جنت کے دروازوں پر کھڑا کر دیا جائے گا۔ پھر جنت کے لوگ ان پر پانی چھڑکیں گے جس سے وہ کوئی اس طرح اگنے لگیں گے جیسے کوئی دانہ بہنے والے پانی کے کنارے اگتا ہے اور پھر جنت میں داخل ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت جابرؓ سے منقول ہے۔

۴۹۳: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِیْبٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنَ الْاِیْمَانِ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَمَنْ شَکَّ فَلْیَقْرَأْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۴۹۳: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا دوزخ سے نکال دیا جائے گا۔ ابوسعید کہتے ہیں کہ جس کو شک ہو وہ یہ آیت پڑھے ''اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ'' (ترجمہ: اللہ تعالیٰ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۹۴: حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَکِ اَنَا رِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِی ابْنُ اَنْعُمٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ رَجُلَیْنِ مِمَّنْ دَخَلَا النَّارَ اِشْتَدَّ صِیَاحُهُمَا فَقَالَ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اَخْرِجُوْهُمَا فَلَمَّا اُخْرِجَا قَالَ لَهُمَا لِاَیِّ شَیْءٍ اِشْتَدَّ صِیَاحُکُمَا قَالَا فَعَلْنَا ذٰلِکَ لِتَرْحَمَنَا قَالَ رَحْمَتِیْ لَکُمَا اَنْ تَنْطَلِقَا فَتُلْقِیَا اَنْفُسَکُمَا حَیْثُ کُنْتُمَا مِنَ النَّارِ فَیَنْطَلِقَانِ فَیُلْقِیْ اَحَدُهُمَا نَفْسَهٗ فَیَجْعَلُهَا عَلَیْهِ بَرْدًا وَسَلَامًا وَیَقُوْمُ الْاٰخَرُ فَلَا یُلْقِیْ نَفْسَهٗ فَیَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی مَا مَنَعَکَ اَنْ تُلْقِیَ نَفْسَکَ کَمَا اَلْقٰی صَاحِبُکَ فَیَقُوْلُ یَارَبِّ اِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ لَّا تُعِیْدَنِیْ فِیْهَا بَعْدَمَا اَخْرَجْتَنِیْ فَیَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی لَکَ رَجَاءُکَ فَیَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ جَمِیْعًا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ اِسْنَادُ هٰذَا الْحَدِیْثِ ضَعِیْفٌ لِاَنَّهٗ عَنْ رِشْدِیْنَ بْنِ سَعْدٍ وَرِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ هُوَ ضَعِیْفٌ عِنْدَ اَهْلِ

۴۹۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دوزخیوں میں سے دو آدمی زور زور سے چلانے لگیں گے۔ اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ ان دونوں کو نکالو۔ انہیں نکالا جائے گا تو ان سے اللہ تعالیٰ پوچھے گا تم لوگ کیوں اتنا چیخ رہے تھے وہ کہیں گے کہ ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ تو ہم پر رحم فرمائے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری تم لوگوں پر رحمت یہی ہے کہ جاؤ اور دوبارہ خود کو دوزخ میں ڈال دو۔ وہ دونوں جائیں گے اور ایک اپنے آپ کو دوزخ میں ڈال دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر آگ کو سرد اور سلامتی والی بنا دے گا۔ دوسرا وہیں کھڑا رہے گا اور اپنے آپ کو جہنم میں نہیں ڈالے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تجھے کس چیز نے روکا کہ تو بھی اپنے آپ کو اسی طرح ڈالتا جس طرح تیرے ساتھی نے ڈالا۔ وہ کہے گا اے رب مجھے امید ہے کہ تو ایک مرتبہ دوزخ سے نکالنے کے بعد دوبارہ نہیں لوٹائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا۔ تیرے ساتھ تیری امید کے مطابق معاملہ ہوگا۔ پس دونوں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔ اس لیے کہ یہ رشدین بن سعد

الْحَدِيْثِ عَنْ ابْنِ اَنْعُمٍ وَهُوَ الْاِفْرِيْقِيُّ وَالْاِ فْرِيْقِيُّ ضَعِيْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ۔

سے مروی ہے اور رشدین بن سعد محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ رشدین بن سعد، ابن انعم افریقی سے روایت کرتے ہیں اور افریقی بھی محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔

۴۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ ذَكْوَانَ عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَخْرُجَنَّ قَوْمٌ مِنْ اُمَّتِيْ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِيْ يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ اِسْمُهٗ عِمْرَانُ ابْنُ تَيْمٍ وَيُقَالُ ابْنُ مِلْحَانَ۔

۴۹۵: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً میری شفاعت سے ایک قوم دوزخ سے نکلے گی۔ وہ جہنمی کہلاتے ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو رجاء عطاردی کا نام عمران بن تیم ہے۔ انہیں ابن ملحان بھی کہا جاتا ہے۔

۴۹۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَيَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ ضَعِيْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ۔

۴۹۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: میں نے جہنم کے مثل کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس سے بھاگنے والا سو جائے اور جنت کے برابر کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی کہ اس کا طلب گار سو جائے۔ اس حدیث کو ہم صرف یحییٰ بن عبید اللہ کی روایت سے جانتے ہیں اور یحییٰ بن عبید اللہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ شعبہ نے ان پر اعتراض کیا ہے۔

خلاصۃ الباب: مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن دوزخ کو لاکھوں فرشتے اس کی جگہ سے کھینچ کر محشر والوں کے سامنے لائیں گے اور ایسی جگہ رکھ دیں گے کہ وہ اہل محشر اور جنت کے درمیان حائل ہو جائے گی اور جنت تک جانے کیلئے اس پل صراط کے علاوہ کوئی راستہ نہ ہوگا جو دوزخ کی پیٹھ پر رکھا ہوگا دوزخ کی چوہتر ہزار باگیں ہوں گی اور ان کا مقصد یہ ہوگا کہ جب وہ لائی جائیں گی تو جہنمیوں پر اپنے غضب وغصہ کا اظہار کر رہی ہوگی اور چاہے گی کہ سب کو ہڑپ کر جائے۔ پس فرشتے اس کو اپنی باگوں کے ذریعہ روکیں گے اگر اس کی باگیں چھوڑ دی جائیں تو وہ مؤمن اور کافر سب کو چٹ کر جائے (۲) اس کی گہرائی بہت زیادہ اور اس کے پہاڑ ایسے ہیں کہ دوزخی اس پر ستر برس تک چڑھایا جائے گا اور ''ربذہ'' مدینہ کے قصبات میں سے ایک قصبہ تھا جو وہاں سے تین دن کی مسافت پر ذات عرق کے قریب واقع تھا ''جیسا کہ ربذہ ہے'' سے مراد یہ ہے کہ کافر دوزخی اپنی لمبی چوڑی جسامت کی وجہ سے اپنے بیٹھنے میں اتنی جگہ گھیرے گا جتنی کہ مدینہ کے درمیان فاصلہ کے برابر ہوگی۔ دراصل کافر دوزخیوں کو دیئے جانے والے عذاب میں فرق واختلاف کی بنیاد پر ہے کہ جو کافر سخت ترین عذاب کا مستحق ہوگا اس کی جسامت بھی اسی اعتبار سے لمبی چوڑی ہوگی اور اسی لحاظ سے اس کے بیٹھنے کی جگہ بھی زیادہ لمبی چوڑی ہوگی اور جو کافر نسبتاً ہلکے عذاب کا مستوجب ہوگا اس کی جسامت نسبتاً کم لمبی چوڑی ہوگی اس لحاظ سے بیٹھنے کی جگہ بھی کم لمبی چوڑی ہوگی اس پر کھال وغیرہ کی مقدار کے اختلاف کو بھی قیاس کیا جاسکتا ہے (۳) ایمان وتوحید بہت قیمتی چیز ہے اس کی بدولت نجات ملے گی ایمان کو بڑھانے اور کامل کرنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کرنی چاہئے اور ایمان اعمال صالحہ سے زیادہ ہوتا ہے۔

١٩٦ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ

٤٩٧: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ نَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَالطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَاَهْلِهَا النِّسَاءَ.

٤٩٨: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَ عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالُوْا نَا عَوْفٌ عَنْ اَبِي رَجَاءِ الْعُطَارِدِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَاَهْلِهَا النِّسَاءَ وَالطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَاَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا يَقُوْلُ عَوْفٌ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَ يَقُوْلُ اَيُّوبُ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ كِلَا الْاِسْنَادَيْنِ لَيْسَ فِيْهِمَا مَقَالٌ وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ اَبُوْ رَجَاءٍ سَمِعَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا وَقَدْرَوٰى غَيْرُ عَوْفٍ اَيْضًا هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ.

۱۹۶: باب اس بارے میں کہ جہنم میں عورتوں کی اکثریت ہوگی

۴۹۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جنت میں جھانکا تو اس میں غریبوں کو زیادہ دیکھا اور جب دوزخ میں دیکھا تو عورتوں کی اکثریت تھی۔

۴۹۸: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا تو وہاں عورتیں زیادہ تھیں اور جنت میں جھانکا' جنت میں فقراء کی اکثریت تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔عوف بھی ابورجاء سے وہ عمران بن حصین سے اور ایوب ابورجاء سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ دونوں سندیں صحیح ہیں۔ ممکن ہے کہ ابو رجاء نے دونوں سے سنا ہو۔عوف کے علاوہ اور راوی بھی یہ حدیث ابورجاء کے واسطہ سے عمران بن حصین سے نقل کرتے ہیں۔

١٩٧ : بَابُ

٤٩٩: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَهْوَنَ اَهْلِ النَّارِ عَذَابًا رَجُلٌ فِيْ اَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ يَغْلِي مِنْهُمَا دِمَاغُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَاَبِي سَعِيْدٍ.

۱۹۷: باب

۴۹۹: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخ میں کم تر عذاب یہ ہوگا کہ ایک شخص کے تلووں میں آگ کے دو انگارے ہوں گے جن سے اس کا دماغ کھولتا رہے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ،عباس بن عبدالمطلب اور ابوسعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۹۸ : بَابٌ

۵۰۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبِ الْخُزَاعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَ بَرَّهٗ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُتَكَبِّرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۹۸: باب

۵۰۰: حضرت حارثہ بن وہب خزاعیؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں؟ اہل جنت میں ہر ضعیف ہوگا جسے لوگ حقیر جانتے ہیں وہ اگر کسی چیز پر قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی قسم کو سچی کر دے گا۔ (پھر فرمایا) اور کیا میں تمہیں اہل دوزخ کے متعلق نہ بتاؤں؟ اہل دوزخ میں ہر سرکش حرام خور اور متکبر شخص ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اَبْوَابُ الْاِیْمَانِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ابواب ایمان
جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں

۱۹۹: بَابُ مَاجَاءَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

۵۰۱: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَاِذَا قَالُوْا ھَا عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَاءَ ھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ اِلَّا بِحَقِّھَا وَحِسَابُھُمْ عَلَی اللّٰہِ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ وَابْنِ عُمَرَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۱۹۹: باب اس بارے میں کہ مجھے لوگوں سے قتال کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ لا الٰہ الا اللہ کہیں

۵۰۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کہیں اور اگر وہ لوگ اس کے قائل ہوگئے (یعنی کلمہ پڑھ لیا) تو ان لوگوں نے اپنی جان و مال کو میرے ہاتھوں سے بچالیا یہ کہ وہ کوئی ایسا جرم کریں جس سے ان کی یہ چیزیں حلال ہو جائیں اور ان کا حساب اللہ پر ہے[1]۔ اِس باب میں حضرت جابرؓ، ابوسعیدؓ اور ابن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۰۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا اللَّیْثُ عَنْ عُقَیْلٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْ بَکْرٍ بَعْدَہٗ کَفَرَ مَنْ کَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِاَبِیْ بَکْرٍ کَیْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَمَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَصَمَ مِنِّیْ مَالَہٗ وَنَفْسَہٗ اِلَّا بِحَقِّہٖ وَحِسَابُہٗ عَلَی اللّٰہِ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ وَاللّٰہِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ فَاِنَّ الزَّکٰوۃَ حَقٌّ

۵۰۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی اور ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے تو عرب میں سے کچھ لوگوں نے دین کا انکار کر دیا۔ اس موقع پر حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے کہا: آپ کیسے لوگوں سے لڑیں گے جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں سے اس وقت تک جنگ کرنے کا حکم دیا گیا جب تک یہ ''لا الٰہ الا اللہ'' نہ کہیں۔ اور جس نے یہ کلمہ پڑھ لیا ان کی جان و مال میرے ہاتھوں سے محفوظ ہے۔ مگر یہ کہ وہ کوئی ایسا کام کریں جو ان کی ان چیزوں کو حلال کر دے۔ پھر ان کا حساب اللہ پر ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم میں ہر اس شخص سے جنگ کروں گا جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان تفریق کرے گا۔ بے شک زکوٰۃ

---

[1] یعنی اگر یہ لوگ ایسا جرم کریں جن سے ان کی جان و مال حلال ہو جاتی ہیں مثلاً قتل کرنا' کسی کا مال غصب کرنا اور ان کا حساب اللہ پر ہے سے مراد یہ ہے کہ اگر کوئی اس کا اقرار کرلے (یعنی لا الٰہ الا اللہ کہے) تو مجھے اس تفصیل کو جاننے کی ضرورت نہیں کہ اس کے دل میں کیا ہے لہٰذا یہ اللہ کا کام (واللہ اعلم مترجم)

الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِیْ عِقَالاً كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهٗ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهٖ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَوَاللّٰهِ مَاهُوَ اِلَّا اَنْ رَاَيْتُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ اَبِیْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى شُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَرَوٰى عِمْرَانُ الْقَطَّانُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ وَهُوَ حَدِيْثٌ خَطَاءٌ وَقَدْ خُوْلِفَ عِمْرَانُ فِیْ رِوَايَتِهٖ عَنْ مَعْمَرٍ.

مال کا وظیفہ ہے۔ اللہ کی قسم اگر یہ لوگ مجھے ایک رسّی (مراد اونٹ کی رسّی) بھی بطور زکوۃ دینے سے انکار کردیں گے جو یہ رسول اللہ ﷺ کو دیا کرتے تھے۔ تو میں ان سے اس کی عدم ادائیگی پر ان سے جنگ کروں گا۔ اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کا سینہ جنگ کے لیے کھول دیا اور میں نے جان لیا کہ یہی حق ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعیب بن ابی حمزہ اسے زہری سے اسی طرح نقل کرتے ہیں وہ عبیداللہ بن عبداللہ اور وہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ عمران قطان بھی یہ حدیث معمر وہ زہری وہ انس بن مالک اور وہ ابوبکرؓ سے روایت کرتے ہیں لیکن اس سند سے خطا ہے اس لیے کہ عمران کا معمر سے روایت کرنے میں اختلاف ہے۔

۲۰۰: بَابُ مَاجَاءَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

۲۰۰: باب مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اس وقت تک لوگوں سے لڑوں جب تک یہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کہیں اور نماز پڑھیں

۵۰۳: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِیُّ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنْ يَسْتَقْبِلُوْا قِبْلَتَنَا وَيَاْكُلُوْا ذَبِيْحَتَنَا وَاَنْ يُصَلُّوْا صَلَاتَنَا فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ حُرِّمَتْ عَلَيْنَا دِمَاءُ هُمْ وَاَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا لَهُمْ مَا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَاعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَفِی الْبَابِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَهٗ.

۵۰۳: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا کہ میں لوگوں سے اس وقت تک جنگ کروں جب تک یہ لوگ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ نیز ہمارے قبلے کی طرف منہ کریں، ہماری ذبح کی ہوئی چیزیں کھائیں اور ہماری نماز کی سی نماز پڑھیں۔ اگر وہ لوگ ایسا کریں گے تو ان کے مال اور جانیں ہم پر حرام ہو جائیں گی مگر یہ کہ وہ کسی ایسے جرم کا ارتکاب کریں جس کی وجہ سے ان کی یہ چیزیں حلال ہو جائیں۔ پھر ان کے لیے وہی کچھ ہے جو تمام مسلمانوں کے لیے اور ان پر بھی وہی حقوق واجب الادا ہیں جو دوسرے مسلمانوں پر ہیں۔ اس باب میں حضرت معاذ بن جبلؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ یحییٰ بن ایوب نے بھی حمید سے اور انہوں نے

انسؓ سے اسی کی مانند حدیث نقل کی ہے۔

۲۰۱: بَابُ مَاجَاءَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ

۵۰۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ سُعَیْرِ بْنِ الْخِمْسِ التَّمِیْمِیِّ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوةِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ وَحَجِّ الْبَیْتِ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَسُعَیْرُ بْنُ الْخِمْسِ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِیْثِ.

۵۰۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا وَکِیْعٌ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ الْجُمَحِیِّ عَنْ عِکْرِمَةَ بْنِ خَالِدِ الْمَخْزُوْمِیِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۲۰۱: باب اس بارے میں کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے

۵۰۴: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے۔ (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ (۲) نماز قائم کرو (۳) زکوٰۃ دینا (۴) رمضان کے روزے رکھنا (۵) بیت اللہ کا حج کرنا۔ اس باب میں حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی سندوں سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کے ہم معنی مرفوعاً مروی ہے۔ سعیر بن خمس محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔

۵۰۵: ہم سے روایت کی ابوکریب نے انہوں نے وکیع سے وہ حنظلہ بن ابی سفیان سے وہ عکرمہ بن خالد مخزومی سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۰۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ وَصْفِ جِبْرَئِیْلَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاِیْمَانَ وَالْاِسْلَامَ

۵۰۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ نَاوَکِیْعٌ عَنْ کَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ یَعْمُرَ قَالَ اَوَّلُ مَنْ تَکَلَّمَ فِی الْقَدَرِ مَعْبَدٌ الْجُهَنِیُّ قَالَ خَرَجْتُ اَنَا وَحُمَیْدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْیَرِیُّ حَتّٰی اَتَیْنَا الْمَدِیْنَةَ فَقُلْنَا لَوْ لَقِیْنَا رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْنَاهُ عَمَّا اَحْدَثَ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ فَلَقِیْنَاهُ یَعْنِی عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَهُوَ خَارِجٌ مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ

۲۰۲: باب اس متعلق کہ حضرت جبرئیلؑ نے نبی اکرم ﷺ سے ایمان واسلام کی کیا صفات بیان کیں

۵۰۶: حضرت یحییٰ بن یعمر کہتے ہیں کہ معبد جہنی پہلا شخص ہے جس نے سب سے پہلے تقدیر کے متعلق گفتگو کی۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ میں اور حمید بن عبدالرحمٰن جمیری مدینہ کی طرف نکلے تاکہ کسی صحابی سے ملاقات کر کے اس نئے مسئلے کی تحقیق کریں۔ چنانچہ ہم نے عبداللہ بن عمرؓ سے ملاقات کی اور جبکہ وہ مسجد سے نکل رہے تھے کہ میں نے اور میرے ساتھی نے انہیں گھیر لیا۔ میں نے کہا اے عبدالرحمٰن کے باپ کچھ لوگ ایسے ہیں جو قرآن بھی پڑھتے ہیں اور علم بھی سیکھتے ہیں ان کا خیال

فَاكْتَنَفْتُهُ اَنَا وَصَاحِبِي فَقُلْتُ يَااَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّ قَوْمًا يَقْرَؤُنَ الْقُرْاٰنَ وَ يَتَقَفَّرُوْنَ الْعِلْمَ وَيَزْعُمُوْنَ اَنْ لَا قَدَرَ وَاَنَّ الْاَمْرَ اُنُفٌ قَالَ فَاِذَا لَقِيْتَ اُولٰئِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنِّي مِنْهُمْ بَرِئٌ وَاَنَّهُمْ مِنِّي بُرَآءٌ وَالَّذِيْ يَحْلِفُ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْاَنَّ اَحَدَ هُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَاقُبِلَ ذٰلِكَ مِنْهُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ ثُمَّ اَنْشَاءَ يُحَدِّثُ فَقَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَايُرٰى عَلَيْهِ اَثَرُ السَّفَرِ وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا اَحَدٌ حَتّٰى اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَلْزَقَ رُكْبَتَهُ بِرُكْبَتِهٖ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِيْمَانُ قَالَ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَ مَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ فَمَا الْاِسْلَامُ قَالَ شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءُ الزَّكٰوةِ وَحَجُّ الْبَيْتِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ قَالَ فَمَا الْاِحْسَانُ قَالَ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ قَالَ فِيْ كُلِّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ لَهٗ صَدَقْتَ قَالَ فَتَعَجَّبْنَا مِنْهُ يَسْاَلُهٗ وَيُصَدِّقُهٗ قَالَ فَمَتَى السَّاعَةُ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَمَا اَمَارَتُهَا قَالَ اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا وَاَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ قَالَ عُمَرُ فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِثَلَاثٍ فَقَالَ عُمَرُ هَلْ تَدْرِي مَنِ السَّائِلُ ذَاكَ جِبْرَئِيْلُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ اَمْرَ دِيْنِكُمْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ كَهْمَسٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ

ہے کہ تقدیر کوئی چیز نہیں اور حکم بروقت ہوتا ہے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا جب ان سے ملاقات ہو تو کہہ دینا کہ میں ان سے اور وہ مجھ سے بری ہیں۔ اس ذات کی قسم جس کی قسم عبداللہ کھاتا رہتا ہے اگر یہ لوگ احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کر دیں تو جب تک تقدیر کے خیر وشر پر ایمان نہ لائیں، قبول نہ ہوگا۔ یحییٰ کہتے ہیں پھر عبداللہ حدیث بیان کرنے لگے اور فرمایا حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک شخص آیا جس کے کپڑے انتہائی سفید اور بال بالکل سیاہ تھے نہ تو اس پر سفر کی کوئی علامت تھی اور نہ ہی ہم اسے جانتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کے زانوؤں سے زانو ملا کر بیٹھ گیا۔ پھر کہا اے محمد ﷺ ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ایمان کی حقیقت یہ ہے تم اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں، آخرت کے دن اور تقدیر خیر وشر کی تصدیق کرو۔ اس نے پوچھا: اسلام کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔ اس نے پوچھا: احسان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو (یعنی خشوع وخضوع کے ساتھ) اس لیے کہ اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تو یقیناً تمہیں دیکھ رہا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ ہر بات پوچھنے کے بعد کہتا کہ آپؐ نے سچ فرمایا۔ جس پر ہمیں حیرانگی ہوئی کہ پوچھتا بھی خود ہے اور پھر تصدیق بھی کرتا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ قیامت کب آئے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس سے پوچھا جارہا ہے وہ اس کے متعلق سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ پھر اس نے سوال کیا کہ قیامت کی نشانیاں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا لونڈی اپنے مالک کو جنے گی اور تم دیکھو گے کہ ننگے پاؤں اور

طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِکٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ نَحْوُ هٰذَا وَرُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّحِیْحُ هُوَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

ننگے جسم والے اور محتاج چرواہے لمبی لمبی عمارتیں بنانے لگیں گے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ پھر میری نبی اکرم ﷺ سے تین دن بعد ملاقات ہوئی تو آپؐ نے پوچھا کہ عمرؓ جانتے ہو وہ سوال کرنے والا کون تھا؟ وہ جبرائیل علیہ السلام تھے جو تمہیں دینی امور سکھانے کے لیے آئے تھے۔ ہم سے روایت کیا احمد بن محمد نے انہوں نے ابن مبارک سے وہ کہمس بن حسن سے اسی سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ محمد بن مثنیٰ بی معاذ بن ہشام سے اور وہ کہمس سے اسی سند سے اسی کے ہم معنٰی حدیث بیان کرتے ہیں۔ اس باب میں طلحہ بن عبیداللہؓ، انس بن مالکؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے اسی طرح منقول ہیں۔ پھر یہ حدیث ابن عمرؓ سے بھی نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول ہے جبکہ صحیح یہی ہے کہ ابن عمرؓ (اپنے والد) حضرت عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

۲۰۳ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِضَافَةِ الْفَرَائِضِ اِلَی الْاِیْمَانِ

۲۰۳: باب اس بارے میں کہ فرائض ایمان میں داخل ہیں

۵۰۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِیُّ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَیْسِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّا هٰذَا الْحَیَّ مِنْ رَبِیْعَةَ وَلَسْنَا نَصِلُ اِلَیْکَ اِلَّا فِی الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِشَیْءٍ نَاْخُذُهُ عَنْکَ وَنَدْعُوْ اِلَیْهِ مَنْ وَّرَاءَ نَا فَقَالَ اٰمُرُکُمْ بِاَرْبَعٍ اَلْاِیْمَانُ بِاللّٰهِ ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَاءُ الزَّکٰوةِ وَاَنْ تُؤَدُّوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ جَمْرَةَ الضُّبَعِیُّ اِسْمُهُ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ وَقَدْ رَوٰی شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ اَیْضًا وَزَادَ فِیْهِ اَتَدْرُوْنَ مَا الْاِیْمَانُ شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ سَمِعْتُ قُتَیْبَةَ بْنَ سَعِیْدٍ یَقُوْلُ مَارَاَیْتُ مِثْلَ هٰؤُلَاءِ الْفُقَهَاءِ الْاَشْرَافِ الْاَرْبَعَةِ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَاللَّیْثِ بْنِ سَعْدٍ وَعَبَّادِ بْنِ

۵۰۷: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عبدقیس کا ایک وفد نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: کہ ہمارے راستے میں قبیلہ ربیعہ پڑتا ہے جس کی وجہ سے ہم لوگ آپ کی خدمت میں صرف حرام ہی کے مہینوں (یعنی ذوالقعدہ، محرم، رجب) میں حاضر ہو سکتے ہیں ہمیشہ نہیں آسکتے۔ لہٰذا ہمیں ایسی بات کا حکم دیجئے کہ ہم بھی اس پر عمل کریں اور لوگوں کو بھی اس کی دعوت دیں۔ آپؐ نے فرمایا میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں: (۱) اللہ پر ایمان لاؤ پھر آپ نے اس کی تفسیر کی کہ اس بات کی گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ (۲) نماز قائم کرو۔ (۳) زکوٰۃ ادا کرو۔ (۴) مال غنیمت کا پانچواں حصہ ادا کرو۔ قتیبہ نے بواسطہ حماد بن زید اور ابوجمرہ حضرت ابن عباسؓ سے اس کی مثل مرفوع حدیث نقل کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوجمرہ ضبعی کا نام نصر بن عمران ہے۔ شعبہ نے ابوجمرہ سے روایت کی اور اس میں یہ اضافہ ہے ''کیا تم جانتے ہو ایمان کیا ہے؟ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں'' پھر ذکر کیا آخر حدیث

عَبَّادِ الْمُهَلَّبِيِّ وَعَبْدِالْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُتَيْبَةُ وَ كُنَّا نَرْضٰى اَنْ نَرْجِعَ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عِنْدِ عَبَّاسِ بْنِ عَبَّادٍ بِحَدِيْثَيْنِ وَعَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ هُوَ مِنْ وَلَدِ الْمُهَلَّبِ بْنِ اَبِيْ صُفْرَةَ.

تک۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں میں نے قتیبہ بن سعید سے سناوہ فرماتے ہیں میں نے ان چار فقہاء کرام جیسا کسی کو نہیں دیکھا، مالک بن انس، لیث بن سعد، عباد بن عباد مہلبی ،اور عبدالوہاب ثقفی ۔قتیبہ فرماتے ہیں کہ ہم اس بات پر راضی تھے کہ عباد سے روزانہ دو حدیثیں لے کر واپس ہوں (یعنی سن کر) عباد بن عباد، مہلب بن ابی صفر کی اولاد سے ہیں۔

۲۰۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِسْتِكْمَالِ الْاِيْمَانِ وَزِيَادَتِهٖ وَنُقْصَانِهٖ

۲۰۴: باب ایمان میں کمی زیادتی اور اس کا مکمل ہونا

۵۰۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ الْبَغْدَادِيُّ اَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَاَلْطَفُهُمْ بِاَهْلِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَلَا نَعْرِفُ لِاَبِيْ قِلَابَةَ سَمَاعًا مِنْ عَائِشَةَ وَقَدْ رَوٰى اَبُوْ قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ رَضِيْعٍ لِعَائِشَةَ عَنْ عَائِشَةَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاَبُوْ قِلَابَةَ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ ذَكَرَ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ اَبَا قِلَابَةَ فَقَالَ كَانَ وَاللّٰهِ مِنَ الْفُقَهَاءِ ذَوِي الْاَلْبَابِ.

۵۰۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے زیادہ کامل ایمان والے وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق سب سے اچھے ہیں اور وہ اپنے گھر والوں سے نرمی سے پیش آتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور انس بن مالکؓ سے بھی روایت ہے ۔یہ حدیث حسن ہے۔حضرت عائشہؓ سے ابوقلابہ کا سماع ہمیں معلوم نہیں۔ ابوقلابہ حضرت عائشہؓ کے رضاعی بھائی عبداللہ بن یزید سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے اس کے علاوہ بھی احادیث نقل کرتے ہیں۔ابوقلابہ کا نام عبداللہ بن زید جرمی ہے۔ ابن ابی عمر سفیان سے نقل کرتے ہیں کہ ابوایوب سختیانی نے ابوقلابہ کا ذکر کیا اور کہا اللہ کی قسم وہ عقل وسمجھ والے فقہاء میں سے تھے۔

فائدہ: اس حدیث میں خصوصی عقل وفہم رکھنے والوں کو فقہاء کہا گیا ہے۔

۵۰۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ هُرَيْمُ بْنُ مِسْعَرٍ الْاَزْدِيُّ التِّرْمِذِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَوَعَظَهُمْ ثُمَّ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَتْ اِمْرَاَةٌ مِنْهُنَّ وَلِمَ ذَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لِكَثْرَةِ لَعْنِكُنَّ يَعْنِيْ وَكُفْرِكُنَّ الْعَشِيْرَ قَالَ وَمَا رَاَيْتُ مِنْ نَا

۵۰۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو خطبہ دیا اور وعظ ونصیحت کرتے ہوئے فرمایا'' اے عورتو: صدقہ کیا کرو، بے شک اہل دوزخ میں تمہاری اکثریت ہوگی ۔ایک عورت نے عرض کیا ایسا کیوں ہوگا یا رسول اللہ ﷺ۔آپ ﷺ نے فرمایا: تم کثرت سے لعن طعن کرتی ہو یعنی خاوندوں کی نافرمانی کرتی ہو، اور فرمایا میں نے کسی ناقص عقل ودین کو عقلمند اور ہوشیار لوگوں پر تم سے زیادہ غالب ہونے

قِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ اَغْلَبَ لِذَوِی الْاَلْبَابِ وَذَوِی الرَّأْيِ مِنْكُنَّ قَالَتْ اِمْرَأَةٌ مِنْهُنَّ وَمَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا وَدِيْنِهَا قَالَ شَهَادَةُ امْرَأَتَيْنِ مِنْكُنَّ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ وَ نُقْصَانُ دِيْنِكُنَّ الْحَيْضَةُ فَتَمْكُثُ اِحْدَاكُنَّ الثَّلَاثَ وَالْاَرْبَعَ لَا تُصَلِّيْ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

والی چیز نہیں دیکھی ۔ایک عورت نے پوچھا کہ ہماری عقل ودین کا نقصان کیا ہے؟ ۔ آپؐ نے فرمایا تم میں سے دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے اور تمہارے دین کا نقصان حیض ہے کہ جب کوئی حائضہ ہو جاتی ہے تو تین چار دن تک نماز نہیں پڑھ سکتی۔اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۱۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِيْمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا فَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِيْقِ وَ اَرْفَعُهَا قَوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰی سُهَيْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَرَوٰی عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْاِيْمَانُ اَرْبَعَةٌ وَّسِتُّوْنَ بَابًا حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۵۱۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان کے ستر سے زیادہ دروازے ہیں ان میں سے سب سے ادنیٰ تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹانا ہے اور سب سے بلند دروازہ "لا الہ الا اللہ" کہنا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔سہیل بن ابی صالح نے بواسطہ عبداللہ بن دینار اور ابو صالح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا ہے ۔عمارہ بن غزیہ یہ حدیث ابوصالح سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ ایمان کے چونسٹھ دروازے ہیں۔ہم سے یہ حدیث قتیبہ نے بواسطہ بکر بن مضر،عمارہ بن غزیہ اور ابو صالح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بیان کی۔

۲۰۵: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيْمَانِ

۲۰۵: باب اس بارے میں کہ حیاء ایمان سے ہے

۵۱۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ الْمَعْنٰی وَاحِدٌ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِی الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ فِیْ حَدِيْثِهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَعِظُ اَخَاهُ فِی الْحَيَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ .

۵۱۱: حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گزرے تو وہ اپنے بھائی کو حیاء کے بارے میں نصیحت کر رہا تھا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حیاء ایمان سے ہے ۔احمد بن منیع نے اپنی روایت میں کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو سنا وہ اپنے بھائی کو حیاء کے متعلق نصیحت کر رہا تھا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت منقول ہے۔

۲۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حُرْمَةِ الصَّلاَةِ

۵۱۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ الصَّنْعَانِیُّ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النُّجُوْدِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَاَصْبَحْتُ یَوْمًا قَرِیْبًا مِنْهُ وَنَحْنُ نَسِیْرُ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُدْخِلُنِی الْجَنَّةَ وَیُبَاعِدُنِیْ عَنِ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَاَلْتَنِیْ عَنْ عَظِیْمٍ وَاِنَّهُ لَیَسِیْرٌ عَلٰی مَنْ یَسَّرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا وَتُقِیْمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِی الزَّكٰوةَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَیْتَ ثُمَّ قَالَ اَلاَ اَدُلُّكَ عَلٰی اَبْوَابِ الْخَیْرِ الصَّوْمُ جُنَّةٌ وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِیْئَةَ كَمَا یُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ مِنْ جَوْفِ اللَّیْلِ قَالَ ثُمَّ تَلاَ تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ حَتّٰی بَلَغَ یَعْمَلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلاَ اُخْبِرُكُمْ بِرَاْسِ الْاَمْرِ كُلِّهٖ وَعَمُوْدِهٖ وَذِرْوَةِ سَنَامِهٖ قُلْتُ بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَاْسُ الْاَمْرِ الْاِسْلاَمُ وَعَمُوْدُهُ الصَّلٰوةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ اَلاَ اُخْبِرُكَ بِمَلاَكِ ذٰلِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَخَذَ بِلِسَانِهٖ قَالَ كُفَّ عَلَیْكَ هٰذَا فَقُلْتُ یَانَبِیَّ اللّٰهِ وَاِنَّا لَمُؤَاخَذُوْنَ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهٖ فَقَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ یَامُعَاذُ وَهَلْ یَكُبُّ النَّاسَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ اَوْ عَلٰی مَنَاخِرِهِمْ اِلاَّ حَصَائِدُ اَلْسِنَتِهِمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۲۰۶: باب نماز کی عظمت کے بارے میں

۵۱۲: حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ میں نبیؐ کے ساتھ ایک سفر میں تھا کہ ایک صبح میں آپؐ کے قریب ہو گیا۔ ہم سب چل رہے تھے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں داخل اور جہنم سے دور کر دے۔ آپؐ نے فرمایا تم نے مجھ سے ایک بہت بڑی بات پوچھی ہے البتہ جس کیلئے اللہ تعالیٰ آسان فرما دے اسکے لیے آسان ہے اور وہ یہ کہ تم صرف اللہ ہی کی عبادت کرو اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، رمضان کے روزے رکھو اور بیت اللہ کا حج کرو پھر فرمایا کیا میں تمہیں خیر کا دروازہ نہ بتاؤں۔ روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے جیسے پانی آگ کو اور آدھی رات کو نماز پڑھنا (یعنی یہ بھی اور خیر ہے) پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ ......" (انکے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں اور اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں) "یَعْمَلُوْنَ" تک یہ آیت پڑھ کر آپؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں تمام امور کی جڑ اسکی بالائی چوٹی اور اسکی ریڑھ کی ہڈی نہ بتا دوں؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہؐ کیوں نہیں۔ فرمایا اسکی جڑ اسلام اسکی بالائی چوٹی نماز اور اسکی ریڑھ کی ہڈی جہاد ہے۔ پھر فرمایا کیا میں تمہیں ان سب کی جڑ کے بارے میں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ! آپؐ نے اپنی زبان مبارک پکڑی اور فرمایا: اسے اپنے اوپر روک رکھو۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ کیا گفتگو کے بارے میں بھی ہمارا مواخذہ ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: تمہاری ماں تم پر روئے۔ اے معاذ! کیا لوگوں کو دوزخ میں منہ یا نتھنوں کے بل زبان کے علاوہ بھی کوئی چیز گراتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۱۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ اَبِی السَّمْحِ عَنْ اَبِی الْهَیْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الرَّجُلَ یَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ فَا

۵۱۳: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم لوگ کسی شخص کو مسجد میں حاضر ہوتے اور اس کی خدمت کرتے دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو۔ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اِنَّمَا یَعْمُرُ......" (ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی

شُهَدُ وُالَهُ بِالْاِیْمَان فَاِنَّ اللّٰهَ یَقُوْلُ (اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّکٰوةَ) اَلْاٰیَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

مسجدوں کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے، نماز قائم کرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۰۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَرْکِ الصَّلٰوةِ

۲۰۷: باب ترکِ نماز کی وعید

۵۱۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا جَرِیْرٌ وَاَبُوْمُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ بَیْنَ الْکُفْرِ وَالْاِیْمَان تَرْکُ الصَّلٰوةِ.

۵۱۴: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفر اور ایمان کے درمیان صرف نماز کا فرق ہے۔

۵۱۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ قَالَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَ بَیْنَ الشِّرْکِ اَوِ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ سُفْیَانَ اِسْمُهُ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ.

۵۱۵: ہناد نے بواسطہ اسباط بن محمد اعمش سے اسی سند کے ساتھ اس کے ہم معنی حدیث روایت کی کہ آپ ﷺ نے فرمایا بندہ (مؤمن کے اور کفر یا شرک کے درمیان صرف نماز کا فرق ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ابوسفیان کا نام طلحہ بن نافع ہے۔

۵۱۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُو الزُّبَیْرِ اِسْمُهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ تَدْرُسٍ.

۵۱۶: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے اور کفر کے درمیان صرف نماز کا فرق ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوزبیر کا نام محمد بن مسلم بن قدرس ہے۔

۵۱۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ وَ یُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی قَالَا نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ ح وَثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ قَالَا نَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِیْهِ ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحَسَنِ الشَّقِیْقِیُّ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ قَالَا نَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِیْقٍ عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَهْدُ الَّذِیْ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمُ الصَّلٰوةُ فَمَنْ تَرَکَهَا فَقَدْ کَفَرَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۵۱۷: حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارے اور ان (کافروں) کے درمیان جو عہد ہے وہ نماز کا ہے۔ جس نے اسے چھوڑا اس نے کفر کیا۔[1] اس باب میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی روایت ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۵۱۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنِ الْجُرَیْرِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِیْقٍ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ کَانَ

۵۱۸: حضرت عبداللہ بن شقیق عقیلی سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نماز کے علاوہ کسی دوسرے عمل کے ترک کو

[1] نماز کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے البتہ جو شخص نماز کا اقرار تو کرتا ہو لیکن عملی طور پر نماز ادا نہ کرتا ہو تو وہ کافر نہیں ہوتا (مترجم)

اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَرَوْنَ شَیْئًا مِنَ الْاَعْمَالِ تَرْکُهٗ کُفْرٌ غَیْرَ الصَّلٰوةِ.

کفر نہیں جانتے تھے۔

۲۰۸: بَابُ

۵۱۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِی الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ذَاقَ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ رَضِیَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۵۲۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ مَّنْ کُنَّ فِیْهِ وَجَدَ بِهِنَّ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ کَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَاَنْ یُحِبَّ الْمَرْءَ لَا یُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ وَاَنْ یَکْرَهَ اَنْ یَّعُوْدَ فِی الْکُفْرِ بَعْدَ اِذْ نَقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ کَمَا یَکْرَهُ اَنْ یُقْذَفَ فِی النَّارِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۲۰۸: باب

۵۱۹: حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص نے ایمان کا مزہ چکھا جو اللہ تعالیٰ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲۰: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین باتیں ایسی ہیں جس میں پائی جائیں اس نے ایمان کا مزہ حاصل کر لیا۔ (۱) وہ شخص جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ہر چیز سے زیادہ محبوب رکھتا ہو۔ (۲) جو شخص کسی سے دوستی صرف اللہ ہی کے لیے کرے۔ (۳) اور وہ اللہ تعالیٰ کے کفر سے بچانے کے بعد کفر کی طرف لوٹنے کو اتنا ہی برا سمجھے جتنا وہ آگ میں گرنے کو ناپسند کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اسے قتادہ بھی انس بن مالکؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۲۰۹: بَابُ لَا یَزْنِی الزَّانِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ

۵۲۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا عَبِیْدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَزْنِی الزَّانِیْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا یَسْرِقُ السَّارِقُ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ وَلٰکِنَّ التَّوْبَةَ مَعْرُوْضَةٌ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا زَنَی الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِیْمَانُ فَکَانَ فَوْقَ رَاْسِهٖ کَالظُّلَّةِ فَاِذَا خَرَجَ مِنْ ذٰلِکَ الْعَمَلِ عَادَ اِلَیْهِ الْاِیْمَانُ وَرُوِیَ

۲۰۹: باب کوئی زانی زنا کرتے ہوئے حامل ایمان نہیں رہتا

۵۲۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی زانی مؤمن ہونے کی حالت میں زنا نہیں کرتا اور کوئی چور مؤمن ہوتے ہوئے چوری نہیں کرتا لیکن توبہ مقبول ہوتی ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، عائشہؓ، عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جب کوئی بندہ زنا کرتا ہے تو ایمان اس کے دل سے نکل جاتا ہے اور اس پر سائے کی طرح رہتا ہے جب وہ اس گناہ سے نکلتا ہے تو ایمان واپس لوٹ آتا ہے۔ ابو جعفر محمد بن علی فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے مراد زانی کا

عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اَنَّهُ قَالَ فِیْ هٰذَا خُرُوْجٌ عَنِ الْاِیْمَانِ اِلَی الْاِسْلَامِ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِوَجْهٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِی الزِّنَا وَالسَّرِقَةِ مَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَاُقِیْمَ عَلَیْهِ الْحَدُّ فَهُوَ کَفَّارَةُ ذَنْبِهٖ وَ مَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَهُوَ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی اِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَلَهٗ رَوٰی ذٰلِکَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ وَخُزَیْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

ایمان سے اسلام کی طرف جانا ہے۔ متعدد طریق سے نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے زنا اور چوری کے بارے میں فرمایا کہ جو آدمی ان میں سے کسی کا ارتکاب کرے (یعنی زنا یا چوری) پھر اس پر حد قائم کی جائے تو وہ (حد) اس کے گناہ کا کفارہ ہے۔ اور جس نے یہ گناہ کیا (یعنی زنا یا چوری) پھر اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی فرمائی تو یہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے چاہے تو اس کو عذاب دے اور اگر چاہے تو بخش دے۔ یہ حدیث حضرت علی بن ابی طالبؓ، عبادہ بن صامتؓ اور خزیمہ بن ثابتؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۵۲۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَیْدَةَ بْنُ اَبِی السَّفَرِنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِیُّ اَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیِّ عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُهٗ فِی الدُّنْیَا فَاللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ یُثَنِّیَ عَلٰی عَبْدِهِ الْعُقُوْبَةَ فِی الْاٰخِرَةِ وَمَنْ اَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَهٰذَا قَوْلُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا کَفَّرَ اَحَدًا بِالزِّنَا وَ السَّرِقَةِ وَشُرْبِ الْخَمْرِ.

۵۲۲: حضرت علی بن ابی طالبؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو کسی ایسے کام کا مرتکب ہو کہ اس پر حد لازم آئی اور اس کو جلد ہی دنیا میں سزا دے دی گئی تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ انصاف کرنے والا ہے کہ اپنے بندے کو آخرت میں دوبارہ سزا دے اور اگر کوئی کسی ایسے فعل کا مرتکب ہوا جس کی وجہ سے اس پر حد جاری ہوتی ہو اور اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو چھپالیں اور اسے معاف فرما دیں تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ لطف و کرم والا ہے کہ کسی بات کو معاف کرنے کے بعد لوٹائے (یعنی دوبارہ سزا دے)۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اہل علم کا یہی قول ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ کسی نے زنا یا چوری یا شراب پینے کے مرتکب کو کافر قرار دیا ہو۔

۲۱۰: بَابُ مَاجَاءَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَیَدِهٖ

۲۱۰: باب اس بارے میں کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں

۵۲۳: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَیَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰی دِمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَ یُرْوٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سُئِلَ اَیُّ الْمُسْلِمِیْنَ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ

۵۲۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مؤمن (کامل) وہ ہے جسے لوگ اپنی جانوں اور مال کا امین سمجھیں۔ نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے کہ آپؐ سے سوال کیا گیا کہ کونسا مسلمان افضل ہے۔ آپؐ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان

سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ.

۵۲۴ : حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ نِ الْجَوْهَرِيُّ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَّاَبِيْ مُوْسٰى وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

محفوظ رہیں۔

۵۲۴: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا مسلمان افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں ۔ یہ حدیث حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت سے صحیح غریب ہے۔اس باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ، ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۱۱ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْاِسْلَامَ بَدَأَغَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا

۲۱۱: باب اس بارے میں کہ اسلام کی ابتداء وانتہاء غریبوں سے ہے

۵۲۵ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَ سَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَآءِ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ اَبُوْ الْاَحْوَصِ اِسْمُهٗ عَوْفُ بْنُ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ الْجُشَمِيُّ تَفَرَّدَ بِهٖ حَفْصٌ.

۵۲۵: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی ابتداء بھی غربت سے ہوئی تھی اور وہ عنقریب پھر غریب ہوجائے گا جیسے اس کی ابتداء ہوئی تھی ۔پس غرباء کے لیے خوشخبری ہے ۔اس باب میں حضرت سعد، ابن عمر، جابر، انس اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے ۔یہ حدیث ابن مسعودؓ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے ۔ہم اسے صرف بواسطہ حفص بن غیاث ،اعمش کی روایت سے پہچانتے ہیں ابواحوص کا نام عوف بن مالک بن نضلہ جشمی ہے اور حفص اس روایت میں متفرد ہیں۔

۵۲۶ :حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ ثَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مِلْحَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الدِّيْنَ لَيَاْرِزُ اِلَى الْحِجَازِ كَمَا تَاْرِزُ الْحَيَّةُ اِلٰى جُحْرِهَا وَلَيَعْقِلَنَّ الدِّيْنُ فِي الْحِجَازِ مَعْقِلَ الْاُرْوِيَّةِ مِنْ رَاْسِ الْجَبَلِ اِنَّ الدِّيْنَ بَدَأَغَرِيْبًا وَيَرْجِعُ غَرِيْبًا فَطُوْبٰى

۵۲۶: کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف بن ملحہ اپنے والد سے اور ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دین (اسلام) حجاز کی طرف اس طرح سمٹ جائے گا جس طرح سانپ اپنے بل (سوراخ) کی طرف سمٹتا اور پناہ گزین ہوتا ہے اور دین حجاز مقدس میں اس طرح پناہ گزین ہوگا جس طرح جنگلی بکری پہاڑ کی چوٹی پر پناہ لیتی ہے۔نیز دین کی ابتداء بھی غربت سے ہوئی اور وہ غربت ہی کی طرف لوٹے گا۔پس غریبوں کیلئے

لِلْغُرَبَآءِ الَّذِیْنَ یُصْلِحُوْنَ مَا اَفْسَدَ النَّاسُ مِنْ بَعْدِیْ مِنْ سُنَّتِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ۔

خوشخبری ہے جو اس چیز کو صحیح کرتے ہیں جسے لوگوں نے میری سنت میں سے میرے بعد بگاڑ دیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۱۲: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ

۲۱۲: باب منافق کی علامت کے متعلق

۵۲۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُ و بْنُ عَلِیٍّ نَا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَیْسٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰیَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ الْعَلَاءِ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ۔

۵۲۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ (۱) جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ (۲) وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے (۳) اور اگر اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ یہ حدیث علاء کی روایت سے حسن غریب ہے۔ اور کئی سندوں سے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً منقول ہے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، انسؓ اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۵۲۸: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْ سُهَیْلِ بْنِ مَالِکٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ سُهَیْلٍ هُوَ عَمُّ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَاسْمُهٗ نَافِعُ بْنُ مَالِکِ بْنِ اَبِیْ عَامِرٍ الْاَصْبَحِیُّ الْخَوْلَانِیُّ۔

۵۲۸: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے انہوں نے اسمٰعیل بن جعفر سے انہوں نے ابی سہل سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ ابوسہیل حضرت مالک بن انس کے چچا ہیں ان کا نام نافع بن مالک بن ابی عامر الاصبحی خولانی ہے۔

۵۲۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ سُفْیَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مَنْ کُنَّ فِیْهِ کَانَ مُنَافِقًا وَاِنْ کَانَتْ فِیْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ کَانَتْ فِیْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰی یَدَعَهَا مَنْ اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاِنَّمَا مَعْنٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ نِفَاقُ الْعَمَلِ وَاِنَّمَا کَانَ نِفَاقُ التَّکْذِیْبِ عَلٰی رُوِیَ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ شَیْءٌ مِنْ هٰذَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۵۲۹: حضرت عبداللہ بن عمروؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ چار چیزیں جس میں ہوں گی وہ منافق ہوگا اور اگر ان میں سے کوئی ایک خصلت ہوگی تو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہے یہاں تک کہ وہ اسے ترک کر دے۔ (۱) جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ (۲) جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے۔ (۳) جب جھگڑا کرے تو گالیاں دے۔ (۴) جب معاہدہ کرے تو دھوکہ دے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کے نزدیک اس حدیث سے عملی نفاق مراد ہے۔ جھٹلانے والا نفاق رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں تھا۔ حضرت حسن بصری سے بھی اسی طرح کچھ منقول ہے۔ حسن بن علی خلال بھی عبداللہ بن نمیر سے وہ اعمش سے اور وہ عبداللہ بن مرہ سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِي النُّعْمَانِ عَنْ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ وَيَنْوِيْ اَنْ يَفِيَ بِهٖ فَلَمْ يَفِ بِهٖ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى ثِقَةٌ وَاَبُو النُّعْمَانِ مَجْهُوْلٌ وَاَبُوْ وَقَّاصٍ مَجْهُوْلٌ.

۵۳۰: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی وعدہ کرے اور اس کی نیت پورا کرنے کی ہو مگر وہ (کسی وجہ سے اُس وعدہ کو) پورا نہ کر سکا تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند قوی نہیں۔علی بن عبدالاعلی ثقہ ہیں جبکہ ابووقاص اور ابونعمان مجہول ہیں۔

۲۱۳: بَابُ مَاجَاءَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ

۲۱۳: باب اس متعلق کہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے

۵۳۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ نَا عَبْدُ الْحَكِيْمِ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْوَاسِطِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِتَالُ الْمُسْلِمِ اَخَاهُ كُفْرٌ وَ سِبَابُهٗ فُسُوْقٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

۵۳۱: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کا اپنے مسلمان بھائی کو قتل کرنا کفر ہے اور اسے گالی دینا فسق (گناہ) ہے۔اس باب میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہی سے منقول ہے۔

۵۳۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۳۲: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق (گناہ) اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۱۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ رَمٰى اَخَاهُ بِكُفْرٍ

۲۱۴: باب جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی تکفیر کرے

۵۳۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْعَبْدِ نَذْرٌ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا عِنُ الْمُؤْمِنِ كَقَاتِلِهٖ وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَاتِلِهٖ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِشَيْءٍ عَذَّبَهُ اللّٰهُ بِمَا قَتَلَ بِهٖ نَفْسَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَ ابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۳۳: حضرت ثابت بن ضحاکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندے پر اس چیز میں نذر (واجب) نہیں جس کا وہ مالک نہیں۔مؤمن پر لعن طعن کرنے والا (گناہ میں) اس کے قاتل کی طرح ہے اور جس نے کسی مؤمن پر کفر کا الزام لگایا وہ اس کے قاتل کی طرح ہے اور جس شخص نے کسی چیز کے ساتھ خودکشی کی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسی چیز کے ساتھ اسے عذاب دے گا۔اس باب میں حضرت ابوذرؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ عَنْ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِاَ خِیْهِ کَافِرٌ فَقَدْ بَآءَ بِهَا اَحَدُ هُمَا هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۵۳۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بھائی کو کافر کہے تو ان دونوں میں سے ایک نہ ایک پر ضرور یہ وبال آپڑا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یَّمُوْتُ وَهُوَ یَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

۲۱۵: باب جس شخص کا خاتمہ توحید پر ہو

۵۳۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیٰی بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَیْرِیْزٍ عَنِ الصُّنَابِحِیِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّهٗ قَالَ دَخَلْتُ عَلَیْهِ وَهُوَ فِی الْمَوْتِ فَبَکَیْتُ فَقَالَ مَهْلًا لِمَ تَبْکِیْ فَوَاللّٰهِ لَئِنِ اسْتُشْهِدْتُ لَاَ شْهَدَنَّ لَکَ وَلَئِنْ شُفِّعْتُ لَاَ شْفَعَنَّ لَکَ وَلَئِنِ اسْتَطَعْتُ لَاَ نْفَعَنَّکَ ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ مَا مِنْ حَدِیْثٍ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَکُمْ فِیْهِ خَیْرٌ اِلَّا حَدَّثْتُکُمُوْهُ اِلَّا حَدِیْثًا وَاحِدًا وَسَاُحَدِّثُکُمُوْهُ الْیَوْمَ وَقَدْ اُحِیْطَ بِنَفْسِیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ النَّارَ وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِیٍّ وَ طَلْحَةَ وَجَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ وَالصُّنَابِحِیُّ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُسَیْلَةَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ قَدْ رُوِیَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ اِنَّمَا کَانَ هٰذَا فِیْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ قَبْلَ نُزُوْلِ الْفَرَائِضِ وَالْاَمْرِ وَالنَّهْیِ وَوَجْهُ هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ اَهْلَ التَّوْحِیْدِ سَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَاِنْ عُذِّبُوْا بِالنَّارِ بِذُنُوْبِهِمْ فَاِنَّهُمْ لَا یُخَلَّدُوْنَ فِی النَّارِ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِیْ

۵۳۵: صنابحی کہتے ہیں کہ میں عبادہ بن صامتؓ کے پاس گیا وہ فوت ہونے والے تھے۔ میں رونے لگا تو فرمایا: چپ رہو کیوں رو رہے ہو۔ اگر مجھ سے تمہارے (ایمان کے متعلق) گواہی طلب کی گئی تو گواہی دوں گا، اگر شفاعت کی اجازت دی گئی تو تمہاری شفاعت کروں گا اور اگر تمہیں کوئی فائدہ پہنچا سکا تو ضرور پہنچاؤں گا۔ پھر فرمایا اللہ کی قسم میں نے نبی اکرم ﷺ سے جتنی حدیثیں سنی ہیں ان میں سے ہر وہ حدیث تم سے بیان کر دی جس میں تمہارا نفع تھا۔ صرف ایک حدیث ہے جو میں آج تمہیں سنا رہا ہوں اس لیے کہ موت نے مجھے گھیر لیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا جس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بے شک محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دیتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ، جابرؓ، ابن عمرؓ اور زید بن خالدؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ صنابحی کا نام عبدالرحمٰن بن عسیلہ اور کنیت ابوعبداللہ ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ منقول ہے کہ زہری سے نبی اکرم ﷺ کے اس قول کا مطلب پوچھا گیا کہ "جس نے لا الہ الا اللہ" پڑھا جنت میں داخل ہوا"۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ ابتدائے اسلام میں فرائض، اوامر اور نواہی کے نزول سے پہلے تھے۔ بعض علماء اس کی تفسیر یہ کرتے ہیں کہ اہل توحید ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیں گے صرف اپنے گناہوں کا خمیازہ بھگتنے کے بعد نکال لیے جائیں

ذَرٍّ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ وَاَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ مِنْ اَهْلِ التَّوْحِيْدِ وَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَهٰكَذَا رُوِیَ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ وَ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ وَغَيْرِوَاحِدٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ فِیْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ قَالُوْا اِذَا اُخْرِجَ اَهْلُ التَّوْحِيْدِ مِنَ النَّارِ وَاُدْخِلُوا الْجَنَّةَ يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ.

گے ۔حضرت ابن مسعودؓ، ابوذرؓ، عمران بن حصینؓ، جابر بن عبداللہؓ، ابن عباسؓ، ابوسعید خدریؓ اور انسؓ سے منقول ہے کہ اہل توحید کی ایک جماعت دوزخ سے نکل کر جنت میں داخل ہوگی۔ سعید بن جبیر، ابراہیم نخعی اور کئی حضرات سے ’’ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ‘‘ (ترجمہ: کافر چاہیں گے کاش کہ وہ مسلمان ہوتے) کی تفسیر یوں منقول ہے کہ جب اہل توحید کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا تو کافر چاہیں گے کاش وہ (بھی) مسلمان ہوتے۔

۵۳۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ ثَنِیْ عَامِرُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعَافِرِيِّ ثُمَّ الْحُبُلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلاً مِنْ اُمَّتِیْ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ سِجِلاًّ كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا اَظَلَمَكَ كَتَبَتِیَ الْحَافِظُوْنَ يَقُوْلُ لَا يَارَبِّ فَيَقُوْلُ اَفَلَكَ عُذْرٌ فَيَقُوْلُ لَا يَارَبِّ فَيَقُوْلُ بَلٰى اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً اِنَّهٗ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ فَيُخْرَجُ بِطَاقَةٌ فِيْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ فَيَقُوْلُ اُحْضُرْ وَزْنَكَ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ فَقَالَ فَاِنَّكَ لَا تُظْلَمُ قَالَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِیْ كِفَّةٍ وَالْبِطَاقَةُ فِیْ كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ وَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَیْءٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَامِرِ بْنِ يَحْيٰى بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ وَالْبِطَاقَةُ الْقِطْعَةُ.

۵۳۶: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک شخص کو میری امت سے جدا کرے گا اور اس کے گناہوں کے ننانوے (۹۹) دفتر کھولے جائیں گے۔ ہر دفتر اتنا بڑا ہوگا جہاں تک انسان کی نگاہ پہنچتی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھے اس میں سے کسی کا انکار ہے۔ کیا میرے لکھنے والے محافظ فرشتوں نے تجھ پر ظلم کیا ہے؟۔ وہ عرض کرے گا نہیں اے پروردگار۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تجھے کوئی عذر ہے۔ وہ کہے گا نہیں اے پروردگار۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہمارے پاس تیری ایک نیکی ہے آج تجھ پر کچھ ظلم نہ ہوگا۔ پھر کاغذ کا ایک ٹکڑا نکالا جائے گا جس پر کلمۂ شہادت لکھا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میزان کے پاس حاضر ہوجا۔ وہ کہے گا یا اللہ ان دفتروں کے سامنے اس چھوٹے سے کاغذ کا کیا وزن ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ آج تم پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر ایک پلڑے میں وہ ننانوے (۹۹) دفتر رکھ دیئے جائیں گے اور دوسرے پلڑے میں کاغذ کا وہ پرزہ رکھا جائے گا ۔ دفتروں کا پلڑا ہلکا ہوجائے گا جبکہ کاغذ (کا پلڑا) بھاری ہوگا۔ آپؐ نے فرمایا اور اللہ کے نام کے برابر کوئی چیز نہیں ہوسکتی ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ قتیبہ اسے ابن لہیعہ سے وہ عامر بن یحییٰ سے اسی سند سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں اور بطاقہ (کاغذ کے)

ٹکڑے کو کہتے ہیں۔

۲۱۶: بَابُ اِفْتِرَاقِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

۵۳۷: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ اَبُوْ عَمَّارٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَفَرَّقَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً اَوِاثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَالنَّصَارٰى مِثْلَ ذٰلِكَ وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِىْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَفِى الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۵۳۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِىُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمٍ الْاِفْرِيْقِىِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَاْتِيَنَّ عَلٰى اُمَّتِىْ مَا اَتٰى عَلٰى بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ حَتّٰى اِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ اَتٰى اُمَّهٗ عَلَانِيَةً لَكَانَ فِىْ اُمَّتِىْ مَنْ يَصْنَعُ ذٰلِكَ وَاِنَّ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِىْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً كُلُّهُمْ فِى النَّارِ اِلَّا مِلَّةً وَاحِدَةً قَالُوْا وَ مَنْ هِىَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِىْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مُفَسَّرٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِثْلَ هٰذَا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

۲۱۶: باب امت میں افتراق کے متعلق

۵۳۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہودی اکہتر (۷۱) یا بہتر (۷۲) فرقوں میں تقسیم ہو گئے ۔ اسی طرح نصاری (عیسائی) بھی اور میری امت تہتر (۷۳) فرقوں میں تقسیم ہوگی ۔ اس باب میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، اور عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے ۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۸: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت پر بھی وہی کچھ آئے گا جو بنی اسرائیل پر آیا اور دونوں میں اتنی مطابقت ہوگی جتنی جوتیوں کے جوڑے میں ایک دوسرے کے ساتھ۔ یہاں تک کہ اگر ان کی امت میں سے کسی نے اپنی ماں کے ساتھ اعلانیہ زنا کیا ہوگا تو میری امت میں بھی ایسا کرنے والا آئے گا اور بنو اسرائیل بہتر فرقوں پر تقسیم ہوئی تھی لیکن میری امت تہتر فرقوں پر تقسیم ہوگی اور ان میں سے ایک کے علاوہ سب فرقے جہنمی ہوں گے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ نجات پانے والے کون ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو میرے اور میرے صحابہ کے راستے پر چلیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب مفسر ہے ہم اس کے مثل حدیث اس کے سند کے علاوہ نہیں جانتے۔

فائدہ: گو یہ حدیث حسن غریب ہے لیکن گذشتہ حدیث کو سامنے رکھا جائے تو اس کا مطلب واضح ہو جاتا ہے کہ صحابہ کرامؓ کا گروہ اس میں اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم اجمعین بھی شامل ہیں اور اس کی مؤید دوسری احادیث ہیں کہ ان سب کے راستے میں سے کسی کے راستے پر بھی اخلاص سے چلے گا اور اس کا شہادتین پر ایمان ہوگا تو وہ جنتی ہے امت مرحومہ میں جتنے باطل گروہ خارجی باطنی پیدا ہوئے اگر ان کا شمار کیا جائے تو وہ بہتر (۷۲) ہو جائیں گے ائمہ فقہاء کے راستے فرقے نہیں ہیں مذہب اور مسلک ہیں ان سب کا دین ایک ہے عقائد کی اصل میں ایک ہیں۔ مسائل اور احکام میں اختلاف ہے اور وہ صحابہؓ میں بھی تھا۔ خود نبی اکرم ﷺ کے مبارک زمانے میں اختلاف ہوا لیکن وحی نے آ کر فیصلہ کر دیا۔ ہاں عقائد میں بعد میں آنیوالوں میں اگر شرک جلی ہوا تو وہ افراد یقیناً بہتر فرقوں میں شمار ہوں گے۔ (واللہ اعلم)

۵۳۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ عَیَّاشٍ عَنْ یَحْیٰی بْنِ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّیْلَمِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی خَلَقَ خَلْقَهٗ فِیْ ظُلْمَةٍ فَاَلْقٰی عَلَیْهِمْ مِنْ نُوْرِهٖ فَمَنْ اَصَابَهٗ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ اهْتَدٰی وَمَنْ اَخْطَاَهٗ ضَلَّ فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰی عِلْمِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ۔

۵۳۹: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا۔ پھر ان پر اپنا نور ڈالا۔ پس جس پر وہ نور پہنچا اس نے ہدایت پائی اور جس تک نہیں پہنچا وہ گمراہ ہوگیا۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علم پر قلم خشک ہوگیا۔

یہ حدیث حسن ہے۔

(ف) اس قسم کی احادیث اور آیات میں نور کا اعلان ہدایت پر ہوتا ہے ان کی دور از کار تاویلیں کر کے مخلوق میں سے کسی کو بشریت سے علیحدہ کر کے نور مجسم ثابت کرنا قرآن پاک کی متعدد آیات اور بدیہیات کا انکار ہے۔

۵۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرِیْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَی الْعِبَادِ فَقُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حَقَّهٗ عَلَیْهِمْ اَنْ یَّعْبُدُوْهُ وَلَا یُشْرِكُوْا بِهٖ شَیْئًا قَالَ اَفَتَدْرِیْ مَا حَقُّهُمْ عَلَی اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اَنْ لَّا یُعَذِّبَهُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ۔

۵۴۰: حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کا بندوں پر کیا حق ہے۔ میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا بندوں پر یہ حق ہے کہ وہ صرف اسی کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ پھر فرمایا: کیا جانتے ہو کہ بندوں کا اللہ پر کیا حق ہے؟ میں نے کہا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کہ وہ اپنے بندوں کو عذاب نہ دے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت معاذ بن جبلؓ ہی سے مروی ہے۔

۵۴۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ وَعَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ وَالْاَعْمَشِ كُلُّهُمْ سَمِعُوْا زَیْدَ بْنَ وَهْبٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ فَبَشَّرَنِیْ اَنَّهٗ مَنْ مَّاتَ لَا یُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ نَعَمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ۔

۵۴۱: حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس جبرائیل (علیہ السلام) آئے اور خوشخبری دی کہ جو شخص اس حالت میں مرے گا کہ اللہ کے ساتھ شرک نہیں کرتا ہوگا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ میں نے پوچھا: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ہاں'' یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔

خلاصۃ الباب : عورتوں میں کوتاہیاں اور خرابیاں مردوں کی بہ نسبت زیادہ ہوتی ہیں مثلاً خاوند کی ناشکری اور معمولی باتوں پر لعن طعن کرنا ان کی وجہ سے جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔

انسان چاہے جتنا بڑا کافر ہے ایمان لانے سے مسلمانوں کی جماعت میں داخل ہو جاتا ہے جس طرح مسلمانوں کی عزت و آبرو اور مال محفوظ اسی طرح اس کی بھی حفاظت کی جائے گی اور مسلمانوں پر جو احکام خداوندی ادا کرنے ضروری ہیں اس پر بھی وہی احکام ادا کرنے ضروری ہوں گے۔

اگلی حدیث میں یہ بیان فرمایا گیا ہے اگر کوئی زکوٰۃ کا انکار کرے تو اس کے ساتھ جنگ کرنی چاہئے جس طرح امیر المؤمنین حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ کی تھی۔

یہ بھی بیان ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے اگر ایک میں کمی ہے تو اسلام کی عمارت ناقص ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں شہر حرام (حرمت والا مہینہ) سے مراد ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم اور رجب ہیں عرب ان مہینوں میں جنگ حرام سمجھتے تھے۔ ان مہینوں کی تعظیم کی وجہ سے۔

اَبْوَابُ الْعِلْمِ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علم کے متعلق

رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۲۱۷ : بَابُ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا فَقَّهَهُ فِي الدِّيْنِ

۲۱۷: باب اِس بارے میں کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتے ہیں تو اُسے دین کی سمجھ عطا کر دیتے ہیں

۵۴۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ مُعَاوِيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۴۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، ابو ہریرۃؓ اور معاویہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

فائدہ : اس حدیث اور دیگر متعدد احادیث اور قرآن پاک کی آیات سے فقہ۔ تفقہ کی فضیلت ثابت ہوتی ہے جیسے احادیث سے آیات سے عالم (باعمل) کی عابد پر ثابت ہے۔

۲۱۸ : بَابُ فَضْلُ طَلَبِ الْعِلْمِ

۲۱۸: باب طلبِ علم کی فضیلت

۵۴۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۵۴۳: حضرت ابو ہریرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے علم سیکھنے کے لیے کوئی راستہ اختیار کیا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا ایک راستہ آسان کر دیتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

فائدہ : طریقًا کو اگر نکرہ لے کر ایک راستہ ترجمہ کیا جائے تو بھی صحیح ہے کہ ایک ہی منزل پر پہنچنے کے کئی راستے ہو سکتے ہیں اگر مطلق راستہ ترجمہ کیا جائے تو وہ تو واضح ہی ہے۔

۵۴۴: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَتَكِيُّ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

۵۴۴: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص علم کی تلاش میں نکلے وہ واپس لوٹنے تک اللہ کی راہ میں ہے۔ یہ حدیث حسن

خَرَجَ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ وَهُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَرْجِعَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ فَلَمْ یَرْفَعْهُ.

غریب ہے۔ بعض محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ نے اسے غیر مرفوع روایت کیا ہے۔

۵۴۵: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ حُمَیْدِ الرَّازِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلّٰی نَا زِیَادُ بْنُ خَیْثَمَةَ عَنْ اَبِیْ دَاوٗدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَخْبَرَةَ عَنْ سَخْبَرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضٰی هٰذَا حَدِیْثٌ ضَعِیْفُ الْاِسْنَادِ وَاَبُوْ دَاوٗدَ اِسْمُهٗ نُفَیْعُ الْاَعْمٰی یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ وَلَا یُعْرَفُ لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَخْبَرَةَ كَبِیْرُ شَیْءٍ وَلَا لِاَبِیْهِ.

۵۴۵: حضرت سخبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جس نے علم حاصل کیا تو وہ اس کے پچھلے گناہوں کا کفارہ ہوگا۔

اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔ ابوداؤد کا نام نفیع اعمی ہے۔ وہ محدثین (رحمہم اللہ تعالیٰ) کے نزدیک ضعیف ہیں۔ عبداللہ بن سخبرہ اور ان کے والد کے لیے کچھ زیادہ روایات ثابت نہیں ہیں۔

۲۱۹: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كِتْمَانِ الْعِلْمِ

۲۱۹: باب علم کو چھپانا

۵۴۶: حَدَّثَنَااَحْمَدُ بْنُ بُدَیْلِ بْنِ قُرَیْشٍ الْیَامِیُّ الْكُوْفِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ زَاذَانَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهٗ ثُمَّ كَتَمَهٗ اُلْجِمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنَ النَّارِ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۵۴۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے ایسا سوال کیا گیا جسے وہ جانتا ہے اور اس نے اسے چھپایا تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور عبداللہ بن عمرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث حسن ہے۔

۲۲۰: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاِسْتِیْصَاءِ بِمَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ

۲۲۰: باب طالب علم کے ساتھ خیر خواہی کرنا

۵۴۷: حَدَّثَنَاسُفْیَانُ بْنُ وَكِیْعٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ قَالَ كُنَّا نَاتِیْ اَبَا سَعِیْدٍفَیَقُوْلُ مَرْحَبًا بِوَصِیَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تَبَعٌ وَاِنَّ رِجَالًا یَاْتُوْنَكُمْ مِنْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ یَتَفَقَّهُوْنَ فِی الدِّیْنِ وَاِذَا اَتَوْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَیْرًا قَالَ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ كَانَ شُعْبَةُ یُضَعِّفُ اَبَا هٰرُوْنَ الْعَبْدِیَّ قَالَ یَحْیٰی وَمَا زَالَ ابْنُ عَوْنٍ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیِّ حَتّٰی مَاتَ وَ اَبُوْ هٰرُوْنَ

۵۴۷: ابوہارون کہتے ہیں کہ ہم ابوسعیدؓ کے پاس (علم سیکھنے کیلئے) جایا کرتے تو وہ فرماتے مرحباً .... یعنی میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی وصیت کے مطابق خوش آمدید کہتا ہوں کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگ تمہارے تابع ہیں اور بہت سے لوگ دور دراز کے علاقوں سے تمہارے پاس دین سیکھنے کے لیے آئیں گے جب وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے ساتھ خیر خواہی کا برتاؤ کرنا۔ علی بن عبداللہ، یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں کہ وہ شعبہ، ابو ہارون عبدی کو ضعیف کہتے ہیں۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ ابن عوف، ابو ہارون کی وفات تک ان

اِسْمُهٗ عُمَارَةُ بْنُ جُوَيْنٍ.

سے روایت کرتے رہے۔ ان کا نام عمارہ بن جوین ہے۔

۵۴۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَاْتِيْكُمْ رِجَالٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ يَتَعَلَّمُوْنَ فَاِذَا جَاءُ وْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَيْرًا قَالَ فَكَانَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اِذَا رَاٰنَا قَالَ مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِیْ هٰرُوْنَ الْعَبْدِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِیِّ.

۵۴۸: حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مشرق کی جانب سے بہت سے لوگ تمہارے پاس علم حاصل کرنے کے لیے آئیں گے۔ جب وہ تمہارے پاس آئیں تو انہیں بھلائی کی وصیت کرنا۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوسعیدؓ جب ہمیں دیکھتے تو رسول اللہ ﷺ کی وصیت کے مطابق ہمیں خوش آمدید (مرحباً) کہا کرتے تھے۔ اس حدیث کو ہم صرف ہارون عبدی کی ابوسعید خدریؓ سے روایت سے جانتے ہیں۔

۲۲۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ ذِهَابِ الْعِلْمِ

۲۲۱: باب دنیا سے علم کے اٹھ جانے کے متعلق

۵۴۹: حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهٗ مِنَ النَّاسِ وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَآءِ حَتّٰی اِذَا لَمْ يَتْرُكْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوْسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا وَفِی الْبَابِ عَنْ عَآئِشَةَ وَزِيَادِ بْنِ لَبِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰی هٰذَا الْحَدِيْثَ الزُّهْرِیُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا.

۵۴۹: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اسے لوگوں (کے دلوں) سے کھینچ لے بلکہ علماء کے اٹھ جانے (یعنی وفات) سے علم اٹھ جائے گا یہاں تک کہ جب کوئی عالم نہیں رہے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے۔ چنانچہ ان سے (مسائل) پوچھے جائیں گے تو وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ اور زیاد بن لبیدؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو زہری بھی عروہ سے وہ عبداللہ بن عمرو اور عروہ سے اور وہ عائشہؓ سے اسی کے مثل مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

۵۵۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ثَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَخَصَ بِبَصَرِهٖ اِلَی السَّمَآءِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا اَوَانٌ يُخْتَلَسُ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ حَتّٰی لَا يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰی شَیْءٍ فَقَالَ زِيَادُ بْنُ لَبِيْدِ الْاَنْصَارِیُّ كَيْفَ يُخْتَلَسُ مِنَّا وَقَدْ قَرَاْنَا الْقُرْاٰنَ فَوَاللّٰهِ لَنَقْرَاَنَّهٗ وَلَنُقْرِاَنَّهٗ نِسَاءَ نَا وَاَبْنَاءَ نَا قَالَ

۵۵۰: حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے کہ آپ ﷺ نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھا پھر فرمایا یہ ایسا وقت ہے کہ لوگوں سے علم کھینچا جارہا ہے۔ یہاں تک کہ اس میں سے کوئی چیز ان کے قابو میں نہیں رہے گی۔ زیاد بن لبید انصاری نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: ہم سے کیسے علم سلب کیا جائے گا جبکہ ہم نے قرآن پڑھا ہے اور اللہ کی قسم ہم اسے خود بھی پڑھیں گے اور اپنی اولاد اور عورتوں کو پڑھائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری ماں تم پر روئے اے زیاد میں تو

ثَـعِلَتْکَ اُمُّکَ یَازِیَادُ اِنْ کُنْتُ لَا عُدُّکَ مِنْ فُقَهَآءِ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ هٰذِهِ التَّوْرٰةُ وَالْاِ نْجِیْلُ عِنْدَ الْیَهُوْدِ وَالنَّصَارٰی فَمَا ذَا تُغْنِیْ عَنْهُمْ قَالَ جُبَیْرٌ فَلَقِیْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ فَقُلْتُ اَلَا تَسْمَعُ مَا یَقُوْلُ اَخُوْکَ اَبُو الدَّرْدَآءِ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِیْ قَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ قَالَ صَدَقَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِنْ شِئْتَ لَاُحَدِّثَنَّکَ بِاَوَّلِ عِلْمٍ یُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوْعُ یُوْشِکُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَامِعِ فَلَا تَرٰی فِیْهِ رَجُلاً خَاشِعًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَمُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِیْثِ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا تَکَلَّمَ فِیْهِ غَیْرَ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدِ الْقَطَّانِ وَقَدْ رَوٰی عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ نَحْوَ هٰذَا وَرَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ نُفَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

تمہیں مدینہ کے فقہا میں شمار کرتا تھا۔ کیا تورات اور انجیل یہود ونصاریٰ کے پاس نہیں ہے۔ لیکن انہیں کیا فائدہ پہنچا۔ جبیر کہتے ہیں پھر میری عبادہ بن صامتؓ سے ملاقات ہوئی تو میں نے عرض کیا کہ آپ کے بھائی ابودرداء کیا کہتے ہیں۔ پھر انہیں ان کا قول بتایا تو انہوں نے فرمایا ابودرداء نے سچ کہا اور اگر تم چاہو تو میں تمہیں بتا سکتا ہوں کہ علم میں سے سب سے پہلے کیا اٹھایا جائے گا تو میں تمہیں بتا سکتا ہوں کہ علم میں سے سب سے پہلے کیا اٹھایا جائے وہ خشوع ہے۔ عنقریب ایسا ہوگا کہ تم کسی جامع مسجد میں داخل ہوگے اور پوری مسجد میں ایک خشوع والا آدمی بھی نہیں پاؤ گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور معاویہ بن صالح محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔ ہمیں علم نہیں کہ یحییٰ بن سعید کے علاوہ کسی نے ان کے متعلق اعتراض کیا ہو۔ معاویہ بن صالح بھی اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ بعض راوی اسے عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے وہ اپنے والد سے وہ عوف بن مالک سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے حدیث نقل کرتے ہیں۔

۲۲۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یَطْلُبُ بِعِلْمِهِ الدُّنْیَا

۲۲۲: باب اس شخص کے متعلق جو اپنے علم سے دنیا طلب کرے

۵۵۱: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِیُّ الْبَصْرِیُّ نَا اُمَیَّةُ بْنُ خَالِدٍ نَا اِسْحٰقُ بْنُ یَحْیَی بْنِ طَلْحَةَ ثَنِیْ ابْنُ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِیُجَارِیَ بِهِ الْعُلَمَآءَ اَوْلِیُمَارِیَ بِهِ السُّفَهَآءَ وَیَصْرِفَ بِهِ وُجُوْهَ النَّاسِ اِلَیْهِ اَدْخَلَهُ النَّارَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاِسْحَاقُ بْنُ یَحْیَی بْنِ طَلْحَةَ لَیْسَ بِذٰلِکَ الْقَوِیُّ عِنْدَهُمْ تُکُلِّمَ فِیْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۵۵۱: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس لیے علم سیکھا کہ اس کے ذریعہ سے علماء کا مقابلہ کرے یا بے وقوف لوگوں سے بحث وجھگڑا کرے اور لوگوں کو اس سے اپنی طرف متوجہ کرے (تا کہ وہ اسے مال وغیرہ دیں) تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو جہنم میں داخل کرے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ اسحٰق بن یحییٰ بن طلحہ محدثین کے نزدیک زیادہ قوی نہیں ان کے حافظے پر اعتراض کیا گیا ہے۔

۵۵۲: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْهُنَائِیُّ نَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ عَنْ خَالِدِ بْنِ

۵۵۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے

قُرَيْكِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا لِغَيْرِ اللّٰهِ اَوْاَرَادَبِهٖ غَيْرَ اللّٰهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ.

لیے علم سیکھا یا اس سے غیر اللہ کا ارادہ کیا تو وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ تیار کرے۔

۲۲۳ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحَثِّ عَلٰى تَبْلِيغِ السَّمَاعِ

۲۲۳: باب لوگوں کے سامنے احادیث بیان کرنے کی فضیلت

۵۵۳ : حَدَّثَنَامَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ مِنْ وَلَدِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِنْ عِنْدِ مَرْوَانَ نِصْفَ النَّهَارِ قُلْنَا مَا بَعَثَ اِلَيْهِ هٰذِهِ السَّاعَةَ اِلَّا بِشَيْءٍ يَسْاَلُهٗ عَنْهُ فَقُمْنَا فَسَاَلْنَا هُ فَقَالَ نَعَمْ سَاَلَنَا عَنْ اَشْيَاءَ سَمِعْنَا هَامِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَءً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهٗ حَتّٰى يُبَلِّغَهٗ غَيْرُهٗ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيْهٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَجُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ وَ اَنَسٍ حَدِيْثُ زَيْدِ ابْنِ ثَابِتٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۵۵۳: حضرت ابان بن عثمانؓ کہتے ہیں کہ زید بن ثابتؓ ایک مرتبہ مروان کے پاس سے دوپہر کے وقت نکلے۔ ہم نے سوچا کہ یقیناً انہیں مروان نے کچھ پوچھنے کے لیے بلایا ہوگا۔ ہم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا تو انہوں نے فرمایا ہاں اس (مروان) نے ہم سے چند ایسی باتیں پوچھیں جو ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہیں۔ میں نے آپ ﷺ سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جس نے ہم سے کوئی حدیث سنی پھر اسے یاد رکھا یہاں تک کہ اسے دوسروں تک پہنچایا اس لیے کہ بہت سے فقیہ اسے اپنے سے زیادہ فقیہ شخص کے پاس لے جاتے ہیں اور بہت سے حاملین فقہ خود فقیہ[1] نہیں ہوتے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، معاذ بن جبلؓ، جبیر بن مطعمؓ، ابودرداءؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت زید بن ثاب کی حدیث حسن ہے۔

۵۵۴ : حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهٗ كَمَا سَمِعَهٗ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۵۴: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے چہرے کو تروتازہ رکھے (یعنی اسے خوش رکھے) جس نے ہم سے کوئی چیز (بات) سنی اور پھر بالکل اسی طرح دوسروں تک پہنچادی جس طرح سنی تھی۔ اس لیے کہ بہت سے ایسے لوگ جنہیں حدیث پہنچے گی وہ سننے والے سے زیادہ سمجھ اور علم رکھتے ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۲۴ : بَابُ مَاجَاءَ فِي تَعْظِيْمِ الْكَذِبِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۲۴: باب اس بارے میں کہ رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھنا بہت بڑا گناہ ہے

۵۵۵ : حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

۵۵۵: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

[1]: یہاں فقیہ سے مراد حدیث کے علوم پر دسترس رکھنے والا اور احادیث کو یاد کرنے والا ہے اور اس کا صحیح مفہوم سمجھنے والا ہے (واللہ اعلم۔ مترجم)

نَا عَاصِمٌ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری طرف جھوٹ منسوب کیا وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ تیار کرے۔

۵۵۶: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ ابْنُ ابْنَةِ السُّدِّيِّ نَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكْذِبُوْا عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ يَلِجُ النَّارَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَعَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَ مُعَاوِيَةَ وَبُرَيْدَةَ وَاَبِيْ مُوْسٰى وَاَبِيْ اُمَامَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَالْمُنْقَعِ وَ اَوْسِ الثَّقَفِيِّ حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ اَثْبَتُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَقَالَ وَكِيْعٌ لَمْ يَكْذِبْ رِبْعِيُّ ابْنُ حِرَاشٍ فِي الْاِسْلَامِ كَذْبَةً.

۵۵۶: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری طرف جھوٹ منسوب نہ کیا کرو اس لیے کہ جس نے ایسا کیا وہ دوزخ میں جائے گا۔ اس باب میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ، زبیر رضی اللہ عنہ، سعید بن زید رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، ابوسعید رضی اللہ عنہ، عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ، عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، معاویہ رضی اللہ عنہ، بریدہ رضی اللہ عنہ، ابوموسیٰؓ، ابوامامہؓ، عبداللہ بن عمرؓ، مفقعؓ اور اوس ثقفیؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت علیؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ عبدالرحمن بن مہدی کہتے ہیں کہ منصور بن معتمر اہل کوفہ میں سے اثبت ہیں۔ وکیع کہتے ہیں کہ ربعی حراش نے اسلام میں کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

۵۵۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ حَسِبْتُ اَنَّهُ قَالَ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتَهُ مِنَ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۵۵۷: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھے پر جھوٹ باندھا (راوی کہتے میرے خیال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قصداً بھی فرمایا) وہ دوزخ میں اپنا گھر تلاش کرے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے۔

۲۲۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ رَوٰى حَدِيْثًا وَ هُوَ يَرٰى اَنَّهُ كَذِبٌ

۲۲۵: باب موضوع احادیث بیان کرنا

۵۵۸: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِيْ شَبِيْبٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ حَدِيْثًا وَهُوَ يُرٰى اَنَّهُ كَذِبٌ فَهُوَ اَحَدُ

۵۵۸: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میری طرف منسوب کر کے کوئی حدیث بیان کرے اور اسے گمان ہو کہ یہ جھوٹ ہے تو وہ جھوٹوں میں سے ایک (جھوٹا) ہے۔ اس باب میں حضرت علی

الْكَاذِبِيْنَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَسَمُرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَرَوَى الْاَعْمَشُ وَابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَاَنَّ حَدِيْثُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ سَمُرَةَ عِنْدَاَهْلِ الْحَدِيْثِ اَصَحُّ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبَا مُحَمَّدٍ عَنْ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ حَدِيْثًا وَهُوَ يُرٰى اَنَّهُ كَذِبٌ فَهُوَاَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ قُلْتُ لَهُ مَنْ رَوٰى حَدِيْثًا وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّ اِسْنَادَهُ خَطَاٌ اَيُخَافُ اَنْ يَكُوْنَ قَدْ دَخَلَ فِيْ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْاِذَا رَوَى النَّاسُ حَدِيْثًا مُرْسَلاً فَاَسْنَدَهُ بَعْضُهُمْ اَوْقَلَبَ اِسْنَادَهُ يَكُوْنُ قَدْ دَخَلَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ لَا اِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اِذَا رَوَى الرَّجُلُ حَدِيْثًا وَلَا يَعْرِفُ لِذٰلِكَ الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْلاً فَحَدَّثَ بِهٖ فَاَخَافُ اَنْ يَكُوْنَ قَدْدَخَلَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور سمرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسے شعبہ حکم سے وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے وہ سمرہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ اعمش اور ابن ابی لیلیٰ بھی اسے حکم سے وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے وہ علیؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی حدیث محدثین کے نزدیک زیادہ صحیح ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا کہ ''جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث بیان کی جبکہ وہ جانتا ہے کہ جھوٹ ہے تو وہ بھی ایک جھوٹا ہے'' تو کیا وہ شخص بھی اس میں داخل ہے جو ایک حدیث روایت کرے اور وہ جانتا ہو کہ اس کی سند غلط ہے یا وہ حدیث مسند بیان کی جسے بعض نے مرسل بیان کیا یا سند الٹ دی۔ حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا ''نہیں'' کیونکہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کسی نے ایسی حدیث روایت کی جس کی کوئی اصل نہیں اور وہ اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرتا ہے، تو مجھے ڈر ہے کہ وہ اس حدیث کے مطابق جھوٹا ہے۔

۲۲۶: بَابُ مَانُهِيَ عَنْهُ اَنْ يُّقَالَ عِنْدَ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۲۶: باب اس بارے میں کہ حدیث سن کر کیا الفاظ نہ کہے جائیں

۵۵۹: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ وَسَالِمِ اَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ وَغَيْرُهُ رَفَعَهُ قَالَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ يَاْتِيْهِ اَمْرٌ مِمَّا اَمَرْتُ بِهٖ اَوْنَهَيْتُ عَنْهُ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ مَا وَجَدْنَا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَسَالِمِ اَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ

۵۵۹: حضرت محمد بن منکدر اور سالم ابونضر، عبیداللہ بن ابی رافع سے وہ اپنے والد ابورافع سے اور ان کے علاوہ راوی اسے مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں تم لوگوں میں کسی شخص کو اس حالت میں نہ پاؤں کہ وہ اپنے تخت پر تکیہ لگائے بیٹھا ہو اور اس کے پاس کوئی ایسی بات آئے جس کا میں نے حکم دیا یا جس سے میں نے منع کیا تو وہ کہے میں نہیں جانتا۔ ہم تو جو چیز قرآن میں پائیں گے اس کی پیروی کریں گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض اس حدیث کو سفیان سے وہ ابن منکدر سے اور وہ نبی

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اِذَا رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَلَى الْاِنْفِرَ ادِ بَيَّنَ حَدِيْثَ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ مِنْ حَدِيْثِ سَالِمِ اَبِى النَّضْرِ وَاِذَا جَمَعَهُمَا رَوٰى وَهٰكَذَا اَبُوْرَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمُهٗ اَسْلَمُ.

اکرم ﷺ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں ۔ پھر سالم ابونضر، عبیداللہ بن ابی رافع سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ابن عینیہ اس حدیث کوصرف ابن منکدر سے بیان کرتے وقت فرق واضح کر دیتے اور جب دونوں (ابن منکدر اور سالم ابونضر) سے بیان کرے تو اسی طرح بیان کرتے۔ ابورافع رسول اللہ ﷺ کے مولیٰ ہیں۔ان کا نام اسلم ہے۔

۵۶۰ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ جَابِرٍ اللَّخْمِيِّ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا هَلْ عَسٰى رَجُلٌ يَبْلُغُهُ الْحَدِيْثُ عَنِّىْ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا هُ فِيْهِ حَرَامًا حَرَّمْنَا هُ وَاِنَّ مَاحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۶۰: حضرت مقدام بن معدیکربؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جان لو کہ عنقریب ایسا وقت آنے والا ہے کہ کسی شخص کو میری کوئی حدیث پہنچے گی اور وہ تکیہ لگائے ہوئے اپنی مسند پر بیٹھا ہوا کہے گا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب (کافی) ہے۔پس ہم جو کچھ اس میں حلال پائیں گے اسے حلال سمجھیں گے اور جو حرام پائیں گے اسے حرام سمجھیں گے جبکہ (حقیقت یہ ہے کہ) جسے اللہ کے رسول اللہ ﷺ نے حرام کیا وہ بھی اسی چیز کی طرح ہے جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۲۲۷ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

۲۲۷: باب کتابت علم کی کراہت کے متعلق

۵۶۱ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ اِسْتَاْذَنَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْكِتَابَةِ فَلَمْ يَاْذَنْ لَنَا وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ الْوَجْهِ اَيْضًا عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَرَوَاهُ هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ.

۵۶۱: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث لکھنے کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے اجازت نہیں دی[1] ۔ یہ حدیث اس سند کے علاوہ بھی زید بن اسلم سے منقول ہے ہمام اسے زید بن اسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۲۲۸ . بَابُ مَاجَاءَ فِى الرُّخْصَةِ فِيْهِ

۲۲۸: باب کتابت علم کی اجازت کے متعلق

۵۶۲ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ الْخَلِيْلِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ يَجْلِسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَسْمَعُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ

۵۶۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں بیٹھا کرتے اور احادیث سنتے تھے وہ انہیں بہت پسند کرتے لیکن یاد نہ رکھ سکتے تھے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اس بات کی شکایت کی کہ یا رسول اللہ ﷺ

---

[1] حدیث لکھنے کی ممانعت کا حکم ابتدائے اسلام میں تھا تا کہ قرآن وحدیث ایک دوسرے میں مل نہ جائیں اور لوگ پورے کو ہی قرآن نہ سمجھنے لگیں لیکن جب یہ خدشہ ختم ہوگیا تو نبی اکرم ﷺ نے کئی صحابہؓ کو احادیث لکھنے کی اجازت دے دی تھی۔(مترجم)

فَيُعْجِبُهُ وَلَا يَحْفَظُهُ فَشَكَى ذٰلِكَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَا سْمَعُ مِنْكَ الْحَدِيْثَ فَيُعْجِبُنِيْ وَلَا اَحْفَظُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَعِنْ بِيَمِيْنِكَ وَاَوْمَاءَ بِيَدِهِ الْخَطَّ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِذَاكَ الْقَائِمِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَقُوْلُ الْخَلِيْلُ بْنُ مُرَّةَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

میں آپ ﷺ سے حدیثیں سنتا ہوں مجھے وہ اچھی لگتی ہیں لیکن میں یاد نہیں رکھ سکتا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے دائیں ہاتھ سے مدد لو اور آپ ﷺ نے ہاتھ سے لکھنے کا اشارہ فرمایا۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ خلیل بن مرہ منکر الحدیث ہے۔

۵۶۳: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَذَكَرَ قِصَّةً فِي الْحَدِيْثِ فَقَالَ اَبُوْ شَاهٍ اُكْتُبُوْا لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُكْتُبُوْا لِاَبِيْ شَاهٍ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَى شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ مِثْلَ هٰذَا.

۵۶۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ خطبہ دیا (پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث میں پورا قصہ ذکر کیا) کہ ایک شخص ابو شاہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یہ خطبہ مجھ کو لکھوا دیجیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ابو شاہ کو لکھ دو۔ اس حدیث میں ایک قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور شیبان بھی یحییٰ بن ابی کثیر سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۵۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَخِيْهِ وَهُوَ هَمَّامُ بْنُ مُنَبِّهٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّيْ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَاِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَكُنْتُ لَا اَكْتُبُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَوَهْبُ بْنُ مُنَبِّهٍ عَنْ اَخِيْهِ هُوَ هَمَّامُ بْنُ مُنَبِّهٍ.

۵۶۴: حضرت ہمام بن منبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے عبداللہ بن عمروؓ کے علاوہ کوئی صحابی مجھ سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث روایت کرنے والا نہیں وہ بھی اس لیے کہ وہ (عبداللہ بن عمرو) لکھ لیا کرتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ وہب بن منبہ اپنے بھائی ہمام بن منبہ سے روایت کرتے ہیں۔

۲۲۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحَدِيْثِ عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ

۲۲۹: باب بنی اسرائیل سے روایت کرنے کے متعلق

۵۶۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ الْعَابِدِ الشَّامِيِّ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً وَحَدِّثُوْا عَنْ

۵۶۵: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے (سن کر) دوسروں تک پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہو اور بنی اسرائیل سے روایت کرو اس میں کوئی حرج نہیں اور جس نے مجھ پر جان

بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِیَّةَ عَنْ اَبِیْ کَبْشَةَ السَّلُوْلِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ ﷺ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں تلاش کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اسے محمد بن بشار، ابوعاصم سے وہ اوزاعی سے وہ حسان بن عطیہ سے وہ ابوکبشہ سلولی سے وہ عبداللہ بن عمرو سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۳۰: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهٖ

۲۳۰: باب اس بارے میں کہ نیکی کا راستہ بتانے والا اس پر عمل کرنے والے کی طرح ہے

۵۶۶: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْکُوْفِیُّ نَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِیْرٍ عَنْ شَبِیْبِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ یَسْتَحْمِلُهٗ فَلَمْ یَجِدْ عِنْدَهٗ مَا یَحْمِلُهٗ فَدَلَّهٗ عَلٰی اٰخَرَ فَحَمَلَهٗ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ اِنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهٖ وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ وَ بُرَیْدَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۵۶۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ سے سواری مانگنے کیلئے آیا لیکن آپ ﷺ کے پاس سواری نہیں تھی۔ آپ ﷺ نے اسے دوسرے کسی شخص کے پاس بھیج دیا اس نے اسے سواری دے دی تو وہ دوبارہ آپ ﷺ کی خدمت میں یہ بتانے کے لیے حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا خیر کا راستہ بتانے والا اس پر عمل کرنے والے ہی کی طرح ہے۔ اس باب میں حضرت ابومسعودؓ اور بریدہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند یعنی حضرت انسؓ کی روایت سے غریب ہے۔

۵۶۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّیْبَانِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْبَدْرِیِّ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَسْتَحْمِلُهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ اُبْدِعَ بِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِئْتِ فُلَانًا فَاَتَاهُ فَحَمَلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ اَوْ قَالَ عَامِلِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیُّ اِسْمُهٗ سَعْدُ بْنُ اِیَاسٍ وَاَبُوْ مَسْعُوْدِ الْبَدْرِیُّ اِسْمُهٗ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو.

۵۶۷: حضرت ابومسعودؓ بدریؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس سواری مانگنے کے لیے حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرا جانور مر گیا ہے تو آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ فلاں کے پاس جاؤ۔ وہ اس کے پاس گیا تو اس نے اسے سواری دے دی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کسی کو بھلائی کا راستہ بتائے اس کے لیے بھی اتنا ہی اجر ہے جتنا (نیکی) کرنے والے کیلئے یا فرمایا جتنا اس پر عمل کرنے والے کے لیے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوعمرو شیبانی کا نام سعید بن ایاس ہے۔ ابومسعود بدریؓ کا نام عقبہ بن عمروؓ ہے۔

۵۶۸: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ قَالَ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ وَلَمْ یَشُکَّ فِیْهِ.

۵۶۸: ہم سے روایت کی حسن بن علی خلال نے انہوں نے عبداللہ بن نمیر سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے ابی عمرو شیبانی سے انہوں نے ابی مسعود سے اور وہ نبی ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں 'مِثْلُ اُجْرِ فَاعِلِهٖ'' کے

الفاظ بغیر شک کے مذکور ہیں۔

۵۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِشْفَعُوْا وَلْتُوْجَرُوْا وَلْيَقْضِي اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ مَاشَآءَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَبُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى وَقَدْرَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَبُرَيْدٌ يُكْنٰى اَبَا بُرْدَةَ هُوَ ابْنُ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ.

۵۶۹: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شفاعت (سفارش) کیا کرو تا کہ اجر حاصل کرو۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی زبان پر وہی جاری کرتا ہے۔ جو وہ چاہتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اسے برید بن عبداللہ بن ابی بردہ بن ابی موسیٰ سے سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ نے روایت کیا ہے۔ برید جن کی کنیت ابو بردہ ہے وہ حضرت ابوموسیٰ اشعری کے بیٹے ہیں۔

۵۷۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ وَ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا وَذٰلِكَ لِاَنَّهٗ اَوَّلُ مَنْ اَسَنَّ الْقَتْلَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ سَنَّ الْقَتْلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۷۰: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص ایسا نہیں کہ وہ مظلوم ہوتے ہوئے قتل کیا جائے اور اس کا گناہ آدمؑ کے بیٹے کو نہ پہنچے اس لیے کہ اس نے قتل کا طریقہ جاری کیا۔ عبدالرزاق نے "اَسَنَّ" کی "سَنَّ" کا لفظ ذکر کیا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى فَاتُّبِعَ

۲۳۱: باب اس شخص کے بارے میں جس نے ہدایت کی طرف بلایا اور لوگوں نے اس کی تابعداری کی

۵۷۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى كَانَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ اُجُوْرِ مَنْ يَّتَّبِعُهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا اِلٰى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ يَّتَّبِعُهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اٰثَامِهِمْ شَيْئًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۷۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے لوگوں کو ہدایت کی طرف بلایا اس کے لیے اس راستے پر چلنے والوں کی مثل ثواب ہے۔ اور اس سے ان کے ثواب میں سے کچھ بھی کم نہ ہوگا اور جس نے گناہ کی دعوت دی اس کے لیے بھی اتنا گناہ ہے جتنا اس کی اتباع کرنے والوں پر اور اس میں بھی ان کے گناہ میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۷۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ نَا

۵۷۲: حضرت جریر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ

الْمَسْعُوْدِیُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ سَنَّ سُنَّةَ خَيْرٍ فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا فَلَهٗ اَجْرُهٗ وَمِثْلُ اُجُوْرِ مَنِ اتَّبَعَهٗ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَّمَنْ سَنَّ سُنَّةَ شَرٍّ فَاُتُّبِعَ عَلَيْهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهٗ وَمِثْلُ اَوْزَارِ مَنِ اتَّبَعَهٗ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئًا وَفِی الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٰذَا وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا۔

نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ[1] جاری کیا اور اس میں اس کی اتباع کی گئی تو اس کے لیے بھی اس کے تبعین کے برابر ثواب ہوگا اور انکے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ جبکہ اگر کسی نے برائی کے کسی طریقے کو رواج دیا اور لوگوں نے اس کی اتباع کی تو اس کے لیے بھی اتنا ہی گناہ ہوگا جتنا اس کی اتباع کرنے والوں کے لیے اور انکے گناہ میں کوئی کمی نہیں آئے گی اس باب میں حضرت حذیفہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے جریر بن عبداللہؓ ہی سے مرفوعاً مروی ہے۔ منذر بن جریر بن عبداللہ بھی اسے اپنے والد سے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔ اسی طرح عبیداللہ بن جریر بھی اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

خلاصة الباب: "یفقہ" یہ "فقہ" سے مشتق ہے۔ فقہ کے معنی سمجھ بوجھ کے ہیں علم دین کا حاصل ہو جانا اور دین کی سمجھ بوجھ کا مل جانا یہ دونوں الگ الگ چیزیں ہیں یعنی ایک یہ ہے کہ طہارت، نجاست یا نماز، روزے، زکوٰۃ حج کے مسائل معلوم کرے۔ دین کی سمجھ بوجھ یہ ہے کہ وہ یہ سمجھے کہ اس کے ہر قول وفعل اور حرکت وسکون کا آخرت میں اس سے حساب لیا جائے گا اس کو اس دنیا میں کس طرح رہنا چاہیئے دراصل اسی فکر کا نام دین کی سمجھ بوجھ ہے اسی لئے امام اعظم ابوحنیفہؒ نے فقہ کی تعریف یہ کی ہے کہ انسان ان تمام کاموں کو سمجھ لے جن کا کرنا اس کے لئے ضروری ہے اور جن سے بچنا اس کے لئے ضروری ہے خواہ وہ کتابوں سے حاصل کرے یا اساتذہ کی صحبت میں بیٹھنے سے حاصل ہو۔ (۲) علم کی تلاش کے لئے جو بھی قدم اُٹھے گا خواہ کوئی دور دراز کا سفر ہو یا چند قدم چلنا ہو سب اس فضیلت میں آئے گا اور علم خواہ ایک مسئلہ ہو اور دین کی ایک بات کا ہو یا پورے شرعیہ واسلامیہ کا حاصل کرنا مقصود ہو سب طلب علم ہے اور ہر ایک پر حسب مراتب اجر وثواب ملے گا (۳) جس طرح خدا تعالیٰ نے انسان کی جسمانی ضروریات پانی، ہوا اور آگ وغیرہ کو بالکل عام رکھا ہوا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ اس بات کو بھی پسند نہیں کرتا کہ انسان کی روحانی ضروریات علم وہدایت پر کوئی پابندی لگائے اور دوسروں تک نہ پہنچنے دے اس لئے مختلف طریقوں سے اسے عام کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اور اسے روکنے والوں کو طرح طرح کی وعیدیں سنائی گئی ہیں (۴) مقصد یہ ہے کہ وہ علم جو رضائے الٰہی کا ذریعہ تھا اُسے اس حقیر مقصد کے لئے استعمال کرنا اور بھی اس طرح کہ سوائے دنیا کمانے کے کوئی دوسری غرض ہی اس علم سے نہ ہو یہ غلط ہے حضرت حسن بصریؒ نے ایک شخص کو دیکھا کہ رسّی پر چل کر لوگوں کو کرتب دکھا رہا ہے اور پیسے مانگ رہا ہے فرمایا کہ یہ شخص ان لوگوں سے بہتر ہے جو دین کے ذریعہ دنیا کماتے ہیں (۵) مطلب یہ کہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی حجت اور دلیل ہے جس طرح قرآن مجید ہے قرآن پاک کو ماننے اور حدیث کو نہ ماننے اور قبول نہ کرے وہ شخص مؤمن نہیں یہ بات بھی لحاظ رکھنے کے قابل ہے کہ حدیث کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس

---

[1] اچھے طریقے سے مراد یہ ہے کہ کسی سنت کو زندہ کیا یا کسی اسلامی شعار کو جاری کیا یا کسی عمل کو مسنون طریقے کے مطابق جاری کرایا وغیرہ (مترجم)

طرح یاد کرتے اور لکھتے تھے جس طرح قرآن مجید کو لکھتے تھے جیسا کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ احادیث تحریر کرتے تھے کسی نے کہہ دیا کہ حضور ﷺ کی ہر بات نہ لکھا کرو کیونکہ آپ ﷺ کبھی غصہ کی حالت میں ہوتے ہیں جب حضور ﷺ کو علم ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو لکھا کرو میری زبان سے حق بات ہی نکلتی ہے۔ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى یعنی آپ ﷺ اپنی خواہش سے نہیں بولتے بلکہ وحی ہوتی ہے تو بولتے ہیں۔ بہرحال حدیث باب میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک زمانہ آئے گا کہ ایک شخص حدیث سن کر کہے گا کہ ہمیں کتاب اللہ کافی ہے ہمارے اس دور کے کچھ لوگ مراد ہیں جو منکرینِ حدیث ہیں (۶) بنی اسرئیل سے روایت کرو اس میں کوئی حرج نہیں کا مطلب یہ ہے کہ جب تک قرآن وحدیث کے منافی نہ ہو (۷) حدیث باب سے جس طرح کسی سنت یا کسی اسلامی شعار کو جاری پر ثواب کا وعدہ ہے اسی طرح کسی بدعت یا ظالمانہ قانون یا خلاف شریعت ادارہ قائم و جاری کرنے پر وعید شدید بھی سنائی ہے۔

۲۳۲: بَابُ الْاَخْذِ بِالسُّنَّةِ وَاجْتِنَابِ الْبِدْعَةِ

۵۷۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ بُحَيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَعْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ يَرٰى اِخْتِلَافًا كَثِيْرًا وَ اِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّهَا ضَلَالَةٌ فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَدْ رَوٰى ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا۔

۵۷۴: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا اَبُوْعَاصِمٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ عَنِ

۲۳۲: باب سنت پر عمل اور بدعت سے اجتناب کرنے کے بارے میں

۵۷۳: حضرت عرباض بن ساریہؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز کے بعد ہمیں نہایت بلیغ وعظ فرمایا جس سے آنکھوں سے آنسو جاری اور دل کانپنے لگے۔ ایک شخص نے کہا یہ تو رخصت ہونے والے شخص کے وعظ جیسا ہے۔ یا رسول اللہ ﷺ آپ ہمیں کیا وصیت کرتے ہیں۔ فرمایا میں تم لوگوں کو تقویٰ اور سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں خواہ تمہارا حاکم حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ اس لیے کہ تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ بہت سے اختلاف دیکھے گا۔ خبردار (شریعت کے خلاف) نئی باتوں سے بچنا کیونکہ یہ گمراہی کا راستہ ہے۔ لہٰذا تم میں سے جو شخص یہ زمانہ پائے اسے چاہیے کہ میرے اور خلفاء راشدین مہدیین (ہدایت یافتہ) کی سنت کو لازم پکڑے۔ تم لوگ اسے (سنت کو) دانتوں سے مضبوطی سے پکڑلو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ثور بن یزید اسے خالد بن معدان سے وہ عبدالرحمٰن بن عمرو سلمی سے وہ عرباض بن ساریہ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۵۷۴: حسن بن علی خلال اور کئی راوی اس حدیث کو ابو عاصم سے وہ ثور بن یزید سے وہ خالد بن معدان سے وہ عبدالرحمٰن بن عمرو سلمی سے وہ عرباض بن ساریہ سے اور وہ

الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَ الْعِرْبَاضُ بْنُ سَارِيَةَ يُكْنَى اَبَا نَجِيحٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ حُجْرِ بْنِ حُجْرٍ عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ عرباض کی کنیت ابونجیح ہے۔ حجر بن حجر کے واسطہ سے بھی یہ حدیث حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ ہی کے حوالے سے مرفوعاً منقول ہے۔

۵۷۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ اِعْلَمْ قَالَ مَا اَعْلَمُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُ مَنْ اَحْيٰى سُنَّةً مِنْ سُنَّتِيْ قَدْ اُمِيْتَتْ بَعْدِيْ كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَّمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةً ضَلَالَةٍ لَا يَرْضَاهَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اَوْزَارِ النَّاسِ شَيْئًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا هُوَ مِصِّيْصِيٌّ شَامِيٌّ وَكَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ.

۵۷۵: حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بلال بن حارثؓ سے فرمایا کہ جان لو۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا جان لوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ جس نے میرے بعد کوئی ایسی سنت زندہ کی جو مردہ ہو چکی تھی تو اس کے لیے بھی اتنا ہی اجر ہوگا جتنا اسی پر عمل کرنے والے کے لیے۔ اس کے باوجود ان کے اجر وثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور جس نے گمراہی کی بدعت نکالی جسے اللہ اور اس کا رسول اللہ ﷺ پسند نہیں کرتے تو اس پر اتنا ہی گناہ ہے جتنا اس برائی کا ارتکاب کرنے والوں پر ہے اور اس سے انکے گناہوں کے بوجھ میں بالکل کمی نہیں آئے گی۔ یہ حدیث حسن ہے اور محمد بن عیینہ مصیصی شامی ہیں جبکہ کثیر بن عبداللہ، عمرو بن عوف مزنی کے بیٹے ہیں۔

۵۷۶: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ الْاَنْصَارِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بُنَيَّ اِنْ قَدَرْتَ اَنْ تُصْبِحَ وَتُمْسِيَ لَيْسَ فِيْ قَلْبِكَ غِشٌّ لِاَحَدٍ فَافْعَلْ ثُمَّ قَالَ لِيْ يَا بُنَيَّ وَذٰلِكَ مِنْ سُنَّتِيْ وَمَنْ اَحْيٰى سُنَّتِيْ فَقَدْ اَحَبَّنِيْ وَ مَنْ اَحَبَّنِيْ كَانَ مَعِيْ فِي الْجَنَّةِ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ ثِقَةٌ وَاَبُوْهُ ثِقَةٌ وَعَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ صَدُوْقٌ اِلَّا اَنَّهُ رُبَّمَا يَرْفَعُ الشَّيْءَ الَّذِيْ يُوْقِفُهُ غَيْرُهُ وَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ بَشَّارٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ شُعْبَةُ نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ وَكَانَ

۵۷۶: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بیٹے اگر تجھ سے ہو سکے تو اپنی صبح وشام اس حالت میں کر کہ تیرے دل میں کسی کے لیے کوئی برائی نہ ہو پس تو ایسا کر۔ پھر فرمایا اے بیٹے یہ میری سنت ہے اور جس نے میری سنت کو زندہ کیا گویا کہ اس نے مجھ سے محبت کی جس نے مجھ سے محبت کی وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔ اس حدیث میں ایک طویل قصہ ہے اور یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ محمد بن عبداللہ انصاری اور ان کے والد (دونوں) ثقہ ہیں۔ علی بن زید سچے ہیں لیکن وہ ایسی اکثر روایات کو مرفوع کہہ دیتے ہیں جو دوسرے راوی موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ میں نے محمد بن بشار سے سنا وہ ابوولید سے شعبہ کا قول نقل کرتے ہیں انہوں

رَفَّاعًا وَلاَ نَعْرِفُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَنَسٍ رِوَايَةً إِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ وَقَدْرَوٰى عَبَّادُ الْمِنْقَرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَ ذَاكَرْتُ بِهِ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ فَلَمْ يَعْرِفْهُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَلاَ غَيْرَهُ وَ مَاتَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ سَنَةَ ثَلاَثٍ وَتِسْعِيْنَ وَمَاتَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بَعْدَ بِسَنَتَيْنِ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ.

نے کہا کہ ہم سے علی بن زید نے بیان کیا کہ ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سعید بن میتب کی صرف یہی طویل روایت معلوم ہے۔ عباد منقری یہ حدیث علی بن زید سے اور وہ انسؓ سے نقل کرتے ہیں لیکن اس میں سعید بن میتب کا ذکر نہیں کرتے۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بھی اسے نہیں پہچانا۔ انس بن مالک رضی اللہ عنہ ۹۳ھ میں فوت ہوئے جبکہ سعید بن میتب کا انتقال ۹۵ھ میں ہوا۔

۲۳۳: بَابُ فِي الْاِنْتِهَاءِ عَمَّانَهٰى عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۳۳: باب جن چیزوں سے نبی اکرم ﷺ نے منع فرمایا انہیں ترک کرنا

۵۷۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتْرُكُوْنِيْ مَاتَرَكْتُكُمْ فَاِذَا حَدَّثْتُكُمْ فَخُذُوْا عَنِّيْ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلاَفِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَآئِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۷۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اسی پر چھوڑ دو جس پر میں تمہیں چھوڑ دوں اور جب میں تمہارے لئے کوئی چیز بیان کروں تو اسے مجھ سے سیکھ لیا کرو کیونکہ تم سے پہلی امتیں زیادہ سوال کرنے اور اپنے انبیاء کے متعلق اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوگئیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۳۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ

۲۳۴: باب مدینہ کے عالم کی فضیلت کے متعلق

۵۷۸: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ وَ اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ قَالاَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رِوَايَةً يُوْشِكُ اَنْ يَّضْرِبَ النَّاسُ اَكْبَادَ الْاِبِلِ يَطْلُبُوْنَ الْعِلْمَ فَلاَ يَجِدُوْنَ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ حَدِيْثُ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَقَدْرُوِيَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ اَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذَا مَنْ عَالِمُ الْمَدِيْنَةِ اِنَّهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ قَالَ اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰى وَسَمِعْتُ ابْنَ عُيَيْنَةَ قَالَ هُوَ الْعُمَرِيُّ الزَّاهِدُ وَاسْمُهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَسَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ مُوْسٰى يَقُوْلُ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ هُوَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ.

۵۷۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب لوگ علم حاصل کرنے کے لیے (دور دراز سے) اونٹوں پر سفر کریں گے۔ وہ لوگ مدینہ کے عالم سے کسی کو علم میں زیادہ نہیں پائیں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابن عینیہ ہی سے منقول ہے کہ اس عالم مدینہ سے مراد امام مالک بن انس رضی اللہ عنہ ہیں۔ اسحٰق بن موسیٰ کہتے ہیں کہ میں نے ابن عینیہ سے سنا کہ وہ عمری زاہد ہیں ان کا نام عبدالعزیز بن عبداللہ ہے۔ یحییٰ بن موسیٰ فرماتے ہیں، عبدالرزاق کا قول ہے کہ وہ عالم مالک بن انسؒ ہیں۔

۲۳۵ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ الْفِقْهِ عَلَی الْعِبَادَةِ

۲۳۵: باب اس بارے میں کہ علم عبادت سے افضل ہے

۵۷۹ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ نَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی نَا الْوَلِیْدُ هُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ نَا رَوْحُ بْنُ جَنَاحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقِیْهٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَلاَ نَعْرِفُهُ اِلَّامِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ الْوَلِیْدِ بْنِ مُسْلِمٍ۔

۵۷۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فقیہ (یعنی عالم) شیطان پر ایک ہزار عابدوں سے بھی زیادہ سخت ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف ولید بن مسلم کی روایت سے اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۸۰ : حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ الْوَاسِطِیُّ نَا عَاصِمُ بْنُ رَجَآءِ بْنِ حَیْوَةَ عَنْ قَیْسِ بْنِ کَثِیْرٍ قَالَ قَدِمَ رَجُلٌ مِنَ الْمَدِیْنَةِ عَلٰی اَبِی الدَّرْدَآءِ وَهُوَ بِدِمَشْقَ فَقَالَ مَا اَقْدَمَکَ یَا اَخِیْ قَالَ حَدِیْثٌ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاجِئْتَ لِحَاجَةٍ قَالَ لاَ قَالَ اَمَا قَدِمْتَ لِتِجَارَةٍ قَالَ لاَ قَالَ مَاجِئْتُ اِلَّا فِیْ طَلَبِ هٰذَا الْحَدِیْثِ قَالَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَلَکَ طَرِیْقًا یَبْتَغِیْ فِیْهِ عِلْمًا سَلَکَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِیْقًا اِلَی الْجَنَّةِ وَ اِنَّ الْمَلٰئِکَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا رِضًی لِّطَالِبِ الْعِلْمِ وَاِنَّ الْعَالِمَ لَیَسْتَغْفِرُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ حَتَّی الْحِیْتَانُ فِی الْمَآءِ وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰی سَآئِرِ الْکَوَاکِبِ وَاِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَآءِ اِنَّ الْاَنْبِیَآءَ لَمْ یُوَرِّثُوْا دِیْنَارًا وَّلاَ دِرْهَمًا اِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَبِهٖ فَقَدْ اَخَذَبِحَظٍّ وَّافِرٍ وَلاَ نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِیْثَ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عَاصِمِ بْنِ رَجَآءِ بْنِ حَیْوَةَ وَلَیْسَ اِسْنَادُهٗ عِنْدِیْ بِمُتَّصِلٍ هٰکَذَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ وَاِنَّمَا یُرْوٰی هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ رَجَآءِ بْنِ حَیْوَةَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ جَمِیْلٍ عَنْ کَثِیْرِ بْنِ قَیْسٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

۵۸۰: حضرت قیس بن کثیر سے روایت ہے کہ مدینہ سے ایک شخص دِمشق میں حضرت ابودرداءؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت درداءؓ نے پوچھا بھائی آپ کیوں آئے۔ عرض کیا ایک حدیث سننے آیا ہوں، مجھے پتہ چلا ہے کہ آپؓ وہ حدیث نبی اکرم ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابودرداءؓ نے پوچھا کسی ضرورت کے لیے تو نہیں آئے؟ کہا "نہیں" حضرت درداءؓ نے فرمایا تجارت کے لیے تو نہیں آئے۔ عرض کیا "نہیں"۔ حضرت ابودرداءؓ نے فرمایا تم صرف اس حدیث کی تلاش میں آئے ہو تو سنو: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا اگر کوئی شخص علم کا راستہ اختیار کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا ایک راستہ آسان کردے گا اور فرشتے طالب علم کی رضا کے لیے (اس کے پاؤں کے نیچے) اپنے پر بچھاتے ہیں۔ عالم کے لیے آسمان وزمین میں موجود ہر چیز مغفرت طلب کرتی ہے۔ یہاں تک کہ مچھلیاں پانی میں اس کے لیے استغفار کرتی ہیں۔ پھر عالم کی عابد پر اس طرح فضیلت ہے جیسے چاند کی فضیلت ستاروں پر۔ علماء انبیاء کے وارث ہیں اور بے شک انبیاء کی وراثت درہم ودینار نہیں ہوتے بلکہ ان کی میراث علم ہے۔ پس جس نے اسے حاصل کیا اس نے انبیاء کی وراثت سے بہت سارا حصہ حاصل کر لیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں ہم اس حدیث کو صرف عاصم بن رجاء بن حیوۃ کی روایت سے جانتے ہیں۔ اور میرے نزدیک اس کی سند متصل نہیں۔ محمود بن خداش نے بھی یہ حدیث اسی طرح نقل کی ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ خِدَاشٍ.

پھر عاصم بن رجاء بن حیوۃ بھی داؤد بن قیس سے وہ ابودرداءؓ اور وہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں اور یہ محمود بن خداش کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۵۸۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنِ ابْنِ اَشْوَعَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ سَلَمَةَ الْجُعْفِيِّ قَالَ قَالَ يَزِيْدُ بْنُ سَلَمَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ سَمِعْتُ مِنْكَ حَدِيْثًا كَثِيْرًا اَخَافُ اَنْ يُنْسِيَ اَوَّلَهُ اٰخِرُهُ فَحَدِّثْنِيْ بِكَلِمَةٍ تَكُوْنُ جِمَاعًا قَالَ اتَّقِ اللّٰهَ فِيْمَا تَعْلَمُ هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ هُوَ عِنْدِيْ مُرْسَلٌ وَلَمْ يُدْرِكْ عِنْدِي ابْنُ اَشْوَعَ يَزِيْدَ بْنَ سَلَمَةَ وَابْنُ اَشْوَعَ اِسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ اَشْوَعَ.

۵۸۱: حضرت یزید بن سلمہ جعفیؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ علیہ السلام میں نے آپ علیہ السلام سے بہت سی احادیث سنی ہیں مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں بعد والی احادیث یاد کرتے کرتے پہلی حدیثیں بھلا نہ دوں۔ لہٰذا آپؐ مجھے کوئی جامع کلمہ بتائیں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا جو کچھ تم جانتے ہو اس میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اس حدیث کی سند متصل نہیں اور یہ میرے نزدیک مرسل ہے کیونکہ ابن اشوع کی یزید بن سلمہ سے ملاقات نہیں ہوئی ان کا نام سعید بن اشوع ہے۔

۵۸۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا خَلَفُ بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عَوْفٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِيْ مُنَافِقٍ حُسْنُ سَمْتٍ وَلَا فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ حَدِيْثِ عَوْفٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ خَلَفِ بْنِ اَيُّوْبَ الْعَامِرِيِّ وَلَمْ اَرَ اَحَدًا يَرْوِيْ عَنْهُ غَيْرَ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَلَا اَدْرِيْ كَيْفَ هُوَ.

۵۸۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے یہ رسول اللہ علیہ السلام نے فرمایا: دو خصلتیں ایسی ہیں کہ جو منافق میں کبھی جمع نہیں ہوسکتیں اچھے اخلاق اور دین کی سمجھ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے عوف کی سند سے صرف خلف بن ایوب عامری کی روایت سے جانتے ہیں۔ ہم نے ان سے محمد بن علاء کے علاوہ کسی کو روایت کرتے ہوئے نہیں دیکھا اور اس کا حال مجھے معلوم نہیں۔

۵۸۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ جَمِيْلٍ نَا الْقَاسِمُ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا عَابِدٌ وَالْاٰخَرُ عَالِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَاَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ حَتَّى النَّمْلَةَ فِيْ جُحْرِهَا وَحَتَّى الْحُوْتَ لَيُصَلُّوْنَ عَلٰى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ سَمِعْتُ اَبَا عَمَّارٍ الْحُسَيْنَ بْنَ حُرَيْثٍ

۵۸۳: حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو آدمیوں کا تذکرہ کیا گیا جن میں سے ایک عابد تھا اور دوسرا عالم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم کی فضیلت عابد پر اس طرح ہے جیسے میری تمہارے ادنیٰ ترین آدمی پر۔ پھر فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ، فرشتے اور تمام اہل زمین وآسمان یہاں تک کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور مچھلیاں (بھی) اس شخص کے لیے دعا خیر کرتے ہیں اور رحمت بھیجتے ہیں جو لوگوں کو بھلائی کی باتیں سکھاتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ میں نے ابوعمار حسین بن حریث کو فضل بن عیاض کے حوالے سے کہتے

الْخُزَاعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْفُضَيْلَ بْنَ عِيَاضٍ يَقُوْلُ عَالِمٌ عَامِلٌ مُعَلِّمٌ يُدْعٰى كَبِيْرًا فِي مَلَكُوْتِ السَّمٰوَاتِ۔

ہوئے سنا کہ ایسا عالم جو لوگوں کو علم سکھاتا ہے آسمان میں بڑا آدمی پکارا جاتا ہے۔

۵۸۴: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنْ يَشْبَعَ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَيْرٍ يَسْمَعُهُ حَتّٰى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

۵۸۴: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن بھلائی اور خیر کی باتیں سننے سے کبھی سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کی انتہاء جنت پر ہوتی ہے۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۵۸۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَلِمَةُ الْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ فَحَيْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْمَخْزُوْمِيُّ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ۔

۵۸۵: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حکمت کی بات مؤمن کی کھوئی ہوئی چیز ہے لہٰذا اسے جہاں بھی پائے وہی اس کا مستحق ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں اور ابراہیم بن فضل مخزومی محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔

خلاصۃ الباب: ائمہ سلف کا اس بات پر اتفاق ہے کہ بدعت دین میں نئی ایجاد کا نام ہے پس ہر وہ چیز جو گھڑ لی گئی ہو مگر دین نہ سمجھی جائے تو وہ بدعت نہیں کہلائے گی اور اسی طرح وہ ملبوسات یا دنیاوی، معاشی معاملات سے متعلق چیزیں مثلاً کھانے اور آلات وغیرہ بھی جن سے ممانعت نہ فرمائی گئی ہو بدعت نہ ہوگی اس طرح اصطلاحی مذموم معنی کا اطلاق بدعت کی تمام قسموں پر ہوتا ہے مثلاً قسم اول: اعتقادی بدعت جیسے شرک کی تمام قسمیں۔ قسم دوم: قولی بدعت جیسے شرکیہ کلمات اور وظائف۔ قسم سوم: فعلی بدعت جیسے مبتدعین کے میلاد، عرس، میلہ اسقاط وغیرہ میں گھڑے ہوئے افعال اور ثواب رسول اللہ ﷺ کی پیروی و اتباع میں ہے نئی ایجاد میں نہیں۔ قرآن کریم کی کئی آیات میں یہ مضمون بیان ہوا ہے اور امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں باب باندھا ہے باب الاقتداء بافعال النبی ﷺ یعنی باب ہے نبی کریم ﷺ کی اقتداء کے بارے میں اور ہدایت رسول اللہ ﷺ کی اتباع میں منحصر ہے اسی وجہ سے اسلاف رحمہم اللہ رسول اللہ ﷺ کی سنت کو مضبوطی سے پکڑنے کو لازم قرار دیتے تھے چنانچہ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ عقل کے فوائد میں سے تمہارے لئے یہ منفعت کافی ہے کہ وہ تجھے نبی کریم ﷺ کی سچائی تک پہنچا دے اور اتباع کو لازم پکڑو کہ اس کے سوا تجھے سلامتی نصیب نہیں ہوسکتی۔ مواہب لدنیہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی کئی علامتیں ہیں جن میں سے سب سے بڑی علامت ان کی پیروی کرنا' ان کی سنت کو معمول بنانا' ان کی راہ پر چلنا' ان کی سیرت اپنانا ان کے احکام سے چمٹے رہنا۔ اس کے برعکس اہل بدعت نے اپنے بڑوں اور سرداروں کا اتباع کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی تابع داری چھوڑ دی اور دین میں ایسی ایسی چیزیں بڑھا دیں جو دین میں نہیں تھیں جس طرح عبادات کے اوقات کی تخصیص کرنا مثلاً سورۂ ملک پڑھنے اور میت کو ثواب پہنچانے کے لئے جمعرات کو خاص کرنا اسی طرح چہلم اور برسی کو سورتوں کی تلاوت کے لئے خاص کرنا' علیٰ ہذا القیاس کئی قسم کی بدعات گھڑی ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے

رسول ﷺ کی تابعداری جس طرح فعل (کرنے) میں ہے اسی طرح ترک (چھوڑنے) میں بھی ضروری ہے یعنی جو کام قولاً و فعلاً اور تقریراً ثابت نہ ہو اس کے ترک یعنی چھوڑنے کو بھی اتباع کہیں گے۔ دوسری چیز نبی کریم ﷺ نے یہ فرمائی کہ میرے خلفاء راشدین کی سنت کو لازم پکڑو اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ تم میں سے کوئی اقتداء کرے تو چاہئے کہ محمد ﷺ کے اصحاب کی پیروی کرے کہ یہ حضرات دِلوں کے اعتبار سے اس امت کے نیک ترین، علم کے اعتبار سے نہایت گہرے، تکلف کے اعتبار سے کم تر، سیرت و کردار کے اعتبار سے سیدھے اور حال کے اعتبار سے، بہت عمدہ تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے نبی ﷺ کی صحابیت کے لئے منتخب فرمایا ان کی فضیلت کو پہچانو اور ان کے نقش قدم پر چلو کہ یہ حضرات سیدھی ہدایت پر ہی تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں سنّت کی بنیاد ہمارے نزدیک صحابہ کرامؓ کے عمل پر مضبوطی سے جمے رہنا، ان کی پیروی کرنا اور بدعت کو ترک کر دینا ہی ہے کہ ہر بدعت گمراہی کا ذریعہ ہے اس سے ثابت ہوا کہ صحابہ کرامؓ کی اتباع خصوصاً خلفائے راشدین کی سنت پر چلنا اور ان کے بتائے ہوئے طریقہ پر چلنے میں ہی نجات ہے (۲) علم عبادت سے افضل ہے اس لئے علم سے جائز و ناجائز، حلال و حرام، اللہ تعالیٰ کی مرضی و ناراضگی معلوم ہوتی ہے انسان علم کی بدولت بہت ساری گمراہیوں اور خرابیوں سے بچ جاتا ہے نیز عبادت کا فائدہ صرف عبادت کرنے والے کو ہوتا ہے اور علم کا فائدہ متعدی ہے کہ دوسروں تک پہنچتا ہے اسی لئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ دین کا ایک باب سیکھنا ہزار رکعت نماز نفل پڑھنے سے افضل ہے۔ امام ترمذیؒ کے ترجمۃ الباب سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ فقہ قرآن وحدیث کی اصطلاح ہے نئی چیز نہیں۔ فَتَدَبَّرُوْا

اَبْوَابُ الْاِسْتِيْذَانِ وَالْاٰدَابِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
آداب اور اجازت لینے کے متعلق
رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۲۳۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِفْشَاءِ السَّلَامِ

۵۸۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَمْرٍ اِذَا اَنْتُمْ فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَ شُرَيْحِ بْنِ هَانِيءٍ عَنْ اَبِيْهِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَالْبَرَآءِ وَاَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۳۶: باب سلام کو پھیلانے کے بارے میں

۵۸۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم لوگ اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک مؤمن نہ ہو جاؤ اور تم اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتے جب تک آپس میں محبت نہ کرنے لگو۔ کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جس کے کرنے سے تم آپس میں محبت کرنے لگو۔ وہ یہ ہے کہ تم آپس میں سلام کو پھیلاؤ اور رواج دو۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن سلامؓ شریح بن ہانی بواسطہ والد، عبداللہ بن عمروؓ، براءؓ، انسؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

۲۳۷: بَابُ مَاذُكِرَ فِيْ فَضْلِ السَّلَامِ

۵۸۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَيْرِيُّ الْبَلْخِيُّ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيِّ عَنْ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْ رَجَآءٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۲۳۷: باب سلام کی فضیلت کے بارے میں

۵۸۷: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا ''السلام علیکم'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لیے دس نیکیاں ہیں۔ پھر دوسرا آدمی حاضر ہوا اور کہا ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لیے بیس نیکیاں ہیں۔ پھر تیسرا شخص آیا اور اس نے کہا ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لیے تیس نیکیاں ہیں۔ اس سند یعنی عمران بن حصین کی روایت سے حسن غریب ہے۔ اس باب میں

غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَعَلِیٍّ وَسَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ.

حضرت ابوسعیدؓ علی رضی اللہ عنہ اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۲۳۸ : بَابُ مَاجَآءَ فِیْ اَنَّ الْاِسْتِیْذَانَ ثَلَاثٌ

۲۳۸: باب داخل ہونے کے لیے تین مرتبہ اجازت لینا

۵۸۸: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰی بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی عَنِ الْجُرَیْرِیِّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ اسْتَاْذَنَ اَبُوْ مُوْسٰی عَلٰی عُمَرَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَ اَدْخُلُ فَقَالَ عُمَرُ وَاحِدَةٌ ثُمَّ سَکَتَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَاَدْخُلُ فَقَالَ عُمَرُ ثِنْتَانِ ثُمَّ سَکَتَ سَاعَةً فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَاَدْخُلُ فَقَالَ عُمَرُ ثَلَاثٌ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ عُمَرُ لِلْبَوَّابِ مَا صَنَعَ قَالَ رَجَعَ قَالَ عَلَیَّ بِهٖ فَلَمَّا جَآءَهٗ قَالَ مَاهٰذَا الَّذِیْ صَنَعْتَ قَالَ السُّنَّةُ قَالَ السُّنَّةُ وَاللّٰهِ لَتَاْتِیَنِّیْ عَلٰی هٰذَا بِبُرْهَانٍ وَبَیِّنَةٍ اَوْ لَاَ فْعَلَنَّ بِکَ قَالَ فَاَتَانَا وَ نَحْنُ رُفْقَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَسْتُمْ اَعْلَمَ النَّاسِ بِحَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَمْ یَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاِسْتِیْذَانُ ثَلَاثٌ فَاِنْ اُذِنَ لَکَ وَاِلَّا فَارْجِعْ فَجَعَلَ الْقَوْمُ یُمَازِحُوْنَهٗ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ ثُمَّ رَفَعْتُ رَاْسِیْ اِلَیْهِ فَقُلْتُ مَا اَصَابَکَ فِیْ هٰذَا مِنَ الْعُقُوْبَةِ فَاَنَا شَرِیْکُکَ قَالَ فَاَتٰی عُمَرَ فَاَخْبَرَهٗ بِذٰلِکَ فَقَالَ عُمَرُ مَاکُنْتُ عَلِمْتُ بِهٰذَا وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَاُمِّ طَارِقٍ مَوْلَاةِ سَعْدٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْجُرَیْرِیُّ اِسْمُهٗ سَعِیْدُ بْنُ اَیَاسٍ یُکْنٰی اَبَا مَسْعُوْدٍ وَقَدْ رَوٰی هٰذَا غَیْرُهٗ اَیْضًا عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ وَاَبُوْ نَضْرَةَ الْعَبْدِیُّ اِسْمُهٗ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِکِ بْنِ قُطْعَةَ.

۵۸۸: حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ ابوموسیٰؓ نے عمرؓ سے گھر میں داخل ہونے کی اجازت چاہی اور فرمایا ''السلام علیکم'' کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ عمرؓ نے کہا یہ ایک مرتبہ ہوا۔ پھر وہ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر کہا ''السلام علیکم'' کیا میں اندر آسکتا ہوں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا ''دو مرتبہ''۔ پھر حضرت موسیٰ نے کچھ دیر ٹھہر کر پھر کہا ''السلام علیکم'' کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا ''تین مرتبہ'' پھر حضرت ابوموسیٰؓ واپس چلے گئے تو حضرت عمرؓ نے دربان سے پوچھا کہ انہوں نے کیا کیا؟ اس نے عرض کیا واپس چلے گئے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: انہیں میرے پاس لاؤ۔ جب وہ آئے تو پوچھا کہ آپ نے یہ کیا کیا؟ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا یہ سنت ہے۔ عمرؓ نے فرمایا یہ سنت ہے۔ اللہ کی قسم تم مجھے کوئی دلیل پیش کرو اور گواہ لاؤ ورنہ میں تم پر سختی کروں گا۔ ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ اس پر ابو موسیٰؓ انصاریوں کی ایک جماعت کے پاس آئے اور فرمایا: اے انصار کیا تم لوگ احادیثِ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ جاننے والے نہیں ہو؟ کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ اجازت تین مرتبہ مانگی جائے اگر جازت مل جائے تو داخل ہو جائے ورنہ واپس چلا جائے۔ اس پر لوگ حضرت ابو موسیٰؓ سے مذاق کرنے لگے۔ حضرت ابوسعیدؓ فرماتے ہیں میں نے سر اٹھایا اور کہا کہ اس معاملے میں آپ کو عمرؓ سے جو سزا ملے اس میں میں بھی آپ کا شریک ہوں۔ پھر ابوسعیدؓ حضرت عمرؓ کے پاس تشریف لے گئے اور ابوموسیٰؓ کی بات کی تصدیق کی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ مجھے معلوم نہیں تھا۔ اس باب میں حضرت علیؓ اور ام طارقؓ (جو سعدؓ کی مولیٰ ہیں) سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور جریری کا نام سعدی بن ایاس اور کنیت ابومسعود ہے۔ یہ حدیث کئی راوی ان کے علاوہ ابونضرہ عبدیؒ سے

بھی نقل کرتے ہیں۔ ابونضرہ کا نام منذر بن مالک بن قطعہ ہے۔

۵۸۹: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنَسَ نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ ثَنِيْ اَبُوْ زُمَيْلٍ ثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ ثَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ اسْتَاْذَنْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا فَاَذِنَ لِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ زُمَيْلٍ اِسْمُهٗ سِمَاكُ الْحَنَفِيُّ وَاِنَّمَا اَنْكَرَ عُمَرُ عِنْدَنَا عَلٰى اَبُوْ مُوْسٰى حِيْنَ رَوٰى اَنَّهٗ قَالَ الْاِسْتِيْذَانُ ثَلَاثٌ فَاِنْ اَذِنَ لَكَ وَ اِلَّا فَارْجِعْ وَقَدْ كَانَ عُمَرُ اسْتَاْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا فَاَذِنَ لَهٗ وَلَمْ يَكُنْ عَلِمَ هٰذَا لَّذِيْ رَوَاهُ اَبُوْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ فَاِنْ اَذِنَ لَكَ وَاِلَّا فَارْجِعْ۔

۵۸۹: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تین مرتبہ (داخل ہونے کی) اجازت مانگی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ابوزمیل کا نام سماک حنفی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ پر اعتراض اس بات پر کیا تھا کہ تین مرتبہ میں اجازت نہ ملے تو لوٹ جانا چاہیے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہیں تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین مرتبہ اجازت مانگو ملے تو ٹھیک ہے ورنہ واپس ہو جاؤ۔

فائدہ: اس حدیث سے پہلی حدیث میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت ابوموسیٰؓ کو تین دفعہ سلام کے بعد واپس چلے جانے پر حکم دیا کہ گواہ لاؤ تو ابوسعید نے گواہی دی تو اس کو معتبر جانا مطلب یہ کہ صحابہ ؓ خصوصاً فقیہ صحابہؓ اس زمانے میں بہت متشدد تھے کہ کوئی بات ایسی نہ ہو جس کی سند یا شہادت نہ ہو۔

۲۳۹۔ بَابُ كَيْفَ رَدُّ السَّلَامِ

۲۳۹: باب سلام کا جواب کیسے دیا جائے

۵۹۰: حَدَّثَنَااِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَصَلّٰى ثُمَّ جَآءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ فَارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ فَقَالَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ حَدِيْثُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَصَحُّ۔

۵۹۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں ایک طرف تشریف فرما تھے اس نے نماز پڑھی اور پھر حاضر خدمت ہو کر سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وعلیک" جاؤ اور دوبارہ نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی۔ پھر انہوں نے نے طویل حدیث بیان کی۔ یہ حدیث حسن ہے اور اسے یحییٰ بن سعید قطان بھی عبید اللہ بن عمر سے اور وہ سعید مقبری سے نقل کرتے ہیں۔ پس اس میں یوں کہا کہ سعید مقبری کے باپ سے روایت ہے وہ روایت کرتے ہیں ابو ہریرہؓ سے۔ یحییٰ بن سعید کی حدیث زیادہ صحیح ہے۔

۲۴۰: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَبْلِيْغِ السَّلَامِ

۲۴۰: باب کسی کو سلام بھیجنے کے متعلق

۵۹۱: حَدَّثَنَاعَلِيُّ بْنُ مُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

۵۹۱: حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ

فُضَيْلٍ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ قَالَ ثَنِىْ اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا اِنَّ جِبْرَئِيْلَ يُقْرِئُكِ السَّلَامُ قَالَتْ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِىْ نُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ الزُّهْرِىُّ اَيْضًا عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ.

رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کہا کہ جبرئیلؑ تمہیں سلام کہتے ہیں ۔حضرت عائشہؓ نے فرمایا'' وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' ۔اس باب میں بنونمیر کے ایک شخص سے بھی روایت منقول ہے جسے اس نے بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ زہری بھی اسے ابوسلمہؓ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۲۴۱: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ فَضْلِ الَّذِىْ يَبْدَأُبِالسَّلَامِ

۲۴۱: باب پہلے سلام کرنے والے کی فضیلت کے متعلق

۵۹۲: حَدَّثَنَاعَلِىُّ بْنُ حُجْرٍنَا قُرَّانُ بْنُ تَمَامٍ الْاَسَدِىُّ عَنْ اَبِىْ فَرْوَةَ الرَّهَاوِىِّ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ قَالَ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَانِ يَلْتَقِيَانِ اَيُّهُمَا يَبْدَأُبِالسَّلَامِ فَقَالَ اَوْ لَا هُمَا بِاللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ قَالَ مُحَمَّدٌ اَبُوْ فَرْوَةَ الرَّهَادِىُّ مُقَارِبُ الْحَدِيْثِ اِلَّا اَنَّ ابْنَهُ مُحَمَّدَ ابْنَ يَزِيْدَ رَوٰى عَنْهُ مَنَاكِيْرَ.

۵۹۲: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ جب دو آدمیوں کی ملاقات ہو تو کون پہلے سلام کرے۔آپ ﷺ نے فرمایا جو اللہ کے زیادہ نزدیک ہوگا وہ سلام میں پہل کرے گا ۔یہ حدیث حسن ہے ۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابوفروہ رہادی مقارب الحدیث ہے لیکن اس کے بیٹے نے اس سے کچھ منکر احادیث نقل کی ہیں۔

۲۴۲: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ اِشَارَةِ الْيَدِ فِى السَّلَامِ

۲۴۲: باب سلام میں ہاتھ سے اشارہ کرنے کی کراہت

۵۹۳: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارٰى الْاِشَارَةُ بِالْاَكُفِّ هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ وَرَوَى ابْنُ الْمُبَارَكِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ فَلَمْ يَرْفَعْهُ .

۵۹۳: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ہمارے علاوہ کسی اور کی مشابہت اختیار کی اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ۔ یہود ونصاریٰ کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ یہودیوں کا سلام انگلیوں کے اشارے سے اور عیسائیوں کا سلام ہاتھ سے اشارہ کرنا ہے ۔ اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔ ابن مبارک اسے ابن لہیعہ سے غیر مرفوع روایت کرتے ہیں۔

۲۴۳: بَابُ مَاجَاءَ فِى التَّسْلِيْمِ عَلَى الصِّبْيَانِ

۲۴۳: باب بچوں کو سلام کرنے کے متعلق

۵۹۴: حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِىُّ نَا

۵۹۴: حضرت سیّار فرماتے ہیں کہ میں ثابت بنانی کے ساتھ

اَبُوْ عَتَّابٍ سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَيَّارٍ قَالَ كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ فَمَرَّ عَلٰى صِبْيَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ ثَابِتٌ كُنْتُ مَعَ اَنَسٍ فَمَرَّ عَلٰى صِبْيَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اَنَسٌ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ عَلٰى صِبْيَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ ثَابِتٍ وَرُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

جار ہا تھا کہ بچوں پر گزر ہوا تو انہوں نے بچوں کو سلام کیا اور فرمایا کہ میں حضرت انسؓ کے ساتھ تھا آپ بچوں کے پاس سے گزرے تو ان کو سلام کیا اور فرمایا کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا جب آپ ﷺ بچوں کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے بچوں کو سلام کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے اور کئی لوگوں نے اس حدیث کو ثابت سے نقل کیا ہے۔ پھر یہ حدیث کئی سندوں سے حضرت انسؓ سے منقول ہے۔ قتیبہ بھی اسے جعفر بن سلیمان سے وہ ثابت سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۲۴۴ : بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْلِيْمِ عَلَى النِّسَاءِ

۲۴۴: باب عورتوں کو سلام کرنے متعلق

۵۹۵ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ بَهْرَامَ اَنَّهُ سَمِعَ شَهْرَ بْنَ حَوْشَبٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَسْمَاءَ بِنْتَ يَزِيْدَ تُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ فِي الْمَسْجِدِ يَوْمًا وَعُصْبَةٌ مِنَ النِّسَاءِ قُعُوْدٌ فَاَلْوٰى بِيَدِهٖ بِالتَّسْلِيْمِ وَاَشَارَ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بِيَدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ لَا بَاْسَ بِحَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ وَقَالَ مُحَمَّدٌ شَهْرٌ حَسَنُ الْحَدِيْثِ وَقَوّٰى اَمْرَهُ وَقَالَ اِنَّمَا تَكَلَّمَ فِيْهِ ابْنُ عَوْنٍ ثُمَّ رَوٰى عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ زَيْنَبَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ عَنِ ابْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنَّ شَهْرًا نَزَكُوْهُ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ النَّضْرُ نَزَكُوْهُ اَيْ طَعَنُوْا فِيْهِ .

۵۹۵: حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں سے گزرے تو عورتوں کی ایک جماعت وہاں بیٹھی ہوئی تھی ۔آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کر کے سلام کیا پھر راوی عبدالحمید نے ہاتھ سے اشارہ کر کے بتایا۔ یہ حدیث حسن ہے۔احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ عبدالحمید بن بہرام کی شہر بن حوشب سے روایت میں کوئی حرج نہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ شہر بن حوشب حدیث میں اچھا اور قوی ہے لیکن ابن عوف نے ان پر اعتراض کیا ہے پھر ابن عوف خود ہی ہلال بن ابی زینب سے شہر ہی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں ۔ابو داؤد، نضر بن شمیل سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ابن عوف سے سنا کہ محدثین نے شہر بن حوشب کو چھوڑ دیا ہے۔ابو داؤد نضر کا قول نقل کرتے ہیں کہ چھوڑنے سے مراد ان پر لعن کرنا ہے۔

۲۴۵ : بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْلِيْمِ اِذَا دَخَلَ بَيْتَهٗ

۲۴۵: اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا

۵۹۶ : حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الْاَنْصَارِيُّ الْبَصْرِيُّ مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ اَنَسٌ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَا بُنَيَّ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى اَهْلِكَ

۵۹۶: حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے بیٹے جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو سلام کیا کرو۔ اس سے تم پر بھی برکت ہوگی اور گھر والوں پر

فَسَلِّمْ تَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

بھی۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۴۶: بَابُ السَّلَامِ قَبْلَ الْكَلَامِ

۲۴۶: باب کلام سے پہلے سلام کرنے کے متعلق

۵۹۷: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا سَعِيْدُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا تَدْعُوْا اَحَدًا اِلَى الطَّعَامِ حَتّٰى يُسَلِّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ ذَاهِبٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ زَاذَانَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ

۵۹۷: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کلام سے پہلے کیا جانا چاہیے۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ کسی کو اس وقت تک کھانے کے لیے نہ بلاؤ جب تک وہ سلام نہ کرے۔ یہ حدیث منکر ہے ہم اسے اسی سند سے جانتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام بخاریؒ سے سنا کہ عنبسہ بن عبدالرحمٰن حدیث میں ضعیف اور نا قابل اعتبار ہے۔ محمد بن زاذان منکر الحدیث ہے۔

۲۴۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلَى الذِّمِّيِّ

۲۴۷: باب اس بارے میں کہ ذمی (کافر) کو سلام کرنا مکروہ ہے

۵۹۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْدَأُ وا الْيَهُوْدَ وَ النَّصَارٰى بِالسَّلَامِ فَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۹۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہود ونصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو اور اگر ان میں سے کسی کو راستے میں پاؤ تو اسے تنگ راستے کی طرف گزرنے پر مجبور کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۹۹: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَهْطًا مِّنَ الْيَهُوْدِ دَخَلُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا السَّامُ عَلَيْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكُمْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهِ قَالَتْ عَائِشَةُ اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ عَلَيْكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ وَابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ

۵۹۹: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ یہودیوں کی ایک جماعت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو انہوں نے کہا ''السام علیک'' (یعنی تم پر موت آئے) آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا وعلیکم'' (تم پر ہو) حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے کہا تم ہی پر سام (موت) اور لعنت ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہؓ اللہ تعالیٰ ہر کام میں نرمی کو پسند فرماتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: کیا آپ ﷺ نے ان کی بات نہیں سنی۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں نے بھی تو انہیں ''وعلیکم'' کہہ کر جواب دے دیا تھا۔ اس باب میں حضرت ابو

وَاَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُهَنِیِّ حَدِیْثُ عَآئِشَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

بصرہ غفاری، ابن عمرؓ، انسؓ اور ابی عبدالرحمٰن جہنی سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۴۸: بَابُ مَاجَاءَ فِی السَّلَامِ عَلٰی مَجْلِسٍ فِیْهِ الْمُسْلِمُوْنَ وَغَیْرُهُمْ

۲۴۸: باب جس مجلس میں مسلمان اور کافر ہوں ان کو سلام کرنا

۶۰۰: حَدَّثَنَایَحْیَی بْنُ مُوْسٰی نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِیْهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْیَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَیْهِمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۶۰۰: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی مجلس کے پاس سے گزرے جس میں یہودی بھی تھے اور مسلمان بھی۔ آپ ﷺ نے انہیں سلام کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۴۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ تَسْلِیْمِ الرَّاکِبِ عَلَی الْمَاشِیْ

۲۴۹: باب اس بارے میں کہ سوار پیدل چلنے والے کو سلام کرے

۶۰۱: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ یَعْقُوْبَ قَالَا نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ الشَّهِیْدِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ یُسَلِّمُ الرَّاکِبُ عَلَی الْمَاشِیْ وَالْمَاشِیْ عَلَی الْقَاعِدِوَالْقَلِیْلُ عَلَی الْکَثِیْرِ وَزَادَ ابْنُ الْمُثَنّٰی فِیْ حَدِیْثِهٖ وَیُسَلِّمُ الصَّغِیْرُ عَلَی الْکَبِیْرِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ شِبْلٍ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ قَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَقَالَ اَیُّوْبُ السَّخْتِیَانِیُّ وَیُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ وَعَلِیُّ بْنُ زَیْدٍ اِنَّ الْحَسَنَ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۶۰۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار پیدل چلنے والے کو، پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑی تعداد زیادہ کو سلام کرے۔ ابن مثنیٰ اپنی حدیث میں یہ الفاظ زیادہ بیان کرتے ہیں کہ چھوٹا بڑے کو سلام کرے۔ اس باب میں عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہ، فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ، اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث کئی سندوں سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔ ایوب سختیانی، یونس بن عبید اور علی بن زید کہتے ہیں کہ حسن کا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سماع نہیں۔

۶۰۲: حَدَّثَنَاسُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا حَیْوَةُ ابْنُ شُرَیْحٍ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْهَانِیُٔ الْخَوْلَانِیُّ عَنْ اَبِیْ عَلِیِّ الْجَنْبِیِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ یُسَلِّمُ الْفَارِسُ عَلَی الْمَاشِیْ وَالْمَاشِیْ عَلَی الْقَآئِمِ وَالْقَلِیْلُ عَلَی الْکَثِیْرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ عَلِیِّ الْجَنْبِیُّ اِسْمُهٗ عَمْرُو بْنُ مَالِکٍ.

۶۰۲: حضرت فضالہ بن عبیدہ کہتے ہیں یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھڑ سوار پیدل چلنے والے کو، چلنے والا کھڑے کو اور تھوڑی تعداد والے زیادہ کو سلام کریں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو علی جہنی کا نام عمرو بن مالک ہے۔

۶۰۳: حَدَّثَنَاسُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ

۶۰۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی

نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یُسَلِّمُ الصَّغِیْرُ عَلَی الْکَبِیْرِ وَالْمَارُّعَلَی الْقَاعِدِ وَالْقَلِیْلُ عَلَی الْکَثِیْرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھوٹا بڑے کو، چلنے والا، بیٹھنے والے کو اور تھوڑی (لوگ) زیادہ کو سلام کریں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۵۰: بَابُ التَّسْلِیْمِ عِنْدَ الْقِیَامِ وَالْقُعُوْدِ

۶۰۴: حَدَّثَنَاقُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَهٰی اَحَدُ کُمْ اِلٰی مَجْلِسٍ فَلْیُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَالَهٗ اَنْ یَّجْلِسَ فَلْیَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْیُسَلِّمْ فَلَیْسَتِ الْاُوْلٰی بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اَیْضًا عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۲۵۰: باب اٹھتے اور بیٹھتے وقت سلام کرنا

۶۰۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی مجلس میں پہنچے تو انہیں سلام کرے پھر اگر بیٹھنا ہو تو بیٹھ جائے اور جب کھڑا ہو تو پھر سلام کرے اور ان میں سے پہلی اور آخری مرتبہ سلام کرنا دونوں ہی ضروری ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور اسے عجلان بھی سعید مقبری سے وہ اپنے والد سے اور وہ ابوہریرہؓ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

۲۵۱: بَابُ الْاِ سْتِیْذَانِ قُبَالَةَ الْبَیْتِ

۶۰۵: حَدَّثَنَاقُتَیْبَةُ نَا بْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبْلِیِّ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ کَشَفَ سِتْرًا فَاَدْخَلَ بَصَرَهٗ فِی الْبَیْتِ قَبْلَ اَنْ یُّؤْذَنَ لَهٗ فَرَاٰی عَوْرَةَ اَهْلِهٖ فَقَدْاَتٰی حَدًّا لَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یَاتِیَهٗ لَوْاَنَّهٗ حِیْنَ اَدْخَلَ بَصَرَهٗ اِسْتَقْبَلَهٗ رَجُلٌ فَفَقَاَ عَیْنَیْهِ مَاعَیَّرْتُ عَلَیْهِ وَاِنْ مَرَّرَجُلٌ عَلٰی بَابٍ لَا سِتْرَلَهٗ غَیْرِ مُغْلَقٍ فَنَظَرَ فَلَا خَطِیْئَةَ عَلَیْهِ اِنَّمَا الْخَطِیْئَةُ عَلٰی اَهْلِ الْبَیْتِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ اُمَامَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِثْلَ هٰذَا اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ لَهِیْعَةَ وَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبْلِیُّ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ.

۲۵۱: باب گھر کے سامنے کھڑے ہو کر اجازت مانگنا

۶۰۵: حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اجازت ملنے سے پہلے پردہ اٹھا کر کسی کے گھر میں نظر ڈالی گویا کہ اس نے گھر کی چھپی ہوئی چیز دیکھ لی اور اس نے ایسا کام کیا جو اس کے لیے حلال نہیں تھا۔ پھر اگر اندر جھانکتے وقت سامنے سے کوئی اس کی آنکھیں پھوڑ دیتا تو میں اس پر کچھ غیر شانہ کھاتا (یعنی بدلہ نہ دلاتا) اور اگر کوئی شخص کسی ایسے دروازے کے سامنے سے گزرا جس پر پردہ نہیں تھا اور وہ بند بھی نہیں تھا پھر اس کی گھر والوں پر نظر پڑ گئی تو اس میں اس کی کوئی غلطی نہیں بلکہ گھر والوں کی غلطی ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابوامامہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس کے مثل صرف ابن لہیعہ کی روایت سے جانتے ہیں اور ابوعبدالرحمن حبلی کا نام عبداللہ بن یزید ہے۔

۲۵۲: بَابُ مَنِ اطَّلَعَ فِیْ دَارِ قَوْمٍ بِغَیْرِ اِذْنِهِمْ

۶۰۶: حَدَّثَنَابُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ فِیْ بَیْتِهٖ

۲۵۲: باب بغیر اجازت کسی کے گھر میں جھانکنا

۶۰۶: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ اپنے گھر میں تھے کہ ایک شخص نے آپ ﷺ کے گھر میں جھانکا تو آپ

فَاطَّلَعَ عَلَيْهِ رَجُلٌ فَاَهْوٰى اِلَيْهِ بِمِشْقَصٍ فَتَاَخَّرَ الرَّجُلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۰۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِىِّ اَنَّ رَجُلاً اِطَّلَعَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جُحْرٍ فِىْ حُجْرَةِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرَاةٌ يَحُكُّ بِهَا رَاْسَهُ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ عَلِمْتُ اَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهَا فِىْ عَيْنِكَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِسْتِئْذَانُ مِنْ اَجْلِ الْبَصَرِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۲۵۳: بَابُ التَّسْلِيْمِ قَبْلَ الْاِسْتِئْذَانِ

۷۰۸: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ اَبِىْ سُفْيَانَ اَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ اَخْبَرَهُ اَنْ كَلَدَةَ بْنَ حَنْبَلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ بَعَثَهُ بِلَبَنٍ وَلِبَاءٍ وَضَغَابِيْسَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَى الْوَادِىْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ وَلَمْ اُسَلِّمْ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْجِعْ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَ اَدْخُلُ وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا اَسْلَمَ صَفْوَانُ قَالَ عَمْرٌو وَاَخْبَرَنِىْ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اُمَيَّةُ بْنُ صَفْوَانَ وَلَمْ يَقُلْ سَمِعْتُهُ مِنْ كَلَدَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَرَوَاهُ اَبُوْ عَاصِمٍ اَيْضًا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ مِثْلَ هٰذَا.

۷۰۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اسْتَاْذَنْتُ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ دَيْنٍ كَانَ عَلٰى اَبِىْ فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقُلْتُ اَنَا فَقَالَ اَنَا اَنَا كَاَنَّهُ كَرِهَ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ﷺ اپنے ہاتھ میں تیر لے کر اس کی طرف لپکے وہ پیچھے ہٹ گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۰۷: حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے حجرۂ مبارک کے دروازے کے سوراخ سے اندر جھانکا آپ ﷺ کے پاس ایک برش تھا جس سے آپ ﷺ سر کو کھجا رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تم جھانک رہے ہو تو میں اسے تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا۔ اجازت لینا اسی لیے شروع کیا گیا ہے کہ پردہ تو آنکھ ہی سے ہوتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۵۳: باب اجازت مانگنے سے پہلے سلام کرنا

۷۰۸: حضرت کلدہ بن حنبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ نے انہیں دودھ، پیوسی (یعنی بوہلی) اور ککڑی کے ٹکڑے دے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان دنوں اعلیٰ وادی میں تھے۔ کلدہ بن حنبلؓ کہتے ہیں کہ میں اجازت مانگے اور سلام کیے بغیر داخل ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس جاؤ اور سلام کر کے اجازت مانگو اور یہ صفوان کے اسلام لانے کے بعد کا واقعہ ہے۔ عمرو کہتے ہیں مجھے یہ حدیث امیہ بن صفوان نے سنائی اور انہوں نے کلدہ کا ذکر نہیں کیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابن جریج کی روایت سے جانتے ہیں۔ ابو عاصم بھی ابن جریج سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۷۰۹: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ میں نے ایک قرض کے سلسلے میں جو میرے والد پر تھا نبی اکرم ﷺ سے اندر آنے کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے پوچھا کون ہے؟ میں نے کہا: میں ہوں: آپ ﷺ نے فرمایا: میں میں: گویا کہ آپ ﷺ نے اسے ناپسند کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۵۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِیْ کَرَاهِيَةِ طُرُوْقِ الرَّجُلِ اَهْلَهٗ لَيْلاً

۶۱۰ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِیِّ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَاهُمْ اَنْ يَّطْرُقُوا النِّسَآءَ لَيْلاً وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَاهُمْ اَنْ يَّطْرُقُوا النِّسَآءَ لَيْلاً قَالَ فَطَرَقَ رَجُلَانِ بَعْدَ نَهْیِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً.

۲۵۴: باب اس بارے میں کہ سفر سے واپسی میں رات کو گھر میں داخل ہونا مکروہ ہے

۶۱۰: حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں سفر سے رات کو واپس آنے پر عورتوں کے پاس داخل ہونے سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت انسؓ ،ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے جابرؓ ہی سے مرفوعاً منقول ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کو سفر سے واپسی پر عورتوں کے پاس جانے سے منع فرمایا لیکن دو آدمیوں نے اس پر عمل نہیں کیا اور داخل ہو گئے تو دونوں نے اپنی اپنی بیوی کے پاس ایک ایک آدمی کو پایا۔

۲۵۵ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَتْرِيْبِ الْكِتَابِ

۶۱۱ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا شَبَابَةُ عَنْ حَمْزَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا کَتَبَ اَحَدُکُمْ کِتَابًا فَلْيُتَرِّبْهُ فَاِنَّهٗ اَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْکَرٌ لَا نَعْرِفُهٗ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَمْزَةُ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو النُّصَيْبِیُّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ فِی الْحَدِيْثِ.

۲۵۵: باب مکتوب (خط) کو خاک آلود کرنا

۶۱۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کچھ لکھے تو اسے خاک آلود کر لینا چاہیے کیونکہ یہ حاجت کو زیادہ پورا کرنا ہے۔ یہ حدیث منکر ہے۔ ہم اسے ابوزبیر کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں ۔حمزہ ،عمرو نصیبی کے بیٹے ہیں اور وہ حدیث میں ضعیف ہیں۔

۲۵۶ : بَابٌ

۶۱۲ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ اُمِّ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَبَيْنَ يَدَيْهِ کَاتِبٌ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ ضَعِ الْقَلَمَ عَلٰی اُذُنِکَ فَاِنَّهٗ اَذْکَرُ لِلْمُمْلِیْ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَهُوَ اِسْنَادٌ ضَعِيْفٌ مُحَمَّدُ بْنُ زَاذَانَ وَعَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُضَعَّفَانِ فِی الْحَدِيْثِ.

۲۵۶: باب

۶۱۲: حضرت زید بن ثابتؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ کے سامنے کاتب (لکھنے والا) بیٹھا ہوا تھا اور آپ ﷺ اس سے کہہ رہے تھے کہ قلم کو کان پر رکھو اس لیے کہ اس سے مضمون زیادہ یاد آتا ہے۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ ضعیف ہے کیونکہ محمد بن زاذان اور عنبسہ بن عبدالرحمٰن دونوں حدیث میں ضعیف ہیں۔

۲۵۷ : بَابُ فِیْ تَعْلِيْمِ السُّرْيَانِيَّةِ

۲۵۷: باب سریانی زبان کی تعلیم

۶۱۳ : حَدَّثَنَاعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ لَهٗ كَلِمَاتٍ مِنْ كِتَابِ يَهُوْدٍ وَقَالَ اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اٰمَنُ يَهُوْدَ عَلٰى كِتَابِيْ قَالَ فَمَا مَرَّبِيْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰى تَعَلَّمْتُهٗ لَهٗ قَالَ فَلَمَّا تَعَلَّمْتُهٗ كَانَ اِذَا كَتَبَ اِلٰى يَهُوْدَ كَتَبْتُ اِلَيْهِمْ وَاِذَا كَتَبُوْا اِلَيْهِ قَرَأْتُ لَهٗ كِتَابَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَقَدْ رَوَاهُ الْاَعْمَشُ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ يَقُوْلُ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ السُّرْيَانِيَّةَ.

۶۱۳: حضرت زید بن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنے لیے یہودیوں کی کتاب سے کچھ کلمات سیکھنے کا حکم دیا اور فرمایا اللہ کی قسم مجھے یہودیوں پر بالکل اطمینان ہیں کہ وہ میرے لیے صحیح لکھتے ہیں۔ حضرت زید فرماتے ہیں کہ پھر میں نے نصف مہینے کے اندر اندر (سریانی زبان) سیکھ لی۔ چنانچہ جب میں سیکھ گیا تو آپ ﷺ اگر یہودیوں کو کچھ لکھواتے تو میں لکھتا اور اگر ان کی طرف سے کوئی چیز آتی تو اسے بھی پڑھ کر سناتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت زید بن ثابتؓ سے منقول ہے۔ اعمش، ثابت بن عبید سے نقل کرتے ہیں کہ زید بن ثابت نے فرمایا مجھے رسول اللہ ﷺ نے سریانی زبان سیکھنے کا حکم دیا۔

۲۵۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مُكَاتَبَةِ الْمُشْرِكِيْنَ

۲۵۸: باب مشرکین سے خط وکتابت کرنے کے متعلق

۶۱۴ : حَدَّثَنَايُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ قَبْلَ مَوْتِهٖ اِلٰى كِسْرٰى وَاِلٰى قَيْصَرَ وَاِلَى النَّجَاشِيِّ وَاِلٰى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِيْ صَلّٰى عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۶۱۴: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات سے پہلے کسریٰ، قیصر، نجاشی اور ہر جابر سرکش کو خطوط لکھوائے جن میں انہیں اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ یہ نجاشی وہ نہیں جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۵۹ : بَابُ كَيْفَ يُكْتَبُ اِلٰى اَهْلِ الشِّرْكِ

۲۵۹: باب مشرکین کو کس طرح خط تحریر کیا جائے

۶۱۵ : حَدَّثَنَاسُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ هِرَقْلَ اَرْسَلَ اِلَيْهِ فِيْ نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ وَكَانُوْا تُجَّارًا بِالشَّامِ فَاَتَوْهُ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِئَ فِيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

۶۱۵: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ابوسفیان بن حرب نے انہیں بتایا کہ ہرقل نے انہیں کچھ لوگوں کے ساتھ تجارت کے لیے شام جانے کے موقع پر پیغام بھیجا تو سب اس کے دربار میں حاضر ہوئے۔ پھر ابوسفیان نے حدیث ذکر کی اور کہا کہ: ہرقل نے رسول اللہ ﷺ کا خط منگوایا اور وہ پڑھا گیا اس میں لکھا ہوا تھا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ...... یہ تحریر اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے ہرقل کی طرف بھیجی گئی ہے جو روم کا بڑا حاکم ہے۔ سلام ہے اس پر جو ہدایت کے راستے کی اتباع کرے امابعد (اس کے بعد)۔ یہ

وَاَبُوْ سُفْيَانَ اِسْمُهٗ صَخْرُبْنُ حَرْبٍ.

حدیث حسن صحیح ہے اور ابوسفیان کا نام صخر بن حرب ہے۔

۲۶۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ خَتْمِ الْكِتَابِ

۲۶۰: باب خط پر مہر لگانے کے متعلق

۶۱۶ : حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا اَرَادَنَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّكْتُبَ اِلَى الْعَجَمِ قِيْلَ لَهٗ اِنَّ الْعَجَمَ لَا يَقْبَلُوْنَ اِلَّا كِتَابًا عَلَيْهِ خَاتَمٌ فَاصْطَنَعَ خَاتَمًا قَالَ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِهٖ فِيْ كَفِّهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۱۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے عجمیوں کو خطوط لکھنے کا ارادہ فرمایا تو آپ ﷺ کو بتایا گیا کہ یہ لوگ بغیر مہر کے کوئی چیز قبول نہیں کرتے۔ چنانچہ آپؐ نے ایک انگوٹھی بنوائی۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں گویا کہ میں آپؐ کی ہتھیلی میں (اب بھی) اس کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں۔ جس میں آپؐ کی مہر تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۶۱ : بَابُ كَيْفَ السَّلَامُ

۲۶۱: باب سلام کی کیفیت کے بارے میں

۶۱۷ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ نَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ نَا ابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ اَقْبَلْتُ اَنَا وَصَاحِبَانِ لِيْ قَدْ ذَهَبَتْ اَسْمَاعُنَا وَاَبْصَارُنَا مِنَ الْجَهْدِ فَجَعَلْنَا نَعْرِضُ عَلٰى اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَيْسَ اَحَدٌ يَقْبَلُنَا فَاَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى بِنَا اَهْلَهٗ فَاِذَا ثَلَاثَةُ اَعْنُزٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَلِبُوْا هٰذَا اللَّبَنَ فَكُنَّا نَحْتَلِبُهٗ فَيَشْرَبُ كُلُّ اِنْسَانٍ نَصِيْبَهٗ وَنَرْفَعُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصِيْبَهٗ فَيَجِيْءُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ فَيُسَلِّمُ تَسْلِيْمًا لَا يُوْقِظُ النَّائِمَ وَيُسْمِعُ الْيَقْظَانَ ثُمَّ يَاْتِي الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّيْ ثُمَّ يَاْتِيْ شَرَابَهٗ فَيَشْرَبُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۱۷: حضرت مقداد بن اسودؓ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے دو ساتھی مدینہ میں آئے۔ ہمارے کان اور آنکھیں بھوک کی وجہ سے کمزور ہو گئی تھیں۔ ہم خود کو صحابہؓ کے سامنے پیش کرتے تو کوئی ہمیں قبول نہ کرتا۔ پھر ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں لے کر اپنے گھر تشریف لے گئے وہاں تین بکریاں تھیں۔ آپ ﷺ نے ہمیں ان کا دودھ دوہنے کا حکم دیا۔ چنانچہ ہم ان کا دودھ دوہتے اور ہر ایک اپنے حصے کا دودھ پی لیتا اور آپ ﷺ کا حصہ رکھ دیتا۔ نبی اکرم ﷺ رات کو تشریف لاتے اور اس طرح سلام کرتے کہ سونے والا نہ جاگتا اور جاگنے والا سن لیتا۔ پھر مسجد جاتے اور نماز پڑھتے پھر واپس آتے اور اپنے حصے کا دودھ پیتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۶۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلٰى مَنْ يَّبُوْلُ

۲۶۲: باب اس بارے میں کہ پیشاب کرنے والے کو سلام کرنا مکروہ ہے

۶۱۸ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ وَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۶۱۸: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے (سلام کا) جواب نہیں دیا۔ محمد بن یحییٰ، محمد بن یوسف سے وہ سفیان

وَسَلَّمَ السَّلَامَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيسَابُورِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ الْفَغْوَآءِ وَجَابِرٍ وَالْبَرَآءِ وَالْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

سے اور وہ ضحاک بن عثمان سے اس سند سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت علقمہ بن فغواء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۶۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ اَنْ يَقُوْلَ عَلَيْكَ السَّلَامُ مُبْتَدِءًا

۲۶۳: باب اس بارے میں کہ ابتداء میں ''علیک السلام'' کہنا مکروہ ہے

۶۱۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا خَالِدُ الْحَذَّآءُ عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ قَالَ طَلَبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَقْدِرْ عَلَيْهِ فَجَلَسْتُ فَاِذَا نَفَرٌ هُوَ فِيهِمْ وَلَا اَعْرِفُهُ وَهُوَ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ مَعَهُ بَعْضُهُمْ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ اِذَا لَقِيَ الرَّجُلُ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَلْيَقُلِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ ثُمَّ رَدَّ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَلَيْكَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ اَبُو غِفَارٍ عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ عَنْ اَبِي جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سَلِيمٍ الْهُجَيْمِيِّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَاَبُو تَمِيمَةَ اسْمُهُ طَرِيفُ بْنُ مُجَالِدٍ.

۶۱۹: حضرت ابوتمیمہ ہجیمی اپنی قوم کے ایک شخص کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو تلاش کرنے کے لیے نکلا تو آپ ﷺ کو نہ پا کر ایک جگہ بیٹھ گیا اتنے میں چند لوگ آئے نبی اکرم ﷺ بھی انہی میں تھے۔ میں آپ ﷺ کو نہیں پہچانتا تھا۔ آپ ﷺ لوگوں کے درمیان صلح کرا رہے تھے۔ جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو کچھ لوگ آپ ﷺ کے ساتھ اٹھے اور کہنے لگے یا رسول اللہ ﷺ: میں نے جب یہ دیکھا تو میں بھی کہنے لگا ''علیک السلام'' یا رسول اللہ ﷺ (تین مرتبہ اسی طرح کیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میت کی دعا ہے پھر آپ ﷺ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا جب کوئی شخص اپنے کسی بھائی سے ملے تو کہے ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' پھر آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب دیتے ہوئے تین مرتبہ فرمایا ''علیک ورحمۃ اللہ'' ابوغفار یہ حدیث ابوتمیمہ ہجیمی سے اور وہ ابی جری جابر بن سلیم ہجیمی سے نقل کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ الحدیث ابوتمیمہ کا نام ظریف بن مجالد ہے۔

۶۲۰: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ اَبِي غِفَارٍ الْمُثَنَّى بْنِ سَعِيدٍ الطَّائِيِّ عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ فَقَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ وَلٰكِنْ قُلِ السَّلَامُ عَلَيْكَ وَذَكَرَ قِصَّةً طَوِيلَةً هٰذَا

۶۲۰: حضرت جابر بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا ''علیک السلام'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''علیک السلام نہ کہو بلکہ ''السلام علیکم'' کہو۔ راوی نے پورا واقعہ بیان کیا۔

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۲۱: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَلَّمَ سَلَّمَ ثَلَاثًا وَاِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ اَعَادَهَا ثَلَاثًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۶۲۱: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سلام کرتے تو تین مرتبہ کرتے اور جب بات کرتے تو اسے بھی تین (ہی) مرتبہ دہراتے۔

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب : استیذان کے معنی ہیں اجازت طلب کرنا الادب کے معنی ہیں وہ قول وفعل جس کو اچھا اور قابل تعریف کہا جائے۔ ادب وتہذیب کا تقاضا یہ ہے کہ کوئی شخص کسی گھر میں بلا اجازت داخل نہ ہو چنانچہ شریعت نے اس بات کو مستحب قرار دیا ہے کہ جب کوئی شخص کسی کے گھر جائے تو پہلے دروازے پر کھڑے ہو کر گھر میں آنے کی اجازت طلب کرے اگر صاحب خانہ گھر میں بلائے تو دروازے کے اندر قدم رکھے ورنہ وہیں سے واپس چلا جائے اس حکم کی بنیاد قرآن کریم آیت کریمہ ''اے ایمان والو اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک گھر والوں سے اجازت حاصل نہ کرو اور ان کو سلام نہ کرلو'' اس بارہ میں مسنون طریقہ یہ ہے کہ دروازے پر کھڑے ہو کر اہل خانہ کو سلام کیا جائے اور ساتھ ہی اجازت طلب کی جائے۔ حدیث باب میں ایمان کو موقوف کیا ہے محبت پر اور آپس میں محبت ہوتی ہے سلام پھیلانے اور اس کو رواج دینے سے (۲) اگر کوئی شخص کسی کی طرف سے سلام پہنچائے تو مسنون طریقہ یہ ہے کہ سلام پہنچانے والے پر بھی سلام بھیجا جائے اور جس کی طرف سے اس نے سلام پہنچایا ہے اس پر بھی یعنی اس طرح کہے وعلیک وعلیہ السلام (۳) حدیث کا مطلب یہ ہے کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے کسی بھی فعل وطریقہ اور خاص طور پر سلام کرنے کے ان دونوں کے طریقوں کی مشابہت اختیار نہ کرنی چاہئے (۴) سلام میں پہل کرنے سے تکبر کی بیماری سے نجات ملتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے (۵) عورتوں کو سلام کرنے کی اجازت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خاص تھی کسی دوسرے مسلمان کے لئے اجازت نہیں ہے کہ وہ اجنبی عورتوں کو سلام کرے کیونکہ یہ مکروہ ہے ہاں اگر کوئی عورت اتنی عمر رسیدہ ہو کہ اس کو سلام کرنے سے کسی فتنہ میں مبتلا ہونے کا کوئی خوف نہ ہو اور کسی دوسروں کی نظر میں کسی بدگمانی کا سبب بھی نہ بنتا ہو تو جائز ہے (۶) چند مواقع میں سلام نہیں کرنا چاہئے یعنی مکروہ ہے (۱) جب کوئی پانی پی رہا ہو یا کھانا کھا رہا ہو (۲) اگر وظیفہ پڑھتا ہو (۳) یا قرآن پڑھتا ہو (۴) اگر کوئی گناہ میں مشغول ہو جیسے شطرنج کے کھیل وغیرہ (۵) پیشاب وغیرہ کے وقت سلام کرنا مکروہ ہے۔

۲۶۴ : بَابٌ

۲۶۴: باب

۶۲۲: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ مَعَهُ اِذَا قَبَلَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ فَاَقْبَلَ اِثْنَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۶۲۲: حضرت ابو واقد لیثی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ تین آدمی آئے ان میں سے دو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آگئے اور ایک چلا گیا۔ وہ دونوں جب وہاں کھڑے ہوئے تو ایک نے لوگوں کے درمیان تھوڑی سی جگہ دیکھی اور

وَذَهَبَ وَاحِدٌ فَلَمَّا وَقَفَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَا فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَرَاٰى فُرْجَةً فِى الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيْهَا وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَاَدْبَرَ ذَاهِبًا فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ اَمَّا اَحَدُهُمْ فَاَوٰى اِلَى اللّٰهِ فَاٰوَاهُ اللّٰهُ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَاسْتَحْيٰى فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَاَعْرَضَ فَاَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ وَاقِدِ اللَّيْثِيُّ اِسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ عَوْفٍ وَاَبُوْ مُرَّةَ مَوْلٰى اُمِّ هَانِىءٍ بِنْتِ اَبِىْ طَالِبٍ وَاسْمُهُ يَزِيْدُ وَيُقَالُ مَوْلٰى عَقِيْلِ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ.

وہاں بیٹھ گیا جبکہ دوسرا لوگوں کے پیچھے بیٹھا اور تیسرا تو پیٹھ موڑ کر چلا ہی گیا تھا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں ان تینوں کا حال نہ بتاؤں۔ ان میں سے ایک نے اللہ کی طرف ٹھکانہ بنانا چاہا تو اللہ نے اسے پناہ دے دی۔ دوسرے نے شرم کی (اور پیچھے بیٹھ گیا) تو اللہ نے اسے بخش دیا اور تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ بھی اس سے اس سے منہ پھیرلیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوواقد لیثی کا نام حارث بن عوف ہے اور ابومرہ ام ہانی بنت ابی طالب کے مولیٰ ہیں۔ ان کا نام یزید ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ عقیل بن ابی طالب کے مولیٰ ہیں۔

۶۲۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِىْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ سِمَاكٍ.

۶۲۳: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسل کی مجلس میں حاضر ہوتے تو جہاں جگہ پاتے وہیں بیٹھ جاتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اسے زہیر بن معاویہ سماک سے روایت کرتے ہیں۔

۲۶۵: بَابُ مَاجَاءَ عَلَى الْجَالِسِ فِى الطَّرِيْقِ

۲۶۵: باب راستے میں بیٹھنے والوں کی ذمہ داری کے متعلق

۶۲۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ وَلَمْ يَسْمَعْهُ مِنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِنَاسٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِى الطَّرِيْقِ فَقَالَ اِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِيْنَ فَرُدُّوا السَّلَامَ وَاَعِيْنُوا الْمَظْلُوْمَ وَاهْدُوا السَّبِيْلَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِىِّ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۶۲۴: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کی ایک جماعت کے پاس سے گزرے وہ راستے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہارے لیے راستے میں بیٹھنا ضروری ہو تو ہر سلام کرنے والے کا جواب دو، مظلوم کی مدد کرو اور بھولے بھٹکے کو راستہ بتاؤ۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابوشریح خزاعیؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِى الْمُصَافَحَةِ

۲۶۶: باب مصافحے کے متعلق

۶۲۵: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا حَنْظَلَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلرَّجُلُ مِنَّا يَلْقٰى اَخَاهُ وَصَدِيْقَهُ اَيَنْحَنِىْ لَهُ قَالَ لَا قَالَ

۶۲۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اگر ہم میں سے کوئی اپنے کسی بھائی یا دوست کو ملے تو کیا اس کے لیے جھکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا

أَفَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ قَالَ لاَ قَالَ فَيَاْخُذُ بِيَدِهٖ وَيُصَافِحُهٗ قَالَ نَعَمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

نہیں۔عرض کیا: تو کیا اس سے گلے مل کر اس کا بوسہ لے۔آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔اس نے پوچھا: کیا اس کا ہاتھ پکڑے اور مصافحہ کرے۔آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں" یہ حدیث حسن ہے۔

۶۲۶ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هَلْ كَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۲۶: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا صحابہ کرامؓ میں مصافحہ کرنے کا رواج تھا حضرت انسؓ نے فرمایا "ہاں" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۲۷ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ الْاَخْذُ بِالْيَدِ وَهٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلاَ نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَلَمْ يَعُدَّهٗ مَحْفُوْظًا وَقَالَ اِنَّمَا اَرَادَ عِنْدِيْ حَدِيْثَ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ مَّنْ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ سَمَرَ اِلَّا لِمُصَلٍّ اَوْ مُسَافِرٍ قَالَ مُحَمَّدٌ وَ اِنَّمَا يُرْوٰى عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ اَوْ غَيْرِهٖ قَالَ مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ الْاَخْذُ بِالْيَدِ.

۶۲۷: حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مصافحہ کرنا (یعنی ہاتھ پکڑنا) سلام کی تکمیل ہے۔یہ حدیث غریب ہے۔ہم اسے صرف یحییٰ بن سلیم کی سفیان سے روایت سے جانتے ہیں۔(امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اسے محفوظ احادیث میں نہیں شمار کیا۔اور کہا کہ شاید یحییٰ نے سفیان کی منصور سے مروی حدیث کا ارادہ کیا ہو جو خثیمہ ایک ایسے شخص سے روایت کرتے ہیں جس نے ابن مسعودؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے سنی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا نمازی اور مسافر کے علاوہ کسی دوسرے کے لیے رات کو باتیں کرنا درست نہیں۔امام بخاریؒ فرماتے ہیں منصور ابو اسحٰق سے وہ عبدالرحمٰن یا کسی اور سے نقل کرتے ہیں کہ مصافحہ کرنا تحیہ (سلام) کو پورا کرنا ہے۔

۶۲۸ : حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا يَحْيَى ابْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ اَنْ يَضَعَ اَحَدُكُمْ يَدَهٗ عَلٰى جَبْهَتِهٖ اَوْقَالَ عَلٰى يَدِهٖ فَيَسْاَلُهٗ كَيْفَ هُوَ وَ تَمَامُ تَحِيَّتِكُمْ بَيْنَكُمُ الْمُصَافَحَةُ هٰذَا اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَحْرٍ ثِقَةٌ وَعَلِيُّ بْنُ يَزِيْدَ ضَعِيْفٌ وَالْقَاسِمُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ

۶۲۸: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مریض کی پیشانی یا فرمایا اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا اور اس سے اس کی کیفیت پوچھنا پوری عیادت ہے اور تمہارے درمیان مصافحہ پورا تحیہ (سلام) ہے۔اس حدیث کی سند قوی نہیں۔امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ عبیداللہ بن زحر ثقہ ہیں اور علی بن یزید ضعیف ہیں۔قاسم سے مراد ابن عبدالرحمٰن ہیں اور ان کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے۔یہ ثقہ ہیں اور یہ عبدالرحمٰن بن خالد بن یزید بن معاویہ کے مولیٰ

الرَّحْمٰنِ وَيُكْنٰى اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ثِقَةٌ وَهُوَ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ وَالْقَاسِمُ شَامِيٌّ.

اور شامی ہیں۔

۶۲۹: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ وَاِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَجْلَحِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَّتَفَرَّقَا وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ وَيُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْبَرَآءِ.

۶۲۹: حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دو مسلمان آپس میں ملاقات کے وقت مصافحہ کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں جدا ہونے سے پہلے بخش دیتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اس حدیث کو ابو اسحٰق براء رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی کئی سندوں سے منقول ہے۔

۲۶۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُعَانَقَةِ وَالْقُبْلَةِ

۲۶۷: باب گلے ملنے اور بوسہ دینے کے متعلق

۶۳۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ الْمَدِيْنِيُّ ثَنِيْ اَبِيْ يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِيْنَةَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَاَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ وَاللّٰهِ مَارَاَيْتُهُ عُرْيَانًا قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ فَاعْتَنَقَهُ وَقَبَّلَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۶۳۰: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ زید بن حارثہؓ مدینہ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے حجرہ میں تشریف فرما تھے۔ حضرت زیدؓ نے آکر دروازہ کھٹکھٹایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم برہنہ[1] کپڑے کھینچتے ہوئے ان کی طرف لپکے اللہ کی قسم میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے پہلے یا بعد کبھی برہنہ نہیں دیکھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں گلے لگایا اور ان کا بوسہ لیا۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے زہری کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۲۶۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قُبْلَةِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ

۲۶۸: باب ہاتھ اور پاؤں کا بوسہ لینے کے متعلق

۶۳۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ لِصَاحِبِهِ اِذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ فَقَالَ صَاحِبُهُ لَا تَقُلْ نَبِيٌّ اِنَّهُ لَوْ سَمِعَكَ كَانَ لَهُ اَرْبَعَةُ اَعْيُنٍ

۶۳۱: حضرت صفوان بن عسالؓ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا کہ چلو میرے ساتھ اس نبی کے پاس چلو۔ اس کے ساتھی نے کہا: نبی نہ کہو کیونکہ اگر انہوں نے سن لیا تو خوشی سے ان کی چار آنکھیں ہو جائیں گی۔ وہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے نو نشانیوں کے

---

[1] برہنہ سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی چادر مبارک کندھوں سے گر گئی تھی اور خوشی کی شدت کی وجہ سے اسے اوڑھا بھی نہیں اور جلدی حضرت زیدؓ سے معانقے کیلئے دوڑے (مترجم)

فَاَتَیَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَہُ عَنْ تِسْعِ اٰیَاتٍ بَیِّنَاتٍ فَقَالَ لَھُمْ لَا تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ شَیْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِیْءٍ اِلٰی ذِیْ سُلْطَانٍ لِیَقْتُلَہٗ وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاکُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصِنَۃً وَلَا تُوَلُّوا الْفِرَارَ یَوْمَ الزَّحْفِ وَعَلَیْکُمْ خَاصَّۃَ الْیَھُوْدِ اَنْ لَّا تَعْتَدُوْا فِی السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلُوْا یَدَیْہِ وَ رِجْلَیْہِ وَقَالُوْا نَشْھَدُ اَنَّکَ نَبِیٌّ قَالَ فَمَا یَمْنَعُکُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْنِیْ قَالَ قَالُوْا اِنَّ دَاوٗدَ دَعَا رَبَّہٗ اَنْ لَا یَزَالَ مِنْ ذُرِیَّتِہٖ نَبِیٌّ وَاِنَّا نَخَافُ اِنْ تَبِعْنَاکَ اَنْ یَقْتُلَنَا الْیَھُوْدُ وَفِی الْبَابِ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ وَابْنِ عُمَرَ وَکَعْبِ بْنِ مَالِکٍ وَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

متعلق پوچھا۔آپ ﷺ نے فرمایا وہ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، چوری نہ کرو، زنا نہ کرو، ایسے شخص کو قتل نہ کرو جسے قتل کرنا حرام ہے، بے قصور شخص کو حاکم کے پاس نہ لے جاؤ تا کہ وہ اسے قتل کرے (یعنی تہمت وغیرہ لگا کر) جادو نہ کرو، سود نہ کھاؤ، پاکباز عورت پر زنا کی تہمت نہ لگاؤ، کافروں سے مقابلہ کرتے وقت پیٹھ نہ پھیرو اور خصوصاً اے یہودیو: تمہارے لئے لازمی ہے کہ ہفتے کے دن حد سے تجاوز (یعنی ظلم وزیادتی) نہ کرو۔ راوی کہتے ہیں پھر انہوں (یعنی یہودیوں) نے نبی اکرم ﷺ کے ہاتھ اور پاؤں چومے اور کہنے لگے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ﷺ نبی ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا پھر کون سی چیز تمہیں میری اتباع سے روکتی ہے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے کہا کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا مانگی تھی کہ نبی ہمیشہ ان کی اولاد میں سے ہوں۔ہمیں ڈر ہے کہ اگر ہم آپ ﷺ کی اتباع کریں گے تو یہودی ہمیں قتل نہ کر دیں۔اس باب میں یزید بن اسودؓ ابن عمر اور کعب بن مالک سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

فائدہ : مذکورہ بالا دونوں ابواب کی حدیثوں میں بوسہ کا تذکرہ آیا ہے جبکہ گذشتہ باب مصافحہ میں حضرت انسؓ کی حدیث میں بوسہ کی ممانعت ہے۔ممانعت اور نبی اکرم ﷺ کے فعل میں تطبیق یوں ہوگی کہ وہ بوسہ ممنوع ہے جو موجب فتنہ ہو یا شہوت کا اس میں شائبہ ہو اور وہ بوسہ جائز ہے جو بطور اعزاز واکرام ہو۔ ہاتھ پاؤں چومنے کے بارے میں یہ ہے کہ پاؤں کا چومنا بالاتفاق مکروہ وغیر درست ہے اور ہاتھ کا چومنا بھی مکروہ ہے لیکن متاخرین نے علماء اور صلحاء کا ہاتھ چومنے کی اجازت دی ہے۔(درمختار)

۲۶۹: بَابُ مَا جَاءَ فِیْ مَرْحَبًا

۲۶۹: باب مرحبا کہنے کے بارے میں

۶۳۲: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَی الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِکٌ عَنْ اَبِی النَّضْرِ اَنَّ اَبَا مُرَّۃَ مَوْلٰی اُمِّ ھَانِیءٍ بِنْتِ اَبِیْ طَالِبٍ اَخْبَرَہٗ اَنَّہٗ سَمِعَ اُمَّ ھَانِیءٍ تَقُوْلُ ذَھَبْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُہٗ یَغْتَسِلُ وَ فَاطِمَۃُ تَسْتُرُہٗ بِثَوْبٍ قَالَتْ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ مَنْ ھٰذِہٖ قُلْتُ اَنَا اُمُّ ھَانِیءٍ قَالَ مَرْحَبًا بِاُمِّ ھَانِیءٍ فَذَکَرَ قِصَّۃً فِی الْحَدِیْثِ وَ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ۔

۶۳۲: حضرت ام ہانیؓ فرماتی ہیں کہ فتح مکہ کے موقع پر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ ﷺ غسل فرما رہے تھے اور فاطمہؓ نے ایک کپڑے سے پردہ کر رکھا تھا۔ حضرت ام ہانیؓ فرماتی ہیں میں نے سلام کیا تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا میں ام ہانی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ام ہانی کا آنا مبارک ہو۔ اور پھر راوی نے ایک طویل قصہ ذکر کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۶۳۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ حُمَیْدٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا اَنَا مُوْسَی بْنُ مَسْعُوْدٍ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ

۶۳۳: حضرت عکرمہ بن ابی جہل سے روایت ہے کہ جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ

مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ ابْنِ اَبِىْ جَهْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جِئْتُهُ مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ وَ فِى الْبَابِ عَنْ بُرَيْدَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِىْ جُحَيْفَةَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِصَحِيْحٍ لَا نَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ سُفْيَانَ وَ مُوْسَى بْنِ مَسْعُوْدٍ ضَعِيْفٌ فِى الْحَدِيْثِ وَرَوٰى عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِىٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ وَهٰذَا اَصَحُّ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ بَشَّارٍ يَقُوْلُ مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ ضَعِيْفٌ فِى الْحَدِيْثِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَكَتَبْتُ كَثِيْرًا عَنْ مُوْسَى بْنِ مَسْعُوْدٍ ثُمَّ تَرَكْتُهُ.

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہاجر سوار کا آنا مبارک ہو (یعنی مہاجر سوار کو مرحبا) اس باب میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ اس حدیث کی سند صحیح نہیں ہم اسے موسیٰ بن مسعود کی سفیان سے روایت کے علاوہ نہیں پہچانتے موسیٰ بن مسعود ضعیف ہیں۔ پھر عبدالرحمٰن بن مہدی بھی سفیان سے اور وہ ابو اسحٰق سے مرسلاً نقل کرتے ہوئے مصعب بن سعد کا تذکرہ نہیں کرتے۔ یہ زیادہ صحیح ہے۔ میں نے محمد بن بشار سے سنا کہ موسیٰ بن مسعود حدیث میں ضعیف ہیں۔ محمد بن بشار کہتے ہیں کہ میں نے موسیٰ بن مسعود سے بہت سی حدیثیں لکھی تھیں لیکن پھر اسے چھوڑ دیا۔

خلاصۃ الباب: راستے میں بغیر مجبوری کے بیٹھنا شریعت میں معیوب ہے لیکن بامر مجبوری بیٹھنا ہو تو اس کے حقوق بھی ارشاد فرمائے ہیں (ا) سلام کرنے والے کو جواب دینا (ب) مظلوم کی مدد کرنا (ج) بھولے بھٹکے کو راستہ بتانا (۲) دو مسلمانوں کا محبت سے ملنا اور مصافحہ کرنا اس سے گناہ معاف اور دل صاف ہوتا ہے نیز مصافحہ متمم سلام ہے اس کے لئے بھی کچھ قواعد مقرر ہیں مثلاً لکھا ہے کہ اذان کے وقت سلام نہ کرو اور بھی مواقع ہیں جن کا حاصل یہ ہے کہ مشغولی کے وقت سلام نہ کرنا چاہئے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مشغولی کے وقت مصافحہ بھی نہ کرنا چاہئے مصافحہ ملاقات کے شروع میں باتفاق علماء جائز ہے اور رخصتی کے وقت مشروع ہونے میں اختلاف ہے اور عید کا مصافحہ ان دونوں سے الگ ہے اس لئے بدعت ہے اور عید کا معانقہ اور بھی قبیح (برا) ہے اور نمازوں کے بعد مصافحہ بھی بدعت ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین کی صحیح سمجھ عطا فرمائے۔ حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر سے واپسی پر اور اس کے علاوہ بھی ملاقات کے وقت اظہارِ محبت وعنایت کے پیشِ نظر معانقہ کرنا ثابت ہے اگر فتنہ کا خوف والا اندیشہ نہ ہو تو بوسہ لینا بھی جائز ہے نیز آنے والے کو خوش آمدید کہنا بھی مشروع ہے۔ واللہ اعلم۔

۲۷۰: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ تَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ

۲۷۰: باب چھینک کا جواب دینے کے متعلق

۶۳۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهُ وَيُجِيْبُهُ اِذَا دَعَاهُ وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ وَيَعُوْدُهُ اِذَا مَرِضَ وَيَتَّبِعُ جَنَازَتَهُ اِذَا مَاتَ يُحِبُّ لَهُ مَايُحِبُّ لِنَفْسِهِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ اَيُّوْبَ وَالْبَرَاءِ وَاَبِىْ مَسْعُوْدٍ وَهٰذَا حَدِيْثٌ

۶۳۴: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق ہیں۔ (۱) جب ملاقات کرے تو سلام کہے (۲) اگر وہ اسے دعوت دے تو وہ قبول کرے (۳) چھینک کا جواب دے (یعنی جب چھینک والا ''الحمدللہ'' کہے تو جواب میں یرحمک اللہ'' کہے۔..... (۴) اگر وہ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے (۵) جب وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جائے (۶) اس

حَسَنٌ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُھُمْ فِی الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ.

کے لیے بھی وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، ابوایوبؓ، براءؓ اور ابومسعودؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے۔ بعض محدثین نے حارث اعور کے بارے میں کلام کیا ہے۔

۶۳۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی الْمَخْزُوْمِیُّ الْمَدِیْنِیُّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَی الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ یَعُوْدُہٗ اِذَا مَرِضَ وَیَشْھَدُہٗ اِذَا مَاتَ وَیُجِیْبُہٗ اِذَا دَعَاہُ یُسَلِّمُ عَلَیْہِ اِذَا لَقِیَہٗ وَیُشَمِّتُہٗ اِذَا عَطَسَ وَیَنْصَحُ لَہٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَھِدَ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی الْمَخْزُوْمِیُّ مَدِیْنِیٌّ ثِقَۃٌ رَوٰی عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَابْنُ اَبِیْ فُدَیْکٍ.

۶۳۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے مؤمن پر چھ حقوق ہیں (۱) جب بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے (۲) اگر وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازہ میں شریک ہو (۳) اس کی دعوت قبول کرے (۴) اگر اس سے ملاقات ہو تو سلام کرے (۵) اسے چھینک آئے تو جواب دے (۶) اس کی موجودگی اور غیر موجودگی میں اس کی خیرخواہی کرے یہ حدیث صحیح ہے اور محمد بن موسیٰ مخزومی مدنی ثقہ ہیں۔ ان سے عبدالعزیز بن محمد اور ابن فدیک روایت کرتے ہیں۔

۲۷۱: بَابُ مَایَقُوْلُ الْعَاطِسُ اِذَا عَطَسَ

۲۷۱: باب جب چھینک آئے تو کیا کہے

۶۳۶: حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَۃَ نَا زِیَادُ بْنُ الرَّبِیْعِ نَا حَضْرَمِیٌّ مَوْلٰی اٰلِ الْجَارُوْدِ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا عَطَسَ اِلٰی جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَا اَقُوْلُ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَلَیْسَ ھٰکَذَا عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا اَنْ نَقُوْلَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ زِیَادِ بْنِ الرَّبِیْعِ.

۶۳۶: حضرت نافعؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کے پاس ایک شخص کو چھینک آئی تو اس نے کہا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ''۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا میں بھی کہتا ہوں ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ......'' لیکن نبی اکرم ﷺ نے اس طرح نہیں سکھایا بلکہ آپ ﷺ نے ہمیں یہ کلمات سکھائے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ'' یعنی ہر حال میں تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف زیاد بن ربیع کی روایت سے جانتے ہیں۔

۲۷۲: بَابُ مَاجَآءَ کَیْفَ یُشَمَّتُ الْعَاطِسُ

۲۷۲: باب اس بارے میں کہ چھینکنے والے کے جواب میں کیا کہا جائے

۶۳۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیٍّ نَا سُفْیَانُ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ دَیْلَمٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ

۶۳۷: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینکتے اور امید رکھتے کہ آپ

اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کَانَ الْیَهُوْدُ یَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرْجُوْنَ اَنْ یَقُوْلَ لَهُمْ یَرْحَمُکُمُ اللّٰهُ فَیَقُوْلُ یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَاَبِیْ اَیُّوْبَ وَسَالِمِ بْنِ عُبَیْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

صلی اللہ علیہ وسلم ''یَرْحَمُکُمُ اللّٰهُ'' کہیں۔ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں کہتے ''یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ'' یعنی اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔ اس باب میں حضرت علی، ابوایوب، سالم بن عبید، عبداللہ بن جعفر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۳۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَیْدٍ اَنَّهٗ کَانَ مَعَ الْقَوْمِ فِیْ سَفَرٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ عَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ فَکَاَنَّ الرَّجُلُ وَجَدَ فِیْ نَفْسِهٖ فَقَالَ اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَقُلْ اِلَّا مَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلْیَقُلْ لَهٗ مَنْ یَرُدُّ عَلَیْهِ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ وَلْیَقُلْ یَغْفِرُ اللّٰهُ لِیْ وَلَکُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ اِخْتَلَفُوْا فِیْ رِوَایَتِهٖ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَقَدْ اَدْخَلُوْا بَیْنَ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ وَبَیْنَ سَالِمٍ رَجُلًا.

۶۳۸: حضرت سالم بن عبید ایک جماعت کے ساتھ سفر میں تھے کہا ایک آدمی کو چھینک آئی تو اس نے کہا ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ'' حضرت سالم نے فرمایا ''وَعَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ'' (تجھ پر اور تیری ماں پر بھی) یہ بات اس شخص پر شاق گزری تو حضرت سالم نے فرمایا: جان لو کہ میں نے وہی جواب دیا ہے جو نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو چھینک مار کر ''السلام علیکم'' کہنے پر دیا تھا۔ پھر فرمایا: اگر تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ'' کہے اور جواب دینے والا کہے ''یَرْحَمُکَ اللّٰهُ'' پھر پہلا کہے ''یَغْفِرُ اللّٰهُ لِیْ وَلَکُمْ'' یعنی اللہ میری اور تمہاری مغفرت کرے۔ اس حدیث کی روایت میں اختلاف ہے۔ بعض راوی ہلال بن یساف اور سالم کے درمیان ایک راوی کا اضافہ کرتے ہیں۔

۶۳۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ اَخِیْهِ عِیْسٰی عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَلْیَقُلِ الَّذِیْ یَرُدُّ عَلَیْهِ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ وَلْیَقُلْ هُوَ یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ.

۶۳۹: حضرت ابوایوبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ'' کہے (یعنی ہر حال میں اللہ کا شکر ہے) اسے جواب دینے والا ''یَرْحَمُکَ اللّٰهُ'' کہے اور پھر چھینکنے والا کہے ''یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ'' یعنی اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔

۶۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ وَهٰکَذَا رَوٰی شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی وَقَالَ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانَ ابْنُ اَبِیْ

۶۴۰: محمد بن مثنیٰ، محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے وہ ابن ابی لیلیٰ سے اسی سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ شعبہ بھی اسے ابن ابی لیلیٰ وہ ابوایوب سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ ابن ابی لیلیٰ کو اس

لَيْلٰى يَضْطَرِبُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يَقُوْلُ اَحْيَانًا عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ يَقُوْلُ اَحْيَانًا عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

روایت میں اضطراب ہے۔ اس لیے کہ ابن ابی لیلیٰ کبھی ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے اور کبھی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

۶۴۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الثَّقَفِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَخِيْهِ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۶۴۱: ہم سے روایت کی محمد بن بشار اور محمد بن یحییٰ نے وہ دونوں یحییٰ بن سعید سے وہ ابن ابی لیلیٰ سے وہ اپنے بھائی عیسیٰ سے وہ علی رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۲۷۳: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ اِيْجَابِ التَّشْمِيْتِ بِحَمْدِ الْعَاطِسِ

۲۷۳: باب اس بارے میں کہ اگر چھینک مارنے والا الحمد للہ کہے تو اسے جواب دینا واجب ہے

۶۴۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْاٰخَرَ فَقَالَ الَّذِيْ لَمْ يُشَمِّتْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَاِنَّكَ لَمْ تَحْمَدْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

۶۴۲: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس دو آدمیوں کو چھینک آئی تو آپ ﷺ نے ایک کی چھینک کا جواب دیا لیکن دوسرے کی چھینک کا جواب نہیں دیا۔ اس پر دوسرے نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے اس کی چھینک کا جواب دیا اور میری چھینک کا جواب نہیں دیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس لیے کہ اس نے ''الحمد للہ'' کہا اور تم نے نہیں کہا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۷۴: بَابُ مَاجَآءَ كَمْ يُشَمَّتُ الْعَاطِسَ

۲۷۴: باب اس بارے میں کہ کتنی بار چھینک کا جواب دیا جائے

۶۴۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ اَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا شَاهِدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا رَجُلٌ مَزْكُوْمٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۴۳: حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میری موجودگی میں ایک شخص کو چھینک آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یرحمک اللہ'' پھر اسے دوبارہ چھینک آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کو زکام ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۴۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فِيْ

۶۴۴: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے یحییٰ بن سعید سے وہ عکرمہ سے وہ ایاس بن سلمہ سے وہ اپنے والد سلمہ سے اور وہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں ہے

الثَّالِثَةِ اَنْتَ مَزْكُوْمٌ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ نَحْوَ رِوَايَةِ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ.

کہ آپ ﷺ نے تیسری مرتبہ چھینکنے پر فرمایا کہ اسے زکام ہے۔ اور یہ ابن مبارک کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ شعبہ بھی عکرمہ بن عمار سے یہی حدیث یحییٰ بن سعید کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۶۴۵۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ الْحَكَمِ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ بِهٰذَا.

۶۴۵: ہم سے یہ حدیث روایت کی احمد بن حکم نے انہوں نے محمد بن جعفر سے انہوں نے شعبہ سے اور انہوں نے عکرمہ بن عمار سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

۶۴۶: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ الْكُوْفِيُّ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبِيْ خَالِدِ الدَّالَانِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ اَبِيْهَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تُشَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلَاثًا فَاِذَا زَادَ فَاِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَاِسْنَادُهٗ مَجْهُوْلٌ.

۶۴۶: حضرت عمرو بن اسحٰق بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ اپنی والدہ سے اور وہ ان کے والد نقل کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھینکنے والوں کو تین مرتبہ جواب دو۔ اگر اس سے زیادہ مرتبہ چھینکے تو تمہیں اختیار ہے چاہو تو جواب دو چاہو تو (جواب) نہ دو۔ یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند مجہول ہے۔

۲۷۵ : بَابُ مَاجَآءَ فِيْ خَفْضِ الصَّوْتِ وَ تَخْمِيْرِ الْوَجْهِ عِنْدَ الْعُطَاسِ

۲۷۵: باب چھینک کے وقت آواز پست رکھنے اور چہرہ ڈھانکنے کے متعلق

۶۴۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَزِيْرٍ الْوَاسِطِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ اِذَا عَطَسَ غَطّٰى وَجْهَهٗ بِيَدِهٖ اَوْ بِثَوْبِهٖ وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۴۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم چہرہ مبارک کو ہاتھوں سے یا کسی کپڑے سے ڈھانپ لیتے اور آواز پست کرتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۷۶ : بَابُ مَاجَآءَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ

۲۷۶: باب اس بارے میں کہ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند اور جمائی کو ناپسند کرتے ہیں

۶۴۸: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُطَاسُ مِنَ اللّٰهِ وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهٗ عَلٰى فِيْهِ وَاِذَا قَالَ اٰهْ اٰهْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْ جَوْفِهٖ وَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا قَالَ الرَّجُلُ اٰهْ اٰهْ اِذَا تَثَاءَبَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْ

۶۴۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھینک اللہ کی طرف سے اور جمائی شیطان کی طرف سے ہے۔ اگر کسی کو جمائی آئے تو اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لے اس لیے کہ جب جمائی لینے والا آہ، آہ کہتا ہے تو شیطان اس کے منہ کے اندر سے ہنستا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتا اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے۔ لہٰذا جب کوئی جمائی لیتے وقت آہ، آہ کہتا ہے تو شیطان اس کے منہ کے اندر سے ہنستا ہے۔ یہ

جَوْفِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

حدیث حسن ہے۔

۶۴۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلاَّ لُ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ سَمِعَهٗ اَنْ يَّقُوْلَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَاَمَّا التَّثَاؤُبُ فَاِذَا تَثَاءَ بَ اَحَدُ كُمْ فَلْيَرُدَّهٗ مَا اسْتَطَاعَ وَ لاَ يَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ فَاِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ يَضْحَكُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ بْنِ عَجْلاَنَ وَابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ اَحْفَظُ لِحَدِيْثِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ وَاَثْبَتُ مِنِ ابْنِ عَجْلاَنَ وَ سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ الْعَطَّارَ الْبَصْرِيُّ يَذْكُرُ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ الْمَدِيْنِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلاَنَ اَحَادِيْثُ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ رَوٰى بَعْضَهَا سَعِيْدٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَبَعْضَهَا سَعِيْدٌ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَاخْتَلَطَتْ عَلَيَّ فَجَعَلْتُهَا عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۶۴۹: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی چھینکے تو ''الحمد للہ'' کہے اور ہر سننے والے پر حق ہے کہ جواب میں ''یرحمک اللہ'' کہے۔ جہاں تک جمائی کا تعلق ہے تو اگر کسی کو جمائی آئے تو حتی الوسع روکنے کی کوشش کرے اور ہاہ، ہاہ نہ کرے کیونکہ یہ شیطان کی طرف سے ہے جو اس پر ہنستا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ابن عجلان کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ ابن ابی ذئب، سعید مقبری کی روایت کو اچھی طرح یاد رکھتے ہیں وہ ابن عجلان سے اثبت ہیں۔ ابو بکر عطاء بصری، علی بن مدینی سے وہ یحییٰ سے اور وہ ابن عجلان سے نقل کرتے ہیں کہ سعید مقبری نے اپنی بعض روایات براہ راست حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیں جبکہ بعض روایات ایک شخص کے وساطہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیں اور یہ روایتیں مجھ پر خلط ملط ہوگئیں لہٰذا میں نے سب کو اسی طرح روایت کیا ''عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ''

۲۷۷: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الْعُطَاسَ فِي الصَّلٰوةِ مِنَ الشَّيْطَانِ

۲۷۷: باب اس بارے میں کہ نماز میں چھینک آنا شیطان کی طرف سے ہے

۶۵۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ عَدِيِّ وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَفَعَهٗ قَالَ الْعُطَاسُ وَالنُّعَاسُ وَ التَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ وَالْحَيْضُ وَالْقَيْءُ وَالرُّعَافُ مِنَ الشَّيْطَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهٗ اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ وَ سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قُلْتُ لَهٗ مَا اسْمُ جَدِّ عَدِيِّ قَالَ لاَ اَدْرِيْ وَذُكِرَ عَنْ يَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ قَالَ اِسْمُهٗ دِيْنَارٌ.

۶۵۰: حضرت عدی بن ثابت اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ نماز کے دوران چھینک، اونگھ، حیض، قے اور نکسیر پھوٹنا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف شریک کی ابوقیظان سے روایت سے جانتے ہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ) میں نے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے عدی کے دادا کا نام پوچھا تو انہیں معلوم نہیں تھا۔ یحییٰ بن معین کہتے ہیں کہ ان کا نام دینار ہے۔

خلاصة الباب: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر جو حقوق ہیں ان میں سے ایک چھینک کا جواب دینا بھی ہے ویسے چھینک بذات خود اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے کہ اس کی وجہ سے چونکہ دماغ پر سے بوجھ اتر جاتا ہے اور فہم وادراک کی قوت کی تزکیہ ہوتا ہے اور یہ چیز طاعت وحضوری قلب کا باعث ومددگار بنتی ہے اس لئے چھینکنا پسندیدہ ہے اس کے برخلاف جمائی لینا طبیعت کے بھاری پن اور کدورت کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہ چیز غفلت وسستی اور بدفہمی نیز طاعت وعبادت میں عدم نشاط کا باعث بنتی ہے اس لئے جمائی کا آنا شیطان کی خوشی کا ذریعہ ہے اور اس کی نسبت شیطان کی طرف کی گئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ شانہٗ کا چھینک کو پسند کرنا اور جمائی کو ناپسند کرنا ان کے نتیجہ وثمرہ کے اعتبار سے کہ چھینک کا عبادت وطاعت میں نشاط وتازگی کا پیدا ہونا ہے۔ سننے والا جواب میں یرحمک اللہ کہے اگر چھینکنے والا الحمدللہ نہ کہے تو دوسرا شخص بھی جواب نہ دے (۲) جو الفاظ حدیث مبارکہ میں آئے ہیں وہی الفاظ کہنے چاہئے اپنی طرف سے کوئی لفظ نہیں کہنا چاہئے جیسا کہ روایات میں آیا ہے کہ ایک شخص نے چھینک آنے پر السلام علیکم کہا تو حضرت سالمؒ نے بہت ڈانٹا (۳) چھینکنے کے وقت آواز پست رکھنی چاہئے اور چہرہ کو ڈھانپنا چاہئے۔

۲۷۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ اَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يُجْلَسُ فِيهِ

۲۷۸: باب اس بارے میں کہ کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنا مکروہ ہے

۶۵۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَا يُقِمْ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۶۵۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کو اس کی جگہ سے اٹھا کر وہاں نہ بیٹھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۵۲: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقِمْ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ قَالَ وَكَانَ الرَّجُلُ يَقُوْمُ لِابْنِ عُمَرَ فَمَا يَجْلِسُ فِيهِ.

۶۵۲: ہم سے روایت کی حسن بن علی خلال نے انہوں نے عبدالرزاق سے وہ معمر سے وہ زہری سے وہ سالم سے اور وہ ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اپنے کسی بھائی کو اٹھا کر اس کی جگہ نہ بیٹھے۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگ جب ابن عمرؓ کو دیکھتے تو ان کے لیے جگہ خالی کر دیتے لیکن ابن عمرؓ ان کی جگہ نہ بیٹھتے۔

۲۷۹: بَابُ مَاجَاءَ اِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ رَجَعَ فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ

۲۷۹: باب اس بارے میں کہ جب کوئی شخص مجلس سے اُٹھ کر جائے اور پھر واپس آئے تو وہ اپنی جگہ بیٹھنے کا زیادہ مستحق ہے

۶۵۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ عَنْ وَهْبِ بْنِ حُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّجُلُ اَحَقُّ بِمَجْلِسِهِ وَاِنْ خَرَجَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ عَادَ

۶۵۳: حضرت وہب بن حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی جگہ کا زیادہ مستحق ہے۔ چنانچہ اگر وہ کسی ضرورت کے لیے اٹھ کر جائے اور پھر واپس آئے تو وہ اپنی جگہ کا زیادہ مستحق ہے۔ یہ حدیث صحیح

فَهُوَ اَحَقُّ بِمَجْلِسِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ.

غریب ہے اور اس باب میں حضرت ابوبکرہؓ، ابوسعیدؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

۲۸۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْجُلُوْسِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ بِغَيْرِ اِذْنِهِمَا

۲۸۰: باب اس بارے میں کہ دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر بیٹھنا مکروہ ہے

۶۵۴ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ اَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ ثَنِیْ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاهُ عَامِرُ الْاَحْوَلُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَيْضًا.

۶۵۴: حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے لیے حلال (یعنی جائز) نہیں ہے کہ دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر بیٹھ جائے ۔ یہ حدیث حسن ہے۔ عامر احول نے بھی اس حدیث کو عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے۔

۲۸۱ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْقُعُوْدِ وَسْطَ الْحَلْقَةِ

۲۸۱: باب حلقے کے درمیان میں بیٹھنے کی کراہت کے متعلق

۶۵۵ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْ مِجْلَزٍ اَنَّ رَجُلًا قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ مَلْعُوْنٌ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ اَوْ لَعَنَ اللّٰهُ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ مِجْلَزٍ اِسْمُهٗ لَاحِقُ بْنُ حُمَيْدٍ.

۶۵۵: حضرت ابومجلز کہتے ہیں کہ ایک شخص حلقہ کے درمیان بیٹھا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے مطابق حلقے کے درمیان بیٹھنے والا ملعون ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابومجلز کا نام لاحق بن حمید ہے۔

۲۸۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ قِيَامِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ

۲۸۲: باب کسی کی تعظیم میں کھڑے ہونے کی کراہت کے متعلق

۶۵۶ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا عَفَّانُ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانُوْا اِذَا رَاَوْهُ لَمْ يَقُوْمُوْا لِمَا يَعْلَمُوْنَ مِنْ كَرَاهِيَتِهٖ لِذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۶۵۶: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ کے لیے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کوئی شخص محبوب نہیں تھا لیکن اس کے باوجود وہ لوگ آپ ﷺ کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوتے تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ اسے پسند نہیں کرتے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۶۵۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا قَبِيْصَةُ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ عَنْ اَبِیْ مِجْلَزٍ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ صَفْوَانَ حِيْنَ رَاَوْهُ فَقَالَ اجْلِسَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ

۶۵۷: حضرت ابومجلز سے روایت ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ تشریف لائے تو عبداللہ بن زبیرؓ اور ابن صفوان انہیں دیکھ کر کھڑے ہوگئے ۔ حضرت معاویہؓ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جسے یہ بات پسند

وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ وَهٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ہو کہ لوگ اس کے لیے تصویروں (بت) کی طرح کھڑے ہوں وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ تلاش کرے۔ اس باب میں حضرت ابوامامہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہناد بھی ابواسامہ سے وہ حبیب سے وہ ابومجلز سے وہ معاویہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: علماء نے لکھا ہے کہ جب کوئی شخص اپنی جگہ سے اس ارادہ ونیت سے اُٹھ کر گیا ہو کہ پھر جلد ہی اس جگہ واپس آئے گا مثلاً وضو کے لئے اُٹھ کر گیا یا اس کو کوئی ضرورت پیش آگئی ہو اور پھر وضو یا اس کام کو پورا کر کے جلد ہی واپس آ گیا تو اس جگہ کا زیادہ مستحق وہی شخص ہوگا (۲) مطلب یہ کہ ہوسکتا ہے کہ وہ دونوں آدمی آپس میں محبت وتعلق رکھتے ہوں اور رازدارانہ طور پر ایک دوسرے سے کوئی بات چیت کرنا چاہتے ہوں تو تیسرے آدمی کی موجودگی انہیں ناگوار گذرے گی (۳) عجمی لوگوں کا دستور ہے کہ جب ان کا کوئی سردار یا بڑا آدمی ان کی مجلس میں آتا ہے تو محض اس کو دیکھتے ہی ہڑ بڑا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور پھر اس کے سامنے باادب دستہ بدستہ کھڑے رہتے ہیں اگر یہ چھوٹے لوگ کھڑے نہ ہوں تو بڑے لوگ ان سے ناراض ہو جائیں گے اس بنا پر حضور ﷺ نے منع فرمایا کہ اگر کوئی شخص اپنی شان وشکوہ کے اظہار اور تکبر ونخوت کے طور پر اچھا سمجھتا ہے کہ لوگ میرے لئے کھڑے ہوں تو وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں تلاش کرے اگر اس شخص کے دل میں یہ بات نہ ہو تو لوگ اس کے احترام وعزت کرنے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو کوئی حرج نہیں۔

۲۸۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي تَقْلِيمِ الْاَظْفَارِ

۲۸۳: باب ناخن تراشنے کے متعلق

۶۵۸: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْحُلْوَانِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ الْاِسْتِحْدَادُ وَالْخِتَانُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ وَتَقْلِيمُ الْاَظْفَارِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۶۵۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانچ چیزیں فطرت سے ہیں: زیر ناف بال صاف کرنا، ختنہ کروانا، مونچھیں کترنا، بغل کے بال اکھاڑنا اور ناخن تراشنا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۵۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَهَنَّادٌ قَالَا نَا وَكِيعٌ عَنْ زَكَرِيَّا بْنَ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَاِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ وَقَصُّ الْاَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ

۶۵۹: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس چیزیں فطرت سے ہیں۔ مونچھیں کترنا، ڈاڑھی بڑھانا، مسواک کرنا، ناک میں پانی ڈالنا، ناخن تراشنا، انگلیوں کے پشت کو دھونا، بغل کے بال اکھاڑنا، زیر ناف بال مونڈنا، پانی سے استنجا کرنا، زکریا کہتے ہیں کہ مصعب نے فرمایا: میں دسویں چیز بھول گیا لیکن وہ کلی

وَانْتِقَاصُ الْمَآءِ قَالَ زَكَرِيَّا قَالَ مُصْعَبٌ وَنَسِيْتُ الْعَاشِرَةَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةُ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَابْنِ عُمَرَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَانْتِقَاصُ الْمَآءِ هُوَ الْاِسْتِنْجَآءُ بِالْمَآءِ.

کرنا ہی ہوگا۔ اس باب میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں "اِنْتِقَاصُ الْمَآءِ" سے مراد پانی سے استنجا کرنا ہے۔

۲۸۴: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ تَوْقِيْتِ تَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَاَخْذِ الشَّارِبِ

۲۸۴: باب ناخن تراشنے اور مونچھیں کتراوانے کی مدت کے متعلق

۶۶۰: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ نَا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى اَبُوْ مُحَمَّدٍ صَاحِبُ الدَّقِيْقِ نَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِىُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ وَقَّتَ لَهُمْ فِىْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً تَقْلِيْمَ الْاَظْفَارِ وَاَخْذُ الشَّارِبِ وَحَلْقَ الْعَانَةِ.

۶۶۰: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے ناخن تراشنے، مونچھیں کترنے اور زیر ناف بال مونڈنے کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن مقرر کی۔

۶۶۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ وَقَّتَ لَنَا فِىْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَنَتْفِ الْاِبْطِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا هٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ وَ صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى لَيْسَ عِنْدَ هُمْ بِالْحَافِظِ.

۶۶۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ہمیں اس لیے مونچھیں کترنے، ناخن تراشنے زیر ناف بال مونڈنے اور بغل کے بال اکھاڑنے کے متعلق حکم دیا گیا کہ چالیس دن سے زیادہ نہ گزرنے پائیں۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے کیونکہ اس کے راوی صدقہ بن موسیٰ محدثین کے نزدیک حافظ نہیں ہیں۔ (یعنی ضعیف ہیں)

۲۸۵: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ قَصِّ الشَّارِبِ

۲۸۵: باب مونچھیں کترنے کے بارے میں

۶۶۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكُوْفِىُّ الْكِنْدِىُّ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْيَا خُذُمِنْ شَارِبِهٖ قَالَ وَكَانَ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ اِبْرَاهِيْمُ يَفْعَلُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۶۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مونچھیں کاٹا کرتے تھے اور فرماتے کہ اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۶۶۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَاخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا وَ فِى الْبَابِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ هٰذَا

۶۶۳: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مونچھیں نہ کٹوائے وہ ہم میں سے نہیں۔ اس باب میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

بشار بھی یحییٰ بن سعید سے وہ یوسف بن صہیب سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۲۸۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاَخْذِ مِنَ اللِّحْيَةِ

۲۸۶: باب داڑھی کی اطراف سے کچھ بال کاٹنے کے متعلق

۲۶۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَقُوْلُ عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ مُقَارِبُ الْحَدِيْثِ لَا اَعْرِفُ لَهٗ حَدِيْثًا لَيْسَ لَهٗ اَصْلٌ اَوْ قَالَ يَتَفَرَّدُ بِهٖ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا وَلَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ هَارُوْنَ وَرَاَيْتُهٗ حَسَنَ الرَّاْيِ فِيْ عُمَرَ بْنِ هَارُوْنَ وَسَمِعْتُ قُتَيْبَةَ يَقُوْلُ عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ كَانَ صَاحِبَ حَدِيْثٍ وَكَانَ يَقُوْلُ الْاِيْمَانُ قَوْلٌ وَعَمَلٌ قَالَ قُتَيْبَةُ نَا وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِيْقَ عَلٰى اَهْلِ الطَّائِفِ قَالَ قُتَيْبَةُ قُلْتُ لِوَكِيْعٍ مَنْ هٰذَا قَالَ صَاحِبُكُمْ عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ.

۲۶۴: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی داڑھی مبارک لمبائی اور چوڑائی دونوں جانب سے تراشا کرتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ عمر بن ہارون مقارب الحدیث ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے ان کی ایسی کسی حدیث کا علم نہیں جس کی کوئی اصل نہ ہو یا اس حدیث کے علاوہ کسی اور حدیث میں وہ متفرد ہوں۔ حدیث مذکورہ کو ہم صرف عمر بن ہارون کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ان کے بارے میں امام بخاریؒ کی اچھی رائے پائی۔ قتیبہ فرماتے ہیں کہ عمر بن ہارون صاحب حدیث تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ ان کا عقیدہ تھا کہ ایمان قول اور عمل کا نام ہے۔ قتیبہ فرماتے ہیں ہم سے وکیع بواسطہ ایک آدمی کے ثور بن یزید سے روایت کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے اہل طائف پر منجنیق نصب کی۔ قتیبہ کہتے ہیں میں نے وکیع سے اس شخص کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا وہ عمر بن ہارون ہیں۔

۲۸۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ

۲۸۷: باب داڑھی بڑھانے کے متعلق

۲۶۵: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۲۶۵: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مونچھیں کٹواؤ اور داڑھی بڑھاؤ۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۶۶: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِاِحْفَاءِ الشَّوَارِبِ وَاِعْفَاءِ

۲۶۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مونچھیں کٹوانے اور داڑھی بڑھانے کا حکم دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابن عمر رضی اللہ

اللَّيْثِي هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ هُوَ مَوْلَى ابْنُ عُمَرَ ثِقَةٌ وَعُمَرُ بْنُ نَافِعٍ ثِقَةٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ مَوْلَى ابْنُ عُمَرَ يُضَعَّفُ.

عنہما کے مولیٰ ابوبکر بن نافع اور عمر بن نافع ثقہ ہیں جبکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام عبداللہ بن نافع حدیث میں ضعیف ہیں۔

۲۸۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ وَضْعِ اِحْدَى الرِّجْلَيْنِ عَلَى الْاُخْرٰى مُسْتَلْقِيًا

۲۸۸: باب ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر لیٹنا

۶۶۷ : حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ وَاضِعًا اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَمُّ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِبْنِ عَاصِمِ الْمَازِنِيُّ.

۶۶۷: حضرت عباد بن تمیم اپنے چچا سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں (چت) لیٹے ہوئے دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ایک پاؤں دوسرے پر رکھا ہوا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عباد بن تمیم کے چچا عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی ہیں۔

۲۸۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ فِيْ ذٰلِكَ

۲۸۹: باب اس کی کراہت کے بارے میں

۶۶۸ : حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اَسْبَاطَ بْنِ مُحَمَّدِ الْقُرَشِيُّ نَا اَبِيْ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ خِدَاشٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اِشْتِمَالِ الصَّمَّآءِ وَ الْاِحْتِبَآءِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَاَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ وَلَا نَعْرِفُ خِدَاشًا مَنْ هُوَ وَقَدْ رَوٰى لَهٗ سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ غَيْرَ حَدِيْثٍ.

۶۶۸: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی کپڑے میں ہاتھوں اور جسم کو لپیٹنے اور ایک ہی کپڑے میں اکڑوں بیٹھنے سے منع فرمایا اور چت لیٹ کر پاؤں پر پاؤں رکھنے سے بھی منع فرمایا۔ اس حدیث کو کئی لوگوں نے سلیمان تیمی سے روایت کیا ہے۔ ہم خداش کو نہیں جانتے کہ وہ کون ہے۔ سلیمان تیمی ان سے کئی احادیث نقل کرتے ہیں۔

۶۶۹ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اِشْتِمَالِ الصَّمَّآءِ وَالْاِحْتِبَآءِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَاَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۶۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر وغیرہ بالکل لپیٹنے (کہ اعضاء باہر نہ نکل سکیں) پنڈلیوں کو رانوں سے ملا کر باندھنے اور چت لیٹ کر پاؤں پر پاؤں رکھنے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۹۰ : بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْاِضْطِجَاعِ عَلَى الْبَطْنِ

۲۹۰: باب پیٹ کے بل لیٹنے کی کراہت کے متعلق

۶۷۰ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعَبْدُ

۶۷۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

الرَّحِيمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍونَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً مُضْطَجِعًا عَلٰى بَطْنِهِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ ضِجْعَةٌ لَا يُحِبُّهَا اللّٰهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ طِهْفَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَرَوٰى يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ يَعِيْشَ بْنِ طِهْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ وَيُقَالُ طِخْفَةُ وَالصَّحِيْحُ طِهْفَةُ وَيُقَالُ طِغْفَةُ وَقَالَ بَعْضُ الْحُفَّاظِ الصَّحِيْحُ طِخْفَةُ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پیٹ کے بل لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس طرح لیٹنے کو پسند نہیں کرتا۔ اس باب میں طھفہ رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ یحییٰ بن ابی کثیر یہ حدیث ابوسلمہ سے وہ یعیش بن طھفہ سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ انہیں طخفہ بھی کہتے ہیں جبکہ صحیح طہفہ ہی ہے۔ بعض طغفہ کہتے ہیں اور بعض حفاظ نے ''طخفہ'' کو صحیح کہا ہے۔

۲۹۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حِفْظِ الْعَوْرَةِ

۲۹۱: باب ستر کی حفاظت کے متعلق

۶۷۱: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا بَهْزُبْنُ حَكِيْمٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَوْرَاتُنَا مَا نَاْتِيْ مِنْهَا وَمَا نَذَرُ قَالَ احْفَظْ عَوْرَتَكَ اِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ اَوْمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَكُوْنُ مَعَ الرَّجُلِ قَالَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَا يَرَاهَا اَحَدٌ فَافْعَلْ قُلْتُ فَالرَّجُلُ يَكُوْنُ خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ يُسْتَحْيٰى مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَجَدُّ بَهْزٍ اِسْمُهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيُّ وَقَدْ رَوَى الْجُرَيْرِيُّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ وَهُوَوَالِدُ بَهْزٍ.

۶۷۱: بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: ہم اپنا ستر کس سے چھپائیں اور کس سے نہ چھپائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنی بیوی اور لونڈی کے علاوہ ہر ایک سے چھپاؤ۔ انہوں نے عرض کیا اگر کوئی کسی مرد کے ساتھ ہو تو۔ آپ ﷺ نے فرمایا جہاں تک ہو سکے اپنے ستر (یعنی شرمگاہ) کی حفاظت کرو کہ کوئی نہ دیکھ پائے۔ عرض کیا: بعض اوقات آدمی اکیلا ہی ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو اللہ تعالیٰ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے شرم کی جائے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ابو بہز کے دادا کا نام معاویہ بن حیدہ قشیری ہے۔ اس حدیث کو جریری بھی بہز کے والد حکیم بن معاویہ سے روایت کرتے ہیں۔

۲۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِتِّكَاءِ

۲۹۲: باب تکیہ لگانے کے بارے میں

۶۷۲: حَدَّثَنَاعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ نَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ وَلَمْ يَذْكُرُوْا عَلٰى يَسَارِهٖ.

۶۷۲: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بائیں جانب تکیے پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ متعدد لوگوں نے اس حدیث کو اسرائیل اور سماک اور جابر بن سمرہؓ سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکیے پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا۔ لیکن اس میں بائیں جانب کا ذکر نہیں کیا۔

۶۷۳: حَدَّثَنَايُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا اِسْرَائِيْلُ

۶۷۳: یوسف بن عیسیٰ بھی اسے وکیع سے وہ اسرائیل سے وہ

عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

سماک بن حرب سے اور وہ جابرؓ سے اسی کی مانند مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۹۳: بَابٌ

۲۹۳: باب

۶۷۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤَمُّ الرَّجُلُ فِيْ سُلْطَانِهٖ وَلَا يُجْلَسُ عَلٰى تَكْرِمَتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۶۷۴: حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو اس کی حکومت میں مقتدی نہ بنایا جائے اور کسی کو اس کے گھر میں اس کی اجازت کے بغیر اس کی مسند پر نہ بٹھایا جائے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

فائدہ: مراد یہ ہے کہ اہل بیت (اگر صاحب علم ہے) تو اس کا حق ہے اس مفہوم کی احادیث ہیں جو گزر چکیں۔

۲۹۴: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الرَّجُلَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهٖ

۲۹۴: باب اس بارے میں کہ سواری کا مالک اس پر آگے بیٹھنے کا زیادہ مستحق ہے

۶۷۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ ثَنِيْ اَبِيْ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ بُرَيْدَةَ يَقُوْلُ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ اِذْ جَآءَهُ رَجُلٌ وَمَعَهُ حِمَارٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ارْكَبْ وَتَاَخَّرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِكَ اِلَّا اَنْ تَجْعَلَهُ لِيْ قَالَ قَدْ جَعَلْتُهُ لَكَ قَالَ فَرَكِبَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۷۵: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ پیدل چل رہے تھے کہ ایک شخص آیا، اس کے پاس گدھا تھا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہو جایئے اور خود پیچھے ہٹ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم آگے بیٹھنے کے زیادہ حق دار ہو مگر یہ کہ تم اپنا حق مجھے دے دو۔ اس نے عرض کیا میں نے آپ کو اپنا حق دے دیا۔ راوی کہتے ہیں پھر آپ ﷺ سوار ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۹۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ اِتِّخَاذِ الْاَنْمَاطِ

۲۹۵: باب انماط (یعنی قالین) کے استعمال کی اجازت

۶۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكُمْ اَنْمَاطٌ قُلْتُ وَاَنّٰى تَكُوْنُ لَنَا اَنْمَاطٌ قَالَ اَمَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمْ اَنْمَاطٌ قَالَ فَاَنَا اَقُوْلُ لِامْرَاَتِيْ اَخِّرِيْ

۶۷۶: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس انماط (قالین) ہیں؟ میں نے عرض کیا ہمارے پاس انماط کہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا عنقریب تم لوگوں کے پاس انماط (قالین) ہوں گے۔ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں میں اپنی بیوی سے کہتا کہ اپنے انماط مجھ سے دور

عَنِّیْ اَنْمَا طَکِ فَتَقُوْلُ اَلَمْ یَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا سَتَکُوْنُ لَکُمْ اَنْمَاطٌ قَالَ فَاَدَعُهَا هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ حَسَنٌ.

کروتو وہ کہتی کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا: کہ عنقریب تم لوگوں کے پاس انماط (قالین) ہوں گے۔ پھر میں اسے چھوڑ دیتا اور کچھ نہ کہتا۔ یہ حدیث صحیح حسن ہے۔

۲۹۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ رُکُوْبِ ثَلَاثَةٍ عَلٰی دَابَّةٍ

۲۹۶: باب ایک جانور پر تین آدمیوں کے سوار ہونے کے بارے میں

۶۷۷: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِیْمِ الْعَنْبَرِیُّ نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عِکْرُمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اِیَاسِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ لَقَدْ قُدْتُ بِنَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلٰی بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ حَتّٰی اَدْخَلْتُهُ حُجْرَةَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا قُدَّامَهُ وَهٰذَا خَلْفَهُ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۶۷۷: حضرت ایاس بن سلمہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے خچر شہباء کو کھینچا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ اور حسنؓ وحسینؓ سوار تھے۔ یہاں تک کہ اسے آپ ﷺ کے حجرۂ مبارک میں لے گیا۔ ایک آپ ﷺ کے آگے بیٹھے ہوئے تھے اور دوسرے پیچھے (یعنی حسن وحسینؓ) اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور عبداللہ بن جعفرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

خلاصۃ الباب : امام ترمذیؒ نے باب تو ناخن تراشنے کے متعلق قائم کیا ہے لیکن اس کے تحت ایک حدیث میں پانچ چیزیں اور دوسری میں دس چیزیں جو فطری ہیں نقل فرمائی ہیں ان میں سے کچھ کاٹنے اور تراشنے کی ہیں مثلاً زیر ناف بال صاف کرنا مونچھیں کترنا وغیرہ ان بالوں کو رکھنا اور بڑھانا بہت معیوب ہے اسی طرح ڈاڑھی کا کترنا یا منڈانا ازروئے حدیث حرام ہے نیز ڈاڑھی رکھنا مردوں کے لئے اسی طرح زینت اور خوبصورتی ہے جس طرح عورت کے لئے سر کے بال زینت ہیں اور اس کے لئے سر منڈانا حرام اور گناہ ہے (۲) چت لیٹ کر ٹانگ پر ٹانگ رکھنا منع شاید اس لئے ہے کہ ستر کھلنے کا اندیشہ ہے اور اگر ستر کھلنے کا اندیشہ نہ ہو تو منع نہیں ہے (۳) پیٹ کے بل لیٹنے کے بارہ میں ابنِ ماجہ میں ایک حدیث ہے فرمایا کہ اس طرح لیٹنا دوزخیوں کا طریقہ ہے یعنی مطلب یہ کہ اس دنیا میں کفار وفاسق لوگ اس طرح لیٹنے کی عادت رکھتے ہیں یا یہ کہ کفار وفجار دوزخ میں اسی ہیئت پر پٹائے جائیں گے۔

۲۹۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ نَظْرَةِ الْمُفَاجَاۃِ

۲۹۷: باب اچانک نظر پڑ جانے کے بارے میں

۶۷۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا هُشَیْمٌ نَا یُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ زُرْعَةَ اسْمُهٗ هَرِمٌ.

۶۷۸: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی (عورت) پر اچانک نظر پڑ جانے کا حکم پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اپنی نگاہ پھیرلو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابوزرعہ کا نام ہرم ہے۔

۶۷۹ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ انا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِىْ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَفَعَهُ قَالَ يَاعَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَاِنَّ لَكَ الْاُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الْاٰخِرَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ.

۶۷۹: حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے علی ایک مرتبہ نگاہ پڑنے کے بعد دوبارہ اس پر نگاہ مت ڈالو کیونکہ پہلی نظر اچانک پڑ جانے کی وجہ سے قابل معافی ہے جبکہ دوسری قابلِ مؤاخذہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف شریک کی روایت سے جانتے ہیں۔

۲۹۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِىْ اِحْتِجَابِ عَنِ النِّسَآءِ مِنَ الرِّجَالِ

۲۹۸: باب عورتوں کا مردوں سے پردہ کرنا

۶۸۰ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ نَبْهَانَ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَيْمُوْنَةُ قَالَتْ فَبَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَهُ اَقْبَلَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَ ذٰلِكَ بَعْدَ مَااُمِرْنَا بِالْحِجَابِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجِبَا مِنْهُ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَيْسَ هُوَ اَعْمٰى لَا يُبْصِرُنَا وَلَا يَعْرِفُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَعَمْيَاوَانِ اَنْتُمَا اَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۸۰: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور میمونہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی تھیں کہ ابن ام مکتوم (نابینا صحابی) داخل ہوئے اور یہ واقعہ پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد کا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے پردہ کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا یہ نابینا نہیں ہیں؟ نہ ہمیں دیکھ سکتے ہیں اور نہ یہ پہنچانتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دونوں بھی نا بینا ہو؟ کیا تم بھی اسے نہیں دیکھ سکتیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۹۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِى النَّهْيِ عَنِ الدُّخُوْلِ عَلَى النِّسَاءِ اِلَّا بِاِذْنِ اَزْوَاجِهِنَّ

۲۹۹: باب اس بارے میں کہ عورتوں کے ہاں ان کے خاوندوں کی اجازت کے بغیر جانا منع ہے

۶۸۱ : حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ ذَكْوَانَ عَنْ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ اَرْسَلَهُ اِلٰى عَلِيٍّ يَسْتَاْذِنُهُ عَلٰى اَسْمَآءِ ابْنَةِ عُمَيْسٍ فَاَذِنَ لَهُ حَتّٰى اِذَا فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهٖ سَاَلَ الْمَوْلٰى عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَوْنَهٰى اَنْ نَدْخُلَ عَلَى النِّسَآءِ بِغَيْرِ اِذْنِ اَزْوَاجِهِنَّ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَجَابِرٍ هٰذَا

۶۸۱: ذکوان، عمرو بن عاصؓ کے مولیٰ سے نقل کرتے ہیں کہ عمروؓ نے انہیں علیؓ کے پاس بھیجا کہ عمرو کے لیے اسماء بنت عمیس کے پاس جانے کی اجازت لے کر آئیں۔ انہوں نے اجازت دے دی۔ جب حضرت عمرو بن عاص اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے تو ان کے غلام نے اس کی وجہ پوچھی۔ انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں شوہروں کی اجازت کے بغیر انکی بیویوں کے ہاں جانے سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت عقبہ بن عامرؓ، عبداللہ بن عمرؓ اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي تَحْذِيْرِ فِتْنَةِ النِّسَآءِ

۶۸۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَسَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِي النَّاسِ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الثِّقَاتِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا قَالَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ غَيْرَ الْمُعْتَمِرُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

۳۰۰: باب عورتوں کے فتنے سے بچنے کے متعلق

۶۸۲: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے بعد تم لوگوں میں عورتوں کے فتنے سے بڑھ کر نقصان پہنچانے والا کوئی فتنہ نہیں چھوڑا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اسے کئی ثقہ راوی سلیمان تیمی سے وہ ابوعثمان سے وہ اسامہ بن زید سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ اس سند میں سعید بن زید کا ذکر نہیں۔ ہمیں معتمر کے علاوہ کسی راوی کے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے کا علم نہیں۔ اس باب میں ابوسعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۳۰۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ اِتِّخَاذِ الْقُصَّةِ

۶۸۳: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ خَطَبَ بِالْمَدِيْنَةِ يَقُوْلُ اَيْنَ عُلَمَاءُ كُمْ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ هٰذِهِ الْقُصَّةِ وَ يَقُوْلُ اِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ اِسْرَآئِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ.

۳۰۱: باب بالوں کا گچھا بنانے کی ممانعت

۶۸۳: حمید بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میں نے حضرت معاویہؓ کو مدینہ میں خطاب کرتے ہوئے سنا: فرمایا اے مدینہ والو تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بالوں کے اس طرح گچھے بنانے سے منع فرماتے ہوئے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا بنو اسرائیل بھی اسی وقت ہلاک ہوئے جب ان کی عورتوں نے اس طرح بال بنانے شروع کئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت معاویہؓ سے منقول ہے۔

۳۰۲: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْوَاصِلَةِ وَالْمُسْتَوْصِلَةِ وَالْوَاشِمَةِ وَالْمُسْتَوْشِمَةِ

۶۸۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ مُبْتَغِيَاتٍ لِلْحُسْنِ

۳۰۲: باب بال گودنے والی، گدوانے والی اور بالوں کو جوڑنے اور جڑوانے والیوں کے بارے میں

۶۸۴: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گدنے والی، گدوانے والی اور (پلکوں کے) بالوں کو اکھیڑ کر زینت وحسن حاصل کرنے والیوں پر لعنت بھیجی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیز کو

مُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

بدلتی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۸۵ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ انا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَ الْمُسْتَوْشِمَةَ وَقَالَ نَافِعُ الْوَشْمُ فِي اللِّثَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَاَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

۶۸۵ : حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بالوں کو جوڑنے والی، جڑوانے والی، گودنے والی اور گودوانے والیوں پر لعنت بھیجی ہے۔ نافع کہتے ہیں کہ گودنا[1] مسوڑھوں میں ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت عائشہؓ معقل بن یسارؓ، اسماء بنت ابوبکر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۶۸۶ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ قَوْلَ نَافِعٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۸۶ : ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے یحییٰ بن سعید سے وہ عبیداللہ بن عمر سے وہ نافع سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں نافع کا قول نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰۳ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَآءِ

۳۰۳ : باب مردوں کے مشابہ بننے والی عورتوں کے بارے میں

۶۸۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ وَهَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَآءِ مِنَ الرِّجَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۸۷ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والوں مردوں پر لعنت کی ہے۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۸۸ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ انا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ وَاَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ.

۶۸۸ : حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کی وضع قطع اختیار کرنے والے مردوں اور مردوں کی وضع قطع اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت منقول ہے۔

۳۰۴ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ

۳۰۴ : باب اس بارے میں کہ عورت کا

---

[1] جسم کے کسی بھی حصہ پر گودنا، گودوانا حرام ہے۔ جیسے بعض عورتیں رخساروں پر گودوا کر تل بنواتی ہیں یا کلائیوں پر۔ اس زمانے میں شاید گودنا مسوڑھوں پر ہوتا ہوگا اس لیے اس کا تذکرہ ہے۔ (واللہ اعلم مترجم)

خُرُوْجِ الْمَرْأَةِ مُتَعطِّرَةً

۶۸۹: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ الْحَنَفِيِّ عَنْ غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ وَالْمَرْأَةُ اِذَا اسْتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ فَهِيَ كَذَاوَكَذَا يَعْنِيْ زَانِيَةً وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

خوشبو لگا کر نکلنا منع ہے

۶۸۹۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر آنکھ زنا کرتی ہے اور وہ عورت جو خوشبو لگا کر کسی (مردوں کی) مجلس کے پاس سے گزرے وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۰۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ طِيْبِ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ

۶۹۰: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَاظَهَرَ رِيْحُهٗ وَ خَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَآءِ مَاظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ.

۳۰۵: باب مردوں اور عورتوں کی خوشبو کے بارے میں

۶۹۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کی خوشبو وہ ہے جس کی خوشبو زیادہ اور رنگت ہلکی ہو۔ اور عورتوں کے لیے وہ خوشبو ہے جس کی رنگت تیز اور خوشبو کم ہو۔

۶۹۱: حَدَّثَنَاعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ انَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنِ الطُّفَاوِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِلَّا اَنَّ الطُّفَاوِيَّ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّافِي الْحَدِيْثِ وَلَا نَعْرِفُ اِسْمَهٗ وَحَدِيْثُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ اَتَمُّ وَاَطْوَلُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

۶۹۱: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے انہوں نے اسمٰعیل سے انہوں نے جریری سے وہ ابونضرہ سے وہ طفاوی سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ البتہ طفاوی کو ہم اس حدیث کے علاوہ کہیں نہیں جانتے۔ ہمیں اس کا نام معلوم نہیں۔ اسمٰعیل بن ابراہیم کی حدیث زیادہ مکمل اور طویل ہے۔ اس باب میں عمران بن حصینؓ سے بھی روایت ہے۔

۶۹۲: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ ثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَيْرَطِيْبِ الرِّجَالِ مَاظَهَرَ رِيْحُهٗ وَخَفِيَ لَوْنُهٗ وَخَيْرَ طِيْبِ النِّسَاءِ مَاظَهَرَلَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ وَنَهٰى عَنِ الْمِيْثَرَةِ الْاُرْجُوَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۶۹۲: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مردوں کے لیے بہترین خوشبو وہ ہے جس کا رنگ پوشیدہ اور خوشبو تیز ہو اور عورتوں کے لیے بہترین خوشبو وہ ہے جس کی خوشبو ہلکی اور رنگ ظاہر ہو۔ نیز آپ ﷺ نے ریشم کی سرخ چادر سے منع فرمایا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۳۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ رَدِّ الطِّيْبِ

۶۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ نَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ ثَمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ اَنَسٌ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ وَقَالَ اَنَسٌ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۹۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لَا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلِمٍ وَهُوَ ابْنُ جُنْدُبٍ وَهُوَ مَدِيْنِيٌّ.

۶۹۵: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَهْدِيّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلِيْفَةَ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ عَنْ حَنَّانٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيَ اَحَدُكُمُ الرَّيْحَانَ فَلَا يَرُدُّهُ فَاِنَّهُ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ وَلَا نَعْرِفُ لِحَنَانٍ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ اِسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَلٍّ وَقَدْ اَدْرَكَ زَمَنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَرَهُ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ.

۳۰۶: باب اس بارے میں کہ خوشبو سے انکار کرنا مکروہ ہے

۶۹۳: حضرت ثمامہ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ انس رضی اللہ عنہ کبھی خوشبو سے انکار نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی کبھی خوشبو (کا عطیہ) واپس نہیں کرتے تھے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۹۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں سے انکار نہیں کیا جاتا تکیہ، خوشبو اور دودھ۔ یہ حدیث غریب ہے اور عبداللہ بن مسلم جندب کے بیٹے اور مدنی ہیں۔

۶۹۵: حضرت ابوعثمان نہدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی کو خوشبو دی جائے تو انکار نہ کرے کیونکہ یہ جنت سے (نکلی) ہے۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔ ہم حنان کی اس کے علاوہ کوئی روایت نہیں جانتے۔ ابو عثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بن مل ہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا لیکن نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلمکو دیکھا اور نہ ہی کچھ سنا۔

۳۰۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ مُبَاشَرَةِ الرِّجَالِ الرِّجَالَ وَالْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ

۶۹۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ حَتّٰى تَصِفَهَا لِزَوْجِهَا كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۹۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ

۳۰۷: باب مباشرت ممنوعہ کے متعلق

۶۹۶۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت کسی عورت سے ملاقات کو اپنے شوہر سے اس طرح بیان نہ کرے گویا کہ وہ اسے دیکھ رہا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۹۷: حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید رضی اللہ عنہ اپنے والد

اَخْبَرَنِی الضَّحَّاکُ یَعْنِیْ ابْنَ عُثْمَانَ اَخْبَرَنِیْ زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلٰی عَوْرَةِ الرَّجُلِ وَلَا تَنْظُرِ الْمَرْأَةُ اِلٰی عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ وَ لَا یُفْضِی الرَّجُلُ اِلَی الرَّجُلِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا تُفْضِی الْمَرْأَةُ اِلَی الْمَرْأَةِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مرد کسی دوسرے مرد کی شرمگاہ کو اور کوئی عورت کسی عورت کی شرمگاہ کو نہ دیکھے اور ایک مرد دوسرے مرد کے ساتھ اور ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ (برہنہ ہوکر) ایک کپڑے میں اکٹھے نہ ہوں۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۰۸: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حِفْظِ الْعَوْرَةِ

۳۰۸: باب ستر کی حفاظت کے متعلق

۶۹۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ وَیَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَقَالَا بَهْزُبْنُ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ یَانَبِیَّ اللّٰهِ ﷺ عَوْرَاتُنَا مَانَاْتِیْ مِنْهَا وَمَا نَذَرُ قَالَ اِحْفَظْ عَوْرَتَکَ اِلَّا مِنْ زَوْجَتِکَ اَوْمَا مَلَکَتْ یَمِیْنُکَ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِذَا کَانَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ فِیْ بَعْضٍ قَالَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَّا یَرَاهَا اَحَدٌ فَلَا تُرِیَنَّهَا قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ ﷺ اِذَا کَانَ اَحَدُنَا خَالِیًا قَالَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ یُسْتَحْیٰی مِنْهُ مِنَ النَّاسِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۶۹۸: حضرت بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی ﷺ ہم کس سے ستر کو چھپائیں اور کس سے نہ چھپائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے ستر کو اپنی بیوی اور لونڈی کے علاوہ ہر ایک سے چھپاؤ۔ میں نے عرض کیا: اگر لوگ آپس میں مباشرت میں باہم شریک ہوں تو۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر ہو سکے کہ تمہاری شرمگاہ کو کوئی نہ دیکھے تو ضرور ایسا ہی کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اگر کوئی اکیلا ہو تو۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ لوگوں سے زیادہ اس کا حق دار ہے کہ اس سے حیا کی جائے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۰۹: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْفَخِذَعَوْرَةٌ

۳۰۹: باب اس بارے میں کہ ران ستر میں داخل ہے

۶۹۹: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِی النَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ زُرْعَةَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ جُرْهَدِ الْاَسْلَمِیِّ عَنْ جَدِّهٖ جُرْهَدٍ قَالَ مَرَّالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِجُرْهَدٍ فِی الْمَسْجِدِ وَقَدِ انْکَشَفَ فَخِذُهٗ فَقَالَ اِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ مَااَرٰی اِسْنَادَهٗ بِمُتَّصِلٍ.

۶۹۹: حضرت جرہد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں ان کے پاس سے گزرے تو ان کی ران ننگی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ران ستر میں داخل ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس کی سند متصل نہیں۔

۷۰۰: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ وَقَالَ اَخْبَرَنِی ابْنُ جُرْهَدٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّبِهٖ وَهُوَ کَاشِفٌ

۷۰۰: حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو اس وقت ان کی ران ننگی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی ران کو

عَنْ فَخِذِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَطِّ فَخِذَکَ فَاِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

ڈھانپ لو بے شک یہ بھی ستر میں داخل ہے یہ حدیث حسن ہے۔

۷۰۱: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی نَا یَحْیَی بْنُ اٰدَمَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِیْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرْهَدِ الْاَسْلَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْفَخِذُ عَوْرَةٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۷۰۱: حضرت جرھد اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ران ستر میں داخل ہے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۷۰۲: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلَی الْکُوْفِیُّ نَا یَحْیَی بْنُ اٰدَمَ نَا اِسْرَآئِیْلُ عَنْ اَبِیْ یَحْیٰی عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْفَخِذُ عَوْرَةٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ وهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَلِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ وَلِابْنِهٖ مُحَمَّدٍ صُحْبَةٌ.

۷۰۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ران بھی ستر میں داخل ہے۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور محمد بن عبداللہ جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عبد اللہ بن جحش اور ان کے بیٹے صحابی ہیں۔

خلاصۃ الباب : غیر محرم کو دیکھنا قرآن وحدیث کی رُو سے سخت گناہ ہے اس لئے آنکھیں دِل کی کلید ہیں اور نظر فتنہ کی پیغامبر اور زنا کی قاصد ہے۔ ایک قدیم عرب شاعر نے کہا ہے ؎

کل الحوادث مبدا ما من النظر
ومعظم النار مستصغر الشرر

''تمام حوادث کی ابتدا نظر سے ہوتی ہے اور چھوٹی چنگاری سے زبردست آگ بھڑک اٹھتی ہے۔''

نظرة فابتسامة فسلام
فسلام فموعد فلقاء

''پہلے نظر پھر مسکراہٹ پھر سلام پھر کلام پھر وعدہ اور پھر ملاقات۔''

پہلی مرتبہ اچانک نظر پڑ جانا معاف ہے لیکن دیکھتے رہنا یا ارادۃً دیکھنا گناہ ہے نظر کو پھیر لینا ایمان کی حلاوت اور شیریں حاصل ہونے کی بشارت بھی دی گئی ہے عورتوں کے پردہ کا بیان قرآن کریم کی سات آیات میں آیا ہے تین سورۂ نور میں اور چار سورۂ احزاب میں ہیں اسی طرح ستر سے زائد احادیث میں قولاً اور عملاً پردہ کے احکام بتلائے گئے ہیں عورتوں اور مردوں میں بے محابا اختلاط اور میل جول تو دنیا کی پوری تاریخ میں آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم الانبیاء ﷺ تک کسی زمانے میں درست نہیں سمجھا گیا اور صرف اہل شرائع ہی نہیں دنیا کے تمام شریف خاندان میں ایسے اختلاط (میل جول) کو ناجائز لکھا گیا نیز پردہ کے احکام نازل ہونے سے پہلے بھی ترمذی کی روایت میں ان کے گھر نشست (بیٹھنے) کی یہ صورت بیان کی گئی ہے کہ وہ اپنا رخ دیوار کی

طرف پھیرے ہوئے بیٹھی تھیں اس سے معلوم ہوا کہ حجاب (پردہ) کا حکم نازل ہونے سے پہلے بھی عورتوں مردوں میں بے محابا اختلاط (میل جول) اور بے تکلف ملاقات وگفتگو کا رواج شریف نیک لوگوں میں نہ تھا۔ قرآن کریم میں جس جاہلیت اُولیٰ اور اس میں عورتوں کے سامنے اور ظاہر ہونے کا ذکر ہے وہ بھی عرب کے شریف خاندانوں میں نہیں تھا بلکہ لونڈیوں اور آوارہ عورتوں میں تھا عرب کے شریف خاندان اس معیوب سمجھتے تھے بہر حال عورتوں کا مردوں سے شرعی پردہ کرنا فرض ہے یہ پردہ نسواں کی یہ خاص نوعیت کہ عورتوں کا اصل مقام گھروں کی چار دیواری ہو اور جب کسی شرعی ضرورت سے باہر جانا ہو تو پورے بدن کو چھپا کر نکلیں یہ ہجرت مدینہ کے بعد ۵ ھ میں جاری ہوا۔ تفصیل کے لئے دیکھئے تفسیر معارف القرآن جلد ۷ (مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ)

۳۱۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّظَافَةِ

۷۰۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ نَا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِیْ حَسَّانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطَّيِّبَ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَّادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَخَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ يُضَعَّفُ وَيُقَالُ بْنُ اِيَاسٍ.

۳۱۰: باب پاکیزگی کے بارے میں

۷۰۳: حضرت صالح بن ابی حسان، حضرت سعید بن مسیّب سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاک ہیں اور پاکیزگی کو پسند فرماتے ہیں، وہ صاف ہیں اور صفائی کو پسند کرتے ہیں، وہ کریم ہیں اور کرم کو پسند کرتے ہیں۔ وہ سخی ہیں اور سخاوت کو پسند کرتے ہیں لہٰذا تم لوگ پاک صاف رہا کرو۔ راوی کہتے ہیں میرے خیال میں حضرت سعید نے یہ بھی فرمایا کہ اپنے صحنوں کو صاف ستھرا رکھو اور یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ صالح بن ابی حسان کہتے ہیں۔ میں نے یہ حدیث مہاجر بن مسمار کے سامنے بیان کی تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے یہ حدیث عامر بن سعد نے بواسطہ اپنے والد، نبی اکرم ﷺ سے اسکی مثل بیان کی البتہ یہ فرمایا کہ صحنوں کو صاف رکھا کرو۔ یہ حدیث غریب ہے اور خالد بن الیاس ضعیف ہیں انہیں ابن ایاس بھی کہتے ہیں۔

۳۱۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِسْتِتَارِ عِنْدَ الْجِمَاعِ

۷۰۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نِيْزَكٍ الْبُغْدَادِيُّ نَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا اَبُوْ مُحَيَّاةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالتَّعَرِّيَ فَاِنَّ مَعَكُمْ مَنْ لَا يُفَارِقُكُمْ اِلَّا عِنْدَ الْغَائِطِ وَحِيْنَ يُفْضِي الرَّجُلُ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاسْتَحْيُوْهُمْ وَاَكْرِمُوْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ مُحَيَّاةَ اسْمُهُ يَحْيَى بْنُ يَعْلٰى.

۳۱۱: باب جماع کے وقت پردہ کرنے کے متعلق

۷۰۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : برہنہ ہونے سے پرہیز کرو کیونکہ تمہارے ساتھ وہ لوگ (یعنی فرشتے) بھی ہیں جو تم سے قضائے حاجت اور تمہارے اپنی بیویوں سے جماع کرنے کے اوقات کے علاوہ جدا نہیں ہوتے۔ لہٰذا ان سے حیا کرو اور ان کی عزت کرو۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابومحیاہ کا نام یحیٰی بن یعلی ہے۔

۳۱۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ دُخُوْلِ الْحَمَّامِ

۷۰۵: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِیْنَارٍ الْکُوْفِیّ نَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُدْخِلْ حَلِیْلَتَہٗ الْحَمَّامَ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَیْرِ اِزَارٍ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَجْلِسْ عَلٰی مَائِدَۃٍ یُدَارُ عَلَیْھِمُ الْخَمْرُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ مِنْ حَدِیْثِ طَاوٗسٍ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ لَیْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمٍ صَدُوْقٌ وَرُبَّمَا یَھِمُ فِی الشَّیْءِ وَقَالَ مُحَمَّدٌ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ لَیْثٌ لَا یُفْرَحُ بِحَدِیْثِہٖ۔

۳۱۲: باب حمام میں جانے کے بارے میں

۷۰۵: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جوشخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنی بیوی کو حمام[1] میں نہ بھیجے اور جوشخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ برہنہ ہو کر حمام میں داخل نہ ہو نیز اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لانے والا ایسے دستر خوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف طاؤس کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ لیث بن ابی سلیم صدوق (یعنی سچے) ہیں لیکن اکثر وہم میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ ان کی کسی روایت سے دل خوش نہیں ہوتا۔

۷۰۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَھْدِیّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَدَّادٍ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ عُذْرَۃَ وَکَانَ قَدْ اَدْرَکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھَی الرِّجَالَ وَالنِّسَآءَ عَنِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ فِی الْمَیَازِرِ ھٰذَا حَدِیْثٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَۃَ وَاِسْنَادُہٗ لَیْسَ بِذٰلِکَ الْقَائِمِ۔

۷۰۶: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں اور عورتوں کو حمام میں جانے سے منع فرمایا لیکن بعد میں مردوں کو تہبند باندھ کر جانے کی اجازت دے دی۔ اس حدیث کو ہم صرف حماد بن سلمہ کی روایت سے جانتے ہیں اور اسکی سند قوی نہیں۔

۷۰۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَۃُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ اَبِی الْجَعْدِ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ الْھُذَلِیِّ اَنَّ نِسَآءً مِنْ اَھْلِ حِمْصَ اَوْمِنْ اَھْلِ الشَّامِ دَخَلْنَ عَلٰی عَآئِشَۃَ فَقَالَتْ اَنْتُنَّ اللَّاتِیْ یَدْخُلْنَ نِسَآءُ کُنَّ الْحَمَّامَاتِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ اِمْرَاَۃٍ تَضَعُ ثِیَابَھَا فِیْ غَیْرِ بَیْتِ زَوْجِھَا اِلَّا ھَتَکَتِ السِّتْرَ بَیْنَھَا وَبَیْنَ رَبِّھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ۔

۷۰۷: حضرت ابوملیح ہذلی فرماتے ہیں کہ حمص یا شام کی کچھ عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم وہی عورتیں ہو جو حماموں میں داخل ہوتی ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو عورت اپنے کپڑے خاوند کے گھر کے علاوہ کہیں اور اتارتی ہے وہ اس پردے کو پھاڑ دیتی ہے جو اس (عورت کے) اور اس کے رب کے درمیان ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

---

[1]: یہاں حمام سے مراد وہ حمام ہے جس میں عورتیں برہنہ غسل کرتی ہیں (واللہ اعلم۔ مترجم)

خلاصۃ الباب: اللہ تعالیٰ پاک ہے یعنی ہر عیب ہر شریک ہر نقصان ہر برائی اور ہر اس چیز سے پاک اور منزہ ہے جو شان الوھیت اور شان ربوبیت کے منافی ہو اور محبّ الطیب بھی صفائی کو پسند کرتے ہیں اس جملہ کا مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک خوش کرداری وخوش کلامی محبوب و پسندیدہ ہے ایک معنی یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ (طَیِّب طا کے زبر اور یا مشدد کے زیر کے ساتھ) کو پسند کرتا ہے اس سے مراد وہ شخص ہے جو طیبات یعنی عقائد وخیالات کی اچھائی اقوال وزبان وبیان کی پاکیزگی اور اعمال واخلاق کی بلندی ونیک خوئی کے اوصاف کا حامل ہو (۲) گھروں کے صحن کو صاف ستھرا رکھنے کا حکم اصل میں کرم اور جود وعطاء اختیار کرنے کا کنایہ ہے یعنی اس حکم سے اصل مقصد یہ تلقین کرنا ہے کہ اپنے اندر سخاوت ومہمان نوازی کے اوصاف پیدا کرو اور ظاہر ہے کہ جس گھر کا صحن وآنگن صاف ستھرا رہتا ہے اور مکان کے در ودیوار سے صفائی وسلیقہ شعاری جھلکتی ہے اس گھر میں لوگوں کو اور مہمانوں کو آنے کی ترغیب ملتی ہے۔

۳۱۳: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْمَلٰئِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلَا كَلْبٌ

۳۱۳: باب اس بارے میں کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی تصویر یا کتا ہو

۷۰۸: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةُ تَمَاثِيْلَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۷۰۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (رحمت کے) فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا کسی جاندار کی تصویر ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۰۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّ رَافِعَ بْنَ اِسْحَاقَ اَخْبَرَهٗ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ طَلْحَةَ عَلٰى اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ نَعُوْدُهٗ فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ اَوْصُوْرَةٌ شَكَّ اِسْحَاقُ لَا يَدْرِيْ اَيُّهُمَا قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۷۰۹: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ جس گھر میں مجسمہ یا تصویریں (راوی کو شک ہے) ہوں وہاں (رحمت کے) فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۱۰: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ نَا مُجَاهِدٌ نَا اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِيْ جِبْرَئِيْلُ

۷۱۰: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جبرئیلؑ میرے پاس آئے اور کہا کہ میں کل رات آپ ﷺ کے پاس آیا تھا۔ مجھے آپ ﷺ کے پاس داخل ہونے سے اس گھر

فَقَالَ اِنِّیْ کُنْتُ اَتَیْتُکَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَکُوْنَ دَخَلْتُ عَلَیْکَ الْبَیْتَ الَّذِیْ کُنْتَ فِیْهِ اِلَّا اَنَّهٗ کَانَ فِیْ بَابِ الْبَیْتِ تِمْثَالُ الرِّجَالِ وَکَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ وَکَانَ فِی الْبَیْتِ کَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ بِالْبَابِ فَلْیُقْطَعْ فَیَصِیْرُ کَهَیْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ وَیُجْعَلُ مِنْهُ وَسَادَتَیْنِ مُنْتَبَذَتَیْنِ تُوْطَآنِ وَمُرْ بِالْکَلْبِ فَیُخْرَجُ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانَ ذٰلِکَ الْکَلْبُ جِرْوًا لِلْحُسَیْنِ اَوْ لِلْحَسَنِ تَحْتَ نَضَدٍ لَهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاَبِیْ طَلْحَةَ۔

کے دروازے پر موجود مردوں کی تصویروں نے روک دیا۔ جس گھر میں آپ ﷺ تھے اس گھر میں ایک پردہ تھا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں پھر وہاں ایک کتا بھی تھا۔ پس آپ ﷺ حکم دیجئے کہ اس تصویر کا سر کاٹ دیا جائے تاکہ وہ درخت کی طرح ہو جائے۔ پردے کے متعلق حکم دیجئے کہ اسے کاٹ کر دو تکیے بنائے جائیں جو پڑے رہیں اور (پیروں میں) روندے جائیں۔ پھر کتے کو نکال دینے کا حکم دیجئے۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے ایسا ہی کیا اور وہ کتا ایک کتے کا بچہ تھا جو حسنؓ یا حسینؓ کا تھا اور آپ ﷺ کے پلنگ کے نیچے تھا۔ پھر آپ ﷺ کے حکم سے اسے نکال دیا گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت عائشہؓ اور ابوطلحہؓ سے بھی روایت ہے۔

خلاصۃ الباب: تصویر اور کتے کے رکھنے کی حرمت اور گناہ ہونا ثابت ہوا۔ فرشتوں سے مراد اعمال لکھنے والے فرشتوں کے علاوہ ہیں کیونکہ کراماً کاتبین اور محافظین فرشتے تو کسی حال میں انسان سے جدا نہیں ہوتے احادیث مبارکہ میں تصاویر لٹکانے اور بنوانے اور بنانے پر شدید وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ سخت عذاب ان لوگوں کو ہوگا جو تخلیق میں اللہ تعالیٰ کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور جو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا خدا تعالیٰ کے ہاں سخت ترین عذاب کا مستوجب مصور ہے۔ یہ دونوں احادیث بخاری و مسلم کی ہیں جس مصور کے بارہ میں عذاب کی وعید بیان کی گئی ہے جاندار کی تصویر بنانے والا مراد ہے حضرت مجاہد نے پھل دار درختوں کی تصویر بنانے کو بھی مکروہ کہا ہے۔

۳۱۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ لِلرَّجُلِ وَالْقَسِّیِّ

۳۱۴: باب کسم کے رنگے ہوئے کپڑے کی مردوں کیلئے ممانعت

۱۷۱ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِیُّ نَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ یَحْیٰی عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَمَعْنٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ کَرِهُوْا لُبْسَ الْمُعَصْفَرِ وَرَاَوْا اَنَّ مَا صُبِغَ بِالْحُمْرَةِ بِالْمَدَرِ

۱۷۱: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص سرخ رنگ کے دو کپڑے پہنے ہوئے گزرا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہیں دیا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اہل علم کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زعفران سے رنگے ہوئے لباس کو ناپسند فرمایا۔ اہل علم کے نزدیک اگر کپڑا مدر وغیرہ سے رنگا گیا ہو تو اس کے پہننے

اَوْغَیْرِ ذٰلِکَ فَلاَ بَأْسَ بِهٖ اِذَا لَمْ یَکُنْ مُعَصْفَرًا .

میں کوئی حرج نہیں۔ بشرطیکہ وہ کسم نہ ہو۔

۷۱۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اَبُوالْاَ حْوَصِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ هُبَیْرَةَ بْنِ یَرِیْمَ قَالَ قَالَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنِ الْقَسِّیِّ وَعَنِ الْمِیْثَرَةِ وَعَنِ الْجِعَةِ قَالَ اَبُوالْاَحْوَصِ وَهُوَ شَرَابٌ یُتَّخَذُ بِمِصْرَ مِنَ الشَّعِیْرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۷۱۲: حضرت علی ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے ,ریشمی کپڑا پہننے ,ریشمی زین پوش اور جعہ سے منع فرمایا۔ ابواحوص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جعہ مصر کی ایک شراب ہے جو جو سے بنتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۱۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیِّ قَالاَ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَ شْعَثِ بْنِ سُلَیْمٍ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ سُوَیْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اَمَرَ نَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَا نَا عَنْ سَبْعٍ اَمَرَ نَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَعِیَادَةِ الْمَرِیْضِ وَتَشْمِیْتِ الْعَاطِسِ وَاِجَابَةِ الدَّاعِیْ وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ وَاِبْرَارِ الْمُقْسِمِ وَرَدِّ السَّلاَمِ وَ نَهَا نَا عَنْ سَبْعٍ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ اَوْحَلْقَةِ الذَّهَبِ وَاٰنِیَةِ الْفِضَّةِ وَلُبْسِ الْحَرِیْرِ وَ الدِّیْبَاجِ وَالْاِ سْتَبْرَقِ وَالْقَسِّیِّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَشْعَثُ بْنُ سُلَیْمٍ هُوَاَ شْعَثُ بْنُ اَبِی الشَّعْثَآءِ وَاَبُو الشَّعْثَآءِ اِسْمُهٗ سُلَیْمُ بْنُ اَسْوَدَ.

۷۱۳: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سات چیزوں کا حکم دیا اور سات چیزوں سے منع فرمایا: جنازے کے پیچھے چلنے, مریض کی عیادت کرنے ,چھینکنے والے کو جواب دینے ,دعوت کرنے والے کی دعوت قبول کرنے ,مظلوم کی مدد کرنے اور قسم کھانے والے کی قسم پوری کرنے اور سلام کا جواب دینے کا حکم دیا۔ جن چیزوں سے منع فرمایا وہ یہ ہیں ۔سونے کی انگوٹھی یا سونے کا چھلہ ,چاندی کے برتن حریر، دیباج، استبرق اور قسی (یعنی ریشمی) کپڑے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اشعث بن سلیم سے مراد اشعث بن ابی شعثاء ہے۔ ابوشعثاء کا نام سلیم بن اسود ہے۔

۳۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ لُبْسِ الْبَیَاضِ

۳۱۵: باب سفید کپڑے پہننے کے بارے میں

۷۱۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیِّ نَا سُفْیَانُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ مَیْمُوْنِ بْنِ اَبِیْ شَبِیْبٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلْبَسُوا الْبَیَاضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُوَاَطْیَبُ وَکَفِّنُوْا فِیْهَا مَوْتَا کُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ .

۷۱۴: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ سفید کپڑے پہنا کرو اس لیے کہ یہ پاکیزہ اور عمدہ ترین ہیں اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دیا کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایات منقول ہیں۔

۳۱۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی الرُّخْصَةِ فِیْ لُبْسِ الْحُمْرَةِ لِلرِّجَالِ

۳۱۶: باب مردوں کیلئے سرخ کپڑے پہننے کی اجازت کے بارے میں

۷۱۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْاَ شْعَثِ

۷۱۵: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے ...

وَهُوَ ابْنُ سَوَّارٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ لَیْلَةٍ اِضْحِیَانٍ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَی الْقَمَرِ وَعَلَیْهِ حُلَّةٌ حَمْرَآءُ فَاِذَا هُوَ عِنْدِیْ اَحْسَنُ مِنَ الْقَمَرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ اَشْعَثَ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ وَ الثَّوْرِیُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ رَاَیْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً حَمْرَآءَ.

اللہ ﷺ کو چاندنی رات میں دیکھا تو کبھی آپ ﷺ کی طرف دیکھتا اور کبھی چاندنی کی طرف ۔ آپ ﷺ نے سرخ رنگ کا جوڑا پہنا ہوا تھا۔ آپ ﷺ میرے نزدیک چاند سے زیادہ حسین تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اشعث کی روایت سے جانتے ہیں۔ شعبہ اور ثوری اسے ابواسحٰق سے اور وہ براء بن عازبؓ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سرخ جوڑا پہنے ہوئے دیکھا۔ (یعنی اس پر سرخ لکیریں تھیں نہ کہ پورا سرخ تھا)۔

۷۱۶: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَکِیْعٌ نَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ بِهٰذَا وَفِی الْحَدِیْثِ کَلَامٌ اَکْثَرُ مِنْ هٰذَا سَاَلْتُ مُحَمَّدًا فَقُلْتُ لَهٗ حَدِیْثُ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ اَصَحُّ وَحَدِیْثُ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ فَرَاٰی کِلَا الْحَدِیْثَیْنِ صَحِیْحًاوَفِی الْبَابِ عَنِ الْبَرَآءِ وَاَبِیْ جُحَیْفَةَ.

۷۱۶: ہم سے روایت کی محمود بن غیلان نے انہوں نے وکیع سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے ابی اسحٰق سے پھر محمد بن بشار محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ ابو اسحٰق سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث میں اس سے زیادہ کلام ہے۔ میں نے امام بخاریؒ سے پوچھا کہ براءؓ کی حدیث زیادہ صحیح ہے یا جابر بن سمرہؓ کی تو انہوں نے فرمایا کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ اس باب میں حضرت براءؓ اور ابوجحیفہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۷۱۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی الثَّوْبِ الْاَخْضَرِ

۷۱۳: باب سبز کپڑا پہننے کے بارے میں

۷۱۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ نَاعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اِیَادِ بْنِ لَقِیْطٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ رِمْثَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ بُرْدَانِ اَخْضَرَانِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اِیَادٍ وَاَبُوْرِمْثَةَ التَّیْمِیُّ اِسْمُهٗ حَبِیْبُ بْنُ حَیَّانَ وَیُقَالُ اِسْمُهٗ رِفَاعَةُ بْنُ یَثْرِبِیٍّ.

۷۱۷: حضرت ابو رمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو سبز کپڑوں میں دیکھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف عبید اللہ بن ایاد کی روایت سے جانتے ہیں۔ ابو رمثہ تیمی کا نام حبیب بن حیان ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کا نام رفاعہ بن یثربی ہے۔

۷۱۸: بَابُ مَاجَاءَ فِی الثَّوْبِ الْاَ سْوَدِ

۷۱۸: باب سیاہ لباس کے متعلق

۷۱۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا ابْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَیْبَةَ عَنْ صَفِیَّةَ ابْنَةِ شَیْبَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ وَعَلَیْهِ مِرْطٌ مِّنْ شَعْرٍ اَسْوَدَهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۷۱۸: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک صبح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم پر ایک سیاہ بالوں والی چادر تھی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۳۱۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الثَّوْبِ الْاَصْفَرِ

۷۱۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ الصَّفَّارُ اَبُوْعُثْمَانَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَّانَ اَنَّهُ حَدَّثَتْهُ جَدَّتَاهُ صَفِيَّةُ بِنْتُ عُلَيْبَةَ وَدُحَيْبَةُ بِنْتُ عُلَيْبَةَ حَدَّثَتَاهُ عَنْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ وَكَانَتَا رَبِيْبَتَيْهَا وَقَيْلَةُ جَدَّةُ اَبِيْهِمَا اُمُّ اُمِّهِ اَنَّهَا قَالَتْ قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتِ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ حَتّٰى جَآءَ رَجُلٌ وَقَدْ اِرْتَفَعَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَلَيْهِ تَعْنِى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَالُ مُلَيَّتَيْنِ كَانَتَا بِزَعْفَرَانٍ وَقَدْ نَفَضَتَا وَمَعَهُ عُسَيْبُ نَخْلَةٍ حَدِيْثُ قَيْلَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَّانَ.

۳۱۹: باب زرد رنگ کے کپڑے پہننے کے متعلق

۷۱۹: حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے پھر طویل حدیث بیان کرتی ہیں یہاں تک کہ فرماتی ہیں: ایک شخص سورج بلند ہونے کے بعد آیا اور عرض کیا: السلام علیک یارسول اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وعلیک السلام ورحمۃ اللہ'' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر اس وقت دو پرانے بغیر سلے ہوئے کپڑے تھے جو زعفران سے رنگے ہوئے تھے اور ان کا رنگ ہلکا پڑ گیا تھا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کھجور کی شاخ بھی تھی۔ قیلہ کی حدیث کو ہم صرف عبداللہ بن حسان کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۲۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ التَّزَعْفُرِ وَالْخَلُوْقِ لِلرِّجَالِ

۷۲۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح وَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهٰى عَنِ التَّزَعْفُرِ.

۷۲۱: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا اٰدَمُ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ وَمَعْنٰى كَرَاهِيَةِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ اَنْ يَّتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ يَعْنِىْ اَنْ يَّتَطَيَّبَ بِهٖ.

۷۲۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَفْصٍ

۳۲۰: باب اس بارے میں کہ مردوں کو زعفران اور خلوق منع ہے

۷۲۰: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو زعفران (بطور خوشبو) لگانے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ اسے اسماعیل بن علیہ سے وہ عبدالعزیز بن صہیب سے اور وہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مردوں کو) زعفران لگانے سے منع فرمایا۔

۷۲۱: ہم یہ حدیث عبداللہ بن عبدالرحمٰن، آدم کے حوالے سے اور وہ شعبہ سے نقل کرتے ہیں شعبہ کہتے ہیں کہ تزعفر سے مراد زعفران کو خوشبو کے طور پر استعمال کرنا ہے۔

۷۲۲: حضرت یعلی بن مرۃؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو خلوق[1] لگائے ہوئے دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا

---

[1]: خلوق ایک خوشبو ہے اسی طرح زعفران بھی ایک خوشبو ہے۔ خلوق اور زعفران یہ عورتوں کیلئے مخصوص ہیں۔ مردوں کیلئے انہیں استعمال کرنے کی ممانعت آئی ہے۔ (مترجم)

بْنِ عُمَرَ يُحَدِّثُ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلاً مُتَخَلِّقًا قَالَ اِذْهَبْ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدِاخْتَلَفَ بَعْضُهُمْ فِيْ هٰذَا الْاِ سْنَا دِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ مَنْ سَمِعَ مِنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ قَدِيْمًا فَسِمَا عُهُ صَحِيْحٌ وَسِمَا عُ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ مِنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ صَحِيْحٌ اِلَّا حَدِيْثَيْنِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ زَاذَانَ قَالَ شُعْبَةُ سَمِعْتُهُمَا مِنْهُ بِاٰخِرَةٍ يُقَالُ اِنَّ عَطَآءَ بْنَ السَّائِبِ كَانَ فِيْ اٰخِرِ اَمْرِهٖ قَدْ سَآءَ حِفْظُهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَمَّارٍ وَاَبِيْ مُوْسٰى وَاَنَسٍ.

جاؤ اور اسے دھوؤ پھر دوبارہ دھوؤ اور آئندہ کے لیے نہ لگانا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض محدثین نے اس کی سند میں اختلاف کیا ہے جو عطاء بن سائب سے مروی ہے۔ یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ جس نے عطاء بن سائب سے شروع عمر میں احادیث سنیں وہ صحیح ہیں۔ شعبہ اور سفیان کا بھی ان سے سماع صحیح ہے۔ البتہ دو حدیثیں جو عطاء زاذان سے روایت کرتے ہیں صحیح نہیں۔ کیونکہ شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیثیں ان کی عمر کے آخری ایام میں سنی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ آخر عمر میں ان کا حافظہ ٹھیک نہیں رہا تھا۔ اس باب میں حضرت عمارؓ، ابوموسیٰؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۲۱: بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ

۳۲۱: باب حریر اور دیباج پہننے کی ممانعت کے متعلق

۷۲۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَ زْرَقُ ثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ ثَنِيْ مَوْلٰى اَسْمَاءَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ يَذْكُرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَفِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَحُذَيْفَةَ وَاَنَسٍ وَغَيْرِ وَاحِدٍ قَدْ ذَكَرْنَا هُ فِيْ كِتَابِ اللِّبَاسِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدرُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُمَرَ وَمَوْلٰى اَسْمَآءَ ابْنَةِ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ اِسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَيُكْنٰى اَبَا عُمَرَ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ عَطَآءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ وَ عَمْرُ وبْنُ دِيْنَارٍ .

۷۲۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیا میں ریشمی کپڑا پہنا۔ وہ آخرت میں اسے نہیں پہنے گا۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حذیفہ رضی اللہ عنہا اور کئی حضرات سے روایت ہے جن کا ذکر ہم نے کتاب اللباس میں کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا کے مولیٰ کا نام عبداللہ اور کنیت ابوعمر ہے۔ ان سے عطاء بن ابی رباح اور عمرو بن دینار روایت کرتے ہیں۔

۳۲۲: بَابٌ

۳۲۲: باب

۷۲۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ اَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا فَقَالَ مَخْرَمَةُ يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَااِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۷۲۴: حضرت مسور بن مخرمہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قبائیں تقسیم فرمائیں اور مخرمہ کو کچھ نہیں دیا۔ مخرمہ نے مجھے کہا کہ بیٹے چلو رسول اللہ ﷺ کے پاس چلتے ہیں۔ چنانچہ میں ان کے ساتھ گیا۔ وہاں پہنچے تو مجھے کہا کہ اندر جاؤ اور نبی

قَالَ فَانْطَلَقْتُ مَعَهٗ قَالَ ادْخُلْ فَادْعُهُ لِیْ فَدَعَوْتُهٗ لَهٗ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ قُبَآءٌ مِّنْهَا فَقَالَ خَبَأْتُ لَکَ هٰذَا قَالَ فَنَظَرَ اِلَیْهِ فَقَالَ رَضِیَ مَخْرَمَةُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَابْنُ اَبِیْ مُلَیْکَةَ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ.

اکرم ﷺ کو بلاؤ۔ آپ ﷺ نکلے تو آپ ﷺ کے بدن مبارک پر ان میں سے ایک قبا تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (اے مخرمہ!) میں نے یہ تمہارے لیے بچا کر رکھی ہوئی تھی۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر آنحضرت ﷺ نے مخرمہ کی طرف دیکھا اور فرمایا مخرمہ راضی ہو گئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابن ابی ملیکہ کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ ہے۔

۳۲۳: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ اَنْ یَرٰی اَثَرَ نِعْمَتِهٖ عَلٰی عَبْدِهٖ

۳۲۳: باب اس بارے میں کہ بندے پر نعمتوں کا اثر اللہ تعالیٰ کو پسند ہے

۷۲۵: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ اَنْ یُرٰی اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰی عَبْدِهٖ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْهِ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۷۲۵: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر اپنی نعمت کا اظہار پسند کرتا ہے۔ اس باب میں ابو احوص بواسطہ والد، عمران بن حصین اور ابن مسعود (رضی اللہ عنہم) سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۲۴: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْخُفِّ الْاَسْوَدِ

۳۲۴: باب سیاہ موزوں کے متعلق

۷۲۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَکِیْعٌ عَنْ دَلْهَمِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ حُجَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ النَّجَاشِیَّ اَهْدٰی لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خُفَّیْنِ اَسْوَدَیْنِ سَاذَجَیْنِ فَلَبِسَهُمَا ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَیْهِمَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ دَلْهَمٍ وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَةَ عَنْ دَلْهَمٍ.

۷۲۶: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نجاشی نے موزوں کا ایک سیاہ جوڑا بھیجا جو غیر منقوش تھا۔ آپ ﷺ نے اسے پہنا اور وضو کرتے ہوئے ان پر مسح کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اسے صرف دُلہم کی روایت سے جانتے ہیں۔ محمد بن ربیعہ بھی اسے دُلہم سے روایت کرتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: حضور ﷺ نے ہر قسم کے رنگ کے کپڑے استعمال فرمائے ہیں لیکن سفید رنگ کا لباس پہننے کا حکم فرمایا ہے اس کی وجہ بھی بیان فرمادی کہ یہ پاکیزہ اور عمدہ ترین ہیں نیز ریشم و دیباج اور سونے چاندی کی انگوٹھی اور ان کے برتن استعمال کرنے سے بھی منع فرمایا ہے اور پہننے والوں کو شدید وعید بھی سنائی ہے اور سرخ رنگ کا لباس استعمال کرنا مردوں کے لئے حرام قرار دیا ہے اس کا ذکر ترمذی ہی کی حدیث شریف کہ ایک آدمی سرخ رنگ کا جوڑا زیب تن کئے ہوئے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کیا تو آپ ﷺ نے سلام کا جواب نہیں دیا۔

۳۲۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ

۷۲۷: حَدَّثَنَا هَارُوْنَ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَ انِيُّ نَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ وَقَالَ اِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ.

۳۲۵: باب سفید بال نکالنے کی ممانعت

۷۲۷: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید بال نکالنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ یہ مسلمان کا نور ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اسے عبدالرحمٰن بن حارث اور کئی راوی عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں۔

۳۲۶: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ

۷۲۸: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ جَدْعَانَ عَنْ جَدَّتِهٖ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اُمِّ سَلَمَةَ.

۷۲۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى نَا شَيْبَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّحْوِيِّ وَشَيْبَانُ هُوَ صَاحِبُ كِتَابٍ وَهُوَ صَحِيْحُ الْحَدِيْثِ وَ يُكْنٰى اَبَا مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْعَطَّارُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ اِنِّيْ لَاُ حَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ فَمَااَخْرِمُ مِنْهُ حَرْفًا.

۳۲۶: باب اس بارے میں کہ مشورہ دینے والا امانت دار ہوتا ہے

۷۲۸: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہے۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، ابو ہریرہؓ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث ام سلمہؓ کی روایت سے غریب ہے۔

۷۲۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے مشورہ لیا جائے اسے امانتداری کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ اس حدیث کو کئی راوی شیبان بن عبدالرحمٰن نحوی سے نقل کرتے ہیں۔ شیبان صاحب کتاب اور صحیح الحدیث ہیں۔ ان کی کنیت ابو معاویہ ہے۔ پھر عبدالجبار بن علاء عطار نے یہ حدیث سفیان بن عیینہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔ سفیان، عبدالملک کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں جو حدیث بیان کرتا ہوں اسے حرف بہ حرف بیان کرتا ہوں۔

خلاصۃ الباب: اسلام میں مشورہ کی بہت اہمیت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی کام کا ارادہ کیا اور اس میں مشورہ لے کر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو بہترین امور کی طرف ہدایت فرماوے گا یعنی اس کا رخ اسی طرف پھیرے گا جو اس کے لئے انجام کار خیر اور بہتر ہو ایک دوسری طویل حدیث میں ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ تمہارے کام باہمی مشورہ سے طے

ہوا کریں اس وقت تک تمہارے زمین کے اوپر رہنا یعنی زندہ رہنا بہتر ہے اور تمہارے کام عورتوں کے سپرد ہو جاویں کہ وہ جس طرح چاہیں کریں اس وقت تمہارے لئے زمین پیٹھ کی بجائے زمین کا پیٹ بہتر ہو گا یعنی زندگی سے موت بہتر ہے حدیث باب میں مستشار کو بھی جس سے مشورہ لیا جائے اس کو امین فرمایا ہے مطلب یہ کہ وہ بہترین مشورہ دے اور اگر راز دارانہ بات ہو تو لوگوں تک نہ پہنچائے بلکہ راز کو راز ہی رہنے دے ورنہ خیانت ہو جائے گی۔

۳۲۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الشُّوْمِ

۷۳۰ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ الشُّوْمُ فِیْ ثَلَاثَةٍ فِی الْمَرْاَةِ وَالْمَسْكَنِ والدَّابَّةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَبَعْضُ اَصْحَابِ الزُّهْرِیِّ لَا یَذْكُرُوْنَ فِیْهِ عَنْ حَمْزَةَ وَاِنَّمَا یَقُوْلُوْنَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ وَهٰكَذَا رَوٰی لَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِمَا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ۔

۷۳۱ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَلَمْ یَذْكُرْ فِیْهِ سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ وَرِوَایَةُ سَعِیْدٍ اَصَحُّ لِاَنَّ عَلِیَّ بْنَ الْمَدِیْنِیِّ وَالْحُمَیْدِیَّ رَوَیَا عَنْ سُفْیَانَ وَلَمْ یَرْوِلَنَا الزُّهْرِیُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ اِلَّا عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَوَ رَوٰی مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ عَنْ سَالِمٍ وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِمَا وَفِی الْبَابِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَعَائِشَةَ وَاَنَسٍ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنْ كَانَ الشُّوْمُ فِیْ شَیْءٍ فَفِی الْمَرْاَةِ وَالدَّابَّةِ وَالْمَسْكَنِ۔

۷۳۲: وَقَدْ رُوِیَ حَكِیْمُ بْنُ مُعَاوِیَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا شُوْمَ وَ قَدْیَكُوْنُ الْیُمْنُ فِی الدَّارِ وَالْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ

۳۲۷: باب نحوست کے بارے میں

۷۳۰: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہے: عورت گھر اور جانور میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض زہری کے ساتھی اس حدیث کی سند میں حمزہ کا ذکر نہیں کرتے۔ وہ سالم کے واسطہ سے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔ دونوں کی روایت ہم سے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بواسطہ سفیان بن عیینہ زہری سے بیان کی ہے۔

۷۳۱: سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی، سفیان سے وہ زہری سے وہ سالم سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں اور اس میں یہ تذکرہ نہیں کہ سعید بن عبدالرحمٰن حمزہ سے روایت کرتے ہیں اور سعید کی روایت زیادہ صحیح ہے اس لیے کہ علی بن مدینی اور حمیدی دونوں سفیان سے روایت کرتے ہیں جبکہ زہری نے یہ حدیث صرف سالم سے روایت کی ہے۔ پھر مالک بن انس بھی یہ حدیث زہری سے نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ زہری، سالم اور حمزہ سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت سہل بن سعدؓ، عائشہؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا اگر کسی چیز میں نحوست ہوتی تو عورت، گھر اور جانور میں ہوتی۔

۷۳۲: حکیم بن معاویہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نحوست کسی چیز میں نہیں ہوتی ہاں کبھی عورت اور گھوڑے میں

عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ سُلَیْمٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ جَابِرٍ الطَّائِیِّ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ حَکِیْمٍ عَنْ عَمِّہٖ حَکِیْمِ بْنِ مُعَاوِیَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِھٰذَا.

برکت ضرور ہوتی ہے۔ یہ حدیث علی بن حجر، اسماعیل بن عیاش سے وہ سلیمان سے وہ یحییٰ بن جابر سے وہ معاویہ سے وہ اپنے چچا حکیم بن معاویہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

خلاصۃ الباب: مطلب حدیث کا یہ ہے کہ ان چیزوں میں برکت ہوتی ہے اگر نحوست کوئی چیز ہوتی تو ان چیزوں میں ہوتی۔

۳۲۸: بَابُ مَاجَاءَ لَا یَتَنَاجٰی اِثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

۷۳۳: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ نَا اَبُوْمُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ ح وَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِیْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کُنْتُمْ ثَلَاثَۃً فَلَا یَتَنَاجٰی اِثْنَانِ دُوْنَ صَاحِبِھِمَا وَ قَالَ سُفْیَانُ فِیْ حَدِیْثِہٖ لَا یَتَنَاجٰی اِثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ فَاِنَّ ذٰلِکَ یُحْزِنُہٗ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ لَا یَتَنَاجٰی اِثْنَانِ دُوْنَ وَاحِدٍ فَاِنَّ ذٰلِکَ یُؤْذِی الْمُؤْمِنَ وَاللّٰہُ یَکْرَہُ اَذَی الْمُؤْمِنِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

۳۲۸: باب اس بارے میں کہ تیسرے آدمی کی موجودگی میں دو آدمی سرگوشی نہ کریں

۷۳۳: حضرت شقیق بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم تین آدمی ہو تو دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں۔ سفیان نے اپنی روایت میں کہا کہ تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ اس سے وہ (تیسرا آدمی) غمگین ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی مروی ہے کہ ایک کو چھوڑ کر دو آدمی سرگوشی نہ کریں کیونکہ اس سے مؤمن کو تکلیف ہوتی ہے اور مؤمن کو تکلیف دینا اللہ کو پسند نہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، ابو ہریرہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۳۲۹: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعِدَۃِ

۷۳۴: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَی الْکُوْفِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبْیَضَ قَدْ شَابَ وَکَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِھُہٗ وَاَمَرَ لَنَا بِثَلَاثَۃَ عَشَرَ قَلُوْصًا فَذَھَبْنَا نَقْبِضُھَا فَاَتَانَا مَوْتُہٗ فَلَمْ یُعْطُوْنَا شَیْئًا فَلَمَّا قَامَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ مَنْ کَانَتْ لَہٗ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِدَۃٌ فَلْیَجِیْٔ فَقُمْتُ اِلَیْہِ فَاَخْبَرْتُہٗ فَاَمَرَ لَنَا بِھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰی مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَۃَ ھٰذَا الْحَدِیْثَ بِاِسْنَادٍ لَہٗ

۳۲۹: باب وعدے کے متعلق

۷۳۴: حضرت ابو جحیفہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کا رنگ سفید ہے اور آپ ﷺ پر بڑھاپا آ گیا ہے۔ حسن بن علیؓ آپ ﷺ سے مشابہت رکھتے تھے۔ آپ ﷺ نے ہمارے لیے تیرہ جوان اونٹنیاں لانے کا حکم دیا تھا۔ ہم انہیں لینے کے لیے گئے تو آپ ﷺ کی وفات کی خبر پہنچ گئی۔ چنانچہ ان لوگوں نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔ پھر جب حضرت ابوبکرؓ نے خلافت سنبھالی تو فرمایا اگر کسی کا نبی اکرم ﷺ کے ساتھ کوئی وعدہ ہو تو وہ آئے۔ ابو جحیفہ فرماتے ہیں میں کھڑا ہوا اور آپ ﷺ نے وعدے کے

عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ نَحْوَ هٰذَا وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهٗ وَلَمْ يَزِيْدُوْا عَلٰى هٰذَا.

متعلق بتایا تو انہوں نے ہمیں اونٹنیاں دینے کا حکم دیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ مروان بن معاویہ اسے اپنی سند سے ابو جحیفہؓ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں ۔ کئی راوی ابو جحیفہؓ سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا ہے اور حسن بن علیؓ آپ ﷺ کے ہم شکل تھے ۔ اس سے زائد مذکور نہیں۔

۷۳۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ نَا اَبُوْ جُحَيْفَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهٗ وَهٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ خَالِدٍ نَحْوَ هٰذَا وَفِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَبُوْ جُحَيْفَةَ وَهْبٌ السُّوَائِيُّ.

۷۳۵: محمد بن بشار بھی محمد بن یحییٰ سے وہ اسمٰعیل بن ابی خالد سے اور وہ ابو جحیفہ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور حضرت حسن بن علیؓ آپ ﷺ سے مشابہت رکھتے تھے۔ کئی راوی اسمٰعیل سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ ابو جحیفہ کا نام وہب سوائی ہے۔

خلاصۃ الباب : حاصل یہ ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بہت زیادہ وعدہ کو پورے کرنے والے تھے کہ حضور ﷺ نے جن لوگوں سے وعدے کئے تھے وہ بھی حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پورے وفا کئے۔ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اگر حضور ﷺ کی جائیداد تقسیم ہوتی اور وراثت میں چلتی تو حضرت ابوبکر صدیقؓ ضرور تقسیم فرما دیتے۔

۳۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ فِدَاكَ اَبِىْ وَاُمِّىْ

۳۳۰: باب ''فداک ابی وامی'' کہنا

۷۳۶: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ غَيْرَ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ.

۷۳۶: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت سعد بن ابی وقاص کے علاوہ کسی کے لیے یہ کہتے ہوئے نہیں سنا کہ میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔

۷۳۷: اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ قَالَ عَلِيٌّ مَا جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاهُ وَاُمَّهٗ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ قَالَ لَهٗ يَوْمَ اُحُدٍ اِرْمِ فِدَاكَ اَبِىْ وَاُمِّىْ وَقَالَ لَهٗ اِرْمِ اَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ وَفِى الْبَابِ عَنِ الزُّبَيْرِ وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ

۷۳۷: حضرت سعید بن مسیب حضرت علیؓ کا قول نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سعد بن ابی وقاص کے علاوہ کسی کو اس طرح نہیں کہا کہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان ۔ چنانچہ جنگ احد کے موقع پر آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: تیر چلاؤ: تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں ۔ پھر یہ بھی فرمایا اے بہادر جوان تیر چلاؤ۔ اس باب میں حضرت زبیرؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے

عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ اَبِیْ وَقَاصٍ قَالَ جَمَعَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ.

حضرت علیؓ سے منقول ہے۔کئی راوی اسے یحییٰ بن سعید بن مسیّب سے اور سعد بن ابی وقاص سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ احد کے موقع پر مجھ سے فرمایا: میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔

۷۳۸: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَااللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ جَمَعَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَكِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ.

۷۳۸: حضرت سعید مسیّبؒ سے روایت ہے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ احد کے دن میرے لیے اپنے والدین کریمین کو جمع فرمایا (یعنی فداک امی وابی فرمایا) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مذکورہ بالا دونوں حدیثیں بھی صحیح ہیں۔

۳۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ يَابُنَیَّ

۳۳۱: باب کسی کو بیٹا کہہ کر پکارنا

۷۳۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ نَااَبُوْ عَوَانَةَ نَا اَبُوْعُثْمَانَ شَيْخٌ لَهُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ يَابُنَیَّ وَفِی الْبَابِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَنَسٍ وَاَبُوْ عُثْمَانَ هٰذَا شَيْخٌ ثِقَةٌ وَهُوَ الْجَعْدُ بْنُ عُثْمَانَ وَيُقَالُ بْنُ دِيْنَارٍ وَهُوَ بَصْرِیٌّ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ وَشُعْبَةُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَ ئِمَّةِ.

۷۳۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بیٹا (یعنی اے بیٹے) کہہ کر پکارا۔اس باب میں حضرت مغیرہؓ اور عمر بن ابی سلمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے اور دوسری سند سے بھی حضرت انسؓ ہی سے منقول ہے۔ ابو عثمان شیخ کا نام جعد بن عثمان ہے۔یہ ثقہ ہیں۔انہیں ابن دینار بھی کہتے ہیں یہ بصری ہیں ان سے یونس بن عبید ،شعبہ اور کئی ائمہ حدیث احادیث نقل کرتے ہیں۔

۳۳۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَعْجِيْلِ اسْمِ الْمَوْلُوْدِ

۳۳۲: باب بچے کا نام جلدی رکھنے کے متعلق

۷۴۰: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ ثَنِیْ عَمِّیْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا شَرِيْکٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَبِتَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ يَوْمَ سَابِعِهٖ وَوَضْعِ الْاَذٰى عَنْهُ وَالْعَقِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۷۴۰: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نومولود کا نام پیدائش کے ساتویں دن رکھنے، تکلیف وہ چیزیں دور کرنے (یعنی بال مونڈنے) اور عقیقہ کرنے کا حکم دیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۳۳: بَابُ مَاجَاءَ مَايُسْتَحَبُّ مِنَ الْاَسْمَآءِ

۷۴۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَ سْوَدِ اَبُوْعَمْرٍو الْوَرَّاقُ الْبَصْرِيُّ نَا مُعَمَّرُبْنُ سُلَيْمَا نَ الرَّقِّيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحِ الزَّنْجِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحَبُّ الْاَ سْمَآءِ اِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۳۳: باب مستحب ناموں کے متعلق

۷۴۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۳۳۴: بَابُ مَاجَاءَ مَايُكْرَهُ مِنَ الْاَ سْمَاءِ

۷۴۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْاَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَ نْهَيَنَّ اَنْ يُسَمّٰى رَافِعٌ وَبَرَكَةُ وَيَسَارٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ هٰكَذَا رَوَاهُ اَبُوْاَحْمَدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عُمَرَ وَاَبُوْاَحْمَدَ ثِقَةٌ حَافِظٌ وَالْمَشْهُوْرُ عِنْدَ النَّاسِ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيْهِ عُمَرُ.

۷۴۳: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنِ الرَّبِيْعِ ابْنِ عُمَيْلَةَ الْفَزَارِيِّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحَ وَلَا اَفْلَحَ وَلَا يَسَارَوَلَا نَجِيْحًا يُقَالُ اَثَمَّ هُوَ فَيُقَالُ لَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴۴: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنِ الْمَكِّيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِعَنِ الْاَ عْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ تَسَمّٰى بِمَلِكِ الْاَ مْلَاكِ قَالَ سُفْيَانُ شَاهَانِ شَاهْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَخْنَعُ يَعْنِىْ اَقْبَحُ.

۳۳۴: باب مکروہ ناموں کے متعلق

۷۴۲: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم لوگوں کو ''رافع، برکت اور یسار'' جیسے نام رکھنے سے منع کرتا ہوں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ابو احمد بھی سفیان سے وہ ابو زبیر سے وہ جابر سے اور وہ عمر رضی اللہ عنہ سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ ابو احمد ثقہ اور حافظ ہیں لوگوں کے نزدیک یہ حدیث حضرت جابرؓ سے مرفوعاً مشہور ہے اور اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واسطہ مذکور نہیں۔

۷۴۳: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بچے کا نام ''رباح، یسار، افلح اور نجیح'' نہ رکھو کیونکہ لوگ پوچھیں گے فلاں ہے تو جواب دیا جائے گا نہیں ہے۔ (یعنی اسی طرح فلاح و برکت وغیرہ کی نفی ہوگی)۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۴۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے برے نام والا وہ شخص ہوگا جس کا نام ''ملک الاملاک'' ہوگا۔ سفیان کہتے ہیں یعنی شہنشاہ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اخنع کے معنی سب سے زیادہ برے کے ہیں۔

۳۳۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَغْيِيْرِ الْاَ سْمَاءِ

۷۴۵: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّ وْرَقِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ بُنْدَارٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْ انَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ نَا فِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيَّرَ اِ سْمَ عَاصِيَةَ وَقَالَ اَنْتِ جَمِيْلَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاِنَّمَا اَسْنَدَ هُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَا فِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عُمَرَ مُرْسَلاً وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعٍ وَعَآئِشَةَ وَالْحَكَمِ بْنِ سَعِيْدٍ وَمُسْلِمٍ وَاُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيِّ وَشُرَيْحِ بْنِ هَانِيءٍ عَنْ اَبِيْهِ وَ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ.

۷۴۶: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ نَا فِعٍ الْبَصْرِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِ سْمَ الْقَبِيْحَ قَالَ اَبُوْبَكْرِ بْنُ نَافِعٍ وَرُبَّمَاقَالَ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ مُرْسَلاً وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ

۳۳۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۷۴۷: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِيْ اَسْمَاءَ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِيْ يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيَّ وَاَنَا الْعَاقِبُ الَّذِيْ لَيْسَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۳۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْجَمْعِ بَيْنَ

۳۳۵: باب نام بدلنے کے متعلق

۷۴۵: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاصیہ کا نام بدل دیا اور فرمایا: تم جمیلہ ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ یحییٰ بن سعید قطان اسے عبید اللہ سے وہ نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔ بعض حضرات اسے اس سند سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں عبدالرحمٰن بن عوف، عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مطیع رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا، حکم بن سعید رضی اللہ عنہ، مسلم رضی اللہ عنہ، اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ اور شریح بن ھانی رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ خیثمہ بھی اپنے والد سے حدیث نقل کرتے ہیں۔

۷۴۶: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم برے ناموں کو بدل دیا کرتے تھے۔ ابوبکر بن نافع کہتے ہیں کہ عمر بن علی کبھی اس روایت کو ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرمؐ سے مرسلاً روایت کرتے ہیں اور اس میں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں۔

۳۳۶: باب نبی اکرم ﷺ کے اسماء کے متعلق

۷۴۷: حضرت جبیر بن مطعم کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بہت سے نام ہیں میں محمد ہوں، میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں یعنی جس سے اللہ تعالیٰ کفر کو مٹاتا ہے۔ میں حاشر ہوں قیامت کے دن لوگ میرے قدموں پر اٹھائے جائیں گے (یعنی میرے پیچھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں (یعنی پیچھے رہ جانے والا) اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۳۷: باب اس بارے میں کہ کسی کیلئے نبی اکرم

اِسْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْيَتِهٖ

۷۴۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَجْمَعَ اَحَدٌ بَيْنَ اِسْمِهٖ وَكُنْيَتِهٖ وَيُسَمِّيْ مُحَمَّدًا اَبَا الْقَاسِمِ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴۹: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَسَمَّيْتُمْ بِيْ فَلَا تَكْتَنُوْا بِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يَجْمَعَ الرَّجُلُ بَيْنَ اِسْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْيَتِهٖ وَقَدْ فَعَلَ ذٰلِكَ بَعْضُهُمْ وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا فِي السُّوْقِ يُنَادِيْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ فَقَالَ لَمْ اَعْنِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ.

۷۵۰: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ بِهٰذَا وَفِي الْحَدِيْثِ مَا يَدُلُّ عَلٰى كَرَاهِيَةِ اَنْ يُكَنّٰى اَبَا الْقَاسِمِ.

۷۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ نَا فِطْرُ بْنُ خَلِيْفَةَ ثَنِيْ مُنْذِرٌ وَهُوَ الثَّوْرِيُّ عَنْ مُحَمَّدٍ وَهُوَ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ وُلِدَ لِيْ بَعْدَكَ اُسَمِّيْهِ مُحَمَّدًا وَاُكَنِّيْهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَكَانَتْ رُخْصَةً لِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

صلی اللہ علیہ وسلم کا نام اور کنیت جمع کر کے نام رکھنا مکروہ ہے

۷۴۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نام اور کنیت کو جمع کرنے سے منع فرمایا یعنی اپنا نام اس طرح رکھے محمد ابوالقاسم۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۴۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرے نام پر کسی کا نام رکھو تو میری کنیت نہ رکھو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور کنیت کو جمع کرنا مکروہ ہے۔ بعض حضرات نے ایسا کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپؐ نے بازار میں ایک شخص کو ابو قاسم پکارتے ہوئے سنا تو آپؐ اس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس نے عرض کیا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں پکارا۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا میری کنیت پر کسی کی کنیت نہ رکھو۔

۷۵۰: یہ حدیث حسن بن علی بن خلال، یزید بن ہارون سے وہ حمید سے وہ انسؓ سے اور وہ نبی اکرمؐ سے نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث سے ابو قاسم کنیت رکھنے کی کراہت معلوم ہوتی ہے۔

۷۵۱: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میرے ہاں کوئی بیٹا پیدا ہو تو اسکا نام اور کنیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام و کنیت پر رکھ لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ہاں'' حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میرے لیے اس کی اجازت تھی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الابواب : حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام اُمّت کے روحانی باپ تھے اس لئے بیٹا فرمایا نیز اس سے ثابت ہوا کہ پیار سے کسی کو اے بیٹے کہہ سکتے ہیں (۲) حدیث باب میں تین چیزوں کو جلدی کرنے کا حکم فرمایا ہے نام جلدی رکھنا اور عقیقہ اور بال جلدی منڈوانے چاہئیں (۳) حدیث سے ثابت ہوا کہ اچھے نام رکھنے چاہئیں اور اچھے نام یہ ہیں مثلاً عبداللہ وغیرہ اور صحابہ کرامؓ کے نام ان کے علاوہ بزرگان دین کے نام ہوں ناموں کا بڑا اثر ہوتا ہے اور حدیث باب میں کچھ ایسے ناموں کا ذکر کر دیا ہے جو مکروہ ہیں مثلاً کسی کا نام شہنشاہ ہو تو قیامت کے دن اس کا بہت برا نام ہوگا (۴) حدیث سے ثابت ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام رکھنا تو جائز بلکہ مستحب ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت پر اپنی کنیت رکھنا ممنوع ہے جہاں تک حضرت علیؓ

کے بارہ میں روایت کا تعلق ہے تو وہ ان کے ساتھ ایک مخصوص معاملہ تھا ان کے علاوہ کسی اور کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی کنیت پر اپنی کنیت رکھے۔

۳۳۸: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

۷۵۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَ شَجُّ نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ غَنِيَّةَ ثَنِىْ اَبِىْ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اِنَّمَا رَفَعَهُ اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَ شَجُّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ غَنِيَّةَ وَرَوٰى غَيْرُهُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ غَنِيَّةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ مَوْقُوْفًا وَ قَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَ عَائِشَةَ وَبُرَيْدَةَ وَ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ.

۷۵۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۳۸: باب اس متعلق کہ بعض اشعار حکمت ہیں

۷۵۲: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض اشعار حکمت ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ اسے صرف ابوسعید اشج نے ابن عیینہ کی روایت سے مرفوع کیا ہے۔ دوسرے راوی اسے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث کئی سندوں سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے۔ اس باب میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، عائشہ رضی اللہ عنہا، بریدہ رضی اللہ عنہ اور کثیر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بواسطہ والد ان کے دادا سے بھی روایت ہے۔

۷۵۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض شعروں میں حکمت ہوتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۳۹: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ اِنْشَادِ الشِّعْرِ

۷۵۴: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِىُّ وَعَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِى الْمَسْجِدِ يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْقَالَتْ يُنَافِحُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَايُفَاخِرُ اَوْ يُنَافِحُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۷۵۵: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ وَعَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا نَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

۳۳۹: باب شعر پڑھنے کے بارے میں

۷۵۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مسجد نبوی میں) حضرت حسانؓ کے لیے منبر رکھا کرتے تھے جس پر کھڑے ہو کر حسانؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے فخریہ اشعار کہتے تھے یا فرمایا جس پر کھڑے ہو کر حضرت حسان رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعتراضات کا جواب دیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ جب حسانؓ فخر کرتے یا اعتراضات رد کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ جبرئیل کے ذریعے ان کی مدد فرماتا ہے۔

۷۵۵: اسمٰعیل اور علی بن حجر بھی ابن ابی زناد سے وہ اپنے والد سے وہ عروہ سے وہ حضرت عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَالْبَرَآءِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ وَھُوَ حَدِیْثُ ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ۔

سے نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ اور براءؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث یعنی ابن ابی زناد کی روایت سے حسن غریب صحیح ہے۔

۷۵۶: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَیْمَانَ نَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَکَّۃَ فِیْ عُمْرَۃِ الْقَضَآءِ وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَوَاحَۃَ بَیْنَ یَدَیْہِ یَمْشِیْ وَھُوَ یَقُوْلُ ؎

خَلُّوْا بَنِیْ الْکُفَّارِ عَنْ سَبِیْلِہٖ
اَلْیَوْمَ نَضْرِ بْکُمْ عَلٰی تَنْزِیْلِہٖ
ضَرْبًا یُزِیْلُ الْھَامَ عَنْ مَقِیْلِہٖ
وَیُذْ ھِلُ الْخَلِیْلَ عَنْ خَلِیْلِہٖ

فَقَالَ لَہٗ عُمَرُ یَا ابْنَ رَوَاحَۃَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفِیْ حَرَمِ اللّٰہِ تَقُوْلُ الشِّعْرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلِّ عَنْہُ یَاعُمَرُ فَلَھِیَ اَسْرَعُ فِیْھِمْ مِنْ نَضْحِ النَّبْلِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ وَقَدْرَوٰی عَبْدُ الرَّزَّاقِ ھٰذَا الْحَدِیْثَ اَیْضًا عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَھٰذَا وَرُوِیَ فِیْ غَیْرِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَکَّۃَ فِیْ عُمْرَۃِ الْقَضَآءِ وَکَعْبُ بْنُ مَالِکٍ بَیْنَ یَدَیْہِ وَھٰذَا اَصَحُّ عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْحَدِیْثِ لِاَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ رَوَاحَۃَ قُتِلَ یَوْمَ مُؤْتَۃَ وَاِنَّمَا کَانَتْ عُمْرَۃُ الْقَضَآءِ بَعْدَ ذٰلِکَ۔

۷۵۶: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمرے کی قضاء ادا کرنے کیلئے مکہ داخل ہوئے تو عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے یہ اشعار پڑھتے جارہے تھے۔ (اے اولا د کفار، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ خالی کردو آج کے دن ان کے آنے پر ہم تمہیں ایسی مار ماریں گے جو دماغ کو اسکی جگہ سے ہلا کر رکھ دے گی اور دوست کو دوست سے غافل کر دیگی) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن رواحہ رضی اللہ عنہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے اور اللہ کے حرم میں تم شعر پڑھ رہے ہو۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر رضی اللہ عنہ اسے چھوڑ دو یہ کافروں کے لیے تیروں سے بھی زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غرب ہے۔ عبدالرزاق اس حدیث کو معمر سے وہ زہری سے اور وہ انس رضی اللہ عنہ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث کے علاوہ مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے تو کعب بن مالک رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے تھے اور یہ بعض محدثین کے نزدیک زیادہ صحیح ہے کیونکہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ غزوہ موتہ کے موقع پر شہید ہوگئے تھے اور عمرہ قضاء اس کے بعد ہوا۔

۷۵۷: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا شَرِیْکٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَیْحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَ قِیْلَ لَھَا کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَمَثَّلُ بِشَیْءٍ مِنَ الشِّعْرِ قَالَتْ کَانَ یَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ بْنِ رَوَاحَۃَ وَیَقُوْلُ

وَیَاْتِیْکَ بِالْاَ خْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ

۷۵۷: حضرت مقدام بن شریح اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا کیا نبی اکرم ﷺ شعر بھی پڑھا کرتے تھے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ہاں کبھی کبھی آپ ﷺ ابن رواحہؓ کا یہ شعر پڑھا کرتے تھے (یعنی تمہارے پاس وہ لوگ خبریں لائیں گے جن کو تم نے زادراہ (سامان سفر) فراہم نہیں کیا۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ

صَحِيْحٌ.

سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۵۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشْعَرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا الْعَرَبُ كَلِمَةُ قَوْلُ لَبِيْدٍ اَلاَ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلاَ اللّٰهُ بَاطِلٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ.

۷۵۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرب شعراء کے بہترین کلام میں سے لبید کا یہ قول ہے کہ ''اَلَا ......الخ'' (یعنی جان لو کہ اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے یعنی فنا ہونے والی ہے) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسے ثوری، عبدالملک بن عمیر سے نقل کرتے ہیں۔

۷۵۹: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ انا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ فَكَانَ اَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ وَتَذَاكَرُوْنَ اَشْيَآءَ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَهُوَ سَاكِتٌ فَرُبَّمَا يَتَبَسَّمُ مَعَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ زُهَيْرٌ عَنْ سِمَاكٍ اَيْضًا.

۷۵۹: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سو سے زیادہ مرتبہ بیٹھا۔ چنانچہ صحابہ کرامؓ اشعار پڑھتے اور زمانہ جاہلیت کی یادیں تازہ کیا کرتے تھے لیکن آپ ﷺ خاموش رہتے اور بعض اوقات ان کے ساتھ تبسم فرماتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ زہری اسے سماک سے نقل کرتے ہیں۔

۳۴۰: بَابُ مَاجَاءَ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَّهُ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا

۳۴۰: باب اس بارے میں کہ کسی کا اپنے پیٹ کو پیپ سے بھر لینا، شعروں سے بھر لینے سے بہتر ہے

۷۶۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَّهُ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۶۰: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے پیٹ کو پیپ سے بھر لے یہ اس سے بہتر ہے کہ شعروں سے بھرے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۶۱: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّمْلِيُّ نَا عَمِّيْ يَحْيَى بْنُ عِيْسٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا يَرِيْهِ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَابْنِ عُمَرَ وَاَبِي الدَّرْدَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۶۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کسی کے پیٹ کا ایسی پیپ سے بھر جانا جو اس کے پیٹ کو کھا رہی ہے اس سے بہتر ہے کہ وہ اسے شعروں سے بھرے۔ اس باب میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ، ابوسعید رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابودرداء رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۴۱: بَابُ مَاجَاءَ فِى الْفَصَاحَةِ وَالْبَيَانِ

۷۶۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ الْمُقَدَّمِيُّ نَانَا فِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِىْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهٖ كَمَا تَتَخَلَّلُ الْبَقَرَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِى الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ.

۳۴۱: باب فصاحت اور بیان کے متعلق

۷۶۲: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے بلیغ شخص سے بغض رکھتے ہیں جو اپنی زبان سے اس طرح باتوں کو لپیٹتا ہے جیسے گائے چارے کو (یعنی بے فائدہ اور بہت زیادہ باتیں کرتا ہے)۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اس باب میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۳۴۲: بَابٌ

۷۶۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ شِنْظِيْرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمِّرُوا الْاٰنِيَةَ وَاَوْكُوا الْاَسْقِيَةَ وَاَجِيْفُوا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِؤُا الْمَصَابِيْحَ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا جَرَّتِ الْفَتِيْلَةَ فَاَحْرَقَتْ اَهْلَ الْبَيْتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۳۴۲: باب

۷۶۳: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوتے وقت برتنوں کو ڈھانکا کرو۔ مشکیزوں کے منہ بند کر دیا کرو، دروازے بند رکھا کرو اور چراغ بجھا دیا کرو کیونکہ چھوٹے فسق (چوہے) نے کئی مرتبہ بتی کو گھسیٹ کر گھر والوں کو جلا دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور جابر رضی اللہ عنہ سے کئی سندوں سے مرفوعاً مروی ہے۔

۳۴۳: بَابٌ

۷۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِى الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِى السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا بِنِقْيِهَا وَاِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ فَاِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَاْوَى الْهَوَامِّ بِاللَّيْلِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَجَابِرٍ.

۳۴۳: باب

۷۶۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم سبزے (یعنی فراوانی) کے دنوں میں سفر کرو تو اونٹوں کو زمین سے ان کا حصہ دو اور اگر خشک سالی کے موقع پر سفر کرو تو اسکی قوت باقی رہنے تک جلدی جلدی سفر مکمل کرنے کی کوشش کرو۔ پھر جب رات کے آخری حصے میں آرام کے لیے اترو تو راستے سے ایک طرف ہو جاؤ۔ اس لیے کہ ان راستوں پر رات کو جانوروں اور حشرات الارض کا گزر ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۴۴: بَابٌ

۷۶۵: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

۳۴۴: باب

۷۶۵: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ عُمَرَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِبْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنِ عُمَرَ الْاَ يْلِيُّ يُضَعَّفُ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی چھت پر سونے سے منع فرمایا جس کے گرد دیوار نہ ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے محمد بن منکدر کی جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ عبدالجبار بن عمر ایلی ضعیف ہیں۔

۷۶۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَ عْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْاَ يَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا سُلَيْمَانُ عَنِ الْاَ عْمَشِ حَدَّثَنِيْ شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوَهُ.

۷۶۶: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نصیحت کے ساتھ ساتھ فرصت بھی دیا کرتے تھے تا کہ ہم ملول نہ ہو جائیں اور اکتا نہ جائیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن بشار بھی اسے یحییٰ بن سعید سے وہ سلیمان سے وہ شقیق بن سلمہ سے اور وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۳۴۵: بَابٌ

۳۴۵: باب

۷۶۷: حَدَّثَنَا اَبُوْهِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَةُ وَاُمُّ سَلَمَةَ اَيُّ الْعَمَلِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَتَا مَادِيْمَ عَلَيْهِ وَ اِنْ قَلَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الْعَمَلِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَادِيْمَ عَلَيْهِ.

۷۶۷: حضرت ابو صالح فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ اور ام سلمہؓ سے پوچھا گیا کہ نبی اکرم ﷺ کے نزدیک کونسا عمل سب سے محبوب تھا۔ انہوں نے فرمایا جسے ہمیشہ کیا جائے چاہے تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ ہشام اپنے والد عروہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ کے نزدیک محبوب ترین عمل وہ تھا جسے ہمیشہ کیا جائے۔

۷۶۸: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۷۶۸: ہم سے روایت کی ھارون بن اسحٰق نے انہوں نے عبدہ سے وہ ہشام سے وہ اپنے والد سے وہ حضرت عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے ہم معنی حدیث بیان کرتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

خلاصۃ الابواب : شعر کے معنی دانائی اور زیرکی کے ہیں اور شاعر کے معنی دانا اور زیرک لیکن عام اصطلاح میں شعر موزوں اور مقفّی (منظوم) کلام کو کہتے ہیں جو بمقصد وارادہ نظم کیا گیا ہو اس اعتبار سے قرآن وحدیث میں جو مقفّی عبارتیں ہیں ان پر شعر کا اطلاق نہیں ہوسکتا کیونکہ ان عبارتوں کا مقفّی ہونا نہ قصد وارادہ سے ہے اور نہ مقصود بالذّات ہے (۱) حدیث میں جو یہ فرمایا ہے کہ بعض شعر حکمت (کا حامل) ہوتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ سارے ہی اشعار برے نہیں ہوتے بلکہ ان میں سے بعض اچھے اور فائدہ مند ہوتے ہیں کہ ان کے ذریعہ حکمت ودانائی کی باتیں معلوم ہوتی ہیں (۲) اس حدیث میں حضرت

حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی فضیلت ثابت ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی تائید کرتا ہے سبحان اللہ جس کی تائید اللہ تبارک و تعالیٰ فرماوے اس کو کسی اور کی تائید کی ضرورت نہیں رہتی یہ تائید اس بنا پر بھی کہ حضرت حسان بن ثابتؓ حضور ﷺ کی شان میں اشعار کہتے اور کفار کو جواب دیتے تھے اسی طرح حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے بھی ایک موقع پر اشعار پڑھے تو حضور ﷺ نے ان کی تائید کی معلوم ہوا کہ اسلام اور مسلمانوں کی شوکت و دبدبہ کے لئے اشعار پڑھنا مستحسن ہیں (۳) نبی کریم ﷺ اچھے اشعار کو پسند کرتے تھے اور اچھے اشعار وہ ہوتے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی توحید بیان کی گئی ہو اور نبی کریم ﷺ اور صحابہؓ کے مناقب ہوں (۴) حدیث باب کے ذریعہ ایسی شاعری کی مذمت کی گئی ہے جو انسان کو ہر طرف سے غافل کردے چنانچہ جو شاعر ہر وقت مضامین بندی میں مستغرق رہ کر فرائض و عبادت و تلاوت قرآن و ذکر خداوندی اور علوم شرعیہ سے غافل ہو جاتے ہیں ان کے اشعار قابل نفرت ہونے کے اعتبار سے اس پیپ سے بھی بدتر ہیں جو زخم میں پڑ جاتی ہے۔ یا اس ارشاد گرامی میں محض ان اشعار کی مذمت مراد ہے جو فحش و بے حیائی، کفر و فسق اور ناشائستہ مضامین پر مشتمل ہونے کی وجہ سے برے اشعار کہے جاتے ہیں (۵) مطلب حدیث کا یہ ہے کہ زبان درازی اور طلاقت لسانی کوئی اچھی چیز نہیں اپنے کلام اور اپنی زبان خواہ مخواہ کے لئے حد سے زیادہ فصاحت و بلاغت کا مظاہرہ کرنا اور الفاظ کو چبا چبا کر اور زبان کو لپیٹ لپیٹ کر چکنی چپڑی باتیں کرنا احمق لوگوں کے نزدیک تو ایک وصف سمجھا جاتا ہے لیکن جو دانشمند اور عاقل لوگ اس ''وصف'' کے پیچھے چھپی ہوئی برائی کو دیکھتے ہیں (۶) نبی کریم ﷺ جو عمل شروع کرتے اس کی پابندی کیا کرتے اور یہی مداوت آپ ﷺ کو پسند تھی واللہ اعلم۔

چند اہم کتب احادیث کے تراجم

صحیح مسلم شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا عزیز الرحمٰن

سنن ابوداؤد شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

سنن ابن ماجہ شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا قاسم امین

سنن نسائی شریف ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

ریاض الصالحین ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

نزہۃ المتقین شرح ریاض الصالحین ﴿اردو﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

مَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ فَانْتَھُوْا۔

رسول اللہ ﷺ جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو، اور جس سے منع کریں اس سے باز آجاؤ۔

تالیف

امام ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی ترمذیؒ

مترجم

مولانا ناظم الدّین

جلد دوم ○ حصہ دوم

ابواب الامثال — ابواب فضائل القرآن

ابواب القرأۃ — ابواب التفسیر القرآن

ابواب الدعوات

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸۔اردو بازار لاہور ○ پاکستان

مَا آتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا
اللہ کے رسول جو کچھ تم کو دیں، اسکو لے لو، اور جس سے منع فرمائیں اس سے باز آجاؤ
جامع ترمذی شریف مترجم
جلد دوم
تالیف: امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی
مترجم: مولانا ناظم الدین مدظلہ
شرح: مولانا عبدالروف علوی حفظہ اللہ استاذ جامعہ عثمانیہ
ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸- اردو بازار ٥ لاہور ٥ پاکستان
Ph:7211788-7231788

نام کتاب: ـــــــ جامع ترمذی شریف

تالیف: ـــــــ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی

مترجم: ـــــــ مولانا ناظم الدین

نظرِ ثانی: ـــــــ حافظ محبوب احمد خان

طابع: ـــــــ خالد مقبول

مطبع .... زاہد بشیر

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7224228

مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7221395

مکتبہ جویریہ 18 اردو بازار لاہور 7211788

اَبْوَابُ الْاَمْثَالِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مثالوں کے متعلق ابواب
جو نبی اکرم ﷺ سے مروی ہیں

۳۴۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَثَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لِعِبَادِهٖ

۷۶۹: حَدَّثَنَاعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ بَحِيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ ضَرَبَ مَثَلاً صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا عَلٰی كَنَفَيِ الصِّرَاطِ زُوْرَانِ لَهُمَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ عَلَی الْاَبْوَابِ سُتُوْرٌ وَّدَاعٍ عَلٰی رَأْسِ الصِّرَاطِ وَدَاعٍ يَدْعُوْ فَوْقَهٗ وَاللّٰهُ يَدْعُوْ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِیْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَالْاَبْوَابُ الَّتِیْ عَلٰی كَنَفَيِ الصِّرَاطِ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا يَقَعُ اَحَدٌ فِیْ حُدُوْدِ اللّٰهِ حَتّٰی يُكْشَفَ السِّتْرُ وَالَّذِیْ يَدْعُوْمِنْ فَوْقِهٖ وَاعِظُ رَبِّهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ زَكَرِيَّاابْنَ عَدِیٍّ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْاِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ خُذُوْا عَنْ بَقِيَّةَ مَاحَدَّثَكُمْ عَنِ الثِّقَاتِ وَلَا تَاْخُذُوْا عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ مَاحَدَّثَكُمْ عَنِ الثِّقَاتِ وَلَا غَيْرِ الثِّقَاتِ.

۳۴۶: باب اللہ تعالیٰ کی بندوں کے لیے مثال

۷۶۹: حضرت نواس بن سمعان کلابی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کی اس طرح مثال دی ہے کہ وہ ایسی راہ ہے جس کے دونوں جانب دیواریں ہیں جن میں جابجا دروازے لگے ہوئے ہیں جن پر پردے لٹک رہے ہیں۔ پھر ایک بلانے والا اس راستے کے سرے پر کھڑا ہو کر اور ایک اس کے اوپر کھڑا ہو کر بلا رہا ہے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "وَاللّٰهُ يَدْعُوْا....." (یعنی اللہ تعالیٰ جنت کی طرف بلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر چلا دیتا ہے) اور وہ دروازے جو راستے کے دونوں جانب ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی حدود (حرام کی ہوئی چیزیں) ہیں۔ ان میں اس وقت تک کوئی گرفتار نہیں ہو سکتا جب تک پردہ نہ اٹھائے یعنی صغیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کرے اور اس راستے کے اوپر پکارنے والا اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ نصیحت کرنے والا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ میں نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن کو زکریا بن عدی کے حوالے سے ابواسحٰق فزاری کا یہ قول نقل کرتے ہوئے سنا کہ بقیہ بن ولید کی وہی روایتیں لو جو وہ ثقہ لوگوں سے روایت کرتے ہیں اور اسمٰعیل بن عیاش کی کسی روایت کا اعتبار نہ کرو خواہ وہ ثقہ سے نقل کرے یا غیر ثقہ سے۔

۷۷۰: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ

۷۷۰: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ ایک دن

سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیَّ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ رَاَيْتُ فِی الْمَنَامِ كَاَنَّ جِبْرَئِيْلَ عِنْدَ رَاْسِیْ وَمِيْكَائِيْلَ عِنْدَ رِجْلَیَّ يَقُوْلُ اَحَدُ هُمَا لِصَاحِبِهٖ اِضْرِبْ لَهٗ مَثَلاً فَقَالَ اسْمَعْ سَمِعَتْ اُذُنُکَ وَاعْقِلْ عَقَلَ قَلْبُکَ اِنَّمَا مَثَلُکَ وَمَثَلُ اُمَّتِکَ كَمَثَلِ مَلِکٍ اتَّخَذَ دَارًا ثُمَّ بَنٰى فِيْهَا بَيْتًا ثُمَّ جَعَلَ فِيْهَا مَائِدَةً ثُمَّ بَعَثَ رَسُوْلاً يَدْعُوالنَّاسَ اِلٰى طَعَامِهٖ فَمِنْهُمْ مَنْ اَجَابَ الرَّسُوْلَ وَ مِنْهُمْ مَنْ تَرَكَهٗ فَاللّٰهُ هُوَ الْمَلِکُ وَالدَّارُ الْاِ سْلَامُ وَالْبَيْتُ الْجَنَّةُ وَاَنْتَ يَامُحَمَّدُ رَسُوْلٌ فَمَنْ اَجَابَکَ دَخَلَ الْاِ سْلَامَ وَمَنْ دَخَلَ الْاِ سْلَامَ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ اَكَلَ مَافِيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ هِلَالٍ لَمْ يُدْرِکْ جَابِرَبْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَ فِی الْبَابِ عَنْ مَسْعُوْدٍ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ بِاِسْنَادٍ اَصَحَّ مِنْ هٰذَا.

رسول اللہ ﷺ ہماری طرف نکلے اور فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے سرہانے اور میکائیل علیہ السلام میرے پاؤں کے پاس کھڑے ہیں اور آپس میں کہہ رہے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے لیے مثال بیان کرو۔ دوسرے نے کہا (اے نبی ﷺ) سنیے آپؐ کے کان ہمیشہ سنتے رہیں اور سمجھئے، آپؐ کا دل ہمیشہ سمجھتا رہے۔ آپؐ کی اور آپؐ کی امت کی مثال اس طرح ہے کہ ایک بادشاہ نے ایک بڑا مکان بنایا۔ پھر اس میں ایک گھر بنایا پھر وہاں ایک دستر خوان لگوا کر ایک قاصد کو بھیجا کہ لوگوں کو کھانے کی دعوت دے چنانچہ بعض نے اس کی قبول کی اور بعض نے دعوت قبول نہیں کی۔ یعنی اللہ تعالیٰ بادشاہ ہیں وہ بڑا مکان اسلام ہے اور اسکے اندر والا گھر جنت ہے اور آپؐ اے محمد ﷺ پیغمبر (رسول) ہیں۔ جس نے آپؐ کی دعوت قبول کی اسلام میں داخل ہوا۔ جو اسلام میں داخل ہوا وہ جنت میں داخل ہو گیا اور جو جنت میں داخل ہو گیا اس نے اس میں موجود چیزیں کھالیں۔ یہ حدیث مرسل ہے اس لیے کہ سعید بن ابی ہلال نے جابر بن عبداللہ کو نہیں پایا۔ اس باب میں ابن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس کے علاوہ اور سند سے بھی منقول ہے۔ وہ سند اس سے زیادہ صحیح ہے۔

١٧٧: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ اَبِیْ تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِیِّ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَآءَ ثُمَّ انْصَرَفَ فَاَخَذَ بِيَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ حَتّٰى اِذَا خَرَجَ بِهٖ اِلٰى بَطْحَآءِ مَكَّةَ فَاَجْلَسَهٗ ثُمَّ خَطَّ عَلَيْهِ خَطًّا ثُمَّ قَالَ لَا تَبْرَ حَنَّ خَطَّکَ فَاِنَّهٗ سَيَنْتَهِیْ اِلَيْکَ رِجَالٌ فَلَاتُكَلِّمْهُمْ فَاِنَّهُمْ لَنْ يُّكَلِّمُوْکَ ثُمَّ مَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ اَرَادَ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ فِیْ خَطِّیْ اِذْ اَتَانِیْ رِجَالٌ كَاَنَّهُمُ الزُّطُّ اَشْعَارُهُمْ وَاَجْسَامُهُمْ لَا

١٧٧: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ عشاء کی نماز پڑھی اور عبداللہ بن مسعودؓ کا ہاتھ پکڑ کر بطحاء کی طرف نکل گئے۔ وہاں پہنچ کر انہیں بٹھایا اور ان کے گرد ایک خط (لکیر) کھینچ کر فرمایا: تم اس خط سے باہر نہ نکلنا۔ تمہارے پاس کچھ لوگ آئیں گے تم ان سے بات نہ کرنا (اگر تم نہیں کرو گے) تو وہ بھی تم سے بات نہیں کریں گے۔ پھر آپ ﷺ نے جہاں کا ارادہ کیا تھا چلے گئے۔ میں وہیں بیٹھا ہوا تھا کہ میرے پاس کچھ لوگ (یعنی جنّ) آئے گویا کہ وہ جاٹ ہیں۔ ان کے بال اور بدن نہ تو میں ننگے دیکھتا تھا اور نہ ہی ڈھکے ہوئے۔ وہ میری طرف آئے لیکن اس خط (لکیر) سے تجاوز نہ کر سکتے۔ پھر نبی

اَرٰی عَوْرَۃً وَّلَا اَرٰی قِشْرًا اَوْيَنْتَهُوْنَ اِلَیَّ وَلَا يُجَاوِزُوْنَ الْخَطَّ ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اِذَا كَانَ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ لٰكِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَآءَ نِیْ وَاَنَا جَالِسٌ فَقَالَ قَدْ اُرَانِیْ مُنْذُ اللَّيْلَةَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَیَّ فِیْ خَطِّیْ فَتَوَسَّدَ فَخِذِیْ وَرَقَدَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَقَدَ نَفَخَ فَبَيْنَا اَنَا قَاعِدٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَسِّدٌ فَخِذِیْ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلَيْهِمْ ثِيَابٌ بِيْضٌ اَللّٰهُ اَعْلَمُ مَا بِهِمْ مِنَ الْجَمَالِ فَانْتَهَوْا اِلَیَّ فَجَلَسَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رِجْلَيْهِ ثُمَّ قَالُوْا بَيْنَهُمْ مَا رَاَيْنَا عَبْدًا قَطُّ اُوْتِیَ مِثْلَ مَا اُوْتِیَ هٰذَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عَيْنَيْهِ تَنَامَانِ وَقَلْبُهٗ يَقْظَانُ اِضْرِبُوْا لَهٗ مَثَلًا مَثَلُ سَيِّدٍ بَنٰی قَصْرًا ثُمَّ جَعَلَ مَائِدَةً فَدَعَا النَّاسَ اِلٰی طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ فَمَنْ اَجَابَهٗ اَكَلَ مِنْ طَعَامِهٖ وَشَرِبَ مِنْ شَرَابِهٖ وَمَنْ لَّمْ يُجِبْهُ عَاقَبَهٗ اَوْ قَالَ عَذَّبَهٗ ثُمَّ ارْتَفَعُوْا وَاسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتَ مَا قَالَ هٰٓؤُلَآءِ وَهَلْ تَدْرِیْ مَنْ هُمْ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ فَتَدْرِیْ مَا الْمَثَلُ الَّذِیْ ضَرَبُوْهُ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ الْمَثَلُ الَّذِیْ ضَرَبُوْهُ الرَّحْمٰنُ بَنَی الْجَنَّةَ وَدَعَا اِلَيْهَا عِبَادَهٗ فَمَنْ اَجَابَهٗ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ لَّمْ يُجِبْهُ عَاقَبَهٗ اَوْ عَذَّبَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ تَمِيْمَةَ اِسْمُهٗ طَرِيْفُ بْنُ مُجَالِدٍ وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِیُّ اِسْمُهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مِلٍّ وَسُلَيْمَانُ التَّيْمِیُّ وَهُوَ ابْنُ طَرْخَانَ وَاِنَّمَا كَانَ يَنْزِلُ بَنِیْ تَمِيْمٍ فَنُسِبَ اِلَيْهِمْ قَالَ عَلِیٌّ قَالَ يَحْيٰی بْنُ سَعِيْدٍ مَارَاَيْتُ

اکرم ﷺ کی طرف جاتے۔ یہاں تک کہ رات کا آخری حصہ ہوگیا۔ پھر نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ میں پوری رات نہیں سوسکا۔ پھر میرے خط میں داخل ہوئے اور میری ران کو تکیہ بنا کر لیٹ گئے۔ آپ ﷺ جب سوتے تو خراٹے لینے لگتے میں اسی حال میں تھا اور نبی اکرم ﷺ میری ران پر سر رکھے سو رہے تھے کہ کچھ لوگ آئے جنہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ ان کے حسن و جمال کو اللہ ہی جانتا ہے۔ وہ لوگ مجھ تک آئے پھر ایک جماعت آپ ﷺ کے سرہانے بیٹھ گئی اور دوسری آپ ﷺ کے پاؤں کے پاس۔ پھر کہنے لگے: ہم نے کوئی بندہ ایسا نہیں دیکھا جسے وہ کچھ دیا گیا ہو۔ جو اس نبی ﷺ کو عطاء کیا گیا ہے۔ ان کی آنکھیں سوتی ہیں اور دل جاگتا رہتا ہے۔ ان کے لیے مثال بیان کرو۔ ان کی مثال ایک سردار جیسی ہے جس نے محل بنایا اور اس میں دسترخوان لگوا کر لوگوں کو کھانے پینے کے لیے بلایا۔ پھر جس نے اس کی دعوت قبول کی اس نے کھایا پیا اور جس نے دعوت قبول نہیں کی اس نے اسے سزا دی یا فرمایا عذاب دیا۔ پھر وہ لوگ اٹھ گئے اور نبی اکرم ﷺ جاگ گئے۔ اور فرمایا تم نے سنا ان لوگوں نے کیا کہا۔ جانتے ہو یہ کون تھے؟ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ فرشتے تھے۔ جو مثال انہوں نے بیان کی جانتے ہو وہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا انہوں نے جو مثال دی وہ یہ ہے کہ رحمٰن نے جنت بنائی اور لوگوں کو بلایا۔ جس نے اس کی دعوت قبول کی وہ جنت میں داخل ہوگیا اور جس نے انکار کیا اسے عذاب دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ابوتمیمہ کا نام طریف بن مجالد ہے۔ ابوعثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بن مل ہے۔ سلیمان تیمی، ابن طرخان ہیں۔ وہ قبیلہ بنی تمیم میں جایا کرتے تھے۔ اس لئے تیمی مشہور ہوگئے۔ علی، یحییٰ بن سعید کا قول نقل کرتے ہیں۔ کہ میں نے کسی کو سلیمان سے زیادہ اللہ سے ڈرتے

اَخْوَفُ لِلّٰهِ مِنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ.

ہوئے نہیں دیکھا۔

۳۴۷: بَابُ مَاجَاءَ مَثَلِ النَّبِيِّ وَالْاَنْبِيَآءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ

۳۴۷: باب نبی اکرم ﷺ اور تمام انبیاء کی مثال

۷۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ نَا سَلِيْمُ بْنُ حَيَّانَ نَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَآءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْاَنْبِيَآءِ كَرَجُلٍ بَنٰى دَارًا فَاَكْمَلَهَا وَ اَحْسَنَهَا اِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَهَا وَيَتَعَجَّبُوْنَ مِنْهَا وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۷۷۲: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری اور دوسرے انبیاء کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے ایک گھر بنایا اور اسے اچھی طرح مکمل کر کے اس کی تزئین و آرائش کی لیکن ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ چنانچہ لوگ اس میں داخل ہوتے اور تعجب کرتے ہوئے کہتے کہ کاش یہ جگہ خالی نہ ہوتی[1] اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابی بن کعبؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۳۴۸: بَابُ مَاجَاءَ مَثَلِ الصَّلٰوةِ وَالصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ

۳۴۸: باب نماز، روزے اور صدقے کی مثال کے متعلق

۷۷۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ نَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ اَنَّ اَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ اَنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ يَعْمَلَ بِهَا وَيَاْمُرَ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اَنْ يَعْمَلُوْا بِهَا وَاِنَّهُ كَادَ اَنْ يُبْطِئَ بِهَا فَقَالَ عِيْسٰى اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَكَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ لِتَعْمَلَ بِهَا وَتَاْمُرَ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَنْ يَعْمَلُوْا بِهَا فَاِمَّا اَنْ تَاْمُرَهُمْ وَاِمَّا اَنْ اٰمُرَهُمْ فَقَالَ يَحْيٰى اَخْشٰى اَنْ سَبَقْتَنِيْ بِهَا اَنْ يُخْسَفَ بِيْ اَوْ اُعَذَّبَ فَجَمَعَ النَّاسَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَامْتَلَاَ وَقَعَدُوْا عَلَى الشُّرَفِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ

۷۷۳: حضرت حارث اشعریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یحییٰ علیہ السلام کو پانچ چیزوں کا حکم دیا کہ خود بھی ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی حکم دیں کہ ان پر عمل پیرا ہوں۔ لیکن یحییٰ علیہ السلام نے انہیں پہنچانے میں تاخیر کی تو عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پانچ چیزوں پر عمل کرنے اور بنو اسرائیل سے ان پر عمل کرانے کا حکم دیا ہے یا تو آپ انہیں حکم دیجئے ورنہ میں حکم دیتا ہوں۔ یحییٰ علیہ السلام نے کہا: مجھے اندیشہ ہے کہ اگر آپ انہیں پہنچانے میں سبقت لے گئے تو مجھے دھنسایا جائے گا یا عذاب دیا جائے گا۔ پھر انہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا۔ یہاں تک کہ وہ جگہ بھر گئی اور لوگ اونچی جگہوں پر بیٹھ گئے۔ پھر حضرت یحییٰ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ چیزوں کا حکم دیا ہے کہ خود بھی

---

[1] : اینٹ سے مراد نبی اکرم ﷺ ہیں جیسے کہ صحیحین کی روایت میں بھی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا وہ اینٹ میں ہی ہوں۔ مجھ سے ہی وہ عمارت مکمل ہوئی اور انبیاء کا خاتمہ ہوا۔ چنانچہ میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں ہی آخری نبی ہوں (مترجم)

اَعْمَلَ بِهِنَّ وَاٰمُرَكُمْ اَنْ تَعْمَلُوْا بِهِنَّ اَوَّلُهُنَّ اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَاِنَّ مَثَلَ مَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرٰى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهٖ بِذَهَبٍ اَوْوَرِقٍ فَقَالَ هٰذِهٖ دَارِىْ وَهٰذَا عَمَلِىْ فَاعْمَلْ وَاَدِّ اِلَىَّ فَكَانَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّىْ اِلٰى غَيْرِ سَيِّدِهٖ فَاَيُّكُمْ يَرْضٰى اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدُهٗ كَذٰلِكَ وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَكُمْ بِالصَّلٰوةِ فَاِذَا صَلَّيْتُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ يَنْصِبُ وَجْهَهٗ لِوَجْهِ عَبْدِهٖ فِىْ صَلٰوتِهٖ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ وَاٰمُرُكُمْ بِالصِّيَامِ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ فِىْ عِصَابَةٍ مَّعَهٗ صُرَّةٌ فِيْهَا مِسْكٌ فَكُلُّهُمْ يُعْجَبُ اَوْيُعْجِبُهٗ رِيْحُهَا وَاِنَّ رِيْحَ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَاٰمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ اَسَرَهُ الْعَدُوُّ فَاَوْثَقُوْا يَدَهٗ اِلٰى عُنُقِهٖ وَقَدَّمُوْهُ لِيَضْرِبُوْا عُنُقَهٗ فَقَالَ اَنَا اَفْدِيْهِ مِنْكُمْ بِالْقَلِيْلِ وَالْكَثِيْرِ فَفَدٰى نَفْسَهٗ مِنْهُمْ وَاٰمُرُكُمْ اَنْ تَذْكُرُوا اللّٰهَ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ خَرَجَ الْعَدُوُّ فِىْ اَثَرِهٖ سِرَاعًا حَتّٰى اِذَا اَتٰى عَلٰى حِصْنٍ حَصِيْنٍ فَاَحْرَزَ نَفْسَهٗ مِنْهُمْ كَذٰلِكَ الْعَبْدُ لَا يُحْرِزُ نَفْسَهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ اِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اٰمُرُكُمْ بِخَمْسٍ اَللّٰهُ اَمَرَنِىْ بِهِنَّ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْجِهَادِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجَمَاعَةِ فَاِنَّهٗ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ اِلَّا اَنْ يَرْجِعَ وَمَنِ ادَّعٰى دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَاِنَّهٗ مِنْ جُثٰى جَهَنَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَاِنْ صَلّٰى وَصَامَ فَقَالَ اِنْ صَلّٰى وَصَامَ فَادْعُوْا بِدَعْوَى اللّٰهِ الَّذِىْ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ عِبَادَ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْحَارِثُ الْاَشْعَرِىُّ لَهٗ صُحْبَةٌ وَلَهٗ غَيْرُ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

ان پر عمل کروں اور تم لوگوں کو بھی ان پر عمل کرنے کا حکم دوں۔(۱) تم صرف اللہ ہی کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے اسکی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے خالصتاً اپنے سونے چاندی کے مال سے کوئی غلام خریدا اور اسے کہا کہ یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا پیشہ ہے۔لہٰذا اسے اختیار کرو اور مجھے کما کر دو لیکن وہ کام کرتا اور اس کا منافع کسی اور کو دے دیتا۔ چنانچہ تم میں سے کون اس بات پر راضی ہے کہ اس کا غلام اس طرح کا ہو(۲) اللہ تعالیٰ نے تمہیں نماز کا حکم دیا۔لہٰذا جب تم نماز پڑھو تو کسی اور جانب توجہ نہ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے نماز پڑھنے والے بندے کی طرف متوجہ ہوتا ہے جب وہ نماز پڑھتے ہوئے ادھر ادھر متوجہ نہ ہو۔(۳) اور میں تمہیں روزے رکھنے کا حکم دیتا ہوں۔اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو ایک گروہ کے ساتھ ہے اس کے پاس مشک سے بھری ہوئی تھیلی ہے جس کی خوشبو اس کو بھی پسند ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی۔ چنانچہ روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک اس مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے۔(۴) میں تمہیں صدقہ دینے کا حکم دیتا ہوں۔اسکی مثال ایسے شخص کی سی ہے جو دشمن کی قید میں چلا جائے اور وہ لوگ اسکے ہاتھ گردن کے ساتھ باندھ کر اسے قتل کرنے کے لیے لے کر چل دیں جب وہ اس کی گردن اتارنے لگیں تو وہ کہے کہ میں تم لوگوں کو کچھ تھوڑا یا زیادہ جو میرے پاس ہے اسے بطور فدیہ دیتا ہوں۔ چنانچہ وہ انہیں فدیہ دے کر اپنی جان چھڑا لے۔(۵)۔ میں تمہیں اللہ کے ذکر کی تلقین کرتا ہوں اسکی مثال اس شخص کی سی ہے جس کے دشمن اسکے تعاقب میں ہوں اور وہ بھاگ کر ایک قلعے میں گھس جائے اور ان لوگوں سے اپنی جان بچا لے۔اسی طرح کوئی بندہ خود کو شیطان سے اللہ کے ذکر کے علاوہ کسی چیز سے نہیں بچا سکتا۔پھر نبی کرام ﷺ نے فرمایا: اور میں بھی تم لوگوں کو پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں۔جن کا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے۔(۱)۔بات سننا (۲) اطاعت کرنا

(۳) جہاد کرنا (۴) ہجرت کرنا (۵) مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ منسلک رہنا۔ اس لیے کہ جو جماعت سے ایک بالشت کے برابر بھی الگ ہوا اس نے اپنی گردن سے اسلام کی رسّی نکال دی مگر یہ کہ وہ دوبارہ جماعت سے مل جائے۔ جس نے زمانہ جاہلیت والی برائیوں کی طرف لوگوں کو بلایا وہ جہنم کا ایندھن ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا۔ اگر چہ اس نے نماز پڑھی اور روزے رکھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں" لہٰذا لوگوں کو اللہ کی طرف بلاؤ جس نے تمہارا نام مسلمان، مؤمن اور اللہ کا بندہ رکھا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ کہتے ہیں کہ حارث اشعری صحابی ہیں۔ اور ان سے دیگر روایات بھی مروی ہیں۔

۷۷۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْدَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ زَيْدِبْنِ سَلَّامٍ عَنْ اَبِيْ سَلَّامٍ عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ سَلَّامٍ اِسْمُهُ مَمْطُوْرٌ وَقَدْرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ.

۷۷۴: محمد بن بشار بھی ابو داؤد طیالسی سے وہ ابان بن یزید سے وہ یحیٰی سے وہ زید بن سلام سے وہ ابو سلام سے وہ حارث اشعری سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے معنی حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو اسلام کا نام ممطور ہے۔ علی بن مبارک یہ حدیث یحیٰی بن کثیر سے نقل کرتے ہیں۔

خلاصۃ الابواب: (۱) معلم امت فخر کائنات ﷺ نے کتنے سادہ اور دلنشین انداز میں صراط مستقیم کی مثال پیش فرمائی اور اس مضمون کو قرآن پاک میں جابجا بیان کیا گیا کہ ہدایت صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے اگر کوئی ہستی کے اختیار میں ہدایت ہوتی تو وہ حضور ﷺ ہو سکتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو بھی ارشاد فرما دیا اِنَّکَ لَا تَهْدِی مَن اَحْبَبْتَ ولکنّ الله یهدی مَن یَّشاءُ کہ آپ ﷺ اپنے پیاروں میں سے کسی کو ہدایت عطا نہیں کر سکتے مگر اللہ تعالیٰ جسے چاہے دیدے (۲) نبی کریم ﷺ کی نبوت و رسالت کو ایک عمدہ اور بہترین مثال سے واضح کر دیا۔ سچ ہے کہ جس نے آنحضرت ﷺ کی دعوت کو قبول کیا اور آپ ﷺ پر ایمان لایا وہ جنت کا مستحق ہو گیا (۳) ان مثالوں سے واضح ہوا کہ نماز میں بندہ اللہ تعالیٰ سے مناجات کرتا ہے اس لئے ایسی مناجات اور ہمکلامی ہو کہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اور صدقہ کے ذریعہ سے جہنم کی آگ سے نجات ملتی ہے جس طرح کوئی آدمی اپنے غلام کو اپنی طرف سے کھلائے پلائے اور یہ چاہے کہ یہ غلام میرے ہی کام کرے لیکن غلام اتنا نالائق ہو کہ اپنے مالک کے سوا دوسرے لوگوں پر اپنی کمائی خرچ کر دیا کرے یا ان کی خدمت کرے تو اس کا مالک و آقا اس سے ناراض ہو جاتا ہے اس طرح اللہ تعالیٰ بھی بہت سخت ناراض ہوتے ہیں اس بات سے کہ کوئی بندہ غیر خدا سے اپنی حاجت طلب کرے یا غیر خدا کی نذر و منت مانے بہت ہی اچھی مثالوں سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے پیغمبروں نے سمجھایا ہے۔

۳۴۹: بَابُ مَاجَاءَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَارِئِ لِلْقُرْاٰنِ وَغَيْرِ الْقَارِئِ

۳۴۹: باب قرآن پڑھنے اور قرآن نہ پڑھنے والے مؤمن کی مثال

۷۷۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْاُتْرُنْجَةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ وَمَثَلُ

۷۷۵: حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھنے والے مؤمن کی مثال ترنج (سنگترے) کی سی ہے کہ اسکی خوشبو بھی اچھی اور ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے۔ اور جو مؤمن قرآن نہیں پڑھتا اسکی مثال کھجور کی سی

الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ لَا رِیْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ وَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الرَّیْحَانَةِ رِیْحُهَا طَیِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ رِیْحُهَا مُرٌّ وَطَعْمُهَا مُرٌّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ اَیْضًا.

ہے جس کی خوشبو نہیں ہوتی لیکن ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔ پھر قرآن پڑھنے والے منافق کی مثال ریحان کی طرح ہے۔ کہ اس میں خوشبو تو ہوتی ہے لیکن وہ کڑوا ہوتا ہے۔ اور قرآن نہ پڑھنے والے منافق کی مثال حنظل کی طرح ہے جس کی خوشبو بھی کڑوی ہوتی ہے اور ذائقہ بھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ بھی اسے قتادہ سے نقل کرتے ہیں۔

۷۷۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّیَاحُ تُفَیِّئُهُ وَلَا یَزَالُ الْمُؤْمِنُ یُصِیْبُهُ بَلَاءٌ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْاَرْزِ لَا تَهْتَزُّ حَتّٰی تُسْتَحْصَدَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۷۷۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کی مثال کھیتی کی مانند ہے کہ ہوا اسے ہمیشہ جھکاتی رہتی ہے۔ کبھی دائیں کبھی بائیں۔ پھر مؤمن ہمیشہ آزمائش میں رہتا ہے۔ منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی سی ہے کہ کبھی نہیں ہلتا یہاں تک کہ جڑ سے کاٹ دیا جائے۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۷۷: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰی نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لَا یَسْقُطُ وَرَقُهَا وَهِیَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ حَدِّثُوْنِیْ مَاهِیَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَوَقَعَ النَّاسُ فِیْ شَجَرِ الْبَوَادِیْ وَوَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هِیَ فَاسْتَحْیَیْتُ یَعْنِیْ اَنْ اَقُوْلَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَحَدَّثْتُ عُمَرَ بِالَّذِیْ وَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ فَقَالَ لَاَنْ تَكُوْنَ قُلْتَهَا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَّكُوْنَ لِیْ كَذَا وَكَذَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۷۷۷: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا درختوں میں سے ایک ایسا درخت بھی ہے کہ موسم خزاں میں بھی اس کے پتے نہیں جھڑتے اور وہ مؤمن کی طرح ہے۔ مجھے بتاؤ کہ وہ کونسا درخت ہے۔ عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ لوگ جنگل کے درختوں کے متعلق سوچنے لگے لیکن میرے دل میں خیال آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہوسکتا ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ مجھے چھوٹا ہونے کی وجہ سے کہتے ہوئے شرم آرہی تھی۔ پھر میں نے اپنے والد حضرت عمرؓ سے اپنے دل میں آنے والے خیال کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: اگر تم نے کہہ دیا ہوتا تو یہ میرے لیے ایسا ایسا مال ہونے کے مقابلے میں زیادہ محبوب تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۵۰: بَابُ مَاجَاءَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ

۳۵۰: باب پانچ نمازوں کی مثال

۷۷۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ

۷۷۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرَاَيْتُمْ لَوْاَنَّ نَهْرًابِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ هَلْ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَیْءٌ قَالُوْا لَا يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَیْءٌ قَالَ فَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُوا اللّٰهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ الْقُرَشِیُّ عَنِ ابْنِ الْهَادِ نَحْوَهُ.

نے فرمایا: دیکھو اگر کسی کے دروازے پر ایک نہر بہتی ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر میل باقی رہ جائے گی۔ عرض کیا گیا۔ نہیں بالکل نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی طرح پانچوں نمازوں کی بھی مثال ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ قتیبہ اس حدیث کو بکر بن مضر سے اور وہ ابن ہاد سے اس کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۳۵۱: بَابٌ

۷۷۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى الْاَبَحُّ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ اُمَّتِیْ مَثَلُ الْمَطَرِ لَا يُدْرٰی اَوَّلُهٗ خَيْرٌ اَمْ اٰخِرُهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَمَّارٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَيُرْوٰی عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِیِّ اَنَّهٗ كَانَ يُثَبِّتُ حَمَّادَ بْنِ يَحْيَى الْاَبَحَّ وَكَانَ يَقُوْلُ هُوَ مِنْ شُيُوْخِنَا.

۳۵۱: باب

۷۷۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت کی مثال بارش کی طرح ہے۔ کہ معلوم نہیں کہ اس کے شروع میں بھلائی ہے یا آخر میں۔ اس باب میں حضرت عمارؓ، عبداللہ بن عمروؓ، اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ عبدالرحمٰن بن مہدی، حماد بن یحییٰ کو ثبت کہتے ہیں۔ اور انہیں اپنے اساتذہ میں شمار کرتے ہیں۔

خلاصۃ الابواب : یہ فرق ایمان کامل اور ناقص کی وجہ سے ہے کامل ایمان والا شخص جب قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے اس کو ترنجہ کی تشبیہ دی ہے اسلئے کہ ترنجہ بہترین پھل ہے ظاہر و باطن دونوں لحاظ سے تو ایمان کی بدولت اس کی تلاوت کا اثر ظاہر و باطن دونوں پر ہوتا ہے۔ منافق قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے ظاہر تو خوشنما ہوتا ہے لیکن قلب و باطن خراب و بدمزہ ہوتا ہے یعنی اس کی تلاوت کا اثر قلب پر نہیں ہوتا۔ علیٰ ھذا القیاس جو شخص ایمان والا تو ہوتا ہے لیکن تلاوت نہیں کرتا ایسے آدمی کو ایمان تو فائدہ دیتا ہے لیکن اس کا ظاہر کوئی اچھا نہیں ہوتا اس طرح منافق جو قرآن مجید نہیں پڑھتا اس کا ظاہر و باطن دونوں خراب ہیں جس طرح حنظل کا پھل ہے اور حضور ﷺ نے مؤمن کو کھجور کے درخت کے ساتھ تشبیہ دی ہے جس طرح اس درخت کے پتے نہیں جھڑتے اس طرح مؤمن شخص کے ایمان پر فتنوں اور مسائب کا کوئی اثر نہیں ہوتا اس کا ایمان پختہ اور غیر متزلزل ہوتا ہے (۲) جو شخص ایسی نہر کے پانی سے غسل کرے جو اس کے دروازے پر ہو اور پانی بھی صاف اور شفاف ہو تو اس کے جسم پر کسی قسم کی میل کچیل باقی نہیں رہتی ایسے ہی پانچ نمازوں کی تاثیر ہے کہ گناہ باقی نہیں رہتے بشرطیکہ بندہ نماز کے بعد اپنے آپ کو گناہوں کی آلودگی سے نہ گندہ کرے۔

۳۵۲: بَابُ مَاجَاءَ مَثَلِ ابْنِ اٰدَمَ وَاَجَلِهٖ وَاَمَلِهٖ

۷۸۰: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى نَا بَشِيْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَامَثَلُ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ وَرَمٰى بِحصَاتَيْنِ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هَذَاکَ الْاَمَلُ وَهٰذَا الْاَ جَلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۷۸۱: حَدَّثَنَاالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا النَّاسُ كَاِبِلٍ مِائَةٍ لَا يَجِدُ الرَّجُلُ فِيْهَا رَاحِلَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۸۲: حَدَّثَنَاسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِ سْنَادِ نَحْوَهٗ وَقَالَ لَا تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا النَّاسُ كَاِبِلٍ مِائَةٍ لَا تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً اَوْ لَا تَجِدُ فِيْهَا اِلَّا رَاحِلَةً.

۷۸۳: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُبْنُ سَعِيْدٍ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَ عْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا مَثَلِىْ وَمَثَلُ اُمَّتِىْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اِسْتَوْقَدَنَارًا فَجَعَلَتِ الدَّوَابُّ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيْهَا فَاَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِكُمْ وَاَنْتُمْ تَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۸۴: حَدَّثَنَااِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَ نْصَارِىُّ نَا مَعْنٌ نَامَالِکٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَجَلُكُمْ فِيْمَا خَلَامِنَ الْاُ مَمِ كَمَابَيْنَ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ وَ

۳۵۲: باب انسان اسکی موت اور امید کی مثال

۷۸۰: حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ اس کی اور اسکی کیا مثال ہے اور دو کنکر یاں پھینکیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ امید ہے اور یہ موت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۷۸۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کی مثال اس طرح ہے کہ کسی کے پاس سو اونٹ ہوں لیکن ان میں سے ایک بھی سواری کے قابل نہ ہو۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۸۲: ہم سے روایت کی سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی نے سفیان کے حوالے سے اور وہ زہری سے اس سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں اور فرمایا کہ تم ان میں ایک کو بھی سواری کے قابل نہ پاؤ گے۔ سالم حضرت ابن عمرؓ سے راوی ہیں کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا: لوگ ان سو اونٹوں کی طرح ہیں جن میں تمہیں ایک بھی سواری کے قابل نہ ملے یا فرمایا ایک آدھ سواری کے قابل مل جائیگا۔

۷۸۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ میری اور میری امت کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ سلگائی۔ چنانچہ کیڑے مکوڑے اور پروانے اس پر گرنے لگیں۔ چنانچہ میں پیچھے کی طرف گھسیٹ کر تمہیں بچانے کی کوشش کر رہا ہوں اور تم ہو کہ آگے بڑھ کر اس میں گرتے چلے جا رہے ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۸۴: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں کی عمریں پہلی امتوں کے مقابلے میں ایسی ہیں جیسے عصر سے غروب آفتاب تک کا وقت۔ پھر تمہاری اور یہود و انصاریٰ کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے کئی مزدوروں کو کام پر لگایا

اِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارىٰ كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالاً فَقَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِيْ اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَّعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ فَعَمِلَتِ النَّصَارىٰ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ فَغَضِبَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارىٰ قَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ عَمَلاً وَاَقَلُّ عَطَاءً فَقَالَ هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا قَالُوْا لاَ قَالَ فَاِنَّهٗ فَضْلِيْ اُوْتِيْهِ مَنْ اَشَآءُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اوران سے کہا کہ کون میرے لئے دوپہر تک ایک قیراط کے عوض میں کام کرے گا۔ چنانچہ یہودیوں نے ایک ایک قیراط کے بدلے کام کیا۔ پھراس نے کہا کہ کون ایک قیراط کے عوض دوپہر سے عصر تک کام کرے گا۔ چنانچہ نصاریٰ نے اس وقت کام کیا۔ پھراب تم لوگ عصر سے غروب آفتاب تک دودو قیراط کے عوض کام کرتے ہو۔ جس پر یہودونصاریٰ غصے میں آ گئے اور کہنے لگے کہ ہم کام زیادہ کرتے ہیں اور معاوضہ کم دیا جاتا ہے۔ پھروہ شخص کہتا ہے کہ کیا میں نے تم لوگوں کے حق میں سے کچھ رکھ لیا اور تم پر ظلم کیا؟ وہ کہتے ہیں ''نہیں'' تو وہ کہتا ہے کہ پھر یہ میرا فضل ہے میں جسے چاہتا ہوں عطا کرتا ہوں[1]۔

خلاصۃ الباب : اس باب میں دو چیزوں کا بیان ہے (۱) حضور ﷺ پکاریں تو اس کا جواب دینا ضروری ہے اس حدیث کی بنا پر بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے حکم کی اطاعت سے نماز میں جو کام بھی کریں اس سے نماز میں خلل نہیں ہوتا اور بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ اگرچہ خلافِ نماز افعال سے نماز ٹوٹ جائے گی اور اس کے بعد میں نماز کی قضاء کرنا پڑے گی لیکن کرنا یہی چاہئے کہ جب رسول اللہ ﷺ کسی کو بلائیں اور وہ نماز میں بھی ہو تو نماز قطع کر کے تعمیل حکم کرے یہ صورت تو صرف حضور ﷺ کے ساتھ خاص ہے لیکن ایسے کام جن میں تاخیر کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ ہو اس وقت بھی نماز قطع کر دینا پھر قضاء کر لینا چاہئے جیسے کوئی نمازی یہ دیکھے کہ نابینا آدمی کنویں یا گڑھے کے قریب پہنچ کر گرا جاتا ہے تو فوراً نماز توڑ کر اس کو بچانا چاہئے (۲) سورۂ فاتحہ کی فضیلت ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایسی سورت گذشتہ کتابوں میں نازل نہیں ہوئی اس سورۃ میں بہت مضامین و معارف ہیں سارے قرآن مجید کا نچوڑ اور خلاصہ اس سورت میں ہے۔

---

[1]: اس حدیث کا مقصد یہ ہے کہ اسکی امت کی عمریں بھی چھوٹی ہیں اور عمل بھی قلیل ہے لیکن اجر زیادہ ہے اور وہ اس کا فضل ہے۔ (مترجم)

اَبْوَابُ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قرآن کے فضائل کے متعلق
نبی اکرم ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۳۵۳: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

۷۸۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اُبَيُّ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَالْتَفَتَ اُبَيٌّ فَلَمْ يُجِبْهُ وَصَلّٰى اُبَيٌّ فَخَفَّفَ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ مَا مَنَعَكَ يَا اُبَيُّ اَنْ تُجِيْبَنِيْ اِذْ دَعَوْتُكَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ اَفَلَمْ تَجِدْ فِيْمَا اَوْحَى اللّٰهُ اِلَيَّ اَنْ (اِسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ) قَالَ بَلٰى وَلَا اَعُوْدُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ قَالَ اَتُحِبُّ اَنْ اُعَلِّمَكَ سُوْرَةً لَمْ يُنْزَلْ فِي التَّوْرٰةِ وَلَا فِي الْاِنْجِيْلِ وَلَا فِي الزَّبُوْرِ وَلَا فِي الْقُرْاٰنِ مِثْلُهَا قَالَ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ تَقْرَأُ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ فَقَرَأَ اُمَّ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا اُنْزِلَتْ فِي التَّوْرٰةِ وَلَا فِي الْاِنْجِيْلِ وَلَا فِي الزَّبُوْرِ وَلَا فِي الْقُرْاٰنِ مِثْلُهَا وَاِنَّهَا سَبْعٌ مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ اُعْطِيْتُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ

۳۵۳: باب سورہ فاتحہ کی فضیلت

۷۸۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ ابی بن کعب کے پاس گئے اور انہیں پکارا۔ اے ابی۔ وہ نماز پڑھ رہے تھے ۔ انہوں نے آپؐ کی طرف دیکھا اور جواب نہیں دیا۔ پھر انہوں نے نماز مختصر کی اور آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر کہا ''السلام علیک یارسول اللہ'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''وعلیکم السلام'' اور پوچھا کہ تمہیں کس چیز نے مجھے جواب دینے سے روکا۔ عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا۔ کیا تم نے میرے اوپر نازل ہونے والی وحی میں یہ حکم نہیں پڑھا '' اِسْتَجِيْبُوْا......'' (یعنی جب تمہیں اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس چیز کیلئے پکاریں جو تمہیں زندگی بخشے تو انہیں جواب دو)۔ عرض کیا۔ جی ہاں۔ انشاء اللہ آئندہ ایسا نہیں ہوگا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو میں تمہیں ایسی سورت بتاؤں جو نہ تورات میں اتری ہے نہ انجیل میں نہ زبور میں اور نہ ہی قرآن میں اس جیسی کوئی سورت ہے۔ عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ۔ آپؐ نے فرمایا: نماز کس طرح پڑھتے ہو؟ انہوں نے ام القرآن (سورہ فاتحہ) پڑھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ تورات، زبور، انجیل حتی کہ قرآن میں بھی اس جیسی کوئی سورت نازل نہیں ہوئی۔ یہی سبع مثانی (سات دہرائی جانے والی آیتیں) ہے اور یہی قرآن عظیم ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں

مَالِكٍ.

حضرت انسؓ بن مالکؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۵۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَايَةِ الْكُرْسِيِّ

۳۵۴: باب سورہ بقرہ اور آیت الکرسی کی فضلیت کے متعلق

۷۸۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ مَقَابِرَ وَاِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ تُقْرَأُ الْبَقَرَةُ فِيْهِ لَا يَدْخُلُهُ الشَّيْطَانُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۸۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ۔ اور جس گھر میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے وہاں شیطان داخل نہیں ہوتا۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۸۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامٌ وَاِنَّ سَنَامَ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَفِيْهَا اٰيَةٌ هِيَ سَيِّدَةُ اٰيِ الْقُرْاٰنِ هِيَ اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ وَضَعَّفَهُ.

۷۸۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا ایک کوہان (یعنی بلندی) ہوتا ہے اور قرآن کا کوہان سورہ بقرہ ہے۔ اس میں ایک آیت ایسی بھی ہے جو قرآن کی تمام آیتوں کی سردار ہے۔ اور وہ آیت الکرسی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف حکیم بن جبیر کی روایت سے جانتے ہیں۔ شعبہ انہیں ضعیف کہتے ہیں۔

۷۸۸: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ اَبُوْ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ الْمَدِيْنِيُّ نَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُلَيْكِيِّ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ مُصْعَبٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حٰمٓ اَلْمُؤْمِنَ اِلٰى اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ وَاٰيَةَ الْكُرْسِيِّ حِيْنَ يُصْبِحُ حُفِظَ بِهِمَا حَتّٰى يُمْسِيَ وَمَنْ قَرَأَهُمَا حِيْنَ يُمْسِيْ حُفِظَ حَتّٰى يُصْبِحَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ الْمُلَيْكِيِّ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۷۸۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح کے وقت ''حٰمٓ اَلْمُؤْمِنَ اِلٰى اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ'' تک اور آیت الکرسی پڑھی تو آیات کی برکت سے اس کی شام تک حفاظت کی جائے گی اور جو شام کو پڑھے گا تو اس کی صبح تک حفاظت کی جائے گی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بعض علماء عبدالرحمٰن بن ابی بکر بن ابی ملیکہ الملیکی کے حافظے پر اعتراض کرتے ہیں۔

۷۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَخِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهٗ كَانَتْ لَهٗ سَهْوَةٌ فِيْهَا تَمْرٌ فَكَانَتْ تَجِيْءُ الْغُوْلُ فَتَأْخُذُ مِنْهُ فَشَكَا

۷۸۹: حضرت ابو ایوب انصاریؓ فرماتے ہیں کہ ان کے ہاں ایک طاق تھا جس میں کھجوریں تھیں ایک جنّنی آئی اور اس میں سے کھجوریں چرا لیتی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا: جاؤ اور جب وہ آئے تو کہنا بسم اللہ اور پھر کہنا کہ

ذٰلِکَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ اِذْهَبْ فَاِذَا رَاَیْتَهَا فَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَجِیْبِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فَاَخَذَهَا فَحَلَفَتْ اَنْ لَا تَعُوْدَ فَاَرْسَلَهَا فَجَآءَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ مَافَعَلَ اَسِیْرُکَ قَالَ حَلَفَتْ اَنْ لَا تَعُوْدَ قَالَ کَذَبَتْ وَهِیَ مُعَاوِدَةٌ لِلْکَذِبِ قَالَ فَاَخَذَهَا مَرَّةً اُخْرٰی فَحَلَفَتْ اَنْ لَّا تَعُوْدَ فَاَرْسَلَهَا فَجَآءَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ مَا فَعَلَ اَسِیْرُکَ قَالَ فَحَلَفَتْ اَنْ لَا تَعُوْدَ فَقَالَ کَذَبَتْ وَهِیَ مُعَاوِدَةٌ لِلْکَذِبِ فَاَخَذَ هَا فَقَالَ مَااَنَا بِتَارِکِکَ حَتّٰی اَذْهَبَ بِکِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّیْ ذَا کِرَةٌ لَکَ شَیْئًا اٰیَةَ الْکُرْسِیِّ اِقْرَأْهَا فِیْ بَیْتِکَ فَلَا یَقْرَبُکَ شَیْطَانٌ وَلَا غَیْرُهٗ فَجَآءَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ مَافَعَلَ اَسِیْرُکَ قَالَ فَاَخْبَرَهٗ بِمَا قَالَتْ صَدَقَتْ وَهِیَ کَذُوْبٌ هٰذَاحَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

اللہ اور رسول کے حکم کی تعمیل کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوایوبؓ نے اسے پکڑ لیا تو وہ جھوٹی قسم کھانے لگی کہ دوبارہ نہیں آئے گی۔ انہوں نے اسے چھوڑ دیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے پوچھا کہ تمہارے قیدی نے کیا کیا؟ عرض کیا اس نے قسم کھائی ہے کہ اب نہیں آئے گی۔ آپؐ نے فرمایا۔ اس نے جھوٹ بولا کیونکہ وہ جھوٹ کی عادی ہے۔ چنانچہ حضرت ابوایوبؓ نے اسے پکڑا تو اس نے پھر قسم کھائی اور ابوایوبؓ نے اسے دوبارہ چھوڑ دیا۔ پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے پوچھا تمہارے قیدی کا کیا ہوا؟ عرض کیا اس نے قسم کھائی ہے کہ اب نہیں آئے گی۔ آپ ﷺ فرمایا اس نے جھوٹ کہا کیونکہ وہ جھوٹ کی عادی ہے چنانچہ حضرت ابوایوبؓ نے پھر اسے پکڑا اور فرمایا میں تجھے نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لے جاؤں۔ اس نے کہا میں تمہیں ایک چیز بتاتی ہوں وہ یہ کہ تم گھر میں آیت الکرسی پڑھا کرو تو شیطان یا کوئی اور چیز تمہارے قریب نہیں آئے گی۔ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس کے قول کی خبر دی۔ آپؐ نے فرمایا۔ اس نے سچ کہا اگرچہ وہ جھوٹا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۷۹۰: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ نَا عَبْدُ الْحَمِیْدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلٰی اَبِیْ اَحْمَدَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا وَهُمْ ذُوْوَعَدَدٍ فَاسْتَقْرَأَهُمْ فَاسْتَقْرَأَ کُلَّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ یَعْنِیْ مَامَعَهٗ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَاَتٰی عَلٰی رَجُلٍ مِّنْهُمْ مِنْ اَحْدَثِهِمْ سِنًّا فَقَالَ مَامَعَکَ یَا فُلَانُ فَقَالَ مَعِیَ کَذَا وَکَذَا وَسُوْرَةُ الْبَقَرَةِ فَقَالَ اَمَعَکَ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ اِذْهَبْ فَاَنْتَ اَمِیْرُهُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَشْرَافِهِمْ وَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِیْ اَنْ اَتَعَلَّمَ الْبَقَرَةَ اِلَّا خَشْیَةَ اَنْ لَّا اَقُوْمَ بِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ فَاقْرَءُوْهُ فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَهٗ فَقَرَأَهٗ وَ قَامَ بِهٖ کَمَثَلِ جِرَابٍ

۷۹۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ ایک لشکر روانہ کیا۔ اس میں گنتی کے لوگ تھے۔ آپؐ نے ان سے قرآن پڑھنے کو کہا جسے جو یاد تھا پڑھا پھر آپؐ ان میں سے ایک کمسن (چھوٹی عمر والے شخص) کے پاس تشریف لائے اور فرمایا تمہیں کتنا قرآن یاد ہے۔ اس نے کہا کہ مجھے فلاں فلاں سورت اور سورہ بقرہ یاد ہے۔ آپؐ نے پوچھا تمہیں سورۃ بقرہ یاد ہے۔ اس نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر جاؤ تم ان کے امیر ہو۔ چنانچہ ان کے معززین میں سے ایک شخص نے کہا: اللہ کی قسم میں نے سورہ بقرہ محض اس لئے نہیں سیکھی کہ میں اسکے ساتھ (نماز میں) کھڑا نہ ہوسکوں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قرآن سیکھو اور پڑھو اس لیے کہ جس نے قرآن کو سیکھا اور پھر اسے تہجد وغیرہ میں پڑھا اسکی مثال ایک مشک سے بھری

مَحْشُوٍّ مِسْكًا يَفُوحُ رِيحُهُ فِي كُلِّ مَكَانٍ وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهُ فَيَرْقُدُ وَهُوَ فِي جَوْفِهِ كَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْكِيَ عَلٰى مِسْكٍ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعِيدٍ الْمُقْبُرِيِّ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلٰى اَبِي اَحْمَدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً نَحْوَهُ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلٰى اَبِي اَحْمَدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ.

ہوئی تھیلی کی سی ہے کہ اسکی خوشبو ہر جگہ پھیلتی رہتی ہے اور جس نے اسے یاد کیا اور پھر سو گیا تو وہ اس کے دل میں محفوظ ہے جیسے مشک کی تھیلی کو باندھ کر رکھ دیا گیا ہو۔ یہ حدیث حسن ہے اور اسے سعید مقبری بھی ابو احمد کے مولیٰ عطاء سے اور وہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مانند مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ قتیبہ اسے لیث بن سعد سے وہ سعید مقبری سے وہ عطاء سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنٰی مرسلاً نقل کرتے ہوئے ابو ہریرہؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ اس باب میں حضرت ابی بن کعبؓ سے بھی روایت ہے۔

۳۵۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

۳۵۵: باب سورہ بقرہ کی آخری آیات کی فضیلت

۷۹۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ ابْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْاٰيَتَيْنِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۷۹۱: حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات کے وقت سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھ لیں وہی اس کیلئے کافی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۹۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْمِيِّ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الْجَرْمِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَيْ عَامٍ اَنْزَلَ مِنْهُ اٰيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَلَا يُقْرَاٰنِ فِي دَارٍ ثَلَاثَ لَيَالٍ فَيَقْرَبُهَا شَيْطَانٌ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ.

۷۹۲: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے کتاب لکھی اس میں سے دو آیتیں نازل کر کے سورۂ بقرہ کو ختم کیا گیا۔ اگر یہ آیتیں کسی گھر میں تین رات تک پڑھی جائیں تو شیطان اس کے قریب بھی نہیں پھٹکتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۵۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ

۳۵۶: باب سورہ آل عمران کی فضیلت کے متعلق

۷۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ نَا هِشَامُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ اَبُوْ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَطَّارُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ حَدَّثَهُمْ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ نَوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۷۹۳: حضرت نواس بن سمعانؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ؐ نے فرمایا: (قیامت کے دن) قرآن اور اہل قرآن جو دنیا میں اس پر عمل کرتے تھے اس طرح آئیں گے کہ آگے سورۂ بقرہ اور پھر سورۂ آل عمران ہوگی۔ پھر نبی اکرمؐ نے ان دونوں سورتوں کی

وَسَلَّمَ قَالَ یَاْتِی الْقُرْاٰنُ وَاَھْلُهُ الَّذِیْ یَعْمَلُوْنَ بِهٖ فِی الدُّنْیَا تَقْدُمُهٗ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاٰلُ عِمْرَانَ قَالَ نَوَّاسٌ وَ ضَرَبَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ اَمْثَالٍ مَانَسِیْتُهُنَّ بَعْدُ قَالَ یَاْتِیَانِ کَاَنَّهُمَا غَیَایَتَانِ وَبَیْنَهُمَا شَرْقٌ اَوْکَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ سَوْدَاوَانِ اَوْ کَاَنَّهُمَا ظُلَّةٌ مِنْ طَیْرٍ صَوَافَّ تُجَادِلَانِ عَنْ صَاحِبِهِمَا وَفِی الْبَابِ عَنْ بُرَیْدَةَ وَاَبِیْ اُمَامَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَمَعْنٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ یَجِیْئُ ثَوَابُ قِرَاءَ تِهٖ کَذَا فَسَّرَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الْحَدِیْثَ وَمَا یُشْبِهُ هٰذَا مِنَ الْاَحَادِیْثِ اَنَّهٗ یَجِیْئُ ثَوَابُ قِرَاءَ ةِ الْقُرْاٰنِ وَفِیْ حَدِیْثِ نَوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَایَدُلُّ عَلٰی مَا فَسَّرُوْا اِذْقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَھْلُهُ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ بِهٖ فِی الدُّنْیَا فَفِیْ هٰذَا دِلَالَةٌ اَنَّهٗ یَجِیْئُ ثَوَابُ الْعَمَلِ وَاَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَاالْحُمَیْدِیُّ قَالَ قَالَ سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ فِیْ تَفْسِیْرِ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ سَمَاءٍ وَلَا اَرْضٍ اَعْظَمَ مِنْ اٰیَةِ الْکُرْسِیِّ قَالَ سُفْیَانُ لِاَنَّ اٰیَةَ الْکُرْسِیِّ هُوَ کَلَامُ اللّٰهِ وَکَلَامُ اللّٰهِ اَعْظَمُ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ مِنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ.

تین مثالیں بیان فرمائیں۔ میں اس کے بعد انہیں کبھی نہیں بھولا آپؐ نے فرمایا: وہ اس اس طرح آئیں گی گویا کہ وہ دو چھتریاں ہیں اور ان کے درمیان ایک روشنی ہے۔ یا اس طرح آئیں گی جیسے دو سیاہ بادل ہیں یا صف باندھے ہوئے پرندوں کی مانند اپنے ساتھی (یعنی پڑھنے والے) کی طرف سے شفاعت کرتے ہوئے آئیں گی۔ اس باب میں حضرت بریدہؓ اور ابوامامہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور بعض علماء کے نزدیک اس حدیث کے معنٰی یہ ہیں کہ سورتوں کے آنے سے مراد ان کا ثواب ہے۔ بعض اہل علم اس حدیث اور اس سے مشابہ احادیث کی یہی تفسیر کرتے ہیں۔ حضرت نواسؓ کی حدیث بھی اس پر دلالت کرتی ہے کہ قرآن کے آنے سے مراد اس پر عمل کرنے والوں کے اعمال کا اجر او ثواب ہے۔ امام بخاریؒ، حمیدی سے اور وہ سفیان بن عیینہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث کہ ''اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین میں آیت الکرسی سے بڑی کوئی چیز پیدا نہیں کی'' کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ آیت الکرسی اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور وہ اسکے پیدا کئے ہوئے آسمان و زمین سے بہت عظیم ہے۔

خلاصۃ الابواب: سورۂ بقرہ قرآن کریم کی سب سے بڑی سورت ہے اور مدینہ طیبہ میں پہلے اس کا نزول ہوا اور مختلف زمانوں میں مختلف آیتیں نازل ہوتی رہیں یہاں تک کہ ربا یعنی سود کے متعلق جو آیات ہیں وہ آنحضرت ﷺ کی آخری عمر میں فتح مکہ کے بعد نازل ہوئیں اور اس کی ایک آیت ۲۸۱ وَاتَّقُوا یَوماً تو قرآن کی بالکل آخری آیت ہے جو ۱۰ھ میں ۱۰ ذی الحجہ کو منٰی کے مقام پر نازل ہوئی جبکہ آنحضرت ﷺ حجۃ الوداع کے فرائض ادا کرنے میں مشغول تھے اور اس کے اسّی نوّے دن کے بعد آنحضرت ﷺ کی وفات ہوئی۔ پورے قرآن مجید کے مضامین اس میں موجود ہیں عقائد، احکام، عائلی قوانین، انتظامی امور یہ سارے مضامین پر مشتمل ہے اس کی تلاوت اور اس پر عمل کرنا دنیا و آخرت میں سرخروئی اور کامرانی کا سبب ہے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ سورۂ بقرہ کی دس آیات کسی مجنون پر پڑھی جائیں تو اس کو افاقہ ہو جائے گا اور اگر کوئی شخص ان کو رات میں پڑھ لے تو اس رات کو جن شیاطین گھر میں داخل نہیں ہوں گے اور اس کو اور اس کے اہل و عیال کو اس رات میں کوئی آفت، بیماری، رنج، وغم وغیرہ ناگوار چیز پیش نہ آئے گی۔ وہ دس آیتیں یہ ہیں چار آیتیں شروع بقرہ کی پھر تین آیتیں درمیانی یعنی آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں پھر آخری سورۂ بقرہ کی تین آیتیں (۲) سورۂ آل عمران کی فضیلت بھی زبان نبوت سے وارد ہوئی کہ جو شخص اس کی تلاوت کرتا ہے اور عمل کرتا ہے تو یہ سورت اپنے پڑھنے والے کے حق میں شفاعت کرے گی اللہ تعالیٰ اس کی سفارش قبول فرماویں گے۔

۳۵۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

۷۹۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ اَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْكَهْفِ اِذْرَای دَابَّتَهٗ تَرْكُضُ فَنَظَرَ فَاِذَا مِثْلُ الْغَمَامَةِ وَ السَّحَابَةِ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ السَّكِيْنَةُ نَزَلَتْ مَعَ الْقُرْاٰنِ اَوْنَزَلَتْ عَلَی الْقُرْاٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُسَيْدِبْنِ حُضَيْرٍ.

۷۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ اٰيَاتٍ مِنْ اَوَّلِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُبْنُ هِشَامٍ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۵۷: باب سورہ کہف کی فضیلت کے متعلق

۷۹۴: حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص سورۂ کہف پڑھ رہا تھا کہ اس نے اپنی سواری کو کودتے ہوئے دیکھا۔ پھر آسمان کی طرف دیکھا تو وہاں ایک بدلی کی طرح کوئی چیز تھی۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور قصہ بیان کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سکینہ (اطمینان) تھا جو قرآن کے ساتھ نازل ہوا یا فرمایا قرآن کے اوپر نازل ہوا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں اسید بن حضیر سے بھی روایت ہے۔

۷۹۵: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورۂ کہف کی پہلی تین آیتیں پڑھیں۔ وہ دجال کے فتنے سے محفوظ کر دیا گیا۔ محمد بن بشار، معاذ بن ہشام اور وہ اپنے والد سے اس سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۵۸: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ يٰسٓ

۷۹۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَسُفْيَانُ وَكِيْعٍ قَالَا نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّوَاسِیُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ هَارُوْنَ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ لِكُلِّ شَیْءٍ قَلْبًا وَقَلْبُ الْقُرْاٰنِ يٰسٓ وَمَنْ قَرَأَيٰسٓ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِقَرَاْتِهَا قِرَاءَةَ الْقُرْاٰنِ عَشْرَ مَرَّاتٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَبِالْبَصْرَةِ لَا يَعْرِفُوْنَ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَهَارُوْنُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ شَيْخٌ مَجْهُوْلٌ حَدَّثَنَا اَبُوْمُوْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِیُّ نَا قُتَيْبَةُ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَلَا يَصِحُّ حَدِيْثُ اَبِیْ بَكْرٍ مِنْ

۳۵۸: باب سورۂ یٰسین کی فضیلت کے متعلق

۷۹۶: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے۔ جو اسے ایک مرتبہ پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس مرتبہ قرآن پڑھنے کا اجر لکھ دیتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حمید بن عبد الرحمٰن کی روایت سے جانتے ہیں۔ اہل بصرہ اس حدیث کو قتادہ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ہارون ابو محمد مجہول ہیں۔ ابو موسیٰ بھی یہ حدیث احمد بن سعید سے وہ قتیبہ سے اور وہ حمید بن عبد الرحمٰن سے نقل کرتے ہیں۔ اس باب میں ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے لیکن اس کی سند صحیح نہیں۔

قِبَلِ اِسْنَادِهٖ وَاِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ.

۳۵۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي حٰمٓ الدُّخَانِ

۳۵۹: باب سورۂ دخان کی فضیلت کے متعلق

۷۹۷: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَازَيْدُبْنُ حُبَابٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ خَثْعَمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِي لَيْلَةٍ اَصْبَحَ يَسْتَغْفِرُلَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعُمَرُ بْنُ اَبِيْ خَثْعَمٍ يُضَعَّفُ قَالَ مُحَمَّدٌ هُوَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ:

۷۹۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورۂ دخان رات کو پڑھی وہ اس حالت میں حج کرے گا کہ ستر ہزار فرشتے اسکی مغفرت مانگ رہے ہوں گے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ عمر بن ابی خثعم ضعیف ہیں۔ امام بخاریؒ انہیں منکر الحدیث کہتے ہیں۔

۷۹۸: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ نَازَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ هِشَامٍ اَبِي الْمِقْدَامِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِي لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ غُفِرَلَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَهِشَامٌ اَبُو الْمِقْدَامِ يُضَعَّفُ وَلَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰكَذَا قَالَ اَيُّوْبُ وَيُوْنُسُ بْنُ وَعُبَيْدٍ وَعَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ.

۷۹۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شب جمعہ کو سورۂ دخان پڑھی اسکی مغفرت کر دی گئی۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ہشام ابو مقدام ضعیف ہیں۔ ان کا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں۔ ایوب، یونس بن عبید اور علی بن زید تینوں یہی کہتے ہیں۔

۳۶۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ سُوْرَةِ الْمُلْكِ

۳۶۰: باب سورۂ ملک کی فضیلت کے متعلق

۷۹۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَرَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ خِبَاءَهٗ عَلٰى قَبْرٍ وَهُوَ لَا يَحْسَبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا قَبْرُ اِنْسَانٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ضَرَبْتُ خِبَائِيْ وَاَنَا لَا اَحْسَبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْمَانِعَةُ هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۷۹۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ کسی صحابی نے ایک قبر پر خیمہ لگا دیا انہیں علم نہیں تھا کہ یہاں قبر ہے لیکن وہ قبر تھی جس میں ایک شخص سورۂ ملک پڑھ رہا تھا یہاں تک کہ اسے مکمل کیا وہ صحابی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور واقعہ سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (سورۂ ملک) عذاب قبر کو روکنے اور اس سے نجات دلانے والی ہے اور اپنے پڑھنے والے کو اس سے بچاتی ہے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۸۰۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا

۸۰۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبَّاسِ الْجُشَمِيِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ سُوْرَةً مِنَ الْقُرْاٰنِ ثَلاَثُوْنَ اٰيَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰى غُفِرَلَهٗ وَهِيَ تَبَارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن میں تیس آیتوں والی ایک سورت ہے جس نے ایک شخص کی شفاعت کی اور اسے بخش دیا گیا۔ وہ تبارک الذی یعنی سورۂ ملک ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۰۱: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ مِسْعَرٍ نَا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لاَ يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ الٓمّٓ تَنْزِيْلُ وَتَبَارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ هٰذَا حَدِيْثٌ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمٍ مِثْلَ هٰذَا وَرَوَاهُ مُغِيْرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَرَوٰى زُهَيْرٌ قَالَ قُلْتُ لِاَبِی الزُّبَيْرِ سَمِعْتُ مِنْ جَابِرٍ يَذْكُرُ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ اِنَّمَا اَخْبَرَنِيْهِ صَفْوَانُ اَوِبْنُ صَفْوَانَ وَكَاَنَّ زُهَيْرًا اَنْكَرَ اَنْ يَكُوْنَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ.

۸۰۱: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورۂ الم سجدہ اور سورۂ ملک پڑھے بغیر نہیں سوتے تھے۔ اس حدیث کو کئی راوی لیث بن ابی سلیم سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ مغیرہ بن مسلم بھی ابوزبیر سے وہ جابرؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ زہیر نے ابو زبیر سے پوچھا کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے سنی ہے تو انہوں نے کہا کہ مجھے یہ صفوان یا ابن صفوان نے سنائی ہے۔ گویا کہ انہوں نے اسے روایت کرنے سے انکار کر دیا کہ یہ بواسطہ ابوزبیر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

۸۰۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

۸۰۲: ہم سے روایت کی ہناد نے ان سے ابوالاحوص نے وہ لیث سے وہ ابوزبیر سے وہ جابرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۸۰۳: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ مِسْعَرٍ نَا الْفُضَيْلُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاؤسٍ قَالَ تُفَضَّلاَنِ عَلٰى كُلِّ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ بِسَبْعِيْنَ حَسَنَةً.

۸۰۳: ہم سے روایت کی ہریم بن مسعر نے ان سے فضیل نے وہ لیث سے اور وہ طاؤس سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا (سورۂ الم سجدہ اور سورۂ ملک) قرآن کی دوسری سورتوں پر ستر گنا فضیلت رکھتی ہیں۔

۳۶۱: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ اِذَا زُلْزِلَتْ

۳۶۱: باب سورۂ زلزال کی فضیلت

۸۰۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْجُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا الْحَسَنُ بْنُ سَلْمِ بْنِ صَالِحِ الْعِجْلِيُّ نَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ اِذَا زُلْزِلَتْ عُدِلَتْ لَهٗ بِنِصْفِ الْقُرْاٰنِ وَمَنْ قَرَأَ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ عُدِلَتْ لَهٗ بِرُبُعِ الْقُرْاٰنِ وَمَنْ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عُدِلَتْ لَهٗ بِثُلُثِ الْقُرْاٰنِ هٰذَا

۸۰۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سورۂ زلزال پڑھی اس کے لیے آدھے قرآن کے پڑھنے کا ثواب ہے۔ جس نے سورۂ کافرون پڑھی اس کے لیے چوتھائی قرآن کا اور جس نے سورۂ اخلاص پڑھی اس کے لیے تہائی قرآن کا ثواب ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حسن بن سلم کی

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

روایت سے جانتے ہیں اور اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۸۰۵: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ الْبَصْرِيُّ ثَنِي ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ اَخْبَرَنِي سَلَمَةُ ابْنُ وَرْدَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ هَلْ تَزَوَّجْتَ يَا فُلَانُ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا عِنْدِيْ مَا اَتَزَوَّجُ بِهِ قَالَ اَلَيْسَ مَعَكَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ بَلٰى قَالَ ثُلُثُ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلَيْسَ مَعَكَ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ قَالَ بَلٰى قَالَ رُبُعُ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلَيْسَ مَعَكَ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ قَالَ بَلٰى قَالَ رُبُعُ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلَيْسَ مَعَكَ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ قَالَ بَلٰى قَالَ رُبُعُ الْقُرْاٰنِ قَالَ تَزَوَّجْ تَزَوَّجْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۰۵: حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے کسی صحابی سے پوچھا کیا تم نے شادی کر لی ہے؟ اس نے عرض کیا: اللہ کی قسم نہیں کی یا رسول اللہ ﷺ اور نہ ہی میرے پاس اتنا مال ہے کہ جس سے شادی کروں۔ آپؐ نے فرمایا: کیا تمہیں سورۂ اخلاص یاد نہیں۔ عرض کیا؟ کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ تہائی قرآن ہوا۔ پھر آپؐ نے پوچھا سورۂ نصر یاد ہے۔ اس نے عرض کیا کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا یہ چوتھائی قرآن ہوا۔ پھر پوچھا سورۂ کافرون یاد ہے۔ اس نے عرض کیا یہ بھی یاد ہے۔ آپؐ نے فرمایا: یہ بھی چوتھائی قرآن ہے۔ پھر آپؐ نے پوچھا کیا سورۂ زلزال بھی یاد ہے۔ اس نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ بھی چوتھائی قرآن ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا تم نکاح کرو۔ نکاح کرو۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۶۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي سُوْرَةِ الْاِخْلَاصِ وَفِي سُوْرَةِ اِذَا زُلْزِلَتْ

۳۶۲: باب سورۂ اخلاص اور سورۂ زلزال کی فضیلت کے متعلق

۸۰۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا يَمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْعَنَزِيُّ نَا عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زُلْزِلَتْ تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْاٰنِ وَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْاٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَمَانِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ.

۸۰۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۂ زلزال نصف قرآن کے برابر، سورۂ اخلاص تہائی قرآن کے برابر اور سورۂ کافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف یمان بن مغیرہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۶۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي سُوْرَةِ الْاِخْلَاصِ

۳۶۳: باب سورۂ اخلاص کی فضیلت کے متعلق

۸۰۷: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا زَائِدَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ رَبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنِ امْرَاَةِ اَبِي اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۸۰۷: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی روزانہ رات کو تہائی قرآن پڑھنے سے بھی عاجز ہے کیونکہ جس نے سورۂ اخلاص پڑھی گویا کہ اس نے تہائی قرآن پڑھا۔ اس باب میں حضرت

وَسَلَّمَ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَأَ فِيْ لَيْلَةٍ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ مَنْ قَرَأَ اَللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ فَقَدْ قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَقَتَادَةَ ابْنِ النُّعْمَانِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ مِنْ رِوَايَةِ زَائِدَةَ وَتَابَعَهُ عَلٰى رِوَايَتِهٖ اِسْرَائِيْلُ وَالْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الثِّقَاتِ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَ اضْطَرَبُوْا فِيْهِ.

ابو درداء رضی اللہ عنہ، ابو سعید رضی اللہ عنہ، قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ اس حدیث کو کسی نے زائدہ سے بہتر بیان کیا ہو۔ اسرائیل اور فیاض بھی ان کی متابعت کرتے ہیں۔ پھر شعبہ اور کئی ثقہ راوی اسے منصور سے نقل کرتے ہوئے اضطراب کرتے ہیں۔

۸۰۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ حُنَيْنٍ مَوْلٰى لِاٰلِ زَيْدِبْنِ الْخَطَّابِ اَوْمَوْلٰى زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَقْبَلْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ قُلْتُ مَاوَجَبَتْ قَالَ الْجَنَّةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَاَبُوْ حُنَيْنٍ هُوَ عُبَيْدُ بْنُ حُنَيْنٍ.

۸۰۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا کہ آپؐ نے کسی کو سورۂ اخلاص پڑھتے ہوئے سنا۔ آپؐ نے فرمایا: واجب ہوگئی۔ میں نے پوچھا۔ کیا واجب ہوگئی۔ آپؐ نے فرمایا: جنت۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف مالک بن انس کی روایت سے جانتے ہیں اور ابو حنین وہ عبید بن حنین ہیں۔

۸۰۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ نَا حَاتِمُ بْنُ مَيْمُوْنَ اَبُوْسَهْلٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَتَيْ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مُحِيَ عَنْهُ ذُنُوْبُ خَمْسِيْنَ سَنَةً اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ عَلَيْهِ دَيْنٌ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَرَادَاَنْ يَنَامَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَنَامَ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مِائَةَ مَرَّةٍ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا عَبْدِيْ اُدْخُلْ عَلٰى يَمِيْنِكَ الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَاالْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ اَيْضًا عَنْ ثَابِتٍ.

۸۰۹: حضرت انس بن مالکؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص روزانہ دو سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، اس کے پچاس سال کے گناہ معاف کردیئے گئے۔ ہاں البتہ اگر اس پر قرض ہوگا۔ تو وہ معاف نہیں ہوگا۔ اسی سند سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے سونے کا ارادہ کیا اور پھر اپنی دائیں کروٹ لیٹا۔ پھر سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میرے بندے اپنی دائیں جانب سے جنت میں داخل ہوجا۔ یہ حدیث ثابت کی راویت سے غریب ہے۔ وہ انسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ پھر یہ اس کے علاوہ اور اس سند سے بھی منقول ہے۔

۸۱۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ كَيْسَانَ ثَنِيْ اَبُوْحَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحْشُدُوْا فَاِنِّيْ

۸۱۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمع ہوجاؤ میں تم لوگوں کے سامنے تہائی قرآن پڑھوں گا۔ چنانچہ جو لوگ جمع ہوسکے جمع ہوگئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نکلے اور سورۂ اخلاص پڑھی پھر واپس چلے

سَاَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالَ فَحَشَدَ مَنْ حَشَدَ ثُمَّ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثُمَّ دَخَلَ فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّيْ سَاَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ اِنِّيْ لَاَرٰى هٰذَا خَبَرٌ جَاءَهُ مِنَ السَّمَاءِ ثُمَّ خَرَجَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّيْ قُلْتُ سَاَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ اَلَا وَاِنَّهَا تَعْدِلُ بِثُلُثِ الْقُرْاٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ حَازِمٍ الْاَشْجَعِيُّ اِسْمُهٗ سَلْمَانُ.

گئے۔لوگ آپس میں باتیں کرنے لگے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ تہائی قرآن پڑھیں گے۔میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آسمان سے کوئی نئی چیز نازل ہونے کی وجہ سے اندر گئے ہیں۔پھر رسول اللہ ﷺ دوبارہ تشریف لائے اور فرمایا: میں نے تم سے کہا تھا کہ میں تہائی قرآن پڑھوں گا۔جان لو کہ یہ (یعنی سورۂ اخلاص) تہائی قرآن کے برابر ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے اور ابوحازم اشجعی کا نام سلمان ہے۔

۸۱۱: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ ثَنِيْ سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۱۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۂ اخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۱۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ ثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَؤُمُّهُمْ فِيْ مَسْجِدِ قُبَاءَ فَكَانَ كُلَّمَا افْتَتَحَ سُوْرَةً يَقْرَأُ لَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ يَقْرَأُ بِهَا افْتَتَحَ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهَا ثُمَّ يَقْرَأُ بِسُوْرَةٍ اُخْرٰى مَعَهَا وَكَانَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَكَلَّمَهُ اَصْحَابُهٗ فَقَالُوْا اِنَّكَ تَقْرَأُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ ثُمَّ لَا تَرٰى اَنَّهَا تُجْزِئُكَ حَتّٰى تَقْرَأَ بِسُوْرَةٍ اُخْرٰى فَاِمَّا اَنْ تَقْرَأَ بِهَا وَاِمَّا اَنْ تَدَعَهَا وَتَقْرَأَ بِسُوْرَةٍ اُخْرٰى قَالَ مَا اَنَا بِتَارِكِهَا اِنْ اَحْبَبْتُمْ اَنْ اَؤُمَّكُمْ بِهَا فَعَلْتُ وَاِنْ كَرِهْتُمْ تَرَكْتُكُمْ وَكَانُوْا يَرَوْنَهٗ اَفْضَلَهُمْ وَكَرِهُوْا اَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهٗ فَلَمَّا اَتَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرُوْهُ الْخَبَرَ فَقَالَ يَا فُلَانُ مَا يَمْنَعُكَ مِمَّا يَاْمُرُبِهٖ اَصْحَابُكَ وَمَا يَحْمِلُكَ اَنْ تَقْرَأَ هٰذِهِ

۸۱۲: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ایک انصاری شخص مسجد قباء میں ہم لوگوں کی امامت کرتے تھے۔ان کی عادت تھی کہ جب بھی نماز میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورت پڑھنے لگتے تو پہلے سورۂ اخلاص پڑھتے پھر کوئی دوسری سورت پڑھتے اور ہر رکعت میں اسی طرح کرتے۔ان کے ساتھیوں نے ان سے کہا کیا آپ سورۂ اخلاص پڑھنے کے بعد یہ سوچتے ہیں کہ یہ کافی نہیں پھر دوسری بھی پڑھتے ہیں۔یا تو آپ یہ سورت پڑھ لیا کریں یا پھر کوئی اور سورۃ۔انہوں نے فرمایا میں اسے یہ ہرگز نہیں چھوڑوں گا۔اگر تم لوگ چاہتے ہو کہ میں تمہاری امامت کروں تو ٹھیک ہے ورنہ میں چھوڑ دیتا ہوں۔وہ لوگ انہیں اپنے میں سب سے افضل سمجھتے تھے لہٰذا کسی اور کی امامت پسند نہیں کرتے تھے۔چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے یہ واقعہ بیان کیا۔آپؐ نے اس شخص سے پوچھا: اے فلاں تمہیں اپنے دوستوں کی تجویز پر عمل کرنے سے کونسی چیز روکتی ہے اور کیا وجہ ہے کہ تم ہر رکعت میں یہ سورت (یعنی سورۂ اخلاص) پڑھتے ہو۔اس

السُّوْرَةَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُحِبُّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ حُبَّهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَقَدْ رَوٰى مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُحِبُّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ اِنَّ حُبَّكَ اِيَّاهَا يُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ.

نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں اس سورت سے محبت کرتا ہوں آپؐ: فرمایا تمہیں اس سورت سے محبت یقیناً جنت میں داخل کرے گی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ یعنی عبید اللہ بن عمر کی ثابت بنانی سے روایت ہے۔ مبارک بن فضالہ بھی اسے ثابت بنانی سے اور وہ انسؓ سے اس طرح نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں اس سورت (یعنی سورۂ اخلاص) سے محبت کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: اسکی محبت تمہیں جنت میں داخل کردے گی۔

۳۶۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُعَوِّذَتَيْنِ

۳۶۴: باب معوذتین کی فضیلت کے بارے میں

۸۱۳: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ اَخْبَرَنِيْ قَيْسُ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ اٰيَاتٍ لَمْ يُرَ مِثْلُهُنَّ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ وَ(قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۱۳: حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کچھ ایسی آیات نازل کی ہیں کہ کسی نے ان کے مثل آیات نہیں دیکھیں یعنی سورۂ فلق اور سورۂ الناس۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۱۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَأَ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۸۱۴: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہر نماز کے بعد ''معوذتین'' پڑھنے کا حکم دیا۔

یہ حدیث غریب ہے۔

خلاصۃ الابواب : (۱) سورۂ کہف کی تلاوت کرنا خصوصاً جمعہ کے دن فتنہ دجّال سے حفاظت کا سبب ہے مسند احمد میں بروایت حضرت سہل بن معاویہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ کہف کی پہلی اور اخری آیات پڑھ لے اس کے لئے اس کے قدم سے لے کر سر تک ایک نور ہو جاتا ہے اور جو پوری پڑھ لے تو اس کے لئے زمین سے آسمان تک نور ہو جاتا ہے۔ روح المعانی میں بروایت حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ کہف پوری کی پوری ایک وقت میں نازل ہوئی اور ستر ہزار فرشتے اس کے ساتھ آئے جس سے اس کی عظمت وشان ظاہر ہوتی ہے (۲) سورۂ یٰسین کے تو بہت فضائل ہیں جس مقصد کے لئے بھی تلاوت کی جائے اللہ تعالیٰ اپنے فضل واحسان سے پورا فرمادیتے ہیں (۳) سورۂ دخان کی تلاوت تو حج مقبول کا ذریعہ ہے حدیث سے ثابت ہوا کہ جو شخص حج کا ارادہ رکھتا ہے اسے چاہئے کہ وہ اس کی تلاوت کرے (۴) حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ ملک حفاظت کرنے

والی ہے اللہ کے عذاب سے نجات دینے والی ہے۔ حضرت خالد بن معدانؒ نے فرمایا کہ مجھے الم تنزیل اور اسی طرح تبارک الذی کے متعلق یہ اطلاع پہنچی ہے کہ ایک آدمی ان سورتوں کو پڑھا کرتا تھا ان کے علاوہ اور کچھ نہیں پڑھا کرتا تھا اور وہ بڑا گناہ گار تھا (قبر) میں اس سورت نے (پرندہ) کی شکل میں آ کر اس پر اپنے پروں کا سایہ کر لیا اور عرض کیا الٰہی اس کو بخش دے یہ مجھے بہت پڑھا تا تھا اللہ نے اس کی سفارش قبول فرمائی اور یہ فرمایا کہ اس شخص کے ہر گناہ کے بدلے ایک نیکی لکھ دے اور اس کا درجہ اونچا کر دو۔ دراصل اس سورت میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور قیامت کا ذکر ہے جو آدمی اس کو سمجھ کر پڑھتا ہے اور اس پر عقیدہ رکھتا ہے تو اسے بہترین عقیدہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرماتے ہیں (۵) سورۂ زلزال اور سورۂ اخلاص کی فضیلت کے بارے میں احادیث وارد ہوئی ہیں۔ جزریؒ نے فرمایا چوتھائی قرآن ہونے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن میں چار چیزیں زندگی، موت، حشر، حساب اور اس سورت میں صرف حساب کا بیان ہے اور اس کو نصف قرآن کہنے کی وجہ یہ ہے کہ قرآن میں احوال دنیا کا بھی بیان ہے اور آخرت کا بھی اور اس سورت میں صرف آخرت کا بیان ہے لہٰذا یہ سورت ایک حیثیت سے چہارم قرآن ہے اور دوسری حیثیت سے نصف قرآن ہے ایک وجہ نصف قرآن کہنے کی یہ بھی ہے کہ ایمان کہتے ہیں مبداء اور معاد یعنی اللہ تعالیٰ اور روز قیامت پر ایمان رکھنا تو اس سورۃ میں قیامت کا ذکر ہے۔ سورۂ اخلاص کی محبت اور اسکی تلاوت گناہوں سے مغفرت کا سبب ہے اس لئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی صفات کا تذکرہ ہے۔ معوذتین کے فضائل وفوائد بہت زیادہ ہیں جتنی عقیدت اور حضور قلب اور اخلاص کے ساتھ ان کی تلاوت کی جائے گی اتنا نفع زیادہ ہوگا ان کی تلاوت کرنے والا اپنے آپ کو رب العزت کی پناہ میں دے دیتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آ جاتا ہے اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

۳۶۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ قَارِئِ الْقُرْاٰنِ

۸۱۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ وَهِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَهُوَمَا هِرٌ بِهٖ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِىْ يَقْرَاُهٗ قَالَ هِشَامٌ وَهُوَ شَدِيْدٌ عَلَيْهِ قَالَ شُعْبَةُ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌ لَهٗ اَجْرَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۱۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ انَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ وَاسْتَظْهَرَهٗ فَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهٗ فِىْ عَشَرَةٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ لَهٗ اِسْنَادٌ

۳۶۵: باب

۸۱۵: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور اسے پڑھنے میں ماہر ہے وہ شخص ایسے لکھنے والے (فرشتوں) کے ساتھ ہوگا جو نیک ہیں اور جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور یہ اس کیلئے سخت ہے (یہ ہشام کی روایت کے الفاظ ہیں) یا اس کا پڑھنا اس پر شاق ہے (یہ شعبہ کی روایت کے الفاظ ہیں) اس کے لیے دگنا اجر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۱۶: حضرت علی بن ابی طالبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے قرآن پڑھا اور اسے یاد کیا پھر اس کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حلال اور حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام جانا۔ اللہ تعالیٰ اسے اس کی برکت سے جنت میں داخل فرمائے گا۔ اور اسے اپنے گھر والوں میں سے ایسے دس آدمیوں کی شفاعت کا اختیار دے گا جن پر جہنم واجب ہو چکی ہوگی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے

صَحِيْحٌ وَحَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُوْ عُمَرَ بَزَّارٌ كُوْفِيٌّ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ.

جانتے ہیں اور اسکی کوئی سند صحیح نہیں۔ حفص بن سلیمان، ابوعمر بزاز کوفی ہیں۔ یہ ضعیف ہیں۔

۳۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي فَضْلِ الْقُرْاٰنِ

۸۱۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْجُعْفِيُّ نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ عَنْ اَبِي الْمُخْتَارِ الطَّائِيِّ عَنِ ابْنِ اَخِي الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ يَخُوْضُوْنَ فِي الْاَحَادِيْثِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا تَرَى النَّاسَ قَدْ خَاضُوْا فِي الْاَحَادِيْثِ قَالَ اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَمَا اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ فَقُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ وَهُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ اَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ هُوَ الَّذِيْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْاَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلُقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِيْ عَجَائِبُهُ هُوَ الَّذِيْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا (اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ مَنْ قَالَ بِهٖ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ اُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ) عَدَلَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ خُذْهَا اِلَيْكَ يَا اَعْوَرُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ وَاِسْنَادُهُ مَجْهُوْلٌ وَفِي الْحَارِثِ مَقَالٌ.

۳۶۶: باب قرآن کی فضیلت کے بارے میں

۸۱۷: حضرت حارث اعور فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے پاس سے گزرا تو دیکھا کہ لوگ دنیاوی (باتوں) میں مشغول ہیں۔ چنانچہ میں حضرت علیؓ کے پاس گیا اور عرض کیا کہ اے امیر المؤمنین کیا آپ دیکھ نہیں رہے کہ لوگ باتوں میں مشغول ہیں۔ آپؓ نے فرمایا کیا ایسا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب ایک فتنہ آنے والا ہے۔ میں نے عرض کیا: اس سے بچنے کا کیا راستہ ہوگا۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی کتاب قرآن کریم میں تم سے پچھلوں کے متعلق بھی تذکرہ ہے اور تمہارے بعد کا بھی نیز اس میں تمہارے درمیان ہونے والے معاملات کا حکم ہے اور یہ سیدھا سچا فیصلہ ہے۔ یہ مذاق نہیں ہے۔ جس نے اسے حقیر جان کر چھوڑ دیا اللہ تعالیٰ اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ پھر جو شخص اس کے علاوہ کسی اور چیز میں ہدایت تلاش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے گمراہ کر دے گا۔ یہ اللہ کی ایک مضبوط رسی ہے اور یہی ذکر حکیم ہے اور یہی صراط مستقیم ہے۔ یہ ایسی کتاب ہے جسے خواہشات نفسانی ٹیڑھا نہیں کر سکتی اور نہ ہی اس سے زبانیں خلط ملط ہوتی ہیں۔ علماء اس سے سیر نہیں ہو سکتے۔ یہ بار بار دہرانے اور پڑھنے سے پرانا نہیں ہوتا۔ اسکے عجائب کبھی ختم نہیں ہو سکتے۔ اسے سن کر جن کہہ اٹھے کہ ”ہم نے عجیب قرآن سنا جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے ہم اس پر ایمان لائے“۔ جس نے اس کے مطابق بات کی اس نے سچ کہا۔ جس نے اس پر عمل کیا اس نے اجر پایا۔ جس نے اس کے مطابق فیصلہ کیا اس نے عدل کیا۔ اور جس نے اسکی طرف لوگوں کو بلایا اسے صراط مستقیم پر چلا دیا گیا۔ اے اعور اس حدیث کو یاد کر لو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حمزہ زیات کی روایت سے جانتے ہیں اور اس کی سند مجہول ہے نیز حارث کی روایت میں کلام ہے۔

۳۶۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَعْلِیْمِ الْقُرْاٰنِ

۸۱۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ اَنْبَاْنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِیْ عَلْقَمَةُ ابْنُ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ ابْنَ عُبَیْدَةَ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَذَاکَ الَّذِیْ اَقْعَدَنِیْ مَقْعَدِیْ هٰذَا وَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ فِیْ زَمَانِ عُثْمَانَ حَتّٰی بَلَغَ الْحَجَّاجَ بْنَ یُوْسُفَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۱۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِیِّ نَاسُفْیَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُکُمْ اَوْ اَفْضَلُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَهٰکَذَا رَوٰی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَسُفْیَانُ لَا یَذْکُرُ فِیْهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ وَقَدْرَوٰی یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ سُفْیَانَ وَشُعْبَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ سُفْیَانَ وَشُعْبَةَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَهٰکَذَاذَکَرَهٗ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ سُفْیَانَ وَشُعْبَةَ غَیْرَمَرَّةٍ عَنْ عَلْقَمَةَ ابْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاَصْحَابُ سُفْیَانَ لَا یَذْکُرُوْنَ فِیْهِ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ قَالَ مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ وَهُوَ اَصَحُّ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی وَ قَدْزَادَ شُعْبَةُ فِیْ

۳۶۷: باب قرآن کی تعلیم کی فضیلت کے متعلق

۸۱۸: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ اس حدیث کے راوی ابو عبد الرحمٰن کہتے ہیں کہ اسی حدیث نے مجھے اس جگہ بٹھایا چنانچہ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے سے لے کر حجاج بن یوسف کے زمانے تک قرآن کی تعلیم دی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۱۹: حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہترین یا فرمایا افضل ترین شخص وہ ہے جس نے قرآن سیکھا پھر اور لوگوں کو بھی قرآن سکھایا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عبدالرحمٰن بن مہدی اور کئی راوی اس حدیث کو سفیان ثوری سے وہ علقمہ بن مرثد سے وہ عبدالرحمٰن سے وہ عثمان سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اس سند میں سعد بن عبیدہ کا ذکر نہیں۔ یحییٰ بن سعید قطان بھی یہ حدیث سفیان سے وہ شعبہ سے وہ علقمہ بن مرثد سے وہ سعد بن عبیدہ سے وہ ابوعبدالرحمٰن سے وہ عثمان سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ محمد بن بشار یہ بات یحییٰ بن سعید سے اور وہ سفیان اور شعبہ سے نقل کرتے ہیں۔ محمد بن بشار کہتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید نے بھی اسے اسی طرح نقل کیا ہے۔ وہ سفیان اور شعبہ سے ایک سے زیادہ مرتبہ وہ علقمہ بن مرثد سے وہ سعید بن ابی عبیدہ سے وہ ابوعبدالرحمٰن سے وہ عثمانؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ محمد بن بشار کہتے ہیں کہ سفیان کے ساتھی اس حدیث کی سند میں سفیان کے سعد بن عبیدہ سے نقل کرنے کا ذکر نہیں کرتے۔ پھر کہتے ہیں کہ یہ زیادہ صحیح ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں سفیان نے سعد بن عبیدہ کو زیادہ ذکر کیا ہے۔ اور ان کی حدیث اشبہ ہے۔ علی بن عبداللہ، یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں کہ میرے

اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيْثِ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ وَكَانَ حَدِيْثُ سُفْيَانَ اَشْبَهُ قَالَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ مَا اَحَدٌ يَعْدِلُ عِنْدِيْ شُعْبَةَ وَاِذَا خَالَفَهُ سُفْيَانُ اَخَذْتُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ سَمِعْتُ اَبَاعَمَّارٍ يَذْكُرُ عَنْ وَكِيْعٍ قَالَ قَالَ شُعْبَةُ سُفْيَانُ اَحْفَظُ مِنِّيْ وَمَا حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ عَنْ اَحَدٍ بِشَيْءٍ فَسَاَلْتُهُ اِلَّا وَجَدْتُهُ كَمَا حَدَّثَنِيْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَسَعْدٍ.

نزدیک ثقاہت میں کوئی شعبہ کے برابر نہیں اور جب شعبہ کی سفیان مخالفت کرتے ہیں۔ تو میں ان کا قول لیتا ہوں۔ ابو عمار، وکیع سے شعبہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ شعبہ نے فرمایا: سفیان مجھ سے زیادہ حافظ ہیں۔ میں نے ان سے حدیث سننے کے بعد کئی مرتبہ اس شخص سے پوچھی جس سے وہ روایت کرتے ہیں کہ ویسے ہی پایا جیسے سفیان نے روایت کیا تھا۔ اس باب میں حضرت علیؓ اور سعدؓ سے بھی روایت ہے۔

۸۲۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ.

۸۲۰: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ اس حدیث کو ہم علی بن ابی طالب کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۳۶۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ قَرَأَحَرْفًا مِنَ الْقُرْاٰنِ مَالَهُ مِنَ الْاَجْرِ

۳۶۸: باب قرآن میں سے ایک حرف پڑھنے کا اجر

۸۲۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْبَكْرِ الْحَنَفِيُّ نَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَحَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهُ بِهٖ حَسَنَةٌ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا لَا اَقُوْلُ آلٓمٓ حَرْفٌ وَلٰكِنْ اَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِيْمٌ حَرْفٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ سَمِعْتُ قُتَيْبَةَ بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ بَلَغَنِيْ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ الْقُرَظِيَّ وُلِدَ فِيْ حَيٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَوَاهُ اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَرَفَعَهُ بَعْضُهُمْ وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ يُكْنٰى اَبَا حَمْزَةَ.

۸۲۱: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن مجید میں سے ایک حرف پڑھا اسے اس کے بدلے ایک نیکی دی جائے گی اور ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہے میں نہیں کہتا کہ '' الم'' (ایک) حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے لام بھی ایک حرف ہے اور میم بھی ایک حرف ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ قتیبہ بن سعید کہتے ہیں کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ محمد بن کعب قرظی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں پیدا ہوئے۔ یہ حدیث اسکے علاوہ اور سند سے بھی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ ابوا حوص اسے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں۔ بعض راوی اسے مرفوع اور بعض موقوف روایت کرتے ہیں۔ محمد بن کعب قرظی کی کنیت ابوحمزہ ہے۔

۸۲۲: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيْئُ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ حَلِّهٖ فَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْهُ فَيُلْبَسُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَا رَبِّ ارْضَ عَنْهُ فَيَرْضٰى عَنْهُ فَيُقَالُ لَهٗ اقْرَأْ وَارْقَأْ وَيُزَادُ بِكُلِّ اٰيَةٍ حَسَنَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۲۲: حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن صاحب قرآن آئے گا۔ تو قرآن اپنے رب سے عرض کرے گا۔ یا اللہ اسے جوڑا پہنا پھر اسے عزت کا تاج پہنایا جائے گا۔ وہ (قرآن) عرض کرے گا: یا اللہ اسے مزید پہنا۔ چنانچہ پھر اسے عزت کا جوڑا پہنایا جائے گا۔ پھر وہ عرض کرے گا: یا اللہ اس سے راضی ہو جا تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا۔ پھر اس سے کہا جائے گا کہ پڑھتا جا اور سیڑھیاں (درجات) چڑھتا جا اور ہر آیت کے بدلے ایک نیکی زیادہ کی جائے گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۶۹: باب

۸۲۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ عِنْدَنَا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الصَّمَدِ عَنْ شُعْبَةَ:

۸۲۳: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے ان سے محمد بن جعفر نے وہ شعبہ سے وہ عاصم بن بہدلہ سے وہ ابو صالح سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن یہ غیر مرفوع ہے اور زیادہ صحیح ہے۔

۸۲۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُو النَّضْرِ نَا بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَااَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِیْ شَیْءٍ اَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ يُصَلِّيْهِمَا وَاِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ عَلَيْكَ رَأْسِ الْعَبْدِ مَادَامَ فِیْ صَلَاتِهٖ وَمَا تَقَرَّبَ الْعِبَادُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ بِمِثْلِ مَاخَرَجَ مِنْهُ قَالَ اَبُو النَّضْرِ يَعْنِی الْقُرْاٰنَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَبَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَتَرَكَهٗ فِیْ اٰخِرِ اَمْرِهٖ.

۸۲۴: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی کسی چیز کو اتنے غور سے نہیں سنتے جتنا کہ اسکی (قراءت والی) دو رکعتوں کو سنتے ہیں اور جتنی دیر وہ نماز پڑھتا رہتا ہے۔ نیکی اسکے سر پر چھڑکی جاتی ہے اور بندوں میں سے کوئی کسی چیز سے اللہ کا اتنا قرب حاصل نہیں کر سکتا جتنا کہ اسکے پاس سے نکلی ہوئی چیز سے۔ ابونضر کہتے ہیں کہ اس سے مراد قرآن ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ بکر بن خنیس پر ابن مبارک اعتراض کرتے ہیں کہ انہوں نے آخر میں ان سے نقل کرنا چھوڑ دیا تھا۔

۳۷۰: بَابُ

۸۲۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا جَرِيْرٌ عَنْ قَابُوْسِ بْنِ اَبِیْ ظَبْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِیْ لَيْسَ فِیْ جَوْفِهٖ شَیْءٌ مِنَ

۸۲۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جس کے اندر قرآن میں سے کچھ نہیں (یعنی اسے کچھ قرآن یاد نہیں) وہ ویران گھر کی مانند ہے۔ یہ حدیث حسن

الْقُرْاٰنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

صحیح ہے۔

۸۲۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقَالُ يَعْنِي لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اِقْرَأْوَ ارْقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰيَةٍ تَقْرَأُبِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ بِهٰذَا الْاِ سْنَا دِ نَحْوَهٗ.

۸۲۶: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صاحب قرآن (یعنی حافظ) سے کہا جائے گا کہ پڑھ اور منزلیں چڑھتا جا اور اسی طرح ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جس طرح دنیا میں پڑھا کرتا تھا۔ تمہاری منزل وہی ہے جہاں تم آخری آیت پڑھو گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو محمد بن بشار، عبدالرحمٰن بن مہدی سے وہ سفیان سے اور وہ عاصم سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۳۷۱: بَابٌ

۳۷۱: باب

۸۲۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْبَغْدَادِيُّ نَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ اُجُوْرُ اُمَّتِيْ حَتّٰى الْقَذَاةُ يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَعُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ اُمَّتِيْ فَلَمْ اَرَذَنْبًا اَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ اَوْاٰيَةٍ اُوْتِيْهَا رَجُلٌ ثُمَّ نَسِيَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَذَا كَرْتُ بِهٖ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ فَلَمْ يَعْرِفْهُ وَاسْتَغْرَبَهٗ قَالَ مُحَمَّدٌ وَلَا اَعْرِفُ لِلْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ سَمَاعًا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّاقَوْلَهٗ حَدَّثَنِيْ مَنْ شَهِدَ خُطْبَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ لَا نَعْرِفُ لِلْمُطَّلِبِ سَمَاعًا مِّنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَنْكَرَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ اَنْ يَكُوْنَ الْمُطَّلِبُ سَمِعَ مِنْ اَنَسٍ.

۸۲۷: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے (نیک) اعمال میرے سامنے پیش کئے گئے۔ یہاں تک کہ اگر کسی نے مسجد سے تنکا بھی نکالا تھا تو وہ بھی۔ پھر مجھ پر میری امت کے گناہ پیش کئے گئے۔ چنانچہ میں نے اس سے بڑا گناہ نہیں دیکھا کہ کسی نے قرآن کریم کی کوئی آیت یا سورۃ یاد کرنے کے بعد بھلا دی ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ امام بخاریؒ بھی سے غریب کہتے ہیں۔۔ کہ میں مطلب بن عبداللہ بن حنطب کے کسی صحابی سے سماع کے متعلق نہیں جانتا۔ ہاں ان ہی کا ایک قول ہے کہ میں نے یہ حدیث ایسے شخص سے روایت کی ہے جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبے میں موجود تھا۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بھی یہی کہتے ہیں کہ ہمیں ان کے کسی صحابی سے سماع کا علم نہیں۔ عبداللہ کہتے ہیں کہ علی بن مدینی مطلب کے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سماع کا انکار کرتے ہیں۔

۳۷۲: بَابٌ

۳۷۲: باب

۸۲۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْاَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ

۸۲۸: حضرت عمران بن حصینؓ سے منقول ہے کہ وہ ایک

عَنِ الْاَ عْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّهٗ مَرَّعَلٰى قَارِئٍ يَقْرَأُ ثُمَّ سَأَلَ فَا سْتَرْ جَعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهٖ فَاِنَّهٗ سَيَجِيْءُ اَقْوَامٌ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ يَسْـئَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ وَقَالَ مَحْمُوْدٌ هٰذَا خَيْثَمَةُ الْبَصْرِيُّ الَّذِيْ رَوٰى عَنْـهُ جَابِرُ الْجُعْفِيُّ وَلَيْسَ هُوَ خَيْثَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَخَيْثَمَةَ هٰذَا شَيْخٌ بَصْرِيٌّ يُكْنٰى اَبَانَصْرٍ قَدْرَوٰى جَابِرُ الْجُعْفِيُّ عَنْ خَيْثَمَةَ هٰذَا اَيْضًا.

قاری کے پاس سے گزرے جو قرآن پڑھ رہا تھا۔ پھر اس نے ان سے کچھ مانگا (یعنی بھیک مانگی) تو عمرانؓ نے "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" پڑھا اور ایک حدیث بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص قرآن پڑھے اسے چاہیے کہ اللہ سے سوال کرے اس لیے کہ عنقریب ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن پڑھ کر لوگوں سے سوال کریں گے۔ محمود کہتے ہیں کہ خیثمہ بصری جن سے جابر جعفی روایت کرتے ہیں وہ خیثمہ بن عبدالرحمٰن نہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور خیثمہ بصری کی کنیت ابو نصر ہے۔ انہوں نے انس بن مالکؓ سے کئی احادیث روایت کی ہیں اور ان سے جابر جعفی روایت کرتے ہیں۔

۸۲۹: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْوَاسِطِيُّ نَا وَكِيْعٌ نَا اَبُوْفَرْوَةَ يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ عَنْ اَبِي الْمُبَارَكِ عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا اٰمَنَ بِالْقُرْاٰنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهٗ وَقَدْرَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِيْهِ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَزَادَفِيْ هٰذَا الْاِ سْنَا دِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ صُهَيْبٍ وَلَا يُتَابَعُ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَلٰى رِوَايَتِهٖ وَهُوَ ضَعِيْفٌ وَاَبُو الْمُبَارَكِ رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِذَاكَ وَقَدْخُوْلِفَ وَكِيْعٌ فِيْ رِوَايَتِهٖ وَقَالَ مُحَمَّدٌ اَبُوْ فَرْوَةَ يَزِيْدَ بْنُ سِنَانٍ الرَّهَاوِيُّ لَيْسَ بِحَدِيْثِهٖ بَاْسٌ اِلَّا رِوَايَةَ ابْنِهٖ مُحَمَّدٍ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَرْوِيْ عَنْهُ مَنَاكِيْرَ.

۸۲۹: حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے قرآن کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال کیا وہ اس پر ایمان نہیں لایا۔ محمد بن یزید بن سنان یہ حدیث اپنے والد سے نقل کرتے ہوئے اس کی سند اس طرح بیان کرتے ہیں کہ مجاہد، سعید بن مسیب سے اور وہ صہیب سے نقل کرتے ہیں۔ ان کی روایت کا کوئی متابع نہیں اور وہ ضعیف ہیں۔ ابو مبارک بھی مجہول ہیں اور اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ وکیع کے نقل کرنے میں بھی اختلاف ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یزید بن سنان رہاوی کی حدیث میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن ان کے بیٹے محمد ان سے منکر احادیث روایت کرتے ہیں۔

۸۳۰: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ بُحَيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عُقْبَةَبْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْجَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْاٰنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ الَّذِيْ يُسِرُّ بِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِيْ يَجْهَرُ بِقِرَاءَةِ

۸۳۰: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلند آواز سے قرآن پڑھنے والا، اعلان کر کے صدقہ کرنے والے کی طرح ہے آہستہ قرآن پڑھنے والا چھپا کر صدقہ دینے والے کی طرح ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ قرآن آہستہ پڑھنا زور سے پڑھنے سے افضل ہے کیونکہ علماء کے نزدیک چھپا کر صدقہ دینا اعلان کر کے صدقہ دینے سے افضل ہے۔ نیز اہل

الْقُرْاٰنِ لِاَنَّ صَدَقَةَ السِّرِّ اَفْضَلُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ صَدَقَةِ الْعَلاَنِيَةِ وَاِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لِكَيْ يَاْمَنَ الرَّجُلُ مِنَ الْعُجْبِ لِاَنَّ الَّذِيْ يُسِرُّ بِالْعَمَلِ لاَ يُخَافُ عَلَيْهِ بِالْعُجْبِ مَا يُخَافُ عَلَيْهِ فِي الْعَلاَنِيَةِ.

علم کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آدمی ریا کاری وخود پسندی سے محفوظ رہے۔ کیونکہ اعلانیہ اعمال کی بنسبت خفیہ اعمال میں ریا کا خوف نہیں ہوتا۔

۳۷۳: بَابُ

۸۳۱: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبدِ اللّٰهِ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ لُبَابَةَ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ بَنِيْ اِسْرَائِيلَ وَالزُّمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْلُبَابَةَ هٰذَا شَيْخٌ بَصْرِيٌّ قَدْ رَوٰى عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ غَيْرَ حَدِيْثٍ وَيُقَالُ اِسْمُهُ مَرْوَانُ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ فِيْ كِتَابِ التَّارِيْخِ.

۸۳۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ بُحَيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بِلاَلٍ عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ اَنْ يَّرْقُدَ يَقُوْلُ اِنَّ فِيْهِنَّ اٰيَةً خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ اٰيَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۳۷۳: باب

۸۳۱: حضرت ابولبابہؒ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ سورہ اسراء اور سورہ زمر پڑھے بغیر نہیں سوتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابولبابہ بصری ہیں۔ ان سے حماد بن زید کئی احادیث نقل کرتے ہیں۔ ان کا نام مروان ہے۔ یہ امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ نے اپنی کتاب التاریخ میں نقل کیا ہے۔

۸۳۲: حضرت عرباض بن سار یہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ سونے سے پہلے وہ سورتیں پڑھا کرتے تھے جو "سَبَّحَ" یا "يُسَبِّحُ" سے شروع ہوتی ہیں نیز فرماتے ہیں کہ ان میں سے ایک آیت ایسی ہے جو ایک ہزار آیتوں سے افضل ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۷۴: بَابُ

۸۳۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ اَبُو الْعَلاَءِ الْخَفَّافُ ثَنِيْ نَافِعُ بْنُ اَبِيْ نَافِعٍ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَقَرَأَ ثَلاَثَ اٰيَاتٍ مِّنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ مَاتَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيْدًا وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۷۴: باب

۸۳۳: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ" تین مرتبہ پڑھنے کے بعد سورہ حشر کی آخری تین آیتیں پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کیلئے ستر ہزار فرشتے مقرر کردیتے ہیں۔ جو اس کیلئے شام تک مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ ہیں اور اگر وہ اس دن مرجائے تو اس کا شمار شہیدوں میں ہوتا ہے۔ نیز اگر کوئی شام کو پڑھے گا تو اسے بھی یہی مرتبہ عطاء کیا جائے گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۳۷۵: بَابُ مَاجَاءَ كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۳۴: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُنَا اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ اَنَّهُ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قِرَاءَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ وَمَا لَكُمْ وَصَلٰوتَهُ وَكَانَ يُصَلِّيْ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَمَا صَلّٰى ثُمَّ يُصَلِّيْ قَدْرَمَا نَامَ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَمَا صَلّٰى حَتّٰى يُصْبِحَ ثُمَّ نَعَتَتْ قِرَاءَ تَهُ فَاِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَطِّعُ قِرَاءَ تَهُ وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ اَصَحُّ.

۸۳۵: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُنَا اللَّيْثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَيْسٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ وِتْرِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ كَانَ يُوْتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ مِنْ اٰخِرِهٖ فَقَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَصْنَعُ رُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اَوْتَرَمِنْ اٰخِرِهٖ قُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً فَقُلْتُ كَيْفَ كَانَ قِرَاءَ تُهُ اَكَانَ يُسِرُّ بِالْقِرَاءَةِ اَمْ يَجْهَرُ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ قَدْكَانَ رُبَّمَا اَسَرَّ وَرُبَّمَا جَهَرَ قَالَ فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قَالَ قُلْتُ فَكَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ فِي الْجَنَابَةِ اَكَانَ يَغْتَسِلُ قَبْلَ اَنْ يَنَامَ اَمْ يَنَامُ قَبْلَ اَنْ يَغْتَسِلَ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ رُبَّمَا اغْتَسَلَ فَنَامَ وَرُبَّمَا تَوَضَّأَ فَنَامَ قُلْتُ اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ

۳۷۵: باب نبی اکرم ﷺ کی قراءت کے متعلق

۸۳۴: یعلی بن مملک کہتے ہیں کہ ام المؤمنین ام سلمہؓ سے نبی اکرم ﷺ کی نماز میں قراءت اور آپ کی نماز کے متعلق پوچھا گیا تو آپؓ نے فرمایا: تمہاری حضور ﷺ کی نماز سے کیا نسبت؟ آپ کی عادت تھی کہ جتنی دیر (رات کو) سوتے اتنی دیر اٹھ کر نماز پڑھتے پھر جتنی دیر نماز پڑھی ہوتی اتنی دیر سو جاتے یہاں تک کہ اسی طرح صبح ہو جاتی۔ پھر حضرت ام سلمہؓ نے آپ کی قراءت کی کیفیت بیان کی کہ آپ پڑھتے تو ہر حرف جدا جدا ہوتا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف لیث بن سعد کی روایت سے جانتے ہیں وہ ابن ابی ملیکہ سے روایت کرتے ہیں وہ یعلی سے اور وہ ام سلمہؓ سے۔ پھر ابن جریج بھی یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے اور وہ ام سلمہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ کی قراءت میں ہر حرف الگ الگ معلوم ہوتا تھا اور لیث کی حدیث زیادہ صحیح ہے۔

۸۳۵: حضرت عبداللہ بن ابی قیسؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے نبی اکرم ﷺ کے وتر کے متعلق پوچھا کہ کس وقت پڑھا کرتے تھے۔ شروع رات میں یا آخر میں۔ انہوں نے فرمایا کہ دونوں وقتوں میں پڑھا کرتے تھے کبھی رات کے شروع میں اور کبھی رات کے آخر میں۔ میں نے کہا: الحمد للہ..... یعنی تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں جس نے دین میں وسعت رکھی ہے پھر میں نے پوچھا کہ آپ کی قراءت کی کیفیت کیا ہوتی تھی یعنی زور سے پڑھتے یا آہستہ پڑھتے یعنی دل میں۔ انہوں نے فرمایا: دونوں طرح پڑھتے تھے۔ کبھی زور سے پڑھتے اور کبھی دل ہی میں۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اسی اللہ کیلئے ہیں جس نے دین میں وسعت رکھی۔ پھر میں نے پوچھا کہ اگر حالت جنابت میں ہوتے تو کیا سونے سے پہلے غسل کرتے یا نیند سے بیدار ہونے کے بعد غسل کرتے۔ انہوں نے فرمایا: دونوں طرح سے کیا کرتے

فِی الْاَ مْرِ سَعَةً هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

تھے۔ کبھی غسل کر کے سوتے اور کبھی وضو کر کے ہی سو جاتے۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے دین میں وسعت رکھی یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۸۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ اَنَا اِسْرَائِیْلُ نَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ یَعْرِضُ نَفْسَهٗ بِالْمَوْقِفِ فَقَالَ اَلَا رَجُلٌ یَحْمِلُنِیْ اِلٰی قَوْمِهٖ فَاِنَّ قُرَیْشًا مَنَعُوْنِیْ اَنْ اُبَلِّغَ کَلَامَ رَبِّیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۸۳۶: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ خود کو عرفات میں لوگوں کے سامنے پیش کرتے اور فرماتے کہ کیا تم لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو مجھے اپنی قوم کے پاس لے چلے تاکہ میں انہیں اپنے رب کا کلام سناؤں اس لیے کہ قریش نے مجھے اس سے منع کر دیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۳۷۶: بَابٌ

۳۷۶: باب

۸۳۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ یَزِیْدَ الْهَمْدَانِیُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ عَنْ عَطِیَّةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِکْرِیْ وَمَسْأَلَتِیْ اَعْطَیْتُهٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ وَفَضْلُ کَلَامِ اللّٰهِ عَلٰی سَائِرِ الْکَلَامِ کَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۸۳۷: حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جسے قرآن نے میری یاد اور مجھ سے سوال کرنے سے مشغول کر دیا۔ میں اسے ان لوگوں سے بہتر چیز عطا کروں گا جو میں مانگنے والوں کو دیتا ہوں اور اللہ کے کلام کی دوسرے تمام کلاموں پر اسی طرح فضیلت ہے جس طرح خود اللہ تعالیٰ کی اسکی تمام مخلوقات پر۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

خلاصۃ الابواب: قرآن کے قاری کے لئے یہ بہت بڑا اشرف ہے کہ اس کی وجہ سے اس کے گھرانے سے دس آدمیوں کو اللہ تعالیٰ جہنم سے نجات دے کر جنت میں داخل فرماویں گے (۲) قاری قرآن ملائکہ یعنی فرشتوں کا ساتھ ہوگا اور فرشتوں کی معیت نصیب ہونا اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے (۲) تمام فتنوں سے بچنے کا راستہ قرآن کریم میں ہے تمام معاملات کا حکم اس میں ہے اس پر عمل کرنے سے عزت ملتی ہے اور اس کو چھوڑ دینے سے ذلت اور پستی مقدر بن جاتی ہے۔ صحابہ کرامؓ نے قرآن کریم کو اپنی اجتماعی اور انفرادی زندگیوں میں داخل کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو اقتدار اور حکومت عطاء فرمائی آج کے مسلمانوں نے قرآن کریم کو پس پشت ڈال کر غیر مسلموں کے قوانین کو اپنایا ہے تو ذلیل و خوار ہیں (۳) احادیث باب کا خلاصہ یہ ہے کہ سب سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ سعادتمند ہیں وہ لوگ جو اخلاص کے ساتھ قرآن کریم کی تعلیم میں مشغول رہتے ہیں کلام پاک چونکہ اصل دین ہے اس کی بقاء و اشاعت پر ہی دین کا دارومدار ہے اس لئے اس کے سیکھنے اور سکھانے کا افضل ہونا ظاہر ہے کسی وضاحت کا محتاج نہیں البتہ اس کی انواع مختلف ہیں کمال اس کا یہ ہے کہ مطالب و مقاصد سمیت سیکھے اور ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ فقط الفاظ سیکھے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جس شخص نے

قرآن مجید کو حاصل کرلیا اس نے علوم نبوت کو اپنی پیشانی میں جمع کرلیا۔ شرم وحیاء میں ان لوگوں کی فہرست میں جو قیامت کے ہولناک دن میں عرش کے سایہ میں ہوں گے ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو مسلمانوں کے بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دیتے ہیں نیز ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو بچپن میں قرآن شریف سیکھتے ہیں اور بڑے ہوکر اس کی تلاوت کا اہتمام کرتے ہیں۔ قرآن کریم ایسی کتاب ہے جس کے ایک ایک حرف پڑھنے پر اجر وثواب کا وعدہ ہے قیامت کے دن وہ اپنے پڑھنے والوں کے لئے شفاعت کرے گا کہ اے اللہ اس کو عزت کا تاج پہنا چنانچہ اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول فرماویں گے اور قرآن کریم کی شفاعت بہت اونچا مرتبہ رکھتی ہے اس کے مقابلہ میں کسی کی شفاعت نہیں۔ نماز میں اس کی تلاوت تو درجات کو اور زیادہ بڑھا دیتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے اس سے بڑھ کر کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ نہیں۔ احادیث میں قرآن کریم کی عزت وقدر کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے کہ اس کو حفظ کر کے اس کی نگرانی کی جائے تاکہ بھول نہ جائے قرآن کریم سے بے پروائی بہت بڑا گناہ ہے نیز لوگوں کے سامنے اس کی تلاوت کر کے پھر لوگوں سے سوال کرنا بہت معیوب ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ایسی حرکت کرنے سے منع فرمایا ہے ارشاد نبویؐ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہی سوال کرنا چاہئے حضور ﷺ کا معمول نقل کیا گیا ہے کہ سونے سے پہلے خاص خاص سورتیں پڑھتے تھے اور ان میں ایک ایسی آیت ہے جو ہزاروں آیتوں سے افضل ہے لیکن اس کو بیان نہیں فرمایا اس کا مخفی رکھنا ایسا ہی جس طرح لیلۃ القدر کو پوشیدہ رکھا ہے بعض حضراتِ علماء نے فرمایا کہ وہ سورۂ حشر کی آخری آیت ہے۔

اَبْوَابُ الْقِرَاءَةِ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قراءت کے متعلق

رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۸۳۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَطِّعُ قِرَاءَتَهٗ يَقْرَأُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ثُمَّ يَقِفُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثُمَّ يَقِفُ وَكَانَ يَقْرَأُ هَا مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَبِهٖ يَقْرَأُ اَبُوْ عُبَيْدٍ وَيَخْتَارُهٗ هٰكَذَا رَوَى يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ وَغَيْرُهٗ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا وَصَفَتْ قِرَاءَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرْفًا حَرْفًا وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ اَصَحُّ وَلَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ وَكَانَ يَقْرَأُ مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ.

۸۳۸: حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قرآن پڑھتے ہوئے ہر آیت پر وقف کرتے تھے یعنی اس طرح پڑھتے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ" پھر ٹھہرتے۔ پھر پڑھتے "اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پھر رکتے اور پھر پڑھتے "مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" (اور پھر رکتے)...... یہ حدیث غریب ہے۔ ابوعبیدہ بھی اسی طرح پڑھا کرتے تھے۔ اور یہی قراءت پڑھتے تھے۔ یعنی "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" کی جگہ "مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" نہیں پڑھتے تھے۔ یحییٰ بن سعید اور کئی راوی بھی ابن جریج سے وہ ابن ابی ملیکہ سے اور وہ ام سلمہؓ سے اسی سند سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں لیکن اسکی سند متصل نہیں۔ اس لیے کہ لیث بن سعد، ابن ابی ملیکہ سے وہ یعلی بن مملک سے اور وہ ام سلمہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی قراءت کی کیفیت بیان کی کہ ہر حرف الگ الگ ہوتا تھا۔ لیث کی حدیث زیادہ صحیح ہے لیکن اس میں یہ ذکر نہیں کہ آپ ﷺ "مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" پڑھتے تھے۔

۸۳۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ نَا اَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ وَاُرَاهُ قَالَ وَعُثْمَانَ كَانُوْا يَقْرَءُوْنَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ اَيُّوْبَ بْنِ

۸۳۹: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، (اور میرا خیال ہے کہ انسؓ نے) عثمانؓ (کا نام بھی لیا) یہ سب حضرات "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" پڑھا کرتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو زہری کی انسؓ سے روایت سے صرف شیخ ایوب بن سوید رملی کی روایت سے جانتے ہیں۔ زہری کے

سُوَيْدِ الرَّمْلِيِّ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَقْرَءُوْنَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وَرَوٰى عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَقْرَءُوْنَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ.

بعض ساتھی یہ حدیث زہری سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ، ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ سب "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" پڑھتے تھے۔ عبدالرزاق بھی معمر سے وہ زہری سے اور وہ سعید بن مسیّب سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" پڑھتے تھے۔

۸۴۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ قَالَ سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ ابْنُ نَصْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ هُوَ اَخُوْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ قَالَ مُحَمَّدٌ تَفَرَّدَ ابْنُ الْمُبَارَكِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ وَهٰكَذَا قَرَأَ اَبُوْ عُبَيْدٍ وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ اتِّبَاعًا لِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

۸۴۰: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت اس طرح پڑھی "اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ" سوید بن نصر بھی ابن مبارک سے اور وہ یونس بن یزید سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ سوید بن نصر، ابن مبارک سے وہ یونس بن یزید سے اس سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں اور ابوعلی بن یزید، یزید بن یونس کے بھائی ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ ابن مبارک اس حدیث کے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔ ابوعبیدہ نے بھی اس حدیث کی اتباع میں یہ آیت اسی طرح پڑھی۔

۸۴۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمٍ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بْنِ سَعْدٍ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَرِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمٍ الْاِفْرِيْقِيُّ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ.

۸۴۱: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا " هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ " یعنی کیا تم اپنے رب سے مانگنے کی طاقت رکھتے ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف رشدین کی روایت سے جانتے ہیں اور یہ ضعیف ہیں پھر عبدالرحمٰن بن زیاد افریقی بھی ضعیف ہیں۔ لہٰذا اس کی سند ضعیف ہے۔

۸۴۲: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَفْصٍ نَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَقْرَأُهَا اِنَّهُ عَمِلَ غَيْرُ صَالِحٍ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ نَحْوَ هٰذَا وَهُوَ حَدِيْثُ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا

۸۴۲: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے " اِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ " یعنی اس نے غیر صالح عمل کیا۔ اس حدیث کو کئی راوی ثابت بنانی سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ شہر بن حوشب بھی اسے اسماء بنت یزید سے روایت کرتے ہیں۔ عبد بن حمید کہتے ہیں کہ یہی

الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنْ شَهْرِبْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ وَ سَمِعْتُ عَبْدَبْنَ حُمَيْدٍ يَقُوْلُ اَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ هِيَ اُمُّ سَلَمَةَ الْاَ نْصَارِيَّةُ كِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ عِنْدِيْ وَاحِدٌ وَقَدْ رَوٰى شَهْرُبْنُ حَوْشَبٍ غَيْرَ حَدِيْثٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ الْاَ نْصَارِيَّةِ وَهِيَ اَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا.

ام سلمہ رضی اللہ عنہا انصاریہ ہیں اور میرے نزدیک دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ شہر بن حوشب نے کئی حدیثیں ام سلمہ انصاریہ سے نقل کی ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتی ہیں۔

۸۴۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْبَصْرِيُّ نَا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ نَا اَبُو الْجَارِيَةِ الْعَبْدِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَرَأَ قَدْبَلَغْتَ مِنْ لَّدُ نِّيْ عُذْرًا مُثَقَّلَةً هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِ فُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ ثِقَةٌ وَاَبُو الْجَارِيَةِ الْعَبْدِيُّ شَيْخٌ مَجْهُوْلٌ وَلاَ نَعْرِفُ اِسْمَهُ.

۸۴۳: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''قَدْبَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا''۔ میں ذال پر پیش پڑھا۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ امیہ بن خالد ثقہ اور ابو جاریہ عبدی مجہول ہیں۔ ہم اس کا نام نہیں جانتے۔

۸۴۴: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعْدِبْنِ اَوْسٍ عَنْ مِصْدَعٍ اَبِيْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَالصَّحِيْحُ مَارُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قِرَاءَ تُهُ وَيُرْوٰى اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَعَمْرَ وَبْنَ الْعَاصِ اِخْتَلَفَا فِيْ قِرَاءَ ةِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَارْتَفَعَا اِلٰى كَعْبِ الْاَ حْبَارِفِيْ ذٰلِكَ فَلَوْكَانَتْ عِنْدَهُ رِوَايَةٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاسْتَغْنٰى بِرِوَايَتِهٖ وَلَمْ يَحْتَجْ اِلٰى كَعْبٍ.

۸۴۴: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اس طرح پڑھی'' فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ ''۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور صحیح وہ ہے جو ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔ چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور عمرو بن عاص کے درمیان اس حدیث کی قراءت میں اختلاف ہے انہوں نے اس اختلاف کو کعب احبار کے سامنے پیش کیا۔ لہٰذا اگر ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس کوئی حدیث ہوتی تو وہ کافی ہوتی اور وہ کعب بن احبار کے پاس نہ جاتے۔

۸۴۵: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَ عْمَشِ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ لَمَّاكَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلٰى فَارِسَ فَاَعْجَبَ ذٰلِكَ الْمُؤْ مِنِيْنَ فَنَزَلَتْ الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْ مُ اِلٰى قَوْلِهٖ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ قَالَ فَفَرِحَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِظُهُوْرِ الرُّوْمِ عَلٰى فَارِسَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ

۸۴۵: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے موقع پر (خبر ملی کہ) اہل روم، فارس والوں پر غالب ہوگئے ہیں۔ چنانچہ'' الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْ مُ اِلٰى قَوْلِهٖ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ '' تک آیات نازل ہوئیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ غُلِبَتْ دونوں طرح (یعنی غَلَبَت اور غُلِبَت) پڑھا گیا ہے۔ کہتے ہیں کہ پہلے اہل روم مغلوب ہوگئے تھے

مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ يُقْرَأُ غَلَبَتْ وَغُلِبَتْ يَقُوْلُ كَانَتْ غَلَبَتْ ثُمَّ غُلِبَتَ هٰكَذَا قَرَأَ نَصْرُبْنُ عَلِيِّ غَلَبَتْ .

پھر غالب ہوئے۔لہٰذا غُلِبَتْ میں ان کے غالب ہونے کی خبر دی گئی ہے۔نصر بن علی نے بھی غَلَبَت پڑھا ہے۔

۸۴۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ الرَّازِيُّ نَا نُعَيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ النَّحوِيُّ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَرَأَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ (خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ) فَقَالَ مِنْ ضُعْفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ .

۸۴۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھا '' خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ '' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضُعْفٍ پڑھو۔عبد بن حمید بھی یزید بن ہارون سے اور وہ فضیل بن مرزوق سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اسے صرف فضیل بن مرزوق کی روایت سے جانتے ہیں۔

۸۴۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۸۴۷: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آیت اس طرح پڑھتے تھے '' فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ '' یعنی دال کے ساتھ۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۴۸: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنْ هَارُوْنَ الْاَعْوَرِ عَنْ بُدَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فَرُوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّةُ نَعِيْمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هَارُوْنَ الْاَعْوَرِ .

۸۴۸: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا : '' فَرُوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ وَّجَنَّةُ نَعِيْمٍ '' یعنی راء پر پیش پڑھا۔یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اسے صرف ہارون اعور کی روایت سے جانتے ہیں۔

۸۴۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَدِمْنَا الشَّامَ فَاَتَانَا اَبُو الدَّرْدَاءِ فَقَالَ اَفِيْكُمْ اَحَدٌ يَقْرَأُ عَلٰى قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فَاَشَارُوْا اِلَيَّ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ كَيْفَ سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ يَقْرَأُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى) قَالَ قُلْتُ سَمِعْتُهُ يَقْرَأُهَا وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ وَاَنَا وَاللّٰهِ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُهَا وَهٰؤُلَاءِ يُرِيْدُوْنَنِيْ اَنْ اَقْرَأَهَا وَمَا خَلَقَ فَلَا اُتَابِعُهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاللَّيْلِ اِذَا

۸۴۹: حضرت علقمہ کہتے ہیں کہ ہم شام گئے تو ابودرداءؓ ہمارے پاس تشریف لائے اور پوچھا کیا تم میں سے کوئی عبداللہ بن مسعودؓ کی قرآت سے قرآن پڑھ سکتا ہے؟ لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا تو میں نے عرض کیا: جی ہاں۔آپؓ نے فرمایا تم نے عبداللہ بن مسعودؓ کو یہ آیت کس طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے ''وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى'' میں نے عرض کیا وہ اس طرح پڑھتے تھے۔'' وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ...... ''۔ابودرداءؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم میں نے نبی اکرم ﷺ کو بھی اسی طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے۔یہ لوگ چاہتے ہیں کہ '' وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى '' پڑھوں لیکن میں ان کی بات نہیں مانوں گا۔یہ حدیث حسن صحیح

يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى.

ہے اور عبداللہ بن مسعودؓ کی قراءت اسی طرح ہے" وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى"

۸۵۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَقْرَاَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۵۰: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اس طرح پڑھائی" اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۵۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ وَالْفَضْلُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا اَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَرَاَ وَتَرَى النَّاسَ سَكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَهٰكَذَا رَوَى الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ وَلَا نَعْرِفُ لِقَتَادَةَ سَمَاعًا مِّنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اِلَّا مِنْ اَنَسٍ وَاَبِي الطُّفَيْلِ وَهٰذَا عِنْدِيْ مُخْتَصَرٌ اِنَّمَا يُرْوٰى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ سَفَرٍ فَقَرَاَ يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اَلْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ وَحَدِيْثُ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عِنْدِيْ مُخْتَصَرٌ مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

۸۵۱: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اس طرح پڑھی" وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى" ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حکم بن عبدالملک قتادہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ ہمیں قتادہ کے ابوطفیل رضی اللہ عنہ اور انس رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی صحابی سے سماع کا علم نہیں اور یہ روایت مختصر ہے۔ اس کی صحیح سند اس طرح ہے کہ قتادہ، حسن سے اور وہ عمران بن حصینؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی "يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ" میرے خیال میں یہ حدیث اس حدیث سے مختصر ہے۔

۸۵۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ بِئْسَمَا لِاَحَدِهِمْ اَوْ لِاَحَدِكُمْ اَنْ يَّقُوْلَ نَسِيْتُ اٰيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ بَلْ هُوَ نُسِّيَ فَاسْتَذْكِرُوا الْقُرْاٰنَ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِّنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۵۲: حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتنا برا ہے وہ شخص ان میں سے کسی کے لیے یا فرمایا تم لوگوں کے لیے جو کہے کہ میں فلاں آیت بھول گیا بلکہ اسے تو بھلا دیا گیا۔ لہٰذا قرآن کو یاد کرتے رہا کرو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے قرآن لوگوں کے دلوں سے اس سے بھی زیادہ بھاگنے والا ہے جس طرح چوپایہ اپنی باندھنے کی رسّی سے بھاگتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الابواب: ان ابواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت کے بارہ میں احادیث وارد ہوئی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قراءت بہت ٹھہر ٹھہر کے کرتے تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم بھی یہی ہے کہ قرآن مجید کو آہستہ آہستہ پڑھیے یعنی جلدی کے ساتھ نہ پڑھا جائے جیسا کہ ہمارے زمانے کے حفاظ پڑھتے ہیں نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے قرآن پاک پڑھا۔

۳۷۷: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ

۸۵۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰی نَا شَيْبَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرِّبْنِ حُبَيْشٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ لَقِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرَئِيْلَ فَقَالَ يَا جِبْرَئِيْلُ اِنِّيْ بُعِثْتُ اِلٰی اُمَّةٍ اُمِّيِّيْنَ مِنْهُمُ الْعَجُوْزُ وَالشَّيْخُ الْكَبِيْرُ وَالْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ وَالرَّجُلُ الَّذِيْ لَمْ يَقْرَأْ كِتَابًا قَطُّ قَالَ يَامُحَمَّدُ اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاُمِّ اَيُّوْبَ وَهِيَ اِمْرَأَةُ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ وَسَمُرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ جُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

۸۵۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ اَخْبَرَاهُ اَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ مَرَرْتُ بِهِشَامِ بْنِ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ وَهُوَ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَعْتُ قِرَاءَتَهٗ فَاِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلٰی حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكِدْتُ اُسَاوِرُهٗ فِي الصَّلٰوةِ فَنَظَرْتُهٗ حَتّٰی سَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ لَبَّبْتُهٗ بِرِدَائِهٖ فَقُلْتُ مَنْ اَقْرَاَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُكَ تَقْرَؤُهَا فَقَالَ اَقْرَاَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لَهٗ كَذَبْتَ وَاللّٰهِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُوَ اَقْرَاَنِيْ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ تَقْرَؤُهَا فَانْطَلَقْتُ اَقُوْدُهٗ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ

۳۷۷: باب اس بارے میں قرآن سات قراءتوں پر نازل ہوا

۸۵۳: حضرت ابی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرمؐ کی جبرئیل سے ملاقات ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: اے جبرئیل میں ایسی قوم کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں جو اُمّی (یعنی ان پڑھ) ہے۔ ان میں بوڑھے بھی ہیں عمر رسیدہ بھی ہیں بچے بھی ہیں اور بچیاں بھی۔ پھر ان میں ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی۔ جبرائیل نے کہا: اے محمدؐ! قرآن کو سات حرفوں (یعنی قراءتوں) پر نازل کیا گیا ہے۔ اس باب میں عمرؓ، حذیفہؓ بن یمانؓ، ابو ہریرہؓ اور ام ایوبؓ سے بھی روایت ہے۔ ام ایوبؓ، ابوایوبؓ کی بیوی ہیں۔ نیز سمرہؓ، ابن عباسؓ اور ابوجہم بن حارث بن صمہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے ابی بن کعب ہی سے منقول ہے۔

۸۵۴: مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن عبدالقاری کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں عہد نبوی میں ہشام بن حکیم بن حزام کے پاس سے گزرا تو وہ سورہ فرقان پڑھ رہے تھے۔ میں نے ان کی قراءت سنی تو وہ ایسی قراءت پڑھ رہے تھے جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہیں پڑھائی تھی۔ قریب تھا کہ میں ان کے نماز پڑھتے ہوئے ان سے لڑ پڑوں لیکن میں نے انتظار کیا کہ سلام پھیر لیں۔ جب انہوں نے سلام پھیرا تو میں نے ان کی گردن کے پاس سے چادر پکڑ کر کھینچی اور پوچھا کہ تمہیں یہ سورت کس نے پڑھائی۔ جو تم ابھی پڑھ رہے تھے۔ کہنے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ میں نے کہا۔ جھوٹ بولتے ہو اللہ کی قسم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھی یہ سورت پڑھائی ہے۔ چنانچہ میں انہیں کھینچتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا کہ میں نے انہیں سورۂ فرقان کی ایسے حروف پر پڑھتے سنا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نہیں سکھائے۔ حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی نے

الْفُرْقَانِ عَلٰی حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِیْهَا وَاَنْتَ اَقْرَأْتَنِیْ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرْسِلْهُ یَا عُمَرُ اِقْرَأْ یَاهِشَامُ فَقَرَأَ عَلَیْهِ الْقِرَاءَ ةَالَّتِیْ سَمِعْتُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰکَذَا اُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَأْیَا عُمَرُفَقَرَأْتُ الْقِرَاءَ ةَ الَّتِیْ اَقْرَأَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰکَذَا اُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُ وْامَا تَیَسَّرَمِنْهُ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ حَسَنٌ وَقَدْرَوَاهُ مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ لَمْ یَذْکُرْفِیْهِ الْمِسْوَرَبْنَ مَخْرَمَةَ.

مجھے سورہ فرقان پڑھائی ہے۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا: اے عمرؓ اسے چھوڑ دو۔ پھر فرمایا: اے ہشام تم پڑھو۔ انہوں نے وہی قراءت پڑھی جو میں نے سنی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اے عمرؓ تم پڑھو۔ میں نے وہ قراءت پڑھی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ قرآن سات حروف (یعنی قراء توں) پر نازل ہوا ہے۔ لہٰذا جس میں آسانی ہو اس میں پڑھا کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ مالک بن انس اسے زہری سے اسی سند سے نقل کرتے ہیں لیکن مسور بن مخرمہ کا ذکر نہیں کرتے۔

۳۷۸: بَابٌ

۳۷۸: باب

۸۵۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْاُسَامَةَ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ اَخِیْهِ کُرْبَةً مِنْ کُرَبِ الدُّنْیَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ کُرْبَةً مِنْ کُرَبِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَمَنْ سَتَرَمُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَنْ یَسَّرَعَلٰی مُعْسِرٍ یَسَّرَ اللّٰهُ عَلَیْهِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَاکَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْهِ وَمَنْ سَلَکَ طَرِیْقًا یَلْتَمِسُ فِیْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِیْقًا اِلَی الْجَنَّةِ وَمَا قَعَدَ قَوْمٌ فِیْ مَسْجِدٍ یَتْلُوْنَ کِتَابَ اللّٰهِ وَیَتَدَارَسُوْنَهٗ بَیْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَةُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِکَةُ وَمَنْ اَبْطَأَبِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ یُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ هٰکَذَارَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَرَوٰی اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ حُدِّثْتُ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ

۸۵۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جس نے اپنے کسی (مسلمان) بھائی سے کوئی دنیاوی مصیبت دور کردی اللہ تعالیٰ اسکی قیامت کی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت دور کردیگا۔ جو کسی مسلمان کی دنیا میں پردہ پوشی کریگا۔ اللہ تعالیٰ اسکی دنیا وآخرت میں پردہ پوشی کرینگے۔ جو کسی تنگدست کیلئے آسانیاں پیدا کردے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی اس وقت تک مدد کرتا رہے گا جب تک وہ اپنے بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے۔ جس نے علم حاصل کرنے کیلئے کوئی راستہ اختیار کیا اللہ تعالیٰ اسکے لیے جنت کا ایک راستہ آسان کردیتے ہیں اور کوئی قوم ایسی نہیں کہ وہ مسجد میں بیٹھ کر قرآن کریم کی تلاوت یا آپس میں ایک دوسرے کو قرآن سنتے سناتے، سیکھتے سکھاتے ہوں اور ان پر اللہ کی مدد نازل نہ ہو اور اسکی رحمت ان کا احاطہ نہ کرلے اور فرشتے انہیں گھیر نہ لیں اور جس نے عمل میں سستی کی اسکا نسب اسے آگے نہیں بڑھا سکتا۔ اس حدیث کو کئی راوی اعمش سے وہ ابوصالح سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرمؐ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اسباط بن محمد نے اعمش سے کہا کہ مجھے ابوصالح کے واسطے سے ابو ہریرہؓ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بَعْضَ هٰذَا الْحَدِيْثِ. سے ایک حدیث پہنچی ہے اور پھر اس حدیث کا کچھ حصہ بیان کیا۔

خلاصۃ الابواب : قرآن کریم سات حروف پر اُترا ہے کی بہترین تشریح اور تعبیر یہ ہے کہ حروف کے اختلاف سے مراد قراءتوں کا اختلاف ہے اور سات حروف سے مراد اختلاف قراءت کی سات نوعیتیں ہیں چنانچہ قراءتیں تو اگرچہ سات سے زائد ہیں لیکن ان قراءتوں میں جو اختلاف پائے جاتے ہیں وہ سات اقسام میں منحصر ہیں (۱) مفرد اور جمع کا اختلاف کہ ایک قراءت میں لفظ مفرد ہے اور دوسری میں صیغہ جمع مثلاً ''وتمت كلمة ربك'' اور ''كلمات ربك'' (۲) مذکر ومؤنث کا اختلاف کہ ایک میں لفظ مذکر استعمال ہوا ہے اور دوسری میں مؤنث جیسے لا يُقْبَلُ اور لا تُقْبَلُ (۳) وجوہ اعراب کا اختلاف کہ زیر زبر وغیرہ بدل جائیں مثلاً هَلْ مِنْ خَالِقٍ غيرُ الله اور غيرِ الله (۴) حرفی ہیئت کا اختلاف جیسے'' يَغْرِشُوْنَ'' اور'' يُعَرِّشُوْنَ'' (۵) ادوات (حروف نحویہ) کا اختلاف جیسے'' لٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ'' اور'' لٰكِنِ الشَّيَاطِيْنُ'' (۶) لفظ کا ایسا اختلاف جس میں حروف بدل جائیں جیسے تَعْلَمُوْنَ يَعْلَمُوْنَ (۷) لہجوں کا اختلاف جیسے تخفیف، تفخیم، اِمالہ، مدّ، قصر، اظہار اور ادغام۔ یہ تشریح امام مالکؒ سے منقول ہے اس کے علاوہ امام ابو الفضلؒ رازی فرماتے ہیں کہ قراءت کا اختلاف سات اقسام میں منحصر ہے (۱) اسماء کا اختلاف (۲) افعال کا اختلاف (۳) وجوہ اعراب کا اختلاف (۴) الفاظ کی کمی بیشی کا اختلاف (۵) تقدیم وتاخیر کا اختلاف کہ ایک قراءت میں کوئی لفظ کم اور دوسری میں زیادہ ہو (۶) بدلیت کا اختلاف کہ ایک قراءت میں ایک لفظ ہے اور دوسری قراءت میں اس کی جگہ دوسرا لفظ (۷) لہجوں کا اختلاف اس کی تفصیل گذر چکی ہے ان سات قراءتوں کی وجہ سے قرآن کریم پڑھنے میں آسانی پیدا ہوگئی کیونکہ حدیث باب کے الفاظ صراحت اور وضاحت کے ساتھ بتلا رہے ہیں کہ اُمت کے لئے سات حروف کی آسانی طلب کرنے میں حضورؐ کے پیش نظر یہ بات تھی کہ آپؐ ایک امّی اور اَن پڑھ قوم کی طرف معبوث ہوئے ہیں جس میں ہر طرح کے لوگ ہیں اگر قرآن کریم کی تلاوت کے لئے صرف ایک ہی طریقہ متعین کر دیا گیا تو اُمت مشکل میں مبتلاء ہو جائے گی اس کے برعکس اگر کئی طریقے رکھے گئے تو ممکن ہوگا کہ کوئی شخص ایک طریقے سے تلاوت پر قادر نہیں ہے تو دوسرے طریقہ سے انہی الفاظ کو ادا کر دے اس طرح اس کی نماز اور تلاوت کی عبادات درست ہو جائیں گی۔

۳۷۹: بَابٌ

۸۵۶: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ كَمْ اَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ قَالَ اخْتِمْهُ فِيْ شَهْرٍ قُلْتُ اِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اخْتِمْهُ فِيْ عِشْرِيْنَ قُلْتُ اِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اخْتِمْهُ فِيْ خَمْسَةَ عَشَرَ قُلْتُ اِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اخْتِمْهُ فِيْ

۳۷۹: باب

۸۵۶: حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ کتنے دنوں میں قرآن ختم کرلیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ایک ماہ میں۔ میں نے عرض کیا: میں اس سے کم مدت میں پڑھ سکتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر بیس دن میں پڑھ لیا کرو۔ میں نے کہا کہ میں اس سے بھی کم مدت میں پڑھ سکتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا پھر پندرہ دن پڑھ لیا کرو۔ میں نے کہا میں اس سے بھی کم مدت میں پڑھ سکتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا دس دن میں پڑھ لیا

عَشْرٍ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ اخْتِمْهُ فِیْ خَمْسٍ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ فَمَا رَخَّصَ لِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ یُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ یَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اِقْرَأِ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَرْبَعِیْنَ وَقَالَ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَلَا نُحِبُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یَاتِیَ عَلَیْهِ اَکْثَرُ مِنْ اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا وَلَمْ یَقْرَأِ الْقُرْاٰنَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ لِلْحَدِیْثِ الَّذِیْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَخَّصَ فِیْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ وَرُوِیَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّهٗ کَانَ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ فِیْ رَکْعَةٍ یُوْتِرُ بِهَا وَرُوِیَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اَنَّهٗ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فِیْ رَکْعَةٍ فِی الْکَعْبَةِ وَالتَّرْتِیْلُ فِی الْقِرَاءَةِ اَحَبُّ اِلٰی اَهْلِ الْعِلْمِ۔

کرو۔ میں نے عرض کیا میں اس سے بھی کم مدت میں پڑھنے کی استطاعت رکھتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا پھر پانچ دن میں پڑھ لیا کرو۔ میں نے عرض کیا: میں اس سے بھی کم مدت میں پڑھ سکتا ہوں لیکن آپؐ نے اس سے کم مدت میں پڑھنے کی اجازت نہیں دی۔ یہ حدیث ابو بردہ کی عبداللہ بن عمروؓ سے روایت سے حسن صحیح غریب ہے اور کئی سندوں سے عبداللہ بن عمروؓ ہی سے منقول ہے۔ انہی سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا وہ اسے نہیں سمجھا۔ نیز یہ بھی عبداللہ بن عمروؓ سے منقول ہے کہ چالیس دن میں قرآن کریم ختم کیا کرو۔ اسحٰق بن ابراہیم کہتے ہیں کہ میں پسند نہیں کرتا کہ کوئی شخص چالیس دن میں قرآن کو ختم نہ کرے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ تین دن سے کم میں قرآن نہ پڑھا (ختم نہ کیا) جائے۔ انکی دلیل حضرت عبداللہ بن عمروؓ ہی کی حدیث ہے۔ لیکن بعض علماء جن میں عثمان بن عفانؓ بھی ہیں۔ تین دن سے کم مدت قرآن ختم کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ حضرت عثمانؓ ہی کے بارے میں منقول ہے کہ وہ وتر کی ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھا کرتے تھے۔ سعید بن جبیرؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے خانہ کعبہ میں دو رکعتوں میں پورا قرآن ختم کیا لیکن ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا اہل علم کے نزدیک مستحب ہے۔

۸۵۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِی النَّضْرِ الْبَغْدَادِیُّ نَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَکِ عَنْ سِمَاکِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَهٗ اِقْرَأِ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَرْبَعِیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سِمَاکِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اَمَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اَنْ یَقْرَأَ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَرْبَعِیْنَ۔

۸۵۷: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ قرآن کو چالیس دن میں ختم کیا کرو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض حضرات اسے معمر سے وہ سماک سے وہ وہب بن منبہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن عمرو کو چالیس روز میں قرآن ختم کرنے کا حکم دیا۔

۸۵۸: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَهْضَمِیُّ نَا الْهَیْثَمُ بْنُ الرَّبِیْعِ ثَنِیْ نَا صَالِحٌ الْمُرِّیُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ

۸۵۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کونسا عمل اللہ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے۔ آپؐ نے فرمایا: کہ آدمی قرآن ختم کر کے شروع کرنے

الْعَمَلِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ قَالَ الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰذَا عِنْدِيْ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ نَصْرِ ابْنِ عَلِيٍّ عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ الرَّبِيْعِ.

والا بن جائے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ابن عباسؓ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ محمد بن بشار، مسلم بن ابراہیم سے وہ صالح مری سے وہ قتادہ سے وہ زرارہ بن اوفی سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں اور اس میں ابن عباسؓ کا ذکر نہیں ہے۔ اور میرے نزدیک یہ حدیث بواسطہ نصر بن علی، ہشیم بن ربیع کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۸۵۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فِيْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

۸۵۹: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن کو تین دن سے کم میں پڑھا وہ اسے سمجھ نہیں سکا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن بشار، محمد بن جعفر سے اور وہ شعبہ سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

اَبْوَابُ تَفْسِيْرِ الْقُرْاٰنِ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قرآن کی تفسیر کے متعلق

نبی اکرم ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

۳۸۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي الَّذِيْ يُفَسِّرُ الْقُرْاٰنَ بِرَأْيِهٖ

۸۶۰: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَابِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۶۱: حَدَّثَنَاسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ نَااَبُوْعَوَانَةَ عَنْ عَبْدِالْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اتَّقُوْا الْحَدِيْثَ عَنِّيْ اِلَّامَا عَلِمْتُمْ فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ وَمَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهٖ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۶۲: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنِيْ حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَابْنُ اَبِيْ حَزْمٍ اَخُوْحَزْمٍ الْقُطَعِيِّ ثَنِيْ اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ قَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ حَزْمٍ وَهٰكَذَارُوِيَ عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ اَنَّهُمْ شَدَّدُوْا فِيْ هٰذَا فِيْ اَنْ يُفَسَّرَ الْقُرْاٰنَ

۳۸۰: باب جو شخص اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کرے

۸۶۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بغیر علم کے قرآن کی تفسیر کی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں تلاش کر لے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۶۱: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری طرف سے کوئی بات (یعنی حدیث) اس وقت تک نہ نقل کرو جب تک تمہیں یقین نہ ہو کہ یہ میرا ہی قول ہے اور جو شخص میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ اور ایسا شخص جو قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے کرے گا دونوں اپنا ٹھکانہ جہنم میں تلاش کرلیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۸۶۲: حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے قرآن میں اپنی طرف سے کچھ کہا اگر چہ صحیح کہا ہو تب بھی اس نے غلطی کی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بعض محدثین سہیل بن ابی حزم کو ضعیف کہتے ہیں۔ بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم اور بعد کے علماء سے یہی قول منقول ہے کہ وہ اپنی رائے سے تفسیر کرنے والے کی مذمت کرتے ہیں۔ نیز جو روایات مجاہد اور قتادہ سے منقول ہیں کہ انہوں نے تفسیر کی ان پر یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ انہوں

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَاَمَّا الَّذِىْ رُوِىَ عَنْ مُجَاهِدٍ وَقَتَادَةَ وَغَيْرِ هِمَا مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُمْ فَسَّرُوا الْقُرْاٰنَ فَلَيْسَ الظَّنُّ بِهِمْ اَنَّهُمْ قَالُوْا فِى الْقُرْاٰنِ اَوْ فَسَّرُوْهُ بِغَيْرِ عِلْمٍ اَوْمِنْ قِبَلِ اَنْفُسِهِمْ وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُمْ مَايَدُلُّ عَلٰى مَاقُلْنَا اَنَّهُمْ لَمْ يَقُوْلُوْا مِنْ قِبَلِ اَنْفُسِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِىِّ الْبَصْرِىُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ مَا فِى الْقُرْاٰنِ اٰيَةٌ اِلَّا وَقَدْ سَمِعْتُ فِيْهَا بِشَىْءٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ قَالَ مُجَاهِدٌ لَوْ كُنْتُ قَرَأْتُ قِرَاَةَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَمْ اَحْتَجْ اِلٰى اَنْ اَسْاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ مِمَّا سَاَلْتُ.

نے بغیر علم کے قرآن کی تفسیر کی۔ اس لیے کہ حسین بن مہدی، عبدالرزاق سے وہ معمر سے اور وہ قتادہ سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا: قرآن کریم میں کوئی آیت ایسی نہیں جس کی تفسیر میں میں نے کوئی نہ کوئی روایت نہ سنی ہو۔ پھر ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما، سفیان سے اور وہ اعمش سے نقل کرتے ہیں کہ مجاہد نے فرمایا: اگر میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قراءت پڑھتا تو مجھے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بہت سی ایسی باتوں کے متعلق پوچھنے کی ضرورت نہ پڑتی جو ان سے پوچھتا ہوں۔

خلاصۃ الابواب : علم تفسیر جہاں ایک انتہائی شرف وسعادت کی چیز ہے وہاں اس نازک وادی میں قدم رکھنا بے حد خطرناک بھی ہے کیونکہ اگر انسان کسی آیت کی غلط تشریح کر بیٹھے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایک ایسی بات منسوب کر رہا ہے جو اللہ تعالیٰ نے نہیں کہی اور ظاہر ہے کہ اس سے بڑی گمراہی کیا ہو سکتی ہے جن لوگوں نے ضروری شرائط پوری کئے بغیر قران کریم کی تفسیر میں دخل اندازی کی ہے وہ کافی محنت خرچ کرنے کے باوجود اس بدترین گمراہی میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ علماء کرامؒ نے ان اسباب کو بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے جو انسان کو تفسیر قرآن کے معاملے میں گمراہی کی طرف لیجاتے ہیں ان میں پہلا سبب نااہلیت ہے اور یہ سب سے خطرناک ہے کہ انسان اپنی اہلیت اور صلاحیت کو دیکھے بغیر قرآن کریم کے معاملے میں رائے زنی شروع کردے خاص طور سے ہمارے زمانے میں گمراہی کے اس سبب نے بڑی قیامت ڈھائی ہے یہ غلط فہمی عام ہوتی جارہی ہے کہ صرف عربی زبان پڑھ لینے کے بعد انسان قرآن مجید کا عالم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد جس طرح سمجھ میں آئے قرآن کریم کی تفسیر کرسکتا ہے حالانکہ سوچنے کی بات یہ ہے کہ دنیا کا کوئی بھی علم وفن ایسا نہیں کہ جس میں محض زبان دانی کے بل پر مہارت پیدا ہو سکتی ہو۔ آج تک کسی ذی ہوش نے انگریزی زبان پر مکمل عبور رکھنے کے باوجود یہ دعویٰ نہیں کیا ہوگا کہ وہ ڈاکٹر ہو گیا ہے اور میڈیکل سائنس کی کتابیں پڑھ کر دنیا پر مشق ستم کرسکتا ہے اور نہ قانون کی اعلیٰ کتابیں دیکھ کر ماہر قانون کہلا سکتا ہے اور اگر کوئی شخص ایسا دعویٰ کرے تو یقیناً ساری دنیا اسے احمق اور بے وقوف کہے گی۔ بلکہ ان کے لئے سالہا سال کی محنت درکار ہوتی ہے انہیں ماہر اساتذہ سے پڑھا جاتا ہے اس کے لئے بڑی بڑی درس گاہوں سے کئی کئی امتحانات سے گذرنا ہوتا ہے پھر کسی ماہر فن کے پاس رہ کر ان کا عملی تجربہ کرنا پڑتا ہے تب کہیں جا کر ان علوم کا مبتدی کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔ لہٰذا تفسیر قرآن جیسا علم محض عربی زبان سیکھ لینے کی بناء پر آخر کیسے حاصل ہو جائے گا تو علم تفسیر میں درک حاصل کرنے کے لئے بہت وسیع معلومات درکار ہوتی ہیں۔ دوسرا سبب تفسیر قرآن میں گمراہی یہ ہے کہ انسان اپنے ذہن میں پہلے سے کچھ نظریات متعین کرلے اور پھر قرآن کو ان نظریات کے تابع بنانے کی فکر کرے جیسا کہ علامہ ابن تیمیہؒ نے نشاندہی فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ بھی کئی اسباب ہیں اس واسطے حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے بھی قرآن میں اپنی طرف سے کچھ کہا اگرچہ صحیح کیا ہو تب بھی اس نے غلطی کی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

۸۶۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِيَ خِدَاجٌ فَهِيَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ قَالَ قُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اِنِّيْ اَحْيَانًا اَكُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ قَالَ يَا ابْنَ الْفَارِسِيِّ فَاقْرَأْهَا فِيْ نَفْسِكَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ فَنِصْفُهَا لِيْ وَنِصْفُهَا لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَاسَاَلَ يَقُوْمُ الْعَبْدُ (فَيَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى حَمِدَنِيْ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُ (اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ) فَيَقُوْلُ اللّٰهُ اَثْنٰى عَلَيَّ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُ (مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ) فَيَقُوْلُ مَجَّدَنِيْ عَبْدِيْ وَهٰذَا لِيْ وَبَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ (اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) وَاٰخِرُ السُّوْرَةِ لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ يَقُوْلُ (اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَاِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوَى ابْنُ جُرَيْجٍ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي السَّائِبِ مَوْلٰى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَرَوَى ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ وَاَبُو السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا.

باب سورہ فاتحہ کی تفسیر کے متعلق

۸۶۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی اسکی نماز ناقص ہے نامکمل ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا اے ابو ہریرہؓ: کبھی میں امام کے پیچھے ہوتا ہوں تو کیا کروں؟ انہوں نے فرمایا: اے فارسی کے بیٹے دل میں پڑھا کرو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے اپنے بندے کی نماز کو دو حصوں میں تقسیم کردیا ہے۔ ایک حصہ اپنے لیے اور ایک اس بندے کے لیے۔ پھر میرا بندہ جو مانگے وہ اس کے لیے ہے۔ چنانچہ جب بندہ کھڑا ہو کر ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ'' پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری حمد بیان کی۔ جب ''اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ'' پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری ثنا بیان کی۔ جب ''مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' کہتا ہے تو اللہ فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعظیم کی۔ اور یہ خالصتاً میرے لیے ہے اور میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے۔ پھر ''اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ'' سے آخر تک میرے بندے کے لیے ہے اور اس کے لیے وہی ہے جو وہ یہ کہتے ہوئے مانگے ''اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ'' یہ حدیث حسن ہے۔ شعبہ، اسماعیل بن جعفر اور کئی راوی علاء بن عبدالرحمٰن سے وہ اپنے والد سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ پھر ابن جریج اور مالک بن انس بھی علاء بن عبدالرحمٰن سے وہ ابو سائب سے (جو ہشام کے مولیٰ ہیں) وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ نیز ابن ادریس اپنے والد سے اور وہ علاء بن عبدالرحمٰن سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میرے والد اور ابو سائب نے ابو ہریرہؓ سے اسی کی ہم

معنی روایت کی ہے۔

(ف) اس روایت میں بھی مقتدی کو دل میں پڑھنے کا حکم ہے زبان سے نہیں اور دل میں تو یہی ہے کہ جو امام پڑھتا ہے اسکو دل سے متوجہ ہو کر سنے پڑھنے کا مفہوم حاصل ہو جائیگا۔

۸۶۴: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَيَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ قَالَا ثَنِي ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ وَاَبُو السَّائِبِ مَوْلٰى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ وَكَانَا جَلِيْسَيْنِ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِيَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ وَلَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ اُوَيْسٍ اَكْثَرُ مِنْ هٰذَا وَسَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ ابْنِ اُوَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْعَلَاءِ.

۸۶۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور اس میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز ناقص و نامکمل ہے۔ اسمٰعیل بن اویس کی روایت میں اس سے زیادہ نہیں۔ امام ابو عیسٰی ترمذی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوزرعہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ لیکن انہوں نے ابن اویس کی روایت کو بطور دلیل پیش کیا ہے جو وہ اپنے والد سے اور وہ علاء سے روایت کرتے ہیں۔

۸۶۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ اَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ الْقَوْمُ هٰذَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ وَجِئْتُ بِغَيْرِ اَمَانٍ وَلَا كِتَابٍ فَلَمَّا دُفِعْتُ اِلَيْهِ اَخَذَ بِيَدِيْ وَقَدْ كَانَ قَالَ قَبْلَ ذٰلِكَ اِنِّيْ لَاَرْجُوْا اَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ يَدَهٗ فِيْ يَدِيْ قَالَ فَقَامَ بِيْ فَلَقِيَتْهُ امْرَاَةٌ وَصَبِيٌّ مَعَهَا فَقَالَا اِنَّ لَنَا اِلَيْكَ حَاجَةً فَقَامَ مَعَهُمَا حَتّٰى قَضٰى حَاجَتَهُمَا ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِيْ حَتّٰى اَتٰى بِيْ دَارَهٗ فَاَلْقَتْ لَهُ الْوَلِيْدَةُ وِسَادَةً فَجَلَسَ عَلَيْهَا وَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَا يُفِرُّكَ اَنْ تَقُوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَهَلْ تَعْلَمُ مِنْ اِلٰهٍ سِوَى اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا تَفِرُّ اَنْ تَقُوْلَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَتَعْلَمُ شَيْئًا اَكْبَرُ مِنَ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنَّ الْيَهُوْدَ مَغْضُوْبٌ عَلَيْهِمْ وَاِنَّ النَّصَارٰى ضُلَّالٌ قَالَ قُلْتُ فَاِنِّيْ حَنِيْفٌ

۸۶۵: حضرت عدی بن حاتمؓ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ لوگوں نے عرض کیا یہ عدی بن حاتم ہیں۔ میں کسی امان اور تحریر کے بغیر آ گیا تھا۔ جب مجھے آپؐ کے سامنے لے جایا گیا تو آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ آپؐ پہلے ہی صحابہؓ سے کہہ چکے تھے کہ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیں گے۔ پھر آپؐ مجھے لے کر کھڑے ہوئے تو ایک عورت اور ایک بچہ آپؐ کے پاس آئے اور کہا کہ ہمیں آپؐ سے کام ہے۔ آپؐ ان کے ساتھ ہو لئے اور ان کا کام کر کے دوبارہ میرا ہاتھ پکڑا اور اپنے گھر لے گئے۔ ایک بچی نے آپ ﷺ کے لیے بچھونا بچھا دیا جس پر آپؐ بیٹھ گئے اور میں آپ ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا۔ پھر آپؐ نے اللہ کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد مجھ سے پوچھا کہ تمہیں "لا الہ الا اللہ" کہنے سے کونسی چیز روکتی ہے۔ کیا تم اللہ کے علاوہ کسی معبود کو جانتے ہو۔ میں نے عرض کیا "نہیں"۔ پھر کچھ دیر باتیں کرتے رہے پھر فرمایا: تم اس لیے اللہ اکبر کہنے سے راہ فرار اختیار کرتے ہو کہ تم اس سے بڑی کوئی چیز جانتے ہو؟ میں نے عرض

مُسْلِمٌ قَالَ فَرَاَيْتُ وَجْهَهٗ تَبَسَّطَ فَرَحًا قَالَ ثُمَّ اَمَرَبِیْ فَاُنْزِلْتُ عِنْدَ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَجَعَلْتُ اَغْشَاهُ طَرَفِی النَّهَارِ قَالَ فَبَيْنَمَا اَنَا عِنْدَهٗ عَشِيَّةً اِذْ جَاءَهٗ قَوْمٌ فِیْ ثِيَابٍ مِنَ الصُّوْفِ مِنْ هٰذِهِ النِّمَارِ قَالَ فَصَلّٰی وَقَامَ فَحَثَّ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَالَ وَلَوْصَاعٌ وَلَوْ بِنِصْفِ صَاعٍ وَلَوْ قُبْضَةً وَلَوْ بِبَعْضِ قُبْضَةٍ يَقِیْ اَحَدُكُمْ وَجْهَهٗ حَرَّ جَهَنَّمَ اَوِالنَّارِ وَلَوْ بِتَمْرَةٍ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَاقِی اللّٰهَ وَقَائِلٌ لَهٗ مَا اَقُوْلُ لَكُمْ اَلَمْ اَجْعَلْ لَكَ سَمْعًا وَ بَصَرًا فَيَقُوْلُ بَلٰی فَيَقُوْلُ اَلَمْ اَجْعَلْ لَكَ مَالاً وَوَلَدًا فَيَقُوْلُ بَلٰی فَيَقُوْلُ اَيْنَ مَاقَدَّمْتَ لِنَفْسِكَ فَيَنْظُرُ قُدَّامَهٗ وَبَعْدَهٗ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ ثُمَّ لَا يَجِدُ شَيْئًا يَقِیْ بِهٖ وَجْهَهٗ حَرَّ جَهَنَّمَ لِيَقِ اَحَدُكُمْ وَجْهَهُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ فَاِنِّیْ لَااَخَافُ عَلَيْكُمُ الْفَاقَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ نَاصِرُكُمْ وَمُعْطِيْكُمْ حَتّٰی تَسِيْرَ الظَّعِيْنَةُ فِيْمَا بَيْنَ يَثْرِبَ وَالْحِيْرَةِ اَوْاَكْثَرَمَا يَخَافُ عَلٰی مَطِيَّتِهَا السَّرَقَ فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ فِیْ نَفْسِیْ فَاَيْنَ لُصُوْصُ طَیِّئٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ وَرَوٰی شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ.

کیا نہیں ۔ آپؐ نے فرمایا یہودیوں پر اللہ کا غضب ہے اور نصاریٰ گمراہ ہیں۔ عدی کہتے ہیں پھر میں نے کہا کہ میں خالص مسلمان ہوں۔ عدی کہتے ہیں پھر میں نے دیکھا کہ (یہ سن کر) نبی اکرم ﷺ کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے حکم دیا اور میں ایک انصاری کے ہاں (بطور مہمان) رہنے لگا اور آپؐ کی خدمت میں صبح وشام حاضر ہونے لگا۔ ایک دن میں رات کے وقت آپؐ کے پاس تھا کہ ایک قوم آئی۔ انہوں نے اون کے دھاری دار کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ پھر آپؐ نے نماز پڑھی اور خطبہ دیتے ہوئے انہیں صدقہ دینے کی ترغیب دی اور فرمایا: اگرچہ ایک صاع ہو یا نصف ہو یا مٹھی ہو یا اس سے بھی کم ہو۔ تم میں سے ہر ایک (کو چاہیے کہ) اپنے چہرے کو جہنم کی آگ کی گرمی یا اس کی آگ سے بچانے کی کوشش کرے خواہ وہ ایک کھجور یا آدھی کھجور دے کر ہی ہو۔ اس لیے کہ ہر شخص کو اللہ سے ملاقات کرنی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اس سے وہی کچھ فرمائے گا جو میں تم سے کہتا ہوں۔ کیا میں نے تمہارے کان آنکھیں نہیں بنائیں؟ وہ کہے گا ہاں کیوں نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں نے تمہیں مال واولاد عطا نہیں کئے۔ وہ کہے گا ہاں کیوں نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا وہ کہاں ہے جو تم نے اپنے لیے آگے بھیجا تھا پھر وہ اپنے آگے پیچھے اور دائیں بائیں دیکھے گا اور اپنے چہرے کو آگ کی گرمی سے بچانے کے لیے کوئی چیز نہیں پائے گا لہٰذا تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو (جہنم کی) آگ سے بچائے چاہے کھجور کے ایک ٹکڑے کے ساتھ ہی ہو۔ اگر یہ بھی نہ ملے تو اچھی بات کے ذریعے ہی بچائے۔ اس لیے کہ میں تم لوگوں کے متعلق فاقے سے نہیں ڈرتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا مددگار اور عطاء کرنیوالا ہے یہاں تک کہ (عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ) ایک اکیلی عورت مدینہ سے حیرہ تک سفر کرے گی اور اسے اپنی سواری کی چوری کا بھی خوف نہیں ہوگا۔ عدی کہتے ہیں کہ میں دل میں سوچنے لگا کہ اس وقت قبیلہ بنوطئی کے چور کہاں ہوں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف سماک بن حرب کی روایت سے جانتے ہیں۔ شعبہ بھی سماک سے وہ عباد بن حبیش سے وہ عدی بن حاتم سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے طویل حدیث نقل کرتے ہیں۔

۸۶۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا

۸۶۶: روایت کی ہم سے محمد مثنیٰ اور محمد بن بشار نے ان دونوں

نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبَّادِبْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْيَهُودُ مَغْضُوبٌ عَلَيْهِمْ وَالنَّصَارٰى ضُلَّالٌ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُوْلِهِ.

نے کہا روایت کی ہم سے محمد بن جعفر نے انہوں نے شعبہ سے وہ سماک بن حرب سے وہ عباد بن حبیش سے وہ عدی بن ابی حاتم سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ یہود مَغْضُوبٌ عَلَيْهِمْ (یعنی یہودیوں پر غضب کیا گیا ہے) ہیں اور نصاریٰ (عیسائی) گمراہ ہیں۔ پھر طویل حدیث ذکر کی۔

خلاصہ سورۂ فاتحہ: سورۂ فاتحہ کی تفسیر میں حضور ﷺ نے پہلی بات تو یہ ارشاد فرمائی کہ اللہ تعالیٰ ہر جملہ پر جواب مرحمت فرماتے ہیں یہ بندہ کے لئے بہت خوش نصیبی کی بات ہے کہ اللہ جلّ جلالہ اپنی حمد و ثناء پر جواب ارشاد فرماویں۔ دوسری بات یہ بیان فرمائی کہ مغضوب علیہم کے مصداق یہود ہیں اور ضالین سے مراد نصاریٰ ہیں تیسری چیز سورۂ فاتحہ کی اہمیت بیان فرمائی کہ نماز میں اس سورۃ کا پڑھنا ضروری اور واجب ہے کہ اس کے بغیر نماز ناقص ہوتی ہے اس میں ائمہ کا اختلاف ہے بعض ائمہ کے نزدیک مطلق اسکی تلاوت فرض ہے چاہے امام ہو یا مقتدی ہو اور چاہے منفرد ہو۔ بعض ائمہ کرام کے نزدیک امام اور منفرد پر اس کا پڑھنا واجب ہے اور مقتدی پر نہیں اس لئے کہ دوسری احادیث میں مقتدی کو قراءت سے مستثنٰی قرار دیا ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

سورۂ بقرہ کے متعلق

۸۶۷: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ قَالُوْانَاعَوْفُ بْنُ اَبِيْ جَمِيْلَةَ الْاَ عْرَابِيُّ عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَ شْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ مِنْ قُبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَرْضِ. فَجَاءَ بَنُوْ اٰدَمَ عَلٰى قَدْرِ الْاَرْضِ فَجَاءَ مِنْهُمُ الْاَ حْمَرُوَ الْاَ بْيَضُ وَالْاَسْوَدُ وَبَيْنَ ذٰلِکَ وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ وَالْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۶۷: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) کو (مٹی کی) ایک مٹھی سے پیدا کیا جسے اس نے پوری زمین سے اکٹھا کیا۔ اس لیے اولا دآدم میں سے کوئی سرخ رنگ کا ہے کوئی سفید ہے تو کوئی کالا ہے اور کوئی ان رنگوں کے درمیان۔ اسی طرح کوئی نرم مزاج ہے تو کوئی سخت، کوئی خبیث اور کوئی طیب۔

امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۶۸: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اُدْخُلُو الْبَابَ سُجَّدًا قَالَ دَخَلُوْا مُتَزَحِّفِيْنَ عَلٰى اَوْرَاكِهِمْ اَىْ مُنْحَرِفِيْنَ وَبِهٰذَا الْاِ سْنَا دِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلاًغَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ قَالَ قَالُوْاحَبَّةٌ فِيْ شَعِيْرَةٍ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۶۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے "اُدْخُلُوا الْبَابَ" (ترجمہ۔ یعنی سجدہ کرتے ہوئے دروازے میں داخل ہو جاؤ) کی تفسیر میں فرمایا: کہ بنی اسرائیل اپنے کولھوں پر گھسٹتے ہوئے دروازے میں داخل ہوئے یعنی انحراف کرتے ہوئے۔ اس سند سے "فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ......" (ترجمہ۔ یعنی ان (ظالم) لوگوں نے اس قول کو بدل دیا جوان سے کہا گیا تھا) کی تفسیر میں منقول ہے کہ انہوں نے کہا "حَبَّةٌ

فِیْ شَعِیْرَةٍ" (جو میں دانہ)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا اَشْعَثُ السَّمَّانِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فِيْ لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ فَلَمْ نَدْرِ اَيْنَ الْقِبْلَةُ فَصَلّٰى كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا عَلٰى حِيَالِهٖ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَشْعَثَ السَّمَّانِ اَبِي الرَّبِيْعِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَاَشْعَثُ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ.

۸۶۹: حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک اندھیری رات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے۔ ہم میں سے کسی کو قبلے کی سمت معلوم نہیں تھی لہٰذا جس کا جدھر منہ تھا۔ اسی طرف نماز پڑھ لی۔ صبح ہوئی تو ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو یہ آیت نازل ہوئی " فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ " (یعنی تم جس طرف بھی منہ کرو گے اسی طرف اللہ کا چہرہ ہے) یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اشعث بن سمان ربیع کی روایت سے جانتے ہیں اور یہ ضعیف ہیں۔

۸۷۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ وَهُوَ جَاءٍ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ ثُمَّ قَرَأَ ابْنُ عُمَرَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ) وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ فِيْ هٰذَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى عَنْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) هِيَ مَنْسُوْخَةٌ نَسَخَهَا قَوْلُهٗ (فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) اَيْ تِلْقَاءَهٗ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ وَيُرْوٰى عَنْ مُجَاهِدٍ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) قَالَ فَثَمَّ قِبْلَةُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا وَكِيْعٌ عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ مُجَاهِدٍ بِهٰذَا.

۸۷۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نفل نماز سواری پر ہی پڑھ لیتے تھے خواہ اس کا منہ کسی طرف بھی ہوتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ کی طرف آ رہے تھے پھر ابن عمرؓ نے یہ آیت پڑھی: " وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ " (ترجمہ اللہ ہی کے لیے ہے مشرق اور مغرب) اور فرمایا یہ آیت اسی باب میں نازل ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور قتادہ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا: یہ آیت " وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ " "فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ" (یعنی اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف پھیر لیجئے) سے منسوخ ہے۔ یہ قول محمد بن عبد الملک بن شوارب یزید بن زریع سے وہ سعید سے اور وہ قتادہ سے نقل کرتے ہیں۔ جبکہ مجاہد اسکی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جس طرف بھی منہ کرو گے اسی طرف قبلہ ہے یعنی اپنا تمہاری نماز قبول ہوگی۔ یہ قول ابو کریب وکیع سے وہ نضر بن عربی سے اور وہ مجاہد سے نقل کرتے ہیں۔

۸۷۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ صَلَّيْنَا خَلْفَ الْمَقَامِ

۸۷۱: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کاش کہ ہم مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھتے۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔ " وَاتَّخِذُوْا مِنْ

فَنَزَلَتْ (وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى " (یعنی مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ مقرر کرو) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۷۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اتَّخَذْتَ مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى فَنَزَلَتْ (وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۸۷۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کاش آپؐ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناتے ۔اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی "وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى "۔یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔

۸۷۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ اُمَّةً وَّسَطًا) قَالَ عَدْلاً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۷۳: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آیت کریمہ" وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ اُمَّةً وَّسَطاً " (ترجمہ۔ اور اسی طرح ہم نے تمہیں امت وسط بنایا) کی تفسیر میں فرمایا کہ وسطاً سے مراد عدلاً عادل سے مراد یعنی نہ افراط نہ تفریط بلکہ دونوں کے درمیان) ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۷۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْعٰى نُوْحٌ فَيُقَالُ هَلْ بَلَّغْتَ فَيَقُوْلُ نَعَمْ فَيُدْعٰى قَوْمُهٗ فَيُقَالُ هَلْ بَلَّغَكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ مَا اَتَانَا مِنْ نَذِيْرٍ وَمَا اَتَانَا مِنْ اَحَدٍ فَيُقَالُ مَنْ شُهُوْدُكَ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ وَاُمَّتُهٗ قَالَ فَيُؤْتٰى بِكُمْ تَشْهَدُوْنَ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا) وَالْوَسَطُ الْعَدْلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْفٍ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهٗ.

۸۷۴: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن حضرت نوح علیہ السلام کو بلایا اور پوچھا جائیگا کہ کیا آپ نے اللہ کا پیغام پہنچا دیا تھا۔ وہ کہیں گے ہاں۔ پھر ان کی قوم کو بلایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا نوح علیہ السلام نے تمہیں پیغام پہنچایا تھا؟ وہ کہیں گے کہ ہمیں کوئی ڈرانے والا یا کوئی اور نہیں آیا۔ پھر نوح علیہ السلامؑ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کے گواہ کون ہیں۔ وہ عرض کریں گے کہ محمد (ﷺ) اور ان کی امت ۔پھر تمہیں بلایا جائے گا اور تم گواہی دو گے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا تھا۔ یہی اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر ہے"" وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ...... "(اسی طرح ہم نے تمہیں امت وسط بنایا تا کہ تم لوگوں پر گواہی دو اور رسول اللہ (ﷺ) تم پر گواہ ہوں[1]) وسط سے مراد عدل ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن بشار بھی جعفر بن عون سے اور وہ اعمش سے اسی کی مانند روایت کرتے ہیں۔

۸۷۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ

۸۷۵: حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جب مدینہ

[1] یعنی امت گواہی دے گی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تصدیق کریں گے (مترجم)

اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَمَّاقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ صَلّٰى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ اَوْسَبْعَةَ عَشَرَشَهْرًاوَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يُوَجَّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ (قَدْنَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) فَوُجِّهَ نَحْوَالْكَعْبَةِ وَكَانَ يُحِبُّ ذٰلِكَ فَصَلّٰى رَجُلٌ مَعَهُ الْعَصْرَقَالَ ثُمَّ مَرَّعَلٰى قَوْمٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُمْ رُكُوْعٌ فِىْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ نَحْوَبَيْتِ الْمَقْدِسِ فَقَالَ هُوَ يَشْهَدُ اَنَّهٗ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهٗ قَدْوُجِّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ قَالَ فَانْحَرَفُوْا وَهُمْ رُكُوْعٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ.

تشریف لائے تو سولہ سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے رہے لیکن چاہتے تھے کہ انہیں خانہ کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''قَدْنَرٰى تَقَلُّبَ ...... '' (یعنی ہم آپ کا چہرہ (بار بار) آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں۔ ہم آپ کا رخ خانہ کعبہ کی طرف پھیر دیں گے جسے آپ پسند کرتے ہیں لہٰذا اپنا چہرہ خانہ کعبہ کی طرف پھیر لیجئے) چنانچہ آپ کا رخ اسی قبلے کی طرف کر دیا گیا جسے آپؐ پسند فرماتے تھے۔ پھر ایک شخص نے آپؐ کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی اس کے بعد اس کا گزر انصار کی ایک جماعت پر ہوا جو عصر کی نماز پڑھ رہے تھے اور رکوع میں تھے۔ ان کا رخ بیت المقدس کی طرف تھا۔ اس نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔ آپؐ کا رخ کعبہ کی طرف پھیر دیا گیا۔ چنانچہ انہوں نے بھی رکوع میں اپنے چہرے قبلے کی طرف پھیر لیے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان ثوری اسے ابواسحٰق سے نقل کرتے ہیں۔

٨٧٦: حَدَّثَنَاهَنَّادٌنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانُوْا رُكُوْعًا فِىْ صَلَاةِ الْفَجْرِوَفِى الْبَابِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ وَابْنِ عُمَرَوَ عُمَارَةَ بْنِ اَوْسٍ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

٨٧٦: ہم سے روایت کی ہناد نے ان سے وکیع نے ان سے سفیان نے وہ عبداللہ بن دینار سے اور وہ ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ نے فرمایا کہ وہ (لوگ) فجر کی نماز پڑھ رہے تھے اور رکوع میں تھے۔ اس باب میں حضرت عمروؓ بن عوف مزنیؓ، ابن عمرؓ، عمارہ بن اوسؓ اور انس بن مالکؓ سے بھی روایت ہے۔ ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

٨٧٧: حَدَّثَنَاهَنَّادٌ وَاَبُوْعَمَّارٍ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّاوُجِّهَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْكَعْبَةِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ بِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يُصَلُّوْنَ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ) الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

٨٧٧: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب قبلہ تبدیل کیا گیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ ہمارے ان بھائیوں کا کیا ہوگا جو بیت المقدس کی طرف چہرے (رخ) کر کے نماز پڑھتے تھے اور اس حکم سے (قبلہ کی تبدیلی) پہلے فوت ہو گئے۔ اس پر آیت نازل ہوئی ''وَمَا كَانَ اللّٰهُ...... '' (یعنی اللہ ایسا نہیں کہ تمہارے ایمانوں کو ضائع کر دے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٨٧٨: حَدَّثَنَاابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّ

٨٧٨: حضرت عروہؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہؓ

هُرِیَّ يُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا اَرٰی عَلٰی اَحَدٍ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ شَيْئًا وَمَا اُبَالِیْ اَنْ لَّا اَطُوْفَ بَيْنَهُمَا فَقَالَتْ بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ اُخْتِیْ طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَافَ الْمُسْلِمُوْنَ وَاِنَّمَا كَانَ مَنْ اَهَلَّ لِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِیْ بِالْمُشَلَّلِ لَا يَطُوْفُوْنَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا وَلَوْ كَانَتْ كَمَا تَقُوْلُ لَكَانَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا قَالَ الزُّهْرِیُّ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ فَاَعْجَبَهُ ذٰلِكَ وَقَالَ اِنَّ هٰذَا الْعِلْمُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا كَانَ مَنْ لَا يَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مِنَ الْعَرَبِ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ طَوَافَنَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْحَجَرَيْنِ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ مِنَ الْاَنْصَارِ اِنَّمَا اُمِرْنَا بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ نُؤْمَرْ بِهٖ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) قَالَ اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَاُرَاهَا قَدْ نَزَلَتْ فِیْ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سے عرض کیا کہ میں صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کرنے والے پر اس عمل میں کوئی مضائقہ نہیں دیکھتا۔ نیز میرے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں کہ ان کے درمیان سعی نہ کروں۔ انہوں نے فرمایا اے بھانجے تو نے کتنی غلط بات کہی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی پھر اس کے بعد مسلمانوں نے بھی ایسا ہی کیا۔ ہاں زمانہ جاہلیت میں جو سرکش مناة (بت) کے لیے لبیک کہتا تھا وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ......" (جو حج بیت اللہ کرے یا عمرہ ادا کرے اس پر صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنے پر کوئی گناہ نہیں) اگر ایسا ہی ہوتا جیسا کہ تم کہہ رہے ہو تو اللہ تعالیٰ فرماتے "فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا" (یعنی اس پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ صفا و مروہ کی سعی نہ کرے) زہری کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام کے سامنے بیان کی تو انہوں نے اسے بہت پسند کیا اور فرمایا: اس میں بڑا علم ہے۔ میں نے کچھ علماء کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ عرب میں سے جو لوگ صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے وہ کہتے تھے کہ ان دو پتھروں کے درمیان سعی کرنا امور جاہلیت میں سے ہے اور انصار میں سے کچھ لوگ کہتے کہ ہمیں بیت اللہ کے طواف کا حکم دیا گیا ہے نہ کہ صفا و مروہ کا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: "اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ........." (یعنی صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔) ابوبکر بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میرے خیال میں یہ آیت انہی لوگوں کے متعلق نازل ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۷۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِیْ حَكِيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ كَانَا مِنْ شَعَائِرِ الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ فَلَمَّا كَانَ الْاِسْلَامُ اَمْسَكْنَا عَنْهُمَا وَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ

۸۷۹: حضرت عاصم احول کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے صفا و مروہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ زمانہ جاہلیت کی نشانیوں میں سے تھے۔ جب اسلام آیا تو ہم نے ان کا طواف چھوڑ دیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ" حضرت

شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِاعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا) قَالَ هُمَا تَطَوُّعٌ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا ان کے درمیان سعی کرنا نفل عبادت ہے اور جو کوئی نفل نیکی کرے اللہ تعالیٰ قبول فرمانے والا اور جاننے والا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا فَقَرَأَ (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) فَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ ثُمَّ اَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ قَالَ نَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ وَقَرَأَ (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ) هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۸۸۰: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا جب آپ مکہ مکرمہ تشریف لائے تو بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا۔ پھر یہ آیت پڑھی " وَاتَّخِذُوا مِنْ ......" (ترجمہ اور تم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ قرار دو) پھر آپؐ نے مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھی پھر آئے اور حجر اسود کو بوسہ دیا پھر آپؐ نے فرمایا: ہم بھی وہیں سے شروع کرتے ہیں جہاں سے اللہ نے شروع کیا ہے اور یہ آیت پڑھی " اِنَّ الصَّفَا......" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ الرَّجُلُ صَائِمًا فَحَضَرَ الْاِفْطَارُ فَنَامَ قَبْلَ اَنْ يُفْطِرَ وَلَمْ يَاْكُلْ لَيْلَتَهُ وَلاَ يَوْمَهُ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنَّ قَيْسَ بْنَ صِرْمَةَ الْاَنْصَارِيَّ كَانَ صَائِمًا فَلَمَّا حَضَرَهُ الْاِفْطَارُ اَتَى امْرَاَتَهُ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكِ طَعَامٌ فَقَالَتْ لاَ وَلٰكِنِ انْطَلِقُ فَاَطْلُبُ لَكَ وَكَانَ يَوْمَهُ يَعْمَلُ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ وَجَاءَتْهُ امْرَاَتُهُ فَلَمَّا رَاَتْهُ قَالَتْ خَيْبَةً لَكَ فَلَمَّا انْتَصَفَ النَّهَارُ غُشِيَ عَلَيْهِ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ) فَفَرِحُوا بِهَا فَرَحًا شَدِيدًا (وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ) هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۸۸۱: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ میں جب کوئی روزہ رکھتا پھر افطار کئے بغیر سوجاتا تو وہ دوسری شام تک رات دن کچھ نہ کھاتا۔ حضرت قیس بن صرمہ انصاریؓ روزہ دار تھے افطار کے وقت اپنی بیوی کے پاس تشریف لائے اور پوچھا کیا تیرے پاس کھانا ہے۔ اس نے کہا۔ نہیں۔ لیکن میں جاکر تلاش کرتی ہوں۔ سارا دن کام کرنے کی وجہ سے حضرت قیس بن صرمہ انصاری کو نیند آ گئی۔ جب آپ کی زوجہ واپس آئی تو انکو (سوئے ہوئے) دیکھ کر کہا ہائے تمہاری محرومی۔ پھر جب دوسرے دن دوپہر کا وقت ہوا تو وہ بے ہوش ہوگئے۔ چنانچہ اس کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا گیا اور یہ آیت نازل ہوئی۔ " اُحِلَّ لَكُمْ ......" تم لوگوں کے لیے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں سے (محبت کرنا) حلال کردیا گیا۔ اس پر وہ لوگ بہت خوش ہوئے نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا " وَكُلُوا وَاشْرَبُوا ...... " (یعنی کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تم لوگوں کے لیے سفید خط سیاہ خط سے متمیز ہوجائے۔ (یعنی واضح ہوجائے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ذَرٍّ عَنْ يُسَيْعٍ الْكِنْدِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ

۸۸۲: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے " وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهِ (وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ) وَقَالَ الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ وَقَرَأَ (قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ) اِلٰى قَوْلِهِ (دَاخِرِيْنَ) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اَسْتَجِبْ لَكُمْ " (یعنی تمہارا رب کہتا ہے کہ مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا) کی تفسیر میں فرمایا کہ دعا ہی اصل عبادت ہے اور یہ آیت "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِلٰى قَوْلِهِ دَاخِرِيْنَ" تک پڑھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ اَنَا حُصَيْنٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ نَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ (حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ) مِنَ الْفَجْرِ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا ذٰلِكَ بَيَاضُ النَّهَارِ مِنْ سَوَادِ اللَّيْلِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۸۳: شعبی حضرت عدی بن حاتم سے نقل کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ" تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اس سے مراد رات کی تاریکی میں سے دن کی روشنی کا ظاہر ہونا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

۸۸۴: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے انہوں نے ہشیم سے وہ مجالد سے وہ شعبہ سے وہ عدی بن حاتم سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اس کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔

۸۸۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فَقَالَ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ قَالَ فَاَخَذْتُ عِقَالَيْنِ اَحَدُهُمَا اَبْيَضُ وَالْاٰخَرُ اَسْوَدُ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِمَا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَحْفَظْهُ سُفْيَانُ فَقَالَ اِنَّمَا هُوَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۸۵: حضرت عدی بن حاتم سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے روزے کے متعلق پوچھا تو آپؐ نے یہ آیت پڑھی "حَتّٰى يَتَبَيَّنَ ......" (ترجمہ۔ یعنی کھاتے پیتے رہو یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے سفید دھاگہ سیاہ دھاگے سے۔ اس سے مراد ہے کہ رات کی تاریکی چلی جائے اور صبح کی سپیدی نمودار ہو جائے) چنانچہ میں نے دو رسیاں رکھ لیں ایک سفید اور ایک کالی اور رات کے آخر میں انہیں دیکھنے لگتا۔ پھر آپؐ نے مجھ سے کچھ کہا لیکن یہ بات سفیان کو یاد نہیں رہی۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا: کہ اس سے مراد رات اور دن ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَسْلَمَ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ كُنَّا بِمَدِيْنَةِ الرُّوْمِ فَاَخْرَجُوْا اِلَيْنَا صَفًّا عَظِيْمًا مِنَ الرُّوْمِ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِثْلُهُمْ اَوْ اَكْثَرُ وَعَلٰى اَهْلِ مِصْرَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ وَعَلَى الْجَمَاعَةِ فَضَالَةُ بْنُ عُبَيْدٍ

۸۸۶: حضرت اسلم ابو عمران کہتے ہیں کہ ہم جنگ کے لیے روم گئے ہوئے تھے کہ رومیوں کی فوج میں سے ایک بڑی صف مقابلے کے لیے نکلی جن سے مقابلے کے لیے مسلمانوں میں سے بھی اتنی ہی تعداد میں یا اس سے زیادہ آدمی نکلے۔ ان دنوں مصر پر عقبہ بن عامر حاکم تھے جبکہ لشکر کے امیر فضالہ بن عبید تھے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے روم کی صف پر حملہ کر دیا یہاں

فَحَمَلَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى صَفِّ الرُّوْمِ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَاحَ النَّاسُ وَقَالُوْا سُبْحَانَ اللّٰهِ يُلْقِيْ بِيَدَيْهِ اِلَى التَّهْلُكَةِ فَقَامَ اَبُوْاَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ يَاۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ لَتَأَوَّلُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هٰذَا التَّاْوِيْلَ وَاِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْنَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ لَمَّا اَعَزَّ اللّٰهُ الْاِسْلَامَ وَكَثُرَنَا صِرُوْهُ فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ سِرًّا دُوْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَمْوَالَنَا قَدْ ضَاعَتْ وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعَزَّ الْاِسْلَامَ وَكَثُرَ نَاصِرُوْهُ فَلَوْ اَقَمْنَا فِيْ اَمْوَالِنَا فَاَصْلَحْنَا مَاضَاعَ مِنْهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّعَلَيْنَامَا قُلْنَا وَاَنْفِقُوْافِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْابِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ فَكَانَتِ التَّهْلُكَةُ الْاِقَامَةَ عَلَى الْاَمْوَالِ وَاِصْلَاحِهَاوَ تَرْكُنَا الْغَزْوَفَمَا زَالَ اَبُوْاَيُّوْبَ شَاخِصًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى دُفِنَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

تک کہ ان کے اندر چلا گیا۔ اس پر لوگ چیخنے لگے اور کہنے لگے کہ یہ خود کو اپنے ہاتھ سے ہلاکت میں ڈال رہا ہے۔ چنانچہ ابوایوب انصاریؓ کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو تم لوگ اس آیت کی یہ تفسیر کرتے ہو("وَلَاتُلْقُوْا......" (یعنی تم خود کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو)۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ آیت ہم انصار کے متعلق نازل ہوئی اس لیے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کر دیا اور اس کے مددگاروں کی تعداد زیادہ ہوگئی۔ تو ہم لوگ آپس میں ایک دوسرے سے کہنے لگے۔ اب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کر دیا ہے اور اس کی مدد کرنے والے بہت ہیں اور ہمارے اموال (کھیتی باڑی وغیرہ) ضائع ہوگئے ہیں۔ ہمارے لیے بہتر ہوگا کہ ہم ان کی اصلاح کریں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ہماری بات کے جواب میں یہ آیت نازل فرمائی "وَاَنْفِقُوا ......الآیہ" (یعنی تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور خود کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو) چنانچہ ہلاکت یہ تھی کہ ہم اپنے احوال اور کھیتی باڑی کی اصلاح میں لگ جائیں اور جنگ و جہاد کو ترک کر دیں۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوایوبؓ ہمیشہ جہاد ہی میں رہے یہاں تک کہ دفن بھی روم ہی کی سرزمین میں ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۸۸۷: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا هُشَيْمٌ اَنَا مُغِيْرَةُ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَفِيَّ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلِاِيَّايَ عَنٰى بِهَا(فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا اَوْ بِهٖ اَذًى مِنْ رَأْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْنُسُكٍ) قَالَ كُنَّامَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ وَقَدْ حَصَرَنَا الْمُشْرِكُوْنَ وَكَانَتْ لِيْ وَفْرَةٌ فَجَعَلَتِ الْهَوَامُّ تَسَاقَطُ عَلٰى وَجْهِيْ فَمَرَّبِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَاَنَّ هَوَامُّ رَأْسِكَ تُؤْذِيْكَ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاحْلِقْ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ قَالَ مُجَاهِدٌ

۸۸۷: حضرت مجاہد کہتے ہیں کہ حضرت کعب بن عجرہؓ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ آیت میرے ہی متعلق نازل ہوئی" فَمَنْ كَانَ ....الآیہ" (ترجمہ۔ اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو روزے، خیرات یا قربانی سے اس کا فدیہ ادا کرو)۔ کہتے ہیں کہ ہم صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کے ساتھ احرام کی حالت میں تھے۔ ہمیں مشرکین نے روک دیا۔ میرے بال کانوں تک لمبے تھے اور جوئیں میرے منہ پر گرنے لگی تھیں۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے اور دیکھا تو فرمایا: لگتا ہے کہ تمہارے سر کی جوئیں تمہیں اذیت (تکلیف)

اَلصِّیَامُ ثَلٰثَةُ اَیَّامٍ وَالطَّعَامُ لِسِتَّةِ مَسَاكِیْنَ وَالنُّسُكُ شَاةٌ فَصَاعِدًا.

دے رہی ہیں۔ عرض کیا۔ جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو پھر بال منڈوا دو۔ اس طرح یہ آیت نازل ہوئی۔ مجاہد کہتے ہیں کہ روزے تین دن کے، کھانا کھلائے تو چھ مسکینوں کو اور اگر قربانی کرے تو ایک بکری یا اس سے زیادہ۔

۸۸۸: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا هُشَیْمٌ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ بِنَحْوِ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۸۸: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے ان سے ہشیم نے وہ ابوبشر وہ مجاہد وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور وہ کعب بن عجرہؓ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۸۹: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا هُشَیْمٌ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ اَیْضًا عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ بِنَحْوِ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوٰی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَصْبَهَانِیِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ.

۸۸۹: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے ان سے ہشیم نے ان سے اشعث بن سوار نے انہوں نے شعبی سے انہوں نے عبد اللہ بن معقل سے اور انہوں نے کعب بن عجرہ سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عبدالرحمٰن بن اصبہانی بھی عبداللہ بن معقل سے روایت کرتے ہیں۔

۸۹۰: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ اَتٰی عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُوْقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ وَالْقَمْلُ یَتَنَاثَرُ عَلٰی جَبْهَتِیْ اَوْقَالَ حَاجِبِیْ فَقَالَ اَتُؤْذِیْكَ هَوَامُّكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاحْلِقْ رَأْسَكَ وَانْسُكْ نَسِیْكَةً اَوْصُمْ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ اَوْاَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِیْنَ قَالَ اَیُّوْبُ لَا اَدْرِیْ بِاَیَّتِهِنَّ بَدَأَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۹۰: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے ان سے اسماعیل نے وہ ایوب وہ مجاہد وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور وہ کعب بن عجرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں ایک ہانڈی کے نیچے آگ سلگا رہا تھا اور جوئیں میری پیشانی پر جھڑ رہی تھیں۔ آپؐ نے پوچھا کہ کیا یہ تمہیں تکلیف دیتی ہیں؟ عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا: سر کے بال منڈوا دو اور قربانی کرو، دو یا تین روزے رکھ لو یا پھر چھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ ایوب کہتے ہیں کہ مجھے یہ یاد نہیں رہا کہ کون سی چیز پہلے فرمائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۹۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ بُكَیْرِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَعْمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَجُّ عَرَفَاتٌ اَلْحَجُّ عَرَفَاتٌ اَلْحَجُّ عَرَفَاتٌ اَیَّامُ مِنًی ثَلٰثٌ (فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمَیْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَیْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَیْهِ) وَمَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ اَنْ یَطْلُعَ الْفَجْرُ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ قَالَ ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ

۸۹۱: حضرت عبدالرحمٰن بن یعمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا کہ حج عرفات میں (ٹھہرنا) ہے اور منیٰ کا قیام تین دن تک ہے لیکن اگر کوئی جلدی کرتے ہوئے دو دن میں ہی چلا گیا اس پر بھی کوئی گناہ نہیں اور اگر تین دن تک قیام کرے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ نیز جو شخص عرفات میں طلوع فجر سے پہلے پہنچ گیا اس کا حج ہو گیا۔ ابن عمرؓ، سفیان بن عیینہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ ثوری کی بیان کردہ یہ حدیث بہت

سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَهٰذَا اَجْوَدُ حَدِيْثٍ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ وَلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ.

عمدہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسے شعبہ نے بھی بکیر بن عطاء سے نقل کیا ہے۔ لیکن اس حدیث کو ہم صرف بکیر بن عطاء ہی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۸۹۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْغَضُ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۹۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک جھگڑالو (لڑائی جھگڑا کرنے والا) آدمی سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے[1]۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۸۹۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنِیْ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ اِذَا حَاضَتِ امْرَاَةٌ مِنْهُمْ لَمْ يُوَاكِلُوْهَا وَلَمْ يُشَارِبُوْهَا وَلَمْ يُجَامِعُوْهَا فِی الْبُيُوْتِ فَسُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُوَاكِلُوْهُنَّ وَيُشَارِبُوْهُنَّ وَاَنْ يَكُوْنُوْا مَعَهُنَّ فِی الْبُيُوْتِ وَاَنْ يَفْعَلُوْا كُلَّ شَیْءٍ مَا خَلَا النِّكَاحَ فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ مَا يُرِيْدُ اَنْ يَدَعَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِنَا اِلَّا خَالَفَنَا فِيْهِ قَالَ فَجَاءَ عَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ وَاُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ بِذٰلِكَ وَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَنْكِحُهُنَّ فِی الْمَحِيْضِ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ قَدْ غَضِبَ عَلَيْهِمَا فَقَامَا فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا هَدِيَّةٌ مِنْ لَبَنٍ فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰثَرِهِمَا فَسَقَاهُمَا فَعَلِمْنَا اَنَّهُ لَمْ يَغْضَبْ عَلَيْهِمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

۸۹۳: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ اگر یہودیوں میں سے سے کوئی عورت ایام حیض میں ہوتی تو وہ لوگ نہ اس کے ساتھ کھاتے پیتے اور نہ میل جول رکھتے چنانچہ نبی اکرم ﷺ سے اس مسئلے کے متعلق دریافت کیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "يَسْئَلُوْنَكَ ..... الآیہ" (یعنی یہ آپؐ سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں تو آپ فرما دیجئے کہ یہ ناپاکی ہے) پھر آپؐ نے حکم دیا کہ ان کے ساتھ کھایا پیا جائے اور انہیں گھروں میں اپنے ساتھ رکھا جائے نیز ان کے ساتھ جماع کے علاوہ سب کچھ (یعنی بوس وکنار وغیرہ) کرنا جائز ہے۔ اس پر یہودی کہنے لگے کہ یہ ہمارے ہر کام کی مخالفت کرتے ہیں۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ عباد بن بشیر اور اسید بن حضیر آئے اور آپؐ کو یہود کے اس قول کی خبر دینے کے بعد عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم حیض کے ایام میں جماع بھی نہ کرنے لگیں تاکہ ان کی مخالفت پوری ہو جائے۔ یہ بات سن کر نبی اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک غصے سے متغیر ہو گیا۔ یہاں تک کہ ہم سمجھے کہ شاید آپؐ ان سے ناراض ہو گئے ہیں اور پھر اٹھ کر چل دیئے۔ اسی وقت ان دونوں کے لیے دودھ بطور ہدیہ آیا تو آپؐ نے انہیں بھیج دیا اور انہوں نے پیا۔ اس طرح ہمیں علم ہوا کہ آپؐ ان سے ناراض نہیں ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن عبدالاعلیٰ اسے عبدالرحمٰن بن مہدی سے اور وہ حماد بن سلمہ سے

[1] امام ترمذیؒ یہ حدیث بیان کر کے اس آیت کی تفسیر کرنا چاہتے ہیں۔ "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِیْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ" (یعنی بعض لوگ ایسے ہیں کہ دنیاوی زندگی میں آپ ﷺ اسکی بات کو پسند کرتے ہیں اور وہ اپنے دل کی بات پر اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہے اور وہ سخت جھگڑالو ہے۔ (مترجم)

اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۸۹۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ مَنْ اَتَى امْرَاَتَهٗ فِیْ قُبُلِهَا مِنْ دُبُرِهَا كَانَ الْوَلَدُ اَحْوَلُ فَنَزَلَتْ (نِسَآءُ كُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۹۴: حضرت ابن منکدر کہتے ہیں کہ حضرت جابرؓ نے فرمایا: یہودی کہا کرتے تھے کہ جوشخص اپنی بیوی سے پچھلی طرف سے اس طرح صحبت کرے کہ دخول قبل (یعنی آلہ تناسل کا دخول) اگلے حصہ میں ہی ہوتو اس سے بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی " نِسَاءُ كُمْ الآيه" (تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں لہٰذا اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو داخل کرو[1]۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ يَعْنِیْ صِمَامًا وَاحِدًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَابْنُ خُثَيْمٍ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ وَابْنُ سَابِطٍ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابِطٍ الْجُمَحِیُّ الْمَكِّیُّ وَحَفْصَةُ هِیَ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ وَيُرْوٰی فِیْ سِمَامٍ وَاحِدٍ.

۸۹۵: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت " نِسَاءُ كُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ...... الآيه" کی تفسیر نقل کرتی ہیں کہ اس سے مراد ایک ہی سوراخ (میں دخول کرنا) ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ابن خثیم کا نام عبد اللہ بن عثمان بن خثیم ہے اور ابن سابط وہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن سابط جمحی مکی ہیں اور حفصہ وہ عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق کی بیٹی ہیں۔بعض روایات میں "فِی سِمَامٍ وَاحِدٍ" کے الفاظ بھی مروی ہیں۔

۸۹۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى نَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشْعَرِیُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی الْمُغِيْرَةِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ عُمَرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ قَالَ وَمَا اَهْلَكَكَ قَالَ حَوَّلْتُ رَحْلِیَ اللَّيْلَةَ قَالَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ فَاُنْزِلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (نِسَآءُ كُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَيَعْقُوْبُ

۸۹۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہلاک ہوگیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کس طرح۔عرض کیا۔ میں نے آج رات اپنی سواری پھیر دی[2]۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پھر یہ آیت نازل ہوئی " نِسَاءُ كُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ...... الآيه" (یعنی جس طرف سے چاہو (قبل میں) صحبت کرو البتہ پاخانے کی جگہ اور حیض سے اجتناب کرو) یہ حدیث غریب ہے۔یعقوب

---

[1]: اس آیت سے دبر میں جماع کرنے پر استدلال کرنا ناممکن ہے اس لیے کہ کھیتی وہی ہوتی ہے جہاں بیج بونے پر فصل اُگ آئے۔ (مترجم)

[2]: یعنی اپنی بیوی سے پچھلی جانب سے اگلے حصہ میں صحبت کی ہے۔حضرت عمرؓ نے سوچا کہ شاید اس میں گناہ ہو۔ (واللہ اعلم۔ مترجم)

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَ شْعَرِیُّ هُوَ یَعْقُوْبُ الْقُمِّیُّ.

وہ عبداللہ اشعری کے بیٹے ہیں اور یہ یعقوب قمی ہیں۔

۸۹۷: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَیْدٍ نَا هِشَامُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْمُبَارَکِ بْنِ فَضَالَةَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ یَسَارٍ اَنَّهٗ زَوَّجَ اُخْتَهٗ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَانَتْ عِنْدَهٗ مَاکَانَتْ ثُمَّ طَلَّقَهَا تَطْلِیْقَةً لَمْ یُرَاجِعْهَا حَتّٰی انْقَضَتِ الْعِدَّةُ فَهَوِیَهَا وَهَوِیَتْهُ ثُمَّ خَطَبَهَا مَعَ الْخُطَّابِ فَقَالَ لَهٗ یَا لُکَعُ اَکْرَمْتُکَ بِهَا وَزَوَّجْتُکَهَا فَطَلَّقْتَهَا وَاللّٰهِ لَا تَرْجِعُ اِلَیْکَ اَبَدًا اٰخِرُمَا عَلَیْکَ قَالَ فَعَلِمَ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی حَاجَتَهٗ اِلَیْهَا وَحَاجَتَهَااِلٰی بَعْلِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ اِلٰی قَوْلِهٖ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ فَلَمَّا سَمِعَهَا مَعْقِلٌ قَالَ سَمْعًا لِرَبِّیْ وَطَاعَةً ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ اُزَوِّجُکَ وَاُکْرِمُکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ الْحَسَنِ وَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ دَلَالَةٌ عَلٰی اَنَّهٗ لَا یَجُوْزُ النِّکَاحُ بِغَیْرِ وَلِیٍّ لِاَنَّ اُخْتَ مَعْقِلِ بْنِ یَسَارٍ کَانَتْ ثَیِّبًا فَلَوْکَانَ الْاَمْرُ اِلَیْهَا دُوْنَ وَلِیِّهَا لَزَوَّجَتْ نَفْسَهَا وَلَمْ تَحْتَجْ اِلٰی وَلِیِّهَا مَعْقِلِ بْنِ یَسَارٍ وَاِنَّمَا خَاطَبَ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ الْاَوْلِیَاءَ فَقَالَ (فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَنْکِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ) فَفِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ دَلَالَةٌ عَلٰی اَنَّ الْاَمْرَاِلَی الْاَوْلِیَآءِ فِی التَّزْوِیْجِ مَعَ رِضَاهُنَّ.

۸۹۷: حضرت معقل بن یسارؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عہد رسالت میں اپنی بہن کا کسی مسلمان سے نکاح کیا۔ تھوڑا عرصہ وہ ساتھ رہے پھر اس نے ایک طلاق دے دی اور عدت گزر جانے تک رجوع نہیں کیا یہاں تک کہ عدت گزر گئی۔ پھر وہ دونوں (یعنی میاں، بیوی) ایک دوسرے کو چاہنے لگے۔ چنانچہ دوسرے لوگوں کے ساتھ اس آدمی نے بھی نکاح کا پیغام بھیجا تو میں (یعنی معقل بن یسارؓ) نے کہا: اے کمینے میں نے اسے تمہارے نکاح میں دے کر تمہاری عزت افزائی کی تھی اور تم نے اسے طلاق دے دی۔ اللہ کی قسم وہ کبھی تمہاری طرف رجوع نہیں کرے گی۔ راوی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کی ایک دوسرے کی ضرورت کو جانتا تھا۔ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں "وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ ..... سے "وَاَنْتُمْ لَاتَعْلَمُوْنَ" تک (اور اگر تم میں سے کچھ لوگ اپنی بیویوں کو طلاق دے دیں اور ان کی عدت پوری ہوجائے تو تم انہیں اپنے سابق شوہروں سے (دوبارہ) نکاح کرنے سے مت روکو بشرطیکہ وہ قاعدے کے مطابق اور باہم رضامند ہوں۔ اس سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔ اس نصیحت کا قبول کرنا تمہارے لئے زیادہ صفائی اور پاکی کی بات ہے کیونکہ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے) جب معقلؓ نے یہ آیات سنیں تو فرمایا: اللہ ہی کے لیے سمع واطاعت ہے۔ پھر اسے بلایا اور فرمایا: میں اسے تمہارے نکاح میں دے کر تمہارا اکرام کرتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی سندوں سے حسن سے منقول ہے۔ اس حدیث میں اس بات پر دلالت ہے کہ بغیر ولی کے نکاح جائز نہیں۔ اس لیے کہ معقل بن یسارؓ کی بہن مطلقہ تھیں۔ چنانچہ اگر انہیں نکاح کا اختیار ہوتا تو وہ اپنا نکاح خود کر لیتیں اور معقل بن یسارؓ کی محتاج نہ ہوتیں اس آیت میں خطاب بھی اولیاء (سرپرستوں) کیلئے ہے کہ انہیں نکاح سے مت روکو۔ لہٰذا آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نکاح کا اختیار عورتوں کی رضامندی کے ساتھ ان کے اولیاء (سرپرستوں) کو ہے۔

۸۹۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ عَنْ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ ح وَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِکٌ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ الْقَعْقَاعِ ابْنِ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْ یُوْنُسَ مَوْلٰی عَائِشَةَ قَالَ

۸۹۸: حضرت عائشہؓ کے مولیٰ یونس کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے مجھے حکم دیا کہ ان کے لیے ایک مصحف (قرآن کریم کا نسخہ) لکھوں اور جب اس آیت "حَافِظُوْا .....الآیۃ" پر پہنچوں تو انہیں

اَمَرَتْنِي عَائِشَةُ اَنْ اَكْتُبَ لَهَا مُصْحَفًا وَقَالَتْ اِذَا بَلَغْتَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ فَاٰذِنِّي (حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى) فَلَمَّا بَلَغْتُهَا اٰذَنْتُهَا فَاَمْلَتْ عَلَيَّ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَصَلٰوةِ الْعَصْرِ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ وَقَالَتْ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ حَفْصَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

بتاؤں چنانچہ جب میں اس آیت پر پہنچا تو انہیں بتایا۔ انہوں نے حکم دیا کہ یہ آیت اس طرح لکھو" حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ ......" (ترجمہ نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیانی نماز کی حفاظت کرو نیز عصر کی نماز کی بھی اور اللہ کے سامنے ادب کے ساتھ کھڑے رہو) پھر حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں نے یہ آیت نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح سنی ہے۔ اس باب میں حضرت حفصہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۹۹: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ نَا الْحَسَنُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الْوُسْطٰى صَلٰوةُ الْعَصْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۹۹: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: درمیانی نماز سے مراد عصر کی نماز ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۰۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي حَسَّانَ الْاَعْرَجِ عَنْ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ اَنَّ عَلِيًّا حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ اَللّٰهُمَّ امْلَأْ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ نَارًا كَمَا شَغَلُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبُوْ حَسَّانَ الْاَعْرَجُ اِسْمُهُ مُسْلِمٌ.

۹۰۰: عبیدہ سلیمان حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر مشرکین کے لیے بددعا کرتے ہوئے فرمایا: اے اللہ ان (کفار) کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے جیسے ان لوگوں نے ہمیں درمیانی نماز پڑھنے سے غروب آفتاب تک مشغول کردیا (یعنی عصر کی نماز)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی سندوں سے حضرت علیؓ سے منقول ہے۔ ابوحسان اعرج کا نام مسلم ہے۔

۹۰۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُو النَّضْرِ وَاَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةُ الْوُسْطٰى صَلَاةُ الْعَصْرِ وَفِي الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَاَبِي هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ وَاَبِي هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۰۱: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" صلوۃ وسطیٰ"، یعنی درمیانی نماز عصر کی نماز ہے۔ اس باب میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، ابو ہاشم بن عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۰۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا نَتَكَلَّمُ عَلٰى عَهْدِ

۹۰۲: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نماز میں باتیں کرلیا کرتے تھے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی "وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ" یعنی اللہ کے لیے باادب کھڑے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ فَنَزَلَتْ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ فَاُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ.

ہوا کرو۔ چنانچہ ہمیں نماز کے دوران خاموش رہنے کا حکم دیا گیا۔

۹۰۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ اَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيْهِ وَنُهِيْنَا عَنِ الْكَلَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ اِسْمُهُ سَعْدُ بْنُ اِيَاسٍ.

۹۰۳: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے ان سے ہشیم نے اور وہ اسمٰعیل بن ابی خالد سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں "وَنُهِيْنَا عَنِ الْكَلَامِ" (یعنی ہمیں بات کرنے سے روک دیا گیا) کے الفاظ زیادہ ذکر کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوعمرو شیبانی کا نام سعد بن ایاس ہے۔

۹۰۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ عَنِ الْبَرَاءِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ قَالَ نَزَلَتْ فِيْنَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ كُنَّا اَصْحَابَ نَخْلٍ فَكَانَ الرَّجُلُ يَاْتِيْ مِنْ نَخْلِهِ عَلٰى قَدْرِ كَثْرَتِهِ وَقِلَّتِهِ وَكَانَ الرَّجُلُ يَاْتِيْ بِالْقِنْوِ وَالْقِنْوَيْنِ فَيُعَلِّقُهُ فِي الْمَسْجِدِ كَانَ اَهْلُ الصُّفَّةِ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ فَكَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا جَاءَ اَتَى الْقِنْوَ فَضَرَبَهُ بِعَصَاهُ فَيَسْقُطُ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ فَيَاْكُلُ وَكَانَ نَاسٌ مِمَّنْ لَا يَرْغَبُ فِي الْخَيْرِ يَاْتِي الرَّجُلُ بِالْقِنْوِ فِيْهِ الشِّيْصُ وَالْحَشَفُ وَبِالْقِنْوِ قَدِ انْكَسَرَ فَيُعَلِّقُهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَاۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّا اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ قَالَ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اُهْدِيَ اِلَيْهِ مِثْلَ مَا اَعْطٰى لَمْ يَاْخُذْهُ اِلَّا عَلٰى اِغْمَاضٍ اَوْ حَيَاءٍ قَالَ فَكُنَّا بَعْدَ ذٰلِكَ يَاْتِيْ اَحَدُنَا بِصَالِحِ مَا عِنْدَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ مَالِكٍ هُوَ الْغِفَارِيُّ وَيُقَالُ اِسْمُهُ غَزْوَانُ وَقَدْ رَوَى الثَّوْرِيُّ عَنِ السُّدِّيِّ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

۹۰۴: حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ "وَلَا تَيَمَّمُوا......" انصار کے بارے میں نازل ہوئی۔ ہم لوگ کھجوروں والے تھے اور ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق تھوڑی یا زیادہ کھجوریں لے کر حاضر ہوتا۔ کچھ لوگ گچھا یا دو گچھے لاکر مسجد میں لٹکا دیتے پھر اصحاب صفہؓ کے لیے کہیں سے کھانا مقرر نہیں تھا اگر ان میں سے کسی کو بھوک لگتی تو وہ گچھے کے پاس آتا اور اپنی لاٹھی مارتا جس سے کچی اور پکی کھجوریں گر جاتیں اور وہ کھالیتا۔ کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو خیرات دینے میں رغبت نہیں رکھتے تھے۔ وہ ایسا گچھا لاتے جس میں خراب ردی زیادہ ہوتیں یا ٹوٹا ہوا گچھا لا کر لٹکا دیتے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ "يَاۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ......" (اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے عمدہ چیز خرچ کرو اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے پیدا کیا ہے) اور ردی (خراب) چیزوں کو خرچ کرنے کی نیت نہ کیا کرو۔ حالانکہ تم خود کبھی ایسی چیز کو نہیں لیتے مگر یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کسی کے محتاج نہیں اور تعریف کے لائق ہیں) راوی فرماتے ہیں کہ اس کے بعد ہم میں سے ہر آدمی اچھی چیز لے کر آتا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ابو مالک کا نام غزوان ہے وہ قبیلہ بنوغفار سے تعلق رکھتے ہیں۔ سفیان ثوری بھی سدی سے اس بارے میں کچھ نقل کرتے ہیں۔

۹۰۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

۹۰۵: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انسان پر شیطان کا بھی ایک اثر ہوتا ہے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ اٰدَمَ وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَاِيْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَاِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ اَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثُمَّ قَرَاَ (الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ) اَلْاٰيَةَ. هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَهُوَ حَدِيْثُ اَبِي الْاَحْوَصِ لَا نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِي الْاَحْوَصِ.

اور فرشتے کا بھی۔ شیطان کا اثر شر کا وعدہ اور حق کی تکذیب ہے جبکہ فرشتے کا اثر بھلائی کا وعدہ دینا اور حق بات کی تصدیق کرنا ہے۔ پس جو شخص اپنے اندر اسے پائے تو جان لے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اللہ کی تعریف بیان کرے اور جو کوئی پہلے والا اثر پائے تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی " اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ ..... " (ترجمہ۔ شیطان تمہیں محتاجی سے ڈراتا ہے اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے)۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابواحوص کی روایت سے مرفوعاً جانتے ہیں۔

۹۰۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَدِيِّ ابْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ وَلَا يَقْبَلُ اِلَّا طَيِّبًا وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ وَقَالَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ قَالَ وَذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَهٗ اِلَى السَّمَاءِ يَارَبِّ يَارَبِّ وَمَطْعَمُهٗ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهٗ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهٗ حَرَامٌ وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ وَاَبُوْ حَازِمٍ هُوَ الْاَشْجَعِيُّ اِسْمُهٗ سَلْمَانُ مَوْلٰى عَزَّةَ الْاَشْجَعِيَّةِ.

۹۰۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو: اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاکیزہ چیز ہی کو قبول کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو بھی اسی چیز کا حکم دیا جس کا اپنے رسولوں کو دیا اور فرمایا "یَا اَیُّھَا الرُّسُلُ .... " (اے پیغمبرو تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو اس لیے کہ میں تمہارے اعمال کے متعلق جانتا ہوں) پھر مؤمنوں کو مخاطب کر کے فرمایا "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ..." (اے ایمان والو ہماری عطا کی ہوئی چیزوں میں سے بہترین چیزیں کھاؤ) راوی کہتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کا ذکر کیا جو طویل سفر کرتا ہے پریشان ہے اور اس کے بال خاک آلود ہو رہے ہیں وہ اپنے ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر کہتا ہے۔ اے رب۔ اے رب حالانکہ اس کا کھانا پینا، پہننا سب حرام چیزوں سے ہیں اسے حرام ہی سے خوراک دی گئی پھر اس کی دعا کیسے قبول ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے فضیل بن مرزوق کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ ابوحازم اشجعی کا نام سلمان مولیٰ عزہ اشجعیہ ہے۔

۹۰۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ قَالَ ثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

۹۰۷: سدی کہتے ہیں کہ مجھے اس شخص نے یہ حدیث سنائی جس نے حضرت علیؓ سے سنی کہ یہ آیت "اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْ ..." (خواہ تم اپنے دل کی بات چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ اس کا حساب لے گا پھر جسے چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا)

مَنْ يَّشَاءُ) اَلْاٰيَةِ اَحْزَ نَتْنَا قَالَ قُلْنَا يُحَدِّثُ اَحَدُ نَا نَفْسَهٗ فَيُحَاسَبُ بِهٖ لَا نَدْرِيْ مَا يُغْفَرُ مِنْهُ وَمَا لَا يُغْفَرُ مِنْهُ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا (لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ).

نازل ہوئی تو اس نے ہمیں غمگین کر دیا ہم سوچنے لگے کہ اگر کوئی دل میں گناہ کا خیال کرے اور اس پر حساب ہونے لگا تو ہمیں کیا معلوم کہ اس میں سے کیا معاف کیا جائے گا اور کیا نہیں۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی اور اسے منسوخ کر دیا ''لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ ......'' (اللہ تعالیٰ کسی کو اسکی طاقت سے زیادہ کا مکلّف نہیں کرتا ہر ایک کیلئے وہی ہے جو اس نے کمایا ہے اور ہر ایک پر اپنی برائی کا و بال ہے)۔ یعنی خیال پر حساب نہیں ہوگا۔

۹۰۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسٰى وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اُمَيَّةَ اَنَّهَا سَاَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى (اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ) وَعَنْ قَوْلِهٖ (مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ) فَقَالَتْ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهٖ مُعَاتَبَةُ اللّٰهِ الْعَبْدَ مَا يُصِيْبُهٗ مِنَ الْحُمّٰى وَالنَّكْبَةِ حَتَّى الْبِضَاعَةَ يَضَعُهَا فِيْ يَدِ قَمِيْصِهٖ فَيَفْقِدُهَا فَيَفْزَعُ لَهَا حَتّٰى اَنَّ الْعَبْدَ لَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ الْاَحْمَرُ مِنَ الْكِيْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

۹۰۸: حضرت امیہ نے حضرت عائشہؓ سے ''اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ ....'' اور ''مَنْ يَّعْمَلْ ......'' کی تفسیر پوچھی تو آپؓ نے فرمایا میں نے جب سے ان آیات کی تفسیر نبی اکرمؐ سے پوچھی ہے اس وقت سے کسی نے مجھ سے ان کے متعلق نہیں پوچھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان سے مراد اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کو مصیبتوں میں گرفتار کرنا ہے مثلاً بخار یا کوئی غمگین کر دینے والا حادثہ یہاں تک کہ کبھی اپنے کرتے کے بازو (جیب) وغیرہ میں کوئی چیز رکھنے کے بعد اسے گم کر دینا ہے اور پھر اس کے متعلق پریشان ہونا ہے تو اس پریشانی پر بھی اس کے گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ گناہوں سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسے آگ کی بھٹی سے خالص سونا صاف ہو کر نکلتا ہے۔ یہ حدیث حضرت عائشہؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف حماد بن سلمہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۹۰۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اٰدَمَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ قَالَ دَخَلَ قُلُوْبَهُمْ مِنْهُ شَيْءٌ لَمْ يَدْخُلْ مِنْ شَيْءٍ فَقَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا فَاَلْقَى اللّٰهُ الْاِيْمَانَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

۹۰۹: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب آیت ''اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ ....'' نازل ہوئی تو صحابہ کرامؓ کے دلوں میں اس سے اتنا خوف بیٹھ گیا کہ کسی اور چیز سے نہیں بیٹھا تھا۔ انہوں نے اس خوف کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا: کہو کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایمان داخل کر دیا اور یہ آیت نازل فرمائی ''اٰمَنَ الرَّسُوْلُ ......'' (ترجمہ: رسول اس چیز کا اعتقاد رکھتے ہیں جو ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی اسطرح مؤمنین بھی یہ

الْاٰيَةَ لَايُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا قَالَ قَدْ فَعَلْتُ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا قَالَ قَدْ فَعَلْتُ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَلْاٰيَةَ قَالَ قَدْ فَعَلْتُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاٰدَمُ بْنُ سُلَيْمَانَ يُقَالُ هُوَ وَالِدُ يَحْيَى بْنِ اٰدَمَ .

سب اللہ، اسکے فرشتوں اس کی کتابوں اوراس کے تمام پیغمبروں پر ایمان لائے کہ ہم اسکے پیغمبروں میں سے کسی کے درمیان تفریق نہیں کرتے اور سب نے کہا کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی ۔اے ہمارے پروردگار ہم تیری بخشش کے طلبگار ہیں اور ہمیں تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اسکی طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں کرتا اسے ثواب بھی اس کا ہوتا ہے جو وہ ارادے سے کرتا ہے اور گناہ بھی۔ اے ہمارے رب اگر ہم سے بھول چوک ہوجائے تو ہمارا مواخذہ نہ فرما۔ (اس دعا پر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) میں نے قبول کی (پھر وہ دعا کرتے ہیں) اے ہمارے رب ہم پر سخت حکم نہ بھیج جیسا کہ تو نے پہلی امتوں پر بھیجا تھا۔ (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) میں نے یہ دعا بھی قبول کی (پھر وہ لوگ دعا کرتے ہیں)۔ اے ہمارے رب ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جسے سہنے کی ہم میں طاقت نہ ہو۔ اور ہمیں معاف فرما، ہماری مغفرت فرما، ہم پر رحم فرما اس لیے کہ تو ہی ہمارا کارساز ہے۔ لہٰذا ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں نے یہ دعا بھی قبول کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ایک اور سند سے بھی ابن عباسؓ ہی سے منقول ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ آدم بن سلیمان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ یحییٰ کے والد ہیں۔

خلاصہ سورۃ بقرہ: سورۂ بقرہ کی تفسیر کے بارہ میں عرض ہے کہ اس سورۃ کا نام بقرہ اس لئے ہے کہ اس کے آٹھویں رکوع میں گائے سے متعلق ایک قصہ بیان ہوا ہے اس مناسبت سے اس کا نام سورۃ البقرہ ہے۔ سورۂ بقرہ میں چونکہ تمام بنیادی عقائد یعنی توحید ، رسالت ، کتب ، آخرت وغیرہ اور مرکزی اعمال یعنی جہاد ، انفاق ، نماز ، روزہ ، حج ، زکوٰۃ وغیرہ اور بعض اہم معاملات یعنی نکاح ، عدت ، قصاص ، وصیّت ، دیت ، قرض ، سود وغیرہ تفصیل سے مذکور ہیں بلکہ وہ تمام مضامین جو پورے قرآن میں پھیلے ہوئے ہیں تفصیلاً یا اجمالاً سارے کے سارے اس سورت میں آگئے ہیں اسی مناسبت سے بعض روایتوں میں اس سورت کا نام فساط القرآن بھی آیا ہے۔ فساط کے معنی خیمہ کے ہیں جس طرح خیمہ نیچے بیٹھنے والوں پر حاوی ہوتا ہے اس طرح یہ سورت بھی قرآن مجید کے تمام مضامین پر حاوی ہے اس لئے اس لحاظ سے باقی سورتوں پر فضیلت و برتری حاصل ہے۔ سورۂ بقرہ مدینہ منورہ میں سب سے پہلے نازل ہوئی تھی مدینہ اور اس کے قرب وجوار میں یہودی کافی تعداد میں آباد تھے اس لئے اس سورت میں یہود کی اصلاح کا پہلو بہت نمایاں ہے کیونکہ یہودیوں میں بڑے بڑے سرمایہ دار اور بڑے بڑے عالم اور پیر موجود تھے ان کی اصلاح سے پوری قوم کی اصلاح ہوسکتی تھی۔ مرکزی مضمون اور ذیلی مضامین کے اعتبار سے اس سورت کے دو حصے ہیں پہلا حصہ ابتدائے سورت سے شروع ہوکر بائیسویں رکوع اور آیت نمبر ۱۷۷ تک ہے اس حصہ میں توحید اور رسالت کے مضامین کو بیان کیا گیا ہے اور یہود پر جو اللہ تعالیٰ نے انعامات کئے تھے ان کا ذکر ہے اور ساتھ ساتھ یہود کی خباثتوں کا اور ان خباثتوں کی وجہ سے ان پر جو عذاب نازل ہوئے ان کا بھی بیان ہے دوسرا حصہ آیت نمبر ۱۷۸ سے لے کر آخر تک ہے اس میں مسلمانوں کے ظاہر و باطن کی اصلاح کے طریقے اور اندرونی نظام کو درست کرنے کے لئے امور انتظامیہ بیان فرما کر مشرکین کے مقابلہ میں انہیں جہاد اور انفاق فی سبیل اللہ کا حکم دیا گیا ہے گویا کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی خاطر مشرکین سے جہاد کا حکم فرمایا گیا ہے یہ سورۃ کی روح ہے امام ترمذیؒ نے شان نزول کے بارہ میں احادیث رسول اللہ ﷺ نقل فرمائی ہیں اور کئی آیات کے معنی اور مطالب بھی نقل فرمائے ہیں۔

بَابُ وَمِنْ سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ

۹۱۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ نَا يَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا ابْنُ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ اِلٰی اٰخِرِ الْاٰيَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّاهُمُ اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِیَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَائِشَةَ.

باب سورہ آل عمران کے متعلق

۹۱۰: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں ''هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ...... '' ترجمہ۔وہی ہے جس نے آپؐ پر ایسی کتاب نازل کی جس کا ایک حصہ وہ آیات ہیں جو کہ محکم ہیں (یعنی اشتباہ سے محفوظ ہیں) اور انہی آیات پر کتاب کا اصل مدار ہے۔اور دوسرا حصہ وہ ہے جس میں ایسی آیات ہیں جو مشتبہ المراد ہیں چنانچہ جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ اس کے اسی حصے کے پیچھے ہو لیتے ہیں جو مشتبہ المراد ہے۔ان کی غرض فتنے کی ہی ہوتی ہے اور اس کا (غلط) مطلب ڈھونڈنے کی۔ حالانکہ اس کا مطلب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔(سورہ آل عمران آیت ۷) کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا۔آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو آیات متشابہات کی پیروی کرتے ہیں۔ وہ وہی لوگ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان سے بچو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ایوب اسے ابن ابی ملیکہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے نقل کرتے ہیں۔

فائدہ: متشابہ یہ ہے کہ اسکی مراد صرف اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہو۔اسکی دو قسمیں ہیں۔جس کا لغوی معنی بھی کسی کو معلوم نہ ہوا نہیں مقطعات کہا جاتا ہے۔ کہ اس کا مدلول لغوی تو معلوم ہو۔مقطعات کے متعلق بعض لوگوں کی حالیہ تحقیقات قابل قدر ہے کہ ان سے بھی قرآن کریم کا ایک ایسا اعجاز ثابت ہوا جو اللہ تعالیٰ نے کمپیوٹر اور اعداد کی ترقی کے اس دور کیلئے محفوظ رکھا تھا اور وہ مختصراً (۱۹) کا عدد ہے کہ جس کے اردگرد مقطعات کی تعداد اور بعض دیگر حقائق گھومتے ہیں مثلاً آغاز قرآن، تسمیہ یعنی بسم اللہ ...الخ کے (۱۹) اعداد ہیں اور قرآن پاک کی پہلی سورہ گو دو دفعہ اتری لیکن جب مکمل ہوئی تو اس کی آیات (۱۹) ہوگئیں اور اسی ''اقراء'' سورہ سے آخر تک سورتیں شمار کی جائیں تو وہ انیس بنتی ہیں اور پھر بسم اللہ جس پارے میں مستقل آیت کے طور پر شامل قرآن ہے وہ انیسواں پارہ ہے اس کے متعلق اردو، عربی، انگریزی میں مفصل مضمون شائع ہو کر علمی حلقوں میں مقبول ہو چکا ہے گو اس پر اعتراض ہوا کہ بسم اللہ کے تو انیس حروف نہیں بلکہ اکیس ہیں، تو، بہ ادب واجب عرض ہے کہ انیس ہی ہیں کہ آغاز کتابت قرآن سے بسم اللہ جیسے لکھی جاتی ہے وہ بسم اور رحمٰن کے تلفظ وترتیب سے باسم اور رحمان سے نہیں۔ پوری دنیا میں کوئی قرآن مجید اس کے خلاف نہیں لکھا گیا قرآن پاک کا رسم الخط توفیقی ہے کہ جس طرح نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ سے مروی ہے اسی طرح پڑھا لکھا جائے گا۔اور تفسیر قرطبی میں ابن مسعودؓ کا ایک اثر اور ابن عطیہ سے ایک روایت منقول ہے کہ جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ورد کی مداومت کریگا وہ انیس (زبانیہ) جہنم کے فرشتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر عبداللہ بن مسعودؓ جیسے فقیہ اور ابن عطیہ سے منقول ہو تو پھر آجکل کے کسی عالم کی کیسے بات مانی جائے چاہے وہ کتنا بڑا ہو کہا جاتا ہے کہ رحمٰن ''فعلان'' کے وزن پر ہے قرآن پہلے نازل ہوا اور صرف ونحو کے قواعد بعد میں بنائے گئے ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ ''۱۹'' کا عدد بہائیوں کے ہاں ان کا ایک شعار ہے بہائی تو قرآن پاک کو منسوخ مانتے ہیں۔ان کے بعد ''۱۹'' کے عدد کا ''اللہ'' کی طرف سے ظاہر ہونا قرآن پاک کی حقانیت کی دلیل اور بہائیوں کا رد ہے۔

۹۱۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْدَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا اَبُوْعَامِرٍ وَهُوَ الْخَزَّازُوَيَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ يَزِيْدُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ وَلَمْ يَذْكُرْاَبُوْ عَامِرٍ الْقَاسِمُ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاوِيْلِهٖ قَالَ فَاِذَا رَاَيْتِهِمْ فَاعْرِفِيْهِمْ وَقَالَ يَزِيْدُ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهُمْ فَاعْرِفُوْهُمْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ هٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحَمَّدٍ وَاِنَّمَا ذَكَرَهٗ يَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ وَقَدْسَمِعَ مِنْ عَائِشَةَ اَيْضًا.

۹۱۱: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے متعلق پوچھا'' فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ.... الآیہ'' (یعنی جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہ کی اتباع کرتے ہیں ان کی غرض فتنہ پیدا کرنا اور اس کی غلط تفسیر کرنا ہوتا ہے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم انہیں دیکھو تو پہچان لینا ۔ یزید اپنی روایت میں کہتے ہیں کہ جب تم لوگ ان کو دیکھو تو پہچان لو۔ دو یا تین مرتبہ فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس طرح کئی حضرات اسے ابن ابی ملیکہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل کرتے ہوئے قاسم بن محمد کا ذکر نہیں کرتے ۔ ان کا ذکر صرف یزید بن ابراہیم کرتے ہیں ۔ ابن ابی ملیکہ کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ ہے ان کا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سماع ثابت ہے۔

۹۱۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلَاةً مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ وَلِيِّيْ اَبِيْ وَخَلِيْلُ رَبِّيْ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ.

۹۱۲: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نبی کے نبیوں میں سے دوست ہوتے ہیں ۔ میرے دوست میرے والد اور میرے رب کے دوست (ابراہیم علیہ السلام) ہیں پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی'' اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ ......'' (ترجمہ۔ ابراہیم علیہ السلام کے زیادہ قریب وہ لوگ ہیں جنہوں نے ان کی تابعداری کی اور یہ نبی (ﷺ) اور جو اس پر ایمان لائے اور اللہ مؤمنوں کے دوست ہیں)

۹۱۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَقُلْ فِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ وَاَبُوالضُّحٰى اِسْمُهٗ مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ نَاوَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۹۱۳: ہم سے روایت کی محمود نے ان سے ابونعیم نے وہ سفیان سے وہ اپنے والد سے وہ ابوالضحیٰ سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں ۔ اس سند میں مسروق کا ذکر نہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے۔ ابوالضحیٰ کا نام مسلم بن صبیح ہے۔ پھر ابوکریب بھی وکیع سے وہ سفیان سے وہ اپنے والد سے وہ ابوالضحیٰ سے وہ عبداللہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابونعیم کی روایت کے مطابق نقل کرتے ہیں ۔ اس

وَسَلَّمَ حَدِيثَ اَبِيْ نَعِيمٍ وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ مَّسْرُوْقٍ.

میں بھی مسروق کا ذکر نہیں ہے۔

۹۱۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَ عْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ ابْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَعَلَيْهِ غَضْبَانُ فَقَالَ الْاَ شْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فِيَّ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِّنَ الْيَهُوْدِ اَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ فَقَدَّمْتُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا فَقَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ احْلِفْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَنْ يَحْلِفُ فَيَذْهَبَ بِمَا لِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً اِلٰى اٰخِرِ الْاٰ يَةِ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اِبْنِ اَبِيْ اَوْفٰى.

۹۱۴: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کسی نے ایسی جھوٹی قسم کھائی جس سے وہ کسی مسلمان کا مال دبانا چاہتا ہے وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ اس پر غصہ ہوں گے۔ اشعث بن قیسؓ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث میرے متعلق ہے۔ میرے اور ایک یہودی کے درمیان کچھ مشترک زمین تھی۔ اس نے میری شراکت کا انکار کر دیا تو میں اسے لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے گواہ لانے کیلئے کہا تو میں نے عرض کیا کہ میرے پاس کوئی گواہ نہیں۔ چنانچہ آپؐ نے یہودی کو حکم دیا کہ قسم کھاؤ تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ وہ تو قسم کھا کر میرا مال لے جائے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ "اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ ...الآیۃ" (یعنی جو لوگ اللہ سے کیے ہوئے عہد اور اپنی قسموں کے مقابلے میں تھوڑا سا معاوضہ لے لیتے ہیں آخرت میں ان لوگوں کیلئے کوئی حصہ نہیں اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ ان سے بات کریں گے نہ انکی طرف دیکھیں گے اور نہ انہیں پاک کریں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ (سورہ آل عمران آیت ۷۷) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں ابن ابی اوفیٰ سے بھی روایت منقول ہے۔

۹۱۵: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ نَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّانَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰ يَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّحَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (وَمَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا) قَالَ اَبُوْطَلْحَةَ وَكَانَ لَهٗ حَائِطٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَائِطِيْ لِلّٰهِ وَلَوِ اسْتَطَعْتُ اَنْ اُسِرَّهٗ لَمْ اُعْلِنْهُ فَقَالَ اجْعَلْهُ فِيْ قَرَابَتِكَ اَوْاَقْرَبِيْكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

۹۱۵: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ..." یا "مَنْ ذَالَّذِیْ یُقْرِضُ......"۔ تو ابوطلحہ کے پاس ایک باغ تھا۔ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میرا یہ باغ اللہ کیلئے وقف ہے۔ اگر میں اس بات کو چھپا سکتا تو کبھی ظاہر نہ ہونے دیتا۔ آپؐ نے فرمایا اسے اپنے قرابتداروں میں تقسیم کردو۔ راوی کو شک ہے "قرابتک" فرمایا، یا "اَقْرَبِیْکَ"۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ مالک بن انسؓ اسے اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ سے اور وہ انسؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۹۱۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبَّادِبْنِ جَعْفَرٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنِ الْحَاجُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الشَّعِثُ التَّفِلُ فَقَامَ رَجُلٌ اٰخَرُفَقَالَ اَيُّ الْحَجِّ اَفْضَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَقَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ مَا السَّبِيْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الزَّادُوَالرَّاحِلَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيْدَ الْخُوزِيِّ الْمَكِّيِّ وَقَدْتَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِي اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيْدَ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۹۱۶: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کونسا حاجی اچھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا جس کا سر گردآلود ہو اور کپڑے میلے کچیلے ہوں۔ پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کونسا حج افضل ہے۔ آپؐ نے فرمایا: جس میں بلند آواز سے لبیک کہا جائے اور زیادہ قربانیاں کی جائیں پھر ایک شخص کھڑا ہوا اور پوچھا کہ "وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ......" میں سبیل سے کیا مراد ہے۔ آپؐ نے فرمایا سفرخرچ اور سواری۔ اس حدیث کو ہم صرف ابراہیم بن یزید خوزی مکی کی روایت سے جانتے ہیں بعض اہل علم نے ان کے حافظے پر اعتراض کیا ہے۔

۹۱۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّانَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَ نَا وَاَبْنَآءَ كُمْ وَنِسَآءَ نَا وَنِسَآءَ كُمْ) اَلْاٰيَةَ دَعَارَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَّفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِي هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۹۱۷: حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "نَدْعُ اَبْنَاءَ نَاوَاَبْنَاءَ كُمْ ....الآیہ" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ عنہ، فاطمہ رضی اللہ عنہا، حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کو بلایا فرمایا کہ یا اللہ یہ میرے اہل ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے[1]۔

۹۱۸: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ رَبِيْعٍ وَهُوَا بْنُ صُبَيْحٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ غَالِبٍ قَالَ رَاٰى اَبُوْ اُمَامَةَ رُءُوْسًا مَنْصُوْبَةً عَلٰى دَرَجِ دِمَشْقَ فَقَالَ اَبُوْاُمَامَةَ كِلَابُ النَّارِ شَرُّ قَتْلٰى تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَاءِ خَيْرُ قَتْلٰى مَنْ قَتَلُوْهُ ثُمَّ قَرَأَ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ اِلٰى اٰخِرِالْاٰيَةِ قُلْتُ لِاَبِيْ اُمَامَةَ اَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً اَوْمَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا اَوْ اَرْبَعًا حَتّٰى عَدَّ سَبْعًا مَاحَدَّثْتُكُمُوْهُ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاَبُوْ غَالِبٍ اِسْمُهٗ حَزَوَّرٌ وَاَبُوْاُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ اِسْمُهٗ صُدَيُّ بْنُ

۹۱۸: ابو غالب کہتے ہیں کہ حضرت ابو امامہ نے (خارجیوں کے) کچھ سروں کو دمشق کی سیڑھی پر لٹکے ہوئے دیکھا تو فرمایا یہ دوزخ کے کتے اور آسمان کی چھت کے نیچے کے بدترین مقتول ہیں۔ اور بہترین مقتول وہ ہیں جوان (خارجیوں) کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ پھر یہ آیت پڑھی "يَوْمَ تَبْيَضُّ......" (جس دن کچھ چہرے سیاہ اور کچھ چہرے سفید ہوں گے) راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا آپ نے یہ نبی اکرم ﷺ سے سنا تو فرمایا اگر میں نے ایک دو یا تین یا چار یہاں تک کہ سات مرتبہ نہ سنا ہوتا تو ہرگز تم لوگوں کے سامنے بیان نہ کرتا۔ یعنی کئی مرتبہ سنا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ابو غالب کا نام حزور ہے جبکہ ابوامامہ باہلی

---

[1] یہ آیت نصاریٰ نجران کے نبی اکرم ﷺ سے سوال وجواب کرنے اور اپنے شبہات دور کرنے کے بعد نازل ہوئی کہ اگر اب بھی کوئی تسلیم نہ کرے تو انہیں مباہلے کی دعوت دیجئے کہ ہم بھی اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں تم بھی بلاؤ۔ ہم بھی اپنی عورتوں کو بلاتے ہیں تم بھی بلاؤ۔ ہم خود بھی آتے ہیں اور تم بھی آؤ اور دعا کریں کہ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہو۔ لیکن نصاریٰ نے مباہلے سے انکار کر دیا۔ (واللہ اعلم۔ مترجم)

عَجلانَ وَهُوَ سَيِّدُ بَاهِلَةَ .

کانام صدی بن عجلان ہے وہ قبیلہ باہلہ کے سردار ہیں۔

٩١٩ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ بَهْزِبْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ) قَالَ اَنْتُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ اُمَّةً اَنْتُمْ خَيْرُهَا وَاَكْرَمُهَا عَلَى اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرَوٰى غَيْرُوَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ بَهْزِبْنِ حَكِيْمٍ نَحْوَ هٰذَا وَلَمْ يَذْكُرُوْافِيْهِ (كُنْتُمْ خَيْرَاُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ).

۹۱۹: حضرت بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہوئے سنا ''كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ ... الآیہ'' کہ تم لوگ ستر امتوں کو پورا کرنے والے ہو۔ اور ان سب میں بہتر اور معزز ہو۔ یہ حدیث حسن ہے اسے کئی راوی بہز بن حکیم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں اس آیت کا ذکر نہیں کرتے۔

٩٢٠ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ اَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهٗ يَوْمَ اُحُدٍ وَشُجَّ وَجْهُهٗ شَجَّةً فِيْ جَبْهَتِهٖ حَتّٰى سَالَ الدَّمُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَقَالَ كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ فَعَلُوْا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ فَنَزَلَتْ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْيَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْيُعَذِّبَهُمْ اِلٰى اٰخِرِهَا هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۲۰: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ غزوۂ احد کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کے دندان مبارک شہید ہو گئے۔ سر میں زخم آیا اور پیشانی بھی زخمی ہوئی یہاں تک کہ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک پر خون بہنے لگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ قوم کیسے کامیاب ہو گی جنہوں نے اپنے نبی کے ساتھ یہ کچھ کیا اور وہ انہیں اللہ کی طرف بلاتا ہے۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی ''لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ ......'' (آپ ﷺ کا اس میں کوئی اختیار نہیں اللہ چاہے تو انہیں معاف کر دے اور چاہے تو عذاب دے۔)

٩٢١ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شُجَّ فِيْ وَجْهِهٖ وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهٗ وَرُمِيَ رَمْيَةً عَلٰى كَتِفِهٖ فَجَعَلَ الدَّمُ يَسِيْلُ عَلٰى وَجْهِهٖ وَهُوَ يَمْسَحُهٗ وَيَقُوْلُ كَيْفَ تُفْلِحُ اُمَّةٌ فَعَلُوْا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْيَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْيُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۲۱: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی ہو گیا، دندان مبارک شہید ہو گئے اور شانہ مبارک پر ایک پتھر مارا گیا اور آپؐ کے چہرہ مبارک سے خون بہنے لگا۔ آپؐ اسے صاف کرتے اور کہتے کہ وہ قوم کس طرح فلاح پائے گی جنہوں نے اپنے نبی کے ساتھ یہ کچھ کیا جبکہ وہ انہیں اللہ کی طرف دعوت دیتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ...... یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٩٢٢ : حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ الْكُوْفِيُّ نَا اَحْمَدُبْنُ بَشِيْرٍعَنْ عُمَرَبْنِ حَمْزَةَ عَنْ سَالِمِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَبَا سُفْيَانَ اَللّٰهُمَّ

۹۲۲: حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ احد کے موقع پر فرمایا: اے اللہ ابوسفیان پر لعنت بھیج۔ اے اللہ حارث بن ہشام پر لعنت بھیج۔ اے اللہ صفوان بن امیہ پر لعنت بھیج۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی ''لَيْسَ لَكَ

الْعَنِ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ صَفْوَانَ ابْنَ اُمَيَّةَ قَالَ فَنَزَلَتْ (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْيَتُوْبَ عَلَيْهِمْ) فَتَابَ عَلَيْهِمْ فَاَسْلَمُوْا فَحَسُنَ اِسْلَامُهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ سَالِمٍ وَكَذَارَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ.

مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ ....الآیہ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو معاف کر دیا اور یہ لوگ اسلام لے آئے اور وہ بہترین مسلمان ثابت ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اس حدیث کو عمر بن حمزہ نے سالم سے نقل کیا ہے۔ پھر زہری بھی سالم سے اور وہ اپنے والد (ابن عمرؓ) سے اسی طرح حدیث نقل کرتے ہیں۔

۹۲۳: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ الْبَصْرِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْا عَلٰى اَرْبَعَةِ نَفَرٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْيَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ فَهَدَاهُمُ اللّٰهُ لِلْاِسْلَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ يُسْتَغْرَبُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَرَوَاهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ.

۹۲۳: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چار آدمیوں کے لیے بد دعا کرتے تھے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت مبارکہ نازل فرمائی: "لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ ......" پھر اللہ تعالیٰ نے ان (چاروں) کو اسلام کی ہدایت دی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب صحیح ہے یعنی نافع کی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے۔ یحییٰ بن ایوب بھی اسے ابن عجلان سے نقل کرتے ہیں۔

۹۲۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ اِنِّيْ كُنْتُ رَجُلًا اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ مِنْهُ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِيْ وَاِذَا حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ فَاِذَا حَلَفَ لِيْ صَدَّقْتُهُ وَاِنَّهُ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ وَصَدَقَ اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَتَطَهَّرُ ثُمَّ يُصَلِّيْ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غُفِرَلَهُ ثُمَّ قَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْآ اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْرَوَاهُ شُعْبَةُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ فَرَفَعُوْهُ وَرَوَاهُ مِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ فَلَمْ يَرْفَعَاهُ وَلَا نَعْرِفُ لِاَسْمَاءَ اِلَّا هٰذَا حَدِيْثٌ.

۹۲۴: حضرت اسماء بن حکم فزاری کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علیؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایک ایسا آدمی ہوں کہ نبی اکرمؐ سے جو حدیث سنتا تو اللہ تعالیٰ کی مشیت کے مطابق مجھے اس سے فائدہ پہنچتا اور اگر کوئی صحابی مجھ سے کوئی حدیث بیان کرتا تو میں اسے قسم دیتا۔ اگر وہ قسم کھالیتا تو میں اس کی تصدیق کرتا۔ چنانچہ ایک مرتبہ ابوبکر صدیقؓ نے مجھ سے بیان کیا اور وہ سچے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص ایسا نہیں جو کسی گناہ کا ارتکاب کرنے کے بعد طہارت حاصل کر کے دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ اسے معافی مانگے اور اللہ تعالیٰ سے معاف نہ کریں۔ پھر یہ آیت پڑھی "وَالَّذِيْنَ اِذَا ......" (اور وہ لوگ جو اگر کبھی کسی گناہ کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں یا اپنے آپ پر ظلم کر لیتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اس سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگتے ہیں۔ اور اللہ کے علاوہ کون گناہ بخشتا ہے اور اپنے کیے پر جانتے بوجھتے ہوئے اصرار نہ کریں۔) اس حدیث کو شعبہ اور کئی لوگوں نے عثمان بن مغیرہ سے غیر مرفوع روایت کیا ہے۔ اور ہم اسماء کی صرف یہی حدیث جانتے ہیں۔

۹۲۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ رَفَعْتُ رَاْسِي يَوْمَ اُحُدٍ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ وَمَا مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ اَحَدٌ اِلَّا يَمِيْدُ تَحْتَ حَجَفَتِهِ مِنَ النُّعَاسِ فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۲۵: حضرت ابوطلحہؓ سے روایت ہے کہ غزوہ احد کے موقع پر میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ اس روز ان میں سے کوئی ایسا نہیں تھا جو اونگھ کی وجہ سے نیچے کو نہ جھکا جاتا ہو(۱)۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے یہی اونگھ مراد ہے۔ ''ثُمَّ اَنْزَلَ ......'' (پھر تم لوگوں پر تنگی (غم) کے بعد اونگھ نازل کی گئی جو تم میں سے ایک جماعت کو گھیر رہی تھی اور دوسری جماعت کو صرف اپنی فکر تھی) [۱] یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۲۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ ابْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ مِثْلَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۲۶: ہم سے روایت کی عبد بن حمید نے انہوں نے روح بن عبادہ سے انہوں نے حماد بن سلمہ سے وہ ہشام بن عروہ سے اور وہ اپنے والد سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۲۷: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ قَالَ غُشِيْنَا وَنَحْنُ فِي مَصَافِّنَا يَوْمَ اُحُدٍ حَدَّثَ اَنَّهُ كَانَ فِيْمَنْ غَشِيَهُ النُّعَاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَ فَجَعَلَ سَيْفِيْ يَسْقُطُ مِنْ يَدِيْ وَاٰخُذُهُ وَيَسْقُطُ مِنْ يَدِيْ وَاٰخُذُهُ وَالطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى الْمُنَافِقُوْنَ لَيْسَ لَهُمْ هَمٌّ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ اَجْبَنُ قَوْمٍ وَاَرْعَبُهُ وَاَخْذَلُهُ لِلْحَقِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۲۷: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ احد کے موقع پر میدان جنگ میں ہم پر غشی طاری ہوگئی تھی۔ میں بھی ان لوگوں میں تھا جن لوگوں پر اس روز اونگھ طاری ہوگئی تھی۔ چنانچہ میری تلوار میرے ہاتھ سے گرنے لگی۔ میں اسے پکڑتا وہ پھر گرنے لگتی۔ دوسرا گروہ منافقین کا تھا جنہیں صرف اپنی جانوں کی فکر تھی یہ لوگ انتہائی بزدل، مرعوب اور حق کو چھوڑنے والے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ خُصَيْفٍ نَا مِقْسَمٌ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَغُلَّ فِيْ قَطِيْفَةٍ حَمْرَاءَ افْتُقِدَتْ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ لَعَلَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خُصَيْفٍ نَحْوَ هٰذَا وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ

۹۲۸: حضرت مقسم کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ نے فرمایا: ''وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَغُلَّ ...... الْاٰيَة'' (یعنی (مال غنیمت میں) خیانت کرنا نبی کا کام نہیں اور جو خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اسے لے کر حاضر ہوگا) یہ آیت ایک سرخ روئی دار چادر کے بارے میں نازل ہوئی جو غزوۂ بدر کے موقع پر گم ہوگئی تھی تو بعض لوگوں نے کہا کہ شاید نبی اکرم ﷺ نے لے لی ہو۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عبدالسلام بن حرب بھی خصیف سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ بعض اسے خصیف سے اور وہ مقسم

[۱] مفسرین نے لکھا ہے۔ غزوۂ احد میں جب مسلمانوں پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے جن کو شہید ہونا تھا وہ شہید ہوگئے اور جنہوں نے راہ فرار اختیار کرنی تھی انہوں نے راہ فرار اختیار کی تو میدان جنگ میں باقی رہ جانے والے لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے اونگھ طاری کردی تاکہ دہشت اور خوف زائل ہو جائے چنانچہ اس کے بعد دوبارہ مسلمان جمع ہوئے اور دوبارہ جنگ کی (مترجم)

خُصَيْفٍ عَنْ مِقْسَمٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

سے نقل کرتے ہوئے ابن عباسؓ کا ذکر نہیں کرتے۔

۹۲۹: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ نَا مُوْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيْ يَا جَابِرُ مَالِيْ اَرَاكَ مُنْكَسِرًا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتُشْهِدَ اَبِيْ وَتَرَكَ عِيَالاً وَدَيْنًا قَالَ اَلاَ اُبَشِّرُكَ بِمَا لَقِيَ اللّٰهُ بِهٖ اَبَاكَ قَالَ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا كَلَّمَ اللّٰهُ اَحَدًا قَطُّ اِلَّا مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ وَ اَحْيٰى اَبَاكَ فَكَلَّمَهٗ كِفَاحًا وَقَالَ يَا عَبْدِيْ تَمَنَّ عَلَيَّ اُعْطِيْكَ قَالَ يَا رَبِّ تُحْيِيْنِيْ فَاُقْتَلُ فِيْكَ ثَانِيَةً قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِنَّهٗ قَدْ سَبَقَ مِنِّيْ اَنَّهُمْ لاَ يَرْجِعُوْنَ قَالَ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا اَلْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلاَ نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ هٰكَذَا عَنْ مُوْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرٍ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

۹۲۹: حضرت جابر بن عبد اللہؓ فرماتے ہیں کہ میری نبی اکرم ﷺ سے ملاقات ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: جابر کیا بات ہے۔ میں تمہیں شکستہ حال کیوں دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد شہید ہوگئے اور قرض اور عیال چھوڑ گئے۔ آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس چیز کی خوشخبری نہ سناؤں جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد سے ملاقات کی عرض کیا: کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد کے علاوہ ہر شخص سے پردے کے پیچھے سے گفتگو کی لیکن تمہارے والد کو زندہ کر کے ان سے بالمشافہ گفتگو کی اور فرمایا: اے میرے بندے تمنا کر۔ تو جس چیز کی تمنا کرے گا میں تجھے عطا کروں گا۔ انہوں نے عرض کیا: اے اللہ مجھے دوبارہ زندہ کر دے تاکہ میں دوبارہ تیری راہ میں قتل ہو جاؤں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فیصلہ ہو چکا کہ کوئی دنیا میں واپس نہیں جائے گا۔ راوی کہتے ہیں پھر یہ آیت نازل ہوئی ''وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ ......'' (یعنی تم ان لوگوں کو مردہ نہ سمجھو جو اللہ کی راہ میں قتل کر دیئے گئے ہیں۔ بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں اور انہیں رزق دیا جاتا ہے.... الخ) یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف موسیٰ بن ابراہیم کی روایت سے جانتے ہیں۔ پھر علی بن عبد اللہ مدینی اور کئی راوی اس حدیث کو کبار محدثین سے اسی طرح روایت کرتے ہیں نیز عبد اللہ بن محمد بن عقیل بھی جابر سے اس کا کچھ حصہ نقل کرتے ہیں۔

۹۳۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهٖ وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ فَقَالَ اَمَا اِنَّا قَدْ سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ فَاُخْبِرْنَا اَنَّ اَرْوَاحَهُمْ فِيْ طَيْرٍ خُضْرٍ تَسْرَحُ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ وَتَاْوِيْ اِلٰى قَنَادِيْلَ مُعَلَّقَةٍ بِالْعَرْشِ فَاطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّكَ اِطِّلَاعَةً فَقَالَ هَلْ تَسْتَزِيْدُوْنَ شَيْئًا فَاَزِيْدَكُمْ قَالُوْا رَبَّنَا وَمَا نَسْتَزِيْدُ

۹۳۰: حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے اس آیت ''وَلاَ تَحْسَبَنَّ...... '' کی تفسیر پوچھی گئی تو آپؐ نے فرمایا: کہ ہم نے بھی اسکی تفسیر نبی اکرم ﷺ سے پوچھی تھی۔ آپؐ نے فرمایا: ان کی (یعنی شہداء کی) روحیں سبز پرندوں (کی شکل) میں ہیں جو جنت میں جہاں چاہتے ہیں وہاں پھرتے ہیں۔ ان کا ٹھکانہ عرش سے لٹکی ہوئی قندیلیں ہیں پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف جھانکا اور پوچھا کیا تم لوگ کچھ اور بھی چاہتے ہو تو میں تمہیں عطا کروں گا۔ انہوں نے عرض کیا یا اللہ ہم اس سے

وَنَحْنُ فِي الْجَنَّةِ نَسْرَحُ حَيْثُ شِئْنَا ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ هَلْ تَسْتَزِيدُوْنَ شَيْئًا فَأَزِيدَكُمْ فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهُمْ لَا يُتْرَكُوْنَ قَالُوْا تُعِيْدُ اَرْوَاحَنَا فِيْ اَجْسَادِنَا حَتّٰى نَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَنُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

زیادہ کیا چاہیں گے کہ ہم جنت میں جہاں چاہتے ہیں گھومتے پھرتے ہیں۔ پھر دوبارہ اللہ تعالیٰ نے ان سے اسی طرح کیا تو ان شہداء نے سوچا کہ ہم اس وقت تک نہیں چھوٹیں گے جب تک کوئی فرمائش نہیں کریں گے۔ تو انہوں نے تمنا ظاہر کی کہ ہماری روحیں ہمارے جسموں میں واپس کر دی جائیں تا کہ ہم دنیا میں جائیں اور دوبارہ تیری راہ میں شہید ہو کر آئیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۳۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيْهِ وَتُقْرِئُ نَبِيَّنَا السَّلَامَ وَتُخْبِرُهُ اَنْ قَدْ رَضِيْنَا وَرَضِيَ عَنَّا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۹۳۱: ابن ابی عمر نے بواسطہ سفیان، عطاء بن سائب اور ابوعبیدہ، حضرت ابن مسعودؓ سے اسکی مثل روایت کیا لیکن اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ ہمارے نبی کو ہماری طرف سے سلام پہنچایا جائے اور انہیں بتایا جائے کہ ہم اپنے رب سے راضی اور ہمارا رب ہم سے راضی ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۹۳۲. حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ جَامِعٍ وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ رَاشِدٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَعْيَنَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ رَجُلٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوةَ مَالِهِ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ عُنُقِهِ شُجَاعًا ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ الْاٰيَةَ وَقَالَ مَرَّةً قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهُ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنِ اقْتَطَعَ مَالَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ بِيَمِيْنٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى قَوْلِهِ شُجَاعًا اَقْرَعَ يَعْنِيْ حَيَّةً:

۹۳۲: حضرت عبداللہؓ مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسکی گردن میں ایک اژدھا بنادیں گے۔ پھر آپؐ نے اسکے مطابق آیت پڑھی "لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ ......" (ترجمہ جو لوگ اللہ کی اپنے فضل سے دی ہوئی چیزوں کو خرچ کرنے میں بخل سے کام لیتے ہیں وہ یہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے لئے بہتر ہے بلکہ یہ ان کے لیے برا ہے کیونکہ عنقریب قیامت کے دن جس چیز سے انہوں نے بخل کیا تھا وہ ان کی گردن میں طوق بنا کر لٹکائی جائے گی) پھر راوی کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے اس کے مصداق میں یہ آیت پڑھی "سَيُطَوَّقُوْنَ ......" (عنقریب وہ چیز جس میں بخل کیا تھا قیامت کے دن وہ ان کی گردن میں طوق بنا کر لٹکائی جائے گی) اور فرمایا جس نے کسی مسلمان بھائی کا جھوٹی قسم کھا کر حق لے لیا وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ اس سے ناراض ہوگا۔ پھر اس کے مصداق میں یہ آیت پڑھی "اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ" (بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے وعدہ کے بدلے تھوڑی قیمت لیتے ہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور "شجاع اقرع" سے مراد سانپ ہے جو گنجا ہوگا۔ شدت زہر کی وجہ سے اسکے سر کے بال ختم ہو گئے ہوں گے۔

۹۳۳. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَسَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَوْضِعَ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَوَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۳۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑا (لاٹھی) رکھنے کی جگہ دنیا اور اس کی چیزوں سے بہتر ہے۔ لہٰذا اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو "شِئْتُمْ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَوَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ" (یعنی پھر جو آگ سے بچا کر جنت میں داخل کیا گیا وہ کامیاب ہو گیا اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کا سودا ہے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۳۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ الزَّعْفَرَانِیُّ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِی ابْنُ اَبِیْ مُلَيْكَةَ اَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ قَالَ اِذْهَبْ يَارَافِعُ لِبَوَّابِهٖ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْ لَهٗ لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بِمَا اُوْتِیَ وَاَحَبَّ اَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ مُعَذَّبًا لَنُعَذَّبَنَّ اَجْمَعُوْنَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَالَكُمْ وَهٰذِهِ الْاٰيَةُ اِنَّمَا اُنْزِلَتْ هٰذِهٖ فِیْ اَهْلِ الْكِتَابِ ثُمَّ تَلَاابْنُ عَبَّاسٍ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَتَلَاوَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا اَتَو وَّ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُ وْ ابِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَاَ لَهُمُ النَّبِیُّ ﷺ عَنْ شَیْءٍ فَكَتَمُوْهُ وَاَخْبَرُوْهُ بِغَيْرِهٖ فَخَرَجُوْا وَقَدْ اَرَوْهُ اَنْ قَدْ اَخْبَرُوْهُ بِمَا سَاَلَهُمْ عَنْهُ وَاسْتَحْمَدُوْا بِذٰلِكَ اِلَيْهِ وَفَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا مِنْ كِتْمَانِهِمْ وَمَا سَاَلَهُمْ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۹۳۴: حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف کہتے ہیں کہ مروان بن حکم نے اپنے محافظ کو حکم دیا کہ ابن عباسؓ کے پاس جاؤ اور کہو کہ جو لوگ اپنی بات پر خوش ہوتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ایسے کام پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیا۔ اگر انہیں عذاب دیا گیا تو ہم سب عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا تم لوگوں کو اس آیت سے کیا مطلب یہ آیت تو اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی ہے پھر آپؓ نے یہ آیت پڑھی "وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ ......" (یعنی جب اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب (یعنی یہودیوں) سے اقرار لیا کہ اسے لوگوں کے لیے بیان کرو اور چھپاؤ مت لیکن انہوں نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے پھینک دیا اور اس کے مقابلے میں تھوڑا سا معاوضہ لے لیا۔ یہ کتنی بری خریداری کرتے ہیں جو اپنے کیے پر خوش ہوتے ہیں اور کسی کام کے کئے بغیر اپنی تعریف چاہتے ہیں۔ ان لوگوں کے متعلق یہ نہ سوچ کہ انہیں عذاب سے نجات مل جائے گی۔ ان کے لیے تو دردناک عذاب ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے اہل کتاب سے کوئی بات پوچھی تو انہوں نے اسکے علاوہ کوئی دوسری بات بتائی اور یہ ظاہر کیا کہ جو کچھ آپؐ نے پوچھا ہم نے بتا دیا اور اس پر اپنی تعریف کے طلبگار ہوئے۔ اپنی کتاب اور پوچھی گئی بات پر خوش ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

خلاصہ سورۃ آل عمران: مفسرین نے لکھا ہے کہ نجران کے نصاریٰ یعنی عیسائیوں کا ایک وفد مدینہ منورہ میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جو ان کے ساٹھ چیدہ آدمیوں پر مشتمل تھا۔ وفد میں تین آدمی سرکردہ تھے یعنی عاقب، سید اور ابو حارثہ یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں جھگڑنے لگے اور کہا کہ وہ اللہ

ولد (بیٹے) اور نائب ہیں اور حضرت مریم صدیقہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہمارے معبود ہیں اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہمارا رب تو زندہ جاوید اور سارے جہان کا نگہبان اور رازق ہے زمین و آسمان کی کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں وہ ماں کے رحم میں اپنی مرضی کے مطابق بچے کی شکل بناتا ہے وہ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے اب تم بتاؤ کیا ان صفات میں سے کوئی ایک صفت بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں پائی جاتی ہے جب ان صفات میں سے کوئی صفت بھی ان میں نہیں تو پھر وہ معبود کس طرح بن سکتے ہیں اس پر سورۃ ال عمران کی ابتدائی اسی/۸۰ آیات نازل ہوئیں اور مشرکین نصاریٰ کے شبہات کا ازالہ کیا گیا ہے انہیں کچھ شبہات توحید کے بارہ میں تھے اور کچھ رسالت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی توحید کے بارے میں پانچ شبہات ان کے دلوں میں تھے شبہ اول یہ تھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں روح اللہ، کلمۃ اللہ اور انجیل میں ابن اللہ وغیرہ الفاظ وارد ہوتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ولد اور نائب ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو تصرف کا اختیار دے رکھا ہے اس لئے ان کو پکارنا چاہئے۔ دوسرا شبہ ان کے معجزات کے بارے میں تھا اس سے معلوم ہوا کہ وہ متصرف و مختار کارساز اور غیب دان تھے۔ تیسرا شبہ ہمیں اپنے بڑوں کی کچھ ایسی عبارتیں ملتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی عبادت اور پکار کا حکم دیا تھا اسی وجہ سے ہمارے بڑے ان کو پکارتے تھے۔ چوتھا شبہ یہ تھا کہ حضرت مریم علیہا السلام کے پاس ہر وقت بے موسم کے پھل موجود رہتے تھے حالانکہ ان کو کوئی لا کر نہیں دیتا تھا اس سے معلوم ہوا کہ وہ خود صاحب اختیار تھیں۔ پانچواں شبہ یہ تھا کہ زکریا علیہ السلام کے گھر میں ان کے انتہائی بڑھاپے کے زمانے میں بیٹا پیدا ہوا جب کہ ان کی بیوی صاحبہ بھی ولادت کے قابل نہ تھیں تو اس سے معلوم ہوا کہ ان کو اختیار و تصرف حاصل تھا اور وہ کارساز تھے جبھی تو بے موسم بیٹا پیدا ہوا۔ ان پانچ شبہات کے جواب میں اس سورۃ میں دئے گئے پہلے شبہ کا جواب یہ دیا کہ یہ الفاظ متشابہات میں سے ہیں اور ان کا حکم یہ ہے کہ ان کی تاویل محکمات کے مطابق کی جائے گی اگر ان کی تاویل سمجھ میں نہ آئے تو ان میں زیادہ بحث و کرید کرنے کی اجازت نہیں بلکہ ان پر اس قدر اجمالی ایمان کافی ہے کہ ان سے اللہ کی جو مراد ہے وہ برحق ہے لہٰذا ایسے موہم شرک الفاظ سے استدلال کرنا جائز نہیں۔ دوسرے شبہ کا جواب رکوع نمبر ۵ آیت نمبر ۴۹ سے دیا کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات تھے اور معجزہ دکھانے میں نبی کا اپنا اختیار نہیں ہوتا وہ تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہوتا ہے نبی تو مظہر ہوتا ہے۔ تیسرے شبہ کا جواب رکوع نمبر ۸ آیت نمبر ۷۹ سے دیا کہ پیغمبر تو انسانوں کو اللہ تعالیٰ کا بندہ بنانے کے لئے آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی عبادت پر لگانے کے لئے تشریف لاتے ہیں نہ کہ اپنی عبادت کرانے آتے ہیں۔ چوتھے شبہ کا جواب رکوع نمبر ۴ آیت نمبر ۳۷ سے دیا کہ حضرت مریم صدیقہ کے پاس بے موسم میووں کا آنا بطور اظہار کرامت کے تھا نہ یہ کہ ان کا اپنا اختیار۔ پانچویں شبہ کا جواب آیت نمبر ۸۰ سے دیا کہ حضرت زکریا علیہ السلام نے تو بیٹے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعاء اور التجاء کی تھی اور اللہ نے ان کی دعاء قبول فرمائی اور ان کو بیٹا عطا کیا اس میں ان کو کوئی اختیار اور تصرف حاصل نہ تھا۔ اسی طرح نصاریٰ اور مشرکین نے آپ ﷺ کی رسالت میں تین شبہات کا اظہار کیا ان کے جوابات بھی اس سورت میں دیئے گئے ہیں نیز امام ترمذیؒ نے بعض آیات مبارکہ کے شان نزول بھی نقل کئے ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ النِّسَآءِ

باب سورہ نساء کی تفسیر کے بارے میں

۹۳۵ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ

۹۳۵: محمد بن منکدر کہتے ہیں کہ میں نے جابر بن عبداللہؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک مرتبہ میں بیمار ہو گیا تو نبی اکرم ﷺ

عَبْدَ اللّٰهِ يَقُوْلُ مَرِضْتُ فَاَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ وَقَدْ اُغْمِيَ عَلَيَّ فَلَمَّا اَفَقْتُ قُلْتُ كَيْفَ اَقْضِيْ فِيْ مَالِيْ فَسَكَتَ عَنِّيْ حَتّٰى نَزَلَتْ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ.

میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ مجھ پر بے ہوشی طاری تھی۔ جب افاقہ ہوا تو میں نے عرض کیا کہ اپنے مال کے متعلق کیا فیصلہ دوں۔ آپؐ نے کوئی جواب نہیں دیا یہاں تک کہ یہ آیات نازل ہوئیں ''يُوْصِيْكُمْ......''[1] یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری اولاد کے متعلق وصیت کرتے ہیں کہ مرد کو دو عورتوں کے برابر حصہ دو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی لوگوں نے اس حدیث کو محمد بن منکدر سے روایت کیا ہے۔

۹۳۶: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ صَبَّاحٍ الْبَغْدَادِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَفِيْ حَدِيْثِ الْفَضْلِ بْنِ صَبَّاحٍ كَلَامٌ اَكْثَرُ مِنْ هٰذَا.

۹۳۶: فضل بن صباح بغدادی نے بواسطہ سفیان، ابن عیینہ اور محمد بن منکدر، حضرت جابرؓ سے اس کے ہم معنی روایت نقل کی۔ فضل بن صباح کی روایت میں اس سے زیادہ کلام ہے۔

۹۳۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى نَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اَوْطَاسٍ اَصَبْنَا نِسَاءً لَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِي الْمُشْرِكِيْنَ فَكَرِهَهُنَّ رِجَالٌ مِنْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۹۳۷: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جنگ اوطاس کے موقع پر ہم لوگوں نے مال غنیمت کے طور پر ایسی عورتیں پائیں جن کے شوہر مشرکین میں موجود تھے۔ چنانچہ بعض لوگوں نے ان سے صحبت (جماع) کرنا مکروہ سمجھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی'' وَالْمُحْصَنَاتُ ......'' (ترجمہ اور حرام میں خاوند والی عورتیں مگر یہ کہ وہ تمہاری ملکیت میں آجائیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان احکام کو تم پر فرض کر دیا ہے) یہ حدیث حسن ہے۔

۹۳۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ اَنَا هُشَيْمٌ نَا عُثْمَانُ الْبَتِّيُّ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ اَوْطَاسٍ لَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِيْ قَوْمِهِنَّ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

۹۳۸: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جنگ اوطاس میں کچھ ایسی عورتیں ہمارے پاس قیدی بن کر آئیں جن کے شوہر انکی قوم میں موجود تھے۔ صحابہ کرامؓ نے نبی اکرم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو یہ آیت نازل ہوئی ''وَالْمُحْصَنَاتُ..... الخ'' (اور خاوند والی عورتیں (حرام) ہیں مگر جن کے مالک

---

[1]: يوصيكم الله.....الآیہ (ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اولاد کے متعلق وصیت کرتا ہے کہ لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے اور اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں اور دو سے زیادہ ہوں تو انہیں مال (ترکہ) کا دو تہائی مال دیا جائے گا اور اگر اکیلی ہو تو آدھا مال۔ اور ماں باپ میں سے ہر ایک کے لیے ترکہ (مال) کا چھٹا حصہ ہے۔ (بشرطیکہ) اسکی اولاد ہو لیکن اگر اولاد نہ ہو تو اس کے والدین ہی اسکے وارث ہوں گے۔ اس صورت میں اسکی والدہ کا ایک تہائی حصہ ہوگا۔ اگر میت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہن ہوں تو (میت) کی ماں کو وصیت پوری کرنے کے بعد چھٹا حصہ ملے گا بشرطیکہ اس نے وصیت کی ہو یا پھر قرض (اگر ہو تو) ادا کرنے کے بعد تمہارے اصول وفروع میں سے تم نہیں جانتے کہ کون تمہارے لیے زیادہ نفع بخش ہے۔ یہ حکم اللہ کی طرف سے مقرر کیا گیا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ بڑا علم اور حکمت والا ہے۔ (سورۃ النساء آیت ۱۱) (مترجم)

اَيْمَانُكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَهٰكَذَا رَوَى الثَّوْرِيُّ عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَيْسَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْ عَلْقَمَةَ وَلَا اَعْلَمُ اَنَّ اَحَدًا ذَكَرَ اَبَا عَلْقَمَةَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِلَّا مَا ذَكَرَهُمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ وَاَبُو الْخَلِيْلِ اسْمُهُ صَالِحُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ.

ہو جائیں تمہارے ہاتھ ۔اللہ تعالیٰ نے ان احکام کو تم پر فرض کر دیا ہے۔النساء ۲۵۔) یہ حدیث حسن ہے ثوری بھی اسے عثمان بتی سے وہ ابو خلیل سے وہ ابو سعید خدریؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔اور اس حدیث میں ابو علقمہ کا ذکر نہیں۔ہمیں علم نہیں کہ علقمہ کا ذکر ہمام کے علاوہ کسی اور نے بھی کیا ہے۔وہ ابو قتادہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ابو خلیل کا نام صالح بن ابی مریم ہے۔

۹۳۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَبَائِرِ قَالَ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَ عُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَقَوْلُ الزُّوْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ شُعْبَةَ وَقَالَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ وَلَا يَصِحُّ.

۹۳۹: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک کرنا ، والدین کی نافرمانی کرنا ، قتل کرنا ، اور جھوٹی گواہی دینا کبیرہ گناہ ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔روح بن عبادہ ،شعبہ سے اور وہ عبداللہ بن ابی بکر سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں۔

۹۴۰: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ قَالَ وَجَلَسَ وَكَانَ مُتَّكِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْقَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَازَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهُ سَكَتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۹۴۰: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں سب سے بڑے گناہوں کے بارے میں نہ بتاؤں۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ ﷺ ۔آپؐ نے فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کو ناراض کرنا، راوی کہتے ہیں کہ آپؐ تکیہ لگائے بیٹھے تھے اور اٹھ کر بیٹھ گئے پھر فرمایا: جھوٹی گواہی یا جھوٹی بات ۔راوی کہتے ہیں کہ آپؐ نے اسے اتنی مرتبہ دہرایا کہ ہم کہنے لگے کاش آپؐ خاموش ہو جائیں۔یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۹۴۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ اَلشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقَ

۹۴۱: حضرت عبداللہ بن انیس جہنیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبیرہ گناہوں میں سے بڑے گناہ یہ ہیں، اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، والدین کو ناراض کرنا اور جھوٹی قسم کھانا۔کوئی قسم کھانے والا اگر قسم کھائے اور فیصلہ اسی قسم پر موقوف ہو پھر وہ اس قسم میں مچھر کے پر کے برابر

الْوَالِدَيْنِ وَالْيَمِينَ الْغَمُوسَ وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰهِ يَمِينَ صَبْرٍ فَادْخَلَ فِيهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ اِلَّا جُعِلَتْ نُكْتَةٌ فِي قَلْبِهِ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَاَبُو اُمَامَةَ الْاَنْصَارِيُّ هُوَ ابْنُ ثَعْلَبَةَ وَلَا نَعْرِفُ اِسْمَهُ وَقَدْ رَوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَادِيثَ.

بھی جھوٹ شامل کردے تو اس کے دل پر ایک (سیاہ) نکتہ بنادیا جاتا ہے جو قیامت تک رہے گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابوامامہ انصاری ثعلبہ کے بیٹے ہیں۔ ہم ان کا نام نہیں جانتے۔ انہوں نے بہت سی احادیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہیں۔

۹۴۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَبَائِرُ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ اَوْقَالَ الْيَمِينُ الْغَمُوسُ شَكَّ شُعْبَةُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۹۴۲: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں۔ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی یا فرمایا جھوٹی قسم کھانا۔ (یہ شعبہ کا شک ہے)۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۴۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ يَغْزُو الرِّجَالُ وَلَا تَغْزُو النِّسَاءُ وَاِنَّمَا لَنَا نِصْفُ الْمِيرَاثِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَا تَتَمَنَّوْا مَافَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ قَالَ مُجَاهِدٌ وَاَنْزَلَ فِيهَا اِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَكَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اَوَّلَ ظَعِينَةٍ قَدِمَتِ الْمَدِينَةَ مُهَاجِرَةً هٰذَا حَدِيثٌ مُرْسَلٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُرْسَلًا اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَذَا وَكَذَا.

۹۴۳: حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے کہا: مرد جہاد کرتے ہیں اور عورتیں جہاد نہیں کرتیں۔ پھر ہم عورتوں کے لیے وراثت میں سے بھی مرد سے آدھا حصہ ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''لَا تَتَمَنَّوْا مَافَضَّلَ اللّٰهُ...'' (اور ہوس مت کرو جس چیز میں بڑائی دی اللہ نے ایک کو ایک پر۔ النساء آیت ۳۲) مجاہد کہتے ہیں کہ ''اِنَّ الْمُسْلِمِينَ......'' بھی انہی (ام سلمہؓ) کے بارے میں نازل ہوئی اور یہ پہلی عورت ہیں جو مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ آئیں۔ یہ حدیث مرسل ہے بعض راوی اسے ابونجیح سے اور وہ مجاہد سے مرسلاً نقل کرتے ہیں کہ ام سلمہؓ نے اس طرح اس طرح فرمایا۔

۹۴۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ يَارَسُولَ اللّٰهِ لَا اَسْمَعُ اللّٰهَ ذَكَرَ النِّسَاءَ فِي الْهِجْرَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اَنِّي لَا اُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ اَوْاُنْثَى بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ.

۹۴۴: حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے نہیں سنا کہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کی ہجرت کا ذکر کیا ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''اِنِّي لَا اُضِيعُ...'' (میں تم سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کرتا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت تم میں سے بعض بعض سے ہیں)۔

۹۴۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَمَرَنِي رَسُولُ

۹۴۵: حضرت ابراہیم علقمہ سے اور وہ عبداللہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں قرآن پڑھوں

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْهِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْرَةِ النِّسَآءِ حَتّٰى اِذَا بَلَغْتُ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا غَمَزَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ هٰكَذَا رَوٰى اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاِنَّمَا هُوَ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ .

آپؐ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے آپ کے سامنے سورہ نساء کی تلاوت شروع کی یہاں تک کہ اس آیت پر پہنچا ''فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا ....الآیہ'' (پھر کیا حال ہوگا جب بلاویں گے ہم ہر امت میں سے احوال کہنے والا اور بلاویں گے تجھ کو ان لوگوں پر احوال بتانے والا۔ النساء آیت ۴۲) تو آپؐ نے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ میں نے آپؐ کی طرف دیکھا تو آپؐ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ ابواحوص بھی اعمش وہ ابراہیم وہ علقمہ اور وہ عبداللہ سے اسی طرح حدیث نقل کرتے ہیں۔ صحیح یہ ہے کہ ابراہیم، عبیدہ سے اور وہ عبداللہ سے روایت کرتے ہیں۔

۹۴۶ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَأْ عَلَيَّ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ قَالَ اِنِّىْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِىْ فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ حَتّٰى بَلَغْتُ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا قَالَ فَرَاَيْتُ عَيْنَىِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَهْمُلَانِ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِى الْاَحْوَصِ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بْنِ هِشَامٍ.

۹۴۶: حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ میرے سامنے قرآن کی تلاوت کرو۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں آپؐ کے سامنے قرآن پڑھوں جبکہ یہ آپؐ ہی پر نازل ہوا ہے۔ آپؐ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ اپنے علاوہ کسی اور سے سنوں۔ پھر میں نے سورہ نساء پڑھنا شروع کی جب اس آیت ''وَجِئْنَا بِكَ ...'' تک پہنچا تو میں نے دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں۔ یہ حدیث ابواحوص کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ اس حدیث کو سوید بن نصر، ابن مبارک سے وہ سفیان سے وہ اعمش سے اور وہ معاویہ بن ہشام سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۹۴۷ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ صَنَعَ لَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ طَعَامًا فَدَعَانَا وَسَقَانَا مِنَ الْخَمْرِ فَاَخَذَتِ الْخَمْرُ مِنَّا وَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَدَّمُوْنِىْ فَقَرَأْتُ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ

۹۴۷: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ عبدالرحمٰن بن عوف نے ہماری دعوت کی اور اس میں شراب پلائی۔ ہم مدہوش ہوگئے تو نماز کا وقت آ گیا سب نے مجھے امامت کے لیے آگے کردیا۔ تو میں نے سورہ کافرون اس طرح پڑھی'' قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ'' اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی'' يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ...الآیہ'' (اے ایمان والو نزدیک نہ جاؤ نماز کے جس وقت کہ تم نشہ میں ہو یہاں تک کہ سمجھنے لگو جو کہتے ہو۔ سورہ نساء آیت ۔۴۳۔) یہ حدیث حسن

صَحِيْحٌ.

غریب صحیح ہے۔

۹۴۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْاَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ فِيْ شِرَاجِ الْحَرَّةِ الَّتِيْ يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخْلَ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرُّ فَاَبٰى عَلَيْهِ فَاخْتَصَمُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ اسْقِ يَازُبَيْرُ وَاَرْسِلِ الْمَاءَ اِلٰى جَارِكَ فَغَضِبَ الْاَنْصَارِيُّ وَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا زُبَيْرُ اسْقِ وَاحْبِسِ الْمَاءَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَى الْجُدُرِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَا حْسِبُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِيْ ذٰلِكَ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ قَدْ رَوَى ابْنُ وَهْبٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَيُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوٰى شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَ لَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ.

۹۴۸: حضرت عروہ بن زبیرؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ایک انصاری کا ان سے پانی پر جھگڑا ہو گیا جس سے وہ اپنے کھجوروں کو پانی دیا کرتے تھے۔ انصاری کہا کہ پانی کو چلتا ہوا چھوڑ دو لیکن حضرت زبیرؓ نے انکار کر دیا۔ پھر وہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے زبیرؓ سے فرمایا کہ تم (اپنے باغ کو) سیراب کرو اور پھر اپنے پڑوسی کے لیے پانی چھوڑ دو۔ اس فیصلے سے انصاری ناراض ہو گئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ ﷺ آپؐ یہ فیصلہ اس لیے دے رہے ہیں کہ وہ آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کا چہرہ متغیر ہو گیا اور پھر فرمایا: اے زبیرؓ اپنے باغ کو سیراب کرو اور پانی روک لیا کرو یہاں تک کہ منڈیر تک واپس لوٹ جائے۔ زبیرؓ کہتے ہیں اللہ کی قسم میرے خیال میں یہ آیت اسی موقع پر نازل ہوئی تھی۔ ''فَلَا وَرَبِّكَ ....الآیۃ'' (ترجمہ سو قسم ہے تیرے رب کی وہ مؤمن نہ ہونگے یہاں تک کہ تجھ کو ہی منصف جانیں اس جھگڑے میں جو ان میں اٹھے۔ پھر نہ پاویں اپنے جی میں تنگی تیرے فیصلے سے اور قبول کریں خوشی سے۔) میں نے امام بخاریؒ سے سنا انہوں نے فرمایا یہ حدیث ابن وہب، لیث بن سعد سے وہ یونس سے وہ زہری سے اور وہ عبداللہ بن زبیرؓ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ شعیب بن حمزہ اسے زہری سے اور وہ عروہؓ سے اور وہ عبداللہ بن زبیرؓ سے نقل کرتے ہوئے عبداللہ بن زبیر کا ذکر نہیں کرتے۔

۹۴۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ قَالَ رَجَعَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ فَكَانَ النَّاسُ فِيْهِمْ فَرِيْقَيْنِ فَرِيْقٌ مِنْهُمْ يَقُوْلُ اقْتُلْهُمْ وَفَرِيْقٌ يَقُوْلُ لَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ

۹۴۹: حضرت زید بن ثابتؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے ''فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ ....'' (ترجمہ۔ پھر تم کو کیا ہوا کہ منافقوں کے معاملہ میں دو فریق ہو رہے ہو اور اللہ نے ان کو الٹ دیا ہے بسبب ان کے اعمال کے کیا تم چاہتے ہو کہ راہ پر لاؤ جس کو گمراہ کیا اللہ نے اور جس کو گمراہ کرے اللہ ہرگز نہ پاویگا تو اس کے لیے کوئی راہ۔ النساء آیت۔ ۸۸)۔ کی تفسیر میں فرمایا کہ غزوۂ احد کے موقع پر صحابہ کرامؓ میں سے

فِئَتَيْنِ فَقَالَ اِنَّهَا طَيِّبَةٌ وَقَالَ اِنَّهَا تَنْفِي الْخَبَثَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کچھ لوگ میدان جنگ سے واپس ہو گئے ۔ان کے متعلق لوگوں کے دو فریق بن گئے ۔ایک جماعت کہتی تھی کہ انہیں قتل کر دیا جائے اور دوسرا فریق کہتا تھا ''نہیں'' پس یہ آیت نازل ہوئی ۔''فَمَا لَكُمْ ....الآیہ''۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مدینہ پاک ہے اور یہ ناپاکی کو اسطرح دور کر دیتا ہے جس طرح آگ لوہے کی میل کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۵۰ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ نَا شَبَابَةُ نَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيءُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَاصِيَتُهُ وَرَاْسُهُ بِيَدِهِ وَاَوْدَاجُهُ تَشْخَبُ دَمًا يَقُوْلُ يَارَبِّ قَتَلَنِيْ هٰذَا حَتّٰى يُدْنِيَهُ مِنَ الْعَرْشِ قَالَ فَذَكَرُوْا لِابْنِ عَبَّاسٍ التَّوْبَةَ فَتَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهٗ جَهَنَّمُ قَالَ وَمَا نُسِخَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلَا بُدِّلَتْ وَاَنّٰى لَهُ التَّوْبَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۹۵۰: حضرت ابن عباسؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ قیامت کے دن مقتول ،قاتل کی پیشانی کے بال اور سر پکڑ کر لائے گا۔قاتل کے گلے سے خون بہہ رہا ہوگا۔ پھر مقتول عرض کرے گا۔اے میرے رب مجھے اس نے قتل کیا ہے۔ یہاں تک کہ اسے عرش الٰہی کے قریب لے جائے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر لوگوں نے حضرت ابن عباسؓ سے عرض کیا کہ کیا اسکی توبہ قبول نہیں ہوگی تو انہوں نے یہ آیت تلاوت فرمائی ''وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا .....الآیہ[1]'' (ترجمہ ۔اور جو کوئی قتل کرے مسلمان کو جان کر تو اسکی سزا دوزخ ہے ،پڑا رہے گا اسی میں اور اللہ کا اس پر غضب ہوا اور اسکو لعنت کی اور اسکے واسطے تیار کیا بڑا عذاب ۔) پھر ابن عباسؓ نے فرمایا کہ نہ تو یہ آیت منسوخ ہوئی اور نہ ہی بدل گئی اور ایسے آدمی کی توبہ کہاں قبول ہوسکتی ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض لوگوں نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے اور وہ ابن عباسؓ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن یہ مرفوع نہیں۔

۹۵۱ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ رِزْمَةَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ عَلٰى نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ غَنَمٌ لَهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ قَالُوْا مَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا لِيَتَعَوَّذَ مِنْكُمْ فَقَامُوْا وَقَتَلُوْهُ وَاَخَذُوْا غَنَمَهُ

۹۵۱: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنو سلیم کے ایک شخص کا صحابہ کرامؓ کے پاس سے گزر ہوا اس کے ساتھ بکریاں تھیں اس نے صحابہ کرامؓ کو سلام کیا۔ انہوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ اس نے ہم سے بچنے کیلئے سلام کیا ہے۔ چنانچہ وہ اٹھے اور اسے قتل کر کے اسکی بکریاں لے لیں اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ۔اس پر اللہ

---

[1] : قرآن کریم کی آیات اور بہت سی احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ مؤمنین ہمیشہ عذاب میں نہیں رہیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کی توبہ قبول کرتے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے'' اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ ''یعنی اللہ تعالیٰ شرک کو معاف نہیں کرتے اسکے علاوہ جس کو چاہتے ہیں معاف کر دیتے ہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے'' وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ ''جو توبہ کرے میں اسے معاف کرنے والا ہوں۔ اسی بنا پر جمہور علماء اہل سنت نے کہا ہے کہ یہ عذاب اس کیلئے ہے۔ جس نے قتل کو حلال سمجھ کر اس کا ارتکاب کیا یا پھر ہمیشہ دوزخ میں رہنے سے مراد طویل مدت ہے۔ واللہ اعلم ۔(مترجم)

فَاَتَوْابِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ.

تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا..... الآیہ۔ (اے ایمان والو جب سفر کرو اللہ کی راہ میں تو تحقیق کرلیا کرو اور مت کہو اس شخص کو جو تم سے سلام علیک کرے کہ تو مسلمان نہیں۔النساء آیت ۹۴) یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں حضرت اسامہ بن زیدؓ سے بھی روایت ہے۔

۹۵۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ الْاٰيَةَ جَاءَ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَاْمُرُنِيْ اِنِّيْ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ الْاٰيَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيْتُوْنِيْ بِالْكَتِفِ وَالدَّوَاةِ اَوِاللَّوْحِ وَالدَّوَاةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُقَالُ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَيُقَالُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَائِدَةَ وَاُمُّ مَكْتُوْمٍ اُمُّهُ.

۹۵۲: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ....الآیہ" (ترجمہ۔ برابر نہیں بیٹھ رہنے والے مسلمان جن کو کوئی عذر نہیں اور وہ مسلمان جو لڑنے والے ہیں اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے۔ سورۃ النساء۔ آیت ۹۵) تو عمرو بن ام مکتوم آئے جو نابینا تھے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نابینا ہوں میرے لیے کیا حکم ہے؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ ....." پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا شانے کی ہڈی اور دوات لاؤ یا فرمایا تختی اور دوات۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس روایت میں عمرو بن ام مکتوم ہے جبکہ بعض روایات میں عبداللہ بن ام مکتوم ہے اور عبداللہ زائدہ کے بیٹے ہیں۔ ام مکتوم انکی والدہ ہیں۔

۹۵۳: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ سَمِعَ مِقْسَمًا مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ عَنْ بَدْرٍ وَالْخَارِجُوْنَ اِلٰى بَدْرٍ لَمَّا نَزَلَتْ غَزْوَةُ بَدْرٍ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَحْشٍ وَابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اِنَّا اَعْمَيَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَهَلْ لَنَا رُخْصَةٌ فَنَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا فَهٰؤُلَاءِ الْقَاعِدُوْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا دَرَجَاتٍ مِنْهُ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ

۹۵۳: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ یہ آیت لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ ....الآیہ" سے مراد اہل بدر اور اس میں شریک نہ ہونے والے ہیں اس لیے کہ جب غزوہ بدر ہوا تو عبداللہ بن جحش اور ابن مکتوم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم دونوں اندھے ہیں کیا ہمارے لیے اجازت ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی (برابر نہیں بیٹھ رہنے والے مسلمان جن کو کوئی عذر نہیں اور وہ مسلمان جو لڑنے والے ہیں اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے اور اللہ نے بڑھا دیا لڑنے والوں کا اپنے مال اور جان سے، بیٹھ رہنے والوں پر درجہ۔) پھر ابن عباسؓ فرمایا یہ جہاد نہ کرنے والے معذور اور بیمار لوگ نہیں بلکہ ویسے ہی جہاد نہ کرنے والے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ ... الآیہ "(زیادہ کیا اللہ

اُولِي الضَّرَرِ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ بْنِ عَبَّاسٍ وَمِقْسَمٌ يُقَالُ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ وَيُقَالُ مُوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَمِقْسَمٌ يُكْنٰى اَبَا الْقَاسِمِ .

نے لڑنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں سے اجر عظیم ہیں، جو کہ درجے ہیں۔ اللہ کی طرف سے۔) پھر ابن عباسؓ نے فرمایا یہاں بھی مراد اہل عذر اور مریض لوگ نہیں ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ مقسم بعض محدثین کے نزدیک عبداللہ بن حارث کے مولیٰ ہیں اور بعض کے نزدیک عبداللہ بن عباس کے مولیٰ ہیں۔ انکی کنیت ابوالقاسم ہے۔

۹۵۴ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدِ السَّاعِدِيُّ قَالَ رَاَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ فَاَقْبَلْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ فَاَخْبَرَنَا اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْلٰى عَلَيْهِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ فَجَاءَهُ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْاَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُّ وَ كَانَ رَجُلًا اَعْمٰى فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ فَخِذُهٗ عَلٰى فَخِذِيْ فَثَقُلَتْ حَتّٰى هَمَّتْ تَرُضُّ فَخِذِيْ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ رِوَايَةُ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ رَوٰى سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ وَمَرْوَانُ لَمْ يَسْمَعْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ .

۹۵۴: حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے مروان بن حکم کو مسجد میں بیٹھے ہوئے دیکھا تو میں اسکی طرف گیا اور اسکے ساتھ بیٹھ گیا۔ اس نے مجھے بتایا کہ حضرت زید بن ثابتؓ نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ مجھ سے لکھوا رہے تھے ''لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ ....الآیہ'' زید کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھوا ہی رہے تھے کہ ابن مکتوم آ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر میں جہاد کر سکتا تو ضرور کرتا۔ وہ نابینا تھے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ران میری ران پر تھی وہ اس قدر بھاری ہوگئی کہ قریب تھا کہ میری ران کچلی جاتی۔ پھر یہ کیفیت ختم ہوگئی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ.....'' یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس روایت میں ایک صحابی نے تابعی سے روایت کیا ہے یعنی سہل بن سعد انصاری نے مروان بن حکم سے اور مروان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع حاصل نہیں ہے اور وہ تابعی ہیں۔

۹۵۵ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ اِنْ خِفْتُمْ وَقَدْ اَمِنَ النَّاسُ فَقَالَ عُمَرُ عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ عَنْهُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ

۹۵۵: حضرت یعلی بن امیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ '' (یعنی اگر تمہیں خوف ہو تو قصر نماز پڑھ لیا کرو) اور اب تو لوگ امن میں ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے بھی اسی طرح تعجب ہوا تھا۔ پھر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اللہ کی طرف سے عنائت کردہ صدقہ ہے پس اسے قبول کرو۔ یہ

فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۵۶: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْهُنَائِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَقِيْقٍ قَالَ نَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بَيْنَ ضَجْنَانَ وَعُسْفَانَ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّ لِهٰؤُلَاءِ صَلَاةً هِيَ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ وَهِيَ الْعَصْرُ فَاجْمِعُوْا اَمْرَكُمْ فَمِيْلُوْا عَلَيْهِمْ مَيْلَةً وَاحِدَةً وَ اِنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّقْسِمَ اَصْحَابَهٗ شَطْرَيْنِ فَيُصَلِّيَ بِهِمْ وَتَقُوْمُ طَائِفَةٌ اُخْرٰى وَرَاءَهُمْ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ثُمَّ يَاْتِي الْاٰخَرُوْنَ وَ يُصَلُّوْنَ مَعَهٗ رَكْعَةً وَاحِدَةً ثُمَّ يَاْخُذُ هٰؤُلَاءِ حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ فَتَكُوْنُ لَهُمْ رَكْعَةً رَكْعَةً وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ وَاَبِيْ عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ وابْنِ عُمَرَ وَحُذَيْفَةَ وَاَبِيْ بَكْرَةَ وَسَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ وَاَبُوْ عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ اِسْمُهٗ زَيْدُ بْنُ الصَّامِتِ.

۹۵۶: حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ضجنان اور عسفان کے درمیان پڑاؤ کیا تو مشرکین آپس میں کہنے لگے کہ یہ لوگ عصر کی نماز کو اپنے باپ بیٹوں سے بھی زیادہ عزیز رکھتے ہیں لہٰذا تم لوگ جمع ہو کر ایک ہی مرتبہ دھاوا بول دو۔ چنانچہ حضرت جبرائیل آئے اور آپ کو حکم دیا کہ اپنے صحابہؓ کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور نماز پڑھائیں۔ ایک جماعت آپؐ کی اقتداء میں نماز پڑھے اور دوسری ان کے پیچھے کھڑی ہو کر اپنے ہتھیار اور ڈھالیں وغیرہ ہاتھ میں لے لیں اور پہلی جماعت آپؐ کے ساتھ ایک رکعت ادا کرے پھر وہ لوگ ہتھیار لے کر کھڑے ہو جائیں اور دوسری جماعت آپؐ کے ساتھ ایک رکعت پڑھے۔ اس طرح آپؐ کی دو اور انکی ایک رکعت ہوگی۔ یہ حدیث عبداللہ بن شقیق کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے وہ ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں اور اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، زید بن ثابتؓ، ابن عباسؓ، جابرؓ ابوعیاش زرقیؓ، ابن عمرؓ، ابوبکرہؓ اور سہل بن ابی حثمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ ابوعیاش کا نام زید بن صامت ہے۔

۹۵۷: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ شُعَيْبٍ اَبُوْ مُسْلِمٍ الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَ كَانَ اَهْلُ بَيْتٍ مِنَّا يُقَالُ لَهُمْ بَنُوْ اُبَيْرِقٍ بِشْرٌ وَ بُشَيْرٌ وَمُبَشِّرٌ فَكَانَ بُشَيْرٌ رَجُلاً مُنَافِقًا يَقُوْلُ الشِّعْرَ يَهْجُوْبِهٖ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَنْحَلُهٗ بَعْضَ الْعَرَبِ ثُمَّ يَقُوْلُ قَالَ فُلَانٌ كَذَا وَكَذَا فَاِذَا سَمِعَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الشِّعْرَ قَالُوْا وَاللّٰهِ مَا يَقُوْلُ هٰذَا الشِّعْرَ اِلَّا هٰذَا الْخَبِيْثُ اَوْكَمَا قَالَ الرَّجُلُ وَقَالُوْا ابْنُ

۹۵۷: حضرت قتادہ بن نعمان فرماتے ہیں کہ ہم انصار میں سے ایک گھر والے تھے جنہیں بنوابیرق کہا جاتا تھا۔ وہ تین بھائی تھے۔ بشر، بشیر اور مبشر۔ بشیر منافق تھا اور صحابہ کرامؓ کی ہجو میں اشعار کہا کرتا تھا پھر ان شعروں کو بعض عرب شعراء کی طرف منسوب کر دیتا اور کہتا کہ فلاں نے اس طرح کہا ہے فلاں نے اس طرح کہا ہے جب صحابہ کرامؓ یہ اشعار سنتے تو کہتے کہ اللہ کی قسم یہ شعر اسی خبیث کے ہیں یا جیسا راوی نے فرمایا۔ صحابہ کرامؓ کہتے کہ یہ شعر ابن ابیرق ہی نے کہے ہیں۔ وہ لوگ زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں میں محتاج اور فقیر تھے مدینہ میں لوگوں کا طعام کھجور اور جو ہی تھا۔ پھر اگر کوئی خوشحال ہوتا تو شام کی طرف

اُلاَ بُيَرِقٍ قَالَهَا وَكَانُوْا اَهْلَ بَيْتِ حَاجَةٍ وَفَاقَةٍ فِي
الْجَاهِلِيَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَكَانَ النَّاسُ اِنَّمَا طَعَامُهُمْ
بِالْمَدِيْنَةِ التَّمْرُ وَالشَّعِيْرُ وَكَانَ الرَّجُلُ اِذَا كَانَ لَهٗ
يَسَارٌ فَقَدِمَتْ ضَافِطَةٌ مِنَ الشَّامِ مِنَ الدَّرْمَكِ ابْتَاعَ
الرَّجُلُ مِنْهَا فَخَصَّ بِهَا نَفْسَهٗ وَاَمَّا الْعِيَالُ فَاِنَّمَا
طَعَامُهُمُ التَّمْرُ وَالشَّعِيْرُ فَقَدِمَتْ ضَافِطَةٌ مِنَ الشَّامِ
فَابْتَاعَ عَمِّيْ رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ حِمْلاً مِنَ الدَّرْمَكِ
فَجَعَلَهٗ فِيْ مَشْرَبَةٍ لَهٗ وَفِي الْمَشْرَبَةِ سِلَاحٌ دِرْعٌ
وَسَيْفٌ فَعُدِيَ عَلَيْهِ مِنْ تَحْتِ الْبَيْتِ فَنُقِبَتِ الْمَشْرَبَةُ
وَاُخِذَ الطَّعَامُ وَالسِّلَاحُ فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتَانِيْ عَمِّيْ رِفَاعَةُ
فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ اَنَّهٗ قَدْ عُدِيَ عَلَيْنَا فِيْ لَيْلَتِنَا هٰذِهٖ
فَنُقِبَتْ مَشْرَبَتُنَا وَذُهِبَ بِطَعَامِنَا وَسِلَاحِنَا قَالَ
فَتَحَسَّسْنَا فِي الدَّارِ وَسَاَلْنَا فَقِيْلَ لَنَا قَدْ رَاَيْنَا بَنِيْ اُبَيْرِقٍ
اِسْتَوْقَدُوْا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَلَا نُرٰى فِيْمَا نُرٰى اِلَّا عَلٰى
بَعْضِ طَعَامِكُمْ قَالَ وَكَانَ بَنُوْ اُبَيْرِقٍ قَالُوْا وَنَحْنُ نَسْاَلُ
فِي الدَّارِ وَاللّٰهِ مَا نُرٰى صَاحِبَكُمْ اِلَّا لَبِيْدَ بْنَ سَهْلٍ
رَجُلٌ مِنَّا لَهٗ صَلَاحٌ وَاِسْلَامٌ فَلَمَّا سَمِعَ لَبِيْدٌ اِخْتَرَطَ
سَيْفَهٗ وَقَالَ اَنَا اَسْرِقُ فَوَاللّٰهِ لَيُخَالِطَنَّكُمْ هٰذَا السَّيْفُ
اَوْلَتُبَيِّنُنَّ هٰذِهِ السَّرِقَةَ قَالُوْا اِلَيْكَ عَنَّا اَيُّهَا الرَّجُلُ فَمَا
اَنْتَ بِصَاحِبِهَا فَسَاَلْنَا فِي الدَّارِ حَتّٰى لَمْ نَشُكَّ اَنَّهُمْ
اَصْحَابُهَا فَقَالَ عَمِّيْ يَا ابْنَ اَخِيْ لَوْاَتَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتَ ذٰلِكَ لَهٗ قَالَ قَتَادَةُ
فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ
اَهْلَ بَيْتٍ مِنَّا اَهْلَ جَفَاءٍ عَمَدُوْا اِلٰى عَمِّيْ رِفَاعَةَ بْنِ
زَيْدٍ فَنَقَبُوْا مَشْرَبَةً لَهٗ وَاَخَذُوْا سِلَاحَهٗ وَطَعَامَهٗ فَلْيَرُدُّوْا
عَلَيْنَا سِلَاحَنَا فَاَمَّا الطَّعَامُ فَلَا حَاجَةَ لَنَا فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاٰمُرُ فِيْ ذٰلِكَ فَلَمَّا سَمِعَ
بَنُوْ اُبَيْرِقٍ اَتَوْا رَجُلاً مِنْهُمْ يُقَالُ لَهٗ اُسَيْرُ بْنُ عُرْوَةَ

سے آنے والے قافلے سے میدہ خرید[1] جسے وہ اکیلا ہی کھاتا اس
کے گھر والوں کا کھانا کھجوریں اور جو ہی ہوتے ۔ ایک مرتبہ شام
کی طرف سے ایک قافلہ آیا تو میرے چچا رفاعہ بن زید نے
میدے کا ایک بوجھ خریدا اور اسے بالا خانہ میں رکھا جہاں ہتھیار،
زرہ اور تلوار بھی تھی ۔ (ایک دن) کسی نے ان کے گھر کے نیچے
سے نقب لگا کر ان کا میدہ اور ہتھیار وغیرہ چوری کر لیے ۔ صبح
ہوئی تو چچا رفاعہ آئے اور کہنے لگے بھتیجے آج رات ہم پر ظلم کیا گیا
اور ہمارے بالاخانہ سے کھانا اور ہتھیار وغیرہ چوری کر لیے
گئے ۔ چنانچہ ہم نے اہل محلّہ سے پوچھ گچھ کی تو پتہ چلا کہ آج
رات بنوابیرق نے آگ جلائی تھی ۔ ہمارا تو یہی خیال ہے کہ
انہوں نے تمہارے کسی کھانے پر روشنی کی ہے ۔ حضرت قتادہ
فرماتے ہیں جس وقت ہم محلے میں پوچھ گچھ کر رہے تھے تو بنوا
بیرق کہنے لگے کہ ہمارے خیال میں تمہارا چور لبید بن سہیل ہی
ہے ۔ جو تمہارا دوست ہے وہ صالح شخص تھا اور مسلمان تھا جب
لبید نے یہ بات سنی تو اپنی تلوار نکال لی اور کہا کہ میں چوری کرتا
ہوں ۔ اللہ کی قسم یا تو میری تلوار تم میں پیوست ہوگی یا تم ضرور
اس چوری کو ظاہر کرو گے ۔ بنوابیرق کہنے لگے تم اپنی تلوار تک
رہو ۔ (یعنی ہمیں کچھ نہ کہو) تم نے چوری نہیں کی ۔ پھر ہم محلے
میں پوچھتے رہے یہاں تک کہ ہمیں یقین ہوگیا کہ یہی بنوابیرق
چور ہیں ۔ اس پر میرے چچا نے کہا اے بھتیجے اگر تم نبی اکرم
ﷺ کے پاس جاتے اور اس کا ذکر کرتے (تو شاید چیز مل
جاتی) حضرت قتادہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت
میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ہم میں سے ایک گھر والے نے
میرے چچا پر ظلم کیا اور نقب لگا کر ان کا غلہ اور ہتھیار وغیرہ لے
گئے ۔ جہاں تک غلے کا تعلق ہے تو اسکی ہمیں حاجت نہیں لیکن
ہمارے ہتھیار واپس کر دیں ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں
عنقریب اس کا فیصلہ کروں گا ۔ جب بنوابیرق نے یہ سنا تو اپنی
قوم کے ایک شخص اسیر بن عروہ کے پاس آئے اور اس سے اس

فَكَلَّمُوْهُ فِیْ ذٰلِکَ وَ اجْتَمَعَ فِیْ ذٰلِکَ نَاسٌ مِنْ اَھْلِ الدَّارِ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ قَتَادَةَ بْنَ النُّعْمَانِ وَعَمَّهٗ عَمَدَا اِلٰی اَھْلِ بَیْتٍ مِنَّا اَھْلِ اِسْلَامٍ وَصَلَاحٍ یَرْمُوْنَهُمْ بِالسَّرِقَةِ مِنْ غَیْرِ بَیِّنَةٍ وَلَا ثَبْتٍ قَالَ قَتَادَةُ فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمْتُهٗ فَقَالَ عَمَدْتَ اِلٰی اَھْلِ بَیْتٍ ذُکِرَ مِنْهُمْ اِسْلَامٌ وَصَلَاحٌ تَرْمِیْهِمْ بِالسَّرِقَةِ عَلٰی غَیْرِ ثَبْتٍ وَبَیِّنَةٍ قَالَ فَرَجَعْتُ وَلَوَدِدْتُ اَنِّیْ خَرَجْتُ مِنْ بَعْضِ مَالِیْ وَلَمْ اُكَلِّمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ فَاَتَانِیْ عَمِّیْ رِفَاعَةُ فَقَالَ یَا ابْنَ اَخِیْ مَا صَنَعْتَ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ فَلَمْ یَلْبَثْ اَنْ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ اِنَّآ اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَا اَرَاکَ اللّٰهُ وَلَا تَكُنْ لِلْخَآئِنِیْنَ خَصِیْمًا بَنِیْ اُبَیْرِقٍ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ مِمَّا قُلْتَ لِقَتَادَةَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِیْنَ یَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِیْمًا یَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا یَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِلٰی قَوْلِهٖ رَحِیْمًا اَیْ لَوِ اسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ لَغَفَرَلَهُمْ وَمَنْ یَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا یَكْسِبُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ اِلٰی قَوْلِهٖ وَاِثْمًا مُبِیْنًا قَوْلُهُمْ لِلَبِیْدٍ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکَ وَرَحْمَتُهٗ اِلٰی قَوْلِهٖ فَسَوْفَ نُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا فَلَمَّا نَزَلَ الْقُرْاٰنُ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالسِّلَاحِ فَرَدَّهٗ اِلٰی رِفَاعَةَ فَقَالَ قَتَادَةُ لَمَّا اَتَیْتُ عَمِّیْ بِالسِّلَاحِ وَكَانَ شَیْخًا قَدْ عَشٰی اَوْعَسٰی الشَّکُّ مِنْ اَبِیْ عِیْسٰی فِی الْجَاهِلِیَّةِ وَكُنْتُ اَرٰی اِسْلَامَهٗ مَدْخُوْلًا فَلَمَّا اَتَیْتُهٗ بِالسِّلَاحِ قَالَ یَابْنَ اَخِیْ هِیَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَعَرَفْتُ اَنَّ اِسْلَامَهٗ كَانَ صَحِیْحًا فَلَمَّا نَزَلَ الْقُرْاٰنُ لَحِقَ بُشَیْرٌ بِالْمُشْرِكِیْنَ فَنَزَلَ عَلٰی سُلَافَةَ بِنْتِ سَعْدِ

معاملے میں بات کی پھر اس کے لیے محلے کے بہت سے لوگ جمع ہوئے اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: قتادہ بن نعمان اور اس کے چچا ہمارے گھر والوں پر بغیر دلیل اور بغیر گواہ کے چوری کی تہمت لگا رہے ہیں جبکہ وہ لوگ نیک اور مسلمان ہیں۔ قتادہ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بات کی۔ آپؐ نے فرمایا تم نے کسی مسلمان اور نیک گھرانے پر بغیر کسی گواہ اور دلیل کے چوری کی تہمت لگائی ہے؟ حضرت قتادہ فرماتے ہیں پھر میں واپس ہوا اور سوچا کہ کاش میرا کچھ مال چلا جاتا اور میں نبی اکرم ﷺ سے اس معاملے میں بات نہ کرتا۔ اس دوران میرے چچا آئے اور پوچھا کہ کیا کہا؟ میں نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسطرح فرمایا ہے۔ انہوں نے کہا اللہ ہی مددگار ہے۔ پھر زیادہ دیر نہ گزری کہ قرآن کی آیت نازل ہوئی " اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الْكِتَابَ ....الآیہ" (یعنی بیشک ہم نے تیری طرف سچی کتاب اتاری ہے تا کہ تو لوگوں میں انصاف کرے جو تمہیں اللہ سمجھا دے اور تو بددیانت لوگوں کی طرف سے جھگڑنے والا نہ ہو (مراد بنو ابیرق ہیں) اور اللہ سے بخشش مانگ (یعنی جو بات آپؐ نے قتادہ سے کہی ہے۔) بیشک اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔ النساء آیت۔۱۰۶۔) پھر فرمایا ''وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِیْنَ ..... " (ترجمہ۔ اور ان لوگوں کی طرف سے مت جھگڑو جو اپنے دل میں دغا رکھتے ہیں، جو شخص دغاباز گنہگار ہو بے شک اللہ اسے پسند نہیں کرتا۔ یہ لوگ انسانوں سے چھپتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپتے حالانکہ وہ اس وقت بھی ان کے ساتھ ہوتا ہے۔ جبکہ رات کو چھپ کر اسکی مرضی کے خلاف مشورے کرتے ہیں اور ان کے سارے اعمال پر اللہ احاطہ کرنے والا ہے۔ ہاں تم لوگوں نے ان مجرموں کی طرف سے دنیا کی زندگی میں تو جھگڑا کرلیا پھر قیامت کے دن انکی طرف سے اللہ سے کون جھگڑے گا یا ان کا وکیل کون ہوگا

بْنِ سُمَيَّةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا فَلَمَّا نَزَلَ عَلٰى سُلَافَةَ رَمَاهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ بِاَبْيَاتٍ مِّنْ شِعْرٍ فَاَخَذَتْ رَحْلَهٗ فَوَضَعَتْهُ عَلٰى رَأْسِهَا ثُمَّ خَرَجَتْ بِهٖ فَرَمَتْ بِهٖ فِي الْاَبْطَحِ ثُمَّ قَالَتْ اَهْدَيْتَ لِيْ شِعْرَ حَسَّانَ مَا كُنْتَ تَاْتِيْنِيْ بِخَيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا اَسْنَدَهٗ غَيْرُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيِّ وَرَوٰى يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ مُرْسَلٌ لَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ وَقَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ هُوَ اَخُوْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ لِاُمِّهٖ وَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمُهٗ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ.

اور جو کوئی برا فعل کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اسکے بعد اللہ سے بخشوائے تو اللہ کو بخشنے والا مہربان پاوے۔اور جو کوئی گناہ کرے سو اپنے ہی حق میں کرتا ہے اور اللہ سب باتوں کا جاننے والا حکمت والا ہے۔اور جو کوئی خطاء یا گناہ کرے پھر کسی بے گناہ پر تہمت لگا دے تو اس نے بڑے بہتان اور صریح گناہ کا بار سمیٹ لیا۔النساء آیت: ۱۰۸ تا ۱۱۲) سے ان کی اس بات کی طرف اشارہ ہے جو انہوں نے لبید سے کہی تھی۔ '' وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ.... الخ '' (آیت کا ترجمہ۔اور اگر تجھ پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی تو ان میں سے ایک گروہ نے تمہیں غلط فہمی میں مبتلا کرنے کا فیصلہ کر ہی لیا تھا حالانکہ وہ اپنے سوا کسی کو غلط فہمی میں مبتلا نہیں کر سکتے تھے۔اور وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے تھے اور اللہ نے تجھ پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور تجھے وہ باتیں سکھائیں ہیں جو تو نہ جانتا تھا اور اللہ کا تجھ پر بڑا فضل ہے۔ (النساء آیت ۱۱۳) جب قرآن کی یہ آیات نازل ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ کے پاس ہتھیار لائے گے۔آپؐ نے وہ ہتھیار حضرت رفاعہ کی طرف لوٹا دیے قتادہ کہتے ہیں کہ جب میں ہتھیار لے کر اپنے چچا کے پاس آیا (ابو عیسیٰ کو شک ہے کہ عشی کہا یا اعسی) انکی بینائی زمانہ جاہلیت میں کمزور ہوگئی تھی اور بوڑھے ہو چکے تھے۔ میں انکے ایمان میں کچھ خلل کا گمان کیا کرتا تھا۔لیکن جب میں ہتھیار وغیرہ لے کر انکے پاس گیا تو کہنے لگے بھتیجے یہ میں نے اللہ کی راہ میں دے دیے ہیں۔ چنانچہ مجھے ان کے ایمان کا یقین ہو گیا۔ جب قرآن کی آیات نازل ہوئیں تو بشیر مشرکین کے ساتھ مل گیا اور سلافہ بنت سعد بن سمیہ کے پاس ٹھہرا پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی '' وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ ...... '' (ترجمہ) ''اور جو کوئی رسول کی مخالفت کرے بعد اسکے کہ اس پر سیدھی راہ کھل چکی ہو اور سب مسلمانوں کے راستہ کے خلاف چلے تو ہم اسے اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا ہے اور اسے دوزخ میں ڈالیں گے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے۔ بے شک اللہ اسکو نہیں بخشتا جو کسی کو اسکا شریک بنائے۔اور اسکے سوا جسے چاہے بخش دے اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا، وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔(النساء آیت ۱۱۵۔ ۱۱۶۔) جب وہ سلافہ کے پاس ٹھہرا تو حسان بن ثابتؓ نے چند شعروں میں سلافہ کی ہجو کی۔ چنانچہ سلافہ نے بشیر کا سامان اٹھا کر سر پر رکھا اور اسے باہر جا کر میدان میں پھینک دیا پھر اس سے کہنے لگی کہ کیا تو میرے پاس حسان بن ثابتؓ کے شعر ہدیے میں لایا ہے۔تجھ سے مجھے کبھی خیر نہیں مل سکتی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ اس حدیث کو محمد بن قتادہ سلمہ خرانی کے علاوہ کسی اور نے مرفوع کیا ہو۔ یونس بن بکیر اور کئی راوی اسے محمد بن اسحٰق سے اور وہ عاصم بن قتادہ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔اس میں عاصم کے اپنے والد اور دادا کا واسطہ مذکور نہیں۔قتادہ بن نعمانؓ، ابو سعید خدریؓ کے اخیافی (ماں کی طرف سے) بھائی ہیں۔ابو سعید کا نام مالک بن سنان ہے۔

٩٥٨ : حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَغْدَادِيُّ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ ثُوَيْرٍ وَ هُوَ ابْنُ اَبِيْ فَاخِتَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ مَا فِي الْقُرْاٰنِ اٰيَةٌ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ فَاخِتَةَ اسْمُهٗ سَعِيْدُ بْنُ عِلَاقَةَ وَثُوَيْرٌ يُكْنٰى اَبَا جَهْمٍ وَهُوَ رَجُلٌ كُوْفِيٌّ وَقَدْ سَمِعَ مِنِ ابْنِ عُمَرَ وَ ابْنِ الزُّبَيْرِ و ابْنُ مَهْدِيٍّ كَانَ يَغْمِزُهٗ قَلِيْلًا.

٩٥٨: حضرت علی بن ابی طالب فرماتے ہیں کہ قرآن کی آیات میں سے میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب یہ آیت ہے۔ ''اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ ...... '' (ترجمہ) بے شک اللہ اس کو نہیں بخشا جو کسی کو اس کا شریک بنائے اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دے اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔ (النساء آیت ۱۱۶۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابو فاختہ کا نام سعد بن علاقہ ہے اور ثویر کی کنیت ابوجہم ہے یہ کوفی ہیں ان کا ابن عمرؓ اور ابن زبیرؓ سے سماع ہے۔ ابن مہدی ان پر طعن کرتے ہیں۔

٩٥٩ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ و عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ مُحَيْصِنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءً يُّجْزَ بِهٖ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَشَكَوْا ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَارِبُوْا وَ سَدِّدُوْا فِيْ كُلِّ مَا يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ كَفَّارَةٌ حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا وَالنَّكْبَةِ يُنْكَبُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَابْنُ مُحَيْصِنٍ اِسْمُهٗ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَيْصِنٍ.

٩٥٩: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت ''مَنْ يَّعْمَلْ ...... '' (ترجمہ۔ جو کوئی برا کام کرے گا۔ اسکی سزا دیجائے گی۔ اور اللہ کے سوا، اپنا کوئی حمایتی اور مددگار نہیں پائے گا۔ النساء ۱۲۳) نازل ہوئی تو مسلمانوں پر شاق گزرا۔ چنانچہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اس کا اظہار کیا تو فرمایا تمام امور میں افراط وتفریط سے بچو اور استقامت کی دعا کرو۔ مؤمن کی ہر آزمائش میں اسکے گناہوں کا کفارہ ہے، یہاں تک کہ اگر اسے کوئی کانٹا چبھ جائے یا کوئی مشکل پیش آجائے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابن محیصن کا نام عمر بن عبدالرحمٰن بن محیصن ہے۔

٩٦٠ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ هٰذِهِ الْاٰيَةُ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءً ا يُّجْزَ بِهٖ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا بَكْرٍ اَلَا اُقْرِئُكَ اٰيَةً اُنْزِلَتْ عَلَيَّ قُلْتُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَقْرَاَنِيْهَا فَلَا اَعْلَمُ اِلَّا اَنِّيْ وَجَدْتُ اقْتِصَامًا فِيْ ظَهْرِيْ فَتَمَطَّاْتُ لَهَا

٩٦٠: حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس تھا کہ آپؐ پر یہ آیت نازل ہوئی ''مَنْ يَّعْمَلْ...... نَصِيْرًا '' چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر کیا میں تمہیں ایسی آیت نہ پڑھاؤں جو مجھ پر نازل ہوئی ہے؟ عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ۔ پھر آپؐ نے مجھے یہ آیت پڑھائی۔ پھر مجھے کچھ معلوم نہیں ہے مگر یہ کہ میں نے اپنی کمر ٹوٹتی ہوئی محسوس کی اور انگڑائی لی تو آپؐ نے پوچھا ابوبکر کیا ہوا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں، باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ ہم میں سے کون ہے

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَانُكَ يَا اَبَابَكْرٍ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ وَاَيُّنَا لَمْ يَعْمَلْ سُوْءً وَاِنَّا لَمَجْزِيُّوْنَ بِمَا عَمِلْنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا اَنْتَ يَا اَبَابَكْرٍ وَالْمُؤْمِنُوْنَ فَتُجْزَوْنَ بِذٰلِكَ فِي الدُّنْيَا حَتّٰى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَلَيْسَ لَكُمْ ذُنُوْبٌ وَاَمَّا الْاٰخَرُوْنَ فَيَجْتَمِعُ ذٰلِكَ لَهُمْ حَتّٰى يُجْزَوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهٗ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ مَجْهُوْلٌ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَ لَيْسَ لَهٗ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ اَيْضًا وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ.

جو برائی نہیں کرتا۔تو کیا ہمیں تمام اعمال کی سزادی جائے گی۔آپ ؐ نے فرمایا اے ابوبکر تمہیں اور مسلمانوں کو دنیا میں اسکا بدلہ دیا جائے گا تا کہ تم اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت گناہوں سے پاک ہو۔لیکن دوسرے لوگوں کی برائیاں جمع کی جائیں گی تا کہ انہیں قیامت کے دن بدلہ دیا جائے۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسکی سند پر اعتراض کیا جاتا ہے۔یحییٰ بن سعید اور امام احمد نے موسیٰ بن عبیدہ کو ضعیف قرار دیا ہے جبکہ ابن سباع کے مولیٰ مجہول ہیں۔ پھر یہ حدیث ایک اور سند سے بھی حضرت ابوبکرؓ ہی سے منقول ہے لیکن اس کی سند بھی صحیح نہیں اور اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔

۹۶۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَشِيَتْ سَوْدَةُ اَنْ يُطَلِّقَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَا تُطَلِّقْنِيْ وَاَمْسِكْنِيْ وَاجْعَلْ يَوْمِيْ لِعَائِشَةَ فَفَعَلَ فَنَزَلَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَيْرٌ فَمَا اصْطَلَحَا عَلَيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ جَائِزٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۹۶۱: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت سودہؓ کو یہ خوف لاحق ہوا کہ نبی اکرم ﷺ انہیں طلاق دے دیں گے پس انہوں نے عرض کیا کہ مجھے طلاق نہ دیجئے اپنے نکاح میں رہنے دیجئے اور میری باری عائشہؓ کو دے دیجئے۔پھر آپ ﷺ نے ایسا ہی کیا۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی " فلاجناح .... الآیہ "(یعنی دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ آپس میں کسی طرح صلح کرلیں اور یہ صلح بہتر ہے۔النساء آیت۔۱۲۸۔) لہٰذا جس چیز پر انکی صلح ہو وہ جائز ہے۔یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۹۶۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ اٰخِرُ اٰيَةٍ اُنْزِلَتْ اَوْاٰخِرُ شَيْءٍ اُنْزِلَ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاَبُو السَّفَرِ اسْمُهٗ سَعِيْدُ بْنُ اَحْمَدَ وَيُقَالُ ابْنُ يُحْمِدَ الثَّوْرِيُّ.

۹۶۲: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آخری آیت یہ نازل ہوئی۔" يَسْتَفْتُوْنَكَ ..... الآیہ " یہ حدیث حسن ہے اور ابو سفر کا نام سعید بن احمد ہے بعض نے انہیں ابن یحمد ثوری بھی کہا ہے۔

۹۶۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ فَقَالَ

۹۶۳: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول ﷺ اس آیت کی تفسیر کیا ہے " يَسْتَفْتُوْنَكَ ..... الآیہ " آپؐ نے فرمایا تمہارے لیے وہ آیت کافی ہے جو گرمیوں میں نازل

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُجْزِئُکَ اٰيَةُ الصَّيْفِ۔ ہوئی[1]

خلاصہ سورۃ النساء: اس سورت میں دوقسم کے امور انتظامیہ کا ذکر ہے (۱) احکام رعیت (۲) احکام سلطانیہ۔ احکام رعیت چودہ ہیں ان میں میراث کا بیان ہے کہ میت کی جائیداد اور ترکہ کو کس طریقہ پر تقسیم کرنا چاہئے۔ ایک دوسرے کی حق تلفی نہ کرو ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو، شرک نہ کرو اور احسان کرو۔ احکام سلطانیہ کا مقصد یہ ہے کہ دسروں کی حق تلفی نہ کرو اور ظلم نہ ہونے دو اور احکام اور صاحب اقتدار طبقہ کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ان احکام کو قائم کریں اور کمزوروں اور ضعیفوں پر ظلم نہ ہونے دیں احکام سلطانیہ کی جابجا مشرکین و منافقین اور اہل کتاب کے لئے زجر (ڈانٹ) تخویفیں اور شکوے بھی مذکور ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ایک حدیث میں کبیرہ گناہوں میں بہت بڑے کبائر نقل کئے ہیں سب سے بڑا گناہ شرک ہے والدین کی نافرمانی اور جھوٹی گواہی ہے اس سورۃ کی تفسیر میں حضرت زبیر اور منافق کا واقعہ بھی نقل کیا ہے پھر ایک آیت کریمہ کا شان نزول بیان فرمایا ہے کہ کوئی انسان اس وقت تک ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک نبی اکرم ﷺ کے فیصلہ کو دل سے تسلیم نہ کرے اور اس فیصلہ کے بارہ میں دل کے اندر تنگی محسوس نہ کرے نیز نماز خوف کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس کے بعد حدیث نمبر ۹۵۷ میں ایک صحابیؓ کے گھر سے چوری ہو جانے کا قصہ نقل کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم ﷺ کو یہ ارشاد ہوا کہ چوروں اور خائنوں کی طرف سے جھگڑا نہ کیجئے اور جو احکام ہم نے آپؐ پر اتارے ہیں انہی کے مطابق فیصلہ کیا کیجئے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْمَائِدَةِ

۹۶۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ وَ غَيْرِهٖ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَوْ عَلَيْنَا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا لَاتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا فَقَالَ عُمَرُ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اَیَّ يَوْمٍ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اُنْزِلَتْ يَوْمَ عَرَفَةَ فِیْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۹۶۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ قَالَ قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا وَعِنْدَهٗ يَهُوْدِیٌّ فَقَالَ لَوْ اُنْزِلَتْ

تفسیر سورۂ مائدہ

۹۶۴: حضرت طارق بن شہاب کہتے ہیں کہ ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ اگر یہ آیت "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ ...الآیہ" (آج میں تمہارے لئے تمہارا دین پورا کر چکا اور میں نے تم پر اپنا احسان پورا کر دیا اور میں نے تمہارے واسطے اسلام ہی کو دین پسند کیا ہے)۔ ہم پر نازل ہوتی تو ہماری لیے وہ عید کا دن ہوتا جس دن یہ نازل ہوتی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ یہ آیت کب نازل ہوئی۔ یہ آیت عرفات کے دن نازل ہوئی اس دن تاجمعہ تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۶۵: حضرت عمار بن ابو عمار سے روایت ہے کہ ابن عباسؓ نے یہ آیت "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ ...الآیہ" پڑھی تو ان کے پاس ایک یہودی تھا۔ وہ کہنے لگا کہ اگر یہ آیت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید کے طور پر مناتے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ

---

[1] آیت کا ترجمہ: تجھ سے حکم دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ اللہ تمہیں کلالہ کے بارے میں حکم دیتا ہے۔ (النساء آیت: ۱۷۶) امام بغوی کہتے ہیں کہ یہ آیت حجۃ الوداع کیلئے جاتے ہوئے نازل ہوئی اس لئے اسے "آیۃ الصیف" گرمیوں کی آیت کہا جاتا ہے۔

هٰذِهِ الْاٰيَةَ عَلَيْنَا لَا تَّخَذْنَا يَوْمَهَا عِيْدًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاِنَّهَا نَزَلَتْ فِيْ يَوْمِ عِيْدَيْنِ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَيَوْمِ عَرَفَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

جس دن یہ آیت نازل ہوئی تھی اس دن یہاں دو عیدیں تھیں۔ عرفات کے دن کی اور جمعہ کے دن کی۔ یہ حدیث ابن عباسؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۹۶۶ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِيْنُ الرَّحْمٰنِ مَلْاٰى سَحَّاءُ لَا يُغِيْضُهَا اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ قَالَ اَرَاَيْتُمْ مَا اَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَاِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِيْ يَمِيْنِهٖ وَعَرْشُهٗ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْاُخْرَى الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ الْاٰيَةِ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ قَالَ الْاَئِمَّةُ يُؤْمَنُ بِهٖ كَمَا جَاءَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُفَسَّرَ اَوْ يُتَوَهَّمَ هٰكَذَا قَالَهٗ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ مِنْهُمْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَابْنُ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ تُرْوٰى هٰذِهِ الْاَشْيَاءُ وَيُؤْمَنُ بِهَا وَلَا يُقَالُ كَيْفَ.

۹۶۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ یعنی اسکا خزانہ بھرا ہوا ہے جو ہمیشہ جاری رہتا ہے اور دن ورات میں سے کسی وقت بھی اس میں کوئی کمی نہیں آتی۔ کیا تم جانتے ہو کہ جب سے اس نے آسمانوں کو پیدا کیا ہے اس نے کیا خرچ کیا ہے۔ اس کے خزانے میں کوئی کمی نہیں آئی۔ اس کا عرش (آسمان کو پیدا کرنے کے وقت) سے لے کر اب تک پانی پر ہے اور اس کے دوسرے ہاتھ میں ایک ہاتھ ہے جسے وہ جھکاتا اور بلند کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ اس آیت کی تفسیر ہے "وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ ......" (اور یہودی کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے۔ انہیں کے ہاتھ بند ہوں اور انہیں اس کہنے پر لعنت ہے بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح چاہیے خرچ کرتا ہے۔ المائدہ: ۶۴) ائمہ کرام فرماتے ہیں کہ یہ حدیث جیسے آئی اسی طرح اس پر ایمان لایا جائے۔ بغیر اس کے کہ اسکی کوئی تفسیر کی جائے یا وہم کیا جائے۔ متعدد ائمہ نے یونہی فرمایا ان میں سفیان ثوری، مالک بن انس، ابن عیینہ، ابن مبارک رحمہم اللہ ان سب کی رائے یہ ہے کہ اس قسم کی احادیث روایت کی جائیں اور ان پر ایمان لایا جائے انکی کیفیت سے بحث نہ کی جائے۔

۹۶۷ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْرَسُ حَتّٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ فَاَخْرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهٗ مِنَ الْقُبَّةِ فَقَالَ لَهُمْ يَا اَيُّهَا النَّاسُ انْصَرِفُوْا فَقَدْ عَصَمَنِيَ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْرَسُ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ.

۹۶۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی پہلے حفاظت کی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی "وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ... الخ" (اور اللہ تجھے لوگوں سے بچائے گا۔) اس پر نبی اکرم ﷺ نے اپنے خیمے سے سر مبارک باہر نکالا اور آپؐ نے فرمایا: لوگو چلے جاؤ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت کا وعدہ کر لیا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے بعض اسے جریری سے اور وہ عبداللہ بن شقیق سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی حفاظت کی جاتی تھی اس میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں۔

۹۶۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْاِسْرَائِيْلَ فِي الْمَعَاصِيْ فَنَهَتْهُمْ عُلَمَاءُ هُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوْا فَجَالَسُوْهُمْ فِيْ مَجَالِسِهِمْ وَوَاكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ وَلَعَنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَقَالَ لَا وَ الَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ حَتّٰى تَاْطِرُوْهُمْ اَطْرًا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ يَزِيْدُ وَكَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ لَا يَقُوْلُ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي الْوَضَّاحِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَبَعْضُهُمْ يَقُوْلُ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۹۶۸: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلاء ہو گئے تو ان کے علماء نے انہیں روکنے کی کوشش کی لیکن جب وہ باز نہیں آئے تو علماء ان کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے لگے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے دل آپس میں ایک دوسرے سے ملا دیئے اور پھر حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ان پر لعنت کی کیونکہ وہ لوگ نافرمانی کرتے ہوئے حدود سے تجاوز کر جاتے تھے۔ پھر نبی اکرم ﷺ اٹھ کر بیٹھ گئے پہلے تکیہ لگائے ہوئے تھے۔ اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم لوگ اس وقت تک نجات نہیں پاؤ گے جب تک تم ظالم کو ظلم سے نہ روکو گے۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن، یزید سے اور وہ سفیان ثوری سے یہی حدیث نقل کرتے ہوئے عبداللہ بن مسعودؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ محمد بن مسلم بن ابی وضاح سے بھی علی بن بذیمہ کے حوالے سے منقول ہے وہ ابوعبیدہ سے اور وہ عبداللہ بن مسعودؓ سے مرفوعاً اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ جبکہ بعض ابو عبیدہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۹۶۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ لَمَّا وَقَعَ فِيْهِمُ النَّقْصُ كَانَ الرَّجُلُ فِيْهِمْ يَرٰى اَخَاهُ يَقَعُ عَلَى الذَّنْبِ فَيَنْهَاهُ عَنْهُ فَاِذَا كَانَ الْغَدُ لَمْ يَمْنَعْهُ مَارَاٰى مِنْهُ اَنْ يَّكُوْنَ اَكِيْلَهٗ وَشَرِيْبَهٗ وَخَلِيْطَهٗ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ وَنَزَلَ فِيْهِمُ الْقُرْاٰنُ فَقَالَ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ وَقَرَاَ حَتّٰى بَلَغَ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ

۹۶۹: حضرت ابوعبیدہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بنی اسرائیل کے ایمان میں کمی آ گئی تو ان سے اگر کوئی اپنے بھائی کو گناہ کرتے ہوئے دیکھتا تو اسے روکتا پھر دوسرے دن اگر وہ باز نہ آتا تو اسے اس خیال سے نہ روکتا کہ اسکے ساتھ کھانا پینا اور اٹھنا بیٹھا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان سب کے دل ایک دوسرے سے جوڑ دیئے ان کے متعلق قرآن نازل ہوا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْ......" (بنی اسرائیل میں سے جو کافر ہوئے ان پر داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر لعنت کی گئی یہ اس لیے کہ وہ نافرمان تھے۔ اور حد سے گزر گئے تھے۔ المائدہ: ۷۸) پھر آپؐ نے یہ آیات "وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ" سے آخر تک

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ قَالَ وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ فَقَالَ لَا حَتّٰى تَاْخُذُوْا عَلٰى يَدِ الظَّالِمِ فَتَاْطِرُوْهُ عَلَى الْحَقِّ اَطْرًا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْدَاؤُدَ وَاَمْلَاهُ عَلِيٌّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي الْوَضَّاحِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ.

پڑھی (اور اگر وہ اللہ اور نبی پر اور اس چیز پر جو اسکی طرح نازل کی گئی ہے ایمان لاتے تو کافروں کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ المائدہ:۸۱) راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ تکیہ لگائے بیٹھے تھے اور اٹھ کر بیٹھ گئے پھر فرمایا: تم بھی عذاب الٰہی سے اس وقت تک نجات نہیں پا سکتے جب تک ظالم کا ہاتھ پکڑ کر اسے حق کی طرف راہ راست پر نہ لے آؤ۔

محمد بن بشار بھی ابوداؤ سے وہ محمد بن مسلم بن ابی وضاح سے وہ علی بن بذیمہ سے وہ عبیدہ سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۹۷۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ نَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اِذَا اَصَبْتُ اللَّحْمَ انْتَشَرْتُ لِلنِّسَاءِ وَاَخَذَتْنِيْ شَهْوَتِيْ فَحَرَّمْتُ عَلَيَّ اللَّحْمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ وَ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ مُرْسَلًا لَيْسَ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَوَاهُ خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلًا.

۹۷۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں جب گوشت کھاتا ہوں تو عورتوں کے لیے پریشان پھرنے لگتا ہوں۔ اور میری شہوت غالب ہوجاتی ہے۔ لہٰذا میں نے گوشت کو اپنے اوپر حرام کرلیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ......'' (اے ایمان والو ان ستھری چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں اور حد سے نہ بڑھو۔ بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور اللہ کے رزق میں سے جو چیز حلال ستھری ہو کھاؤ اور اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ المائدہ:۸۸) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض راوی اسے عثمان بن سعد کی سند کے علاوہ اور سند سے بھی روایت کرتے ہیں۔ لیکن یہ مرسل ہے اور اس میں ابن عباسؓ کا ذکر نہیں۔ خالد حذاء بھی عکرمہ سے یہی حدیث مرسلاً نقل کرتے ہیں۔

۹۷۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ نَا اِسْرَائِيْلُ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِي الْبَقَرَةِ يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ اَلْاٰيَةَ فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِي النِّسَاءِ يَا اَيُّهَا

۹۷۱: حضرت عمر بن خطابؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے دعا کی کہ یا اللہ ہمارے لئے شراب کا صاف صاف حکم بیان فرما چنانچہ سورہ بقرہ کی یہ آیت نازل ہوئی ''یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ ......'' (آپ سے شراب اور جوئے کے متعلق پوچھتے ہیں۔ کہہ دو، ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے بھی ہیں اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے۔ البقرہ:۲۱۹) پھر عمرؓ کو بلایا گیا اور یہ آیت سنائی گئی۔ پھر حضرت

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِي الْمَائِدَةِ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطَانُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ اِلٰى قَوْلِهٖ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ اِنْتَهَيْنَا اِنْتَهَيْنَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ مُرْسَلاً.

عمرؓ نے فرمایا اے اللہ ہمارے لیے شراب کا صاف صاف حکم بیان فرما چنانچہ سورہ نساء کی یہ آیت نازل ہوئی ''یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا .....الآیہ'' (اے ایمان والو جس وقت کہ تم نشہ میں ہو نماز کے نزدیک مت جاؤ یہاں تک کہ تم سمجھ سکو کہ کیا کہہ رہے ہو۔ النساء:۴۳) پھر عمرؓ کو بلایا گیا اور یہ آیت سنائی گئی لیکن انہوں نے پھر کہا اے اللہ ہمارے لئے شراب کا صاف صاف حکم بیان فرما اور پھر مائدہ کی یہ آیت نازل ہوئی ''اِنَّمَا یُرِیْدُ ......'' (شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے سے تم میں دشمنی اور بغض ڈال دے اور تمہیں اللہ کی یاد سے اور نماز سے روکے۔ سو اب بھی باز آ جاؤ۔ المائدہ:۹۱) پھر حضرت عمرؓ کو بلایا گیا اور یہ آیت پڑھ کر سنائی گی تو انہوں نے فرمایا: ہم باز آ گئے، ہم باز آ گئے۔ یہ حدیث اسرائیل سے بھی مرسلاً منقول ہے۔

۹۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ

۹۷۲: محمد بن علاء بھی وکیع سے وہ اسرائیل سے ابواسحٰق سے اور وہ ابومیسرہ سے نقل کرتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ نے فرمایا: اے اللہ ہمارے لیے شراب کا حکم صاف صاف بیان فرما اور پھر اس کی مانند حدیث ذکر کی۔ اور یہ روایت محمد بن یوسف کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۹۷۳. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ مَاتَ رِجَالٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ تُحَرَّمَ الْخَمْرُ فَلَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَالَ رِجَالٌ كَيْفَ بِاَصْحَابِنَا وَقَدْ مَاتُوْا يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ فَنَزَلَتْ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَيْضًا:

۹۷۳: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ شراب کی حرمت کا حکم آنے سے پہلے صحابہ کرامؓ کا انتقال ہو چکا تھا۔ جب شراب حرام کی گئی تو بعض لوگوں نے کہا کہ ہمارے ساتھیوں کا کیا ہوگا وہ لوگ تو شراب پیتے ہوئے مرے تھے۔ پھر یہ آیت زنال ہوئی ''لَیْسَ عَلٰی ......'' (جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو پہلے کھا چکے جبکہ آئندہ کو پرہیز گار رہوئے اور ایمان لائے اور عمل نیک کئے پھر پرہیزگار رہوئے اور نیکی کی اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ المائدہ:۹۳) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو شعبہ بھی ابواسحٰق سے وہ براء سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

۹۷۴. حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ مَاتَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ

۹۷۴: ابواسحٰق سے روایت ہے کہ براء بن عازبؓ نے فرمایا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کئی آدمی اس حالت میں فوت ہوئے کہ وہ شراب پیا کرتے تھے۔ پس جب شرام کی حرمت

الْخَمْرَ فَلَمَّا نَزَلَ تَحْرِيْمُهَا قَالَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ فَكَيْفَ بِاَصْحَابِنَا الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يَشْرَبُوْنَهَا قَالَ فَنَزَلَتْ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کا حکم نازل ہوا تو لوگوں نے کہا کہ ہمارے دوستوں کا کیا حال ہوگا راوی کہتے ہیں پھر یہ آیت نازل ہوئی "لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا..... الآیہ"۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۷۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ رِزْمَةَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ لَمَّا نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ فَنَزَلَتْ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۷۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب شراب حرام ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بتائیے وہ لوگ جو مر گئے اور وہ شراب پیا کرتے تھے ان کا کیا حکم ہے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی "لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا..... الآیہ" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۷۶: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مِنْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۷۶: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت "لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا..... الآیہ" نازل ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: تم بھی انہی میں سے ہو۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۷۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ نَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ عَامٍ فَسَكَتَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ عَامٍ قَالَ لَا وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

۹۷۷: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت "وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ..... الآیہ" نازل ہوئی (اور لوگوں پر اللہ کیلئے حج (بیت اللہ) کرنا (فرض) ہے۔ بشرطیکہ وہ اس کی طاقت رکھتے ہوں۔) تو صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ: کیا ہر سال (حج فرض ہے)۔ آپؐ خاموش رہے۔ لوگوں نے پھر کہا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہر سال (حج فرض ہے)۔ آپؐ نے فرمایا نہیں۔ اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال واجب ہو جاتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا..... الآیہ" (اے ایمان والو ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر وہ ظاہر کی جائیں تو تمہیں بری لگیں۔ المائدہ۔ آیت: ۱۰۱) یہ حدیث حضرت علیؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۹۷۸: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ نَا رَوْحُ ابْنُ عُبَادَةَ نَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَبِيْ قَالَ اَبُوْكَ فُلَانٌ قَالَ فَنَزَلَتْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْأَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۹۷۸: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میرا باپ کون ہے۔ آپؐ نے فرمایا تیرا باپ فلاں ہے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی۔ ''یٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا.... الآیۃ'' (اے ایمان والو ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر وہ ظاہر کی جائیں تو تمہیں بری لگیں المائدہ آیت۔ ۱۰۱)۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۹۷۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ اَنَّهٗ قَالَ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَؤُنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوْا ظَالِمًا فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَهٰذَا الْحَدِيْثِ مَرْفُوْعًا وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ قَوْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

۹۷۹: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا: لوگو تم یہ آیت پڑھتے ہو۔ ''يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ.... الآیۃ'' (اے ایمان والو تم پر اپنی جان کی فکر لازم ہے۔ تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی گمراہ ہو جبکہ تم ہدایت یافتہ ہو۔ المائدہ: آیت: ۱۰۵) جبکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر لوگ ظالم کو ظلم سے نہیں روکیں گے تو قریب ہے کہ اللہ ان سب کو عذاب میں مبتلا کر دے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کئی راوی اس حدیث کو اسماعیل بن خالد سے اسی کی مانند مرفوعاً نقل کرتے ہیں لیکن بعض حضرات اسماعیل سے وہ قیس سے اور وہ ابوبکرؓ سے انہی کا قول نقل کرتے ہیں۔

۹۸۰: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا عُقْبَةُ بْنُ اَبِيْ حَكِيْمٍ نَا عَمْرُو بْنُ جَارِيَةِ اللَّخْمِيُّ عَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيِّ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ فَقُلْتُ لَهٗ كَيْفَ تَصْنَعُ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ قَالَ اَيَّةُ اٰيَةٍ قُلْتُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَاَلْتَ عَنْهَا خَبِيْرًا سَاَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى مُؤْثَرَةً وَاِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَاْيٍ بِرَاْيِهٖ فَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ وَدَعِ الْعَوَامَّ فَاِنَّ مِنْ وَرَآئِكُمْ اَيَّامًا الصَّبْرُ فِيْهِنَّ مِثْلُ الْقَبْضِ عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيْهِنَّ مِثْلُ اَجْرِ

۹۸۰: حضرت ابو امیہ شعبانی کہتے ہیں کہ میں ابو ثعلبہ خشنیؓ کے پاس گیا اور پوچھا کہ آپؐ اس آیت کے متعلق کیا کہتے ہیں فرمایا کہ کونسی آیت۔ میں نے عرض کیا ''يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا......'' فرمایا جان لو کہ میں نے اسکی تفسیر بڑے علم رکھنے والے سے پوچھی تھی۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اسکی تفسیر پوچھی تو انہوں نے فرمایا: بلکہ نیک اعمال کا حکم دو اور برائی سے منع کرو یہاں تک کہ تم ایسا بخیل دیکھو جسکی اطاعت کی جائے۔ خواہشات کی پیروی کی جانے لگے، دنیا کو آخرت پر مقدم کیا جانے لگے اور ہر شخص اپنی رائے کو پسند کرنے لگے تو تم اپنی فکر کرو اور لوگوں کو چھوڑ دو اس لیے کہ تمہارے بعد ایسے دن آنے والے ہیں جن میں صبر کرنا اس طرح ہوگا۔ جیسے چنگاری ہاتھ میں لینا۔ اس زمانے میں سنت پر عمل کرنے والے شخص کو تم جیسے پچاس (عمل کرنے والے)

خَمْسِیْنَ رَجُلاً یَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِکُمْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ وَزَادَنِیْ غَیْرُ عُتْبَةَ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَجْرُ خَمْسِیْنَ رَجُلاً مِنَّا اَوْمِنْهُمْ قَالَ لَا بَلْ اَجْرُ خَمْسِیْنَ رَجُلاً مِنْکُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

آدمیوں کا ثواب دیا جائے گا۔ عبداللہ بن مبارک کہتے ہیں کہ عتبہ کے علاوہ دوسرے راوی یہ الفاظ بھی نقل کرتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: ہم میں سے پچاس آدمیوں کے برابر یا ان میں سے پچاس کے برابر۔ آپؐ نے فرمایا: تم میں سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۹۸۱ : حَدَّثَنَاالْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ شُعَیْبٍ الْحَرَّانِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی النَّضْرِعَنْ بَاذَانَ مَوْلٰی اُمِّ هَانِیٍٔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ تَمِیْمِ الدَّارِیِّ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِکُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ قَالَ بَرِیَٔ النَّاسُ مِنْهَا غَیْرِیْ وَ غَیْرَ عَدِیِّ بْنِ بَدَّاءٍ وَکَانَا نَصْرَا نِیَّیْنِ یَخْتَلِفَانِ اِلَی الشَّامِ قَبْلَ الْاِسْلَامِ فَاَتَیَاالشَّامَ لِتِجَارَتِهِمَا وَقَدِمَ عَلَیْهِمَا مَوْلٰی لِبَنِیْ سَهْمٍ یُقَالُ لَهُ بُدَیْلُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ بِتِجَارَةٍ وَمَعَهُ جَامٌ مِنْ فِضَّةٍ یُرِیْدُ بِهِ الْمَلِکَ وَهُوَ عُظْمُ تِجَارَتِهٖ فَمَرِضَ فَاَوْصٰی اِلَیْهِمَا وَاَمَرَهُمَا اَنْ یُبَلِّغَا مَا تَرَکَ اَهْلَهُ قَالَ تَمِیْمٌ فَلَمَّا مَاتَ اَخَذْنَا ذٰلِکَ الْجَامَ فَبِعْنَاهُ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ اقْتَسَمْنَاهُ اَنَا وَعَدِیُّ بْنُ بَدَّاءَ فَلَمَّااَتَیْنَا اِلٰی اَهْلِهٖ دَفَعْنَا اِلَیْهِمْ مَا کَانَ مَعَنَا وَفَقَدُوا الْجَامَ فَسَاَلُوْنَا عَنْهُ فَقُلْنَا مَا تَرَکَ غَیْرَ هٰذَا وَمَا دَفَعَ اِلَیْنَا غَیْرَهٗ قَالَ تَمِیْمٌ فَلَمَّا اَسْلَمْتُ بَعْدَ قُدُوْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ تَاَثَّمْتُ مِنْ ذٰلِکَ فَاَتَیْتُ اَهْلَهٗ فَاَخْبَرْتُهُمُ الْخَبَرَوَ اَدَّیْتُ اِلَیْهِمْ خَمْسَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَ اَخْبَرْتُهُمْ اَنَّ عِنْدَ صَاحِبِیْ مِثْلَهَا فَاَتَوْابِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُمُ الْبَیِّنَةَ فَلَمْ یَجِدُوْا فَاَمَرَهُمْ اَنْ یَسْتَحْلِفُوْهُ بِمَا یَعْظُمُ بِهٖ عَلٰی اَهْلِ دِیْنِهٖ فَحَلَفَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِکُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ اِلٰی قَوْلِهٖ اَوْیَخَافُوْا اَنْ

۹۸۱: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ تمیم داریؓ اس آیت "یَآاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْاشَهَادَةُ بَیْنِکُمْ.... الْاٰیَة" (اے ایمان والو جبکہ تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے تو وصیت کے وقت تمہارے درمیان تم میں سے دو معتبر آدمی گواہ ہونے چاہئیں یا تمہارے سوا دو گواہ اور ہوں۔ المائدہ: آیت ۱۰۶) کے متعلق کہتے ہیں کہ اس سے میرے اور عدی بن بداء کے علاوہ وہ سب لوگ بری ہو گئے۔ یہ دونوں اسلام لانے سے پہلے نصرانی تھے اور شام آتے جاتے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ وہ دونوں تجارت کیلئے شام گئے تو بنوسہم مولیٰ بدیل بن ابی مریم انکے پاس تجارت کی غرض سے آیا۔ اس کے پاس چاندی کا ایک جام تھا وہ چاہتا تھا کہ یہ پیالہ بادشاہ کی خدمت میں پیش کرے وہ اسکے مال میں بڑی چیز تھی۔ پھر وہ بیمار ہو گیا اور اس نے ان دونوں کو وصیت کی اور کہا کہ اس نے جو کچھ چھوڑا اسے اس کے مالکوں تک پہنچا دیں۔ تمیم کہتے ہیں جب وہ مر گیا تو ہم نے وہ پیالہ ایک ہزار درہم میں بیچ ڈالا اور رقم دونوں نے آپس میں تقسیم کر لی۔ ان کے گھر پہنچ کر ہم نے وہ سامان ان کے حوالے کر دیا۔ انہیں پیالہ نہ ملا۔ تو انہوں نے ہم سے اسکے متعلق پوچھا۔ ہم نے جواب دیا کہ اس نے یہی کچھ چھوڑا تھا اور ہمیں ان چیزوں کے علاوہ کوئی چیز نہیں دی۔ تمیم کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے مدینہ طیبہ تشریف لانے پر جب میں اسلام لایا تو میں نے اس گناہ کا ازالہ چاہا اور اس غلام کے مالکوں کے گھر گیا: انہیں ساری بات بتائی اور انہیں پانچ سو درھم دے دیئے نیز یہ بھی بتایا کہ اتنی ہی رقم میرے ساتھی کے پاس بھی ہے۔ وہ لوگ عدی کو لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے ان سے گواہ

تُرَدَّاَيْمَانٌ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ فَقَامَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَرَجُلٌ اٰخَرُ فَحَلَفَا فَنُزِعَتِ الْخَمْسُ مِائَةِ دِرْهَمٍ مِنْ عَدِيِّ بْنِ بَدَّآءٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِصَحِيْحٍ وَاَبُوا النَّضْرِ الَّذِيْ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ هُوَ عِنْدِيْ مُحَمَّدُ بْنُ السَّائِبِ الْكَلْبِيُّ يُكْنٰى اَبَا النَّضْرِ وَقَدْ تَرَكَهٗ اَهْلُ الْعِلْمِ بِالْحَدِيْثِ وَهُوَ صَاحِبُ التَّفْسِيْرِ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ مُحَمَّدُ بْنُ سَائِبِ الْكَلْبِيُّ يُكْنٰى اَبَا النَّضْرِ وَلَا نَعْرِفُ لِسَالِمِ اَبِي النَّضْرِ الْمَدِيْنِيِّ رِوَايَةً عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ مَوْلٰى اُمِّ هَانِيءٍ وَقَدْرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ شَيْءٌ مِنْ هٰذَا عَلَى الْاِخْتِصَارِ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

طلب کیے جو کہ ان کے پاس نہیں تھے۔ پھر آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ عدی سے اس کے دین کی عظیم ترین چیز کی قسم لیں۔ اس نے قسم کھالی اور پھر یہ آیت نازل ہوئیں۔ ''یَـاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِکُمْ.... الآیہ'' چنانچہ عمرو بن عاص اور ایک شخص کھڑے ہوئے اور گواہی دی کہ پیالہ بدیل کے پاس تھا اور عدی جھوٹا ہے تو عدی بن بداء سے پانچ سو درہم چھین لئے گئے۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسکی سند صحیح نہیں۔ محمد بن اسحٰق سے نقل کرنے والے راوی ابونضر کا نام محمد بن سائب کلبی ہے۔ اہل علم نے ان سے احادیث نقل کرنا ترک کر دیا ہے۔ یہ صاحب تفسیر ہے۔ میں (امام ترمذیؒ) نے امام بخاریؒ سے سنا کہ محمد بن سائب کی کنیت ابونضر ہے۔ ہم سالم بن ابی نضر کی ام ھانی کے موسیٰ ابو صالح سے منقول کوئی حدیث نہیں جانتے۔ یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ سے اس سند کے علاوہ مختصر طور پر منقول ہے۔

۹۸۲ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَهْمٍ مَعَ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ وَ عَدِيِّ بْنِ بَدَّآءٍ فَمَاتَ السَّهْمِيُّ بِاَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ فَلَمَّا قَدِمَا بِتَرِكَتِهٖ فَقَدُوْا جَامًا مِنْ فِضَّةٍ مُخَوَّصًا بِالذَّهَبِ فَاَحْلَفَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدُوْا الْجَامَ بِمَكَّةَ فَقِيْلَ اشْتَرَيْنَاهُ مِنْ تَمِيْمٍ وَعَدِيٍّ فَقَامَ رَجُلَانِ مِنْ اَوْلِيَاءِ السَّهْمِيِّ فَحَلَفَا بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَاِنَّ الْجَامَ لِصَاحِبِهِمْ قَالَ وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَهُوَ حَدِيْثُ ابْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ.

۹۸۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ قبیلہ بنو سہم کا ایک شخص تمیم داری اور عدی بن بداء کے ساتھ نکلا اور ایسی جگہ مر گیا جہاں کوئی مسلمان نہیں تھا۔ جب وہ دونوں اس کا متروکہ مال لے کر آئے تو اس میں سے سونے کے جڑاؤ والا چاندی کا پیالہ غائب پایا گیا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے تمیم اور عدی کو قسم دی۔ پھر تھوڑی مدت بعد وہ پیالہ مکہ میں پایا گیا اور ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے عدی اور تمیم سے خریدا ہے۔ پھر بدیل سہمی کے وارثوں میں سے دو شخص کھڑے ہوئے اور قسم کھا کر کہا کہ ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ سچی ہے اور یہ کہ جام (پیالہ) ان کے آدمی کا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت انہی کے متلق نازل ہوئی۔ ''یَـاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِکُمْ.... الآیہ'' یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابن ابی زائدہ کی حدیث ہے۔

۹۸۳ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ الْبَصْرِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ

۹۸۳: حضرت عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

حَبِیْبٍ ثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَلَحْمًا وَاُمِرُوْا اَنْ لَا یَخُوْنُوْا وَلَا یَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَخَنَازِیْرَ هٰذَا حَدِیْثٌ رَوَاهُ اَبُوْ عَاصِمٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ عَمَّارٍ مَوْقُوْفًا وَلَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزَعَةَ.

نے فرمایا کہ آسمان سے ایسا دسترخوان نازل کیا گیا جس میں روٹی اور گوشت تھا پھر انہیں حکم دیا گیا کہ اس میں خیانت نہ کریں اور کل کیلئے نہ رکھیں لیکن ان لوگوں نے خیانت بھی کی اور دوسرے دن کیلئے جمع بھی کیا۔ چنانچہ ان کے چہرے مسخ کر کے بندروں اور خنزیروں کی صورتیں بنادی گئیں۔ اس حدیث کو ابو عاصم اور کئی راوی سعید بن ابی عروبہ سے وہ قتادہ سے وہ خلاس سے اور وہ عمار سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو حسن بن قزعہ کی سند کے علاوہ نہیں جانتے۔

۹۸۴: حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا سُفْیَانُ ابْنُ حَبِیْبٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ نَحْوَهُ وَلَمْ یَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزَعَةَ وَلَا نَعْلَمُ لِلْحَدِیْثِ الْمَرْفُوْعِ اَصْلاً.

۹۸۴: حمید بن مسعدہ بھی یہ حدیث سفیان بن حبیب سے اور وہ سعید بن ابی عروبہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ لیکن یہ مرفوع نہیں۔ ہم مرفوع حدیث کی کوئی اصل نہیں جانتے اور یہ حسن بن قزعہ کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۹۸۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ یَلَقَّی عِیْسٰی حُجَّتَهُ فَلَقَّاهُ اللّٰهُ فِیْ قَوْلِهٖ وَاِذْقَالَ اللّٰهُ یَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ أَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَقَّاهُ اللّٰهُ سُبْحَانَکَ مَایَکُوْنُ لِیْ اَنْ اَقُوْلَ مَالَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ الْاٰیَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۹۸۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو (قیامت کے دن) انکی دلیل سکھائیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس قول میں اسی کی تعلیم دی ہے کہ " وَاِذْقَالَ یَا عِیْسَی ......" (اور جب اللہ فرمائے گا، اے عیسیٰ بیٹے مریم کے کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ خدا کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی خدا (معبود) بنالو۔) حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس کا جواب اس طرح سکھایا "سُبْحَانَکَ مَایَکُوْنَ .... الآیہ" (وہ عرض کرے گا تو پاک ہے، مجھے لائق نہیں کہ ایسی بات کہوں کہ جس کا مجھے حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوگا تو تجھے ضرور معلوم ہوگا۔ جو میرے دل میں ہے تو جانتا ہے اور جو تیرے دل میں ہے وہ میں نہیں جانتا۔ بے شک تو ہی چھپی ہوئی باتوں کو جاننے والا ہے)۔ (المائدہ آیت:۱۱۶)

۹۸۶: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ حُیَیٍّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اٰخِرُ سُوْرَةٍ اُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ وَالْفَتْحِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْرُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ اٰخِرُ سُوْرَةٍ اُنْزِلَتْ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ.

۹۸۶: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر آخر میں نازل ہونیوالی سورتیں، سورہ مائدہ اور سورہ فتح ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ آخری نازل ہونے والی سورت سورہ نصر " اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ " ہے۔

خلاصہ سورۃ مائدہ : اس سورۃ میں دو مضمون بیان کیے گئے ہیں نفی شرک فعلی اور نفی شرک فی التصرف۔ نفی شرک کے سلسلے میں چار مسائل بیان ہوئے (۱) تحریمات غیر اللہ یعنی غیر اللہ تقرب کی خاطر کچھ جانوروں کو اپنے اوپر حرام قرار دینا (۲) تحریمات اللہ یعنی جو چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندہ پر حرام کی ہیں (۳) غیر اللہ کی نذر و نیاز (۴) اللہ تعالیٰ کی نذر و نیاز ہیں۔ سورۃ کے درمیان میں نبی کریم ﷺ کو حکم دیا گیا ہے کہ آپؐ حق کے مطابق فیصلے کریں یعنی قرآنی احکام کے مطابق فیصلے فرمادیں اس کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ ہم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات اُتاری جو سراپا ہدایت اور روشنی تھی تاکہ وہ اور ان کے بعد میں آنے والے اسرائیل نبیؑ اور علماء اور مشائخ اس پر عمل کریں اور اس کے مطابق اپنے جھگڑے چکائیں۔ چنانچہ تمام بنی اسرائیل کے انبیاءؑ اور تمام سچے صوفی اور درویش اور تمام علماء صادقین جو بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد گذرے تورات کے احکام پر عمل کرتے رہے۔ آگے چل کر یہود و نصاریٰ کی دوستی سے بھی منع کیا کہ ان کو ہرگز دوست نہ بنانا، یہ بھی بیان کیا کہ علماء بنی اسرائیل کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سپرد کیا گیا تھا اس میں بہت کوتاہی کی جس کی وجہ سے انبیاء علیہم السلام کی لعنت کے مستحق ہوئے۔ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو سمجھایا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں سستی نہیں آنی چاہئے۔ سورۃ مائدہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا گیا ہے کیونکہ نصاریٰ ان کو غیب دان اور کارساز حاجت روا مشکل کشا مانتے تھے اور اب بھی مانتے ہیں اور ان کے نام نیازیں بھی دیتے تھے اور بعض لوگ اپنے بیٹے بھی ذبح کر دیتے تھے اس لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا خاص طور پر ذکر کر کے ان سے علم غیب اور الوہیت کی نفی فرمائی اور قیامت کے دن اس معاملہ پر اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ معاملہ فرمائیں گے اور حضرت عیسیٰؑ جواب دیں گے اس کا ذکر بھی خصوصیت کے ساتھ کیا گیا ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْاَنْعَامِ

۹۸۷ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ نَا جِيَةَ بْنِ كَعْبٍ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ اَبَا جَهْلٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا لَا نُكَذِّبُكَ وَلٰكِنْ نُكَذِّبُ بِمَا جِئْتَ بِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظَّالِمِيْنَ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ.

۹۸۸ : حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ نَاجِيَةَ اَنَّ اَبَا جَهْلٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۹۸۹ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ

تفسیر سورۂ انعام

۹۸۷: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ ابوجہل نے نبی اکرم ﷺ سے کہا کہ ہم آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ ہم تو اسے جھٹلاتے ہیں۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ ... الآیۃ" (سو وہ تجھے نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں)۔ (الانعام آیت: ۳۳)

۹۸۸: اسحٰق بن منصور بھی عبدالرحمٰن بن مہدی سے وہ سفیان سے وہ ابواسحٰق سے اور وہ ناجیہ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ ابوجہل نے نبی اکرم ﷺ سے کہا اور اسی کی مانند حدیث بیان کی۔ اس حدیث کی سند میں حضرت علیؓ کا ذکر نہیں۔ یہ روایت زیادہ صحیح ہے۔

۹۸۹: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "قُلْ هُوَ الْقَادِرُ ...." (کہہ دو وہ اس پر قادر ہے

الْاٰیَةِ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِکُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعُوْذُ بِوَجْهِکَ فَلَمَّا نَزَلَتْ اَوْیَلْبِسَکُمْ شِیَعًا وَّیُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَاْسَ بَعْضٍ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَاتَانِ اَهْوَنُ اَوْ هَاتَانِ اَیْسَرُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

کہ تم پر عذاب اوپر سے بھیجے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے۔ الانعام۔آیت ۶۵) تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: الٰہی میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ پھر یہ الفاظ نازل ہوئے ''اَوْیَلْبِسَکُمْ....'' (یا تمہیں فرقے کر کے ٹکرا دے اور ایک کو دوسرے کی لڑائی کا مزہ چکھا دے۔) تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں کچھ معمولی اور آسان ہیں۔ راوی کو شک ہے کہ ''اَهْوَنُ'' فرمایا، یا اَیْسَرُ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۹۰: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ اَبِیْ بَکْرِبْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ الْغَسَّانِیِّ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِکُمْ اَوْمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهَا کَائِنَةٌ وَلَمْ یَاْتِ تَاوِیْلُهَا بَعْدُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۹۹۰: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت '' قُلْ هُوَالْقَادِرُ ....'' کی تفسیر نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جان لو یہ عذاب ابھی تک آیا نہیں۔ بلکہ آنے والا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۹۹۱: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِکَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَیُّنَا لاَ یَظْلِمُ نَفْسَهٗ قَالَ لَیْسَ ذٰلِکَ اِنَّمَا هُوَ الشِّرْکُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا مَاقَالَ لُقْمَانُ لاِبْنِهٖ یٰبُنَیَّ لاَ تُشْرِکْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۹۹۱: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ جب ''الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا ......الآیہ'' (جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان میں شرک نہیں ملایا، امن انہیں کیلئے ہے اور وہی راہ راست پر ہیں۔ الانعام: ۸۲) نازل ہوئی تو یہ مسلمانوں پر شاق گزرا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم میں سے کون ایسا ہے جو اپنے اوپر ظلم نہیں کرتا۔ آپؐ نے فرمایا اس سے یہ ظلم مراد نہیں بلکہ اس سے مراد شرک ہے۔ کیا تم نے لقمان کی اپنے بیٹے کو نصیحت نہیں سنی کہ ''اے بیٹے اللہ کیساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا اس لیے کہ شرک ظلم عظیم ہے''۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۹۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا اِسْحَاقُ بْنُ یُوْسُفَ الْاَزْرَقُ نَا دَاوٗدُ بْنُ اَبِیْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ کُنْتُ مُتَّکِئًا عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ یَااَبَا عَائِشَةَ ثَلاَثٌ مَنْ تَکَلَّمَ بِوَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ فَقَدْ اَعْظَمَ الْفِرْیَةَ عَلَی اللّٰهِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَاٰی رَبَّهٗ فَقَدْ

۹۹۲: مسروق کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہؓ کے پاس تکیہ لگائے بیٹھا تھا کہ انہوں نے فرمایا: اے ابو عائشہ: تین باتیں ایسی ہیں کہ جس نے ان میں سے ایک بات بھی کی اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ محمد (ﷺ) نے (شب معراج میں) اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے تو وہ اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے کیونکہ اللہ

اَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْمِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ وَكُنْتُ مُتَّكِئًا فَجَلَسْتُ فَقُلْتُ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْظِرِيْنِيْ وَلَا تُعْجِلِيْنِيْ اَلَيْسَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ قَالَتْ اَنَا وَاللّٰهِ اَوَّلُ مَنْ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذَا قَالَ اِنَّمَا ذٰلِكَ جِبْرَئِيْلُ مَا رَاَيْتُهُ فِي الصُّوْرَةِ الَّتِيْ خُلِقَ فِيْهَا غَيْرَهَا بَيْنَ الْمَرَّتَيْنِ رَاَيْتُهُ مُنْهَبِطًا مِنَ السَّمَاءِ سَادًا عُظْمُ خَلْقِهِ مَابَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ زَعَمَ اَنَّ مُحَمَّدًا كَتَمَ شَيْئًا مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَقَدْ اَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ يَآ اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآاُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَمَنْ زَعَمَ اَنَّهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَدْ اَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ يُكْنٰى اَبَا عَائِشَةَ.

تعالیٰ فرماتے ہیں ’’لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ .....الآیۃ‘‘۔(اسے آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو دیکھ سکتا ہے اور وہ نہایت باریک بین خبردار ہے۔الانعام۔۱۰۳۔) پھر فرماتا ہے’’ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ ...الآیۃ‘‘(یعنی کوئی بشر اس(یعنی اللہ تعالیٰ) سے وحی کے ذریعے یا پردے کے پیچھے ہی سے بات کرسکتا ہے)۔راوی کہتے ہیں کہ میں تکیہ لگائے بیٹھا تھا اٹھ کر بیٹھ گیا اور عرض کیا اے ام المؤمنین مجھے مہلت دیجئے اور جلدی نہ کیجئے کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا’’وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ‘‘۔(اور اس نے اس کو ایک بار اور بھی دیکھا ہے۔النجم۔۱۲) نیز فرمایا:’’وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ‘‘(اور بیشک انہوں(یعنی محمد ﷺ) نے اسے آسمان کے کنارے پر واضح دیکھا۔) حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم میں نے سب سے پہلے نبی اکرم ﷺ سے اسکے متعلق دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا وہ جبرائیل تھے۔ میں نے انہیں ان کی اصل صورت میں دومرتبہ دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا کہ ان کے جسم نے آسمان وزمین کے درمیان پوری جگہ کو گھیر لیا ہے(۲) اور جس نے سوچا کہ محمد(ﷺ) نے اللہ کی نازل کی ہوئی چیز میں سے کوئی چیز چھپالی اس نے بھی اللہ پر جھوٹ باندھا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہے۔’’يَآ اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ ....الآیہ‘‘. (اے رسول جو آپ کے رب نے آپ پر نازل کیا ہے اسے پورا پہنچا دیجئے۔) (۳) اور جس نے کہا کہ محمد(ﷺ) کل کے متعلق جانتے ہیں کہ کیا ہونے والا ہے اس نے بھی اللہ پر بہت بڑا جھوٹ باندھا اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ’’لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ .. .الآیہ‘‘(اللہ تعالیٰ کے علاوہ زمین وآسمان میں کوئی علم نہیں جانتا) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مسروق بن اجدع کی کنیت ابوعائشہ ہے۔

۹۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ الْحَرَشِيُّ نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ نَا عَطَاءُ ابْنُ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتٰى نَاسٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَاْكُلُ مَا نَقْتُلُ وَلَا نَاْكُلُ مَا يَقْتُلُ اللّٰهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّاذُكِرَاسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيَاتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۹۹۳: حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ چند لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم جس چیز کو قتل کریں۔ اسے کھائیں اور جسے اللہ نے مار دیا ہو اسے نہ کھائیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں ’’ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ ...... الآیۃ‘‘(سو تم اس (جانور) میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے۔ اگر تم اس کے حکموں پر ایمان لانے والے ہو۔الانعام۔۱۱۸)۔ یہ

غَرِيْبٌ وَقَدْرُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَيْضًا وَّ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً.

حدیث حسن غریب ہے اور ایک اور سند سے بھی ابن عباس ؓ سے منقول ہے۔ بعض حضرات اس حدیث کو عطاء بن سائب سے وہ سعید بن جبیر سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔

۹۹۴: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ دَاوُدَ الْاَوْدِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَى الصَّحِيْفَةِ الَّتِيْ عَلَيْهَا خَاتَمُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَقْرَأْ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۹۹۴: حضرت عبداللہ ؓ فرماتے ہیں کہ جسے ایسے صحیفے دیکھنے کی خواہش ہو جس پر محمد (ﷺ) کی مہر ثبت ہو تو یہ آیات پڑھ لے" قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَاحَرَّمَ ....." (کہہ دو آؤ میں تمہیں سنادوں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے یہ کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور تنگدستی کے سبب سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔ ہم تمہیں اور انہیں رزق دینگے اور بے حیائی کے ظاہر اور پوشیدہ کاموں کے قریب نہ جاؤ اور ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے۔ تمہیں یہ حکم دیتا ہے۔ تاکہ تم سمجھ جاؤ اور سوائے کسی بہتر طریقہ کے یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچے اور ناپ اور تول کو انصاف سے پورا کرو۔ ہم کسی کو اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور جب بات کہو تو انصاف سے کہو اگر چہ رشتہ دار ہی ہو اور اللہ کا عہد پورا کرو۔ تمہیں یہ حکم دیا ہے۔ تاکہ تم نصیت حاصل کرو اور بیشک یہی میرا سیدھا راستہ ہے سو اسی کا اتباع کرو اور دوسرے راستوں پر مت چلو وہ تمہیں اللہ کی راہ سے ہٹا دینگے۔ تمہیں اسی کا حکم دیا ہے تاکہ تم پرہیز گار ہو جاؤ۔ الانعام۔ آیت ۱۵۱۔۱۵۲۔۱۵۳۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۹۹۵: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَوْيَاْتِيَ بَعْضُ اٰيَاتِ رَبِّكَ قَالَ طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۹۹۵: حضرت ابوسعید خدریؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ؐ نے "اَوْيَاْتِيَ بَعْضُ اٰيَاتِ رَبِّكَ" (یا آئے کوئی نشانی تیرے رب کی: الانعام آیت ۱۵۱) کی تفسیر کے بارے میں فرمایا کہ ان نشانیوں سے مراد سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بعض حضرات نے یہ حدیث مرفوعاً نقل کی ہے۔

۹۹۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ اِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ الْاٰيَةَ الدَّجَّالُ وَ الدَّابَّةُ وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا اَوْمِنَ الْمَغْرِبِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۹۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں نکلنے کے بعد کسی کا ایمان لانا اس کے لئے فائدہ مند نہیں ہوگا۔ دجالؔ دابۃ الارض اور مغرب کی جانب سے سورج کا طلوع ہونا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۹۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَوْلُهُ الْحَقُّ اِذَا هَمَّ عَبْدِيْ بِحَسَنَةٍ فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا وَاِذَا هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَا تَكْتُبُوْهَا فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا بِمِثْلِهَا فَاِنْ تَرَكَهَا وَرُبَّمَا قَالَ فَاِنْ لَّمْ يَعْمَلْ بِهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ حَسَنَةً ثُمَّ قَرَأَ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۹۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور انکی بات سچی ہے کہ جب میرا بندہ کسی نیکی کا ارادہ کرے تو اسکے لیے ایک نیکی لکھ دو پھر اگر وہ اس پر عمل کرے تو اس کے برابر دس گنا نیکیاں لکھ دو لیکن اگر کسی برائی کا ارادہ کرے تو اسے اس وقت تک نہ لکھو جبتک وہ برائی نہ کرے اور پھر ایک ہی برائی لکھو اور اگر وہ اس برائی کو چھوڑ دے یا کبھی آپؐ نے فرمایا کہ اس برائی پر عمل نہ کرے تو اس کے لیے اس کے بدلے میں ایک نیکی لکھ دو پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا" (جو کوئی ایک نیکی کرے گا اس کے لیے دس گنا اجر ہے اور جو بدی کرے گا سوا سے اسی کے برابر سزا دی جائے گی اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ الانعام: آیت ۱۶۰) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصہ سورۃ انعام: سورۃ انعام کے بھی دو حصے ہیں ابتداء سے لے کر رکوع نمبر ۱۴ آیت.... تک شرک فی التصرف کی نفی کا بیان ہے اور مشرکین کے شبہات کا رد، طریق تبلیغ اور سلسلہ انکار وجوہ مشرکین کا بیان ہے دوسرے حصے میں شرک فعل کی تین شقوں کا ذکر ہے (۱) تحریمات غیر اللہ یعنی جن جانوروں کو تم نے غیر اللہ کی خاطر نامزد کر رکھا ہے مثلاً سائبہ، بحیرہ، وصیلہ، حام یہ چار قسم کے جانوروں کو ان کے عقیدے کے مطابق کوئی بندہ نہیں کھا سکتا تھا اس سورۃ میں فرمایا گیا کہ یہ حرمت ختم کرو اور ان کو خالص اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کرو اور کھاؤ (۲) تحریمات اللہ (محرّمات الٰہیہ) یعنی اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء۔ ان کا ذکر بھی ہے (۳) غیر اللہ کی نذروں کا بیان بھی کیا گیا۔ محرمات الٰہیہ میں سے (۱) شرک، تنگ دستی کے سبب اولاد کو قتل کرنا، بے حیائی کے کاموں کے قریب نہ جاؤ، ناحق کسی کو قتل نہ کرو، یتیم کا مال نہ کھاؤ۔ یہ سب محرمات الٰہیہ ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ

تفسیر سورہ اعراف

۹۹۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا قَالَ حَمَّادٌ هٰكَذَا وَاَمْسَكَ سُلَيْمَانُ بِطَرَفِ اِبْهَامِهٖ عَلٰى اَنْمُلَةِ اِصْبَعِهِ الْيُمْنٰى قَالَ فَسَاخَ الْجَبَلُ وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ

۹۹۸: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی "فَلَمَّا تَجَلّٰى ..... الآیۃ" (پھر جب اس کے رب نے پہاڑ کی طرف تجلی کی تو اسکو ریزہ ریزہ کر دیا۔ الاعراف: آیت: ۱۴۳) حماد کہتے ہیں کہ سلیمان نے یہ حدیث بیان کرنے کے بعد اپنے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک دا ہنی انگلی پر رکھی اور فرمایا پھر پہاڑ پھٹ گیا اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم

سَلَمَةَ.

اس حدیث کو صرف حماد بن سلمہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۹۹۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْوَرَّاقُ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۹۹۹: عبدالوھاب وراق بھی یہ حدیث معاذ بن معاذ سے وہ حماد بن سلمہ سے وہ ثابت سے وہ انسؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۰۰: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غَافِلِيْنَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِيْنِهٖ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً فَقَالَ خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً فَقَالَ خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ فَقَالَ الرَّجُلُ فَفِيْمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُدْخِلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَاِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ النَّارِ فَيُدْخِلَهُ اللّٰهُ النَّارَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَمُسْلِمُ بْنُ يَسَارٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُمَرَ وَقَدْ ذَكَرَ بَعْضُهُمْ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ بَيْنَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ وَبَيْنَ عُمَرَ رَجُلًا.

۱۰۰۰: حضرت مسلم بن یسار جہنیؒ کہتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی گئی ''وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ..... الآیۃ'' (اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے انکی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا ہاں ہے۔ ہم اقرار کرتے ہیں۔ کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اسکی خبر نہ تھی۔ الاعراف: آیت ۱۷۲) چنانچہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمانے کے بعد انکی پشت پر اپنا دایاں ہاتھ پھیرا اور اس سے ان کی اولاد نکالی پھر فرمایا کہ میں نے انہیں جنت کے لیے پیدا کیا ہے۔ یہ لوگ اسی کے لیے عمل کریں گے۔ پھر ہاتھ پھیرا اور اولاد نکال کر فرمایا کہ انہیں میں نے دوزخ کے لئے پیدا کیا ہے یہ اسی کے لیے عمل کریں گے۔ چنانچہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کسی کو جنت کے لیے پیدا کرتے ہیں تو اسے جنت ہی کے اعمال میں لگا دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اہل جنت ہی کے اعمال پر مرتا ہے اور اسے جنت میں داخل کر دیا جاتا ہے اور کسی بندے کو جہنم کیلئے پیدا فرماتا ہے تو اس سے بھی اسی کے مطابق کام لیتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اہل دوزخ ہی کے عمل پر مرتا ہے اور پھر اسے دوزخ میں داخل کر دیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور مسلم بن یسار کو عمرؓ سے سماع نہیں۔ بعض راوی مسلم اور عمرؓ کے درمیان ایک شخص کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔

۱۰۰۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

۱۰۰۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کی پیٹھ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهٗ فَسَقَطَ مِنْ ظَهْرِهٖ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَجَعَلَ بَيْنَ عَيْنَىْ كُلِّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ وَبِيْصًا مِنْ نُوْرٍ ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلٰى اٰدَمَ فَقَالَ اَىْ رَبِّ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ فَرَاٰى رَجُلًا مِنْهُمْ فَاَعْجَبَهٗ وَبِيْصُ مَابَيْنَ عَيْنَيْهِ فَقَالَ اَىْ رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ اٰخِرِ الْاُمَمِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ يُقَالُ لَهٗ دَاوٗدُ قَالَ رَبِّ وَكَمْ جَعَلْتَ عُمْرَهٗ قَالَ سِتِّيْنَ سَنَةً قَالَ اَىْ رَبِّ زِدْهُ مِنْ عُمْرِىْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَلَمَّا انْقَضٰى عُمْرُ اٰدَمَ جَاءَهٗ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ اَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمْرِىْ اَرْبَعُوْنَ سَنَةً قَالَ اَوَلَمْ تُعْطِهَا لِابْنِكَ دَاوٗدَ قَالَ فَجَحَدَ اٰدَمُ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهٗ وَنَسِيَ اٰدَمُ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهٗ وَخَطِئَ اٰدَمُ فَخَطِئَتْ ذُرِّيَّتُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

پر ہاتھ پھیرا۔ پھر انکی پیٹھ سے قیامت تک آنے والی انکی نسل کی روحیں نکل آئیں۔ پھر ہر انسان کی پیشانی پر نور کی چمک رکھ دی۔ پھر انہیں آدم علیہ السلام کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے پوچھا اے رب یہ کون ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ آپ کی اولاد ہے۔ چنانچہ انہوں نے ان میں سے ایک شخص کو دیکھا جس کی آنکھوں کے درمیان کی چمک انہیں بہت پسند آئی تو اللہ تعالیٰ سے پوچھا کہ اے رب یہ کون ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ آپ کی اولاد میں سے آخری امتوں کا ایک فرد ہے۔ اس کا نام داؤد ہے۔ آدم علیہ السلام نے عرض کیا اے اللہ اسکی عمر کتنی رکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ساٹھ سال۔ آدم علیہ السلام نے عرض کیا اے اللہ اسکی عمر مجھ سے چالیس سال زیادہ کر دیجئے۔ پھر جب آدم علیہ السلام کی عمر پوری ہوگئی تو موت کا فرشتہ حاضر ہوا۔ آدم علیہ السلام نے ان سے پوچھا کہ کیا میری عمر کے چالیس سال باقی نہیں ہیں۔ فرشتے نے کہا کہ وہ تو آپ اپنے بیٹے داؤد علیہ السلام کو دے چکے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ پھر آدم علیہ السلام نے انکار کر دیا لہٰذا ان کی اولاد بھی انکار کرنے لگی۔ آدم علیہ السلام بھول گئے اور ان کی اولاد بھی بھولنے لگی۔ پھر آدم علیہ السلام نے غلطی کی لہٰذا ان کی اولاد بھی غلطی کرنے لگی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت ابو ہریرہؓ ہی کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے۔

۱۰۰۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا عُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا حَمَلَتْ حَوَّاءُ طَافَ بِهَا اِبْلِيْسُ وَكَانَ لَا يَعِيْشُ لَهَا وَلَدٌ فَقَالَ سَمِّيْهِ عَبْدَ الْحَارِثِ فَسَمَّتْهُ عَبْدَ الْحَارِثِ فَعَاشَ وَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ وَحْيِ الشَّيْطَانِ وَاَمْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ قَتَادَةَ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۰۰۲: حضرت سمرہ بن جندبؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت حوا حاملہ ہوئیں تو شیطان نے آپ کے گرد چکر لگایا۔ ان کا کوئی بچہ زندہ نہیں رہتا تھا۔ شیطان نے کہا کہ بیٹے کا نام عبدالحارث رکھیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور پھر وہ زندہ رہا۔ اور شیطان کی طرف سے یہ بات ڈالی گئی اور اس کا حکم تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عمر بن ابراہیم کی قتادہ سے روایت سے جانتے ہیں۔ بعض حضرات اس حدیث کو عبدالصمد سے روایت کرتے ہیں۔ لیکن اسکو مرفوع نہیں کرتے۔

خلاصہ سورۂ اعراف : اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام جراءت اور بہادری سے لوگوں تک پہنچاؤ اور بلاخوف وخطران کی تبلیغ کرو تمہارے دلوں میں تنگی اور پریشانی ہرگز نہ ہونے پائے اور اس میں چھ انبیاء علیہم السلام کے واقعات بھی ذکر کئے گئے ہیں۔اس سورۃ کی آیت نمبر ۱۸۸ میں مشرکین اور عوام کے اس غلط عقیدہ کی تردید ہے جو ان لوگوں نے انبیاء علیہم السلام کے بارہ میں قائم کر رکھا تھا کہ وہ غیب دان ہوتے ہیں ان کا علم اللہ تعالیٰ کی طرح تمام کائنات کے ذرّہ ذرّہ پر حاوی ہوتا ہے نیز یہ کہ وہ ہر نفع نقصان کے مالک ہوتے ہیں جس کو چاہیں نفع ونقصان پہنچا سکتے ہیں تو اس آیت میں تردید کردی گئی ہے کہ علم غیب اور تمام کائنات کے ذرّہ ذرّہ کا علم محیط صرف اللہ جل شانہٗ کی مخصوص صفت ہے اس میں کسی مخلوق کو شریک ٹھہرانا خواہ وہ فرشتہ ہو یا نبی ورسول، شرک اور ظلم عظیم ہے اسی طرح ہر نفع ونقصان کا مالک ہونا صرف اللہ تعالیٰ کی صفت خاص ہے اس میں کسی کو شریک ٹھہرانا بھی شرک ہے جس کو مٹانے ہی کے لئے قرآن نازل ہوا اور رسول اللہ ﷺ مبعوث ہوئے اس آیت میں حضور ﷺ کو حکم دیا گیا ہے کہ آپ ﷺ اس کا اعلان فرمادیں کہ اپنے نفس کے لئے بھی نفع ونقصان کا مالک نہیں دوسروں کے نفع ونقصان کا تو کیا ذکر ہے اسی طرح یہ بھی اعلان کردیں کہ میں عالم الغیب نہیں ہوں کہ ہر چیز کا علم ہونا میرے لئے ضروری ہو اور اگر مجھے علم غیب ہوتا تو میں ہر نفع کی چیز کو ضرور حاصل کرلیا کرتا اور ہر نقصان کی چیز سے ہمیشہ محفوظ ہی رہتا اور کبھی کوئی مجھے نقصان نہ پہنچتا حالانکہ یہ دونوں باتیں نہیں ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْاَنْفَالِ

۱۰۰۳ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ جِئْتُ بِسَيْفٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَفٰى صَدْرِىْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَوْنَحْوَ هٰذَا هَبْ لِىْ هٰذَا السَّيْفَ فَقَالَ هٰذَا لَيْسَ لِىْ وَ لَا لَكَ فَقُلْتُ عَسٰى اَنْ يُّعْطٰى هٰذَا مَنْ لَا يُبْلِى بَلَائِىْ فَجَاءَ نِى الرَّسُوْلُ فَقَالَ اِنَّكَ سَاَلْتَنِىْ وَلَيْسَ لِىْ وَاِنَّهُ قَدْ صَارَلِىْ وَهُوَ لَكَ قَالَ فَنَزَلَتْ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ سِمَاكٌ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ اَيْضًا وَفِى الْبَابِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

تفسیر سورۂ انفال

۱۰۰۳: حضرت سعدؓ فرماتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے موقع پر میں تلوار لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اللہ نے مشرکین سے میرا سینہ ٹھنڈا کردیا۔یا اسی طرح کچھ کہا۔یہ تلوار مجھے دے دیجئے۔آپؐ نے فرمایا یہ نہ میرا حق ہے نہ تمہارا۔میں نے دل میں سوچا ایسا نہ ہو کہ یہ ایسے شخص کو مل جائے جو مجھ جیسی آزمائش میں نہ ڈالا گیا ہو۔پھر میرے پاس آپ کا قاصد آیا اور کہا کہ تم نے مجھ سے یہ تلوار مانگی تھی اس وقت یہ میری نہیں تھی۔لیکن اب میری ہوگئی ہے۔لہٰذا یہ تمہاری ہے۔حضرت سعدؓ فرماتے ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی "يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ......الآیہ" (تجھ سے غنیمت کا حکم پوچھتے ہیں۔کہہ دے کہ غنیمت کا مال اللہ اور رسول کا ہے۔سو اللہ سے ڈرو۔(الانفال: آیت:۱) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔اس حدیث کو سماک بھی مصعب بن سعد سے روایت کرتے ہیں اور اس باب میں حضرت عبادہ بن صامتؓ سے بھی روایت مذکور ہے۔

۱۰۰۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ

۱۰۰۴: حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ

الْيَمَامِيُّ نَا عِكْرَمَةُ بْنُ عَمَّارٍ نَا اَبُوْ زُمَيْلٍ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ ثَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ نَظَرَنَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَهُمْ اَلْفٌ وَاَصْحَابُهٗ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَرَجُلاً فَاسْتَقْبَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ مَدَّيَدَيْهِ وَجَعَلَ يَهْتِفُ بِرَبِّهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْجِزْلِيْ مَاوَعَدْتَنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اِنْ تُهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةُ مِنْ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا تُعْبَدُ فِي الْاَرْضِ فَمَا زَالَ يَهْتِفُ بِرَبِّهٖ مَا دًّايَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ حَتّٰى سَقَطَ رِدَاءُهٗ مِنْ مَنْكِبَيْهِ فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ فَاَخَذَ رِدَاءَهٗ فَاَلْقَاهُ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ الْتَزَمَهٗ مِنْ وَرَآئِهٖ وَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَفَاكَ مُنَا شَدَتُكَ رَبَّكَ فَاِنَّهٗ سَيُنْجِزُلَكَ مَاوَعَدَكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذْتَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلَآئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ فَاَمَدَّهُمُ اللّٰهُ بِالْمَلٰئِكَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اَبِيْ زُمَيْلٍ وَاَبُوْ زُمَيْلٍ اِسْمُهٗ سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ وَاِنَّمَا كَانَ هٰذَا يَوْمَ بَدْرٍ.

نے کفار کے لشکر کی طرف دیکھا تو وہ ایک ہزار کی تعداد میں تھے جب کہ آپ ؐ کے ساتھ تین سو اور چند آدمی تھے۔ پھر آپ ؐ نے قبلہ کی طرف منہ کیا اور ہاتھ پھیلا کر اپنے رب کو پکارنے لگے :اے اللہ اگر تو مسلمانوں کی اس جماعت کو ہلاک کر دے گا تو اس زمین پر تیری عبادت کرنے والا کوئی نہیں رہے گا۔ آپ ؐ اتنی دیر تک قبلہ رخ ہو کر ہاتھ پھیلائے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہے کہ آپ ؐ کی چادر کندھوں سے گر گئی۔ پھر حضرت ابوبکرؓ آئے اور چادر اٹھا کر کندھوں پر ڈال دی پھر پیچھے سے آپ ؐ کو لپٹ گئے اور عرض کیا اے اللہ کے نبی اپنے رب سے کافی مناجات ہو چکی۔ عنقریب اللہ تعالیٰ آپ سے کیا ہوا وعدہ پورا فرمائے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی " اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ ...... الخ الآیہ" (جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے اس نے جواب میں فرمایا کہ میں تمہاری مدد کے لیے پے در پے ایک ہزار فرشتے بھیج رہا ہوں۔ الانفال :آیت:۹) پھر اللہ تعالیٰ نے انکی فرشتوں سے مدد کی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عکرمہ بن عمار کی ابو زمیل سے روایت سے جانتے ہیں۔ ابوزمیل کا نام سماک حنفی ہے۔ یہ غزوۂ بدر میں شریک تھے۔

۱۰۰۵: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَدْرٍ قِيْلَ لَهٗ عَلَيْكَ الْعِيْرَلَيْسَ دُوْنَهَا شَيْءٌ قَالَ فَنَادَاهُ الْعَبَّاسُ وَهُوَ فِيْ وَثَاقِهٖ لَا يَصْلُحُ وَقَالَ لِاَنَّ اللّٰهَ وَعَدَكَ اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ وَ قَدْ اَعْطَاكَ مَا وَعَدَكَ قَالَ صَدَقْتَ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۰۰۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوہ بدر سے فارغ ہوئے تو لوگوں نے عرض کیا کہ اب قافلے کے پیچھے چلتے ہیں۔ وہاں اس قافلے کے علاوہ کوئی (لڑنے والا) نہیں راوی کہتے ہیں کہ اس پر حضرت ابن عباسؓ نے جو اس وقت زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔ عرض کیا کہ یہ صحیح نہیں اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ سے دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ فرمایا تھا اور اس نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ آپ ؐ نے فرمایا۔ آپؓ (یعنی ابن عباسؓ) نے سچ کہا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۰۶: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ يُوْسُفَ

۱۰۰۶: حضرت ابوموسیٰؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر میری امت کے لیے دو امن (والی

عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیَّ اَمَانَیْنِ لِاُمَّتِیْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِیْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ فَاِذَا مَضَیْتُ تَرَكْتُ فِیْهِمُ الْاِسْتِغْفَارَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَاِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنُ مُهَاجِرٍ یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ۔

آیات) اتاریں۔(۱) ’’وَمَا كَانَ اللّٰهُ .... یَسْتَغْفِرُوْنَ‘‘ تک (اور اللہ ایسا نہ کرے گا کہ انہیں تیرے ہوتے ہوئے عذاب دے) (۲) اور اللہ انہیں عذاب کرنے والا نہیں ہے درآنحالیکہ وہ بخشش مانگتے ہوں۔الانفال، آیت،۳۳۔) پس جب میں (دنیا) سے چلا جاؤں گا تو ان میں استغفار کو قیامت تک کے لیے چھوڑ جاؤں گا۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسمٰعیل بن ابراہیم بن مہاجر کو حدیث میں ضعیف کہا گیا ہے۔

۱۰۰۷ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا وَكِیْعٌ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَیْسَانَ عَنْ رَجُلٍ لَمْ یُسَمِّهٖ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ قَالَ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْیُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَلَا اِنَّ اللّٰهَ سَیَفْتَحُ لَكُمُ الْاَرْضَ وَ سَتُكْفَوْنَ الْمُؤْنَةَ فَلَا یَعْجِزَنَّ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّلْهُوَ بِاَسْهُمِهٖ وَقَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَیْسَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَ حَدِیْثُ وَكِیْعٍ اَصَحُّ وَصَالِحُ بْنُ كَیْسَانَ لَمْ یُدْرِكْ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ وَاَدْرَكَ ابْنَ عُمَرَ۔

۱۰۰۷: حضرت عقبہ بن عامرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر یہ آیت پڑھی ’’وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ.. . الآیہ (اور ان سے لڑنے کیلئے جو کچھ (سپاہیانہ) قوت سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے جمع کر سکو، سو تیار رکھو۔ (الانفال آیت: ۶۰) پھر آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا: جان لو کہ قوت سے مراد تیر چلانا ہے۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں زمین پر فتوحات عطا کرے گا۔ پھر تم لوگ محنت ومشقت سے محفوظ ہو گے۔ لہٰذا تیراندازی میں سستی نہ کرنا۔ بعض راوی یہ حدیث اسامہ بن زید سے وہ صالح بن کیسان سے اور وہ عقبہ بن عامر سے نقل کرتے ہیں۔ اور یہ زیادہ صحیح ہے۔ صالح بن کیسان نے عقبہ بن عامر کو نہیں پایا۔ البتہ ابن عمرؓ کو پایا ہے۔

۱۰۰۸ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَائِدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ سُوْدِ الرُّءُوْسِ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانَتْ تَنْزِلُ نَارٌ مِنَ السَّمَاءِ فَتَاْكُلُهَا قَالَ سُلَیْمَانُ الْاَعْمَشُ فَمَنْ یَّقُوْلُ هٰذَا اِلَّا اَبُوْ هُرَیْرَةَ الْاٰنَ فَلَمَّا كَانَ یَوْمُ بَدْرٍ وَقَعُوْا فِی الْغَنَائِمِ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ لَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِیْمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۱۰۰۸: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: تم سے پہلے کسی انسان کیلئے مال غنیمت حلال نہیں کیا گیا۔ اس زمانے میں یہ دستور تھا کہ آسمان سے آگ آتی اور اسے کھا جاتی۔ سلیمان اعمش کہتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کے علاوہ یہ بات کون کہہ سکتا ہے۔ کیونکہ غزوۂ بدر کے موقع پر وہ لوگ مال غنیمت حلال ہونے سے پہلے ہی اس پر ٹوٹ پڑے تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ’’لَوْلَا كِتَابٌ ..... عَظِیْمٌ ‘‘ (اگر نہ ہوتی ایک بات جس کو لکھ چکا اللہ پہلے سے تو تم کو پہنچتا اس کے لینے میں بڑا عذاب...(الانفال آیت ۶۸)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۰۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ وَجِيْءَ بِالْاُسَارٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَقُوْلُوْنَ فِيْ هٰؤُلَاءِ الْاُسَارٰى فَذَكَرَ فِي الْحَدِيْثِ قِصَّةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَنْفَلِتَنَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اِلَّا بِفِدَاءٍ اَوْضَرْبِ عُنُقٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا سُهَيْلَ بْنَ بَيْضَاءَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُهٗ يَذْكُرُ الْاِسْلَامَ قَالَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَمَا رَاَيْتُنِيْ فِيْ يَوْمٍ اَخْوَفَ اَنْ تَقَعَ عَلَيَّ حِجَارَةٌ مِنَ السَّمَاءِ مِنِّيْ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ حَتّٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سُهَيْلَ بْنَ الْبَيْضَاءِ قَالَ وَ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ بِقَوْلِ عُمَرَ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ.

۱۰۰۹: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے موقع پر قیدیوں کو لایا گیا تو آپؐ نے صحابہؓ سے مشورہ کیا کہ تم لوگوں کی انکے متعلق کیا رائے ہے؟ پھر اس حدیث میں طویل قصہ ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ پھر رسول اللہؐ نے فرمایا کہ ان میں سے کوئی بھی فدیہ دیئے بغیر یا گردن دیئے بغیر نہیں چھوٹ سکے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے عرض کیا یارسول اللہؐ سہیل بن بیضاء کے علاوہ کیونکہ میں نے سنا ہے کہ وہ اسلام کو یاد کرتے ہیں۔ آپؐ خاموش رہے۔ عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے خود کو اس دن سے زیادہ کسی دن خوف میں مبتلا نہیں دیکھا کہ خواہ مجھ پر آسمان سے پتھر برسنے لگیں۔ یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا: سہیل بن بیضاء کے علاوہ پھر حضرت عمرؓ کی رائے کے مطابق قرآن نازل ہوا '' مَا كَانَ لِنَبِيٍّ ... الآیۃ'' (نبی کو نہیں چاہیے کہ اپنے ہاں رکھے قیدیوں کو، جب تک خوب خونریزی نہ کرلے ملک میں، تم چاہتے ہو اسباب دنیا اور اللہ کے ہاں چاہیے آخرت اور اللہ زور آور ہے حکمت والا (الانفال: آیت: ۶۷) یہ حدیث حسن ہے اور ابوعبیدہ بن عبداللہ کا ان کے والد سے سماع ثابت نہیں۔

خلاصہ سورۃ انفال: اس سورۃ میں دو مضمون بیان کئے گئے ہیں پہلا مضمون مال غنیمت کی تقسیم اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق کرو۔ دوسرا مضمون قوانین جہاد کے متعلق ہے۔ دراصل اس سورۃ کے دو حصے ہیں پہلے حصے میں مسلمانوں کے لئے پانچ قوانین جہاد ہیں اور دوسرے حصے میں دو قانون تمام مسلمانوں کے لئے اور پانچ قوانین جہاد خاص طور پر نبی کریم ﷺ کے لئے۔ اس سورۃ میں غزوۂ بدر کے موقعہ پر کفار کے انجام بد، ناکامی اور شکست اور ان کے مقابلہ میں مسلمانوں کی کامیابی اور فتوحات سے متعلق مضامین ہیں جو مسلمانوں کے لئے احسان و انعام اور کفار کے لئے عذاب و انتقام تھا۔ امام ترمذیؒ نے ایک حدیث حضرت عقبہ بن عامرؓ کے حوالہ سے نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ کفار کے مقابلہ میں جو کچھ سپاہیانہ قوت اور اسلحہ اور پلے ہوئے گھوڑوں سے جمع کرسکو وہ تیار رکھو مطلب یہ ہے کہ جہاد کی تیاری ہر وقت ہونی چاہئے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ

تفسیر سورۃ التوبہ

۱۰۱۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَ ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ وَسَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ قَالُوْا نَا عَوْفُ بْنُ اَبِيْ جَمِيْلَةَ ثَنِيْ يَزِيْدُ الْفَارِسِيُّ ثَنِي ابْنُ

۱۰۱۰: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عثمان بن عفانؓ سے کہا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ نے سورۂ انفال (جو کہ مثانی[1] میں سے ہے) کو سورہ براۃ سے متصل کردیا ہے جو کہ

[1]: مثانی وہ سورتیں ہیں جو مئین سے دوسرے درجے پر (یعنی چھوٹی) ہوں اور مئین وہ سورتیں جن میں ایک ایک سو آیات ہوں۔ (مترجم)

عَبَّاسٍ قَالَ قُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مَا حَمَلَكُمْ اَنْ عَمَدْتُمْ اِلَى الْاَنْفَالِ وَهِيَ مِنَ الْمَثَانِيْ وَاِلٰى بَرَاءَةَ وَهِيَ مِنَ الْمِئِيْنَ فَقَرَنْتُمْ بَيْنَهُمَا وَلَمْ تَكْتُبُوْا بَيْنَهُمَا سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَوَضَعْتُمُوْهَا فِي السَّبْعِ الطُّوَلِ مَا حَمَلَكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ فَقَالَ عُثْمَانُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يَاْتِيْ عَلَيْهِ الزَّمَانُ وَهُوَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ السُّوَرُ ذَوَاتُ الْعَدَدِ فَكَانَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الشَّيْئُ دَعَا بَعْضَ مَنْ كَانَ يَكْتُبُ فَيَقُوْلُ ضَعُوْا هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ فِي السُّوْرَةِ الَّتِيْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَكَذَا فَاِذَا نَزَلَتْ عَلَيْهِ الْاٰيَةُ فَيَقُوْلُ ضَعُوْا هٰذِهِ الْاٰيَةَ فِي السُّوْرَةِ الَّتِيْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَكَذَا وَكَانَتِ الْاَنْفَالُ مِنْ اَوَائِلِ مَا نَزَلَتْ بِالْمَدِيْنَةِ وَكَانَتْ بَرَاءَةُ مِنْ اٰخِرِ الْقُرْاٰنِ وَكَانَتْ قِصَّتُهَا شَبِيْهَةً بِقِصَّتِهَا فَظَنَنْتُ اَنَّهَا مِنْهَا فَقُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا اَنَّهَا مِنْهَا فَمِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ قَرَنْتُ بَيْنَهُمَا وَلَمْ اَكْتُبْ بَيْنَهُمَا سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَوَضَعْتُهَا فِي السَّبْعِ الطُّوَلِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَوْفٍ عَنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَيَزِيْدُ الْفَارِسِيُّ هُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ وَيَزِيْدُ بْنُ اَبَانَ الرَّقَاشِيُّ هُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ وَهُوَ اَصْغَرُ مِنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ وَيَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ اِنَّمَا يَرْوِيْ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

مئین میں سے ہے اور ان کے درمیان ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بھی نہیں لکھی۔ پھر تم نے انہیں سبع طول میں لکھ دیا ہے اسکی کیا وجہ ہے؟ حضرت عثمانؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ پر جب زمانہ گزشتہ اور گنتی کی سورتیں نازل ہوئیں تو جب کوئی چیز نازل ہوتی تو آپ کاتبوں میں سے کسی کو بلاتے اور اسے کہتے کہ یہ آیات اس سورت میں لکھو، جس میں ایسے ایسے مذکور ہے۔ پھر جب کوئی آیت نازل ہوتی تو آپ فرماتے کہ اسے فلاں سورت میں لکھو۔ چنانچہ سورۂ انفال مدینے میں شروع ہی کے ایام میں نازل ہوئی اور سورۂ براۃ آخری سورتوں میں سے ہے اور اسکا مضمون اس سے مشابہ ہے۔ چنانچہ میں نے گمان کیا کہ یہ اسی کا حصہ ہے اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات تک ہمیں اس کے متعلق نہیں بتایا کہ یہ اس کا حصہ ہے لہٰذا میں نے ان دونوں کو ملا دیا اور ان کے درمیان ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' نہیں لکھی اور اسی وجہ سے انہیں سبع طوال میں لکھا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عوفؓ کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ یزید فارسی سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور یزید تابعی ہیں اور بصری ہیں۔ نیز یزید بن ابان رقاشی بصری بھی تابعی ہیں اور یزید فارسی سے چھوٹے ہیں۔ یزید رقاشی، انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۰۱۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ اَنَّهُ شَهِدَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَذَكَّرَ وَوَعَظَ ثُمَّ قَالَ اَيُّ يَوْمٍ اَحْرَمُ اَيُّ يَوْمٍ اَحْرَمُ اَيُّ يَوْمٍ اَحْرَمُ قَالَ فَقَالَ النَّاسُ يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاِنَّ دِمَاءَ

۱۰۱۱: حضرت عمرو بن احوصؓ فرماتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کیساتھ تھا۔ آپؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد نصیحت کی پھر خطبہ دیا اور فرمایا: کونسا دن ہے جسکی حرمت میں تم لوگوں کے سامنے بیان کر رہا ہوں؟ (آپؐ نے تین مرتبہ یہی سوال کیا) لوگوں نے جواب دیا: یارسول اللہ ﷺ حج اکبر کا دن ہے۔ آپؐ نے فرمایا: تمہارے خون تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر اسی طرح حرام ہیں جیسے آج کا یہ دن تمہارے اس شہر اور اس مہینے میں۔

كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا اَلَا لَا يَجْنِيْ جَانٍ اِلَّا عَلٰى نَفْسِهٖ وَلَا يَجْنِيْ وَالِدٌ عَلٰى وَلَدِهٖ وَلَا وَلَدٌ عَلٰى وَالِدِهٖ اَلَا اِنَّ الْمُسْلِمَ اَخُو الْمُسْلِمِ فَلَيْسَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ مِّنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ اِلَّا مَا اَحَلَّ مِنْ نَفْسِهٖ اَلَا وَاِنَّ كُلَّ رِبًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ لَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ غَيْرَ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاِنَّهٗ مَوْضُوْعٌ كُلُّهٗ اَلَا وَاِنَّ كُلَّ دَمٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ وَاَوَّلُ دَمٍ اَضَعُ مِنْ دَمِ الْجَاهِلِيَّةِ دَمُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ كَانَ مُسْتَرْضَعًا فِيْ بَنِيْ لَيْثٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ اَلَا وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا فَاِنَّمَا هُنَّ عَوَانٍ عِنْدَكُمْ لَيْسَ تَمْلِكُوْنَ مِنْهُنَّ شَيْئًا غَيْرَ ذٰلِكَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ فَاِنْ فَعَلْنَ فَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا اَلَا وَاِنَّ لَكُمْ عَلٰى نِسَائِكُمْ حَقًّا وَلِنِسَائِكُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا فَاَمَّا حَقُّكُمْ عَلٰى نِسَائِكُمْ فَلَا يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ مَنْ تَكْرَهُوْنَ وَلَا يَاْذَنَّ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لِمَنْ تَكْرَهُوْنَ اَلَا وَاِنَّ حَقَّهُنَّ عَلَيْكُمْ اَنْ تُحْسِنُوْا اِلَيْهِنَّ فِيْ كِسْوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ.

جان لو کہ ہر جرم کرنے والا اپنا ہی نقصان کرتا ہے کوئی باپ اپنے بیٹے کے جرم کا اور کوئی بیٹا اپنے باپ کے جرم کا ذمہ دار نہیں ہے۔ آگاہ ہو جاؤ کہ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے اور کسی مسلمان کیلئے حلال نہیں کہ اپنے کسی بھائی کی کوئی چیز حلال سمجھے۔ جان لو کہ زمانہ جاہلیت کے سب سود باطل ہیں اور صرف اصل مال ہی حلال ہے۔ نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ ہاں البتہ عباس بن عبدالمطلب کا سود اور اصل دونوں معاف ہیں۔ پھر جان لو کہ زمانہ جاہلیت کا ہر خون معاف ہے۔ پہلا خون جسے ہم معاف کرتے اس کا قصاص نہیں لیتے حارث بن عبدالمطلب کا خون ہے۔ وہ قبیلہ بنولیث کے پاس رضاعت (دودھ پینے) کے لیے بھیجے گئے تھے کہ انہیں ہزیل نے قتل کر دیا تھا۔ خبردار عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرو۔ یہ تمہارے پاس قیدی ہیں تم انکی کسی چیز کی ملکیت نہیں رکھتے مگر یہ کہ وہ بے حیائی کا ارتکاب کریں تو تم انہیں اپنے بستروں سے الگ کر دو اور ہلکی مار، مارو کہ اس سے ہڈی وغیرہ نہ ٹوٹنے پائے۔ پھر اگر وہ تمہاری فرمانبرداری کریں تو ان کے خلاف بہانے تلاش نہ کرو۔ جان لو کہ جیسے تمہارا تمہاری عورتوں پر حق ہے اسی طرح ان کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارا ان پر حق یہ ہے کہ وہ ان لوگوں کو تمہارے بستروں کے قریب نہ آنے دیں جنہیں تم پسند نہیں کرتے بلکہ ایسے لوگوں کو بھی گھروں میں داخل ہونے کی اجازت نہ دیں جنہیں تم اچھا نہیں سمجھتے۔ اور ان کا تم پر حق یہ ہے کہ ان کے کھانے اور پہننے کی چیزوں میں سے اچھا سلوک کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسے ابواحوصؒ، شبیب بن غرقدہ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۰۱۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا اَبِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ يَوْمِ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ فَقَالَ يَوْمُ النَّحْرِ.

۱۰۱۲: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حج اکبر کے متعلق پوچھا کہ یہ کس دن ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نحر (قربانی) کے دن یعنی دس ذوالحجہ کو۔

۱۰۱۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ يَوْمُ النَّحْرِ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ لِاَنَّهُ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهِ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ مَوْقُوْفًا وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَفَعَهُ اِلَّا مَا رُوِیَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ.

۱۰۱۳: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حج اکبر کا دن قربانی کا دن ہے۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے اس لیے کہ یہ کئی سندوں سے ابواسحٰق سے منقول ہے، وہ حارث سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ ہمیں علم نہیں کہ محمد بن اسحٰق کے علاوہ کسی نے اسے مرفوع کیا ہو۔

۱۰۱۴: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ وَعَبْدُ الصَّمَدِ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَرَاءَةَ مَعَ اَبِیْ بَكْرٍ ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَا يَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ يُبَلِّغَ هٰذَا اِلَّا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِیْ فَدَعَا عَلِيًّا فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ.

۱۰۱۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے سورہ براءت کے چند کلمات حضرت ابوبکر صدیقؓ کو دے کر بھیجا کہ ان کا اعلان کردیں۔ پھر انہیں بلایا اور فرمایا کہ میرے اہل میں سے ایک شخص کے علاوہ کسی کو زیب نہیں دیتا کہ اسے پہنچائے۔ پھر حضرت علیؓ کو بلایا اور انہیں (یہ سورہ) دی۔ یہ حدیث حضرت انسؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۰۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ نَا سُفْيَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ وَاَمَرَهُ اَنْ يُنَادِیَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ ثُمَّ اَتْبَعَهُ عَلِيًّا فَبَيْنَا اَبُوْ بَكْرٍ فِیْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ اِذْ سَمِعَ رُغَاءَ نَاقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَصْوٰى فَخَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ فَزِعًا فَظَنَّ اَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ عَلِیٌّ فَدَفَعَ اِلَيْهِ كِتَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يُنَادِیَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَانْطَلَقَا فَحَجَّا فَقَامَ عَلِیٌّ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ فَنَادٰى ذِمَّةُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ بَرِيْئَةٌ مِنْ كُلِّ مُشْرِكٍ فَسِيْحُوْا فِی الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَلَا يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَكَانَ عَلِیٌّ يُنَادِیْ فَاِذَا عَيِیَ قَامَ اَبُوْ بَكْرٍ فَنَادٰى بِهَا وَهٰذَا

۱۰۱۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو سورہ برأت کے کلمات دے کر بھیجا اور حکم دیا کہ (حج) کے موقع پر ان کلمات کو پڑھ کر لوگوں کو سنا دیں۔ پھر حضرت علیؓ کو ان کے پیچھے بھیجا۔ ابھی حضرت ابوبکرؓ، راستے ہی میں تھے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کے بلبلانے کی آواز سنی تو یہ سمجھ کر اچانک نکلے کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لائے ہیں۔ لیکن دیکھا تو وہ حضرت علیؓ تھے۔ انہوں نے حضرت ابوبکرؓ کو نبی اکرم ﷺ کا خط دیا۔ اس میں حکم تھا کہ ان کلمات کا اعلان علیؓ کریں۔ پھر وہ دونوں نکلے اور حج کیا۔ ایام تشریق میں حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور اعلان کیا کہ ہر مشرک سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ بری الذمہ ہیں اور تمہارے لیے چار ماہ کی مدت ہے کہ اس مدت میں اس زمین پر گھوم لو۔ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ ہی کوئی شخص عریاں ہو کر بیت اللہ کا طواف کرے اور جنت میں صرف مؤمنین ہی داخل ہوں گے۔ حضرت علیؓ اس کا اعلان کرتے اور جب تھک جاتے تو

حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

حضرت ابوبکرؓ اس کا اعلان کرنے لگتے۔ یہ حدیث ابن عباسؓ کی سند سے حسن غریب ہے۔

۱۰۱۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ يُثَيْعٍ قَالَ سَاَلْنَا عَلِيًّا بِاَیِّ شَیْءٍ بُعِثْتَ فِی الْحَجَّةِ قَالَ بُعِثْتُ بِاَرْبَعٍ اَنْ لَا يَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَمَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ فَهُوَ اِلٰی مُدَّتِهٖ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ عَهْدٌ فَاَجَلُهُ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ وَلَا يَجْتَمِعُ الْمُشْرِكُوْنَ وَالْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ حَدِيْثُ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِهٖ عَنْ عَلِیٍّ وَفِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ.

۱۰۱۶: حضرت زید بن یثیع کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ آپ کو کس چیز کا اعلان کرنے کا حکم دے کر حج میں بھیجا گیا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ چار چیزوں کا۔(۱) کوئی شخص ننگا ہو کر بیت اللہ کا طواف نہ کرے۔(۲) جس کا رسول علیہ کے ساتھ کوئی معاہدہ ہے تو وہ مدت معینہ تک قائم رہے گا۔ اور اگر کوئی مدت معین نہیں تو اسکی مدت چار ماہ ہے۔(۳) یہ کہ جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہوں گے۔(۴) یہ کہ مسلمان اور مشرک اس سال (حج) میں جمع نہیں ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ بواسطہ ابن عیینہ، ابواسحٰق کی روایت ہے۔ سفیان ثوری کے بعض ساتھی اس حدیث کو علیؓ سے نقل کرتے ہیں اور وہ روایت حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے۔

۱۰۱۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الرَّجُلَ يَعْتَادُ الْمَسْجِدَ فَاشْهَدُوْا لَهُ بِالْاِيْمَانِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ.

۱۰۱۷: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ نے فرمایا: جس شخص میں مسجد آنے جانے کی عادت دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ "اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ... الآیہ" (اللہ کی مسجدوں کو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں۔ سورہ توبہ: آیت ۱۸)

۱۰۱۸: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ يَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُو الْهَيْثَمِ اسْمُهٗ سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْعُتْوَارِیُّ وَكَانَ يَتِيْمًا فِیْ حَجْرِ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ.

۱۰۱۸: ابن ابی عمرؒ، عبداللہ بن وہب سے وہ عمرو بن حارث سے وہ دراج سے وہ ابوہیثم سے وہ ابوسعیدؓ سے اور وہ نبی اکرم علیہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ لیکن اس کے الفاظ یہ ہیں کہ "يَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ" یعنی مسجد میں آنے کا خیال رکھنا اور حاضر ہونا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو ہیثم کا نام سلیمان بن عمرو بن عبد العتواری ہے اور سلیمان یتیم تھے۔ ابوسعید خدریؓ نے انکی پرورش کی۔

۱۰۱۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ

۱۰۱۹: حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ جب "وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ .....الآیہ" (یعنی جو لوگ چاندی اور سونے کو جمع کرتے ہیں

ثَوْبَانَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَ الَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ اُنْزِلَتْ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ لَوْعَلِمْنَا اَيُّ الْمَالِ خَيْرٌ فَنَتَّخِذُهٗ فَقَالَ اَفْضَلُهٗ لِسَانٌ ذَاكِرٌوَّ قَلْبٌ شَاكِرٌوَّزَوْجَةٌ مُّؤْمِنَةٌ تُعِيْنُهٗ عَلٰى اِيْمَانِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ فَقُلْتُ لَهٗ سَالِمُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ سَمِعَ مِنْ ثَوْبَانَ فَقَالَ لَا قُلْتُ لَهٗ مِمَّنْ سَمِعَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمِعَ مِنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَذَكَرَغَيْرَوَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

اوراللہ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے انہیں ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے (التوبہ: آیت ۳۴) نازل ہوئی تو ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ سونے اور چاندی کو جمع کرنے کی تو مذمت آ گئی ہے اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ کونسا مال بہتر ہے تو وہی جمع کرتے۔ آپؐ نے فرمایا: بہترین مال اللہ کو یاد کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل اور مؤمن بیوی ہے جو اسے اس کے ایمان میں مدد دے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ فرماتے ہیں کہ سالم بن ابی جعد کو ثوبان سے سماع نہیں۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ کیا کسی اور کو صحابی سے سماع ہے۔ انہوں نے فرمایا۔ ہاں جابر بن عبداللہ اور انسؓ اور پھر کئی صحابہؓ کا ذکر کیا۔

۱۰۲۰: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ غُطَيْفِ بْنِ اَعْيَنَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ عُنُقِيْ صَلِيْبٌ مِّنْ ذَهَبٍ فَقَالَ يَا عَدِيُّ اطْرَحْ عَنْكَ هٰذَا الْوَثَنَ وَسَمِعْتُهٗ يَقْرَأُ فِيْ سُوْرَةِ بَرَاءَةٍ اتَّخَذُوْا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالَ اَمَا اِنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْبُدُوْنَهُمْ وَلٰكِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا اَحَلُّوْا لَهُمْ شَيْئًا اِسْتَحَلُّوْهُ وَاِذَا حَرَّمُوْا عَلَيْهِمْ شَيْئًا حَرَّمُوْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ وَ غُطَيْفُ بْنُ اَعْيَنَ لَيْسَ بِمَعْرُوْفٍ فِي الْحَدِيْثِ.

۱۰۲۰: حضرت عدی بن حاتمؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے فرمایا: عدی اس بت کو اپنے سے دور کردو پھر میں نے آپؐ کو سورہ براۃ کی یہ آیات پڑھتے ہوئے سنا" اتَّخَذُوْا اَحْبَارَهُمْ ..... الآیۃ" (انہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اللہ کے سوا خدا بنا لیا ہے۔ النور۔ آیت۔ ۳۱) پھر آپؐ نے فرمایا کہ وہ لوگ انکی عبادت نہیں کرتے تھے لیکن اگر وہ (علماء اور درویش) ان کے لیے کوئی چیز حلال قرار دیتے تو وہ بھی اسے حلال سمجھتے اور اسی طرح انکی طرف سے حرام کی گئی چیز کو حرام سمجھتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبدالسلام بن حرب کی روایت سے جانتے ہیں اور غطیف بن اعین غیر مشہور ہیں۔

۱۰۲۱: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الْبَغْدَادِيُّ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ اَنَا هَمَّامٌ اَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَابَكْرٍ حَدَّثَهٗ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الْغَارِ لَوْاَنَّ اَحَدَهُمْ يَنْظُرُ اِلٰى قَدَمَيْهِ لَاَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمَيْهِ فَقَالَ يَا اَبَابَكْرٍ مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا يُرْوٰى مِنْ

۱۰۲۱: حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مجھے بتایا کہ میں نے غار (ثور) میں نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ اگر ان کفار میں سے کوئی اپنے قدموں کی طرف دیکھے گا تو ہمیں دیکھ لے گا۔ آپؐ نے فرمایا ان دو آدمیوں کے بارے میں کیا گمان کرتے ہو جن کا تیسرا اللہ ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ہمام ہی سے منقول ہے۔ پھر اس حدیث کو

حَدِيْثِ هَمَّامٍ وَقَدْرَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هَمَّامٍ نَحْوَهٰذَا .

حباب بن ہلال اور کئی حضرات ہمام سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۰۲۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ دُعِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلٰوةِ عَلَيْهِ فَقَامَ اِلَيْهِ فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِ يُرِيْدُ الصَّلٰوةَ تَحَوَّلْتُ حَتّٰى قُمْتُ فِيْ صَدْرِهٖ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعَلٰى عَدُوِّ اللّٰهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ الْقَائِلِ يَوْمَ كَذَاوَ كَذَاكَذَاوَ كَذَا يَعُدُّ اَيَّامَهٗ قَالَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَسَّمُ حَتّٰى اِذَا اَكْثَرْتُ عَلَيْهِ قَالَ اَخِّرْعَنِّيْ يَا عُمَرُ اِنِّيْ قَدْ خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ قَدْ قِيْلَ لِيْ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ لَوْاَعْلَمُ اَنِّيْ لَوْزِدْتُ عَلَى السَّبْعِيْنَ غُفِرَلَهٗ لَزِدْتُ قَالَ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهِ وَمَشٰى مَعَهٗ فَقَامَ عَلٰى قَبْرِهٖ حَتّٰى فُرِغَ مِنْهُ قَالَ فَعَجَبٌ لِيْ وَجُرْأَتِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَوَاللّٰهِ مَاكَانَ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى نَزَلَتْ هَاتَانِ الْاٰيَتَانِ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ قَالَ فَمَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهٗ عَلٰى مُنَافِقٍ وَلَا قَامَ عَلٰى قَبْرِهٖ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۲۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ جب عبداللہ بن ابی (منافقوں کا سردار) مرا تو نبی اکرم ﷺ کو اسکی نماز جنازہ کیلئے بلایا گیا۔ آپؐ گئے اور جب نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو میں آپؐ کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: اللہ کا دشمن عبداللہ بن ابی جس نے فلاں دن اس، اس طرح کہا۔ پھر حضرت عمرؓ اس کی گستاخیوں کے دن گن گن کر بیان کرنے لگے اور کہا کہ آپؐ ایسے شخص کی نماز جنازہ پڑھا رہے ہیں۔ لیکن آپ مسکراتے رہے پھر جب میں نے بہت کچھ کہا تو آپؐ نے فرمایا اے عمرؓ میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔ مجھے۔ اختیار دیا گیا ہے لہٰذا میں نے یہ اختیار کیا ہے۔ مجھے کہا گیا ہے کہ "اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ" (تو ان کے لیے بخشش مانگ یا نہ مانگ، اگر تو ان کے لیے ستر دفعہ بھی بخشش مانگے گا تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔ سورۂ توبہ آیت: ۸۰) اگر میں جانتا کہ میرے ستر سے زیادہ استغفار کرنے پر اسے معاف کر دیا جائے گا تو یقیناً میں ایسا ہی کرتا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اسکی نماز پڑھی اور جنازہ کیساتھ گئے۔ یہاں تک کہ یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں "وَلَا تُصَلِّ ..... الآیہ" (اور ان (منافقین) میں سے جو مر جائے کسی پر کبھی نماز (جنازہ) نہ پڑھ اور نہ اسکی قبر پر کھڑا ہو۔ بیشک انہوں نے اللہ اور اسکے رسول سے کفر کیا اور نافرمانی کی حالت میں مرے۔ سورۂ توبہ۔ آیت ۸۴۔) حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ اسکے بعد نبی اکرم ﷺ نے وفات تک نہ کسی منافق کی نماز (جنازہ) پڑھی اور نہ ہی اسکی قبر پر کھڑے ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۰۲۳: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ اَنَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ

۱۰۲۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جب عبداللہ بن ابی مرا تو اسکے بیٹے عبداللہ نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اپنا کرتہ مجھے عنایت کر دیجئے تا کہ میں اپنے باپ

مَاتَ اَبُوْهُ فَقَالَ اَعْطِنِیْ قَمِیْصَکَ اُکَفِّنْهُ فِیْهِ وَصَلِّ عَلَیْهِ وَاسْتَغْفِرْلَهٗ فَاَعْطَاهُ قَمِیْصَهٗ وَقَالَ اِذَا فَرَغْتُمْ فَاٰذِنُوْنِیْ فَلَمَّا اَرَادَاَنْ یُّصَلِّیَ جَذَبَهٗ عُمَرُ وَقَالَ اَلَیْسَ قَدْ نَهَی اللّٰهُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلَی الْمُنَافِقِیْنَ فَقَالَ اَنَا بَیْنَ الْخِیَرَتَیْنِ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ فَصَلّٰی عَلَیْهِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ فَتَرَکَ الصَّلٰوةَ عَلَیْهِمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

کو کفن دوں اور آپؐ اسکی نماز جنازہ پڑھیں پھر اسکے لیے استغفار بھی کیجئے۔ چنانچہ آپؐ نے اسے قمیص دی اور فرمایا کہ جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے آگاہ کرنا۔ جب نبی اکرم ﷺ نے اسکی نماز جنازہ پڑھانے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عمرؓ نے آپ ﷺ کو کھینچ لیا اور عرض کیا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین پر نماز پڑھنے سے منع نہیں فرمایا؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے اختیار دیا گیا ہے کہ میں ان کے لیے استغفار کروں یا نہ کروں۔ پھر آپؐ نے اسکی نماز جنازہ پڑھی اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائیں ''وَلَاتُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْهُمْ...... '' لہٰذا آپؐ نے ان پر نماز (جنازہ) پڑھنی چھوڑ دی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۲۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِیْ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ اَنَّهٗ قَالَ تَمَارٰی رَجُلَانِ فِی الْمَسْجِدِ الَّذِیْ اُسِّسَ عَلَی التَّقْوٰی مِنْ اَوَّلِ یَوْمٍ فَقَالَ رَجُلٌ هُوَ مَسْجِدُ قُبَاءَ وَقَالَ الْاٰخَرُ هُوَ مَسْجِدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُوَ مَسْجِدِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ رَوَاهُ اُنَیْسُ بْنُ اَبِیْ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ.

۱۰۲۴: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں کے درمیان اس بات پر بحث ہوگئی کہ جو مسجد پہلے دن سے تقویٰ پر بنائی گئی ہے وہ کونسی مسجد ہے۔ ایک نے کہا کہ مسجد قباء ہے اور دوسرا کہنے لگا کہ نہیں وہ مسجد نبوی ہے تب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ میری یہ مسجد ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو سعید سے اس سند کے علاوہ بھی منقول ہے۔ انیس بن ابی یحییٰ اسے اپنے والد سے اور وہ ابو سعید رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۰۲۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ نَا یُوْنُسُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ اَبِیْ مَیْمُوْنَةَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ فِیْ اَهْلِ قُبَاءَ فِیْهِ رِجَالٌ یُحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِیْنَ قَالَ کَانُوْا یَسْتَنْجُوْنَ بِالْمَاءِ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ فِیْهِمْ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ وَاَنَسِ بْنِ مَالِکٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ.

۱۰۲۵: حضرت ابو ہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ یہ آیت اہل قباء کے بارے میں نازل ہوئی ''فِیْهِ رِجَالٌ ..... الآیہ'' (اس میں ایسے لوگ ہیں جو دوست رکھتے ہیں پاک رہنے کو اور اللہ دوست رکھتا ہے پاک رہنے والوں کو۔ سورۃ التوبہ۔ آیت ۱۰۸۔) راوی کہتے ہیں کہ وہ لوگ پانی سے استنجا کرتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور اس باب میں حضرت ابو ایوبؓ، انسؓ اور محمد بن عبداللہ بن سلام سے بھی روایت ہے۔

۱۰۲۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَکِیْعٌ نَا سُفْیَانُ

۱۰۲۶: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ میں نے ایک شخص کو اپنے

عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی الْخَلِيْلِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلاً يَسْتَغْفِرُ لِاَبَوَيْهِ وَهُمَا مُشْرِكَانِ فَقُلْتُ لَهُ اَتَسْتَغْفِرُ لِاَبَوَيْكَ وَهُمَا مُشْرِكَانِ فَقَالَ اَوَ لَيْسَ اسْتَغْفَرَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَهُوَ مُشْرِكٌ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ.

مشرک والدین کے لیے استغفار کرتے ہوئے سنا تو کہا کہ تم اپنے والدین کے لیے استغفار کر رہے ہو اور وہ مشرک تھے۔اس نے جواب دیا کہ کیا ابراہیم علیہ السلام نے اپنے مشرک والد کے لیے استغفار نہیں کیا۔جب میں نے یہ قصہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیان کیا تو یہ آیت نازل ہوئی ''مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ ...'' (پیغمبر اور مسلمانوں کو یہ بات مناسب نہیں کہ مشرکوں کے لیے بخشش کی دعا کریں۔التوبہ: ۱۱۳) یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں حضرت سعید بن مسیب بھی اپنی والد سے روایت کرتے ہیں۔

۱۰۲۷ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا حَتّٰى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكَ اِلَّا بَدْرًا وَلَمْ يُعَاتِبِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْ بَدْرٍ اِنَّمَا خَرَجَ يُرِيْدُ الْعِيْرَ فَخَرَجَتْ قُرَيْشٌ مُغِيْثِيْنَ لِعِيْرِهِمْ فَالْتَقَوْا عَنْ غَيْرِ مَوْعِدٍ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَعَمْرِیْ اِنَّ اَشْرَفَ مَشَاهِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی النَّاسِ لَبَدْرٌ وَمَا اُحِبُّ اَنِّیْ كُنْتُ شَهِدْتُهَا مَكَانَ بَيْعَتِیْ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حَيْثُ تَوَاثَقْنَا عَلَی الْاِسْلَامِ ثُمَّ لَمْ اَتَخَلَّفْ بَعْدُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكَ وَهِیَ اٰخِرُ غَزْوَةٍ غَزَاهَا وَاٰذَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِالرَّحِيْلِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ قَالَ فَانْطَلَقْتُ اِلَی النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ فِی الْمَسْجِدِ وَحَوْلَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَ هُوَ يَسْتَنِيْرُ كَاسْتِنَارَةِ الْقَمَرِ وَكَانَ اِذَا سُرَّ بِالْاَمْرِ اسْتَنَارَ فَجِئْتُ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَبْشِرْ يَا كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ بِخَيْرِ يَوْمٍ اَتٰى عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَمِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اَمْ

۱۰۲۷: حضرت کعب بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں غزوہ تبوک تک ہونے والی تمام جنگوں میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک تھا سوائے غزوۂ بدر کے اور نبی اکرم ﷺ جنگ بدر میں شریک نہ ہونے والوں سے ناراض نہیں ہوئے تھے کیونکہ آپؐ تو محض ایک قافلے کے ارادے سے تشریف لے گئے تھے کہ قریش اپنے قافلے کی فریاد پر انکی مدد کیلئے آ گئے۔چنانچہ دونوں لشکر بغیر کسی ارادے کے مقابلے پر آ گئے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: پھر فرمایا: میری جان کی قسم صحابہؓ کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی غزوات میں شرکت کی سب سے عمدہ جگہ بدر ہے۔میں پسند نہیں کرتا کہ میں لیلۃ العقبہ کی جگہ جنگ بدر میں شریک ہوتا کیونکہ اس سے ہم اسلام پر مضبوط ہو گئے پھر اسکے بعد میں غزوۂ تبوک تک کسی جنگ میں پیچھے نہیں رہا اور یہ نبی اکرم ﷺ کی آخری لڑائی ہے آپ نے لوگوں میں کوچ کا اعلان کرایا اور پھر راوی طویل حدیث نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں۔کہ میں (غزوۂ تبوک سے واپسی کے بعد میری توبہ قبول ہونے کے بعد) نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ مسجد میں تشریف فرما تھے۔مسلمان آپؐ کے گرد جمع تھے اور آپؐ کا چہرہ مبارک چاندی کی طرح چمک رہا تھا کیونکہ نبی اکرم ﷺ جب خوش ہوتے تو آپؐ کا چہرہ مبارک اسی طرح چمکنے لگتا تھا۔میں آیا اور نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا۔آپؐ نے فرمایا: کعب بن مالک

مِنْ عِنْدِکَ فَقَالَ بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ثُمَّ تَلَا ھٰؤُلَاءِ الْاٰیَاتِ لَقَدْ تَابَ اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ وَالْمُھَاجِرِیْنَ وَ الْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ فِیْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا کَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْھُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَیْھِمْ اِنَّهٗ بِھِمْ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ حَتّٰی بَلَغَ وَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ قَالَ وَفِیْنَا اُنْزِلَتْ اَیْضًا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ قَالَ قُلْتُ یَانَبِیَّ اللّٰہِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ لَّا اُحَدِّثَ اِلَّا صِدْقًا وَاَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ کُلِّهٖ صَدَقَةً اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمْسِکْ عَلَیْکَ بَعْضَ مَالِکَ فَھُوَ خَیْرٌ لَکَ فَقُلْتُ فَاِنِّیْ اُمْسِکُ سَھْمِیَ الَّذِیْ بِخَیْبَرَ قَالَ فَمَا اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیَّ نِعْمَةً بَعْدَ الْاِسْلَامِ اَعْظَمَ فِیْ نَفْسِیْ مِنْ صِدْقِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ حِیْنَ صَدَقْتُهٗ اَنَا وَصَاحِبَایَ وَلَا نَکُوْنُ کَذَبْنَا فَھَلَکْنَا کَمَا ھَلَکُوْا وَاِنِّیْ لَاَرْجُوْا اَنْ لَا یَکُوْنَ اللّٰہُ اَبْلٰی اَحَدًا فِی الصِّدْقِ مِثْلَ الَّذِیْ اَبْلَانِیْ مَا تَعَمَّدْتُ لِلْکَذِبَةِ بَعْدُ وَاِنِّیْ لَاَرْجُوْا اَنْ یَّحْفَظَنِیَ اللّٰہُ فِیْمَا بَقِیَ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ الزُّھْرِیِّ ھٰذَا الْحَدِیْثُ بِخِلَافِ ھٰذَا الْاِسْنَادِ قَدْ قِیْلَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ کَعْبٍ وَقَدْ قِیْلَ غَیْرُ ھٰذَا وَرَوٰی یُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ اَبَاہُ حَدَّثَهٗ عَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ.

تمہارے لئے خوشخبری ہے کہ آج کا دن تمہاری زندگی کے تمام دنوں میں سے سب سے بہتر ہے جب سے تمہیں تمہاری ماں نے پیدا کیا ہے۔ میں نے عرض کیا: اللہ کی طرف سے یا آپ کی طرف سے۔ آپؐ نے فرمایا بلکہ اللہ کی طرف سے پھر آپؐ نے یہ آیات پڑھیں "لَقَدْتَّابَ اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ ......الآیہ" (اللہ نے نبی کے حال پر رحمت سے توجہ فرمائی اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں نبی کا ساتھ دیا۔ بعد اس کے کہ ان میں سے بعض کے دل پھر جانے کے قریب تھے۔ پھر اپنی رحمت سے ان پر توجہ فرمائی۔ بے شک وہ ان پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ التوبہ۔۱۱۷) کعبؓ کہتے ہیں کہ یہ بھی ہمارے بارے میں نازل ہوئی "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ ....الآیہ" (اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور رہو ساتھ سچوں کے۔ التوبہ آیت ۱۱۹) پھر کعبؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میری توبہ میں سے یہ بھی ہے کہ میں ہمیشہ سچ بولوں گا اور میں اپنا پورا مال اللہ اور اسکے رسول (ﷺ) کی راہ میں صدقے کے طور پر دیتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: اپنا کچھ مال اپنے پاس رکھو یہ تمارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: میں اپنے لیے غزوہ خیبر میں سے ملنے والا حصہ رکھ لیتا ہوں۔ پھر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے بعد مجھ پر میرے نزدیک اس سے بڑا کوئی انعام نہیں کیا کہ میں نے اور میرے دونوں ساتھیوں نے آپؐ سے سچ بولا۔ اور جھوٹ بول کر ان لوگوں کی طرح ہلاک نہیں ہوگئے۔ مجھے امید ہے کہ سچ بولنے کے معاملے میں اللہ تعالیٰ نے مجھ سے بڑھ کر کسی کی آزمائش نہیں کی۔ میں نے اسکے بعد کبھی جان بوجھ کر جھوٹ نہیں بولا اور مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ مجھے اس سے محفوظ فرمائیگا۔ یہ حدیث اس سند کے علاوہ اور سند سے بھی زہری سے منقول ہے۔ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک بھی اس حدیث کو اپنے والد سے اور وہ کعب سے نقل کرتے ہیں اور اسکی سند میں اور بھی نام ہیں۔ یونس بن زید یہ حدیث زہری سے وہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مالک سے نقل کرتے ہیں کہ انکے والد نے کعب بن مالک سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۲۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ قَالَ بَعَثَ اِلَيَّ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ فَقَالَ اِنَّ عُمَرَ قَدْ اَتَانِيْ فَقَالَ اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّاءِ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْيَمَامَةِ وَاِنِّيْ لَاَخْشٰى اَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا فَيَذْهَبُ قُرْاٰنٌ كَثِيْرٌ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ وَرَاَيْتُ فِيْهِ الَّذِيْ رَاٰى قَالَ زَيْدٌ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ قُلْتُ كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَهُمَا صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْاٰنَ اَجْمَعَهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَ وَالْعُسُبِ وَاللِّخَافِ يَعْنِي الْحِجَارَةَ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ فَوَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ بَرَاءَةَ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۲۸: حضرت زید بن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ اہل یمامہ کی لڑائی کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مجھے بلایا۔ میں حاضر ہوا تو حضرت عمرؓ بھی وہیں موجود تھے۔ حضرت ابوبکرؓ فرمانے لگے کہ عمرؓ میرے پاس آئے اور کہا کہ یمامہ کی لڑائی میں قرآن کریم کے قاریوں کی بڑی تعداد شہید ہوگئی ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اگر قاری اسی طرح قتل ہوئے تو امت کے ہاتھ سے بہت سا قرآن نہ جاتا رہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دے دیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں کیسے وہ کام کروں جو نبی اکرم ﷺ نے نہیں کیا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: اللہ کی قسم اس میں خیر ہے وہ بار بار مجھ سے بحث کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ بھی اس چیز کے لیے کھول دیا جس کے لیے حضرت عمرؓ کا سینہ کھولا تھا اور میں بھی یہ کام انہی کی طرح اہم سمجھنے لگا۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ پھر حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: کہ تم ایک عقلمند نوجوان ہو اور ہم تمہیں کسی چیز میں متہم نہیں پاتے پھر تم نبی اکرم ﷺ کے کاتب بھی ہو۔ لہٰذا تم ہی یہ کام کرو۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم: اگر یہ لوگ مجھے پہاڑ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا حکم دیتے تو اس سے آسان ہوتا۔ میں نے کہا آپ کیوں ایسا کام کرتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم یہی بہتر ہے پھر وہ دونوں (ابوبکرؓ اور عمرؓ) مجھے سمجھاتے رہے یہاں تک کہ میں بھی یہی بہتر سمجھنے لگا اور اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ بھی کھول دیا جس کے لیے ان دونوں کا سینہ کھولا تھا۔ پھر میں قرآن جمع کرنے میں لگ گیا۔ چنانچہ میں قرآن کو چمڑے کے مختلف ٹکڑوں، کھجور کے پتوں اور لخاف یعنی پتھر وغیرہ سے جمع کرتا جن پر قرآن لکھا گیا تھا پھر اسی طرح میں لوگوں کے سینوں سے بھی قرآن جمع کرتا۔ یہاں تک کہ سورہ براۃ کا آخری حصہ خزیمہ بن ثابتؓ سے لیا۔ وہ یہ آیات ہیں۔ "لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ..... الْآیة" (البتہ تحقیق تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آیا ہے۔

اسے تمہاری تکلیف گراں معلوم ہوتی ہے۔تمہاری بھلائی پر وہ حریص ہے۔مؤمنون پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے۔پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں تو کہہ دو کہ مجھے اللہ کافی ہے اسکے سوا اور کوئی معبود نہیں۔اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔سورہ توبہ آیت:۱۲۹) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۲۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ حُذَيْفَةَ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَكَانَ يُغَازِيْ اَهْلَ الشَّامِ فِيْ فَتْحِ اَرْمِيْنِيَّةَ وَاَذْرَبِيْجَانَ مَعَ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَرَاٰى حُذَيْفَةُ اِخْتِلَافَهُمْ فِي الْقُرْاٰنِ فَقَالَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَدْرِكْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ قَبْلَ اَنْ يَّخْتَلِفُوْا فِي الْكِتَابِ كَمَا اخْتَلَفَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى فَاَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ اَنْ اَرْسِلِيْ اِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا اِلَيْكِ فَاَرْسَلَتْ حَفْصَةُ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ بِالصُّحُفِ فَاَرْسَلَ عُثْمَانُ اِلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَسَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنِ انْسَخُوا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ وَقَالَ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلَاثَةِ مَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ فَاِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ حَتّٰى نَسَخُوا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ بَعَثَ عُثْمَانُ اِلٰى كُلِّ اُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِنْ تِلْكَ الْمَصَاحِفِ الَّتِيْ نَسَخُوْا قَالَ الزُّهْرِيُّ وَحَدَّثَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ فَقَدْتُ اٰيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَوْ اَبِيْ خُزَيْمَةَ فَاَلْحَقْتُهَا فِيْ سُوْرَتِهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ فَاخْتَلَفُوْا يَوْمَئِذٍ فِي التَّابُوْتِ وَالتَّابُوْهِ فَقَالَ الْقُرَشِيُّوْنَ التَّابُوْتُ وَقَالَ زَيْدٌ التَّابُوْهُ فَرُفِعَ اخْتِلَافُهُمْ اِلٰى عُثْمَانَ

۱۰۲۹: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ حذیفہؓ حضرت عثمان بن عفانؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔وہ اہل عراق کے ساتھ مل کر آذربائیجان اور آرمینیہ کی فتح میں اہل شام سے لڑ رہے تھے۔ پھر حذیفہؓ نے لوگوں کے درمیان قرآن میں اختلاف دیکھا تو حضرت عثمانؓ سے کہا کہ اس امت کی اس سے پہلے خبر لیجئے کہ یہ لوگ قرآن کے متعلق اختلاف کرنے لگیں جیسے کہ یہود و نصاریٰ میں اختلاف ہوا۔ چنانچہ انہوں نے حفصہؓ کو پیغام بھیجا کہ وہ انہیں مصحف بھیج دیں تا کہ اس سے دوسرے نسخوں میں نقل کیا جاسکے۔پھر ہم آپ کو وہ مصحف واپس کر دیں گے۔حضرت حفصہؓ نے وہ مصحف انہیں بھیج دیا اور انہوں نے زید بن ثابتؓ، سعید بن عاصؓ، عبدالرحمٰن، بن حارث بن ہشام اور عبداللہ بن زبیر کی طرف آدمی بھیجا کہ اسے مصاحف میں نقل کرو۔ پھر تینوں قریشی حضرات سے فرمایا کہ اگر تم میں اور زید بن ثابت میں اختلاف ہوجائے تو پھر قریش کی زبان میں لکھو۔ کیونکہ یہ (قرآن) انہیں کی زبان میں نازل ہوا ہے یہاں تک کہ ان لوگوں نے اس مصحف کو کئی مصاحف میں نقل کر دیا اور پھر ہر علاقے میں ایک ایک نسخہ بھیج دیا۔زہری کہتے ہیں کہ خارجہ بن زید نے مجھ سے زید بن ثابتؓ کا قول نقل کیا کہ سورہ احزاب کی یہ آیت گم ہوگئی جو میں نبی اکرم ﷺ سے سنا کرتا تھا کہ "مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا...الآیہ" میں نے اسے تلاش کیا تو خزیمہ بن ثابتؓ یا ابوخذیمہ کے پاس سے مل گئی۔ چنانچہ میں نے اسے اسکی سورت کے ساتھ ملا دیا۔ زہری کہتے ہیں کہ اس موقع پر ان لوگوں میں لفظ "تابوت" اور "تابوہ" میں بھی اختلاف ہوا۔ زیدؓ "تابوہ" کہتے تھے۔ چنانچہ وہ لوگ حضرت عثمانؓ کے پاس گئے تو انہوں نے فرمایا "تابوت" لکھو کیونکہ یہ قریش کی زبان

فَقَالَ اكْتُبُوْهُ التَّابُوْتَ فَاِنَّهُ نَزَلَ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَاَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ كَرِهَ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ نَسْخَ الْمَصَاحِفِ وَقَالَ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اُعْزَلُ عَنْ نَسْخِ كِتَابَةِ الْمُصْحَفِ وَيَتَوَلَّاهَا رَجُلٌ وَاللّٰهِ لَقَدْ اَسْلَمْتُ وَاِنَّهُ لَفِيْ صُلْبِ رَجُلٍ كَافِرٍ يُرِيْدُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَلِذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ يَا اَهْلَ الْعِرَاقِ اكْتُمُوا الْمَصَاحِفَ الَّتِيْ عِنْدَكُمْ وَغُلُّوْهَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ وَمَنْ يَغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَالْقُوا اللّٰهَ بِالْمَصَاحِفِ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَبَلَغَنِيْ اَنَّ ذٰلِكَ كَرِهَ مِنْ مَّقَالَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رِجَالٌ مِنْ اَفَاضِلِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ وَلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِهٖ.

میں اترا ہے۔زہری عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے نقل کرتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ کو زیدؓ کا قرآن لکھنا ناگوار گزرا اور انہوں نے فرمایا: مسلمانو: مجھے قرآن لکھنے سے معزول کیا جارہا ہے اور ایسے شخص کو یہ کام سونپا جارہا ہے جو اللہ کی قسم اس وقت کافر کی پیٹھ میں تھا جب میں اسلام لایا۔(ان کی اس شخص سے مراد حضرت زید بن ثابتؓ ہیں۔)۔اس لیے عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا: اے اہل عراق تم اپنے قرآن چھپالو کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص کوئی چیز چھپائے گا وہ قیامت کے دن اسے لے کر اللہ کے سامنے حاضر ہوگا۔(لہٰذا تم اپنے مصاحف لے کر اللہ سے ملاقات کرنا) زہری کہتے ہیں کہ مجھے کسی نے بتایا کہ عبداللہ بن مسعودؓ کی یہ بات بڑے بڑے صحابہؓ کو بھی ناگوار گزری۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ہم اس حدیث کو صرف زہری کی روایت سے جانتے ہیں۔

خلاصہ سورۃ توبہ: توبہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس میں مسلمانوں کی توبہ قبول ہونے کا بیان ہے اس سورۃ کے بھی دو حصے ہیں پہلا حصہ ابتداء سے لے کر رکوع نمبر ۵ تک ہے اس حصے میں بدعہدی کرنے والے مشرکین سے اعلان براءت ہے یعنی جن مشرکین سے تمہارا معاہدہ تھا مگر انہوں نے پہلے معاہدہ توڑ دیا تم بھی معاہدہ سے اعلان براءت کردو اور سارے ملک میں اس اعلان کی چار ماہ تک خوب اشاعت کرو اور پھر حج کے موقع پر بھی اس اعلان کو دہراؤ۔جن مشرکین نے عہد نہیں توڑا اور تمہارے خلاف دشمن کی مدد نہیں کی ان سے اپنا عہد قائم رکھو اور میعاد و معاہدہ کے اختتام تک ان سے تعرض نہ کرو۔مشرکین سے جنگ کرنے کے بارے میں شبہات کا جواب ان کے ساتھ قتال (جہاد) موانع تھے وہ چار ہیں۔جو لوگ (منافقین) جنگ تبوک میں شریک نہیں ہوئے تھے ان کے لئے زجر و توبیخ کا ذکر ہے۔رکوع نمبر ۱۳،۱۴ میں ان پانچ صحابہ کرامؓ جو نہایت مخلص تھے مگر جہاد میں شریک نہ ہوئے انہوں نے اپنے آپ کو ستونوں سے باندھ لیا اور گڑگڑا کر توبہ کی اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمائی وہ تین صحابہ کرام جو قدیم الایمان اور نہایت مخلص تھے اور سستی کی وجہ سے جہاد میں شریک نہ ہوئے اور نبی کریم ﷺ کی واپسی پر کوئی عذر نہیں تراشا بلکہ اپنا قصور صاف صاف بیان کر دیا ان کو بطور تادیب پچاس دن کی ڈھیل دی اور اس کے بعد ان کی توبہ قبول فرمائی ان کا ذکر آیت نمبر ۱۱۸ میں ہے اور امام ترمذیؒ نے بھی ایک حدیث میں ایک صحابیؓ کا ذکر کیا ہے۔نیز امام ترمذیؒ نے منافقین کی نماز جنازہ اور ان کے لئے دعاء کے بارے میں بھی واقعہ نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ نے عبداللہ بن اُبی کا جنازہ پڑھایا۔حضرت عمرؓ نے اس گستاخیوں کا ذکر کیا اور عرض کی کہ اس کا جنازہ نہ پڑھائیں لیکن حضور ﷺ نے نماز جنازہ پڑھا دیا اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے منع فرمادیا۔امام ترمذیؒ نے قرآن کریم کے جمع کرنے کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کا مکالمہ بھی حدیث ۱۰۲۸ میں نقل کیا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ حضرت زید بن ثابتؓ کو سورۂ براءت کی آخری دو آیات حضرت خزیمہ بن ثابتؓ سے ملیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ يُوْنُسَ

۱۰۳۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ صُهَيْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ قَالَ اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ نَادٰى مُنَادٍ اِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا وَ يُرِيْدُ اَنْ يُّنْجِزَكُمُوْهُ قَالُوْا اَلَمْ يُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا وَيُنَجِّيْنَا مِنَ النَّارِ وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ قَالَ فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا اَعْطَاهُمْ شَيْئًا اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ اِلَيْهِ حَدِيْثُ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ مَرْفُوْعًا وَرَوٰى سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَوْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ صُهَيْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

تفسیر سورۂ یونس

۱۰۳۰: حضرت صہیب نبی اکرم ﷺ سے اس آیت کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں ’’لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى ... الآیہ‘‘ (جنہوں نے بھلائی کی ان کے لیے بھلائی ہے اور زیادتی بھی اور ان کے منہ پر سیاہی اور رسوائی نہیں چڑھے گی۔ (یونس : آیت ۲۶) کہ آپؐ نے فرمایا: جب اہل جنت، جنت میں داخل ہوں گے تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں سے ایک وعدہ کر رکھا ہے وہ اب اسے پورا کرنے والے ہیں۔ وہ کہیں گے کیا اس نے ہمارے چہرے روشن کر کے جہنم سے نجات دے کر جنت میں داخل فرما کر (اپنا وعدہ پورا نہیں کر دیا، اب کونسی نعمت باقی رہ گئی ہے۔) آپؐ نے فرمایا: پھر (خالق اور مخلوق کے درمیان حائل ہونے والا) پردہ ہٹا دیا جائے گا۔ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے زیادہ محبوب کوئی چیز عطا نہیں کی ہوگی۔ کہ وہ اسکی طرف دیکھیں۔ یہ حدیث کئی راوی حماد بن سلمہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ سلیمان بن مغیرہ بھی یہی حدیث ثابت سے اور وہ عبدالرحمٰن سے انہی کا قول نقل کرتے ہیں اور اس میں صہیبؓ کے نبی اکرم ﷺ سے روایت کرنے کا ذکر نہیں۔

۱۰۳۱ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قَالَ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى لَهٗ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ

۱۰۳۱: ایک مصری شخص سے منقول ہے کہ انہوں نے ابودرداءؓ سے اس آیت ’’لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا‘‘ کی تفسیر پوچھی (ان کے لئے دنیا کی زندگی اور آخرت میں خوشخبری ہے۔ یونس: آیت ۶۴) انہوں نے فرمایا: کہ جب سے میں نے اسکی تفسیر نبی اکرم ﷺ سے پوچھی ہے مجھ سے کسی نے اس کے بارے میں نہیں پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے تم پہلے شخص ہو جس نے اسکی تفسیر پوچھی ہے۔ اس بشارت سے مراد مؤمن کا نیک خواب ہے جو وہ دیکھتا ہے یا اسے دکھایا جاتا ہے۔ ابن عمرؓ بھی سفیان سے وہ عبدالعزیز سے وہ ابو صالح سمان سے وہ عطاء بن یسار سے وہ ایک مصری شخص سے اور وہ ابودرداءؓ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ احمد بن

عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

عبدہ ضبی اسے حماد بن زید سے وہ عاصم سے وہ ابو صالح سے وہ ابو درداءؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اس سند میں عطاء بن یسار سے روایت نہیں۔ اس باب میں عبادہ بن صامتؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۰۳۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا اَغْرَقَ اللّٰهُ فِرْعَوْنَ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ فَقَالَ جِبْرَائِيْلُ يَامُحَمَّدُ لَوْرَاَيْتَنِيْ وَاَنَا اٰخُذُ مِنْ حَالِ الْبَحْرِ وَاَدُسُّهُ فِيْ فِيْهِ مَخَافَةَ اَنْ تُدْرِكَهُ الرَّحْمَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۰۳۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے فرعون کو سمندر میں غرق کیا تو وہ کہنے لگا کہ ''میں ایمان لایا کہ اس اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا: اے محمد (ﷺ) کاش آپؐ مجھے اس وقت دیکھتے جب میں اسکے (یعنی فرعون کے) منہ میں سمندر کا کیچڑ ٹھونس رہا تھا تا کہ (اسکے اس قول کی وجہ سے) اللہ کی رحمت اسے گھیر نہ لے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۳۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ وَعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ذَكَرَ اَحَدُهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ اَنَّ جِبْرَئِيْلَ جَعَلَ يَدُسُّ فِيْ فِيْ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ خَشْيَةَ اَنْ يَّقُوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَيَرْحَمَهُ اللّٰهُ اَوْخَشْيَةَ اَنْ يَّرْحَمَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۳۳: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما میں سے ایک روایت کرتے ہیں۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما کہ جبرائیل علیہ السلام فرعون کے منہ میں مٹی ڈالتے تھے تا کہ وہ لا الہ الا اللہ نہ کہہ سکے اور اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہ کردیں۔ یا فرمایا کہ اس خوف سے کہ اللہ کی رحمت اسے گھیر نہ لے۔

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

خلاصہ سورۃ یونس: اس سورۃ میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ مالک الملک اور مختار مطلق ہے اور اس کے سامنے کوئی شفیع غالب نہیں اور اس مسئلہ کو تین جگہ بیان کیا گیا ہے۔ امام ترمذیؒ نے چار احادیث نقل فرمائی ہیں۔ پہلی حدیث میں قرآنی آیت سے اللہ تعالیٰ کے دیدار اور زیارت کو ثابت کیا ہے دوسری حدیث میں ایک آیت کی تفسیر زبان نبوت سے منقول ہے تیسری اور چوتھی میں فرعون کے غرق ہوتے وقت کلمہ پڑھنے کا اور جبرئیل امین علیہ السلام کا اس کے منہ میں کیچڑ ڈالنے کا ذکر ہے یعنی اس وقت کا ایمان قبول نہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ هُوْدٍ

تفسیر سورہ ہود

۱۰۳۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيْعِ بْنِ

۱۰۳۴: حضرت ابورزینؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: ہمارا رب اپنی مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے

حُدُسٍ عَنْ عَمِّهٖ اَبِیْ رَزِیْنٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ كَانَ رَبُّنَا قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ خَلْقَهٗ قَالَ كَانَ فِیْ عَمَاءٍ مَا تَحْتَهٗ هَوَاءٌ وَمَا فَوْقَهٗ هَوَاءٌ وَخَلَقَ عَرْشَهٗ عَلَى الْمَاءِ قَالَ اَحْمَدُ قَالَ يَزِيْدُ الْعَمَاءُ اَیْ لَيْسَ مَعَهٗ شَیْءٌ هٰكَذَا يَقُوْلُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَكِيْعُ ابْنُ حُدُسٍ وَيَقُوْلُ شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ وَهُشَيْمٌ وَكِيْعُ بْنُ عُدُسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

کہاں تھا؟ آپؐ نے فرمایا: بادل میں تھا جسکے اوپر نیچے ہوا تھی اور اس نے اپنا عرش پانی پر پیدا کیا۔ احمد کہتے ہیں کہ یزید ''عماء'' کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں۔ حماد بن سلمہ بھی اس سند کو اسی طرح بیان کرتے ہیں کہ وکیع بن حدس سے روایت ہے جبکہ شعبہ، ابوعوانہ اور ہشیم' وکیع بن عدس کہتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۳۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يُمْلِیْ وَرُبَّمَا قَالَ يُمْهِلُ الظَّالِمَ حَتّٰى اِذَا اَخَذَهٗ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَأَ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰى وَهِیَ ظَالِمَةٌ اَلْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ نَحْوَهٗ وَقَالَ يُمْلِیْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِیُّ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَقَالَ يُمْلِیْ وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ.

۱۰۳۵: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ظالم کو فرصت دیتا ہے اور بسا اوقات آپؐ نے فرمایا: ظالم کو مہلت دیتا ہے حتیٰ کہ جب اسے پکڑتا ہے تو پھر ہرگز نہیں چھوڑتا۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی ''وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ... الآیۃ'' (اور تیرے رب کی پکڑ ایسی ہی ہوتی ہے۔ جب وہ ظالم بستیوں کو پکڑتا ہے اور اسکی پکڑ سخت تکلیف دہ ہے۔ سورہ ھود: آیت ۱۰۲) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ابواُسامہ بھی یزید سے اسی طرح کی حدیث کو نقل کرتے ہوئے ''یملی'' کا لفظ بیان کرتے ہیں۔ ابراہیم یہ حدیث ابواُسامہ سے وہ یزید بن عبداللہ سے وہ اپنے دادا سے وہ ابو بردہؓ سے وہ ابوموسیٰؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ اور بغیر شک کے ''یملی'' کا لفظ بیان کرتے ہیں۔

۱۰۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ هُوَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّ سَعِيْدٌ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَانَبِیَّ اللّٰهِ فَعَلٰى مَا نَعْمَلُ عَلٰى شَیْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ اَوْعَلٰى شَیْءٍ لَّمْ يُفْرَغْ مِنْهُ قَالَ بَلْ عَلٰى شَیْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ وَجَرَتْ بِهِ الْاَقْلَامُ يَا عُمَرُ وَلٰكِنْ كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو.

۱۰۳۶: حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت ''فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّسَعِيْدٌ'' نازل ہوئی تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا عمل اس چیز کے لیے کرتے ہیں۔ جو لکھی جا چکی ہے یا ابھی نہیں لکھی ہے (یعنی تقدیر)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسی چیز کے لیے جس سے فراعت حاصل کی جا چکی ہے اور اسے لکھا جا چکا لیکن ہر شخص کے لیے وہی آسان ہے جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ ہم اس کو صرف عبدالملک بن عمرو کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۳۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ

۱۰۳۷: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک

حَرْبٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّي عَالَجْتُ امْرَأَةً فِي اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَاِنِّي اَصَبْتُ مِنْهَا مَادُوْنَ اَنْ اَمَسَّهَا وَاَنَا هٰذَا فَاقْضِ فِيَّ مَا شِئْتَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَقَدْ سَتَرَكَ اللّٰهُ فَلَوْ سَتَرْتَ عَلٰى نَفْسِكَ فَلَمْ يَرُدَّعَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ فَاَتْبَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً فَدَعَاهُ فَتَلَا عَلَيْهِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ هٰذَا لَهُ خَاصَّةً قَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى اِسْرَائِيْلُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَرَوٰى شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَرِوَايَةُ هٰؤُلَاءِ اَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ الثَّوْرِيِّ. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ وَسِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنِ الْاَعْمَشِ وَقَدْرَوٰى سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: میں نے شہر کے کنارے ایک عورت سے بوس وکنار کرلیا اور جماع کے علاوہ سب کچھ کیا۔ اب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوں میرے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم فیصلہ فرمائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرا گناہ چھپایا تھا۔ لہٰذا تمہیں بھی چاہیے تھا کہ اسے پردے میں ہی رہنے دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی جواب نہیں دیا تو وہ شخص چلا گیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو بھیج کر بلوایا اور یہ آیات پڑھیں "اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ الآيہ" (اور دن کے دونوں طرف اور کچھ حصہ رات کا نماز قائم کر۔ بیشک نیکیاں برائیوں کو دور کرتی ہیں۔ یہ نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے نصیحت ہے۔ ہود: آیت ۱۱۴) ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ؛ کیا اس شخص کے لیے خاص ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ تمام لوگوں کیلئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسرائیل بھی سماک سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، سماک، ابراہیم سے وہ اسود سے اور وہ عبداللہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ پھر سفیان ثوری بھی سماک سے وہ ابراہیم سے اسی کے مثل بیان کرتے ہیں۔ یہ روایت زیادہ صحیح ہے۔ محمد بن یحییٰ نیشاپوری بھی یہ حدیث سفیان ثوری سے وہ اعمش اور سماک سے وہ دونوں ابراہیم سے وہ عبدالرحمٰن بن یزید سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں۔ لیکن وہ اس سند میں سفیان کی اعمش سے روایت کا ذکر نہیں کرتے۔ سلیمان تیمی یہ حدیث ابوعثمان نہدی سے وہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۰۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَجُلاً اَصَابَ مِنْ امْرَأَةٍ قُبْلَةَ حَرَامٍ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَالَهُ عَنْ كَفَّارَتِهَا فَنَزَلَتْ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ الْاٰيَةَ فَقَالَ الرَّجُلُ اِلَى هٰذِهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ لَكَ وَلِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ اُمَّتِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۳۸: حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک اجنبی عورت کا بوسہ لیا جو کہ حرام تھا۔ پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس کا کفارہ دریافت کیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ.. الآیۃ" اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ حکم صرف میرے لیے ہے؟ آپؐ نے فرمایا؟ تمہارے لیے بھی اور میری امت میں سے ہر اس شخص کے لیے جو اس پر عمل کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۳۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلاً لَقِيَ امْرَاَةً وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا مَعْرِفَةٌ فَلَيْسَ يَاْتِي الرَّجُلُ اِلَى امْرَاَتِهِ شَيْئًا اِلَّا قَدْاَتَى هُوَ اِلَيْهَا اِلَّا اَنَّهُ لَمْ يُجَامِعْهَا قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِوَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّتَوَضَّاَ وَيُصَلِّيَ قَالَ مُعَاذٌ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَهِيَ لَهُ خَاصَّةً اَمْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً قَالَ بَلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ مَاتَ فِيْ خِلَافَةِ عُمَرَو قُتِلَ عُمَرُو عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى غُلَامٌ صَغِيْرٌ ابْنُ سِتِّ سِنِيْنَ وَقَدْرَوٰى عَنْ عُمَرَو رَاٰهُ وَ رَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً.

۱۰۳۹: حضرت معاذ جبلؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے ملے جس سے اسکی جان پہچان نہ ہوا اور پھر وہ اس کے ساتھ جماع کے علاوہ ہر وہ کام کرے جو کوئی شخص اپنی سے بیوی سے کرتا ہے۔ (یعنی بوس وکنار) تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ..... الآیۃ"۔ پھر آپؐ نے اسے حکم دیا کہ وضو کرو اور نماز پڑھو۔ معاذؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ حکم صرف اس شخص کیلئے خاص ہے یا تمام مؤمنوں کے لیے عام ہے؟ آپؐ نے فرمایا بلکہ تمام مؤمنوں کیلئے عام ہے۔ اس حدیث کی سند متصل نہیں۔ اس لیے کہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے حضرت معاذؓ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ حضرت معاذؓ کی وفات حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ہوئی اور جب حضرت عمرؓ شہید ہوئے۔ تو عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ چھ برس کے تھے۔ وہ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں اور انہیں دیکھا بھی ہے۔ شعبہ یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔

۱۰۴۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِي الْيَسَرِ قَالَ

۱۰۴۰: حضرت ابو یسرؓ کہتے ہیں کہ ایک عورت مجھ سے کھجوریں خریدنے آئی تو میں نے اس سے کہا کہ گھر میں اس سے اچھی کھجوریں ہیں۔ جب وہ میرے ساتھ گھر میں داخل ہوئی تو میں

اَتَتْنِی امْرَأَةٌ تَبْتَاعُ تَمْرًا فَقُلْتُ اِنَّ فِی الْبَیْتِ تَمْرًا اَطْیَبَ مِنْهُ فَدَخَلَتْ مَعِیَ فِی الْبَیْتِ فَاَهْوَیْتُ اِلَیْهَا فَقَبَّلْتُهَا فَاَتَیْتُ اَبَا بَکْرٍ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَهٗ فَقَالَ اُسْتُرْ عَلٰی نَفْسِکَ وَتُبْ وَلَا تُخْبِرْ اَحَدًا فَلَمْ اَصْبِرْ فَاَتَیْتُ عُمَرَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَهٗ فَقَالَ اُسْتُرْ عَلٰی نَفْسِکَ وَتُبْ وَلَا تُخْبِرْ اَحَدًا فَلَمْ اَصْبِرْ فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَهٗ فَقَالَ لَهٗ اَخَلَفْتَ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فِیْ اَهْلِهٖ بِمِثْلِ هٰذَا حَتّٰی تَمَنّٰی اَنَّهٗ لَمْ یَکُنْ اَسْلَمَ اِلَّا تِلْکَ السَّاعَةَ حَتّٰی ظَنَّ اَنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ قَالَ وَاَطْرَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَوِیْلًا حَتّٰی اُوْحِیَ اِلَیْهِ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّیْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ذٰلِکَ ذِکْرٰی لِلذّٰکِرِیْنَ قَالَ اَبُو الْیَسَرِ فَاَتَیْتُهٗ فَقَرَأَهَا عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِهٰذَا خَاصَّةً اَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً قَالَ بَلْ لِلنَّاسِ عَامَّةً هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ وَقَیْسُ بْنُ الرَّبِیْعِ ضَعَّفَهٗ وَکِیْعٌ وَغَیْرُهٗ وَرَوٰی شَرِیْکٌ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا الْحَدِیْثَ مِثْلَ رِوَایَةِ قَیْسِ بْنِ الرَّبِیْعِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ وَوَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِکٍ وَاَبُو الْیَسَرِ اِسْمُهٗ کَعْبُ بْنُ عَمْرٍو:

اسکی طرف جھکا اور اس کا بوسہ لے لیا۔ میں حضرت ابوبکرؓ کے پاس گیا اور انہیں بتایا تو انہوں نے فرمایا: اپنا گناہ چھپاؤ، توبہ کرو اور کسی کے سامنے ذکر نہ کرو۔ لیکن مجھ سے صبر نہ ہو سکا تو میں عمرؓ کے پاس گیا اور ان کے سامنے قصہ بیان کیا۔ انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ اپنا جرم چھپاؤ، توبہ کرو اور کسی کو نہ بتاؤ۔ مجھ سے صبر نہ ہو سکا اور میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر پوری بات بتائی تو آپؐ نے فرمایا: کیا تو نے اللہ کی راہ میں جانے والے نمازی کے گھر والوں کے ساتھ ایسا کیا۔ حضرت موسیٰ بن طلحہ کہتے ہیں کہ اس سے ابو یسر کو اتنا دکھ ہوا کہ انہوں نے کہا کاش میں اب ہی مسلمان ہوا ہوتا اور انہوں نے گمان کیا کہ وہ بھی اہل جہنم سے ہیں۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے سر جھکا لیا اور آپؐ دیر تک اسی طرح رہے یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی ''اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ ..... الآیہ''۔ ابو یسرؓ کہتے ہیں کہ میں آپؐ کے پاس گیا تو آپؐ نے مجھے یہ آیت پڑھ کر سنائی۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: کیا اس شخص کے لیے خاص ہے یا سب کے لیے عام ہے۔ آپؐ نے فرمایا: یہ حکم سب کے لیے ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ قیس بن ربیع کو وکیع وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ شریک یہی حدیث عثمان بن عبداللہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں اور اس باب میں ابوامامہؓ، واثلہ بن اسقعؓ اور انس بن مالکؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ ابو یسر کا نام کعب بن عمر ہے۔

خلاصہ سورۃ ھود: سورۃ ہود میں حضرات انبیاء علیہم السلام کے واقعات ہیں جو سورۃ کے دعاوی پر متفرع ہیں کیونکہ اس سورۃ کا ایک دعویٰ یہ ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ کو پکارو اور اس سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور سچی توبہ کرو۔ دوسرا دعویٰ ہے یہ کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی عالم الغیب ہے ساری کائنات کا ذرّہ ذرّہ اس پر آشکارہ ہے تیسرا دعویٰ یہ ہے کہ مشرکین کے طعن تشنیع سے آپ ﷺ آزردۂ خاطر ہو کر تبلیغ توحید میں کوتاہی نہ کریں۔ امام ترمذیؒ نے ایسی احادیث نقل فرمائی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ صغیرہ گناہ نماز و ذکر وغیرہ سے معاف ہو جاتے ہیں۔ اس سورۃ میں اقوام کے زوال کے اسباب بیان ہوئے ہیں جن میں حضرت شعیبؑ کی قوم اور تجارت میں ان کی بددیانتی اور سرمایہ دارانہ ذہنیت انتہائی خوبصورت پیرائے میں بیان ہوئے ہیں۔

وَ مِنْ سُوْرَةِ یُوْسُفَ

۱۰۴۱: حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْکَرِیْمَ بْنَ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ وَلَوْلَبِثْتُ فِی السِّجْنِ مَالَبِثَ یُوْسُفُ ثُمَّ جَاءَ نِی الرَّسُوْلُ اَجَبْتُ ثُمَّ قَرَأَفَلَمَّا جَاءَ هُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰی رَبِّکَ فَسْاَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ قَالَ وَرَحْمَةَ اللّٰهِ عَلٰی لُوْطٍ اِنْ کَانَ لَیَاْوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ فَمَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ بَعْدِهٖ نَبِیًّا اِلَّا فِیْ ذِرْوَةٍ مِّنْ قَوْمِهٖ.

تفسیر سورہ یوسف

۱۰۴۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کریم بن کریم بن کریم بن کریم، یوسف بن یعقوبؑ بن اسحٰق بن ابراہیم ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ جتنی مدت یوسف علیہ السلام قید میں رہے اگر میں رہتا تو قاصد کے آنے پر بادشاہ کی دعوت قبول کر لیتا۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی " فَلَمَّا جَاءَ هُ الرَّسُوْلُ ... الآیۃ" (پھر جب اسکے پاس قاصد پہنچا کہا اپنے آقا کے ہاں واپس جا اور اس سے پوچھ ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے ہاتھ کاٹے تھے۔ بے شک میرا رب ان کے فریب سے خوب واقف ہے۔ یوسف، آیت ۵۰۔) پھر آپؐ نے فرمایا حضرت لوط علیہ السلام پر اللہ کی رحمت ہو وہ تمنا کرتے تھے کہ کسی مضبوط قلعے میں پناہ حاصل کریں اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ ہر کسی قوم کی طرف انہی میں سے نبی بنا کر بھیجا۔

۱۰۴۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا عَبْدَةُ وَ عَبْدُ الرَّحِیْمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو نَحْوَ حَدِیْثِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ بَعْدَهٗ نَبِیًّا اِلَّا فِیْ ثَرْوَةٍ مِّنْ قَوْمِهٖ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الثَّرْوَةُ الْکَثْرَةُ وَالْمَنَعَةُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ رِوَایَةِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰی وَهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۰۴۲: حضرت ابوکریب یہ حدیث عبدہ اور عبدالرحیم سے اور وہ فضل بن موسیٰ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں اس کے الفاظ یہ ہیں "مَا بَعَثَ اللّٰهُ بَعْدَهٗ نَبِیًّا اِلَّا فِیْ ثَرْوَةٍ مِّنْ قَوْمِهٖ" لیکن معنی ایک ہی ہیں جبکہ محمد بن عمرو کہتے ہیں کہ ثروہ کے معنی کثرت وقوت کے ہیں۔ یہ حدیث فضل بن موسیٰ کی روایت سے زیادہ صحیح اور حسن ہے۔

خلاصۃ سورۃ یوسف: اس سورۃ میں حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ بیان فرمایا جو کہ پندرہ احوال پر مشتمل ہے جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عالم الغیب اور متعرف صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے یعنی حضرت یوسفؑ اپنے شہر سے باہر ایک کنویں میں بند رہے لیکن حضرت یعقوبؑ کو پتہ نہ چل سکا پھر مصر میں بہت لمبی مدت تک رہے پھر بھی حضرت یعقوبؑ بے خبر رہے اور اپنے بیٹے کو تلاش نہ کر سکے۔ نیز سورۂ یوسفؑ میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں کہ یہ واقعہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بذریعہ وحی بتایا ہے یہ آپ ﷺ کی صداقت کی دلیل ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الرَّعْدِ

۱۰۴۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ

تفسیر سورۂ رعد

۱۰۴۳: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ یہودی نبی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِیْدِ وَ کَانَ یَکُوْنُ فِیْ بَنِیْ عِجْلٍ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَقْبَلَتْ یَهُوْدُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا یَا اَبَا الْقَاسِمِ اَخْبِرْنَا عَنِ الرَّعْدِ مَا هُوَ قَالَ مَلَکٌ مِنَ الْمَلَائِکَةِ مُوَکَّلٌ بِالسَّحَابِ مَعَهٗ مَخَارِیْقُ مِنْ نَارٍ یَسُوْقُ بِهَا السَّحَابَ حَیْثُ شَاءَ اللّٰهُ فَقَالُوْا فَمَا هٰذَا الصَّوْتُ الَّذِیْ تَسْمَعُ قَالَ زَجْرُهٗ بِالسَّحَابِ اِذَا زَجَرَهٗ حَتّٰی یَنْتَهِیَ اِلٰی حَیْثُ اُمِرَ قَالُوْا صَدَقْتَ فَقَالُوْا فَاَخْبِرْنَا عَمَّا حَرَّمَ اِسْرَائِیْلُ عَلٰی نَفْسِهٖ قَالَ اشْتَکٰی عِرْقَ النِّسَاءِ فَلَمْ یَجِدْ شَیْئًا یُلَائِمُهٗ اِلَّا لُحُوْمَ الْاِبِلِ وَاَلْبَانَهَا فَلِذٰلِکَ حَرَّمَهَا قَالُوْا صَدَقْتَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اے ابوقاسم ﷺ ہمیں رعد کے متعلق بتائیے کہ یہ کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: یہ فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے جس کے ذمہ بادل ہیں اس کے پاس آگ کوڑے ہیں۔ جن سے وہ بادلوں کو اللہ کی مشیت کے مطابق ہانکتا ہے۔ وہ کہنے لگے تو پھر یہ آواز جو ہم سنتے ہیں یہ کس کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ اس کی ڈانٹ ہے وہ بادلوں کو ڈانٹتا ہے یہاں تک کہ وہ حکم کے مطابق چلیں۔ وہ کہنے لگے۔ آپؐ نے سچ فرمایا: پھر انہوں نے آپؐ سے پوچھا کہ اسرائیل (یعقوب علیہ السلام) نے اپنے اوپر کونسی چیز حرام کی تھی؟ آپؐ نے فرمایا کہ انہیں عرق النساء کا مرض ہوگیا تھا اور انہوں نے اونٹ کے گوشت اور اسکے دودھ کے علاوہ کوئی چیز مناسب نہیں پائی۔ اس لیے انہیں اپنے اوپر حرام کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ آپؐ نے سچ کہا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۰۴۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِیُّ نَا سَیْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الثَّوْرِیُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ فِی الْاُکُلِ قَالَ الدَّقَلُ وَالْفَارِسِیُّ وَالْحُلْوُ وَالْحَامِضُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ زَیْدُ بْنُ اَبِیْ اُنَیْسَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَ هٰذَا وَسَیْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ اَخُوْ عَمَّارِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَعَمَّارٌ اَثْبَتُ مِنْهُ وَهُوَ ابْنُ اُخْتِ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ.

۱۰۴۴: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے "وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا ..... الآیۃ" (اور ہم ایک کو دوسرے پر پھلوں میں فضیلت دیتے ہیں۔ (الرعد: آیت ۴) کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ اس سے مراد ردی کھجوریں ہیں یا پھر میٹھا اور کڑوا مزا دہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور اس روایت کو زید بن انیسہ نے بھی اعمش سے اسی کے مثل نقل کیا ہے۔ سیف بن محمد عمار بن محمد کے بھائی ہیں اور عمار ان سے ثقہ ہیں۔ یہ سفیان ثوریؒ کے بھانجے ہیں۔

خلاصہ سورۃ رعد: اس میں رعد فرشتہ کا ذکر ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی تحمید و تسبیح کرتا ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ فرشتہ بادلوں کو ڈانٹتا ہے تو گرج کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

سُوْرَةُ اِبْرَاهِیْمَ

سورۂ ابراہیم کی تفسیر

۱۰۴۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا اَبُو الْوَلِیْدِ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ شُعَیْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۴۵: حضرت شعیب بن حبحاب حضرت انس بن مالکؓ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھجوروں کا ایک خوشہ پیش کیا گیا۔ اس میں کھجیاں بھی تھیں آپؐ نے فرمایا: "مَثَلُ

بِقِنَاعٍ عَلَيْهِ رُطَبٌ فَقَالَ مَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِي اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا قَالَ هِيَ النَّخْلَةُ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ قَالَ هِيَ الْحَنْظَلَةُ قَالَ فَاَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ اَبَا الْعَالِيَةِ فَقَالَ صَدَقَ وَاَحْسَنَ. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ اَبِي الْعَالِيَةِ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ مِثْلَ هٰذَا مَوْقُوْفًا وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَفَعَهُ غَيْرُ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ... الآیۃ" (کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کلمہ پاک کی ایک مثال بیان کی ہے۔ گویا وہ ایک پاک درخت ہے کہ جس کی جڑ مضبوط اور اسکی شاخ آسمان میں ہے۔ وہ اپنے رب کے حکم سے اپنا پھل لاتا ہے۔ ابراہیم۔ آیت۔۲۵۔) پھر فرمایا کہ یہ درخت کھجور کا درخت ہے پھر یہ آیت پڑھی" وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ... الآیۃ" (اور ناپاک کلمہ کی مثال ایک ناپاک درخت کی سی ہے جو زمین کے اوپر ہی سے اکھاڑ لیا جائے۔ اسے کچھ ٹھہراؤ نہیں ہے ابراہیم۔ آیت ۲۶۔) پھر آپؐ نے فرمایا کہ اس سے مراد تمہ ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث ابو عالیہ کو سنائی تو انہوں نے فرمایا آپ نے سچ اور صحیح فرمایا۔ قتیبہ، ابوبکر بن حبحاب سے وہ اپنے والد سے اور وہ انسؓ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں لیکن یہ مرفوع نہیں اور اس میں ابوعالیہ کا قول بھی نہیں۔ اور یہ اس حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ ان کے علاوہ بھی کئی راوی اس حدیث کو موقوفاً یعنی حضرت انسؓ کا قول نقل کرتے ہیں۔ ہمیں علم نہیں کہ حماد بن سلمہ کے علاوہ کسی اور نے اسے مرفوع کیا ہو۔ پھر معمر، حماد بن زید اور کئی راوی بھی اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے۔ احمد بن عبدہ ضبی بھی حماد بن زید سے وہ شعیب بن حبحاب سے اور وہ انسؓ سے شعیب بن حبحاب ہی کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہوئے اسے مرفوع نہیں کرتے۔

۱۰۴۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاؤدَ نَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ قَالَ فِي الْقَبْرِ اِذَا قِيْلَ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ وَمَا دِيْنُكَ وَمَنْ نَّبِيُّكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۴۶: حضرت براءؓ اس آیت "يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا...... الآیۃ" (اللہ ایمان والوں کو دنیا اور آخرت میں سچی بات پر ثابت قدم رکھتا ہے اور ظالموں کو گمراہ کرتا ہے۔ سورۂ ابراہیم۔ آیت ۲۷۔) کی تفسیر میں نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں آپؐ نے فرمایا کہ یہ قبر میں ہوگا جب اس سے (یعنی مردے سے) پوچھا جائے گا کہ تمہارا رب کون ہے؟ تمہارا دین کیا ہے؟ اور تمہارا نبی کون ہے۔؟ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۴۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيْنَ يَكُوْنُ النَّاسُ قَالَ عَلَى الصِّرَاطِ هٰذَا

۱۰۴۷: حضرت مسروق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے آیت "يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ ....الآیۃ" (جس دن اس زمین سے اور زمین بدلی جائے گی۔ سورہ ابراہیم۔ آیت ۴۸۔) کے متعلق نبی اکرم ﷺ سے پوچھا کہ

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ عَائِشَةَ.

اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ آپؐ نے فرمایا: کہ پل صراط پر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت عائشہؓ سے منقول ہے۔

خلاصہ سورۃ ابراہیم : اس بارے میں تین احادیث منقول ہیں پہلی حدیث میں کلمہ طیبہ کی بہترین مثال بیان فرمائی جس طرح کھجور کے درخت کی جڑ مضبوط اور اس کی شاخ آسمان میں ہے وہ اپنے ربّ کے حکم سے پھل لاتا ہے اس طرح کلمہ طیبہ ہے اس مدمقابل شرک کا کلمہ خبیثہ ہے اس کی مثال بھی بیان فرمائی ایک ناپاک کی سی ہے جو زمین کے اوپر ہی سے اُکھاڑ لایا جائے اور اسے کچھ ٹھہراؤ نہیں ہے اس طرح شرک کا کلمہ ہے۔ نیز حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاؤں کا ذکر بھی اس سورۃ میں ہے اسی مناسبت سے سورۃ کا نام ابراہیمؑ ہے۔

سُوْرَةُ الْحِجْرِ

تفسیر سورۂ حجر

۱۰۴۸ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا نُوْحُ بْنُ قَيْسٍ الْحُدَّانِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ اِمْرَأَةٌ تُصَلِّيْ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْنَاءُ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ وَكَانَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَتَقَدَّمُ حَتّٰى يَكُوْنَ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ لِاَنْ لَّايَرَاهَا وَيَسْتَاْخِرُ بَعْضُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ فَاِذَا رَكَعَ نَظَرَ مِنْ تَحْتِ اِبْطَيْهِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ وَرَوٰى جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰذَا اَشْبَهُ اَنْ يَّكُوْنَ اَصَحَّ مِنْ حَدِيْثِ نُوْحٍ.

۱۰۴۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کے پیچھے نماز پڑھا کرتی تھی وہ بہت حسین بلکہ حسین ترین لوگوں میں سے تھی۔ بعض لوگ پہلی صف میں نماز پڑھنے کیلئے جاتے تا کہ اس پر نظر نہ پڑے جبکہ بعض پچھلی صفوں کی طرف آتے تا کہ اسے دیکھ سکیں۔ چنانچہ وہ جب رکوع کرتے تو اپنی بغلوں کے نیچے سے دیکھتے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ ... الآیہ" (اور ہمیں تم میں سے اگلے اور پچھلے سب معلوم ہیں اور بے شک تیرا رب ہی انہیں جمع کرے گا۔ بے شک وہ حکمت والا خبردار ہے۔ الحجر۔ آیت۔۲۵۔) جعفر بن سلیمان یہ حدیث عمرو بن مالک سے وہ ابوجوزاء سے اسی طرح نقل کرتے ہیں لیکن اس میں ابن عباسؓ کا ذکر نہیں اور یہ نوح کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۰۴۹ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ جُنَيْدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ بَابٌ مِنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلٰى اُمَّتِيْ اَوْقَالَ عَلٰى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ.

۱۰۴۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے ایک دروازہ ان لوگوں کے لیے ہے جو میری امت پر تلوار اٹھائیں گے یا فرمایا امت محمد (ﷺ) پر۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف مالک بن مغول کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۵۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا اَبُوْ عَلِیِّ الْحَنَفِیُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اُمُّ الْقُرْاٰنِ وَاُمُّ الْکِتَابِ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۰۵۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورہ فاتحہ ام القرآن[1]، ام الکتاب[2] اور سبع مثانی[3] ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۵۱: حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ عَبْدِالْحَمِیْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِی التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِیْلِ مِثْلَ اُمِّ الْقُرْاٰنِ وَهِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ وَهِیَ مَقْسُوْمَةٌ بَیْنِیْ وَبَیْنَ عَبْدِیْ وَلِعَبْدِیْ مَاسَأَلَ.

۱۰۵۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تورات اور انجیل میں ام القرآن (سورہ فاتحہ) جیسی کوئی سورت نازل نہیں کی اور یہی سبع مثانی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان تقسیم کی گئی ہے اور میرے بندے کے لیے وہی چیز ہے جو وہ مانگے گا۔

۱۰۵۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰی اُبَیٍّ وَهُوَ یُصَلِّیْ فَذَکَرَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ حَدِیْثُ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَطْوَلُ وَاَتَمُّ وَ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ جَعْفَرٍ وَهٰکَذَا رَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

۱۰۵۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو ابی نماز پڑھ رہے تھے۔ اور پھر اسی کے مثل حدیث نقل کی۔ عبدالعزیز بن محمد کی حدیث زیادہ طویل اور مکمل ہے اور عبد الحمید بن جعفر کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ کئی راوی علاء بن عبدالرحمٰن سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۰۵۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِی الطَّیِّبِ نَا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ عَنْ عَطِیَّةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِیَ عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ تَفْسِیْرِ هٰذِهِ الْاٰیَةِ

۱۰۵۳: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن کی فراست سے بچو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ ....الآیہ" (بیشک اس واقعہ میں اہل بصیرت کے لیے کئی نشانیاں ہیں۔ الحجر۔ آیت ۷۵) یہ حدیث غریب ہے ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ بعض علماء نے اس حدیث کی تفسیر میں کہا ہے کہ متوسمین کے معنیٰ فراست

۱: ام القرآن : قرآن کی ماں یعنی قرآن کی اصل

۲: ام الکتاب : کتاب کی ماں یعنی کتاب کی اصل

۳: سبع مثانی : بار بار پڑھی جانے والی سات آیات۔ (مترجم)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ قَالَ لِلْمُتَفَرِّسِیْنَ.

والوں کے ہیں۔

۱۰۵۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ بِشْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ لَنَسْاَلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ عَمَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ قَالَ عَنْ قَوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ بِشْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ نَحْوَهٗ وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

۱۰۵۴: حضرت انس بن مالکؓ ''لَنَسْاَلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ... الآیہ'' (پھر تیرے رب کی قسم ہم ان سب سے سوال کریں گے۔الحجر:۹۲) کی تفسیر میں نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ اس سے مراد کلمہ توحید ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه'' ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف لیث بن ابی سلیم کی روایت سے جانتے ہیں۔عبداللہ بن ادریس بھی یہ حدیث لیث بن ابی سلیم سے وہ بشر سے اور وہ انس بن مالکؓ سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں لیکن یہ مرفوع نہیں۔

خلاصہ سورۃ الحجر : الحجر ایک وادی کا نام ہے جس میں حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود آباد تھی اسی وجہ سے سورۃ کا نام رکھ دیا ہے۔ یہ بھی مکمل سورۃ ہے اس میں بھی توحید کا ذکر ہے اور اس پر دلائل قائم کئے گئے ہیں جن قوموں نے اس مسئلہ کو نہیں مانا ان کے واقعات بیان کئے گئے۔ امام ترمذیؒ نے حدیث نمبر ۱۰۴۸ میں آیت: ''وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْکُمْ'' کا شانِ نزول کیا ہے۔

مِنْ سُوْرَةِ النَّحْلِ

تفسیر سورۃ النحل

۱۰۵۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَلِیُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ یَحْیَی الْبَکَّاءِ ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ بَعْدَ الزَّوَالِ تُحْسَبُ بِمِثْلِهِنَّ مِنْ صَلَاةِ السَّحَرِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَیْسَ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا وَهُوَ یُسَبِّحُ اللّٰهَ تِلْکَ السَّاعَةَ ثُمَّ قَرَأَ یَتَفَیَّؤُ ظِلَالُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دَاخِرُوْنَ الْاٰیَةَ کُلَّهَا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عَلِیِّ بْنِ عَاصِمٍ.

۱۰۵۵: حضرت عمر بن خطابؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زوال کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھنے کا اجر تہجد کی نماز پڑھنے کے ثواب کے برابر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت (کائنات کی) ہر چیز اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی۔ ''یَتَفَیَّؤُ ظِلَالُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشَّمَائِلِ..... الآیہ'' (کیا وہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھتے کہ ان کے سائے دائیں اور بائیں جھکے جا رہے ہیں۔ اور نہایت عاجزی کے ساتھ اللہ کو سجدہ کر رہے ہیں۔ النحل آیت ۴۸۔) یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف علی بن عاصم کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۵۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ عِیْسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنِ الرَّبِیْعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ قَالَ ثَنِیْ اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ قَالَ لَمَّا

۱۰۵۶: حضرت اُبی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ غزوہ احد میں انصار کے چونسٹھ اور مہاجرین کے چھ آدمی شہید ہوئے۔ جن میں حمزہؓ بھی شامل ہیں۔ کفار نے ان کے ناک، کان وغیرہ

كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ اُصِيبَ مِنَ الْاَنْصَارِ اَرْبَعَةٌ وَسِتُّوْنَ رَجُلاً وَمِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ سِتَّةٌ مِنْهُمْ حَمْزَةُ فَمَثَّلُوْا بِهِمْ فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ لَئِنْ اَصَبْنَا مِنْهُمْ يَوْمًا مِثْلَ هٰذَا لَنُرْبِيَنَّ عَلَيْهِمْ قَالَ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَاعُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِيْنَ فَقَالَ رَجُلٌ لاَ قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفُّوْا عَنِ الْقَوْمِ اِلَّا اَرْبَعَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ.

کاٹ دیئے تھے۔انصار کہنے لگے کہ اگر پھر کسی دن ہماری ان سے مڈبھیڑ ہوئی تو ہم اس سے دوگنا آدمیوں کے ناک، کان وغیرہ کاٹیں گے لیکن فتح مکہ کے موقع پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا ....الآیۃ" (اور اگر بدلہ لو تو اتنا بدلہ لو جتنی تمہیں تکلیف پہنچائی گئی ہے۔اور اگر صبر کرو تو یہ صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے۔النحل آیت ۱۲۶۔) چنانچہ ایک شخص نے کہا کہ آج کے بعد قریش کا نام نہیں رہے گا۔لیکن نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: چار آدمیوں کے علاوہ کسی کو قتل نہ کرو۔یہ حدیث ابی بن کعبؓ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

خلاصہ سورۃ نحل: زوال کے بعد چار رکعت نفل پڑھنا تہجد کے برابر ثواب ہے نیز یہ بھی ارشاد ہے کہ جتنی کوئی تکلیف دے اتنا ہی بدلہ لینا چاہئے اس سے زیادہ بدلہ لینا جائز نہیں لیکن اگر صبر کیا جائے تو بہت افضل ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ

تفسیر سورۂ بنی اسرائیل

۱۰۵۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرُ بْنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اُسْرِيَ بِيْ لَقِيْتُ مُوْسٰى قَالَ فَنَعَتَهُ فَاِذَا رَجُلٌ قَالَ حَسِبْتُهُ قَالَ مُضْطَرِبُ الرَّجِلِ الرَّأْسِ كَاَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ قَالَ وَلَقِيْتُ عِيْسٰى قَالَ فَنَعَتَهُ قَالَ رَبْعَةٌ اَحْمَرُ كَاَنَّهُ خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِي الْحَمَّامَ وَرَاَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ وَاَنَا اَشْبَهُ وَلَدِهٖ بِهٖ قَالَ وَاُتِيْتُ بِاِنَائَيْنِ اَحَدُهُمَا لَبَنٌ وَالْاٰخَرُ فِيْهِ خَمْرٌ فَقِيْلَ لِيْ خُذْ اَيَّهُمَا شِئْتَ فَاَخَذْتُ اللَّبَنَ فَشَرِبْتُهُ فَقِيْلَ لِيْ هُدِيْتَ لِلْفِطْرَةِ اَوْاَصَبْتَ الْفِطْرَةَ اَمَا اِنَّكَ لَوْ اَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۵۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کے لیے لے جایا گیا تو میری ملاقات موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی۔راوی کہتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے ان کا حلیہ بیان کیا اور میرا خیال ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کے سر کے بال بکھرے ہوئے تھے۔گویا کہ وہ شنوہ قبیلے کے لوگوں میں سے ہیں۔پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ میری ملاقات عیسیٰ علیہ السلام سے ہوئی اور نبی اکرم ﷺ نے ان کا حلیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ میانہ قد اور سرخ ہیں گویا کہ ابھی دیماس یعنی حمام سے نکلے ہیں۔پھر آپؐ نے فرمایا میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا۔میں انکی اولاد کے بہت مشابہ ہوں۔پھر میرے پاس دو برتن لائے گئے۔ایک میں دودھ اور دوسرے میں شراب تھی۔مجھ سے کہا گیا کہ ان دونوں میں سے جو چاہو لے لو۔میں نے دودھ لیا اور پی لیا۔چنانچہ مجھ سے کہا گیا کہ آپ کو فطرت کے راستے پر چلایا گیا یا فرمایا کہ آپ فطرت کو پہنچے کیونکہ اگر آپ شراب پی لیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔یہ

حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۵۸ : حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ مُلْجَمًا مُسْرَجًا فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ جِبْرَئِيْلُ اَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هٰذَا فَمَا رَكِبَكَ اَحَدٌ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْهُ قَالَ فَارْفَضَّ عَرَقًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَلَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.

۱۰۵۸: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ شب معراج میں نبی اکرم ﷺ کے لیے براق لایا گیا جس کو لگام ڈالی ہوئی اور زین کسی ہوئی تھی۔ اس نے شوخی کی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا: کیا تو محمد (ﷺ) کے ساتھ ایسی شوخی کر رہا ہے۔ آج تک تجھ پر اللہ کے نزدیک ان سے زیادہ عزیز سوار نہیں ہوا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر اسے پسینہ آ گیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبدالرزاق کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۵۹ : حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا اَبُوْ تُمَيْلَةَ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ جُنَادَةَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا انْتَهَيْنَا اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدَسِ قَالَ جِبْرَئِيْلُ بِاِصْبَعِهٖ فَخَرَقَ بِهِ الْحَجَرَ وَشَدَّ بِهَا الْبُرَاقَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۰۵۹: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ (شب معراج) کو ہم جب بیت المقدس پہنچے تو جبرائیل علیہ السلام نے اپنی انگلی سے اشارہ کر کے ایک پتھر میں سوراخ کیا اور پھر براق کو اس سے باندھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۰۶۰ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا كَذَّبَتْنِيْ قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَى اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ اٰيَاتِهٖ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ ذَرٍّ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ.

۱۰۶۰: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب قریش نے مجھے جھٹلایا تو میں ایک پتھر پر کھڑا ہوا اور اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو میرے سامنے کر دیا۔ چنانچہ میں اسے دیکھتے ہوئے انہیں اسکی نشانیاں بتانے لگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں مالک بن صعصعہ، ابوسعید، ابن عباس، ابوذر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔

۱۰۶۱ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ قَالَ هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ اُرِيَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَالشَّجَرَةُ الْمَلْعُوْنَةُ فِي الْقُرْاٰنِ قَالَ هِيَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۶۱: حضرت ابن عباسؓ "اللہ تعالیٰ کے قول" وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا .....الآیۃ" (اور وہ خواب جو ہم نے تمہیں دکھایا اور وہ خبیث درخت جس کا ذکر قرآن میں ہے ان سب کو ان لوگوں کیلئے فتنہ بنا دیا۔ بنی اسرائیل۔ آیت ۶۰۔) کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس خواب سے مراد شب معراج کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کا بیت المقدس تک جانا اور آنکھ سے دیکھنا ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں مذکور ملعون درخت سے مراد زقوم کا درخت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۶۲: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدِ الْقُرَشِيُّ الْكُوْفِيُّ نَا اَبِيْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِاِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا تَشْهَدُهٗ مَلاَئِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلاَئِكَةُ النَّهَارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ.

۱۰۶۲: حضرت ابوہریرہؓ ''وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ... الآیۃ'' (بے شک قرآن پڑھنا فجر کا ہوتا ہے رو برو۔ بنی اسرائیل آیت ۷۸) کی تفسیر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر رات اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور علی بن مسہر اسے اعمش سے وہ ابوصالح سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور ابوسعیدؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ علی بن حجر نے بواسطہ مسہر اور اعمش سے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ قَالَ يُدْعٰى اَحَدُهُمْ فَيُعْطٰى كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَيُمَدُّلَهٗ فِيْ جِسْمِهٖ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا وَيُبَيَّضُ وَجْهُهٗ وَيُجْعَلُ عَلٰى رَاْسِهٖ تَاجٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ يَتَلَاْلَأُ فَيَنْطَلِقُ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَيَرَوْنَهٗ مِنْ بُعْدٍ فَيَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُمَّ ائْتِنَا بِهٰذَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ هٰذَا حَتّٰى يَاْتِيَهُمْ فَيَقُوْلُ لَهُمْ اَبْشِرُوْا لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلُ هٰذَا وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيُسَوَّدُ وَجْهُهٗ وَيُمَدُّلَهٗ فِيْ جِسْمِهٖ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ وَيُلْبَسُ تَاجًا فَيَرَاهُ اَصْحَابُهٗ فَيَقُوْلُوْنَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهٰذَا اَللّٰهُمَّ لَا تَاْتِنَا بِهٰذَا قَالَ فَيَاْتِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَخِّرْهُ فَيَقُوْلُ اَبْعَدَكُمُ اللّٰهُ فَاِنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَالسُّدِّيُّ اِسْمُهٗ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

۱۰۶۳: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت ''يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ ... الآیۃ'' (جس دن ہم ہر فرقہ کو ان کے سرداروں کے ساتھ بلائیں گے۔ سو جسے اس کا اعمال نامہ اسکے داہنے ہاتھ میں دیا گیا سو وہ لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے۔ بنی اسرائیل آیت ۷۱۔) کی تفسیر میں فرمایا کہ ایک شخص کو بلا کر نامہ اعمال اسکے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور اس کا بدن ساٹھ گز لمبا کر دیا جائے گا۔ پھر اس کا چہرہ روشن کر کے اس کے سر پر موتیوں کا ایک تاج پہنایا جائے گا۔ جو چمک رہا ہوگا۔ پھر وہ اپنے ساتھیوں کی طرف جائیگا تو وہ اسے دور ہی سے دیکھ کر کہیں گے کہ یا اللہ ہمیں بھی ایسی نعمتیں عطا فرما اور ہمارے لیے اس میں برکت دے یہاں تک کہ وہ آئے گا اور ان سے کہے گا کہ تم میں سے ہر شخص کیلئے ایسے انعام کی خوشخبری ہے لیکن کافر کا منہ سیاہ ہوگا اور اس کا جسم ساٹھ گز تک بڑھا دیا جائے گا۔ جیسے کہ آدم علیہ السلام کا قد و جسم تھا۔ پھر اسے بھی ایک تاج پہنایا جائے گا۔ جسے اللہ کے دوست دیکھیں گے تو کہیں گے کہ ہم اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ اے اللہ ہمیں یہ چیز نہ دینا اور جب وہ ان کے پاس جائیگا تو وہ کہیں گے کہ یا اللہ اسے ہم سے دور کر دے۔ وہ کہے گا اللہ تمہیں دور کرے تم میں سے ہر شخص کے لیے اس کے مثل ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور سدی کا نام اسماعیل بن عبدالرحمٰن ہے۔

۱۰۶۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيْدَ الزَّعَافِرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

۱۰۶۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ''عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ ... الآیۃ'' (قریب ہے کہ تیرا رب

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وَسُئِلَ عَنْهَا قَالَ هِيَ الشَّفَاعَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَدَاوُدُ الزَّعَافِرِيُّ هُوَ دَاوُدُ الْاَوْدِيُّ وَ هُوَ عَمُّ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْسَ.

تجھے مقام محمود میں پہنچادے۔ بنی اسرائیل۔آیت ۷۹) کی تفسیر پوچھی گئی تو آپؐ نے فرمایا کہ اس سے مراد شفاعت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور داؤد زعافری سے مراد داؤد داودی ہیں یہ عبداللہ بن ادریس کے چچا ہیں۔

۱۰۶۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلٰثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ نُصُبًا فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْعَنُهَا بِمِخْصَرَةٍ فِيْ يَدِهٖ وَرُبَّمَا قَالَ بِعُوْدٍ وَيَقُوْلُ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۱۰۶۵: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے موقع پر مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو کعبہ کے گرد تین سو ساٹھ (بت) پتھر نصب تھے۔ چنانچہ آپؐ کے ہاتھ میں ایک چھڑی یا لکڑی تھی اس کے ساتھ آپؐ ان بتوں کو مارتے اور گراتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے" جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ....." (حق آیا اور باطل بھاگ گیا بے شک جھوٹ ہے نکل بھاگنے والا۔ بنی اسرائیل) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۰۶۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا جَرِيْرٌ عَنْ قَابُوْسَ بْنِ اَبِيْ ظَبْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ ثُمَّ اُمِرَ بِالْهِجْرَةِ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۶۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ مکہ مکرمہ میں تھے پھر ہجرت کا حکم دیا گیا اور یہ آیت نازل ہوئی "وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ ....الآیہ" (کہہ اے رب داخل کر مجھ کو سچا داخل کرنا اور نکال مجھ کو سچا نکالنا اور عطا کر دے مجھ کو اپنے پاس سے حکومت کی مدد۔ بنی اسرائیل۔آیت ۸۰۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۶۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَتْ قُرَيْشٌ لِيَهُوْدَ اَعْطُوْنَا شَيْئًا نَسْاَلُ عَنْهُ هٰذَا الرَّجُلَ فَقَالَ سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ فَسَاَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا قَالُوْا اُوْتِيْنَا عِلْمًا كَثِيْرًا اُوْتِيْنَا التَّوْرَاةَ وَمَنْ اُوْتِيَ التَّوْرَاةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا فَاُنْزِلَتْ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۰۶۷: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ قریش نے یہود سے فرمائش کی کہ ہمیں کوئی ایسی چیز بتاؤ کہ ہم اسکے متعلق نبی اکرم ﷺ سے پوچھیں۔ انہوں نے کہا کہ ان سے روح کے متعلق پوچھیں۔ چنانچہ جب انہوں نے پوچھا تو یہ آیات نازل ہوئیں۔ "وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ .....الآیہ" (اور تجھ سے پوچھتے ہیں روح کو کہہ دے روح ہے میرے رب کے حکم سے اور تم کو علم دیا ہے تھوڑا سا اور اگر ہم چاہیں تو لے جائیں اس چیز کو جو ہم نے تجھ کو وحی بھیجی۔ پھر تو نہ پائے اپنے واسطے اسکے لا دینے کو ہم پر کوئی ذمہ دار۔ بنی اسرائیل ۔۶۸۔) وہ کہنے لگے ہمیں تو بہت علم دیا گیا ہے۔ ہمیں تورات دی گئی اور جسے تورات ملی اسے بہت کچھ

دیا گیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ ..... الآیہ"۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۰۶۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرْثٍ بِالْمَدِيْنَةِ وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى عَسِيْبٍ فَمَرَّ بِنَفَرٍ مِّنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَوْ سَأَلْتُمُوْهُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا تَسْأَلُوْهُ فَاِنَّهٗ يُسْمِعُكُمْ مَاتَكْرَهُوْنَ فَقَالُوْا يَا اَبَا الْقَاسِمِ حَدِّثْنَا عَنِ الرُّوْحِ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً وَرَفَعَ رَأْسَهٗ اِلَى السَّمَاءِ فَعَرَفْتُ اَنَّهٗ يُوْحٰى اِلَيْهِ حَتّٰى صَعِدَ الْوَحْيُ ثُمَّ قَالَ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۱۰۶۸: حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مدینہ کے ایک کھیت میں چل رہا تھا۔ آپ کھجور کی ایک ٹہنی پر ٹیک لگائے ہوئے چل رہے تھے کہ یہودیوں کی ایک جماعت پر سے گزر ہوا۔ بعض کہنے لگے کہ ان سے کچھ پوچھنا چاہیے جبکہ دوسرے کہنے لگے کہ مت سوال کرو کیونکہ وہ ایسا جواب دیں گے جو تمہیں برا لگے گا۔ لیکن انہوں نے آپ سے روح کے متعلق سوال کر دیا تو آپ کچھ دیر کھڑے رہے پھر سر مبارک آسمان کی طرف اٹھایا۔ میں سمجھ گیا کہ آپ کی طرف وحی کی جا رہی ہے یہاں تک کہ وحی کے آثار ختم ہوئے اور آپ نے فرمایا "اَلرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ... الآیہ" (یعنی روح میرے رب کے حکم سے ہے۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۶۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَسَنُ ابْنُ مُوْسٰى وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةَ اَصْنَافٍ صِنْفًا مُشَاةً وَصِنْفًا رُكْبَانًا وَصِنْفًا عَلٰى وُجُوْهِهِمْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَمْشُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ قَالَ اِنَّ الَّذِيْ اَمْشَاهُمْ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُمْشِيَهُمْ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اَمَا اِنَّهُمْ يَتَّقُوْنَ بِوُجُوْهِهِمْ كُلَّ حَدَبٍ وَشَوْكَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى وُهَيْبٌ عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِّنْ هٰذَا۔

۱۰۶۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگ تین اصناف میں منقسم ہو کر جمع ہوں گے۔ پیدل، سوار اور چہروں پر گھسٹتے ہوئے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: چہروں پر کیسے چلیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے انہیں پیروں پر چلایا وہ انہیں سروں پر چلانے پر بھی قادر ہے۔ جان لو کہ وہ اپنے منہ سے ہر بلندی اور کانٹے سے بچ کر چلیں گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو ابن طاؤس اپنے والد سے وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۰۷۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ رِجَالًا وَّرُكْبَانًا وَتُجَرُّوْنَ عَلٰى وُجُوْهِكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ۔

۱۰۷۰: حضرت بہز بن حکیم اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن تم لوگ پیدل، سوار اور چہروں کے بل گھسیٹتے ہوئے اکٹھے کئے جاؤ گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۰۷۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَاَبُو الْوَلِيْدِ اللَّفْظُ لَفْظُ يَزِيْدَ وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ اَنَّ يَهُوْدِيَّيْنِ قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اِذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ نَسْأَلُهُ قَالَ لَا تَقُلْ لَهٗ نَبِيٌّ فَاِنَّهٗ اِنْ يَسْمَعْهَا تَقُوْلُ نَبِيٌّ كَانَتْ لَهٗ اَرْبَعَةُ اَعْيُنٍ فَاَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَاهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِيْءٍ اِلٰى سُلْطَانٍ فَيَقْتُلَهٗ وَلَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَةً وَلَا تَفِرُّوْا مِنَ الزَّحْفِ شَكَّ شُعْبَةُ وَعَلَيْكُمُ الْيَهُوْدِ خَاصَّةً اَلَّا تَعْتَدُوْا فِي السَّبْتِ فَقَبَّلَا يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ وَقَالَا نَشْهَدُ اَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمَا اَنْ تُسْلِمَا قَالَا اَنَّ دَاوُدَ دَعَا اللّٰهَ اَنْ لَا يَزَالُ فِيْ ذُرِّيَّتِهٖ نَبِيٌّ وَاِنَّا نَخَافُ اِنْ اَسْلَمْنَا اَنْ تَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۷۱: حضرت صفوان بن عسال مرادی فرماتے ہیں کہ دو یہودیوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کہ چلو اس نبی کے پاس چلتے ہیں اور کچھ پوچھتے ہیں۔ دوسرا کہنے لگا کہ انہیں نبی مت کہو اگر انہوں نے سن لیا تو خوشی سے انکی چار آنکھیں ہوجائیں گی۔ پھر وہ دونوں آئے اور نبی اکرم ﷺ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی۔ ''وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ.....الآیہ'' (البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نو کھلی نشانیاں دی تھیں۔ بنی اسرائیل۔۱۰۱۔) آپ نے فرمایا وہ یہ ہیں (۱) اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ (۲) زنا مت کرو (۳) چوری مت کرو (۴) جادو مت کرو (۵) کسی بے گناہ کو حاکم کے پاس نہ لے جاؤ کہ وہ اسے قتل کرے (۶) سودخوری نہ کرو (۷) کسی پاکباز عورت پر زنا کی تہمت نہ لگاؤ (۸) دشمنوں سے مقابلے کے وقت راہ فرار اختیار نہ کرو۔ اور شعبہ کو شک ہے کہ نویں بات یہ تھی کہ یہودیوں کے لیے خاص حکم یہ ہے کہ ہفتے کے دن زیادتی نہ کریں۔ چنانچہ وہ دونوں نبی اکرم ﷺ کے پاؤں چومنے لگے اور کہنے لگے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے نبی ہیں۔ آپ نے پوچھا کہ پھر کس چیز نے تمہیں مسلمان ہونے سے روکا ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ داؤد علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ نبی ہمیشہ ان کی اولاد میں سے ہو۔ ہمیں خوف ہے کہ اگر ہم ایمان لے آئے تو یہودی ہمیں قتل نہ کردیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَلَمْ يَذْكُرْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهُشَيْمٌ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا قَالَ نَزَلَتْ بِمَكَّةَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ صَوْتَهٗ بِالْقُرْاٰنِ سَبَّهُ الْمُشْرِكُوْنَ وَمَنْ اَنْزَلَهٗ وَمَنْ جَاءَ بِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا

۱۰۷۲: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ''وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ.....الآیہ'' (اور اپنی نماز میں نہ چلا کر پڑھ اور نہ بالکل ہی آہستہ پڑھ اور اس کے درمیان راستہ اختیار کر۔ بنی اسرائیل (آیت ۱۱۰)) مکہ میں نازل ہوئی۔ آپؐ اگر بلند آواز سے قرآن پڑھتے تو مشرکین قرآن کو، اسکو نازل کرنے والے اور اسے لانیوالے کو گالیاں دینے لگتے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ نہ قرآن اتنی بلند آواز سے پڑھیں کہ مشرکین قرآن کو،

تَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ فَيَسُبُّوا الْقُرْاٰنَ وَ مَنْ اَنْزَلَهٗ وَمَنْ جَاءَ بِهٖ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا عَنْ اَصْحَابِکَ بِاَنْ تُسْمِعَهُمْ حَتّٰى يَاْخُذُوْا عَنْکَ الْقُرْاٰنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اسکو نازل کرنے والے اور اسے لانے والے کو گالیاں دینے لگیں اور نہ اتنا آہستہ کہ صحابہؓ سن نہ سکیں۔ یعنی اتنی آواز پر پڑھیے کہ آپؐ سے قرآن سیکھ سکیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

۱۰۷۳ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِکَ سَبِيْلًا قَالَ نَزَلَتْ وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ وَكَانَ اِذَا صَلّٰى بِاَصْحَابِهٖ رَفَعَ صَوْتَهٗ بِالْقُرْاٰنِ فَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا سَمِعُوْا شَتَمُوا الْقُرْاٰنَ وَمَنْ اَنْزَلَهٗ وَمَنْ جَاءَ بِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ اَىْ بِقِرَاءَتِکَ فَيَسْمَعُ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّ الْقُرْاٰنَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا عَنْ اَصْحَابِکَ وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِکَ سَبِيْلًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۷۳: حضرت ابن عباسؓ "وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ......" کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یہ اس وقت نازل ہوئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں چھپ کر دعوت دیتے تھے اور صحابہؓ کے ساتھ نماز پڑھتے تو قرآن بلند آواز سے پڑھتے۔ چنانچہ مشرکین جب قرآن سنتے تو اسے اور اس کے لانے والے کو گالیاں دینے لگتے لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو حکم دیا کہ اتنی بلند آواز سے مت پڑھیے کہ مشرکین سنیں اور اسے گالیاں دیں اور اتنی آہستہ بھی نہ پڑھیے کہ صحابہ کرامؓ سن نہ سکیں بلکہ ان دونوں کے درمیان کا راستہ اختیار کیجئے (یعنی درمیانی آواز سے پڑھیے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷۴ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ قُلْتُ لِحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ لَا قُلْتُ بَلٰى قَالَ اَنْتَ تَقُوْلُ ذٰلِکَ يَا اَصْلَعُ بِمَ تَقُوْلُ ذٰلِکَ قُلْتُ بِالْقُرْاٰنِ بَيْنِیْ وَبَيْنَکَ الْقُرْاٰنُ فَقَالَ حُذَيْفَةُ مَنِ احْتَجَّ بِالْقُرْاٰنِ فَقَدْ اَفْلَحَ قَالَ سُفْيَانُ يَقُوْلُ قَدِ احْتَجَّ وَرُبَّمَا قَالَ قَدْ فَلَجَ فَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى قَالَ اَفَتَرَاهُ صَلّٰى فِيْهِ قُلْتُ لَا قَالَ لَوْ صَلّٰى فِيْهِ لَكُتِبَتْ عَلَيْكُمُ الصَّلٰوةُ فِيْهِ كَمَا كُتِبَتِ الصَّلَاةُ فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ حُذَيْفَةُ قَدْ اُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَابَّةٍ طَوِيْلَةِ الظَّهْرِ مَمْدُوْدَةٍ هٰكَذَا خَطْوُهٗ مَدُّ بَصَرِهٖ فَمَا زَايَلَا ظَهْرَ الْبُرَاقِ حَتّٰى رَاَيَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَوَعْدَ الْاٰخِرَةِ اَجْمَعَ ثُمَّ رَجَعَا عَوْدَهُمَا عَلٰى بَدْئِهِمَا

۱۰۷۴: حضرت زر بن حبیش کہتے ہیں کہ میں نے حذیفہ بن یمان سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المقدس میں نماز پڑھی تھی۔ انہوں نے فرمایا: نہیں۔ میں نے کہا کیوں نہیں۔ انہوں نے فرمایا: گنجے تم ہاں کہتے ہو تو تمہاری کیا دلیل ہے۔ میں نے کہا قرآن۔ میرے اور تیرے درمیان قرآن ہے۔ حذیفہؓ نے فرمایا جس نے قرآن سے دلیل لی وہ کامیاب ہوگیا۔ سفیان کہتے ہیں کہ کبھی راوی یہ بھی کہتے تھے کہ جس نے دلیل قرآن سے لی واقعی اس نے دلیل پیش کی پھر حذیفہؓ نے یہ آیت پڑھی "سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰى..... الآیہ"۔ (وہ پاک ہے جس نے راتوں رات اپنے بندے کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی۔ بنی اسرائیل۔ آیت۔۱) اور پوچھا کہ کیا اس میں کہیں ہے کہ آپؐ نے کہیں نماز پڑھی۔ وہ فرمانے لگے نہیں۔ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا اگر آپؐ نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہوتی تو تم لوگوں پر بھی بیت المقدس میں نماز پڑھنا واجب ہو جاتا جیسے کہ مسجد حرام میں پڑھنا واجب

قَالَ وَيَتَحَدَّثُوْنَ اَنَّهُ رَبَطَهُ لِمَا لَيَفِرَّمِنْهُ وَاِنَّمَا سَخَّرَهُ لَهُ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہے۔ حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک لمبی پیٹھ والا جانور لایا گیا اسکا قدم وہاں پڑتا جہاں اسکی نظر ہوتی اور پھر وہ دونوں جنت، دوزخ اور آخرت کے متعلق ہونے والے وعدوں کی چیزیں دیکھنے تک اسکی پیٹھ سے نہیں اترے پھر واپس ہوئے۔ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے بیت المقدس میں باندھ دیا تھا۔ حالانکہ اسکی ضرورت نہیں تھی۔ کیا وہ بھاگ جاتا؟ جبکہ اسے عالم الغیب والشہادۃ نے نبی اکرم ﷺ کے لیے مسخر کر دیا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا سَيِّدُ وَلَدِاٰدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَوَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ اٰدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخْرَقَالَ فَيَفْزَعُ النَّاسُ ثَلَاثَ فَزَعَاتٍ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اَبُوْ نَا اٰدَمُ فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ فَيَقُوْلُ اِنِّيْ اَذْنَبْتُ ذَنْبًا اُهْبِطْتُ مِنْهُ اِلَى الْاَرْضِ وَلٰكِنْ اِيْتُوْانُوْحًا فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُ اِنِّيْ دَعَوْتُ عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ دَعْوَةً فَاُهْلِكُوْا وَلٰكِنِ اذْهَبُوْا اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُ اِنِّيْ كَذَبْتُ ثَلَاثَ كَذِبَاتٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْهَا كَذِبَةٌ اِلَّا مَا حَلَّ بِهَاعَنْ دِيْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُوْسٰى فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُ اِنِّيْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا وَلٰكِنِ ائْتُوْاعِيْسٰى فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُ اِنِّيْ عُبِدْتُّ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَيَاْتُوْنِيْ فَانْطَلِقُ مَعَهُمْ قَالَ ابْنُ جُدْعَانَ قَالَ اَنَسٌ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُاِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاٰخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَاُقَعْقِعُهَا فَيُقَالُ مَنْ هٰذَا فَيُقَالُ مُحَمَّدٌ فَيَفْتَحُوْنَ لِيْ وَيُرَحِّبُوْنَ بِيْ فَيَقُوْلُوْنَ مَرْحَبًا فَاَخِرُّ سَاجِدًا فَيُلْهِمُنِي اللّٰهُ مِنَ الثَّنَاءِ وَالْحَمْدِ فَيُقَالُ اِرْفَعْ رَأْسَكَ وَسَلْ تُعْطَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَقُلْ يُسْمَعْ

۱۰۷۵: حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے پاس حمد کا جھنڈا ہوگا۔ میں ان (انعامات پر) فخر نہیں کرتا۔ پھر اس دن کوئی نبی نہیں ہوگا اور آدم علیہ السلام سمیت تمام انبیاء میرے جھنڈے تلے ہوں گے۔ میرے ہی لیے (بعثت کے وقت) سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔ پھر فرمایا کہ لوگ تین مرتبہ سخت گھراہٹ میں مبتلا ہوں گے چنانچہ وہ آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے کہ آپ ہمارے باپ ہیں۔ اپنے رب سے ہماری سفارش کیجئے۔ وہ فرمائیں گے کہ میں نے ایک گناہ کیا تھا جسکی وجہ سے مجھے جنت سے نکال کر زمین پر اتار دیا گیا (میں سفارش نہیں کرسکتا) تم نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ چنانچہ وہ انکے پاس جائیں گے۔ حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے کہ میں نے زمین پر ایک دعا مانگی تھی اور وہ ہلاک کر دیئے گئے۔ تم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ.... وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے کہ میں نے تین مرتبہ (بظاہر) جھوٹ خلاف واقعہ بات کہی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کوئی ایسا جھوٹ نہیں بولا بلکہ ان کا مقصد صرف دین کی تائید تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ کہیں گے کہ میں نے ایک شخص کو قتل کیا تھا۔ تم عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے تو وہ کہیں گے کہ اللہ کے سوا میری

لِقَوْلِكَ وَهُوَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا قَالَ سُفْیَانُ لَیْسَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا هٰذِهِ الْكَلِمَةُ فَاٰخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَاُقَعْقِعُهَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ الْحَدِیْثَ بِطُوْلِهٖ۔

عبادت کی گئی۔ لہٰذا تم لوگ محمد (ﷺ) کے پاس جاؤ۔ پھر وہ لوگ میرے پاس آئیں گے تو میں انکے ساتھ جاؤں گا۔ ابن جدعان، حضرت انسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ گویا میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: میں جنت کا دروازہ پکڑ کر کھڑا ہوں گا اور اسے کھٹکھٹاؤں گا۔ پوچھا جائیگا کون ہے؟ کہا جائے گا کہ محمد (ﷺ) ہیں۔ پھر وہ میرے لیے دروازہ کھولیں گے اور مجھے خوش آمدید کہیں گے۔ پھر میں سجدہ ریز ہو جاؤں گا۔ اور اللہ تعالیٰ مجھے اپنی حمد وثنا بیان کرنے کے لیے الفاظ سکھائیں گے۔ پھر مجھے کہا جائے گا کہ سر اٹھاؤ اور مانگو جو مانگو گے دیا جائے گا۔ شفاعت کرو گے تو قبول کی جائے گی اور اگر کچھ کہو گے تو سنا جائے گا۔ اور یہی مقام محمود ہے۔ جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ "عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا...الآیہ" (یعنی عنقریب اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو مقام محمود پر فائز کرے گے۔ بنی اسرائیل (۷۹) حضرت سفیان کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی حدیث میں بھی یہی الفاظ ہیں کہ میں جنت کا دروازہ پکڑ کر کھڑا ہوں گا اور اسے کھٹکھٹاؤں گا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض راوی اس حدیث کو ابو نضرہ سے اور وہ ابن عباسؓ سے مکمل روایت کرتے ہیں۔

خلاصہ سورۂ بنی اسرائیل: اس سورۃ میں فرمایا ہم نے تمہیں معجزہ اسراء (معراج) دکھادیا ہے اگر یہ عظیم الشان معجزہ دیکھ کر بھی مسئلہ توحید نہیں مانیں گے تو ہلاک کردئے جائیں گے۔ امام ترمذیؒ نے چند احادیث سفر معراج کی نقل کیں ہیں قرآن کریم نے اسراء کا لفظ استعمال کیا ہے۔ استراءٌ سے مشتق ہے جس کے لغوی معنی رات کو لے جانا ہیں۔ سورۃ بنی اسرائیل میں اسراء کا ذکر ہے یعنی مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کے سفر کا ذکر ہے اور مسجد اقصیٰ سے جو سفر آسمانوں کی طرف ہوا ہے اس کا نام معراج ہے اس کا ذکر سورۂ نجم کی آیت نمبر ۲۷ میں ہے اور احادیث متواترہ سے ثابت ہے کہ یہ تمام سفر صرف روحانی نہیں تھا بلکہ جسمانی تھا جیسے عام انسان سفر کرتے ہیں قرآن کریم کے پہلے ہی لفظ سبحان میں اس طرف اشارہ موجود ہے کیونکہ یہ لفظ تعجب اور کسی عظیم الشان امر کے لئے استعمال ہوتا ہے اگر معراج صرف روحانی بطور خواب کے ہوتا تو اس میں کون سی عجیب بات ہے خواب تو ہر مسلمان بلکہ ہر انسان دیکھ سکتا ہے۔ دوسرا اشارہ لفظ عبد سے اسی طرف ہے کیونکہ عبد صرف روح نہیں بلکہ جسم و روح کے مجموعہ کا نام ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۶ کے بارے میں حدیث نمبر ۱۰۶۱ میں رؤیا یعنی خواب کئے گئے ہیں اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اس معاملہ کو تشبیہ کے طور پر رءیا کہا گیا ہو اور اگر رءیا کے معنی خواب ہی کے لئے جائیں تو یہ بھی کچھ بعید نہیں کہ واقعہ معراج جسمانی کے علاوہ اس سے پہلے یا پیچھے یہ معراج روحانی بطور خواب بھی ہوئی اس لئے حضرت ابن عباسؓ سے جو اس کا واقعہ خواب ہونا منقول ہے وہ بھی اپنی جگہ صحیح ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ معراج جسمانی نہ ہوئی ہو۔ امام ترمذیؒ نے فتح مکہ کے روز کعبہ مکرمہ کے اندر سے بتوں کے گرانے کا ذکر بھی کیا ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مشرکین کے بت اور دوسرے مشرکانہ نشانات کو مٹانا واجب ہے اور تمام وہ آلات باطلہ جن کا مصرف صرف معصیت اور گناہ ہو ان کا مٹانا بھی اسی حکم میں ہے اس کے بعد امام ترمذیؒ نے روح کے متعلق قریش کے سوال اور حضور ﷺ کا بذریعہ وحی جواب دینا نقل کیا ہے اس میں غور طلب بات یہ ہے کہ سوال کرنے والوں نے روح کا سوال کس معنی کے لحاظ سے کیا تھا بعض حضراتِ مفسرین نے سیاق و

سباق کی رعایت سے یہ سوال وحی اور قرآن یا وحی لانے والے فرشتے جبرئیلؑ کے متعلق قرار دیا ہے لیکن احادیث صحیحہ مرفوعہ میں جو اس آیت کا شان نزول بتلایا گیا ہے وہ تقریباً اس میں صریح ہے کہ سوال کرنے والوں نے روح حیوانی کا سوال کیا تھا اور مقصد سوال کا روح کی حقیقت معلوم کرنا تھا کہ وہ کیا چیز ہے بدن انسانی میں کس طرح آتی جاتی ہے اور کس طرح اس سے حیوان اور انسان زندہ ہو جاتا ہے اس سوال جواب میں رسول اللہ ﷺ کو یہ حکم ہوا کہ آپ ﷺ ان کے جواب میں یہ فرما دیجئے کہ: روح میرے پروردگار کے حکم سے ہے یعنی وہ تمام مخلوقات کی طرح نہیں جو مادہ کے تصورات اور توالد و تناسل کے ذریعہ وجود میں آتی ہے بلکہ وہ بلا واسطہ حق تعالیٰ شانہٗ کے حکم کُن سے پیدا ہونے والی چیز ہے اس جواب نے یہ تو واضح کر دیا کہ تمام مادیات پر قیاس نہیں کیا جا سکتا انسان کے لئے اتنا ہی علم روح کے متعلق کافی ہے اس سے زائد علم کے ساتھ اس کا کوئی دینی یا دنیوی کام اٹکا ہوا نہیں اس لئے وہ حصہ سوال فضول اور لایعنی قرار دے کر اس کا جواب نہیں دیا گیا خصوصاً جبکہ اس کی حقیقت کا سمجھنا عوام کے لئے تو کیا بڑے بڑے حکماء و عقلاء کے لئے بھی آسان نہیں۔ حدیث نمبر ۱۰۷۱ میں نو آیات بیّنات کی تفسیر بیان کی گئی ہے ویسے آیت کا لفظ معجزہ کے معنی میں بھی آتا ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے ۹ معجزات شمار فرمائے ہیں (۱) عصائے موسیٰؑ (۲) ید بیضا (۳) زبان میں لکنت تھی وہ دور کر دی گئی (۴) بنی اسرائیل کے دریا پار کرنے کیلئے دریا کو پھاڑ کر اس کے دو حصے الگ کر دئے اور راستہ دیدیا (۵) ٹڈی دَل کا عذاب غیر معمولی صورت میں بھیج دیا گیا (۶) طوفان بھیج دیا گیا (۷) بدن کے کپڑوں میں بے حد جوئیں پیدا کر دی گئیں جن سے بچنے کا کوئی راستہ نہ دیا (۸) مینڈکوں کا ایک عذاب مسلط کر دیا گیا کہ ہر کھانے پینے کی چیز میں مینڈک آ جاتے تھے (۹) خون کا عذاب بھیجا گیا کہ ہر برتن اور کھانے پینے کی چیز میں خون مل جاتا تھا۔ تسع ۹ آیات بیّنات کی دونوں تفسیریں کی گئی ہیں لیکن پہلی تفسیر جو حدیث باب میں ہے اسکو بہت سے مفسرین نے ترجیح دی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

۱۰۷۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِا بْنِ عَبَّاسٍ اِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِیَّ يَزْعَمُ اَنَّ مُوْسٰی صَاحِبَ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ لَيْسَ بِمُوْسٰی صَاحِبِ الْخَضِرِ قَالَ كَذِبَ عَدُوُّاللّٰهِ سَمِعْتُ اُبَیَّ بْنَ كَعْبٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَامَ مُوْسٰی خَطِيْبًا فِیْ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ فَسُئِلَ اَیُّ النَّاسِ اَعْلَمُ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اِذْلَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَيْهِ فَاَوْحَی اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِیْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ مُوْسٰی اَیْ رَبِّ فَكَيْفَ لِیْ بِهٖ فَقَالَ لَهُ احْمِلْ حُوْتًا فِیْ مِكْتَلٍ فَحَيْثُ تَفْقِدُ الْحُوْتَ فَهُوَ ثَمَّ فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَهٗ فَتَاهُ وَ هُوَيُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ فَجَعَلَ

تفسیر سورۂ کہف

۱۰۷۶: حضرت سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں کہ میں نے ابن عباسؓ سے عرض کیا کہ نوف بکالی کہتا ہے کہ بنی اسرائیل والے موسیٰ علیہ السلام وہ نہیں جن کا خضر کے ساتھ بھی ایک قصہ ہے۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کا دشمن جھوٹ بولتا ہے۔ میں نے ابی بن کعبؓ کو نبی اکرم ﷺ سے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطاب کرنے کیلئے کھڑے ہوئے تو ان سے سوال کیا گیا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ علم کس کے پاس ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: میرے پاس تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب کیا کہ علم کو اللہ کی طرف منسوب کیوں نہیں کیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ بحرین جہاں دو دریا ملتے ہیں وہاں میرے بندوں میں سے ایک بندہ ایسا ہے جس کے پاس آپ سے زیادہ علم ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب میں کس طرح

مُوْسٰی حُوْتًا فِیْ مِکْتَلٍ فَانْطَلَقَ هُوَ وَ فَتَاهُ یَمْشِیَانِ حَتّٰی اِذَا اَتَیَا الصَّخْرَةَ فَرَقَدَ مُوْسٰی وَفَتَاهُ فَاضْطَرَبَ الْحُوْتُ فِی الْمِکْتَلِ حَتّٰی خَرَجَ مِنَ الْمِکْتَلِ فَسَقَطَ فِی الْبَحْرِ فَقَالَ فَاَمْسَکَ اللّٰهُ عَنْهُ جِرْیَةَ الْمَاءِ حَتّٰی کَانَ مِثْلَ الطَّاقِ وَکَانَ لِلْحُوْتِ سَرَبًا وَّکَانَ لِمُوْسٰی وَفَتَاهُ عَجَبًا فَانْطَلَقَا بَقِیَّةَ یَوْمِهِمَا وَ لَیْلَتِهِمَا وَنَسِیَ صَاحِبُ مُوْسٰی اَنْ یُّخْبِرَهُ فَلَمَّا اَصْبَحَ مُوْسٰی قَالَ لِفَتَاهُ اٰتِنَا غَدَآءَ نَا لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا قَالَ وَلَمْ یَنْصَبْ حَتّٰی جَاوَزَ الْمَکَانَ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ قَالَ اَرَاَیْتَ اِذْاَوَیْنَآاِلَی الصَّخْرَةِ فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسَانِیْهُ اِلَّا الشَّیْطَانُ اَنْ اَذْکُرَهٗ وَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ مُوْسٰی ذٰلِکَ مَا کُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰی اٰثَارِهِمَا قَصَصًا قَالَ فَکَانَا یَقُصَّانِ اٰثَارَهُمَا قَالَ سُفْیَانُ یَزْعُمُ نَاسٌ اَنَّ تِلْکَ الصَّخْرَةَ عِنْدَهَا عَیْنُ الْحَیٰوةِ لَا یُصِیْبُ مَاءُ هَا مَیِّتًا اِلَّا عَاشَ قَالَ وَکَانَ الْحُوْتُ قَدْ اُکِلَ مِنْهُ فَلَمَّا قُطِرَ عَلَیْهِ الْمَاءُ عَاشَ قَالَ فَقَصَّا اٰثَارَهُمَا حَتّٰی اَتَیَا الصَّخْرَةَ فَرَاٰی رَجُلًا مُسَجًّی عَلَیْهِ بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ مُوْسٰی قَالَ اَنّٰی بِاَرْضِکَ السَّلَامُ فَقَالَ اَنَا مُوْسٰی قَالَ مُوْسٰی بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ یَا مُوْسٰی اِنَّکَ عَلٰی عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَکَهُ اللّٰهُ لَا اَعْلَمُهٗ وَاَنَا عَلٰی عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِیْهِ لَا تَعْلَمُهٗ فَقَالَ مُوْسٰی هَلْ اَتَّبِعُکَ عَلٰی اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا وَکَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَالَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا قَالَ سَتَجِدُنِیْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا اَعْصِیْ لَکَ اَمْرًا قَالَ لَهُ الْخَضِرُ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْاَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰی اُحْدِثَ لَکَ مِنْهُ ذِکْرًا قَالَ نَعَمْ فَانْطَلَقَ الْخَضِرُ وَمُوْسٰی یَمْشِیَانِ عَلٰی سَاحِلِ الْبَحْرِ فَمَرَّتْ

اسکے پاس پہنچوں گا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا زنبیل میں ایک مچھلی رکھ کر چل دو جہاں وہ کھو جائے گی وہیں وہ شخص آپ کو ملے گا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھ اپنے خادم یوشع بن نون کو لیا اور زنبیل میں مچھلی رکھ کر چل دیئے یہاں تک کہ ایک ٹیلے کے پاس پہنچے تو موسیٰ علیہ السلام اور انکے خادم دونوں لیٹ گئے اور سو گئے۔ مچھلی زنبیل میں ہی کودنے لگی۔ یہاں تک کہ نکل کر دریا میں گر گئی۔ اللہ تعالیٰ نے پانی کا بہاؤ وہیں روک دیا اور وہاں طاق سا بن گیا اور اسکا راستہ ویسا ہی بنا رہا۔ جبکہ موسیٰ علیہ السلام اور انکے ساتھی کے لیے یہ چیز تعجب خیز ہوگئی اور پھر دونوں اٹھ کر باقی دن ورات چلتے رہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی بھول گئے کہ انہیں مچھلی کے متعلق بتائیں۔ صبح ہوئی تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھی سے کھانا طلب کیا اور فرمایا کہ اس سفر میں ہمیں بہت تھکن ہوئی ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام اسی وقت تھکے جب اس جگہ سے تجاوز کیا جسکے متعلق حکم دیا گیا تھا کہ ان کے ساتھی نے کہا۔ دیکھیے جب ہم ٹیلے پر ٹھہرے تھے تو میں مچھلی بھول گیا تھا اور یقیناً یہ شیطان ہی کا کام ہے کہ مجھے بھلا دیا کہ میں آپ سے اس کا تذکرہ کروں کہ اس نے عجیب طریقے سے دریا کا راستہ اختیار کیا۔ موسیٰ علیہ السلام فرمانے لگے وہی جگہ تم تلاش کر رہے تھے چنانچہ وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانوں پر واپس لوٹے۔ سفیان کہتے ہیں کہ لوگوں کا خیال ہے کہ اسی ٹیلے کے پاس آب حیات کا چشمہ ہے۔ جس مردہ پر پڑے وہ زندہ ہو جاتا ہے پھر کہتے ہیں کہ اس مچھلی میں سے کچھ وہ کھا چکے تھے۔ جب اس پر پانی ٹپکا تو وہ زندہ ہوگئی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر چلتے چلتے چٹان کے پاس پہنچے تو ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ چادر سے اپنے آپ کو ڈھانکے ہوئے ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انہیں اسلام کیا۔ انہوں نے فرمایا اس زمین میں سلام کہاں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: میں اس زمین میں موسیٰ ہوں۔ انہوں نے پوچھا بنی اسرائیل کا موسیٰ۔ آپ نے فرمایا

بِهِمَا سَفِينَةٌ فَكَلَّمَا هُمْ اَنْ يَّحْمِلُوْهُمَا فَعَرَفُوْا الْخَضِرَ فَحَمَلُوْهُمَا بِغَيْرِ نَوْلٍ فَعَمَدَ الْخَضِرُ اِلٰى لَوْحٍ مِنْ اَلْوَاحِ السَّفِينَةِ فَنَزَعَهُ فَقَالَ لَهٗ مُوْسٰى قَوْمٌ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ فَعَمَدْتَّ اِلٰى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِينَةِ فَبَيْنَمَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ وَاِذَا غُلَامٌ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَاَخَذَ الْخَضِرُ بِرَاْسِهٖ فَاقْتَلَعَهٗ بِيَدِهٖ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ مُوْسٰى اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ وَ هٰذِهٖ اَشَدُّ مِنَ الْاُوْلٰى قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِيْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا فَانْطَلَقَا حَتّٰى اِذَا اَتَيَا اَهْلَ قَرْيَةِ نِ اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ يَقُوْلُ مَائِلٌ فَقَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهٖ هٰكَذَا فَاَقَامَهٗ فَقَالَ لَهٗ مُوْسٰى وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ قَوْمٌ اَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا وَلَمْ يُطْعِمُوْنَا لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰى لَوَدِدْنَا اَنَّهٗ كَانَ صَبَرَ حَتّٰى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ اَخْبَارِهِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاُوْلٰى كَانَتْ مِنْ مُوْسٰى نِسْيَانًا قَالَ وَجَاءَ عُصْفُوْرٌ حَتّٰى وَقَعَ عَلٰى حَرْفِ السَّفِينَةِ ثُمَّ نَقَرَ فِي الْبَحْرِ فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ مَا نَقَصَ عِلْمِيْ وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنَ الْبَحْرِ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ

"ہاں" حضرت خضر نے فرمایا اے موسیٰ تمہارے پاس اللہ کا دیا ہوا ایک علم ہے جسے میں نہیں جانتا اور میرے پاس خدا کا عطا کردہ ایک علم ہے جسے آپ نہیں جانتے۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا کیا میں اس شرط پر آپ کے پیچھے چلوں کہ آپ میری راہنمائی فرماتے ہوئے مجھے وہ بات سکھائیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو سکھائی۔ حضرت خضر نے فرمایا آپ صبر نہیں کر سکیں گے اور آپ اس چیز پر کیسے صبر کر سکیں گے جس کا آپ کی عقل نے احاطہ نہیں کیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے اور میں آپ کی حکم عدولی نہیں کروں گا۔ حضرت خضر نے فرمایا اگر میری پیروی کرنا ہی چاہتے ہو تو جب تک کوئی بات میں خود نہ بیان کروں آپ مجھے نہیں پوچھیں گے۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا "ٹھیک ہے" پھر حضرت موسیٰ اور حضرت خضر دونوں ساحل پر چل رہے تھے کہ ایک کشتی انکے پاس سے گزری۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بھی سوار کر لو انہوں نے خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور بغیر کرائے کے دونوں کو بٹھالیا۔ خضر علیہ السلام نے اس کشتی کا ایک تختہ اکھیڑ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام کہنے لگے ان لوگوں نے ہمیں بغیر کرائے کے سوار کیا اور آپ نے ان کی کشتی خراب کر دی اور اس میں سوراخ کر دیا تا کہ لوگ غرق ہو جائیں۔ آپ نے ان بڑی بھاری بات کی۔ وہ کہنے لگے میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام کہنے لگے آپ میری بھول چوک پر میری گرفت نہ کیجئے اور اس معاملے میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالیے پھر وہ کشتی سے اتر کر ابھی ساحل پر چل رہے تھے کہ ایک بچہ بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ خضر علیہ السلام نے اس کا سر پکڑا اور اسے ہاتھ سے جھٹکا دے کر قتل کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام کہنے لگے کہ آپ نے ایک بے گناہ کو قتل کر دیا۔ آپ نے بڑی بے جا حرکت کی۔ وہ کہنے لگے کہ میں نے کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ بات پہلی سے زیادہ تعجب خیز تھی۔ موسیٰ علیہ السلام کہنے لگے کہ اگر اسکے بعد

جُبَيْرٍ وَ كَانَ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ وَ كَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَكَانَ يَقْرَأُ وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَقَدْ رَوَاهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ مُزَاحِمٍ السَّمَرْ قَنْدِيُّ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَجَجْتُ حَجَّةً وَلَيْسَ لِيْ هِمَّةٌ اِلَّا اَنْ اَسْمَعَ مِنْ سُفْيَانَ يَذْكُرُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْخَبَرَ حَتّٰى سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ وَقَدْ كُنْتُ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ سُفْيَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ وَلَمْ يَذْكُرِ الْخَبَرَ.

بھی میں آپ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کروں تو آپ مجھے ساتھ نہ رکھیے گا۔ آپ میری طرف سے عذر کو پہنچ چکے ہیں۔ پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہا کہ ایک بستی کے پاس سے گزرے اور ان سے کھانے کے لیے کچھ مانگا تو انہوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا۔ اتنے میں وہاں انہیں ایک دیوار مل گئی جو گرنے ہی والی تھی۔ خضر علیہ السلام نے ہاتھ سے اشارہ کیا اور وہ سیدھی ہوگئی۔ موسیٰ علیہ السلام کہنے لگے کہ ہم ان لوگوں کے پاس آئے تو انہوں نے ہماری ضیافت تک نہیں کی اور ہمیں کھانا کھلانے سے بھی انکار کر دیا۔ اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لے سکتے تھے۔ وہ کہنے لگے یہ وقت ہماری اور آپ کی جدائی کا ہے۔ میں آپ کو ان چیزوں کی حقیقت بتا دیتا ہوں جن پر آپ صبر نہیں کر سکے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہماری چاہت تھی کہ موسیٰ علیہ السلام اللہ ان پر رحمت کرے کچھ دیر اور صبر کرتے تا کہ ہمیں انکی عجیب وغریب خبریں سننے کو ملتیں۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام نے پہلا سوال تو بھول کر کیا تھا پھر ایک چڑیا آئی جس نے کشتی کے کنارے بیٹھ کر دریا میں اپنی چونچ ڈبوئی۔ پھر خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: میرے اور آپ کے علم نے اللہ کے علم میں سے صرف اسی قدر کم کیا جتنا اس چڑیا نے دریا سے۔ سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ یہ آیت اس قراءت میں پڑھتے تھے ''وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا'' اور یہ آیت اس طرح پڑھتے ''وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا''۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اسے ابواسحٰق ہمدانی، سعید بن جبیر سے وہ ابن عباسؓ سے وہ ابی بن کعبؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ زہری بھی عبید اللہ سے وہ ابن عباسؓ سے وہ ابی بن کعبؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ ابومزاحم سمرقندی کہتے ہیں کہ میں نے علی بن مدینی کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے ایک حج صرف اس نیت سے کیا کہ سفیان سے یہ حدیث سنوں وہ اس حدیث میں ایک چیز بیان کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے عمرو بن دینار سے حدیث نقل کی جبکہ اس سے پہلے جب میں نے ان سے یہ حدیث سنی تو انہوں نے اس چیز کا تذکرہ نہیں کیا تھا۔

۱۰۷۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغُلَامُ الَّذِيْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۰۷۷: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جس لڑکے کو خضر علیہ السلام نے قتل کیا تھا وہ کافر پیدا ہوا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۰۷۸ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرَ لِاَنَّهُ جَلَسَ عَلٰى فَرْوَةٍ بَيْضَاءَ فَاهْتَزَّتْ تَحْتَهُ خَضِرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۰۷۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خضرؑ کا نام اس لیے رکھا گیا کہ وہ ایک جگہ بنجر زمین پر بیٹھے تو وہ نیچے سے ہری بھری ہوگئی۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۰۷۹ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ قَالُوْانَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ نَااَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي رَافِعٍ عَنْ حَدِيْثِ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّدِّ قَالَ يَحْفِرُوْنَهُ كُلَّ يَوْمٍ حَتّٰى اِذَا كَادُوْايَخْرِقُوْنَهُ قَالَ الَّذِيْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهُ غَدًا قَالَ فَيُعِيْدُهُ اللّٰهُ كَاَمْثَلِ مَاكَانَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ مُدَّتُهُمْ وَاَرَادَاللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ قَالَ الَّذِيْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهُ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَاسْتَثْنٰى قَالَ فَيَرْجِعُوْنَ فَيَجِدُوْنَهُ كَهَيْئَةِ حِيْنَ تَرَكُوْهُ فَيَخْرِقُوْنَهُ وَيَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ فَيَسْتَقُوْنَ الْمِيَاهَ وَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ فَيَرْمُوْنَ بِسِهَامِهِمْ اِلَى السَّمَاءِ فَتَرْجِعُ مُخْضَبَةً بِالدِّمَاءِ فَيَقُوْلُوْنَ قَهَرْنَا مَنْ فِي الْاَرْضِ وَعَلَوْنَا مَنْ فِي السَّمَاءِ قَسْوًا وَعَلُوًّا فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَغَفًا فِيْ اَقْفَائِهِمْ فَيَهْلِكُوْنَ قَالَ فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ دَوَابَّ الْاَرْضِ تَسْمَنُ وَتَبْطَرُوَتَشْكُرُ شُكْرًا مِنْ لُحُوْمِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِثْلَ هٰذَا.

۱۰۷۹: حضرت ابورافعؒ، حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یاجوج، ماجوج اس دیوار کو روزانہ کھودتے ہیں جب وہ اس میں سوراخ کرنے ہی والے ہوتے ہیں تو ان کا بڑا کہتا ہے چلو باقی کل کھود لینا۔ پھر اللہ تعالیٰ اسے پہلے سے بھی زیادہ مضبوط کر دیتے ہیں یہاں تک کہ ان کی مدت پوری ہوجائے گی اور اللہ چاہے گا کہ انہیں لوگوں پر مسلط کرے تو ان کا حاکم کہے گا کہ چلو باقی کل کھود لینا اور ساتھ انشاء اللہ بھی کہے گا۔ اس طرح جب وہ دوسرے دن آئیں گے تو دیوار کو اسی طرح پائیں گے جس طرح انہوں نے چھوڑی تھی اور پھر اس میں سوراخ کر کے لوگوں پر نکل آئیں گے۔ پانی پی کر ختم کر دیں گے اور لوگ ان سے بھاگیں گے پھر وہ آسمان کی طرف تیر چلائیں گے جو خون میں لت پت ان کے پاس واپس آئے گا۔ اور وہ کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو بھی دبالیا اور آسمان والے پر بھی چڑھائی کر دی۔ ان کا یہ قول انکے دل کی سختی اور غرور کی وجہ سے ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کر دیں گے جس سے وہ سب مرجائیں گے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ زمین کے جانور ان کا گوشت کھا کر موٹے ہوجائیں گے اور مٹکتے پھریں گے اور ان کا گوشت کھانے پر اللہ تعالیٰ کا خوب شکر ادا کریں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو اس طرح صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۰۸۰ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْانَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ

۱۰۸۰: حضرت ابوسعید بن ابوفضالہ انصاریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن

قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنِ ابْنِ مِیْنَاءَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ فَضَالَةَ الْاَنْصَارِیِّ وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِيَوْمٍ لَّارَيْبَ فِيْهِ نَادٰى مُنَادٍ مَنْ كَانَ اَشْرَكَ فِیْ عَمَلٍ عَمَلَهٗ لِلّٰهِ اَحَدًا فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهٗ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ.

لوگوں کو جمع فرمائیگا اور جس دن کے بارے میں کوئی شک نہیں کہ وہ آئیگا تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہ جس نے کوئی عمل اللہ کے لیے کیا اور اس میں کسی کو اللہ کے ساتھ شریک کیا۔ وہ اپنا ثواب اسی غیر اللہ ہی سے لے (جسے اس نے شریک کیا تھا) کیونکہ اللہ تعالیٰ شرک سے اور تمام شرکاء سے زیادہ غنی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن بکر کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۸۱: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلِ الْجَزَرِیُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِیِّ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا قَالَ ذَهَبٌ وَّ فِضَّةٌ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ نَا صَفْوَانُ ابْنُ صَالِحٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِیِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ.

۱۰۸۱: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں" وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا" (یعنی جو دیوار (حضرت خضرؑ نے صحیح کی تھی) اسکے نیچے ان دونوں کے لیے خزانہ تھا۔ الکہف۔ آیت ۸۲۔) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خزانے سے مراد سونا، چاندی ہے۔ حسن بن علی خلال بھی صفوان بن صالح سے وہ ولید بن مسلم سے وہ یزید بن یوسف صنعانی سے وہ یزید بن جابر سے اور وہ مکحول سے اسی سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

خلاصہ سورۃ الکہف: (۱) امام ترمذیؒ نے حدیث باب حضرت موسیٰ وخضر علیہما السلام کے بارے میں نقل کی ہے اس میں ابن عباسؓ کی طرف سے سخت تردید ہے اس شخص کی جو اس واقعہ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کسی دوسرے موسیٰ سے متعلق کرتا ہے۔ (۲) مجمع البحرین سے کیا مراد ہے حضرت قتادہؒ نے فرمایا کہ بحر فارس وروم کے ملنے کی جگہ مراد ہے حضرت اُبی بن کعب سے منقول ہے کہ یہ افریقہ میں ہے اور بھی اقوال ہیں بہرحال اتنی بات ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ مقام متعین کر کے بتلا دیا تھا جس کی طرف ان کا سفر واقع ہوا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام وخضر علیہ السلام کا یہ واقعہ بہت سے معارف اور نکات پر مشتمل ہے۔ اس واقعہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ والدین کی نیکی کا فائدہ اولاد در اولاد کو بھی پہنچتا ہے" وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا" اس میں اشارہ ہے کہ یتیم بچوں کے لئے مدفون خزانے کی حفاظت کا سامان بذریعہ خضر علیہ السلام اس لئے کرایا گیا تھا کہ ان یتیم بچوں کا باپ کوئی مرد صالح اللہ کے نزدیک مقبول تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کی مراد پوری کرنے اور اس کی اولاد کو فائدہ پہنچانے کا یہ انتظام فرما دیا۔ حدیث نمبر ۱۰۷۹ کے بارے میں ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں فرمایا کہ اگر یہ بات صحیح مان لی جائے کہ یہ حدیث مرفوع نہیں بلکہ کعب بن احبار کی روایت ہے تو بات صاف ہوگئی کہ یہ کوئی قابل اعتماد چیز نہیں اور اگر اس کو راوی کے وہم سے محفوظ قرار دے کر آنحضرت ﷺ کا ارشاد قرار دیا جائے تو پھر مطلب اس کا یہ ہوگا کہ یاجوج ماجوج کا یہ عمل سد (دیوار) ذوالقرنین کو کھودنے کا اس وقت شروع ہوگا جبکہ ان کے خروج کا وقت قریب آ جائے گا اور

قرآنی ارشاد کہ اس دیوار میں نقب نہیں لگائی جاسکتی یہ اس وقت کا حال ہے جبکہ ذوالقرنین نے اس کو تعمیر کیا تھا اس لئے تعارض نہ دیا نیز یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ نقب سے مراد دیوار کا سوراخ ہے جو آر پار ہو جائے اور اس روایت میں اس کی تصریح موجود ہے کہ یہ سوراخ آر پار نہیں ہوتا۔ حافظ ابن حجرؒ نے بحوالہ ابن عربی بیان کیا کہ اس حدیث میں تین معجزات ہیں۔ اوّل یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان ذہنوں کو اس طرف متوجہ نہیں ہونے دیا کہ سدّ (دیوار) کو کھودنے کا کام رات دن مسلسل جاری رکھیں۔ دوسرے ان کے ذہنوں کو اس طرف سے پھیر دیا کہ اس دیوار کے اوپر چڑھنے کی کوشش کریں۔ اس کے لئے آلات سے مدد لیں حالانکہ یہ لوگ صاحب زراعت اور کاریگر ہیں ہر طرح کے آلات رکھتے ہیں ان کی زمین میں درخت بھی مختلف قسم کے ہیں کوئی مشکل کام نہ تھا کہ اوپر چڑھنے کے وسائل پیدا کر لیتے۔ تیسرے یہ کہ ساری مدت میں ان کے دلوں میں یہ بات نہ آئے کہ ان شاء اللہ کہہ لیں صرف اس وقت یہ کلمہ ان کی زبان پر جاری ہوگا جب ان کے نکلنے کا وقت مقرر آجائے گا۔ مذکورہ العدر یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ (۱) یاجوج ماجوج تمام عام انسانوں کی طرح انسان حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں (۲) یاجوج ماجوج کی تعداد پوری دنیا کے انسانوں کی تعداد سے کئی گنا زائد ہے کم از کم ایک اور دس کی نسبت سے ہے اس کے علاوہ اور کئی باتیں ثابت ہوتی ہیں تفصیل کے لئے معارف القرآن جلد ۵

مِنْ سُوْرَةِ مَرْيَمَ

۱۰۸۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ وَاَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى نَجْرَانَ فَقَالُوْا لِيْ اَلَسْتُمْ تَقْرَؤُنَ يَآ اُخْتَ هَارُوْنَ وَقَدْ كَانَ بَيْنَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى مَا كَانَ فَلَمْ اَدْرِمَا اُجِيْبُهُمْ فَرَجَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اَلَا اَخْبَرْتَهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسَمُّوْنَ بِاَنْبِيَائِهِمْ وَالصَّالِحِيْنَ قَبْلَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ اِدْرِيْسَ.

تفسیر سورہ مریم

۱۰۸۲: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے نجران کے نصاریٰ کے پاس بھیجا انہوں نے مجھ سے کہا کہ کیا تم لوگ یہ آیت اس طرح نہیں پڑھتے "يَـا اُخْتَ هَارُوْنَ"[1]... الآیہ (یعنی مریم کو مخاطب کر کے کہا گیا ہے کہ اے ہارون کی بہن: سورۂ مریم۔ آیت ۲۷۔) جبکہ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان ایک طویل مدت کا فاصلہ ہے۔ حضرت مغیرہ فرماتے ہیں مجھے اس بات کا جواب نہیں آیا جب میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو میں نے اسکا تذکرہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا: کیا تم نے ان سے یہ نہیں کہا کہ وہ لوگ سابقہ انبیاء کے ناموں پر اپنی اولاد کے نام رکھتے تھے۔

۱۰۸۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ اَبُو الْمُغِيْرَةِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۰۸۳: حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی "وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ... الآیہ (اور انہیں حسرت کے دن سے ڈرا جس دن سارے معاملہ کا فیصلہ ہوگا،

[1]: یعنی یہ ہارون مریم کے ہی بھائی ہیں اور وہ ہارون موسیٰ کے بھائی تھے یعنی دونوں جدا جدا ہیں۔ (مترجم)

وَسَلَّمَ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ قَالَ يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ كَاَنَّهٗ كَبْشٌ اَمْلَحُ حَتّٰى يُوْقَفَ عَلَى السُّوْرِ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَيُقَالُ يَااَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَشْرَئِبُّوْنَ وَيُقَالُ يَااَهْلَ النَّارِ فَيَشْرَئِبُّوْنَ فَيُقَالُ هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ هٰذَا الْمَوْتُ فَيُضْجَعُ فَيُذْبَحُ فَلَوْلَا اَنَّ اللّٰهَ قَضٰى لِاَهْلِ الْجَنَّةِ الْحَيَاةَ وَ الْبَقَاءَ لَمَا تُوْا فَرَحًا وَلَوْلَا اَنَّ اللّٰهَ قَضٰى لِاَهْلِ النَّارِ الْحَيَاةَ فِيْهَا وَالْبَقَاءَ لَمَا تُوْا تَرَحًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

مریم آیت:۳۹)اور فرمایا: موت کو سیاہ وسفید رنگ کے مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا اور جنت ودوزخ کے درمیان کی دیوار پر کھڑا کر کے کہا جائے گا کہ اے دوزخ والو۔ وہ سر اٹھا کر دیکھیں گے۔ پھر کہا جائے گا کہ اے جنت والو۔ وہ سر اٹھا کر دیکھیں گے پھر کہا جائے گا اے دوزخ والو! وہ سر اٹھا کر دیکھیں گے کہ اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں پھر اسے ذبح کر دیا جائے گا۔ چنانچہ اگر اللہ تعالیٰ نے جنت والوں کے لیے ہمیشہ کی زندگی نہ لکھ دی ہوتی تو وہ خوشی کے مارے مرجاتے۔ اسی طرح اگر دوزخ والوں کے لیے بھی اس میں ہمیشہ رہنا نہ لکھ دیا ہوتا تو وہ غم کی شدت کی وجہ سے مرجاتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۸۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا الْحُسَيْنُ ابْنُ مُحَمَّدٍ نَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ فِيْ قَوْلِهٖ وَ رَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا عُرِجَ بِيْ رَاَيْتُ اِدْرِيْسَ فِي السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَوٰى سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ وَهَمَّامٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَ الْمِعْرَاجِ بِطُوْلِهٖ وَهٰذَا عِنْدِيْ مُخْتَصَرٌ مِنْ ذٰلِكَ.

۱۰۸۴: حضرت قتادہؓ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا .... الآیه (اور اٹھالیا ہم نے اسکو ایک اونچے مکان پر۔ مریم۔ آیت ۵۷۔) کے بارے میں روایت ہے کہ حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شب معراج میں جب مجھے اوپر لے جایا گیا تو میں نے ادریسؑ کو چوتھے آسمان پر دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں۔ سعید بن ابی عروبہ، ابوہمام اور کئی حضرات یہ حدیث قتادہ سے وہ انس بن مالکؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے شب معراج کے متعلق طویل حدیث نقل کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ حدیث اسی سے اختصار کے طور پر بیان کی گئی ہے۔

۱۰۸۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ نَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِبْرَئِيْلَ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَزُوْرَنَا اَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۰۸۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیلؑ سے پوچھا کہ آپ ہمارے پاس اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔ " وَمَانَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ .... الآیه (اور ہم تیرے رب کے حکم کے سوا نہیں اترتے، اسی کا ہے جو کچھ ہمارے سامنے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو اسکے درمیان ہے اور تیرا رب بھولنے والا نہیں۔ مریم۔ آیت ۶۴۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۰۸۶: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنِ السُّدِّیِّ قَالَ سَاَلْتُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِیَّ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا فَحَدَّثَنِیْ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرِدُ النَّاسُ النَّارَ ثُمَّ یَصْدُرُوْنَ عَنْهَا بِاَعْمَالِهِمْ فَاَوَّلُهُمْ كَلَمْحِ الْبَرْقِ ثُمَّ كَالرِّیْحِ ثُمَّ كَحُضْرِ الْفَرَسِ ثُمَّ كَالرَّاكِبِ فِیْ رَحْلِهٖ ثُمَّ كَشَدِّالرَّجُلِ ثُمَّ كَمَشْیِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنِ السُّدِّیِّ وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

۱۰۸۶: سُدّی کہتے ہیں کہ میں نے مرہ ہمدانی سے اس آیت کی تفسیر پوچھی " وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ... الآیہ (اور ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا اس پر گزر نہ ہو اور یہ تیرے رب پر لازم مقرر کیا ہوا ہے۔ مریم۔ آیت ۷۱) تو انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ابن مسعودؓ نے نبی اکرم ﷺ کی یہ حدیث بیان کی کہ آپؐ نے فرمایا: لوگ دوزخ سے گزریں گے اور اپنے اعمال کے مطابق اس سے دور ہوں گے۔ چنانچہ پہلا گروہ بجلی کی چمک کی طرح گزر جائے گا۔ دوسرا گروہ ہوا کی طرح پھر گھوڑے کی رفتار سے پھر اونٹ کے سوار کی طرح پھر انسان کی دوڑ کی مانند اور آخر میں چلنے والے کی طرح دوزخ سے گزریں گے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ شعبہ اس حدیث کو سدّی سے روایت کرتے ہوئے مرفوع نہیں کرتے۔

۱۰۸۷: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ السُّدِّیِّ عَنْ مُرَّةَ قَالَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا قَالَ یَرِدُوْنَهَا ثُمَّ یَصْدُرُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ السُّدِّیِّ بِمِثْلِهٖ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قُلْتُ لِشُعْبَةَ اِنَّ اِسْرَائِیْلَ حَدَّثَنِیْ عَنِ السُّدِّیِّ عَنْ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شُعْبَةُ وَقَدْ سَمِعْتُهٗ مِنَ السُّدِّیِّ مَرْفُوْعًا وَلٰكِنِّیْ اَدَعُهٗ عَمْدًا.

۱۰۸۷: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ " وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ... الآیہ" کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ لوگ جہنم سے گزریں گے اور پھر اپنے اپنے اعمال کے مطابق اس سے دور ہوتے جائیں گے۔ محمد بن بشار بھی عبدالرحمٰن سے وہ شعبہ سے اور وہ سُدّی سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میں نے شعبہ کو بتایا کہ اسرائیل، سدی سے مرہ کی حدیث حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے حوالے سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں تو وہ کہنے لگے کہ میں نے بھی یہ حدیث سُدّی سے مرفوعاً سنی ہے۔ اور جان بوجھ کر اسے مرفوع نہیں کرتا۔

۱۰۸۸: حَدَّثَنَاقُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا نَادٰی جِبْرَئِیْلَ اِنِّیْ قَدْ اَحْبَبْتُ فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ قَالَ فَیُنَادِیْ فِی السَّمَاءِ ثُمَّ تُنْزَلُ لَهُ الْمَحَبَّةُ فِیْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا وَاِذَا اَبْغَضَ

۱۰۸۸: حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے۔ تو جبرائیل کو فرماتا ہے کہ میں فلاں شخص سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ پھر وہ آسمان والوں میں اس کا اعلان کرتا ہے اور پھر اسکی محبت زمین والوں کے دلوں میں اتار دی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا یہی مطلب ہے " اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُو الصَّالِحَاتِ ... الآیہ (بیشک جو ایمان لائے اور نیک کام

اللّٰهُ عَبْدًا نَادٰى جِبْرَائِيْلَ اِنِّىْ قَدْ اَبْغَضْتُ فُلاَنًا فَيُنَادِىْ فِى السَّمَاءِ ثُمَّ تُنْزَلُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِى الْاَرْضِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْرَوٰى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٰذَا.

کئے عنقریب رحمٰن ان کے لیے محبت پیدا کرے گا۔ مریم۔ آیت (۹۶) اور اگر اللہ تعالیٰ کسی سے بغض رکھتا ہے تو جبرائیل سے کہہ دیتا ہے کہ میں فلاں سے بغض رکھتا ہوں اور وہ آسمان والوں میں اعلان کر دیتا ہے۔ پھر زمین والوں کے دلوں میں بھی اس سے بغض پیدا کر دیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار بھی اپنے والد سے وہ ابوصالح سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۰۸۹: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَمِعْتُ خَبَّابَ بْنَ الْاَرَتِّ يَقُوْلُ جِئْتُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلِ السَّهْمِىَّ اَتَقَاضَاهُ حَقًّالِىْ عِنْدَهُ فَقَالَ لاَ اُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ فَقُلْتُ لاَ حَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَاِنِّىْ لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ لِىْ هُنَاكَ مَالاً وَّ وَلَدًا فَاَقْضِيْكَ فَنَزَلَتْ اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيَاتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالاً وَّوَلَدًا اَلْاٰيَةَ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۸۹: حضرت خباب بن ارتؓ کہتے ہیں کہ میں عاص بن وائل سے اپنا حق لینے کے لیے گیا تو وہ کہنے لگا کہ میں تمہیں اس وقت تک تمہارا حق نہیں دوں گا جب تک تم محمد (ﷺ) کا انکار نہیں کرو گے۔ میں نے کہا میں کبھی ایسا نہیں کروں گا۔ یہاں تک کہ تم مر کر دوبارہ زندہ کر دیئے جاؤ۔ اس نے کہا کیا میں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جاؤں گا۔ میں نے کہا ''ہاں''۔ وہ کہنے لگا: وہاں میرا مال اور اولاد ہو گی لہٰذا میں وہیں تمہارا حق ادا کر دوں گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ '' اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيَاتِنَا''..... الآیہ (کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہتا ہے کہ مجھے ضرور مال اور اولاد ملے گی۔ مریم: آیت :۷۷) ہناد بھی ابومعاویہ سے اور وہ اعمش سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصہ سورہ مریم: حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام سے ایک ہزار سال پہلے گذرے ہیں حضرت آدم علیہ السلام کے بعد پہلے نبی و رسول ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے تیس (۳۰) صحیفے نازل فرمائے اور سب سے پہلے انسان ہیں جنہوں نے قلم سے لکھنا اور کپڑا سینا ایجاد کیا ان سے پہلے عموماً جانوروں کی کھال بجائے لباس استعمال کرتے تھے اور سب سے پہلے ناپ تول کے طریقے بھی آپ نے ایجاد کئے اور اسلحہ کی ایجاد بھی آپ سے شروع ہوئی۔ آپ نے اسلحہ تیار کر کے بنو قابیل سے جہاد کیا۔ حدیث باب میں ان کے آسمان پر اُٹھائے جانے کے بارے میں حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ کعب احبار کی اسرائیلی روایات میں سے ہے اور ان میں سے بعض منکر اور اجنبی ہیں اور یہ قطعی نہیں ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ طٰهٰ

سورۂ طٰہٰ کی تفسیر

۱۰۹۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا النَّضْرُ بْنُ

۱۰۹۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ

شُمَيْلٍ نَا صَالِحُ بْنُ اَبِی الْاَخْضَرِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ اَسْرٰی لَيْلَةً حَتّٰی اَدْرَكَهُ الْكَرٰی اَنَاخَ فَعَرَّسَ ثُمَّ قَالَ يَا بِلَالُ اكْلَأْ لَنَا اللَّيْلَةَ قَالَ فَصَلّٰی بِلَالٌ ثُمَّ تَسَانَدَ اِلٰی رَاحِلَتِهٖ مُسْتَقْبِلَ الْفَجْرِ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَنَامَ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ اَحَدًا مِنْهُمْ وَكَانَ اَوَّلُهُمُ اسْتِيْقَاظًا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَیْ بِلَالُ فَقَالَ بِلَالٌ بِاَبِیْ اَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَ بِنَفْسِیِ الَّذِیْ اَخَذَ بِنَفْسِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتَادُوْا ثُمَّ اَنَاخَ فَتَوَضَّأَ فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ صَلّٰی مِثْلَ صَلَاتِهٖ فِی الْوَقْتِ فِیْ تَمَكُّثٍ ثُمَّ قَالَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَصَالِحُ بْنُ اَبِی الْاَخْضَرِ يُضَعَّفُ فِی الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ وَغَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

ﷺ خیبر سے مدینہ لوٹے تو آپ ﷺ کو رات میں چلتے ہوئے نیند آ گئی۔ آپ ؐ نے اونٹ بٹھائے اور سو گئے پھر آپؐ نے فرمایا: کہ بلالؓ آج رات ہمارے لیے ہوشیار رہنا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت بلالؓ نے نماز پڑھی اور اپنے کجاوے سے ٹیک لگا کر مشرق کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے۔ پھر ان کی آنکھوں میں نیند غالب آ گئی اور پھر ان میں سے کوئی بھی نہ جاگ سکا اور سب سے پہلے جاگنے والے نبی اکرم ﷺ ہی تھے آپؐ نے فرمایا: بلالؓ یہ کیا ہوا۔ حضرت بلالؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان میری روح کو بھی اسی (نیند) نے پکڑ لیا تھا جس نے آپ کی روح کو پکڑا تھا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: چلو اونٹوں کو لے کر چلو پھر تھوڑا آگے جا کر اونٹ دوبارہ بٹھائے اور وضو کر کے اسی طرح نماز پڑھی جیسے اس (یعنی نماز) کے وقت میں ٹھہر ٹھہر کر نماز پڑھا کرتے تھے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی: "اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ ..... الآیۃ" (اور نماز قائم رکھ میری یادگاری کو۔ طٰہٰ آیت: ۱۴) یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔ اس حدیث کو کئی حفاظ حدیث زہری سے وہ سعید بن میسب سے اور وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہوئے حضرت ابوہریرہؓ کا تذکرہ نہیں کرتے۔ صالح بن ابی خضر حدیث میں ضعیف ہیں۔ یحییٰ بن سعید قطان اور کچھ راوی انہیں حافظے کی وجہ سے ضعیف قرار دیتے ہیں۔

خلاصہ سورۃ: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ کا مطلب یہ ہے کہ نماز کی روح ذکر اللہ ہے اور نماز اول سے آخر تک ذکر ہی ذکر ہے زبان سے بھی دل سے بھی اور دوسرے اعضاء سے بھی نماز میں ذکر اللہ سے غفلت نہ ہونی چاہئے اور حدیث باب سے یہ ثابت ہے اگر کوئی شخص نیند میں مغلوب ہو گیا یا کسی کام میں لگ کر بھول گیا اور نماز کا وقت نکل گیا تو جب نیند سے بیدار ہو یا بھول پر تنبہ ہوا اور نماز یاد آئے اسی وقت نماز کی قضا پڑھ لے۔

مِنْ سُوْرَةِ الْاَنْبِيَاءِ

سورۂ انبیاء کی تفسیر

۱۰۹۱: حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسَی الْبَغْدَادِیُّ وَالْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

۱۰۹۱: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیٹھا اور عرض کیا کہ میرے غلام مجھ سے جھوٹ

بْنُ غَزْوَانَ اَبُوْ نُوْحٍ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلاً قَعَدَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ مَمْلُوْكِيْنَ يُكَذِّبُوْنَنِيْ وَيَخُوْنُوْنَنِيْ وَيَعْصُوْنَنِيْ وَاَشْتِمُهُمْ وَاَضْرِبُهُمْ فَكَيْفَ اَنَا مِنْهُمْ قَالَ يُحْسَبُ مَا خَانُوْكَ وَعَصَوْكَ وَكَذَّبُوْكَ وَعِقَابُكَ اِيَّاهُمْ فَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ بِقَدْرِ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ كَفَافًا لاَ لَكَ وَلاَ عَلَيْكَ وَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ دُوْنَ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ فَضْلاً لَكَ وَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ فَوْقَ ذُنُوْبِهِمْ اُقْتُصَّ لَهُمْ مِنْكَ الْفَضْلُ قَالَ فَتَنَحَّى الرَّجُلُ فَجَعَلَ يَبْكِيْ وَيَهْتِفُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَقْرَاُ كِتَابَ اللّٰهِ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلاَ تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا اَلاٰ يَةَ فَقَالَ الرَّجُلُ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَجِدُ لِيْ وَلَهُمْ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ مُفَارَقَتِهِمْ اُشْهِدُكَ اَنَّهُمْ اَحْرَارٌ كُلُّهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَزْوَانَ وَقَدْرَوَى اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَزْوَانَ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

بولتے ،خیانت کرتے اور میری نافرمانی کرتے ہیں۔لہٰذا میں انہیں گالیاں دیتا اور مارتا ہوں مجھے بتائیے کہ میرا اوران کا کیا حال ہوگا۔آپؐ نے فرمایا: انکی خیانت ،نافرمانی اور جھوٹ بولنے کا تمہاری سزا سے تقابل کیا جائیگا۔ اگر سزا ان کے جرموں کے مطابق ہوئی تو تم اور وہ برابر ہو گئے نہ ان کا تم پر حق رہا اور نہ تمہارا ان پر اگر تمہاری سزا کم ہوئی تو یہ تمہاری فضیلت کا باعث ہوگا اور اگر تمہاری سزا ان کے جرموں سے بڑھ گئی تو تم سے بدلہ لیا جائے گا۔ پھر وہ شخص روتا چلاتا ہوا وہاں سے چلا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کیا تم نے قرآن کریم نہیں پڑھا۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ " وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ .... الآیہ" (اور قیامت کے دن ہم انصاف کی ترازو قائم کریں گے پھر کسی پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی عمل ہوگا تو اسے بھی ہم لے آئیں گے اور ہم ہی حساب لینے کیلئے کافی ہیں۔الانبیاء ۴۷۔)اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں ان کے اور اپنے لیے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں دیکھتا کہ انہیں آزاد کردوں میں آپ کو گواہ بنا کر آزاد کرتا ہوں۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اس حدیث کو صرف عبدالرحمٰن بن غزوان کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۹۲ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُوْسٰى نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَيْلُ وَادٍ فِيْ جَهَنَّمَ يَهْوِيْ فِيْهِ الْكَافِرُ اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا قَبْلَ اَنْ يَبْلُغَ قَعْرَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ.

۱۰۹۲: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہنم کی ایک وادی ہے جس کا نام "ویل" ہے کافر اسکی گہرائی میں پہنچنے سے پہلے اس میں چالیس برس تک گرتا رہے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف ابن لہیعہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۰۹۳ : حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْاُمَوِيُّ ثَنِيْ اَبِيْ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكْذِبْ اِبْرَاهِيْمُ فِيْ شَيْءٍ

۱۰۹۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نیصرف تین جھوٹ بولے تھےایک یہ کہ کافروں سے کہا کہ میں بیمار ہوں حالانکہ وہ بیمار نہیں تھے۔دوسرا جب انہوں نے (اپنی بیوی) سارہ کو بہن

قَطُّ اِلَّا فِیْ ثَلَاثٍ قَوْلِهٖ اِنِّیْ سَقِیْمٌ وَلَمْ یَكُنْ سَقِیْمًا وَ قَوْلِهٖ لِسَارَةَ اُخْتِیْ وَقَوْلِهٖ بَلْ فَعَلَهٗ كَبِیْرُهُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

بتایا اور تیسرا جب ان سے بتوں کو توڑنے والے کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ ان کے بڑے کا کام ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۹۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَكِیْعٌ وَ وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ وَاَبُوْ دَاوٗدَ قَالُوْا نَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَوْعِظَةِ فَقَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَرَاَ كَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِیْدُهٗ اِلٰی اٰخِرِ الْاٰیَةِ قَالَ اَوَّلُ مَنْ یُكْسٰی یَوْمَ الْقِیَامَةِ اِبْرَاهِیْمُ وَاِنَّهٗ سَیُؤْتٰی بِرِجَالٍ مِنْ اُمَّتِیْ فَیُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ رَبِّ اَصْحَابِیْ فَیُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِیْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّادُمْتُ فِیْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ الْاٰیَةَ فَیُقَالُ هٰؤُلَاءِ لَمْ یَزَالُوْا مُرْتَدِّیْنَ عَلٰی اَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ.

۱۰۹۴: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نصیحت کرنے کیلئے کھڑے ہوئے اور فرمایا: تم لوگ قیامت کے روز ننگے جسم اور بے ختنہ اٹھائے جاؤ گے پھر یہ آیت پڑھی ''كَمَا بَدَاْنَا ..... '' الآیہ (جس طرح ہم نے پہلی بار پیدا کیا تھا دوبارہ بھی پیدا کریں گے۔ یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے۔ بیشک ہم پورا کرنے والے ہیں۔ الانبیآء۔ آیت ۱۰۴۔) پھر آپؐ نے فرمایا کہ جس کو سب سے پہلے کپڑے پہنائے جائیں گے۔ وہ ابراہیم علیہ السلام ہوں گے۔ پھر میری امت کے بعض لوگوں کو بائیں طرف لے جایا جائے گا۔ تو میں کہوں گا یا اللہ یہ تو میرے اصحاب ہیں۔ جواب دیا جائے گا کہ آپ نہیں جانتے کہ آپؐ کے بعد انہوں نے دین میں نئی چیزیں ایجاد کی تھیں۔ پھر میں اللہ کے نیک بندے (عیسیٰؑ) کی طرح عرض کروں گا'' وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا''.... الآیہ آپؐ نے جس دن سے انہیں چھوڑا تھا اسی دن سے یہ مرتد ہو گئے تھے۔

۱۰۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَرَوَاهُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ.

۱۰۹۵: روایت کی ہم سے محمد بن بشار نے انہوں نے محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ مغیرہ بن نعمان سے اسی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان ثوری بھی نعمان بن مغیرہ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

خلاصہ سورۃ انبیاء: موازین میزان کی جمع ہے جو ترازو کے معنی میں آتا ہے موازین جمع کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے اس کے بارے میں جمہور علماء اس پر متفق ہیں کہ میزان ایک ہی ہوگی اس کو صیغہ جمع اس لئے تعبیر کیا گیا ہے کہ وہ بہت سی موازین (ترازوؤں) کا کام دے گی کیونکہ ساری مخلوقات آدم علیہ السلام سے قیامت تک جن کی تعداد اللہ ہی جانتا ہے ان سب کے اعمال کو یہی ترازو تولے گی۔ حدیث باب سے محاسبہ اعمال ثابت ہوا ہے کہ ہر بندہ نے اپنے اعمال کا حساب دینا ہے حدیث نمبر ۱۰۹۴ سے یہ ثابت ہوا کہ دین محمدیؐ میں اپنی طرف سے بدعات اور شرکیہ رسوم و افعال کو ایجاد کرنا حضور ﷺ کے مبارک ہاتھوں سے حوض کوثر سے محرومی کا سبب ہوگا اور جہنم میں داخل ہونے کا ذریعہ ہے۔

مِنْ سُوْرَةِ الْحَجِّ

۱۰۹۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَمَّا نَزَلَتْ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيْمٌ اِلٰی قَوْلِهٖ وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ قَالَ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَهُوَ فِی سَفَرٍ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَیُّ يَوْمٍ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذٰلِكَ يَوْمٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ لِاٰدَمَ ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ قَالَ يَا رَبِّ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ تِسْعُ مِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ فِی النَّارِ وَوَاحِدٌ اِلَی الْجَنَّةِ فَاَنْشَاَ الْمُسْلِمُوْنَ يَبْكُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا فَاِنَّهَا لَمْ تَكُنْ نُبُوَّةٌ قَطُّ اِلَّا كَانَ بَيْنَ يَدَيْهَا جَاهِلِيَّةٌ قَالَ فَيُؤْخَذُ الْعَدَدُ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاِنْ تَمَّتْ وَاِلَّا كُمِلَتْ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ وَمَا مَثَلُكُمْ وَالْاُمَمِ اِلَّا كَمَثَلِ الرَّقْمَةِ فِی ذِرَاعِ الدَّابَّةِ اَوْ كَالشَّامَةِ فِی جَنْبِ الْبَعِيْرِ ثُمَّ قَالَ اِنِّی لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرُوْا ثُمَّ قَالَ اِنِّی لَاَرْجُوْا اَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرُوْا ثُمَّ قَالَ اِنِّی لَاَرْجُوْا اَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرُوْا قَالَ وَلَا اَدْرِیْ قَالَ الثُّلُثَيْنِ اَمْ لَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

سورۂ حج کی تفسیر

۱۰۹۶: حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "یَا اَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا..... "(اے لوگو اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ ایک بڑی چیز ہے جس دن اسے دیکھو گے، ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پینے کو بھول جائے گی اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور تجھے لوگ مدہوش نظر آئیں گے اور وہ مدہوش نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بڑا سخت ہوگا۔ الحج۔ آیت ۲) تو آپؐ سفر میں تھے۔ آپؐ نے ہم سے پوچھا کیا تم لوگ جانتے ہو کہ یہ کونسا دن ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام سے کہیں گے کہ دوزخ کیلئے لشکر تیار کرو۔ وہ عرض کریں گے: یا اللہ وہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے نوسو ننانوے آدمی دوزخ میں اور ایک جنت میں جائے گا۔ مسلمان یہ سن کر رونے لگے تو آپؐ نے فرمایا: اللہ کی قربت اختیار کرو اور سیدھی راہ اختیار کرو اس لیے کہ ہر نبوت سے پہلے جاہلیت کا زمانہ تھا لہٰذا انہی سے دوزخ کی گنتی پوری کی جائے گی۔ اگر پوری ہوگئی تو ٹھیک ورنہ منافقین سے پوری کی جائے گی پھر پچھلی امتوں کے مقابلے میں تمہاری مثال اس طرح ہے جیسے گوشت کا وہ ٹکڑا جو کسی جانور کے ہاتھ میں اندر کی طرف ہوتا ہے۔ یا پھر جیسے کسی اونٹ کے پہلو میں تل۔ پھر فرمایا مجھے امید ہے کہ تم اہل جنت کی چوتھائی تعداد ہو۔ اس پر تمام صحابہ کرامؓ نے اللہ اکبر کہا۔ پھر فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ تم اہل جنت کا تہائی حصہ ہو گے۔ اس پر بھی سب نے تکبیر کہی۔ پھر آپؐ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ تم اہل جنت کا نصف حصہ ہو گے۔ صحابہ کرامؓ نے پھر تکبیر کہی۔ پھر راوی کہتے ہیں کہ معلوم نہیں کہ آپؐ نے دو تہائی کہا یا نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حسن سے عمران بن حصین کے حوالے سے مرفوعاً منقول ہے۔

۱۰۹۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۹۷: حضرت عمران بن حصینؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ صحابہ کرامؓ آگے پیچھے ہوگئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے یہ دو آیتیں پڑھیں۔ "یَا اَیُّهَا

فِي سَفَرٍ فَتَفَاوَتَ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ فِي السَّيْرِ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهٗ بِهَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ اِلٰى قَوْلِهٖ وَلٰكِنْ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ اَصْحَابُهٗ حَثُّوا الْمَطِيَّ وَعَرَفُوْا اَنَّهٗ عِنْدَ قَوْلٍ يَقُوْلُهٗ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ اَيَّ يَوْمٍ ذٰلِكَ قَالُوا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذٰلِكَ يَوْمٌ يُنَادِي اللّٰهُ فِيْهِ اٰدَمَ فَيُنَادِيْهِ رَبُّهٗ فَيَقُوْلُ يَا اٰدَمُ ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ وَمَا بَعْثُ النَّارِ فَيَقُوْلُ مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعُ مِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ اِلَى النَّارِ وَ وَاحِدٌ اِلَى الْجَنَّةِ فَيَئِسَ الْقَوْمُ حَتّٰى مَا اَبْدَوْا بِضَاحِكَةٍ فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ بِاَصْحَابِهٖ قَالَ اعْمَلُوْا وَاَبْشِرُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّكُمْ لَمَعَ خَلِيْقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ اِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَمَنْ مَاتَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ وَبَنِيْ اِبْلِيْسَ قَالَ فَسُرِّيَ عَنِ الْقَوْمِ بَعْضُ الَّذِيْ يَجِدُوْنَ قَالَ اعْمَلُوْا وَاَبْشِرُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ فِي النَّاسِ اِلَّا كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ اَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

النَّاسُ اتَّقُوْا.... " جب صحابہ کرامؓ نے آپ کی آواز سنی تو سمجھ گئے کہ آپ ﷺ کوئی بات کہنے والے ہیں لہٰذا اپنی سواریوں کو دوڑا کر (آگے آگئے) آپؐ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ کونسا دن ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کو پکاریں گے وہ جواب دیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ اے آدم علیہ السلام جہنم کے لیے لشکر تیار کرو۔ وہ کہیں گے: اے اللہ وہ کونسا لشکر ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ ہر ہزار آدمیوں میں سے نوسو ننانوے جہنمی اور ایک جنتی ہے۔ اس بات سے لوگ مایوس ہوگئے۔ یہاں تک کہ کوئی مسکرا بھی نہیں سکا۔ چنانچہ جب نبی اکرم ﷺ نے صحابہؓ کو غمگین دیکھا تو آپؐ نے فرمایا: عمل کرو اور بشارت دو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے تمہارے ساتھ دو مخلوقیں ایسی ہوں گی جو جس کسی کے ساتھ مل جائیں انکی تعداد زیادہ کردیں گی۔ ایک یاجوج ماجوج اور دوسری جو شخص نبی آدم اور اولاد ابلیس سے مرگئے۔ راوی فرماتے ہیں یہ سنکر صحابہ کرامؓ کی پریشانی ختم ہوگئی۔ پھر آپؐ نے فرمایا: عمل کرو اور بشارت دو کیونکہ تمہاری دوسری امتوں کے مقابلے میں تعداد صرف اتنی ہے جیسے کسی اونٹ کے پہلو میں تل کسی جانور کے ہاتھ کے اندر کا گوشت۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٠٩٨: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سُمِّيَ الْبَيْتُ الْعَتِيْقَ لِاَنَّهٗ لَمْ يَظْهَرْ عَلَيْهِ جَبَّارٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

١٠٩٨: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیت اللہ کا نام اس لیے بیت العتیق رکھا گیا کہ وہاں کوئی ظالم آج تک غالب نہیں آسکا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے زہری اس حدیث کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ قتیبہ بھی لیث سے وہ عقیل سے وہ زہری سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

۱۰۹۹: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ابْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ وَاِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا اُخْرِجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَخْرَجُوْا نَبِيَّهُمْ لَيَهْلِكُنَّ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ اَلْاٰيَةَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ سَيَكُوْنُ قِتَالٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مُرْسَلًا وَلَيْسَ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۱۰۹۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ کو مکہ سے نکالا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا ان لوگوں نے اپنے نبی کو نکال دیا ہے یہ ہلاک ہو جائیں گے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''اِنَّ الَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ .... الآیہ (جن سے کافر لڑتے ہیں انہیں بھی لڑنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس لئے کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بے شک اللہ انکی مدد کرنے پر قادر ہے۔ الحج۔ آیت ۳۹۔) حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں جان گیا تھا کہ اب باہم قتال ہوگا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ کئی راوی اس حدیث کو سفیان سے وہ اعمش سے وہ مسلم بطین سے وہ سعید بن جبیرؓ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں اور اس میں ابن عباسؓ سے روایت نہیں۔

خلاصہ سورۂ حج: قرطبیؒ نے فرمایا کہ اس سورۃ کے عجائب میں سے یہ بات ہے کہ اس کی آیات نزول بعض کارات میں، بعض کا دن میں، بعض کا سفر میں، بعض کا اقامت میں، بعض کا مکہ مکرمہ میں، بعض کا مدینہ منورہ میں، بعض کا جہاد کے وقت اور بعض کا صلح و امن کی حالت میں ہوا ہے اور اسی میں بعض آیات ناسخ ہیں اور بعض منسوخ۔ بعض محکم ہیں، بعض متشابہ کیونکہ تمام اصناف تنزیل پر مشتمل ہیں تو اس کی پہلی آیت حالت سفر میں نازل ہوئی حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کے سامنے تلاوت فرمائی اور بعد میں اس کی تشریح بھی فرمادی جب صحابہ کرام نے قیامت کے ہولناک منظر کو سماعت کیا تو غمگین اور رنجیدہ خاطر ہوئے تو نبی کریم ﷺ نے تسلی دی اور فرمایا کہ تم بے فکر رہو جہنم جانے والا یاجوج ماجوج میں سے ایک ہزار اور تم سے ایک ہوگا یعنی میری امت میں سے یہ خطاب صرف صحابہ کو نہیں کیونکہ صحابہ کرامؓ تو سب کے سب ناجی ہیں۔ حدیث باب سے بعض حضرات سے استدلال کرتے ہوئے یہ قرار دیا ہے کہ زلزلہ حشر و نشر اور دوبارہ زندہ ہونے کے بعد ہوگا اور حقیقت ہے کہ قیامت سے پہلے زلزلہ ہونا بھی آیات قرآنیہ اور احادیث صحیح سے ثابت ہے اور حشر و نشر کے بعد ہونا اس حدیث سے ثابت ہے۔ واللہ اعلم

مِنْ سُوْرَةِ الْمُؤْمِنُوْنَ

سورۂ مؤمنون کی تفسیر

۱۱۰۰: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ سُمِعَ عِنْدَ وَجْهِهٖ كَدَوِيِّ

۱۱۰۰: حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوئی تو آپؐ کے چہرے کے پاس شہد کی مکھی کی طرح گنگناہٹ محسوس ہوئی۔ ایک مرتبہ وحی نازل ہوئی ہم آپؐ کے پاس کچھ دیر ٹھہرے۔ جب وہ حالت ختم ہوئی تو آپؐ نے قبلے کی طرف رخ کیا اور دونوں ہاتھ بلند کیے اور یہ دعا کی اے اللہ ہمیں اور زیادہ دے اور کم نہ کر، ہمیں

النَّحْلِ فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ يَوْمًا فَمَكَثْنَا سَاعَةً فَسُرِّىَ عَنْهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَ اَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْعَلَيْنَا وَ اَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ثُمَّ قَالَ اُنْزِلَ عَلَىَّ عَشْرُاٰيَاتٍ مَنْ اَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ثُمَّ قَرَأَقَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَاٰيَاتٍ.

عزت دے، ذلیل نہ کر، ہمیں عطا کر، محروم نہ کر، ہمیں غالب کر مغلوب نہ کر، ہمیں بھی راضی کر اور خود بھی ہم سے راضی ہو۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ مجھ پر ایسی دس آیات نازل کی گئی ہیں کہ اگر کوئی ان پر عمل کرے گا۔ تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ پھر آپؐ نے سورہ مؤمنون کی پہلی دس آیات پڑھیں ''قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ....الخ''

۱۱۰۱: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ مَنْصُوْرٍ يَقُوْلُ رَوٰى اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَمَنْ سَمِعَ مِنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَدِيْمًا فَاِنَّهُمْ اِنَّمَا يَذْكُرُوْنَ فِيْهِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ وَ بَعْضُهُمْ لَا يَذْكُرُ فِيْهِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ وَمَنْ ذَكَرَفِيْهِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ فَهُوَ اَصَحُّ وَكَانَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَرُبَّمَا ذَكَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يُوْنُسَ بْنَ يَزِيْدَ وَرُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْهُ.

۱۱۰۱: محمد بن ابان، عبدالرزاق سے وہ یونس بن سلیم سے وہ یونس بن یزید سے اور وہ زہری سے اسی سند سے اسی کے ہم معنیٰ حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث مذکورہ بالا حدیث سے صحیح ہے۔ اسحٰق بن منصور بھی، احمد بن حنبل، علی بن مدینی اور اسحٰق بن ابراہیم سے وہ عبدالرزاق سے وہ یونس بن سلیم سے وہ یونس بن یزید سے اور وہ زہری سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ جس نے یہ حدیث عبدالرزاق سے سنی وہ اس میں یونس بن یزید کا ذکر کرتے ہیں۔ جب کہ بعض حضرات ان کا ذکر نہیں کرتے۔ جن احادیث میں یونس بن یزید کا ذکر ہے وہ زیادہ صحیح ہیں۔ عبدالرزاق بھی کبھی یونس کا ذکر کرتے ہیں اور کبھی یونس کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۱۰۲: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ابْنُهَا حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ كَانَ اُصِيْبَ يَوْمَ بَدْرٍ اَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اَخْبِرْنِىْ عَنْ حَارِثَةَ لَئِنْ كَانَ اَصَابَ خَيْرًا اِحْتَسَبْتُ وَصَبَرْتُ وَاِنْ لَمْ يُصِبِ الْخَيْرَا جْتَهَدْتُ فِى الدُّعَاءِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ يَا اُمَّ حَارِثَةَ اِنَّهَا جِنَانٌ فِىْ جَنَّةٍ وَاِنَّ ابْنَكِ اَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰى وَ الْفِرْدَوْسُ رَبْوَةُ الْجَنَّةِ وَاَوْسَطُهَا وَاَفْضَلُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ.

۱۱۰۲: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ربیع بنت نضر کے صاحبزادے حارثہ بن سراقہ کو بدر کے دن ایک تیر لگا نہ معلوم کس نے مارا۔ چنانچہ حضرت ربیع بنت نضر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: مجھے حارثہ کے متعلق بتائیے۔ اگر خیر سے ہے تو ثواب کی امید رکھوں اور صبر کروں اور اگر ایسا نہیں تو اس کے لیے زیادہ سے زیادہ دعا کی کوشش کروں۔ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: ام حارثہؓ جنت میں کئی باغ ہیں اور تمہارا بیٹا فردوس اعلیٰ میں ہے۔ فردوس جنت کی بلند زمین ہے اور یہ درمیان میں ہے اور سب سے افضل ہے۔ یہ حدیث انسؓ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۱۰۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی عُمَرَ نَا سُفْيَانُ نَا مَالِکُ ابْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبِ الْهَمْدَانِيِّ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ قَالَتْ عَائِشَةُ اَهُمُ الَّذِيْنَ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ وَيَسْرِقُوْنَ قَالَ لَا يَا بِنْتَ الصِّدِّيْقِ وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِيْنَ يَصُوْمُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَهُمْ يَخَافُوْنَ اَنْ لَا يُقْبَلَ مِنْهُمْ اُولٰئِکَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِی الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُوْنَ وَرُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا.

۱۱۰۳: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے متعلق پوچھا ''وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ .... الآیۃ'' (اور جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور انکے دل اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ المؤمنون ۔۶۰) اور عرض کیا کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں ۔آپؐ نے فرمایا اے صدیقؓ کی بیٹی ''نہیں'' بلکہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے نماز پڑھتے ،صدقہ دیتے اور اس بات سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان سے قبول نہ کیا جائے ۔یہی لوگ اچھے اعمال میں جلدی کرتے اور سبقت لے جاتے ہیں۔یہ حدیث عبدالرحمٰن بن سعید بھی ابو حازم سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۰۴: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ يَزِيْدَ اَبِیْ شُجَاعٍ عَنْ اَبِی السَّمْحِ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ قَالَ تَشْوِيْهِ النَّارُ فَتَقَلَّصُ شَفَتُهُ الْعَالِيَةُ حَتّٰى تَبْلُغَ وَسْطَ رَأْسِهٖ وَتَسْتَرْخِیْ شَفَتُهُ السُّفْلٰى حَتّٰى تَضْرِبَ سُرَّتَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۰۴: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ ... (اور وہ اس میں بدشکل ہو رہے ہونگے ۔المؤمنون آیت:۱۰۴) کی تفسیر میں فرمایا کہ آگ اسے اس طرح بھون دے گی کہ اس کا اوپر کا ہونٹ سکڑ کر سر کے درمیان پہنچ جائے گا اور نچلا ہونٹ لٹک کر ناف کو چھونے لگے گا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

خلاصہ سورۃ مؤمنون : اس سورۃ میں مؤمن کامل کی وہ سات اوصاف ذکر کی گئی ہیں جس میں فلاح دنیا و آخرت کا وعدہ ہے۔فلاح قرآن وسنت میں بکثرت استعمال ہوا ہے اذان و اقامت میں پانچ وقت ہر مسلمان کو فلاح کی طرف دعوت دی جاتی ہے فلاح کے معنی یہ ہیں کہ ہر مراد حاصل ہو اور ہر تکلیف دور ہو یہ لفظ جتنا مختصر ہے اتنا ہی جامع ایسا ہے کہ کوئی انسان اس سے زیادہ کسی چیز کی خواہش کر ہی نہیں سکتا۔

وَمِنْ سُوْرَةِ النُّوْرِ

سورۂ نور کی تفسیر

۱۱۰۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ مَرْثَدُ بْنُ اَبِیْ مَرْثَدٍ وَكَانَ رَجُلًا يَحْمِلُ الْاَسْرٰى مِنْ مَكَّةَ حَتّٰى يَاْتِیَ

۱۱۰۵: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام مرثد بن ابی مرثد تھا وہ قیدیوں کو مکہ سے مدینہ پہنچایا کرتا تھا۔مکہ میں ایک زانیہ عورت تھی جس کا نام عناق تھا وہ اسکی دوست تھی ۔مرثد نے مکہ کے قیدیوں

بِهِمُ الْمَدِيْنَةَ قَالَ وَكَانَتْ امْرَأَةٌ بَغِيٌّ بِمَكَّةَ يُقَالُ لَهَا عَنَاقُ وَكَانَتْ صَدِيْقَةً لَهُ وَاَنَّهُ كَانَ وَعَدَ رَجُلاً مِنْ اُسَارَى مَكَّةَ يَحْمِلُهُ قَالَ فَجِئْتُ حَتّٰى انْتَهَيْتُ اِلٰى ظِلِّ حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ مَكَّةَ فِيْ لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ قَالَ فَجَاءَتْ عَنَاقُ فَاَبْصَرَتْ سَوَادَ ظِلِّيْ بِجَنْبِ الْحَائِطِ فَلَمَّا انْتَهَتْ اِلَيَّ عَرَفَتْ فَقَالَتْ مَرْثَدٌ فَقُلْتُ مَرْثَدٌ فَقَالَتْ مَرْحَبًا وَاَهْلاً هَلُمَّ فَبِتْ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ قُلْتُ يَا عَنَاقُ حَرَّمَ اللّٰهُ الزِّنَا قَالَتْ يَا اَهْلَ الْخِيَامِ هٰذَا الرَّجُلُ يَحْمِلُ اُسَرَاءَكُمْ قَالَ فَتَبِعَنِيْ ثَمَانِيَةٌ وَسَلَكْتُ الْخَنْدَمَةَ فَانْتَهَيْتُ اِلٰى غَارٍ اَوْكَهْفٍ فَدَخَلْتُ فَجَاءُوْا حَتّٰى قَامُوْا عَلٰى رَاْسِيْ فَبَالُوْا فَظَلَّ بَوْلُهُمْ عَلٰى رَاْسِيْ وَاَعْمَاهُمُ اللّٰهُ عَنِّيْ قَالَ ثُمَّ رَجَعُوْا وَرَجَعْتُ اِلٰى صَاحِبِيْ فَحَمَلْتُهُ وَكَانَ رَجُلاً ثَقِيْلاً حَتّٰى انْتَهَيْتُ اِلَى الْاِذْخِرِ فَفَكَكْتُ عَنْهُ اَكْبُلَهُ فَجَعَلْتُ اَحْمِلُهُ وَيُعْيِيْنِيْ حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْكِحُ عَنَاقًا فَاَمْسَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا حَتّٰى نَزَلَتْ اَلزَّانِيْ لَايَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْمُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا اِلَّا زَانٍ اَوْمُشْرِكٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَرْثَدُ الزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْمُشْرِكَةً وَ الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْمُشْرِكٌ فَلَا تَنْكِحْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

میں سے ایک سے وعدہ کیا ہوا تھا کہ وہ اسے مدینہ پہنچائے گا۔مرثد کہتے ہیں کہ میں (مکہ) آیا اور ایک دیوار کی اوٹ میں ہوگیا۔چاندنی رات تھی کہ اتنے میں عناق آئی اور دیوار کے ساتھ میرے سائے کی سیاہی کو دیکھ لیا۔جب میرے قریب پہنچی تو پہچان گئی اور کہنے لگی کہ تم مرثد ہو۔میں کہا ہاں مرثد ہوں۔کہنے لگی اھلاً و مرحبا (خوش آمدید)۔آج کی رات ہمارے یہاں قیام کرو۔مرثد فرماتے ہیں کہ میں نے کہا عناق، اللہ تعالیٰ نے زنا کو حرام قرار دیا ہے اس نے زور سے کہا: خیمے والو: یہ آدمی تمہارے قیدیوں کو لے جاتا ہے۔چنانچہ آٹھ آدمی میرے پیچھے دوڑے۔میں (خندمہ) ایک پہاڑ کی طرف بھاگا اور وہاں پہنچ کر ایک غار دیکھا اور اس میں گھس گیا۔وہ لوگ آئے اور میرے سر پر کھڑے ہوگئے اور وہاں پیشاب بھی کیا جو میرے سر پر ٹھہرنے لگے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں مجھے دیکھنے سے اندھا کر دیا اور وہ واپس چلے گئے۔پھر میں بھی اپنے قیدی ساتھی کے پاس گیا اور اسے اٹھایا۔وہ کافی بھاری تھا۔میں اسے لے کر اذخر کے مقام تک پہنچا۔پھر اسکی زنجیریں توڑیں اور اسے پیٹھ پر لاد لیا۔وہ مجھے تھکا دیتا تھا یہاں تک کہ میں مدینہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میں عناق سے نکاح کروں گا۔آپ ؐ نے کوئی جواب نہیں دیا۔یہاں تک کہ یہ آیات نازل ہوئی۔"اَلزَّانِيْ لَايَنْكِحُ ...الآیہ (بدکار مرد نہیں نکاح کرتا مگر عورت بدکار سے یا شرک والی سے اور بدکار عورت سے نکاح نہیں کرتا مگر بدکار مرد یا مشرک اور یہ حرام ہوا ہے ایمان والوں پر۔النور۔آیت ۳) اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس سے نکاح نہ کرو۔یہ حدیث حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۱۰۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِيْ اِمَارَةِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَمَادَرَيْتُ مَااَقُوْلُ فَقُمْتُ مِنْ مَكَانِيْ

۱۱۰۶: حضرت سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں کہ مصعب بن زبیر کی امارت کے زمانے میں مجھ سے کسی نے لعان کرنے والے مرد و عورت کا حکم پوچھا کہ کیا انہیں الگ کر دیا جائے؟ میں جواب نہ دے سکا تو اٹھا اور عبداللہ بن عمرؓ کے گھر کی طرف روانہ ہوگیا۔

اِلٰی مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَقِيْلَ لِیْ اِنَّهٗ قَائِلٌ فَسَمِعَ كَلَامِیْ فَقَالَ لِیْ ابْنُ جُبَيْرٍ اُدْخُلْ مَاجَاءَ بِكَ اِلَّا حَاجَةٌ قَالَ فَدَخَلْتُ فَاِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْدَعَةَ رَحْلٍ لَهٗ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمُتَلَاعِنَانِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ لَوْاَنَّ اَحَدَنَا رَاٰی امْرَاَةً عَلٰی فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ اِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِاَمْرٍ عَظِيْمٍ وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰی اَمْرٍ عَظِيْمٍ فَسَكَتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الَّذِیْ سَاَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ بِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ الْاٰيَاتِ فِیْ سُوْرَةِ النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ حَتّٰی خَتَمَ الْاٰيَاتِ قَالَ فَدَعَا الرَّجُلَ فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَوَعَظَهٗ وَ ذَكَّرَهٗ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَكَ مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ وَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَتْ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا صَدَقَ فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَفِی الْبَابِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

جب اجازت چاہی تو کہا گیا کہ وہ قیلولہ کر رہے ہیں۔انہوں نے میری آواز سن لی تھی۔فرمانے لگے ابن جبیرؓ آ جاؤ۔تم کسی کام ہی سے آئے ہو گے۔میں گھر میں داخل ہو گیا۔حضرت عبداللہ بن عمرؓ کجاوے کے نیچے بچھایا جانے والا اثاث بچھا کر اس پر لیٹے ہوئے تھے۔میں نے عرض کیا: ابوعبدالرحمٰن کیا لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق کر دی جاتی ہے۔وہ فرمانے لگے سبحان اللہ:ہاں اور جس نے سب سے پہلے یہ مسلہ پوچھا وہ فلاں بن فلاں ہیں۔وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو برائی (بے حیائی، زنا) کرتے ہوئے دیکھے تو کیا کرے۔اگر وہ بولے تو بھی یہ بہت بڑی بات ہے اور اگر خاموش رہے تو بھی بہت بڑی چیز پر خاموش رہے۔آپؐ خاموش رہے اور اسے کوئی جواب نہیں دیا۔اسکے بعد (کچھ دنوں بعد) وہ دوبارہ حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے آپؐ سے جس چیز کے متعلق پوچھا تھا۔میں اس میں مبتلا ہو گیا ہوں۔اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور کی یہ آیات نازل فرمائیں" وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ ... الآیۃ" (پھر نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو بلایا اور یہ آیات پڑھ کر سنانے کے بعد اسے نصیحت کی، سمجھایا اور بتایا کہ دنیاوی سزا آخرت کے عذاب کے مقابلے میں بہت کم ہے۔وہ کہنے لگا یا رسول اللہ ﷺ: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا میں نے اس پر جھوٹی تہمت نہیں لگائی پھر آپ عورت کی طرف مڑے اور اسے بھی اسی طرح سمجھایا لیکن اس نے بھی یہی کیا کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے میرا شوہر سچا نہیں۔اس کے بعد آپؐ نے مرد سے شروع کیا اور اس نے چار شہادتیں دیں کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ کہا کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت۔پھر عورت نے بھی چار شہادتیں دیں کہ وہ جھوٹا ہے اور اگر وہ سچا ہو تو اس پر (عورت پر) اللہ کا غضب ہو۔یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں سہل بن سعدؓ

سے بھی روایت ہے۔

۱۱۰۷: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عَدِيّ نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ قَالَ نَبِيْ عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ هِلَالَ بْنَ اُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَيِّنَةَ وَاِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ قَالَ فَقَالَ هِلَالٌ اِذَا رَاٰى اَحَدُنَا رَجُلًا عَلٰى امْرَاَتِهٖ اَيَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْبَيِّنَةَ وَاِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ قَالَ فَقَالَ هِلَالٌ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنِّيْ لَصَادِقٌ وَلَيُنْزِلَنَّ فِيْ اَمْرِيْ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِيْ مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ فَقَرَأَ اِلٰى اَنْ بَلَغَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ قَالَ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمَا فَجَاءَ فَقَالَ هِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ قَالُوْا لَهَا اِنَّهَا مُوْجِبَةٌ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّاَتْ وَنَكَسَتْ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنْ سَتَرْجِعُ فَقَالَتْ لَا اَفْضَحُ قَوْمِيْ سَائِرَ الْيَوْمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصِرُوْهَا فَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ اَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْاَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَجَاءَتْ بِهٖ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا مَضٰى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لَنَا وَلَهَا شَانٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَهٰكَذَا رَوٰى عَبَّاسُ بْنُ مَنْصُوْرٍ هٰذَا

۱۱۰۷: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یا تو گواہ پیش کرو یا پھر تم پر حد جاری کی جائے گی۔ ہلال نے عرض کیا کہ اگر کوئی کسی شخص کو اپنی بیوی کے ساتھ دیکھے تو کیا گواہ تلاش کرتا پھرے۔ لیکن آپؐ یہی فرماتے رہے کہ گواہ لاؤ یا پھر تمہاری پیٹھ پر حد لگائی جائے گی۔ ہلال نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث کیا میں یقیناً سچا ہوں اور میرے متعلق ایسی آیات نازل ہوں گی جو میری پیٹھ کو حد سے نجات دلائیں گی۔ چنانچہ یہ آیات نازل ہوئیں '' وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ ....الآیہ'' (اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں اور ان کے لیے سوائے اپنے اور کوئی گواہ نہیں تو ایسے شخص کی گواہی کی یہ صورت ہے کہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ بیشک وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہے تو عورت کی سزا کو یہ بات دور کر دے گی کہ اللہ کو گواہ کر کے چار مرتبہ یہ کہے کہ بے شک وہ سراسر جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ کہے کہ بے شک اس پر اللہ کا غضب پڑے اگر وہ سچا ہے۔ النور آیت: ۹) تو لوگوں نے کہا کہ یہ گواہی اللہ کے غضب کو لازم کر دے گی۔ چنانچہ وہ ہچکچائی اور ذلت کی وجہ سے سر جھکا لیا۔ یہاں تک کہ ہم لوگ سمجھے کہ یہ اپنی گواہی سے لوٹ کر (زنا کا اقرار کر لے گی) لیکن وہ کہنے لگی: میں اپنی قوم کو سارا دن رسوا نہیں کروں گی۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھو اگر یہ ایسا بچہ پیدا کرے جس کی آنکھیں سیاہ کولہے موٹے اور رانیں موٹی ہوں تو وہ شریک بن سحماء کا نطفہ ہے۔ (ولد الزنا ہے) پھر ایسا ہی ہوا اور آپؐ نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے لعان کا حکم نہ نازل ہو چکا ہوتا تو میرا اور اس کا معاملہ کچھ اور ہوتا (یعنی حد جاری کی جاتی) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عباد بن منصور یہ حدیث عکرمہ رضی اللہ

الحدیث عن عِکْرِمة عن ابنِ عبَّاسٍ عنِ النَّبیِّ صَلَّی اللّٰہُ علَیْہِ وسَلَّمَ وَرَوَاہُ اَیُّوْبُ عَنْ عِکْرِمَۃَ مُرْسَلاً ولَمْ یَذْکُرْفِیْہِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

تعالیٰ عنہ سے وہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں ایوب بھی یہ حدیث عکرمہ سے نقل کرتے ہیں لیکن یہ مرسل ہے۔

۱۱۰۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ نَا اَبُوْ اُسَامَۃَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا ذُکِرَ مِنْ شَاْنِیَ الَّذِیْ ذُکِرَ وَمَا عَلِمْتُ بِہٖ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیَّ خَطِیْبًا فَتَشَھَّدَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَاَثْنٰی عَلَیْہِ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَشِیْرُوْا عَلَیَّ فِیْ اُنَاسٍ اَبَنُوْا اَھْلِیْ وَاللّٰہِ مَا عَلِمْتُ عَلٰی اَھْلِیْ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ وَاَبَنُوْا بِمَنْ وَاللّٰہِ مَا عَلِمْتُ عَلَیْہِ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ وَلَا دَخَلَ بَیْتِیْ قَطُّ اِلَّا وَاَنَا حَاضِرٌ وَلَا غِبْتُ فِیْ سَفَرٍ اِلَّا غَابَ مَعِیَ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ ائْذَنْ لِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَنْ اَضْرِبَ اَعْنَاقَھُمْ وَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ وَکَانَتْ اُمُّ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنْ رَھْطِ ذٰلِکَ الرَّجُلِ فَقَالَ کَذَبْتَ اَمَا وَاللّٰہِ اَنْ لَوْ کَانُوْا مِنَ الْاَوْسِ مَا اَحْبَبْتَ اَنْ تَضْرِبَ اَعْنَاقَھُمْ حَتّٰی کَادَ اَنْ یَّکُوْنَ بَیْنَ الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ شَرٌّ فِی الْمَسْجِدِ وَمَا عَلِمْتُ بِہٖ فَلَمَّا کَانَ مَسَاءُ ذٰلِکَ الْیَوْمِ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِیْ وَمَعِیَ اُمُّ مِسْطَحٍ فَعَثَرَتْ فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَھَا اَیْ اُمِّ تَسُبِّیْنَ ابْنَکِ فَسَکَتَتْ ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّانِیَۃَ فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَانْتَھَرْتُھَا فَقُلْتُ لَھَا اَیْ اُمِّ تَسُبِّیْنَ ابْنَکِ فَسَکَتَتْ ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّالِثَۃَ فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَانْتَھَرْتُھَا فَقُلْتُ لَھَا اَیْ اُمِّ تَسُبِّیْنَ ابْنَکِ فَقَالَتْ وَاللّٰہِ مَا اَسُبُّہٗ اِلَّا فِیْکِ فَقُلْتُ فِیْ اَیِّ شَاْنِیْ قَالَتْ فَبَقَرَتْ اِلَیَّ الْحَدِیْثَ قُلْتُ وَقَدْ کَانَ ھٰذَا قَالَتْ نَعَمْ وَاللّٰہِ لَقَدْ رَجَعْتُ اِلٰی بَیْتِیْ وَکَانَ الَّذِیْ خَرَجْتُ لَہٗ لَمْ اَخْرُجْ لَا اَجِدُ مِنْہُ قَلِیْلًا وَلَا کَثِیْرًا وَوَعِکْتُ فَقُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

۱۱۰۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ جب میرے متعلق لوگوں میں تذکرہ ہونے لگا جس کی مجھے بالکل خبر نہ تھی تو رسول اللہ ﷺ میرے متعلق خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے۔ اور تشہد کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: لوگو مجھے ان لوگوں کے متعلق مشورہ دو جنہوں نے میری بیوی پر تہمت لگائی ہے۔ اللہ کی قسم میں نے اپنی بیوی میں کبھی کوئی برائی نہیں دیکھی۔ اور اس میں بھی کوئی برائی نہیں دیکھی جس کے ساتھ ان لوگوں نے اسے متہم کیا وہ میری عدم موجودگی میں کبھی میرے گھر میں داخل نہیں ہوا۔ پھر وہ ہر سفر میں میرے ساتھ شریک رہا ہے۔ اس پر سعد بن معاذؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں انکی گردنیں اتار دوں۔ قبیلۂ خزرج کا ایک شخص کھڑا ہوا (حسان بن ثابت کی والدہ انکی برادری سے تعلق رکھتی تھی) اور (سعد سے) کہنے لگا۔ اللہ کی قسم تم جھوٹ بولتے ہو کیونکہ اللہ کی قسم اگر ان لوگوں کا تعلق قبیلۂ اوس سے ہوتا تو تم کبھی یہ بات نہ کرتے۔ نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ مسجد ہی میں اوس وخزرج کے درمیان لڑائی کا خدشہ ہوگیا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ مجھے اس کا علم بھی نہیں تھا۔ اس روز شام کے وقت میں ام مسطح کے ساتھ کسی کام کیلئے نکلی (چلتے ہوئے) ام مسطح کو ٹھوکر لگی تو کہنے لگیں مسطح ہلاک ہو۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے ان سے کہا کیا بات ہے آپ اپنے بیٹے کو کیوں کوس رہی ہیں۔ وہ خاموش ہوگئیں۔ تھوڑی دیر بعد پھر ٹھوکر لگی اور مسطح کی ہلاکت کی بددعا کی۔ میں نے دوبارہ ان سے پوچھا لیکن اس مرتبہ بھی وہ خاموش رہیں۔ تیسری مرتبہ بھی ایسا ہی ہوا تو میں نے انہیں ڈانٹا اور کہا کہ آپ اپنے بیٹے کے لیے بددعا کرتی ہیں۔ ام مسطح کہنے لگیں: اللہ کی قسم میں اسے تمہاری وجہ سے ہی کوس رہی ہوں۔

وَسَلَّمَ اَرْسِلْنِيْ اِلٰى بَيْتِ اَبِيْ فَاَرْسَلَ مَعِيَ الْغُلَامَ فَدَخَلْتُ الدَّارَ فَوَجَدْتُ اُمَّ رُوْمَانَ فِي السِّفْلِ وَاَبُوْ بَكْرٍ فَوْقَ الْبَيْتِ يَقْرَأُ فَقَالَتْ اُمِّيْ مَا جَاءَ بِكِ يَابُنَيَّةُ قَالَتْ فَاَخْبَرْتُهَا وَذَكَرْتُ لَهَا الْحَدِيْثَ فَاِذَا هُوَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مَابَلَغَ مِنِّيْ فَقَالَتْ يَابُنَيَّةُ خَفِّفِيْ عَلَيْكِ الشَّاْنَ فَاِنَّهُ وَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتْ اِمْرَاَةٌ حَسْنَاءُ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَائِرُ اِلَّا حَسَدْنَهَا وَقِيْلَ فِيْهَا فَاِذَا هِيَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مَا بَلَغَ مِنِّيْ قَالَتْ قُلْتُ وَقَدْ عَلِمَ بِهٖ اَبِيْ قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَتْ نَعَمْ وَاسْتَعْبَرْتُ وَبَكَيْتُ فَسَمِعَ اَبُوْ بَكْرٍ صَوْتِيْ وَهُوَ فَوْقَ الْبَيْتِ يَقْرَأُ فَنَزَلَ فَقَالَ لِاُمِّيْ مَا شَاْنُهَا قَالَتْ بَلَغَهَا الَّذِيْ ذُكِرَ مِنْ شَاْنِهَا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكِ يَا بُنَيَّةُ اِلَّا رَجَعْتِ اِلٰى بَيْتِكِ فَرَجَعْتُ وَلَقَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَيْتِيْ وَسَاَلَ عَنِّيْ خَادِمَتِيْ فَقَالَتْ لَا وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا عَيْبًا اِلَّا اَنَّهَا كَانَتْ تَرْقُدُ حَتّٰى تَدْخُلَ الشَّاةُ فَتَاْكُلَ خَمِيْرَتَهَا اَوْ عَجِيْنَتَهَا وَانْتَهَرَهَا بَعْضُ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَصْدُقِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَسْقَطُوْا لَهَا بِهٖ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا اِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ عَلٰى تِبْرِ الذَّهَبِ الْاَحْمَرِ فَبَلَغَ الْاَمْرُ ذٰلِكَ الرَّجُلَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهٗ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كَشَفْتُ كَنَفَ اُنْثٰى قَطُّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُتِلَ شَهِيْدًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَتْ وَاَصْبَحَ اَبَوَايَ عِنْدِيْ فَلَمْ يَزَا لَا عِنْدِيْ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ وَقَدِ اكْتَنَفَنِيْ اَبَوَايَ عَنْ يَمِيْنِيْ وَشِمَالِيْ فَتَشَهَّدَ النَّبِيُّ ﷺ وَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ يَا

(حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں۔) میں نے پوچھا میرے متعلق کس وجہ سے؟ اس پر انہوں نے ساری حقیقت کھول کر بیان کردی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا واقعی یہی بات ہے؟ وہ کہنے لگیں ہاں: اللہ کی قسم میں واپس لوٹ گئی اور جس کام کیلئے نکلی تھی اسکی ذراسی بھی حاجت باقی نہ رہی اور پھر مجھے بخار ہوگیا۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے میرے والد کے گھر بھیج دیجئے۔ آپؐ نے میرے ساتھ ایک غلام کو بھیج دیا۔ میں گھر میں داخل ہوئی تو دیکھا کہ ام رومانؓ (حضرت عائشہؓ کی والدہ) نیچے ہیں اور ابوبکرؓ اوپر قرآن کریم پڑھ رہے ہیں (والدہ) نے پوچھا بیٹی کیسے آئی ہو؟ میں نے ان کے سامنے پورا قصہ بیان کیا۔ اور بتایا کہ اس کا لوگوں میں چرچا ہو چکا ہے۔ انہیں بھی اس سے اتنی تکلیف ہوئی جتنی مجھے ہوئی تھی۔ وہ مجھ سے کہنے لگیں۔ بیٹی گھبراؤ نہیں اس لیے کہ اللہ کی قسم کوئی خوبصورت عورت ایسی نہیں جس سے اسکی سوکنوں کے ہوتے ہوئے اس کا شوہر محبت کرتا ہو اور وہ (سوکنیں) اس سے حسد نہ کریں اور اس کے متعلق باتیں نہ بنائی جائیں یعنی انہیں وہ اذیت نہیں پہنچی جو مجھے ہوئی تھی۔ پھر میں نے پوچھا کہ کیا میرے والد بھی یہ بات جانتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا "ہاں" پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کے متعلق پوچھا تو بتایا کہ ہاں آپؐ بھی یہ بات جانتے ہیں۔ اس پر میں اور زیادہ غمگین ہوئی اور رونے لگی۔ حضرت ابوبکرؓ نے میرے رونے کی آواز سنی تو نیچے تشریف لائے اور میری والدہ سے پوچھا کہ اسے کیا ہوا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اسے اپنے متعلق پھیلنے والی بات کا علم ہوگیا ہے۔ لہٰذا اسکی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: بیٹی میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ اپنے گھر واپس لوٹ جاؤ۔ میں واپس گئی تو رسول اللہ ﷺ میرے گھر تشریف لائے اور میری خادمہ سے میرے متعلق دریافت کیا تو اس نے کہا: اللہ کی قسم مجھے ان میں کسی عیب کا علم نہیں اتنا ضرور ہے کہ وہ (یعنی حضرت عائشہؓ) سوجایا کرتی تھیں اور بکری اندر داخل ہوکر آٹا کھاجایا کرتی تھی۔ (راوی کو

عَائِشَةُ اِنْ كُنْتِ قَارَفْتِ سُوْءً ا اَوْ ظَلَمْتِ فَتُوْبِيْ اِلَى
اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ قَالَتْ وَ جَاءَ تْ
اِمْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ وَهِيَ جَالِسَةٌ بِالْبَابِ فَقُلْتُ اَلَا
تَسْتَحْيِيْ مِنْ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ اَنْ تَذْكُرَ شَيْئًا وَوَعَظَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالْتَفَتُّ اِلٰى اَبِيْ
فَقُلْتُ اَجِبْهُ قَالَ فَمَاذَا اَقُوْلُ فَالْتَفَتُّ اِلٰى اُمِّيْ فَقُلْتُ
اَجِيْبِيْهِ قَالَتْ اَقُوْلُ مَاذَا قَالَتْ فَلَمَّا لَمْ يُجِيْبَا تَشَهَّدْ
تُ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَاَثْنَيْتُ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قُلْتُ
اَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ اِنِّيْ لَمْ اَفْعَلْ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنِّيْ
لَصَادِقَةٌ مَا ذَاكَ بِنَافِعِيْ عِنْدَكُمْ لِيْ لَقَدْ تَكَلَّمْتُمْ
وَاُشْرِبَتْ قُلُوْبُكُمْ وَلَئِنْ قُلْتُ اِنِّيْ قَدْ فَعَلْتُ وَاللّٰهِ
يَعْلَمُ اَنِّيْ لَمْ اَفْعَلْ لَتَقُوْلُنَّ اَنَّهَا قَدْ بَاءَ تْ بِهَا عَلٰى
نَفْسِهَا وَاللّٰهِ اِنِّيْ مَا اَجِدُ لِيْ وَلَكُمْ مَثَلًا قَالَتْ وَ
الْتَمَسْتُ اسْمَ يَعْقُوْبَ فَلَمْ اَقْدِرْ عَلَيْهِ اِلَّا اَبَا يُوْسُفَ
حِيْنَ قَالَ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا
تَصِفُوْنَ قَالَتْ وَاُنْزِلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَاعَتِهٖ فَسَكَتْنَا فَرُفِعَ عَنْهُ وَاِنِّيْ
لَاَتَبَيَّنُ السُّرُوْرَ فِيْ وَجْهِهٖ وَهُوَ يَمْسَحُ جَبِيْنَهٗ وَيَقُوْلُ
اَبْشِرِيْ يَا عَائِشَةُ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَاءَ تَكِ قَالَتْ
فَكُنْتُ اَشَدَّ مَا كُنْتُ غَضَبًا فَقَالَ لِيْ اَبَوَايَ قُوْمِيْ اِلَيْهِ
فَقُلْتُ لَا وَاللّٰهِ لَا اَقُوْمُ اِلَيْهِ وَلَا اَحْمَدُهٗ وَلَا اَحْمَدُ
كُمَا وَلٰكِنْ اَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِيْ اَنْزَلَ بَرَاءَ تِيْ لَقَدْ
سَمِعْتُمُوْهُ فَمَا اَنْكَرْتُمُوْهُ وَلَا غَيَّرْتُمُوْهُ وَكَانَتْ
عَائِشَةُ تَقُوْلُ اَمَّا زَيْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِدِ
يْنِهَا فَلَمْ تَقُلْ اِلَّا خَيْرًا وَاَمَّا اُخْتُهَا حَمْنَةُ فَهَلَكَتْ
فِيْمَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِيْ يَتَكَلَّمُ فِيْهِ مِسْطَحٌ وَحَسَّانُ
بْنُ ثَابِتٍ وَالْمُنَافِقُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ وَكَانَ يَسْتَوْشِيْهِ
وَيَجْمَعُهٗ وَهُوَ الَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ هُوَ وَحَمْنَةُ

شک ہے کہ "خَمِیْرَتَهَا" کہا یا "عَجِیْنَتَهَا" تھا) اس پر بعض
صحابہؓ نے اسے ڈانٹا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے سچ بولو۔
یہاں تک کہ بعض نے اسے (یعنی خادمہ کو) برا بھلا کہا۔ وہ کہنے لگی
:سبحان اللہ۔ اللہ کی قسم میں انکے (یعنی حضرت عائشہؓ کے) متعلق
اس طرح جانتی ہوں جس طرح سنار خالص اور سرخ سونے کو
پہچانتا ہے۔ پھر اس شخص کو بھی یہ بات پتہ چلی گئی۔ جسکے بارے
میں واقعہ کہا گیا تھا۔ وہ بھی کہنے لگا کہ سبحان اللہ: اللہ کی قسم میں نے
کبھی کسی عورت کا ستر نہیں کھولا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ پھر
وہ شخص اللہ کی راہ میں شہید ہو گیا۔ اس کے بعد صبح کے وقت میرے
والدین میرے پاس آئے۔ وہ ابھی میرے پاس ہی تھے کہ عصر کی
نماز پڑھ کر نبی اکرم ﷺ بھی تشریف لے آئے۔ میرے
والدین میرے دائیں بائیں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ
نے تشہد پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی اور فرمایا: اے
عائشہؓ اگر تم برائی کے قریب گئی ہو یا تم نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے تو
اللہ تعالیٰ سے توبہ کر لو۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی توبہ قبول
کرتے ہیں۔ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک
انصاری عورت آئی اور دروازے میں بیٹھ گئی۔ میں نے عرض کیا یا
رسول اللہ ﷺ کیا آپؐ اس عورت کی موجودگی میں اس بات کا
ذکر کرتے ہوئے حیاء نہیں فرماتے۔ اس پر نبی اکرم ﷺ نے
وعظ ونصیحت کی تو میں اپنے والد کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض کیا کہ
نبی اکرم ﷺ کو جواب دیجئے۔ انہوں نے فرمایا میں کیا کہہ
سکتا ہوں۔ پھر میں والدہ کی طرف متوجہ ہوئی اور ان سے جواب
دینے کے لیے کہا تو انہوں نے بھی یہی کہا۔ جب دونوں نے کوئی
جواب نہیں دیا تو میں نے تشہد پڑھ کر حمد وثنا بیان کرنے کے بعد
کہا: اللہ کی قسم اگر میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر آپ حضرات سے یہ
کہوں کہ میں نے یہ کام نہیں کیا تب بھی یہ بات مجھے فائدہ نہیں
پہنچائے گی۔ اس لیے کہ بات تم لوگوں کے سامنے کہی جا چکی ہے
اور تمہارے دلوں میں سرایت کر گئی ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ ہاں

قَالَتْ فَحَلَفَ اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ لَا يَنْفَعَ مِسْطَحًا بِنَافِعَةٍ اَبَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ يَعْنِىْ اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُؤْتُوْا اُولِى الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَعْنِىْ مِسْطَحًا اِلٰى قَوْلِهٖ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ بَلٰى وَاللّٰهِ يَا رَبَّنَا اِنَّا لَنُحِبُّ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا وَعَادَلَهٗ بِمَا كَانَ يَصْنَعُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَقَدْ رَوٰى يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَمَعْمَرٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصِ اللَّيْثِيِّ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَائِشَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ اَطْوَلَ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَاَتَمَّ.

میں نے یہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ کہ میں نے نہیں کیا تم لوگ کہو گے کہ اس نے اپنے جرم کا اقرار کرلیا۔ اللہ کی قسم میں تمہارے اور اپنے متعلق کوئی مثال نہیں جانتی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر میں نے یعقوب علیہ السلام کا نام لینا چاہا تو میرے ذہن میں نہیں آیا۔ اتنا ہی آیا کہ وہ ابو یوسفؑ ہیں۔ (یعنی میرا قصہ بھی انہی کی طرح ہے جیسے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو کھونے کے بعد فرمایا: فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ یعنی صبر ہی بہتر ہے اور جس طرح تم بیان کررہے ہو اس پر اللہ تعالیٰ مددگار ہے) حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ پھر اسی وقت نبی اکرم ﷺ پر وحی نازل ہوئی اور ہم لوگ خاموش ہوگئے۔ جب وحی کے آثار ختم ہوئے تو میں نے نبی اکرم ﷺ کے چہرہ انور پر خوشی کے آثار دیکھے۔ آپؐ اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھتے ہوئے فرمانے لگے۔ عائشہؓ تمہیں بشارت ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہاری پاکیزگی اور برأت نازل فرمادی ہے۔ ام المؤمنین عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں بہت غصے میں تھی کہ میرے والدین نے مجھ سے کہا کہ اٹھو اور کھڑی ہوجاؤ (یعنی نبی اکرمؐ کا شکریہ ادا کرو) عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم نہ میں آپ کا شکریہ ادا کرونگی اور نہ آپ (ابوبکرؓ اور ام رومانؓ) دونوں کا بلکہ اللہ رب العالمین کا شکریہ ادا کرونگی اور اسکی ہی تعریف کرونگی جس نے میری برأت نازل کی۔ آپ لوگوں نے تو میرے متعلق یہ بات سن کر نہ اسکا انکار کیا ادا اور نہ اسے روکنے کی کوشش کی۔ عائشہؓ فرمایا کرتی تھیں کہ زینب بنت جحش کو اللہ تعالیٰ نے اسکی دینداری کی وجہ سے بچالیا اور اس نے اس موقع پر اچھی بات کہی لیکن انکی بہن حمنہ برباد ہونے والوں کے ساتھ ہوگئیں۔ اس تہمت کو پھیلانے والوں میں مسطح، حسان بن ثابت اور عبداللہ بن ابی شامل تھے۔ عبداللہ بن ابی (منافق) ہی شوشے چھوڑتا اور خبریں جمع کرتا اور اس میں اسی کا زیادہ ہاتھ تھا۔ حمنہ بھی اسکے ساتھ شریک تھیں۔ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ابوبکرؓ نے قسم کھائی کہ اب مسطح کو کبھی فائدہ نہ پہنچائیں گے تو یہ آیات نازل ہوئی "وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ.." (اہل فضل اور رزق میں کشادگی رکھنے والے قسم نہ کھائیں (مراد ابوبکرؓ ہیں) کہ رشتہ داروں، مساکین اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہیں دینگے) اس سے مراد مسطح ہیں۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اَلَا تُحِبُّوْنَ..." (کیا تم لوگ نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تم کو معاف کردے اور وہ بہت معاف کرنے والا اور مہربان ہے۔ النور: ۲۲) اس پر ابوبکرؓ نے فرمایا: کیوں نہیں اے اللہ! اللہ کی قسم ہم تیری مغفرت ہی چاہتے ہیں اور پھر مسطح کو پہلے کی طرح دینے لگے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ یونس بن یزید، معمر اور کئی راوی یہ حدیث زہری سے وہ عروہ بن زبیر سے وہ سعید بن مسیب، علقمہ بن وقاص لیثی اور عبداللہ بن عبداللہ سے اور یہ سب حضرت عائشہؓ سے ہشام بن عروہ کی حدیث سے زیادہ مکمل اور لمبی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۱۰۹: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ

۱۱۰۹: بندار، ابن ابی عدی سے وہ محمد بن اسحٰق سے وہ عبداللہ بن ابی بکرؓ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ جب

عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ عُذْرِيْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ وَتَلَا الْقُرْاٰنَ فَلَمَّا نَزَلَ اَمَرَ بِرَجُلَيْنِ وَامْرَأَةٍ فَضُرِبُوْا حَدَّهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ.

میری برأت نازل ہوئی تو نبی اکرم ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور اس کا تذکرہ کرنے کے بعد آیات تلاوت کیں پھر نیچے تشریف لائے اور دو مردوں اور ایک عورت پر حد قذف جاری کرنے کا حکم دیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن اسحٰق کی روایت سے جانتے ہیں۔

خلاصہ سورۃ النور: اس سورۃ میں زیادہ تر احکام عِفّت کی حفاظت اور ستر و پردہ کے متعلق ہیں اور اس کی تعمیل کے لئے حدِ زنا کا بیان آیا ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے اہل کوفہ کے نام ایک فرمان میں تحریر فرمایا ''علموا نساء کم سورۃ النور'' یعنی اپنی عورتوں کو سورۃ نور کی تعلیم دو۔ حدیث باب اور سورۃ میں زنا کی حد اور تہمت کی حد کا ذکر ہے اور لعان کا ذکر بھی بہت وضاحت کے ساتھ ہے۔ لِعَان کے معنی ایک دوسرے پر لعنت اور غضب الٰہی کی بددعا کرنے کے ہیں اصطلاح شریعت میں میاں بیوی دونوں کو چند خاص قسمیں دینے کو لعان کہا جاتا ہے جس کا ذکر سورۃ نور کی آیات نمبر ۶ تا ۹ میں ہے اس کے بعد قصہ افک و بہتان پوری تفصیل اور سبط کے ساتھ نقل کیا ہے یہ واقعہ غزوہ بنی المصطلق میں جس کو غزوہ مریسیع بھی کہا جاتا ہے ۶ ہجری میں پیش آیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی براءت نازل فرمائی۔ امام بغویؒ نے سورۃ نور کی آیات نمبر ۱۱ تا ۲۶ کی تفسیر میں فرمایا کہ حضرت عائشہؓ کی چند خصوصیات ایسی ہیں جو ان کے علاوہ کسی دوسری عورت کو نصیب نہیں ہوئیں اور صدیقہ عائشہؓ بھی بطور تحدیث بالنعمۃ ان چیزوں کو فخر کے ساتھ بیان فرمایا کرتی تھیں (۱) جبرئیلؑ نکاح سے ریشمی کپڑے میں ان کی تصویر لے کر آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور فرمایا کہ یہ تمہاری زوجہ ہے (۲) رسول اللہ ﷺ نے ان کے سوا کسی کنواری لڑکی سے نکاح نہیں کیا (۳) حضور ﷺ کی وفات ان کی گود میں ہوئی (۴) بیت عائشہ ہی میں مدفون ہوئے (۵) حضرت عائشہؓ کے لحاف میں حضور ﷺ ہوتے تو اس وقت بھی وحی نازل ہوتی (۶) آسمان سے ان کی براءت نازل ہوئی (۷) وہ خلیفہ اوّل بلافصل حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی ہیں اور صدیقہ ہیں اور ان میں سے ہیں جن سے دنیا ہی میں مغفرت کا ارزن کریم کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ امام ترمذیؒ نے حدیث نقل کی ہے کہ تہمت لگانے والوں میں مسطح وہی تھے جو کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عزیز اور مفلس تھے حضرت ابوبکرؓ ان کی مالی مدد فرمایا کرتے تھے جب واقع افک میں ان کی گونہ شرکت ثابت ہوئی تو صدیقہ کی والدہ کی شفقت پدری اور بیٹی کو ایسا سخت صدمہ پہنچانے کی وجہ سے طبعی طور پر مسطح سے رنج پیدا ہو گیا اور قسم کھا بیٹھے کہ آئندہ ان کی کوئی مالی مدد نہیں کریں گے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو قسم توڑنے اور اس کا کفارہ ادا کرنے کی تعلیم دی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْفُرْقَانِ

سورۂ فرقان کی تفسیر

۱۱۱۰: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ قَالَ اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ اَنْ يَطْعَمَ

۱۱۱۰: حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: کونسا گناہ سب سے بڑا ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤ حالانکہ اس نے ہی تمہیں پیدا کیا۔ میں نے عرض کیا پھر؟ آپؐ نے فرمایا: یہ کہ تم اپنی اولاد کو اس ڈر سے قتل کر دو کہ وہ تمہارے ساتھ کھانا کھائے گا۔ میں نے عرض

مَعَکَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ اَنْ تَزْنِیَ بِحَلِیْلَةِ جَارِکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ۔

کیا اس کے بعد آپؐ نے فرمایا یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۱۱۱: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ نَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِیْلَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۱۱۱۱: بندار اس حدیث کو عبدالرحمٰن سے وہ سفیان سے وہ منصور سے اور اعمش سے وہ ابو وائل سے وہ عمرو بن شرحبیل سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۱۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا سَعِیْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ اَبُوْ زَیْدٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ قَالَ اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَکَ وَاَنْ تَقْتُلَ وَلَدَکَ مِنْ اَجْلِ اَنْ یَّاْکُلَ مَعَکَ اَوْمِنْ طَعَامِکَ وَاَنْ تَزْنِیَ بِحَلِیْلَةِ جَارِکَ قَالَ وَتَلَا هٰذِهِ الْاٰیَةَ وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ یَلْقَ اَثَامًا یُّضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَیَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا حَدِیْثُ سُفْیَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالْاَعْمَشِ اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ شُعْبَةَ عَنْ وَاصِلٍ لِاَنَّهٗ زَادَنِیْ اِسْنَادِهٖ رَجُلًا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَهٰکَذَا رَوٰی شُعْبَةُ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِیْلَ۔

۱۱۱۲: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کونسا گناہ سب سے زیادہ بڑا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تم اللہ کا شریک ٹھہراؤ حالانکہ اس نے تمہیں پیدا کیا ہے اور اپنی اولاد کو اس لیے قتل کرو کہ وہ تمہارے ساتھ کھانا نہ کھانے لگے یا تمہارے کھانے میں سے نہ کھانے لگے اور یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔ عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی" وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ ... الآیہ" (اور وہ جو اللہ کے سوا کسی اور کو معبود کو نہیں پکارتے اور اس شخص کو ناحق قتل نہیں کرتے جسے اللہ نے حرام کر دیا ہے اور زنا نہیں کرتے اور جس شخص نے یہ کیا وہ گناہ میں جا پڑا۔ قیامت کے دن اسے دگنا عذاب ہوگا اور اس میں ذلیل ہو کر پڑا رہے گا۔ الفرقان۔ آیت ۶۹۔) سفیان کی منصور اور اعمش سے منقول حدیث شعبہ کی واصل سے مروی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اس لیے کہ واصل کی سند میں ایک شخص زیادہ مذکور ہے۔ محمد بن مثنی، محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے وہ واصل سے وہ ابو وائل سے اور وہ عبداللہ سے نقل کرتے ہوئے عمرو بن شرحبیل کا ذکر نہیں کرتے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الشُّعَرَاءِ

تفسیر سورۂ شعراء

۱۱۱۳: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِیُّ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا صَفِیَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

۱۱۱۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ جب یہ آیت" وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ ... الآیہ" (اور اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈرا۔ الشعراء۔ آیت ۲۱۴۔) نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے صفیہ بنت عبدالمطلب، اے فاطمہ بنت محمد ﷺ اے بنو عبدالمطلب: میں تم لوگوں کے

يَافَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا سَلُوْنِيْ مِنْ مَالِيْ مَاشِئْتُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى وَكِيْعٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيِّ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

لیے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے میں کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا۔ ہاں میرے مال میں سے جو تم چاہو طلب کر سکتے ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ وکیع اور کئی راوی بھی یہ حدیث ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ بعض حضرات اس حدیث کو ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں اس سند میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ذکر نہیں اور اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی روایت ہے۔

۱۱۱۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَخَصَّ وَعَمَّ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا يَا مَعْشَرَ بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا يَا مَعْشَرَ بَنِيْ قُصَيٍّ أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلاَ نَفْعًا يَا مَعْشَرَ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلاَ نَفْعًا يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ أَنْقِذِيْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكِ ضَرًّا وَّلاَ نَفْعًا إِنَّ لَكِ رَحِمًا وَسَأَبُلُّهَا بِبَلاَلِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ.

۱۱۱۴: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جب ''وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ ... الآیہ'' نازل ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو جمع کیا۔ نیز خصوصی اور عمومی طور پر سب کو نصیحت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے قریش کے لوگو اپنی جانوں کو آگ سے بچاؤ۔ میں تم لوگوں کے لیے اللہ کی بارگاہ میں نفع یا تکلیف کا اختیار نہیں رکھتا۔ اے بنو عبد مناف اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ میں تم لوگوں کے لیے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو قصی، بنو عبدالمطلب اور فاطمہ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پکارا اور فرمایا کہ اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ میں تمہارے لیے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتا۔ (اے فاطمہ رضی اللہ عنہا) بے شک تمہاری قرابت کا مجھ پر حق ہے اور میں اس حق کو دنیا ہی میں پورا کروں گا۔ باقی رہی آخرت تو اس میں مجھے کوئی اختیار نہیں۔ یہ حدیث شعیب سے وہ عبدالملک سے وہ موسیٰ بن طلحہ سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنی نقل کرتے ہیں۔

۱۱۱۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ نَا أَبُوْ زَيْدٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ قَالَ ثَنِي الْأَشْعَرِيُّ قَالَ

۱۱۱۵: حضرت اشعریؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ ... الآیہ'' نازل ہوئی تو رسول

لَمَّا نَزَلَ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَکَ الْاَقْرَبِيْنَ وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ فَرَفَعَ صَوْتَهُ فَقَالَ يَابَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ يَا صَبَاحَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَوْفٍ عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَهُوَ اَصَحُّ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى.

اللہ علیہ نے اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں ڈالیں اورآواز کو بلند کر کے فرمایا: اے عبد مناف کی اولاد ڈرو (اللہ کے عذاب سے)۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ بعض راوی اس حدیث کو عوف سے وہ قسامہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث زیادہ صحیح ہے اور اس میں ابوموسیٰ کا ذکر نہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ النَّمْلِ

تفسیر سورۂ نمل

۱۱۱۶: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَخْرُجُ الدَّابَّةُ مَعَهَا خَاتَمُ سُلَيْمَانَ وَعَصَا مُوْسٰى فَتَجْلُوْاوَجْهَ الْمُؤْمِنِ وَتَخْتِمُ اَنْفَ الْكَافِرِ بِالْخَاتَمِ حَتّٰى اِنَّ اَهْلَ الْخُوَانِ لَيَجْتَمِعُوْنَ فَيَقُوْلُ هٰذَا يَا مُؤْمِنُ وَيَقُوْلُ هٰذَا يَا كَافِرُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ فِيْ دَابَّةِ الْاَرْضِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ.

۱۱۱۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ نے فرمایا دابۃ الارض نکلے گا تو اس کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کی مہر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا۔ جس سے مؤمن کے چہرے پر لکیر کھینچے گا جس سے اسکا چہرہ چمکنے لگے گا اور کافر کی ناک پر حضرت سلیمان علیہ السلام کی مہر لگادے گا۔ یہاں تک کہ لوگ ایک دسترخوان پر جمع ہوں گے تو ایک دوسرے کو کافر اور مؤمن کہہ کر پکاریں گے۔ (یعنی دونوں میں تفریق ہوجائے گی)۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو حضرت ابوہریرہؓ اس کے علاوہ اور سند سے بھی ''دابۃ الارض'' کے بیان میں نقل کرتے ہیں اور اس باب میں ابوامامہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْقَصَصِ

تفسیر سورہ القصص

۱۱۱۷: حَدَّثَنَابُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ ثَنِيْ اَبُوْ حَازِمٍ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهٖ قُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ لَکَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ لَوْلَا اَنْ تُعَيِّرَ نِيْ قُرَيْشٌ اِنَّمَا يَحْمِلُهُ عَلَيْهِ الْجَزَعُ لَاَ قْرَرْتُ بِهَا عَيْنَکَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِنَّکَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ.

۱۱۱۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا (ابوطالب) سے فرمایا: ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہہ دیجئے تا کہ میں قیامت کے دن آپ کے متعلق ایمان کی گواہی دے سکوں۔ وہ کہنے لگے اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ قریش کہیں گے کہ (ابوطالب) نے موت کی گھبراہٹ کی وجہ سے کلمہ پڑھ لیا تو میں یہ کلمہ پڑھ کر تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی: ''وَاِنَّکَ لَاتَهْدِیْ''۔۔۔۔۔ الآیہ (بے شک تو ہدایت نہیں کرسکتا جسے تو چاہے لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جسے چاہے اور وہ

ہدایت والوں کو خوب جانتا ہے۔ القصص۔ آیت ۵۶۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف یزید بن کیسان کی روایت سے جانتے ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْعَنْكَبُوْتِ

۱۱۱۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ سَعْدٍ قَالَ اُنْزِلَتْ فِيَّ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ فَذَكَرَ قِصَّةً وَقَالَتْ اُمُّ سَعْدٍ اَلَيْسَ قَدْ اَمَرَ اللّٰهُ بِالْبِرِّ وَاللّٰهِ لَا اَطْعَمُ طَعَامًا وَلَا اَشْرَبُ شَرَابًا حَتّٰى اَمُوْتَ اَوْ تَكْفُرَ قَالَ فَكَانُوْا اِذَا اَرَادُوْا اَنْ يُّطْعِمُوْهَا شَجَرُوْا فَاهَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا وَاِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تفسیر سورہ العنکبوت

۱۱۱۸: حضرت سعدؓ فرماتے ہیں کہ میرے متعلق چار آیتیں نازل ہوئیں پھر قصہ بیان کرتے ہیں کہ انکی والدہ نے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے نیکی کا حکم نہیں دیا۔ اللہ کی قسم میں اس وقت تک کچھ نہ کھاؤں گی نہ پیوں گی جب تک مر نہ جاؤں یا پھر تم دوبارہ کفر نہ کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ جب انہیں کچھ کھلانا ہوتا تو منہ کھول کر کھلایا کرتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ" .....الآیہ (اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور اگر وہ تجھے اس بات پر مجبور کریں کہ تو میرے ساتھ اسے شریک بنائے جسے تو جانتا بھی نہیں تو ان کا کہنا نہ مان۔ العنکبوت۔ آیت ۸۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۱۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ عَنْ حَاتِمِ بْنِ اَبِيْ صَغِيْرَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهِ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ قَالَ كَانُوْا يَخْذِفُوْنَ اَهْلَ الْاَرْضِ وَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَاتِمِ بْنِ اَبِيْ صَغِيْرَةَ عَنْ سِمَاكٍ.

۱۱۱۹: حضرت ام ھانیؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت "وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ (اور تم کرتے ہو اپنی مجلس میں برا کام ۔العنکبوت۔ آیت ۔۲۹۔) کی تفسیر میں نقل کرتی ہیں کہ وہ لوگ زمین والوں پر کنکریاں پھینکتے تھے اور ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے ۔ یہ حدیث حسن ہے ہم اس حدیث کو صرف حاتم بن ابی صغیرہ کی روایت سے جانتے ہیں اور (وہ سماک سے روایت کرتے ہیں۔

خلاصہ سورۂ فرقان، النمل، القصص و العنکبوت : عبادالرحمٰن کی صفات کا ذکر ہے کہ وقار کے ساتھ چلتے ہیں، شرک نہیں کرتے اور بدکاری سے بچتے ہیں ناحق قتل نہیں کرتے اور جھوٹی گواہی نہیں دیتے (۲) حضورؐ نے اپنے رشتہ داروں کو بھی عذاب خداوندی سے ڈرایا اس سے معلوم ہوا کہ ایمان و اعمال کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی (۳) دابۃ الارض کے خروج کے وقت اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے احکام منقطع ہو جائیں گے اس کے بعد کوئی کافر اسلام قبول نہ کرے گا (۴) صحیح مسلم میں بھی آیا ہے کہ آنحضرتؐ کے چچا ابو طالب کے بارے میں سورہ قصص کی آیت نمبر ۵۶ نازل ہوئی کہ آپؐ کی بڑی تمنا یہ تھی کہ وہ کسی طرح ایمان قبول کر لیں اس پر آنحضرتؐ کو یہ بتایا گیا کہ کسی کو مؤمن بنا دینا آپ کی قدرت نہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ ابو طالب کی وفات حالت کفر میں ہوئی یہ بھی ثابت ہوا کہ ہدایت صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ و اختیار میں ہے (۵) عنکبوت میں ہے کہ ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو لیکن اگر وہ کفر اور معاصی پر مجبور کریں تو انکا کہنا نہ مانو۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الرُّوْمِ

۱۱۲۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلٰى فَارِسَ فَاَعْجَبَ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَنَزَلَتْ اٰلٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ اِلٰى قَوْلِهٖ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ قَالَ فَفَرِحَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِظُهُوْرِ الرُّوْمِ عَلٰى فَارِسَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ هٰكَذَا قَرَأَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ غَلَبَتِ الرُّوْمُ.

سورۂ روم کی تفسیر

۱۱۲۰: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ غزوہ بدر کے موقع پر رومی اہل فارس پر غالب ہو گئے تو مؤمنوں کو یہ چیز اچھی لگی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ... الآیہ'' (الم مغلوب ہو گئے رومی، ملتے ہوئے ملک میں اور وہ اس مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہونگے چند برسوں میں اللہ کے ہاتھ میں ہیں سب کام پہلے اور پچھلے اور اس دن خوش ہونگے مسلمان اللہ کی مدد سے، مدد کرتا ہے جس کی چاہتا ہے (روم آیت: ۱۔۵) چنانچہ جو مؤمن اہل روم کے فارس پر غالب ہو جانے پر خوش ہو گئے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ نصر بن علی ''غُلِبَتِ الرُّوْمُ'' ہی پڑھتے تھے۔

۱۱۲۱: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اٰلٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ قَالَ غُلِبَتْ وَغَلَبَتْ قَالَ كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّظْهَرَ اَهْلُ فَارِسَ عَلَى الرُّوْمِ لِاَنَّهُمْ وَاِيَّاهُمْ اَهْلُ الْاَوْثَانِ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّظْهَرَ الرُّوْمُ عَلٰى فَارِسَ لِاَنَّهُمْ اَهْلُ كِتَابٍ فَذَكَرُوْهُ لِاَبِيْ بَكْرٍ فَذَكَرَهُ اَبُوْبَكْرٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ سَيَغْلِبُوْنَ فَذَكَرَهُ اَبُوْبَكْرٍ لَهُمْ فَقَالُوْا اجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ اَجَلًا فَاِنْ ظَهَرْنَا كَانَ لَنَا كَذَا وَكَذَا وَاِنْ ظَهَرْتُمْ كَانَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَجَعَلَ اَجَلَ خَمْسَ سِنِيْنَ فَلَمْ يَظْهَرُوْا فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَا جَعَلْتَهُ اِلٰى دُوْنِ قَالَ اَرَاهُ الْعَشْرِ قَالَ قَالَ سَعِيْدٌ وَالْبِضْعُ مَادُوْنَ الْعَشْرِ قَالَ ثُمَّ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ بَعْدُ قَالَ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اٰلٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ اِلٰى قَوْلِهٖ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاءُ قَالَ سُفْيَانُ سَمِعْتُ اَنَّهُمْ

۱۱۲۱: حضرت ابن عباسؓ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ... الآیہ'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یہ دونوں طرح پڑھا گیا ''غُلِبَت اور غَلَبَت'' مشرکین اہل فارس کی رومیوں پر برتری سے خوش ہوتے تھے کیونکہ وہ دونوں بت پرست تھے جبکہ مسلمان چاہتے تھے کہ رومی غالب ہو جائیں کیونکہ اہل کتاب تھے۔ لوگوں نے اسکا تذکرہ حضرت ابوبکرؓ سے کیا تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے بیان کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب رومی غالب ہو جائیں گے۔ جب حضرت ابوبکرؓ نے مشرکین سے اسکا ذکر کیا تو کہنے لگے ہمارے اور اپنے درمیان ایک مدت مقرر کر لو اور اگر اس مدت میں ہم غالب ہو گئے تو ہم تمہیں اتنا اتنا دیں گے اور اگر تم لوگ (اہل روم) پر غالب ہو گئے تو ہم تمہیں اتنا اتنا دیں گے۔ چنانچہ پانچ برس کی مدت متعین کر دی گئی۔ لیکن اس مدت میں روم غالب نہ ہوئے۔ جب اس کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا گیا تو آپؐ نے ابوبکرؓ سے فرمایا تم نے زیادہ مدت کیوں مقرر نہیں کی۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس کے قریب کہا۔ سعید کہتے ہیں کہ بضع دس سے کم کو کہتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ اسکے بعد روم، اہل فارس پر غالب

ظَهَرُوْا عَلَيْهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ.

آ گئے ''الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ....الآیۃ'' سے یہی مراد ہے۔سفیان کہتے ہیں کہ میں نے سنا ہے کہ اہل روم غزوہ بدر کے دن غالب ہوئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۱۲۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ فِيْ مُنَاحَبَةِ الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ اَلَّا احْتَطْتَ يَااَبَابَكْرٍ فَاِنَّ الْبِضْعَ مَابَيْنَ ثَلَاثٍ اِلٰى تِسْعٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۱۱۲۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تم نے شرط لگانے میں'' الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ...الآیۃ'' کی احتیاط کیوں نہیں کی۔ حالانکہ ''بضع'' تین سے نو تک کو کہتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔زہری اس حدیث کو عبید اللہ سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

۱۱۲۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ ثَنِيْ ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ نِيَارِ بْنِ مُكْرَمٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ كُلِّ بِضْعِ سِنِيْنَ فَكَانَتْ فَارِسُ يَوْمَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ قَاهِرِيْنَ لِلرُّوْمِ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يُحِبُّوْنَ ظُهُوْرَ الرُّوْمِ عَلَيْهِمْ لِاَنَّهُمْ وَاِيَّاهُمْ اَهْلُ كِتَابٍ وَفِيْ ذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ وَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُحِبُّ ظُهُوْرَفَارِسَ لِاَنَّهُمْ وَاِيَّاهُمْ لَيْسُوْابِاَهْلِ كِتَابٍ وَلَا اِيْمَانٍ بِبَعْثٍ فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ خَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ يَصِيْحُ فِيْ نَوَاحِيْ مَكَّةَ الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ قَالَ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ لِاَبِيْ بَكْرٍ فَذٰلِكَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ زَعَمَ صَاحِبُكَ اَنَّ الرُّوْمَ سَتَغْلِبُ فَارِسًا فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ اَفَلَا نُرَاهِنُكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ بَلٰى وَ ذٰلِكَ

۱۱۲۳: حضرت نیار بن مکرم اسلمیؓ کہتے ہیں کہ جب'' الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ...الآیۃ'' نازل ہوئی تو اہل فارس، اہل روم پر غالب تھے اور مسلمان اہل فارس کو مغلوب دیکھنے کے خواہشمند تھے اس لیے کہ رومی اہل کتاب تھے۔اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا'' يَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ...الآیۃ'' (اور اس دن خوش ہونگے مسلمان اللہ کی مدد پر وہ جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہی ہے زبردست رحم والا۔ الروم آیت:۵،۴) جبکہ قریش کی چاہت تھی کہ اہل فارس ہی غالب رہیں کیونکہ وہ اور قریش دونوں نہ اہل کتاب تھے اور نہ کسی نبوت پر ایمان رکھنے والے۔جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی تو حضرت ابوبکرؓ یہ آیات زور زور سے پڑھتے ہوئے گھومنے لگے۔مشرکین میں سے کچھ لوگوں نے ان سے کہا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان شرط ہے۔تمہارے دوست محمد (ﷺ) کا کہنا ہے کہ چند سال میں رومی اہل فارس پر غالب آجائیں گے کیا ہم تم سے اس پر شرط نہ لگائیں۔حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: کیوں نہیں۔اور یہ شرط حرام ہونے سے پہلے کا قصہ ہے۔اس طرح ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مشرکین کے درمیان شرط لگ گئی اور دونوں نے اپنا اپنا شرط کا مال کسی جگہ رکھوادیا

قَبْلَ تَحْرِيْمِ الرِّهَانِ فَارْتَهَنَ اَبُوْبَكْرٍ وَّالْمُشْرِكُوْنَ وَتَوَاضَعُوْا الرِّهَانَ وَقَالُوْا لِاَبِيْ بَكْرٍ كَمْ تَجْعَلُ الْبِضْعَ ثَلَاثَ سِنِيْنَ اِلٰى تِسْعِ سِنِيْنَ فَسَمِّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ وَسَطًا تَنْتَهِيْ اِلَيْهِ قَالَ فَسَمُّوْا بَيْنَهُمْ سِتَّ سِنِيْنَ قَالَ فَمَضَتْ سِتُّ سِنِيْنَ قَبْلَ اَنْ يَّظْهَرُوْا فَاَخَذَ الْمُشْرِكُوْنَ رَهْنَ اَبِيْ بَكْرٍ فَلَمَّا دَخَلَتِ السَّنَةُ السَّابِعَةُ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلٰى فَارِسَ فَعَابَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ تَسْمِيَةَ سِتِّ سِنِيْنَ قَالَ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ قَالَ وَاَسْلَمَ عِنْدَ ذٰلِكَ نَاسٌ كَثِيْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ۔

پھر انہوں نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا کہ ''بضع'' تین سے نوتک کے عدد کو کہتے ہیں لہٰذا ایک درمیانی مدت مقرر کرلو۔ چنانچہ چھ سال کی مدت طے ہوگئی لیکن اس مدت میں روم غالب نہ آسکے۔اس پر مشرکین نے ابوبکرؓ کا مال لے لیا پھر جب ساتواں سال شروع ہواتو رومی۔ فارسیوں پر غالب آگئے۔اس طرح مسلمانوں نے ابوبکرؓ سے کہا کہ آپ نے چھ سال کی مدت کیوں طے کی تھی۔انہوں نے فرمایا: اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے '' بِضْعِ سِنِيْنَ'' فرمایا: راوی کہتے ہیں کہ اس موقع پر بہت سے لوگ مسلمان ہوئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف عبدالرحمٰن بن ابی زناد کی روایت سے جانتے ہیں۔

خلاصہ سورۂ روم: فتح وشکست اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے اس میں پیشین گوئی فرمادی کہ چند سال کے بعد مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ خوشی نصیب کریں گے غزوۂ بدر کے موقعہ پر یہ وعدہ پورا ہوا۔

وَمِنْ سُوْرَةِ لُقْمَانَ

تفسیر سورۂ لقمان

۱۱۲۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الْقَيْنَاتِ وَلَا تَشْتَرُوْهُنَّ وَلَا تُعَلِّمُوْهُنَّ وَلَا خَيْرَ فِيْ تِجَارَةٍ فِيْهِنَّ وَثَمَنُهُنَّ حَرَامٌ وَفِيْ مِثْلِ هٰذَا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا يُرْوٰى مِنْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ وَالْقَاسِمُ ثِقَةٌ وَعَلِيُّ بْنُ يَزِيْدَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ قَالَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ۔

۱۱۲۴: حضرت ابوامامہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: گانے والی باندیوں کی خرید وفروخت نہ کیا کرو۔اور نہ انہیں گانا سکھایا کرو اور یہ بھی جان لو کہ انکی تجارت میں بہتری نہیں پھر انکی قیمت بھی حرام ہے اور یہ آیت اسی کے متعلق نازل ہوئی '' وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ... الْاٰيَة'' (اور بعض ایسے آدمی بھی ہیں جو کھیل کی باتوں کے خریدار ہیں تاکہ بن سمجھے اللہ کی راہ سے بہکائیں اور اسکی ہنسی اڑائیں ایسے لوگوں کیلئے ذلت کا عذاب ہے۔لقمان۔آیت ۶۔) یہ حدیث غریب ہے اور اس حدیث کو قاسم،ابوامامہ سے نقل کرتے ہیں۔امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ کہتے ہیں کہ قاسم ثقہ اور علی بن یزید ضعیف ہیں۔

خلاصہ سورۂ لقمان: لہو الحدیث کے معنی اور تفسیر میں مفسرین کے اقوال مختلف ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود،ابن عباس اور جابر رضی اللہ عنہم نے اس کی تفسیر گانے بجانے سے کی ہے جمہور صحابہ وتابعین اور عامہ مفسرین کے نزدیک

لہو الحدیث عام ہے تمام ان چیزوں کے لئے جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی عبادت اور یاد سے غفلت میں ڈالے اس میں غنا، مزامیر بھی داخل ہے اور بیہودہ قصے کہانیاں بھی۔ مستدرک حاکم کتاب الجہاد میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے یعنی دنیا کا ہر لہو (کھیل) باطل ہے مگر تین ایک یہ کہ تم تیر کمان سے کھیلو۔ دوسرے اپنے گھوڑے کو سدھانے کے لئے کھیلو۔ تیسرے اپنی بی بی کے ساتھ کھیل کرو۔ حقیقۃً لہو (کھیل) ہے وہ باطل اور مذموم ہے اس کے مذموم ہونے کے مختلف درجات ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ السَّجْدَةِ

تفسیر سورۃ السجدہ

۱۱۲۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ نَزَلَتْ فِيْ اِنْتِظَارِ الصَّلٰوةِ الَّتِيْ تُدْعَى الْعَتَمَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

۱۱۲۵: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت "تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ.....الآیۃ" (جدا رہتی ہیں انکی کروٹیں اپنے سونے کی جگہ سے۔ السجدہ آیت ۱۶۔) اس نماز کے انتظار میں نازل ہوئی جسے عتمہ (یعنی عشاء کی نماز) کہا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۱۲۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَالَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ وَتَصْدِيْقُ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

۱۱۲۶: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کیلئے ایسا انعام (جنت) تیار کیا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے ان نعمتوں کے متعلق سنا اور نہ کسی کے دل میں ان چیزوں کا خیال آیا۔ اسکی تصدیق اللہ کی کتاب میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ..." (پھر کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے عمل کے بدلہ میں انکی آنکھوں کی کیا ٹھنڈک چھپا رکھی ہے۔ السجدہ۔ آیت۔ ۱۷۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۲۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ وَعَبْدِ الْمَلِكِ هُوَ ابْنُ اَبْجَرَ سَمِعَا الشَّعْبِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مُوْسٰى سَاَلَ رَبَّهُ فَقَالَ اَيْ رَبِّ اَيُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنٰى مَنْزِلَةً قَالَ رَجُلٌ يَاْتِيْ بَعْدَ مَا يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ فَيُقَالُ لَهُ ادْخُلْ فَيَقُوْلُ كَيْفَ اَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلُوْا مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوْا اَخَذَاتِهِمْ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ اَتَرْضٰى اَنْ يَكُوْنَ لَكَ مَا كَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوْكِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ

۱۱۲۷: شعبی کہتے ہیں کہ میں نے مغیرہ بن شعبہؓ کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبیؐ نے فرمایا: موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا کہ اے رب جنتیوں میں سے سب سے کم درجے والا کون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ شخص جو جنتیوں کے جنت میں داخل ہونے کے بعد آئیگا۔ اور اس سے کہا جائیگا کہ داخل ہو جاؤ۔ وہ کہے گا کہ کیسے داخل ہو جاؤں سب لوگوں نے اپنے لیے گھر اور اپنی لینے کی چیزیں لے لی ہیں۔ اس سے کہا جائے گا کہ کیا تم اس پر راضی ہو کہ تمہیں وہ کچھ عطا کر دیا جائے جو دنیا میں ایک بادشاہ کے پاس ہوا کرتا تھا؟ وہ کہے گا۔ ہاں میں راضی ہوں۔ پھر اس سے کہا جائیگا

نَعَمْ اَیْ رَبِّ قَدْ رَضِیْتُ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَکَ هٰذَا وَمِثْلَهٗ وَ مِثْلَهٗ فَیَقُوْلُ قَدْرَضِیْتُ اَیْ رَبِّ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَکَ هٰذَا وَعَشْرَةَ اَمْثَالِهٖ فَیَقُوْلُ رَضِیْتُ اَیْ رَبِّ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَکَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُکَ وَلَذَّتْ عَیْنُکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَرَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ الْمُغِیْرَةِ وَلَمْ یَرْفَعْهُ وَالْمَرْفُوْعُ اَصَحُّ.

تمہارے لیے یہ اور اسکی مثل اور اسکی مثل ہے۔ وہ کہے گا اے رب میں راضی ہوگیا۔ پھر اس سے کہا جائے گا کہ تمہارے لیے یہ سب کچھ اور اس سے دس گناہ زیادہ ہے۔ وہ عرض کرے اے اللہ میں راضی ہوں۔ پھر کہا جائے گا کہ اس کے ساتھ ساتھ ہر وہ چیز بھی جو تیرا جی چاہے اور جس سے تیری آنکھوں کو لذت حاصل ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض راوی یہ حدیث شعبی سے اور وہ مغیرہ بن شعبہؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں اور یہی زیادہ صحیح ہے۔

خلاصہ سورۃ سجدہ: یہ سورہ مبارکہ بڑی پر ہیبت اور پر جلال انداز کی حامل ہے شاید یہی سبب ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا معمول یہی تھا کہ جمعہ کے روز نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں اس کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ اس سورہ مبارکہ میں اللہ کی تخلیقی شان کا ذکر ہوا ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ

سورہ احزاب کی تفسیر

۱۱۲۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا صَاعِدٌ الْحَرَّانِیُّ نَا زُهَیْرٌ نَا قَابُوْسُ بْنُ اَبِیْ ظَبْیَانَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ قَالَ قُلْنَا لِابْنِ عَبَّاسٍ اَرَاَیْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ مَاعَنٰی بِذٰلِکَ قَالَ قَامَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا یُصَلِّیْ فَخَطَرَ خَطْرَةً قَالَ الْمُنَافِقُوْنَ الَّذِیْنَ یُصَلُّوْنَ مَعَهٗ اَلَا تَرٰی اَنَّ لَهٗ قَلْبَیْنِ قَلْبًا مَعَکُمْ وَقَلْبًا مَعَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ ثَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ نَا زُهَیْرٌ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۱۲۸: ابوظبیان کہتے ہیں کہ ہم نے ابن عباسؓ سے پوچھا کہ اس آیت کا کیا مطلب ہے "مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ ...الآیہ" (اللہ نے کسی شخص کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے۔ الاحزاب۔ آیت ۴۔) انہوں نے فرمایا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے کہ کوئی چیز بھول گئے چنانچہ منافقین جو آپؐ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہنے لگے تم لوگ دیکھ رہے ہو کہ ان کے دو دل ہیں۔ ایک تمہارے ساتھ اور ایک کسی اور کے ساتھ۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ "مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ ....الآیہ" عبد بن حمید بھی احمد بن یونس سے اور وہ زہیر سے اسی کی مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۱۲۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ اَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ عَمِّیْ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ سُمِّیْتُ بِهٖ لَمْ یَشْهَدْ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَبُرَ

۱۱۲۹: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میرے چچا انس بن نضر جن کے نام پر میرا نام رکھا گیا وہ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوئے اور یہ بات ان پر بہت گراں گزری۔ وہ کہنے لگے کہ پہلی جنگ جس میں نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے میں نہ

عَلَيْهِ فَقَالَ اَوَّلُ مَشْهَدٍ قَدْ شَهِدَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غِبْتُ عَنْهُ اَمَاوَا للّٰهِ لَئِنْ اَرَانِي اللّٰهُ مَشْهَدًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا اَصْنَعُ قَالَ فَهَابَ اَنْ يَّقُوْلَ غَيْرَهَا فَشَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْعَامِ الْقَابِلِ فَاسْتَقْبَلَهُ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ يَااَبَا عَمْرٍو اَيْنَ قَالَ وَاهًا لِرِيْحِ الْجَنَّةِ اَجِدُهَا دُوْنَ اُحُدٍ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ فَوُجِدَفِيْ جَسَدِهٖ بِضْعٌ وَّثَمَانُوْنَ مِنْ بَيْنِ ضَرْبَةٍ وَطَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ قَالَتْ عَمَّتِي الرُّبَيِّعُ بِنْتُ النَّضْرِ فَمَا عَرَفْتُ اَخِيْ اِلَّا بِبَنَانِهٖ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

جاسکا۔اللہ کی قسم اگر اللہ تعالیٰ آئندہ مجھے کسی جنگ میں شریک کریں تو دیکھیں کہ میں کیا کرتا ہوں۔راوی کہتے ہیں کہ وہ اس سے زیادہ کہنے سے ڈر گئے۔پھر نبی اکرم ﷺ کے ساتھ غزوہ احد میں شریک ہوئے جو ایک سال بعد ہوا۔وہاں راستے میں انہیں سعد بن معاذؓ ملے تو انہوں نے فرمایا: اے ابوعمرو (انس) کہاں جارہے ہو۔حضرت انسؓ نے فرمایا: واہ واہ میں احد میں جنت کی خوشبو پارہا ہوں۔پھر انہوں نے جنگ کی یہاں تک کہ شہید ہوگئے۔انکے جسم پر چوٹ، نیزے اور تیروں کے اسی (۸۰) سے زیادہ زخم تھے۔حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میری پھوپی ربیع بنت نضر کہتی ہیں کہ میں اپنے بھائی کی لاش صرف انگلیوں کے پوروں سے پہچان سکی اور پھر یہ آیت نازل ہوئی ''رِجَالٌ صَدَقُوْا..... الآیۃ'' (ایمان والوں میں کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھلایا جس بات کا عہد کیا تھا اللہ سے پھر کوئی تو ان سے پورا کر چکا اپنا ذمہ اور کوئی ہے ان میں راہ دیکھ رہا ہے اور بدلا نہیں ایک ذرہ۔الاحزاب آیت ۲۳۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۳۰: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَمَّهٗ غَابَ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ فَقَالَ غِبْتُ عَنْ اَوَّلِ قِتَالٍ قَاتَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِيْنَ لَاَنَّ اللّٰهَ اَشْهَدَنِيْ قِتَالًا لِلْمُشْرِكِيْنَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ كَيْفَ اَصْنَعُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ انْكَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا جَاءَ وَبِهٖ هٰؤُلَاءِ يَعْنِي الْمُشْرِكِيْنَ وَاَعْتَذِرُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَاءِ يَعْنِيْ اَصْحَابَهٗ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَلَقِيَهٗ سَعْدٌ فَقَالَ يَا اَخِيْ مَا فَعَلْتَ اَنَا مَعَكَ فَلَمْ اَسْتَطِعْ اَنْ اَصْنَعَ مَا صَنَعَ فَوُجِدَ فِيْهِ بِضْعًا وَّ ثَمَانِيْنَ بَيْنَ ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ وَطَعْنَةٍ بِرُمْحٍ وَ رَمْيَةٍ بِسَهْمٍ فَكُنَّا نَقُوْلُ فِيْهِ وَفِيْ اَصْحَابِهٖ نَزَلَتْ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ قَالَ يَزِيْدُ يَعْنِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هٰذَا

۱۱۳۰: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میرے چچا جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تو کہنے لگے کہ پہلی جنگ جو نبی اکرم ﷺ نے کی میں اس میں شامل نہیں ہوا اگر اللہ تعالیٰ مجھے کسی جنگ میں شریک ہونے کا موقع دیں تو دیکھیں کہ میں کیا کرتا ہوں۔ چنانچہ جنگ احد ہوئی تو مسلمان شکست کھا گئے اور اس موقع پر انہوں نے کہا: اے اللہ میں تجھ سے اس بلا سے پناہ مانگتا ہوں جسے یہ مشرک لائے ہیں۔اور صحابہؓ کے فعل پر معذرت چاہتا ہوں۔پھر بڑھے (یعنی انس بن نضرؓ) تو حضرت سعدؓ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے پوچھا بھائی آپ نے کیا کیا؟ میں بھی آپ کے ساتھ ہوں لیکن (سعد کہتے ہیں کہ) میں وہ نہ کر سکا جو انہوں نے کیا۔ ان کے جسم پر تلوار، نیزے اور تیر کے اسی (۸۰) سے زیادہ زخم تھے۔ہم کہا کرتے تھے کہ حضرت انس بن نضرؓ اور انکے ساتھیوں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی '' فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ... الآیۃ''

حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَاسْمُ عَمِّهِ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ.

یزید کہتے ہیں کہ اس سے مراد پوری آیت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور انس بن مالکؓ کے چچا کا نام انس بن نضرؓ ہے۔

۱۱۳۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدِ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ اَلاَ اُبَشِّرُكَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضٰى نَحْبَهُ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ لاَ نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ مُعَاوِيَةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاِنَّمَا رُوِيَ هٰذَا عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيهِ.

۱۱۳۱: حضرت موسیٰ بن طلحہؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت معاویہؓ کے ہاں گیا تو انہوں نے فرمایا: کیا میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں؟ میں نے کہا کیوں نہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ طلحہ ان لوگوں میں سے ہے۔ جنہوں نے اپنی نذر پوری کردی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو حضرت معاویہؓ سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ اس حدیث کو موسیٰ بن طلحہ بھی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۳۲: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ نَا يُونُسُ ابْنُ بُكَيْرٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنْ مُوسٰى وَعِيسٰى ابْنَيْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيهِمَا طَلْحَةَ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا لِاَعْرَابِيٍّ جَاهِلٍ سَلْهُ عَنْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهُ مَنْ هُوَ وَكَانُوا لاَ يَجْتَرِؤُنَ عَلٰى مَسْئَلَتِهِ يُوَقِّرُونَهُ وَيَهَابُونَهُ فَسَأَلَهُ الْاَعْرَابِيُّ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَاَلَهُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَاَلَهُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ اِنِّي اطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ وَعَلَيَّ ثِيَابٌ خُضْرٌ فَلَمَّا رَاٰنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضٰى نَحْبَهُ قَالَ الْاَعْرَابِيُّ اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا مِمَّنْ قَضٰى نَحْبَهُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ.

۱۱۳۲: حضرت طلحہؓ فرماتے ہیں کہ صحابہؓ نے ایک اعرابی سے کہا کہ نبی اکرم ﷺ سے پوچھو کہ جو لوگ اپنا کام کر چکے ہیں وہ کون ہیں؟ صحابہ کرامؓ یہ سوال پوچھنے کی جرأت نہیں رکھتے تھے۔ صحابہ کرامؓ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کرتے اور آپؐ سے ڈرتے تھے۔ جب اعرابی نے آپؐ سے پوچھا تو آپؐ نے اسکی طرف سے رخ پھیر لیا۔ پھر اس نے دوبارہ یہی سوال کیا تو آپؐ نے اسکی طرف سے رخ پھیر لیا۔ اس نے تیسری مرتبہ یہی پوچھا تو بھی آپؐ نے ایسا ہی کیا۔ حضرت طلحہؓ فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے دروازے سے داخل ہوا، میرے بدن پر سبز کپڑے تھے۔ آپؐ نے فرمایا سوال کرنے والا کون ہے؟ اعرابی نے عرض کیا میں ہوں یا رسول اللہ ﷺ آپؐ نے فرمایا یہ (یعنی طلحہؓ) ان لوگوں میں سے ہے جو اپنا کام کر چکے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف یونس بن بکیر کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۱۳۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اُمِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَخْيِيرِ اَزْوَاجِهِ بَدَأَبِي فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنِّي ذَاكِرٌ لَكِ اَمْرًا فَلاَ عَلَيْكِ اَنْ لاَ تَسْتَعْجِلِي حَتّٰى

۱۱۳۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کو اپنی بیویوں کو اختیار دینے کا حکم دیا گیا تو آپؐ نے مجھ سے ابتداء کی اور فرمایا: عائشہؓ میں تم سے ایک بات کہتا ہوں تم اس کے جواب میں جلدی نہ کرنا یہاں تک کہ اپنے والدین سے مشورہ کرلو۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جانتے تھے کہ

تَسْتَامِرِیْ اَبَوَیْکِ قَالَتْ وَ قَدْعَلِمَ اَنَّ اَبَوَایَ لَمْ يَكُوْنَا لِيَاْمُرَانِیْ بِفِرَاقِهٖ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ يَا اَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِاَزْوَاجِکَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتعَا لَيْنَ حَتّٰى بَلَغَ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا قُلْتُ فِیْ اَیِّ هٰذَا اَسْتَامِرُ اَبَوَیَّ فَاِنِّیْ اُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَ فَعَلَ اَزْوَاجُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَافَعَلْتُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا اَيْضًا عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

میرے ماں باپ کبھی مجھے آپؐ سے علیحدگی کا حکم نہیں دیں گے ۔پھر آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ " يَا اَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِاَزْوَاجِکَ ...الآیہ" (اے نبی اپنی بیویوں سے کہہ دو اگر تمہیں دنیا کی زندگی اور اسکی آرائش منظور ہے تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دلا کر اچھی طرح سے رخصت کردوں اور اگر تم اللہ اور اسکے رسول اور آخرت کو چاہتی ہو تو اللہ نے تم میں سے نیک بختوں کے لیے بڑا اجر تیار کیا ہے الاحزاب آیت: ۲۸۔۲۹) میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اس میں کس چیز کے متعلق اپنے والدین سے مشورہ کروں میں اللہ اور اسکے رسول (ﷺ) اور آخرت کو اختیار کرتی ہوں ۔پھر دوسری ازواج نے بھی اسی طرح کیا جس طرح میں نے کیا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ زہری بھی اس حدیث کو عروہ سے اور وہ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۳۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ رَبِيْبِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا فِیْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ فَدَعَافَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ وَعَلِیٌّ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَجَلَّلَهٗ بِكِسَاءٍ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِیْ فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَاَنَا مَعَهُمْ يَانَبِیَّ اللّٰهِ قَالَتْ اَنْتِ عَلٰى مَكَانِکِ وَاَنْتِ عَلٰى خَيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ .

۱۱۳۴: حضرت عمر بن ابوسلمہ جو نبی اکرم ﷺ کے ربیب ہیں فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی " اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ....الآیہ" (اللہ یہی چاہتا ہے کہ دور کرے تم سے گندی باتیں اے نبی کے گھر والوں اور تمہیں خوب پاک کرے۔ الاحزاب۔آیت ۳۳۔) تو آپؐ ام سلمہؓ کے گھر میں تھے۔آپؐ نے فاطمہؓ، حسنؓ اور حسینؓ کو بلوایا اور ان سب پر ایک چادر ڈال دی۔حضرت علیؓ آپؐ کے پیچھے تھے پھر ان پر بھی چادر ڈال دی اور عرض کیا یااللہ یہ میرے اہل بیت ہیں، ان سے گناہ کی نجاست دور کردے اور انکو بخوبی پاک کردے۔ ام سلمہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: میں بھی ان کیساتھ ہوں (یعنی چادر میں آنے کا ارادہ کیا) آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنی جگہ رہو تم خیر پر ہو۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔علماء اس حدیث کو عمر بن ابوسلمہ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۳۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ نَا عَلِیُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِبَابِ فَاطِمَةَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ اِذَا خَرَجَ لِصَلٰوةِ الْفَجْرِ يَقُوْلُ

۱۱۳۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ ماہ تک یہ عادت رہی کہ جب فجر کی نماز کیلئے نکلتے تو حضرت فاطمہؓ کے گھر کے دروازے سے گزرتے ہوئے فرماتے: اہل بیت اللہ تعالیٰ تم سے گناہ کی گندگی کو دور

اَلصَّلٰوةَ يَا اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِى الْحَمْرَاءِ وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَاُمِّ سَلَمَةَ.

کرنا چاہتا ہے اور تمہیں اچھی طرح پاک کرنا چاہتا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف حماد بن سلمہ کی حضرت عائشہؓ سے روایت سے جانتے ہیں۔اس باب میں ابوحمراءؓ، معقل بن یسارؓ، اور ام سلمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۱۳۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا دَاوٗدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَوْكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاتِمًا شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ لَكَتَمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِىْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَعْنِى بِالْاِسْلَامِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ يَعْنِىْ بِالْعِتْقِ فَاَعْتَقْتَهُ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِىْ فِىْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَاهُ اِلٰى قَوْلِهٖ وَكَانَ اَمْرُاللّٰهِ مَفْعُوْلًا وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَهَا قَالُوْا تَزَوَّجَ حَلِيْلَةَ ابْنِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَنَّاهُ وَهُوَ صَغِيْرٌ فَلَبِثَ حَتّٰى صَارَرَجُلًا يُقَالُ لَهٗ زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَاَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ فُلَانٌ مَوْلٰى فُلَانٍ وَفُلَانٌ اَخُوْفُلَانٍ هُوَاَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْرُوِىَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَوْكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاتِمًا شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ لَكَتَمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِىْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ هٰذَا الْحَرْفُ لَمْ يُرْوَبِطُوْلِهٖ.

۱۱۳۶: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ اگر نبی اکرم ﷺ وحی میں سے کچھ چھپاتے ہوتے تو یہ آیت ضرور چھپاتے ۔ " وَاِذْتَقُوْلُ لِلَّذِىْ..... الخ" (اور جب تونے اس شخص سے کہا جس پر اللہ نے احسان کیا اور تو نے احسان کیا۔ اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھ اور اللہ سے ڈر۔ اور تو اپنے دل میں ایک چیز چھپاتا تھا جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تو لوگوں سے ڈرتا تھا حالانکہ اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ تو اس سے ڈرے۔ پھر جب زید اس سے حاجت پوری کر چکا تو ہم نے تجھ سے اسکا نکاح کر دیا تا کہ مسلمانوں پر ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں کوئی گناہ نہ ہو جبکہ وہ ان سے حاجت پوری کر لیں اور اللہ کا حکم ہو کر رہنے والا ہے۔ الاحزاب۔ آیت ۳۷)۔ اللہ کے انعام سے مراد اسلام اور رسول اللہ ﷺ کے انعام سے مراد انہیں آزاد کرنا ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے زید کی بیوی سے (ان کی طلاق کے بعد) نکاح کیا تو لوگ کہنے لگے کہ دیکھو اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی " مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ .....الآیہ" (محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کا باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے خاتمے پر ہیں اور اللہ ہر بات جانتا ہے۔ الاحزاب۔ آیت۔ ۴۰۔) جب زید چھوٹے تھے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں متبنی (منہ بولا بیٹا) بنایا تھا پھر وہ آپؐ ہی کے پاس رہے۔ یہاں تک کہ جوان ہو گئے اور لوگ انہیں زید بن محمد کہہ کر پکارنے لگے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔" اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ .الآیہ" (یعنی انہیں اسطرح پکارا کرو فلاں شخص فلاں شخص کا دوست ہے اور فلاں، فلاں کا بھائی ہے) اور اقسط عند اللہ سے مراد یہی ہے کہ اللہ کے نزدیک یہی عدل کی بات ہے۔ یہ حدیث داؤد بن ہند سے منقول ہے وہ شعبی سے وہ مسروق سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے نقل

کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اگر رسول اللہ ﷺ وحی سے کچھ چھپاتے ہوتے تو یقیناً یہ آیت چھپاتے "وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْ......"

۱۱۳۷: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَضَّاحِ الْكُوْفِيُّ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْسَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ ح وَاَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ اَبَانَ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَوْكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاتِمًا شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ لَكَتَمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَلْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۳۷: یہ حدیث روایت کی ہم سے عبداللہ وضاح کوفی نے ان سے عبداللہ بن ادریس نے وہ داؤد بن ابی ہند سے وہ شعبی سے وہ مسروق سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل کرتے ہیں کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وحی سے کچھ چھپاتے تو یہ آیت ہی چھپاتے" وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْ.....الآیہ"

۱۱۳۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا يَعْقُوْبُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَاكُنَّا نَدْعُوْ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ اِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

۱۱۳۸: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ قرآن مجید کی یہ آیات نازل ہوئی" اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَائِهِمْ....الآیہ"۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۳۹. حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزْعَةَ الْبَصْرِيُّ نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ قَالَ مَاكَانَ لِيَعِيْشَ لَهٗ فِيْكُمْ وَلَدٌ ذَكَرٌ:

۱۱۳۹: حضرت عامر شعبی اللہ تعالیٰ کے قول:" مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ ......الآیہ" کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی بیٹا تم لوگوں میں زندہ نہیں رہا۔

۱۱۴۰. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اُمِّ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ اَنَّهَا اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ مَا اَرٰی كُلَّ شَیْءٍ اِلَّا لِلرِّجَالِ وَمَا اَرَى النِّسَاءَ يُذْكَرْنَ بِشَيْءٍ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اَلْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاِنَّمَا يُعْرَفُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ:

۱۱۴۰: حضرت ام عمارہ انصاریؓ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا وجہ ہے کہ سب چیزیں مردوں کیلئے ہیں اور قرآن میں عورتوں کا کہیں ذکر نہیں؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی" اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ...... الآیہ" (تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور بندگی کرنے والے مرد اور بندگی کرنے والی عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنیوالے مرد اور صبر کرنیوالی عورتیں اور دبے رہنے والے مرد اور دبی رہنے والی عورتیں .....الخ" الاحزاب۔ آیت۔۳۵۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۱۴۱. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ نَا

۱۱۴۱: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی

حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَا كَهَا قَالَ فَكَانَتْ تَفْتَخِرُ عَلٰى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُوْلُ زَوَّجَكُنَّ اَهْلُوْكُنَّ وَزَوَّجَنِي اللّٰهُ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِنْهَا .....الآیہ'' (پھر جب زید تمام کر چکا اس عورت سے اپنی غرض۔ ہم نے اسکو تیرے نکاح میں دے دیا۔ الاحزاب۔آیت۔۳۷۔) تو حضرت زینبؓ دوسری ازواج مطہرات پر فخر کرتے ہوئے کہا کرتی تھیں کہ تم لوگوں کا نکاح تو تمہارے عزیزوں نے کیا جبکہ میرا نکاح اللہ تعالیٰ نے ساتویں آسمان سے کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۴۲. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَتْ خَطَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَاعْتَذَرْتُ اِلَيْهِ فَعَذَرَنِيْ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِنَّا اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ اللَّاتِيْ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ بَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ الْاٰيَةَ قَالَتْ فَلَمْ اَكُنْ اُحِلُّ لَهٗ لِاَنِّيْ لَمْ اُهَاجِرْ كُنْتُ مِنَ الطُّلَقَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ السُّدِّيِّ.

۱۱۴۲: حضرت ام ھانی بنت ابوطالبؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مجھے پیغام نکاح بھیجا تو میں نے معذوری ظاہر کردی۔ آپؐ نے میرا عذر قبول کرلیا اور پھر یہ آیت نازل ہوئی'' اِنَّا اَحْلَلْنَا .....الآیہ'' (اے نبی ہم نے حلال رکھیں تجھ کو تیری عورتیں جن کے مہر تو دے چکا ہے اور جو مال ہو تیرے ہاتھ کا، جو ہاتھ لگا دے تیرے اللہ (یعنی لونڈیاں) اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے وطن چھوڑ اتیرے ساتھ۔ الاحزاب۔۵۰) حضرت ام ہانیؓ کہتی ہیں کہ اسطرح آپؐ کیلئے حلال نہیں رہی کیونکہ میں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت نہیں کی تھی اور ان لوگوں میں سے تھی جو فتح مکہ کے بعد اسلام لائے تھے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو سدّی کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۱۴۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ فِيْ شَاْنِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ جَاءَ زَيْدٌ يَشْكُوْفَهَمَّ بِطَلَاقِهَا فَاسْتَاْمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۴۳: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ آیت ''وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ ...الآیہ''۔ زینب بنت جحش کے بارے میں نازل ہوئی۔ حضرت زیدؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی شکایت کی اور طلاق کا ارادہ ظاہر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو اور اللہ سے ڈرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۴۴: حَدَّثَنَا عَبْدٌ نَا رَوْحٌ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نُهِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَصْنَافِ النِّسَاءِ

۱۱۴۴: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ہجرت کرنے والی اور مؤمن عورتوں کے علاوہ دوسری عورتوں سے نکاح کرنے سے منع کر دیا گیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان

اِلَّا مَا كَانَ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ الْمُهَاجِرَاتِ قَالَ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَلَوْاَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ وَاَحَلَّ اللّٰهُ فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ وَامْرَاَةً مُؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ وَحَرَّمَ كُلَّ ذَاتِ دِيْنٍ غَيْرَ الْاِسْلَامِ ثُمَّ قَالَ وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ وَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ اللّٰتِيْ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ اِلٰى قَوْلِهٖ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَحَرَّمَ مَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنْ اَصْنَافِ النِّسَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامٍ سَمِعْتُ اَحْمَدَ ابْنَ الْحَسَنِ يَذْكُرُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ لَا بَاْسَ بِحَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامٍ عَنْ شَهْرِبْنِ حَوْشَبٍ.

ہے"لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ ... الآیہ" (حلال نہیں تجھ کو عورتیں اسکے بعد اور نہ یہ کہ انکے بدلے اور عورتیں۔ اگر چہ خوش لگے تجھ کو انکی صورت مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا اور ہے اللہ ہر چیز پر نگہبان ۔الاحزاب ۔۵۲۔) اور مؤمن جوان عورتیں حلال کیں اور وہ ایمان والی عورت جس نے خود کو آپؐ کے سپرد کر دیا۔ پھر اسلام کے علاوہ کسی بھی دین سے تعلق رکھنے والی عورت کو حرام کیا اور پھر فرمایا کہ جو شخص (ایمان لانے سے) انکار کرے گا اس کا عمل برباد ہو گیا۔ اور آخرت میں وہ خسارہ پانے والوں میں سے ہے۔ نیز فرمایا"يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّا اَحْلَلْنَا .....الآیہ" (الاحزاب۔آیت:۵۰) یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبدالحمید بن بہرام کی روایت سے جانتے ہیں۔ احمد بن حسن، احمد بن حنبل کا قول نقل کرتے ہیں کہ عبدالحمید بن بہرام کی شہر بن حوشب سے منقول احادیث میں کوئی حرج نہیں۔

۱۱۴۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اُحِلَّ لَهُ النِّسَاءُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۴۵: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی وفات تک آپؐ کے لیے تمام عورتیں حلال ہو گئیں تھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۴۶: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ ابْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ نَا اَبِيْ عَنْ بَيَانٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَنٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَاَةٍ مِنْ نِسَائِهٖ فَاَرْسَلَنِيْ فَدَعَوْتُ قَوْمًا اِلَى الطَّعَامِ فَلَمَّا اَكَلُوْا وَخَرَجُوْا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْطَلِقًا قِبَلَ بَيْتِ عَائِشَةَ فَرَاٰى رَجُلَيْنِ جَالِسَيْنِ فَانْصَرَفَ رَاجِعًا فَقَامَ الرَّجُلَانِ فَخَرَجَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ اِنَاهُ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ بَيَانٍ وَرَوٰى ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ.

۱۱۴۶: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیویوں میں سے کسی کے ساتھ سہاگ رات گزاری اور مجھے کچھ لوگوں کو کھانے کی دعوت دینے کیلئے بھیجا۔ جب وہ لوگ کھا چکے اور جانے کے لیے نکل گئے تو نبی اکرم ﷺ اٹھ کر حضرت عائشہؓ کے گھر کی طرف چل دیے۔ چنانچہ آپؐ نے دیکھا کہ دو آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔ لہٰذا واپس تشریف لے گئے۔ اس پر وہ دونوں اٹھ کر چلے گئے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی"يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا .....الآیہ" (اے ایمان والو مت جاؤ نبی کے گھروں میں مگر جو تم کو حکم ہو کھانے کے واسطے، نہ راہ دیکھنے والے اسکے پکنے کی لیکن جب تم کو بلائے تب جاؤ۔ الاحزاب۔۵۲۔) یہ

حدیث حسن غریب ہے اور اس میں ایک قصہ ہے۔ ثابت انسؓ سے یہی حدیث طویل نقل کرتے ہیں۔

۱۱۴۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا اَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَاهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى بَابَ امْرَأَةٍ عَرَّسَ بِهَا فَاِذَا عِنْدَهَا قَوْمٌ فَانْطَلَقَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ فَاحْتُبِسَ ثُمَّ رَجَعَ وَعِنْدَهَا قَوْمٌ فَانْطَلَقَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ فَرَجَعَ وَقَدْ خَرَجُوْا قَالَ فَدَخَلَ وَاَرْخٰى بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ سِتْرًا قَالَ فَذَكَرْتُهُ لِاَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ فَقَالَ لَئِنْ كَانَ كَمَا تَقُوْلُ لَيَنْزِلَنَّ فِيْ هٰذَا شَيْءٌ قَالَ فَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْحِجَابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعَمْرُو بْنُ سَعِيْدٍ يُقَالُ لَهُ الْاَصْلَعُ.

۱۱۴۷: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ آپؐ ایک بیوی کے دروازے پر تشریف لے گئے۔ جن کے ساتھ شادی کی تھی۔ آپؐ نے انکے پاس ایک گروہ کو پایا تو واپس تشریف لے گئے۔ اپنا کوئی کام کیا پھر واپس تشریف لائے تو دیکھا کہ لوگ ابھی تک موجود ہیں۔ لہٰذا پھر چلے گئے اور اپنا کوئی کام کر کے دوبارہ تشریف لائے اس مرتبہ لوگ جا چکے تھے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ داخل ہوئے اور میرے اور اپنے درمیان ایک پردہ ڈال دیا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے اسکا ذکر ابوطلحہؓ سے کیا تو وہ فرمانے لگے کہ اگر ایسا ہی ہے تو پھر اس بارے میں کچھ نازل ہوگا۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ پھر پردے کے متعلق آیت نازل ہوئی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور عمرو بن سعید کو اصلع کہتے ہیں۔

۱۱۴۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنِ الْجَعْدِ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بِاَهْلِهِ فَصَنَعَتْ اُمِّيْ اُمُّ سُلَيْمٍ حَيْسًا فَجَعَلَتْهُ فِيْ تَوْرٍ فَقَالَتْ يَا اَنَسُ اذْهَبْ بِهٰذَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْ لَهُ بَعَثَتْ بِهٰذَا اِلَيْكَ اُمِّيْ وَهِيَ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَتَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا لَكَ مِنَّا قَلِيْلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَذَهَبْتُ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ اُمِّيْ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَتَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا مِنَّا لَكَ قَلِيْلٌ فَقَالَ ضَعْهُ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَادْعُ لِيْ فُلَانًا وَفُلَانًا وَفُلَانًا وَمَنْ لَقِيْتَ فَسَمّٰى رِجَالًا قَالَ فَدَعَوْتُ مَنْ سَمّٰى وَمَنْ لَقِيْتُ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ عَدَدَكُمْ كَانُوْا قَالَ زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ قَالَ وَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَنَسُ هَاتِ

۱۱۴۸: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ایک بیوی سے نکاح کیا اور ان کے پاس تشریف لے گئے تو میری والدہ نے حیس تیار کی (کھجور اور ستو کا کھانا) اور اسے کسی پتھر کے پیالہ میں ڈال کر مجھے دیا اور کہا کہ اسے نبی اکرم ﷺ کے پاس لے جاؤ اور کہو کہ میری ماں نے بھیجا ہے۔ وہ آپ کو سلام کہتی ہیں اور عرض کرتی ہیں کہ ہماری طرف سے یہ آپؐ کے لیے بہت تھوڑا ہے یا رسول اللہ ﷺ۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں اسے لے کر آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور والدہ کا سلام پہنچایا اور وہ بات بھی عرض کر دی جو انہوں نے کہی تھی۔ آپؐ نے فرمایا اسے رکھ دو۔ پھر مجھے حکم دیا کہ جاؤ اور فلاں فلاں کو بلا کر لاؤ۔ میں گیا اور جن جن کے متعلق نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تھا انہیں بھی اور جو مجھے مل گئے انہیں بھی بلا کر لے آیا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے انسؓ سے پوچھا کہ کتنے آدمی ہوں گے۔ انہوں نے فرمایا تین سو، کے قریب ہوں گے

بِالتَّوْرِ قَالَ فَدَخَلُوْا حَتَّى امْتَلَاتِ الصُّفَّةُ وَ الْحُجْرَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَتَحَلَّقْ عَشْرَةٌ عَشْرَةٌ وَلْيَأْكُلْ كُلُّ اِنْسَانٍ مِمَّا يَلِيْهِ قَالَ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا قَالَ فَخَرَجَتْ طَائِفَةٌ وَ دَخَلَتْ طَائِفَةٌ حَتّٰى اَكَلُوْا كُلُّهُمْ قَالَ فَقَالَ لِيْ يَا اَنَسُ ارْفَعْ قَالَ فَرَفَعْتُ فَمَا اَدْرِيْ حِيْنَ وَضَعْتُ كَانَ اَكْثَرَ اَمْ حِيْنَ رَفَعْتُ قَالَ وَجَلَسَ طَوَائِفُ مِنْهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ فِيْ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَزَوْجَتُهٗ مُوَلِّيَةٌ وَجْهَهَا اِلَى الْحَائِطِ فَثَقُلُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نِسَائِهٖ ثُمَّ رَجَعَ فَلَمَّا رَاَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَجَعَ ظَنُّوْا اَنَّهُمْ قَدْ ثَقُلُوْا عَلَيْهِ فَابْتَدَرُوا الْبَابَ فَخَرَجُوْا كُلُّهُمْ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَرْخَى السِّتْرَ وَدَخَلَ وَاَنَا جَالِسٌ فِي الْحُجْرَةِ فَلَمْ يَلْبَثْ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى خَرَجَ عَلَيَّ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهُنَّ عَلَى النَّاسِ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ اِنَاهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ بِحَدِيْثٍ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَاتِ قَالَ الْجَعْدُ قَالَ اَنَسٌ اَنَا اَحْدَثُ النَّاسِ عَهْدًا بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ وَحُجِبْنَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْجَعْدُ هُوَ ابْنُ عُثْمَانَ وَيُقَالُ هُوَ ابْنُ دِيْنَارٍ وَيُكْنٰى اَبَا عُثْمَانَ بَصْرِيٌّ وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ رَوٰى عَنْهُ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ وَشُعْبَةُ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ.

۔حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ وہ برتن لاؤ ۔ اتنے میں وہ سب لوگ داخل ہوگئے ۔ یہاں تک کہ چبوترہ اور حجرہ مبارک بھر گیا۔ پھر آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ دس، دس آدمیوں کا حلقہ بنالیں اور ہر شخص اپنے سامنے سے کھائے ۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ان سب نے کھایا اور سیر ہوگئے۔ پھر ایک جماعت نکل گئی اور دوسری آ گئی یہاں تک کہ سب نے کھالیا۔ پھر آپؐ نے مجھے حکم دیا کہ انس (برتن) اٹھاؤ۔ میں نے اٹھایا تو میں نہیں جانتا کہ جس وقت لایا تھا اسوقت زیادہ تھا یا اٹھاتے وقت زیادہ تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر کئی لوگ وہیں بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ نبی اکرم ﷺ بھی تشریف فرما تھے۔ اور آپؐ کی زوجہ محترمہ بھی دیوار کی طرف رخ کیے ہوئے بیٹھی ہوئی تھیں ۔ آپؐ پر ان کا اسطرح بیٹھے رہنا گراں گزرا لہٰذا آپؐ نکلے اور تمام ازواج مطہرات کے حجروں پر گئے اور سلام کر کے واپس تشریف لے آئے ۔ جب انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو واپس آتے ہوئے دیکھا تو سمجھ گئے کہ آپؐ پر ان کا بیٹھنا گراں گزرا ہے۔ لہٰذا جلدی سے سب (لوگ) دروازے سے باہر چلے گئے ۔ پھر آپ تشریف لائے اور پردہ ڈال کر اندر داخل ہوگئے ۔ (حضرت انسؓ فرماتے ہیں) میں بھی حجرے میں بیٹھا ہوا تھا۔ تھوڑی دیر گزری تھی کہ آپ ﷺ واپس میرے پاس آئے اور یہ آیات نازل ہوئیں اور آپؐ نے باہر جا کر لوگوں کو یہ آیات سنائیں ''يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا .....الآیۃ'' (اے ایمان والو نبی کے گھروں میں اس وقت تک مت جایا کرو۔ جب تک تمہیں کھانے کی دعوت نہ دی جائے (وہ بھی) اسطرح کی اس کی تیاری کے منتظر نہ رہو لیکن جب تم بلایا جائے تب جاؤ اور کھا لینے کے بعد اٹھ کر چلے جاؤ ۔اور باتوں میں دل لگا کر بیٹھے نہ رہا کرو کیونکہ یہ نبی (ﷺ) کو ناگوار گزرتا ہے وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ صاف بات کہنے سے لحاظ نہیں کرتا اور جب تم ان (ازواج مطہرات) سے

کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگا کرو یہ تمہارے اوران کے دلوں کو پاک رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ پھر تمہارے لیے جائز نہیں کہ نبی علیہ کو تکلیف پہنچاؤ۔ اورنہ ہی یہ جائز ہے کہ آپؐ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات سے کبھی نکاح کرو۔ یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے۔ الاحزاب۔ آیت: ۵۳) جعد کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ نے فرمایا یہ آیات سب سے پہلے مجھے پہنچیں اور ازواج مطہرات اسی دن سے پردہ کرنے لگیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور جعد، عثمان کے بیٹے ہیں۔ انہیں ابن دینار بھی کہتے ہیں۔ ان کی کنیت ابوعثمان بصری ہے۔ یہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔ یونس بن عبید، شعبہ اور حماد بن زید ان سے احادیث روایت کرتے ہیں۔

۱۱۴۹: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِیُّ نَامَعْنُ نَامَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نُعَیْمٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدِ الْاَنْصَارِیَّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَیْدِ الَّذِیْ کَانَ اُرِیَ النِّدَاءَ بِالصَّلٰوةِ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّهٗ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِیْ مَجْلِسِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ لَهٗ بَشِیْرُ بْنُ سَعْدٍ اَمَرَنَا اللّٰهُ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْکَ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ قَالَ فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهٗ لَمْ یَسْاَلْهُ ثُمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ وَالسَّلَامُ کَمَا قَدْ عُلِّمْتُمْ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَاَبِیْ حُمَیْدٍ وَکَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ وَطَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِاللّٰهِ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ وَزَیْدِ بْنِ خَارِجَةَ وَیُقَالُ ابْنُ جَارِیَةَ وَبُرَیْدَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۱۴۹: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم سعد بن عبادہ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے۔ بشیر بن سعد نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ ہم کس طرح درود بھیجا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے تمنا کی کہ کاش یہ سوال نہ پوچھا جاتا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسطرح پڑھا کرو" اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ..... حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ "(ترجمہ: اے اللہ محمد ﷺ اور انکی آل پر اسطرح رحمت بھیج جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور انکی آل پر رحمت نازل فرمائی۔ بے شک تو تعریف والا اور بزرگ و برتر ہے۔ اے اللہ تو محمد ﷺ اور انکی آل پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیم اور انکی اولاد پر برکت نازل فرمائی بے شک تو تعریف والا اور بزرگ و برتر ہے) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلام اسی طرح ہے جس طرح تم (التحیات میں) جان ہی چکے ہو۔ اس باب میں علی بن حمید، کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ، طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ، ابوسعید رضی اللہ عنہ، زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ اور بریدہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ زید بن خارجہ ابن جاریہ بھی کہتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۵۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنِ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدٍ وَخِلَاسٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ کَانَ رَجُلًا حَیِیًّا سِتِّیْرًا مَا یُرٰی مِنْ جِلْدِهٖ شَیْءٌ اِسْتِحْیَاءً مِنْهُ فَاٰذَاهُ مَنْ اٰذَاهُ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ

۱۱۵۰: حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام بہت حیاوالے اور پردہ پوش (یعنی پردہ کرنے والے) تھے انکی شرم کی وجہ سے انکے بدن کا کوئی حصہ نظر نہیں آتا تھا۔ انہیں بنو اسرائیل کے کچھ لوگوں نے تکلیف پہنچائی۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ یہ اپنے بدن کو اس لیے ڈھانپے رکھتے ہیں

فَقَالُوْا مَایَسْتَتِرُ هٰذَا التَّسَتُّرَاِلَّا مِنْ عَیْبٍ بِجِلْدِهٖ اِمَّا بَرَصٌ وَاِمَّا اُدْرَةٌ وَاَمَّا اٰفَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ اَرَادَ اَنْ یُبَرِّئَهٗ مِمَّا قَالُوْا وَاِنَّ مُوْسٰی خَلَا یَوْمًا وَحْدَهٗ فَوَضَعَ ثِیَابَهٗ عَلٰی حَجَرٍ ثُمَّ اغْتَسَلَ فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ اِلٰی ثِیَابِهٖ لِیَاْخُذَهَا وَاِنَّ الْحَجَرَعَدَا بِثَوْبِهٖ فَاَخَذَ مُوْسٰی عَصَاهُ فَطَلَبَ الْحَجَرَ فَجَعَلَ یَقُوْلُ ثَوْبِیْ حَجَرُ ثَوْبِیْ حَجَرُ حَتّٰی انْتَهٰی اِلٰی مَلَاءٍ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ فَرَاَوْهُ عُرْیَانًا اَحْسَنَ النَّاسِ خَلْقًا وَاَبْرَاَهُ مِمَّا کَانُوْا یَقُوْلُوْنَ قَالَ وَقَامَ الْحَجَرُ فَاَخَذَ ثَوْبَهٗ فَلَبِسَهٗ وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا بِعَصَاهُ فَوَاللّٰهِ اِنَّ بِالْحَجَرِ لَنَدَبًا مِنْ اَثَرِ عَصَاهُ ثَلَاثًا اَوْاَرْبَعًا اَوْخَمْسًا فَذٰلِکَ قَوْلُهٗ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ اٰذَوْامُوْسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَکَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِوَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

کہ انکی جلد میں کوئی عیب ہے۔ یا تو برص کے ہیں یا انکے خصیے بڑے ہیں یا پھر کوئی اور عیب ہے۔اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس عیب سے بری کریں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام ایک مرتبہ غسل کرنے لگے اور اپنے کپڑے ایک پتھر پر رکھ کر غسل کرنے لگے۔ جب غسل کر کے فارغ ہوئے تو کپڑے لینے کے لیے پتھر کی طرف آئے لیکن پتھر انکے کپڑے لے کر بھاگ کھڑا ہوا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا لیا اور اسکے پیچھے دوڑتے ہوئے کہنے لگے: اے پتھر میرے کپڑے.... یہاں تک کہ وہ بنی اسرائیل کے ایک گروہ کے پاس پہنچ گیا اور انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ننگا دیکھ لیا کہ وہ صورت شکل میں سب سے زیادہ خوبصورت ہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے انہیں بری کر دیا اور پتھر بھی رک گیا۔ پھر انہوں نے اپنے کپڑے لیے اور پہن کر عصا سے اسے مارنے لگے اللہ کی قسم انکی مار سے پتھر پر تین یا چار نشان پڑ گئے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا یہی مطلب ہے" یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ ....الآیہ" (اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو تکلیف پہنچائی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے بری کر دیا اور وہ اللہ کی نزدیک بڑے معزز تھے۔ الاحزاب۔ ۶۹۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت ابوہریرہؓ ہی کے واسطے سے منقول ہے۔

خلاصہ سورۃ احزاب: اس سورۃ میں غزوہ احزاب جو پانچ ہجری میں پیش آیا' کا ذکر ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اہل ایمان کے لئے یہ شدید مصائب اور آزمائش کا دور تھا۔ لگ بھگ بارہ ہزار کا لشکر مدینہ کا محاصرہ کئے ہوئے تھا۔ اس وقت اہل ایمان آزمائش اور منافقین کے دل کا روگ ان کی زبان پر آ گیا۔ (۲) دوسرا موضوع امہات المؤمنین سے خطاب پر مشتمل ہے۔ اور ان کی وساطت سے تمام مسلمان خواتین کو ہدایات دی گئی ہیں۔ اسلامی تہذیب وتمدن بالخصوص مسلمانوں کی معاشرتی زندگی کے متعلق بڑی تفصیلی ہدایات موجود ہیں۔ اسی سورۃ میں مسلمانوں کو حکم ہوا کہ اگر کبھی نبی ﷺ کی ازواج سے کوئی چیز تو پردے کے پیچھے سے مانگو۔ آیت مبارکہ میں جو لفظ حجاب وارد ہوا ہے اس پر غور کرنا چاہئے ان لوگوں کو جنہیں یہ مغالطہ ہو گیا ہے کہ قرآن میں پردے کا حکم نہیں ہے۔ (۳) نبی کریم کی شان بڑی جامعیت کے ساتھ بیان ہوئی ہے۔ (۴) سورۃ مبارکہ کے افتتاح پر ختم نبوت کا بھی اعلان ہوا ہے۔

سُوْرَةُ السَّبَا

تفسیر سورۂ سبا

۱۱۵۱. حَدَّثَنَا اَبُوْکُرَیْبٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ قَالَا نَا اَبُوْ

۱۱۵۱: حضرت عروہ بن مسیک مرادیؓ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم

اُسَامَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ النَّخَعِيِّ قَالَ ثَنِيْ اَبُوْ سَبْرَةَ النَّخَعِيُّ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلاَ اُقَاتِلُ مَنْ اَدْبَرَ مِنْ قَوْمِيْ بِمَنْ اَقْبَلَ مِنْهُمْ فَاَذِنَ لِيْ فِيْ قِتَالِهِمْ وَاَمَّرَنِيْ فَلَمَّا خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهٖ سَاَلَ عَنِّيْ مَا فَعَلَ الْغُطَيْفِيُّ فَاُخْبِرَ اَنِّيْ قَدْ سِرْتُ قَالَ فَاَرْسَلَ فِيْ اَثَرِيْ فَرَدَّنِيْ فَاَتَيْتُهٗ وَهُوَ فِيْ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ ادْعُ الْقَوْمَ فَمَنْ اَسْلَمَ مِنْهُمْ فَاقْبَلْ مِنْهُ وَمَنْ لَمْ يُسْلِمْ فَلاَ تَعْجَلْ حَتّٰى اُحْدِثَ اِلَيْكَ قَالَ وَاُنْزِلَ فِيْ سَبَاٍ مَا اُنْزِلَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا سَبَاٌ اَرْضٌ اَوِامْرَاَةٌ قَالَ لَيْسَ بِاَرْضٍ وَلاَ امْرَاَةٍ وَلٰكِنَّهٗ رَجُلٌ وَلَدَ عَشْرَةً مِنَ الْعَرَبِ فَتَيَامَنَ مِنْهُمْ سِتَّةٌ وَتَشَاءَمَ مِنْهُمْ اَرْبَعَةٌ فَاَمَّا الَّذِيْنَ تَشَاءَمُوْا فَلَخْمٌ وَجُذَامٌ وَغَسَّانُ وَعَامِلَةُ وَاَمَّا الَّذِيْنَ تَيَامَنُوْا فَالْاَزْدُ وَالْاَشْعَرِيُّوْنَ وَحِمْيَرُ وَكِنْدَةُ وَمَذْحِجُ وَاَنْمَارُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا اَنْمَارُ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْهُمْ خَثْعَمُ وَبَجِيْلَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ:

ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ کیا میں اپنی قوم کے اسلام قبول کرنے والے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ان لوگوں سے جنگ نہ کروں جو اسلام سے منہ موڑیں؟ آپؐ نے مجھے اسکی اجازت دے دی اور مجھے اپنی قوم کا امیر بنا دیا۔ پھر جب میں آپؐ کے پاس سے نکلا تو آپؐ نے پوچھا کہ غطیفی نے کیا کیا؟ آپ کو بتایا گیا کہ وہ چلا گیا ہے۔ راوی فرماتے ہیں کہ آپؐ نے مجھے واپس بلوالیا۔ جب آپؐ کے پاس پہنچا تو کچھ صحابہ کرامؓ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ نے حکم دیا کہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دو۔ جو لوگ اسلام لے آئیں انہیں قبول کرلو اور جو نہ لائیں ان کے متعلق جلدی نہ کرو یہاں تک کہ میں دوسرا حکم دوں راوی کہتے ہیں کہ سباء کی کیفیت اس وقت نازل ہو چکی تھی۔ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ یہ سبا کیا ہے۔؟ کوئی عورت یا کوئی زمین؟ آپؐ نے فرمایا کہ نہ زمین اور نہ عورت بلکہ یہ عرب کا ایک آدمی ہے جس کے دس بیٹے تھے جن میں سے چھ کو (اس نے) مبارک جانا اور چار کو منحوس، جنہیں منحوس جانا وہ یہ ہیں۔ لخم، جذام، غسان اور عاملہ اور جنہیں مبارک جانا وہ یہ ہیں۔ ازد، اشعری، حمیم، کندہ، مذحج اور انمار۔ ایک شخص نے پوچھا: انمار کون سا قبیلہ ہے آپؐ نے فرمایا جس سے خثعم اور بجیلہ ہیں۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

۱۱۵۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ فِي السَّمَاءِ اَمْرًا ضَرَبَتِ الْمَلاَئِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَاَنَّهَا سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ قَالَ وَالشَّيَاطِيْنُ بَعْضُهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ:

۱۱۵۲: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ آسمانوں میں کوئی حکم سناتا ہے تو فرشتے گھبراہٹ کی وجہ سے اپنے پر مارتے ہیں جس سے ایک زنجیر پتھر پر کھڑکانے کی سی آواز پیدا ہوتی ہے۔ پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں۔ کہ تمہارے رب نے کیا حکم فرمایا؟ وہ کہتے ہیں کہ حق بات کا حکم فرمایا اور وہ سب سے بڑا اور عالیشان ہے تیز شیطان اوپر نیچے جمع ہو جاتے ہیں (تا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم سن سکیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۵۳۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ

۱۱۵۳: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہؓ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِیْ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ اِذْرُمِیَ بِنَجْمٍ فَاسْتَنَارَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا کُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ لِمِثْلِ هٰذَا فِی الْجَاهِلِیَّةِ اِذْرَاَیْتُمُوْهُ قَالُوْا کُنَّا نَقُوْلُ یَمُوْتُ عَظِیْمٌ اَوْ یُوْلَدُ عَظِیْمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّهٗ لَا یُرْمٰی بِهٖ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَیَاتِهٖ وَلٰکِنَّ رَبَّنَا تَبَارَکَ اسْمُهٗ وَتَعَالٰی اِذَا قَضٰی اَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ ثُمَّ سَبَّحَ اَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ التَّسْبِیْحُ اِلٰی هٰذِهِ السَّمَاءِ ثُمَّ سَاَلَ اَهْلُ السَّمَاءِ السَّادِسَةِ اَهْلَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ مَاذَا قَالَ رَبُّکُمْ قَالَ فَیُخْبِرُوْنَهُمْ ثُمَّ یَسْتَخْبِرُ اَهْلُ کُلِّ سَمَاءٍ حَتّٰی یَبْلُغَ الْخَبَرُ اَهْلَ السَّمَاءِ الدُّنْیَا وَتَخْتَطِفُ الشَّیَاطِیْنُ السَّمْعَ فَیُرْمَوْنَ فَیَقْذِفُوْنَهٗ اِلٰی اَوْلِیَائِهِمْ فَمَا جَاءُوْا بِهٖ عَلٰی وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ وَلٰکِنَّهُمْ یُحَرِّفُوْنَهٗ وَیَزِیْدُوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَلِیِّ ابْنِ حُسَیْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رِجَالٍ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .

ستارہ ٹوٹا جس سے روشنی ہوگئی۔آپؐ نے فرمایا تم لوگ زمانہ جاہلیت میں اگر ایسا ہوتا تھا تو کیا کہتے تھے۔؟ عرض کیا گیا۔ہم کہتے تھے کہ یا تو کوئی بڑا آدمی مرے گا یا کوئی بڑا آدمی پیدا ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کسی کی موت وحیات کی وجہ سے نہیں ٹوٹتا بلکہ ہمارا رب اگر کوئی حکم دیتا ہے تو حاملین عرش (یعنی فرشتے) تسبیح کرتے ہیں پھر اس آسمان والے فرشتے جو اسکے قریب ہیں۔ پھر جو اس کے قریب ہیں۔ یہاں تک کہ تسبیح کا شور اس آسمان تک پہنچتا ہے۔ پھر چھٹے آسمان والے فرشتے ساتوں آسمان والوں سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ انہیں بتاتے ہیں اور پھر ہر نیچے والے، اوپر والوں سے پوچھتے ہیں یہاں تک کہ وہ خبر آسمان دنیا والوں تک پہنچتی ہے اور شیاطین کان لگا کر سنتے ہیں تو اس ستارے سے انہیں مارا جاتا ہے پھر یہ اپنے دوستوں (یعنی غیب کی خبروں کے دعویداروں) کو آ کر بتاتے ہیں۔ پھر وہ جو بات اسی طرح بتاتے ہیں تو وہ صحیح ہوتی ہے لیکن وہ تحریف بھی کرتے ہیں اور اس میں اضافہ بھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور زہری سے بھی منقول ہے وہ علی بن حسین سے وہ ابن عباسؓ سے اور وہ کئی انصاری حضرات سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

سُوْرَةِ فَاطِرٍ

۱۱۵۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ الْعَیْزَارِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا مِنْ ثَقِیْفٍ یُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِنْ کِنَانَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتَابَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَّ مِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَیْرَاتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ قَالَ هٰؤُلَاءِ کُلُّهُمْ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ وَکُلُّهُمْ فِی الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ حَسَنٌ.

سورۂ فاطر کی تفسیر

۱۱۵۴: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت "ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتَابَ ....الآیہ" (پھر ہم نے اپنی کتاب کا ان کو وارث بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چن لیا۔ پس بعض ان میں سے اپنے نفس پر ظلم کرنے اور بعض ان میں سے میانہ رو ہیں اور بعض ان میں سے اللہ کے حکم سے نیکیوں میں پیش قدمی کرنے والے ہیں۔ فاطر۔۳۲) کی تفسیر میں فرمایا کہ یہ سب برابر ہیں اور سب جنتی ہیں۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

سورۃ فاطر اور سبا: (۱) توحید کی دعوت' آخرت کا اثبات' نبوت اور رسالت کا اثبات۔(۲) سیل ارم یعنی وہ سیلاب جو آب پاشی کے لئے تعمیر شدہ ایک بڑے بند کے ٹوٹنے سے یمن کی سرزمین میں آیا اور جس کے بعد وہاں لوگ ایک بڑی عظیم ہلاکت سے دوچار ہوئے اور وہ زمین ویران ہوگئی۔

سُوْرَةُ يٰسٓ

۱۱۵۵: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ وَزِيْرِ الْوَاسِطِيُّ نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَتْ بَنُوْسَلِمَةَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ فَاَرَادُوا النُّقْلَةَ اِلٰى قُرْبِ الْمَسْجِدِ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اِنَّمَا نَحْنُ نُحْيِى الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اٰثَارَكُمْ تُكْتَبُ فَلَا تَنْتَقِلُوْا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ وَاَبُوْ سُفْيَانَ هُوَ طَرِيْفُ السَّعْدِيِّ.

۱۱۵۶: حَدَّثَنَاهَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَتَدْرِيْ اَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ فَقَالَ فَاِنَّهَا تَذْهَبُ فَتَسْتَاْذِنُ فِي السُّجُوْدِ فَيُؤْذَنُ لَهَاوَ كَاَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا اطْلُعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا قَالَ ثُمَّ قَرَأَ وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا قَالَ وَذٰلِكَ فِيْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تفسیر سورۂ یٰسین

۱۱۵۵: حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنوسلم مدینہ کے کنارے آباد تھے انکی چاہت تھی کہ مسجد کے قریب منتقل ہوجائیں۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی ''اِنَّا نَحْنُ نُحْيِى الْمَوْتٰى...الآیہ'' (بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے اور جو انہوں نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا اسکو لکھتے ہیں۔ یٰسین آیت:۱۲) اس پر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ چونکہ تمہارے اعمال لکھے جاتے ہیں اس لیے منتقل نہ ہو۔ یہ حدیث ثوری کی روایت سے حسن غریب ہے اور ابوسفیان سے مراد طریف سعدی ہیں۔

۱۱۵۶: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ غروب آفتاب کے وقت مسجد میں داخل ہوا تو نبی اکرم ﷺ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ اے ابوذر تو جانتا ہے کہ یہ آفتاب کہاں جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ جا کر سجدے کی اجازت مانگتا ہے جو اسے دے دی جاتی ہے۔ اور گویا کہ اس سے کہا جائے گا کہ جہاں سے آئے ہو وہیں سے طلوع ہو۔ اس طرح وہ مغرب سے طلوع ہوگا۔ پھر یہ آیت پڑھی'' ذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا...... '' (اور سورج چلا جاتا ہے اپنے ٹھہرے ہوئے رستہ پر۔ یٰسین) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورہ یٰسین: اس سورۃ کو قرآن مجید کا دل کہا جاتا ہے۔ توحید کے مضامین پر مشتمل یہ آیت اہل توحید کے لئے راحت کا سامان لئے ہوئے ہے۔ اس سورۃ کو پڑھتے ہوئے ایک خاص کیفیت کا احساس ہوتا ہے جو ایک دھڑکتے ہوئے دل سے مشابہ ہے۔ توحید' معاد کے علاوہ دو اہم سائنسی حقیقتوں کی طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے ایک علم فلکیات اور دوسرا علم حیاتیات۔ فلکیات میں سورج اور چاند کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: ''سب اپنے اپنے مدار میں گردش کر رہے ہیں''۔ یہ تمام اجرام سماویہ اپنے اپنے مدار میں گردش کر رہے ہیں اور ان کی گردش کسی تیرنے والے سے بہت مشابہت رکھتی ہے۔ اسی

سے ہے علم حیاتیات کی اہم حقیقت "اور جس شخص کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں تو اس کی طبعی حالت کو ہم الٹی کر دیتے ہیں"۔ ایک خاص عمر کے بعد جب عمر میں اضافہ ہوتا ہے تو جسم میں تخریبی عمل بڑھتا جاتا ہے اور تعمیری عمل کم ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک وقت وہ بھی آتا ہے کہ ذہین و فطین لوگ بھی عمر کی ایک حد پر آ کر گویا کہ اپنے اس تمام علم، ذہانت اور فطانت سے محروم ہو جاتے ہیں۔

سُوْرَةُ وَالصَّافَاتِ

۱۱۵۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ نَا لَیْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ بِشْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَاعٍ دَعَا اِلٰی شَیْءٍ اِلَّا کَانَ مَوْقُوْفًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ لَا زِمًا لَهٗ لَا یُفَارِقُهٗ وَاِنْ دَعَا رَجُلٌ رَجُلًا ثُمَّ قَرَاءَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَ قِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ مَالَکُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

(۱) ۱۱۵۷: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ زُهَیْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاَرْسَلْنَاهُ اِلٰی مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ قَالَ عِشْرُوْنَ اَلْفًا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۱۱۵۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ نَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبَاقِیْنَ قَالَ حَامُ وَسَامُ وَیَافِثُ بِالثَّاءِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَیُقَالُ یَافِتُ وَیَافِثُ بِالتَّاءِ وَ الثَّاءِ وَیُقَالُ یَفِثُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ سَعِیْدِ بْنِ بَشِیْرٍ.

۱۱۵۹: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِیُّ نَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ

تفسیر سورۂ صافات

۱۱۵۷: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شرکت یا فجور کی دعوت دینے والا ایسا نہیں کہ قیامت کے دن اسے روکا نہ جائے اور اس پر اس کا وبال نہ پڑے وہ (جسے دعوت دی گئی) کسی قیمت پر اس سے الگ نہیں ہوگا۔ اگرچہ کسی ایک شخص نے دوسرے ایک ہی شخص کو دعوت دی ہو۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی "وَقِفُوْهُمْ ..... الآیہ (اور انہیں کھڑا کرو، ان سے دریافت کرنا ہے۔ تمہیں کیا ہوا کہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ الصافات آیت ۲۵) یہ حدیث غریب ہے۔

(۱) ۱۱۵۷: حضرت ابی بن کعبؓ نے نبی اکرم ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَاَرْسَلْنَاهُ اِلٰی مِائَةِ اَلْفٍ....." (اور ہم نے اسکو (یعنی یونسؑ کو) ایک لاکھ یا اس سے زیادہ۔ لوگوں کے پاس بھیجا۔ الصفت: ۱۴۷)۔ کی تفسیر پوچھی کہ زیادہ سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا: بیس ہزار۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۱۵۸: حضرت سمرہؓ اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ ..... (اور ہم نے اسکی اولاد ہی کو باقی رہنے والی کر دیا۔ والصٰفٰت: ۷۷) کی تفسیر میں نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: نوح علیہ السلام کے تین بیٹے حام، سام اور یافث تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یافت بھی کہا جاتا ہے۔ یافث بھی اور یفث بھی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سعید بن بشیر کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۱۵۹: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ سام عرب کا باپ، حام حبشیوں کا باپ اور

عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَامُ اَبُو الْعَرَبِ وَحَامُ اَبُو الْحَبَشِ وَيَافِثُ اَبُو الرُّوْمِ.

یافث رومیوں کا باپ ہے۔

سُوْرَةُ صٓ

تفسیر سورۂ ص

۱۱۶۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ يَحْيٰى قَالَ عَبْدٌ هُوَ ابْنُ عَبَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرِضَ اَبُوْ طَالِبٍ فَجَاءَ تْهُ قُرَيْشٌ وَجَاءَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَ اَبِيْ طَالِبٍ مَجْلِسُ رَجُلٍ فَقَامَ اَبُوْ جَهْلٍ كَيْ يَمْنَعَهُ قَالَ وَشَكَوْهُ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ مَا تُرِيْدُ مِنْ قَوْمِكَ قَالَ اِنِّيْ اُرِيْدُ مِنْهُمْ كَلِمَةً تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ وَتُؤَدِّيْ اِلَيْهِمُ الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ قَالَ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ قَالَ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ يَا عَمِّ قُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالُوْا اِلٰهًا وَاحِدًا مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ اِنْ هٰذَا اِلَّا اخْتِلَاقٌ قَالَ فَنَزَلَ فِيْهِمُ الْقُرْاٰنُ صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَ شِقَاقٍ اِلٰى قَوْلِهٖ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ اِنْ هٰذَا اِلَّا اخْتِلَاقٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۶۰: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب ابو طالب بیمار ہوئے تو قریش اور نبی اکرم ﷺ ان کے پاس گئے۔ ابوطالب کے پاس ایک ہی آدمی کے بیٹھنے کی جگہ تھی۔ ابو جہل نبی اکرم ﷺ کو وہاں بیٹھنے سے منع کرنے کے لیے اٹھا اور لوگوں نے ابو طالب سے رسول اللہ ﷺ کی شکایت کی۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا بھتیجے اپنی قوم سے کیا چاہتے ہو۔ آپؐ نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ یہ لوگ ایک کلمہ کہنے لگیں اگر یہ لوگ میری اس دعوت کو قبول کر لیں گے تو عرب پر حاکم ہو جائیں گے اور عجمیوں سے جزیہ وصول کریں گے۔ ابوطالب نے پوچھا ایک ہی کلمہ۔ آپؐ نے فرمایا ہاں ایک ہی کلمہ۔ چچا ''لا الہ الا اللہ'' کہہ لیجئے۔ وہ سب کہنے لگے کیا ہم ایک ہی خدا کی عبادت کرنے لگیں ہم نے تو کسی پچھلے دین میں یہ بات نہیں سنی (بس یہ من گھڑت ہے)۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں ''صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ...... فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ... الآیہ (قرآن کی قسم جو سراسر نصیحت ہے بلکہ جو لوگ منکر ہیں وہ محض تکبر اور مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں۔ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دی ہیں۔ سو انہوں نے بڑی ہائے پکار کی اور وہ وقت خلاصی کا نہ تھا اور انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس انہیں میں سے ڈرانے والا آیا اور منکروں نے کہا کہ یہ تو ایک بڑا جادوگر ہے۔ کیا اس نے کئی معبودوں کو صرف ایک معبود بنا دیا۔ بے شک یہ بڑی عجیب بات ہے اور ان میں سے سردار یہ کہتے ہوئے چل پڑے کہ چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو۔ بے شک اس میں کچھ غرض ہے۔ ہم نے یہ بات اپنے پچھلے دین میں نہیں سنی۔ یہ تو ایک بنائی ہوئی بات ہے۔ صٓ۔ آیت ۱۔۷) یہ حدیث حسن ہے۔

۱۱۶۱: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالَ يَحْيَى بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ

۱۱۶۱: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج رات (خواب میں) میرا رب میرے پاس اپنی بہترین صورت میں آیا (راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے خواب کا لفظ بھی فرمایا) اور پوچھا کہ محمد

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِى اللَّيْلَةَ رَبِّىْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِىْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ قَالَ فِى الْمَنَامِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هَلْ تَدْرِىْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَعَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ كَتِفَىَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَىَّ اَوْقَالَ فِىْ نَحْرِىْ فَعَلِمْتُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ قَالَ يَا مُحَمَّدُ هَلْ تَدْرِىْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ نَعَمْ فِى الْكَفَّارَاتِ وَالْكَفَّارَاتُ الْمُكْثُ فِى الْمَسْجِدِ بَعْدَالصَّلٰوٰتِ وَالْمَشْىُ عَلَى الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَاتِ وَاِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِى الْمَكَارِهِ وَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ عَاشَ بِخَيْرٍ وَمَاتَ بِخَيْرٍ وَكَانَ مِنْ خَطِيْئَةٍ كَيَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِذَا صَلَّيْتَ فَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاِذَا اَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِىْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ قَالَ وَالدَّرَجَاتُ اِفْشَاءُ السَّلَامِ وَاِطْعَامُ الطَّعَامِ وَالصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ وَقَدْ ذَكَرُوْا بَيْنَ اَبِىْ قِلَابَةَ وَبَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ رَجُلًا وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ خَالِدِبْنِ اللَّجْلَاجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

(ﷺ) کیا تم جانتے ہو کہ مقرب فرشتے کس بات پر جھگڑتے ہیں؟ میں نے عرض کیا ''نہیں'' پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے شانوں کے درمیان رکھا اور میں نے اسکی ٹھنڈک اپنی چھاتی یا فرمایا ہنسلی میں محسوس کی چنانچہ میں جان گیا کہ آسمان وزمین میں کیا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے پوچھا محمد ﷺ کیا تم جانتے ہو کہ مقرب فرشتے کس بات پر جھگڑتے ہیں۔ میں نے عرض کیا ''جی ہاں'' کفّاروں کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں اور کفارات یہ ہیں مسجد میں نماز کے بعد ٹھہرنا، جماعت کیلئے پیدل چلنا اور تکلیف میں بھی اچھی طرح وضو کرنا۔ جس نے یہ عمل کیے وہ خیر ہی کے ساتھ زندہ رہا اور خیر کے ساتھ مرا۔ نیز وہ گناہوں سے ایسے پاک ہوگا جیسے پیدائش کے وقت تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد (ﷺ) جب تم نماز پڑھ چکو تو یہ دعا پڑھا کرو ''اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ سے غَيْرَ مَفْتُوْنٍ تک (یعنی اے اللہ میں تجھ سے نیک کام کی توفیق مانگتا ہوں اور یہ کہ مجھے برے کام سے دور رکھ، مسکینوں کی محبت (میرے دل میں) پیدا فرما اور اگر تو اپنے بندوں کو کسی فتنے میں مبتلا کرے تو مجھے اس سے بچا کر اپنے پاس بلا لے) پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اور درجات یہ ہیں سلام کو رواج دینا، لوگوں کو کھانا کھلانا اور رات کو جب لوگ سو جائیں تو نمازیں پڑھنا۔ کچھ راوی ابو قلابہ اور ابن عباسؓ کے درمیان ایک شخص کا اضافہ کرتے ہیں۔ قتادہ، ابوقلابہ سے وہ خالد سے وہ ابن عباسؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۶۲: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِىْ اَبِىْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِىْ رَبِّىْ فِىْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ فَقُلْتُ لَبَّيْكَ رَبِّىْ وَسَعْدَيْكَ قَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ رَبِّ لَا اَدْرِىْ فَوَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ كَتِفَىَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَىَّ فَعَلِمْتُ مَا بَيْنَ

۱۱۶۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میرا رب میرے پاس نہایت اچھی صورت میں آیا اور فرمایا اے محمد (ﷺ) میں نے عرض کیا: یا رب حاضر ہوں اور تیری فرمانبرداری کیلئے مستعد ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مقربین فرشتے کس بات میں جھگڑتے ہیں میں نے عرض کیا کہ اے رب مجھے علم نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے شانوں کے درمیان رکھا جسکی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ فَقُلْتُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ قَالَ فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْاَعْلٰى قُلْتُ فِي الدَّرَجَاتِ وَالْكَفَّارَاتِ وَفِي نَقْلِ الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَاتِ وَاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ فِي الْمَكْرُوْهَاتِ وَانْتِظَارِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ وَمَنْ يُحَافِظْ عَلَيْهِنَّ عَاشَ بِخَيْرٍ وَمَاتَ بِخَيْرٍ وَكَانَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطُوْلِهِ وَقَالَ اِنِّي نَعَسْتُ فَاسْتَثْقَلْتُ نَوْمًا فَرَاَيْتُ رَبِّي فِي اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَقَالَ فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْاَعْلٰى.

محسوس کی اور مشرق و مغرب کے درمیان جو کچھ ہے سب کچھ جان لیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے پوچھا اے محمد (ﷺ) میں نے عرض کیا اے رب حاضر ہوں بار بار حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مقرب فرشتے کس چیز کے متعلق جھگڑتے ہیں؟ میں نے عرض کیا درجات اور کفارات میں مساجد کی طرف (باجماعت نماز کیلئے) پیدل چلنے میں، تکلیف کے باوجود اچھی طرح وضو کرنے میں اور ایک نماز کے بعد دوسری کا انتظار کرنے میں۔ جو ان چیزوں کی حفاظت کرے گا بھلائی کے ساتھ زندہ رہے گا اور خیر پر ہی اسکو موت آئے گی اور اپنے گناہوں سے اسطرح پاک رہے گا گویا کہ آج ہی اسکی ماں نے اسے جنا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ معاذ بن جبلؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند طویل حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں سو گیا اور گہری نیند میں ڈوب گیا تو میں نے اپنے رب کو بہترین صورت میں دیکھا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے پوچھا مقرب فرشتے کس بات میں جھگڑتے ہیں۔

سورۃ الصفت اور سورۃ ص: ان دونوں میں سورۃ مریم اور سورۃ انبیاء کے مانند انبیائے کرام کا ذکر ہے۔ اور یہ ذکر ان کی شخصی عظمتوں اور ان کے کردار کی رفعتوں کے اعتبار سے ہے۔ الصفت میں حضرت نوح کے بعد حضرت ابراہیم کی اس حجت کا ذکر ہے جو انہوں نے اپنی قوم پر ان کی بت پرستی کے خلاف قائم کی۔ حضرت ابراہیم کی زندگی کے آخری دور کا وہ واقعہ بھی اس سورۃ مبارکہ میں نقل ہوا جو ان کے امتحانات میں سب سے کڑا اور آخری امتحان تھا۔

سورۃ صٓ میں وہ مضمون دوبارہ آیا جو اس سے پہلے چودھویں پارہ میں سورہ حجر میں آ چکا ہے۔ یعنی حضرت آدم کی عظمت کی اصل بنیاد یہ ہے کہ ان کے خاکی جسد میں روح ربانی پھونکی گئی۔

سُوْرَةُ الزُّمَرِ

سورۂ زمر کی تفسیر

۱۱۶۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ قَالَ الزُّبَيْرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُكَرَّرُ عَلَيْنَا الْخُصُوْمَةُ بَعْدَ الَّذِي كَانَ بَيْنَنَا فِي الدُّنْيَا قَالَ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ الْاَمْرَ اِذَنْ لَشَدِيْدٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۶۳: حضرت عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب "اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ .....الآیۃ" (پھر بے شک تم قیامت کے دن اپنے رب کے ہاں آپس میں جھگڑو گے۔ الزمر۔ آیت ۳۱) نازل ہوئی تو میں نے پوچھا کہ کیا دنیا میں جھگڑنے کے بعد دوبارہ آخرت میں بھی ہم لوگ جھگڑیں گے؟ آپ نے فرمایا: "ہاں" زبیر کہنے لگے پھر تو یہ کام بہت مشکل ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۶۴: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالُوْا نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ شَهْرِبْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا وَلَا يُبَالِي هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ثَابِتٍ عَنْ شَهْرِبْنِ حَوْشَبٍ.

۱۱۶۴: حضرت اسماء بنت یزید فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے سنا ''یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ .....الآیہ'' (کہہ دو اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ بے شک اللہ سب کو بخش دے گا۔ بے شک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ الزمر۔ آیت ۵۳) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ثابت کی روایت سے جانتے ہیں وہ شہر بن حوشب سے روایت کرتے ہیں۔

۱۱۶۵: حَدَّثَنَابُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا سُفْيَانُ ثَنِي مَنْصُوْرٌ وَ سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ يَهُوْدِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْجِبَالَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْاَرَضِيْنَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْخَلَائِقَ عَلٰى اِصْبَعٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ قَالَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۶۵: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اے محمد ﷺ۔ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو ایک انگلی پر، زمینوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑوں کو ایک انگلی پر اٹھانے کے بعد کہتا ہے کہ میں بادشاہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں کہ اس بات پر نبی اکرم ﷺ ہنسے یہاں تک کہ آپؐ کے سامنے کے دانت ظاہر ہوگئے اور آپؐ نے فرمایا'' وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ '' (اور انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جیسا کہ اسکی قدر کرنے کا حق ہے۔ الزمر: آیت ۶۷) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۶۶: حَدَّثَنَابُنْدَارٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجُّبًا وَتَصْدِيْقًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۶۶: بندار بھی یہ حدیث یحییٰ سے وہ فضیل بن عیاض سے وہ منصور سے وہ ابراہیم سے وہ عبیدہ سے اور وہ عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کا ہنسنا تعجب اور تصدیق کی وجہ سے تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۶۷: حَدَّثَنَاعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ نَا اَبُوْ كُدَيْنَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ يَهُوْدِيٌّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا يَهُوْدِيُّ حَدِّثْنَا فَقَالَ كَيْفَ تَقُوْلُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اِذَاوَضَعَ اللّٰهُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى ذِهْ وَالْاَرَضِيْنَ عَلٰى ذِهْ وَالْمَاءَ عَلٰى ذِهْ وَالْجِبَالَ عَلٰى ذِهْ وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلٰى ذِهْ وَاَشَارَ

۱۱۶۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودی کے پاس سے گزرے تو اس سے کہا اے یہودی کوئی بات کرو۔ اس نے کہا: اے ابو قاسم آپ کیسے یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو اس (انگلی) پر، زمین کو اس پر، پانی کو اس پر، پہاڑوں کو اس پر اور ساری مخلوق کو اس (یعنی انگلی) پر رکھتا ہے اور محمد بن صلت ابوجعفر نے پہلے اپنی چھنگلیا سے بالترتیب اشارہ کیا یہاں تک کہ انگوٹھے

مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ اَبُوْ جَعْفَرٍ بِخِنْصَرِهِ اَوَّلاً ثُمَّ تَابَعَ حَتّٰى بَلَغَ الْاِبْهَامَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ كُدَيْنَةَ اسْمُهٗ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ وَرَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ شُجَاعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّلْتِ.

تک پہنچ گئے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ...الآیۃ'' یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابوکدینہ کا نام یحییٰ بن مہلب ہے۔ میں نے امام بخاریؒ کو یہ حدیث حسن بن شجاع سے محمد بن صلت کے حوالے سے نقل کرتے ہوئے سنا۔

۱۱۶۸: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَنْعَمُ وَقَدِ الْتَقَمَ صَاحِبُ الْقَرْنِ الْقَرْنَ وَحَنٰى جَبْهَتَهٗ وَاَصْغٰى سَمْعَهٗ يَنْتَظِرُ اَنْ يُّؤْمَرَ اَنْ يَّنْفُخَ فَيَنْفُخُ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ فَكَيْفَ نَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تَوَكَّلْنَا عَلَى اللّٰهِ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۱۶۸: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کس طرح آرام کروں جبکہ صور پھونکنے والے نے صور کو منہ لگالیا ہے۔ وہ اپنی پیشانی جھکائے اور کان لگائے انتظار کر رہا ہے کہ کب اسے پھونکنے کا حکم دیا جائے اور وہ پھونکے۔ مسلمانوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ: ہم کیا کہیں (اس وقت)۔ آپؐ نے فرمایا کہو ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تَوَكَّلْنَا عَلَى اللّٰهِ'' یعنی ہمیں اللہ کافی ہے وہ بہترین وکیل ہے۔ ہم اپنے رب اللہ پر ہی توکل کرتے ہیں کبھی آپؐ نے یہ بھی فرمایا: ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۱۶۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَسْلَمَ الْعِجْلِيِّ عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ اَعْرَابِيٌّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الصُّوْرُ قَالَ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ.

۱۱۶۹: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک اعرابی نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صور کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سلیمان تیمی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۱۷۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو نَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ فِيْ سُوْقِ الْمَدِيْنَةِ لَا وَ الَّذِي اصْطَفٰى مُوْسٰى عَلَى الْبَشَرِ قَالَ فَرَفَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَدَهٗ فَصَكَّ بِهَا وَجْهَهٗ قَالَ تَقُوْلُ هٰذَا وَفِيْنَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ

۱۱۷۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ مدینہ کے بازار میں ایک یہودی نے کہا: اس اللہ کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں میں پسند کرلیا۔ اس پر ایک انصاری نے ہاتھ اٹھایا اور اس کے منہ پر طمانچہ مار دیا اور کہا کہ تم نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں یہ بات کہتے ہو۔ (پھر وہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے) تو رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ...الآیۃ'' (اور صور پھو

شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ فَاَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ رَفَعَ رَاْسَهٗ فَاِذَا مُوْسٰى اٰخِذٌ بِقَائِمَةٍ قَبْلَ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ فَلَا اَدْرِيْ اَرَفَعَ رَاْسَهٗ قَبْلِيْ اَمْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى فَقَدْ كَذَبَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

نکا جائے گا تو بے ہوش ہو جائے گا جو کچھ آسمانوں اور جو کوئی زمین میں ہے مگر جسے اللہ چاہے گا۔ پھر وہ دوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو یکا یک وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے۔ الزمر۔ آیت ۶۸) اس موقع پر سب سے پہلے سر اٹھانے والا میں ہوں گا اور دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کا پایہ پکڑے ہوئے ہیں۔ مجھے علم نہیں کہ انہوں نے مجھ سے پہلے سر اٹھایا یا وہ ان میں سے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے مستثنیٰ کر دیا اور جس نے یہ کہا کہ میں یونس بن متی سے افضل ہوں وہ جھوٹ بولتا ہے[1]۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۷۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا الثَّوْرِيُّ نَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اَنَّ الْاَغَرَّ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُنَادِيْ مُنَادٍ اَنَّ لَكُمْ اَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوْتُوْا اَبَدًا وَاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَصِحُّوْا فَلَا تَسْقَمُوْا اَبَدًا وَاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَشِبُّوْا فَلَا تَهْرَمُوْا اَبَدًا وَاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَنْعَمُوْا فَلَا تَبْاَسُوْا اَبَدًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرَوَى ابْنُ الْمُبَارَكِ وَغَيْرُهٗ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

۱۱۷۱: حضرت ابوسعیدؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ (جنت میں) ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہ تمہارے لیے زندگی ہے تم کبھی نہیں مرو گے، تمہارے لیے تندرستی ہے تم کبھی بیمار نہیں ہوگے اور تمہارے لیے نعمتیں ہیں تم کبھی تکلیف نہ پاؤ گے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اس قول کا یہی مطلب ہے" وَتِلْكَ الْجَنَّةُ ....الآیہ (اور یہی وہ جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کے بدلے وارث ہوئے۔) ابن مبارک وغیرہ یہ حدیث ثوری سے روایت کرتے ہوئے مرفوع نہیں کرتے۔

۱۱۷۲: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عَمْرَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَتَدْرِيْ مَا سَعَةُ جَهَنَّمَ قُلْتُ لَا قَالَ اَجَلْ وَاللّٰهِ مَاتَدْرِيْ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ قَالَتْ قُلْتُ فَاَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۱۷۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجاہد سے پوچھا کہ جانتے ہو جہنم کتنی وسیع ہے؟ مجاہد کہتے ہیں کہ میں نے کہا: "نہیں" حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کی قسم تم نہیں جانتے مجھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے "وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا ...... الآیہ۔ کے بارے میں پوچھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دن لوگ کہاں ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کے پل پر ہوں گے۔ اس حدیث میں ایک قصہ ہے اور یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

---

[1]: اس سے دو چیزیں مراد ہو سکتی ہیں۔ ا۔ یہ کہ وہ نبی اکرم ﷺ کو حضرت یونس علیہ السلام سے افضل جانے۔ تو یہ صحیح نہیں اسلئے کہ نبوت میں سب انبیاء برابر ہیں۔ ۲۔ یہ کہ وہ اپنے آپ کو حضرت یونس علیہ السلام سے افضل جانے اور کسی شخص کا کسی نبی سے افضل ہونا محال ہے۔ (واللہ اعلم۔ مترجم)

سورۃ الزمر: قرآن مجید کی نہایت عظیم سورتوں میں شمار کیے جانے کے قابل ہے اور یہ بڑی جامع تمہید ہے ان سات سورتوں کے لئے جو اس کے بعد آئی ہیں۔ اس سورۂ مبارکہ کا مرکزی مضمون خدائے واحد کی اطاعت اور اطاعت کامل ایسی اطاعت کہ جس میں کسی طرح کا کوئی کھوٹ شامل نہ ہو۔ یہی وہ توحید عملی ہے جس کی دعوت کے لئے تمام انبیاء کرام تشریف لاتے رہے۔ (۲) انبیاء کرام اور صدیقین عظام کی شخصیتوں کا یہ پہلو بیان ہوا ہے کہ سچ، راستی اور صداقت ان کی سیرتوں کے اہم ترین اجزاء کی حیثیت رکھتے ہیں۔ (۳) شرک کی شدید مذمت کہ اگر نبی بھی اس کا ارتکاب کرے تو اس کے سارے اعمال حبط ہو جائیں۔ (۴) قیامت کا نقشہ کہ جن لوگوں نے کفر کی روشنی اختیار کی وہ گروہ در گروہ جہنم میں ہانکے جائیں گے۔ اور جو لوگ تقویٰ اختیار کریں گے وہ جنت میں جائیں گے جہاں دراوغہ جنت ان کا عہد اور مبارک باد کے ساتھ ان کا استقبال کرے گا۔

سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنْ

سورۂ مؤمن کی تفسیر

۱۱۷۳: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالْاَعْمَشُ عَنْ ذَرٍّ عَنْ يُسَيْعٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ قَالَ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۷۳: حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دعا ہی تو عبادت ہے پھر یہ آیت پڑھی "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ" .....الآیہ" (اور تمہارے رب نے فرمایا ہے مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ بے شک جو لوگ میری عبادت سے سرکشی کرتے ہیں عنقریب وہ ذلیل ہوکر دوزخ میں داخل ہوں گے۔ المؤمن: ۶۰) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ مومن یا سورۃ غافر: سلسلہ حوامیم کی پہلی سورۃ جو ہر اعتبار سے جامع اور اہم ترین سورۃ ہے۔ اس کا نام سورۃ الغافر بھی ہے اس لئے کہ اس کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کی شان کہ وہ گناہ بخشنے والا، توبہ قبول کرنے والا، سخت عذاب دینے والا اور بڑی قدرت والا ہے۔ اس کی سزا اور پکڑ سے بچ جانا کسی طرح ممکن نہیں۔ اس سورۂ مبارکہ میں ایک اور عجیب حقیقت بیان ہوئی ہے کہ اہل جہنم فریاد کریں گے اے رب ہمارے تو نے ہمیں دو مرتبہ جلایا اور دو مرتبہ مارا اب یہاں سے بھی نکلنے کا کوئی راستہ ہے یا نہیں۔ معلوم ہوا کہ انسان کی زندگیاں دو ہیں ایک وہ مختصر سی زندگی ارواح کی تخلیق کے بعد جس کے دوران کا اہم واقعہ عہد الست ہے جو سورۃ الاعراف میں بیان ہوا۔ دوسری اس دنیا کی عارضی زندگی ہے۔ اس سورۂ مبارکہ میں آلِ فرعون میں سے ایک ایسے صاحب کے حالات اور ان کی تقریر خاص طور پر ذکر فرمائی جو حضرت موسیٰؑ پر ایمان لے آئے تھے لیکن اپنے ایمان کو چھپائے رکھا۔ جب فرعون نے اہلِ دربار سے یہ کہا کہ اب کسی کو مزید مہلت نہ دی جائے۔ اس وقت وہ صاحب ایمان موقع کی نزاکت کے اعتبار سے بھرے دربار میں کھڑے ہوئے اور انہوں نے تقریر کی اس کی عظمت کا اندازہ اس سے لگائیے کہ قرآن میں جن انسانوں کے اقوال، وصیتیں یا نصیحتیں نقل ہوتی ہیں اور جس قدر تفصیل سے مومن آل فرعون کی تقریر قرآن مجید میں نقل ہوئی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زندہ و جاوید بنا دی گئی اتنی تفصیل کے ساتھ کسی اور کا قول نقل نہیں ہوا۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ

۱۱۷۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِی مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اخْتَصَمَ عِنْدَ الْبَيْتِ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِیٌّ اَوْثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِیٌّ قَلِيْلٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ كَثِيْرٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَتَرَوْنَ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ فَقَالَ الْاٰخَرُ يَسْمَعُ اِنْ جَهَرْنَا وَلَا يَسْمَعُ اِنْ اَخْفَيْنَا وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنْ كَانَ يَسْمَعُ اِذَا جَهَرْنَا فَهُوَ يَسْمَعُ اِذَا اَخْفَيْنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا اَبْصَارُكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حٰمٓ السجدہ کی تفسیر

۱۱۷۴: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ بیت اللہ کے پاس تین آدمیوں میں جھگڑا ہوگیا ۔ دوقریشی اور ایک ثقفی یا دوثقفی اور ایک قریشی تھا۔ قریشی موٹے اور کم سمجھ تھے ۔ ان (تینوں) میں سے ایک نے کہا: تم لوگوں کا کیا خیال ہے کہ جو باتیں ہم کر رہے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سنتا ہے؟ دوسرا کہنے لگا اگر زور سے بولیں تو سنتا ہے اور اگر آہستہ بولیں تو نہیں سنتا۔ تیسرے نے کہا: اگر زور سے سنتا ہے تو آہستہ بھی سنتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ ...الآیہ'' (اور تم اپنے کانوں اور آنکھوں اور چمڑوں کی اپنے اوپر گواہی دینے سے پردہ نہ کرتے تھے ۔ لیکن تم نے یہ گمان کیا تھا، جو کچھ تم کرتے ہو اس میں سے بہت سی چیزوں کو اللہ نہیں جانتا۔ حٰمٓ السجدہ آیت۔ ۲۲) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۷۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ كُنْتُ مُسْتَتِرًا بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَجَاءَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ كَثِيْرٌ شُحُوْمُ بُطُوْنِهِمْ قَلِيْلٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ قُرَشِیٌّ وَخَتَنَاهُ ثَقَفِيَّانِ اَوْثَقَفِیٌّ وَخَتَنَاهُ قُرَشِيَّانِ فَتَكَلَّمُوْا بِكَلَامٍ لَمْ اَفْهَمْهُ فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَتَرَوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ كَلَامَنَا هٰذَا فَقَالَ الْاٰخَرُ اِنَّا اِذَا رَفَعْنَا اَصْوَاتَنَا سَمِعَهُ وَاِذَا لَمْ نَرْفَعْ اَصْوَاتَنَا لَمْ يَسْمَعْهُ فَقَالَ الْاٰخَرُ اِنْ سَمِعَ مِنْهُ شَيْئًا سَمِعَهُ كُلَّهُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاَصْبَحْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ نَحْوَهُ.

۱۱۷۵: حضرت عبدالرحمٰن بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا کہ میں کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا تھا کہ تین آدمی آئے جن کے پیٹ زیادہ چربی والے اور دل کم سمجھ والے تھے ۔ ایک قریشی اور دو اسکے داماد ثقفی تھے یا ایک ثقفی اور دو اس کے داماد قریشی تھے ۔ ان لوگوں نے آپس میں کچھ بات کی جسے میں سمجھ نہیں سکا۔ پھر ایک کہنے لگا کیا خیال ہے کیا اللہ تعالیٰ ہماری یہ بات سن رہا ہے؟ دوسرا کہنے لگا اگر ہم اپنی آواز بلند کریں تو سنتا ہے اور اگر پست کریں تو نہیں سنتا۔ تیسرا کہنے لگا کہ اگر وہ تھوڑا سن سکتا ہے تو پورا سنتا ہے۔ حضرت عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیان کیا تو یہ آیت نازل ہوئی ''وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ .... خٰسِرِيْنَ'' تک۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو محمود بن غیلان نے وکیع سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے عمارہ بن عمیر سے انہوں نے وہب بن ربیعہ سے اور انہوں نے عبداللہ سے اسی مانند نقل کیا ہے۔

۱۱۷۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ ثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ نَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِیْ حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ نَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا قَالَ قَدْ قَالَ النَّاسُ ثُمَّ كَفَرَ اَكْثَرُهُمْ فَمَنْ مَاتَ عَلَيْهَا فَهُوَ مِمَّنِ اسْتَقَامَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ يَقُوْلُ رَوٰى عَفَّانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَلِيٍّ حَدِيْثًا.

۱۱۷۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا .....الآیہ'' (بے شک جنہوں نے کہا تھا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے، ان پر فرشتے اتریں گے کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم۔ حٰمٓ السجدہ۔ آیت ۳۰) اور فرمایا کہ بہت سے لوگوں نے یہ بات کہی اور پھر منکر ہو گئے چنانچہ جو شخص اس پر مرا وہ قائم رہا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی روایت سے جانتے ہیں۔ ابوزرعہ کہتے ہیں کہ عفان نے عمرو بن علی سے صرف ایک حدیث روایت کی ہے۔

سورہ حمٓ السجدہ: اس سورۃ میں ایک چونکا دینے والی بات بیان ہوئی کہ قیامت کے دن جب انسانوں کا محاسبہ ہوگا تو ان کے لئے اپنے اعضاء و جوارح ہی ان کے خلاف گواہی دیں گے۔ (۲) کفار کی مشاورت کہ اس قرآن کو مت سنو اور جب نبی کریم ﷺ تمہیں قرآن سنائیں تو شور و شغب کر دیا کرو اس میں تمہاری فلاح ہے۔ اسی میں غالب آنے کی کوئی شکل پیدا ہو سکتی ہے۔ (۳) صاحبِ استقامت لوگوں کا بیان کہ اللہ ہمارا رب ہے پھر اس پر جمے رہے ان پر فرشتوں کا نزول ہوتا ہے کہ تم مت ڈرو اور نہ غم کھاؤ اور خوشخبری سنو اس جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ (۴) داعی کی صفات کہ جس بات کی دعوت دے اس پر خود بھی عمل پیرا ہو۔

سُوْرَةُ الشُّوْرٰى

سورۂ شوریٰ کی تفسیر

۱۱۷۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ طَاؤُسًا قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ قُلْ لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ قُرْبٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَعَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ اِلَّا كَانَ لَهُ فِيْهِمْ قَرَابَةٌ فَقَالَ اِلَّا اَنْ تَصِلُوْا مَا بَيْنِیْ وَبَيْنَكُمْ مِنَ الْقَرَابَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۱۱۷۷: طاؤس کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ سے سوال کیا گیا کہ ''قُلْ لَا اَسْئَلُكُمْ .....الآیہ'' (کہہ دو میں تم سے اس پر کوئی اجرت نہیں مانگتا بجز رشتہ داری کی محبت کے۔ الشوریٰ۔ آیت ۲۳) سعید بن جبیرؒ نے فرمایا اہل قرابت سے مراد آل محمد (ﷺ) ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرمانے لگے کہ کیا تم نہیں جانتے کہ عرب کا کوئی گھرانہ ایسا نہ تھا جس میں رسول اللہ ﷺ کی قرابت نہ ہو۔ چنانچہ اس سے مراد یہ ہے کہ میں تم لوگوں سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا۔ ہاں البتہ تم لوگ اس قرابت کی وجہ سے جو میرے اور تمہارے درمیان ہے (آپس میں) حسن سلوک کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے ابن عباسؓ سے منقول ہے۔

۱۱۷۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ نَا

۱۱۷۸: قبیلہ بنومرہ کے ایک شخص بیان کرتے ہیں کہ میں کوفہ گیا تو

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَازِعِ قَالَ ثَنِی شَيْخٌ مِنْ بَنِی مُرَّةَ قَالَ قَدِمْتُ الْكُوْفَةَ فَاُخْبِرْتُ عَنْ بِلَالِ بْنِ اَبِی بُرْدَةَ فَقُلْتُ اِنَّ فِيْهِ لَمُعْتَبَرًا فَاَتَيْتُهٗ وَهُوَ مَحْبُوْسٌ فِیْ دَارِهِ الَّتِیْ قَدْ كَانَ بَنٰی قَالَ وَاِذَا كُلُّ شَیْءٍ مِنْهُ قَدْ تَغَيَّرَ مِنَ الْعَذَابِ وَالضَّرْبِ وَاِذَا هُوَ فِیْ قُشَاشٍ فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ يَا بِلَالُ لَقَدْ رَاَيْتُكَ وَاَنْتَ تَمُرُّبِنَا وَتُمْسِكُ بِاَنْفِكَ مِنْ غَيْرِ غُبَارٍ وَاَنْتَ فِیْ حَالِكَ هٰذِهِ الْيَوْمَ فَقَالَ مِمَّنْ اَنْتَ فَقُلْتُ مِنْ بَنِی مُرَّةَ بْنِ عُبَادٍ فَقَالَ اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا عَسَی اللّٰهُ اَنْ يَنْفَعَكَ بِهٖ فَقُلْتُ هَاتِ قَالَ ثَنِی اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُصِيْبُ عَبْدًا نَكْبَةٌ فَمَا فَوْقَهَا اَوْدُوْنَهَا اِلَّا بِذَنْبٍ وَمَا يَعْفُوا اللّٰهُ عَنْهُ اَكْثَرُ قَالَ وَقَرَاَ وَمَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْ عَنْ كَثِيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

مجھے بلال بن ابو بردہ کے حال کے متعلق بتایا گیا میں نے کہا کہ اس میں عبرت ہے میں ان کے پاس گیا وہ اپنے اسی گھر میں قید تھے جو انہوں نے بنوایا تھا۔ اذیتیں پہنچانے اور مار پیٹ کی وجہ سے انکی شکل وصورت بدل گئی تھی اور ان کے بدن پر ایک پرانا چیتھڑا (کپڑا) تھا۔ میں نے کہا "الحمد للہ" اے بلال میں نے تمہیں دیکھا کہ تم ہمارے پاس سے گزرتے ہوئے غبار نہ ہوتے ہوئے بھی ناک پکڑ کر گزرا کرتے تھے اور آج اس حال میں ہو۔ کہنے لگے تم کون ہو؟ میں نے کہا: ابن عباد ہوں اور بنو مرہ سے تعلق رکھتا ہوں۔ بلال نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک حدیث نہ سناؤں شاید اللہ تعالیٰ اس سے تمہیں نفع پہنچائیں۔ میں نے کہا سنایئے۔ انہوں نے فرمایا: ابو بردہ اپنے والد ابو موسیٰؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی کو کوئی تکلیف یا چوٹ اسکے گناہوں کی وجہ سے ہی پہنچتی ہے خواہ کم ہو یا زیادہ۔ اور جو (گناہ) اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتے ہیں وہ اس سے زیادہ ہوتے ہیں۔ پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی "وَمَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيْبَةٍ .....الآیہ" (اور تم پر جو مصیبت آتی ہے تو وہ تمہارے ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے آتی ہے اور وہ بہت سے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ الشوریٰ آیت ۳۰) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسکو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

سورۂ شوریٰ: اس سورۃ میں اولاً اس بات کی حقیقت بیان ہوئی کہ نبی اکرم ﷺ جو دین دنیا میں لے کر آئے ہیں وہ کوئی نیا نویلا دین نہیں بلکہ یہ وہی دین ہے جو حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ موسیٰؑ عیسیٰؑ کو دیا گیا۔ جو بھی اس دین کو قبول کرے یا جو بھی اس کے ماننے اور اس کے حامل ہونے کے دعویدار ہوں ان کا فرض ہے کہ وہ اس دین کو قائم کریں اور اس میں تفرقے نہ پیدا کریں۔ یہ دین کل کا کل ایک وحدت ہے اس میں تفریق نہیں کی جا سکتی اور سب سے بڑا فتنہ جس میں امت مبتلا ہو سکتی ہے وہ یہی تفرقہ کا فتنہ ہے۔ اس کے بعد وضاحت فرمائی کہ رسولوں کی امتوں میں اضمحلال اور زوال عمل کیوں پیدا ہوتا ہے۔ (۲) مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کے بارے میں ایک اہم ہدایت کہ وہ اپنے معاملات باہمی مشاورت سے چلائیں۔

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ

سورۂ زخرف کی تفسیر

۱۱۷۹ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِیُّ وَيَعْلٰی بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِیْ

۱۱۷۹: حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی قوم ہدایت پانے کے بعد اس وقت تک گمراہ نہیں ہوتی

غَالِبٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًی کَانُوْا عَلَیْهِ اِلَّا اُوْتُوا الْجَدَلَ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ مَا ضَرَبُوْهُ لَکَ اِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ حَجَّاجِ بْنِ دِیْنَارٍ وَحَجَّاجُ بْنُ دِیْنَارٍ ثِقَةٌ مُقَارِبُ الْحَدِیْثِ وَاَبُوْ غَالِبٍ اسْمُهٗ حَزَوَّرٌ.

جب تک اس میں جھگڑا نہیں شروع ہو جاتا پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "مَا ضَرَبُوْهُ لَکَ اِلَّا جَدَلًا ....الآیہ (اور کہا کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ، یہ ذکر صرف آپؐ سے جھگڑنے کے لیے کرتے ہیں بلکہ وہ تو جھگڑالو ہی ہیں۔ الزخرف۔ آیت ۸۵) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حجاج بن دینار کی روایت سے جانتے ہیں اور حجاج ثقہ اور مقارب الحدیث ہیں۔ نیز ابوغالب کا نام حزور ہے۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ

۱۱۸۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْجُدِّیُّ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ وَمَنْصُوْرٍ سَمِعَا اَبَا الضُّحٰی یُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّ قَاصًّا یَقُصُّ یَقُوْلُ اِنَّهٗ یَخْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ الدُّخَانُ فَیَاْخُذُ بِمَسَامِعِ الْکُفَّارِ وَیَاْخُذُ الْمُؤْمِنَ کَهَیْئَةِ الزُّکَامِ قَالَ فَغَضِبَ وَکَانَ مُتَّکِئًا فَجَلَسَ ثُمَّ قَالَ اِذَا سُئِلَ اَحَدُکُمْ عَمَّا یَعْلَمُ فَلْیَقُلْ بِهٖ قَالَ مَنْصُوْرٌ فَلْیُخْبِرْ بِهٖ وَاِذَا سُئِلَ عَمَّا لَا یَعْلَمُ فَلْیَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ مِنْ عِلْمِ الرَّجُلِ اِذَا سُئِلَ عَمَّا لَا یَعْلَمُ اَنْ یَّقُوْلَ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِیِّهٖ قُلْ مَا اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُتَکَلِّفِیْنَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاٰی قُرَیْشًا اِسْتَعْصَوْا عَلَیْهِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلَیْهِمْ بِسَبْعٍ کَسَبْعِ یُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ فَاَحْصَتْ کُلَّ شَیْءٍ حَتّٰی اَکَلُوا الْجُلُوْدَ وَالْمَیْتَةَ وَقَالَ اَحَدُهُمَا الْعِظَامَ قَالَ وَجَعَلَ یَخْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ کَهَیْئَةِ الدُّخَانِ قَالَ فَاَتَاهُ اَبُوْ سُفْیَانَ فَقَالَ اِنَّ قَوْمَکَ قَدْ هَلَکُوْا فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ قَالَ فَهٰذَا لِقَوْلِهٖ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ یَغْشَی النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ قَالَ مَنْصُوْرٌ هٰذَا لِقَوْلِهٖ رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ فَهَلْ یُکْشَفُ عَذَابُ

سورۂ دخان کی تفسیر

۱۱۸۰: مسروق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عبداللہؓ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ ایک واعظ بیان کر رہا تھا کہ قیامت کے قریب زمین میں سے ایسا دھواں نکلے گا کہ اس سے کافروں کے کان بند ہو جائیں گے اور مؤمنوں کو زکام سا ہو جائے گا۔ مسروق کہتے ہیں کہ اس پر عبداللہؓ غصے ہو گئے اور اٹھ کر بیٹھ گئے (پہلے تکیہ لگائے بیٹھے تھے) اور فرمایا: اگر کسی سے ایسی بات پوچھی جائے جس کا اس کے پاس علم ہو تو بیان کرے یا فرمایا بتا دے اور اگر نہ جانتا ہو تو کہہ دے کہ اللہ جانتا ہے۔ یہ بھی انسان کا علم ہے کہ جو چیز نہیں جانتا اسکے بارے میں کہے کہ "اللہ اعلم" اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا کہ کہہ دیجئے میں تم لوگوں سے اجرت نہیں مانگتا اور میں اپنے پاس سے بات بنانے والا نہیں ہوں۔ اس دھوئیں کی حقیقت یہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے دیکھا کہ قریش نافرمانی پر تل چکے ہیں تو دعا کی کہ یا اللہ ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانے کی طرح سات سال کا قحط نازل فرما۔ چنانچہ قحط آیا اور سب چیزیں ختم ہو گئیں۔ یہاں تک کہ لوگ کھالیں اور مردار کھانے لگے۔ اعمش یا منصور کہتے ہیں کہ ہڈیاں بھی کھانے لگے۔ حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ پھر زمین سے ایک دھواں نکلنے لگا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ابو سفیان نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعا کی درخواست کی کہ آپ کی قوم ہلاک ہو گئی ہے۔ "یَوْمَ تَاْتِی

الْاٰخِرَۃِ قَالَ مَضَی الْبَطْشَۃُ وَاللِّزَامُ وَ الدُّخَانُ وَقَالَ اَحَدُھُمَا الْقَمَرُ وَقَالَ الْاٰخِرُ الرُّوْمُ قَالَ اَبُوْ عِیْسَی اللِّزَامُ یَوْمَ بَدْرٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُبِیْنٍ .....الآیہ" (سو اس دن کا انتظار کیجئے کہ آسمان دھواں ظاہر لائے۔ جو لوگوں کو ڈھانپ لے ۔ یہی دردناک عذاب ہے۔ الدخان آیت: ۱۰۔۱۱) منصور کہتے ہیں یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وہ لوگ دعا کریں گے "رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ......" یہ (اے ہمارے رب ہم سے یہ عذاب دور کردے، بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں۔ (الدخان آیت ۱۲) کیونکہ قیامت کا عذاب تو دور نہیں کیا جائے گا۔ (یعنی یہ آیت بھی عبداللہؓ کے قول کی تائید کرتی ہے) عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ بطشہ لزام اور دخان کے عذاب گزر چکے ہیں۔ اعمش یا منصور کہتے ہیں کہ چاند کا پھٹنا بھی گزر گیا۔ اور پھر ان دونوں میں سے ایک یہ بھی کہتے ہیں کہ روم کا غالب ہونا بھی گزر گیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ لزام سے مراد جنگ بدر کے موقع پر جو لوگ قتل ہوئے ہیں، وہ ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۸۱: حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا وَکِیْعٌ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُبَیْدَۃَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَلَہٗ بَابَانِ بَابٌ یَصْعَدُ مِنْہُ عَمَلُہٗ وَبَابٌ یَنْزِلُ مِنْہُ رِزْقُہٗ فَاِذَا مَاتَ بَکَیَا عَلَیْہِ فَذٰلِکَ قَوْلُہٗ فَمَا بَکَتْ عَلَیْھِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا کَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ وَمُوْسَی بْنُ عُبَیْدَۃَ وَیَزِیْدُ بْنُ اَبَانَ الرَّقَاشِیُّ یُضَعَّفَانِ فِی الْحَدِیْثِ.

۱۱۸۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر مؤمن کے لیے آسمان میں دو دروازے ہیں ایک سے اس کے نیک عمل اوپر چڑھتے ہیں اور دوسرے سے اس کا رزق اترتا ہے۔ جب وہ مر جاتا ہے تو دونوں اسکی موت پر روتے ہیں۔ چنانچہ کفار کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "فَمَا بَکَتْ عَلَیْھِمُ السَّمَآءُ الآیہ" (نہ آسمان رویا، نہ زمین اور نہ انکو مہلت دی گئی اور ہم نے بنی اسرائیل کو اس ذلت کے عذاب سے نجات دی۔ الدخان ۔ آیت ۲۹) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے مرفوعًا جانتے ہیں۔ اور موسیٰ بن عبیدہ اور یزید بن ابان رقاشی حدیث میں ضعیف ہیں۔

خلاصہ سورۃ زخرف اور الدخان: اس سورۃ میں حضرت عیسیٰ کا اجمالی ذکر ہے اور کفار کا ایک عجیب قول بھی سورۃ الزخرف میں نقل ہوا ہے کہ اگر قرآن نازل کرنا ہی تھا تو یہ جو دو بڑے بڑے شہر ہیں مکہ اور طائف ان میں بڑے بڑے سردار اور صاحب ثروت لوگ موجود ہیں اللہ اگر نازل کرتا تو ان میں نازل کرتا۔ یہ بنی ہاشم کا ایک یتیم اللہ کو کیسے پسند آ گیا۔ جوابًا اللہ کا ارشاد کہ کیا یہ آپ کے رب کی رحمت کو تقسیم کرنے کے ٹھیکیدار بن گئے ہیں؟ اللہ خوب جانتا ہے کہ نبوت اور رسالت کے لئے جو اوصاف مطلوب ہیں وہ کس میں موجود ہیں۔ الدخان کا آغاز ہوا اس لیلہ مبارکہ کے ذکر سے جس میں قرآن مجید کا نزول ہوا۔ یہ وہی شب ہے جو آخری پارے میں لیلۃ القدر کے نام سے موسوم ہے۔ جو ماہِ مبارک کے آخری عشرہ میں ہے۔

سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ

سورۂ احقاف کی تفسیر

۱۱۸۲: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیْدِ الْکِنْدِیُّ نَا اَبُوْ مُحَیَّاۃَ

۱۱۸۲: حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے بھتیجے بیان کرتے ہیں کہ

عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ اَخِی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا اُرِیْدَ عُثْمَانُ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فَقَالَ لَهٗ عُثْمَانُ مَا جَاءَ بِکَ قَالَ جِئْتُ فِیْ نُصْرَتِکَ قَالَ اخْرُجْ اِلَی النَّاسِ فَاطْرُدْهُمْ عَنِّیْ فَاِنَّکَ خَارِجٌ خَیْرٌ لِّیْ مِنْکَ دَاخِلٌ قَالَ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اِلَی النَّاسِ فَقَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ کَانَ اسْمِیْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فُلَانٌ فَسَمَّانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ وَنَزَلَتْ فِیَّ اٰیَاتٌ مِّنْ کِتَابِ اللّٰهِ نَزَلَتْ فِیَّ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَکْبَرْتُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ وَنَزَلَتْ فِیَّ قُلْ کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْکِتَابِ اِنَّ لِلّٰهِ سَیْفًا مَغْمُوْدًا عَنْکُمْ وَاِنَّ الْمَلَائِکَةَ قَدْ جَاوَرَتْکُمْ فِیْ بَلَدِکُمْ هٰذَا الَّذِیْ نَزَلَ فِیْهِ نَبِیُّکُمْ فَاللّٰهَ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ اَنْ تَقْتُلُوْهُ فَوَاللّٰهِ اِنْ قَتَلْتُمُوْهُ لَتَطْرُدُنَّ جِیْرَانَکُمُ الْمَلٰئِکَةَ وَلَتَسُلُّنَّ سَیْفَ اللّٰهِ الْمَغْمُوْدَ عَنْکُمْ فَلَا یُغْمَدُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ قَالَ فَقَالُوا اقْتُلُوا الْیَهُوْدِیَّ وَاقْتُلُوْا عُثْمَانَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعَیْبُ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ.

جب لوگوں نے حضرت عثمانؓ کے قتل کا ارادہ کیا تو عبداللہ بن سلامؓ حضرت عثمانؓ کے پاس گئے ۔انہوں نے پوچھا کہ آپ کیوں آئے ہیں؟ عبداللہ کہنے لگے آپ کی مدد کے لیے ۔ حضرت عثمانؓ نے حکم دیا کہ آپ جائیں اور لوگوں کو مجھ سے دور رکھیں کیونکہ آپ کا باہر رہنا میرے لیے اندر رہنے سے زیادہ فائدہ مند ہے۔عبداللہ بن سلام باہر نکلے اور لوگوں سے کہنے لگے کہ لوگو زمانہ جاہلیت میں میرا یہ نام تھا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے میرا نام عبداللہ رکھا اور میرے بارے میں کئی آیات نازل ہوئیں چنانچہ ''وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ ..... ''(اور بنی اسرائیل کا ایک گواہ ایک ایسی کتاب پر گواہی دے کر ایمان بھی لے آیا اور تم اکڑے ہی رہے ۔ بے شک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا ۔ الاحقاف ۔آیت ۱۰۔)اور'' کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ .... الآیہ'' یہ دونوں آیتیں میرے بارے میں ہی نازل ہوئیں ۔ (اور جان لو) کہ تم سے اللہ کی ایک تلوار چھپی ہوئی ہے اور فرشتے تمہارے اس شہر میں جس میں تمہارے نبی رہے پڑوسی ہیں۔لہٰذا تم لوگ اس شخص (عثمانؓ) کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ اللہ کی قسم اگر تم لوگوں نے اسے قتل کر دیا تو فرشتے تمہارا پڑوس چھوڑ دیں گے، اور تم لوگوں پر اللہ کی وہ تلوار نکل آئے گی جو چھپی ہوئی تھی اور پھر اسکے بعد قیامت تک میان میں نہیں ڈالی جائے گی۔ راوی کہتے ہیں کہ اس پر لوگ کہنے لگے کہ اس یہودی (یعنی عبداللہ بن سلامؓ) اور عثمان دونوں کو قتل کر دو۔ یہ حدیث غریب ہے۔اس حدیث کو شعیب بن صفوان، عبدالملک بن عمیر سے وہ ابن محمد بن عبداللہ بن سلام سے اور وہ اپنے دادا عبداللہ بن سلام سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۸۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَةَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَی مَخِیْلَةً اَقْبَلَ وَ اَدْبَرَ فَاِذَا مَطَرَتْ سُرِّیَ عَنْهُ قَالَتْ فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ وَمَا اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ کَمَا قَالَ اللّٰهُ

۱۱۸۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب بادل دیکھتے تو اندر آتے اور باہر جاتے پھر جب بارش ہونے لگتی تو خوش ہو جاتے ۔فرماتی ہیں میں نے آپؐ سے اس کا سبب دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا معلوم نہیں شائید یہ اسی طرح ہو جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔'' فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

تَعَالٰی فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

مُسْتَقْبِلَ .....الآیہ'' (پھر جب انہوں نے دیکھا کہ وہ ایک ابر ہے جو ہم پر برسے گا۔ (نہیں) بلکہ یہ وہی ہے جسے تم جلدی چاہتے تھے یعنی آندھی جس میں دردناک عذاب ہے۔الاحقاف آیت: ۲۴) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۸۴: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَجْرٍنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ هَلْ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ مِنْكُمْ اَحَدٌ قَالَ مَا صَحِبَهُ مِنَّا اَحَدٌ وَلٰكِنْ قَدْ اِفْتَقَدْ نَاهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَهُوَ بِمَكَّةَ فَقُلْنَا اُغْتِيْلَ اُسْتُطِيْرَمَا فُعِلَ بِهٖ فَبِتْنَا بِشَرِّلَيْلَةٍ بَاتَ بِهَا قَوْمٌ حَتّٰى اِذَا اَصْبَحْنَا اَوْ كَانَ فِي وَجْهِ الصُّبْحِ اِذَا نَحْنُ بِهٖ يَجِيْئُ مِنْ قِبَلِ حَرَا قَالَ فَذَكَرُوْا لَهُ الَّذِي كَانُوْا فِيْهِ قَالَ فَقَالَ اَتَانِي دَاعِي الْجِنِّ فَاَتَيْتُهُمْ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِمْ قَالَ فَانْطَلَقَ فَاَرَانَا اٰثَارَهُمْ وَاٰثَارَ نِيْرَانِهِمْ قَالَ الشَّعْبِيُّ وَسَأَلُوْهُ الزَّادَ وَكَانُوْا مِنْ جِنِّ الْجَزِيْرَةِ فَقَالَ كُلُّ عَظْمٍ لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِيْ اَيْدِيْكُمْ اَوْفَرَ مَا كَانَ لَحْمًا وَكُلُّ بَعْرَةٍ اَوْرَوْثَةٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا تَسْتَنْجُوا بِهِمَا فَاِنَّهُمَا زَادُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ:

۱۱۸۴: حضرت علقمہؒ سے روایت ہے کہ میں نے ابن مسعودؓ سے پوچھا کہ جس رات جن آئے تھے کیا آپ لوگوں میں سے کوئی نبی اکرمؐ کے ساتھ تھا؟ انہوں نے کہا ''نہیں''، لیکن ایک مرتبہ مکہ میں نبی اکرمؐ گم ہو گئے۔ ہم لوگ سمجھے کہ شاید کسی نے آپ کو پکڑ لیا ہے یا کوئی اغوا کر کے لے گیا ہے۔ وہ رات بہت بری گزری جب صبح ہوئی تو نبیؐ صبح ہی صبح غار حراء کی طرف سے آ رہے تھے چنانچہ لوگوں نے نبیؐ سے اپنی گھبراہٹ بیان کی تو آپؐ نے فرمایا: میرے پاس ایک جن مجھے بلانے کیلئے آیا تھا۔ میں وہاں چلا گیا اور انکو قرآن پڑھ کر سنایا۔ پھر آپ ہمیں لے گئے اور انکے اور انکی آگ کے نشانات دکھائے پھر جنوں نے نبی اکرمؐ سے توشہ مانگا وہ کسی جزیرے کے رہنے والے تھے۔ آپؐ نے فرمایا: ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام نہیں لیا جائیگا تمہارے لیے ہوگی اور خوب گوشت لگا ہوا ہوگا اور ہر اونٹ کی مینگنیاں اور گوبر تمہارے جانوروں کا چارہ ہے۔ پھر رسول اللہؐ نے ہمیں ہڈی اور گوبر سے استنجا کرنے سے منع کیا اور فرمایا کہ تمہارے بھائی جنوں کی خوراک ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ الاحقاف : جو سلسلہ حوامیم کی آخری سورۃ ہے۔ جس طرح شوریٰ میں ذکر ہوا کہ اسلام کوئی نیا نویلا دین نہیں ہے بلکہ یہ وہی دین ہے جو نوحؑ، ابراہیمؑ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ لے کر آئے اسی طرح سورۃ الاحقاف میں فرمایا کہ اے نبی فرما دیجئے میں کوئی نیا اور انوکھا رسول نہیں ہوں بلکہ انبیاء ورسل کے سلسلے کی آخری کڑی ہوں اور یقیناً اکمل اور مکمل کڑی ہوں جو آدم سے چلا آ رہا ہے۔

سورۃ الاحقاف میں انسان کی شعوری زندگی کے آغاز کے وقت دو مختلف نقطہ ہائے نظر کا ذکر ہوا۔ چالیس برس کی عمر میں قرآن مجید کی دو رُو سے انسان کے شعور کی پختگی اور عقلی بلوغ کی عمر ہے۔ ایک تو وہ ہیں جو رب کے احسانات کا شکر ادا کرتے ہیں اور اپنے والدین کے احسانات کا۔ اس کے برعکس دوسری روش یہ ہے کہ مسلمان والدین اپنی اولاد کو دین کی طرف دعوت دیتے ہیں تو جواباً کہتے ہیں تمہیں کیا ہو گیا ہے کیسی احمقانہ باتیں کرتے ہو۔ کیا تم مجھے بتا رہے ہو کہ جب میں مر جاؤں اور مٹی میں مل جاؤں گا تو پھر دوبارہ اٹھایا جائے گا۔ معلوم ہوا یہ دو مختلف راستے ہیں جو لوگ بلوغ میں پہنچنے کے بعد اختیار کرتے ہیں۔

اس سورۃ میں ہود علیہ السلام کا ذکر بھی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کا ایک واقعہ کہ جنوں کی جماعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتی اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن سنا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائی۔

سُوْرَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۱۸۵. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَ سْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ:

۱۱۸۶. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يَوْمًا وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْا اَمْثَالَكُمْ قَالُوْا وَمَنْ يُسْتَبْدَلُ بِنَا قَالَ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْكِبِ سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وَقَوْمُهُ هٰذَا وَقَوْمُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ اَيْضًا هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ:

۱۱۸۷. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ ذَكَرَ اللّٰهُ اِنْ تَوَلَّيْنَا اسْتُبْدِلُوْا بِنَا ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْا اَمْثَالَنَا قَالَ وَكَانَ سَلْمَانُ بِجَنْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخِذَ سَلْمَانَ وَقَالَ هٰذَا وَاَصْحَابُهُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ مَنُوْطًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَا وَلَهُ رِجَالٌ مِنْ فَارِسَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ نَجِيْحٍ هُوَ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَقَدْ رَوٰى

سورہ محمد (ﷺ) کی تفسیر

۱۱۸۵: حضرت ابوہریرہؓ "وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ ...الآیۃ" (اور اپنے اور مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہ کی معافی مانگیے۔ سورہ محمد (ﷺ)۔ آیت ۱۹) کے متعلق نبی اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ میں دن میں ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے یہ بھی منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ سے دن میں سو مرتبہ مغفرت مانگتا ہوں۔ محمد بن عمرو بھی یہ حدیث ابوسلمہؓ سے اور وہ ابوہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۱۸۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی "وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا ......الآیۃ" (اور اگر تم نہ مانو گے تو وہ اور قوم سوائے تمہارے بدل دے گا پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے۔ سورہ محمد (ﷺ)۔ آیت ۳۸) صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہماری جگہ کون لوگ آئیں گے۔ آپؐ نے سلمانؓ کے شانے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا، یہ اور اسکی قوم یہ اور اسکی قوم۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسکی سند میں کلام ہے۔ عبداللہ بن جعفر بھی یہ حدیث علاء بن عبدالرحمٰن سے روایت کرتے ہیں۔

۱۱۸۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ بعض صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر ہم لوگ روگردانی کریں گے تو وہ ہماری جگہ دوسرے لوگوں کو لے آئے گا۔ وہ کون لوگ جو ہماری طرح نہیں ہوں گے؟ راوی کہتے ہیں کہ سلمانؓ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ نے سلمانؓ کی ران پر ہاتھ مار کر فرمایا یہ اور اسکے ساتھی اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر ایمان ثریا (بلند ستارہ) میں بھی لٹکا ہوتا تو اہل فارس میں سے چند لوگ اسے لے آتے۔ عبداللہ بن جعفر بن نجیح، علی بن مدینی کے والد ہیں، علی بن حجر، عبداللہ بن جعفر

عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ الْكَثِيْرَ وَثَنَا عَلِيٌّ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ نَجِيْحٍ:

سے بہت کچھ روایت کرتے ہیں۔ پھر علی یہی حدیث اسمٰعیل بن جعفر سے اور وہ عبداللہ بن جعفر بن نجیح سے نقل کرتے ہیں۔

سورۃ محمد :اس کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اے مسلمانو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا۔ یہ مدد کا معاملہ یکطرف نہیں چل سکتا۔ اس کے دین کو غالب کرنے کے لئے جان و مال کھپاؤ گے تو اللہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدموں کو جما دے گا۔ اس سورۂ مبارکہ کے اختتام پر تنبیہی انداز میں یہ فرمایا کہ اگر تم نے اعراض کیا تو اللہ تمہیں بھی راندہ درگاہ کر کے کسی اور قوم کو اپنی امانت دے دے گا اور اپنے دین کا جھنڈا اس کے ہاتھ میں تھما دے گا۔

سُوْرَةُ الْفَتْحِ

سورۂ فتح کی تفسیر

۱۱۸۸. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ ابْنُ عَثْمَةَ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَكَلَّمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَكَتَ ثُمَّ كَلَّمْتُهٗ فَسَكَتَ فَحَرَّكْتُ رَاحِلَتِيْ فَتَنَحَّيْتُ فَقُلْتُ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ لَا يُكَلِّمُكَ مَا اَخْلَقَكَ بِاَنْ يَنْزِلَ فِيْكَ قُرْاٰنٌ قَالَ فَمَا نَشِبْتُ اَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ بِيْ قَالَ فَجِئْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ لَقَدْ نَزَلَ عَلَيَّ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ مَا اُحِبُّ اَنَّ لِيْ بِهَا مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ:

۱۱۸۸: حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے کچھ کہا۔ آپؐ چپ رہے۔ میں نے دوبارہ عرض کیا تو اس مرتبہ بھی آپؐ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ تیسری مرتبہ بھی ایسا ہی ہوا تو میں نے اپنے اونٹ کو چلایا اور ایک کنارے ہو گیا پھر (حضرت عمرؓ اپنے آپ سے) کہنے لگے اے ابن خطاب تیری ماں تجھ پر روئے تو نے نبی اکرم (ﷺ) کو تین مرتبہ سوال کر کے تنگ کیا اور کسی مرتبہ بھی آپؐ نے جواب نہیں دیا۔ تو اسی لائق ہے کہ تیرے بارے میں قرآن نازل ہو۔ (حضرت عمرؓ) فرماتے ہیں کہ میں ابھی ٹھہرا بھی نہیں تھا کہ کسی پکارنے والے کی آواز سنی جو مجھے بلا رہا تھا۔ چنانچہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا تو آپؐ نے فرمایا: اے ابن خطاب آج رات مجھ پر ایک سورت نازل ہوئی جو میرے نزدیک ان سب چیزوں سے پیاری ہے جن پر سورج نکلتا ہے اور وہ یہ ہے "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا" (بے شک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح دی۔ الفتح۔ آیت ۔۱) یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۱۸۹. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اُنْزِلَتْ عَلَى النَّبِيِّ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ مَرْجِعَهٗ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ

۱۱۸۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی "لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ الآيَة" (تاکہ اللہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دے۔ الفتح۔ آیت ۲) تو آپ حدیبیہ سے واپس آ رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا: مجھ پر ایسی آیت

نَزَلَتْ عَلَيَّ اٰيَةٌ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا عَلَى الْاَرْضِ ثُمَّ قَرَأَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا هَنِيْئًا مَرِيْئًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ بَيَّنَ لَكَ اللّٰهُ مَاذَا يُفْعَلُ بِكَ فَمَا ذَا يُفْعَلُ بِنَا فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ حَتّٰى بَلَغَ فَوْزًا عَظِيْمًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ.

نازل ہوئی ہے کہ مجھے زمین پر موجود ہر چیز سے زیادہ محبوب ہے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی تو صحابہ کرام علیہم نے عرض کیا یہ خوشگوار بات مبارک ہو یا رسول اللہ ﷺ: اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے بارے میں تو بتا دیا لیکن معلوم نہیں کہ ہمارے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ حَتّٰى بَلَغَ فَوْزًا عَظِيْمًا'' تک (تاکہ ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بہشتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، ان میں ہمیشہ رہیں گے اور ان پر سے ان کے گناہ دور کر دے گا اور اللہ کے ہاں یہ بڑی کامیابی ہے۔ الفتح۔ آیت۔۵) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں مجمع بن جاریہ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۹۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ ثَمَانِيْنَ هَبَطُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيْمِ عِنْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَهُمْ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَقْتُلُوْهُ فَاُخِذُوْا اَخْذًا فَاَعْتَقَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ اَلْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۹۰: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ تنعیم کے پہاڑ سے نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی طرف اسی (۸۰) کافر نکلے۔ صبح کی نماز کا وقت تھا وہ لوگ چاہتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ کو قتل کر دیں لیکن سب کے سب پکڑے گئے اور نبی اکرم ﷺ نے انہیں آزاد کر دیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''وَهُوَ الَّذِي كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ .....الآیہ'' (یعنی وہ ایسا ہے کہ اس نے ان کے تم سے اور تمہارے ان سے ہاتھ روک دیئے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۱۹۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ قَزَعَةَ الْبَصْرِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيْبٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ ثُوَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزَعَةَ وَسَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۱۹۱: حضرت ابی ابن کعبؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ ''وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى .....الآیہ'' (اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور وہ اس کے لائق اور قابل بھی تھے۔ الفتح آیت:۲۶) كَلِمَةَ التَّقْوٰى سے مراد ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حسن بن قزع کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) کہ میں نے ابوزرعہ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بھی اس حدیث کو اسی سند سے مرفوع جانا۔

سورۃ الفتح: یہ سورۃ مبارکہ بیعت رضوان اور صلح حدیبیہ کے گرد گھومتی ہے۔ اس کا آغاز صلح حدیبیہ سے ہوتا ہے۔ اس صلح کی شکل میں جو اگرچہ بظاہر دب کر کی جا رہی ہے۔ آپ کو ایک عظیم فتح حاصل ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کے بعد اسلام کو دورِ عروج حاصل ہوا اور نبی کریم ﷺ کو اندرون عرب اور بیرون عرب بھی اسلام کی دعوت پر اپنی توجہات مرتکز کرنے کا موقع ملا۔ جس کے

نہایت دور رس نتائج نکلے۔ صلح حدیبیہ سے قبل بیعت رضوان ہوئی تھی۔ حضرت عثمانؓ کے بارے میں یہ خبر اڑ جانے کے بعد کہ وہ شہید کر دیئے گئے ہیں جو حضور ﷺ نے ان کے انتقام کے لئے بیعت لی۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان صحابہ سے اپنی رضا کا اظہار کیا۔

سورۃ کے آخر میں اللہ تعالیٰ نبی اکرم کی بعثت کا مقصد بتاتے ہیں کہ ہم نے اپنے نبی کو مبعوث ہی اس لئے کیا ہے کہ دین کو غالب کرے کیونکہ یہ دین مغلوب رہنے کے لئے نہیں غالب ہونے کے لئے آیا ہے۔

سُوْرَةُ الْحُجُرَاتِ

۱۱۹۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَبْنِ جَمِيْلِ الْجُمَحِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَعْمِلْهُ عَلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ عُمَرُ لَا تَسْتَعْمِلْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَكَلَّمَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ مَا اَرَدْتَ اِلَّا خِلَافِيْ فَقَالَ مَا اَرَدْتُ خِلَافَكَ قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ قَالَ وَكَانَ عُمَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ اِذَا تَكَلَّمَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُسْمَعْ كَلَامُهُ حَتّٰى يَسْتَفْهِمَهُ قَالَ وَمَا ذَكَرَ ابْنُ الزُّبَيْرِ جَدَّهُ يَعْنِيْ اَبَا بَكْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ.

سورۂ حجرات کی تفسیر

۱۱۹۲: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ فرماتے ہیں کہ اقرع بن حابس، نبی اکرم ﷺ میں حاضر ہوئے تو حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ: انہیں ان کی قوم پر عامل مقرر کر دیجئے اور حضرت عمرؓ نے کہا انہیں عامل نہ بنائیے۔ چنانچہ دونوں میں تکرار ہوگئی یہاں تک کہ انکی آوازیں بلند ہوگئیں۔ حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ سے کہنے لگے کہ تمہارا مقصد صرف مجھ سے اختلاف کرنا ہے۔ انہوں نے فرمایا میرا مقصد آپکی مخالفت نہیں۔ راوی فرماتے ہیں کہ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا .....الآیۃ" (اے ایمان والو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کیا کرو اور نہ بلند آواز سے رسول اللہ ﷺ سے بات کیا کرو جیسا کہ تم ایک دوسرے سے کیا کرتے ہو۔ الحجرات آیت۔۲) راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت عمرؓ کا یہ حال تھا کہ نبی اکرم ﷺ سے کوئی بات کرتے تو انکی آواز اس وقت سنائی نہ دیتی جب تک سمجھا کر بات نہ کرتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیرؓ نے اپنے دادا ابوبکرؓ کا اس حدیث میں ذکر نہیں کیا۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔ بعض راوی اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے مرسلاً نقل کرتے ہوئے عبداللہ بن زبیر کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۱۹۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ ابْنُ حُرَيْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ حَمْدِيْ زَيْنٌ وَاِنَّ ذَمِّيْ شَيْنٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ اللّٰهُ

۱۱۹۳: حضرت براء بن عازبؓ اللہ تعالیٰ کے اس قول "اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ .....الآیۃ" (بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں اکثر ان میں سے عقل نہیں رکھتے۔ الحجرات۔ آیت۴۔) کا سبب نزول بیان فرماتے ہیں۔ کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ ﷺ: میری تعریف، عزت اور میری مذمت، ذلت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

عَزَّوَجَلَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

یہ شان تو اللہ رب العزت کی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۱۹۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ زَيْدٍ صَاحِبُ الْهَرَوِيِّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ جُبَيْرَةَ ابْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَكُوْنُ لَهُ الْاِسْمَانِ وَالثَّلَاثَةُ فَيُدْعٰى بِبَعْضِهَا فَعَسٰى اَنْ يَكْرَهَ قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ اَبِيْ جُبَيْرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ نَحْوَهٗ وَاَبُوْ جَبِيْرَةَ بْنُ الضَّحَّاكِ هُوَ اَخُوْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْاَنْصَارِيِّ.

۱۱۹۴: حضرت ابوجبیرہ بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ہر شخص کے دو دو تین تین نام ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ بعض ناموں سے پکارا جانا وہ اچھا نہیں سمجھتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ'' (اور نہ ایک دوسرے کے نام دھرو۔ الحجرات آیت: ۱۱) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو ابوسلمہ، بشیر بن مفضل سے وہ داؤد بن ابی ہند سے وہ ابوشعبی سے وہ ابوجبیرہ بن ضحاک سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ ابوجبیرہ، ثابت بن ضحاک انصاری کے بھائی ہیں۔

۱۱۹۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ قَالَ قَرَأَ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ وَاعْلَمُوْا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ قَالَ هٰذَا نَبِيُّكُمْ يُوْحٰى اِلَيْهِ وَخِيَارُ اَئِمَّتِكُمْ لَوْ اَطَاعَهُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُوْا فَكَيْفَ بِكُمُ الْيَوْمَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ سَاَلْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ فَقَالَ ثِقَةٌ.

۱۱۹۵: حضرت ابونضرہؒ سے روایت ہے کہ ابوسعید خدریؓ نے یہ آیت پڑھی ''وَاعْلَمُوْا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ......الآیۃ'' (اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول موجود ہے، اگر وہ بہت سی باتوں میں تمہارا کہا مانے تو تم پر مشکل پڑ جائے۔ الحجرات۔ آیت۔ ۷) اور فرمایا کہ یہ آیت تمہارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اس وقت نازل کی گئی جبکہ تمہارے ائمہ اور اس کے بہترین لوگ صحابہ کرامؓ کے ساتھ تھے کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہت سی چیزوں میں تمہاری اطاعت کرنے لگیں تو تم لوگ مشکل میں پڑ جاؤ گے تو آج تم لوگوں کا کیا حال ہوگا۔ یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے۔ علی بن مدینی کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے مستمر بن دیان کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ وہ ثقہ ہیں۔

۱۱۹۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَتَعَاظُمَهَا بِاٰبَائِهَا فَالنَّاسُ رَجُلَانِ رَجُلٌ بَرٌّ تَقِيٌّ كَرِيْمٌ عَلَى اللّٰهِ وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ هَيِّنٌ عَلَى اللّٰهِ وَالنَّاسُ بَنُوْ اٰدَمَ وَخَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ مِنَ التُّرَابِ قَالَ اللّٰهُ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا

۱۱۹۶: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: اے لوگو اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں سے زمانہ جاہلیت کا فخر اور اپنے آباؤ اجداد کی وجہ سے تکبر کرنا دور کر دیا ہے۔ اب لوگ دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو اللہ کے نزدیک متقی اور کریم ہے۔ دوسرا وہ جو اللہ کے نزدیک بدکار، بدبخت اور ذلیل ہے۔ تمام لوگ آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا۔ اللہ تعالیٰ

خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثٰى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ يُضَعَّفُ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَغَيْرُهُ وَهُوَ وَالِدُعَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ.

فرماتے ہیں کہ " يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ ..... الآیہ" (اے لوگو ہم نے تمہیں ایک ہی مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہارے خاندان اور قومیں جو بنائی ہیں تا کہ تمہیں آپس میں پہچان ہو۔ بے شک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیز گار ہے۔ بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا اخبردار ہے۔ الحجرات۔ آیت ۱۳۔) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو عبداللہ بن دینار کی ابن عمرؓ سے روایت کے متعلق صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ عبداللہ بن جعفر کو یحیٰی بن معین وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ یہ علی بن مدینی کے والد ہیں اور اس باب میں حضرت ابو ہریرۃؓ اور عبداللہ بن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۹۷: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْبَغْدَادِيُّ الْاَعْرَجُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سَلَامِ بْنِ اَبِي مُطِيْعٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَسَبُ الْمَالُ وَالْكَرَمُ التَّقْوٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَمُرَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سَلَامِ بْنِ اَبِي مُطِيْعٍ.

۱۱۹۷: حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حسب مال ہے اور عزت تقویٰ ہے۔ یعنی حسب مال سے ہے اور عزت تقویٰ سے ہے۔ یہ حدیث سمرہ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سلام بن ابی مطیع کی روایت سے جانتے ہیں۔

سورۃ حجرات: اس سورۂ مبارکہ میں مسلمانوں کی اجتماعی اور عملی زندگی کے اصول بیان ہوئے پہلا اصول اللہ کی اطاعت کلی اور اس کا تقویٰ (۲) احترام نبی اکرم۔ (۳) مسلمانوں کی باہمی محبت اور الفت اور ان کے مابین شفقت و محبت اور رحمت کا رشتہ۔ اس سورت میں ان تمام رذائل سے روکا گیا جن سے معاشرہ تقسیم ہوتا اور مسلمانوں کے دلی تعلقات میں رخنہ پیدا ہو۔ اسلامی معاشرے میں عزت و شرافت کا معیار تقویٰ ہے۔ کامیاب لوگوں کی صفت کا بیان کہ وہ ایمان لائے اور پھر شک نہیں کرتے اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں۔

سُوْرَةُ قٓ

سورۂ قٓ کی تفسیر

۱۱۹۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزَالُ جَهَنَّمُ تَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ حَتّٰى يَضَعَ فِيْهَا رَبُّ الْعِزَّةِ قَدَمَهُ فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ وَعِزَّتِكَ وَيُزْوٰى بَعْضُهَا اِلٰى بَعْضٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۱۹۸: حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جہنم کہے گی کیا کچھ اور بھی ہے اور اس وقت تک اس طرح (هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ) کہتی رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ اس میں اپنا قدم نہیں رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس میں قدم رکھیں گے وہ کہے گی: تیری عزت کی قسم ہرگز نہیں اور پھر ایک دوسرے میں گھس جائے گی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

سورہ ق: سورہ ق سے درحقیقت قرآن حکیم کی سات حسین وجمیل سورتوں کا آغاز ہوتا ہے جن کی آیات بہت چھوٹی مگر بڑی روانی لئے ہوئے ہیں اور شوکتِ الفاظ کی بندش کا حسن بھی اپنے عروج پر پہنچا ہوا ہے۔ اس سورۃ کا اختتام ہوا اس حکم پر کہ اے نبی لوگوں کو تلقین، تذکیر یاد دہانی کرائیے اس قرآن کے ذریعے جس میں ذرا بھی خوف خدا ہے وہ اس سے فائدہ اٹھائے گا۔

سُوْرَةُ الذّٰرِيَاتِ

۱۱۹۹: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَّامٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ رَبِيْعَةَ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ عِنْدَهٗ وَافِدَ عَادٍ فَقُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ وَافِدِ عَادٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا وَافِدُ عَادٍ قَالَ فَقُلْتُ عَلَى الْخَبِيْرِ سَقَطْتَّ اِنَّ عَادًا لَمَّا اُقْحِطَتْ بَعَثَتْ قَيْلًا فَنَزَلَ عَلٰى بَكْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ فَسَقَاهُ الْخَمْرَ وَغَنَّتْهُ الْجَرَادَتَانِ ثُمَّ خَرَجَ يُرِيْدُ جِبَالَ مَهْرَةَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَمْ اٰتِكَ لِمَرِيْضٍ فَاُدَاوِيَهٗ وَلَا لِاَسِيْرٍ فَاُفَادِيَهٗ فَاسْقِ عَبْدَكَ مَا كُنْتَ مُسْقِيَهٗ وَاسْقِ مَعَهٗ بَكْرَ بْنَ مُعَاوِيَةَ يَشْكُرُ لَهُ الْخَمْرَ الَّذِیْ سَقَاهُ فَرُفِعَ لَهٗ سَحَابَاتٌ فَقِيْلَ لَهُ اخْتَرْ اِحْدَاهُنَّ فَاخْتَارَ السَّوْدَاءَ مِنْهُنَّ فَقِيْلَ لَهٗ خُذْهَا رَمَادًا رِمْدِدًا لَا تَذَرُ مِنْ عَادٍ اَحَدًا وَذَكَرَ اَنَّهٗ لَمْ يُرْسَلْ عَلَيْهِمْ مِنَ الرِّيْحِ اِلَّا قَدْرُ هٰذِهِ الْحَلْقَةِ يَعْنِیْ حَلْقَةَ الْخَاتَمِ ثُمَّ قَرَأَ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ مَاتَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ الْاٰيَةُ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَلَّامٍ اَبِی الْمُنْذِرِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ وَيُقَالُ الْحَارِثُ ابْنُ يَزِيْدَ.

سورۂ ذاریات کی تفسیر

۱۱۹۹: حضرت ابووائل قبیلہ ربیعہ کے ایک شخص سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں مدینہ آیا تو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں قوم عاد کے قاصد کا ذکر آیا تو میں نے کہا کہ میں اس سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں بھی اسکی طرح ہوجاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا کہ قوم عاد کا قاصد کیسا تھا۔ میں نے عرض کیا کہ اچھے واقف کار سے آپ کا واسطہ پڑا ہے۔ اسکی حقیقت یہ ہے کہ جب قوم عاد پر قحط پڑا تو قیل (ایک آدمی کا نام) کو بھیجا گیا وہ بکر بن معاویہ کے پاس ٹھہرا۔ اس نے اسے شراب پلائی اور دو خوش آواز گانے والیوں نے اسے گانا سنایا پھر وہ مہرہ کے پہاڑوں کا ارادہ کر کے نکلا اور چل دیا۔ پھر دعا کی کہ یا اللہ میں کسی بیماری کے علاج یا کسی قیدی کو چھڑانے کیلئے نہیں آیا کہ میں فدیہ دوں۔ لہٰذا تو اپنے بندے کو جو پلانا ہو پلا۔ ساتھ ہی ساتھ بکر بن معاویہ کو بھی پلا۔ اسطرح وہ بکر بن معاویہ کے شراب پلانے کا شکریہ ادا کرتا تھا۔ پھر اس کے لیے کئی بدلیاں آئیں جن میں سے اس نے کالی بدلی پسند کی پھر کہا گیا کہ جلی ہوئی راکھ لے لو جو قوم عاد کے کسی فرد کو نہ چھوڑے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قوم عاد پر صرف اس انگوٹھی کے حلقے کے برابر ہوا چھوڑی گئی۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی "اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ .....الْاٰيَة" (اور قوم عاد میں بھی (عبرت ہے) جب ہم نے ان پر سخت آندھی بھیجی جو کسی چیز کو نہ چھوڑتی جس پر سے وہ گزرتی مگر اسے بوسیدہ ہڈیوں کی طرح کر دیتی۔ (الذاریات آیت: ۴۱، ۴۲) یہ حدیث کئی راوی سلام ابو منذر سے وہ عاصم بن ابوالنجود سے وہ ابووائل سے اور وہ حارث بن حسان سے نقل کرتے ہیں۔ انہیں حارث بن یزید بھی کہا جاتا ہے۔

۱۲۰۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ نَا سَلَّامٌ

۱۲۰۰: حضرت حارث بن یزید بکری کہتے ہیں کہ میں مدینہ آیا

بْنُ سُلَيْمَانَ النَّحْوِيُّ اَبُو الْمُنْذِرِ نَا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النُّجُوْدِ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيْدَ الْبَكْرِيِّ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ غَاصٌّ بِالنَّاسِ وَاِذَا رَايَاتٌ سُوْدٌ تَخْفِقُ وَاِذَا بِلَالٌ مُتَقَلِّدَ السَّيْفَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ قُلْتُ مَا شَانُ النَّاسِ قَالُوْا يُرِيْدُ اَنْ يَبْعَثَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ وَجْهًا فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ نَحْوًا مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ بِمَعْنَاهُ وَيُقَالُ لَهُ الْحَارِثُ بْنُ حَسَّانَ.

اور مسجد میں گیا وہ لوگوں سے بھری ہوئی تھی اور کالے جھنڈے لہرا رہے تھے اور بلال تلوار لٹکائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے تھے۔ میں نے پوچھا: لوگ کیوں اکٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمرو بن عاص کو کسی علاقے میں بھیجنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ پھر سفیان بن عیینہ کی حدیث کے ہم معنی طویل حدیث نقل کرتے ہیں۔ حارث بن یزید کو حارث بن حسان بھی کہتے ہیں۔

سورۃ الذّٰریات :اس سورۃ کا افتتاح ہوتا ہے: "قسم ہے ہواؤں کی جو گرد اڑاتی ہے، پھر بادلوں کا بوجھ اٹھاتی ہیں، پھر آہستہ آہستہ چلتی ہے، پھر تقسیم کرتی ہے حکم سے بے شک جو وعدہ کیا ہے تم سے وہ سچ ہے بے شک انصاف کرنا ضروری ہے"۔ لوگوں کو یہ تلقین کی جا رہی ہے کہ وہ قیامت کو محض کوئی خالی دھونس نہ خیال کریں یہ ہونے والی ہے یہ ایک شدنی امر ہے۔ یہ اٹل واقعہ ہے جو ہو کر رہے گا اور لوگوں کو اپنے اعمال سے دوچار ہونا پڑے گا۔ دوسری اہم بات یہ کہ انسانوں اور جنوں کی تخلیق عبادت کے لئے کی گئی ہے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ

سورۂ طور کی تفسیر

١٢٠١: حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَاِدْبَارَ السُّجُوْدِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَرِشْدِيْنَ ابْنَيْ كُرَيْبٍ اَيُّهُمَا اَوْثَقُ فَقَالَ مَا اَقْرَبَهُمَا وَ مُحَمَّدٌ عِنْدِيْ اَرْجَحُ وَسَاَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هٰذَا فَقَالَ مَا اَقْرَبَهُمَا وَ رِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْبٍ اَرْجَحُهُمَا عِنْدِيْ.

١٢٠١: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ ستاروں کے بعد (یعنی فجر سے پہلے) دو سنتیں اور سجود (مغرب) کے بعد بھی دو رکعت سنتیں ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن فضل کی روایت سے اسی سند سے مرفوع جانتے ہیں۔ محمد بن فضل، رشدین بن کریب سے نقل کرتے ہیں۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ سے پوچھا کہ محمد اور رشدین بن کریب میں سے کون زیادہ ثقہ ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ دونوں ہی ایک جیسے ہیں لیکن محمد میرے نزدیک زیادہ راجح ہیں پھر میں نے (یعنی امام ترمذیؒ نے) عبد اللہ بن عبدالرحمٰن سے بھی یہی سوال کیا تو انہوں نے بھی فرمایا کہ دونوں ایک جیسے ہیں لیکن رشدین میرے نزدیک زیادہ راجح ہیں۔

سورۃ طور :اس سورۃ میں ایک بہت اہم آیت وارد ہوئی ہے منکرین خدا کے لئے ایک بات مثبت۔ کیا یہ لوگ بغیر خالق کے پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود اپنے خالق ہیں۔ ذرا لوگ یہ تو سوچیں کہ یہ بغیر کسی کے پیدا ہو گئے ہیں یا انہوں نے خود اپنے آپ کو پیدا کر لیا ہے؟ ظاہر بات ہے ان دونوں چیزوں میں سے کوئی بھی ممکن نہیں۔ نہ عقل تسلیم کرتی ہے اور نہ کوئی بقائمی ہوش و حواس اس بات کا مدعی ہو سکتا ہے کہ وہ خود اپنا خالق ہے۔ تیسری بات یہ کہ اللہ ہی ہم سب کا خالق ہے۔

سُوْرَةُ النَّجْمِ

سورۂ نجم کی تفسیر

۱۲۰۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ مُرَّةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰى قَالَ انْتَهٰى اِلَيْهَا مَا يَعْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ وَمَا يَنْزِلُ مِنْ فَوْقٍ فَاَعْطَاهُ اللّٰهُ عِنْدَهَا ثَلاَثًا لَمْ يُعْطِهِنَّ نَبِيًّا كَانَ قَبْلَهُ فُرِضَتْ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ خَمْسًا وَ اُعْطِيَ خَوَاتِيْمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَغُفِرَ لِاُمَّتِهِ الْمُقْحِمَاتُ مَالَمْ يُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى قَالَ السِّدْرَةُ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ قَالَ سُفْيَانُ فِرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ وَاَشَارَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ فَاَرْعَدَهَا وَقَالَ غَيْرُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَيْهَا يَنْتَهِيْ عِلْمُ الْخَلْقِ لاَ عِلْمَ لَهُمْ بِمَا فَوْقَ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۰۲: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے (یعنی شب معراج میں) اور منتہیٰ سے مراد وہ چیز ہے جس کی طرف زمین سے چڑھا اور اس سے زمین کی طرف اترا جائے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو تین ایسی چیزیں عطا کیں جو کسی اور نبی کو نہیں دیں۔ آپ پر پانچ نمازیں فرض کی گئیں، سورہ بقرہ کی آخری آیات عطا کی گئیں اور آپ ﷺ کی امت کے سارے کبیرہ گناہ معاف کر دیئے گے بشرطیکہ وہ لوگ اللہ کے ساتھ شرک نہ کریں۔ پھر عبداللہ بن مسعودؓ نے یہ آیت پڑھی اذ یغشی السدرۃ ما یغشی......" (جب کہ اس سدرۃ پر چھار ہا تھا جو چھار ہا تھا۔ النجم آیت ۱۶۔) اور فرمایا کہ سدرہ چھٹے آسمان پر ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ وہ لپٹنے والی چیز سونے کے پروانے تھے اور پھر ہاتھ ہلا کر بتایا کہ اس طرح اڑ رہے تھے۔ مالک بن غلول کے علاوہ دوسرے علماء کا کہنا ہے کہ وہ مخلوق کے علم کی انتہا ہے اسکے بعد کوئی کسی چیز کے متعلق نہیں جانتا۔

۱۲۰۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ نَا الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَاَلْتُ زِرَّبْنَ حُبَيْشٍ عَنْ قَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَقَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى جِبْرَئِيْلَ وَلَهٗ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۲۰۳: شیبانی سے روایت ہے کہ میں نے زر بن حبیشؓ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول "فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ... الآیہ" (پھر فاصلہ کمان کے برابر تھا اس سے بھی کم۔ النجم۔ آیت۔۹) کی تفسیر پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ ابن مسعودؓ نے مجھے بتایا کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا اور ان کے چھ سو پر تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۲۰۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَقِيَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَعْبًا بِعَرَفَةَ فَسَاَلَهٗ عَنْ شَيْءٍ فَكَبَّرَ حَتّٰى جَاوَبَتْهُ الْجِبَالُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّا بَنُوْهَاشِمٍ فَقَالَ كَعْبٌ اِنَّ اللّٰهَ قَسَمَ رُؤْيَتَهٗ وَكَلاَمَهٗ بَيْنَ مُحَمَّدٍ وَ مُوْسٰى فَكَلَّمَ مُوْسٰى مَرَّتَيْنِ وَرَاٰهُ مُحَمَّدٌ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ مَسْرُوْقٌ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ

۱۲۰۴: شعبی سے روایت ہے کہ ابن عباسؓ کی عرفات میں کعبؓ سے ملاقات ہوگئی تو انہوں نے (یعنی عباسؓ نے) کعبؓ سے کوئی بات پوچھی تو وہ تکبیر کہنے لگے یہاں تک کہ انکی آواز پہاڑوں میں گونجنے لگی۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ہم بنو ہاشم ہیں۔ کعبؓ فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام اور دیدار کو محمد (ﷺ) اور موسیٰ علیہ السلام پر تقسیم کیا۔ چنانچہ موسیٰ

فَقُلْتُ هَلْ رَاٰى مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ فَقَالَتْ لَقَدْ تَكَلَّمْتَ بِشَيْءٍ قَفَّ لَهٗ شَعْرِيْ قُلْتُ رُوَيْدًا ثُمَّ قَرَاْتُ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى فَقَالَتْ اَيْنَ يُذْهَبُ بِكَ اِنَّمَا هُوَ جِبْرَئِيْلُ مَنْ اَخْبَرَكَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَاٰى رَبَّهٗ اَوْ كَتَمَ شَيْئًا مِمَّا اُمِرَ بِهٖ اَوْ يَعْلَمُ الْخَمْسَ الَّتِيْ قَالَ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ فَقَدْ اَعْظَمَ الْفِرْيَةَ وَلٰكِنَّهٗ رَاٰى جِبْرَئِيْلَ لَمْ يَرَهٗ فِيْ صُوْرَةٍ اِلَّا مَرَّتَيْنِ مَرَّةً عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى وَمَرَّةً فِيْ جِيَادٍ لَهٗ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ قَدْ سَدَّ الْاُفُقَ وَقَدْ رَوٰى دَاوٗدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَحَدِيْثُ دَاوٗدَ اَقْصَرُ مِنْ حَدِيْثِ مُجَالِدٍ.

علیہ السلام سے اللہ نے دومرتبہ کلام کیا اور محمد ﷺ نے اللہ کا دومرتبہ دیدار کیا۔ مسروق کہتے ہیں کہ میں ام المومنین حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ کیا نبی اکرم ﷺ نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ تم نے ایسی بات کی ہے جس سے میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ میں نے عرض کیا ٹھہریئے جلدی نہ کیجئے اور پھر یہ آیت پڑھی ''لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ....الآیہ'' (بے شک اس نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔ النجم: آیت ۱۸۔) حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تمہاری عقل کہاں چلی گئی ہے وہ تو حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ تمہیں کس نے بتایا کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے۔ یا آپؐ نے کوئی ایسی چیز (اُمت سے) چھپائی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے یا یہ کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس ان پانچ چیزوں کا علم ہے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے: ''اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ....الآیہ'' (یعنی بیشک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی بارش برساتا اور وہی جانتا ہے کہ رحم (ماں کے پیٹ) میں کیا ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل کیا کمائے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین پر مرے گا۔) جس نے یہ کہا تو اس نے بہت بڑا بہتان باندھا۔ ہاں البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا ہے اور انہیں بھی انکی اصلی صورت میں صرف دوبار دیکھا ہے۔ ایک بار سدرۃ المنتہٰی کے پاس اور ایک بار جیاد کے مقام پر کہ ان کے سو پر تھے۔ جنہوں نے آسمان کے کناروں کو ڈھانپ لیا ہے۔ داؤد بن ابی نہد بھی ابو ہند سے وہ شعبی سے وہ مسروق سے وہ عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث ابو مجالد کی روایت سے مختصر ہے۔

۱۲۰۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ نَا سَالِمُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَاٰى مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ قُلْتُ اَلَيْسَ اللّٰهُ يَقُوْلُ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ قَالَ وَيْحَكَ ذَاكَ اِذَا تَجَلّٰى بِنُوْرِهِ الَّذِيْ هُوَ نُوْرُهٗ وَقَدْ رَاٰى مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ مَرَّتَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۲۰۵: حضرت عکرمہؒ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے مجھے کہا کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے۔ عکرمہ کہتے ہیں۔ میں نے کہا کیا اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتے'' لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ....الآیہ'' حضرت ابن عباسؓ فرمانے لگے تیرا ستیاناس ہو یہ تو جب ہے کہ وہ اپنے نور کے ساتھ تجلی فرمائے بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۲۰۶: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ نَا اَبِيْ نَا

۱۲۰۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس قول

مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْرَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْاَدْنٰی قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَدْ رَاٰهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

''وَلَقَدْرَاٰهُ نَزْلَةً ''....الخ (اور اس نے اس کو ایک بار اور بھی دیکھا ہے۔ النجم۔ آیت ۱۳۔) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۰۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ اَبِیْ رِزْمَةَ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَاٰی قَالَ رَاٰهُ بِقَلْبِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۲۰۷: حضرت ابن عباسؓ ''مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ ....الآیۃ'' (دل نے جھوٹ نہیں کہا جو دیکھا تھا۔ النجم۔ آیت ۱۱) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۰۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَکِیْعٌ وَیَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ التُّسْتَرِیِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِیْقٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ ذَرٍّ لَوْاَدْرَکْتُ النَّبِیَّ صَلَّی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ عَمَّا کُنْتَ تَسْاَلُهٗ قُلْتُ اَسْاَلُهٗ هَلْ رَاٰی مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ فَقَالَ قَدْ سَاَلْتُهٗ فَقَالَ نُوْرٌ اَنّٰی اَرَاهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۲۰۸: حضرت عبد اللہ بن شقیقؓ سے روایت ہے کہ میں نے ابو ذرؓ سے عرض کیا کہ اگر میں نبی اکرم ﷺ کو پاتا تو آپؐ سے ایک سوال پوچھتا۔ حضرت ابوذرؓ نے پوچھا کہ کیا پوچھتے؟ فرمانے لگے: میں پوچھتا کہ کیا محمد (ﷺ) نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی کرام ﷺ سے پوچھا تھا۔ آپؐ نے جواب دیا: وہ نور ہے میں اسے کیسے دیکھ سکتا ہوں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۰۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی وَابْنُ اَبِیْ رِزْمَةَ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَاٰی قَالَ رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ جِبْرَئِیْلَ فِیْ حُلَّةٍ مِنْ رَفْرَفٍ قَدْ مَلَاَ مَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۰۹: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ ''مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ .... الآیۃ'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام کو ریشمی جوڑا پہنے ہوئے دیکھا ان کے وجود نے آسمان وزمین کا احاطہ کر لیا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُوْ عُثْمَانَ الْبَصْرِیُّ نَا اَبُوْعَاصِمٍ عَنْ زَکَرِیَّا بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَیُّ عَبْدٍ لَکَ لَا اَلَمَّا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ زَکَرِیَّا بْنِ اِسْحَاقَ.

۱۲۱۰: حضرت ابن عباسؓ ''اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبَائِرَ الْاِثْمِ ...الآیۃ'' (وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں مگر صغیرہ گناہوں سے۔ بے شک آپ کا رب بڑا وسیع بخشش والا ہے۔ النجم ۳۲۔) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ اگر تو بخشتا ہے تو سارے گناہ بخش دے تیرا کونسا ایسا بندہ ہے جو گناہوں سے آلودہ نہ ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف زکریا بن اسحٰق کی روایت سے جانتے ہیں۔

سورۃ النجم :(۱) نبی کریم اپنی خواہش نفس سے کچھ نہیں بولتے۔ یہ تو ایک وحی ہے جو ان پر نازل کی جاتی ہے۔ گویا آپ کا ہر عمل امت کے لئے واجب الاتباع ہے اسی طریقہ سے آپ کا ہر فرمان خوہ وہ وحی خفی ہو یا وحی جلی وہ امت کے لئے واجب الاتباع ہے۔ (۲) معراج آسمانی کا ذکر۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اللہ کے ان انوار کی بارش ہو رہی تھی جن کے بارے میں نطق آسمان کچھ کہنے سے قاصر ہے۔ اس وقت نبی کریمؐ کے مشاہدہ کے شان یہ تھی کہ نہ نگاہ کج ہوئی نہ حد ادب سے تجاوز کیا اس لئے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کی عظیم آیات کا مشاہدہ کیا۔ (۳) انسان کو اپنے اعمال کا بوجھ خود اٹھانا ہے۔ اس کی محنت کو اللہ ضائع کرنے والا نہیں۔

سُوْرَۃُ الْقَمَرِ

سورۂ قمر کی تفسیر

۱۲۱۱: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَجَرٍ نَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِنٰی فَانْشَقَّ الْقَمَرُ فِلْقَتَیْنِ فَلْقَةٌ عَنْ وَرَاءِ الْجَبَلِ وَفِلْقَةٌ دُوْنَهٗ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِشْهَدُوْا یَعْنِیْ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۱۱: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ہم منیٰ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ (آپؐ کے معجزے سے) چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ ایک ٹکڑا پہاڑ کے اس پار اور دوسرا اس پار۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے ہم سے فرمایا کہ گواہ رہنا یعنی ’’اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ....الآیہ‘‘ (قیامت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا۔ القمر۔ آیت۔۱۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَاَلَ اَهْلُ مَکَّةَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰیَةً فَانْشَقَّ الْقَمَرُ بِمَکَّةَ مَرَّتَیْنِ فَنَزَلَتْ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ اِلٰی قَوْلِهٖ سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ یَقُوْلُ ذَاهِبٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۱۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ اہل مکہ نے رسول اللہ ﷺ سے معجزہ طلب کیا تو چاند مکہ میں دو مرتبہ پھٹا (دو ٹکڑے ہوا) پھر یہ آیات نازل ہوئیں ’’اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ اِلٰی قَوْلِهٖ سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ‘‘ (قیامت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا اور اگر وہ کوئی معجزہ دیکھ لیں تو اس سے منہ موڑ لیں اور کہیں یہ تو ہمیشہ سے چلا آتا جادو ہے۔ القمر آیت:۱۔۲) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ لَنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اشْهَدُوْا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۱۳: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گواہ ہو جاؤ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ انْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اشْهَدُوْا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۱۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند پھٹا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ارشاد فرمایا کہ گواہ رہنا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ نَا سُلَیْمَانُ بْنُ کَثِیْرٍ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی صَارَ فِرْقَتَیْنِ عَلٰی هٰذَا الْجَبَلِ وَعَلٰی هٰذَا الْجَبَلِ فَقَالُوْا سَحَرَنَا مُحَمَّدٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَئِنْ کَانَ سَحَرَنَا فَمَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَسْحَرَ النَّاسَ کُلَّهُمْ وَ قَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ نَحْوَهٗ.

۱۲۱۵: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں چاند پھٹ کر دو ٹکڑے ہوا۔ ایک ٹکڑا اس پہاڑ پر اور دوسرا اس پہاڑ پر۔ اس پر کفار نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر جادو کر دیا ہے۔ بعض کہنے لگے کہ اگر ہم پر جادو کر دیا ہے تو وہ سب لوگوں پر تو جادو نہیں کر سکتے۔ یہ حدیث بعض حضرات نے حصین سے وہ جبیر سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا جبیر بن مطعم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۲۱۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ وَاَبُوْ بَکْرٍ بُنْدَارٌ قَالَا نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ زِیَادِ بْنِ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْزُوْمِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ جَاءَ مُشْرِکُوْ قُرَیْشٍ یُخَاصِمُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْقَدْرِ فَنَزَلَتْ یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۱۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مشرکین تقدیر کے متعلق جھگڑتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو یہ آیت نازل ہوئی: ''یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ ....الآیۃ'' (جس دن گھسیٹے جائیں گے آگ میں اوندھے منہ، چکھو مزا آگ کا۔ ہم نے ہر چیز بنائی پہلے ٹھہرا کر۔ القمر آیت: ۴۸، ۴۹)

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ القمر: اس سورۃ میں متعدد مرتبہ ایک ہی آیت کو دہرایا گیا ہے جس میں اللہ تعالیٰ قرآن کی عظمت بیان کرتے ہیں گویا کہ انسان پر حجت ہے ''اور ہم نے قرآن کو یاد دہانی کے لئے آسان کر دیا ہے پھر ہے کوئی سوچے سمجھے''۔

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ

سورۂ رحمٰن کی تفسیر

۱۲۱۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ وَاقِدٍ اَبُوْ مُسْلِمٍ نَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ زُهَیْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَصْحَابِهٖ فَقَرَأَ عَلَیْهِمْ سُوْرَةَ الرَّحْمٰنِ مِنْ اَوَّلِهَا اِلٰی اٰخِرِهَا فَسَکَتُوْا فَقَالَ لَقَدْ قَرَأْتُهَا عَلَی الْجِنِّ لَیْلَةَ الْجِنِّ فَکَانُوْا اَحْسَنَ مَرْدُوْدًا مِنْکُمْ کُنْتُ کُلَّمَا اَتَیْتُ عَلٰی قَوْلِهٖ فَبِاَیِّ اٰلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ قَالَ لَا بِشَیْءٍ مِنْ نِعَمِکَ رَبَّنَا نُکَذِّبُ فَلَکَ الْحَمْدُ هٰذَا

۱۲۱۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ کی طرف آئے اور سورۂ رحمٰن شروع سے آخر تک تلاوت فرمائی۔ صحابہ کرامؓ خاموش رہے تو آپؐ نے فرمایا: میں نے یہ سورت جنوں کے سامنے پڑھی تھی تو ان لوگوں نے تم سے بہتر جواب دیا۔ چنانچہ جب میں ''فَبِاَیِّ اٰلَاءِ ....الآیۃ'' پڑھتا تو وہ کہتے اے ہمارے پروردگار ہم تیری نعمتوں میں سے کسی چیز کو نہیں جھٹلاتے اور تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ولید بن مسلم کی

حَدِيثٌ غَرِيبٌ لا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ كَانَ زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الَّذِي وَقَعَ بِالشَّامِ لَيْسَ هُوَ الَّذِي يُرْوٰى عَنْهُ بِالْعِرَاقِ كَاَنَّهُ رَجُلٌ اٰخَرُ قَلَّبُوا اسْمَهُ يَعْنِي لِمَا يَرْوُوْنَ عَنْهُ مِنَ الْمَنَاكِيرِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيلَ يَقُولُ اَهْلُ الشَّامِ يَرْوُوْنَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ مَنَاكِيرَ وَاَهْلُ الْعِرَاقِ يَرْوُوْنَ عَنْهُ اَحَادِيثَ مُقَارِبَةً.

روایت سے جانتے ہیں۔ ولید بن مسلم زہیر بن محمد سے نقل کرتے ہیں۔ احمد بن زبیر کا خیال ہے کہ زہیر بن محمد وہ نہیں ہیں جو شام کی طرف گئے ہیں۔ اور اہل عراق ان سے روایت کرتے ہیں بلکہ شائید کوئی اور ہیں۔ لوگوں نے ان کا نام بدل دیا ہے کیونکہ لوگ ان سے منکر احادیث روایت کرتے ہیں۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ شام کے لوگ زہیر بن محمد سے منکر حدیثیں روایت کرتے ہیں اور اہل عراق ان میں سے ایسی احادیث نقل کرتے ہیں جو صحت کے قریب ہوتی ہیں۔

سورۃ الرحمٰن: اس سورۃ کو قرآن کی دلہن قرار دیا گیا ہے۔ اس کے آغاز میں قرآن کی عظمت بیان ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شانِ رحمان کا مظہر قرآن ہے۔ اللہ نے انسان کو پیدا کیا' اسے اشرف المخلوقات بنایا اور قوتِ گویائی عطا فرمائی۔ ان چاروں آیات کو اگر جمع کر لیا جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ جسے بھی اللہ نے قوت گویائی عطا فرمائی ہو' جسے بھی کچھ قادر الکلامی عطا فرمائی ہو اسے اپنی قوت کا اور اپنے اس بہترین وصف کا بہتر مصرف یہی بنایا چاہئے کہ ''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں''۔ انسان کی قوت بیانیہ کا اس سے بہترین مصرف اور کوئی نہیں۔ اللہ کی نعمتوں کے حوالے سے نصیحت اور یاد دہانی کی کوشش اس کی بڑی ہی حسین مثال سورۃ الرحمٰن ہے۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

سورۂ واقعہ کی تفسیر

۱۲۱۸: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ نَا اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَالَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ وَفِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ وَظِلٍّ مَمْدُودٍ وَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ

۱۲۱۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی چیز (جنت) تیار کی ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہے۔ نہ کسی کان نے (اسکے متعلق) سنا ہے اور نہ کسی انسان کے دل میں اسکا خیال آیا ہے۔ اگر جی چاہے تو یہ آیت پڑھ ''فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ ....الآیہ'' (یعنی کوئی نہیں جانتا کہ ان کیلئے کیا چیز تیار کی گئی ہے جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اور یہ ان کے اعمال کا بدلہ ہے۔) اور جنت میں ایک درخت ہے اگر کوئی سوار اس کے سائے میں چلنے لگے تو سو سال تک چلنے کے باوجود بھی اسے طے نہ کر سکے۔ اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو ''وَظِلٍّ مَمْدُودٍ'' (اور لمبا سایہ۔ الواقعہ۔ آیت ۳۰) اور جنت میں ایک کوڑا رکھنے کی جگہ دنیا اور اس میں موجود تمام

صَحِيْحٌ.

چیزوں سے بہتر ہے لہٰذا چاہو تو یہ آیت پڑھ لو "فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ ....الآیہ" (یعنی جو شخص دوزخ سے دور کر دیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہ کامیاب ہو گیا اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کا سودا ہے۔)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۱۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ يَقْطَعُهَا وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ وَمَاءٍ مَسْكُوْبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

۱۲۱۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں ایک ایسا درخت ہے کہ اگر کوئی سوار اسکے سائے میں سو سال تک بھی چلتا رہے تو طے نہ کر سکے۔ اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو "وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ" (اور لمبا سایہ اور پانی بہتا ہوا۔ الواقعہ۔ آیت ۳۰۔۳۱) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔

۱۲۲۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ قَالَ اِرْتِفَاعُهَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَمَسِيْرَةُ مَابَيْنَهُمَا خَمْسُ مِائَةِ عَامٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَارْتِفَاعُهَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ قَالَ ارْتِفَاعُ الْفُرُشِ الْمَرْفُوْعَةِ فِي الدَّرَجَاتِ وَالدَّرَجَاتُ مَابَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ.

۱۲۲۰: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے "فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ" (اور بچھونے اونچے۔ الواقعہ آیت ۳۴) کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ ان کی بلندی ایسی ہوگی جیسے زمین سے آسمان اور دونوں کے درمیان کا فاصلہ پانچ سو برس کا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف رشدین کی روایت سے جانتے ہیں۔ بعض اہل علم اس بلندی کے متعلق کہتے ہیں کہ اس سے مراد درجات ہیں۔ یعنی ہر دو درجوں کے درمیان اس قدر فاصلہ ہے جتنا زمین و آسمان کے درمیان ہے۔

۱۲۲۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ قَالَ شُكْرَكُمْ تَقُوْلُوْنَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۲۲۱: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی "وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ ....الآیہ" (اور اپنا حصہ تم یہی لیتے ہو کہ اسکو جھٹلاتے ہو۔ الواقعہ۔ آیت ۸۲۔) پھر فرمایا کہ تم اپنے رزق کا شکر یوں ادا کرتے ہو کہ تم کہتے ہو کہ فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش ہوئی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ سفیان یہ حدیث عبدالاعلیٰ سے اسی سند سے غیر مرفوع روایت کرتے ہیں۔

۱۲۲۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْخُزَاعِيُّ الْمَرْوَزِيُّ نَا وَكِيْعٌ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۱۲۲۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ "اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ .... الآیہ" (اور ہم نے اٹھایا ان عورتوں کو ایک اچھی اٹھان پر۔ الواقعہ۔ آیت ۳۵) کی تفسیر میں رسول اللہ ﷺ سے نقل

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ اِنَّا اَنْشَأْنَا هُنَّ اِنْشَآءً قَالَ اِنَّ مِنَ الْمُنْشَأٰتِ الَّتِي كُنَّ فِي الدُّنْيَا عَجَائِزَ عُمْشًا رُمْصًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ وَيَزِيْدُ بْنُ اَبَانَ الرَّقَاشِيُّ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ.

کرتے ہیں کہ خاص طور پر بنائی جانے والی عورتیں وہ ہیں جو دنیا میں بوڑھی تھیں انکی آنکھیں کمزور تھیں اوران کی آنکھوں سے پانی بہتا تھا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف موسیٰ بن عبیدہ کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔ موسیٰ بن عبیدہ اور یزید بن ربان رقاشی دونوں محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔

۱۲۲۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِي هُوْدٌ وَالْوَاقِعَةُ وَالْمُرْسَلَاتُ وَعَمَّ يَتَسَاءَ لُوْنَ وَاِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرَوٰى عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ نَحْوَ هٰذَا قَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ شَيْءٌ مِنْ هٰذَا مُرْسَلاً.

۱۲۲۳: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ: آپؐ بوڑھے ہوگئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا مجھے ''سورہ ھود، واقعہ، مرسلات، عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت'' نے بوڑھا کردیا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ابن عباسؓ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ علی بن صالح بھی یہ حدیث ابواسحٰق سے اور وہ ابوجحیفہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ پھر کوئی راوی ابواسحٰق سے ابومیسرہ کے حوالے سے بھی کچھ مرسلاً نقل کرتے ہیں۔

سورة الواقعه: اس میں تین قسم کے لوگ بیان ہوئے ہیں۔ (۱) مقربین: یہ اللہ کی رحمتوں میں ہوں گے۔ پھلوں اور پھولوں میں ہوں گے، نعمتوں والی جنت میں ہمیشہ ہمیش رہیں گے۔ (۲) اصحاب الیمین: یہ مقربین کے درجہ کی جماعت تو نہیں مگر ان کے لئے بھی سلامتی اور خیر ہے۔ (۳) اصحاب الشمال: گم کردہ راہ، بھٹکے ہوئے۔ جھٹلائے ہوئے۔ ان کا انجام کھولتا ہوا پانی ہے اور بالآخر جہنم میں جھونکا جانا ہے۔ اے لوگو یہ خالی خولی دھمکیاں نہیں ہیں بلکہ یہ یقینی اور قطعی ہیں۔

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ

سورۂ حدید کی تفسیر

۱۲۲۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالُوْا نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَ الْحَسَنُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَاَصْحَابُهُ اِذْ اَتٰى عَلَيْهِمْ سَحَابٌ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ

۱۲۲۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اور صحابہؓ بیٹھے ہوئے تھے کہ بادل آگئے۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ اچھی طرح جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ بادل زمین کو سیراب کرنے والے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان لوگوں کی طرف ہانکتے ہیں جو اسکا شکر

وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هٰذَا الْعَنَانُ هٰذِهٖ رَوَايَا الْاَرْضِ يَسُوْقُهُ اللّٰهُ اِلٰى قَوْمٍ لَا يَشْكُرُوْنَهٗ وَلَا يَدْعُوْنَهٗ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَافَوْقَكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا الرَّقِيْعُ سَقْفٌ مَحْفُوْظٌ وَمَوْجٌ مَكْفُوْفٌ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ كَمْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا مَيْسَرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَ ذٰلِكَ قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ فَوْقَ ذٰلِكَ سَمَائَيْنِ مَابَيْنَهُمَا مَسِيْرَةُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ مَابَيْنَ كُلِّ السَّمَائَيْنِ مَابَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَافَوْقَ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ فَوْقَ ذٰلِكَ الْعَرْشُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ السَّمَآءِ بُعْدُ مَابَيْنَ سَمَا ئَيْنِ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاالَّذِىْ تَحْتَكُمْ قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا الْاَرْضُ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاالَّذِىْ تَحْتَ ذٰلِكَ قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ تَحْتَهَا اَرْضًا اُخْرٰى بَيْنَهُمَا مَسِيْرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ حَتّٰى عَدَّ بِسَبْعِ اَرَضِيْنَ بَيْنَ كُلِّ اَرَضِيْنَ مَسِيْرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّكُمْ دَلَّيْتُمْ بِحَبْلٍ اِلَى الْاَرْضِ السُّفْلٰى لَهَبَطَ عَلَى اللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَهُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَيُرْوٰى عَنْ اَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ قَالُوْا لَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالُوْا اِنَّمَا هَبَطَ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ وَعِلْمُ اللّٰهِ وَقُدْرَتُهٗ وَسُلْطَانُهٗ فِىْ كُلِّ مَكَانٍ وَهُوَ عَلَى الْعَرْشِ كَمَا وَصَفَ فِىْ كِتَابِهٖ:

ادا نہیں کرتے اور اسے پکارتے نہیں۔ پھر آپؐ نے پوچھا: جانتے ہو تمہارے اوپر کیا ہے۔ عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ رقیع یعنی اونچی چھت ہے جس سے حفاظت کی گئی۔ اور یہ موج کی طرح ہے جو بغیر ستون کے ہے۔ پھر پوچھا: کیا جانتے ہو کہ تمہارے اور اس کے درمیان کتنا فاصلہ ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تمہارے اور اس کے درمیان پانچ سو برس کی مسافت ہے۔ پھر آپؐ نے پوچھا: کیا جانتے ہو کہ اس کے اوپر کیا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اس سے اوپر دو آسمان ہیں جنکے درمیان پانچ سو برس کا فاصلہ ہے۔ پھر آپؐ نے اسی طرح سات آسمان گنوائے اور بتایا ہر دو آسمانوں کے درمیان آسمان وزمین کے درمیان کے فاصلے کے برابر فاصلہ ہے۔ پھر آپؐ نے پوچھا کہ کیا جانتے ہو کہ اس کے اوپر کیا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اسکے اوپر عرش ہے اور وہ آسمان سے اتنا دور ہے جتنا زمین سے آسمان۔ پھر آپؐ نے پوچھا کہ کیا تمہیں معلوم ہے کہ تمہارے نیچے کیا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ زمین ہے۔ پھر پوچھا کیا تمہیں معلوم ہے کہ اسکے نیچے کیا کیا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اسکا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ اس کے نیچے دوسری زمین ہے پہلی زمین اور دوسری زمین کے درمیان پانچ سو برس کی مسافت ہے۔ پھر پوچھا آپؐ نے سات زمینیں گنوائیں اور بتایا کہ ہر دو کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے اگر تم لوگ نیچے کی زمین کی طرف رسی پھینکو گے تو وہ اللہ تک پہنچے گی اور پھر

یہ آیت پڑھی "هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ ....الآیہ" (وہی ہے سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور باہر اور اندر اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔ الحدید۔ آیت ۳) یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور ایوب، یونس بن عبید اور علی بن زید سے منقول ہے کہ حسن نے ابو ہریرہؓ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ بعض اہل علم اس حدیث کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس سے مراد اس رسی کا اللہ کے علم، اسکی قدرت اور حکومت تک پہنچنا ہے کیونکہ اللہ کا علم، اسکی قدرت اور اسکی حکومت ہر جگہ ہے اور وہ عرش پر ہے جیسا کہ اس نے خود اپنی کتاب (قرآن مجید) میں فرمایا ہے۔

سورۃ الحدید: اس سورۃ مبارکہ سے مدنی سورتوں کا ایک سلسلہ شروع ہوتا ہے جو اٹھائیسویں پارے کے اختتام تک چلا گیا ہے۔ اس سورۂ مبارکہ کی چھ ابتدائی آیات ہیں جن میں اعلیٰ ترین عقلی سطح پر اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا انتہائی جامعیت کے ساتھ بیان ہوا ہے اس کے بعد دین کے تقاضے دو الفاظ میں بیان ہوئے ہیں۔ ان تقاضوں سے اغراض کا نتیجہ نفاق ہے اور یہ انتہائی دردناک انجام سے دوچار کرنے والی چیز ہے۔

سُوْرَةُ الْمُجَادِلَةِ

۱۲۲۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَآءٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا قَدْ اُوْتِيْتُ مِنْ جِمَاعِ النِّسَاءِ مَالَمْ يُؤْتَ غَيْرِيْ فَلَمَّا دَخَلَ رَمَضَانُ تَظَاهَرْتُ مِنْ اِمْرَاَتِيْ حَتّٰى يَنْسَلِخَ رَمَضَانُ فَرَقًا مِنْ اَنْ اُصِيْبَ مِنْهَا فِيْ لَيْلِيْ فَاَتَتَابَعَ فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى اَنْ يُدْرِكَنِي النَّهَارُ وَالنَّهَارُ وَاَنَا لَا اَقْدِرُ اَنْ اَنْزِعَ فَبَيْنَمَاهِيَ تَخْدِمُنِيْ ذَاتَ لَيْلَةٍ اِذْتَكَشَّفَ لِيْ مِنْهَا شَيْءٌ فَوَثَبْتُ عَلَيْهَا فَلَمَّا اَصْبَحْتُ غَدَوْتُ عَلٰى قَوْمِيْ فَاَخْبَرْتُهُمْ خَبَرِيْ فَقُلْتُ اِنْطَلِقُوْا مَعِيَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْبِرَهُ بِاَمْرِيْ فَقَالُوْا لَا وَاللّٰهِ لَا تَفْعَلُ تَتَخَوَّفُ اَنْ يَنْزِلَ فِيْنَا قُرْاٰنٌ اَوْ يَقُوْلَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَةً يَبْقٰى عَلَيْنَا عَارُهَا وَلٰكِنِ اذْهَبْ اَنْتَ فَاصْنَعْ مَا بَدَالَكَ قَالَ فَخَرَجْتُ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ خَبَرِيْ

سورۂ مجادلہ کی تفسیر

۱۲۲۵: حضرت سلمہ بن صخر انصاریؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک ایسا مرد ہوں جسے عورتوں سے جماع کی (وہ قوت) عطا کی گئی ہے جو کسی اور کو نہیں دی گئی۔ چنانچہ جب رمضان آیا تو میں نے اپنی بیوی سے ظہار کر لیا تا کہ رمضان ٹھیک سے گزر جائے اور ایسا نہ ہو کہ میں اس سے رات کو جماع شروع کروں اور دن ہو جائے اور میں اسے چھوڑ بھی نہ سکوں۔ ایک رات وہ میری خدمت کر رہی تھی کہ اسکی کوئی چیز منکشف ہو گئی۔ پھر میں نے اسکے ساتھ جماع کیا اور صبح ہوئی تو اپنی قوم کے پاس آیا اور انہیں بتا کر کہا کہ میرے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں چلو تا کہ میں آپ ﷺ کو اپنے اس فعل کے متعلق بتاؤں۔ وہ کہنے لگے "نہیں" اللہ کی قسم ہم ڈرتے ہیں کہ ہمارے متعلق قرآن نازل ہو، یا، نبی اکرم ﷺ ہمیں کوئی ایسی بات کہہ دیں جو ہمارے لیے باعث ندامت و رسوائی ہو۔ لہٰذا تم خود جا کر جو مناسب ہو عرض کر دو۔ فرماتے ہیں کہ میں نکل کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پورا قصہ بیان کیا۔ آپ ﷺ نے (قصہ سننے کے بعد) فرمایا: کیا تم ہی نے ایسا کیا؟ میں نے عرض کیا "جی ہاں"۔ آپ ﷺ نے تین مرتبہ

فَقَالَ اَنْتَ بِذَاکَ فَقُلْتُ اَنَا بِذَاکَ قَالَ اَنْتَ بِذَاکَ قُلْتُ اَنَا بِذَاکَ قَالَ اَنْتَ بِذَاکَ قُلْتُ اَنَا بِذَاکَ وَهَا اَنَا ذَافَامْضِ فِيَّ حُكْمَ اللّٰهِ فَاِنِّي صَابِرٌ لِذٰلِكَ قَالَ اَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ فَضَرَبْتُ صَفْحَةَ عُنُقِي بِيَدَي فَقُلْتُ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَصْبَحْتُ اَمْلِكُ غَيْرَهَا قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَهَلْ اَصَابَنِي مَا اَصَابَنِي اِلَّا فِي الصِّيَامِ قَالَ فَاَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ بِتْنَا لَيْلَتَنَا هٰذِهِ وَحْشٰى مَالَنَا عَشَآءٌ قَالَ اذْهَبْ اِلٰى صَاحِبِ صَدَقَةِ بَنِي زُرَيْقٍ فَقُلْ لَهُ فَلْيَدْفَعْهَا اِلَيْكَ فَاَطْعِمْ عَنْكَ مِنْهَا وَسْقًا سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ثُمَّ اسْتَعِنْ بِسَآئِرِهٖ عَلَيْكَ وَعَلٰى عِيَالِكَ قَالَ فَرَجَعْتُ اِلٰى قَوْمِي فَقُلْتُ وَجَدْتُ عِنْدَكُمُ الضِّيْقَ وَسُوْءَ الرَّاْيِ وَوَجَدْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّعَةَ وَالْبَرَكَةَ اَمَرَلِي بِصَدَقَتِكُمْ فَادْفَعُوْهَا اِلَيَّ فَدَفَعُوْهَا اِلَيَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ قَالَ مُحَمَّدٌ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ لَمْ يَسْمَعْ عِنْدِي مِنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ قَالَ وَيُقَالُ سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ وَيُقَالُ سَلْمَانُ ابْنُ صَخْرٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ خَوْلَةَ بْنَ ثَعْلَبَةَ.

اسی طرح پوچھا تو میں نے عرض کیا ''جی ہاں'' اور میں حاضر ہوں مجھ پر اللہ کا حکم جاری کیجئے۔ میں اس پر صبر کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک غلام آزاد کرو۔ میں نے اپنی گردن پر ہاتھ مارا۔ اور عرض کیا کہ: اس اللہ کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا سوائے اپنی اس گردن کے میں کسی اور کا مالک نہیں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو پھر دو مہینے متواتر روزے رکھو۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ یہ مصیبت بھی تو روزوں کی وجہ سے آئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہم خود آج رات بھوکے رہے، ہمارے پاس رات کا کھانا نہیں تھا۔ پھر آپ ﷺ نے حکم دیا کہ بنو زریق سے زکوۃ وصول کرنے والے عامل کے پاس جاؤ اور اسے کہو کہ وہ تمہیں (غلہ) دے اور پھر اس میں سے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو۔ پھر جو بچ جائے اسے اپنے اور عیال پر خرچ کرلو، حضرت سلمہؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں اپنی قوم کے پاس گیا اور ان سے کہا کہ میں نے تم لوگوں کے پاس تنگی اور بری تجویز پائی جبکہ نبی اکرم ﷺ کے پاس کشادگی اور برکت۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا ہے کہ تم لوگ اپنی زکوۃ مجھے دو۔ چنانچہ ان لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ امام بخاریؒ کے نزدیک سلیمان بن یسار نے سلمہ بن صخر سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ ان کا کہنا ہے کہ سلمہ بن صخر کو سلمان بن صخر بھی کہتے ہیں اور اس باب میں خولہ بن ثعلبہ سے بھی منقول ہے۔

۱۲۲۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا يُوْنُسُ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ قَتَادَةَ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا اَتٰى عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ فَرَدَّ عَلَيْهَا الْقَوْمُ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاقَالَ هٰذَا قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ سَلَّمَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ وَلٰكِنَّهٗ قَالَ كَذَا وَكَذَا اَرُدُّوْهُ عَلَيَّ فَرَدُّوْهُ فَقَالَ قُلْتَ السَّامُ عَلَيْكُمْ قَالَ نَعَمْ

۱۲۲۶: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک یہودی نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے پاس آیا اور کہا ''السام علیکم (یعنی تم پر موت آئے) صحابہ کرامؓ نے اسے جواب دیا تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: تم جانتے ہو کہ اس نے کیا کہا؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں، یارسول اللہ ﷺ اس نے سلام کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ اس نے ایسی ایسی بات کہی ہے اسے

قَالَ نَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا عَلَيْكَ مَاقُلْتُ قَالَ وَاِذَا جَاءُوْكَ حَيُّوْكَ بِمَالَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

میرے پاس لاؤ۔ جب اسے لائے تو آپ ﷺ نے اس سے پوچھا کہ تم نے ''السام علیکم'' کہا۔ اس نے کہا کہ ہاں ''السام علیکم'' کہا تھا۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ اہل کتاب میں سے جو بھی سلام کرے اسے یہ جواب دیا کرو کہ ''عَلَيْكَ مَاقُلْتُ ....الآیہ'' (یعنی جو تم نے کہا تم ہی پر ہو) پھر یہ آیت پڑھی ''وَاِذَا جَاءُوْكَ حَيُّوْكَ ....الآیہ'' (اور جب وہ آپ ﷺ کے پاس آتے ہیں تو آپ ﷺ کو ایسے لفظوں سے سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ ﷺ کو سلام نہیں دیا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ اس پر کیوں عذاب نہیں دیتا جو ہم کر رہے ہیں۔ المجادلہ۔ آیت ۸۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۲۷: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلْقَمَةَ الْاَنْمَارِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ يَااَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نَا جَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰكُمْ صَدَقَةً قَالَ لِيَ النَّبِيُّ ﷺ مَا تَرٰى دِيْنَارٌ قُلْتُ لَا يُطِيْقُوْنَهُ قَالَ فَنِصْفُ دِيْنَارٍ قُلْتُ لَا يُطِيْقُوْنَهُ قَالَ فَكَمْ قُلْتُ شَعِيْرَةٌ قَالَ اِنَّكَ لَزَهِيْدٌ قَالَ فَنَزَلَتْ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰكُمْ صَدَقَاتٍ الْاٰيَةَ قَالَ فَبِي خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ شَعِيْرَةٌ يَعْنِي وَزْنَ شَعِيْرَةٍ مِنْ ذَهَبٍ.

۱۲۲۷: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت ''يَااَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نَا جَيْتُمُ الرَّسُوْلَ ....الآیہ'' (اے ایمان والو جب تم رسول اللہ ﷺ سے سرگوشی کرو تو اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دے لیا کرو، یہ تمہارے لیے بہتر اور زیادہ پاکیزہ بات ہے۔ المجادلہ آیت ۱۲) نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے مشورہ لیا کہ صدقہ کی کتنی مقدار مقرر کی جائے، ایک دینار۔ میں نے عرض کیا کہ لوگ ایک دینار نہیں دے سکیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نصف دینار۔ میں نے عرض کیا نصف دینار بھی نہیں دے سکیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر کتنی مقدار مقرر کی جائے۔ میں نے عرض کیا: ایک جو۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم تو بہت کمی کرنے والے ہو۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا....الآیہ'' (کیا تم اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دینے سے ڈر گئے۔ پھر جب تم نے نہ کیا اور اللہ نے تمہیں معاف بھی کر دیا تو (بس) نماز ادا کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے۔ المجادلہ آیت: ۱۳) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور ایک جو سے مراد جو کے برابر سونا ہے۔

سورۃ المجادلہ: اس سورۃ میں عائلی زندگی کے ضمن میں ظہار کا قانون اور کفارہ کی تفصیلات کا بیان ہے۔ دوسرے نقشہ کھینچا گیا ہے کہ اس دنیا میں ہر آن ایک کشمکش برپا ہے حق اور باطل کے درمیان۔ ایک طرف حزب الشیطان ہے اور دوسری طرف حزب اللہ۔ حزب الشیطان میں کفار، اہل کتاب بھی اور منافقین بھی۔ جبکہ حزب اللہ صرف اللہ کے خالص بندوں پر مشتمل ہے جبکہ اللہ طے کر چکا ہے کہ اس کا رسول اور اس کی جماعت ہی غالب رہے گی۔

سُوْرَةُ الْحَشَرِ

۱۲۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَاقَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سورۂ حشر کی تفسیر

۱۲۲۸: حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ بنونضیر کے کھجور کے درختوں کو کاٹ کر جلا دیا۔ اس مقام کا نام بویرہ تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْتَرَكْتُمُوْهَا ....الآیہ'' (مسلمانو تم نے جو کھجور کا پیڑ کاٹ ڈالا' یا ''اسکو اسکی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا، یہ سب اللہ کے حکم سے ہوا اور تا کہ وہ نافرمانوں کو ذلیل کرے۔ الحشر آیت: ۵) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۲۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ نَا عَفَّانُ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ نَا حَبِيْبُ بْنُ اَبِي عَمْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْتَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا قَالَ اللِّيْنَةُ النَّخْلَةُ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ قَالَ اسْتَنْزَلُوْهُمْ مِنْ حُصُوْنِهِمْ قَالَ وَاُمِرُوْا بِقَطْعِ النَّخْلِ فَحَكَّ فِيْ صُدُوْرِهِمْ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ قَدْ قَطَعْنَا بَعْضًا وَتَرَكْنَا بَعْضًا فَلَنَسْاَلَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَنَا فِيْمَا قَطَعْنَا مِنْ اَجْرٍ وَهَلْ عَلَيْنَا فِيْمَا تَرَكْنَا مِنْ وِزْرٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ عُمْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى سَمِعَ مِنِّيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

۱۲۲۹: حضرت ابن عباسؓ اللہ تعالیٰ کے قول ''مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْتَرَكْتُمُوْهَا ...الآیہ'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ لینۃ، کھجور کا درخت ہے اور ''وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ'' سے مراد یہ ہے کہ مسلمانوں نے ان (یہودیوں) کو ان کے قلعوں سے اتار دیا پھر جب ان کے درختوں کے کاٹنے کا حکم ہوا تو ان کے دلوں میں خیال آیا کہ ہم نے کچھ درخت کاٹے ہیں اور کچھ چھوڑ دیئے ہیں۔ لہٰذا مسلمانوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کیا جو درخت ہم نے کاٹے ہیں۔ ان کا کاٹنا باعث ثواب اور جو چھوڑ دیئے ہیں۔ ان پر عذاب ہے؟ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِّيْنَةٍ اَوْتَرَكْتُمُوْهَا ....الآیہ'' یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض اس حدیث کو حفص بن غیاث سے اور وہ سعید بن جبیر سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ لیکن ابن عباسؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ ہم سے اس حدیث کو عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے ہارون بن معاویہ کے حوالے سے انہوں نے حفص سے انہوں نے حبیب بن ابو عمرہ سے انہوں نے سعید بن جبیر سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے مرسلاً نقل کیا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ نے یہ حدیث مجھ ہی سے سنی ہے۔

۱۲۳۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ

۱۲۳۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری شخص کے پاس ایک مہمان آیا تو اس کے پاس صرف اتنا ہی کھانا تھا

الْاَنْصَارِ بَاتَ بِهٖ ضَيْفٌ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ اِلَّا قُوْتُهٗ وَقُوْتُ صِبْيَانِهٖ فَقَالَ لِاِمْرَاَتِهٖ نَوِّمِي الصِّبْيَةَ وَاَطْفِئِي السِّرَاجَ وَقَرِّبِي لِلضَّيْفِ مَا عِنْدَكِ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کہ خود کھا سکے اور بچوں کو کھلا سکے۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ بچوں کو سلا دو اور چراغ گل کر کے جو کچھ ہے مہمان کے آگے رکھ دو۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ ...الآیہ'' (اور مقدم رکھتے ہیں انکو اپنے جان سے اور اگر چہ ہو اپنے اوپر فاقہ۔ الحشر۔ آیت ۹۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورة الحشر : یہ گویا شرح ہے سورۂ حدید کی آخری آیت کی۔ فرمایا کہ یہود اس گھمنڈ میں نہ رہیں کہ انہیں اللہ کے فضل پر کوئی اختیار ہے اب جبکہ وہ راندۂ درگاہِ حق کر دیئے گئے ہیں تو وہ تہ تیغ بھی کیے جائیں گے' ان کو جلاوطن بھی کیا جائے گا اور ان کو اپنے مال و اسباب کو چھوڑ کر اس سرزمین سے نکلنا ہوگا۔ آخر میں فرمایا کہ مسلمانوں ان لوگوں کی مانند نہ ہو جانا جنہوں نے رب کو بھلا دیا اور پھر اللہ نے ان کو خود سے بھی غافل کر دیا۔ وہ اپنی عظمت اور اصل مقام کو بھول گئے۔ سورۃ کے آخر میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کا حسین گلدستہ اتنی کثیر تعداد میں ہے کہ قرآن کے کسی دوسرے مقام پر اتنے نام جمع نہیں ہوئے۔

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

تفسیر سورۃ الممتحنہ

۱۲۳۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ حَنَفِيَّةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ يَقُوْلُ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَالزُّبَيْرَ وَ الْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ فَقَالَ انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَاْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا فَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَخَرَجْنَا تَتَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى اَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ فَقُلْنَا اَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَا مَعِيْ مِنْ كِتَابٍ قُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ قَالَ فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا قَالَ فَاَتَيْنَا بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ مِنْ حَاطِبِ ابْنِ اَبِيْ بَلْتَعَةَ اِلٰى اُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا حَاطِبُ قَالَ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ امْرَاً مُلْصَقًا فِيْ قُرَيْشٍ وَ لَمْ اَكُنْ مِنْ اَنْفُسِهَا وَكَانَ مَنْ مَّعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ

۱۲۳۱: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے زبیرؓ اور مقداد بن اسودؓ کو حکم دیا کہ روضہ خاخ کے مقام پر جاؤ۔ وہاں ایک عورت ہے جو اونٹ پر سوار ہے۔ اسکے پاس ایک خط ہے وہ خط اس سے لے کر میرے پاس لاؤ۔ ہم لوگ نکلے ہمارے گھوڑے دوڑ لگاتے ہوئے روضہ خاخ کے مقام پر پہنچے تو ہمیں وہ عورت مل گئی ہم نے اس سے کہا کہ خط دو۔ اس نے کہا میرے پاس تو کوئی خط نہیں۔ ہم نے کہا: تم خط نکالو ورنہ کپڑے اتار دو۔ اس پر اس نے اپنی چوٹی سے خط نکالا اور ہم لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ (خط) حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مشرکین مکہ کو لکھا گیا تھا۔ جس میں اس نے نبی اکرم ﷺ کے کسی راز کا ذکر کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا حاطب یہ کیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میرے متعلق جلدی نہ کریں: میں ایسا شخص ہوں کہ قریش سے ملا ہوا ہوں اور ان میں نہیں ہوں۔ آپ ﷺ کے ساتھ جو مہاجرین ہیں انکے رشتہ دار مکہ میں ہیں۔ جو انکے اہل و مال کی حفاظت کرتے

لَهُمْ قَرَابَاتٌ يَحْمُوْنَ بِهَا اَهْلِيْهِمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِمَكَّةَ فَاَحْبَبْتُ اِذْ فَاتَنِي ذٰلِكَ مِنْ نَسَبٍ فِيْهِمْ اَنْ اَتَّخِذَ فِيْهِمْ يَدًا يَحْمُوْنَ بِهَا قَرَابَتِي وَمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ كُفْرًا وَارْتِدَادًا عَنْ دِيْنِي وَلَا رِضًى بِالْكُفْرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ دَعْنِي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبُ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا فَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ قَالَ وَفِيْهِ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ السُّوْرَةُ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ السُّوْرَةَ قَالَ عَمْرٌو وَقَدْ رَاَيْتُ ابْنَ اَبِي رَافِعٍ كَانَ كَاتِبًا لِعَلِيٍّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنْ عُمَرَ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ نَحْوَ هٰذَا وَذَكَرُوْا هٰذَا الْحَرْفَ فَقَالُوْا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْلَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ قَدْ رُوِيَ اَيْضًا عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَذَكَرَ بَعْضُهُمْ فِيْهِ لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْلَنُجَرِّدَنَّكِ۔

ہیں۔ چونکہ میرا ان سے کوئی نسب کا تعلق نہیں لہٰذا میں نے سوچا کہ ان پر احسان کروں تا کہ وہ میرے رشتہ داروں کی حمایت کریں ۔ اور یہ کام میں نے کفروارتداد کی وجہ سے نہیں کیا۔ اور نہ ہی میں نے کفر سے راضی ہوکر کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مجھے اجازت دیجئے کہ اس منافق کی گردن اتاردوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ جنگ بدر میں شریک ہونے والوں میں سے ہے اور تمہیں کیا معلوم کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف دیکھا اور فرمایا: کہ تم جو چاہو کرو میں نے تمہیں معاف کردیا ہے۔ اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی "یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ ....الآیہ" (اے ایمان والو میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ کہ ان کے پاس دوستی کے پیغام بھیجتے ہو حالانکہ تمہارے پاس جو سچا دین آیا ہے اس کے یہ منکر ہوچکے ہیں۔ الممتحنہ۔ آیت ۔۱) راوی عمرو کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابی رافع کو دیکھا ہے وہ حضرت علیؓ کے کاتب تھے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں عمر اور جابر بن عبداللہ سے احادیث منقول ہیں۔ کئی حضرات یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں اور ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ سے بھی حضرت علی بن ابی طالبؓ کے حوالے سے اسی کے مثل منقول ہے۔ بعض حضرات یہ الفاظ بیان کرتے ہیں۔ کہ اس عورت سے کہا کہ خط نکال، ورنہ ہم تجھے ننگا کردیں گے۔

۱۲۳۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْتَحِنُ اِلَّا بِالْاٰيَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ الْاٰيَةَ قَالَ مَعْمَرٌ فَاَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَامْرَاَةٍ اِلَّا امْرَاَةً يَمْلِكُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۱۲۳۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس آیت کی وجہ سے امتحان لیا کرتے تھے" اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ .....الآیہ" (اے نبی جب آئیں تیرے پاس مسلمان عورتیں بیعت کرنے کو، اس بات پر کہ شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کا کسی کو اور چوری نہ کریں اور بدکاری نہ کریں اور اپنی اولاد کو نہ مار ڈالیں اور طوفان نہ لائیں باندھ کر اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں اور تیری نافرمانی نہ کریں کسی بھلے

صَحِيْحٌ.

کام میں تو ان کی بیعت کر لے اور معافی مانگ انکے واسطے اللہ سے بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ الصف۔ آیت ۱۲) معمر کہتے ہیں کہ ابن طاؤس نے مجھے اپنے والد کے حوالے سے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک نے ان عورتوں کے علاوہ جو آپ کی ملکیت میں تھیں کبھی کسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۳۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ شَهْرَ بْنَ حَوْشَبٍ قَالَ حَدَّثَتْنَا اُمُّ سَلَمَةَ الْاَنْصَارِيَّةُ قَالَتْ اِمْرَاَةٌ مِنَ النِّسْوَةِ مَاهٰذَا الْمَعْرُوْفُ الَّذِيْ لَايَنْبَغِي لَنَا اَنْ نَعْصِيَكَ فِيْهِ قَالَ لَا تَنُحْنَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ بَنِي فُلَانٍ قَدْاَسْعَدُوْنِي عَلٰى عَمِّي وَلَا بُدَّلِي مِنْ قَضَائِهِنَّ فَاَبٰى عَلَيَّ فَعَاتَبْتُهُ مِرَارًافَاَذِنَ فِيْ قَضَائِهِنَّ فَلَمْ اَنُحْ بَعْدَ قَضَائِهِنَّ وَلَا غَيْرِهِ حَتّٰى السَّاعَةَ وَلَمْ يَبْقَ مِنَ النِّسْوَةِ امْرَاَةٌ اِلَّا وَقَدْنَاحَتْ غَيْرِي هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَفِيْهِ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اُمُّ سَلَمَةَ الْاَنْصَارِيَّةُ هِيَ اَسْمَآءُ بِنْتُ يَزِيْدَ ابْنِ السَّكَنِ.

۱۲۳۳: حضرت ام سلمہ انصاریہؓ فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا کہ وہ معروف کیا چیز ہے جس میں ہمارے لیے آپ ﷺ کی نافرمانی کرنا جائز نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ یہی ہے کہ تم نوحہ مت کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ فلاں قبیلے کی عورتیں میرے چچا کی وفات پر میرے ساتھ نوحہ میں شریک تھیں لہٰذا ان کا بدلہ دنیا ضروری ہے۔ آپ ﷺ نے اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ پھر میں نے کئی مرتبہ عرض کیا تو اجازت دے دی کہ ان کے احسان کا بدلہ دے دوں۔ اس کے بعد میں نے کبھی کسی پر نوحہ نہیں کیا اور عورتوں میں سے میرے علاوہ ایسی کوئی عورت باقی نہ رہی جس نے بیعت کی ہو اور پھر نوحہ بھی کیا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور اس باب میں ام عطیہؓ سے بھی روایت ہے۔ عبداللہ بن حمید کہتے ہیں کہ ام سلمہ انصاریہ کا نام اسماء بنت یزید بن سکن ہے۔

سورۃ الممتحنہ: اس میں مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمہیں اپنے تعلقات' اپنی دوستیاں ان سب کا مرکز ومحور اللہ کو بنانا چاہیے۔ اللہ کے دشمنوں کے ساتھ کوئی تعلق اور دوستی برقرار نہ رکھیں۔ یہی تمہارے ایمان کی کسوٹی ہے۔ اگر مسلمان خواتین ہجرت کر کے آئیں تو ذرا چھان بین کر لیا کرو۔ اگر وہ واقعی مسلمان ہیں تو تم انہیں کفار کو نہ لوٹاؤ۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الصَّفِّ

تفسیر سورۃ الصّف

۱۲۳۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ قَعَدْنَا نَفَرًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَذَاكَرْنَا فَقُلْنَا لَوْ نَعْلَمُ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ لَعَمِلْنَاهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

۱۲۳۴: حضرت عبداللہ بن سلامؓ سے روایت ہے کہ ہم چند صحابہ بیٹھے ہوئے تھے کہ آپس میں کہنے لگے کہ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ اللہ کو کونسا عمل زیادہ محبوب ہے تو ہم وہی کرتے اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ آیات نازل ہوئیں" سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْآيَه" (اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں اور وہی ہے

الْحَكِيْمُ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْالِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا ابْنُ سَلَامٍ قَالَ يَحْيٰى فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا اَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ ابْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا الْاَوْزَاعِىُّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا ابْنُ كَثِيْرٍ وَقَدْ خُوْلِفَ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ فِىْ اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ فَرَوٰى ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِىْ مَيْمُوْنَةَ عَنْ عَطَآءِ بْنَ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ اَوْعَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ سَلَامٍ وَرَوَى الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ نَحْوَرِوَايَةِ.

زبردست حکمت والا، اے ایمان والو کیوں کہتے ہومنہ سے جونہیں کرتے ۔ الصف ۔ آیت ۔۱۔۲) عبداللہ بن سلام کہتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں یہ سورت پڑھائی اور ابوسلمہؓ کہتے ہیں کہ ہمارے سامنے عبد اللہ بن سلامؓ نے یہ سورت پڑھی ۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ پھر ابوسلمہ نے ہمارے سامنے تلاوت کی، ابن کثیر کے سامنے اوزاعی نے اور عبداللہ کہتے ہیں کہ ہمارے سامنے ابن کثیر نے پڑھ کر سنائی۔ محمد بن کثیر میں اختلاف کیا گیا ہے۔ ابن مبارک، اوزاعی سے وہ یحییٰ بن کثیر سے وہ ہلال بن ابی میمونہ سے وہ عطاء سے اور وہ عبداللہ بن سلام سے یا ابوسلمہ کے واسطے سے عبد اللہ بن سلام سے روایت کرتے ہیں۔ ولید بن مسلم بھی یہ حدیث اوزاعی سے محمد بن کثیر کی روایت کی طرح نقل کرتے ہیں۔

سورۃ الصف : یہ بڑی عظیم سورۃ ہے۔اس لئے کہ اس میں نبی اکرم ﷺ کے مقصد بعثت کو بیان کیا گیا ہے جو دین آپ لے کر آئے ہیں اس کو بالفعل دنیا پر غالب کرنا اور قائم کرنا آپؐ کے فرض منصبی ہے۔اس مقصد میں وہ لوگ آپؐ کے دست وبازو بنیں گے جو آپ پر ایمان لائے۔ چنانچہ انتہائی پُر زور دعوت ہے کہ اے اہل ایمان اگر تم چاہتے ہو کہ واقعتاً اللہ کے عذاب سے چھٹکارا پانا ہے تو تمہارے لئے ایک ہی راستہ کھلا ہے اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور اپنے جان و مال اس راہ میں کھپا دو۔

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

سورۂ جمعہ کی تفسیر

۱۲۳۵: حَدَّثَنَاعَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنِىْ ثَوْرُ بْنُ زَيْدِ الدِّيْلِىُّ عَنْ اَبِى الْغَيْثِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ فَتَلَاهَا فَلَمَّا بَلَغَ وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِنَا فَلَمْ يُكَلِّمْهُ قَالَ وَسَلْمَانُ فِيْنَا قَالَ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلٰى سَلْمَانَ فَقَالَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْكَانَ الْاِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا لَنَالَهٗ رِجَالٌ مِّنْ هٰؤُلَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ هُوَ وَالِدُ عَلِىِّ بْنِ

۱۲۳۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب سورۂ جمعہ نازل ہوئی تو ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس تھے۔ آپ ﷺ نے اسکی تلاوت کی۔ جب اس آیت پر پہنچے "وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ....الآیہ" (اور اٹھایا اس رسول کو ایک دوسرے لوگوں کے واسطے بھی انہی میں سے جو ابھی نہیں ملے ان میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔ الجمعہ آیت ۳۔) تو ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ وہ کون لوگ ہیں جو اب تک ہم میں شامل نہیں ہوئے ۔ آپؐ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسیؓ بھی اس مجلس میں موجود تھے ۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنا دست

الْمَدِيْنِيِّ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُو الْغَيْثِ اِسْمُهُ سَالِمٌ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعٍ وَثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ مَدَنِيٌّ وَثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ شَامِيٌّ.

مبارک سلمان پر رکھا اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر ایمان ثریا (ستارہ) میں بھی ہوتا تو ان میں سے چند لوگ اسے حاصل کر لیتے۔ یہ حدیث غریب ہے اور عبداللہ بن جعفر، علی بن مدینی کے والد ہیں۔ یحییٰ بن معین انہیں ضعیف کہتے ہیں۔ یہ حدیث اور سند سے بھی رسول اللہ ﷺ سے منقول ہے اور ابوغیث کا نام سالم ہے وہ عبداللہ بن مطیع کے مولیٰ ہیں۔ ثور بن زید مدنی اور ثور بن یزید کا تعلق شام سے ہے۔

۱۲۳۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا حُصَيْنٌ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا اِذْقَدِمَتْ عِيْرُ الْمَدِيْنَةِ فَابْتَدَرَهَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ اِلَّا اثْنَا عَشَرَ رَجُلاً فِيْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْلَهْوَنِ انْفَضُّوْا اِلَيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۳۶: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہو کر جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے کہ ایک مدینہ کا قافلہ آیا۔ صحابہؓ اسکی طرف دوڑ پڑے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے پاس صرف بارہ آدمی رہ گئے جن میں ابوبکرؓ وعمرؓ بھی تھے اور یہ آیت نازل ہوئی "وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْلَهْوَن ..... الآیہ" (اور جب دیکھیں سودا بکتا یا کچھ تماشہ، متفرق ہو جائیں اسکی طرف اور تجھ کو چھوڑ جائیں کھڑا۔ تو کہہ جو اللہ کے پاس ہے سو بہتر ہے تماشے سے اور سوداگری سے اور اللہ بہتر روزی دینے والا ہے۔ الجمعہ آیت۔۱۱) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۳۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا حُصَيْنٌ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۳۷: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے انہوں نے ہشیم سے وہ حصین سے وہ سالم بن ابی جعد سے وہ جابر سے اور وہ نبی ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ الجمعۃ: سابقہ سورت میں جو مضمون ذکر ہوا اس کا دوسرا رخ سامنے آتا ہے دین کے غلبے کے لئے نبی اکرم کا بنیادی طریق کار اور اساسی منہاج کیا ہے لوگوں کے سامنے اللہ کی آیات پڑھنا' ان کو پاک کرنا اور ان کو کتاب وحکمت سکھانا' گویا یہ سارا عمل قرآن مجید کے گرد گھومتا ہے۔ اسی کو ذہنوں میں اتارنا' دلوں میں بٹھانا' اسی کے ذریعے سے افراد کے دلوں میں تبدیلی پیدا کرنا' ان کے اخلاق وکردار میں انقلاب لانا اور اسی سے معاشرے میں تبدیلی لانا ہے۔ آخر میں جمعہ کے احکام ہیں اور اس کی مناسبت یہی ہے کہ جمعہ میں اصل اہمیت خطبہ جمعہ کی ہے جمعہ کو جمعہ بنانے والی چیز خطبہ جمعہ اور خطبہ جمعہ کی غرض وغایت ہے۔ اللہ کی کتاب کی تعلیم یعنی کوئی نائب رسول منبر رسول پر کھڑا ہو کر وہی تعلیم وتزکیہ کی تعلیم دے۔

سُوْرَةُ الْمُنَافِقِيْنَ

سورۂ منافقون کی تفسیر

۱۲۳۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى

۱۲۳۸: حضرت زید بن ارقمؓ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا کے

عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَمِّيْ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيِّ ابْنَ سَلُوْلٍ يَقُوْلُ لِاَصْحَابِهٖ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّيْ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عَمِّيْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ وَاَصْحَابِهٖ فَحَلَفُوْا مَا قَالُوْا فَكَذَّبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَهٗ فَاَصَابَنِيْ شَيْءٌ لَمْ يُصِبْنِيْ شَيْءٌ قَطُّ مِثْلُهٗ لَمْ يُصِبْنِيْ فَجَلَسْتُ فِي الْبَيْتِ فَقَالَ عَمِّيْ مَا اَرَدْتَّ اِلَّا اَنْ كَذَّبَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَقَتَكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ فَبَعَثَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ وَقَدْ صَدَّقَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ:

ساتھ تھا کہ عبداللہ بن ابی بن سلول کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو لوگ رسول اللہ علیہ کے ساتھ ہیں ان پر خرچ مت کرو۔ یہاں تک کہ وہ آپ علیہ کے پاس سے ہٹ جائیں۔ اور اگر ہم مدینہ واپس آئے تو عزت دار لوگ ذلیل لوگوں (یعنی صحابہ ومہاجرین) کو نکال دیں گے۔ میں نے اس بات کا ذکر اپنے چچا سے کیا اور انہوں نے نبی اکرم علیہ تک یہ بات پہنچا دی۔ اس پر آپ علیہ نے مجھے بلوا کر پوچھا۔ میں نے پوری بات بیان کی تو آپ علیہ نے عبداللہ بن ابی اور اسکے ساتھیوں کو بلوایا۔ انہوں نے آ کر قسم کھائی کہ ہم نے یہ بات نہیں کی۔ چنانچہ رسول اللہ علیہ نے مجھے جھٹلایا اور انکو سچا تسلیم کر لیا۔ حضرت زید فرماتے ہیں مجھے اس کا اتنا دکھ ہوا کہ کبھی زندگی میں اتنا دکھ نہیں ہوا۔ میں گھر میں بیٹھ گیا تو چچا کہنے لگے کہ تم یہی چاہتے تھے کہ رسول اللہ علیہ تمہیں جھٹلا دیں اور تجھ سے خفا ہوں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی " اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ ....الخ" (جب آئیں تیرے پاس منافق کہیں ہم قائل ہیں، تو رسول ہے اللہ کا اور اللہ جانتا ہے کہ تو اسکا رسول ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق جھوٹے ہیں۔ المنافقون آیت:۱) پھر آپ علیہ نے مجھے بلوایا اور یہ سورت پڑھنے کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۳۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْاَزْدِيِّ نَا زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مَعَنَا اُنَاسٌ مِّنَ الْاَعْرَابِ فَكُنَّا نَبْتَدِرُ الْمَاءَ وَكَانَ الْاَعْرَابُ يَسْبِقُوْنَا اِلَيْهِ فَسَبَقَ اَعْرَابِيٌّ اَصْحَابَهٗ فَيَسْبِقُ الْاَعْرَابِيُّ فَيَمْلَأُ الْحَوْضَ وَيَجْعَلُ حَوْلَهٗ حِجَارَةً وَيَجْعَلُ النِّطْعَ عَلَيْهِ حَتّٰى يَجِيْءَ اَصْحَابُهٗ قَالَ فَاَتٰى رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اَعْرَابِيًّا فَاَرْخٰى زِمَامَ نَاقَتِهٖ لِتَشْرَبَ فَاَبٰى اَنْ يَّدَعَهٗ فَانْتَزَعَ قِبَاضَ الْمَآءِ فَرَفَعَ الْاَعْرَابِيُّ خَشَبَةً فَضَرَبَ بِهَا رَاْسَ

۱۲۳۹: حضرت زید بن ارقمؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ نبی اکرم علیہ کے ساتھ جنگ کے لیے گئے، ہمارے ساتھ کچھ دیہاتی بھی تھے۔ ہم لوگ تیزی سے پانی کی طرف دوڑے۔ دیہاتی ہم سے پہلے وہاں پہنچ گئے اور ایک دیہاتی نے پہنچ کر حوض بھرا اور اسکے گرد پتھر لگا کر اس پر چمڑا ڈال دیا۔ (تاکہ کوئی اور پانی نہ لے سکے) صرف اسکے ساتھی ہی وہاں آئیں۔ ایک انصاری اسکے پاس گیا اور اپنی اونٹنی کی مہار ڈھیلی کر دی تاکہ وہ پانی پی لے۔ لیکن دیہاتی نے انکار کر دیا۔ اس پر انصاری نے پانی کی روک ہٹا دی (تاکہ پانی بہہ جائے) اس دیہاتی نے ایک لکڑی اٹھائی اور انصاری کے سر

الْاَنْصَارِیَّ فَشَجَّهُ فَاَتٰی عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اُبَیٍّ رَأْسَ الْمُنَافِقِیْنَ فَاَخْبَرَهٗ كَانَ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَغَضِبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَیٍّ ثُمَّ قَالَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَنْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِهٖ یَعْنِی الْاَعْرَابَ وَ كَانُوْا یَحْضُرُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا انْفَضُّوْا مِنْ عِنْدِ مُحَمَّدٍ فَاْتُوْا مُحَمَّدًا بِالطَّعَامِ فَلْیَاْكُلْ هُوَ وَ مَنْ عِنْدَهٗ ثُمَّ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَی الْمَدِیْنَةِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْكُمُ الْاَذَلَّ قَالَ زَیْدٌ وَاَنَا رِدْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَیٍّ فَاَخْبَرْتُ عَمِّیْ فَانْطَلَقَ فَاَخْبَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَحَلَفَ وَ جَحَدَ قَالَ فَصَدَّقَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَّبَنِیْ قَالَ فَجَاءَ عَمِّیْ اِلَیَّ فَقَالَ مَا اَرَدْتَ اِلٰی اَنْ مَقَتَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَّبَكَ وَالْمُسْلِمُوْنَ قَالَ فَوَقَعَ عَلَیَّ مِنَ الْهَمِّ مَا لَمْ یَقَعْ عَلٰی اَحَدٍ قَالَ فَبَیْنَمَا اَنَا اَسِیْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ قَدْ خَفَقْتُ بِرَاْسِیْ مِنَ الْهَمِّ اِذْ اَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَكَ اُذُنِیْ وَضَحِكَ فِیْ وَجْهِیْ فَمَا كَانَ یَسُرُّنِیْ اَنَّ لِیْ بِهَا الْخُلْدَ فِی الدُّنْیَا ثُمَّ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ لَحِقَنِیْ فَقَالَ مَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ مَاقَالَ لِیْ شَیْئًا اِلَّا اَنَّهٗ عَرَكَ اُذُنِیْ وَضَحِكَ فِیْ وَجْهِیْ فَقَالَ اَبْشِرْ ثُمَّ لَحِقَنِیْ عُمَرُ فَقُلْتُ لَهٗ مِثْلَ قَوْلِیْ لِاَبِیْ بَكْرٍ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُوْرَةَ الْمُنَافِقِیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

پر ماردی جس سے اس کا سر پھٹ گیا اور وہ منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی کے پاس آیا۔ یہ قصہ سن کر عبداللہ بن ابی نے کہا کہ ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ہیں۔ یہاں تک کہ وہ ان کے پاس سے چلے جائیں۔ یعنی دیہاتی لوگ۔ یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس کھانے کے وقت حاضر ہوا کرتے تھے۔ عبداللہ بن ابی کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ کھانا اس وقت لے کر جایا کرو جب یہ لوگ جا چکیں تاکہ صرف وہ اور ان کے ساتھی ہی کھا سکیں۔ پھر کہنے لگا کہ جب ہم مدینہ واپس جائیں گے تو وہاں کے عزت دار لوگوں کو چاہیے کہ ذلیل لوگوں (یعنی اعراب) کو وہاں سے نکال دیں حضرت زیدؓ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت نبی اکرم ﷺ کے پیچھے سوار تھا۔ میں نے عبداللہ کی بات سنی اور پھر اپنے چچا کو بتادی۔ چچا نے رسول اللہ ﷺ کو بتادی اور آپ ﷺ نے عبداللہ بن ابی کو بلوایا تو اس نے آکر قسم کھائی اور اس بات کا انکار کر دیا کہ اس نے یہ نہیں کہا۔ حضرت زیدؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اسے سچا سمجھ کر مجھے جھٹلا دیا۔ پھر میرے چچا میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ تم یہی چاہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ تم سے ناراض ہوں اور آپ ﷺ اور مسلمان تمہیں جھٹلا دیں۔ حضرت زیدؓ فرماتے ہیں۔ مجھے اس کا اتنا دکھ ہوا کہ کسی اور کو نہ ہوا ہوگا۔ پھر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سر جھکائے چل رہا تھا کہ نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میرا کان کھینچ کہ میرے سامنے ہنسنے لگے۔ مجھے اگر دنیا میں ہمیشہ رہنے کی خوشخبری بھی ملتی تو بھی میں اتنا خوش نہ ہوتا جتنا اس وقت ہوا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ مجھے ملے اور پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے تم سے کیا کہا؟ میں نے کہا: کچھ فرمایا تو نہیں بس میرا کان ملا اور ہنسنے لگے۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: تمہیں بشارت ہو۔ پھر حضرت عمرؓ مجھ سے ملے۔ انہوں نے بھی اسی طرح پوچھا اور میں نے بھی وہی جواب دیا۔ چنانچہ صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے سورۂ منافقون پڑھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ قَالَ اَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ مُنْذُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَالَ فِي غَزْوَةِ تَبُوْكَ لَئِنْ رَجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ قَالَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَحَلَفَ مَا قَالَهُ فَلَامَنِيْ قَوْمِيْ فَقَالُوْا مَا اَرَدْتَّ اِلٰى هٰذِهٖ فَاَتَيْتُ الْبَيْتَ وَ نِمْتُ كَئِيْبًا حَزِيْنًا فَاَتَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ اَتَيْتُهُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۴۰: حکم بن عتیبہ سے روایت ہے کہ میں نے محمد بن کعب قرظی سے چالیس سال پہلے زید بن ارقم کے حوالے سے یہ حدیث سنی کہ عبداللہ بن ابی نے غزوۂ تبوک کے موقع پر کہا کہ جب ہم مدینہ جائیں گے تو وہاں کے عزت دار لوگ ذلیل لوگوں کو باہر کریں گے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور یہ بات بتائی تو عبداللہ بن ابی نے قسم کھائی کہ میں نے یہ بات نہیں کی۔ اس پر میری قوم کے لوگ مجھے ملامت کرتے ہوئے کہنے لگے کہ اس جھوٹ بولنے سے تمہارا کیا مقصد تھا؟ میں گھر آیا اور غمگین وحزین ہو کر سو گیا۔ پھر آپ ﷺ میرے پاس تشریف لائے یا میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے تمہاری بات کی تصدیق کی ہے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی ''ھُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا ....الآیہ'' (وہی ہیں جو کہتے ہیں مت خرچ کرو ان پر، جو پاس رہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے یہاں تک کہ متفرق ہو جائیں۔ المنافقون آیت: ۷) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۴۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ كُنَّا فِيْ غَزَاةٍ قَالَ سُفْيَانُ يَرَوْنَ اَنَّهَا غَزْوَةُ بَنِيْ مُصْطَلِقٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ وَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ يَا لَلْاَنْصَارِ فَسَمِعَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالُوْا رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَسَعَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ فَسَمِعَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ ابْنُ سَلُوْلٍ فَقَالَ اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا وَاللّٰهِ لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِيْ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو فَقَالَ لَهُ

۱۲۴۱: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک غزوہ میں تھے۔ سفیان کہتے ہیں کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ غزوہ بنی مصطلق کا واقعہ ہے۔ اس میں ایک مہاجر نے ایک انصاری کو دھتکار دیا۔ اس پر مہاجر کہنے لگے اے مہاجر و اور انصاری انصار کو پکارنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے جب یہ سنا تو فرمایا کیا بات ہے یہ جاہلیت کی پکار کی کیا وجہ ہے؟ عرض کیا گیا کہ ایک مہاجر نے ایک انصاری کو دھتکار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ زمانہ جاہلیت کی (اس عادت) کو چھوڑ دو یہ بری چیز ہے۔ یہ بات عبداللہ بن ابی نے سنی تو کہنے لگا کہ ان لوگوں نے اس طرح کیا ہے؟ جب ہم مدینہ جائیں گے تو وہاں کے معززین، ذلیل لوگوں کو وہاں سے نکال دیں گے۔ حضرت عمرؓ فرمانے لگے: یارسول اللہ ﷺ مجھے اجازت دیجئے کہ اس منافق کی گردن اتار دوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جانے دو، ورنہ لوگ کہیں گے کہ محمد (ﷺ) اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے علاوہ دوسرے

ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَا تَنْقَلِبُ حَتّٰى تُقِرَّ اَنَّكَ الذَّلِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَزِيْزُ فَفَعَلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

راوی کہتے ہیں کہ اس پر عبداللہ بن ابی کے بیٹے نے اپنے باپ سے کہا کہ اللہ کی قسم ہم اس وقت تک یہاں سے نہیں جائیں گے جب تک تم اس بات کا اقرار نہ کرو کہ تم ذلیل اور نبی اکرم ﷺ معزز ہیں۔ پھر اس نے اقرار کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۴۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَنَا اَبُوْ جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يُبَلِّغُهُ حَجَّ بَيْتِ رَبِّهٖ اَوْيَجِبُ عَلَيْهِ فِيْهِ زَكٰوةٌ فَلَمْ يَفْعَلْ يَسْاَلِ الرَّجْعَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اتَّقِ اللّٰهَ فَاِنَّمَا يَسْاَلُ الرَّجْعَةَ الْكُفَّارُ فَقَالَ سَاَتْلُوْ عَلَيْكَ قُرْاٰنًا يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَا اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ يَاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلُ رَبِّ لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ فَاَصَّدَّقَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ قَالَ فَمَا يُوْجِبُ الزَّكٰوةَ قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَالُ مِائَتَيْنِ فَصَاعِدًا قَالَ فَمَا يُوْجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُ وَالْبَعِيْرُ.

۱۲۴۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جس شخص کے پاس اتنا مال ہو کہ وہ حج بیت اللہ کے لیے جا سکے یا اس مال پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہو لیکن وہ نہ حج کرے اور نہ زکوٰۃ دے تو موت کے وقت اسکی تمنا ہوگی کہ کاش میں واپس دنیا میں چلا جاؤں۔ ایک شخص نے عرض کیا: ابن عباسؓ اللہ سے ڈرو (دنیا میں) لوٹنے کی تمنا تو کفار کریں گے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں اسکے متعلق تمہارے سامنے قرآن مجید پڑھتا ہوں پھر یہ آیت پڑھی ''یَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ ...الآیۃ'' (اے ایمان والو غافل نہ کردیں تم کو تمہارے مال اور تمہاری اولاد اللہ کی یاد سے اور جو کوئی یہ کام کرے تو وہی لوگ ہیں خسارے میں اور خرچ کرو کچھ ہمارا دیا ہوا، اس سے پہلے کہ آ پہنچے تم میں کسی کو موت۔ تب کہے اے رب کیوں نہ ڈھیل دی تو نے مجھ کو ایک تھوڑی سی مدت کہ میں خیرات کرتا اور ہو جاتا نیک لوگوں میں اور ہرگز نہ ڈھیل دے گا اللہ کسی جی کو۔ جب آ پہنچا اس کا وعدہ اور اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو۔ آیت: ۹ تا ۱۱) اس شخص نے پوچھا کہ زکوٰۃ کتنے مال پر واجب ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر دو سو درہم یا اس سے زیادہ ہو۔ پھر اس نے پوچھا کہ حج کب فرض ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا زادراہ اور سواری ہونے پر۔

۱۲۴۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ حَيَّةَ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ هٰكَذَا رَوَى ابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ جَنَابٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَاَبُوْ جَنَابٍ الْقَصَّابُ اِسْمُهُ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ حَيَّةَ وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ

۱۲۴۳: ہم سے روایت کی عبد بن حمید نے انہوں نے عبدالرزاق سے وہ ثوری سے وہ یحییٰ بن ابی حیہ سے وہ ضحاک سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں۔ ابن عیینہ اور کئی راوی بھی یہ حدیث ابوخباب سے وہ ضحاک سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی طرح انہی کا قول نقل کرتے ہیں اور عبدالرزاق کی روایت سے یہ زیادہ صحیح ہے اور ابوخباب کا نام یحییٰ ہے، وہ

فِي الْحَدِيْثِ.

حدیث میں قوی نہیں۔

سورۃ المنافقون: نفاق کے موضوع پر قرآن مجید کی انتہائی مختصر مگر جامع سورۃ ہے۔ اس کے ایک رکوع میں نفاق کی علامت اس کی ہلاکت خیزیاں جبکہ دوسرے رکوع میں اس مرض سے بچاؤ کی تدابیر اور اگر کوئی چھوت لگ بھی جائے تو اس کے علاج اور معالجہ کی صورت بتائی گئی ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ التَّغَابُنِ

۱۲۴۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ نَا اِسْرَائِيْلُ نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَسَاَلَهُ رَجُلٌ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ قَالَ هٰۤؤُلَآءِ رِجَالٌ اَسْلَمُوْا مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ وَاَرَادُوْا اَنْ يَّاْتُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبٰى اَزْوَاجُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ اَنْ يَّدَعُوْهُمْ اَنْ يَّاْتُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَوُا النَّاسَ قَدْ فَقِهُوْا فِي الدِّيْنِ هَمُّوْا اَنْ يُّعَاقِبُوْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تفسیر سورۃ التغابن

۱۲۴۴: حضرت ابن عباسؓ سے کسی نے اس آیت: ''يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ ....الآیہ'' (اے ایمان والو بے شک تمہاری بیویوں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن بھی ہیں سوان سے بچتے رہو اور اگر تم معاف کرو اور درگزر کرو اور بخش دو تو اللہ بھی بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ التغابن: آیت ۱۴) کی تفسیر پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو مکہ میں اسلام لائے تھے اور چاہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوں لیکن انہیں انکی بیویوں اور اولاد نے روک دیا۔ چنانچہ وہ لوگ مدینہ آئے تو دیکھا کہ لوگ دین کو کافی سمجھنے لگے ہیں تو انہوں نے چاہا کہ آپ ﷺ ان کو سزا دیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور حکم دیا کہ ان سے ہوشیار رہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ التغابن: یہ نفاق کے بالکل برعکس ایمان کی حقیقت اور اس کے ثمرات ولوازم اس کے نتائج اس کے متضمنات کو بیان کرتی ہے کہ ایمان کے اجزاء کیا ہیں اور ایمان اگر واقعتاً دلوں میں جاگزیں ہو جائے تو زندگیوں میں کیا انقلاب آئے گا' کیا کیا تبدیلیاں برپا ہوں گی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ التَّحْرِيْمِ

۱۲۴۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ ثَوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ لَمْ اَزَلْ حَرِيْصًا اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْاَتَيْنِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ اِنْ تَتُوْبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

سورۂ تحریم کی تفسیر

۱۲۴۵: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں چاہتا ہوں کہ عمرؓ سے ان دو عورتوں کے متعلق پوچھوں کہ ازواج مطہرات میں سے کون ہیں جن کے متعلق یہ آیات نازل ہوئی'' اِنْ تَتُوْبَا اِلَى اللّٰهِ ...الآیہ'' (اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو تو جھک پڑے ہیں دل تمہارے۔ التحریم آیت: ۴) یہاں تک کہ

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا حَتّٰى حَجَّ عُمَرُ وَ حَجَجْتُ مَعَهٗ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْاِدَاوَةِ فَتَوَضَّأَ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنِ الْمَرْأَتَانِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَانِ قَالَ اللّٰهُ اِنْ تَتُوْبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا فَقَالَ لِيْ وَعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَكَرِهَ وَاللّٰهِ مَا سَاَلَهٗ عَنْهُ وَلَمْ يَكْتُمْهُ فَقَالَ لِيْ هِيَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ قَالَ ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُنِي الْحَدِيْثَ فَقَالَ كُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَآءَ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ فَطَفِقَ نِسَآءُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَآءِهِمْ فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلَى امْرَاَتِيْ فَاِذَا هِيَ تُرَاجِعُنِيْ فَاَنْكَرْتُ اَنْ تُرَاجِعَنِيْ فَقَالَتْ مَاتُنْكِرُ مِنْ ذٰلِكَ فَوَاللّٰهِ اَنَّ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهٗ وَتَهْجُرُهٗ اِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ اِلَى اللَّيْلِ قَالَ فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ قَدْ خَابَتْ مَنْ فَعَلَتْ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ وَخَسِرَتْ قَالَ وَكَانَ مَنْزِلِيْ بِالْعَوَالِيْ فِيْ بَنِيْ اُمَيَّةَ وَكَانَ لِيْ جَارٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ كُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُوْلَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَيَنْزِلُ يَوْمًا وَيَاْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْوَحْيِ وَغَيْرِهٖ وَاَنْزِلُ يَوْمًا فَاٰتِيْهِ بِمِثْلِ ذٰلِكَ قَالَ فَكُنَّا نُحَدَّثُ اَنَّ غَسَّانَ تُنْعِلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوَنَا قَالَ فَجَآءَنِيْ يَوْمًا عِشَآءً فَضَرَبَ عَلَى الْبَابِ فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ حَدَثَ اَمْرٌ عَظِيْمٌ قُلْتُ اَجَاءَتْ غَسَّانُ قَالَ اَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَآءَهٗ قَالَ فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ قَدْ خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ قَدْ كُنْتُ اَظُنُّ هٰذَا كَائِنًا قَالَ فَلَمَّا صَلَّيْتُ الصُّبْحَ شَدَدْتُ عَلَيَّ ثِيَابِيْ ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَاِذَا هِيَ تَبْكِيْ فَقُلْتُ اَطَلَّقَكُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمرؓ نے حج کیا میں ان کے ساتھ ہی تھا۔ پھر میں نے برتن سے ان کو وضو کرانے کے لیے پانی ڈالنا شروع کیا اور اسی دوران ان سے عرض کیا کہ اے امیر المؤمنینؓ وہ دو بیویاں کون سی ہیں جن کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت عمرؓ فرمانے لگے تعجب ہے ابن عباسؓ کہ تمہیں یہ بھی معلوم نہیں۔ زہری کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو یہ برا لگا لیکن انہوں نے چھپایا نہیں اور فرمایا وہ عائشہؓ اور حفصہؓ ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ پھر قصہ سنانے لگے کہ ہم قریش والے عورتوں کو دبا کر رکھتے تھے۔ جب ہم لوگ مدینہ آئے تو ایسے لوگوں سے ملے جن کی عورتیں ان پر غالب رہتی تھیں۔ اس وجہ سے ہماری عورتیں بھی ان سے عادتیں سیکھنے لگیں۔ میں ایک دن اپنی بیوی کو غصہ ہوا تو وہ مجھے جواب دینے لگی۔ مجھے یہ بہت ناگوار گزرا۔ وہ کہنے لگی تمہیں کیوں ناگوار گزر رہا ہے۔ اللہ کی قسم ازواج مطہرات بھی رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہیں دن سے رات تک آپ ﷺ سے (بات کرنا) ترک کر دیتی ہیں۔ میں نے دل میں سوچا کہ جس نے ایسا کیا وہ تو نقصان میں رہ گئی۔ میں قبیلہ بنوامیہ کے ساتھ عوالی کے مقام پر مقیم تھا۔ میرا ایک انصاری پڑوسی تھا۔ میں اور وہ باری باری نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر رہا کرتے تھے۔ ایک دن وہ اور ایک دن میں اور دونوں ایک دوسرے کو وحی وغیرہ کے متعلق بتایا کرتے تھے۔ ہم لوگوں میں (ان دنوں) اس بات کا چرچا تھا کہ غسان ہم لوگوں سے جنگ کی تیاری کر رہا ہے۔ ایک دن میرا پڑوسی آیا اور رات کے وقت میرا دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نکلا تو کہنے لگا کہ ایک بڑی بات ہوگئی ہے۔ میں نے کہا کیا ہوا۔ کیا غسان آ گیا ہے۔ کہنے لگا اس سے بھی بڑی اور وہ یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ حفصہؓ ناکام اور محروم ہوگئی۔ میں پہلے ہی سوچ رہا تھا کہ یہ ہونے والا ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے صبح کی نماز پڑھی اور کپڑے

قَالَتْ لَا اَدْرِیْ هُوَذَا مُعْتَزِلٌ فِیْ هٰذِهِ الْمَشْرُبَةِ قَالَ فَانْطَلَقْتُ فَاَتَيْتُ غُلَامًا اَسْوَدَ فَقُلْتُ اِسْتَاذِنْ لِعُمَرَ قَالَ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَیَّ قَالَ قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا قَالَ فَانْطَلَقْتُ اِلَی الْمَسْجِدِ فَاِذَا حَوْلَ الْمِنْبَرِ نَفَرٌ يَبْكُوْنَ فَجَلَسْتُ اِلَيْهِمْ ثُمَّ غَلَبَنِیْ مَا اَجِدُ فَاَتَيْتُ الْغُلَامَ فَقُلْتُ اِسْتَاذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَیَّ قَالَ قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا فَانْطَلَقْتُ اِلَی الْمَسْجِدِ اَيْضًا فَجَلَسْتُ ثُمَّ غَلَبَنِیْ مَا اَجِدُ فَاَتَيْتُ الْغُلَامَ فَقُلْتُ اِسْتَاذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَیَّ فَقَالَ قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا قَالَ فَوَلَّيْتُ مُنْطَلِقًا فَاِذَا الْغُلَامُ يَدْعُوْنِیْ فَقَالَ ادْخُلْ فَقَدْ اُذِنَ لَكَ قَالَ فَدَخَلْتُ فَاِذَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِیٌٔ عَلٰی رَمْلِ حَصِيْرٍ فَرَاَيْتُ اَثَرَهٗ فِیْ جَنْبَيْهِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَطَلَّقْتَ نِسَآءَكَ قَالَ لَا قُلْتُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَوْ رَاَيْتَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَآءَ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَآؤُهُمْ فَطَفِقَ نِسَآؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَاءِ هِمْ فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلٰی امْرَاَتِیْ فَاِذَا هِیَ تُرَاجِعُنِیْ فَاَنْكَرْتُ ذٰلِكَ فَقَالَتْ مَاتُنْكِرُ فَوَاللّٰهِ اِنَّ اَزْوَاجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهٗ وَتَهْجُرُهٗ اِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ اِلَی اللَّيْلِ قَالَ فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ اَتُرَاجِعِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ نَعَمْ وَتَهْجُرُهٗ اِحْدَانَا الْيَوْمَ اِلَی اللَّيْلِ قَالَ فَقُلْتُ قَدْ خَابَتْ مَنْ فَعَلَتْ ذٰلِكَ مِنْكُنَّ وَخَسِرَتْ اَتَاْمَنُ اِحْدَاكُنَّ اَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هِیَ قَدْ هَلَكَتْ فَتَبَسَّمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ لَا تُرَاجِعِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا

وغیرہ لے کر نکل کھڑا ہوا۔ جب حفصہؓ کے ہاں پہنچا تو وہ رو رہی تھی۔ میں نے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ نے تمہیں طلاق دے دی ہے۔؟ کہنے لگی مجھے نہیں معلوم۔ نبی اکرم ﷺ اس جھروکے میں الگ تھلگ ہو کر بیٹھ گئے ہیں، پھر میں ایک کالے لڑکے کے پاس گیا اور اسے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے عمرؓ کے لیے اجازت مانگو۔ وہ اندر گیا اور واپس آ کر بتایا کہ آپ ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں مسجد گیا تو دیکھا کہ منبر کے گرد چند آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں بھی ان کے قریب بیٹھ گیا لیکن وہی سوچ غالب ہوئی تو وہ دوبارہ اس لڑکے کو اجازت لینے کے لیے بھیجا۔ اس نے واپس آ کر وہی جواب دیا۔ میں دوبارہ مسجد کی طرف آ گیا لیکن اس مرتبہ اور شدت سے اس فکر کا غلبہ ہوا اور میں پھر لڑکے کے پاس آیا اور اسے اجازت لینے کے لیے بھیجا۔ اس مرتبہ بھی اس نے واپس آ کر وہی جواب دیا کہ نبی اکرم ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں جانے کیلئے مڑا تو دفعۃً اس لڑکے نے مجھے پکارا اور کہا کہ اندر چلے جائیں رسول اللہ ﷺ نے آپ کو اجازت دے دی ہے۔ میں داخل ہوا تو رسول اللہ ﷺ ایک چٹائی پر تکیہ لگائے بیٹھے تھے۔ جس کے نشانات نبی اکرم ﷺ کے دونوں جانب واضح تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''نہیں'' حضرت عمرؓ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ دیکھئے ہم قریش والے عورتوں پر غالب رہتے تھے پھر جب ہم مدینہ آ گئے تو ہم ایسی قوم سے ملے جن کی عورتیں ان پر غالب ہوتی ہیں۔ اور انکی عادتیں ہماری عورتیں بھی سیکھنے لگیں۔ چنانچہ میں ایک مرتبہ اپنی بیوی پر غصہ ہوا تو وہ مجھے جواب دینے لگی تو مجھے بہت برا لگا تو کہنے لگی کہ تمہیں کیوں برا لگتا ہے۔ اللہ کی قسم رسول اللہ ﷺ کی بیویاں بھی آپ ﷺ کو جواب دیتی ہیں۔

تَسْاَلِيْهِ شَيْئًا وَسَلِيْنِيْ مَا بَدَالَكِ وَلَا يَغُرَّنَّكِ اَنْ كَانَتْ صَاحِبَتُكِ اَوْسَمَ مِنْكِ وَاَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَتَبَسَّمَ اُخْرٰى فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَاْنِسُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَمَارَاَيْتُ فِي الْبَيْتِ اِلَّا اُهُبَةً ثَلَاثَةً فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يُوَسِّعَ عَلٰى اُمَّتِكَ فَقَدْ وَسَّعَ عَلٰى فَارِسَ وَالرُّوْمِ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَهُ فَاسْتَوٰى جَالِسًا فَقَالَ اَفِيْ شَكٍّ اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اُوْلٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قَالَ وَكَانَ اَقْسَمَ اَنْ لَا يَدْخُلَ عَلٰى نِسَآئِهِ شَهْرًا فَعَاتَبَهُ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ فَجَعَلَ لَهُ كَفَّارَةَ الْيَمِيْنِ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَاَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَأَبِيْ فَقَالَ يَا عَآئِشَةُ اِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ شَيْئًا فَلَا تَعْجَلِيْ حَتّٰى تَسْتَامِرِيْ اَبَوَيْكِ قَالَتْ ثُمَّ قَرَأَهٰذِهِ الْاٰيَةَ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِاَ زْوَاجِكَ الْاٰيَةَ قَالَتْ عَلِمَ وَاللّٰهِ اَنَّ اَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَاْمُرَانِيْ بِفِرَاقِهِ قَالَتْ فَقُلْتُ اَفِيْ هٰذَا اَسْتَامِرُ اَبَوَيَّ فَاِنِّيْ اُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ قَالَ مَعْمَرٌ فَاَخْبَرَنِيْ اَيُّوْبُ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تُخْبِرْ اَزْوَاجَكَ اِنِّي اخْتَرْتُكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا بَعَثَنِي اللّٰهُ مُبَلِّغًا وَلَمْ يَبْعَثْنِيْ مُتَعَنِّتًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

اور ایسی بھی ہیں جو پورا پورا دن نبی اکرم ﷺ سے خفا رہتی ہیں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ پھر میں نے حفصہؓ سے پوچھا کہ کیا تم رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہو؟ انہوں نے کہا ہاں اور ہم میں سے ایسی بھی ہیں۔ جو دن سے رات تک آپ ﷺ سے خفا رہتی ہیں۔ میں نے کہا بے شک تم میں سے جس نے ایسا کیا وہ برباد ہوگئی۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات سے نہیں ڈرتی کہ رسول اللہ ﷺ کی ناراضگی کی وجہ سے اللہ اس سے ناراض نہ ہو جائیں اور وہ ہلاک ہو جائے اس پر رسول اللہ ﷺ مسکرائے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ میں نے حفصہؓ سے کہا تم نبی اکرم ﷺ کے سامنے مت بولنا، ان سے کوئی چیز مت مانگنا۔ تمہیں جس چیز کی ضرورت ہو مجھ سے مانگ لیا کرو اور اس خیال میں مت رہو کہ تمہاری سوکن تم سے زیادہ خوبصورت اور رسول اللہ ﷺ کو زیادہ محبوب ہے۔ (یعنی اسکی برابری نہ کر) اس مرتبہ رسول اللہ ﷺ دوبارہ مسکرائے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا میں بیٹھا رہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''ہاں'' حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو گھر میں تین کھالوں کے علاوہ کچھ نظر نہیں آیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اللہ سے دعا کیجئے کہ آپ ﷺ کی امت پر کشادگی (وسعت رزق) کرے اس نے فارس اور روم کو اسکی عبادت نہ کرنے کے باوجود خوب مال دیا ہے۔ اس مرتبہ نبی اکرم ﷺ اٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا: اے ابن خطاب کیا تم ابھی تک شک میں ہو، وہ لوگ تو ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی نیکیوں کا بدلہ انہیں دنیا میں ہی دے دیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے قسم کھائی تھی کہ ایک ماہ تک اپنی بیویوں کے پاس نہیں جائیں گے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے عتاب کیا اور آپ ﷺ کو قسم کا کفارہ ادا کرنے کا حکم دیا۔ زہری کہتے ہیں کہ مجھے عروہ نے حضرت عائشہؓ کے حوالے سے بتایا کہ جب انتیس دن گزرے تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور مجھ سے ابتداء کی اور فرمایا: عائشہؓ میں تمہارے سامنے ایک بار کا ذکر کرتا ہوں تم جواب دینے میں جلدی نہ کرنا اور اپنے والدین سے مشورہ کر کے جواب دینا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِاَ زْوَاجِكَ ..... الآیہ'' (یعنی اے نبی اپنی

بیویوں سے کہہ دیجئے کہ اگر تم دنیاوی زندگی اور اسکی بہار چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ متاع (مال) دے کر بخوبی رخصت کردوں اور اگر اللہ، اس کے رسول ﷺ اور آخرت کو چاہتی ہو تو اللہ تعالیٰ نے نیک کرداروں کے لیے اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے۔) حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: اللہ کی قسم رسول اللہ ﷺ اچھی طرح جانتے تھے کہ میرے ماں باپ مجھے رسول اللہ ﷺ کو چھوڑنے کا حکم نہیں دیں گے۔ چنانچہ میں نے عرض کیا کہ اس میں والدین سے مشورہ لینے کی کیا ضرورت ہے۔ میں اللہ اور اسکے رسول اللہ ﷺ اور آخرت کو ترجیح دیتی ہوں۔ معمر کہتے ہیں کہ مجھے ایوب نے بتایا کہ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ دوسری بیویوں کو نہ بتائیے گا کہ میں نے آپ ﷺ کو اختیار کیا ہے۔ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیغام پہنچانے کے لیے بھیجا ہے نہ کہ مشقت میں ڈالنے کیلئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور کئی سندوں سے ابن عباسؓ سے منقول ہے۔

سورۃ الطلاق اور سورۃ التحریم : یہ دونوں سورتیں مسلمانوں کی عائلی زندگی سے بحث کرتی ہیں۔ ازدواجی زندگی میں وہ انتہائی حالات بھی پیدا ہو سکتے ہیں جس کا نتیجہ طلاق ہے۔ اس صورت سے سورۃ الطلاق بحث کر رہی ہے جبکہ ایک دوسری کیفیت یہ کہ ان بیویوں کی رضا جوئی اور دل جوئی اس درجہ مطلوب ہو جائے کہ اللہ کے احکام ٹوٹنے لگیں۔ اس پر سورۃ التحریم میں توجہ دلائی گئی ہے اور اس کے آخر میں یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ وہ پوری طرح مامور اور ذمہ دار ہستیاں ہیں۔ اللہ کے ہاں انہیں جواب دہ ہونا پڑے گا۔ وہ اپنے شوہروں کے تابع نہیں ہیں۔ اس ضمن میں تین عمدہ مثالیں بھی دی گئی ہیں بہترین شوہروں کے ہاں بہترین بیویاں اور بدترین شوہروں کے ہاں بہترین بیوی۔ اور کیا کہنے ہیں حضرت مریم صدیقہ علیہا السلام کے کہ وہ خود بھی انتہائی نیک سرشت تھیں اور انہیں اللہ نے ماحول بھی انتہائی عمدہ اور اعلیٰ عطا فرمایا۔ چنانچہ وہ نور علی نور کی مثال بن گئیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ نٓ وَالْقَلَمِ

۱۲۴۶: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ قَدِمْتُ مَكَّةَ فَلَقِيْتُ عَطَآءَ بْنَ اَبِیْ رَبَاحٍ فَقُلْتُ لَهٗ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّ اُنَاسًا عِنْدَنَا يَقُوْلُوْنَ فِی الْقَدَرِ فَقَالَ عَطَآءٌ لَقِيْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَقَالَ ثَنِیْ اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ فَقَالَ لَهٗ اُكْتُبْ فَجَرٰى بِمَا هُوَ كَائِنٌ اِلَى الْاَبَدِ وَ فِی الْحَدِيْثِ وَفِی الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَفِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

سورۂ قلم کی تفسیر

۱۲۴۶: عبدالواحد سلیم کہتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ آیا تو عطاء بن ابی رباح سے ملاقات کی تو عرض کیا: اے ابو محمد ہمارے ہاں کچھ لوگ تقدیر کا انکار کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میری ایک مرتبہ ولید بن عبادہ بن صامت سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا کہ: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز سے پہلے قلم کو پیدا کیا اور اسے حکم دیا کہ لکھو۔ اس نے ہمیشہ ہمیشہ ہونے والی ہر چیز لکھ دی اور اس حدیث میں ایک قصہ بھی ہے۔ یہ حدیث ابن عباسؓ کی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

سورۃ القلم : اس کا دوسرا نام سورۃ نون ہے اس کے آغاز میں نبی اکرم ﷺ کے اخلاق کی تعریف کی گئی ہے جس میں دوسری دوسری وحی کی آیات شامل ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے بارے میں لوگوں کے اقوال کہ آپ مجنون ہیں آپ کو تسلی دی گئی کہ آپ غمگین نہ ہوں آپ تو اخلاق کی بلندیوں پر فائز ہیں اور آپ کے رب کے پاس آپ کے لئے اجر غیر ممنون یعنی کبھی منقطع نہ ہونے والا اجر ہے۔ سورۃ کے اختتام پر آپ کو صبر کی تلقین کی گئی ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الحَاقَّةِ

۱۲۴۷. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرَةَ عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ زَعَمَ اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا فِي الْبَطْحَآءِ فِي عِصَابَةٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِيْهِمْ اِذْ مَرَّتْ عَلَيْهِمْ سَحَابَةٌ فَنَظَرُوْا اِلَيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا اسْمُ هٰذِهٖ قَالُوْا نَعَمْ هٰذَا السَّحَابُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُزْنُ قَالُوْا وَالْمُزْنُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَنَانُ قَالُوْا وَالْعَنَانُ ثُمَّ قَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ كَمْ بُعْدُ مَابَيْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ قَالُوْا لَا وَاللّٰهِ مَا نَدْرِيْ قَالَ فَاِنَّ بُعْدَمَا بَيْنَهُمَا اِمَّا وَاحِدَةٌ وَاِمَّا اثْنَتَانِ اَوْثَلَاثٌ وَسَبْعُوْنَ سَنَةً وَالسَّمَآءُ الَّتِيْ فَوْقَهَا كَذٰلِكَ حَتّٰى عَدَّدَ هُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ كَذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ فَوْقَ السَّمَآءِ السَّابِعَةِ بَحْرٌ بَيْنَ اَعْلَاهُ وَ اَسْفَلِهٖ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ اِلَى السَّمَآءِ وَفَوْقَ ذٰلِكَ ثَمَانِيَةُ اَوْ عَالٍ بَيْنَ اَظْلَافِهِنَّ وَرُكَبِهِنَّ مِثْلُ مَابَيْنَ سَمَآءٍ اِلٰى سَمَاءٍ ثُمَّ فَوْقَ ظُهُوْرِ هِنَّ الْعَرْشُ بَيْنَ اَسْفَلِهٖ وَاَعْلَاهُ مِثْلُ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ اِلَى السَّمَآءِ وَاللّٰهُ فَوْقَ ذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ مَعِيْنٍ يَقُوْلُ اَلَا يُرِيْدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ اَنْ يَّحُجَّ حَتّٰى يَسْمَعَ مِنْهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوَى الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِيْ ثَوْرٍ عَنْ سِمَاكٍ نَحْوَهٗ وَرَفَعَهٗ وَرَوٰى شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكٍ بَعْضَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاَوْقَفَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا

سورۂ حاقہ کی تفسیر

۱۲۴۷: حضرت عباس بن عبد المطلبؓ فرماتے ہیں کہ میں اور صحابہؓ کی ایک جماعت بطحاء کے مقام پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک بدلی گزری لوگ اسکی طرف دیکھنے لگے۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کہ کیا تم جانتے ہو کہ اس کا نام کیا ہے؟ عرض کیا ''جی ہاں'' یہ بادل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اور ''مزن'' بھی۔ عرض کیا جی ہاں ''مزن'' بھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا اور ''عنان'' بھی۔ عرض کیا جی ہاں ''عنان'' بھی پھر پوچھا کہ کیا تم لوگوں کو معلوم ہے کہ آسمان وزمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ عرض کیا نہیں اللہ کی قسم ہم نہیں جانتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان دونوں میں اکہتر، بہتر (۷۲) یا تہتر (۷۳) برس کا فرق ہے۔ پھر اس سے اوپر کا آسمان بھی اتنا ہی دور ہے اور اسی طرح ساتوں آسمان گنوائے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ساتوں آسمان پر ایک سمندر ہے اسکے نچلے اور اوپر کے کناروں کے درمیان بھی اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک کا۔ اسکے اوپر آٹھ فرشتے ہیں جو پہاڑی بکروں کی طرح ہیں۔ ان کے کھروں اور ٹخنوں کا درمیانی فاصلہ بھی ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک کا ہے اور ان کی پیٹھ پر عرش ہے اسکے نچلے اور اوپر کے کنارے کے درمیان بھی ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک کا فاصلہ ہے اور اس کے اوپر اللہ ہے۔ عبد بن حمید، یحییٰ بن معین کا قول نقل کرتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن سعد حج کے لیے کیوں نہیں جاتے تا کہ لوگ ان سے یہ حدیث سن سکیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ولید بن ابی ثور بھی سماک سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں، یہ مرفوع ہے۔ شریک بھی سماک سے اس کا کچھ حصہ موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ عبدالرحمٰن وہ عبد الرحمٰن بن عبداللہ بن سعد رازی ہیں۔ یحییٰ بن موسیٰ، عبدالرحمٰن بن سعد رازی سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ

يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعْدِ الرَّازِيُّ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ قَالَ رَاَيْتُ رَجُلاً بِبُخَارٰى عَلٰى بَغْلَةٍ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَآءُ يَقُوْلُ كَسَانِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انہوں نے بخارا میں ایک شخص کو دیکھا جو خچر پر سوار تھا اور سر پر سیاہ عمامہ تھا۔ وہ کہتا تھا کہ یہ رسول اللہ ﷺ نے اسے پہنایا ہے۔

سورۃ الحاقۃ: اس میں بڑے پُرشکوہ انداز میں آخرت کا اثبات کیا گیا ہے وہ ایک شدنی چیز ہے۔ واقع ہو کر رہنے والی ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ سَاَلَ سَائِلَ

۱۲۴۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ اَبِى السَّمْحِ عَنْ اَبِى الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ قَوْلِهٖ كَالْمُهْلِ قَالَ كَعَكَرِ الزَّيْتِ فَاِذَا قَرَّبَهٗ اِلٰى وَجْهِهٖ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهٖ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ.

سورۂ معارج کی تفسیر

۱۲۴۸: حضرت ابوسعیدؓ اس آیت ''كَالْمُهْلِ'' (جس دن ہوگا آسمان جیسے تانبا پگھلا ہوا المعارج۔ آیت۔۸) کی تفسیر نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مہل سے مراد تیل کی تلچھٹ ہے۔ پھر جب وہ اسے اپنے منہ کے قریب کرے گا تو اس کے منہ کی کھال اس میں گر جائے گی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف رشدین کی روایت سے جانتے ہیں۔

سورۃ المعارج: اس میں اللہ کے نیک بندوں کے اوصاف اور خصائص کا ذکر ہے جیسا کہ اس سے قبل سورۃ المومنون میں بھی قدرے تفصیل کے ساتھ ان صفات وخصوصیات کا ذکر ہو چکا ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْجِنِّ

۱۲۴۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنِىْ اَبُو الْوَلِيْدِ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاقَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ وَلاَرَاٰهُمْ اِنْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ طَائِفَةٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ عَامِدِيْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ وَاُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ اِلٰى قَوْمِهِمْ فَقَالُوْا مَالَكُمْ قَالُوْا حِيْلَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ وَاُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ فَقَالُوْا مَاحَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ اِلَّا مِنْ حَدَثٍ

تفسیر سورۃ الجن

۱۲۴۹: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نہ جنوں کو دیکھا اور نہ ان کے سامنے قرآن کریم کی تلاوت کی۔ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہؓ کے ساتھ عکاظ کے بازار جانے کے لیے نکلے تو شیطانوں اور وحی کے درمیان پردہ حائل کر دیا گیا اور ان پر شعلے برسنے لگے اس پر شیاطین اپنی قوم کے پاس واپس آئے تو انہوں نے پوچھا کہ کیا ہوا؟ کہنے لگے ہم سے آسمان کی خبریں روک دی گئی ہیں اور شعلے برسائے جا رہے ہیں۔ وہ کہنے لگے کہ یہ کسی نئے حکم کی وجہ سے ہے لہٰذا تم لوگ مشرق ومغرب میں گھوم پھر کر دیکھو کہ وہ کیا چیز ہے۔ جسکی وجہ سے ہم سے خبریں روک دی گئی ہیں وہ نکلے تو جو لوگ تہامہ کی

فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا فَانْظُرُوْا مَاهٰذَا الَّذِیْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ قَالَ فَانْطَلَقُوْا يَضْرِبُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا يَبْتَغُوْنَ مَاهٰذَا الَّذِیْ حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ فَانْصَرَفَ اُولٰٓئِكَ النَّفَرُ الَّذِيْنَ تَوَجَّهُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِنَخْلَةَ عَامِدًا اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَهُوَ يُصَلِّیْ بِاَصْحَابِهٖ صَلٰوةَ الْفَجْرِ فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْاٰنَ اسْتَمَعُوْا لَهٗ فَقَالُوْا هٰذَا وَاللّٰهِ الَّذِیْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ قَالَ فَهُنَا لِكَا رَجَعُوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَقَالُوْا يَا قَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِیْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ وَاِنَّمَا اُوْحِیَ عَلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَوْلُ الْجِنِّ لِقَوْمِهِمْ لَمَّاقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا قَالَ لَمَّار اَوْهُ رَاَوْهُ يُصَلِّیْ وَاَصْحَابُهٗ يُصَلُّوْنَ بِصَلٰوتِهٖ وَيَسْجُدُوْنَ بِسُجُوْدِهٖ قَالَ تَعَجَّبُوْا مِنْ طَوَاعِيَةِ اَصْحَابِهٖ لَهٗ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

طرف جا رہے تھے وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس نخلہ کے مقام پر پہنچے۔ آپ ﷺ عکاظ کے بازار کی طرف جا رہے تھے کہ اس جگہ فجر کی نماز پڑھنے لگے۔ جب جنوں نے قرآن سنا تو کان لگا کر سننے لگے اور کہنے لگے کہ اللہ کی قسم یہی چیز ہے جو تم لوگوں تک خبریں پہنچنے سے روک رہی ہے پھر وہ واپس اپنی قوم کی طرف چلے گئے اور کہنے لگے اے قوم ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو ہدایت کا راستہ دکھاتا ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی: ''قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ...'' (تو کہہ مجھ کو حکم آیا کہ سن گئے کتنے لوگ جنوں کے۔ پھر کہنے لگے ہم نے سنا ہے ایک قرآن عجیب کہ سجھاتا ہے نیک راہ۔ سو ہم اس پر یقین لائے اور ہرگز نہ شریک بتلائیں گے ہم اپنے رب کا کسی کو۔ الجن ۱۔۲) یعنی اللہ تعالیٰ نے جنوں کا قول ہی نازل کر دیا۔ پھر اسی سند سے ابن عباسؓ ہی سے منقول ہے کہ یہ بھی جنوں کا ہی قول تھا ''لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ .....الآیہ'' (اور یہ کہ جب کھڑا ہوا اللہ کا بندہ کہ اسکو پکارے لوگوں کا بندھنے لگتا ہے اس پر ٹھٹھ۔ الجن آیت: ۱۹) فرماتے ہیں کہ جب انہوں نے رسول اللہ اور صحابہؓ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ جب رسول اللہ ﷺ تو صحابہ کرامؓ بھی پڑھنے لگے پھر جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تو صحابہؓ بھی سجدہ کرتے اور جب آپ ﷺ رکوع کرتے تو صحابہؓ بھی رکوع کرتے۔ تو ان لوگوں کو صحابہ کرامؓ کی اطاعت پر تعجب ہوا اور اپنی قوم سے کہنے لگے ''لَمَّاقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ....الآیہ'' یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۵۰: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ نَا اِسْرَائِيْلُ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْجِنُّ يَصْعَدُوْنَ اِلَى السَّمَآءِ يَسْتَمِعُوْنَ الْوَحْیَ فَاِذَا سَمِعُوا الْكَلِمَةَ زَادُوْا فِيْهَا تِسْعًا فَاَمَّا الْكَلِمَةُ فَتَكُوْنُ حَقًّا وَاَمَّا مَازَادَ فَيَكُوْنُ بَاطِلاً فَلَمَّا بَعَثَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنِعُوْا مَقَاعِدَهُمْ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ

۱۲۵۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جن آسمان کی طرف چڑھا کرتے تھے کہ وحی کی باتیں سن سکیں چنانچہ ایک کلمہ سن کر نو بڑھا دیتے۔ لہٰذا جو بات سنی ہوتی وہ تو سچ ہو جاتی اور جو زیادہ کرتے تو جھوٹی ہو جاتی۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ مبعوث ہوئے تو انکی بیٹھک چھن گئی۔ انہوں نے ابلیس سے اسکا تذکرہ کیا۔ اس سے پہلے انہیں تاروں سے بھی نہیں مارا

لِاِبْلِيسَ وَلَمْ تَكُنِ النُّجُومُ يُرْمٰى بِهَا قَبْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُمْ اِبْلِيسُ مَا هٰذَا اِلَّا مِنْ اَمْرٍ قَدْ حَدَثَ فِي الْاَرْضِ فَبَعَثَ جُنُودَهُ فَوَجَدُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا يُصَلِّيْ بَيْنَ جَبَلَيْنِ اُرَاهُ قَالَ بِمَكَّةَ فَلَقُوْهُ فَاَخْبَرُوْهُ فَقَالَ هٰذَا الْحَدَثُ الَّذِيْ حَدَثَ فِي الْاَرْضِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

جاتا تھا۔ ابلیس کہنے لگا کہ یہ کسی نئے حادثے کی وجہ سے ہوا ہے جو زمین پر واقع ہوا ہے پھر اس نے اپنے لشکر روانہ کئے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو شاید مکہ کے دو پہاڑوں کے درمیان کھڑے ہو کر قرآن پڑھتے ہوئے پایا۔ چنانچہ واپس آئے اور اس سے ملاقات کر کے بتایا۔ وہ کہنے لگے یہی نیا واقعہ ہے جو زمین پر ہوا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۵۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ انَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ فَقَالَ فِيْ حَدِيثِهِ بَيْنَمَا اَنَا اَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَآءِ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَاِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَآءَ فِيْ بِحِرَآءٍ جَالِسٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَجُثِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَدَثَّرُوْنِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ثُمَّ فَاَنْذِرِ اِلٰى قَوْلِهٖ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ قَبْلَ اَنْ تُفْرَضَ الصَّلٰوةُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَيْضًا.

۱۲۵۱: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وحی کے متعلق بتاتے ہوئے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں چلا جا رہا تھا کہ آسمان سے ایک آواز آتی سنائی دی میں نے سر اٹھایا تو دیکھا کہ وہی فرشتہ ہے جو میرے پاس غار حرا میں آیا تھا۔ وہ آسمان و زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ میں اس سے ڈر گیا اور لوٹ آیا۔ پھر میں نے کہا کہ مجھے کمبل اوڑھاؤ۔ پھر مجھے کمبل اوڑھا دیا گیا اور یہ آیات نازل ہوئیں "یٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ثُمَّ فَاَنْذِرِ اِلٰى قَوْلِهٖ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ" (اے لحاف میں لپٹنے والے کھڑا ہو پھر ڈر سنا دے اور اپنے رب کی بڑائی بول اور اپنے کپڑے پاک رکھ اور گندگی سے دور رہ۔ المدثر۔ آیت ۱-۵۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو یحییٰ بن ابی کثیر، ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن سے بھی نقل کرتے ہیں۔

۱۲۵۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسٰى عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّعُودُ جَبَلٌ مِنْ نَارٍ يَتَصَعَّدُ فِيهِ سَبْعِيْنَ خَرِيفًا ثُمَّ يَهْوِيْ بِهٖ كَذٰلِكَ اَبَدًا هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوعًا مِنْ حَدِيثِ ابْنِ لَهِيعَةَ وَقَدْ رُوِيَ شَيْءٌ مِنْ هٰذَا عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ مَوْقُوفٌ.

۱۲۵۲: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "صعود" جہنم میں ایک پہاڑ کا نام ہے دوزخی کو اس پر ستر برس میں چڑھایا جائے گا۔ اور پھر دھکیل دیا جائے گا اور پھر ہمیشہ اسی طرح ہوتا رہے گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابن لہیعہ کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔ اس کا کچھ حصہ عطیہ نے بھی ابوسعید رضی اللہ عنہ سے موقوفاً نقل کیا ہے۔

۱۲۵۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ نَاسٌ مِنَ الْيَهُوْدِ لِاُنَاسٍ مِنْ

۱۲۵۳: حضرت جابرؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ چند یہودیوں نے صحابہ کرامؓ سے پوچھا کہ تمہارے نبی کو معلوم ہے

اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ يَعْلَمُ نَبِيُّكُمْ كَمْ عَدَدُ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ قَالُوْا لَا نَدْرِيْ حَتّٰى نَسْأَلَهُ فَجَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ غُلِبَ اَصْحَابُكَ الْيَوْمَ قَالَ وَبِمَ غُلِبُوْا قَالَ سَأَلَهُمْ يَهُوْدُ هَلْ يَعْلَمُ نَبِيُّكُمْ كَمْ عَدَدُ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ قَالَ فَمَا قَالُوْا قَالَ قَالُوْا لَا نَدْرِيْ حَتّٰى نَسْأَلَ نَبِيَّنَا قَالَ اَفَغُلِبَ قَوْمٌ سُئِلُوْا عَمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ فَقَالُوْا لَا نَعْلَمُ حَتّٰى نَسْأَلَ نَبِيَّنَا لٰكِنَّهُمْ قَدْ سَأَلُوْا نَبِيَّهُمْ فَقَالُوْا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً عَلَيَّ بِاَعْدَاءِ اللّٰهِ اِنِّيْ سَائِلُهُمْ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ وَ هِيَ الدَّرْمَكُ فَلَمَّا جَاءُوْا قَالُوْا يَا اَبَا الْقَاسِمِ كَمْ عَدَدُ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا فِيْ مَرَّةٍ عَشَرَةٌ وَفِيْ مَرَّةٍ تِسْعٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ ﷺ مَا تُرْبَةُ الْجَنَّةِ قَالَ فَسَكَتُوْا هُنَيْهَةً ثُمَّ قَالُوْا خُبْزَةٌ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخُبْزُ مِنَ الدَّرْمَكِ هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ مُجَالِدٍ.

کہ جہنم کے کتنے خزانچی ہیں؟ صحابہ کرامؓ نے فرمایا ہمیں علم نہیں لیکن ہم پوچھیں گے۔ پھر ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: اے محمد ﷺ آپ ﷺ کے صحابہؓ آج ہار گئے آپ ﷺ نے فرمایا کس طرح؟ کہنے لگا کہ یہودیوں نے ان سے پوچھا تھا کہ کیا تمہارا نبی جانتا ہے کہ جہنم کے کتنے خزانچی ہیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا کہ صحابہؓ نے کیا جواب دیا؟ کہنے لگا کہ انہوں نے کہا کہ ہم نبی اکرم ﷺ سے پوچھے بغیر نہیں بتا سکتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا وہ قوم ہار گئی جس سے ایسی چیز کے بارے میں پوچھا گیا جو وہ نہیں جانتے؟ (یعنی اس میں تو ہارنے والی کوئی بات نہیں) بلکہ یہودیوں نے تو اپنے نبی سے کہا تھا کہ ہمیں اعلانیہ اللہ کا دیدار کرائیے۔ اللہ کے ان دشمنوں کو میرے پاس لاؤ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جنت کی مٹی کس چیز کی ہے؟ اور وہ میدہ ہے۔ پھر جب وہ لوگ آئے تو آپ ﷺ سے پوچھنے لگے کہ جہنم کے کتنے خزانچی ہیں۔ آپ ﷺ نے ہاتھوں سے دو مرتبہ اشارہ کیا۔ ایک مرتبہ دس انگلیوں سے اور ایک مرتبہ نو انگلیوں سے (یعنی ۱۹) یہودی کہنے لگے ہاں۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے پوچھا کہ جنت کی مٹی کس چیز کی ہے؟ وہ چند لمحے چپ رہے اور پھر کہنے لگے اے ابو قاسم روٹی کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میدے کی روٹی ہے۔ اس حدیث کو ہم صرف مجالد کی روایت سے اس سند سے جانتے ہیں۔

۱۲۵۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ اَنَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُطَعِيُّ وَهُوَ اَخُوْ حَزْمِ بْنِ اَبِيْ حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا اَهْلُ اَنْ اُتَّقٰى فَمَنِ اتَّقَانِيْ فَلَمْ يَجْعَلْ مَعِيَ اِلٰهًا فَاَنَا اَهْلُ اَنْ اَغْفِرَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَسُهَيْلٌ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيْثِ وَقَدْ تَفَرَّدَ اِسْمٰعِيْلُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ ثَابِتٍ.

۱۲۵۴: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت ''هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى ...الآیۃ'' (وہی ہے جس سے ڈرنا چاہیے اور وہی ہے بخشنے کے لائق۔ آیت۔ ۵۶) کی تفسیر نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں اس لائق ہوں کہ بندے مجھ سے ڈریں۔ پس جو مجھ سے ڈرا اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا تو میں اس کا اہل ہوں کہ اسے معاف کر دوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ سہیل محدثین کے نزدیک قوی نہیں اور سہیل نے یہ حدیث ثابت سے نقل کی ہے۔

سورۃ الجن: جنوں کی ایک جماعت کی حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضری، قرآن مجید کا سننا اور پھر جا کر اپنی قوم میں نبوت محمدی کی تبلیغ کرنا، یہ تمام حالات بیان ہوئے ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْقِيَامَةِ

۱۲۵۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِیْ عَائِشَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ يُحَرِّكُ بِهٖ لِسَانَهٗ يُرِيْدُ اَنْ يَحْفَظَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ قَالَ فَكَانَ يُحَرِّكُ بِهٖ شَفَتَيْهِ وَحَرَّكَ سُفْيَانُ شَفَتَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ يُحْسِنُ الثَّنَآءَ عَلٰى مُوْسَى بْنِ عَآئِشَةَ خَيْرًا۔

سورۂ قیامہ کی تفسیر

۱۲۵۵: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ علیہ السلام پر قرآن نازل ہوتا تو اپنی زبان ہلاتے تاکہ اسے یاد کر لیں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ ....الآیہ'' (نہ چلا تو اس کے پڑھنے پر اپنی زبان تاکہ جلدی اسکو سیکھ لے۔ وہ تو ہمارا ذمہ ہے اس کو جمع رکھنا تیرے سینہ میں اور پڑھنا تیری زبان سے القیامہ آیت: ۱۶،۱۷) چنانچہ راوی اپنے ہونٹ ہلا کر بتاتے اور سفیان نے بھی اپنے ہونٹ ہلا کر بتایا کہ رسول اللہ علیہ السلام اس طرح ہونٹ ہلایا کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ علی بن مدینی، یحییٰ بن سعید قطان سے نقل کرتے ہیں کہ سفیان ثوری، موسیٰ بن ابی عائشہؓ کی تعریف کیا کرتے تھے۔

۱۲۵۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنِیْ شَبَابَةُ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ ثُوَيْرٍ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً لَمَنْ يَنْظُرُ اِلٰى جِنَانِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَخَدَمِهٖ وَسُرُرِهٖ مَسِيْرَةَ اَلْفِ سَنَةٍ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَنْ يَنْظُرُ اِلٰى وَجْهِهٖ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ مِثْلَ هٰذَا مَرْفُوْعًا وَرَوٰى عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبْجَرَ عَنْ ثُوَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَوْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَرَوَى الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ ثُوَيْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَوْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا ذَكَرَ فِيْهِ عَنْ مُجَاهِدٍ غَيْرَ الثَّوْرِيِّ۔

۱۲۵۶: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ السلام نے فرمایا ادنیٰ درجے کا جنتی بھی اپنے باغوں، بیویوں، خادموں اور تختوں کو ایک برس کی مسافت سے دیکھ سکے گا اور ان میں سب سے زیادہ بلند مرتبے والا وہ ہوگا جو اللہ رب العزت کا صبح وشام دیدار کرے گا۔ پھر آپ علیہ السلام نے یہ آیات پڑھیں ''وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ ....الآیہ'' (کتنے منہ اس دن تازہ ہیں، اپنے ربّ کی طرف دیکھنے والے۔ القیامہ آیت: ۲۲،۲۳) یہ حدیث غریب ہے۔ اسے کئی لوگ اسرائیل سے اسی طرح مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ عبدالملک بن ابجر نے اسے ثویر کے حوالے سے ابن عمرؓ کا قول نقل کیا ہے۔ پھر اشجعی نے بھی اسے سفیان سے انہوں نے ثویر سے انہوں نے مجاہد سے اور انہوں نے ابن عمرؓ سے انہی کا قول نقل کیا ہے اور اس سند میں ثوری کے علاوہ کسی نے مجاہد کا ذکر نہیں کیا۔

سورۃ قیامۃ :مرکزی مضمون قیامت اوراحوال قیامت جنت ودوزخ کے احوال اوران کی کیفیات ہیں۔سورۃ قیامہ میں اللہ تعالیٰ قسم کھاتے ہے قیامت کے دن کی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ عَبَسَ

۱۲۵۷: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْاُمَوِيُّ قَالَ ثَنِي اَبِيْ قَالَ هٰذَا مَا عَرَضْنَا عَلٰى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُنْزِلَ عَبَسَ وَتَوَلّٰى فِيْ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمِ الْاَعْمٰى اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرْشِدْنِيْ وَعِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ عُظَمَآءِ الْمُشْرِكِيْنَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرِضُ عَنْهُ وَيُقْبِلُ عَلَى الْاٰخِرِ وَيَقُوْلُ اَتَرٰى بِمَا اَقُوْلُ بَاْسًا فَيَقُوْلُ لَا فَفِيْ هٰذَا اُنْزِلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اُنْزِلَ عَبَسَ وَتَوَلّٰى فِي ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ.

۱۲۵۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ نَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَقَالَتِ امْرَاَةٌ اَيُبْصِرُ اَوْيَرٰى بَعْضُنَا عَوْرَةَ بَعْضٍ قَالَ يَا فُلَانَةُ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُغْنِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

سورۂ عبس کی تفسیر

۱۲۵۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ سورۂ عبس عبداللہ بن ام مکتوم (نابینا صحابی) کے متعلق نازل ہوئی۔ایک مرتبہ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اورعرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے دین کا راستہ بتایئے۔آپ ﷺ کے پاس اس وقت مشرکین کا ایک بڑا آدمی بیٹھا ہوا تھا۔آپ ﷺ اس سے باتیں کرتے رہے اور عبداللہ بن ام مکتومؓ سے اعراض کیا۔ انہوں نے عرض کیا: کیامیری بات میں کوئی مضائقہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایانہیں۔اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔ یہ حدیث غریب ہے بعض لوگوں نے اس حدیث کو ہشام بن عروہ سے اوروہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ سورۂ عبس حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کے متعلق نازل ہوئی۔اس سند میں حضرت عائشہؓ کا ذکرنہیں۔

۱۲۵۸: حضرت ابن عباسؓ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن تم لوگ ننگے سر ننگے بدن اوربغیر ختنہ کے اٹھائے جاؤ گے۔ایک عورت نے پوچھا کہ کیا سب ایک دوسرے کا ستر دیکھیں گے۔آپ ﷺ فرمایا: اے فلاں عورت ''لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُغْنِيْهِ الآیۃ'' (ہرمردکوان میں سے اس دن ایک فکرلگا ہوا ہے جو اسکے لئے کافی ہے۔ عبس۔آیت ۳۷۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے اورکئی سندوں سے حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے۔

سورہ عبس : نبی اکرم ﷺ کوتلقین فرمائی گئی کہ کفار میں جوصاحب حیثیت لوگ ہیں۔ٹھیک ہےان کواپنامقام ہے لیکن ان کی طرف التفات اتنا نہ بڑھ جائے کہ مسلمانوں کا حق تلف ہوجائے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

۱۲۵۹: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ عَنْ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَحِيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ يَزِيْدَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُ رَاْىَ عَيْنٍ فَلْيَقْرَاْ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ وَاِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ.

سورۂ تکویر کی تفسیر

۱۲۵۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قیامت کا حال اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہے وہ سورۂ تکویر، سورۂ انفطار اور سورۂ انشقاق پڑھ لے۔

سُورَةُ التَّكْوِيرِ: التکویر میں وحی اللہ کی سند بیان کی گئی ہے اس کے پہلے راوی حضرت جبرئیل امین اور دوسرے حضرت محمد ﷺ ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ

۱۲٦۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اَخْطَاَ خَطِيْئَةً نُكِتَتْ فِيْ قَلْبِهِ نُكْتَةٌ سَوْدَآءُ فَاِذَا هُوَ نَزَعَ وَ اسْتَغْفَرَ وَتَابَ سُقِلَ قَلْبُهُ وَاِنْ عَادَ زِيْدَ فِيْهَا حَتّٰى يَعْلُوَ قَلْبَهُ وَ هُوَ الرَّانُ الَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سورۂ مطففین کی تفسیر

۱۲٦۰: حضرت ابو ہریرہؓ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اسکے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگا دیا جاتا ہے۔ پھر وہ اگر اسے ترک کردے یا استغفار کرے اور توبہ کرے تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر دوبارہ گناہ کرے تو سیاہی بڑھا دی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ سیاہی اسکے دل پر چھا جاتی ہے اور یہی وہ ''رَانَ'' ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے ''كَلَّا بَلْ رَانَ ....الآیہ (ہرگز نہیں بلکہ ان کے (برے) کاموں سے ان کے دلوں پر زنگ لگ گیا ہے۔ سورۂ مطففین۔ آیت ۱۴۔) میں کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲٦۱: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَمَّادٌ هُوَ عِنْدَنَا مَرْفُوْعٌ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ يَقُوْمُوْنَ فِي الرَّشْحِ اِلٰى اَنْصَافِ اٰذَانِهِمْ.

۱۲٦۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ ''يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ......'' (جس دن سب لوگ رب العلمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔ المطففین آیت:٦) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس روز لوگ اس حالت میں کھڑے ہوں گے کہ وہ نصف کانوں تک پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے۔

۱۲٦۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۲٦۲: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ....الآیہ'' کے متعلق

وَسَلَّمَ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ يَقُوْمُ اَحَدُهُمْ فِي الرَّشْحِ اِلٰى اَنْصَافِ اُذُنَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ.

فرمایا کہ ان میں سے کوئی نصف کانوں تک پسینے میں ڈوبا ہوا کھڑا ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

سورۂ انشقاق کی تفسیر

۱۲۶۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ اِلٰى قَوْلِهٖ يَسِيْرًا قَالَ ذٰلِكَ الْعَرْضُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا اَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

۱۲۶۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس سے حساب کتاب میں پوچھ گچھ کرلی گئی وہ برباد ہو گیا۔ وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ تو فرماتے ہیں کہ "فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ اِلٰى قَوْلِهٖ يَسِيْرًا ...الآیۃ" (سو جس کو ملا اعمالنامہ اسکے داہنے ہاتھ میں تو اس سے حساب لینگے آسان حساب۔ سورۃ الانشقاق آیت: ۸۷) آپ ﷺ نے فرمایا یہ تو صرف نیکیوں کا پیش ہونا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن ابان اور کئی راوی بھی عبدالوہاب ثقفی سے وہ ایوب سے وہ ابن ابی ملیکہ سے وہ حضرت عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتی ہیں۔

۱۲۶۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْهَمْدَانِىُّ نَا عَلِىُّ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حُوْسِبَ عُذِّبَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۲۶۴: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا حساب کیا گیا وہ عذاب میں پڑ گیا۔ یہ حدیث قتادہ کی روایت سے غریب ہے وہ انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے مرفوع جانتے ہیں۔

سورۃ المطففین اور انشقاق: یہ بہت حسین جوڑا ہے دونوں میں انسان کی گمراہی کے دو پہلو سامنے آتے ہیں' مطففین میں کم تولنا۔ یہ درحقیقت علامت ہے آخر کے انکار کی اور انشقاق میں نقشہ کھینچ دیا گیا ہے ایک شخص اپنے اہل و عیال میں خوش وخرم بھولا ہوا ہے کہ ایک دن وہ بھی آنا ہے جب اسے جواب دہی کرنی ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْبُرُوْجِ

سورۂ بروج کی تفسیر

۱۲۶۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

۱۲۶۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یوم موعود'' قیامت کا دن ہے اور ''یوم مشہود'' عرفات کا دن اور ''شاہد'' جمعہ کا دن ہے۔ سورج اس سے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَالْيَوْمُ الْمَشْهُوْدُ يَوْمُ عَرَفَةَ وَالشَّاهِدُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ قَالَ وَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلاَ غَرَبَتْ عَلٰى يَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْهُ فِيْهِ سَاعَةٌ لاَ يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُؤْمِنٌ يَدْعُوا اللّٰهَ بِخَيْرٍ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ وَلاَ يَسْتَعِيْذُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَغَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ الْاَسَدِيُّ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ يُكْنٰى اَبَا عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ وَغَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

افضل (یعنی سے افضل) دن میں نہ طلوع ہوا اور نہ غروب۔ اس میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ اگر کوئی مؤمن اس وقت اللہ تعالیٰ سے اچھی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے اور اگر کسی چیز سے (بندہ مؤمن) پناہ مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے پناہ دیتے ہیں۔ اس حدیث کو ہم صرف موسیٰ بن عبیدہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ موسیٰ بن عبیدہ حدیث میں ضعیف ہیں۔ موسیٰ بن عبیدہ کو یحییٰ بن سعید وغیرہ نے حافظے کی وجہ سے ضعیف کہا ہے جبکہ شعبہ، سفیان ثوری اور کئی ائمہ، موسیٰ بن عبیدہ سے احادیث نقل کرتے ہیں۔ علی بن حجر بھی قران بن تمام اسدی سے اور وہ موسیٰ بن عبیدہ سے اسی سند سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ موسیٰ بن عبیدہ زبدی کی کنیت ابوعبدالرزاق ہے۔ یحییٰ بن سعید قطان وغیرہ نے اسکے حفظ میں کلام کیا ہے۔

۱۲۶۶ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَلْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالاَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْعَصْرَ هَمَسَ وَ الْهَمْسُ فِيْ قَوْلِ بَعْضِهِمْ تَحَرُّكُ شَفَتَيْهِ كَاَنَّهُ يَتَكَلَّمُ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ هَمَسْتَ قَالَ اِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ كَانَ اُعْجِبَ بِاُمَّتِهِ فَقَالَ مَنْ يَقُوْمُ لِهٰؤُلَاءِ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنْ خَيِّرْهُمْ بَيْنَ اَنْ اَنْتَقِمَ مِنْهُمْ وَبَيْنَ اَنْ اُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا هُمْ فَاخْتَارُوا النِّقْمَةَ فَسَلَّطَ عَلَيْهِمُ الْمَوْتَ فَمَاتَ مِنْهُمْ فِيْ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قَالَ وَكَانَ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ الْاٰخَرِ قَالَ كَانَ مَلِكٌ مِنَ الْمُلُوْكِ وَكَانَ لِذٰلِكَ الْمَلِكِ كَاهِنٌ يَكْهَنُ لَهُ فَقَالَ الْكَاهِنُ اُنْظُرُوْا لِيْ غُلاَمًا فَهِمًا اَوْقَالَ فَطِنًا لَقِنًا فَاُعَلِّمَهُ

۱۲۶۶ : حضرت صہیبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عصر کی نماز سے فراغت کے بعد آہستہ آہستہ کچھ پڑھا کرتے تھے۔ (ہمس کے معنی بعض کے نزدیک اسطرح ہونٹ ہلانا ہے کہ ایسا معلوم ہو کہ کوئی بات کررہے ہیں۔) عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ: آپ ﷺ عصر کی نماز پڑھ کر ہونٹوں کو حرکت دیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک نبی کو امت کی کثرت کا عجب ہوتو انہوں نے دل ہی دل میں کہا کہ ان کا کون مقابلہ کرسکتا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ انہیں اختیار دے دیں کہ یا تو خود پر کسی دشمن کا مسلط ہونا اختیار کرلیں یا پھر ہلاکت۔ انہوں نے ہلاکت اختیار کی اور ان میں سے ایک ہی دن میں ستر ہزار آدمی مرگئے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب یہ حدیث بیان کرتے تو یہ بھی بیان کیا کرتے تھے کہ ایک بادشاہ ہوا کرتا تھا جس کا ایک کاہن تھا وہ اسے غیب کی خبریں بتایا کرتا تھا۔ اس کاہن نے کہا کہ میرے لیے ایک سمجھدار لڑکا تلاش کردیا کہا کہ ذہین وفطین لڑکا تلاش کرو جسے میں اپنا یہ علم سکھا سکوں، تا کہ ایسا نہ ہو کہ اگر میں

عِلْمِيْ هٰذَا فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ اَمُوْتَ فَيَنْقَطِعَ مِنْكُمْ هٰذَا الْعِلْمُ وَلَا يَكُوْنُ فِيْكُمْ مَنْ يَعْلَمُهٗ قَالَ فَنَظَرُوْا لَهٗ عَلٰى مَا وَصَفَ فَاَمَرُوْهُ اَنْ يَحْضُرَ ذٰلِكَ الْكَاهِنَ وَاَنْ يَخْتَلِفَ اِلَيْهِ فَجَعَلَ يَخْتَلِفُ اِلَيْهِ وَكَانَ عَلٰى طَرِيْقِ الْغُلَامِ رَاهِبٌ فِيْ صَوْمَعَةٍ قَالَ مَعْمَرٌ اَحْسِبُ اَنَّ اَصْحَابَ الصَّوَامِعِ كَانُوْا يَوْمَئِذٍ مُسْلِمِيْنَ قَالَ فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَسْاَلُ ذٰلِكَ الرَّاهِبَ كُلَّمَا مَرَّبِهٖ فَلَمْ يَزَلْ بِهٖ حَتّٰى اَخْبَرَهٗ فَقَالَ اِنَّمَا اَعْبُدُ اللّٰهَ قَالَ فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَمْكُثُ عِنْدَ الرَّاهِبِ وَيُبْطِئُ عَنِ الْكَاهِنِ فَاَرْسَلَ الْكَاهِنُ اِلٰى اَهْلِ الْغُلَامِ اِنَّهٗ لَا يَكَادُ يَحْضُرُنِيْ فَاَخْبَرَ الْغُلَامُ الرَّاهِبَ بِذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ اِذَا قَالَ لَكَ الْكَاهِنُ اَيْنَ كُنْتَ فَقُلْ عِنْدَ اَهْلِيْ وَاِذَا قَالَ لَكَ اَهْلُكَ اَيْنَ كُنْتَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّكَ كُنْتَ عِنْدَ الْكَاهِنِ قَالَ فَبَيْنَمَا الْغُلَامُ عَلٰى ذٰلِكَ اِذْمَرَّ بِجَمَاعَةٍ مِنَ النَّاسِ كَثِيْرٍ قَدْ حَبَسَتْهُمْ دَابَّةٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ تِلْكَ الدَّابَّةَ كَانَتْ اَسَدًا قَالَ فَاَخَذَ الْغُلَامُ حَجَرًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مَا يَقُوْلُ الرَّاهِبُ حَقًّا فَاَسْئَلُكَ اَنْ اَقْتُلَهٗ قَالُوْا الْغُلَامُ فَفَزِعَ النَّاسُ فَقَالُوْا قَدْ عَلِمَ هٰذَا الْغُلَامُ عِلْمًا لَمْ يَعْلَمْهُ اَحَدٌ قَالَ فَسَمِعَ بِهٖ اَعْمٰى فَقَالَ لَهٗ اِنْ اَنْتَ رَدَدْتَّ بَصَرِيْ فَلَكَ كَذَا وَكَذَا قَالَ لَا اُرِيْدُ مِنْكَ هٰذَا وَلٰكِنْ اَرَاَيْتَ اِنْ رَجَعَ اِلَيْكَ بَصَرُكَ اَتُؤْمِنُ بِالَّذِيْ رَدَّهٗ عَلَيْكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَدَعَا اللّٰهَ فَرَدَّ عَلَيْهِ بَصَرَهٗ فَاٰمَنَ الْاَعْمٰى فَبَلَغَ الْمَلِكَ اَمْرُهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ فَاُتِيَ بِهِمْ فَقَالَ لَاَقْتُلَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ قِتْلَةً لَا اَقْتُلُ بِهَا صَاحِبَهٗ فَاَمَرَ بِالرَّاهِبِ وَالرَّجُلِ الَّذِيْ كَانَ اَعْمٰى فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ عَلٰى مَفْرِقِ اَحَدِهِمَا فَقَتَلَهٗ وَقَتَلَ الْاٰخَرَ بِقِتْلَةٍ اُخْرٰى ثُمَّ اَمَرَ بِالْغُلَامِ فَقَالَ انْطَلِقُوْا بِهٖ اِلٰى جَبَلِ كَذَا وَكَذَا

مرجاؤں تو تم لوگوں میں سے یہ علم اٹھ جائے اور اس کا جاننے والا کوئی نہ رہے۔ لوگوں نے اسکے بتائے ہوئے اوصاف کے مطابق لڑکا تلاش کیا اور اسے کہا کہ روزانہ اس کاہن کے پاس حاضر ہوا کرو اور اس کے پاس آتے جاتے رہا کرو۔ اس نے آنا جانا شروع کر دیا۔ اسکے راستے میں ایک عبادت خانہ تھا جس میں ایک راہب ہوتا تھا۔ معمر کہتے ہیں کہ میرے خیال میں ان دنوں عبادت خانوں کے لوگ مسلمان ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ وہ لڑکا جب بھی وہاں سے گزرتا تو اس راہب سے دین کے بارے میں کچھ باتیں سیکھتا یہاں تک کہ اس راہب نے اسے بتایا کہ میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں۔ اس پر اس لڑکے نے راہب کے پاس زیادہ ٹھہرنا شروع کر دیا اور کاہن کے پاس کم۔ کاہن نے اسکے گھر والوں کو پیغام بھیجا کہ اب وہ کم حاضر ہوتا ہے۔ لڑکے نے راہب کو یہ بات بتائی تو اس نے کہا کہ ایسا کرو کہ اگر تمہارے گھر والے پوچھیں کہ کہاں تھے۔ تو تم کہو کہ کاہن کے پاس اگر کاہن پوچھے تو کہو کہ گھر تھا۔ وہ اسی طرح کرتا رہا کہ ایک دن اس کا ایک ایسی جماعت پر گزر ہوا جنہیں کسی جانور نے روک رکھا تھا۔ بعض کا خیال ہے کہ وہ جانور شیر تھا۔ اس لڑکے نے ایک پتھر اٹھایا کہا کہ یا اللہ اگر راہب کی بات سچ ہے تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میں اسے قتل کر سکوں۔ پھر اس نے پتھر مارا جس سے وہ جانور مر گیا۔ لوگوں نے پوچھا کہ اسے کس نے قتل کیا کہنے لگے کہ اس لڑکے نے۔ لوگ حیران ہو گئے اور کہنے لگا کہ اس نے ایسا علم سیکھ لیا ہے جو کسی نے نہیں سیکھا۔ یہ بات ایک اندھے نے سنی تو اسے کہنے لگا کہ اگر تم میری بینائی لوٹا دو تو میں تمہیں اتنا، اتنا مال دوں گا۔ لڑکا کہنے لگا کہ میں تم سے اسکے علاوہ کچھ نہیں چاہتا کہ اگر تمہاری آنکھیں تمہیں مل جائیں تو تم اس پر ایمان لے آؤ جس نے تمہاری بینائی لوٹائی ہو۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ پس لڑکے نے دعا کی اور اسکی آنکھوں میں بینائی آ گئی اور وہ اس پر ایمان لے آیا۔ جب یہ خبر بادشاہ تک پہنچی تو اس نے سب کو بلوایا اور کہنے لگا

فَـأَلْـقُوْهُ مِنْ رَأْسِهِ فَا نْطَلَقُوْابِهِ إِلَى ذٰلِكَ الْجَبَلِ فَلَمَّا انْتَهَوْا بِهِ إِلَى ذٰلِكَ الْمَكَانِ الَّذِيْ أَرَادُوْا أَنْ يُلْقُوْهُ مِنْـهُ جَعَـلُوْا يَتَهَا فَتُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ الْجَبَلِ وَيَتَرَدَّوْنَ حَتّٰـى لَمْ يَبْقَ مِـنْـهُـمْ إِلَّا الْـغُـلَامُ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَأَمَرَبِهِ الْـمَلِكُ أَنْ يَّنْطَلِقُوْا بِهِ إِلَى الْبَحْرِ فَيُلْقُوْنَهُ فِيْهِ فَانْطُلِقَ بِهِ إِلَى الْبَحْرِ فَغَرَقَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعَهُ وَأَنْجَاهُ فَقَالَ الْغُلَامُ لِلْمَلِكِ إِنَّكَ لَا تَقْتُلُنِيْ حَتّٰى تَصْلُبَنِيْ وَتَـرْ مِيَنِـيْ وَتَـقُـوْلَ إِذَا رَمَيْتَنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ هٰذَا الْـغُلَامِ قَـالَ فَـأَمَـرَبِهِ فَصُلِبَ ثُمَّ رَمَاهُ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ هٰـذَا الْـغُلَامِ قَـالَ فَوَضَعَ الْغُلَامُ يَدَهُ عَلٰى صُدْغِهِ حِيْـنَ رُمِـيَ ثُـمَّ مَاتَ فَقَالَ النَّاسُ لَقَدْ عَلِمَ هٰذَا الْغُلَامُ عِلْـمًـا مَا عَلِمَهُ أَحَدٌ فَإِنَّا نُؤْمِنُ بِرَبِّ هٰذَا الْغُلَامِ قَالَ فَـقِيْـلَ لِـلْـمَـلِكِ أَجَزِعْتَ أَنْ خَالَفَكَ ثَلَاثَةٌ فَهٰذَا الْـعَـالَـمُ كُـلُّهُـمْ قَدْ خَا لَفُوْكَ قَالَ فَخَدَّ أُخْدُوْدًا ثُمَّ أَلْقٰـى فِيْهَـا الْـحَطَبَ وَالنَّارَ ثُمَّ جَمَعَ النَّاسَ فَقَالَ مَنْ رَجَـعَ عَـنْ دِيْنِهٖ تَرَكْنَاهُ وَمَنْ لَمْ يَرْجِعْ أَلْقَيْنَاهُ فِيْ هٰذِهِ النَّـارِ فَـجَعَلَ يُلْقِيْهِمْ فِيْ تِلْكَ الْأُخْدُوْدِ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْهِ قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُوْدِ النَّارِ ذَاتِ الْـوَقُـوْدِ حَتّٰـى بَـلَـغَ الْـعَزِيْـزِ الْحَمِيْدِ قَالَ فَأَمَّا الْـغُلَامُ فَإِنَّهُ دُفِنَ قَالَ فَيُذْكَرُ أَنَّهُ أُخْرِجَ فِيْ زَمَنِ عُمَرَ بْـنِ الْخَطَّابِ وَإِصْبَعُهُ عَلٰى صُدْغِهِ كَمَا وَضَعَهَا حِيْنَ قُتِلَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

کہ میں تم سب کو مختلف طریقوں سے قتل کردوں گا۔ چنانچہ اس نے راہب اور اس سابق نابینا شخص میں سے ایک کو آرے سے چروا (قتل کر) دیا اور دوسرے کو کسی اور طریقے سے قتل کروادیا۔ پھر لڑکے کے متعلق حکم دیا کہ اسے پہاڑ کی چوٹی پر لے جا کر گرادو۔ وہ لوگ اسے پہاڑ پر لے گئے اور جب اس جگہ پہنچے جہاں سے اسے گرانا چاہتے تھے تو خود گرنے لگے یہاں تک کہ لڑکے کے علاوہ سب مر گئے۔ وہ لڑکا بادشاہ کے پاس واپس گیا تو بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے سمندر میں ڈبو دیا جائے۔ وہ لوگ اسے لے کر سمندر کی طرف چل پڑے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سب کو غرق کردیا اور اس لڑکے کو بچالیا۔ پھر وہ لڑکا بادشاہ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ تم مجھے اس وقت تک قتل نہیں کر سکتے جب تک مجھے باندھ کر تیر نہ چلاؤ اور تیر چلاتے وقت یہ نہ پڑھو" بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ هٰذَا الْغُلَامِ " (اللہ کے نام سے جو اس لڑکے کا رب ہے۔) چنانچہ بادشاہ نے اسے باندھنے کا حکم دیا اور تیر چلاتے وقت اسی طرح کیا جس طرح لڑکے نے بتایا تھا۔ جب تیر مارا گیا تو اس نے اپنی کنپٹی پر ہاتھ رکھا اور مر گیا لوگ کہنے لگے کہ اس لڑکے نے ایسا علم حاصل کیا جو کسی کے پاس نہیں تھا۔ لہٰذا ہم سب بھی اسی کے معبود پر ایمان لاتے ہیں۔ تم تو تین آدمیوں کی مخالفت سے گھبرا رہے تھے لو یہ سارا عالم تمہارا مخالف ہو گیا ہے۔ اس پر بادشاہ نے خندق کھدوائی اور اس میں لکڑیاں جمع کر کے آگ لگوادی۔ پھر لوگوں کو جمع کیا اور کہنے لگا کہ جو اپنے نئے دین کو چھوڑ دے گا۔ ہم بھی اسے چھوڑ دیں گے اور جو اس پر قائم رہے گا ہم اسے آگ میں پھینک دیں گے۔ اس طرح وہ انہیں اس خندق میں ڈالنے لگا۔ (اس کے بارے میں) اللہ تعالیٰ نے فرمایا" قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُوْدِ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ حَتّٰى بَلَغَ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ " (خندقوں والے ہلاک ہوئے، جس میں آگ تھی بہت ایندھن والی، جبکہ وہ ان کے کناروں پر بیٹھے ہوئے تھے اور وہ ایمانداروں سے جو کچھ کہہ رہے تھے اسکو دیکھ رہے تھے اور ان سے اسی کا تو بدلہ لے رہے تھے کہ وہ اللہ زبردست خوبیوں والے پر ایمان لائے تھے۔ البروج۔ آیت ۴۔۸) راوی کہتے ہیں کہ لڑکا تو دفن کردیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اسکی نعش حضرت عمرؓ کے زمانے میں نکلی تھی اور اسکی انگلی اسوقت بھی اسی طرح اسکی کنپٹی پر رکھی ہوئی تھی جسطرح اس نے قتل ہوتے وقت رکھی تھی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْغَاشِيَةِ

۱۲۶۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَاءَ هُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّمَا اَنْتَ مُذَكِّرٌ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سورۂ غاشیہ کی تفسیر

۱۲۶۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے اس وقت تک جنگ کروں جب تک وہ '' لاالٰـہ الا اللـہ'' نہ کہنے لگیں۔ اگر ان لوگوں نے اسکا اقرار کرلیا تو مجھ سے اپنی جانوں اور مالوں کو محفوظ کرلیا اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''اِنَّمَا اَنْتَ مُذَكِّرٌ ....الآیہ'' (سو تو سمجھائے جا تیرا کام تو یہی سمجھانا ہے، تو نہیں ان پر داروغہ۔ الغاشیہ۔ آیت نمبر۲۱۔۲۲) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ الغاشیہ : نبی اکرم ﷺ کو حکم دیا گیا ہے کہ آپ یاددہانی کراتے رہیے۔ آپ کا فرض منصبی یہی ہے۔ دعوت وتبلیغ میں لگے رہیے۔ یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ ان دونوں سورتوں کو نماز جمعہ میں تلاوت فرماتے تھے۔ اس لئے کہ ان دونوں نمازوں کے ساتھ خطبہ ہے اور خطبہ کی غرض غایت تذکیر ہے یاددہانی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْفَجْرِ

۱۲۶۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَاَبُوْدَاوُدَ قَالَا نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عِصَامٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الشَّفْعِ قَالَ هِيَ الصَّلٰوةُ بَعْضُهَا شَفْعٌ وَبَعْضُهَا وِتْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ وَقَدْ رَوَاهُ خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ اَيْضًا عَنْ قَتَادَةَ.

سورۂ فجر کی تفسیر

۱۲۶۸: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے '' وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ '' (یعنی جفت اور طاق۔ الفجر آیت۔۳) کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد نمازیں ہیں۔ یعنی بعض جفت ہیں اور بعض طاق۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اس حدیث کو صرف قتادہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ خالد بن قیس بھی اسے قتادہ ہی سے نقل کرتے ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا

۱۲۶۹: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَذْكُرُ النَّاقَةَ وَالَّذِيْ عَقَرَهَا فَقَالَ اِذِ انْبَعَثَ اَشْقَاهَا انْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَارِمٌ عَزِيْزٌ مَنِيْعٌ فِيْ رَهْطِهٖ مِثْلُ اَبِيْ زَمْعَةَ ثُمَّ سَمِعْتُهٗ يَذْكُرُ النِّسَآءَ فَقَالَ اِلَى

سورۃ الشمس کی تفسیر

۱۲۶۹: حضرت عبداللہ بن زمعہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی اور اسے ذبح کرنے والے کے متعلق بیان کرتے ہوئے سنا پھر آپ ﷺ نے '' اِذِ انْبَعَثَ اَشْقٰهَا ....الآیہ'' پڑھا (جب اٹھ کھڑا ہوا ان میں کا بڑا بدبخت۔ الشمس آیت ۱۲۔) اور فرمایا ایک بد بخت، شریر اور اپنی قوم کا طاقتور ترین شخص (جو ابوزمعہ کی طرح

مَا يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ فَيَجْلِدُ اِمْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ وَلَعَلَّهٗ اَنْ يُضَاجِعَهَا مِنْ اٰخِرِ يَوْمِهٖ قَالَ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِيْ ضَحِكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ فَقَالَ اِلٰى مَا يَضْحَكُ اَحَدُكُمْ مِنْ مَايَفْعَلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تھا) اٹھا پھر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے کوئی کیوں اپنی بیوی کو غلاموں کی طرح کوڑے مارے اور پھر دوسرے دن اسکے ساتھ سوئے بھی۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے نصیحت فرمائی کہ ٹھٹھہ مار کر مت ہنسا کرو اور فرمایا تم میں سے کوئی اپنے ہی کیے پر کیوں ہنسا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى

سورۂ واللیل کی تفسیر

۱۲۷۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنَّا فِيْ جَنَازَةٍ فِي الْبَقِيْعِ فَاَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ فَجَلَسْنَا مَعَهٗ وَ مَعَهٗ عُوْدٌ يَنْكُتُ بِهٖ فِي الْاَرْضِ فَرَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ اِلَّا قَدْ كُتِبَ مَدْخَلُهَا فَقَالَ الْقَوْمُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَهُوَ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الشِّقَآءِ فَاِنَّهٗ يَعْمَلُ لِلشِّقَآءِ قَالَ بَلْ اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ اَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَاِنَّهٗ مُيَسَّرٌ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ وَاَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الشِّقَآءِ فَاِنَّهٗ مُيَسَّرٌ لِعَمَلِ الشِّقَآءِ ثُمَّ قَرَاَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۷۰: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنازہ کے ساتھ بقیع میں تھے کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے ہم بھی بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ کے پاس ایک لکڑی تھی جس سے زمین کو کرید رہے تھے۔ پھر سر آسمان کی طرف اٹھایا اور فرمایا کوئی جان ایسی نہیں جس کا ٹھکانہ لکھا نہ جا چکا ہو۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: تو کیا پھر ہم لوگ اپنے بارے میں لکھے گئے پر بھروسہ کیوں نہ کر بیٹھیں؟ جو نیکی والا ہوگا وہ نیک عمل ہی کرے گا اور جو بدبخت ہوگا وہ اسی طرح کے عمل کرے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں بلکہ عمل کرو۔ ہر ایک کے لیے وہی آسان کر دیا گیا ہے جس کے لیے وہ بنا ہے جو نیک بخت ہے اس کے لیے بھلائی کے کام آسان کر دیئے گئے اور جو بدبخت ہے اسکے لیے برائی کے کام آسان کر دیئے گے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیات پڑھیں "فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى ...الخ" (پھر جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور نیک بات کی تصدیق کی تو ہم اس کے لیے جنت کی راہیں آسان کر دیں گے لیکن جس نے بخل کیا اور بے پرواہ رہا اور نیک بات کو جھٹلایا تو ہم اس کے لیے جہنم کی راہیں آسان کر دیں گے۔ واللیل۔ آیت ۴۔۱۰۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ وَالضُّحٰى

سورۂ ضحٰی کی تفسیر

۱۲۷۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبٍ الْبَجَلِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَدَمِيَتْ اِصْبَعُهٗ

۱۲۷۱: حضرت جندب بجلیؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک نماز میں تھا کہ آپ ﷺ کی انگلی سے خون نکل آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو ایک انگلی ہے۔ تجھ

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ قَالَ وَاَبْطَاءَ عَلَيْهِ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ قَدْوُدِّعَ مُحَمَّدٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى هٰذَا حَدِ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ.

سے اللہ کی راہ میں اس تکلیف کی وجہ سے خون نکل آیا ہے راوی کہتے ہیں کہ کچھ عرصہ تک آپ ﷺ کے پاس جبرائیل علیہ السلام نہ آئے تو مشرکین کہنے لگے کہ محمد (ﷺ) کو چھوڑ دیا گیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ..... الخ" (آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ بیزار ہوا ہے۔ الضحی آیت ۳) یہ حدیث صحیح ہے۔ شعبہ اور ثوری اس حدیث کو اسود بن قیس سے نقل کرتے ہیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ اَلَمْ نَشْرَحْ

سورۂ الم نشرح کی تفسیر

۱۲۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ اِذْ سَمِعْتُ قَائِلًا يَقُوْلُ اَحَدٌ بَيْنَ الثَّلَاثَةِ فَاُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ فِيْهَا مَآءُ زَمْزَمَ فَشُرِحَ صَدْرِيْ اِلٰى كَذَا وَكَذَا قَالَ قَتَادَةُ قُلْتُ لِاَنَسٍ مَا يَعْنِيْ قَالَ اِلٰى اَسْفَلِ بَطْنِيْ قَالَ فَاسْتُخْرِجَ قَلْبِيْ فَغُسِلَ بِمَآءِ زَمْزَمَ ثُمَّ اُعِيْدَ مَكَانَهُ ثُمَّ حُشِيَ اِيْمَانًا وَحِكْمَةً وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ:

۱۲۷۲: حضرت انسؓ بن مالک اپنی قوم کے ایک شخص مالک بن صعصعہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں بیت اللہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میں نہ سو رہا تھا اور نہ ہی جاگ رہا تھا کہ ایک شخص کی آواز سنی۔ اس کے ساتھ دو اور بھی تھے۔ وہ لوگ ایک طشت لائے جس میں زمزم تھا۔ اس نے میرے سینے کو چاک کیا۔ یہاں تک کہ قتادہ کہتے کہ میں نے انسؓ سے پوچھا کیا مطلب تو انہوں نے فرمایا کہ پیٹ کے نیچے تک پھر میرے دل کو نکالا اور آب زمزم سے دھونے کے بعد واپس اسی جگہ لگا دیا پھر اس میں ایمان اور حکمت بھر دیا گیا۔ اس حدیث میں ایک طویل قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں ابوذرؓ سے بھی روایت ہے۔

الشمس۔ اللیل۔ الضحی۔ الانشراح: یہ چار سورتیں جنہیں چہار سورہ نور وظلمات کہا جائے تو غلط نہ ہوگا اس لئے کہ یہاں متضاد چیزوں کا بیان ہے آسمان کی بلندی ہے تو زمین کی پستی ہے۔ دن کی روشنی ہے تو رات کی تاریکی بھی ہے۔ آسانی ہے تو مشکل بھی ہے۔ جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کرلیا وہ کامیاب و بامراد ہوا اور جس نے اس کو اپنے خاکی وجود میں دفن کر دیا وہ ناکام و نامراد ہوا۔ مقام صدیقیت کا ذکر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ سے خطاب اور آپ کی تسلی و دل جوئی اس طریقہ سے کی گئی جس کی کہیں اور مثال نہیں ملتی۔

وَمِنْ سُوْرَةِ وَالتِّيْنِ

سورۂ والتین کی تفسیر

۱۲۷۳. حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا بَدَوِيًّا اَعْرَابِيًّا يَقُوْلُ سَمِعْتُ

۱۲۷۳: حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ والتین پڑھے "اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ" تک پہنچے تو یہ

اَبَاهُرَیْرَةَ یَرْوِیْهِ یَقُوْلُ مَنْ قَرَأَسُوْرَةَ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ فَقَرَأَ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَحْکَمِ الْحَاکِمِیْنَ فَلْیَقُلْ بَلٰی وَاَنَا عَلٰی ذٰلِکَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ اِنَّمَا یُرْوٰی بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ هٰذَا الْاَعْرَابِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَلَا یُسَمّٰی.

کہے "بَلٰی اَنَا عَلٰی ذٰلِکَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ" (یعنی میں بھی اس پر گواہی دینے والوں میں سے ہوں) یہ حدیث اس سند سے اعرابی کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔ اس اعرابی کا نام نہیں لیا گیا۔

سورۃ التین: اس میں یہ بات لائی گئی کہ انبیاء ورسل درحقیقت ان شخصیتوں کے اعتبار سے ثبوت ہیں اس کا کہ نوع انسانی کی جو تخلیق ہوتی ہے وہ گھٹیا پیمانے پر نہیں ہوئی بلکہ نہایت اچھی شکل وصورت میں ہوئی ہے۔ حضرت محمد اور حضرت موسیٰ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے اور عیسیٰ زیتون کے جھنڈوں میں دعوت وتبلیغ کرتے رہے۔ نوح علیہ السلام جو انجیر کے درختوں میں دعوت وتبلیغ کرتے رہے۔

سُوْرَةِ اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ

سورۂ علق کی تفسیر

۱۲۷۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ الْکَرِیْمِ الْجَزَرِیِّ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ لَئِنْ رَاَیْتُ مُحَمَّدًا یُصَلِّیْ لَاَطَأَنَّ عَلٰی عُنُقِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ فَعَلَ لَاَخَذَتْهُ الْمَلٰئِکَةُ عِیَانًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۷۴: حضرت ابن عباسؓ "سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ" (ہم بھی موکلین دوزخ کو بلالیں گے۔ العلق آیت ۱۸۔) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ابو جہل نے کہا کہ اگر محمد (ﷺ) کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو انکی گردن روند دوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر اس نے ایسا کیا تو فرشتے اسے دیکھتے ہی پکڑ لیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۲۷۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فَجَآءَ اَبُوْجَهْلٍ فَقَالَ اَلَمْ اَنْهَکَ عَنْ هٰذَا اَلَمْ اَنْهَکَ عَنْ هٰذَا اَلَمْ اَنْهَکَ عَنْ هٰذَا فَانْصَرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَزَبَرَهٗ فَقَالَ اَبُوْ جَهْلٍ اِنَّکَ لَتَعْلَمُ مَابِهَا نَادٍ اَکْثَرُ مِنِّیْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاللّٰهِ لَوْدَعَانَادِیَهٗ لَاَخَذَتْهُ زَبَانِیَةُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ وَفِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۱۲۷۵: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے کہ ابو جہل آیا اور کہنے لگا کیا میں نے تمہیں اس سے منع نہیں کیا (تین مرتبہ یہی جملہ دہرایا) آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو اسے ڈانٹا۔ وہ کہنے لگا: تم جانتے ہو کہ مجھ سے زیادہ کسی کے ہم نشین نہیں ہیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں "فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ....الآیۃ" (پس وہ اپنی مجلس والوں کو بلالے، ہم بھی موکلین دوزخ کو بلائیں گے۔ العلق آیت: ۱۸،۱۷) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم اگر وہ اپنے دوستوں کو بلالیتا تو اللہ کے فرشتے اسے پکڑ لیتے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اس باب میں ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

سورۂ قدر کی تفسیر

۱۲۷۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَامَ رَجُلٌ اِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بَعْدَ مَابَايَعَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ سَوَّدْتَّ وُجُوْهَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ لَا تُؤَنِّبْنِيْ رَحِمَكَ اللّٰهُ فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيَ بَنِيْ اُمَيَّةَ عَلٰى مِنْبَرِهٖ فَسَآءَهُ ذٰلِكَ فَنَزَلَتْ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ يَامُحَمَّدُ يَعْنِيْ نَهْرًا فِي الْجَنَّةِ وَنَزَلَتْ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَمَا اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ يَمْلِكُهَا بَعْدَكَ بَنُوْا اُمَيَّةَ يَا مُحَمَّدُ قَالَ الْقَاسِمُ فَعَدَدْنَاهَا فَاِذَا هِيَ اَلْفُ شَهْرٍ لَا تَزِيْدُ يَوْمًا وَلَا تَنْقُصُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ ابْنِ الْفَضْلِ وَقَدْ قِيْلَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَازِنٍ وَالْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ هُوَ ثِقَةٌ وَثَّقَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَيُوْسُفُ بْنُ سَعْدٍ رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَلَى اللَّفْظِ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۲۷۶: حضرت یوسف بن سعدؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت حسن بن علیؓ سے حضرت معاویہؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لینے کے بعد کہا کہ آپ نے مسلمانوں کے منہ پر کالک مل دی۔ انہوں نے فرمایا اللہ تم پر رحم فرمائے مجھے الزام مت دو۔ پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنے منبر پر بنوامیہ کے لوگ نظر آئے تو آپ ﷺ نے اس کے متعلق پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا" اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ " (اے محمد ﷺ ہم نے آپ کو (جنت کی ایک نہر) کوثر عطا کی ہے) پھر یہ سورت نازل ہوئی "اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ ....الخ" (بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں اتارا ہے اور آپ کو کیا معلوم کہ شب قدر کیا ہے۔ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے القدر۔ آیت ۱۔۳) اے محمد (ﷺ) آپ ﷺ کے بعد بنوامیہ بادشاہ ہوں گے۔ قاسم کہتے ہیں کہ ہم نے انکی (یعنی بنوامیہ کی) حکومت کے دن گنے تو انہیں پورے کے پورے ایک ہزار ماہ پایا۔ نہ ایک دن کم نہ زیادہ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے قاسم بن فضل کی روایت سے جانتے ہیں بعض اسے قاسم بن فضل سے اور وہ یوسف بن مازن سے نقل کرتے ہیں۔ قاسم بن فضل حدانی کو یحییٰ بن سعید اور عبدالرحمٰن بن مہدی نے ثقہ قرار دیا ہے۔ اس سند میں یوسف بن سعد مجہول ہیں۔ ہم اسے ان الفاظ سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۲۷۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ وَعَاصِمٍ سَمِعَا زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يَقُوْلُ قُلْتُ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اَخَاكَ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ مَنْ يَقُمِ الْحَوْلَ يُصِيْبُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ قَالَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لِاَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَقَدْ عَلِمَ اَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ وَاَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَلٰكِنَّهُ اَرَادَ اَنْ لَا يَتَّكِلَ النَّاسُ ثُمَّ حَلَفَ لَا يَسْتَثْنِيْ اَنَّهَا لَيْلَةَ سَبْعٍ

۱۲۷۷: حضرت زر بن حبیشؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ابی بن کعبؓ سے کہا کہ تمہارے بھائی عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جو شخص سال بھر جاگے گا (یعنی رات کو عبادت کرے گا) وہ شب قدر کو پالے گا۔ حضرت ابی بن کعبؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمٰن (یعنی عبداللہ بن مسعودؓ) کی مغفرت کرے وہ جانتے تھے کہ یہ رات رمضان کے آخری عشرے میں ہے اور یہ کہ یہ ستائیسویں رات ہے لیکن انہوں نے چاہا کہ لوگ

وَعِشْرِيْنَ قَالَ قُلْتُ لَهٗ بِاَيِّ شَيْءٍ تَقُوْلُ ذٰلِكَ يَااَبَا الْمُنْذِرِ قَالَ بِالْاٰيَةِ الَّتِيْ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ بِالْعَلَامَةِ اَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لَا شُعَاعَ لَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اس پر بھروسہ کر کے نہ بیٹھ جائیں پھر انہوں نے قسم کھائی کہ یہ وہی ستائیسویں شب ہے۔ میں نے عرض کیا اے ابومنذر (یعنی ابی بن کعبؓ) تم کس طرح کہہ سکتے ہو۔ انہوں نے فرمایا: اس نشانی یا فرمایا: اس علامت کی وجہ سے جو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں بتائی کہ اس دن سورج اس طرح نکلتا ہے کہ اس میں شعاع نہیں ہوتی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سُوْرَةُ لَمْ يَكُنْ

سورۂ لم یکن کی تفسیر

۱۲۷۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ قَالَ ذَاكَ اِبْرَاهِيْمُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۷۸: حضرت مختار بن فلفل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح پکارا "يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ" (اے تمام مخلوق سے بہتر) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سُوْرَةُ اِذَا زُلْزِلَتْ

سورۂ زلزال کی تفسیر

۱۲۷۹: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَخْبَارُهَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ اَخْبَارَهَا اَنْ تَشْهَدَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلٰى ظَهْرِهَا تَقُوْلُ عَمِلَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا فَهٰذِهٖ اَخْبَارُهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۷۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی "يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا..." (اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی۔ الزلزال۔ آیت ۴) اور فرمایا کہ جانتے ہو کہ اسکی خبریں کیا ہیں؟ عرض کیا: اللہ اور اسکا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اسکی خبریں یہ ہیں کہ یہ ہر مرد وعورت کے متعلق بتائے گی کہ اس نے اس پر (یعنی زمین پر) کیا کیا اور کہے گی کہ اس نے اس طرح کیا، اس طرح کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ

سورۂ تکاثر کی تفسیر

۱۲۸۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ انْتَهٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِيْ مَالِيْ وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ اِلَّا مَا تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ اَوْ اَكَلْتَ

۱۲۸۰: حضرت عبداللہ بن شخیر فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ سورۂ تکاثر پڑھ رہے تھے پھر فرمایا ابن آدم کہتا ہے کہ یہ میرا مال ہے۔ یہ میرا مال ہے حالانکہ (اے ابن آدم) تیرا مال تو صرف وہی ہے جو تو نے صدقے کے طور پر دے دیا، یا کھا کر فنا کر دیا، یا پہن کر

فَاَفْنَيْتَ اَوْلَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

پرانا کر دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۸۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ قَيْسٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَازِلْنَا نَشُكُّ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ حَتّٰى نَزَلَتْ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ اَبُوْ كُرَيْبٍ مَرَّةً عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْمِنْهَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۱۲۸۱: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم عذاب قبر کے بارے میں شک ہی میں تھے یہاں تک کہ یہ سورت نازل ہوئی '' اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ '' ابوکریب اپنی سند میں عمرو بن قیس سے ابن ابی لیلٰی کے حوالے سے منہال سے روایت کرتے ہیں۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۱۲۸۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ثُمَّ لَتُسْاَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ قَالَ الزُّبَيْرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَيُّ النَّعِيْمِ نُسْاَلُ عَنْهُ وَاِنَّمَاهُمَا الْاَسْوَدَانِ التَّمْرُ وَالْمَاءُ قَالَ اَمَا اِنَّهُ سَيَكُوْنُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۲۸۲: حضرت عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی ''ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ '' (پھر اس دن تم سے نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ التکاثر۔ آیت ۸۔) تو زبیرؓ نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ کونسی نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ ہمارے پاس کھجور اور پانی کے علاوہ ہے کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ نعمتیں عنقریب تمہیں ملیں گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۸۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ ثُمَّ لَتُسْاَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ قَالَ النَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَنْ اَيِّ النَّعِيْمِ نُسْاَلُ وَاِنَّمَا هُمَا الْاَسْوَدَانِ وَالْعَدُوُّ حَاضِرٌ وَسُيُوْفُنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَا قَالَ اِنَّ ذٰلِكَ سَيَكُوْنُ وَحَدِيْثُ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عِنْدِيْ اَصَحُّ مِنْ هٰذَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ اَحْفَظُ وَاَصَحُّ حَدِيْثًا مِنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ.

۱۲۸۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ یہ آیت نازل ہوئی '' ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ '' تو صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ: ہمارے پاس دو ہی تو چیزیں ہیں پانی اور کھجور۔ پھر ہم سے کن نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا؟ دشمن حاضر ہے اور تلواریں ہمارے کاندھوں پر ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا یہ نعمتیں عنقریب تمہیں ملیں گی۔ ابن عیینہ کی محمد بن عمرو سے منقول حدیث میرے نزدیک اس حدیث سے زیادہ صحیح ہے اس لیے کہ سفیان بن عیینہ، ابوبکر بن عیاش سے احفظ اور زیادہ صحیح ہیں۔

۱۲۸۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا شَبَابَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَمٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ مَايُسْاَلُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَعْنِي الْعَبْدَ مِنَ النَّعِيْمِ اَنْ يُقَالَ لَهُ اَلَمْ نُصِحَّ لَكَ جِسْمَكَ وَ نُرْوِيَكَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ هٰذَا

۱۲۸۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن بندے سب سے پہلے نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا کہ کیا ہم نے تیرے جسم کو صحت عطا نہیں کی۔ کیا ہم نے تجھے ٹھنڈے پانی سے سیر نہیں کیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ضحاک، ضحاک بن عبد الرحمٰن بن عرزب ہیں۔ انہیں ابن عرزم بھی کہا جاتا

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَالضَّحَّاكُ هُوَ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَبٍ وَيُقَالُ عَرْزَمُ.

ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْكَوْثَرِ

سورۂ کوثر کی تفسیر

۱۲۸۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ هُوَ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ نَهْرًا فِي الْجَنَّةِ حَافَتَيْهِ قِبَابُ اللُّؤْلُوءِ قُلْتُ مَاهٰذَا يَاجِبْرِيْلُ قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۸۵: حضرت انسؓ سورۂ کوثر کی تفسیر میں نبی اکرمؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: کوثر جنت کی ایک نہر ہے راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے مزید فرمایا: میں نے جنت میں ایک نہر دیکھی جس کے دونوں کناروں پر موتیوں کے خیمے تھے۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو عطا کی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۸۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَاسُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ اَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ اِذْعُرِضَ لِيْ نَهْرٌ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤُ قُلْتُ لِلْمَلَكِ مَا هٰذَا قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ قَالَ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ اِلٰى طِيْنَةٍ فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا ثُمَّ رُفِعَتْ لِيْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَرَاَيْتُ عِنْدَهَا نُوْرًا عَظِيْمًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ.

۱۲۸۶: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں جنت میں چل رہا تھا کہ میں نے ایک نہر دیکھی جس کے دونوں کناروں پر موتیوں کے خیمے تھے۔ میں نے فرشتے سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا کی ہے۔ پھر انہوں نے ہاتھ مارا اور اسکی مٹی نکالی، تو وہ مشک تھی۔ پھر میرے سامنے سدرۃ المنتہیٰ آ گئی اور میں نے اس کے قریب عظیم نور دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے انسؓ سے منقول ہے۔

۱۲۸۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَطَاءِ السَّآئِبِ عَنْ مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَوْثَرُ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ حَافَتَاهُ مِنْ ذَهَبٍ وَمَجْرَاهُ عَلَى الدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ تُرْبَتُهُ اَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَمَآءُهُ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۸۷: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوثر جنت کی ایک نہر ہے۔ جس کے دونوں جانب سونے کے خیمے ہیں۔ اس کا پانی موتی اور یاقوت پر بہتا ہے۔ اسکی مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ الکوثر : ابتدا میں حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خیر کثیر عطا کئے جانے کا بیان ہے اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جو وحی اور علوم الٰہیہ رشد و ہدایت اور فلاح و سعادت آپ کو دیئے گئے ان کی عظمت و برتری اور بہتری کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔ جس علم و حکمت نے دنیا کو انسانیت سکھادی ان کو عقائد اعمال و اخلاق کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ بلاشبہ وہ ایسی خیر کثیر ہے جس سے بڑھ کر کسی خیر کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اس خیر کثیر کے عملی پہلوؤں کی تکمیل اور صلوٰۃ اور قربانی سے ہوتی ہے اور حضور ﷺ کی مقبولیت کا یہ مقام ہے کہ آپ کا دشمن اور بدخواہ ہمیشہ کے لئے تباہ و برباد ہو کر رہے گا۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْفَتْحِ

۱۲۸۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ يَسْأَلُنِيْ مَعَ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَتَسْأَلُهُ وَلَنَا بَنُوْنَ مِثْلُهُ قَالَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ اِنَّهُ مِنْ حَيْثُ نَعْلَمُ فَسَأَلَهُ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ فَقُلْتُ اِنَّمَا هُوَ اَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَهُ اِيَّاهُ وَقَرَأَ السُّوْرَةَ اِلٰى اٰخِرِهَا فَقَالَ لَهُ عُمَرُ وَاللّٰهِ مَا اَعْلَمُ مِنْهَا اِلَّا مَا تَعْلَمُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَتَسْأَلُهُ وَلَنَا اَبْنَآءٌ مِثْلُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

سورۂ فتح کی تفسیر

۱۲۸۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں مجھ سے مسائل پوچھتے تھے۔ ایک مرتبہ عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے فرمایا: آپ ان سے مسائل پوچھتے ہیں۔ جبکہ یہ ہماری اولاد کے برابر ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میں کیوں اس سے پوچھتا ہوں[۱]۔ پھر ابن عباسؓ سے ''اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ'' (جب اللہ کی مدد اور فتح آ چکی۔ النصر آیت:۱) کی تفسیر پوچھی تو انہوں نے فرمایا: اس میں نبی اکرمؐ کو اللہ کی طرف سے وفات کی خبر دی گئی ہے۔ پھر پوری سورت پڑھی۔ اس پر حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں بھی وہی جانتا ہوں جو تم جانتے ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۸۹: محمد بن بشار، محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ ابو بشر سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اسکے یہ الفاظ ہیں۔ '' اَتَسْأَلُهُ وَلَنَا اَبْنَآءٌ مِثْلُه ....'' یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ النصر: اس سورت میں فتح ونصرت کی بشارت کا ذکر کرتے ہوئے ہمیشہ کے لئے غلبہ دین اور ظہور اسلام کی خبر دی گئی ہے۔ رسول خدا کی غرضِ بعثت کی تکمیل ہوگئی اور آپ اُمت کے کام سے فارغ ہو گئے لہٰذا آپ کلیتاً اپنا رخ اللہ کی طرف کر لیجئے اور اس کی یہی صورت ہے کہ تمام تر مشغولیت انہماک اللہ کے لئے ہو جائے۔ حتیٰ کہ یہ انہماک اصلاً و ذاتاً بھی رجوع الی اللہ ہو جائے جس کی صورت دنیا سے رحلت کر کے رفیق کے ساتھ ملحق ہو جانا ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ تَبَّتْ

۱۲۹۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَا نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الصَّفَا فَنَادٰى يَا صَبَاحَاهُ فَاجْتَمَعَتْ اِلَيْهِ قُرَيْشٌ فَقَالَ اِنِّيْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنِّيْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ الْعَدُوَّ

سورۂ لہب کی تفسیر

۱۲۹۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہؐ صفا پر چڑھے اور پکارنے لگے ''یا صباحاہ'' اس پر قریش آپؐ کے پاس جمع ہو گئے۔ آپؐ نے فرمایا: میں تمہیں سخت عذاب سے ڈراتا ہوں۔ دیکھو اگر میں تم سے یہ کہوں کہ دشمن صبح یا شام کو تم تک پہنچنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ ابولہب کہنے لگا۔ کیا تم نے ہمیں اسی لیے جمع کیا تھا، تیرے

---

[۱] حضرت ابن عباسؓ سے مسائل اس لیے پوچھتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ نے ابن عباسؓ کے لیے دعا کی تھی کہ یا اللہ انہیں دین کی سمجھ عطا فرما۔ واللہ اعلم۔ (مترجم)

مُمَسِّيكُمْ اَوْمُصَبِّحُكُمْ اَكُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِيْ فَقَالَ اَبُوْ لَهَبٍ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا تَبًّالَكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہاتھ ٹوٹ جائیں۔اس پر اللہ تعالیٰ نے ''تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ'' نازل فرمائی (ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوگیا۔اللھب آیت:۱) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

سورۃ اللھب: اس سورۃ میں اہم تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہے جب آپ نے قبائل عرب کو اللہ کا پیغام پہنچانے کا ارادہ فرمایا اور قبائل عرب کو پکارا ''یا صباحا یا صباحا'' جس پر قریش کے تمام قبائل جمع ہوگئے۔آپ نے فرمایا اے لوگو! ذرا یہ بتاؤ کہ اگر میں تم سے یہ کہوں کہ دشمن کا ایک لشکر تم پر صبح کو حملہ آور ہونے والا ہے یا شام کو حملہ آور ہونے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے۔ سب نے جواب دیا ہم نے آپؐ سے سوائے صداقت اور سچائی کے کوئی تجربہ نہیں کیا۔آپؐ نے فرمایا میں تمہیں ایک سامنے آنے والے عذاب سے ڈرانے والا ہوں تو یہ بدبخت ابولہب کہنے لگا تمہارے ہاتھ ٹوٹیں کیا اس لئے تم نے ہمیں جمع کیا تھا۔اس سورت میں اس بدبخت کی بدتمیزی اور شقاوت کی مذمت اور اس پر وعید فرمائی جارہی ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْاِخْلَاصِ

۱۲۹۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ سَعْدٍ هُوَ الصَّنْعَانِيُّ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْسُبْ لَنَارَبَّكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ فَالصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ لِاَنَّهٗ لَيْسَ شَيْءٌ يُوْلَدُ اِلَّا سَيَمُوْتُ وَلَيْسَ شَيْءٌ يَمُوْتُ اِلَّا سَيُوْرَثُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمُوْتُ وَلَا يُوْرَثُ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ قَالَ لَمْ يَكُنْ لَهٗ شَبِيْهٌ وَلَا عِدْلٌ وَلَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ.

سورۂ اخلاص کی تفسیر

۱۲۹۱: حضرت ابی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ مشرکین نبی اکرم ﷺ سے کہنے لگے کہ اپنے رب کا نسب بیان کیجئے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ....الخ'' نازل فرمائی (کہہ دو وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اسکی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور اسکے برابر کا کوئی نہیں ہے۔سورۂ اخلاص : آیت۔ا۔۴) صمد وہ ہے جو نہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔اس لیے کہ ہر پیدا ہونے والی چیز یقیناً مرے گی۔اور جو مرے گا اسکا وارث بھی ہوگا۔لیکن اللہ نہ مریں گے اور نہ ان کا کوئی وارث ہوگا۔''کفو'' کے معنی مشابہ اور برابری کے ہیں یعنی اسکے مثل کوئی چیز نہیں۔

۱۲۹۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ اٰلِهَتَهُمْ فَقَالُوْا اُنْسُبْ لَنَارَبَّكَ قَالَ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعْدٍ وَاَبُوْ سَعْدٍ اِسْمُهٗ مُحَمَّدُ بْنُ مُيَسَّرٍ.

۱۲۹۲: حضرت ابوعالیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مشرکین کے معبودوں کا ذکر کیا تو کہنے لگے کہ اپنے رب کا نسب بیان کیجئے۔چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام سورۂ اخلاص لے کر نازل ہوئے۔پھر اسی کی مانند حدیث بیان کرتے ہوئے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے۔یہ حدیث ابوسعد کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ابوسعد کا نام محمد بن میسر ہے۔

سورة الاخلاص :اس سورت میں توحید خداوندی اوراس کی ذات وصفات کی عظمت کا بیان ہے اور یہ کہ اس کی الوہیت اور ذات وصفات میں کوئی اس کا مشابہ اور نمونہ نہیں۔ اس ضمن میں یہ بات ظاہر کی جارہی ہے کہ اسلام کی خصوصیت توحید ہے اور اس خصوصیت کے باعث اسلام دوسرے مذاہب سے ممتاز اور جدا ہے اور یہی وہ خصوصیت ہے جس کی بنا پر اسلام دنیا کے تمام مذاہب سے بہتر اور عین عقل وفطرت کے مطابق ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْمُعَوَّذَتَيْنِ

۱۲۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَی الْقَمَرِ فَقَالَ یَاعَائِشَةُ اسْتَعِیْذِیْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا فَاِنَّ هٰذَا هُوَ الْغَاسِقُ اِذَا وَقَبَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۹۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ ابْنِ اَبِیْ خَالِدٍ نَا قَیْسٌ وَ هُوَابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیَّ اٰیَاتٍ لَمْ یُرَمِثْلُهُنَّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اِلٰی اٰخِرِ السُّوْرَةِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اِلٰی اٰخِرِ السُّوْرَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۳۸۱: بَابٌ

۱۲۹۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا صَفْوَانُ بْنُ عِیْسٰی نَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ ذُبَابٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِیْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ یَا اٰدَمُ اِذْهَبْ اِلٰی اُولٰٓئِکَ الْمَلٰٓئِکَةِ اِلٰی مَلَاءٍ مِنْهُمْ جُلُوْسٌ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ قَالُوْا وَعَلَیْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی رَبِّهٖ قَالَ اِنَّ هٰذِهٖ تَحِیَّتُکَ وَتَحِیَّةُ بَنِیْکَ بَیْنَهُمْ فَقَالَ اللّٰهُ لَهٗ وَیَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ اِخْتَرْ اَیُّهُمَا شِئْتَ قَالَ

معوذتین کی تفسیر

۱۲۹۳: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ چاند کی طرف دیکھا تو فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا اس کے شر سے اللہ سے پناہ مانگا کرو کیونکہ یہی اندھیرا کرنے والا ہے۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۹۴: حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر چند ایسی آیات نازل فرمائی ہیں۔ جن کے مثل نہیں دیکھی گئیں۔ سورة الفلق اور سورة الناس۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۸۱: باب

۱۲۹۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کیا اور ان میں روح پھونکی تو انہیں چھینک آئی۔ انہوں نے کہا الحمد للہ۔ چنانچہ انہوں نے اللہ کے حکم سے الحمد للہ کہا۔ جس کے جواب میں انکے رب نے فرمایا "یرحمک اللہ" (اللہ تم پر رحم کرے) اے آدم ان فرشتوں کے پاس جاؤ جو بیٹھے ہوئے ہیں اور انہیں سلام کرو۔ انہوں نے جواب دیا کہ وعلیک السلام ورحمۃ اللہ۔ وہ پھر اپنے رب کی طرف لوٹے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ تمہاری اور تمہاری اولاد کی آپس میں دعا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی دونوں مٹھیاں بند

اخْتَرْتُ يَمِينَ رَبِّي وَ كِلْتَا يَدَيْ رَبِّي يَمِينٌ مُبَارَكَةٌ ثُمَّ بَسَطَهَا فَإِذَا فِيهَا اٰدَمُ وَ ذُرِّيَّتُهُ فَقَالَ اَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ فَإِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَكْتُوبٌ عُمُرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَإِذَا فِيهِمْ رَجُلٌ اَضْوَأُ هُمْ اَوْمِنْ اَضْوَئِهِمْ قَالَ يَارَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا ابْنُكَ دَاوُدُ وَقَدْ كَتَبْتُ لَهُ عُمُرَ اَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ يَارَبِّ زِدْهُ فِي عُمُرِهٖ قَالَ ذَاكَ الَّذِي كُتِبَ لَهُ فَقَالَ اَيْ رَبِّ فَاِنِّي قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمُرِي سِتِّينَ سَنَةً قَالَ اَنْتَ وَذَاكَ قَالَ ثُمَّ اُسْكِنَ الْجَنَّةَ مَاشَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا فَكَانَ اٰدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهٖ قَالَ فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُ اٰدَمُ قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِيَ اَلْفُ سَنَةٍ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ سِتِّينَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ قَالَ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کر کے فرمایا: ان میں سے جسے چاہو اختیار کرلو۔ انہوں نے عرض کیا میں نے اپنے رب کا دایاں ہاتھ اختیار کیا اور میرے رب کے دونوں ہاتھ ہی داہنے اور برکت والے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ہاتھ کھولا تو اس میں آدم اور انکی ذریت (اولاد) تھی۔ پوچھنے لگے کہ یا رب یہ کون ہیں؟ فرمایا یہ تمہاری اولاد ہے اوران سب کی پیشانیوں پر انکی عمریں لکھی ہوئی تھیں۔ ان میں ایک شخص سب سے زیادہ روشن چہرے والا تھا۔ پوچھا یہ کون ہے؟ فرمایا یہ آپ کے بیٹے داؤد ہیں۔ میں نے انکی عمر چالیس سال لکھی ہے۔ عرض کیا اے رب انکی عمر زیادہ کردیجئے۔ فرمایا: اتنی ہی ہے جتنی لکھی جاچکی ہے۔ عرض کیا یا اللہ میں نے اپنی عمر سے اسے ساٹھ سال دے دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم اور ایسی سخاوت۔ پھر وہ اللہ کی مشیت کے مطابق جنت میں رہے۔ پھر وہاں سے اتارے گئے اور پھر اپنی عمر گننے لگے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر ان کے (آدم علیہ السلام کے) پاس موت کا فرشتہ آیا۔ تو آدمؑ ان سے کہنے لگے کہ تم جلدی آگئے میری عمر تو ہزار سال ہے۔ فرشتے نے عرض کیا کیوں نہیں۔ لیکن آپ نے اس میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤدؑ کو دے دیئے تھے۔ اس پر آدمؑ نے انکار کردیا۔ چنانچہ ان کی اولاد بھی منکر ہوگئی اور آدمؑ سے بھول ہوئی چنانچہ انکی اولاد بھی بھولنے لگی۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ اس دن سے لکھنے اور گواہ مقرر کرنے کا حکم ہوا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے ابوہریرہؓ سے مرفوعاً منقول ہے۔

۳۸۲: بَابٌ

۱۲۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَايَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيدُ فَخَلَقَ الْجِبَالَ فَقَالَ بِهَا عَلَيْهَا فَاسْتَقَرَّتْ فَعَجِبَتِ الْمَلٰئِكَةُ مِنْ شِدَّةِ الْجِبَالِ

۳۸۲: باب

۱۲۹۶: حضرت انس بن مالکؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے زمین بنائی تو وہ حرکت کرنے لگی۔ چنانچہ پہاڑ بنائے اور انہیں حکم دیا کہ زمین کو تھامے رہو۔ فرشتوں کو پہاڑوں کی مضبوطی پر تعجب ہوا۔ تو انہوں نے عرض کیا: اے رب کیا آپ

فَقَالُوْا یَارَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِکَ شَیْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ قَالَ نَعَمْ الْحَدِیْدُ فَقَالُوْا یَارَبِّ فَهَلْ مِنْ خَلْقِکَ شَیْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْحَدِیْدِ قَالَ نَعَمْ النَّارُ قَالُوْا یَارَبِّ فَهَلْ مِنْ خَلْقِکَ شَیْءٌ اَشَدُّ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمْ اَلْمَآءُ قَالُوْایَا رَبِّ فَهَلْ مِنْ خَلْقِکَ شَیْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْمَآءِ قَالَ نَعَمْ الرِّیْحُ قَالُوْا یَارَبِّ فَهَلْ فِیْ خَلْقِکَ شَیْءٌ اَشَدُّ مِنَ الرِّیْحِ قَالَ نَعَمْ ابْنُ اٰدَمَ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ بِیَمِیْنِهٖ یُخْفِیْهَا مِنْ شِمَالِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

کی مخلوقات میں پہاڑوں سے زیادہ سخت بھی کوئی چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، ہاں لوہا، عرض کیا: لوہے سے زیادہ سخت بھی کوئی چیز ہے۔ فرمایا ہاں آگ۔ عرض کیا اس سے سخت؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا پانی۔ فرشتوں نے عرض کیا اس سے سخت۔ فرمایا ہوا۔ عرض کیا: اس سے بھی سخت کوئی چیز ہے فرمایا: ہاں اس سے بھی سخت ہے اور وہ ابن آدم ہے جو دائیں ہاتھ سے صدقہ کرتا ہو اور اسکے بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہ ہوتی ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے مرفوع جانتے ہیں۔

سورۃ الناس اور الفلق: کلام اللہ کی یہ دو سورتیں معوذتین کہلاتی ہیں۔ جب نبی اکرم پر یہود نے سحر کر دیا تو اس جادو سے آپؐ پر ایک طرح کا مرض لاحق ہو گیا۔ اس دوران کبھی ایسا بھی ہوا کہ آپ کو اپنے کسی دنیاوی کام کے معاملہ میں خیال ہوتا کہ میں نے یہ کام کر لیا حالانکہ وہ نہیں کیا ہوتا تھا۔ کبھی کوئی چیز نہیں کی اور خیال ہوتا کہ میں نے یہ بات کر لی ہے۔ اس کے علاج کے لئے یہ دونوں سورتیں نازل ہوئیں۔

اَبْوَابُ الدَّعْوَاتِ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دُعاؤں کے باب

جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں

۳۸۳: بَابُ مَاجَآءَ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ

۱۲۹۷: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ اَنَا اَبُوْ دَاؤُدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ بِنَحْوِهٖ۔

۳۸۳: باب دُعا کی فضیلت کے بارے میں

۱۲۹۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ عزیز کوئی چیز نہیں ۔ یہ حدیث غریب ہے ۔ ہم اس حدیث کو صرف عمران قطان کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں ۔ محمد بن بشار نے اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن مہدی سے اور وہ عمران قطان سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں ۔

۳۸۴: بَابٌ مِنْهُ

۱۲۹۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا وَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ۔

۱۲۹۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ذَرٍّ عَنْ يُسَيْعٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ قَرَاَ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ مَنْصُوْرٌ وَ الْاَعْمَشُ عَنْ ذَرٍّ وَلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ

۳۸۴: باب اسی سے متعلق

۱۲۹۸: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دعا عبادت کا مغز ہے ۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے ۔ ہم اس حدیث کو صرف ابن لہیعہ کی روایت سے پہچانتے ہیں ۔

۱۲۹۹: حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دعا ہی تو عبادت ہے پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی ''وَقَالَ رَبُّكُمْ ....الآیہ'' (یعنی تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا ۔ جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں ۔ عنقریب وہ ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے ۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ منصور اور اعمش نے اس حدیث کو حضرت ذر سے نقل کیا ہے ۔ ہم اس حدیث کو

ذَرٍ.

صرف ذر ہی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۸۵: بَابُ مِنْهُ

۱۳۰۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِى الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ وَقَدْ رَوٰى وَكِيْعٌ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ اَبِى الْمَلِيْحِ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ حُمَيْدٍ اَبِى الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۳۸۵: باب اسی کے متعلق

۱۳۰۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی اللہ تعالیٰ سے سوال نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔ وکیع اور کئی راوی یہ حدیث ابوملیح سے روایت کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ہم سے اس حدیث کو اسحق بن منصور نے ابوعاصم کے حوالے سے انہوں نے حمید سے انہوں نے ابو صالح سے انہوں نے ابو ہریرہؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

۳۸۶: بَابُ مَاجَآءَ فِىْ فَضْلِ الذِّكْرِ

۱۳۰۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُسْرٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِىْ بِشَىْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۳۸۶: باب ذکر کی فضیلت کے بارے میں

۱۳۰۱: حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم): اسلام کے احکام بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ایسی چیز بتائیے کہ میں اسے اختیار کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری زبان ہر وقت اللہ کے ذکر سے تر رہنی چاہیے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۸۷: بَابُ مِنْهُ

۱۳۰۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِى الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْعِبَادِ اَفْضَلُ دَرَجَةً عِنْدَاللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمِنَ الْغَازِىْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ لَوْضَرَبَ بِسَيْفِهٖ فِى الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يَنْكَسِرَ وَيَخْتَضِبَ دَمًا لَكَانَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا اَفْضَلَ دَرَجَةً هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ دَرَّاجٍ.

۳۸۷: باب اسی سے متعلق

۱۳۰۲: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک کس کا درجہ سب سے افضل ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والوں کا۔ ابوسعیدؓ کہتے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ کیا وہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے سے بھی افضل ہے۔ آپؐ نے فرمایا اگر غازی اپنی تلوار سے کفار اور مشرکین کو قتل کرے یہاں تک کہ اسکی تلوار ٹوٹ جائے اور خون آلود ہو جائے تب بھی اللہ کا ذکر کرنے والوں کا درجہ اس (غازی) سے افضل ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف

دراج کی روایت سے جانتے ہیں۔

۳۸۸: بَابُ مِنْهُ

۱۳۰۳: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ اَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ هُوَ ابْنُ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ زِيَادٍ مَوْلٰى بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِىْ بَحْرِيَّةَ عَنْ اَبِى الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ اُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ اَعْمَالِكُمْ وَاَزْكٰهَا عِنْدَ مَلِيْكِكُمْ وَاَرْفَعُهَا فِىْ دَرَجَاتِكُمْ وَخَيْرٍ لَكُمْ مِنْ اِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ وَخَيْرٍ لَكُمْ مِنْ اَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوْا اَعْنَاقَكُمْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ مَاشَىْءٌ اَنْجٰى مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ مِثْلَ هٰذَا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْهُ فَاَرْسَلَهُ.

۳۸۸: باب اسی کے بارے میں

۱۳۰۳: حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے مالک (یعنی اللہ) کے نزدیک اچھا اور پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات میں سب سے بلند اور اللہ کی راہ میں سونا اور چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہے۔ نیز وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے تمہارے کفار کی گردنیں مارنے اور ان کے تمہاری گردنیں مارنے سے بھی افضل ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ آپؐ نے فرمایا وہ اللہ کا ذکر ہے۔ حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ اللہ کے عذاب سے بچانے والی ذکر الٰہی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ بعض حضرات نے یہ حدیث عبداللہ بن سعید سے اسی سند سے اسی کے مثل نقل کی ہے اور بعض نے عبداللہ بن سعید سے مرسل روایت کیا ہے۔

۳۸۹: بَابُ مَاجَآءَ فِى الْقَوْمِ يَجْلِسُوْنَ فَيَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مَالَهُمْ مِنَ الْفَضْلِ

۱۳۰۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِىٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَغَرِّ اَبِىْ مُسْلِمٍ اَنَّهُ شَهِدَ عَلٰى اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ اَنَّهُمَا شَهِدَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَامِنْ قَوْمٍ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا حَفَّتْ بِهِمُ الْمَلَائِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۳۸۹: باب مجلس ذکر کی فضیلت کے بارے میں

۱۳۰۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی جماعت اللہ کا ذکر کرتی ہے تو فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں۔ اور رحمت ان پر چھا جاتی ہے۔ اور ان پر تسکین (اطمینان قلب) نازل کر دی جاتی ہے پھر اللہ تعالیٰ اپنی مجلس (یعنی فرشتوں) میں ان کا ذکر کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۰۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعَطَّارُ نَا اَبُوْ نَعَامَةَ عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَا يُجْلِسُكُمْ قَالُوْا جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ قَالَ آللّٰهِ مَا

۱۳۰۵: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت معاویہؓ مسجد آئے تو لوگوں سے پوچھا کہ کیوں بیٹھے ہوئے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ کا ذکر کر رہے ہیں۔ حضرت معاویہؓ نے پوچھا۔ کیا اللہ کی قسم: اللہ کے ذکر کے لیے ہی بیٹھے

اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذَاكَ قَالَ اَمَا اِنِّیْ مَا اَسْتَحْلِفُكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَمَا كَانَ اَحَدٌ بِمَنْزِلَتِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَلَّ حَدِيْثًا عَنْهُ مِنِّیْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰی حَلْقَةٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ مَا يُجْلِسُكُمْ قَالُوْا جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهٗ لِمَا هَدَانَا لِلْاِسْلَامِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِهٖ فَقَالَ اللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذَاكَ قَالُوْا آللّٰهِ مَا اَجْلَسَتَ اِلَّا ذَاكَ قَالَ اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَسْتَحْلِفْكُمْ لِتُهْمَةٍ لَكُمْ اِنَّهٗ اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ وَاَخْبَرَنِیْ يُبَاهِیْ بِكُمُ الْمَلٰٓئِكَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ نُعَامَةَ السَّعْدِیُّ اِسْمُهٗ عَمْرُو بْنُ عِيْسٰی وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِیُّ اسْمُهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلٍّ.

ہو۔انہوں نے کہا اللہ قسم ہم اسی لیے بیٹھے ہیں۔حضرت معاویہؓ نے فرمایا: سنو میں نے کسی الزام یا تہمت کے پیش نظر تم سے قسم نہیں لی اور تم لوگ تو جانتے ہو کہ میں شدت احتیاط کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ سے کم احادیث نقل کرتا ہوں۔آپؐ ایک مرتبہ صحابہ کے حلقے کی طرف تشریف لائے اور ان سے بیٹھنے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ ہم لوگ اللہ کا ذکر اور اسکی تعریف کر رہے ہیں جس نے ہمیں اسلام کی ہدایت دی اور ہم پر احسان فرمایا کہ ہمیں اس دولت سے نوازا۔آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم کیا تم اسی لیے بیٹھے ہو۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ کی قسم ہم اسی لیے بیٹھے ہیں۔آپؐ نے فرمایا میں نے تمہیں جھوٹ کے گمان کی وجہ سے قسم نہیں دی۔جان لو کہ میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کر رہا ہے۔یہ حدیث حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ابونعامہ سعدی کا نام عمرو بن عیسیٰ اور ابوعثمان نہدی کا نام ابوعبدالرحمن بن مل ہے۔

۳۹۰: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْقَوْمِ يَجْلِسُوْنَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

۳۹۰: باب جس مجلس میں اللہ کا ذکر نہ ہو اس کے بارے میں

۱۳۰۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ مَوْلَی التَّوْاَمَةِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاجَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰی نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَآءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَآءَ غَفَرَلَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِیَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

۱۳۰۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مجلس میں اللہ کا ذکر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے تو اس مجلس والے نقصان میں ہیں۔پس اللہ تعالیٰ چاہے تو انہیں عذاب دے اور چاہے تو انہیں بخش دے۔یہ حدیث حسن ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کئی سندوں سے منقول ہے۔

۳۹۱: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ دَعْوَةَ الْمُسْلِمِ مُسْتَجَابَةٌ

۳۹۱: باب اس بارے میں کہ مسلمان کی دعا مقبول ہے

۱۳۰۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۳۰۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا جو شخص بھی دعا مانگتا ہے اللہ تعالیٰ

يَقُوْلُ مَامِنْ اَحَدٍ يَدْعُوْ بِدُعَاءٍ اِلَّا آتَاهُ اللّٰهُ مَاسَاَلَ اَوْكُفَّ عَنْهُ مِنْ سُوْءٍ مِثْلَهُ مَالَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ اَوْقَطِيْعَةِ رَحِمٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

اسے وہ چیز عطا فرماتا ہے جو اس نے مانگی یا اس کے برابر کسی برائی کو اس سے دور فرماتا ہے بشرطیکہ اس نے کسی گناہ یا قطع رحم کے لیے دعا نہ کی ہو۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ اور عبادہ بن صامت سے بھی روایت منقول ہے۔

۱۳۰۸: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ نَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ عَطِيَّةَ اللَّيْثِيُّ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ اللّٰهُ لَهُ عِنْدَالشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ فَلْيُكْثِرِ الدُّعَآءَ فِي الرَّخَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۱۳۰۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ مصیبت اور سختی میں اسکی دعا قبول کرے تو اسے چاہیے کہ راحت کی حالت میں بکثرت دعا کرے۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۳۰۹: حَدَّثَنَايَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ نَا مُوْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَفْضَلُ الدُّعَآءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَقَدْرَوٰى عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

۱۳۰۹: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افضل ذکر ''لا الٰہ الا للہ'' اور افضل دعا ''الحمد للہ'' ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف موسیٰ بن ابراہیم کی روایت سے جانتے ہیں۔ علی بن مدینی اور کئی حضرات نے یہ حدیث موسیٰ بن ابراہیم سے نقل کی ہے۔

۱۳۱۰: حَدَّثَنَااَبُوْ كُرَيْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدَةِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ عَنِ الْبَهِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ اَحْيَانِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ وَالْبَهِيُّ اِسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ.

۱۳۱۰: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ کا ذکر کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ بہی کا نام عبد اللہ ہے۔

۳۹۲: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الدَّاعِيَ يَبْدَأُ بِنَفْسِهٖ

۳۹۲: باب اس بارے میں کہ دعا کرنے والا پہلے اپنے لیے دعا کرے

۱۳۱۱: حَدَّثَنَانَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْكُوْفِيُّ نَا اَبُوْ قَطَنٍ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ

۱۳۱۱: حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کا ذکر کرتے ہوئے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ذَكَرَ اَحَدًافَدَعَالَهُ بَدَأَ بِنَفْسِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ قَطَنٍ اِسْمُهٗ عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ.

اس کے لیے دعا کرنے لگتے تو پہلے اپنے لیے دعا کرتے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ ابوقطن کا نام عمرو بن ہیثم ہے۔

۳۹۳: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ رَفْعِ الْاَيْدِيْ عِنْدَ الدُّعَآءِ

۳۹۳: باب دعا کرتے وقت ہاتھ اٹھانے کے بارے میں

۱۳۱۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا حَمَّادُ بْنُ عِيْسَى الْجُهَنِيُّ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ الْجُمَحِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَآءِ لَمْ يَحُطَّهُمَا حَتّٰى يَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى فِيْ حَدِيْثِهٖ لَمْ يَرُدَّهُمَا حَتّٰى يَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ عِيْسٰى وَقَدْ تَفَرَّدَبِهٖ وَهُوَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ وَقَدْ حَدَّثَ عَنْهُ النَّاسُ وَحَنْظَلَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ الْجُمَحِيُّ ثِقَةٌ وَثَّقَهٗ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ.

۱۳۱۲: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیلئے ہاتھ اٹھاتے تو انہیں اپنے چہرہ اقدس پر پھیرے بغیر واپس نہ لوٹاتے۔ محمد بن مثنیٰ بھی اپنی حدیث میں اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حماد بن عیسیٰ کی روایت سے جانتے ہیں۔ حماد بن عیسیٰ اس حدیث کو نقل کرنے میں منفرد ہیں جبکہ وہ قلیل الحدیث ہیں ان سے کئی راوی روایت کرتے ہیں۔ حنظلہ بن ابوسفیان جمحی ثقہ ہیں۔ یحییٰ بن سعید قطان نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔

۳۹۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ مَنْ يَّسْتَعْجِلُ فِيْ دُعَائِهٖ

۳۹۴: دُعا میں جلدی کرنے والے کے متعلق

۱۳۱۳: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ اَزْهَرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَالَمْ يَعْجَلْ يَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عُبَيْدٍ اِسْمُهٗ سَعْدٌ وَ هُوَ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَوَيُقَالُ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ.

۱۳۱۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ جلدی نہ کرے اور یہ نہ کہنے لگے کہ میں نے دعا مانگی اور وہ قبول نہ ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو عبید کا نام سعد ہے۔ وہ عبدالرحمٰن بن ازہر کے مولیٰ ہیں۔ انہیں عبدالرحمٰن بن عوف کا مولیٰ بھی کہا جاتا ہے۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۳۹۵: بَابُ مَاجَآءَ فِي الدَّعَآءِ

۳۹۵: باب صبح اور شام کی

اِذَا اَصْبَحَ وَاِذَا اَمْسٰی

۱۳۱۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ وَ هُوَ الطَّيَالِسِیُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُوْلُ فِیْ صَبَاحِ كُلِّ يَوْمٍ وَمَسَآءِ كُلِّ لَيْلَةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَايَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ الْعَلِيْمُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَمْ يَضُرُّهٗ شَیْءٌ وَكَانَ اَبَانُ قَدْ اَصَابَهٗ طَرْفُ فَالِجٍ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ اَبَانُ مَا تَنْظُرُ اَمَا اِنَّ الْحَدِيْثَ كَمَا حَدَّثْتُكَ وَلٰكِنِّیْ لَمْ اَقُلْهُ يَوْمَئِذٍ لِيُمْضِیَ اللّٰهُ عَلَیَّ قَدَرَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۱۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ سَعْدٍ سَعِيْدِ الْمَرْزُبَانِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِیْ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُرْضِيَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۳۱۶: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ابْنُ وَكِيْعٍ نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمْسٰی قَالَ اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اُرَاهُ قَالَ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَافِیْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَابَعْدَهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَابَعْدَهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَاَعُوْذُبِكَ

دعا کے متعلق

۱۳۱۴: حضرت عثمان بن عفانؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جوشخص روزانہ صبح وشام تین تین مرتبہ یہ کلمات (دعا) پڑھے تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی ''بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ .... السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ تک'' (اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ آسمان وزمین کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے) راویٔ حدیث حضرت ابان کو فالج تھا چنانچہ جوشخص ان سے یہ حدیث سن رہا تھا تعجب سے انکی طرف دیکھنے لگا۔ حضرت ابان نے فرمایا کیا دیکھتے ہو۔ حدیث اسی طرح ہے جس طرح میں نے تم سے بیان کی اور اس (فالج) کی وجہ یہ ہے کہ میں نے اس دن یہ دعائیں پڑھی تھی تاکہ اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی تقدیر پوری کردے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۳۱۵: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص شام کے وقت کہے ''رَضِيْتُ بِاللّٰهِ ..... سے نَبِيًّا تک'' (ترجمہ۔ میں اللہ کے پروردگار ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہوں)۔ تو اللہ پر اس کا حق ہے کہ وہ اس سے راضی ہو۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۱۳۱۶: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ شام کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے۔ ''اَمْسَيْنَا .... عَذَابِ الْقَبْرِ'' (یعنی ہم نے اور پوری کائنات نے اللہ کے لیے شام کی۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں راوی کہتے ہیں میرے خیال میں یہ بھی فرمایا کہ اس کیلئے بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے اس رات اور اس کے بعد بہتری کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے اس رات کے شر اور اسکے بعد آنے والے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ بزدلی اور بڑھاپے کی برائی سے پناہ

مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَ اِذَا اَصْبَحَ قَالَ ذَالِکَ اَیْضًا اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرَوَاہُ شُعْبَۃُ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَلَمْ یَرْفَعْہُ.

مانگتا ہوں ۔ پھر جہنم اور عذاب قبر سے بھی پناہ مانگتا ہوں) اور جب صبح کرتے تو بھی یہی دعا پڑھتے لیکن "اَمْسَیْنَا" کی جگہ "اَصْبَحْنَا" فرماتے ۔ شعبہ نے یہ حدیث، ابن مسعودؓ سے اسی سند سے غیر مرفوع روایت کی ہے۔

۱۳۱۷ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ اَنَا سُھَیْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعَلِّمُ اَصْحَابَہٗ یَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ وَاِذَا اَمْسٰی فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۳۱۷ : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ کو سکھایا کرتے تھے کہ صبح کے وقت یہ دعا پڑھا کرو: "اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا ..... اِلَیْکَ الْمَصِیْرُ" تک (یعنی اے اللہ ہم نے تیرے ہی حکم کے ساتھ صبح کی اور تیرے ہی حکم سے شام کی اور تیرے ہی حکم سے جیتے ہیں اور تیرے ہی حکم سے مریں گے پھر تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے) اور جب شام ہو تو یہ دعا پڑھا کرو "اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا ...... اِلَیْکَ النُّشُوْرُ" (یعنی اے اللہ تیرے ہی بھروسے پر شام کی ہے، تیرے ہی بھروسے پر صبح کی تھی ۔ تیرے ہی بھروسے پر جیتے ہیں اور تیرے ہی حکم سے مریں گے پھر تیری ہی طرف اکٹھے ہو کر آئیں گے۔) یہ حدیث حسن ہے۔

۳۹۶ : بَابُ مِنْهُ

۳۹۶ : باب اسی سے متعلق

۱۳۱۸ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَۃُ عَنْ یَعْلَی بْنِ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَاصِمِ الثَّقَفِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مُرْنِیْ بِشَیْءٍ اَقُوْلُہٗ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَیْتُ قَالَ قُلِ اللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ قَالَ قُلْہُ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَیْتَ وَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَکَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۱۸ : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے صبح و شام کوئی دعا پڑھنے کا حکم دیجئے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دعا پڑھا کرو "اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ..... وَشِرْکِہٖ" (یعنی اے اللہ، اے غیب اور کھلی باتوں کے جاننے والے، آسمان و زمین کے پالنے والے، ہر چیز کے مالک اور پروردگار میں گواہی دیتا ہوں کے تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور میں تجھ سے اپنے نفس کے شر، شیطان کے شر اور شرک سے پناہ مانگتا ہوں) آپؐ نے فرمایا: اسے صبح و شام اور سوتے وقت پڑھ لیا کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳۹۷ : بَابُ مِنْهُ

۳۹۷ : باب

۱۳۱۹ : حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ

۱۳۱۹ : حضرت شداد بن اوس کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ کیا میں تمہیں استغفار کے سردار کے متعلق نہ بتاؤں وہ

اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ کَثِیْرِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ رَبِیْعَةَ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَهٗ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی سَیِّدِ الْاِسْتِغْفَارِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ وَاَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَعْتَرِفُ بِذُنُوْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ لَا یَقُوْلُهَا اَحَدُکُمْ حِیْنَ یُمْسِیْ فَیَاْتِیْ عَلَیْهِ قَدَرٌ قَبْلَ اَنْ یُصْبِحَ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَلَا یَقُوْلُهَا حِیْنَ یُصْبِحُ فَیَاْتِیْ عَلَیْهِ قَدَرٌ قَبْلَ اَنْ یُمْسِیْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ اَبْزٰی وَبُرَیْدَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعَبْدُ الْعَزِیْزِ ابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ هُوَ ابْنُ اَبِیْ حَازِمِ الزَّاهِدُ.

یہ ہے ''اَللّٰهُمَّ...... اِلَّا اَنْتَ '' (یعنی اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا۔ میں تیرا بندہ ہوں اور جہاں تک میری استطاعت ہے تیرے عہد و پیمان پر قائم ہوں، تجھ سے اپنے کاموں کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور اپنے اوپر تیرے احسانوں کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں اور تجھ سے مغفرت کا طلبگار ہوں کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔) پھر فرمایا کہ اگر کوئی آدمی شام کو یہ دعا پڑھے اور صبح ہونے سے پہلے مرجائے تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی اور جو آدمی صبح کو یہ کلمات کہے اور شام سے پہلے پہلے اسے موت آجائے وہ بھی جنتی ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، ابن عمرؓ، ابن مسعودؓ، ابن ابزیٰ، اور بریدہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ عبدالعزیز بن حازم سے مراد ابن ابی حازم زاہد ہیں۔

۳۹۸: بَابُ مَاجَآءَ فِی الدُّعَآءِ اِذَا اَوٰی اِلٰی فِرَاشِهٖ

۳۹۸: باب سوتے وقت پڑھنے والی دعائیں

۱۳۲۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیِّ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ تَقُوْلُهَا اِذَا اَوَیْتَ اِلٰی فِرَاشِکَ فَاِنْ مُتَّ مِنْ لَیْلَتِکَ مُتَّ عَلَی الْفِطْرَةِ وَاِنْ اَصْبَحْتَ اَصْبَحْتَ وَقَدْ اَصَبْتَ خَیْرًا تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَیْکَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ اِلَیْکَ لَا مَلْجَآءَ وَلَا مَنْجٰی مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ قَالَ الْبَرَاءُ فَقُلْتُ وَبِرَسُوْلِکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ قَالَ فَطَعَنَ بِیَدِهٖ فِیْ صَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ رَافِعِ بْنِ

۱۳۲۰: حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں ایسے کلمات سکھاتا ہوں جو اگر تم سوتے وقت پڑھ لو تو اگر تم اس رات کو مرجاؤ گے تو فطرت اسلام پر مرو گے اور اگر صبح ہوگی تو وہ بھی خیر پر ہوگی ''اَللّٰهُمَّ .... اَرْسَلْتَ '' (یعنی اے اللہ میں نے اپنی جان تیرے سپرد کردی، تیری ہی طرف متوجہ ہوا اور اپنا کام بھی تجھے سونپ دیا، رغبت کی وجہ سے بھی اور تیرے ڈر سے بھی اور میں نے اپنی پیٹھ کو تیری طرف پناہ دی کیونکہ تجھ سے بھاگ کر نہ کہیں پناہ ہے اور نہ کوئی ٹھکانہ۔ میں تیری بھیجی ہوئی کتاب پر ایمان لایا۔) حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا تیرے بھیجے ہوئے رسول پر آپؐ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا تیرے بھیجے ہوئے نبی پر۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اس باب میں حضرت رافع بن خدیجؓ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث براء سے کئی سندوں سے منقول ہے،

خَدِيْجٍ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْبَرَآءِ وَرَوَاهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَآءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِكَ وَاَنْتَ عَلٰى وُضُوْءٍ.

منصور بن معتمر اسے سعد سے وہ براء سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جب تم سونے کے لیے آؤ اور باوضو ہو تو یہ کلمات کہو۔

۱۳۲۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اَخِيْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اضْطَجَعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَنْبِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ وَ وَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ لَا مَلْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اُوْمِنُ بِكِتَابِكَ وَبِرُسُلِكَ فَاِنْ مَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ.

۱۳۲۱: حضرت رافع بن خدیج ؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی دائیں کروٹ لیٹ کر یہ دعا پڑھے اور پھر اسی رات میں مرجائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ ''اَللّٰھُمَّ ..... بِرَسُوْلِکَ'' (یعنی اے اللہ میں نے اپنے آپ کو تیرے سپرد کردیا، اپنا چہرہ تیری طرف متوجہ کر دیا۔ اپنی پیٹھ کو تیری پناہ میں دے دیا، اپنے کام تجھے سونپ دیے کیونکہ تیرے عذاب سے بچنے کا تیرے علاوہ کوئی ٹھکانہ نہیں، میں تیری کتاب اور تیرے رسول ﷺ پر ایمان لایا۔) یہ حدیث رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۳۲۲: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَ كَفَانَا وَاٰوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۲۲: حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بستر مبارک پر تشریف لے جاتے تو یہ دعا پڑھتے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ..... وَلَا مُؤْوِیَ'' (یعنی تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا ہمیں مخلوق کے شر سے بچایا اور ہمیں ٹھکانہ دیا، بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو نہ کوئی بچانے والا ہے اور نہ ان کا ٹھکانہ ہے۔) یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۳۹۹: بَابُ مِنْهُ

۳۹۹: باب اسی کے بارے میں

۱۳۲۳: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْوَصَّافِيِّ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَاْوِيْ اِلٰى فِرَاشِهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذُنُوْبَهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ وَاِنْ كَانَتْ عَدَدَ وَرَقِ الشَّجَرِ وَاِنْ كَانَتْ عَدَدَ رَمْلِ عَالِجٍ وَاِنْ كَانَتْ عَدَدَ اَيَّامِ الدُّنْيَا هٰذَا

۱۳۲۳: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سوتے وقت یہ دعا ''اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ..... الخ'' (ترجمہ: میں اللہ کی مغفرت کا طلبگار ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور سنبھالنے والا ہے، میں اس سے توبہ کرتا ہوں) تین مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکے گناہ معاف فرمادے گا خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں یا درخت کے پتوں کے برابر یا (صحراء) عالج کی ریت کے برابر یا دنیا کے دنوں

حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْوَصَّافِيِّ.

کے برابر ہی ہوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبداللہ بن ولید وصافی کی سند سے جانتے ہیں۔

۴۰۰: بَابُ مِنْهُ

۴۰۰: باب اسی کے بارے میں

۱۳۲۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَیْفَةَ بْنِ الْیَمَانِ اَنَّ یَنَامَ وَضَعَ یَدَهٗ تَحْتَ رَاْسِهٖ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَجْمَعُ اَوْتَبْعَثُ عِبَادَکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۲۴: حضرت حذیفہ بن یمانؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب سونے کا ارادہ کرتے تو اپنا ہاتھ سر کے نیچے رکھ لیتے اور یہ کلمات کہتے ''اَللّٰهُمَّ......الخ'' (یعنی اے اللہ مجھے اس دن کے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا یا اٹھائے گا۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۲۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ یُوْسُفَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتَوَسَّدُ یَمِیْنَهٗ عِنْدَ الْمَنَامِ ثُمَّ یَقُوْلُ رَبِّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تُبْعَثُ عِبَادَکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرَوَی الثَّوْرِیُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ لَمْ یَذْکُرْ بَیْنَهُمَا اَحَدًا وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ وَ رَجُلٌ اٰخَرُ عَنِ الْبَرَآءِ وَرَوَاهُ اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ عَنِ الْبَرَآءِ وَعَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ.

۱۳۲۵: حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے وقت اپنے دائیں ہاتھ کو تکیہ بناتے اور یہ کلمات کہتے۔ ''رَبِّ قِنِیْ.....الخ'' (یعنی اے اللہ مجھے اس دن کے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا یا اٹھائے گا۔) یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ ثوری نے اسے ابواسحٰق سے وہ براء سے نقل کرتے ہیں لیکن ابواسحٰق اور براء کے درمیان کسی راوی کا ذکر نہیں کرتے۔ شعبہ اسے ابواسحٰق سے نقل کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث ابواسحٰق سے ابوعبیدہ کے واسطے سے بھی مرفوعاً منقول ہے۔

۴۰۱: بَابُ مِنْهُ

۴۰۱: باب اسی کے بارے میں

۱۳۲۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْمُرُنَا اِذَا اَخَذَ اَحَدُنَا مَضْجَعَهٗ اَنْ یَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبَّ الْاَرْضِیْنَ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهٖ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ

۱۳۲۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں حکم دیا کرتے تھے کہ اگر کوئی سونے لگے تو یہ کلمات کہے ''اَللّٰهُمَّ.....الخ'' (یعنی اے اللہ، اے آسمانوں اور زمینوں کے پروردگار، اے ہمارے رب، اے ہر چیز کے رب، اے دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے اور اے تورات، انجیل اور قرآن نازل کرنے والے، میں تجھ سے ہر شر پہنچانے والی چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں تو اسے اس کے بالوں سے پکڑنے والا ہے تو سب سے پہلے ہے تجھ سے پہلے کچھ نہیں

وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَالظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَالْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنِّيَ الدَّيْنَ وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اور تو ہی آخر ہے تیرے بعد کچھ نہیں۔ تو سب سے اوپر ہے تجھ سے اوپر کچھ نہیں اور تو ہی باطن میں ہے تجھ سے مخفی کوئی چیز نہیں۔ (اے اللہ) میرا قرض ادا کر دے اور مجھے فقر سے بے نیاز (غنی) کر دے۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۰۲: بَابُ مِنْهُ

۴۰۲: باب اسی کے بارے میں

۱۳۲۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ عَنْ فِرَاشِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلَيْهِ فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ اِزَارِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ مَا خَلَفَهٗ عَلَيْهِ بَعْدَهٗ فَاِذَا اضْطَجَعَ فَلْيَقُلْ بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ فَاِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ فَاِذَا اسْتَيْقَظَ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ فِيْ جَسَدِيْ وَرَدَّ عَلَيَّ رُوْحِيْ وَاَذِنَ لِيْ بِذِكْرِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَائِشَةَ وَحَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۳۲۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بستر پر سے اٹھ کر جائے اور پھر دوبارہ لیٹنے لگے تو اسے اپنے ازار کے پلو سے تین مرتبہ جھاڑے کیونکہ اسے نہیں معلوم کہ اسکے جانے کے بعد وہاں کونسی چیز آئی۔ اور پھر جب لیٹے تو یہ دعا پڑھے "بِاسْمِكَ رَبِّيْ ..... صَالِحِيْنَ" (اے میرے رب میں نے تیرے نام سے اپنا پہلو رکھا اور تیرے ہی نام سے اسے اٹھاتا ہوں لہٰذا اگر تو میری جان لے لے تو اس پر رحم کرنا اور اگر چھوڑ دے تو اسکی حفاظت فرما جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔) اور جب جاگے تو یہ کلمات کہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ..... الخ" (یعنی تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے میرے بدن کو عافیت دی، میری روح میری طرف لوٹا دی اور مجھے اپنے ذکر کی توفیق دی) اس باب میں حضرت جابرؓ اور عائشہؓ سے بھی احادیث منقول ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن ہے۔

۴۰۳: بَابُ مَا جَآءَ فِيْمَنْ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ عِنْدَ الْمَنَامِ

۴۰۳: باب سوتے وقت قرآن پڑھنے کے بارے میں

۱۳۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ ثُمَّ نَفَثَ فِيْهِمَا فَقَرَاَ فِيْهِمَا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهٖ يَبْدَاُ بِهِمَا عَلٰى رَاْسِهٖ وَوَجْهِهٖ وَمَا اَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهٖ يَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ هٰذَا حَدِيْثٌ

۱۳۲۸: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر تشریف لاتے تو دونوں ہتھیلیاں جمع کرتے پھر سورۂ اخلاص، الفلق اور سورۂ الناس تینوں سورتیں پڑھ کر ان میں پھونکتے اور اس کے بعد دونوں ہاتھوں کو جہاں تک ہوسکتا بدن پر مل لیتے۔ پہلے سر اور چہرے پر پھر جسم کے اگلے حصے پر اور یہ عمل تین مرتبہ کرتے۔

حسنٌ غريبٌ صَحِيحٌ.

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۴۰۴: بَابُ مِنْهُ

۴۰۴: باب

۱۳۲۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَنبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا اَقُوْلُهُ اِذَا اَوَيْتُ اِلٰى فِرَاشِيْ فَقَالَ اِقْرَأْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ قَالَ شُعْبَةُ اَحْيَانًا يَقُوْلُ مَرَّةً وَاَحْيَانًا لَا يَقُوْلُهَا.

۱۳۲۹: حضرت فروہ بن نوفلؓ فرماتے ہیں کہ نوفلؓ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے ایسی چیز سکھایئے جسے میں بستر پر جاتے وقت پڑھا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''سورہ کافرون'' پڑھا کرو۔ کیونکہ اس میں شرک سے براءت ہے۔ شعبہ کہتے ہیں کہ ابو اسحٰق کبھی ایک بار (پڑھنے) کا کہتے اور کبھی نہ کہتے۔

۱۳۳۰: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ اَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا اَصَحُّ وَرَوٰى زُهَيْرٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اِسْحٰقَ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَهٰذَا اَشْبَهُ وَاَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ وَقَدِ اضْطَرَبَ اَصْحَابُ اَبِيْ اِسْحَاقَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ قَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ نَوْفَلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ اَخُوْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ.

۱۳۳۰: موسیٰ بن حزام نے یحییٰ سے وہ اسرائیل سے وہ ابواسحٰق سے وہ فروہ سے اور وہ اپنے والد نوفل سے نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور پھر اسکے ہم معنیٰ حدیث نقل کرتے ہیں یہ حدیث مذکورہ بالا روایت سے زیادہ صحیح ہے زہیر اسے اسحٰق سے وہ فروہ سے وہ نوفل سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں یہ روایت شعبہ کی روایت سے اشبہ اور اصح ہے۔ ابو اسحٰق کے ساتھیوں نے اس میں اضطراب کیا ہے اور یہ اس کے علاوہ اور سند سے بھی منقول ہے۔ عبدالرحمٰن بن نوفل (فروہ کے بھائی) بھی اسے اپنے والد سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

۱۳۳۱: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ الْكُوْفِيُّ نَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ تَنْزِيْلَ السَّجْدَةِ وَتَبَارَكَ وَهٰكَذَا رَوَى الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَرَوٰى زُهَيْرٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ قُلْتُ لَهُ سَمِعْتَهُ مِنْ جَابِرٍ قَالَ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ جَابِرٍ اِنَّمَا سَمِعْتُهُ مِنْ صَفْوَانَ اَوِ ابْنِ صَفْوَانَ وَقَدْ رَوٰى شَبَابَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ نَحْوَ حَدِيْثِ لَيْثٍ.

۱۳۳۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک ''سورہ الم سجدہ اور سورہ ملک نہ پڑھ لیتے اس وقت تک نہ سوتے۔ ثوری اور کئی راوی اس حدیث کو اسی طرح ابوزبیر سے وہ جابرؓ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ زہیر نے ابوزبیر سے پوچھا کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے سنی ہے تو انہوں نے جواب دیا نہیں بلکہ صفوان یا ابن صفوان سے سنی ہے۔ شبابہ بھی مغیرہ سے وہ ابوزبیر سے اور وہ جابر رضی اللہ عنہ سے لیث ہی کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۳۳۲: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِیْ لُبَابَةَ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنَامُ حَتّٰی يَقْرَأَ الزُّمَرَ وَبَنِیْ اِسْرَائِيْلَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ اَبُوْ لُبَابَةَ هٰذَا اِسْمُهٗ مَرْوَانُ مَوْلٰی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ وَسَمِعَ مِنْ عَائِشَةَ سَمِعَ مِنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ.

۱۳۳۲: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سورہ زمر اور سورہ اسراء پڑھنے سے پہلے نہیں سوتے تھے۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) کہ مجھے امام بخاریؒ نے بتایا کہ ابولبابہ کا نام مروان ہے اور وہ عبدالرحمٰن بن زیاد کے غلام ہیں۔ انہوں نے حضرت عائشہؓ سے احادیث سنی ہیں اور ان سے حماد بن زید کا سماع ثابت نہیں۔

۱۳۳۳: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ بَحِيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بِلَالٍ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَنَامُ حَتّٰی يَقْرَأَ الْمُسَبِّحَاتِ وَيَقُوْلُ فِيْهَا اٰيَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ اٰيَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۳۳۳: حضرت عرباض بن ساریہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ اس وقت تک نہ سوتے جب تک سَبَّحَ، يُسَبِّحُ اور سبحان سے شروع ہونے والی سورتیں نہ پڑھ لیتے اور فرماتے کہ ان سورتوں میں ایک آیت ایسی ہے جو ہزار آیتوں سے افضل ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۰۵: بَابُ مِنْهُ

۴۰۵: باب

۱۳۳۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْجُرَيْرِیِّ عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِیْ حَنْظَلَةَ قَالَ صَحِبْتُ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ فِیْ سَفَرٍ فَقَالَ اَلَا اُعَلِّمُكَ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا اَنْ تَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْاَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْاَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَقَلْبًا سَلِيْمًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَاْخُذُ مَضْجَعَهٗ يَقْرَأُ سُوْرَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ مَلَكًا فَلَا يَقْرَبُهٗ شَیْءٌ يُؤْذِيْهِ حَتّٰی يَهُبَّ مَتٰی هَبَّ هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُو الْعَلَاءِ اِسْمُهٗ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ.

۱۳۳۴: قبیلہ بنو حنظلہ کے ایک شخص کہتے ہیں کہ میں شداد بن اوسؓ کے ساتھ ایک سفر میں تھا۔ انہوں نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ چیز نہ سکھاؤں جو رسول اللہ ﷺ ہمیں سکھایا کرتے تھے۔ "اَللّٰهُمَّ ...... عَلَّامُ الْغُيُوْبِ" (یعنی اے اللہ میں تجھ سے کام کی مضبوطی، ہدایت کی پختگی، تیری نعمت کا شکر ادا کرنے کی توفیق اور اچھی طرح عبادت کرنے کی توفیق کا طلبگار ہوں اے اللہ میں تجھ سے سچی زبان اور قلب سلیم مانگتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور تجھ سے ہر وہ خیر مانگتا ہوں جو تیرے علم میں ہے پھر میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں تو ہی غیب کی چیزوں کا جاننے والا ہے) حضرت شداد بن اوس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مسلمان سوتے وقت قرآن کریم کی کوئی سورت پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ مقرر فرمادیتے ہیں۔ چنانچہ تکلیف دینے والی کوئی چیز اسکے بیدار ہونے تک اسکے قریب نہیں آتی۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابوعلاء کا نام یزید بن عبداللہ بن شخیر ہے۔

۴۰۶: بَابُ مَاجَآءَ فِي التَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ وَالتَّحْمِيدِ عِنْدَ الْمَنَامِ

۱۳۳۵: حَدَّثَنَا أَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيرِيْنَ عَنْ عَبِيدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ شَكَتْ إِلَيَّ فَاطِمَةُ مَجْلَ يَدَيْهَا مِنَ الطَّحِيْنِ فَقُلْتُ لَوْ أَتَيْتِ أَبَاكِ فَسَأَلْتِيْهِ خَادِمًا فَقَالَ أَلَا أَدُلُّكُمَا عَلَى مَاهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنَ الْخَادِمِ إِذَا أَخَذْتُمَا مَضْجَعَكُمَا تَقُوْلَانِ ثَلَاثًا وَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ وَأَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ مِنْ تَحْمِيْدٍ وَتَسْبِيْحٍ وَتَكْبِيْرٍ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَوْنٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ.

۱۳۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبِيدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْا مَجْلَ يَدَيْهَا فَأَمَرَهَا بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّحْمِيْدِ.

۴۰۶: باب سوتے وقت تسبیح، تکبیر، اور تحمید کہنے کے بارے میں

۱۳۳۵: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ فاطمہؓ نے مجھ سے اپنے ہاتھوں میں چکی پیسنے کی وجہ سے اپنے ہاتھوں کے آبلوں کی شکایت کی تو میں نے کہا اگر تم اپنے والد سے کوئی خادم مانگ لیتیں تو اچھا ہوتا (وہ گئیں اور غلام مانگا) آپؐ نے فرمایا: میں تمہیں ایسی چیز بتاتا ہوں جو تم دونوں کیلئے خادم سے افضل ہے۔ تم سوتے وقت تینتیس مرتبہ الحمدللہ، تینتیس مرتبہ سبحان اللہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھا کرو۔ اس حدیث میں ایک واقعہ ہے۔ یہ حدیث ابن عون کی روایت سے حسن غریب ہے اور یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔

۱۳۳۶: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور اپنے ہاتھوں کے چھل جانے کی شکایت کی تو آپؐ نے انہیں سبحان اللہ، اللہ اکبر اور الحمدللہ پڑھنے کا حکم دیا۔

۴۰۷: بَابٌ

۱۳۳۷: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّتَانِ لَا يُحْصِيْهِمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ أَلَا وَهُمَا يَسِيْرٌ وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ يُسَبِّحُ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَيَحْمَدُهُ عَشْرًا وَيُكَبِّرُهُ عَشْرًا قَالَ فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُهَا بِيَدِهِ قَالَ فَتِلْكَ خَمْسُوْنَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَأَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ تُسَبِّحُهُ وَتُكَبِّرُهُ وَتَحْمَدُهُ مِائَةً فَتِلْكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَالْأَلْفُ

۴۰۷: باب اسی سے متعلق

۱۳۳۷: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو خصلتیں ایسی ہیں کہ اگر کوئی مسلمان انہیں اختیار کرلے تو وہ جنت میں داخل ہوگا، وہ دونوں آسان ہیں لیکن ان پر عمل کرنے والے کم ہیں، ہر نماز کے بعد دس مرتبہ سبحان اللہ، دس مرتبہ الحمدللہ اور دس مرتبہ اللہ اکبر پڑھے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپؐ اپنی انگلیوں پر گنا کرتے تھے پھر فرمایا کہ وہ زبان پر ڈیڑھ سو اور میزان پر ڈیڑھ ہزار ہیں۔ دوسری خصلت یہ بیان فرمائی کہ جب تم سونے کے لیے بستر پر جاؤ تو تینتیس مرتبہ سبحان اللہ، تینتیس مرتبہ الحمدللہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھو۔ پس یہ زبان پر تو ایک سو ہیں لیکن میزان پر ایک ہزار

فِي الْمِيْزَانِ فَأَيُّكُمْ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَلْفَيْنِ وَخَمْسُ مِائَةِ سَيِّئَةٍ قَالُوْا فَكَيْفَ لاَ نُحْصِيهَا قَالَ يَأْتِي اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ وَهُوَ فِي صَلاَتِهِ فَيَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اُذْكُرْ كَذَا حَتّٰى يَنْفَتِلَ فَلَعَلَّهُ اَنْ لَّا يَفْعَلَ وَيَاْتِيْهِ وَهُوَ فِي مَضْجَعِهِ فَلاَ يَزَالُ يُنَوِّمُهُ حَتّٰى يَنَامَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوٰى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَرَوَى الْاَعْمَشُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ مُخْتَصَرًا وَفِي الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَاَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کون ہے جو دن رات میں ڈھائی ہزار برائیاں کرتا ہے۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم کیسے ان کا خیال نہیں رکھیں گے۔آپ ﷺ نے فرمایا جب تم نماز میں ہوتے ہو تو شیطان تمہارے پاس آتا ہے اور کہتا ہے کہ فلاں چیز یاد کرو،فلاں چیز یاد کرو یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو جاتا ہے اور اکثر وہ کام نہیں کرتا۔(جو شیطان نے نماز میں یاد دلایا تھا) پھر جب وہ سونے کے لیے بستر کی طرف جاتا ہے تو شیطان وہاں بھی آتا ہے۔تو وہ اسے سلاتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ سو جاتا ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔شعبہ اور ثوری نے اسے عطاء بن ابی سائب سے مختصر نقل کیا ہے اور اس باب میں حضرت زید بن ثابتؓ،انسؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۳۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ نَا عِثَامُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيْحَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ.

۱۳۳۸: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ''سبحان اللہ'' انگلیوں پر گنتے ہوئے دیکھا ہے۔یہ حدیث اعمش کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۳۳۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ الْكُوْفِيُّ اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلاَئِيُّ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُعَقِّبَاتٌ لاَ يَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ تُسَبِّحُ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلاَثًا وَّ ثَلاَثِيْنَ وَتَحْمَدُهُ ثَلاَثًا وَّ ثَلاَثِيْنَ وَتُكَبِّرُهُ اَرْبَعًا وَّثَلاَثِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَعَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلاَئِيُّ ثِقَةٌ حَافِظٌ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْحَكَمِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَرَوَاهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنِ الْحَكَمِ فَرَفَعَهُ.

۱۳۳۹: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ چیزیں ایسی ہیں جو اگر نماز کے بعد پڑھی جائیں تو ان کا پڑھنے والا محروم نہیں ہوتا۔یعنی ہر نماز کے بعد تینتیس مرتبہ سبحان اللہ۔۳۳۔مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھے۔یہ حدیث حسن ہے اور عمرو بن قیس ملائی ثقہ اور حافظ ہیں۔شعبہ یہ حدیث حکم سے نقل کرتے ہوئے مرفوع نہیں کرتے جبکہ منصور بن معتمر اسے حکم سے مرفوع نقل کرتے ہیں۔

۴۰۸: بَابُ مَاجَآءَ فِي الدُّعَآءِ اِذَا انْتَبَهَ مِنَ اللَّيْلِ

۴۰۸: باب رات کو آنکھ کھل جانے پر پڑھی جانے والی دُعا

۱۳۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ نَا

۱۳۴۰: حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ

الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا الْاَوْزَعِيُّ ثَنِی عُمَيْرُ بْنُ هَانِیءٍ قَالَ ثَنِی جَنَادَةُ بْنُ اَبِیْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنِی عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ رَبِّ اغْفِرْلِیْ اَوْ قَالَ ثُمَّ دَعَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ فَاِنْ عَزَمَ وَتَوَضَّاً ثُمَّ صَلّٰی قُبِلَتْ صَلٰوتُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

نے فرمایا: جوشخص رات کو بیدار ہوا اور یہ دعا پڑھے ''لَا اِلٰهَ ..... اِلَّابِاللّٰهِ '' (یعنی اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے، تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ پاک ہے تعریفیں اسی کیلئے ہیں۔ اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ بہت بڑا ہے اور گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے) پھر کہے کہ یا اللہ مجھے بخش دے یا فرمایا کہ کوئی دعا بھی کرے تو قبول ہوتی ہے۔ اور اگر ہمت کر کے وضو کرے اور نماز پڑھے تو نماز قبول ہوتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۳۴۱: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ کَانَ عُمَيْرُ بْنُ هَانِیءٍ يُصَلِّیْ کُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ سَجْدَةٍ وَيُسَبِّحُ مِائَةَ اَلْفِ تَسْبِيْحَةٍ.

۱۳۴۱: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے انہوں نے مسلمہ بن عمرو سے نقل کیا ہے کہ مسلمہ کہتے ہیں کہ عمیر بن ھانی روزانہ ایک ہزار سجدے کرتے اور ایک لاکھ مرتبہ سبحان اللہ پڑھتے تھے۔

۴۰۹: بَابٌ مِنْهُ

۴۰۹: باب اسی کے بارے میں

۱۳۴۲: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ وَاَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالُوْا اَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ عَنْ يَحْيٰی بْنِ اَبِیْ کَثِيْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ ثَنِی رَبِيْعَةُ بْنُ کَعْبٍ الْاَسْلَمِیُّ قَالَ کُنْتُ اَبِيْتُ عِنْدَ بَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُعْطِيْهِ وَضُوْءَهٗ فَاَسْمَعُهُ الْهَوِیَّ مِنَ اللَّيْلِ يَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ وَاَسْمَعُهُ الْهَوِیَّ مِنَ اللَّيْلِ يَقُوْلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۴۲: حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے پاس سویا کرتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کا پانی دیا کرتا تھا۔ پھر بہت دیر تک سنتا رہتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ '' کہتے اور ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ '' پڑھتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۱۰: بَابٌ مِنْهُ

۴۱۰: باب اسی کے بارے میں

۱۳۴۳: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِیُّ نَا اَبِیْ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِیٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَنَامَ قَالَ اللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْيٰی وَاِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيٰی نَفْسِیْ بَعْدَ مَا اَمَاتَهَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

۱۳۴۳: حضرت حذیفہ بن یمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب سونے کا ارادہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے ''اَللّٰهُمَّ.... الخ '' (یعنی اے اللہ میں تیرے نام سے مرتا ہوں اور تیرے نام سے جیتا ہوں) اور جب آپ ﷺ بیدا ہوتے تو یہ دعا پڑھتے '' اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ....الخ '' (یعنی تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔ جس نے مجھے مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

لوٹ کر جانا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۱۱: بَابُ مَاجَآءَ مَا يَقُوْلُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

۴۱۱: باب اس بارے میں کہ رات کو نماز (تہجد) کیلئے اٹھے تو کیا کہے؟

۱۳۴۴: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ طَاؤُسِ الْيَمَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيَّامُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاءُكَ حَقٌّ وَ الْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۴۴: حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب رات کو تہجد کے لیے اٹھتے تو یہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ ......الخ'' (یعنی اے اللہ تو ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے، تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں۔ تو ہی آسمانوں اور زمین کا قائم کرنے والا ہے، تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تو ہی آسمان وزمین اور ان میں موجود چیزیں کا رب ہے۔ تو سچا ہے تیرا وعدہ سچا ہے، تیری ملاقات حق ہے، اے اللہ میں تیرے ہی لیے اسلام لایا، تجھ ہی پر ایمان لایا، تجھ ہی پر بھروسہ کیا، تیری ہی طرف رجوع کیا، تیرے ہی لیے لڑا اور تجھے ہی حاکم تسلیم کیا تو میری بخشش فرمادے، میرے اگلے پچھلے گناہ معاف کردے، میرے ظاہری اور پوشیدہ تمام گناہ معاف فرمادے، تو ہی میرا معبود ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے ابن عباسؓ کے واسطے سے نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے۔

۴۱۲: بَابُ مِنْهُ

۴۱۲: باب اسی کے بارے میں

۱۳۴۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ ثَنِيْ قَالَ ثَنِيْ بْنَ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْلَةً حِيْنَ فَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ وَتَجْمَعُ بِهَا اَمْرِيْ وَتَلُمُّ بِهَا تَهْدِيْ وَتُصْلِحُ بِهَا غَائِبِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ وَتَرُدُّ بِهَا

۱۳۴۵: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات نبی اکرم ﷺ کو نماز تہجد سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا۔ ''اَللّٰهُمَّ...الخ'' (ترجمہ۔ اے اللہ میں تجھ سے ایسی رحمت کا سوال کرتا ہوں کہ جس سے تو میرے دل کو ہدایت دے، میرے کام کو جامع بنادے، اس کی برکت سے میری پریشانی کو دور کردے، میرے غیبی کاموں کو اس سے سنواردے، میرے موجودہ درجات کو بلند کودے، مجھے اس سے سیدھی راہ سکھا، میری الفت لوٹا دے اور مجھے ہر برائی سے بچا، اے اللہ مجھے ایسا ایمان ویقین عطا فرما جس کے بعد کفر نہ ہو اور ایسی رحمت عطا فرما کہ اس

تَلُفِّی وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا وَیَقِیْنًا لَیْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ وَعَیْشَ السُّعَدَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَی الْاَعْدَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَاْیِیْ وَ ضَعُفَ عَمَلِیْ افْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِكَ فَاَسْأَلُكَ یَاقَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَیَاشَافِیَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِیْرُ بَیْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَاْیِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ نِیَّتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِیْ مِنْ خَیْرٍ وَعَدْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَوْخَیْرٍ اَنْتَ مُعْطِیْهِ اَحَدًا مِنْ عِبَادِكَ فَاِنِّیْ اَرْغَبُ اِلَیْكَ فِیْهِ وَاَسْأَلُكَهٗ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ ذَاالْحَبْلِ الشَّدِیْدِ وَ الْاَمْرِ الرَّشِیْدِ اَسْأَلُكَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ وَلْجَنَّةَ یَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِیْنَ بِالْعُهُوْدِ اَنْتَ رَحِیْمٌ وَدُوْدٌ وَاَنَّكَ تَفْعَلُ مَاتُرِیْدُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِیْنَ مُهْتَدِیْنَ غَیْرَ ضَالِّیْنَ وَلَا مُضِلِّیْنَ سِلْمًا لِاَ وْلِیَائِكَ وَعَدُوًّالِاَ عْدَائِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِیْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءَ وَعَلَیْكَ الْاِجَابَةَ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَیْكَ التُّكْلَانُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ وَنُوْرًا فِیْ قَبْرِیْ وَنُوْرًا مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِیْ وَنُوْرًا عَنْ یَّمِیْنِیْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِیْ وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِیْ وَنُوْرًا مِنْ تَحْتِیْ وَنُوْرًا فِیْ سَمْعِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ شَعْرِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَشَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ لَحْمِیْ وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ وَ نُوْرًا فِیْ عِظَامِیْ اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ

سے میں دنیاوآخرت میں تیری کرامت کے شرف کو پہنچوں۔اے اللہ میں تجھ سے قضاء میں کامیابی،شہداء کے مرتبے،نیک لوگوں کی زندگی اور دشمنوں پر تیری مدد کا سوال کرتا ہوں ۔اے اللہ میں تیرے سامنے اپنی حاجت پیش کر رہا ہوں اگر چہ میری عقل کم اور میرا عمل ضعیف ہے۔میں تیری رحمت کا محتاج ہوں ۔اے امور کو درست کرنے والے،اے سینوں کو شفاء عطا کرنے والے میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے دوزخ کے عذاب سے اسی طرح بچا جس طرح تو سمندروں کو آپس میں ملنے سے بچاتا ہے۔ اور ہلاک کرنے والی دعا قبر کے فتنے سے بھی اسی طرح بچا۔اے اللہ جو بھلائی میری عقل میں نہ آئے میری نیت اور سوال بھی اس وقت تک نہ پہنچا ہو لیکن تو نے اس کا اپنی کسی مخلوق سے وعدہ کیا ہو یا اپنے کسی بندے کو دینے والا ہو تو میں بھی تجھ سے اس بھلائی کو طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت کے وسیلے سے مانگتا ہوں اے تمام جہانوں کے پروردگار، اے اللہ اے سخت قوت والے اور اے اچھے کام والے میں تجھ سے قیامت کے دن کے چین اور ہمیشگی کے دن مقربین کے ساتھ جنت کا سوال کرتا ہوں۔جو گواہی دینے والے ،رکوع وسجود کرنے والے اووعدوں کو پورا کرنے والے ہیں۔بے شک تو بڑا مہربان اور محبت کرنے والا ہے۔تو جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے ۔اے اللہ ہمیں ہدایت یافتہ ہدایت دینے والے بنا، گمراہ ہونے اور گمراہ کرنے والے نہ بنا،تو ہمیں اپنے دوستوں سے صلح کرنے والا اور دشمنوں کا دشمن بنا۔ہم تیری محبت کے سبب ان سے محبت کریں جو تجھ سے محبت کریں اور تیری مخالفت کرنے والے سے دشمنی کریں کہ وہ تیرے دشمن ہیں۔اے اللہ یہ دعا ہے اب قبول کرنا تیرا کام ہے اور یہ کوشش ہے بھروسہ تو تجھ ہی پر ہے ۔یا اللہ میرے دل میں ،میری قبر میں، میرے سامنے ،میرے پیچھے ،میرے دائیں بائیں ،میرے اوپر نیچے، میرے کانوں میری آنکھوں ،میرے بالوں میں ،میرے بدن میں ،میرے گوشت میں ،میرے خون میں اور میری ہڈیوں

لَبِسَ الْمَجْدَوَ تَكَرَّمَ بِهِ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِیْ التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهُ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرَوٰی شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَیْلٍ عَنْ كُرَیْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَلَمْ یَذْكُرْهُ بِطُوْلِهِ.

میں میرے لیے نور ڈال دے۔ اے اللہ میرا نور بڑھادے، مجھے نور عطا فرما اور میرے لیے نور بنادے، وہ ذات پاک ہے جس نے عزت کی چادر اوڑھی اور اسے اپنی ذات سے مخصوص کردیا، پاک ہے وہ ذات جس نے بزرگی کا لباس پہنا اور مکرم ہوا۔ پاک ہے وہ ذات جس کے علاوہ کوئی تسبیح کے لائق نہیں۔ پاک ہے وہ فضل اور نعمتوں والا، پاک ہے وہ بزرگی اور کرم والا اور پاک ہے وہ جلال اور بزرگی والا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ابن ابی لیلیٰ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ شعبہ اور سفیان ثوری اسے سلمہ بن کہیل سے وہ کریب سے وہ ابن عباسؓ سے اور وہ نبی علیہ السلام سے اس حدیث کا بعض حصہ نقل کرتے ہیں۔ لیکن پوری روایت نقل نہیں کرتے۔

۴۱۳: بَابُ مَاجَآءَ فِی الدُّعَآءِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ بِاللَّیْلِ

۱۳۴۶: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا عُمَرُ بْنُ یُوْنُسَ نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ كَثِیْرٍ قَالَ ثَنِیْ اَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ بِاَیِّ شَیْءٍ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَفْتَتِحُ صَلٰوتَهُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ قَالَتْ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ افْتَتَحَ صَلٰوتَهُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اهْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۴۱۳: باب تہجد کی نماز شروع کرتے وقت کی دعا کے متعلق

۱۳۴۶: حضرت ابوسلمہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہ رسول اللہ علیہ السلام تہجد کی نماز پڑھنی شروع کرتے تو کیا پڑھا کرتے تھے۔ آپؓ نے فرمایا کہ یہ دعا پڑھتے تھے ''اَللّٰھُمَّ ..... الخ'' (یعنی اے جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے رب، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اور اے پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے تو اپنے بندوں کے درمیان ان کے اختلاف کا فیصلہ کرے گا جن کے متعلق ان میں اختلاف تھا۔ مجھے اپنے حکم سے وہ راستہ بتادے جس میں حق سے اختلاف کیا گیا ہے۔ بیشک تو ہی صراط مستقیم پر ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۱۴: بَابُ مِنْهُ

۱۳۴۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ نَا یُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ

۴۱۴: باب

۱۳۴۷: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ السلام جب نماز میں کھڑے ہوتے تو فرماتے ''وَجَّهْتُ وَجْهِیَ ..... اَتُوْبُ اِلَیْكَ'' (یعنی میں نے اپنے چہرے کو

عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ اِذَا قَامَ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ اٰمَنْتُ بِكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَاِذَا رَاكَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَاشِئْتَ مِنْ شَيْءٍ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ فَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ثُمَّ يَكُوْنُ اٰخِرُ مَايَقُوْلُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اسی کی طرف متوجہ کرلیا جو آسمانوں اور زمین کا پالنے والا ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔ بیشک میری نماز، میری قربانی، میری زندگی اور میری موت اللہ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں ماننے والوں میں سے ہوں۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنے اوپر ظلم کیا اور مجھے اپنے گناہوں کا اعتراف ہے پس تو میرے تمام گناہ معاف فرمادے۔ اس لیے کہ گناہوں کا بخشنے والا صرف تو ہی ہے اور مجھے اچھے اخلاق عطا فرما۔ اچھے اخلاق صرف تو ہی دے سکتا ہے۔ مجھ سے گناہوں کو دور کر دے اور گناہوں کو صرف تو ہی دور کرسکتا ہے۔ میں تجھ پر ایمان لایا، تو بڑی برکت والا اور بلند ہے۔ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں) پھر آپ ﷺ جب رکوع کرتے تو فرماتے ''اَللّٰهُمَّ ....الخ (اے اللہ میں نے، تیرے ہی لیے رکوع کیا، تجھ پر ایمان لایا اور تیرا تابع ہوا۔ میرے کان، میری آنکھ، میرا دماغ، میری ہڈیاں اور میرے اعصاب تیرے لیے جھک گئے) پھر آپؐ رکوع سے سر اٹھاتے تو کہتے ''اَللّٰهُمَّ....مِنْ شَيْءٍ'' (اے اللہ، اے ہمارے رب تیرے ہی لیے تعریف ہے آسمانوں وزمین اور جو کچھ ان میں ہے کے برابر اور جتنی تو چاہے) پھر آپؐ جب سجدہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے ''اَللّٰهُمَّ ....الخ'' (یا اللہ میں نے تیرے ہی لیے سجدہ کیا اور میں تجھ پر ایمان لایا اور تیرا ہی تابع ہوا۔ میرے چہرے نے اس ذات کیلئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اسکی صورت بنائی اور اس میں کان آنکھ پیدا کیے۔ پس وہ بڑا برکت والا ہے جو سب سے اچھا بنانے والا ہے۔ پھر آپؐ التحیات کے بعد اور سلام سے پہلے یہ دعا پڑھتے ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ....الخ'' (اے اللہ میرے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما اور ظاہری وباطنی گناہ اور وہ بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی مقدم ہے اور تو ہی مؤخر ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۴۸: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ

۱۳۴۸: حضرت علی ابن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو یہ دعا پڑھتے ''وَجَّهْتُ وَجْهِيَ

وَيُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونَ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ ثَنِي عَمِّيْ وَقَالَ يُوسُفُ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ قَالَ ثَنِي الْاَعْرَجُ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْت وَ اصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَ الشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَاِذَا رَكَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَعِظَامِيْ وَ عَصَبِيْ وَاِذَا رَفَعَ قَالَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَمِلْءَ السَّمَآءِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَاوَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ صَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ثُمَّ يَقُوْلُ مِنْ اٰخِرِ مَا يَقُوْلُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

.....الخ" (میں نے اپنے چہرے کو اسی کی طرف متوجہ کرلیا جو آسمانوں اور زمین کا پالنے والا ہے۔میں کسی کجی کی طرف (مائل) نہیں ہوں اور نہ ہی میں مشرکین میں سے ہوں۔ بیشک میری نماز ،میری ساری عبادت، میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ہی کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔جس کا کوئی شریک نہیں مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلے مسلمان ہوں۔اے اللہ تو بادشاہ ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنے اوپر ظلم کیا اور میں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا تو میرے تمام گناہ معاف فرمادے اس لیے کہ گناہوں کا معاف کرنے والا صرف تو ہی ہے اور مجھے بہترین اخلاق عطافرما تیرے علاوہ یہ کسی کے بس کی بات نہیں۔مجھ سے میری برائیاں دور کردے کیونکہ یہ بھی صرف تو ہی کرسکتا ہے۔میں تجھ پر ایمان لایا، تو بڑی برکت والا ہے اور بلند ہے۔میں تجھ سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں) پھر آپؐ جب رکوع کرتے تو کہتے (اے اللہ میں نے تیرے ہی لیے رکوع کیا، تجھ پر ایمان لایا اور تیرے تابع ہوا۔میرے کان، میری آنکھ ،میرا دماغ میری ہڈیاں اور میرے اعصاب تیرے لیے جھک گئے) پھر رکوع سے سر اٹھاتے تو فرماتے (اے اللہ اے ہمارے رب تیرے لیے تعریف ہے، آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے کے برابر اور مزید جتنی تو چاہے)۔پھر آپؐ سجدہ کرتے تو کہتے (اے اللہ میں نے تیرے ہی لیے سجدہ کیا، تجھ پر ایمان لایا اور تیرا ہی تابع ہوا۔ میرے چہرے نے اس ذات کے لیے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اسکی صورت بنائی اور اس میں کان آنکھ پیدا کئے، پس وہ بڑا برکت والا ہے جو سب سے اچھا بنانے والا ہے، پھر آخر میں التحیات کے بعد اور سلام سے پہلے یہ دعا پڑھتے (اے اللہ میرے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما اور ظاہر و پوشیدہ گناہ اور وہ بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی مقدم اور مؤخر ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۴۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ الْهَاشِمِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ مُوْسٰی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَيَصْنَعُ ذٰلِكَ اِذَا قَضٰی قِرَاءَ تَهٗ وَاَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ وَيَصْنَعُهٗ اِذَا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ وَلَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِیْ شَیْءٍ مِنْ صَلَاتِهٖ وَهُوَ قَاعِدٌ فَاِذَا قَامَ مِنْ سَجْدَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ كَذٰلِكَ فَكَبَّرَ وَيَقُوْلُ حِيْنَ يَفْتَتِحُ الصَّلٰوةَ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّیْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَاَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ لَا مَنْجٰی مِنْكَ وَلَا مَلْجَاءَ اِلَّا اِلَيْكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ثُمَّ يَقْرَأُ فَاِذَا رَكَعَ كَانَ كَلَامُهٗ فِیْ رُكُوْعِهٖ اَنْ يَّقُوْلَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ خَشَعَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَظْمِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ فَاِذَا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ثُمَّ يُتْبِعُهَا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءُ مَاشِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ فِیْ سُجُوْدِهٖ

۱۳۴۹: حضرت علی بن ابی طالب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب فرض نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھاتے قرأت کے اختتام پر رکوع میں جاتے وقت بھی ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھاتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو بھی دونوں ہاتھوں کو شانوں تک اٹھاتے لیکن آپ تشہد اور سجدوں کے دوران ہاتھ نہ اٹھاتے (یعنی رفع یدین نہ کرتے) پھر دو رکعتیں پڑھنے کے بعد کھڑے ہوتے تو بھی دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھاتے۔ اور جب نماز شروع کرتے تو تکبیر کے بعد یہ کلمات کہتے ''وَجَّهْتُ وَجْهِیَ .... اَتُوْبُ اِلَيْكَ'' (میں نے اپنے چہرے کو اسی کی طرف متوجہ کر لیا جو آسمانوں اور زمین کا پالنے والا ہے۔ میں کسی کجی کی طرف (مائل) نہیں ہوں اور نہ ہی میں مشرکین میں سے ہوں۔ بیشک میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے۔ اور میں ماننے والوں میں سے پہلے ہوں۔ اے اللہ تو بادشاہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ، میں نے اپنے اوپر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کیا تو میرے گناہوں کو معاف فرما دے اس لیے کہ گناہوں کا بخشنے والا اصرف تو ہی ہے اور مجھے اچھے اخلاق عطا فرما تیرے علاوہ یہ کسی کے بس کی بات نہیں۔ مجھ سے برائیاں دور کر دے کیونکہ برائیاں تو ہی دور کر سکتا ہے۔ اے اللہ میں حاضر ہوں اور تیری ہی اطاعت کرتا ہوں۔ تیرے عذاب سے صرف تو ہی پناہ دے سکتا ہے۔ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔ پھر آپ قرأت کرتے اور رکوع میں جاتے تو یہ دعا پڑھتے (اے اللہ میں نے تیرے لیے رکوع کیا اور میں تجھ پر ایمان لایا اور تیرا تابع ہوا۔ میرے کان، میری آنکھ، میرا دماغ اور میرے اعصاب تیرے لیے جھک گئے) پھر جب رکوع سے سر اٹھاتے تو فرماتے (اے اللہ، اے ہمارے رب تیرے ہی لیے تعریفیں ہیں۔ آسمانوں و زمین اور جو کچھ ان میں

اَللّٰهُمَّ لَکَ سَجَدْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ وَاَنْتَ رَبِّی سَجَدَ وَجْهِی لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَیَقُوْلُ عِنْدَ انْصِرَافِهٖ مِنَ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَاَنْتَ اِلٰهِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ الشَّافِعِیِّ وَ اَصْحَابِنَا وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ وَغَیْرِ هِمْ یَقُوْلُ هٰذَا فِیْ صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ وَلَا یَقُوْلُهٗ فِی الْمَکْتُوْبَةِ سَمِعْتُ اَبَا اِسْمٰعِیْلَ یَعْنِی التِّرْمِذِیَّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ سُلَیْمَانَ بْنَ دَاوٗدَ الْهَاشِمِیَّ یَقُوْلُ وَذَکَرَ هٰذَا الْحَدِیْثَ فَقَالَ هٰذَا عِنْدَ نَا مِثْلَ حَدِیْثِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ.

ہے، کے برابر اور مزید جتنا تو چاہے) پھر سجدہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے (اے اللہ میں نے تیرے لیے سجدہ کیا، میں تجھ پر ایمان لایا اور تیرا ہی تابع ہوا۔ میرے چہرے نے اس ذات کے لیے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اس کی صورت بنائی اور اس میں کان آنکھ پیدا کیے۔ پس وہ بڑا بابرکت والا ہے جو سب سے اچھا بنانے والا ہے) پھر جب نماز سے فارغ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے (اے اللہ میرے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما اور میرے ظاہر اور پوشیدہ گناہ اور وہ بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ تو ہی مقدم اور مؤخر ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہمارے بعض اصحاب اور امام شافعیؒ کا اسی پر عمل ہے۔ اہل کوفہ میں سے بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ دعائیں نوافل میں پڑھی جائیں فرائض میں نہیں۔ میں نے ابو اسمٰعیل ترمذی سے سنا وہ سلیمان بن داؤد ہاشمی کا قول نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ حدیث ذکر کی اور فرمایا کہ یہ حدیث ہمارے نزدیک زہری کی سالم سے ان کے والد کے حوالے سے منقول حدیث کے مثل ہے۔

۴۱۵: بَابُ مَاجَآءَ مَا یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ

۱۳۵۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ بْنِ خُنَیْسٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ یَزِیْدَ قَالَ قَالَ لِیَ ابْنُ جُرَیْجٍ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ یَزِیْدَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَیْتُنِی اللَّیْلَةَ وَاَنَا نَائِمٌ کَاَنِّیْ اُصَلِّیْ خَلْفَ شَجَرَةٍ فَسَجَدْتُ فَسَجَدَتِ الشَّجَرَةُ لِسُجُوْدِیْ فَسَمِعْتُهَا وَ هِیَ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اکْتُبْ لِیْ بِهَا عِنْدَکَ اَجْرًا وَضَعْ عَنِّیْ بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِکَ دَاوٗدَ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ لِیْ جَدُّکَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَرَاَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَةً ثُمَّ سَجَدَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَمِعْتُهٗ وَهُوَ یَقُوْلُ مِثْلَ مَا اَخْبَرَهُ الرَّجُلُ مِنْ قَوْلِ

۴۱۵: باب اس متعلق کہ سجود قرأت میں کیا پڑھے

۱۳۵۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں۔ جب میں نے سجدہ کیا تو اس درخت نے بھی میرے ساتھ سجدہ کیا اور میں نے اسے یہ کہتے ہوئے سنا (اے اللہ میرے لیے اسکا اجر لکھ دے اور اس کے سبب مجھ سے میرا بوجھ اتار دے اور اسے میرے لیے اپنے ہاں ذخیرہ بنا اور اسے مجھ سے اسی طرح قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے قبول کیا تھا) ابن جریج عبید اللہ سے اور وہ ابن عباسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے سجدہ کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا تو میں نے آپ کو وہی دعا پڑھتے ہوئے سنا جو اس شخص نے درخت کے متعلق بیان کی تھی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم

الشَّجَرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

اس حدیث کوصرف اسی سند سے پہچانتے ہیں اوراس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۳۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا خَالِدُ الْحَذَّآءِ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَ قُوَّتِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۵۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ رات کو سجدہ تلاوت کرتے تو یہ دعا پڑھتے (میرے چہرے نے اس ذات کے لیے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا اوراپنی قدرت وطاقت سے اس کے کان اورآنکھیں بنائیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۱۶: بَابُ مَاجَآءَ مَا يَقُوْلُ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ

۴۱۶: باب اس متعلق کہ گھر سے نکلتے وقت کیا کہے

۱۳۵۲: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْاُمَوِيُّ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ يَعْنِيْ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يُقَالُ لَهُ كُفِيْتَ وَوُقِيْتَ وَتَنَحّٰى عَنْهُ الشَّيْطَانُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۳۵۲: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص گھر سے نکلتے وقت یہ کلمات کہے "بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ ..الخ" (ترجمہ۔اللہ کے نام سے میں نے اس پر بھروسہ کیا، گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ہم اس حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۱۷: بَابُ مِنْهُ

۴۱۷: باب اسی بارے میں

۱۳۵۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْنَضِلَّ اَوْنَظْلِمَ اَوْ نُظْلَمَ اَوْ نَجْهَلَ اَوْيُجْهَلَ عَلَيْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۵۳: حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب گھر سے نکلتے تو یہ دعا پڑھتے "بِسْمِ اللّٰهِ .....الخ" (اللہ کے نام سے، میں نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔اے اللہ میں تجھ سے اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں پھسل جاؤں یا بھٹک جاؤں یا میں کسی پر یا کوئی مجھ پر ظلم کرے یا میں جہالت میں پڑ جاؤں یا کوئی مجھ سے جہالت کرے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۱۸: بَابُ مَايَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ السُّوْقَ

۴۱۸: باب بازار میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعا

۱۳۵۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ نَا اَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ وَاسِعٍ قَالَ قَدِمْتُ مَكَّةَ فَلَقِيَنِيْ اَخِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۳۵۴: سالم بن عبداللہ بن عمر بواسطہ والد اپنے دادا حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔حضرت عمرؓ فرماتے ہیں۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جوشخص بازار میں داخل ہوتو یہ دعا پڑھے (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں،

قَالَ مَنْ دَخَلَ السُّوقَ فَقَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لاَ يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَاعَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَرَفَعَ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرَوَاهُ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَهْرَمَانُ اٰلِ الزُّبَيْرِ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا الْحَدِيْثَ نَحْوَهُ.

بادشاہت اور تمام تعریفیں صرف اسی کیلئے ہیں، وہی مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے، وہ ہمیشہ زندہ رہے گا کبھی نہیں مرے گا، خیر اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔) تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہزار، ہزار (یعنی دس لاکھ) نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اس سے ہزار، ہزار (یعنی تقریباً دس لاکھ) برائیاں مٹا دیتا ہے اور اسکے ہزار ہزار درجات بلند کئے جاتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے اس حدیث کو (آل زبیر کے خزانچی) عمرو بن دینار نے سالم بن عبداللہ سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔

۱۳۵۵ : حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَ الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالاَ نَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ وَهُوَ قَهْرَمَانُ اٰلِ الزُّبَيْرِ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ فِي السُّوْقِ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لاَ يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَاعَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَبَنٰى لَهُ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ.

۱۳۵۵: احمد بن عبدہ ضبی، حماد بن زید اور معتمر بن سلیمان سے وہ دونوں عمرو بن دینار سے وہ سالم سے وہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے وہ اپنے والد عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جو بازار میں جائے اور یہ دعا پڑھے'' لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ سے..... قَدِيْرٌ تک'' تو اس کے لیے ہزار ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں، ہزار ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں اور اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنایا جاتا ہے۔

۴۱۹ : بَابُ مَاجَآءَ مَايَقُوْلُ الْعَبْدُ اِذَا مَرِضَ

۴۱۹: باب کوئی بیمار ہو تو یہ دعا پڑھے

۱۳۵۶ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَغَرِّ اَبِيْ مُسْلِمٍ قَالَ اَشْهَدُ عَلٰى اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمَا اَشْهَدُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ وَقَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا اَكْبَرُ وَاِذَا قَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا وَحْدِىْ وَاِذَا قَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ قَالَ اللّٰهُ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَحْدِىْ لاَ شَرِيْكَ لِىْ وَاِذَا قَالَ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ قَالَ اللّٰهُ لاَ اِلٰهَ

۱۳۵۶: حضرت ابوسعیدؓ اور ابوہریرہؓ سے دونوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ''لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی تصدیق کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں اور میں سب سے بڑا ہوں۔ اور جو شخص '' لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ '' کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اکیلا ہوں۔ اور جو شخص ''لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ'' کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اکیلا ہوں میرا کوئی شریک نہیں۔ جب بندہ کہتا ہے'' اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ '' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے

اِلَّا اَنَا لِیَ الْمُلْکُ وَلِیَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ وَکَانَ یَقُوْلُ مَنْ قَالَهَا فِیْ مَرَضِهٖ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَغَرِّ اَبِیْ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِیْثِ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ یَرْفَعْهُ شُعْبَةُ حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا.

سوا کوئی معبود نہیں بادشاہی اور تعریف میرے لیے ہے۔ جب بندہ کہتا ہے: ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت صرف میری ہی طرف سے ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص بیماری میں یہ کلمات پڑھے اور پھر مرجائے تو اسے آگ نہیں کھائے گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو شعبہ نے ابواسحٰق سے وہ ایک اعرابی مسلم سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ ابوسعیدؓ سے اسکے ہم معنیٰ غیر مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں۔ محمد بن بشار نے یہ حدیث محمد بن جعفر سے اور انہوں نے شعبہ سے نقل کی ہے۔

۴۲۰: بَابُ مَاجَآءَ مَایَقُوْلُ اِذَا رَاٰی مُبْتَلٰی

۴۲۰: باب اس متعلق کہ مصیبت زدہ کو دیکھ کر کیا کہے

۱۳۵۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِیْعٍ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ مَوْلٰی اٰلِ الزُّبَیْرِ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰی صَاحِبَ بَلَاءٍ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اِلَّا عُوْفِیَ مِنْ ذٰلِکَ الْبَلَاءِ کَائِنًا مَاکَانَ مَاعَاشَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَعَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ قَهْرَمَانُ اٰلِ الزُّبَیْرِ هُوَ شَیْخٌ بَصْرِیٌّ وَلَیْسَ بِالْقَوِیِّ فِی الْحَدِیْثِ وَقَدْ تَفَرَّدَ بِاَحَادِیْثَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا رَاٰی صَاحِبَ بَلَاءٍ یَتَعَوَّذُ یَقُوْلُ ذٰلِکَ فِیْ نَفْسِهٖ وَلَا یُسْمِعُ صَاحِبَ الْبَلَاءِ.

۱۳۵۷: حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی کو مصیبت و آزمائش میں مبتلا دیکھ کر یہ کلمات کہے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ ....الخ'' (تمام تعریفیں اسی ذات کے لیے ہیں۔ جس نے مجھے اس مصیبت سے نجات دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی اکثر مخلوق پر فضیلت دی) تو وہ شخص جب تک زندہ رہے گا اس مصیبت میں کبھی بھی مبتلا نہیں ہوگا۔ یہ حدیث غریب ہے اور اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور عمرو بن دینار سے بھی روایت ہے۔ آل زبیر کے خزانچی بصری شیخ ہیں۔ وہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں اور وہ سالم بن عبداللہ بن عمرؓ سے اکثر ایسی احادیث نقل کرتے ہیں جن میں وہ منفرد ہیں۔ ابوجعفر محمد بن علی کہتے ہیں کہ اگر کوئی کسی کو سخت مصیبت یا بدنی تکلیف میں دیکھے تو دل میں اس سے پناہ مانگے اس کے سامنے نہیں۔

۱۳۵۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ السِّمْنَانِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا مُطَرِّفُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِیْنِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِیُّ عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

۱۳۵۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر یہ دعا پڑھے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ.....الخ'' تو وہ اس مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن

رَاٰیْ مُبْتَلیً فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً لَمْ یُصِبْہُ ذٰلِکَ الْبَلَآءُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

غریب ہے۔

۴۲۱: بَابُ مَایَقُوْلُ اِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِہٖ

۱۳۵۹: حَدَّثَنَا اَبُوْعُبَیْدَۃَ بْنُ اَبِی السَّفَرِ الْکُوْفِیُّ وَاسْمُہٗ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْھَمْدَانِیُّ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ اَخْبَرَنِیْ مُوْسَی بْنُ عُقْبَۃَ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ فِیْ مَجْلِسٍ فَکَثُرَ فِیْہِ لَغَطُہٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَقُوْمَ مِنْ مَجْلِسِہٖ ذٰلِکَ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ اِلَّا غُفِرَلَہٗ مَا کَانَ فِیْ مَجْلِسِہٖ ذٰلِکَ وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَرْزَۃَ وَعَآئِشَۃَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ لَا نَعْرِفُہٗ مِنْ حَدِیْثِ سُھَیْلٍ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

۱۳۶۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْکُوْفِیُّ نَا الْمُحَارِبِیُّ عَنْ مَالِکِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَۃَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ تُعَدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِائَۃُ مَرَّۃٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَقُوْمَ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۴۲۱: باب اس متعلق کہ مجلس سے کھڑا ہو تو کیا کہے

۱۳۵۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجلس میں بیٹھا اور اس میں اس نے بہت سی لغو باتیں کیں اور پھر اٹھنے سے پہلے یہ کلمات ''سُبْحَانَکَ ...الخ'' (تیری ذات پاک ہے، اے اللہ تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں) پڑھ لے تو اس نے جو لغو باتیں اس مجلس میں کہی ہوتی ہیں وہ معاف کر دی جاتی ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اسی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو سہیل کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۳۶۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مجلس سے اٹھتے وقت سو مرتبہ یہ دعا پڑھتے تھے۔ ''رَبِّ اغْفِرْلِیْ ...الخ'' (اے رب میری مغفرت فرما تو ہی معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۲۲: بَابُ مَایَقُوْلُ عِنْدَ الْکَرْبِ

۱۳۶۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ ھِشَامٍ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَبِی الْعَالِیَۃِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَدْعُوْا عِنْدَ الْکَرْبِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْحَکِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ.

۴۲۲: باب اس متعلق کہ پریشانی کے وقت کیا پڑھے

۱۳۶۱: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ .....الخ'' (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بردبار اور حکیم ہے اسکے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ آسمانوں اور زمین اور عزت والے عرش کا رب ہے۔)

۱۳۶۲ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۶۲: محمد بن بشار بھی ابن عدی سے وہ قتادہ سے وہ ابو عالیہ سے وہ ابن عباسؓ سے اور وہ نبی علیہ السلام سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں، اس باب میں حضرت علیؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۶۳ : حَدَّثَنَااَبُوْ سَلَمَةَ یَحْیَی بْنُ الْمُغِیْرَةِ الْمَخْزُوْمِیُّ الْمَدِیْنِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْکٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْمُفَضَّلِ عَنِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَهَمَّهُ الْاَمْرُ رَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَی السَّمَآءِ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَاِذَا اجْتَهَدَ فِی الدُّعَآءِ قَالَ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۱۳۶۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی وجہ سے سخت فکر میں مبتلا ہوتے تو آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہتے: ''سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ'' اور جب دعا میں زیادہ کوشش فرماتے تو کہتے ''یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ''۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۴۲۳: بَابُ مَاجَآءَ مَایَقُوْلُ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلاً

۴۲۳: باب اس بارے میں کہ جب کسی جگہ ٹھہرے تو کیا دعا پڑھے

۱۳۶۴ : حَدَّثَنَاقُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ یَعْقُوْبَ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ الْحَکِیْمِ السُّلَمِیَّةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَزَلَ مَنْزِلاً ثُمَّ قَالَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ لَمْ یَضُرَّهٗ شَیْءٌ حَتّٰی یَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهٖ ذٰلِکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ وَرَوٰی مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ اَنَّهٗ بَلَغَهٗ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ الْاَشَجِّ فَذَکَرَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَرُوِیَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ وَیَقُوْلُ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ خَوْلَةَ وَحَدِیْثُ اللَّیْثِ اَصَحُّ مِنْ رِوَایَةِ ابْنِ عَجْلَانَ.

۱۳۶۴: حضرت خولہ بنت حکیم سلیمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص (سفر میں) کسی جگہ اترے تو یہ کلمات ''اَعُوْذُ.... الخ'' (میں مخلوق کے شر سے اللہ کے تمام کلمات کی پناہ مانگتا ہوں) پڑھ لے تو اسے وہاں سے روانہ ہونے تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ مالک بن انس رضی اللہ عنہ بھی یعقوب اشج سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث ابن عجلان سے بھی یعقوب بن عبداللہ بن اشج کے حوالے سے منقول ہے وہ اسے سعید بن میتب سے روایت کرتے ہیں اور وہ خولہ سے روایت کرتے ہیں۔ لیث کی حدیث ابن عجلان کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۴۲۴: بَابُ مَایَقُوْلُ اِذَا خَرَجَ مُسَافِرًا

۴۲۴: باب اس بارے میں کہ سفر میں جاتے وقت کیا کہے

۱۳۶۵ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِیٍّ الْمُقَدَّمِیُّ نَا

۱۳۶۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ابْنُ اَبِیْ عَدِیّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ الْخَثْعَمِیِّ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ فَرَکِبَ رَاحِلَتَهٗ قَالَ بِاِصْبَعِهٖ وَمَدَّ شُعْبَةُ اِصْبَعَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحِکَ وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ اَللّٰهُمَّ ازْوِلَنَا الْاَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ اَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ اَبِیْ عَدِیّ عَنْ شُعْبَةَ.

جب سفر کے لیے اپنی سواری پر سوار ہوتے تو اپنی انگلی سے (آسمان کی طرف) اشارہ فرماتے (شعبہ نے بھی انگلی سے اشارہ کرکے بتایا) پھر فرماتے "اَللّٰهُمَّ ..... الخ" (اے اللہ تو ہی سفر کا ساتھی اور گھر والوں کا خلیفہ ہے۔ اے اللہ ہم نے تیرے حکم کے ساتھ صبح کی اور تیرے ذمہ کو قبول کیا۔ اے اللہ زمین کی (مسافت) کو ہمارے لیے چھوٹا کر دے اور سفر کو آسان کردے۔ اے اللہ میں تجھ سے سفر کی مشقت اور غمگین اور نامراد لوٹنے سے پناہ مانگتا ہوں۔) سوید بن نصر بھی عبداللہ بن مبارک سے اور وہ شعبہ سے اسی سند سے اسی کے ہم معنیٰ حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث سے حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابن عدی کی شعبہ کے حوالے سے منقول حدیث سے پہچانتے ہیں۔

۱۳۶۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اَصْحَبْنَا فِیْ سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا فِیْ اَهْلِنَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَمِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَمِنْ سُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَهْلِ وَالْمَالِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَیُرْوٰی الْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْنِ اَیْضًا وَ مَعْنٰی قَوْلِهِ الْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْنِ اَوِ الْکَوْرِ وَکِلَاهُمَا لَهٗ وَجْهٌ وَ اِنَّمَا هُوَ الرُّجُوْعُ مِنَ الْاِیْمَانِ اِلَی الْکُفْرِ اَوْ مِنَ الطَّاعَةِ اِلَی الْمَعْصِیَةِ اِنَّمَا یَعْنِی الرُّجُوْعَ مِنْ شَیْءٍ اِلٰی شَیْءٍ مِنَ الشَّرِّ.

۱۳۶۶: حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے لیے نکلتے تو یہ دعا پڑھتے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ تو ہی سفر کا ساتھی اور گھر والوں کا خلیفہ ہے۔ اے اللہ سفر میں ہمارا رفیق اور ہمارے گھر والوں کی نگہبانی فرما۔ یا اللہ میں تجھ سے سفر کی مشقت اور پریشان یا نامراد لوٹنے سے بھی پناہ مانگتا ہوں اور ایمان سے کفر کی طرف لوٹنے یا اطاعت سے نافرمانی کی طرف لوٹنے سے بھی پناہ مانگتا ہوں۔ پھر مظلوم کی بددعا اور اہل و مال میں کوئی برائی دیکھنے سے بھی پناہ مانگتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور "اَلْحَوْرُ بَعْدَ الْکَوْنِ" کے الفاظ بھی منقول ہیں۔ اس سے مراد خیر سے شر کی طرف لوٹنا ہے۔

۴۲۵: بَابُ مَاجَآءَ مَا یَقُوْلُ اِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهٖ

۴۲۵: باب اس بارے میں کہ سفر سے واپسی پر کیا کہے

۱۳۶۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الرَّبِیْعَ بْنَ الْبَرَآءِ بْنِ

۱۳۶۷: حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جب سفر سے لوٹتے تو یہ دعا پڑھتے "اٰئِبُوْنَ .... الخ"

عَازِبٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ قَالَ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرُوِىَ الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ الْبَرَآءِ وَرِوَايَةُ شُعْبَةَ اَصَحُّ وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ اَنَسٍ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

(ہم سفر سے سلامتی کے ساتھ لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، اپنے رب کی عبادت کرنے والے اوراسکی تعریف کرنے والے ہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ثوری یہی حدیث ابواسحق سے اور براء سے نقل کرتے ہوئے ربیع بن براء کا ذکر نہیں کرتے ۔ شعبہ کی روایت زیادہ صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، انسؓ اور جابر بن عبداللہؓ سے بھی روایت ہے۔

۴۲۶: بَابُ مِنْهُ

۴۲۶: باب اسی کے بارے میں

۱۳۶۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ انَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَنَظَرَ اِلٰى جُدْرَانِ الْمَدِيْنَةِ اَوْضَعَ رَاحِلَتَهُ وَاِنْ كَانَ عَلٰى دَابَّةٍ حَرَّكَهَا مِنْ حُبِّهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۳۶۸: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر سے لوٹتے تو مدینہ کی دیواروں پر نظر پڑنے پر اپنی اونٹنی کو دوڑاتے اور اگر کسی اور سواری پر ہوتے تو اسے بھی تیز کر دیتے یہ مدینہ کی محبت کی وجہ سے ہوتا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۲۷: بَابُ مَاجَآءَ مَا يَقُوْلُ اِذَا وَدَّعَ اِنْسَانًا

۴۲۷: باب اس بارے میں کہ کسی کو رخصت کرتے وقت کیا کہے

۱۳۶۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ عُبَيْدِ اللّٰهِ السَّلِيْمِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَدَّعَ رَجُلًا اَخَذَهُ بِيَدِهِ فَلَا يَدَعُهَا حَتّٰى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ يَدَعُ يَدَالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْلُ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَاٰخِرَ عَمَلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۱۳۶۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو رخصت کرتے تو اس کا ہاتھ پکڑ لیتے اور اس وقت تک نہ چھوڑتے جب تک وہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ نہ چھوڑ دیتا ۔ پھر فرماتے: ''اَسْتَوْدِعُ.... الخ'' (میں اللہ تعالیٰ کو تیرے دین وایمان اور آخری عمل کا امین بناتا ہوں ۔) یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور اس کے علاوہ دوسری سند سے بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے۔

۱۳۷۰: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ نَا سَعِيْدُ بْنُ خُثَيْمٍ عَنْ حَنْظَلَةَ عَنْ سَالِمٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا اُدْنُ مِنِّىْ اُوَدِّعْكَ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَدِّعُنَا

۱۳۷۰: حضرت سالم سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ جب کسی کو رخصت کرتے تو فرماتے میرے قریب آؤ تاکہ میں تمہیں اس طرح رخصت کروں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو رخصت کیا کرتے تھے پھر ''اَسْتَوْدِعُ'' سے آخر تک کہتے

فَيَقُوْلُ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

(یعنی میں اللہ تعالیٰ کو تیرے دین وایمان اور آخری اعمال کا امین بناتا ہوں)۔ یہ حدیث سالم بن عبداللہ کی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۴۲۸: بَابُ مِنْهُ

۴۲۸: باب اسی کے بارے میں

۱۳۷۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ نَا سَيَّارٌ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُرِيْدُ سَفَرًا فَزَوِّدْنِىْ قَالَ زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى قَالَ زِدْنِىْ قَالَ وَغَفَرَ ذَنْبَكَ قَالَ زِدْنِىْ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ قَالَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۳۷۱: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میں سفر کے لیے روانہ ہو رہا ہوں مجھے زادِ راہ دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادِ راہ عطا فرمائے اس نے عرض کیا اور زیادہ دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اور تیرے گناہ معاف کرے۔ اس نے عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں اور زیادہ دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا تو جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ تیرے لیے خیر کو آسان کردے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۲۹: بَابُ مِنْهُ

۴۲۹: باب اسی کے بارے میں

۱۳۷۲: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِىُّ الْكُوْفِىُّ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُرِيْدُ اَنْ اُسَافِرَ فَاَوْصِنِىْ قَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَ التَّكْبِيْرِ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ فَلَمَّا اَنْ وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ اللّٰهُمَّ اَطْوِلَهُ الْبُعْدَ وَ هَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۳۷۲: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں سفر پر جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ مجھے وصیت کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا تقویٰ اختیار کرو، ہر بلندی پر تکبیر (اللہ اکبر) کہو۔ اور جب وہ شخص واپس جانے لگا تو آپؐ نے فرمایا اے اللہ اس کے لیے زمین کی مسافت کو کم کردے اور اس پر سفر آسان کر۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۴۳۰: بَابُ مَاذُكِرَ فِىْ دَعْوَةِ الْمُسَافِرِ

۴۳۰: باب مسافر کی دعا کے متعلق

۱۳۷۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثُ دَعْوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ

۱۳۷۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی دعائیں ضرور قبول ہوتی ہیں، مظلوم، مسافر اور اولاد کے خلاف باپ کی دعا۔ علی بن حجر نے یہ حدیث اسمٰعیل بن ابراہیم سے انہوں نے ہشام دستوائی سے اور انہوں نے یحییٰ سے اسی سند سے اسی کے مثل نقل کی ہے۔ اس میں یہ اضافہ ہے ''کہ اسکی قبولیت میں کوئی شک نہیں''۔ یہ

هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ يُقَالُ لَهُ أَبُو جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنُ وَلَا نَعْرِفُ اسْمَهُ.

حدیث حسن ہے اور ابو جعفر وہی ہیں جن سے یحییٰ بن ابی کثیر نے روایت کی ہے۔ انہیں ابو جعفر مؤذن کہتے ہیں۔ ہمیں ان کا نام معلوم نہیں۔

۴۳۱: بَابُ مَاجَآءَ مَايَقُوْلُ اِذَا رَكِبَ دَابَّةً

۴۳۱: باب اس بارے میں کہ سواری پر سوار ہوتے وقت کیا کہے

۱۳۷۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ شَهِدْتُ عَلِيًّا أُتِيَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ قَالَ سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلَاثًا سُبْحَانَكَ إِنِّي قَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْلِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ رَبِّ اغْفِرْلِي ذُنُوْبِي إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَيْرُكَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۷۴: حضرت علی بن ربیعہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ان کے سوار ہونے کیلئے سواری لائی گئی۔ جب انہوں نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو کہا" بِسْمِ اللّٰهِ " ... پھر جب اس پر بیٹھ گئے تو پھر کہا" سُبْحٰنَ الَّذِي .....الخ" (پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لیے مسخر کر دیا، ہم تو اسے قابو میں کرنے کی قوت نہیں رکھتے تھے اور ہمیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر تین تین مرتبہ الحمدللہ اور اللہ اکبر کہنے کے بعد یہ دعا پڑھی" سُبْحَانَكَ .... الخ" (تیری ذات پاک ہے۔ میں نے ہی اپنے آپ پر ظلم کیا پس تو مجھے معاف کر دے۔ کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہ معاف نہیں کر سکتا) ۔پھر ہنسنے لگے ۔ میں نے پوچھا : امیرالمؤمنین آپ کس بات پر ہنسے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا جیسا کہ میں نے کیا۔ پھر آپ ہنس پڑے تو میں نے پوچھا یارسول اللہ! آپ ﷺ نے کس بات پر تبسم فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تیرے رب کو اپنے بندے کا یہ کہنا بہت پسند ہے کہ اے رب مجھے معاف کر دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا ۔اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۷۵: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَارِقِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَافَرَ فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ كَبَّرَ ثَلَاثًا وَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَاكُنَّالَهُ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّ إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنِّي

۱۳۷۵: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب کسی سفر کے لیے جاتے اور سواری پر سوار ہوتے تو تین مرتبہ" اللہ اکبر" کہتے اور پھر سُبْحَانَ الَّذِيْ .....الخ" کہتے (پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لیے مسخر کیا، ہم تو اسے قابو میں کرنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے اور ہمیں اپنے رب کی

اَسْأَلُکَ فِیْ سَفَرِیْ هٰذَا مِنَ الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَاتَرْضٰی اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا الْمَسِیْرَ وَ اطْوِعَنَّا بُعْدَ الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِیْ سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا فِیْ اَهْلِنَا وَ کَانَ یَقُوْلُ اِذَا رَجَعَ اِلٰی اَهْلِهٖ اٰئِبُوْنَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

طرف لوٹ کر جاتا ہے) پھر یہ دعا پڑھتے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ مجھے اس سفر میں نیکی، تقویٰ اور ایسے عمل کی توفیق عطا فرما جس سے تو راضی ہو۔ اے اللہ ہمارے لیے چلنا آسان کرا اور زمین کی مسافت کو چھوٹا کر دے، اے اللہ تو ہی سفر کا ساتھی اور اہل وعیال کا خلیفہ ہے۔ اے اللہ سفر میں ہماری رفاقت اور اہل وعیال کی حفاظت فرما۔) پھر جب واپس تشریف لاتے تو فرماتے "اٰئِبُوْنَ..... الخ" (اگر اللہ نے چاہا تو ہم لوٹنے والے، توبہ کرنے والے اور اپنے رب کی تعریف بیان کرنے والے ہیں۔) یہ حدیث حسن ہے۔

۴۳۲: بَابُ مَاجَآءَ مَایَقُوْلُ اِذَا هَاجَتِ الرِّیْحُ

۴۳۲: باب آندھی کے وقت پڑھنے کی دعا

۱۳۷۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَةَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَی الرِّیْحَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِهَا وَخَیْرِ مَا فِیْهَا وَخَیْرِ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَافِیْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُبَیِّ کَعْبٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۳۷۶: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب آندھی دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ میں تجھ سے اس آندھی سے بھلائی اور اس میں موجود خیر کا سوال کرتا ہوں اور میں اسکے ساتھ بھیجی گئی خیر کا بھی طلبگار ہوں۔ پھر میں اس کے شر، اس میں موجود شر اور جس شر کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔) اس باب میں ابی بن کعبؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۴۳۳: بَابُ مَایَقُوْلُ اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ

۴۳۳: باب اس بارے میں کہ بادل کی آواز سن کر کیا کہے

۱۳۷۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِیَادٍ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ اَبِیْ مَطَرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُهْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۳۷۷: حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بادل کی گرج اور کڑک کی آواز سنتے تو یہ دعا پڑھتے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ ہمیں اپنے غضب سے قتل نہ کر ہمیں اپنے عذاب سے ہلاک نہ کر اور ہمیں اس (یعنی عذاب وغیرہ) سے پہلے معاف فرما دے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۳۴: بَابُ مَایَقُوْلُ عِنْدَرُؤْیَةِ الْهِلَالِ

۴۳۴: باب اس بارے میں کہ چاند دیکھ کر کیا کہے

۱۳۷۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ نَا

۱۳۷۸: حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے

سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدِينِيُّ قَالَ ثنِي بِلَالُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے: "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ ہم پر اس چاند کو خیر، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما۔ (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۳۵: بَابُ مَايَقُوْلُ عِنْدَ الْغَضَبِ

۴۳۵: باب اس متعلق کہ غصہ کے وقت کیا پڑھے

۱۳۷۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا قُبَيْصَةُ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى عُرِفَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِ اَحَدِهِمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّي لَاَ عْلَمُ كَلِمَةً لَمْ قَالَهَا لَذَهَبَ غَضَبُهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَفِي الْبَابِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَمَاتَ مُعَاذٌ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَقُتِلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى غُلَامٌ ابْنُ سِتِّ سِنِيْنَ هٰكَذَا رَوٰى شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَرَاٰهُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي لَيْلٰى يُكْنٰى اَبَا عِيْسٰى وَاَبُوْ لَيْلٰى اِسْمُهُ يَسَارٌ وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى قَالَ اَدْرَكْتُ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۷۹: حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ دو شخص نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے یہاں تک کہ ایک کے چہرے پر غصے کے آثار ظاہر ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ وہ کلمہ کہہ دے تو اس کا غصہ ختم ہو جائے گا۔ وہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ" ہے۔ اس باب میں حضرت سلیمان بن صرد سے بھی روایت ہے۔ محمد بن بشار نے عبدالرحمٰن سے اور وہ سفیان سے اس کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث مرسل ہے اس لیے کہ معاذ بن جبلؓ سے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کا سماع ثابت نہیں کیونکہ معاذ بن جبلؓ کا انتقال حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ہوا اور اس وقت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی عمر چھ سال تھی۔ شعبہ بھی حکم سے اور عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے اسی طرح بیان کرتے ہیں۔ عبدالرحمٰن نے عمر بن خطابؓ سے بھی روایت کی ہے اور ان کو دیکھا بھی ہے۔ عبدالرحمٰن کی کنیت ابو عیسیٰ اور انکے والد ابو لیلیٰ کا نام یسار ہے۔ عبدالرحمٰن سے منقول ہے کہ انہوں نے انصار میں سے ایک سو بیس صحابہؓ کی زیارت کی ہے۔

خلاصۃ الابواب: بندوں کے مقامات میں سے بلند مقام عبدیت (بندگی) کا ہے اور سیّدنا حضرت محمد ﷺ اس مقام کے امام ہیں یعنی اس وصف میں سب پر فائق ہیں اور دعاء چونکہ عبدیت کا جوہر اور خاص مظہر ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعاء کرتے وقت (بشرطیکہ حقیقی دعاء ہو) بندے کا ظاہر و باطن عبدیت میں ڈوبا ہوتا ہے اس لئے رسول اللہ ﷺ کے احوال و اوصاف میں غالب ترین وصف اور حال دعاء کا ہے اور اُمت کو آپ ﷺ کے ذریعہ روحانی دولتوں کے جو عظیم خزانے ملے ہیں

اُن میں سب سے بیش قیمت خزانہ ان دعاؤں کا ہے جو مختلف اوقات میں اللہ تعالیٰ سے خود آپ ﷺ نے کیں یا اُمت کو ان کی تلقین فرمائی ان میں سے کچھ دعائیں ہیں جن کا تعلق خاص حالات یا اوقات اور مخصوص مقاصد اور حاجات سے ہے ان دعاؤں کی قدر و قیمت اور افادیت کا ایک عام عملی پہلو تو یہ ہے کہ ان سے دعاء کرنے اور اللہ سے اپنی حاجتیں مانگنے کا سلیقہ اور طریقہ معلوم ہوتا ہے اور اس باب میں وہ رہنمائی ملتی ہے جو کہیں سے نہیں مل سکتی اور ایک دوسرا خاص علمی اور عرفانی پہلو یہ ہے کہ ان سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی روح پاک کو اللہ تعالیٰ سے کتنی گہری اور ہمہ وقتی وابستگی تھی اور آپ ﷺ کے قلب پر اس کا جلال وجمال کس قدر چھایا ہوا تھا اور اپنی اور ساری کائنات کی بے بسی ولاچاری اور اس مالک الملک کی قدرت کاملہ اور ہمہ گیر رحمت و ربوبیت پر آپ ﷺ کو کس درجہ یقین تھا کہ گویا یہ آپ ﷺ کے لئے غیب نہیں شہود تھا۔ حدیث کے ذخیرے میں رسول اللہ ﷺ کی جو سیکڑوں دعائیں محفوظ ہیں ان میں اگر غور کیا جائے تو کھلے طور پر محسوس ہوگا کہ ان میں سے ہر دعاء مغفرت الٰہی کا شاہکار اور آپ ﷺ کے کمال روحانی وفدا آشنائی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ آپ ﷺ کے صدق (سچے) تعلق کا مستقل برہان ہے اور اس لحاظ سے ہر ماثور دعاء بجائے خود آپ ﷺ کا ایک روشن معجزہ ہے۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم اور دعاء عبادت کا مغز ہے اور عبادت ہی انسان کی تخلیق کا اصل مقصد ہے تو یہ بات خود بخود متعین ہوگئی کہ انسانوں کے اعمال واحوال میں دعاء ہی سب سے زیادہ محترم اور قیمتی ہے۔ ذکر اللہ اپنے وسیع معنی کے لحاظ سے نماز تلاوت قرآن اور دعاء استغفار وغیرہ سب کو شامل اور یہ سب اس کی خاص شکلیں ہیں لیکن مخصوص عرف اور اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس توحید وتمہید اس کی عظمت و کبریائی اور اس کی صفات وکمال کے بیان اور دھیان کو ذکر اللہ کہا جاتا ہے قرآن و حدیث کے نصوص سے ظاہر ہے کہ نماز سے لے کر جہاد تمام اعمال صالحہ کی روح اور جان ذکر اللہ ہے اور یہی ذکر اللہ کی یاد کا وہ پروانہ ولایت ہے جس کو عطاء ہوگیا وہ واصل ہوگیا اور جس کو عطا نہیں ہوا وہ دور اور محروم رہا۔ یہ ذکر اللہ والوں کے قلوب کی غذا اور ذریعہ حیات ہے ذکر ہی سے دلوں کی دنیا کی آبادی ہے اگر دلوں کی دنیا اس سے خالی ہوجائے تو بالکل ویرانہ ہوکر رہ جائے دلوں کو نورانی بنانے اور اوصاف ردیہ کو اوصاف حمیدہ میں تبدیل کردینے میں سب عبادات سے زیادہ زود اثر اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔ بیشک ذکر اللہ اس لحاظ سے کہ وہ اصلاً وبالذات مقصد اعلیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے تقرب کا سب سے قریبی ذریعہ ہے وہ دوسرے تمام اعمال سے بہتر اور بالاتر ہے اور یہ اس کے منافی نہیں ہے کہ کسی خاص حالت میں اور کسی ہنگامی موقع پر صدقہ اور انفاق لوجہ اللہ یا جہاد فی سبیل اللہ کو زیادہ اہمیت حاصل ہوجائے اس طرح بھی ہوسکتا ہے کہ ایک عمل ایک اعتبار سے اصل واہم ہو اور دوسرے اعتبار سے کوئی دوسرا عمل زیادہ اہمیت رکھتا ہو۔ دعاء کے آداب میں سے ایک ادب یہ کہ کسی دوسرے کے لئے دعاء کرنی ہو تو پہلے اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے مانگے اس کے بعد دوسرے کے لئے اگر صرف کسی دوسرے کے لئے مانگے گا تو اس کی حیثیت محتاج سائل کی نہ ہوگی بلکہ صرف سفارشی کی سی ہوگی اور یہ بات دربار الٰہی کے کسی منگتا کے لئے مناسب نہیں ہے اور دعاء میں یا تو ہاتھ اُٹھانا اور آخر میں ہاتھ منہ پر پھیرنا رسول اللہ ﷺ سے قریب قریب تواتر سے ثابت ہے۔ ختم تہجد پر آپ ﷺ کی دعاء نہایت جامع ہے اللہ تعالیٰ سب کو توفیق عطاء فرماویں بندہ قدم قدم پر اللہ تعالیٰ کے رحم وکرم اور اس کی حفاظت ونگہبانی کا محتاج ہے اس لئے جب گھر سے قدم باہر نکالے یا باہر سے گھر میں آئے یا سونے لگے یا سو کر اُٹھے تو برکت اور استعانت کے لئے خدائے پاک کا نام لے اور اس سے دعاء کرے۔

۴۳۶: بَابُ مَایَقُوْلُ اِذَا رَاٰی رُؤْیَایَکْرَهُهَا

۱۳۸۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمُ الرُّؤْیَا یُحِبُّهَا فَاِنَّمَا هِیَ مِنَ اللّٰهِ فَلْیَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَیْهَا وَلْیُحَدِّثْ بِمَا رَاٰی وَاِذَا رَاٰی غَیْرَ ذٰلِکَ مِمَّا یَکْرَهُهٗ فَاِنَّمَا هِیَ مِنَ الشَّیْطٰنِ فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَلَا یَذْکُرْهَا لِاَحَدٍ فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَابْنُ الْهَادِ اِسْمُهٗ یَزِیْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ الْمَدِیْنِیُّ وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِیْثِ رَوٰی عَنْهُ مَالِکٌ وَ النَّاسُ۔

۴۳۶: باب اس بارے میں کہ جب کوئی براخواب دیکھے تو کیا کہے

۱۳۸۰: حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اچھا خواب دیکھے تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس اسے چاہیے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرے اور خواب لوگوں کو سنائے اور اگر کوئی براخواب دیکھے تو یہ شیطان کی طرف سے ہے اور اسے چاہیے کہ اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے اور اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرے تاکہ وہ اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔ اس باب میں حضرت ابوقتادہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ ابن الہاد کا نام یزید بن عبداللہ بن اسامہ بن الہاد مدنی ہے۔ یہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں اور ان سے امام مالک اور بہت سے حضرات روایت کرتے ہیں۔

۴۳۷: بَابُ مَایَقُوْلُ اِذَا رَاٰی الْبَاکُوْرَةَ مِنَ الثَّمَرِ

۱۳۸۱: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِکٌ وَ نَا قُتَیْبَةُ عَنْ مَالِکٍ عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ النَّاسُ اِذَا رَاَوْا اَوَّلَ الثَّمَرِ جَاءُ وْا بِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَخَذَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ ثِمَارِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَ مُدِّنَا اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ عَبْدُکَ وَ خَلِیْلُکَ وَ نَبِیُّکَ وَاِنِّیْ عَبْدُکَ وَ خَلِیْلُکَ وَ نَبِیُّکَ وَاِنَّهٗ دَعَاکَ لِمَکَّةَ وَاَنَا اَدْعُوْکَ لِلْمَدِیْنَةِ بِمِثْلِ مَادَعَاکَ بِهٖ لِمَکَّةَ وَمِثْلِهٖ مَعَهٗ قَالَ ثُمَّ یَدْعُوْا اَصْغَرَ وَلِیْدٍ یَرَاهُ فَیُعْطِیْهِ ذٰلِکَ الثَّمَرَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۴۳۷: باب اس بارے میں کہ جب کوئی نیا پھل دیکھے تو کیا کہے

۱۳۸۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ لوگ جب پہلا پھل دیکھتے تو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے اور آپؐ وہ دعا پڑھتے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ ہمارے لیے، ہمارے پھلوں، ہمارے شہر، ہمارے صاع اور ہمارے مد (ناپ تول کے پیمانے) میں برکت پیدا فرما۔ اے اللہ ابراہیم علیہ السلام تیرے دوست، بندے اور نبی تھے انہوں نے تجھ سے مکہ کے لیے دعا کی تھی۔ میں بھی تیرا بندہ اور نبی ہوں۔ میں تجھ سے مدینہ کیلئے وہی کچھ مانگتا ہوں جو انہوں نے مکہ مکرمہ کے لیے مانگا تھا بلکہ اس سے دوگنا۔) راوی کہتے ہیں۔ پھر نبی اکرم ﷺ کسی چھوٹے بچے کو جو نظر آتا بلاتے اور وہ پھل اسے دے دیتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۳۸: بَابُ مَا یَقُوْلُ

۴۳۸: باب اس بارے میں کہ جب

اِذَا اَكَلَ طَعَامًا

۱۳۸۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُمَرَ هُوَ ابْنُ اَبِيْ حَرْمَلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ فَجَآئَتْنَا بِاِنَآءٍ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَخَالِدٌ عَنْ شِمَالِهٖ فَقَالَ لِي الشَّرْبَةُ لَكَ فَاِنْ شِئْتَ اٰثَرْتَ بِهَا خَالِدًا فَقُلْتُ مَا كُنْتُ اُوْثِرُ عَلٰى سُؤْرِكَ اَحَدًا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ طَعَامًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ وَمَنْ سَقَاهُ اللّٰهُ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَيْءٌ يُجْزِئُ مَكَانَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ غَيْرَ اللَّبَنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ فَقَالَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَرْمَلَةَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَمْرِو بْنِ حَرْمَلَةَ وَلَا يَصِحُّ.

کوئی کھانا کھائے تو کیا کہے؟

۱۳۸۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں اور خالد بن ولید نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہؓ کے ہاں داخل ہوئے وہ ایک برتن میں دودھ لے کر آئیں۔ آپؐ نے دودھ پیا۔ میں آپؐ کے دائیں اور خالد بائیں جانب تھے۔ چنانچہ حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا: پینے کی باری تمہاری ہے لیکن اگر چاہو تو خالد کو ترجیح دو۔ پس میں نے کہا میں آپ ﷺ کے جھوٹے پر کسی کو ترجیح نہیں دے سکتا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کسی کو کچھ کھلائے تو اسے چاہیے کہ یہ دعا پڑھے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (اے اللہ ہمارے لیے اس میں برکت پیدا فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھلا) اور اگر کسی کو اللہ دودھ پلائے تو وہ کہے (اے اللہ ہمارے لیے اس میں برکت پیدا فرما اور یہ (دودھ) مزید عطا فرما) پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دودھ کے علاوہ کوئی چیز ایسی نہیں کہ کھانے اور پینے دونوں کے لئے کافی ہو۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض راویوں نے یہ حدیث علی بن زید سے عمر بن حرملہ کے حوالہ سے نقل کی اور بعض انہیں عمرو بن حرملہ کہتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں۔

۴۳۹: بَابُ مَا يَقُوْلُ اِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّعَامِ

۱۳۸۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ نَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رُفِعَتِ الْمَائِدَةُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ يَقُوْلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۳۹: باب اس بارے میں کہ کھانے سے فراغت پر کیا کہے؟

۱۳۸۳: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کے سامنے سے دسترخوان اٹھایا جاتا تو آپؐ یہ دعا پڑھتے تھے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا....الخ" (یعنی تمام تعریفیں، بہت زیادہ تعریف اور پاک تعریف اسی کے لیے ہے (اے اللہ) اس میں برکت پیدا فرما ہم اس سے بے پرواہ اور بے نیاز نہیں ہیں۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۸۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَاَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ رِيَاحِ بْنِ

۱۳۸۴: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھانا تناول فرماتے یا پانی نوش

عُبَيْدَةَ قَالَ حَفْصٌ عَنِ ابْنِ اَخِيْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَقَالَ اَبُوْ خَالِدٍ عَنْ مَوْلًى لِاَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَوْشَرِبَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ.

فرماتے تو یہ کلمات کہتے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ. ..... الخ'' (یعنی تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔)

۱۳۸۵: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ ثَنِيْ اَبُوْمَرْحُوْمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِبْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ طَعَامًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَلَهٗ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ مَرْحُوْمٍ نِ اسْمُهٗ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ.

۱۳۸۵: حضرت سہل بن معاذ بن انسؓ اپنے والد (معاذ بن انسؓ) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھے گا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ......'' (یعنی تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور مجھے میری قدرت وطاقت نہ ہونے کے باوجود یہ عنایت فرمایا) تو اسکے تمام پچھلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابومرحوم کا نام عبدالرحیم بن میمون ہے۔

۴۴۰: بَابُ مَايَقُوْلُ اِذَا سَمِعَ نَهِيْقَ الْحِمَارِ

۴۴۰: باب اس بارے میں کہ گدھے کی آواز سن کر کیا کہا جائے

۱۳۸۶: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًاوَاِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِنَّهٗ رَاٰى شَيْطَانًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۸۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے اس کا فضل مانگو کیونکہ وہ فرشتے کو دیکھ کر بولتا ہے اور جب گدھے کی آواز سنو تو ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ'' پڑھو کیونکہ وہ شیطان کو دیکھ کر بولتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ فَضْلِ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّحْمِيْدِ

۴۴۱: باب تسبیح، تکبیر، تہلیل اور تحمید کی فضیلت

۱۳۸۷: حَدَّثَنَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ عَنْ حَاتِمِ بْنِ اَبِيْ صَغِيْرَةَ عَنْ اَبِيْ بَلْجٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلَى الْاَرْضِ اَحَدٌ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ

۱۳۸۷: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمین پر کوئی شخص ایسا نہیں جو ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' کہے تو اسکے تمام (چھوٹے) گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ شعبہ بھی حدیث ابوبلج

الْبَحْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِىْ بَلْجٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَاَبُوْ بَلْجٍ نِ اسْمُهٗ يَحْيَى بْنُ اَبِىْ سُلَيْمٍ وَيُقَالُ ابْنُ سُلَيْمٍ اَيْضًا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَاابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ حَاتِمِ بْنِ اَبِىْ صَغِيْرَةَ عَنْ اَبِىْ بَلْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ بَلْجٍ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن یہ روایت غیر مرفوع ہے۔ ابو بلج ، یحییٰ بن ابی سلیم ہیں ۔بعض انہیں ابن سلیم کہتے ہیں۔ محمد بن بشار بھی ابن عدی سے وہ حاتم سے وہ ابو بلج سے وہ عمرو بن میمون سے وہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ پھر محمد بن بشار ہی محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ ابو بلج سے اس کی مثل غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔

۱۳۸۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعَطَّارُ نَا اَبُوْ نَعَامَةَ السَّعْدِىُّ عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ غَزَاةٍ فَلَمَّا قَفَلْنَا اَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَكَبَّرَ النَّاسُ تَكْبِيْرَةً وَرَفَعُوْا بِهَا اَصْوَاتَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَصَمَّ وَلَا غَائِبٍ هُوَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رُءُوْسِ رِحَالِكُمْ ثُمَّ قَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ قَيْسٍ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَنْزًا مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِىُّ اِسْمُهٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مُلٍّ وَاَبُوْ نَعَامَةَ اِسْمُهٗ عَمْرُو بْنُ عِيْسٰى وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ هُوَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رُءُوْسِ رَوَاحِلِكُمْ اِنَّمَا يَعْنِىْ عِلْمَهٗ وَقُدْرَتَهٗ.

۱۳۸۸: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک جنگ میں گئے۔ جب ہم واپس آئے تو مدینہ کے قریب پہنچنے پر لوگوں نے بہت بلند آواز سے تکبیر کہی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب بہرہ نہیں اور نہ ہی وہ غائب ہے بلکہ وہ تمہارے اور تمہاری سواریوں کے سروں کے درمیان ہے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے متعلق نہ بتاؤں وہ '' لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ '' ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو عثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بن مل اور ابونعامہ کا نام عمرو بن عیسیٰ ہے۔ یہ قول کہ '' اللہ تعالیٰ تمہارے اور تمہاری سواریوں کے سروں کے درمیان ہے'' اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا علم اور اسکی قدرت ہے۔

۴۴۲: بَابٌ

۴۴۲: باب

۱۳۸۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ نَا سَيَّارٌ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيْتُ اِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اَقْرِئْ اُمَّتَكَ مِنِّى السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَآءِ وَاَنَّهَا قِيْعَانٌ وَاَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَفِى

۱۳۸۹: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شب معراج میں میری ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ اپنی امت کو میرا سلام پہنچا دیجئے اور ان سے کہہ دیجئے کہ جنت کی مٹی بہت اچھی ہے۔ اس کا پانی میٹھا ہے اور وہ ہموار میدان ہے۔ اس کے درخت '' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ '' ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے بھی روایت

الْبَابِ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

ہے۔ یہ حدیث اس سند سے یعنی حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۳۹۰: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَایَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ نَا مُوْسَی الْجُهَنِیُّ قَالَ ثَنِی مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجُلَسَائِهِ اَیَعْجِزُ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّکْسِبَ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ کَیْفَ یَکْسِبُ اَحَدُنَا اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ یُسَبِّحُ اَحَدُکُمْ مِائَةَ تَسْبِیْحَةٍ تُکْتَبُ لَهُ اَلْفُ حَسَنَةٍ وَتُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ سَیِّئَةٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۹۰: حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہم مجلس (صحابہ کرامؓ) سے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ایک ہزار نیکیاں کمانے سے بھی عاجز ہے؟ کسی شخص نے سوال کیا کہ وہ کیسے؟ آپؐ نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی سو مرتبہ سبحان اللہ کہے تو اس کے بدلے ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور اسکے ایک ہزار (صغیرہ) گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں۔

۴۴۳: بَابٌ

۴۴۳: باب

۱۳۹۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَارَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ حَجَّاجِ الصَّوَّافِ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِی الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ.

۱۳۹۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ''سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ'' کہتا ہے اس کے لیے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابو زبیر کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ جابرؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۳۹۲: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَامُؤَمَّلٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِی الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۳۹۲: محمد بن رافع اس حدیث کو مؤمل سے انہوں نے حماد بن سلمہ سے انہوں نے ابو زبیر سے انہوں نے جابرؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل نقل کیا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۳۹۳: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَانِ الْکُوْفِیُّ نَا الْمُحَارِبِیُّ عَنْ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ سُمَیٍّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۹۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے سو مرتبہ ''سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ'' کہا اسکے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی ہوں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۹۴: حَدَّثَنَایُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ عُمَارَةَ ابْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ

۱۳۹۴: حضرت ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

پر آسان، میزان پر بھاری اور رحمٰن کو پسند ہیں۔ (وہ یہ ہیں) سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ ۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۳۹۵: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَ لَهٗ عِدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ وَكَانَ لَهٗ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ يَوْمَهٗ ذٰلِكَ حَتّٰى يُمْسِيَ وَلَمْ يَاْتِ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَآءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ عَمِلَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

۱۳۹۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص '' لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ .... قَدِيْرٌ '' روزانہ سومرتبہ پڑھے گا۔ اسے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب دیا جائے گا۔ اس کے لیے سونیکیاں لکھ دی جائیں گی۔ اسکے سوگناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور یہ اس کے لیے اس روز شام تک شیطان سے پناہ کا کام دے گا اور قیامت کے دن اس سے اچھے اعمال صرف وہی شخص پیش کر سکے گا جو اسکو اس سے زیادہ پڑھتا رہا ہوگا۔ اس سند سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی منقول ہے کہ جس نے سومرتبہ '' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ '' پڑھا اسکے تمام گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۴: بَابٌ

۴۴۴: باب

۱۳۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ وَحِيْنَ يُمْسِيْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ يَاْتِ اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَآءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْزَادَ عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۳۹۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص صبح وشام '' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ '' سومرتبہ پڑھے گا۔ قیامت کے دن اس سے افضل عمل وہی شخص لا سکے گا جو اس سے زیادہ مرتبہ یا اتنی ہی مرتبہ پڑھے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۳۹۷: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسٰى نَا دَاوٗدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ لِاَصْحَابِهٖ قُوْلُوْا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ مَنْ

۱۳۹۷: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا: کہ سومرتبہ '' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ '' پڑھا کرو اس لیے کہ جو شخص اسے ایک مرتبہ پڑھتا ہے اسکے لیے دس نیکیاں لکھ دی

قَالَهَا مَرَّةً كُتِبَتْ لَهُ مِائَةً وَمَنْ قَالَهَا مِائَةً كُتِبَتْ لَهُ اَلْفًا وَمَنْ زَادَ زَادَهُ اللّٰهُ وَمَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ غَفَرَلَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

جاتی ہیں۔ پھر جو دس مرتبہ پڑھتا ہے اسکے لیے سو اور جو سو مرتبہ پڑھتا ہے اسکے لیے ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور جو اس سے زیادہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ بھی اسے زیادہ عطاء فرمائیں گے اور جو اللہ سے مغفرت مانگے گا اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۴۵: بَابٌ

۱۳۹۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَزِيْرٍ الْوَاسِطِيُّ نَا اَبُوْ سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ مَرَّةٍ وَمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلٰى مِائَةِ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْقَالَ غَزَا مِائَةَ غَزْوَةٍ وَمَنْ هَلَّلَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ اَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ وَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ لَمْ يَاْتِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ اَحَدٌ بِاَكْثَرَ مِمَّا اَتٰى اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْزَادَ عَلٰى مَا قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۴۴۵: باب

۱۳۹۸: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک سو مرتبہ صبح اور ایک سو مرتبہ شام "سُبْحَانَ اللّٰهِ" پڑھا گویا کہ اس نے سو حج کیے اور جس نے صبح وشام سو سو مرتبہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہا گویا کہ اس نے سو مجاہدوں کو گھوڑوں پر سوار کرایا یا فرمایا گویا کہ اس نے سو جہاد کیے۔ اور جس نے صبح وشام سو سو مرتبہ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" کہا گویا کہ اس نے اولاد اسمٰعیل علیہ السلام سے سو غلام آزاد کئے اور جس نے صبح وشام سو سو مرتبہ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" پڑھا۔ قیامت کے دن اس سے بہتر اعمال وہی پیش کر سکے گا جس نے اس سے زیادہ مرتبہ اس کے برابر پڑھا ہوگا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۳۹۹: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ ابْنُ الْاَسْوَدِ الْعِجْلِيُّ الْبُغْدَادِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ تَسْبِيْحَةٌ فِيْ رَمَضَانَ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ تَسْبِيْحَةٍ فِيْ غَيْرِهٖ.

۱۳۹۹: حسین بن اسود عجلی، یحییٰ بن آدم سے انہوں نے حسن بن صالح سے انہوں نے ابو بشر سے اور وہ زہری سے اس حدیث کو نقل کرتے ہیں۔ زہری کہتے ہیں کہ رمضان المبارک میں ایک مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ" کہنا رمضان المبارک کے علاوہ ہزار مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ" کہنے سے افضل ہے۔

۴۴۶: بَابٌ

۱۴۰۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنِ الْخَلِيْلِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَزْهَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ اِلٰهًا وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا

۴۴۶: باب

۱۴۰۰: حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دس مرتبہ "اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ اِلٰهًا وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا" پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس

اَحَدٌ عَشَرَ مَرَّاتٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَرْبَعِيْنَ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَالْخَلِيْلُ بْنُ مُرَّةَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ هُوَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

کے لیے چار کروڑ نیکیاں لکھ دیتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ خلیل بن مرہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ انہیں منکر الحدیث کہتے ہیں۔

۱۴۰۱: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ غَنْمٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ فِيْ دُبُرِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ قَبْلَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَكَانَ يَوْمَهُ ذٰلِكَ كُلَّهُ فِيْ حِرْزٍ مِنْ كُلِّ مَكْرُوْهٍ وَحُرِسَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَلَمْ يَنْبَغِ لِذَنْبٍ اَنْ يُّدْرِكَهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ اِلَّا الشِّرْكَ بِاللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۴۰۱: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص فجر کی نماز کے بعد اس طرح بیٹھ کر (جیسے نماز میں تشہد میں بیٹھتا ہے) کسی سے بات کیے بغیر دس مرتبہ '' لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ '' پڑھے گا اسکے لیے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی، اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، اس کے دس درجات بلند کیے جائیں گے اور وہ اس دن ہر برائی سے محفوظ رہے گا اور اسے شیطان کی پہنچ سے دور کر دیا جائے گا اور اسے اس دن شرک کے علاوہ کوئی گناہ ہلاک نہیں کر سکے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۴۷: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ جَامِعِ الدَّعْوَاتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۴۷: باب جامع دعاؤں کے بارے میں

۱۴۰۲: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الثَّعْلَبِيُّ الْكُوْفِيُّ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَّدْعُوْا وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ قَالَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ اِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى قَالَ زَيْدٌ فَذَكَرْتُهُ لِزُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِيْنَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ

۱۴۰۲: حضرت بریدہ اسلمیؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ان الفاظ سے دعا مانگتے ہوئے سنا '' اَللّٰهُمَّ...... كُفُوًا اَحَدٌ '' (یعنی اے اللہ میں تجھ سے اس وسیلے سے مانگتا ہوں کہ میں نے گواہی دی ہے کہ تو اللہ ہے؟ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تو تنہا اور بے نیاز ہے۔ جو نہ خود کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اسکی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کے برابر ہے)۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس نے اللہ سے اسم اعظم کے وسیلے سے دعا کی ہے۔ اگر اس کے وسیلے سے دعا کی جائے تو قبول کی جاتی ہے اور اگر کچھ مانگا جائے تو عطاء کیا جاتا ہے۔ زید کہتے ہیں

مَالِکِ بْنِ مِغْوَلٍ قَالَ زَیْدٌ ثُمَّ ذَکَرْتُہُ لِسُفْیَانَ فَحَدَّثَنِی عَنْ مَالِکٍ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ وَاِنَّمَا اَخَذَہُ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ مَالِکِ بْنِ مِغْوَلٍ.

کہ میں نے کئی سال کے بعد یہ حدیث زہیر بن معاویہ کے سامنے کی تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے یہ حدیث ابواسحٰق نے مالک بن مغول کے حوالے سے سنائی تھی۔ پھر میں نے سفیان کے سامنے بیان کی تو انہوں نے بھی مالک بن مغول سے روایت کی۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔ شریک اس حدیث کو ابواسحٰق سے وہ ابن بریدہ سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ ابواسحٰق نے یہ حدیث مالک بن مغول سے روایت کی ہے۔

۱۴۰۳: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِیْسٰی بْنُ یُوْنُسَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ الْقَدَّاحِ عَنْ شَھْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ فِیْ ھَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ آلٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۴۰۳: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ان دو آیات میں ہے "وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ" اور سورۂ آل عمران کی ابتدائی آیت "آلٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۸: بَابٌ

۴۴۸: باب

۱۴۰۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا رِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْ ھَانِیءٍ الْخَوْلَانِیِّ عَنْ اَبِیْ عَلِیٍّ الْجَنْبِیِّ عَنْ فَضَالَۃَ بْنِ عُبَیْدٍ قَالَ بَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَجِلْتَ اَیُّھَا الْمُصَلِّیْ اِذَا صَلَّیْتَ فَقَعَدْتَّ فَاحْمَدِ اللّٰہَ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ صَلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادْعُہُ قَالَ ثُمَّ صَلّٰی رَجُلٌ اٰخَرُ بَعْدَ ذٰلِکَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّھَا الْمُصَلِّیْ اُدْعُ تُجَبْ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاہُ حَیْوَۃُ بْنُ شُرَیْحٍ عَنْ اَبِیْ ھَانِیءٍ الْخَوْلَانِیِّ وَاَبُوْ ھَانِیءٍ اسْمُہٗ حُمَیْدُ بْنُ ھَانِیءٍ وَاَبُوْ عَلِیٍّ الْجَنْبِیُّ اسْمُہٗ عَمْرُو بْنُ مَالِکٍ.

۱۴۰۴: حضرت فضالہ بن عبیدؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے کہ ایک شخص آیا اور اس نے نماز پڑھی پھر اللہ سے مغفرت مانگنے اور اسکی رحمت کا سوال کرنے لگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے نمازی تو نے جلدی کی۔ جب نماز پڑھ چکو تو اللہ کی اس طرح حمد وثنا بیان کرو جیسا کہ اسکا حق ہے پھر مجھ پر درود بھیجو اور پھر اس سے دعا کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ایک اور شخص نے نماز پڑھی پھر اللہ کی تعریف بیان کی پھر نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجا۔ تو آپؐ نے فرمایا: اے نمازی دعا کرو قبول کی جائے گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو حیوہ بن شریح، ابو ہانی سے روایت کرتے ہیں۔ ابوھانی کا نام حمید بن ھانی ہے اور ابوعلی الجنبی کا نام عمرو بن مالک ہے۔

۱۴۰۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُعَاوِیَۃَ الْجُمَحِیُّ نَا صَالِحُ الْمُرِّیُّ عَنْ ھِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

۱۴۰۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے قبولیت کے یقین کے ساتھ دعا مانگا کرو۔ اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور لہو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُوا اللّٰهَ وَ اَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِّنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

ولعب میں مشغول دل کی دعا قبول نہیں فرماتے ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۴۰۶: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ قَالَ ثَنِي اَبُوْ هَانِيءٍ اَنَّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ الْجَنْبِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ يَقُوْلُ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَدْعُوْا فِيْ صَلَاتِهِ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِلَ هٰذَا ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَهُ اَوْ لِغَيْرِهِ اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَدْعُ بَعْدُ مَاشَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۰۶: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں دعا مانگتے ہوئے دیکھا۔ اس نے درود شریف نہیں پڑھا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے جلدی کی ہے پھر اسے بلایا اور اسے یا کسی اور کو کہا کہ اگر تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اسے چاہیے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور اسکے بعد جو چاہیے دعا کرے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۹: بَابٌ

۴۴۹: باب

۱۴۰۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ جَسَدِيْ وَعَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ شَيْئًا.

۱۴۰۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس طرح دعا کیا کرتے تھے" اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ ....الخ" (یعنی اے اللہ میرے جسم کو تندرستی اور میری بصارت کو عافیت عطاء فرما اور اسے میرا وارث بنا۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں جو بردبار اور کریم ہے۔ اللہ کی ذات پاک ہے جو عرش عظیم کا مالک ہے اور تمام تعریفیں تمام جہانوں کے پالنے والے اللہ ہی کے لیے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے میں نے امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ حبیب بن ثابت نے عروہ بن زبیر سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

۴۵۰: بَابٌ

۴۵۰: باب

۱۴۰۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ خَادِمًا فَقَالَ لَهَا قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ

۱۴۰۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہؓ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور خادم مانگا آپؐ نے فرمایا" اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ ..آخر تک پڑھا کرو (یعنی۔ اے اللہ۔ اے سات آسمانوں اور عرش عظیم کے مالک اے ہمارے اور ہر چیز کے رب۔ اے تورات، انجیل اور قرآن

وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَهٰكَذَا رَوٰى بَعْضُ اَصْحَابِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

نازل کرنے والے, دانے کو اور گٹھلی کو اگانے والے, میں ہر اس چیز کے فساد سے تیری پناہ چاہتا ہوں جسکی پیشانی (باگ ڈور) تیرے دست قدرت میں ہے۔ تو ہی اول ہے تجھ سے پہلے کچھ نہیں, تو ہی آخر ہے تیرے بعد کچھ نہیں, تو ہی ظاہر ہے تجھ سے اوپر کچھ نہیں, تو ہی باطن ہے, تجھ سے زیادہ پوشیدہ کوئی نہیں۔ میرا قرض ادا فرما اور مجھے فقر سے مستغنی کردے) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اعمش کے بعض ساتھی اس حدیث کو اعمش سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ جبکہ بعض حضرات اعمش سے ابو صالح کے حوالے سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ یعنی اس میں حضرت ابوہریرہؓ کا ذکر نہیں کرتے۔

۴۵۱: بَابٌ

۱۴۰۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ دُعَآءٍ لَا يُسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هٰؤُلَآءِ الْاَرْبَعِ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۵۱: باب

۱۴۰۹: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ.... آخر تک" (یعنی۔ اے اللہ میں تجھ سے ایسے دل سے پناہ مانگتا ہوں جس میں خوف خدا نہ ہو اور ایسی دعا سے پناہ مانگتا ہو جو قبول نہ ہوتی ہو اور ایسا نفس جو سیر نہ ہوتا ہو اور ایسے علم سے پناہ مانگتا ہوں جس سے کوئی فائدہ نہ ہو۔ میں ان چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔) اس باب میں حضرت جابرؓ, ابو ہریرہؓ اور ابن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اسی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۴۵۲: بَابٌ

۱۴۱۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ شَيْبَةَ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ يَا حُصَيْنُ كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ اِلٰهًا قَالَ اَبِيْ سَبْعَةً سِتَّةً فِي الْاَرْضِ وَوَاحِدًا فِي السَّمَآءِ قَالَ فَاَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ قَالَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ قَالَ يَا حُصَيْنُ اَمَا اِنَّكَ لَوْ اَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ

۴۵۲: باب

۱۴۱۰: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے والد سے پوچھا کہ اے حصین تم کتنے معبودوں کی عبادت کرتے ہو؟ عرض کیا سات کی, چھ زمین پر اور ایک آسمان پر۔ پوچھا: پھر امید و خوف کس سے رکھتے ہو؟ عرض کیا: اس سے جو آسمان میں ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اے حصین اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو میں تمہیں دو ایسے کلمات سکھاؤں گا جو تجھے فائدہ پہنچائیں گے۔ راوی کہتے ہیں کہ جب حصین مسلمان ہوئے تو

تَنْفَعَانِکَ قَالَ فَلَمَّا اَسْلَمَ حُصَيْنٌ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي الْكَلِمَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَعَدْتَّنِي فَقَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِي رُشْدِيْ وَاَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: مجھے دوکلمات سکھایئے جن کا آپؐ نے وعدہ کیا تھا۔ آپؐ نے فرمایا: "اَللّٰھُمَّ...آخرتک کہو" (یعنی اے اللہ مجھے ہدایت دے اور مجھے میرے نفس کے شر سے بچا۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور عمران بن حصینؓ سے اور سند سے بھی منقول ہے۔

۴۵۳: بَابٌ

۴۵۳: باب

۱۴۱۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ نَا اَبُوْ مُصْعَبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَثِيْرًا مَاكُنْتُ اَسْمَعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو.

۱۴۱۱: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں اکثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا کرتا تھا: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ ....آخرتک (یعنی۔ اے اللہ میں تجھ سے فکر غم، تھکن، سستی، بخل، قرض کی زیادتی اور لوگوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔) یہ حدیث اس سند یعنی عمرو بن ابی عمرو کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۴۱۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَفِتْنَةِ الْمَسِيْحِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۱۲: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے "اَللّٰھُمَّ.....آخرتک" (یعنی۔ اے اللہ میں سستی، بڑھاپے، بزدلی، بخل، دجال کے فتنے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۵۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ عَقْدِ التَّسْبِيْحِ بِالْيَدِ

۴۵۴: باب انگلیوں پر تسبیح گننے کے بارے میں

۱۴۱۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيْحَ بِيَدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّائِبِ وَرَوٰى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّآئِبِ بِطُوْلِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ يُسَيْرَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ.

۱۴۱۳: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی انگلیوں پر تسبیح گنتے ہوئے دیکھا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے یعنی اعمش کی عطاء سے روایت سے۔ شعبہ اور ثوری نے عطاء بن سائب سے لمبی حدیث نقل کی اور اس باب میں یسیرہ بنت یاسر سے بھی روایت ہے۔

۱۴۱۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا سَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ نَا حُمَيْدٌ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَنَا مُحَمَّدُ

۱۴۱۴: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک صحابی کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے وہ پرندے کے بچے

بْنُ الْمُثَنّٰى نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلاً قَدْ جُهِدَ حَتّٰى صَارَ مِثْلَ فَرْخٍ فَقَالَ لَهٗ وَاَمَا كُنْتَ تَدْعُوْا مَاكُنْتَ تَسْاَلُ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ قَالَ كُنْتُ اَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِيْ بِهٖ فِي الْاٰخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِيْ فِي الدُّنْيَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَا تُطِيْقُهٗ اَوْلَا تَسْتَطِيْعُهٗ اَفَلَا كُنْتَ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کی طرح لاغر ہو گئے تھے۔ آپؐ نے ان سے پوچھا کہ کیا تم اللہ سے عافیت نہیں مانگتے تھے؟ انہوں نے عرض کیا کہ میں اللہ سے دعا کیا کرتا تھا کہ اے اللہ جو عذاب تو نے مجھے آخرت میں دینا ہے وہ دنیا ہی میں دے دے۔ آپؐ نے فرمایا: ''سبحان اللہ'' تم اسکی طاقت نہیں رکھتے تھے اور تم میں اتنی استطاعت ہی نہیں۔ پس تم یہ دعا کیوں نہیں کرتے تھے۔ ''اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ...'' یعنی اے اللہ ہمارے ساتھ دنیا و آخرت میں بھلائی کا معاملہ فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔) یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے اور کئی سندوں سے حضرت انسؓ ہی سے منقول ہے وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۴۵۵: بَابٌ

۱۴۱۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْاَحْوَصِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْهُدٰى وَ التُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۵۵: باب

۱۴۱۵: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے'' اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ ....الخ تک'' (یعنی۔ اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، حرام سے احتراز اور غنا کا سوال کرتا ہوں۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۵۶: بَابٌ

۱۴۱۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبِيْعَةَ الدِّمَشْقِيِّ قَالَ ثَنِيْ عَائِذُ اللّٰهِ اَبُوْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ عَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوٗدَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَ اَهْلِيْ مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ دَاوٗدَ يُحَدِّثُ عَنْهُ قَالَ كَانَ اَعْبَدَ الْبَشَرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۴۵۶: باب

۱۴۱۶: حضرت ابودرداءؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی دعاؤں میں سے ایک دعا یہ ہے'' اَللّٰهُمَّ ...... مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ '' تک (یعنی اے اللہ میں تجھ سے تیری اور ہر اس شخص کی محبت مانگتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے۔ پھر ہر وہ عمل جو مجھے تیری محبت تک پہنچائے۔ اے اللہ میرے لیے اپنی محبت کو میری جان و مال، اہل و عیال اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ عزیز کردے۔) راوی کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کرتے تو فرماتے کہ وہ بندوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۵۷: بَابُ

۱۴۱۷: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ الْخَطْمِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِیِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِیِّ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ فِیْ دُعَائِهٖ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ مَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِيْمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ وَمَازَوَيْتَ عَنِّیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِيْمَا تُحِبُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ جَعْفَرِ الْخَطْمِیُّ اِسْمُهٗ عُمَيْرُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُمَاشَةَ.

۴۵۷: باب

۱۴۱۷: حضرت عبداللہؓ بن یزید خطمی انصاریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دعا میں یہ کلمات کہا کرتے تھے ''اَللّٰهُمَّ ... آخر تک'' یعنی اے اللہ مجھے اپنی محبت عطاء فرما اور اسکی محبت بھی عطاء فرما جس کی محبت تیرے نزدیک فائدہ مند ہو۔ اے اللہ جو کچھ تو نے مجھے میری پسند کی چیز عطا کی ہے اسے اپنی پسند کی چیز کے لیے میری قوت بنادے اے اللہ تو نے میری پسندیدہ چیزوں میں سے جو مجھے عطانہیں کیا اسے اپنی پسندیدہ چیزوں کے لیے میری فراغت کا سبب بنادے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابوجعفر خطمی کا نام عمیر بن یزید بن خماشہ ہے۔

۴۵۸: بَابُ

۱۴۱۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ قَالَ ثَنِیْ سَعْدُ بْنُ اَوْسٍ عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَی الْعَبَسِیِّ عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ عَنْ اَبِيْهِ شَكَلِ بْنِ حُمَيْدٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ تَعَوُّذًا اَتَعَوَّذُبِهٖ قَالَ فَاَخَذَ بِكَفِّیْ فَقَالَ قُلْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّیْ يَعْنِیْ فَرْجَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سَعْدِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ بِلَالِ ابْنِ يَحْيٰی.

۴۵۸: باب

۱۴۱۸: حضرت شکل بن حمیدؓ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: مجھے کوئی ایسی چیز بتایئے کہ میں اسے پڑھ کر اللہ کی پناہ مانگا کروں۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ''اَللّٰهُمَّ ..... مَنِیِّیْ'' تک پڑھا (یعنی۔ اے اللہ میں اپنے کانوں آنکھوں، زبان، دل اور منی کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں) منی سے مراد شرم گاہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں یعنی سعد بن اوس، بلال بن یحییٰ سے روایت کرتے ہیں۔

۴۵۹: بَابُ

۱۴۱۹: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ الْمَكِّیِّ عَنْ طَاؤُسٍ الْيَمَانِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ هٰذَا الدُّعَآءَ كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

۴۵۹: باب

۱۴۱۹: حضرت عبداللہ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں یہ دعا اس طرح سکھایا کرتے تھے جیسے قرآن کریم کی کوئی سورت یاد کراتے ہوں ''اَللّٰهُمَّ ..... آخر تک (یعنی اے اللہ میں دوزخ، قبر، دجال کے فتنے، زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۴۲۰: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَاَنْقِ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا اَنْقَيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۲۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس طرح دعا کیا کرتے تھے ''اَللّٰهُمَّ سے آخر تک (یعنی ۔اے اللہ میں تجھ سے دوزخ کے فتنے، دوزخ کے عذاب، قبر کے فتنے، امیری کے فتنے، فقر کے فتنے اور دجال کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں ۔اے اللہ میری خطاؤں کو برف اور اولوں کے پانی سے دھودے ۔اور میرے دل کو خطاؤں سے اسطرح پاک کردے جیسے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے اور میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اسطرح دوری فرما جیسے تو نے مشرق و مغرب کے درمیان دوری کردی۔ اے اللہ میں سستی، بڑھاپے، گناہ اور قرض سے تیری پناہ مانگتا ہوں ۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۲۱: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عِنْدَ وَفَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۲۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وفات کے وقت یہ دعا کرتے ہوئے سنا ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ....آخر تک'' (یعنی ۔اے اللہ میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم فرما اور مجھے اعلیٰ دوست (یعنی اللہ تعالیٰ) سے ملادے)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۶۰: بَابٌ

۴۶۰: باب

۱۴۲۲: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ نَائِمَةً اِلٰى جَنْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَقَدْتُّهُ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَسْتُهُ فَوَقَعَتْ يَدِيْ عَلٰى قَدَمَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ وَهُوَ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا

۱۴۲۲: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ آپؐ کے ساتھ سورہی تھی کہ میں نے آپ کو نہ پاکر ہاتھ سے ٹٹولا تو میرا ہاتھ آپؐ کے پاؤں مبارک پر پڑا۔ آپؐ سجدے میں تھے اور یہ دعا کررہے تھے ''اَعُوْذُ ...... آخر تک'' (یعنی اے اللہ میں تیری رضا کے سبب تیری ناراضگی سے اور تیرے عفو کے سبب تیرے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں ۔ میں تیری اسطرح تعریف نہیں کرسکتا جسطرح تو نے خود اپنی تعریف کی ہے۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت عائشہؓ سے منقول ہے ۔قتیبہ بھی اس حدیث کو یحییٰ بن سعد سے اسی سند

اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ.

سے اسی کی مانند نقل کرتے ہوئے یہ الفاظ زیادہ بیان کرتے ہیں "وَاَعُوْذُبِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِیْ" (یعنی میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور تیری اسطرح تعریف نہیں کرسکتا.....)

۴۶۱: بَابٌ

۱۴۲۳: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقُوْلُ اَحَدُكُمْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ اِنْ شِئْتَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ اِنْ شِئْتَ لِيَعْزِمِ الْمَسْاَلَةَ فَاِنَّهُ لَا مُكْرِهَ لَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۶۱: باب

۱۴۲۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس طرح دعا نہ کرے کہ اے اللہ اگر تو چاہے تو میری مغفرت فرما۔ اے اللہ اگر تو چاہے تو مجھ پر رحم فرما۔ بلکہ اسے چاہیے کہ سوال کو کسی چیز کے ساتھ معلق نہ کرے کیونکہ اسے روکنے یا منع کرنے والا کوئی نہیں ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۶۲: بَابٌ

۱۴۲۴: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ رَبُّنَا كُلَّ لَيْلَةٍ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ فَيَقُوْلُ مَنْ يَّدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهُ مَنْ يَّسْاَلُنِيْ فَاُعْطِيَهُ وَمَنْ يَّسْتَغْفِرُنِيْ فَاَغْفِرَلَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرُّ اسْمُهُ سَلْمَانُ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَجُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ وَرِفَاعَةَ الْجُهَنِيِّ وَاَبِي الدَّرْدَآءِ وَعُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ.

۴۶۲: باب

۱۴۲۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ روزانہ رات کو جب تہائی رات باقی رہ جاتی ہے تو دنیا کے آسمان پر آ جاتے ہیں اور پھر فرماتے ہیں کہ کون ہے جو مجھ سے دعا کرے تا کہ میں اسے قبول کروں اور کون ہے جو مجھ سے مغفرت مانگے تا کہ میں اسے بخش دوں ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوعبداللہ الاغر کا نام سلمان ہے۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، ابومسعود، جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ، رفاعہ جہنی رضی اللہ عنہ، ابو درداء رضی اللہ عنہ اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۴۲۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الثَّقَفِيُّ الْمَرْوَزِيُّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَآءِ اَسْمَعُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ وَدُبُرَ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ الدُّعَآءُ فِيْهِ اَفْضَلُ وَاَرْجٰى وَنَحْوَهٰذَا.

۱۴۲۵: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کونسی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا رات کے آخری حصے میں اور فرض نمازوں کے بعد مانگی جانے والی (دعا) ۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ابوذرؓ اور ابن عمرؓ، نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ رات کو آخری حصے میں مانگی جانے والی دعا افضل ہے اور اسکی قبولیت کی امید ہے۔ اور اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۴۶۳: بَابٌ

۱۴۲۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ عَنْ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنْ مُسْلِمِ ابْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ اَللّٰهُمَّ اَصْبَحْنَا نُشْهِدُكَ وَنُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَا ئِكَتِكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا اَصَابَ فِيْ يَوْمِهٖ ذٰلِكَ وَاِنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا اَصَابَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مِنْ ذَنْبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۴۶۳: باب

۱۴۲۶: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص صبح یہ دعا پڑھے گا اس کے اس دن کے تمام گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور اگر شام کو پڑھے گا تو اس رات اس سے سرزد ہونے والے گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں گے'' اَللّٰهُمَّ .... رَسُوْلُكَ'' تک (یعنی اے اللہ ہم نے صبح کی ،ہم تجھے تیرے عرش کے اٹھانے والوں ،تیرے فرشتوں اور تیری تمام مخلوق کو گواہ کر کے کہتے ہیں کہ تو اللہ ہے ،تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ۔تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں ۔یہ حدیث غریب ہے۔

۴۶۴: بَابٌ

۱۴۲۷: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عُمَرَ الْهِلَالِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي السَّلِيْلِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْتُ دُعَاءَكَ اللَّيْلَةَ فَكَانَ الَّذِيْ وَصَلَ اِلَيَّ مِنْهُ اَنَّكَ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا رَزَقْتَنِيْ قَالَ فَهَلْ تَرَاهُنَّ تَرَكْنَ شَيْئًا وَاَبُو السَّلِيْلِ اسْمُهٗ ضُرَيْبُ بْنُ نُقَيْرٍ وَيُقَالُ نُفَيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۴۶۴: باب

۱۴۲۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: میں نے آج رات آپ کی دعا سنی چنانچہ جو میں سن سکا وہ یہ ہے'' اَللّٰهُمَّ ....'' (یعنی اے اللہ میرے گناہ معاف فرما میرے گھر میں کشادگی پیدا فرما اور جو کچھ مجھے یاد ہے اس میں برکت پیدا فرما۔) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کیا تم نے اس میں دیکھا کہ کوئی چیز چھوٹ گئی ہو۔ابو السلیل کا نام ضریب بن نقیر ہے انہیں نفیر بھی کہا گیا ہے۔یہ حدیث غریب ہے۔

۴۶۵: بَابٌ

۱۴۲۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ زَحْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ فَلَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ مِنْ مَجْلِسٍ حَتّٰى يَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ لِاَصْحَابِهٖ اَللّٰهُمَّ اَقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا

۴۶۵: باب

۱۴۲۸: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایسا کم ہی ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کسی مجلس سے یہ دعا کیے بغیر اٹھے ہوں'' اَللّٰهُمَّ ...آخر تک (یعنی ۔اے اللہ ہم میں اپنے خوف کو اتنا تقسیم کردے کہ ہمارے اور ہمارے گناہوں کے درمیان حائل ہوجائے اور اپنی فرمانبرداری ہم میں اتنی تقسیم کردے کہ وہ ہمیں جنت تک پہنچا دے اور اتنا یقین تقسیم کردے کہ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان

تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَ مِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَ لَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

ہو جائیں اور جب تک ہم زندہ رہیں ہماری سماعت، بصر اور قوت سے مستفید کر اور اسے ہمارا وارث کر دے۔ اے اللہ ہمارا انتقام اسی تک محدود کر دے جو ہم پر ظلم کرے۔ ہمیں دشمنوں پر غلبہ عطاء فرما، ہمارے دین میں مصیبت نازل نہ فرما، دنیا ہی کو ہمارا اصل مقصد نہ بنا اور نہ دنیا کو ہمارے علم کی انتہا بنا اور ہم پر ایسے شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض حضرات اس حدیث کو خالد بن ابی عمران سے وہ نافع سے اور وہ ابن عمیر سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۲۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا سُفْيَانُ الشَّحَّامُ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ سَمِعَنِيْ اَبِيْ وَاَنَا اَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْكَسَلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ يَا بُنَيَّ مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا قَالَ قُلْتُ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُهُنَّ قَالَ اَلْزَمْهُنَّ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهُنَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۴۲۹: حضرت مسلم بن ابی بکرہؓ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے یہ دعا کرتے ہوئے سنا ''اَللّٰهُمَّ .....'' تو پوچھا کہ بیٹے یہ دعا تم نے کس سے سنی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ آپ سے۔ فرمانے لگے تو پھر ہمیشہ اسے پڑھتے رہا کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا ہے۔ (ترجمہ۔ اے اللہ میں تجھ سے غم، سستی اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۶۶: بَابٌ

۴۶۶: باب

۱۴۳۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَهُنَّ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَاِنْ كُنْتَ مَغْفُوْرًا لَكَ قَالَ قُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ قَالَ عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْهِ بِمِثْلِ ذٰلِكَ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ فِيْ اٰخِرِهَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ.

۱۴۳۰: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ اگر تم انہیں پڑھو تو اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش فرما دیں اور اگر تمہیں بخش دیا ہو تو تمہارے درجات بلند کریں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ ''اَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .....'' (یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بلند اور عظیم ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حلیم و کریم ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ کی ذات پاک ہے اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے) علی بن خشرم کہتے ہیں کہ علی بن حسین بن واقد بھی اپنے والد سے اسی طرح حدیث نقل کرتے ہیں۔ اس میں آخر میں ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ'' کے الفاظ زیادہ ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ابو اسحٰق کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابو اسحٰق، حارث سے اور وہ حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۴۶۷: بَابٌ

۱۴۳۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ نَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ ذِي النُّوْنِ اِذْ دَعَا وَهُوَ فِيْ بَطْنِ الْحُوْتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاِنَّهٗ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهٗ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ مَرَّةً عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ اَبِيْهِ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ وَهُوَ اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ عَنْ يُوْنُسَ فَقَالُوْا عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعْدٍ نَحْوَ رِوَايَةِ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ.

۴۶۷: باب

۱۴۳۱: حضرت سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ذوالنون (حضرت یونس علیہ السلام) کی مچھلی کے پیٹ میں کی جانے والی دعا ایسی ہے کہ کوئی مسلمان اسے پڑھ کر دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور اسکی دعا قبول فرمائیں گے۔ وہ یہ ہے ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ'' (یعنی تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تیری ذات پاک ہے۔ میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔) محمد بن یوسف کبھی یہ حدیث ابراہیم بن محمد بن سعد کے واسطے سے سعد سے نقل کرتے ہیں اور کئی راوی یہ حدیث یونس بن ابواسحق سے وہ ابراہیم بن محمد بن سعد سے اور وہ سعد سے نقل کرتے ہیں۔ اس سند میں یہ نہیں کہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ پھر ابواحمد زبیری اسے یونس سے وہ ابراہیم بن محمد بن سعد سے وہ اپنے والد سے اور وہ سعد سے محمد بن یوسف ہی کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۴۶۸: بَابٌ

۱۴۳۲: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالَ يُوْسُفُ وَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِمِثْلِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

۴۶۸: باب

۱۴۳۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں۔ جس نے انہیں یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ یوسف، عبدالاعلیٰ سے وہ ہشام سے وہ محمد بن حسان سے وہ محمد بن سیرین سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی سندوں سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے۔

۴۶۹: بَابٌ

۱۴۳۳: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا شُعَيْبُ ابْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

۴۶۹: باب

۱۴۳۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں جو انہیں یاد کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔ ''هُوَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰی تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِائَةً غَيْرَ وَاحِدَةٍ مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ الْوَكِيْلُ الْقَوِیُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِيْدُ الْمُحْصِی الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِی الْمُمِيْتُ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِی الْمُتَعَالِی الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِی الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِی الْبَدِيْعُ الْبَاقِی الْوَارِثُ الرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

.....الخ'' (وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، رحمٰن، رحیم، بادشاہ، برائیوں سے پاک، بے عیب، امن دینے والا، محافظ، غالب، زبردست، بڑائی والا، پیدا کرنے والا، جان ڈالنے والا، صورت دینے والا، درگزر فرمانے والا، سب کو قابو میں رکھنے والا، بہت عطا فرمانے والا، بہت روزی دینے والا، سب سے بڑا مشکل کشا، بہت جاننے والا، روزی تنگ کرنے والا، روزی فراخ کرنے والا، پست کرنے والا، بلند کرنے والا، عزت دینے والا، ذلت دینے والا، سب کچھ سننے والا، دیکھنے والا، حاکم مطلق، سراپا انصاف، لطف وکرم والا، باخبر، بردبار، بڑا بزرگ، بہت بخشنے والا، قدر دان بہت بڑا محافظ، قوت دینے والا، کفایت کرنے والا، بڑے مرتبے والا، بہت کرم والا، بڑا نگہبان، دعائیں قبول کرنے والا، وسعت والا، حکمتوں والا، محبت کرنے والا، بڑا بزرگ، مردوں کو زندہ کرنے والا، حاضر وناظر، برحق کارساز، بہت بڑی قوت والا، شدید قوت والا، مددگار، لائق تعریف، شمار میں رکھنے والا، پہلی بار پیدا کرنے والا، دوبارہ پیدا کرنے والا، موت دینے والا، قائم رکھنے والا، پانے والا، بزرگی والا، تنہا، بے نیاز، قادر، پوری طاقت والا، آگے کرنے والا، پیچھے رکھنے والا، سب سے پہلے، سب کے بعد، ظاہر، پوشیدہ، متصرف، بلند وبرتر، اچھے سلوک والا، بہت توبہ قبول کرنیوالا، بدلہ لینے والا، بہت معاف کرنے والا، بہت مشفق، ملکوں کا مالک، جلال واکرام والا، عدل کرنے والا، جمع کرنے والا، بے نیاز، غنی بنانے والا، روکنے والا، ضرر پہنچانے والا، نفع بخش ہدایت دینے والا، بے مثال ایجاد کرنے والا، باقی رہنے والا، نیکی کو پسند کرنے والا، صبر وتحمل والا۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۱۴۳۴: حَدَّثَنَا بِهٖ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ صَالِحٍ وَلَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ صَفْوَانَ بْنِ صَالِحٍ وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَعْلَمُ فِیْ كَبِيْرِ شَیْءٍ مِنَ الرِّوَايَاتِ ذِكْرَ الْاَسْمَآءِ اِلَّا فِیْ هٰذَا

۱۴۳۴: متعدد رواۃ نے صفوان بن صالح سے نقل کیا۔ہم اسے صرف صفوان کی روایت سے جانتے ہیں صفوان محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے متعدد سندوں سے مروی ہے لیکن اسماء الٰہی کا ذکر ہمارے علم کے مطابق صرف اسی روایت میں ہے۔آدم ابن ابی ایاس نے

الْحَدِيْثِ وَقَدْرُوِیَ ادَمُ بْنُ اَبِیْ اِيَاسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِاِسْنَادٍ غَيْرِهٰذَا عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ فِيْهِ الْاَسْمَآءَ وَلَيْسَ لَهٗ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

دوسری سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اوراسماء کا ذکر بھی کیا لیکن اسکی سند صحیح نہیں۔

۱۴۳۵: حَدَّثَنَاابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَ تِسْعِيْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَ لَيْسَ فِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ ذِكْرُالْاَسْمَاءِ وَهُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ اَبُو الْيَمَانِ عَنْ شُعَيْبِ ابْنِ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ الْاَسْمَاءَ.

۱۴۳۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان کو یاد کیا جنت میں داخل ہوگا۔ اس حدیث میں ناموں کا تفصیلی ذکر نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوالیمان نے بواسطہ شعیب بن ابی حمزہ ابوالزناد سے یہ حدیث روایت کی لیکن اس میں ناموں کا ذکر نہیں کیا۔

۱۴۳۶: حَدَّثَنَاابْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ اَنَّ حُمَيْدَنِ الْمَكِّیُّ مَوْلَى ابْنِ عَلْقَمَةَ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَطَاءَ بْنَ اَبِیْ رَبَاحٍ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَارِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ الْمَسَاجِدُ قُلْتُ وَمَا الرَّتْعُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۱۴۳۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم جنت کے باغوں پر سے گزرو تو وہاں چرا کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جنت کے باغ کیا ہیں۔ آپؐ نے فرمایا مسجدیں۔ میں نے عرض کیا کہ ان میں چرنا کس طرح ہوگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ '' کہنا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۴۳۷: حَدَّثَنَاعَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ قَالَ ثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ هُوَ الْبُنَانِیُّ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّكْرِهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ.

۱۴۳۷: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم جنت کے باغوں پر سے گزرو تو وہیں چرا کرو۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا جنت کے باغ کیا ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذکر کے حلقے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۴۷۰: بَابُ

۴۷۰: باب

۱۴۳۸: حَدَّثَنَاابْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عُمَرَبْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّهٖ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمْ مُصِيْبَةٌ فَلْيَقُلْ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ

۱۴۳۸: حضرت ام سلمہؓ، حضرت ابوسلمہؓ سے نقل کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ ''انا للہ...... خیرا'' تک پڑھے (یعنی ہم سب اللہ ہی کی ملکیت میں ہیں اور اسی کی طرف جانے والے ہیں۔ اے اللہ میں اپنی مصیبت کا ثواب تجھ سے چاہتا ہوں۔ مجھے اس

مُصِيبَتِي فَأْجُرْنِي فِيهَا وَ اَبْدِلْنِي مِنْهَا خَيْرًا فَلَمَّا احْتُضِرَ اَبُو سَلَمَةَ قَالَ اللّٰهُمَّ اخْلُفْ فِي اَهْلِي خَيْرًا مِنِّي فَلَمَّا قُبِضَ قَالَ اُمُّ سَلَمَةَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ عِنْدَاللّٰهِ اَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي فَأْجُرْنِي فِيهَا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوسَلَمَةَ اِسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْاَسَدِ.

کا اجر عطافرما اوراس کے بدلے بہتر چیز عطافرما) پھر جب ابوسلمہؓ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے دعا کی کہ اے اللہ میری بیوی کو مجھ سے بہتر شخص عطافرما۔ جب ابوسلمہؓ فوت ہوگئے تو ام سلمہؓ نے ''اِنَّالِلّٰهِ ....آخر'' تک پڑھا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اوراس کے علاوہ اور سند سے بھی ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہی کے واسطے سے منقول ہے۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عبدالاسد ہے۔

۱۷۴: بَابٌ

۴۷۱: باب

۱۴۳۹: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عِيسٰى نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى نَا سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَاءِ اَفْضَلُ قَالَ سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ثُمَّ اَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي فَقَالَ يَارَسُولَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَاءِ اَفْضَلُ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ فَاِذَا اُعْطِيتَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَاُعْطِيتَهَا فِي الْاٰخِرَةِ فَقَدْ اَفْلَحْتَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ سَلَمَةَ بْنِ وَرْدَانَ.

۱۴۳۹: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کونسی دعا افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے رب سے عافیت اور دنیا وآخرت میں معافی مانگا کرو۔ وہ دوسرے دن پھر حاضر ہوا اور وہی سوال کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی جواب دیا۔ وہ تیسرے دن پھر حاضر ہوا اور وہی سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تجھے دنیا وآخرت میں معافی مل گئی پھر تو کامیاب ہوگیا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سلمہ بن وردان ہی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۴۴۰: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَارَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ عَلِمْتُ اَيَّ لَيْلَةٍ لَيْلَةَ الْقَدْرِمَا اَقُولُ فِيهَا قَالَ قُولِي اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَفَاعْفُ عَنِّي هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۱۴۴۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ۔ اگر مجھے معلوم ہوجائے کہ شب قدر کونسی رات ہے تو کیا دعا کروں؟ آپؐ نے فرمایا ''اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَفَاعْفُ عَنِّي'' (یعنی اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے اور معاف کرنے کو ہی پسند فرماتا ہے۔ پس مجھے معاف فرمادے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔)

۱۴۴۱: حَدَّثَنَااَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا عَبِيدَةُ ابْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي شَيْئًا اَسْاَلُهُ اللّٰهَ قَالَ سَلِ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَلَبِثْتُ اَيَّامًا ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا

۱۴۴۱: حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے ایسی چیز بتایئے کہ میں رب سے مانگوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا؛ عافیت مانگا کرو۔ میں تھوڑے دن بعد پھر گیا اور وہی سوال کیا تو آپ ﷺ نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ شَیْئًا اَسْأَلُهُ اللّٰهَ فَقَالَ لِیْ یَا عَبَّاسُ یَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَلِ اللّٰهَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ وَقَدْ سَمِعَ مِنَ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

فرمایا: اے عباسؓ اے رسول اللہ ﷺ کے چچا اللہ سے دنیا وآخرت میں عافیت مانگا کرو۔ یہ حدیث صحیح ہے اور عبداللہ وہ عبداللہ بن حارث بن نوفل ہیں۔ ان کا حضرت عباسؓ سے سماع ثابت ہے۔

۴۷۲: بَابٌ

۱۴۴۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِی الْوَزِیْرِ نَا زَنْفَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَمْرًا قَالَ اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ زَنْفَلٍ وَهُوَ ضَعِیْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِیْثِ وَیُقَالُ لَهُ زَنْفَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَرَفِیُّ وَكَانَ یَسْكُنُ عَرَفَاتٍ وَتَفَرَّدَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَلَا یُتَابَعُ عَلَیْهِ.

۱۴۴۲: حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے نقل کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کام کا ارادہ کرتے تو اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کیا کرتے "اَللّٰهُمَّ ..... سے آخر تک" (یعنی۔ اے اللہ میرے لیے خیر پسند فرما اور میرے کام میں برکت پیدا فرما۔) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف زنفل کی روایت سے جانتے ہیں اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ انہیں زنفل بن عبداللہ العرفی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ عرفات میں رہائش پذیر تھے۔ زنفل بن عبداللہ اس حدیث میں منفرد ہیں۔ اور ان کا کوئی متابع نہیں۔

۴۷۳: بَابٌ

۱۴۴۳: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا اَبَانُ هُوَ ابْنُ یَزِیْدَ الْعَطَّارُ نَا یَحْیٰی اَنَّ زَیْدَ بْنَ سَلَّامٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْوُضُوْءُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِیْزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاٰنِ اَوْ تَمْلَاُ مَا بَیْنَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوةُ نُوْرٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ وَالْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ عَلَیْكَ كُلُّ النَّاسِ یَغْدُوْ فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۴۴۳: حضرت ابو مالک اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وضو نصف ایمان ہے۔ "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" میزان کو بھر دیتا ہے اور "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ" آسمانوں اور زمین کو بھر دیتے ہیں، نماز نور ہے، صدقہ ایمان کی دلیل ہے، صبر روشنی ہے، قرآن (تیری) نجات یا ہلاکت کی حجت ہے اور ہر شخص اس حال میں صبح کرتا ہے کہ وہ اپنے نفس کو بیچ رہا ہوتا ہے پھر یا تو وہ اسے (اطاعت وفرمانبرداری) کی وجہ سے آزاد کرا لیتا ہے یا پھر (نافرمانی کر کے) خود کو برباد کر لیتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۴۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّسْبِیْحُ نِصْفُ الْمِیْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ یَمْلَؤُهُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَیْسَ لَهَا دُوْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ حَتّٰی تَخْلُصَ اِلَیْهِ هٰذَا

۱۴۴۴: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "سبحان اللہ" نصف میزان ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" اسے بھر دیتی ہے اور "لا الٰہ الا اللہ" اور "اللہ" کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ تک سیدھا پہنچتا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور یہ

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

سند قوی نہیں۔

۱۴۴۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ جُرَيِّ النَّهْدِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ قَالَ عَدَّهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَدِيْ اَوْفِيْ يَدِهِ التَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُهُ وَالتَّكْبِيْرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ وَالطُّهُوْرُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ.

۱۴۴۵: قبیلہ بنوسلیم کے ایک شخص فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے یا میرے ہاتھ پر یہ چیزیں گن کر بتائیں کہ تسبیح (سبحان اللہ) نصف میزان" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ " کامل میزان اور" اَللّٰهُ اَكْبَرُ " آسمان وزمین کے درمیان خلا کو بھر دیتا ہے اور روزہ نصف صبر ہے اور پاکی نصف ایمان ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو شعبہ اور ثوری نے ابواسحٰق سے نقل کیا ہے۔

۴۷۴: بَابٌ

۴۷۴: باب

۱۴۴۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ ثَنِيْ قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ وَكَانَ مِنْ بَنِيْ اَسَدٍ عَنِ الْاَغَرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ خَلِيْفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اَكْثَرُ مَادَعَابِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ فِي الْمَوْقِفِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَ خَيْرًا مِمَّا تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ وَاِلَيْكَ مَابِيْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَوَسْوَسَةِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا تَجِيْءُ بِهِ الرِّيْحُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

۱۴۴۶: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ وقوف عرفات کے موقع پر زوال کے بعد اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے کہ" اَللّٰهُمَّ .....آخر تک" (یعنی۔ اے اللہ تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں جس طرح تو خود بیان کرے اور ہمارے بیان کرنے سے بہتر۔ اے اللہ میری نماز، میری، میری قربانی زندگی، میری موت اور میرا لوٹنا تیری ہی طرف ہے۔ اے اللہ میری میراث بھی تیرے ہی لیے ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے عذاب قبر، سینے کے وسوسے اور (کسی) کام کی پریشانی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے اس شر سے بھی پناہ مانگتا ہوں جو ہوا لاتی ہے یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور یہ سند قوی نہیں۔

۴۷۵: بَابٌ

۴۷۵: باب

۱۴۴۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اُخْتِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ نَا لَيْثُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدُعَاءٍ كَثِيْرٍ لَمْ نَحْفَظْ مِنْهُ شَيْئًا قُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ دَعَوْتَ بِدُعَاءٍ كَثِيْرٍ لَمْ نَحْفَظْ مِنْهُ شَيْئًا قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يَجْمَعُ ذٰلِكَ كُلَّهُ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ

۱۴۴۷: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بہت سی دعائیں کیں جو ہمیں یاد نہ ہوسکیں تو ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپؐ نے بہت سی دعائیں کیں جنہیں ہم یاد نہ کرسکے۔ آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتادوں کہ وہ تمام دعاؤں کو جمع کردے تم یہ دعا کیا کرو۔" اَللّٰهُمَّ .....آخر تک" (یعنی اے اللہ ہم تجھ سے ہر اس خیر کا سوال کرتے ہیں جس کا رسول اکرم ﷺ نے سوال کیا اور ہر اس چیز

مَاسأَلَکَ مِنہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّمَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلاَغُ وَلاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

سے پناہ مانگتے ہیں جس سے تیرے نبی محمد ﷺ نے پناہ مانگی، تو ہی مددگار ہے، تو ہی خیر وشر کا پہنچانے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت بھی صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۷۶: بَابٌ

۴۷۶: باب

۱۴۴۸: حَدَّثَنَااَبُوْ مُوْسَی الْاَنْصَارِیُّ نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ اَبِیْ کَعْبٍ صَاحِبِ الْحَرِیْرِ قَالَ ثَنِی شَھْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ قُلْتُ لِاُمِّ سَلَمَۃَ یَااُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ مَاکَانَ اَکْثَرُدُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ اِذَا کَانَ عِنْدَکِ قَالَتْ کَانَ اَکْثَرُدُعَائِہٖ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ قَالَتْ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَالِاَکْثَرِ دُعَائِکَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ قَالَ یَااُمَّ سَلَمَۃَ اَنَّہٗ لَیْسَ اٰدَمِیٌّ اِلَّا وَقَلْبُہٗ بَیْنَ اُصْبُعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ اللّٰہِ فَمَنْ شَاءَ اَقَامَ وَمَنْ شَاءَ اَزَاغَ فَتَلاَ مُعَاذٌ رَبَّنَا لاَ تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْھَدَیْتَنَا وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَۃَ وَالنَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ وَ اَنَسٍ وَجَابِرٍ وَعَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَوَ نُعَیْمِ بْنِ حَمَّادٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۴۴۸: حضرت شہر بن حوشبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ام سلمہؓ سے پوچھا کہ اے ام المؤمنین رسول اللہ ﷺ آپ کے پاس اکثر کیا دعا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا ''یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبُ .... عَلٰی دِیْنِکَ'' (یعنی۔ اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ) پھر فرمانے لگیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: آپؐ اکثر یہی دعا کیوں کرتے ہیں؟۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ام سلمہؓ کوئی شخص ایسا نہیں کہ اسکا دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان نہ ہو۔ جسے چاہتا ہے (دین حق پر) قائم رکھتا ہے اور جسے چاہتا ہے ٹیڑھا کر دیتا ہے۔ پھر حدیث کے راوی معاذؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی'' رَبَّنَا لاَتُزِغْ قُلُوْبَنَا ..... الآیہ '' (یعنی اے اللہ ہمارے دلوں کو ہدایت دینے کے بعد ٹیڑھا نہ کر۔)

اس باب میں حضرت عائشہؓ، نواس بن سمعان، انسؓ، جابرؓ، عبداللہ بن عمروؓ اور نعیم بن حمادؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۴۷۷: بَابٌ

۴۷۷: باب

۱۴۴۹: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَاالْحَکَمُ بْنُ ظُھَیْرٍ نَا عَلْقَمَۃُ بْنُ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ شَکٰی خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ الْمَخْزُوْمِیُّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَنَامُ اللَّیْلَ مِنَ الْاَرَقِ فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَیْتَ اِلٰی فِرَاشِکَ فَقُلِ اللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ

۱۴۴۹: حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ خالد بن ولید مخزومی نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ رات میں کسی وسوسے یا خوف کی وجہ سے سو نہیں سکا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جب سونے کے لیے اپنے بستر پر جاؤ تو یہ دعا پڑھا کرو'' اَللّٰھُمَّ .... آخر تک'' (یعنی۔ اے اللہ اے سات آسمانوں اور ان کے سائے میں چلنے والوں کے رب، اے زمین والوں کو پالنے والے، اے شیاطین اور ان کے گمراہ کیے ہوئے لوگوں کے رب اپنی تمام مخلوق کے شر سے مجھے نجات دے کہ ان میں

شَرِّ خَلْقِکَ کُلِّهِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْاَنْ یَّبْغِی عَزَّجَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هٰذَا حَدِیْثٌ لَیْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِیِّ وَالْحَکَمُ بْنُ ظُهَیْرٍ قَدْتَرَکَ حَدِیْثَهٗ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِیْثِ وَیُرْوٰی هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

سے کوئی مجھ پر زیادتی یا ظلم نہ کرے ۔ تیری پناہ میں آیا ہوا غالب ہے ۔ تیری ثنا برتر ہے اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ، معبود صرف تو ہی ہے ۔) اس حدیث کی سند قوی نہیں کیونکہ حکم بن ظہیر سے بعض محدثین نے احادیث نقل کرنا چھوڑ دیا ہے ۔ پھر اسکے علاوہ ایک اور سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے لیکن وہ مرسل ہے ۔

۱۴۵۰: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا فَزِعَ اَحَدُکُمْ فِی النَّوْمِ فَلْیَقُلْ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ فَکَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو یُعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَّلَدِهٖ وَمَنْ لَّمْ یَبْلُغْ مِنْهُمْ کَتَبَهَا فِیْ صَکٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِیْ عُنُقِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۴۵۰: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی نیند میں ڈر جائے تو یہ دعا پڑھے "اَعُوْذُ ..... یَحْضُرُوْنَ" تک (یعنی ۔ میں اللہ کے غضب ، عقاب ، اسکے بندوں کے فساد ، شیطانی وساوس اور ان (شیطانوں) کے ہمارے پاس آنے سے اللہ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا ہوں) اگر وہ یہ دعا پڑھے گا تو وہ خواب اسے ضرر نہیں پہنچا سکے گا ۔ عبدالرحمٰن بن عمروؓ یہ دعا اپنے بالغ بچوں کو سکھایا کرتے تھے اور نابالغ بچوں کے لیے لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ۔

۴۷۸: بَابٌ

۱۴۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ یَقُوْلُ قُلْتُ لَهٗ اَنْتَ سَمِعْتَهٗ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَرَفَعَهٗ اَنَّهٗ قَالَ مَا اَحَدٌ اَغْیَرُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِکَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَیْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ وَ لِذٰلِکَ مَدَحَ نَفْسَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۴۷۸: باب

۱۴۵۱: عمرو بن مرہ ، ابو وائل سے اور وہ عبداللہ بن مسعودؓ سے نقل کرتے ہیں (راوی کہتے ہیں کہ میں نے ابو وائل سے پوچھا کہ کیا تم نے خود ابن مسعودؓ سے سنا ؟ انہوں نے فرمایا ہاں) کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : اللہ سے زیادہ کوئی غیرت مند نہیں ۔ اسی لیے اس نے ظاہری اور چھپی ہوئی تمام فواحش کو حرام قرار دیا ۔ پھر اللہ تعالیٰ کو اپنی تعریف سب سے زیادہ پسند ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے خود اپنی تعریف بیان فرمائی ہے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔

۴۷۹: بَابٌ

۱۴۵۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِی الْخَیْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ بَکْرِنِ

۴۷۹: باب

۱۴۵۲: حضرت عبداللہ بن عمروؓ ، حضرت ابوبکر صدیقؓ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا : یارسول اللہ ﷺ : مجھے ایسی

الصِّدِّيقِ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ دُعَاءً اَدْعُوْا بِهٖ فِيْ صَلٰوتِيْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَهُوَ حَدِيْثُ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَاَبُو الْخَيْرِ اسْمُهٗ مَرْثَدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْيَزَنِيُّ.

دعا بتایئے جو میں نماز میں مانگا کروں ۔آپ علیہ نے فرمایا: ''اَللّٰهُمَّ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ .....آخر تک '' (یعنی ۔اے اللہ میں نے اپنے نفس پر بہت زیادہ ظلم کیا اور گناہوں کو معاف کرنے والا تیرے علاوہ کوئی نہیں ۔ مجھے بھی معاف کردے اور اپنی طرف سے مغفرت اور رحم فرما کیونکہ تو غفور اور رحیم ہے) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ابوالخیر کا نام مرثد بن عبداللہ یزنی ہے۔

۴۸۰: بَابٌ

۱۴۵۳ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ نَا اَبُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنِ الرُّحَيْلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَخِيْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَرَبَهٗ اَمْرٌ قَالَ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ وَ بِاِسْنَادِهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلِظُّوْا بِيَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَنَسٍ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۸۰: باب

۱۴۵۳: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ جب نبی اکرم علیہ پر کوئی سخت کام آن پڑتا تو یہ دعا کرتے ''يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ ..... اَسْتَغِيْثُ '' تک (یعنی اے زندہ اور (زمین وآسمان) کو قائم رکھنے والے تیری رحمت کے وسیلے سے فریاد کرتا ہوں) اسی سند سے یہ ارشاد بھی منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا ''يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ '' کو لازم پکڑو (یعنی اے بڑائی اور بزرگی والے) یہ حدیث غریب ہے اور انسؓ سے اور سند سے بھی منقول ہے۔

۱۴۵۴ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا مُؤَمَّلٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلِظُّوْا بِيَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ بِمَحْفُوْظٍ وَاِنَّمَا يُرْوٰى هٰذَا عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا اَصَحُّ وَ مُؤَمَّلٌ غَلِطَ فِيْهِ فَقَالَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ وَ لَا يُتَابَعُ فِيْهِ.

۱۴۵۴: محمود بن غیلان اس حدیث کو مؤمل سے وہ حماد بن سلمہؓ سے وہ انس بن مالکؓ سے اور وہ رسول اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا تم لوگ ''يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ'' پڑھتے رہا کرو۔یہ حدیث غریب ہے اور غیر محفوظ ہے۔حماد بن سلمہ سے بھی حمید کے حوالے سے حسن بصری سے مرفوعاً منقول ہے اور یہ زیادہ صحیح ہے۔مؤمل نے اس میں غلطی کی ہے وہ حمید کے واسطے سے انسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ان کا کوئی متابع نہیں۔

۱۴۵۵ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي الْوَرْدِ عَنِ اللَّجْلَاجِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَدْعُوْ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ تَمَامُ النِّعْمَةِ قَالَ دَعْوَةٌ دَعَوْتُ بِهَا اَرْجُوْ بِهَا الْخَيْرَ قَالَ فَاِنَّ مِنْ تَمَامِ النِّعْمَةِ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ وَالْفَوْزُ

۱۴۵۵: حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ نے ایک شخص کو اسطرح دعا مانگتے ہوئے دیکھا ''اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ .... النِّعْمَةِ '' تک (یعنی اے اللہ میں تجھ سے پوری نعمت مانگتا ہوں) تو آپؐ نے پوچھا کہ پوری نعمت کیا ہے؟ اس نے عرض کیا: میں نے ایک بہتری کی دعا کی تھی ۔آپؐ نے فرمایا: اس سے مراد دوزخ سے نجات اور جنت میں داخل ہونا ہے

مِنَ النَّارِ وَسَمِعَ رَجُلاً وَهُوَ يَقُوْلُ يَاذَاالْجَلاَلِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيْبَ لَكَ فَسَلْ وَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الصَّبْرَ قَالَ سَأَلْتَ اللّٰهَ الْبَلاَءَ فَاسْأَلْهُ الْعَافِيَةَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

پھر آپؐ نے ایک اور شخص کو "یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" کہتے ہوئے سنا تو فرمایا: تمہاری دعا قبول کر لی گئی ہے لہٰذا سوال کرو۔ پھر آپؐ نے ایک شخص کو اللہ تعالیٰ سے صبر مانگتے ہوئے سنا تو فرمایا یہ تو بلاء ہے اب اس سے عافیت مانگو۔ احمد بن منیع بھی اسماعیل سے اور وہ جریری سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۴۸۱: بَابٌ

۱۴۵۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهِ طَاهِرًا يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى يُدْرِكَهُ النُّعَاسُ لَمْ يَنْقَلِبْ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ يَسْاَلُ اللّٰهَ شَيْئًا مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا اَيْضًا عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ ظَبْيَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

۴۸۱: باب

۱۴۵۶: حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اپنے بستر پر سونے کے لیے پاک ہو کر جائے اور نیند آنے تک اللہ کا ذکر کرتا رہے وہ رات کے کسی بھی حصے میں اللہ سے دنیا اور آخرت کی جو بھلائی بھی مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اسے عطا فرمائیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور شہر بن حوشب سے منقول ہے وہ ابوظبیہ سے وہ عمرو بن عبسہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۴۸۲: بَابٌ

۱۴۵۷: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ رَاشِدِ الْحُبْرَانِيِّ قَالَ اَتَيْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقُلْتُ لَهُ حَدِّثْنَا مِمَّا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَلْقٰى اِلَيَّ صَحِيْفَةً فَقَالَ هٰذَا مَا كَتَبَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَنَظَرْتُ فِيْهَا فَاِذَا فِيْهَا اَنَّ اَبَابَكْرِ الصِّدِّيْقَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ مَا اَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَيْتُ قَالَ يَااَبَابَكْرٍ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَ

۴۸۲: باب

۱۴۵۷: ابوراشد حبرانی کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ کوئی ایسی حدیث بیان کیجئے جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو۔ انہوں نے مجھے ایک ورق دیا اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے لکھوایا تھا۔ میں نے اسے دیکھا تو اس میں یہ تحریر تھا۔ ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے صبح و شام پڑھنے کے لیے کوئی دعا بتایئے۔ آپؐ نے فرمایا یہ پڑھا کرو: "اَللّٰهُمَّ ..... آخر تک" (یعنی۔ اے اللہ۔ اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، اے پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو ہی ہر چیز کا رب اور مالک ہے۔ میں اپنے نفس کے شر، شیطان کے شر اور شرک

شِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءً ا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ خود کوئی برائی کروں یا اسے کسی مسلمان سے کراؤں) یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۴۵۸ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَجَرَةٍ يَابِسَةِ الْوَرَقِ فَضَرَبَهَا بِعَصَاهُ فَتَنَاثَرَ الْوَرَقُ فَقَالَ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَتُسَاقِطُ مِنْ ذُنُوْبِ الْعَبْدِ كَمَا تُسَاقَطَ وَرَقُ الشَّجَرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَا نَعْرِفُ لِلْاَعْمَشِ سَمَاعًا مِنْ اَنَسٍ اِلَّا اَنَّهٗ قَدْ رَاٰهُ وَنَظَرَ اِلَيْهِ.

۱۴۵۸: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک ایسے درخت کے پاس سے گزرے جس کے پتے سوکھ چکے تھے۔ آپ ﷺ نے اس پر اپنی لاٹھی ماری تو اسکے پتے جھڑنے لگے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ'' سے اسی طرح گناہ جھڑتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ اعمش نے انسؓ سے کوئی حدیث سنی یا نہیں۔ البتہ اعمش نے انسؓ کو دیکھا ہے۔

۱۴۵۹ :حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ الْجُلَاحِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ شَبِيْبٍ السَّبَائِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ عَلٰى اِثْرِ الْمَغْرِبِ بَعَثَ اللّٰهُ لَهٗ مَسْلَحَةً يَحْفَظُوْنَهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ حَتّٰى يُصْبِحَ وَكَتَبَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ مُوْجِبَاتٍ وَمَحٰى عَنْهُ عَشْرَ سَيِّاٰتٍ مُوْبِقَاتٍ وَكَانَتْ لَهٗ بِعَدْلِ عَشْرِ رَقَبَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَلَا نَعْرِفُ لِعُمَارَةَ بْنِ شَبِيْبٍ سَمَاعًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۴۵۹: حضرت عمارہ بن شبیب سبائی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص 'لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ... قَدِيْرٌ'' تک مغرب کے بعد دس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسکی حفاظت کے لیے فرشتے مقرر کردیں گے جو اسکی صبح تک شیطان سے حفاظت کریں گے۔ اس کے لیے دس رحمت کی نیکیاں لکھ دی جائیں گی ۔ اس کے دس برباد کردینے والے گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور اسے دس مسلمان غلام آزاد کرنے کا ثواب عطا کیا جائے گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف لیث بن سعد کی روایت سے جانتے ہیں۔ ہمیں علم نہیں کہ عمارہ بن شبیب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا یا نہیں۔

خلاصۃ الابواب: (۱) نیا پھل اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اس کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعاء کرنا سنت ہے (۲) نبی کریم ﷺ دائیں جانب سے ہر کام شروع کرنا پسند فرماتے تھے اس لئے ابن عباسؓ کو اکابر صحابہؓ پر ترجیح دی (۳) سبحان اللہ انسان اپنا پیٹ بھرتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ کرم نوازی کا معاملہ فرماتے ہوئے گذشتہ گناہ (صغیرہ) معاف فرمادیتے ہیں (۴) گدھے کی آواز سب آوازوں سے منکر یعنی بری ہوتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور والوں کے قریب ہوتا ہے اس کے برعکس مرغ تمام حیوانات کے بنسبت ذاکرین کے قریب ہے اس لئے کہ وہ تمام نمازوں کے اوقات کی نگہداشت کرتا ہے اور نماز کے لئے جگاتا ہے اس کی آواز سن کر اللہ تعالیٰ سے فضل کا سوال کرنے کا حکم دیا گیا ہے (۵) قرآن اور

احادیث مبارکہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آہستہ آواز سے ذکر کرنا چاہئے بلاوجہ اور جن مقامات میں اونچی آواز سے ذکر کرنا شریعت سے ثابت نہیں وہاں پر ذکر بالجہر مکروہ ہے (۶) اللہ تعالیٰ کے ذکر کی بہت برکت ہے کہ معمولی سی محنت پر اتنا عظیم ثواب کا وعدہ ہے (۷) رسول اللہ ﷺ سے جو دعائیں ماثور اور منقول ہیں وہ تین قسم کی ہیں ایک وہ جن کا تعلق نماز سے ہے دوسری وہ جن کا تعلق خاص اوقات یا مواقع اور حالات سے ہے تیسری وہ جن کا تعلق نہ نماز سے ہے نہ خاص اوقات یا مواقع سے بلکہ وہ عمومی قسم کی ہیں ان میں سب سے زیادہ تر مضامین کے اعتبار سے ہمہ گیر اور جامع قسم کی ہیں اسی لئے ائمہ حدیث نے اپنی کتب میں ان دعاؤں کو جامع الدعوات کے زیر عنوان درج کیا ہے یہ دعائیں اُمت کے لئے رسول اللہ ﷺ خاص الخاص عطیہ اور بیش بہا تحفہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم اُمتیوں کو قدر شناسی اور شکر کی توفیق دے جس بندے کو یہ توفیق مل گئی اُسے سب کچھ مل گیا۔

۴۸۳: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ فَضْلِ التَّوْبَةِ وَ الْاِسْتِغْفَارِ وَمَاذُکِرَمِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ لِعِبَادِهٖ

۱۴۶۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النُّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ قَالَ اَتَیْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالِ الْمُرَادِیَّ اَسْاَلُهٗ عَنِ الْمَسْحِ عَلَی الْخُفَّیْنِ فَقَالَ مَاجَاءَ بِکَ یَازِرُّ فَقُلْتُ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ فَقَالَ اِنَّ الْمَلَائِکَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا یَطْلُبُ قُلْتُ اَنَّهٗ حَکَّ فِیْ صَدْرِیَ الْمَسْحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَ الْبَوْلِ وَ کُنْتُ امْرَأً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ اَسْاَلُکَ هَلْ سَمِعْتَهٗ یَذْکُرُ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا قَالَ نَعَمْ کَانَ یَاْمُرُنَا اِذَا کُنَّا سَفَرًا اَوْمُسَافِرِیْنَ اَنْ لَّا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ وَلَیَالِیْهِنَّ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ لٰکِنْ مِّنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَنَوْمٍ قَالَ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَهٗ یَذْکُرُ فِی الْهَوٰی شَیْئًا قَالَ نَعَمْ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَبَیْنَا نَحْنُ عِنْدَهٗ اِذْنَادَاهُ اَعْرَابِیٌّ بِصَوْتٍ لَهٗ جَهْوَرِیٍّ یَا مُحَمَّدُ فَاَجَابَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهٖ هَاؤُمُ فَقُلْنَا لَهٗ وَ اُغْضُضْ مِنْ صَوْتِکَ فَاِنَّکَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ نُهِیْتَ عَنْ هٰذَا فَقَالَ وَاللّٰهِ لَا اَغْضُضُ قَالَ الْاَعْرَابِیُّ الْمَرْءُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا

۴۸۳: باب توبہ اور استغفار کی فضیلت اور اللہ کی اپنے بندوں پر رحمت

۱۴۶۰: حضرت زر بن حبیشؓ فرماتے ہیں کہ میں صفوان بن عسالؓ کے پاس گیا تا کہ ان سے موزوں کے مسح کے بارے میں پوچھوں۔ وہ کہنے لگے: زر کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا علم حاصل کرنے کیلئے۔ انہوں نے فرمایا فرشتے طالب علم کی طلب علم کی وجہ سے اس کے لیے اپنے پر بچھاتے ہیں۔ میں نے کہا۔ میں ایک صحابی ہوں میرے دل میں قضائے حاجت کے بعد موزوں پر مسح کرنے کے متعلق تردد ہوا کہ کیا مسح کیا جاتا ہے یا نہیں؟ چنانچہ میں تم سے یہی پوچھنے کے لیے آیا تھا کہ کیا اس کے متعلق کچھ سنا ہے؟ کہنے لگے: ہاں آپ ہمیں سفر کے دوران تین دن و رات تک موزے نہ اتارنے کا حکم دیا کرتے تھے البتہ غسل جنابت اس حکم سے مستثنیٰ تھا۔ لیکن قضائے حاجت یا سونے کے بعد وضو کرنے پر بھی (یعنی مسح کا) حکم تھا۔ میں نے پوچھا کہ کیا آپ نے نبی اکرم ﷺ سے محبت کے متعلق بھی کچھ سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے کہ ایک اعرابی آیا اور زور سے پکارنے لگا: یا محمد ﷺ۔ نبی اکرم ﷺ نے بھی اسے اسی آواز سے حکم دیا کہ آؤ۔ ہم نے اس سے کہا: تیری بربادی ہو اپنی آواز کو پست کر۔ تو رسول اللہ ﷺ کے پاس ہے اور تمہیں اسطرح آواز بلند کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ وہ اعرابی کہنے لگا اللہ کی قسم میں آواز دھیمی نہیں کروں گا۔ پھر کہنے لگا کہ ایک آدمی ایک قوم سے محبت کرتا

يَلْحَقُ بِهِمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَا زَالَ يُحَدِّثُنَا حَتّٰى ذَكَرَ بَابًا مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ عَامًا عَرْضُهٗ اَوْيَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ عَرْضِهٖ اَرْبَعِيْنَ اَوْسَبْعِيْنَ عَامًا قَالَ سُفْيَانُ قِبَلَ الشَّامِ خَلَقَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مَفْتُوْحًا يَعْنِيْ لِلتَّوْبَةِ لَا يُغْلَقُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہے حالانکہ وہ ان سے اب تک ملا بھی نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن ہر شخص اس کے ساتھ ہوگا جن سے محبت کرے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر صفوان مجھ سے باتیں کرتے رہے اور مجھے بتایا کہ مغرب کی جانب ایک دروازہ ہے جسکی چوڑائی چالیس یا ستر برس کی مسافت ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ وہ دروازہ شام کی جانب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اسی دن پیدا کیا تھا جس دن آسمان وزمین بنائے تھے اور وہ توبہ کے لیے اس وقت تک کھلا رہے گا جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۶۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ لِيْ مَاجَاءَ بِكَ قُلْتُ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَفْعَلُ قَالَ قُلْتُ لَهٗ اِنَّهٗ حَاكَ اَوْحَكَّ فِيْ نَفْسِيْ شَيْءٌ مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ كُنَّا سَفَرًا اَوْمُسَافِرِيْنَ اَمَرَنَا اَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَلٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ قَالَ فَقُلْتُ فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهَوٰى شَيْئًا قَالَ نَعَمْ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَنَادَاهُ رَجُلٌ كَانَ فِيْ اٰخِرِ الْقَوْمِ بِصَوْتٍ جَهْوَرِيٍّ اَعْرَابِيٌّ جِلْفٌ جَافٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ مَهْ اِنَّكَ قَدْ نُهِيْتَ عَنْ هٰذَا فَاَجَابَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهٖ هَاؤُمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ قَالَ زِرٌّ فَمَا بَرِحَ يُحَدِّثُنِيْ حَتّٰى

۱۴۶۱: حضرت زر بن حبیشؓ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال مرادی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے پوچھا کہ کیسے آنا ہوا؟ میں نے عرض کیا کہ علم کی تلاش میں۔ انہوں نے فرمایا: مجھے پتہ چلا ہے کہ فرشتے طالب علم کے عمل سے راضی ہوتے ہوئے اس کے لئے پر بچھاتے ہیں۔ حضرت زر فرماتے ہیں میں نے عرض کیا موزوں پر مسح کے بارے میں میرے دل میں شبہ پیدا ہوگیا ہے کیا آپ کو نبی اکرم ﷺ سے اس کے بارے میں کچھ یاد ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں۔ ہم سفر میں ہوتے یا (فرمایا) ہم مسافر ہوتے تو ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم جنابت کے سوا پیشاب یا پاخانہ سے تین دن تک موزے نہ اتاریں۔ حضرت زر کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا کہ آپ کو رسول اللہ ﷺ سے محبت کے متعلق بھی کچھ یاد ہے۔ انہوں نے فرمایا ہاں ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے تو مجلس کے آخر سے ایک بے سمجھ سخت اعرابی نے بلند آواز سے پکارا۔ اے محمد (ﷺ) صحابہ کرامؓ نے کہا چپ کر اسطرح پکارنا منع ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ادھر متوجہ ہو کر فرمایا ہاں آؤ۔ اس نے کہا ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ابھی تک ان سے مل نہیں سکا۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا (قیامت کے دن) ہر شخص اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ دنیا

حَدَّثَنِی اَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا عَرْضُهٗ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ لَايُغْلَقُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهٖ وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَوْمَ يَاْتِیْ بَعْضُ اٰيَاتِ رَبِّكَ لَايَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا الْاٰيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

میں محبت کرتا ہوگا۔ حضرت زر فرماتے ہیں کہ حضرت صفوان نے باتیں کرتے ہوئے یہ بھی بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مغرب کی جانب توبہ کا دروازہ بنایا۔ جسکی چوڑائی چالیس یا ستر برس کی مسافت ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ وہ دروازہ شام کی جانب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اسی دن پیدا کیا تھا جس دن آسمان و زمین بنائے تھے اور وہ توبہ کے لیے اس وقت تک کھلا رہے گا جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا یہی مطلب ہے "يَوْمَ يَاْتِیْ بَعْضُ اٰيَاتِ . . . الخ" (یعنی جس دن تیرے رب کی بعض نشانیاں ظاہر ہونگی تو کسی نفس کو اس کا ایمان فائدہ نہیں پہنچائے گا) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۸۴: بَابُ

۱۴۶۲: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ نَا عَلِیُّ ابْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِیُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ يُغَرْغِرْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ.

۴۸۴: باب

۱۴۶۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ اس وقت تک قبول کرتے ہیں جب تک اسکی روح حلق تک نہ پہنچے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اس حدیث کو محمد بن بشار، ابو عامر عقدی سے وہ عبدالرحمٰن سے وہ اپنے والد ثابت سے وہ مکحول سے وہ جبیر بن نفیر سے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنی نقل کرتے ہیں۔

۴۸۵: بَابُ

۱۴۶۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلّٰهِ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ اَحَدِكُمْ مِنْ اَحَدِكُمْ بِضَآلَّتِهٖ اِذَا وَجَدَهَا وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَاَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۸۵: باب

۱۴۶۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ سے اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ جو اپنا اونٹ کھونے کے بعد پانے پر خوش ہوتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، نعمان بن بشیرؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۴۸۶: بَابُ

۱۴۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَاصِّ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِیْ صِرْمَةَ عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ اَنَّهٗ

۴۸۶: باب

۱۴۶۴: حضرت ابو ایوبؓ سے منقول ہے کہ جب انکی وفات کا وقت قریب ہوا تو فرمایا: میں نے تم لوگوں سے ایک بات

قَالَ حِيْنَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَدْ كَتَمْتُ عَنْكُمْ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنَّكُمْ تُذْنِبُوْنَ لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُوْنَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ عَنْ عُمَرَ مَوْلٰى غُفْرَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ اَلْقُرَظِيِّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

چھپائی تھی وہ یہ ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر تم لوگ گناہ نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ ایک اور مخلوق پیدا کرے گا تاکہ وہ گناہ کریں اور اللہ تعالیٰ انہیں معاف کرے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ محمد بن کعب بھی ابو ایوبؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ قتیبہ نے یہ حدیث عبدالرحمٰن سے انہوں نے غفرہ کے مولیٰ عمرو سے انہوں نے محمد بن کعب قرظی سے انہوں نے ابوایوبؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل نقل کی ہے۔

۴۸۷: بَابٌ

۱۴۶۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا كَثِيْرُ بْنُ فَائِدٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ بَكْرَبْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ يَقُوْلُ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَادَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَاكَانَ فِيْكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ لَوْ اَتَيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۸۷: باب

۱۴۶۵: حضرت انس بن مالکؓ نبی اکرم ﷺ سے حدیث قدسی نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابن آدم تو جب تک مجھے پکارتا رہے گا اور مجھ سے مغفرت کی امید رکھے گا۔ میں تجھے معاف کرتا رہوں گا۔ خواہ تیرے گناہ آسمان کے کناروں تک ہی پہنچ جائیں۔ تب بھی اگر تو مجھ سے مغفرت مانگے گا تو میں تجھے معاف کردوں گا۔ اے ابن آدم مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ اگر تو زمین کے برابر بھی گناہ کرنے کے بعد مجھ سے اس حالت میں ملے گا کہ تو نے شرک نہیں کیا تو میں تجھے اتنی ہی مغفرت عطا کردوں گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۴۸۸: بَابٌ

۱۴۶۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ مِائَةَ رَحْمَةٍ فَوَضَعَ رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ خَلْقِهِ يَتَرَاحَمُوْنَ بِهَا وَعِنْدَاللّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ رَحْمَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ سَلْمَانَ وَجُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۴۸۸: باب

۱۴۶۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سو رحمتیں پیدا کیں اور ان میں سے صرف ایک رحمت اپنی مخلوق میں نازل فرمائی جسکی وجہ سے لوگ آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں۔ باقی ننانوے رحمتیں اللہ رب العلمین کے پاس ہیں۔ اس باب میں حضرت سلمانؓ اور جندب بن عبداللہ بن سفیان بجلی سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۸۹: بَابٌ

۱۴۶۷: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْيَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ مَا طَمِعَ فِي الْجَنَّةِ اَحَدٌ وَلَوْيَعْلَمُ الْكَافِرُ مَاعِنْدَاللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنَ الْجَنَّةِ اَحَدٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۴۸۹: باب

۱۴۶۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر مؤمن یہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ کے پاس کتنا عذاب ہے تو وہ جنت کی طمع نہ کرے اور اگر کافر اللہ کی رحمت کے متعلق جان لے کہ کتنی ہے تو وہ بھی اس سے ناامید نہ ہو۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف علاء بن عبدالرحمٰن کی روایت سے جانتے ہیں وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں۔

۴۹۰: بَابٌ

۱۴۶۸: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حِيْنَ خَلَقَ الْخَلْقَ كَتَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى نَفْسِهٖ اَنَّ رَحْمَتِيْ تَغْلِبُ غَضَبِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۶۹: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ ثَلْجٍ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَغْدَادَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ صَاحِبُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ زَرْبِيٍّ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ وَثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَرَجُلٌ قَدْ صَلّٰى وَهُوَ يَدْعُوْا وَهُوَ يَقُوْلُ فِيْ دُعَائِهٖ اَللّٰهُمَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اَتَدْرُوْنَ بِمَا دَعَااللّٰهَ دَعَا اللّٰهَ دَعَا اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ اِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَنَسٍ.

۴۹۰: باب

۱۴۶۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جب مخلوق کو پیدا فرمایا تو اپنے ہاتھ سے اپنی ذات کے متعلق تحریر فرمایا: کہ میری رحمت میرے غضب (غصے) پر غالب ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۶۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو ایک شخص نماز پڑھنے کے بعد دعا کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ (اے اللہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو ہی احسان کرنے والا، آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا اور عظمت و کرم والا ہے) پس نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ اس نے کن الفاظ سے دعا کی ہے؟ اس نے اسم اعظم (کے وسیلے) سے دعا کی ہے۔ اگر اس (کے وسیلے) سے دعا کی جائے تو دعا قبول کی جاتی ہے اور اگر سوال کیا جاتا ہے تو عطا کیا جاتا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور ایک اور سند سے بھی حضرت انسؓ سے ہی منقول ہے۔

۴۹۱: بَابٌ

۱۴۷۰: حَدَّثَنَااَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَارِبْعِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ

۴۹۱: باب

۱۴۷۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی ناک خاک آلود ہو۔ جس کے پاس میرا

سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ انْسَلَخَ قَبْلَ اَنْ يُّغْفَرَلَهٗ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ عِنْدَهٗ اَبَوَاهُ الْكِبَرَ فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَاَظُنُّهٗ قَالَ اَوْاَحَدُهُمَا وَ فِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرِبْعِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ هُوَ اَخُوْاِسْمٰعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَهُوَ ثِقَةٌ وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ وَيُرْوٰى عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ اِذَا صَلَّى الرَّجُلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً فِي الْمَجْلِسِ اَجْزَاَعَنْهُ مَاكَانَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ.

ذکر ہواور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے اوراس شخص کی ناک خاک آلود ہوجسکی زندگی میں رمضان آیااور اسکی مغفرت ہونے سے پہلے گزر گیااوراس شخص کی ناک بھی خاک آلود ہوجس کے سامنے اس کے والدین کو بڑھاپا آئے اور وہ ان کے ذریعے جنت میں داخل نہ ہو سکے۔عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میرے خیال میں آپؐ نے یہ بھی فرمایا (والدین یا دونوں میں سے کوئی ایک)۔اس باب میں حضرت جابرؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ربعی بن ابراہیم، اسمٰعیل بن ابراہیم کے بھائی ہیں۔ یہ ثقہ ہیں، انکی کنیت ابوعلیہ ہے۔ان سے منقول ہے کہ ایک مجلس میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا کافی ہے۔

۱۴۷۱ :حَدَّثَنَايَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْبَخِيْلُ الَّذِيْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۷۱: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہواور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۹۲ :بَابٌ

۴۹۲: باب

۱۴۷۲ :حَدَّثَنَااَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا عُمَرُبْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ نَا اَبِيْ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ بَرِّدْ قَلْبِيْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ اَللّٰهُمَّ نَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۴۷۲: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے'' اَللّٰهُمَّ ....آخر تک'' (یعنی اے اللہ میرے دل کو برف اور ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈا کردے، اے اللہ میرے دل کو گناہوں سے اس طرح پاک وصاف کردے جیسے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کردیتا ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۹۳ :بَابٌ

۴۹۳: باب

۱۴۷۳ :حَدَّثَنَاالْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ

۱۴۷۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کے لیے دعا کے دروازے کھولے گئے اس کے

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فُتِحَ لَهُ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَ مَاسُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا يَعْنِيْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يُّسْأَلَ الْعَافِيَةَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ الْقُرَشِيِّ وَهُوَ الْمَكِّيُّ الْمُلَيْكِيُّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَقَدْ رَوٰى اِسْرَائِيْلُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الْعَافِيَةِ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْكُوْفِيُّ عَنْ اِسْرَائِيْلَ بِهٰذَا.

لیے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے عافیت مانگنا ہر چیز مانگنے سے زیادہ محبوب ہے اور فرمایا: دعا اس مصیبت کے لیے بھی فائدہ مند ہے جو نازل ہو چکی ہے اور اس کے لیے بھی جو ابھی نازل نہیں ہوئی لہٰذا اے اللہ کے بندو دعا کو لازم پکڑو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبدالرحمٰن بن ابی بکر قریشی کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ مکی ملیکی ہیں اور محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ بعض محدثین ان کے حافظے پر اعتراض کرتے ہیں۔ اسرائیل نے یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے انہوں نے موسیٰ بن عقبہ سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمرؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کی ہیں۔ قاسم بن دینار کوفی یہ حدیث اسحٰق بن منصور سے اور وہ اسرائیل سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۷۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُو النَّضْرِ نَا بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ عَنْ مُحَمَّدِ الْقُرَشِيِّ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ بِلَالٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَاِنَّهُ دَاْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ وَاِنَّ قِيَامَ اللَّيْلِ قُرْبَةٌ اِلَى اللّٰهِ وَ مَنْهَاةٌ عَنِ الْاِثْمِ وَتَكْفِيْرٌ لِلسَّيِّاٰتِ وَمَطْرَدَةٌ لِلدَّاءِ عَنِ الْجَسَدِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ بِلَالٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَا يَصِحُّ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَقُوْلُ مُحَمَّدُ الْقُرَشِيُّ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الشَّامِيُّ وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ قَيْسٍ وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ وَقَدْ تُرِكَ حَدِيْثُهٗ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۴۷۴: حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ راتوں کو نمازیں پڑھنے کی عادت بناؤ کیونکہ یہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا طریقہ ہے اور یہ کہ اس سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے، گناہوں سے دوری پیدا ہوتی ہے یہ برائیوں کا کفارہ ہے اور جسمانی بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو بلالؓ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند صحیح نہیں۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا کہ محمد القرشی، محمد بن سعید شامی بن ابو قیس محمد بن حسان ہیں۔ ان سے احادیث روایت کرنا ترک کر دیا گیا۔ معاویہ بن صالح یہ حدیث ربیعہ سے وہ ابو ادریس سے وہ ابو امامہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۷۵: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ

۱۴۷۵: ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل نے عبداللہ بن صالح کے حوالے سے انہوں نے معاویہ سے انہوں نے ربیعہ سے

يَزِيْدَ عَنْ اَبِیْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَاِنَّهٗ دَاْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ اِلٰى رَبِّكُمْ وَ مَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّاٰتِ وَمَنْهَاةٌ لِلْاِثْمِ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِیْ اِدْرِيْسَ عَنْ بِلَالٍ.

انہوں نے ابوامامہ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے کہ آپؐ نے فرمایا: رات کا قیام لازم پکڑو وہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا طریقہ ہے، قرب خداوندی، برائیوں کا کفارہ اور گناہوں سے رکاوٹ ہے۔ یہ روایت ابوادریس کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے جوانہوں نے بلالؓ سے نقل کی ہے۔

۴۹۴: بَابٌ

۱۴۷۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ ثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْمَارُ اُمَّتِیْ مَابَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلَى السَّبْعِيْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ يَّجُوْزُ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۹۴: باب

۱۴۷۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر (سال) کے درمیان ہوں گے۔ بہت کم لوگ اس سے آگے بڑھیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ محمد بن عمرو اس حدیث کو ابوسلمہ سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں لیکن یہ اور سند سے بھی حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے۔

۴۹۵: بَابٌ

۱۴۷۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ طُلَيْقِ بْنِ قَيْسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْا يَقُوْلُ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِیْ وَيَسِّرْ لِیَ الْهُدٰى وَانْصُرْنِیْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَكَّارًا لَكَ ذَكَّارًا لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِیْ قَالَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ

۴۹۵: باب

۱۴۷۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ یہ دعا پڑھا کرتے تھے "رَبِّ اَعِنِّیْ" سے آخر تک (یعنی اے میرے رب میری مدد کر میرے خلاف دوسروں کی نہیں، میری نصرت فرما، میرے خلاف دوسروں کی نہیں۔ میرے حق میں تدبیر فرما اور میرے خلاف کسی کی تدبیر کارگر نہ ہو۔ مجھے ہدایت دے اور ہدایت پر چلنا میرے لیے آسان کردے، مجھ پر ظلم کرنے والے کے خلاف میری مدد فرما۔ اے میرے رب مجھے اپنا ایسا بندہ بنا کہ تیرا ہی شکر کرتا رہوں، تیرا ہی ذکر کروں تجھ ہی سے ڈروں، تیری ہی اطاعت کروں، تیرے ہی سامنے آہ وزاری کروں اور تیری ہی طرف رجوع کروں اے رب میری توبہ قبول فرما، میرے گناہ دھودے، میری دعا قبول فرما، اور میری حجت کو ثابت کر، میری زبان کو (برائیوں سے) روک دے، میرے دل کو ہدایت دے اور میرے سینے سے حسد کو نکال دے۔ محمود بن غیلانؒ، محمد بن بشر

حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

عبدی سے اور وہ سفیان ثوری سے اسی سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۹۶: بَابُ

۱۴۷۸: حَدَّثَنَاهَنَّادٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَهُ فَقَدِ انْتَصَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِیْ حَمْزَةَ وَ قَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ اَبِیْ حَمْزَةَ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَهُوَ مَيْمُوْنُ الْاَعْوَرُ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِیُّ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ.

۴۹۶: باب

۱۴۷۸: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ظالم کے لیے بددعا کردی اس نے بدلہ لے لیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابوحمزہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ بعض اہل علم نے ان کے حافظے پر اعتراض کیا ہے۔ یہ میمون اعور ہیں۔ قتیبہ یہ حدیث حمید سے وہ ابواحوص سے اور وہ ابوحمزہ سے اسی سند سے اسی کی مثل نقل کرتے ہیں۔

۴۹۷: بَابُ

۱۴۷۹: حَدَّثَنَامُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِیُّ الْكُوْفِیُّ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِیْ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰى عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ كَانَتْ لَهٗ عِدْلَ اَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ مَوْقُوْفًا.

۴۹۷: باب

۱۴۷۹: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دس مرتبہ ''لا الہ ... سے قدیر'' تک پڑھا اسے اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب دیا جائے گا۔ یہ حدیث ابوایوب رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بھی مروی ہے۔

۴۹۸: بَابُ

۱۴۸۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَاهَاشِمٌ هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ الْكُوْفِیُّ ثَنَا كِنَانَةُ مَوْلٰى صَفِيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ صَفِيَّةَ تَقُوْلُ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَیَّ اَرْبَعَةُ الْاٰفِ نَوَاةٍ اُسَبِّحُ بِهَا قَالَ لَقَدْ سَبَّحْتِ بِهٰذِهٖ اَلَا اُعَلِّمُكِ بِاَكْثَرَ مِمَّا سَبَّحْتِ بِهٖ فَقُلْتُ بَلٰى عَلِّمْنِیْ

۴۹۸: باب

۱۴۸۰: حضرت صفیہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میرے پاس چار ہزار کھجور کی گٹھلیاں تھیں جن پر میں تسبیح پڑھ رہی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے ان گٹھلیوں پر تسبیح پڑھی ہے۔ کیا میں تمہیں ایسی تسبیح نہ بتاؤں جو ثواب میں اس سے زیادہ ہو؟ عرض کیا کیوں نہیں؟ آپؐ نے فرمایا ''سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ'' پڑھا کرو (یعنی اللہ کی ذات

فَقَالَ قُوْلِیْ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَخَلْقِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ صَفِیَّةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ هَاشِمِ بْنِ سَعِیْدِ الْکُوْفِیِّ وَلَیْسَ اِسْنَادُهٗ بِمَعْرُوْفٍ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

پاک ہے اسکی مخلوق کی تعداد کے برابر) یہ حدیث غریب ہے ۔ہم اس حدیث کوصفیہ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں یعنی ہاشم بن سعید کوفی کی روایت سے۔اسکی سند معروف نہیں اوراس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۴۸۱ :حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ کُرَیْبًا یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ جُوَیْرِیَّةَ بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّعَلَیْهَا وَهِیَ فِیْ مَسْجِدِ هَاثُمَّ مَرَّالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهَاقَرِیْبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ فَقَالَ لَهَا مَازِلْتِ عَلٰی حَالِکِ قَالَتْ نَعَمْ فَقَالَ اَلَا اُعَلِّمُکِ کَلِمَاتٍ تَقُوْلِیْنَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَخَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَخَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَخَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضٰی نَفْسِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضٰی نَفْسِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضٰی نَفْسِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ کَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ کَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ کَلِمَاتِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ مَوْلٰی اٰلِ طَلْحَةَ وَهُوَ شَیْخٌ مَدِیْنِیٌّ ثِقَةٌ وَقَدْرَوٰی عَنْهُ الْمَسْعُوْدِیُّ وَ الثَّوْرِیُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ .

۱۴۸۱: حضرت جویریہ بنت حارثؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں اپنی مسجد میں تھی۔پھر دوپہر کے وقت دوبارہ گزرے تو پوچھا کہ ابھی تک اسی حال میں بیٹھی ہو۔(یعنی تسبیح پڑھ رہی ہو) عرض کیا جی ہاں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں کچھ کلمات سکھاتا ہوں تم وہ پڑھا کرو''سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَخَلْقِهٖ '' تین مرتبہ''سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضٰی نَفْسِهٖ '' (اللہ پاک ہے اسکے نفس کی چاہت کے مطابق) تین مرتبہ، ''سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ ''(اللہ پاک ہے۔اسکے عرش کے وزن کے برابر) یہ بھی تین مرتبہ اور پھر فرمایا ''سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ کَلِمَاتِهٖ'' (یعنی اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی اسکے کلمات کی سیاہی کے برابر بیان کرتا ہوں) یہ بھی تین مرتبہ فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔محمد بن عبد الرحمٰن ، آل طلحہ کے مولیٰ ہیں۔ یہ مدنی ہیں اور ثقہ ہیں۔مسعودی اور ثوری نے ان سے یہی حدیث نقل کی ہے۔

۴۹۹: بَابٌ

۴۹۹:باب

۱۴۸۲ :حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَیْمُوْنٍ صَاحِبُ الْاَنْمَاطِ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَیِیٌّ کَرِیْمٌ یَسْتَحْیِیْ اِذَا رَفَعَ الرَّجُلُ اِلَیْهِ یَدَیْهِ اَنْ یَرُدَّهُمَا صِفْرًا خَائِبَتَیْنِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَرَوٰی بَعْضُهُمْ وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

۱۴۸۲: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اللہ تعالیٰ حیادار اور کریم ہے۔جب کوئی بندہ اسکے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے تو اسے شرم آتی ہے کہ اسے خالی اور نامراد واپس کرے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ۔بعض حضرات یہ حدیث غیر مرفوع نقل کرتے ہیں۔

۱۴۸۳ :حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا صَفْوَانُ بْنُ عِیْسٰی نَا

۱۴۸۳: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلاً کَانَ یَدْعُوْ بِاُصْبُعَیْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحِّدْ اَحِّدْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَمَعْنٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ اِذَا اَشَارَ الرَّجُلُ بِاُصْبُعَیْهِ فِی الدُّعَاءِ عِنْدَ الشَّهَادَةِ لَا یُشِیْرُ اِلَّا بِاُصْبُعٍ وَاحِدَةٍ.

ایک شخص اپنی دو انگلیوں سے دعا مانگ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک سے دعا کرو، ایک سے دعا کرو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی دعا مانگتے ہوئے شہادت کے وقت (یعنی تشہد میں) صرف ایک انگلی سے اشارہ کرے۔

اَحَادِیْثُ شَتّٰی مِنْ اَبْوَابِ الدَّعْوَاتِ

دعاؤں کے بارے میں مختلف احادیث

۱۴۸۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ نَا زُهَیْرٌ وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَیْلٍ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ رِفَاعَةَ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَامَ اَبُوْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقُ عَلَی الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَکٰی فَقَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْاَوَّلِ عَلَی الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَکٰی فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ یُعْطَ بَعْدَ الْیَقِیْنِ خَیْرًا مِنَ الْعَافِیَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ.

۱۴۸۴: حضرت رفاعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر پر کھڑے ہو کر رونے لگے پھر فرمایا: (ہجرت کے) پہلے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی جب منبر پر کھڑے ہوئے تو روئے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ سے عفو اور عافیت مانگا کرو کیونکہ یقین کے بعد عافیت سے بڑھ کر بہتر کوئی چیز نہیں۔ یہ حدیث اس سند یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۴۸۵: حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ یَزِیْدَ الْکُوْفِیُّ نَا اَبُوْ یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ نَا عُثْمَانُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ اَبِیْ نُصَیْرَةَ عَنْ مَوْلًی لِاَبِیْ بَکْرٍ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَلَوْ فَعَلَهُ فِی الْیَوْمِ سَبْعِیْنَ مَرَّةً هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ نُصَیْرَةَ وَلَیْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ.

۱۴۸۵: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے گناہ کے بعد استغفار کیا اس نے گناہ پر اصرار نہیں کیا اگرچہ اس نے ایک دن میں ستر مرتبہ ایسا کیا ہو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابونصیر کی روایت سے جانتے ہیں اور یہ سند قوی نہیں۔

۱۴۸۶: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی وَسُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ الْمَعْنٰی وَاحِدٌ قَالَا نَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا الْاَصْبَغُ بْنُ زَیْدٍ نَا اَبُو الْعَلَاءِ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ عَمَدَ اِلَی

۱۴۸۶: حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نئے کپڑے پہن کر یہ دعا پڑھی: "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ..... حَیَاتِیْ" تک (یعنی تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے مجھے ستر ڈھانپنے اور زندگی سنوارنے کے لیے کپڑے پہنائے) اور پھر فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جس نے نیا کپڑا پہننے پر یہ دعا پڑھی اور پھر پرانا کپڑا صدقے میں دے دیا وہ اللہ کی حفاظت، اسکی پناہ اور پردے میں رہے گا خواہ

الثَّوْبِ الَّذِیْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ كَانَ فِیْ كَنَفِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِیْ سِتْرِ اللّٰهِ حَیًّا وَ مَیِّتًا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِیِّ بْنِ یَزِیْدَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ.

وہ زندہ رہے یا مر جائے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ یحییٰ بن ایوب اس حدیث کو عبید بن زحر سے وہ علی بن یزید سے وہ قاسم سے اور وہ ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۴۸۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ قِرَاءَةً عَلَیْهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حُمَیْدٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا قِبَلَ نَجْدٍ فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِیْرَةً وَاَسْرَعُوا الرَّجْعَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّنْ لَمْ یَخْرُجْ مَارَاَیْنَا بَعْثًا اَسْرَعَ رَجْعَةً وَلَا اَفْضَلَ غَنِیْمَةً مِنْ هٰذَا الْبَعْثِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰی قَوْمٍ اَفْضَلَ غَنِیْمَةً وَاَسْرَعَ رَجْعَةً قَوْمٌ شَهِدُوْا صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ جَلَسُوْا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ حَتّٰی طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاُولٰٓئِكَ اَسْرَعُ رَجْعَةً وَاَفْضَلُ غَنِیْمَةً هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَمَّادُ بْنُ اَبِیْ حُمَیْدٍ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ حُمَیْدٍ وَ هُوَ اَبُوْ اِبْرَاهِیْمَ الْاَنْصَارِیُّ الْمَدِیْنِیُّ وَهُوَ ضَعِیْفٌ فِی الْحَدِیْثِ.

۱۴۸۷: حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے نجد کی طرف لشکر بھیجا۔ وہ لوگ بہت مال غنیمت لوٹنے کے بعد جلد واپس آ گئے۔ چنانچہ ایک شخص جو ان کے ساتھ نہیں گیا تھا کہنے لگا کہ میں نے نہیں دیکھا کہ کوئی لشکر اتنی جلدی واپس آئے اور اتنا مال غنیمت ساتھ لائے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ان سے بھی جلد لوٹنے والوں اور ان سے افضل مال غنیمت لانے والوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی اور پھر آفتاب طلوع ہونے تک بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ لوگ ان سے بھی جلد واپس آنے والے اور افضل مال غنیمت لانے والے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ حماد بن ابی حمید کا نام محمد بن ابی حمید اور کنیت ابو ابراہیم ہے۔ یہ انصاری، مدنی ہیں اور محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔

۱۴۸۸: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ وَكِیْعٍ نَا اَبِیْ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ اسْتَاْذَنَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْعُمْرَةِ فَقَالَ اَیْ اُخَیَّ اَشْرِكْنَا فِیْ دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۴۸۸: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرے کے لیے جانے کی اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھائی ہمیں بھی اپنی دعا میں شریک کرنا بھولنا نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۸۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ اَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سَیَّارٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّ مُكَاتَبًا جَاءَهٗ فَقَالَ اِنِّیْ قَدْ عَجَزْتُ عَنْ كِتَابَتِیْ فَاَعِنِّیْ قَالَ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِیْهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

۱۴۸۹: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ایک غلام انکے پاس حاضر ہوا جو زر کتابت ادا کرنے سے عاجز ہو گیا تھا اور عرض کیا کہ میری مدد فرمائیے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایسے کلمات سکھاتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھائے تھے اگر تمہارے اوپر ثبیر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو بھی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ جَبَلٍ صِيْرٍ دَيْنًا اَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْكَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ

تعالیٰ تیری طرف سے ادا کردے گا۔ یوں کہا کرو کہ "اَللّٰهُمَّ.....الخ" (یعنی اے اللہ مجھے حلال مال دے کر حرام سے باز رکھ اور مجھے اپنے فضل سے اپنے علاوہ دوسروں سے بے نیاز کردے) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۴۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنْتُ شَاكِيًا فَمَرَّبِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَجَلِيْ قَدْ حَضَرَ فَارِحْنِيْ وَاِنْ كَانَ مُتَاَخِّرًا فَارْفَعْنِيْ وَاِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ قَالَ فَاَعَادَ عَلَيْهِ مَاقَالَ قَالَ فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهٖ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ اَوِاشْفِهٖ شُعْبَةُ الشَّاكُّ قَالَ فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجْعِيْ بَعْدُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۹۰: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں بیمار ہوا تو نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اس وقت میں کہہ رہا تھا کہ اے اللہ اگر میری موت آ گئی ہے تو مجھے راحت دے اور اگر کچھ تاخیر ہے تو تندرستی عطا فرما اور اگر یہ آزمائش ہے تو مجھے صبر عطا فرما۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علیؓ تم نے کیا کہا: فرماتے ہیں میں نے دوبارہ وہی کلمات کہے تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں اپنے پاؤں سے مارا اور دعا کی کہ یا اللہ اسے عافیت عطا فرما یا فرمایا کہ اسے شفا دے۔ (شعبہ کو شک ہے)۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اسکے بعد کبھی مجھے اس مرض کی کی شکایت نہیں ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۹۱: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَادَ مَرِيْضًا قَالَ اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۴۹۱: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی مریض کی عیادت کے لیے جاتے تو یہ دعا کیا کرتے تھے "اَذْهِبِ الْبَاسَ. ...الخ" (یعنی۔ اے اللہ مرض کو دور کر۔ اے لوگوں کے رب شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے۔ شفا صرف تیری ہی طرف سے ہے۔ ایسی شفا عطا فرما کہ کوئی مرض باقی نہ رہے) یہ حدیث حسن ہے۔

۱۴۹۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عَمْرٍو الْفَزَارِيِّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ وِتْرِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ.

۱۴۹۲: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ....الخ (یعنی اے اللہ میں تیرے غصے سے تیری رضا کی اور تیرے عذاب سے تیری معافی کی پناہ مانگتا ہوں۔ میں تیری اسطرح تعریف نہیں کرسکتا جس طرح تو نے خود اپنی تعریف کی ہے۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے حماد بن سلمہ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۵۰۰: بَابُ فِيْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَعَوُّذِهٖ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ

۱۴۹۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا زَكَرِيَّا ابْنُ عَدِيٍّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ وَعَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَا كَانَ سَعْدٌ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ كَمَا يُعَلِّمُ الْمُكْتِبُ الْغِلْمَانَ وَ يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ بِهِنَّ دُبُرَ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَبُوْ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ يَضْطَرِبُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يَقُوْلُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عُمَرَ وَ يَقُوْلُ عَنْ غَيْرِهٖ وَيَضْطَرِبُ فِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۰۰: باب نبی اکرم علیہ کی دعا اور فرض نماز کے بعد تعوذ کے متعلق

۱۴۹۳: حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ اپنے بیٹوں کو یہ دعا اسطرح یاد کرایا کرتے تھے جس طرح کوئی استاد اپنے شاگردوں کو اور بتاتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھ کر پناہ مانگا کرتے تھے۔ ''اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا ......الخ'' (یعنی۔ اے اللہ میں بزدلی، بخل، بڑھاپے کی عمر، دنیا کے فتنے اور عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابواسحٰق ہمدانی اس حدیث میں اضطراب کرتے تھے۔ چنانچہ کبھی کہتے کہ عمرو بن میمون، عمر سے نقل کرتے ہیں۔ اور کبھی کچھ اور کہتے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح ہے۔

۱۴۹۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ خُزَيْمَةَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهَا اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِمْرَاَةٍ وَبَيْنَ يَدَيْهَا نَوَاةٌ اَوْ قَالَ حَصَاةٌ تُسَبِّحُ بِهَا فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا وَاَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي السَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَعْدٍ.

۱۴۹۴: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ ایک عورت کے پاس گیا اسکے سامنے گٹھلیاں یا کنکر پڑے ہوئے تھے اور وہ ان پر تسبیح پڑھ رہی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اس سے آسان یا افضل چیز بتاتا ہوں۔ ''سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي السَّمَاءِ ...سے آخر تک'' (یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے آسمان اور زمین کی مخلوقات کے برابر پاکی ہے۔ پھر جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جس چیز کو وہ قیامت تک پیدا کرے گا اور اللہ بہت بڑا ہے۔ اسکی تعریف بھی اتنی ہی تعداد میں اور اتنی ہی مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ) یہ حدیث سعد کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۱۴۹۵: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَزَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ

۱۴۹۵: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَبِیْ حَکِیْمٍ مَوْلَی الزُّبَیْرِ عَنِ الزُّبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ صَبَاحٍ یُصْبِحُ الْعَبْدُ اِلَّا مُنَادِیُنَادِیْ سَبِّحُوا الْمَلِکَ الْقُدُّوْسَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

کوئی صبح ایسی نہیں کہ اعلان کرنے والا اعلان نہ کرتا ہو کہ ملک قدوس (پاک بادشاہ) کی تسبیح بیان کرو۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۴۹۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ انا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِیُّ انَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ نا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ وَعِکْرِمَةَ مَوْلَی بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْجَاءَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ تَفَلَّتَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ مِنْ صَدْرِیْ فَمَا اَجِدُنِیْ اَقْدِرُ عَلَیْهِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَااَبَا الْحَسَنِ اَفَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ یَنْفَعُکَ اللّٰهُ بِهِنَّ وَیَنْفَعُ بِهِنَّ مَنْ عَلَّمْتَهٗ وَیُثَبِّتُ مَا تَعَلَّمْتَ فِیْ صَدْرِکَ قَالَ اَجَلْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلِّمْنِیْ قَالَ اِذَا کَانَ لَیْلَةُ الْجُمُعَةِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَقُوْمَ فِیْ ثُلُثِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ فَاِنَّهَا سَاعَةٌ مَشْهُوْدَةٌ وَالدُّعَاءُ فِیْهَا مُسْتَجَابٌ وَقَدْ قَالَ اَخِیْ یَعْقُوْبُ لِبَنِیْهِ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُلَکُمْ رَبِّیْ یَقُوْلُ حَتّٰی تَاْتِیَ لَیْلَةُ الْجُمُعَةِ فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ وَسْطِهَا فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ اَوَّلِهَا فَصَلِّ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ تَقْرَاُ فِی الرَّکْعَةِ الْاُوْلٰی بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ وَسُوْرَةِ یٰسٓ وَفِی الرَّکْعَةِ الثَّانِیَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانَ وَ فِی الرَّکْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ وَ الٓمٓ تَنْزِیْلُ السَّجْدَةِ وَفِی الرَّکْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ وَتَبَارَکَ الْمُفَصَّلَ فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَهُّدِ فَاحْمَدِ اللّٰهَ وَاَحْسِنِ الثَّنَآءَ عَلَی اللّٰهِ وَصَلِّ عَلَیَّ وَاَحْسِنْ وَعَلٰی سَائِرِ النَّبِیِّیْنَ وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلِاِخْوَانِکَ الَّذِیْنَ سَبَقُوْکَ بِالْاِیْمَانِ ثُمَّ قُلْ فِیْ اٰخِرِ ذٰلِکَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ وَ

۱۴۹۶: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ علی بن ابی طالبؓ آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان میرے سینے سے قرآن نکلتا جارہا ہے۔ میں اسکے حفظ پر قادر نہیں رہا۔ آپؐ نے فرمایا: ابوحسن میں تمہیں ایسے کلمات سکھاتا ہوں کہ تمہیں بھی فائدہ پہنچائیں گے۔ اور جسے بتاؤ گے اس کے لیے بھی فائدہ مند ہوں گے اور جو کچھ تم سیکھو گے وہ تمہارے سینے میں رہے گا عرض کیا: جی ہاں ضرور سکھایئے۔ آپؐ نے فرمایا: جمعہ کی شب کو اگر تم رات کے آخری حصے میں اٹھ سکو تو یہ گھڑی ایسی ہے کہ فرشتے اس وقت حاضر ہوتے ہیں اور دعا کی قبولیت کا وقت ہوتا ہے چنانچہ میرے بھائی یعقوب علیہ السلام نے بھی اپنے بیٹوں کو یہی کہا تھا کہ میں عنقریب جمعہ کی رات کو تم لوگوں کے لیے مغفرت کی دعا کروں گا۔ لیکن اگر اس وقت بھی نہ اٹھ سکو تو درمیانی حصے میں اٹھ جاؤ اور اگر اس وقت بھی نہ اٹھ سکو تو رات کے پہلے تہائی حصے میں ہی چار رکعت نماز پڑھو۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ دخان، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ہم سجدہ اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ملک پڑھو۔ پھر جب (قعدہ اخیر میں) التحیات سے فارغ ہونے کے بعد خوب اچھے طریقے سے اللہ کی حمد و ثنا بیان کرو۔ پھر اسی طرح مجھ پر اور تمام انبیاء پر درود بھیجو۔ پھر تمام مؤمن مردوں اور عورتوں کے لیے مغفرت مانگو، پھر ان بھائیوں کے لیے بھی جو تم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں۔ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھو" اَللّٰهُمَّ ...... الخ" (یعنی۔ اے اللہ مجھ پر جبتک میں زندہ ہوں اسطرح اپنا رحم فرما کہ میں ہمیشہ کے لیے گناہ چھوڑ دوں اور لایعنی باتوں سے پرہیز کروں، مجھے اپنے پسندیدہ امور کے متعلق خوب غور و فکر

ارْحَمْنِي اَنْ اَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَ نُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْأَلُكَ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَااَبَا الْحَسَنِ تَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ اَوْخَمْسًا اَوْسَبْعًا تُجَبْ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاَ مُؤْمِنًا قَطُّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَوَاللّٰهِ مَالَبِثَ عَلِيٌّ اِلَّا خَمْسًا اَوْسَبْعًا حَتّٰى جَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مِثْلِ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ فِيْمَا خَلَا لَا اٰخُذُ اِلَّا اَرْبَعَ اٰيَاتٍ اَوْنَحْوَ هُنَّ فَاِذَا قَرَأْتُهُنَّ عَلٰى نَفْسِيْ تَفَلَّتْنَ وَاَنَا اَتَعَلَّمُ الْيَوْمَ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً وَنَحْوَهَا فَاِذَا قَرَاْتُهَا عَلٰى نَفْسِيْ فَكَاَنَّمَا كِتَابُ اللّٰهِ بَيْنَ عَيْنَيَّ وَلَقَدْ كُنْتُ اَسْمَعُ الْحَدِيْثَ فَاِذَا رَدَّدْتُهٗ تَفَلَّتَ وَاَنَا الْيَوْمَ اَسْمَعُ الْاَحَادِيْثَ فَاِذَا تَحَدَّثْتُ بِهَا لَمْ اَخْرِمْ مِنْهَا حَرْفًا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عِنْدَ ذٰلِكَ مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اَبَا الْحَسَنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ.

کرنا عطا فرما۔ اے اللہ، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، اے عظمت اور بزرگی والے اور اے ایسی عزت والے کہ جس کی کوئی اور خواہش نہ کر سکے، اے اللہ، اے رحمٰن میں تجھ سے تیرے جلال اور تیرے چہرے کے نور کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل پر اپنی کتاب (قرآن مجید) کا حفظ اس طرح لازم کر دے جس طرح تو نے مجھے یہ کتاب سکھائی ہے اور مجھے توفیق دے کہ میں اسکی اسی طرح تلاوت کروں جس طرح تو پسند کرتا ہے۔ اے آسمانوں اور زمین کے خالق، اے ذوالجلال والاکرام اور اے ایسی عزت والے جسکی کوئی خواہش بھی نہیں کر سکتا۔ اے اللہ، اے رحمٰن تیری عظمت اور تیرے چہرے کے نور کے وسیلے سے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری نظر کو اپنی کتاب سے پرنور کر دے اسے میری زبان پر جاری کر دے۔ اس سے میرا دل اور سینہ کھول دے اور اس سے میرا بدن دھو دے اس لیے کہ حق پر میری تیرے علاوہ کوئی مدد نہیں کر سکتا۔ صرف تو ہی ہے جو میری مدد کر سکتا ہے۔ (کسی گناہ سے بچنے کی طاقت یا نیکی کرنے کی قوت بھی صرف تیری ہی طرف سے ہے جو بہت بلند اور عظیم ہے) پھر آپؐ نے فرمایا: اے حسن تم اسے تین، پانچ یا سات جمعہ تک پڑھو۔ اللہ کے حکم سے تمہاری دعا قبول کی جائے گی۔ اور اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کیساتھ بھیجا ہے۔ اسے پڑھنے والا کوئی مؤمن کبھی محروم نہیں رہ سکتا۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ پانچ یا سات جمعے گزرنے کے بعد حضرت علیؓ ویسی ہی مجلس میں دوبارہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میں پہلے چار آیتیں یاد کرتا تو جب پڑھنے لگتا بھول جاتا اور اب چالیس آیتیں یاد کرنے کے بعد بھی پڑھنے لگتا ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ قرآن میرے سامنے ہے۔ اسی طرح جب میں کوئی حدیث سنتا تھا تو جب پڑھنے لگتا تو وہ دل سے نکل جاتی۔ اور اب احادیث سنتا ہوں تو بیان کرتے وقت اس میں سے ایک حرف بھی نہیں چھوٹتا۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم ابوحسن مؤمن ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ولید بن مسلم کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۴۹۷: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّسْأَلَ وَاَفْضَلُ الْعِبَادَةِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ هٰكَذَا رَوٰی حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَحَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ لَيْسَ بِالْحَافِظِ وَرَوٰی اَبُوْ نُعَيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ اَبِیْ نُعَيْمٍ اَشْبَهُ اَنْ يَّكُوْنَ اَصَحَّ.

۱۴۹۷: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے اسکا فضل مانگا کرو کیونکہ وہ پسند کرتا ہے کہ اس سے مانگا جائے اور افضل عبادت دعا کی قبولیت کا انتظار کرنا ہے۔ احمد بن واقد بھی یہ حدیث اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ حماد بن واقد کا حافظہ قوی نہیں۔ ابونعیم یہی حدیث اسرائیل سے وہ حکیم بن جبیر سے وہ ایک شخص سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ ابونعیم کی روایت اصح ہونے کے زیادہ مشابہ ہے۔

۱۴۹۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا عَاصِمُ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْعَجْزِ وَالْبُخْلِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۴۹۸: حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھا کرتے تھے" اَللّٰهُمَّ ......الخ" (یعنی اے اللہ میں سستی، عجز اور بخل سے تیری پناہ مانگتا ہوں) اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بڑھاپے اور عذاب قبر سے بھی پناہ مانگا کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۴۹۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ جُبَيْرِ ابْنِ نُفَيْرٍ اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَی الْاَرْضِ مُسْلِمٌ يَدْعُو اللّٰهَ تَعَالٰی بِدَعْوَةٍ اِلَّا اٰتَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهَا اَوْصَرَفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا مَالَمْ يَدْعُ بِمَأْثَمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اِذًا نُكْثِرَ قَالَ اللّٰهُ اَكْثَرُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَابْنُ ثَوْبَانَ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ الْعَابِدُ الشَّامِيُّ.

۱۴۹۹: حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زمین پر کوئی مسلمان ایسا نہیں جو اللہ سے دعا کرے اور اللہ اسے وہی چیز عطا نہ کرے۔ یا اس سے اسکے برابر کوئی برائی دور نہ کرے بشرطیکہ اس نے کسی گناہ یا قطع رحمی کے لیے دعا نہ کی ہو۔ اس پر ایک شخص نے پوچھا کہ اگر ہم بہت زیادہ دعائیں کرنے لگیں تو؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ اس سے بھی زیادہ قبول کرنے والا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب صحیح ہے۔ ابن ثوبان کا نام، عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان عابد شامی ہے۔

۱۵۰۰: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ ثَنِی الْبَرَاءُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوْءَكَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰی شِقِّكَ الْاَيْمَنِ

۱۵۰۰: حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم سونے کے لیے بستر پر جانے کا ارادہ کرو تو جس طرح نماز کے لیے وضو کرتے ہیں۔ اسی طرح وضو کرو پھر اپنی دائیں کروٹ پر لیٹو اور یہ دعا پڑھو " اَللّٰهُمَّ ......الخ" (یعنی اے اللہ

ثُمَّ قُلِ اللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاَمِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ فَاِنْ مُتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَرَدَدْتُهُنَّ لِاَسْتَذْكِرَهُ فَقُلْتُ اٰمَنْتُ بِرَسُوْلِكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ فَقَالَ قُلْ اٰمَنْتُ بِنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنِ الْبَرَاءِ وَلَا نَعْلَمُ فِيْ شَيْءٍ مِنَ الرِّوَايَاتِ ذِكْرَالْوُضُوْءِ اِلَّا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

میں نے اپنا چہرہ تیری طرف کیا، اپنا کام تجھ کو سونپا اور تجھ ہی کو امید اور خوف کے وقت اپنا پشت پناہ بنایا اور تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں کیونکہ تجھ سے فرار ہو کر نہ کوئی ٹھکانہ ہے اور نہ نجات۔ میں تیری نازل کی ہوئی کتاب اور تیرے بھیجے ہوئے نبی پر ایمان لایا۔) پھر اگر تم اس رات مرجاؤ گے تو دین اسلام پر مروگے، براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ میں نے یہ کلمات یاد کرنے کے لیے دہرائے تو "اٰمَنْتُ بِرَسُوْلِكَ" کہہ دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کہو میں تیرے بھیجے ہوئے نبی پر ایمان لایا۔" اٰمَنْتُ بِنَبِيِّكَ"۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے براء بن عازبؓ سے منقول ہے لیکن وضو کا ذکر صرف اسی حدیث میں ہے۔

۱۵۰۱: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ فُدَيْكٍ نَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْبَرَّادِ عَنْ مُعَاذِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا فِيْ لَيْلَةٍ مَطِيْرَةٍ وَظُلْمَةٍ شَدِيْدَةٍ نَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَنَا قَالَ فَاَدْرَكْتُهُ فَقَالَ قُلْ فَلَمْ اَقُلْ شَيْئًا ثُمَّ قَالَ قُلْ قُلْ فَلَمْ اَقُلْ شَيْئًاقَالَ قُلْ فَقُلْتُ مَا اَقُوْلُ قَالَ قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِيْنَ تُمْسِيْ وَ تُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ الْبَرَّادُ هُوَ اَسِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَسِيْدٍ.

۱۵۰۱: حضرت عبداللہ بن خبیبؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم برسات کی اندھیری رات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش کے لیے نکلے تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری امامت کریں۔ چنانچہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرلیا۔ آپؐ نے فرمایا: کہو میں خاموش رہا۔ آپؐ نے پھر فرمایا کہو۔ میں اس مرتبہ بھی خاموش رہا تو آپؐ نے تیسری مرتبہ بھی فرمایا کہو۔ میں نے عرض کیا۔ کیا کہوں؟ آپؐ نے فرمایا سورۂ اخلاص سورۂ خلق اور سورۂ ناس روزانہ صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھا کرو۔ یہ تمہاری ہر چیز کے لیے کافی ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے صحیح غریب ہے اور ابوسعید براد کا نام اسید بن ابی اسید ہے۔

۱۵۰۲: حَدَّثَنَااَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ فَقَالَ فَقَرَّبْنَا اِلَيْهِ طَعَامًا فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ اُتِيَ بِتَمْرٍ فَكَانَ يَاْكُلُهُ وَيُلْقِي النَّوٰى بِاِصْبَعَيْهِ جَمَعَ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطٰى قَالَ شُعْبَةُ وَهُوَ ظَنِّيْ فِيْهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَاَلْقَى النَّوٰى بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ ثُمَّ اُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ الَّذِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ قَالَ فَقَالَ اَبِيْ وَاَخَذَ

۱۵۰۲: حضرت عبداللہ بن بسرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ میرے والد کے پاس تشریف لائے تو ہم نے آپ کی خدمت میں کھانا پیش کیا۔ آپ ﷺ نے اس میں سے کھایا پھر کھجوریں لائی گئیں۔ چنانچہ آپ کھاتے اور گٹھلی شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے رکھ دیتے شعبہ کہتے ہیں کہ آپ کا ان دو انگلیوں سے گٹھلیاں رکھنا میرا گمان ہے اور انشاء اللہ صحیح ہوگا۔ پھر کوئی پینے کی چیز لائی گئی وہ بھی آپؐ نے پی اور پھر اپنے دائیں طرف والے کو دے دی۔ پھر میرے والد نے آپ کی سواری کی لگام

بِلِجَامِ دَابَّتِهِ ادْعُ لَنَا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْلَهُمْ وَ ارْحَمْهُمْ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

پکڑ کر عرض کیا کہ ہمارے لیے دعا کیجئے۔ چنانچہ آپؐ نے یہ دعا کی "اَللّٰهُمَّ ...... الخ" (یعنی اے اللہ انہیں جو کچھ تو نے عطا کیا ہے اس میں برکت پیدا فرما انکی مغفرت کر اور ان پر رحم فرما)۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۰۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ نَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الشَّنِّيُّ ثَنِي اَبِيْ عُمَرُ بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ بِلاَلَ بْنَ يَسَارِ بْنِ زَيْدٍ ثَنِي اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ وَاِنْ كَانَ فَرَّمِنَ الزَّحْفِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۰۳: حضرت زیدؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جو شخص "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ...... اَتُوْبُ اِلَيْهِ" تک پڑھ کر مغفرت مانگے گا اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دیں گے خواہ وہ جہاد ہی سے بھاگا ہو۔ (ترجمہ۔ میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ۔ وہ زندہ اور کائنات کو قائم رکھنے والا ہے اسکے سامنے توبہ کرتا ہوں)۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۵۰۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ رَجُلاً ضَرِيْرَ الْبَصَرِاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يُعَافِيَنِيْ قَالَ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قَالَ فَادْعُهُ قَالَ فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوْءَهُ وَيَدْعُوْبِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِيْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ جَعْفَرٍ وَهُوَ غَيْرُ الْخَطْمِيِّ.

۱۵۰۴: حضرت عثمان بن حنیفؓ فرماتے ہیں کہ ایک نابینا شخص آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے لیے عافیت کی دعا کریں۔ آپؐ نے فرمایا: اگر چاہو تو میں دعا کرتا ہوں اور اگر چاہو تو اسی (نابیناپن) پر صبر کرو، اور یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا۔ آپؐ میرے لیے دعا ہی کیجئے چنانچہ آپؐ نے اسے حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کرنے کے بعد اس طرح دعا کرو "اَللّٰهُمَّ ..... الخ" (یعنی۔ اے اللہ میں تجھ سے تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ میرے بارے میں انکی شفاعت قبول فرما۔) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو اس سند سے ابو جعفر کی روایت سے جانتے ہیں۔ یہ خطمی کے علاوہ کوئی اور ہیں۔

۱۵۰۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنِي مَعْنٌ ثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ ثَنِي عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَقْرَبُ

۱۵۰۵: حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات کے آخری حصے میں بندہ اپنے رب سے بہت زیادہ قریب ہوتا ہے اگر تم اس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں میں سے ہو سکو تو ایسا کر لیا کرو۔ یہ

مَایَکُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِفَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ یَکُوْنَ مِمَّنْ یَذْکُرُ اللّٰہَ فِیْ تِلْکَ السَّاعَۃِ فَکُنْ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِّنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

حدیث اسی سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۰۶: حَدَّثَنَااَبُو الْوَلِیْدِ الدِّمَشْقِیُّ نَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ ثَنِیْ عُفَیْرُ بْنُ مَعْدَانَ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا دَوْسٍ الْیَحْصُبِیَّ یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَائِذٍ الْیَحْصُبِیِّ عَنْ عُمَارَۃَ بْنِ زَعْکَرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یَقُوْلُ اِنَّ عَبْدِیْ کُلَّ عَبْدِی الَّذِیْ یَذْکُرُنِیْ وَھُوَ مُلَاقٍ قِرْنَہٗ یَعْنِیْ عِنْدَ الْقِتَالِ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ وَلَیْسَ اِسْنَادُہٗ بِالْقَوِیِّ.

۱۵۰۶: حضرت عمارہ بن زعکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا بندہ وہ ہے جو مجھے اپنے مدمقابل سے قتال (جنگ) کرتے وقت یاد کرتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند قوی نہیں۔

۱۵۰۷: حَدَّثَنَااَبُوْ مُوْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا وَھْبُ بْنُ جَرِیْرٍ ثَنِیْ اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ مَنْصُوْرَ بْنَ زَاذَانَ یُحَدِّثُ عَنْ مَیْمُوْنَ بْنِ اَبِیْ شَبِیْبٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ اَنَّ اَبَاہُ دَفَعَہٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ صَلَّیْتُ فَضَرَبَنِیْ بِرِجْلِہٖ وَقَالَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّۃِ قُلْتُ بَلٰی قَالَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِّنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

۱۵۰۷: حضرت قیس بن سعد بن عبادہؓ فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے انہیں نبی اکرم ﷺ کی خدمت پر مامور کیا تھا۔ ایک مرتبہ میں نماز پڑھ کر فارغ ہوا تو آپ میرے پاس سے گزرے اور مجھے اپنے پاؤں سے مار کر فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے کے متعلق نہ بتاؤں۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ"۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۰۸: حَدَّثَنَامُوْسَی بْنُ حِزَامٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْانَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ سَمِعْتُ ھَانِئَ بْنَ عُثْمَانَ عَنْ اُمِّہٖ حُمَیْضَۃَ بِنْتِ یَاسِرٍ عَنْ جَدَّتِھَا یُسَیْرَۃَ وَکَانَتْ مِنَ الْمُھَاجِرَاتِ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُنَّ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّھْلِیْلِ وَالتَّقْدِیْسِ وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ فَاِنَّھُنَّ مَسْؤُلَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَیْنَ الرَّحْمَۃَ ھٰذَا حَدِیْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُہٗ مِنْ حَدِیْثِ ھَانِیِٔ بْنِ عُثْمَانَ وَقَدْرَوَاہُ مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَۃَ عَنْ ھَانِیِٔ بْنِ عُثْمَانَ.

۱۵۰۸: حضرت یسیرہؓ جومہاجرات میں سے تھیں فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا کہ تم لوگ تسبیح، تہلیل، اور تقدیس یعنی "سُبْحَانَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ" یا "سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحُ" پڑھتی رہا کرو اور انگلیوں کے پوروں پر گنا کرو۔ اس لیے کہ قیامت کے دن ان سے سوال کیا جائے گا اور وہ بولیں گی۔ پھر غافل نہ ہونا کیونکہ اس سے تم اسباب رحمت بھول جاؤ گی۔ اس حدیث کو ہم صرف ھانی بن عثمان کی روایت سے پہنچانتے ہیں۔ محمد بن ربیعہ نے بھی ھانی بن عثمان سے روایت کی ہے۔

۱۵۰۹: حَدَّثَنَانَصْرُ بْنُ عَلِیِّ الْجَھْضَمِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ

۱۵۰۹: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

اَبِیْ عَنِ الْمُثَنّٰی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَزٰی قَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِیْ وَاَنْتَ نَصِيْرِیْ وَبِكَ اُقَاتِلُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں یہ دعا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (یعنی اے اللہ تو ہی میرا قوت بازو اور میرا مددگار ہے۔ میں صرف تیری ہی مدد سے لڑتا ہوں) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۵۱۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدِيْنِیُّ قَالَ ثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حُمَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الدُّعَاءِ دُعَاءُ يَوْمِ عَرَفَةَ وَخَيْرُ مَاقُلْتُ اَنَا وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ قَبْلِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَمَّادُ بْنُ اَبِیْ حُمَيْدٍ وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ حُمَيْدٍ وَهُوَ اَبُوْاِبْرَاهِيْمَ الْاَنْصَارِیُّ الْمَدِيْنِیُّ وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِیِّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

۱۵۱۰: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ۔ بہترین دعا وہ ہے جو عرفات کے دن مانگی جائے اور میرا اور پچھلے تمام انبیاء کا بہترین قول یہ ہے "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ".....آخر تک۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ حماد بن ابی حمید، محمد بن ابوحمید ہیں اور محمد بن ابوحمید، ابوابراہیم انصاری مدنی ہیں۔ یہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہیں۔

۵۰۱: بَابٌ

۵۰۱: باب

۱۵۱۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِیِّ عَنْ اَبِیْ شَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِیْ خَيْرًا مِنْ عَلَانِيَتِیْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِیْ صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ الضَّالِّ وَلَا الْمُضِلِّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِیِّ.

۱۵۱۱: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ دعا پڑھنے کا حکم دیا: "اَللّٰهُمَّ ....الخ" (یعنی اے اللہ میرا باطن میرے ظاہر سے اچھا کر اور میرا ظاہر نیک کر دے۔ اے اللہ تو لوگوں کو جو مال اور اہل وعیال عطا فرماتا ہیں اس میں سے میں تجھ سے بہترین چیزیں مانگتا ہوں جو نہ خود گمراہ ہوں اور نہ کسی کو گمراہ کریں۔) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند قوی نہیں ہے۔

۱۵۱۲: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ الْجَحْدَرِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَعْدَانَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ الْجَرْمِیُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّیْ وَقَدْ

۱۵۱۲: حضرت عاصم بن کلیب جرمی اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دایاں ہاتھ دائیں

وَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَقَبَضَ اَصَابِعَهُ وَبَسَطَ السَّبَّابَةَ وَهُوَ يَقُوْلُ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَاالْوَجْهِ.

ران پر اور بایاں ہاتھ بائیں ران پر تھا۔ مٹھی بند کی ہوئی تھی اور شہادت کی انگلی پھیلا کر یہ دعا کر رہے تھے: ''يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبُ......'' آخر تک یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۱۵۱۳: حَدَّثَنَاعَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ ثَنِي اَبِيْ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ ثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ قَالَ قَالَ لِيْ يَا مُحَمَّدُ اِذَا اشْتَكَيْتَ فَضَعْ يَدَكَ حَيْثُ تَشْتَكِيْ ثُمَّ قُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّمَا اَجِدُ مِنْ وَجِعِيْ هٰذَا ثُمَّ ارْفَعْ يَدَكَ ثُمَّ اَعِدْذٰلِكَ وِتْرًا فَاِنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ بِذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۱۳: حضرت محمد بن سالم، ثابت بنانی سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: اے محمد بن سالم اگر کہیں تکلیف ہو تو اُس جگہ ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھا کرو '' بِسْمِ اللّٰهِ ..... هٰذَا '' تک (یعنی اللہ کے نام سے میں اس درد کے شر سے اللہ کی عزت اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں۔) پھر ہاتھ ہٹالو اور یہی عمل طاق تعداد میں کرو۔ (پھر فرمایا کہ حضرت انس بن مالکؓ نے مجھ سے بیان کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ عمل بیان فرمایا تھا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۵۱۴: حَدَّثَنَاحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ ابْنِ الْاَسْوَدِ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْهَا اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِسْتِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاسْتِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ وَحُضُوْرُ صَلَوَاتِكَ اَسْاَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَفْصَةُ بِنْتِ اَبِيْ كَثِيْرٍ لَا نَعْرِفُهَا وَ لَا اَبَاهَا.

۱۵۱۴: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ دعا سکھائی '' اَللّٰهُمَّ ....الخ'' (یعنی اے اللہ یہ تیری رات کے آنے اور دن کے جانے کا وقت ہے اور تجھے پکارنے والوں کی آواز کا اور تیری نماز کے حاضر ہونے کا بھی وقت ہے۔ لہٰذا میں تجھ سے اپنی مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔) یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ حفصہ بنت ابی کثیر اور ان کے والد کو ہم نہیں جانتے۔

۱۵۱۵: حَدَّثَنَاالْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ الصُّدَائِيُّ الْبَغْدَادِيُّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ قَاسِمٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا قَالَ عَبْدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَطُّ مُخْلِصًا اِلَّا فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰى تُفْضِيَ اِلَى الْعَرْشِ مَااجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۱۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اخلاص کے ساتھ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہتا ہے اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ (کلمہ) عرش تک پہنچ جاتا ہے اور یہ اسی صورت میں ہوتا ہے کہ کبائر سے بچتا رہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۵۱۶: حَدَّثَنَاسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ كَانَ

۱۵۱۶: حضرت زیادہ بن علاقہ اپنے چچا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔'' اَللّٰهُمَّ ....الخ''

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَمُّ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ هُوَ قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(یعنی اے اللہ میں تجھ سے بری عادات، برے اعمال اور بری خواہشات سے پناہ مانگتا ہوں۔) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور زیاد بن علاقہ کے چچا کا نام قطبہ بن مالک ہے۔ یہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں۔

۱۵۱۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الْقَائِلُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ عَجِبْتُ لَهَا فُتِحَتْ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ هُوَ حَجَّاجُ بْنُ مَيْسَرَةَ الصَّوَّافُ وَيُكْنٰى اَبَا الصَّلْتِ وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

۱۵۱۷: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک شخص نے " اَللّٰهُ اَكْبَرُ ...... اَصِيْلًا تک پڑھا" (یعنی اللہ بہت بڑا ہے، تمام اور بہت سی تعریفیں اسی کے لیے ہیں اور اللہ صبح وشام پاکی والا ہے) آپؐ نے (نماز کے بعد) پوچھا کہ کس نے یہ کلمات کہے تھے؟ ایک شخص نے عرض کیا: میں نے یا رسول اللہ ﷺ آپؐ نے فرمایا: مجھے تعجب ہوا کہ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے یہ بات نبی اکرم ﷺ سے سنی۔ یہ کلمات کبھی نہیں چھوڑے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ حجاج بن ابی عثمان، حجاج بن میسرہ صواف ہیں۔ انکی کنیت ابوصلت ہے اور یہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔

۱۵۱۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنِي الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَسْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَهُ اَوْ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ عَادَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْكَلَامِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ فَقَالَ مَا اصْطَفَاهُ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۱۸: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی یا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عیادت کی تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان۔ اللہ کو کونسا کلام زیادہ پسند ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کے لیے پسند کر رکھا ہے "سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهٖ" یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۱۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ نَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ الْعَمِّيِّ عَنْ اَبِيْ اِيَاسٍ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ لَا

۱۵۱۹: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا رد نہیں کی جاتی۔ لوگوں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ پھر ہم اس وقت کیا دعا کریں؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے

يُردُّ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ قَالُوْا فَمَا ذَا نَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ سَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ زَادَ يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ هٰذَا الْحَرْفَ قَالُوْا فَمَا ذَا نَقُوْلُ قَالَ سَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ.

دنیا وآخرت میں عافیت مانگا کرو۔
یہ حدیث حسن ہے۔ یحییٰ بن یمان نے اس حدیث میں یہ الفاظ زیادہ بیان کئے ہیں کہ لوگوں نے پوچھا تو ہم اس وقت کیا دعا کریں ۔ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت میں عافیت مانگا کرو۔

١٥٢٠: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَاَبُوْ اَحْمَدَ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّعَاءُ لَا يُرَدُّ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ وَهٰكَذَا رَوٰى اَبُوْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ بُرَيْدَةَ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ الْكُوْفِيِّ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَهٰذَا اَصَحُّ.

١٥٢٠: محمود بن غیلان بھی وکیع اور عبدالرزاق سے وہ ابواحمد اور ابونعیم سے وہ سفیان سے وہ زید سے وہ معاویہ سے وہ انسؓ سے اور وہ رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ ابواسحٰق ہمدانی نے بھی یہ حدیث بریدہ بن ابی مریم سے انہوں نے انسؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کی ہے۔ یہ حدیث زیادہ صحیح ہے۔

٥٠٢: بَابٌ

٥٠٢: باب

١٥٢١: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ قَالَ الْمُسْتَهْتَرُوْنَ فِىْ ذِكْرِ اللّٰهِ يَضَعُ الذِّكْرُ عَنْهُمْ اَثْقَالَهُمْ فَيَاْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِفَافًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

١٥٢١: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہلکے پھلکے لوگ آگے نکل گئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ کون لوگ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ذکر الٰہی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ذکر ان پر سے گناہوں کے بوجھ اتار دیتا ہے۔ لہٰذا وہ قیامت کے ہلکے پھلکے ہو کر حاضر ہوں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

١٥٢٢: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقُوْلَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَحَبُّ اِلَىَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

١٥٢٢: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا ''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہنا مجھے ان سب چیزوں سے عزیز ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ (یعنی دنیا ومافیہا سے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٥٢٣: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ سَعْدَانَ الْقُبِّيِّ عَنْ اَبِىْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِىْ مُدِلَّةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَا

١٥٢٣: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین آدمیوں کی دعائیں رد نہیں ہوتی۔ روزہ دار کی افطار کے وقت اور عادل حاکم کی اور مظلوم کی دعا۔ اللہ تعالیٰ مظلوم

ثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمُ الصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ وَالْإِمَامُ الْعَادِلُ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ وَيَفْتَحُ لَهَا اَبْوَابَ السَّمَاءِ وَيَقُوْلُ الرَّبُّ وَعِزَّتِيْ لَاَ نْصُرَنَّکَ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَسَعْدَانُ الْقُبِّيُّ هُوَ سَعْدَانُ بْنُ بِشْرٍ وَقَدْرَوٰى عَنْهُ عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ وَاَبُوْ عَاصِمٍ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَاَبُوْ مُجَاهِدٍ هُوَ سَعْدُ الطَّائِيُّ وَاَبُوْ مُدِلَّةٍ هُوَ مَوْلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ وَاِنَّمَا نَعْرِفُهُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَيُرْوٰى عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَطْوَلُ مِنْ هٰذَا وَ اَتَمُّ.

۱۵۲۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَايَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۲۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَوْ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْاَرْضِ فُضْلاً عَنْ كُتَّابِ النَّاسِ فَاِذَا وَجَدُوْا اَقْوَامًا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَنَادَوْا هَلُمُّوْا اِلٰى بُغْيَتِكُمْ فَيَجِيْئُوْنَ فَيَحُفُّوْنَ بِهِمْ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ اللّٰهُ اَيُّ شَيْءٍ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ يَصْنَعُوْنَ فَيَقُوْلُوْنَ تَرَكْنَا هُمْ يَحْمَدُوْنَکَ وَيُمَجِّدُوْنَکَ وَيَذْكُرُوْنَکَ قَالَ فَيَقُوْلُ هَلْ رَاَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَيَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْکَ لَكَانُوْا اَشَدَّ تَحْمِيْدًا وَاَشَدَّ تَمْجِيْدًا وَاَشَدَّ لَکَ ذِكْرًا قَالَ فَيَقُوْلُ وَاَيُّ شَيْءٍ يَطْلُبُوْنَ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ يَطْلُبُوْنَ الْجَنَّةَ قَالَ فَيَقُوْلُ فَهَلْ رَاَوْهَا قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ

کی بددعا کو بادلوں سے بھی اوپر اٹھاتا ہے اور اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میری عزت کی قسم میں ضرور تمہاری مدد کروں گا اگرچہ تھوڑے عرصے کے بعد کروں۔ یہ حدیث حسن ہے اور سعدان قمی سے مراد سعدان بن بشر ہیں۔ عیسیٰ بن یونس، ابو عاصم اور کئی دوسرے اکابر محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔ ابو مجاہد کا نام سعد طائی ہے اور کنیت ابو مدلہ ہے یہ ام المومنین حضرت عائشہؓ کے مولیٰ ہیں۔ ہم انہیں اسی حدیث سے جانتے ہیں۔ یہ حدیث ان سے اس سے زیادہ طویل اور مکمل مروی ہے۔

۱۵۲۴: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اَللّٰهُمَّ ....الخ'' (یعنی۔ اے اللہ جو کچھ تو نے مجھے سکھایا اس سے مجھے فائدہ عطا فرما اور مجھے مزید علم عطا فرما۔ ہر حال میں تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ اور میں دوزخیوں کے حال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔) یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۱۵۲۵: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نامۂ اعمال لکھنے والوں کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو زمین پر پھرتے رہتے ہیں جب وہ کسی جماعت کو ذکر الٰہی میں مشغول پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آ جاؤ۔ چنانچہ وہ آتے ہیں اور انہیں دنیا کے آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں۔ اللہ پوچھتے ہیں کہ تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا۔ فرشتے کہتے ہیں کہ ہم نے انہیں تیری تعریف، تیری بزرگی بیان کرتے اور تیرا ذکر کرتے چھوڑا ہے۔ اللہ فرماتے ہیں کہ کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں۔ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر وہ لوگ مجھے دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ شدت سے تحمید و بزرگی بیان کرنے اور اس سے زیادہ شدت

فَيَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْرَاَوْهَا قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَوْرَاَوْهَا لَكَانُوْا اَشَدَّلَهَا طَلَبًا وَاَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا قَالَ فَيَقُوْلُ فَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَتَعَوَّذُوْنَ قَالُوْا يَتَعَوَّذُوْنَ مِنَ النَّارِ قَالَ فَيَقُوْلُ وَهَلْ رَاَوْهَا فَيَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَيَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْرَاَوْهَا فَيَقُوْلُوْنَ لَوْرَاَوْهَا لَكَانُوْا اَشَدَّمِنْهَا هَرَبًا وَاَشَدَّمِنْهَا خَوْفًا وَاَشَدَّمِنْهَا تَعَوُّذًا قَالَ فَيَقُوْلُ اِنِّي اُشْهِدُ كُمْ اِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُوْلُوْنَ اِنَّ فِيْهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ لَمْ يُرِدْهُمْ اِنَّمَا جَاءَ هُمْ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقٰى لَهُمْ جَلِيْسٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

سے ذکر کرنے لگیں۔ پھر اللہ پوچھتے ہیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں؟ عرض کرتے ہیں کہ تیری جنت کے طلبگار ہیں۔ اللہ پوچھتے ہیں کہ کیا انہوں نے جنت دیکھی ہے؟ عرض کرتے ہیں نہیں۔ اللہ فرماتے ہیں اگر وہ جنت دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ دیکھ لیں تو اور زیادہ شدت اور حرص سے اسے مانگیں گے۔ پھر اللہ پوچھتے ہیں کہ وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ دوزخ سے۔ اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ کیا انہوں نے دوزخ دیکھی ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں۔ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر وہ دوزخ دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اس سے زیادہ بھاگیں' زیادہ ڈریں اور پہلے سے بھی زیادہ پناہ مانگیں۔ چنانچہ اللہ فرماتے ہیں میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان سب کو معاف کر دیا۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ ایک شخص ان میں ایسے ہی اپنے کسی کام سے آیا تھا' اور انہیں دیکھ کر بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ (یعنی ذکر کرنے والے) ایسے لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی محروم نہیں رہتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حضرت ابو ہریرہؓ سے اس کے علاوہ اور سند سے بھی منقول ہے۔

۱۵۲۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرْ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ قَالَ مَكْحُوْلٌ فَمَنْ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ كَشَفَ عَنْهُ سَبْعِيْنَ بَابًا مِنَ الضُّرِّ اَدْنَاهُنَّ الْفَقْرُ هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ مَكْحُوْلٌ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۱۵۲۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' زیادہ پڑھا کرو یہ جنت کے خزانوں میں سے ہے مکحول کہتے ہیں کہ جو شخص ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ'' پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے ضرر کے ستر دروازے دور کر دیتے ہیں۔ ان میں سے ادنیٰ ترین فقر ہے۔ اس حدیث کی سند متصل نہیں کیونکہ مکحول کا حضرت ابو ہریرہؓ سے سماع ثابت نہیں۔

۱۵۲۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ وَاِنِّي اخْتَبَاْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ وَهِيَ نَاهِلَةٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا هٰذَا

۱۵۲۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبی کی ایک ''اختیاری'' دعا قبول کی جاتی ہے۔ میں نے اپنی دعا امت کی شفاعت کے لیے رکھ چھوڑی ہے۔ اور یہ انشاء اللہ ہر اس شخص کو ملنے والی ہے جو اس حالت میں مرا کہ وہ اللہ کیساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا تھا۔ یہ حدیث حسن

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

صحیح ہے۔

۱۵۲۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ وَاَنَا مَعَهُ حِيْنَ يَذْكُرُنِيْ فَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاءٍ ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَاءٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ وَاِنِ اقْتَرَبَ اِلَيَّ شِبْرًا اِقْتَرَبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا وَاِنِ اقْتَرَبَ اِلَيَّ ذِرَاعًا اِقْتَرَبْتُ اِلَيْهِ بَاعًا وَاِنْ اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُرْوٰى عَنِ الْاَعْمَشِ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا يَعْنِيْ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَهٰكَذَا فَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالُوْا اِنَّمَا مَعْنَاهُ يَقُوْلُ اِذَا تَقَرَّبَ اِلَيَّ الْعَبْدُ بِطَاعَتِيْ وَبِمَا اَمَرْتُ تُسَارِعُ اِلَيْهِ مَغْفِرَتِيْ وَرَحْمَتِيْ.

۱۵۲۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اسکے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں ۔اگر وہ مجھے کسی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس سے بہتر جماعت کے سامنے اسے یاد کرتا ہوں اور اگر کوئی بندہ میری طرف ایک بالشت آتا ہے تو میں اسکی طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہوں اور اگر وہ چل کر آتا ہے تو میں دوڑ کر آتا ہوں ۔یہ حدیث صحیح ہے اور اعمش سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کہ ''میں اس کی طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہوں'' سے مراد یہ ہے کہ میں اپنی رحمت ومغفرت اسکے ساتھ کر دیتا ہوں ۔بعض علماء محدثین بھی اسکی یہی تفسیر کرتے ہیں کہ جب کوئی بندہ اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری سے تقرب ڈھونڈتا ہے اور اس کے مامورات اور احکام بجالاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر رحمت ومغفرت نازل ہوتی ہے۔

۱۵۲۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۲۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے جہنم کے عذاب سے پناہ مانگا کرو ۔اس طرح عذاب قبر، دجال کے فتنے اور زندگی اور موت کے فتنے سے بھی پناہ مانگا کرو۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۰۳: بَابٌ

۵۰۳: باب

۱۵۳۰: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِيْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ حُمَةٌ تِلْكَ اللَّيْلَةَ قَالَ سُهَيْلٌ

۱۵۳۰: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شام کو تین مرتبہ یہ دعا پڑھے گا ''اَعُوْذُ..... خَلَقَ'' تک تو اسے اس رات کوئی زہر اثر نہیں کرے گا۔ سہیل کہتے ہیں کہ ہمارے گھر والے اسے سکھایا کرتے اور ہر رات پڑھا کرتے تھے ۔چنانچہ ایک مرتبہ ان

فَكَانَ اَهْلُنَا تَعَلَّمُوْهَا فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَهَا كُلَّ لَيْلَةٍ فَلُدِغَتْ جَارِيَةٌ مِنْهُمْ فَلَمْ تَجِدْلَهَا وَجَعًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰى عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سُهَيْلٍ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ.

میں سے کسی لڑکی کو کسی چیز نے ڈنگ مارا تو اسے کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ مالک بن انس اس حدیث کو سہیل بن ابی صالح سے وہ اپنے والد سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ عبید اللہ بن عمر اور کئی راوی یہ حدیث سہیل سے روایت کرتے ہوئے اس میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے۔

۵۰۴: بَابٌ

۵۰۴: باب

۱۵۳۱: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا اَبُوْ فَضَالَةَ الْفَرَجُ ابْنُ فَضَالَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ دُعَاءٌ حَفِظْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَدَعُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۱۵۳۱: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھی تھی۔ میں اسے کبھی نہیں چھوڑتا "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ ..... الخ" (یعنی اے اللہ مجھے توفیق دے کہ میں تیرا شکر ادا کروں، تیرا زیادہ سے زیادہ ذکر کروں، تیری نصیحت کی اتباع کروں اور تیری وصیت کو یاد رکھوں) یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۵: بَابٌ

۵۰۵: باب

۱۵۳۲: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا اللَّيْثُ هُوَ ابْنُ اَبِىْ سُلَيْمٍ عَنْ زِيَادٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُو اللّٰهَ بِدُعَاءٍ اِلَّا اسْتُجِيْبَ لَهُ فَاِمَّا اَنْ يُعَجَّلَ لَهُ فِى الدُّنْيَا وَاِمَّا اَنْ يُدَّخَرَ لَهُ فِى الْاٰخِرَةِ وَاِمَّا اَنْ يُكَفَّرَ عَنْهُ مِنْ ذُنُوْبِهِ بِقَدْرِ مَا دَعَا مَالَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ اَوْ يَسْتَعْجِلُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ قَالَ يَقُوْلُ دَعَوْتُ رَبِّىْ فَمَا اسْتَجَابَ لِىْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۳۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے تو اسکی دعا ضرور قبول کی جاتی ہے خواہ دنیا ہی میں اسے وہ چیز عطا کر دی جائے یا اسے اس کے لیے آخرت میں ذخیرہ بنا دیا جائے یا پھر اس دعا کی وجہ سے اس کے گناہوں کا کفارہ ادا ہو جاتا ہے بشرطیکہ اسکی دعا کسی گناہ یا قطع رحم کے لیے نہ ہو اور وہ جلدی نہ کرے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: جلدی سے کیا مراد ہے؟ فرمایا یہ کہے کہ میں نے اللہ سے دعا کی لیکن اس نے قبول نہیں کی۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۱۵۳۳: حَدَّثَنَا يَحْيَى نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ عَبْدٍ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يَبْدُوَ اِبْطُهُ يَسْاَلُ اللّٰهَ مَسْاَلَةً اِلَّا اٰتَاهَا اِيَّاهُ مَالَمْ يَعْجَلْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ عَجَلَتُهُ قَالَ يَقُوْلُ قَدْ

۱۵۳۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بندہ ایسا نہیں کہ اپنے ہاتھ یہاں تک بلند کرے کہ اس کے بغل کھل جائیں اور پھر اللہ سے جو کچھ مانگتا ہے وہ عطا فرماتا ہے جب تک کہ جلدی نہ کرے۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ جلدی کس طرح کرے گا؟ فرمایا اس طرح کہنے

سَـأَلْتُ وَسَأَلْتُ فَلَمْ أُعْطَ شَيْئًا وَرَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ اَزْهَرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَالَمْ يَعْجَلْ يَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ.

لگے کہ میں نے بہت مانگا لیکن مجھے کچھ نہیں دیا گیا۔ یہ حدیث زہری بھی ابوعبید وہ ابوہریرہؓ اور وہ رسول اللہ ﷺ سے اس طرح نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ جلدی نہ کرے یعنی یہ نہ کہنے لگے کہ میں نے دعا کی اور قبول نہیں ہوئی۔

۱۵۳۴: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا صَدَقَةُ ابْنُ مُوْسٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ وَاسِعٍ عَنْ سُمَيْرِ بْنِ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ بِاللّٰهِ مِنْ حُسْنِ عِبَادَةِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۳۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھنا اللہ تعالیٰ کی بہترین عبادت ہے۔

یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۵۰۶: بَابٌ

۵۰۶: باب

۱۵۳۵: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَنْظُرَنَّ اَحَدُكُمْ مَا الَّذِيْ يَتَمَنّٰى فَاِنَّهٗ لَايَدْرِيْ مَايُكْتَبُ لَهٗ مِنْ اُمْنِيَّتِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۵۳۵: حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ دیکھے کہ وہ کیا تمنا کر رہا ہے۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اسکی تمناؤں میں سے کیا لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۵۰۷: بَابٌ

۵۰۷: باب

۱۵۳۶: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا جَابِرُ بْنُ نُوْحٍ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْا فَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ يَّظْلِمُنِيْ وَخُذْمِنْهُ بِثَارِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۳۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے" اَللّٰهُمَّ ..... آخر تک (یعنی اے اللہ مجھے میری سماعت اور بصارت سے فائدہ پہنچا اور انہیں میرا وارث کردے۔ (یعنی میری زندگی تک باقی رکھ) اور مجھ پر جو ظلم کرے اسکے خلاف میری مدد فرما اور اس سے میرا بدلہ لے۔) یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۵۰۸: بَابٌ

۵۰۸: باب

۱۵۳۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ السِّجْزِيُّ ثَنَا قَطَنُ الْبَصْرِيُّ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِيَسْأَلْ

۱۵۳۷: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ اپنے رب سے اپنی ہر حاجت مانگے یہاں تک کہ اگر جوتے کا

اَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا حَتّٰى يَسْأَلَ شِسْعَ نَعْلِهِ اِذَا انْقَطَعَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ اَنَسٍ.

تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو وہ بھی رب سے مانگے ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ کئی راوی اس حدیث کو جعفر بن سلیمان سے وہ ثابت بنانی سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ اور اس سند میں وہ حضرت انسؓ کا ذکر نہیں کرتے۔

۱۵۳۸: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَسْأَلُ اَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ حَتّٰى يَسْأَلَهُ الْمِلْحَ وَحَتّٰى يَسْأَلَهُ شِسْعَ نَعْلِهِ اِذَا انْقَطَعَ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ قَطَنٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ.

۱۵۳۸: حضرت ثابت بنانیؒ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر شخص کو اپنی تمام ضروریات اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہئیں۔ یہاں تک کہ نمک اور جوتے کا تسمہ بھی اگر ٹوٹ جائے تو یہ بھی اس سے مانگے ۔ یہ حدیث قطن کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ جو انہوں نے جعفر بن سلیمان سے نقل کی ہے۔

خلاصۃ الابواب: دعاء کی ایک خاص قسم استغفار و توبہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں اور خطاؤں کی معافی اور بخشش مانگنا ہے توبہ گویا اس کے لوازم میں سے ہے ۔ توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ جو گناہ اور نافرمانی یا ناپسندیدہ عمل بندے سے سرزد ہو جائے اس کے برے انجام کے خوف کے ساتھ اس پر اسے دلی رنج و ندامت ہو اور آئندہ کے لئے اس سے بچے رہنے اور دور رہنے کا اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اور اس کی رضا جوئی کا وہ عزم اور فیصلہ کرے۔ مطلب یہ ہے کہ خطا اور لغزش تو گویا آدمی کی سرشت میں ہے آدمؑ کا کوئی فرزند اس سے مستثنیٰ نہیں لیکن وہ بندے بڑے اچھے اور خوش نصیب ہیں جو گناہ کے بعد نادم ہو کر اپنے مالک کی طرف رجوع ہوں اور توبہ و استغفار کے ذریعہ اس کی رضا و رحمت حاصل کریں (۲) فرض نمازوں کے بعد مختلف قسم کی دعائیں آنحضرت ﷺ سے ثابت ہیں ایسی دعائیں بہت نافع اور قبولیت کے بہت قریب ہیں (۳) حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کا مقصد اپنے باطن اور اپنی زندگی کو ذکر کے رنگ میں رنگنا ہو اس کو کثرتِ ذکر کا طریقہ اختیار کرنا چاہئے اور جس کا مقصد ذکر سے صرف ثواب اخروی حاصل کرنا ہو اس کو ایسے کلمات ذکر کا انتخاب کرنا چاہئے جو معنوی لحاظ سے زیادہ فائق اور وسیع تر ہوں جیسے کہ حضرت سعدؓ کی حدیث میں مذکور ہے۔ ان کی حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عہد نبوی میں تسبیح کا رواج تو نہیں تھا لیکن بعض حضرات اس مقصد کے لئے گٹھلیاں یا سنگریزے استعمال کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ نے ان کو اس سے منع نہیں فرمایا۔ ظاہر ہے کہ اس میں اور تسبیح کے دانوں کے ذریعہ شمار میں کوئی فرق نہیں بلکہ تسبیح دراصل اس کی ترقی یافتہ اور سہل شکل ہے جن حضرات نے تسبیح کو بدعت قرار دیا ہے بلاشبہ انہوں نے شدت اور غلو سے کام لیا ہے۔

چند اہم کتب احادیث کے تراجم

صحیح مسلم شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا عزیز الرحمٰن

سنن ابوداؤد شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

سنن ابن ماجہ شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا قاسم امین

سنن نسائی شریف ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

ریاض الصالحین ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

نزہۃ المتقین شرح ریاض الصالحین ﴿اردو﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸۔ اردو بازار لاہور ۰ پاکستان

مَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ فَانْتَھُوْا۔

رسول اللہ ﷺ جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو، اور جس سے منع کریں اس سے باز آ جاؤ۔

جامع ترمذی شریف

مترجم اردو مع مختصر شرح

تالیف

امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم

مولانا ناظم الدین

جلد دوم ○ حصہ سوم

ابواب المناقب

ابواب العلل

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸۔اردو بازار لاہور ○ پاکستان

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا
اللہ کے رسول جو کچھ تم کو دیں، اسکو لے لو، اور جس سے منع فرمائیں اس سے باز آجاؤ
مترجم
جامع ترمذی شریف
جلد دوم
تالیف: امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی
مترجم: مولانا ناظم الدین مدظلہ
شرح: مولانا عبدالرؤف علوی حفظہ اللہ استاذ جامعہ عثمانیہ
ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸-اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان
Ph:7211788-7231788

نام کتاب: ______ جامع ترمذی شریف

تالیف: ______ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم: ______ مولانا ناظم الدین

نظرِ ثانی: ______ حافظ محبوبؒ احمد خان

طابع: ______ خالد مقبول

مطبع .... زاہد بشیر

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7224228

مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7221395

مکتبہ جویریہ 18 اردو بازار لاہور 7211788

اَبْوَابُ الْمَنَاقِبِ
عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ابواب مناقب
جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں

۵۰۹. بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۱۵۳۹. حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ نَا الْاَوْزَاعِیُّ عَنْ اَبِیْ عَمَّارٍ عَنْ وَاثِلَۃَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی مِنْ وَلَدِ اِبْرَاھِیْمَ اِسْمٰعِیْلَ وَاصْطَفٰی مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِیْلَ بَنِیْ کِنَانَۃَ وَاصْطَفٰی مِنْ بَنِیْ کِنَانَۃَ قُرَیْشًا وَ اصْطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِیْ ھَاشِمٍ وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ ھَاشِمٍ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۵۴۰. حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسَی الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِیُّ نَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ قُرَیْشًا جَلَسُوْا فَتَذَاکَرُوْا اَحْسَابَھُمْ بَیْنَھُمْ فَجَعَلُوْا مَثَلَکَ کَمَثَلِ نَخْلَۃٍ فِیْ کَبْوَۃٍ مِنَ الْاَرْضِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ فِرَقِھِمْ وَخَیْرَ الْفَرِیْقَیْنِ ثُمَّ خَیَّرَ الْقَبَائِلَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِ الْقَبِیْلَۃِ ثُمَّ خَیَّرَ الْبُیُوْتَ فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ بُیُوْتِھِمْ فَاَنَا خَیْرُھُمْ نَفْسًا وَخَیْرُھُمْ بَیْتًا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْحَارِثِ ھُوَ ابْنُ نَوْفَلٍ.

۱۵۴۱. حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا

۵۰۹: باب نبی اکرم ﷺ کی فضیلت کے بارے میں

۱۵۳۹: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے اسمٰعیل علیہ السلام کو چنا اور اولاد اسمٰعیل علیہ السلام سے بنو کنانہ، بنو کنانہ سے قریش، قریش سے بنو ہاشم، اور بنو ہاشم سے مجھے منتخب فرمایا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۴۰: حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ قریش نے ایک مجلس میں اپنے حسب ونسب کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال کھجور کے ایسے درخت سے دی جو کسی ٹیلہ پر ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے پوری مخلوق کو پیدا فرمایا اور مجھے ان میں سے بہترین جماعت میں پیدا فرمایا۔ پھر دو فریقوں کو پسند فرمایا۔ پھر تمام قبیلوں کو پسند یدہ بنایا اور مجھے بہترین قبیلہ میں رکھا۔ پھر گھروں کو چنا اور مجھے ان میں سے بہترین گھر میں پیدا کیا۔ چنانچہ میں ان سے ذات میں بھی بہتر ہوں۔ اور گھرانے میں بھی۔ یہ حدیث حسن ہے اور عبداللہ بن حارث سے ابن نوفل مراد ہیں۔

۱۵۴۱: حضرت مطلب بن ابی وداعہ فرماتے ہیں کہ عباس بن

سُفْيَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِيْ وَدَاعَةَ قَالَ جَاءَ الْعَبَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَاَنَّهُ سَمِعَ شَيْئًا فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ مَنْ اَنَا فَقَالُوْا اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ السَّلَامُ قَالَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهِمْ فِرْقَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ فِرْقَتَيْنِ فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهِمْ فِرْقَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهِمْ قَبِيْلَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ بُيُوْتًا فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهِمْ بَيْتًا وَخَيْرِهِمْ نَفْسًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ نَحْوَ حَدِيْثِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

عبد المطلب نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے گویا کہ وہ (قریش وغیرہ سے) کچھ سن کر آئے تھے۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور لوگوں سے پوچھا کہ میں کون ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، آپؐ پر سلامتی ہو۔ پھر فرمایا کہ میں محمد بن عبداللہ بن عبد المطلب ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو ان میں سے بہترین لوگوں سے مجھے پیدا فرمایا۔ پھر دو گروہ کیے اور مجھے ان دونوں میں سے بہتر گروہ میں سے پیدا کیا پھر ان کے کئی قبیلے بنائے اور مجھے ان میں سے بہترین قبیلے میں پیدا کیا۔ پھر ان میں سے کئی گھرانے بنائے اور مجھے ان میں سے بہترین گھرانے میں پیدا فرمایا اور سب سے اچھی شخصیت بنایا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ سفیان ثوری بھی یزید بن ابی زیاد سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ یعنی اسمٰعیل بن ابی خالد کی انہوں نے عباس بن عبدالمطلب سے نقل کی ہے۔

۱۵۴۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا الْاَوْزَاعِيُّ نَا شَدَّادُ اَبُوْ عَمَّارٍ ثَنِيْ وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَ اصْطَفٰى هَاشِمًا مِنْ قُرَيْشٍ واصْطَفٰى فِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۴۲: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد اسمٰعیل علیہ السلام سے بنی کنانہ کو، بنی کنانہ سے قریش کو، قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم سے مجھے منتخب فرمایا۔

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۵۴۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ الْوَلِيْدُ ابْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْبَغْدَادِيُّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ قَالَ وَاٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۴۳: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کب واجب ہوئی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کی روح اور جسم تیار ہو رہا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۱۰. بَابٌ

۱۵۴۴. حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ لَيْثٍ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعِثُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا اَيِسُوْا لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ وَاَنَا اَكْرَمُ وَلَدِ اٰدَمَ عَلٰى رَبِّيْ وَلَا فَخْرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۵۴۵. حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ فَاُكْسَى الْحُلَّةَ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ يَقُوْمُ ذٰلِكَ الْمَقَامَ غَيْرِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۵۱۰: باب

۱۵۴۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن میں قبر سے سب سے پہلے نکلوں گا، جب لوگ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے تو میں ان کا خطیب ہوں گا اور اگر یہ ناامید ہوں گے تو میں انہیں بشارت دوں گا اور اس دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ ابن آدم میں اللہ کے نزدیک سب سے بہتر ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۵۴۵: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر کی زمین سب سے پہلے پھٹے گی پھر مجھے جنت کے کپڑوں میں سے ایک جوڑا پہنایا جائے گا۔ اسکے بعد میں عرش کی دائیں جانب کھڑا ہوں گا۔ اس جگہ تمام مخلوقات میں سے میرے علاوہ کوئی نہیں کھڑا ہو سکے گا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۵۱۱. بَابٌ

۱۵۴۶. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا سُفْيَانُ وَهُوَ الثَّوْرِيُّ عَنْ لَيْثٍ وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ سُلَيْمٍ قَالَ ثَنِيْ كَعْبٌ ثَنِيْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَسِيْلَةُ قَالَ اَعْلٰى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنَالُهَا اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ اَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَكَعْبٌ لَيْسَ بِمَعْرُوْفٍ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَوٰى عَنْهُ غَيْرَ لَيْثِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ.

۱۵۴۷. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِيْ فِي النَّبِيِّيْنَ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى دَارًا

۵۱۱: باب

۱۵۴۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ مانگا کرو۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ وسیلہ کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا جنت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ وہ صرف ایک ہی شخص کو عطا کیا جائے گا۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ وہ میں ہی ہوں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اسکی سند میں مذکور کعب مشہور شخص نہیں۔ ہمیں علم نہیں کہ لیث بن ابی سلیم کے علاوہ کسی اور نے ان سے روایت کی ہو۔

۱۵۴۷: حضرت ابی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری اور تمام انبیاء کی مثال اسطرح ہے کہ ایک شخص نے ایک بہت خوبصورت گھر بنایا، اسے مکمل اور خوبصورت کرنے کے بعد ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ لوگ

فَاَحْسَنَهَا وَاَكْمَلَهَا وَاَجْمَلَهَا وَتَرَكَ مِنْهَا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِالْبِنَاءِ وَيَعْجَبُوْنَ مِنْهُ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْ تَمَّ مَوْضِعُ تِلْكَ اللَّبِنَةِ وَاَنَا فِي النَّبِيِّيْنَ مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كُنْتُ اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

اسکے گرد گھومتے اور تعجب کرتے کہ یہ اینٹ کی جگہ کیوں چھوڑ دی، میری مثال بھی انبیاء کرام علیہم السلام میں اسی طرح ہے۔اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام کا امام ہوں گا اور میں شفاعت کروں گا اور اس پر مجھے فخر نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۴۸. حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ اٰدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخْرَ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۵۴۸: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں قیامت کے دن اولادِ آدمؑ کا سردار ہوں اور میں کوئی فخر نہیں کرتا۔ میرے ہی ہاتھ میں حمد الٰہی کا جھنڈا ہوگا۔ اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں ۔ اس دن آدم علیہ السلام سمیت ہر نبی میرے جھنڈے تلے ہوگا۔ میں ہی وہ شخص ہوں جسکی قبر کی زمین سب سے پہلے پھٹے گی اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔اس حدیث میں ایک قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۵۴۹. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ اَنَا كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَايَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوْا اِلَى الْوَسِيْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِيْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ وَمَنْ سَاَلَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ مُحَمَّدٌ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرٍ هٰذَا قُرَشِيٌّ وَهُوَ مِصْرِيٌّ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ شَامِيٌّ.

۱۵۴۹: حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم اذان سنو تو وہی کلمات دہراؤ جو مؤذن کہتا ہے۔ پھر مجھ پر درود بھیجو۔ اس لیے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل کرتے ہیں۔ پھر میرے لیے وسیلہ مانگو یہ جنت کا ایک درجہ ہے۔ اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک بندہ اس کا مستحق ہوگا۔ میں امید رکھتا ہوں کہ وہ میں ہی ہوں اور جو میرے لیے وسیلہ مانگے گا اس کے لیے میری شفاعت حلال ہو جائے گی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ فرماتے ہیں کہ عبد الرحمٰن بن جبیر قریشی ہیں۔ اور مصر کے رہنے والے ہیں۔ جبکہ نفیر کے پوتے عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر شامی ہیں۔

۱۵۵۰. حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ نَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَلَسَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۵۵۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ چند صحابہؓ نبی اکرم ﷺ کے انتظار میں بیٹھے آپس میں باتیں کررہے تھے کہ آپؐ تشریف لائے اور جب ان کے قریب پہنچے تو انکی باتیں سنیں۔ کسی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام

وَسَلَّمَ يَنْتَظِرُوْنَهُ قَالَ فَخَرَجَ حَتّٰى اِذَا دَنَا مِنْهُمْ سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ فَسَمِعَ حَدِيْثَهُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ عَجَبًا اِنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهٖ خَلِيْلًا اِتَّخَذَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا وَقَالَ اٰخَرُ مَاذَا بِاَعْجَبَ مِنْ كَلَامِ مُوْسٰى كَلَّمَهٗ تَكْلِيْمًا وَقَالَ اٰخَرُ فَعِيْسٰى كَلِمَةُ اللّٰهِ وَرُوْحُهٗ وَقَالَ اٰخَرُ اٰدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ وَعَجَبَكُمْ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيُّ اللّٰهِ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَعِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَاٰدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ وَهُوَ كَذٰلِكَ اَلَا وَاَنَا حَبِيْبُ اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةِ فَيَفْتَحُ اللّٰهُ لِيْ فَيُدْخِلُنِيْهَا وَمَعِيَ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَكْرَمُ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَلَا فَخْرَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

مخلوقات میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دوست بنالیا۔ دوسرا کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ کا موسیٰ علیہ السلام سے کلام کرنا اس سے بھی زیادہ تعجب خیز ہے۔ تیسرے نے کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ ہیں۔اور ''کُنْ'' سے پیدا ہوئے ہیں۔ چوتھا کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو چن لیا۔ چنانچہ آپ آئے اور سلام کرنے کے بعد فرمایا کہ میں نے تم لوگوں کی باتیں اور تمہارا تعجب کرنا سن لیا ہے۔ کہ ابراہیم علیہ السلام اللہ کے دوست ہیں اور وہ اسی طرح ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام اللہ کے چنے ہوئے ہیں وہ بھی اسی طرح ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور اسکے کلمہ کُن سے پیدا ہوئے ہیں یہ بھی اسی طرح ہیں۔ آدم علیہ السلام کو اللہ نے اختیار کیا ہے وہ بھی اسی طرح ہیں۔ جان لو کہ میں اللہ تعالیٰ کا محبوب ہوں اور یہ میں فخر یہ نہیں کہہ رہا۔ میں ہی حمد کے جھنڈے کو قیامت کے دن اٹھاؤں گا۔ یہ بھی فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا، میں ہی سب سے پہلے جنت کی زنجیر کھٹکھٹاؤں گا اور اللہ تعالیٰ میرے لیے اسے کھولیں گے۔ پھر میں اس میں مؤمن فقراء کیساتھ داخل ہوں گا۔ یہ بھی میں بطور فخر نہیں کہہ رہا اور میں گزشتہ اور آنے والے تمام لوگوں میں سب سے بہتر ہوں۔ یہ بھی میں بطور فخر نہیں کہہ رہا۔ (بلکہ بتانے کے لیے کہہ رہا ہوں) یہ حدیث غریب ہے۔

۱۵۵۱. حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ نِيْ اَبُوْ مَوْدُوْدٍ الْمَدَنِيُّ نَا عُثْمَانُ بْنُ الضَّحَّاكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ مَكْتُوْبٌ فِي التَّوْرَاةِ صِفَةُ مُحَمَّدٍ وَّعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ يُدْفَنُ مَعَهٗ قَالَ فَقَالَ اَبُوْ مَوْدُوْدٍ قَدْ بَقِيَ فِي الْبَيْتِ مَوْضِعُ قَبْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ هٰكَذَا قَالَ عُثْمَانُ بْنُ الضَّحَّاكِ وَالْمَعْرُوْفُ الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ الْمَدِيْنِيُّ.

۱۵۵۱: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تورات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات مذکور ہیں یہ کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ان (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کیساتھ دفن ہوں گے۔ ابومودود کہتے ہیں کہ حجرہ مبارک میں ایک قبر کی جگہ باقی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عثمان بن ضحاک بھی اسی طرح کہتے ہیں۔ ان کا معروف نام ضحاک بن عثمان مدینی ہے۔

۱۵۵۲. حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ

۱۵۵۲: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جس دن رسول اللہ ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے تھے اس دن ہر چیز

مَالِکٍ قَالَ لَمَّا کَانَ یَوْمُ الَّذِیْ دَخَلَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمَدِیْنَةَ اَضَاءَ مِنْهَا کُلُّ شَیْءٍ فَلَمَّا کَانَ الْیَوْمُ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ اَظْلَمَ مِنْهَا کُلُّ شَیْءٍ وَمَا نَفَضْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْاَیْدِیْ وَاِنَّا لَفِیْ دَفْنِهٖ حَتّٰی اَنْکَرْنَا قُلُوْبَنَا هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

روشن ہوگئی تھی اور جس دن آپ کا انتقال ہوا اس دن ہر چیز تاریک ہوگئی۔ ہم نے ابھی آپ کو دفن کرنے کے بعد ہاتھوں سے خاک بھی نہیں جھاڑی تھی کہ ہم نے اپنے دلوں کو اجنبی پایا (یعنی دلوں میں ایمان کا وہ نور نہ رہا جو آپ کی حیات طیبہ میں تھا۔) یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۵۱۲. بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مِیْلَادِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۵۱۲: باب نبی اکرم ﷺ کی پیدائش کے بارے میں

۱۵۵۳. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِیُّ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ نَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ یُحَدِّثُ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ وُلِدْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفِیْلِ قَالَ وَسَاَلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قُبَاثَ بْنَ اَشْیَمَ اَخَابَنِیْ یَعْمَرَ بْنِ لَیْثٍ اَاَنْتَ اَکْبَرُ اَمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْبَرُ مِنِّیْ وَاَنَا اَقْدَمُ مِنْهُ فِی الْمِیْلَادِ قَالَ وَرَاَیْتُ خَذْقَ الطَّیْرِ اَخْضَرَ مُحِیْلًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ.

۱۵۵۳: حضرت قیس بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عام الفیل (ہاتھیوں والے سال) میں پیدا ہوئے۔ حضرت عثمان بن عفانؓ نے قبیلہ بنویعمر بن لیث کے ایک شخص قباث بن اشیم سے پوچھا کہ آپ بڑے ہیں یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم؟ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے (مرتبہ میں) بڑے ہیں۔ لیکن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پیدا ہوا۔ میں نے ان سبز پرندوں کی بیٹ دیکھی ہے۔ (جنہوں نے ابرہہ کے ہاتھیوں کو مارا تھا) اس کا رنگ متغیر ہوگیا تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن اسحٰق کی روایت سے جانتے ہیں۔

۵۱۳. بَابُ مَاجَآءَ فِیْ بَدْءِ نُبُوَّةِ النَّبِیِّ ﷺ

۵۱۳: باب نبوت کی ابتداء کے متعلق

۱۵۵۴. حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو الْعَبَّاسِ الْاَعْرَجُ الْبَغْدَادِیُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ نَا یُوْنُسُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ خَرَجَ اَبُوْ طَالِبٍ اِلَی الشَّامِ وَخَرَجَ مَعَهُ النَّبِیُّ ﷺ فِیْ اَشْیَاخٍ مِنْ قُرَیْشٍ فَلَمَّا اَشْرَفُوْا عَلَی الرَّاهِبِ هَبَطَ فَحَلُّوْا رِحَالَهُمْ فَخَرَجَ اِلَیْهِمُ الرَّاهِبُ وَکَانُوْا قَبْلَ ذٰلِکَ یَمُرُّوْنَ بِهٖ فَلَا یَخْرُجُ اِلَیْهِمْ وَلَا یَلْتَفِتُ قَالَ فَهُمْ یَحُلُّوْنَ رِحَالَهُمْ فَجَعَلَ یَتَخَلَّلُهُمْ

۱۵۵۴: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ ابو طالب تجارت کے لیے شام کی طرف گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے ساتھ چل دیئے۔ قریش کے شیوخ بھی ساتھ تھے۔ جب وہ لوگ راہب کے پاس پہنچے تو ابو طالب اترے، لوگوں نے بھی اپنے کجاوے کھول دیئے۔ راہب ان کے پاس آیا۔ یہ لوگ ہمیشہ وہاں سے گزرا کرتے تھے لیکن وہ نہ کبھی ان لوگوں کے پاس آیا اور نہ ہی انکی طرف متوجہ ہوتا۔ حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ لوگ ابھی کجاوے کھول ہی رہے تھے کہ

الرَّاهِبُ حَتّٰى جَاءَ فَاَخَذَ بِيَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ هٰذَا سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ هٰذَا رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ فَقَالَ لَهٗ اَشْيَاخٌ مِنْ قُرَيْشٍ مَا عِلْمُكَ فَقَالَ اِنَّكُمْ حِيْنَ اَشْرَفْتُمْ مِنَ الْعَقَبَةِ لَمْ يَبْقَ حَجَرٌ وَلَا شَجَرٌ اِلَّا خَرَّ سَاجِدًا وَلَا يَسْجُدَانِ اِلَّا لِنَبِيٍّ وَاِنِّيْ اَعْرِفُهٗ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ اَسْفَلَ مِنْ غُضْرُوْفِ كَتِفِهٖ مِثْلَ التُّفَّاحَةِ ثُمَّ رَجَعَ فَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا فَلَمَّا اَتَاهُمْ بِهٖ فَكَانَ هُوَ فِيْ رِعْيَةِ الْاِبِلِ فَقَالَ اَرْسِلُوْا اِلَيْهِ فَاَقْبَلَ وَعَلَيْهِ غَمَامَةٌ تُظِلُّهٗ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْقَوْمِ وَجَدَهُمْ قَدْ سَبَقُوْهُ اِلٰى فَيْءِ الشَّجَرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ مَالَ فَيْءُ الشَّجَرَةِ عَلَيْهِ فَقَالَ انْظُرُوْا اِلٰى فَيْءِ الشَّجَرَةِ مَالَ عَلَيْهِ قَالَ فَبَيْنَمَا هُوَ قَائِمٌ عَلَيْهِمْ وَهُوَ يُنَاشِدُهُمْ اَنْ لَا يَذْهَبُوْا بِهٖ اِلَى الرُّوْمِ فَاِنَّ الرُّوْمَ اِنْ رَاَوْهُ عَرَفُوْهُ بِالصِّفَةِ فَيَقْتُلُوْنَهٗ فَالْتَفَتَ فَاِذَا بِسَبْعَةٍ قَدْ اَقْبَلُوْا مِنَ الرُّوْمِ فَاسْتَقْبَلَهُمْ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكُمْ قَالُوْا جِئْنَا اَنَّ هٰذَا النَّبِيَّ خَارِجٌ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ فَلَمْ يَبْقَ طَرِيْقٌ اِلَّا بُعِثَ اِلَيْهِ بِاُنَاسٍ وَاِنَّا قَدْ اُخْبِرْنَا خَبَرَهٗ بُعِثْنَا اِلٰى طَرِيْقِكَ هٰذَا فَقَالَ هَلْ خَلْفَكُمْ اَحَدٌ هُوَ خَيْرٌ مِنْكُمْ قَالُوْا اِنَّمَا اُخْبِرْنَا خَبَرَهٗ بِطَرِيْقِكَ هٰذَا قَالَ اَفَرَاَيْتُمْ اَمْرًا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَقْضِيَهٗ هَلْ يَسْتَطِيْعُ اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ رَدَّهٗ قَالُوْا لَا قَالَ فَبَايِعُوْهُ وَاَقَامُوْا مَعَهٗ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ اَيُّكُمْ وَلِيُّهٗ قَالُوْا اَبُوْ طَالِبٍ فَلَمْ يَزَلْ يُنَاشِدُهٗ حَتّٰى رَدَّهٗ اَبُوْ طَالِبٍ وَبَعَثَ مَعَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ بِلَالًا وَزَوَّدَهُ الرَّاهِبُ مِنَ الْكَعْكِ وَالزَّيْتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

راہب ان کے درمیان گھس گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا کہ یہ تمام جہانوں کے سردار ہیں۔ یہ تمام جہانوں کے مالک کے رسول ہیں۔ انہیں اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجیں گے۔ قریش کے مشائخ کہنے لگے کہ تمہیں یہ کس طرح معلوم ہوا؟ کہنے لگا کہ جب تم لوگ اس ٹیلے پر سے اترے تو کوئی پتھر یا درخت ایسا نہیں رہا جو سجدے میں نہ گر گیا ہو اور یہ نبی کے علاوہ کسی اور کو سجدہ نہیں کرتے۔ میں انہیں نبوت کی مہر سے بھی پہچانتا ہوں جوان کے شانے کی اوپر والی ہڈی پر سیب کی طرح ثبت ہے۔ پھر واپس گیا اور انکے لیے کھانا تیار کیا جب وہ کھانا لے کر آیا تو آپؐ اونٹ چرانے کے لیے گئے ہوئے تھے۔ راہب کہنے لگا کہ کسی کو بھیج کر انہیں بلاؤ۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لائے تو بدلی آپؐ پر سایہ کئے ہوئے ساتھ چل رہی تھی۔ لوگ درخت کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ جب بیٹھے تو درخت جھک گیا اور آپؐ پر سایہ ہو گیا۔ راہب کہنے لگا دیکھو درخت بھی انکی طرف جھک گیا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر وہ وہیں کھڑا انہیں قسم دے کر کہنے لگا کہ انہیں روم نہ لے جاؤ۔ وہاں کے لوگ انہیں دیکھ کر ان کے اوصاف سے پہچان لیں گے اور قتل کر دیں گے۔ پھر راہب متوجہ ہوا تو دیکھا کہ سات رومی آئے ہیں اور ان سے پوچھنے لگا کہ کیوں آئے ہو؟ وہ کہنے لگے کہ ہم اس لیے آئے ہیں کہ یہ نبی اس مہینے میں (گھر سے) باہر نکلنے والے ہیں۔ لہٰذا ہر راستے پر کچھ لوگ بٹھائے گئے ہیں جب ہمیں تمہارا پتہ چلا تو ہمیں اس طرف بھیج دیا گیا۔ راہب نے پوچھا کہ کیا تمہارے پیچھے بھی کوئی ہے جو تم سے بہتر ہو۔ کہنے لگے کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ وہ (نبی) تمہارے راستے میں ہے۔ راہب کہنے لگا دیکھو اگر اللہ تعالیٰ کسی کام کا ارادہ کر لیں تو کیا کوئی شخص انہیں روک سکتا ہے؟ کہنے لگا: نہیں۔ راہب نے کہا کہ پھر ان کے ہاتھ پر بیعت کرو اور ان کے ساتھ رہو۔ پھر وہ (راہب) اہل مکہ سے مخاطب ہوا اور قسم دے کر پوچھا کہ ان کا سرپرست کون ہے۔ انہوں نے کہا

ابو طالب۔ وہ انہیں قسمیں دیتا رہا یہاں تک کہ ابو طالب نے آپؐ کو واپس بھیج دیا اور ابو بکرؓ نے بلالؓ کو آپؐ کے ساتھ اس راہب کے پاس بھیجا اور راہب نے آپ کو زادِ راہ کے طور پر زیتون اور روٹیاں دیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں[1]۔

٥١٤. بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابْنُ كَمْ كَانَ حِيْنَ بُعِثَ

٥١٤: باب نبی اکرم ﷺ کی بعثت اور عمر مبارک کے متعلق

١٥٥٥. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُنْزِلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعِيْنَ فَاَقَامَ بِمَكَّةَ ثَلاَثَ عَشْرَةَ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ وَسِتِّيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

١٥٥٥: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر چالیس سال کی عمر میں وحی نازل ہوئی چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں تیرہ سال اور مدینہ منورہ میں دس سال رہے پھر تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی۔
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٥٥٦. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً هٰكَذَا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

١٥٥٦: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پینسٹھ برس کی عمر میں ہوئی۔ محمد بن بشار بھی اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمہ اللہ بھی ان سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

١٥٥٧. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ ح وَثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ وَلاَ بِالْقَصِيْرِ وَلاَ بِالْاَبْيَضِ الْاَمْهَقِ وَلاَ بِالْاٰدَمِ وَلَيْسَ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ وَلاَ بِالسَّبِطِ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَاَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ وَتَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِ سِتِّيْنَ سَنَةً وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ

١٥٥٧: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ بہت لمبے تھے اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قد بہت پست تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ نہ بالکل سفید تھا اور نہ بالکل گندم گوں، آپؐ کے سر کے بال نہ بالکل گھنگھر یالے تھے نہ بالکل سیدھے اور جب اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو مبعوث فرمایا تو آپؐ کی عمر چالیس سال تھی۔ چنانچہ آپؐ تیرہ سال مکہ مکرمہ میں رہے، پھر دس سال مدینہ منورہ میں اور تریسٹھ برس کی عمر میں وفات پائی۔ وفات کے وقت آپؐ کے سر اور داڑھی مبارک میں بیس بال بھی سفید نہیں تھے۔ یہ حدیث

---

[1]: محدثین میں سے بعض حضرات نے اس حدیث کو اس لیے ضعیف قرار دیا ہے کہ حضرت بلالؓ اس وقت پیدا بھی نہیں ہوئے تھے اور ابو بکرؓ نبی اکرم ﷺ سے دو سال چھوٹے تھے تو یہ کس طرح ہو سکتا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے رجال ثقات ہیں۔ لہٰذا ممکن ہے کہ یہ کسی راوی کا ادراج ہو۔ واللہ اعلم (مترجم)

حَسَنٌ صَحِيحٌ.

حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الابواب: (۱) حضور ﷺ کے تمام آباؤ اجداد اپنے اپنے زمانہ کے عقلاء اور حکماء اور سادات عظام اور قائدین کرام تھے فہم وفراست حسن صورت اور حُسنِ سیرت مکارم اخلاق اور محاسن اعمال حلم اور بردباری اور جود وکرم و مہمان نوازی میں یکتائے زمانہ تھے ہر عزت ورفعت اور سیادت ووجاہت کے ماویٰ اور ملجا تھے اور سلسلۂ نسب کے آباء کرام میں بہت سوں کے متعلق تو احادیث مرفوعہ اور اقوال صحابہ سے منقول ہے کہ ملت ابراہیمی پر تھے۔ حضور ﷺ اپنی نسلی، نسبی اور خاندانی عظمت وفضیلت کا اظہار کر کے گویا یہ واضح کیا کہ خدا کا آخری نبی بننے اور خدا کی آخری کتاب پانے کا سب سے زیادہ مستحق میں ہی تھا اس سے معلوم ہوا کہ حکمت الٰہی اس کا لحاظ رکھتی تھی کہ مرتبۂ نبوت ورسالت پر فائز ہونے والی ہستی حسب ونسب اور خاندان کے اعتبار سے بلند درجہ اور عالی حیثیت ہو (۲) مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی اس وقت نبوت و رسالت کے لئے نامزد ہو چکی تھی جبکہ حضرت آدمؑ کی روح ان کے پیکر خاکی سے متعلق بھی نہیں ہوئی تھی اور ان کا پتلا زمین پر بے جان پڑا تھا یہ جملہ دراصل اس بات سے کنایہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی نبوت ورسالت حضرت آدمؑ کے وجود میں آنے سے پہلے متعین ومقدر ہو چکی تھی (۳) حضور ﷺ کی عمر مبارک اور مکہ مکرمہ میں قیام کے بارے میں تین قسم کی احادیث وارد ہوئی ہیں امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ تریسٹھ سال کی روایتیں زیادہ ہیں علماء نے ان احادیث میں دو طرح تطبیق فرمائی اوّل یہ کہ حضور ﷺ کو چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی اور تین سال بعد رسالت ملی اس کے دس سال بعد مکہ مکرمہ میں قیام ہوا اس بناء پر اس حدیث میں ان تین سال کا ذکر چھوٹ گیا جو نبوت اور رسالت کے درمیان تھے دوسری توجیہ یہ کی جاتی ہے کہ عموماً اعداد میں کسر کو شمار نہیں کیا جایا کرتا اسی بناء پر حضرت انسؓ کی روایت میں دونوں جگہ دہائیاں ذکر کر دیں اور کسر کو چھوڑ دیا اور پینسٹھ سال والی روایات میں سنہ ولادت اور سنہ وفات کو مستقل شمار کیا گیا چونکہ حضور ﷺ کی عمر شریف اصح قول کے موافق تریسٹھ سال کی ہوئی اس لئے باقی روایات کو بھی اس طرح راجح کیا جائے گا۔

۵۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اٰيَاتِ نُبُوَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ بِهٖ

۵۱۵: باب نبی اکرم ﷺ کے معجزات اور خصوصیات کے متعلق

۱۵۵۸. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا سُلَيْمَانُ ابْنُ مُعَاذٍ الضَّبِّيُّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ بِمَكَّةَ حَجَرًا كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ لَيَالِيَ بُعِثْتُ اِنِّيْ لَا عْرِفُهُ الْاٰنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۵۵۸: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مکہ مکرمہ میں ایک پتھر تھا جو مجھے ان راتوں میں سلام کیا کرتا تھا جن دنوں میں مبعوث ہوا۔ میں اسے اب بھی پہچانتا ہوں۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۵۵۹. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَدَاوَلُ مِنْ قَصْعَةٍ مِنْ غُدْوَةٍ حَتَّى اللَّيْلَ تَقُوْمُ عَشَرَةٌ وَيَقْعُدُ

۱۵۵۹: حضرت سمرہ بن جندبؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک پیالے میں صبح سے شام تک کھایا کرتے تھے۔ وہ اس طرح کہ دس آدمی کھا کر اٹھتے اور دس بیٹھ جاتے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے سمرہؓ سے پوچھا

عَشَرَةٌ قُلْنَا فَمَاكَانَتْ تُمَدُّ قَالَ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَعْجَبُ مَاكَانَتْ تُمَدُّاِلَّا مِنْ هٰهُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلَى السَّمَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ الْعَلَاءِ اسْمُهٗ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الشِّخِّيْرِ.

کیا اس میں مزید نہیں ڈالا جاتا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ تم کس بات پر تعجب کررہے ہو اس میں اسی طرف سے بڑھایا جارہا تھا۔ اور ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوعلاء کا نام یزید بن عبداللہ الشخیر ہے۔

۵۱۶: بَابٌ

۱۵۶۰. حَدَّثَنَاعَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْكُوْفِيُّ نَا الْوَلِيْدُ اَبِيْ ثَوْرٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا فِيْ بَعْضِ نَوَاحِيْهَا فَمَا اسْتَقْبَلَهٗ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ اِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ اَبِيْ ثَوْرٍ وَقَالُوْا عَنْ عَبَّادِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ مِنْهُمْ فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ.

۵۱۶: باب

۱۵۶۰: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ کی گلیوں میں نکلا تو ہر پتھر اور درخت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتا کہ اے اللہ کے رسول آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر سلام ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ کئی حضرات اس حدیث کو ولید بن ابی ثور سے اور وہ عباد بن ابی زید سے نقل کرتے ہیں، فروہ بھی انہی میں ہیں جن کی کنیت ابومغراء ہے۔

۵۱۷. بَابٌ

۱۵۶۱. حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ اِلٰى لِزْقِ جِذْعٍ وَاتَّخَذُوْا لَهٗ مِنْبَرًا فَخَطَبَ عَلَيْهِ فَحَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ النَّاقَةِ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَّهٗ فَسَكَتَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُبَيٍّ وَجَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثُ اَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۱۷: باب

۱۵۶۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک کھجور کے تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ پڑھا کرتے تھے پھر صحابہ کرامؓ نے آپؐ کے لیے منبر بنادیا جب آپؐ اس پر خطبہ دینے لگے تو وہ ''تنا'' اس طرح رونے لگا جیسے اونٹنی روتی ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نیچے اترے اور اس پر ہاتھ پھیرا تو وہ چپ ہوگیا۔ اس باب میں حضرت ابی، جابرؓ، ابن عمر رضی اللہ عنہما، سہل بن سعد، ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ام سلمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۶۲. حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اَبِيْ ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِمَ اَعْرِفُ اَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ اِنْ دَعَوْتُ هٰذَا الْعِذْقَ مِنْ هٰذِهِ النَّخْلَةِ تَشْهَدُ اَنِّيْ

۱۵۶۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور پوچھنے لگا کہ میں کس طرح یقین کروں کہ آپؐ نبی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اگر میں کھجور کے اس درخت کے اس خوشے کو بلاؤں تو وہ گواہی دے گا کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ چنانچہ آپؐ نے اسے بلایا تو

رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَةِ حَتّٰى سَقَطَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ ارْجِعْ فَعَادَ فَاَسْلَمَ الْاَعْرَابِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

وہ خوشہ درخت سے ٹوٹ کر آپ ؐ کے سامنے گر گیا۔ پھر آپ ؐ نے اسے حکم دیا کہ واپس چلے جاؤ تو وہ واپس چلا گیا اور وہ اعرابی مسلمان ہو گیا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۵۱۸. بَابٌ

۱۵۶۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا عُزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ نَا عِلْبَاءُ بْنُ اَحْمَرَ نَا اَبُوْ زَيْدِ بْنُ اَخْطَبَ قَالَ مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلٰى وَجْهِيْ وَدَعَا لِيْ قَالَ عَزْرَةُ اَنَّهُ عَاشَ مِائَةً وَعِشْرِيْنَ سَنَةً وَلَيْسَ فِيْ رَاْسِهٖ اِلَّا شُعَيْرَاتٌ بِيْضٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ زَيْدِنِ اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ اَخْطَبَ.

۵۱۸: باب

۱۵۶۳: حضرت ابو زید بن اخطب ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور میرے لیے دعا کی (راوی حدیث) عزرہ کہتے ہیں کہ وہ ایک سو بیس برس تک زندہ رہے اور ان کے سر کے صرف چند بال سفید تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو زید کا نام عمرو بن اخطب ہے۔

۵۱۹. بَابٌ

۱۵۶۴: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ قَالَ عَرَضْتُ عَلٰى مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيْفًا اَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ نَعَمْ فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ ثُمَّ اَخْرَجَتْ خِمَارًا لَهَا فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ دَسَّتْهُ فِيْ يَدِيْ وَرَدَّتْنِيْ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ اَرْسَلَتْنِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذَهَبْتُ بِهٖ اِلَيْهِ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ قَالَ فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِطَعَامٍ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَعَهُ قُوْمُوْا قَالَ فَانْطَلَقُوْا فَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَا طَلْحَةَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ

۵۱۹: باب

۱۵۶۴: حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ابو طلحہ ؓ نے ام سلیم سے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی آواز میں ضعف (کمزوری) محسوس کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو بھوک ہے۔ کیا تمہارے پاس کچھ کھانے کیلئے ہے۔ وہ کہنے لگیں ہاں چنانچہ انہوں نے جو کی روٹیاں نکالیں اور انہیں اوڑھنی میں لپیٹ کر میرے ہاتھ میں دے دیا اور باقی اوڑھنی مجھے اوڑھا دی اور مجھے نبی اکرم ﷺ کے پاس بھیج دیا۔ حضرت انس ؓ فرماتے ہیں میں وہاں پہنچا تو نبی اکرم ﷺ کو بہت سے لوگوں کے ساتھ پایا۔ میں وہاں کھڑا ہو گیا تو آپ ؐ نے پوچھا کہ کیا تمہیں ابو طلحہ ؓ نے بھیجا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ؐ نے پوچھا کھانا دے کر؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ؐ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ اٹھو۔ حضرت انس ؓ فرماتے ہیں وہ لوگ چل پڑے اور میں ان کے آگے آگے تھا یہاں تک کہ میں ابو طلحہ ؓ کے پاس آیا اور انہیں ماجرا سنایا۔ ابو طلحہ ؓ فرمانے لگے: ام سلیم ؓ نبی اکرم ﷺ صحابہ اکرام ؓ کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں اور ہمارے پاس تو انہیں

قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ وَلَيْسَ عِنْدَ نَامَا نُطْعِمُهُمْ قَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ حَتّٰى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ مَعَهٗ حَتّٰى دَخَلاَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلُمِّيْ يَااُمَّ سُلَيْمٍ مَاعِنْدَكِ فَاَتَتْهُ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ فَاَمَرَبِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ وَعَصَرَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ بِعُكَّةٍ لَهَا فَاَدَمَتْهُ ثُمَّ قَالَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا فَاَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوْا وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ اَوْثَمَانُوْنَ رَجُلاً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کھلانے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ وہ کہنے لگیں اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) زیادہ جانتے ہیں۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہؓ باہر نکلے اور آپؐ سے ملاقات کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے ابوطلحہؓ بھی ساتھ تھے یہاں تک کہ دونوں اندر داخل ہوگئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ام سلیمؓ تمہارے پاس جو کچھ ہے لاؤ۔ ام سلیمؓ وہی روٹیاں لائیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں توڑنے کا حکم دیا اور ام سلیمؓ نے ان پر گھی ڈال دیا۔ اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر جو اللہ نے چاہا پڑھا اور حکم دیا کہ دس آدمیوں کو بلاؤ۔ وہ کھا کر سیر ہوئے اور چلے گئے۔ پھر دس کو بلایا وہ بھی کھا کر سیر ہوئے اور چلے گئے پھر دس کو بلایا..... اور اس طرح سب لوگ کھا کر سیر ہوگئے اور وہ ستر یا اسّی (۸۰) آدمی تھے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲۰: بَابٌ

۱۵۶۵: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلٰوةُ الْعَصْرِ وَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ فَلَمْ يَجِدُوْ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوْءٍ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فِيْ ذٰلِكَ الْاِنَاءِ وَاَمَرَالنَّاسَ اَنْ يَتَوَضَّؤُا مِنْهُ قَالَ فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ اَصَابِعِهٖ فَتَوَضَّأَ النَّاسُ حَتّٰى تَوَضَّؤُا مِنْ عِنْدِ اٰخِرِهِمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۲۰: باب

۱۵۶۵: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا لوگوں نے وضو کے لیے پانی تلاش کیا لیکن پانی نہ پاکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وضو کا پانی لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن پر ہاتھ رکھا اور لوگوں کو اس سے وضو کرنے کا حکم دیا۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے نیچے سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا اور تمام لوگوں نے اس سے وضو کیا یہاں تک کہ آخری آدمی نے بھی وضو کرلیا۔ اس باب میں عمران بن حصینؓ، ابن مسعودؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت انسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲۱: بَابٌ

۱۵۶۶: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا

۵۲۱: باب

۱۵۶۶: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت

يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ ثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ اَوَّلُ مَا ابْتُدِئَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النُّبُوَّةِ حِيْنَ اَرَادَ اللّٰهُ كَرَامَتَهٗ وَ رَحْمَةَ الْعِبَادِبِهٖ اَنْ لَا يَرٰى شَيْئًا اِلَّا جَاءَتْ كَفَلَقِ الصُّبْحِ فَمَكَثَ عَلٰى ذٰلِكَ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَمْكُثَ وَحُبِّبَ اِلَيْهِ الْخَلْوَةُ فَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَخْلُوَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

ہے کہ ابتدائے نبوت میں جب اللہ تعالیٰ نے لوگوں پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کرامت اور رحمت ظاہر کرنے کا ارادہ فرمایا تو ایسا ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر خواب روزِ روشن کی طرح واضح اور سچا ہوتا اور پھر جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا یہ حال رہا۔ ان دنوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم خلوت (تنہائی) کو ہر چیز سے زیادہ پسند کیا کرتے تھے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۵۲۲: بَابٌ

۱۵۶۷: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّكُمْ تَعُدُّوْنَ الْاٰيَاتِ عَذَابًا وَاِنَّا كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بَرَكَةً لَقَدْ كُنَّا نَاْكُلُ الطَّعَامَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَسْمَعُ تَسْبِيْحَ الطَّعَامِ قَالَ وَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ فَوَضَعَ يَدَهٗ فِيْهِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيَّ عَلَى الْوَضُوْءِ الْمُبَارَكِ وَ الْبَرَكَةُ مِنَ السَّمَاءِ حَتّٰى تَوَضَّأْنَا كُلُّنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۲۲: باب

۱۵۶۷: حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ آج کل تم لوگ قدرت کی نشانیوں کو عذاب سمجھتے ہو اور ہم نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں انہیں برکت سمجھا کرتے تھے۔ ہم آپؐ کے ساتھ کھانا کھاتے اور کھانے کی تسبیح سنتے۔ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپؐ کے پاس ایک برتن لایا گیا۔ آپؐ نے اس میں اپنا ہاتھ رکھ دیا اور پانی آپ کی انگلیوں سے بہنے لگا۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ وضو کے مبارک پانی کی طرف آؤ اور برکت آسمان سے (اللہ کی طرف سے) ہے۔ یہاں تک کہ ہم سب نے اس پانی سے وضو کیا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲۳: بَابُ مَاجَاءَ كَيْفَ كَانَ يَنْزِلُ الْوَحْيُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۵۶۸: حَدَّثَنَااِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ هُوَ ابْنُ عِيْسٰى نَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَاْتِيْكَ الْوَحْيُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْيَانًا يَاْتِيْنِيْ فِيْ مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرْسِ وَهُوَ اَشَدُّهٗ عَلَيَّ وَاَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ

۵۲۳: باب نزول وحی کی کیفیت کے متعلق

۱۵۶۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حارث بن ہشام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کس طرح آتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ کبھی مجھے گھنٹی کی سی آواز سنائی دیتی ہے اور یہ مجھ پر سخت ہوتی ہے۔ اور کبھی فرشتہ آدمی کی صورت میں آجاتا ہے اور مجھ سے بات کرتا ہے پھر میں اسے یاد کر لیتا ہوں۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ سخت

الْمَلَکُ رَجُلاً فَیُکَلِّمُنِیْ فَاَعِیْ مَا یَقُوْلُ قَالَتْ عَائِشَۃُ فَلَقَدْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْزِلُ عَلَیْہِ الْوَحْیُ فِی الْیَوْمِ الشَّدِیْدِ الْبَرْدِ فَیَفْصِمُ عَنْہُ وَاِنَّ جَبِیْنَہٗ لَیَتَفَصَّدُ عَرَقًا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

سردی کے موسم میں بھی میں نے دیکھا کہ جب وحی نازل ہوئی اور یہ کیفیت ختم ہو جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماتھے پر پسینہ آ جاتا کرتا تھا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الابواب: (۱) نبی آخر الزمان حضرت احمد مجتبیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی نشانیاں اور معجزات بیشمار ہیں امام ترمذیؒ چند بطور نمونہ کے نقل فرماتے ہیں۔ (۲) میں خدا کا حبیب ہوں کے ضمن میں بعض مشارحین نے تو یہ لکھا ہے کہ خلیل اور حبیب دونوں کے معنی دوست کے ہیں لیکن حبیب اس دوست کو جو محبوبیت کے مقام کو پہنچا ہوا ہو جبکہ خلیل مطلق دوست کو کہتے ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ خلیل اس دوست کو کہتے ہیں جس کی دوستی کسی غرض کے تحت ہو جبکہ حبیب وہ دوست ہے جو اپنی دوستی میں بالکل بے لوث ہو اور بے غرض ہو (۳) وحی کے اصل معنی ہے اشارہ کرنا، رمز و کنایہ میں بات کرنا آہستہ سے بات کرنا' پیغام بھیجنا' القاء اور الہام کرنا۔ وحی کی کیفیت جو حدیث باب میں ذکر ہوئی ہے یہ حضور ﷺ پر سخت ترین وحی ہوتی تھی یعنی اس وحی کے الفاظ اور مفہوم و مقصد کو سمجھنے میں سخت دشواری پیش آتی تھی۔ فرشتہ انسان کی شکل اختیار کر کے الخ تحت شارحین نے یہ مشہور قول لکھا ہے کہ جب حضرت جبرئیلؑ انسان کی شکل میں آتے تھے تو زیادہ تر ایک صحابی حضرت دحیہ کلبی کی شکل و صورت میں آتے تھے۔ ایک صورت وحی کے القات کی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی بات اور کسی مضمون کا دل میں ڈالا جانا جیسے آنحضرت ﷺ نے فرمایا اُلقِي فِی رُوْعِي (یہ بات میرے دل میں ڈال دی گئی۔

۵۲۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۵۲۴: باب نبی اکرم ﷺ کی صفات کے متعلق

۱۵۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا وَکِیْعٌ نَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ مَارَاَیْتُ مِنْ ذِیْ لِمَّۃٍ فِیْ حُلَّۃٍ حَمْرَاءَ اَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَہٗ شَعْرٌ یَضْرِبُ مَنْکِبَیْہِ بَعِیْدُ مَابَیْنَ الْمَنْکِبَیْنِ لَمْ یَکُنْ بِالْقَصِیْرِ وَلاَ بِالطَّوِیْلِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۵۶۹: حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی لمبے بالوں والے شخص کو سرخ جوڑے میں آپؐ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا۔ آپؐ کے بال کندھوں سے لگتے تھے اور کندھوں کے درمیان کافی فاصلہ تھا۔ آپ کا قد نہ لمبا تھا اور نہ بہت چھوٹا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصۃ الباب: قد نہ تو بہت لمبا تھا نہ ٹھگنا، مطلب یہ ہے کہ آپ کا قد میانہ مائل بہ درازی تھا جس کو ہمارے محاوروں میں نکلتا قد کہتے ہیں بعض روایات میں جو یہ آیا ہے کہ آنحضرت کسی مجمع میں کھڑے ہوتے تو سب سے بلند دکھائی دیتے تھے اگر چہ اس مجمع میں دراز قد لوگ بھی ہوتے تھے' آپؐ کی اعجازی حیثیت کو بیان کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات کو جو عظمت و رفعت عطاء فرمائی تھی وہ ہر موقع پر آپؐ کے قد و قامت سے بھی ظاہر ہوتی تھی یہاں تک کہ اگر آپؐ دراز قد لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوتے تو اللہ تعالیٰ آپؐ ہی کے وجود کو سب سے نمایاں رکھتا تھا۔ آپؐ کی رنگت ایسی گندم گوں تھی جس کو سرخ سفید رنگ کہا جاتا ہے اسی طرح آپؐ کے سر مبارک کے بال نہ زیادہ گھنگھر یالے تھے اور نہ بالکل سیدھے بلکہ ان دونوں

کے بیچ بیچ تھے۔آنحضرت علیہ کے سر کے بالوں کی لمبائی کے بارے میں مختلف روایتیں ہیں جب بالوں کی اصلاح کرائے ہوئے زیادہ دن گذر جاتے تو قدرتی طور پر بال لمبے ہوجاتے تھے اور جب اصلاح کرالیتے تھے تو بالوں کی لمبائی کم ہوجاتی تھی۔ بہرحال حضور علیہ نے بال لمبے بھی رکھے ہیں اور چھوٹے بھی نبی کریم علیہ کا چال اور رفتار میں ایک خاص قسم کا ایسا وقار ہوتا تھا جس میں انکساری شامل ہو یا اس جملہ کا معنی یہ ہے کہ جب آپ علیہ چلتے تو اس اعتماد اور وقار کے ساتھ قدم اُٹھاتے جس طرح کوئی بہادر اور قوی وتوانا شخص اپنے قدم اٹھاتا ہے۔مہر نبوت آنحضرت علیہ کے بدن مبارک پر ولادت ہی کے وقت سے تھی اور اس کی صورت یہ تھی کہ آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان کبوتر کے انڈوں کے برابر بیضوی شکل میں جسم مبارک سے کچھ ابھری ہوئی تھی یہی مخصوص اُبھار خاتم نبوت یعنی نبوت کی مہر اور علامت کہلاتا تھا اس مہر نبوت کی مقدار اور رنگت کے بارے میں روایتیں مختلف ہیں لیکن ان روایتوں کے درمیان تطبیق یہ ہے کہ اس کا حجم گھٹتا بڑھتا رہتا تھا اس کی رنگت بھی مختلف ہوتی رہتی تھی۔ بہرحال حضور علیہ کی ذات اقدس ہر لحاظ سے کامل مکمل تھی۔

۵۲۵: بَابٌ

۱۵۷۰: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ اَكَانَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِثْلَ السَّيْفِ قَالَ لَا مِثْلَ الْقَمَرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۲۵: باب

۱۵۷۰: حضرت ابو اسحٰق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ کسی شخص نے حضرت براءؓ سے سوال کیا کہ کیا رسول اللہ علیہ کا چہرہ مبارک تلوار کی طرح تھا؟ حضرت براءؓ نے فرمایا نہیں بلکہ چاند کی طرح تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۲۶: بَابٌ

۱۵۷۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالطَّوِيْلِ وَلَا بِالْقَصِيْرِ شَثْنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ ضَخْمَ الرَّاْسِ ضَخْمَ الْكَرَادِيْسِ طَوِيْلَ الْمَسْرُبَةِ اِذَا مَشَا تَكَفَّا تَكَفِّيًا كَاَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ لَمْ اَرَ قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ مِثْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ نَا اَبِي عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

۵۲۶: باب

۱۵۷۱: حضرت علیؓ فرماتے ہیں۔ کہ نبی اکرم علیہ نہ لمبے تھے نہ چھوٹے قد کے، آپؐ کی ہتھیلیاں اور پاؤں پُر گوشت ہوتے تھے سر بھی بڑا تھا اور جوڑ (گھٹنے، کہنیاں وغیرہ) بھی، سینے سے ناف تک باریک بال تھے۔ جب آپؐ چلتے تو آگے کی طرف جھکتے گویا کہ کوئی بلندی سے پستی کی طرف آرہا ہو۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اور بعد میں آپؐ جیسا کوئی نہیں دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان بن وکیع اس حدیث کو ابی سے اور وہ مسعودی سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۵۲۷: بَابٌ

۱۵۷۲: حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي حَلِيْمَةَ مِنْ قَصْرِ الْاَحْنَفِ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

۵۲۷: باب

۱۵۷۲: حضرت ابراہیم بن محمدؒ جو حضرت علیؓ کی اولاد سے ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ جب نبی اکرم علیہ کے اوصاف

الضَّبِّیُّ وَعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوْا نَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ مَوْلٰی غُفْرَۃَ ثَنِیْ اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ مِنْ وَلَدِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ کَانَ عَلِیٌّ اِذَا وَصَفَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ بِالطَّوِیْلِ الْمُمَّغِطِ وَلَابِا لْقَصِیْرِ الْمُتَرَدِّدِ وَکَانَ رَبْعَۃً مِنَ الْقَوْمِ وَلَمْ یَکُنْ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ وَلاَ بِالسَّبِطِ کَانَ جَعْدًا رَجِلاً وَلَمْ یَکُنْ بِالْمُطَھَّمِ وَلاَ بِالْمُکَلْثَمِ وَکَانَ فِی الْوَجْہِ تَدْوِیْرٌ اَبْیَضُ مُشْرَبٌ اَدْعَجُ الْعَیْنَیْنِ اَھْدَبُ الْاَشْفَارِ جَلِیْلُ الْمُشَاشِ وَالْکَتَدِ اَجْرَدُ ذُوْمَسْرُبَۃٍ شَثْنُ الْکَفَّیْنِ وَالْقَدَمَیْنِ اِذَا مَشٰی تَقَلَّعَ کَاَنَّمَا یَمْشِیْ فِیْ صَبَبٍ وَاِذَا الْتَفَتَ الْتَفَتَ مَعًا بَیْنَ کَتِفَیْہِ خَاتَمُ النُّبُوَّۃِ وَھُوَ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ اَجْوَدُ النَّاسِ صَدْرًا وَاَصْدَقُ النَّاسِ لَھْجَۃً وَاَلْیَنُھُمْ عَرِیْکَۃً وَاَکْرَمُھُمْ عِشْرَۃً مَنْ رَاٰہُ بَدِیْھَۃً ھَابَہٗ وَمَنْ خَالَطَہٗ مَعْرِفَۃً اَحَبَّہٗ یَقُوْلُ نَاعِتُہٗ لَمْ اَرَقَبْلَہٗ وَلاَ بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا حَدِیْثٌ لَیْسَ اِسْنَادُہٗ بِمُتَّصِلٍ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ سَمِعْتُ الْاَصْمَعِیَّ یَقُوْلُ فِیْ تَفْسِیْرِ صِفَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْمُمَّغِطُ الذَّاھِبُ طُوْلاً قَالَ وَسَمِعْتُ اَعْرَابِیًّا یَقُوْلُ فِیْ کَلَامِہٖ تَمَغَّطَ فِیْ نُشَّابَتِہٖ اَیْ مَدَّھَا مَدًّا شَدِیْدًا وَاَمَّا الْمُتَرَدِّدُ فَالدَّاخِلُ بَعْضُہٗ فِیْ بَعْضٍ قِصَرًا وَاَمَّا الْقَطَطُ فَالشَّدِیْدُ الْجُعُوْدَۃِ وَالرَّجِلُ الَّذِیْ فِیْ شَعْرِہٖ حُجُوْنَۃٌ اَیْ یَنْحَنِیْ قَلِیْلاً وَاَمَّا الْمُطَھَّمُ فَالْبَادِنُ الْکَثِیْرُ اللَّحْمِ وَاَمَّا الْمُکَلْثَمُ الْمُدَوَّرُالْوَجْہِ وَاَمَّا الْمُشْرَبُ فَھُوَ الَّذِیْ فِیْ بَیَاضِہٖ حُمْرَۃٌ وَالْاَدْعَجُ الشَّدِیْدُ سَوَادَ الْعَیْنِ وَالْاَھْدَبُ الطَّوِیْلُ الْاَشْفَارِ وَالْکَتَدُ مُجْتَمَعُ الْکَتِفَیْنِ وَھُوَ الْکَاھِلُ وَالْمَسْرُبَۃُ ھُوَ الشَّعْرُ الدَّقِیْقُ الَّذِیْ کَاَنَّہٗ قَضِیْبٌ مِنَ الصَّدْرِ اِلَی السُّرَّۃِ وَالشَّثْنُ الْغَلِیْظُ

بیان کرتے تو فرماتے کہ آپ ؐ نہ لمبے تھے نہ بہت پست قد تھے بلکہ میانہ قد تھے ۔آپ ؐ کے بال نہ بہت گھنگریالے تھے اور نہ بالکل سیدھے بلکہ تھوڑے تھوڑے گھنگریالے تھے ۔بہت موٹے بھی نہیں تھے ۔آپ ؐ کا چہرہ بالکل گول تھا بلکہ چہرے میں قدرے گولائی تھی ۔رنگ سرخ وسفید ،آنکھیں سیاہ ،پلکیں لمبی ،جوڑ بڑے اور شانہ چوڑا تھا اور دونوں شانوں کے درمیان گوشت تھا۔آپ ﷺ کے بدن پر بال نہیں تھے ۔بس سینے سے ناف تک بالوں کی ایک لکیر سی تھی ۔ہتھیلیاں اور تلوے بھرے بھرے تھے۔جب چلتے تو پیر زمین پر گاڑ کر چلتے گویا کہ نیچے اتر رہے ہوں ۔اگر کسی کی طرف دیکھتے تو پورے گھوم کر دیکھتے آنکھیں پھیر کر نہیں۔آپ ؐ کے شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی۔ وہ خاتم النبیین اور سب سے اچھے سینے والے (حسد سے پاک) سب سے بہترین لہجے والے،سب سے نرم طبیعت والے اور بہترین معاشرت والے تھے ۔جو اچانک آپ کو دیکھتا وہ ڈر جاتا اور جو ملتا محبت کرنے لگتا ۔آپ کی تعریف کرنے والا کہتا ہے کہ میں نے آپ ؐ سے پہلے اور بعد آپ ؐ سا کوئی نہیں دیکھا۔اس حدیث کی سند متصل نہیں۔ابو جعفر کہتے ہیں کہ میں نے اصمعی کو آپ کی صفات کی تفسیر کرتے ہوئے سنا کہ "مُمَّغِطُ" دراز قد۔کہتے ہیں کہ میں نے ایک اعرابی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ " تَمَغَّطَ فِی نُشَّابَتِہٖ "اپنا تیر بہت کھینچا " مُتَرَدِّدُ" ۔جس کا بدن کوتاہ قد ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے میں گھسا ہوا ہو "قَطَطُ" بہت گھنگھریالے اور" رَجِلُ " ہلکے گھنگھریالے بالوں والا۔ "مُطَھَّمُ "نہایت فربہ اور زیادہ گوشت والا۔ " مُکَلْثَمُ "گول چہرے والا۔"مشرب" سرخی مائل گورے رنگ والا۔ "اَدْعَجُ"جسکی آنکھیں خوب سیاہ ہوں۔ "اَھْدَبُ " جسکی پلکیں لمبی ہوں۔ "کَتَدُ" دونوں شانوں کے درمیان جگہ اسے کاہل بھی کہتے ہیں۔ "مَسْرُبَۃُ" سینے سے ناف تک بالوں کی ایک لکیر. "اَلشَّثْنُ"

الْاَصَابِعِ مِنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ وَالتَّقَلُّعُ اَنْ يَمْشِىَ بِقُوَّةٍ وَالصَّبَبُ الْحُدُوْرُ تَقُوْلُ انْحَدَرْنَا مِنْ صُبُوْبٍ صَبَبٍ وَقَوْلُهُ جَلِيْلُ الْمُشَاشِ يُرِيْدُ رُءُوسَ الْمَنَاكِبِ وَالْعِشْرَةُ الصُّحْبَةُ وَالْعَشِيْرُ الصَّاحِبُ وَالْبَدِيْهَةُ الْمُفَاجَاةُ يَقُوْلُ بَدَهْتُهُ بِاَمْرٍ اَیْ فَجِئْتُهُ۔

جس کے ہاتھوں اور پیروں کی انگلیاں، ہتھیلیاں اور پاؤں گوشت سے بھرے ہوئے ہوں۔ "تَقَلُّعْ" پیر گاڑ کر چلنا "الصَّبَبُ" بلندی سے اترنا۔ "جَلِيْلُ الْمُشَاشِ" بڑے جوڑوں والا۔ مراد شانوں کا اوپر کا حصہ ہے۔ "عَشِيْرُ" اس سے مراد صحبت ہے اسلئے کہ عشیر صاحب کو کہتے ہیں۔ "بَدَهْتُهُ" اچانک۔

۵۲۸۔ بَابٌ

۵۲۸: باب

۱۵۷۳۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَاكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْرُدُ سَرْدَكُمْ هٰذَا وَلٰكِنَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ يُبَيِّنُهُ فَصْلٌ يَحْفَظُهُ مَنْ جَلَسَ اِلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ وَقَدْ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ۔

۱۵۷۳: روایت ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر جلدی جلدی باتیں نہ کرتے تھے بلکہ وہ ایسی کھلی ہوئی جدا جدا باتیں کرتے تھے کہ جو اُن کے پاس بیٹھا ہو بخوبی یاد کر لے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف زہری کی روایت سے جانتے ہیں۔ یونس بن یزید۔ اس حدیث کو زہری سے نقل کرتے ہیں۔

۵۲۹۔ بَابٌ

۵۲۹: باب

۱۵۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُعِيْدُ الْكَلِمَةَ ثَلَاثًا لِتُعْقَلَ عَنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى۔

۱۵۷۴: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک کلمے کو تین مرتبہ دھراتے تا کہ لوگ سمجھ سکیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبداللہ بن مثنیٰ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۵۳۰۔ بَابٌ

۵۳۰: باب

۱۵۷۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ ابْنِ جَزْءٍ قَالَ مَارَاَيْتُ اَحَدًا اَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رُوِىَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ مِثْلَ هٰذَا۔

۱۵۷۵: حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہ حدیث غریب ہے اور یزید بن حبیب سے بھی منقول ہے۔ وہ عبداللہ بن حارث سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں۔

۱۵۷۶۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَلَّالُ نَا

۱۵۷۶: ہم سے روایت کی احمد بن خالد الخلال نے انہوں نے

يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ جَزْءٍ قَالَ مَاكَانَ ضَحِكُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا تَبَسُّمًا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

یحییٰ سے وہ لیث سے وہ یزید بن ابی حبیب سے اور وہ عبداللہ بن حارثؓ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ ﷺ کی ہنسی آپؐ کی مسکراہٹ تھی۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ہم اس حدیث کو لیث بن سعد کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۳۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

۵۳۱: باب مہر نبوت کے متعلق

۱۵۷۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْجَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ يَقُوْلُ ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَ اُخْتِيْ وَجِعٌ فَمَسَحَ بِرَأْسِيْ وَدَعَالِيْ بِالْبَرَكَةِ وَتَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهٖ فَقُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَنَظَرْتُ اِلَى الْخَاتَمِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ فَاِذَا هُوَ مِثْلُ زِرِّ الْحَجَلَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَلْمَانَ وَقُرَّةَ بْنِ اِيَاسٍ الْمُزَنِيِّ وَجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَاَبِيْ رِمْثَةَ وَبُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ وَعَمْرِو بْنِ اَخْطَبَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۵۷۷: حضرت سائب بن یزیدؓ فرماتے ہیں کہ میری خالہ مجھے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ یہ میرا بھانجا ہے اور بیمار ہے۔آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لیے برکت کی دعا کی۔پھر آپؐ نے وضو کیا اور میں نے آپ کا بچا ہوا پانی پیا۔پھر میں آپؐ کے پیچھے کھڑا ہوا تو دیکھا کہ آپ ﷺ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت ہے۔جیسے چھپر کٹ کی گھنڈی ہوتی ہے۔اس باب میں حضرت سلمانؓ، قرہ بن ایاس مزنیؓ ،جابر بن سمرہؓ ،ابورمثہؓ ، بریدہ اسلمیؓ ،عبداللہ بن سرجسؓ ،عمرو بن اخطبؓ اور ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۷۸: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالِقَانِيُّ نَا اَيُّوْبُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ خَاتَمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الَّذِيْ بَيْنَ كَتِفَيْهِ غُدَّةٌ حَمْرَاءُ مِثْلَ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۷۸: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے شانوں کے درمیان والی مہر ایک سرخ غدود تھی جیسے کبوتری کا انڈا ہوتا ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۲: بَابٌ

۵۳۲: باب

۱۵۷۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ انَا الْحَجَّاجُ هُوَ ابْنُ اَرْطَاةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ فِيْ سَاقَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمُوْشَةٌ وَكَانَ لَا يَضْحَكُ اِلَّا تَبَسُّمًا وَكُنْتُ اِذَا نَظَرْتُ اِلَيْهِ قُلْتُ اَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ

۱۵۷۹: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی پنڈلیاں باریک تھیں۔آپؐ ہنستے نہیں تھے بلکہ مسکراتے تھے۔جب میں آپ کی طرف دیکھتا تو ایسا معلوم ہوتا کہ آپؐ نے آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہوتا تھا۔یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

وَلَيْسَ بِاَكْحَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۵۳۳: بَابٌ

۱۵۸۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُوْ قَطَنٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَلِيْعَ الْفَمِ اَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ مَنْهُوْسَ الْعَقِبِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۸۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ ابْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَلِيْعَ الْفَمِ اَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ مَنْهُوْسَ الْعَقِبِ قَالَ شُعْبَةُ قُلْتُ لِسِمَاكٍ مَاضَلِيْعُ الْفَمِ قَالَ وَاسِعُ الْفَمِ قُلْتُ مَااَشْكَلُ الْعَيْنَيْنِ قَالَ طَوِيْلُ شِقِّ الْعَيْنِ قُلْتُ مَا مَنْهُوْسُ الْعَقِبِ قَالَ قَلِيْلُ اللَّحْمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۳۳: باب

۱۵۸۰: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا دہان مبارک کشادہ تھا۔ آنکھیں بڑی اور آپ ؐ کی ایڑیوں میں گوشت کم تھا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۸۱: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کشادہ رو تھے، آنکھوں کے کنارے لمبے اور ایڑیوں میں گوشت کم تھا۔ شعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے سماک بن حرب سے پوچھا کہ "ضلیع الفم" کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ "کشادہ دہان"۔ میں نے پوچھا "اشکل العینین" سے کیا مراد ہے۔ انہوں نے فرمایا "بڑی آنکھ والے"۔ میں نے پوچھا "منھوس العقب" سے کیا مراد ہے۔ انہوں نے فرمایا "کم گوشت والے"۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۴: بَابٌ

۱۵۸۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَارَاَيْتُ شَيْئًا اَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّ الشَّمْسَ تَجْرِيْ فِيْ وَجْهِهٖ وَمَارَاَيْتُ اَحَدًا اَسْرَعَ فِيْ مَشْيِهٖ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا الْاَرْضُ تُطْوٰى لَهٗ اِنَّا لَنُجْهِدُ اَنْفُسَنَا وَاِنَّهٗ لَغَيْرُ مُكْتَرِثٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۵۳۴: باب

۱۵۸۲: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ حسین کوئی چیز نہیں دیکھی۔ گویا کہ سورج آپ ؐ کی شکل میں گھوم رہا ہو۔ پھر میں نے آپ ؐ سے تیز چلنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔ گویا کہ زمین آپ ؐ کے لیے لپیٹی جا رہی ہو۔ ہم (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلتے ہوئے) اپنی جانوں کو مشقت میں ڈالتے اور آپ ؐ بے پروا چلتے جاتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۳۵: بَابٌ

۱۵۸۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرِضَ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ فَاِذَا مُوْسٰى ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ

۵۳۵: باب

۱۵۸۳: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ (شب معراج میں) انبیاء کرام علیہم السلام میرے سامنے آئے تو (میں نے دیکھا کہ) حضرت موسیٰ علیہ السلام چھریرے

كَـأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ وَرَأَيْتُ عِيسَى بْنَ مَرْيَمَ فَإِذَا أَقْـرَبُ النَّـاسِ مَنْ رَأَيْـتُ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَأَيْـتُ إِبْـرَاهِيـمَ فَـإِذَا أَقْـرَبُ مَنْ رَأَيْـتُ بِـهِ شَبَهًـا صَـاحِبُكُمْ يَعْنِيْ نَفْسَهُ وَرَأَيْتُ جِبْرَئِيلَ فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِـهِ شَبَهًـا دِحْيَةُ هٰـذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

بدن کے جوان تھے۔(یعنی ہلکے پھلکے) جیسے قبیلہ شنوءۃ کے لوگ ہیں۔حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو دیکھا تو میں نے ان سے زیادہ مشابہ عروہ بن مسعودؓ کو پایا۔حضرت ابراہیم علیہ السلام تمہارے ساتھی (یعنی نبی اکرم ﷺ) سے مشابہت رکھتے تھے۔ اور جرائیل علیہ السلام کو دیکھا تو دحیہ کلبیؓ ان سے بہت مشابہت رکھتے ہیں۔یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۵۳۶ :بَابُ مَاجَآءَ فِيْ سِنِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابْنُ كَمْ كَانَ حِيْنَ مَاتَ

۵۳۶: باب نبی اکرم ﷺ کی وفات کے وقت عمر کے متعلق

۱۵۸۴ :حَـدَّثَـنَـا أَحْـمَدُ بْنُ مَنِيعٍ وَيَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الـدَّوْرَقِيُّ قَـالَا نَـا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ قَالَ ثَنِيْ عَمَّارٌ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ.

۱۵۸۴: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت عمر پینسٹھ سال تھی۔

۱۵۸۵ :حَـدَّثَـنَـا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ نَا عَمَّارٌ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ أَنَا ابْـنُ عَـبَّـاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ تُـوُفِّـيَ وَهُـوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنُ الْإِسْنَادِ صَحِيْحٌ.

۱۵۸۵: ہم سے روایت کی نصر بن علی نے وہ بشر بن مفضل سے وہ خالد حذاء سے وہ عمار سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی وفات پینسٹھ سال کی عمر میں ہوئی۔یہ حدیث سند کے اعتبار سے حسن صحیح ہے۔

۵۳۷ .بَابٌ

۵۳۷: باب

۱۵۸۶ : حَـدَّثَـنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا زَكَـرِيَّـا بْنُ إِسْحَاقَ نَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَـالَ مَكَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْـرَةَ يَعْنِيْ يُوْحٰى إِلَيْهِ وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَفِـي الْبَـابِ عَـنْ عَـائِشَةَ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَدَغْفَلِ بْنِ حَنْظَلَةَ وَلَا يَصِحُّ لِدَغْفَلٍ سَمَاعٌ مِنَ النَّبِيِّ صَـلَّـى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ.

۱۵۸۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ میں تیرہ سال قیام فرمایا۔یعنی جس دوران آپ ﷺ پر وحی آتی رہی اور جب آپؐ نے وفات پائی تو آپ کی عمر تریسٹھ سال تھی۔
اس باب میں حضرت عائشہؓ، انس بن مالکؓ، اور دغفل بن حنظلہؓ سے بھی روایت ہے۔دغفل کا نبی اکرم ﷺ سے سماع صحیح نہیں۔یہ حدیث عمرو بن دینار کی روایت سے حسن غریب ہے۔

۵۳۸ : بَابٌ

۵۳۸: باب

۱۵۸۷ :حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا

۱۵۸۷: حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَرِیْرٍ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُهٗ یَخْطُبُ یَقُوْلُ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَ سِتِّیْنَ وَاَبُوْبَکْرٍ وَ عُمَرُ وَاَنَا ابْنُ ثَلَاثٍ وَ سِتِّیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

میں نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خطاب کرتے ہوئے سنا انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات تریسٹھ برس کی عمر میں ہوئی اور میں بھی تریسٹھ برس کا ہوں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۹. بَابٌ

۵۳۹: باب

۱۵۸۸. حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِیُّ وَالْحُسَیْنُ بْنُ مَهْدِیِّ الْبَصْرِیُّ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ اُخْبِرْتُ عَنِ ابْنِ شِهَابِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَقَالَ الْحُسَیْنُ بْنُ مَهْدِیِّ فِیْ حَدِیْثِهٖ ابْنُ جُرَیْجٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّیْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ ابْنُ اَخِی الزُّهْرِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَ هٰذَا.

۱۵۸۸: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اس حدیث کو زہری کے بھتیجے نے زہری سے انہوں نے عروہ سے اور انہوں نے حضرت عائشہؓ سے اسی کے مثل نقل کیا ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ وَلَقَبُهٗ عَتِیْقٌ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مناقب ان کا نام عبداللہ بن عثمان اور لقب عتیق ہے

۱۵۸۹. حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا الثَّوْرِیُّ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَبْرَأُ اِلٰی کُلِّ خَلِیْلٍ مِنْ خُلَّةٍ وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا لَا تَّخَذْتُ ابْنَ اَبِیْ قُحَافَةَ خَلِیْلًا وَاِنَّ صَاحِبَکُمْ لَخَلِیْلُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ الزُّبَیْرِ.

۱۵۸۹: حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں ہر دوست کی دوستی سے بری ہوں۔ اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابن ابی قحافہ (ابوبکرؓ) کو دوست بناتا لیکن تمہارا ساتھی (یعنی نبی اکرم ﷺ) اللہ کے دوست ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ، ابوہریرہؓ، ابن عباس اور ابن زبیرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۵۹۰. حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعِیْدِ الْجَوْهَرِیُّ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبِیْ اُوَیْسٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ سَیِّدُنَا وَخَیْرُنَا وَ اَحَبُّنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۱۵۹۰: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے سردار ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہم سب میں بہتر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب تھے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۵۹۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَيُّ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اَبُوْ بَكْرٍ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ عُمَرُ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ ثُمَّ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ فَسَكَتَتْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۹۱: حضرت عبد اللہ بن شقیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ میں سے کس سے سب سے زیادہ محبت کرتے تھے؟ فرمانے لگیں کہ ابوبکرؓ سے، میں نے پوچھا کہ ان کے بعد۔ فرمایا: عمرؓ سے۔ میں نے پوچھا پھر۔ فرمایا: ابوعبیدہ بن جراحؓ سے۔ حضرت عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں میں نے پوچھا کہ انکے بعد؟ لیکن اس مرتبہ حضرت عائشہؓ خاموش رہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۵۹۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِيْ حَفْصَةَ وَالْاَعْمَشِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صُهْبَانَ وَابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى وَكَثِيْرِ النَّوَّاءِ كُلِّهِمْ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِيْ اُفُقِ السَّمَاءِ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ.

۱۵۹۲: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں اعلیٰ درجات والوں کو ادنیٰ درجات والے اس طرح دیکھیں گے جیسے تم لوگ ستارے کو آسمان کے افق پر چمکتا ہوا دیکھتے ہو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہی بلند درجات والوں میں سے ہیں اور کیا خوب ہیں۔

۵۴۰: بَابٌ

۵۴۰: باب

۱۵۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ اَبِي الْمُعَلّٰى عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا فَقَالَ اِنَّ رَجُلاً خَيَّرَهُ رَبُّهُ بَيْنَ اَنْ يَعِيْشَ فِي الدُّنْيَا مَاشَاءَ اَنْ يَعِيْشَ وَيَاْكُلَ فِي الدُّنْيَا مَاشَاءَ اَنْ يَاْكُلَ وَبَيْنَ لِقَاءِ رَبِّهٖ فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهٖ قَالَ فَبَكٰى اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا الشَّيْخِ اِذْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً صَالِحًا خَيَّرَهُ رَبُّهُ بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ لِقَاءِ رَبِّهٖ فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهٖ قَالَ فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ اَعْلَمَهُمْ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ بَلْ نَفْدِيْكَ بِاٰبَائِنَا وَاَمْوَالِنَا

۱۵۹۳: حضرت ابن ابی معلّٰی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن خطبہ دیا تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کو اختیار دیا کہ جتنی مدت اس کا دل چاہے دنیا میں رہے اور جو جی چاہے کھائے پیئے یا پھر اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو اختیار کرلے۔ چنانچہ اس نے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اختیار کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ سن کر حضرت ابوبکرؓ رونے لگے۔ صحابہ کرامؓ کہنے لگے کہ اس شیخ (یعنی ابوبکرؓ) پر تعجب ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک نیک آدمی کا قصہ بیان کررہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اختیار دیا اور اس نے اس کی ملاقات اختیار کی۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ ہم سے زیادہ جانتے تھے اور آپؐ کے ارشاد کا مطلب سمجھ گئے تھے کہ اس سے مراد آپؐ ہی ہیں۔ چنانچہ عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ بلکہ ہم آپؐ پر

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَمَنَّ اِلَيْنَا فِىْ صُحْبَتِهٖ وَذَاتِ يَدِهٖ مِنِ ابْنِ اَبِىْ قُحَافَةَ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لاَ تَّخَذْتُ ابْنَ اَبِىْ قُحَافَةَ خَلِيْلاً وَلٰكِنْ وُدٌّ وَاِخَاءُ اِيْمَانٍ مَرَّتَيْنِ اَوْثَلاَثًا وَاِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْرُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِىْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ بِاِسْنَادٍ غَيْرِ هٰذَا وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ اَمَنَّ اِلَيْنَا يَعْنِىْ اَمَنَّ عَلَيْنَا.

اپنے آباء واجداد اور اپنے اموال قربان کریں گے۔ آپؐ نے فرمایا ابن ابی قحافہ (یعنی ابوبکرؓ) سے زیادہ ہم پر احسان کرنے والا، مال خرچ کرنے والا اور بخوبی دوستی کے حقوق ادا کرنے والا کوئی نہیں۔ (آپؐ نے فرمایا کہ) اگر میں کسی کو دوست بناتا تو اسی (یعنی ابوبکرؓ) کو دوست بنایا لیکن بڑی دوستی اور برادری ایمان کی ہے۔ یہ بات آپ (ﷺ) نے تین مرتبہ فرمائی۔ پھر فرمایا کہ جان لو کہ تمہارا دوست (آنحضرتؐ) اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اور ابوعوانہ سے بھی منقول ہے۔ ابوعوانہ، عبدالملک بن عمیر سے اسی سند سے نقل کرتے ہیں۔ ''امن الینا'' سے مراد یہ ہے کہ بہت احسان کرنے والے ہیں۔

۱۵۹۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِى النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنَّ عَبْدًاخَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ اَنْ يُؤْتِيَهٗ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَآءَ وَبَيْنَ مَا عِنْدَهٗ فَاخْتَارَمَا عِنْدَهٗ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ فَدَيْنَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِآبَائِنَاوَاُمَّهَاتِنَا قَالَ فَعَجِبْنَا فَقَالَ النَّاسُ اُنْظُرُوْا اِلٰى هٰذَا الشَّيْخِ يُخْبِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَ اللّٰهُ بَيْنَ اَنْ يُؤْتِيَهٗ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَآءَ وَبَيْنَ مَاعِنْدَ اللّٰهِ وَهُوَ يَقُوْلُ فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْمُخَيَّرُ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ هُوَ اَعْلَمَنَا بِهٖ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَمَنِّ النَّاسِ عَلَىَّ فِىْ صُحْبَتِهٖ وَمَالِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لاَ تَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيْلاً وَلٰكِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلاَمِ لاَ تُبْقَيَنَّ فِى الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ اِلاَّ خَوْخَةُ اَبِىْ بَكْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۵۹۴: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ منبر پر تشریف فرما ہونے کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا کہ چاہے تو دنیاوی زندگی کی زینت کو اختیار کرلے اور اگر چاہے تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہونے والی چیزوں کو اختیار کرلے۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا کہ ہم اپنے آباء اور امہات کو آپؐ پر قربان کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم ان کی اس بات پر تعجب کرنے لگے اور لوگ کہنے لگے کہ اس شیخ کو دیکھو۔ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے متعلق بتارہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اسے دنیاوی اور اخروی زندگی میں سے ایک چیز اختیار کرنے کے لیے کہا اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے ماں باپ آپؐ پر قربان۔ چنانچہ (حقیقت میں) اختیار رسول اللہ ﷺ ہی کو دیا گیا تھا اور حضرت ابوبکرؓ ہم سے زیادہ سمجھتے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ دوستی کا حق ادا کرنے والے اور سب سے زیادہ مال خرچ کرنے والے ابوبکرؓ ہیں۔ اگر میں کسی کو دوست بناتا تو یقیناً ابوبکر صدیقؓ اسکے مستحق تھے لیکن اسلام کی اخوت ہی کافی ہے۔ (سنو) مسجد میں ابوبکرؓ کی کھڑکی کے علاوہ کوئی کھڑکی نہ رہے۔ (اس سے مراد وہ کھڑکیاں ہیں جو لوگوں نے

مسجد میں آنے جانے کیلئے بنائی ہوئی تھیں یہ مسجد میں کھلتی تھیں۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۴۱: بَابٌ

۱۵۹۵: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْكُوفِيُّ نَا مَحْبُوبُ بْنُ مُحْرِزٍ الْقَوَارِ يرِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيدَ الْاَوْدِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالِاَ حَدٍ عِنْدَنَا يَدٌ اِلَّا وَقَدْ كَافَاْنَاهُ مَاخَلاَ اَبَابَكْرٍ فَاِنَّ لَهُ عِنْدَ نَا يَدًا يُكَافِئُهُ اللّٰهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَا نَفَعَنِي مَالُ اَحَدٍ قَطُّ مَا نَفَعَنِي مَالُ اَبِي بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لَا تَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيْلاً اَلاَ وَاِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۴۱: باب

۱۵۹۵: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکرؓ کے علاوہ کوئی شخص ایسا نہیں جس کے احسان کا بدلہ ہم نے نہ چکا دیا ہو۔ ہاں ان کے احسان کا بدلہ اللہ تعالیٰ ہی قیامت کے دن دیں گے۔ مجھے ابوبکرؓ کے مال کے علاوہ کسی کے مال نے اتنا فائدہ نہیں پہنچایا۔ اور اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابوبکرؓ ہی کو بناتا۔ جان لو کہ تمہارا ساتھی (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے دوست ہیں۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۵۹۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ هُوَ ابْنُ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مَوْلٰى لِرِبْعِيٍّ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ نَحْوَهُ وَكَانَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ يُدَلِّسُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرُبَّمَا ذَكَرَهُ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ وَرُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ زَائِدَةَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ هِلاَلٍ مَوْلٰى رِبْعِيٍّ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ اَيْضًا عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

۱۵۹۶: حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیروی کرو۔ اس باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ سفیان ثوری اسے عبدالملک بن عمیر وہ ربعی کے مولیٰ وہ حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ پھر احمد بن منیع اور کئی حضرات بھی سفیان بن عیینہ اور وہ عبدالملک بن عمیر سے یہ حدیث اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ سفیان بن عیینہ اس حدیث میں کبھی تدلیس بھی کرتے تھے۔ چنانچہ کبھی زائدہ کے واسطے سے عبدالملک سے اور کبھی بلاواسطہ ان سے نقل کرتے تھے۔ ابراہیم بن سعد بھی سفیان ثوری وہ عبدالملک بن عمیر سے وہ ربعی کے مولیٰ ہلال وہ ربعی وہ حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۵۹۷۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْأُمَوِيُّ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سَالِمِ اَبِي الْعَلَاءِ الْمُرَادِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَدْرِيْ مَا بَقَائِيْ فِيْكُمْ فَاقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ وَاَشَارَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ۔

۱۵۹۷: حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے نہیں معلوم کہ کب تک میں تم لوگوں میں ہوں۔ لہٰذا میرے بعد تم ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی پیروی کرنا۔

۱۵۹۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوْقَرِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ طَلَعَ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ يَا عَلِيُّ لَا تُخْبِرْ هُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَالْوَلِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوْقَرِيُّ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَلِيٍّ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ۔

۱۵۹۸: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ ابوبکرؓ اور عمرؓ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دونوں جنت کے ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار ہیں۔ پچھلے لوگ ہوں یا آنے والے (یعنی تمام لوگوں کے) البتہ انبیاء اور مرسلین کے علاوہ۔ اے علیؓ ان دونوں کو اسکی خبر نہ دینا۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ ولید بن محمد موقری ضعیف ہیں لیکن یہ حدیث اور سند سے بھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی روایت ہے۔

۱۵۹۹: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ لَا تُخْبِرْهُمَا يَا عَلِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

۱۵۹۹: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا کہ یہ دونوں انبیاء ومرسلین کے علاوہ جنت کے تمام ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار ہیں۔ اے علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تم انہیں اسکی خبر نہ دینا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۶۰۰: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ ذَكَرَهُ دَاوُدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مَا خَلَا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ لَا تُخْبِرْهُمَا يَا عَلِيُّ۔

۱۶۰۰: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انبیاء ومرسلین کے علاوہ جنتیوں کے تمام ادھیڑ عمر والوں کے سردار ہوں گے۔ اے علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تم انہیں مت بتانا۔

۵۴۲: بَابُ

۱۶۰۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَلَسْتُ اَحَقَّ النَّاسِ بِهَا اَلَسْتُ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ اَلَسْتُ صَاحِبَ كَذَا اَلَسْتُ صَاحِبَ كَذَا هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهٰذَا اَصَحُّ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۵۴۲: باب

۱۶۰۱: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں لوگوں سے زیادہ اس کا مستحق نہیں (یعنی خلافت کا)۔ کیا میں پہلا اسلام لانے والا نہیں۔ کیا مجھے فلاں فلاں فضیلتیں حاصل نہیں۔ یہ حدیث بعض حضرات شعبہ سے وہ جریری سے اور وہ ابونضرہ سے نقل کرتے ہیں۔ اور یہ زیادہ صحیح ہے۔ محمد بن بشار اس حدیث کو عبدالرحمٰن سے وہ شعبہ سے وہ جریری سے اور وہ ابونضرہ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں اور اس میں ابوسعید کا ذکر نہیں۔ اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

۵۴۳: بَابُ

۱۶۰۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ عَلٰى اَصْحَابِهِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَهُمْ جُلُوْسٌ وَفِيْهِمْ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَلَا يَرْفَعُ اِلَيْهِ اَحَدٌ مِنْهُمْ بَصَرَهُ اِلَّا اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فَاِنَّهُمَا كَانَا يَنْظُرَانِ اِلَيْهِ وَ يَنْظُرُ اِلَيْهِمَا وَ يَتَبَسَّمَانِ اِلَيْهِ وَيَتَبَسَّمُ اِلَيْهِمَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِي الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ.

۵۴۳: باب

۱۶۰۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب انصار و مہاجرین صحابہؓ کی طرف تشریف لاتے اور وہ بشمول ابوبکرؓ وعمرؓ بیٹھے ہوئے ہوتے تو کسی کو جرأت نہیں ہوتی تھی کہ آپؐ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ سکے۔ ہاں البتہ حضرت ابوبکرؓ وعمرؓ دونوں آپؐ کی طرف دیکھتے اور مسکراتے۔ آپؐ بھی انہیں دیکھ کر مسکرایا کرتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حکم بن عطیہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ بعض محدثین نے حکم بن عطیہ کے بارے میں کلام کیا ہے۔

۵۴۴: بَابُ

۱۶۰۳: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ ابْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ اَحَدُهُمَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَالْاٰخَرُ عَنْ شِمَالِهِ وَهُوَ

۵۴۴: باب

۱۶۰۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں اس طرح داخل ہوئے کہ آپؐ کی دائیں طرف ابوبکر تھے اور بائیں طرف عمرؓ تھے۔ آپؐ دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور آپؐ نے فرمایا کہ ہم قیامت کے دن اسی طرح اٹھائے جائیں گے۔ یہ حدیث غریب ہے۔

اٰخِذٌ بِاَيْدِيْهِمَا وَقَالَ هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَسَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِالْقَوِيِّ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

سعید بن مسلم محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ یہ اسکے علاوہ اور سند سے بھی منقول ہے۔ اس میں نافع ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

۱۶۰۴: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ نَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ قَالَ ثَنِيْ كَثِيْرٌ اَبُوْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرِ التَّيْمِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ اَنْتَ صَاحِبِيْ عَلَى الْحَوْضِ وَصَاحِبِيْ فِي الْغَارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۰۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم میرے غار میں بھی ساتھی تھے لہٰذا حوض کوثر پر بھی میرے ساتھ ہی ہو گے۔

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۵۴۵: بَابٌ

۵۴۵: باب

۱۶۰۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ رَاٰى اَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ هٰذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَنْطَبٍ لَمْ يُدْرِكِ النَّبِيَّ ﷺ

۱۶۰۵: حضرت عبداللہ بن حنطب کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے ابوبکرؓ کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ دونوں سمع و بصر ہیں۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث مرسل ہے کیونکہ عبداللہ بن حنطب نے رسول اللہ ﷺ کو نہیں پایا یعنی وہ صحابی نہیں ہیں۔

۵۴۶: بَابٌ

۵۴۶: باب

۱۶۰۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسٰى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ هُوَ ابْنُ عِيْسٰى نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُرُوْا اَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَابَكْرٍ اِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَاْمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ قَالَتْ فَقَالَ مُرُوْا اَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ قُوْلِيْ لَهٗ اِنَّ اَبَابَكْرٍ اِذَا قَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَاْمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُنَّ لَاَنْتُنَّ

۱۶۰۶: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکرؓ کو حکم دو کہ لوگوں کی نماز کی امامت کریں۔ چنانچہ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ ابوبکرؓ جب آپؐ کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو رو پڑیں گے جسکی وجہ سے لوگ انکی قرأت نہیں سن سکیں گے۔ لہٰذا عمرؓ کو حکم دیجئے کہ امامت کریں آپؐ نے دوبارہ حکم دیا کہ ابو بکرؓ کو حکم دو کہ نماز پڑھائیں۔ اس مرتبہ حضرت عائشہؓ نے حفصہؓ سے فرمایا کہ آپؐ سے کہو کہ ابو بکرؓ رو پڑیں گے۔ حفصہؓ نے ایسا ہی کیا۔ آپؐ نے فرمایا: تم عورتیں ہی ہو جنہوں نے یوسف علیہ السلام کو قید خانے جانے پر مجبور کر دیا۔ جاؤ اور ابوبکرؓ کو حکم دو کہ نماز پڑھائیں۔ پھر حفصہؓ، عائشہؓ سے کہنے لگیں کہ تم سے مجھے

صَوَاحِبُ يُوْسُفَ مُرُوْا اَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ مَاكُنْتُ لِاُصِيْبَ مِنْكِ خَيْرًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِىْ مُوْسٰى وَابْنِ عَبَّاسٍ وَسَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ.

کبھی خیر نہیں پہنچی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، ابوموسیٰؓ، ابن عباسؓ اور سالم بن عبیدؓ سے بھی روایت ہے۔

۵۴۷: بَابٌ

۱۶۰۷: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِىُّ نَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ مَيْمُوْنِ الْاَنْصَارِىِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِىْ لِقَوْمٍ فِيْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ يَّؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۵۴۷: باب

۱۶۰۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی قوم میں ابوبکرؓ ہوں تو ان کے علاوہ امامت کرنے کا کسی کو حق نہیں۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۵۴۸: بَابٌ

۱۶۰۸: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِىُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ نُوْدِىَ فِى الْجَنَّةِ يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَيْرٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِىَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِىَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِىَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّيَامِ دُعِىَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ مَا عَلٰى مَنْ دُعِىَ مِنْ هٰذَا الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ يُدْعٰى اَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۴۸: باب

۱۶۰۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ کی راہ میں کسی چیز کا ایک جوڑا (یعنی دو درہم یا دو روپے وغیرہ) خرچ کرے گا تو اس کے لیے جنت میں پکارا جائے گا کہ اے اللہ کے بندے یہ جنت تیرے لیے تیار کی گئی ہے۔ چنانچہ جو نماز بحسن وخوبی خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھتا ہے اسے نماز کے دروازے سے بلایا جائیگا، جہاد کرنے والوں کو جہاد کے دروازے سے، صدقہ وخیرات دینے والوں کو صدقے کے دروازے اور روزے داروں کو باب الریان سے بلایا جائے گا۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان کسی شخص کا تمام دروازوں سے بلایا جانا ضروری تو نہیں کیونکہ ایک ہی دروازے سے بلایا جانا کافی ہے لیکن کیا کوئی ایسا بھی ہوگا جسے (بطور اعزاز واکرام کے) تمام دروازوں سے بلایا جائے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں میں امید کرتا ہوں کہ تم انہی میں سے ہوگے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۶۰۹: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ الْبَغْدَادِىُّ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا هِشَامُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ

۱۶۰۹: حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرمؐ نے ہمیں صدقہ دینے کا حکم دیا۔ اتفاق سے ان دنوں

اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَصَدَّقَ وَوَافَقَ ذٰلِكَ عِنْدِىْ مَالاً فَقُلْتُ الْيَوْمَ اَسْبِقُ اَبَابَكْرٍ اِنْ سَبَقْتُهُ يَوْمًا قَالَ فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِىْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَبْقَيْتَ لِاَهْلِكَ قُلْتُ مِثْلَهُ وَاَتٰى اَبُوْ بَكْرٍ بِكُلِّ مَاعِنْدَهُ فَقَالَ يَا اَبَابَكْرٍ مَا اَبْقَيْتَ لِاَهْلِكَ فَقَالَ اَبْقَيْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ قُلْتُ لَا اَسْبِقُهُ اِلٰى شَىْءٍ اَبَدًا هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

میرے پاس مال بھی تھا۔ میں سوچنے لگا کہ آج میں ابوبکرؓ سے سبقت لے گیا تو لے گیا۔ چنانچہ میں اپنا آدھا مال لیکر حاضر ہوا۔ آپؐ نے پوچھا کہ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟ عرض کیا اتنا ہی جتنا ساتھ لایا ہوں۔ پھر ابوبکرؓ آئے تو سب کچھ لے کر حاضر ہوئے۔ آپؐ نے ان سے پوچھا کہ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟ عرض کیا انکے لیے اللہ اور اس کا رسولؐ (حضرت عمرؓ کہتے ہیں) اس پر میں نے کہا کہ میں کبھی ان (ابوبکرؓ) پر سبقت حاصل نہیں کرسکتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۴۹: بَابٌ

۱۶۱۰: حَدَّثَنَاعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنِىْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا اَبِىْ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ اَبَاهُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَكَلَّمَتْهُ فِىْ شَىْءٍ فَاَمَرَهَا بِاَمْرٍ فَقَالَتْ اَرَاَيْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ لَمْ اَجِدْكَ قَالَ اِنْ لَمْ تَجِدِيْنِىْ فَاْتِىْ اَبَابَكْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۵۴۹: باب

۱۶۱۰: حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کوئی بات کی۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے کوئی حکم دیا۔ وہ کہنے لگی یارسول اللہ ﷺ اگر میں دوبارہ حاضر ہونے پر آپ کو نہ پاؤں تو کیا کروں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اگر ایسا ہوتو تم ابوبکرؓ کے پاس جانا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۵۰: بَابٌ

۱۶۱۱: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ اَبِىْ بَكْرٍ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۵۰: باب

۱۶۱۱: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے کے سوا تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا[1] اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اسی سند سے غریب ہے۔

۵۵۱: بَابٌ

۱۶۱۲: حَدَّثَنَاالْاَنْصَارِىُّ نَا مَعْنٌ نَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى ابْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَمِّهٖ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَابَكْرٍ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اَنْتَ عَتِيْقُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ فَيَوْمَئِذٍ سُمِّىَ عَتِيْقًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ

۵۵۱: باب

۱۶۱۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوبکرؓ نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ تم اللہ کی طرف سے دوزخ کی آگ سے آزاد کیے ہوئے ہو۔ یعنی (عتیق ہو)۔ چنانچہ اس دن سے ان کا نام عتیق پڑ گیا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بعض حضرات اس حدیث کو معن سے

---

[1] ان دروازوں سے مراد وہ دروازے ہیں جو مسجد نبوی میں کھلتے تھے۔ واللہ اعلم (مترجم)

مَعْنٍ وَقَالَ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

اوروہ موسیٰ بن طلحہؓ سے عائشہؓ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔

۵۵۲: بَاب

۵۵۲: باب

۱۶۱۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِنِ الْاَشَجُّ نَا تَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَلَهٗ وَزِيْرَانِ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ وَوَزِيْرَانِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ فَجِبْرَئِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَاَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُو الْجَحَّافِ اِسْمُهٗ دَاوٗدُ بْنُ اَبِيْ عَوْفٍ وَيُرْوٰى عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ نَا اَبُوْ الْجَحَّافِ وَكَانَ مَرْضِيًّا.

۱۶۱۳: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نبی کے دو وزیر آسمان سے اور دو وزیر زمین والوں میں سے ہوتے ہیں۔ پس میرے آسمانی وزیر جبرائیل ومیکائیل علیہما السلام ہیں۔ اور اہل زمین سے ابوبکر وعمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) میرے وزیر ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابوحجاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہے۔ سفیان ثوریؒ سے منقول ہے کہ ابوحجاف پسندیدہ شخص ہیں۔

۱۶۱۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِبْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ بَقَرَةً اِذْقَالَتْ لَمْ اُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اٰمَنْتُ بِذٰلِكَ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ وَمَا هُمَا فِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۱۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ایک شخص ایک گائے پر سوار ہوا تو وہ کہنے لگی کہ میں سواری کے لیے پیدا نہیں کی گئی مجھے تو کھیتی باڑی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ میں، ابوبکرؓ اور عمرؓ اس بات پر ایمان لائے۔ حضرت ابوسلمہؓ فرماتے ہیں کہ وہ دونوں حضرات اس دن وہاں موجود نہیں تھے۔ محمد بن بشار بھی محمد بن جعفر سے اور وہ شعبہ سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصہ مناقب حضرت ابوبکر صدیقؓ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زندگی عظیم الشان کارناموں سے لبریز ہے۔ شروع سے لے کر آخر زندگی تک اسلام اور مسلمانوں کی جو خدمت فرمائی ہے وہ روز روشن کی طرح واضح ہے خصوصاً انہوں نے سوا دو برس کی قلیل مدت خلافت میں اپنے مساعی جمیلہ کے جو لازوال نقش و نگار چھوڑے وہ قیامت تک مٹ نہیں سکتے۔ رسول اللہ ﷺ کے بعد سرزمین عرب ایک دفعہ پھر ضلالت و گمراہی کا گہوارہ بن گئی تھی مؤرخین کا بیان ہے کہ قریش اور ثقیف کے سوا تمام عرب اسلام کی حکومت سے باغی تھا۔ مدعیان نبوت کی جماعتیں علیحدہ علیحدہ ملک میں شورش برپا کر رہی تھیں۔ منکرین زکوٰۃ مدینہ منورہ لوٹنے کی دھمکی دے رہے تھے۔ غرض خورشید دو عالم ﷺ کے غروب ہوتے ہی شمع اسلام کے چراغ سحری بن جانے کا خطرہ تھا لیکن جانشین رسول اللہ ﷺ نے اپنی روشن ضمیری اور غیر معمولی استقلال کے باعث نہ صرف اس کو گل ہونے سے محفوظ رکھا بلکہ اسی مشعل ہدایت سے تمام کو منور کر دیا اس لئے حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد اسلام کو جس نے دوبارہ زندہ کیا اور دنیائے اسلام پر سب سے زیادہ جس کا احسان ہے وہ یہی ذات

گرامی ہے۔حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمام لوگوں کے احسانات کا بدلہ میں نے دیدیا لیکن صدیق اکبرؓ کے احسانات اتنے زیادہ ہیں کہ ان کا بدلہ تو اللہ تعالیٰ ہی آخرت میں عطاء فرمائیں گے۔

مُنَاقِبُ اَبِیْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

۱۶۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ نَا خَارِجَۃُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَنْصَارِیُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَحَبِّ ھٰذَیْنِ الرَّجُلَیْنِ اِلَیْکَ بِاَبِیْ جَھْلٍ اَوْبِعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ قَالَ وَکَانَ اَحَبَّھُمَا اِلَیْہِ عُمَرُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ.

مناقب عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

۱۶۱۵: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ ابوجہل اور عمر بن خطاب میں سے جو تجھے زیادہ پسند ہو اس سے اسلام کو تقویت پہنچا۔راوی فرماتے ہیں۔چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی اللہ کے نزدیک محبوب نکلے۔

یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۵۵۳: بَابٌ

۱۶۱۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ ھُوَ الْعَقَدِیُّ نَا خَارِجَۃُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ ھُوَ الْاَنْصَارِیُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِہٖ قَالَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ مَانَزَلَ بِالنَّاسِ اَمْرٌ قَطُّ فَقَالُوْا فِیْہِ وَقَالَ فِیْہِ عُمَرُ اَوْقَالَ ابْنُ الْخَطَّابِ فِیْہِ شَکَّ خَارِجَۃُ اِلَّانَزَلَ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ عَلٰی نَحْوِ مَاقَالَ عُمَرُ وَفِی الْبَابِ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ ذَرٍّ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

۵۵۳: باب

۱۶۱۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عمرؓ کے دل اور زبان پر حق جاری کر دیا ہے۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کوئی واقعہ ایسا نہیں جس میں حضرت عمرؓ اور دوسرے لوگوں نے کوئی رائے دی ہو اور قرآن عمرؓ کے قول کی موافقت میں نہ اترا ہو۔(یعنی ہمیشہ ایسا ہی ہوتا۔) اس باب میں فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ،ابوذرؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۵۵۴: بَابٌ

۱۶۱۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا یُوْنُسُ بْنُ بُکَیْرٍ عَنِ النَّضْرِ اَبِیْ عُمَرَ عَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَبِیْ جَھْلِ بْنِ ھِشَامٍ اَوْبِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ فَاَصْبَحَ فَغَدَا عُمَرُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۵۵۴: باب

۱۶۱۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ اسلام کو ابوجہل یا عمر بن خطابؓ کے اسلام سے تقویت پہنچا۔چنانچہ حضرت عمرؓ دوسری صبح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام لائے۔یہ حدیث اس سند سے غریب

فَاسْلَمَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِي النَّضْرِ اَبِيْ عُمَرَ وَهُوَ يَرْوِيْ مَنَاكِيْرَ.

ہے۔ بعض محدثین نے نضر ابوعمر کے بارے میں کلام کیا ہے۔

۵۵۵. بَابُ

۱۶۱۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْوَاسِطِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَخِيْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ لِاَبِيْ بَكْرٍ يَاخَيْرَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مَا اِنَّكَ اِنْ قُلْتَ ذَاكَ فَلَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَاطَلَعَتِ الشَّمْسُ عَلٰى رَجُلٍ خَيْرٍ مِنْ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِذٰلِكَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ.

۱۶۱۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ مَا اَظُنُّ رَجُلاً يَنْتَقِصُ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يُحِبُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ.

۵۵۵: باب

۱۶۱۸: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ عمرؓ نے ابوبکرؓ سے کہا کہ: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام انسانوں سے بہتر! انہوں نے فرمایا: تم اس طرح کہہ رہے ہو حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہتر کسی شخص پر سورج طلوع نہیں ہوا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند قوی نہیں۔ اس باب میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۶۱۹: حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ میرے خیال میں کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنے والا شخص ابوبکرؓ اور عمرؓ کی شان میں تنقیص نہیں کرسکتا۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

۵۵۶: بَابُ

۱۶۲۰: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ نَا الْمُقْرِئُ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكَانَ نَبِيٌّ بَعْدِيْ لَكَانَ عُمَرُبْنُ الْخَطَّابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ.

۵۵۶: باب

۱۶۲۰: حضرت عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن خطاب ہوتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف مشرح بن ہاعان کی روایت سے جانتے ہیں۔

۵۵۷: بَابُ

۱۶۲۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

۵۵۷: باب

۱۶۲۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب دیکھا کہ میرے پاس

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ كَأَنِّيْ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ فَأَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوْا فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْعِلْمُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

ایک دودھ کا پیالہ لایا گیا۔ میں نے اس میں سے پیا اور باقی عمر بن خطابؓ کو دے دیا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اسکی کیا تعبیر ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: اسکی تعبیر علم ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۶۲۲ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِقَصْرٍ مِّنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ قَالُوْا لِشَابٍّ مِنْ قُرَيْشٍ فَظَنَنْتُ أَنِّيْ أَنَا هُوَ فَقُلْتُ وَمَنْ هُوَ فَقَالُوْا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۲۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں جنت میں داخل ہوا تو ایک سونے کا محل دیکھا۔ میں نے پوچھا کہ یہ کس کے لیے ہے؟ کہنے لگے قریش کے ایک نوجوان کے لیے ہے۔ میں سمجھا کہ وہ میں ہی ہوں۔ پس میں نے پوچھا وہ کون ہے؟ کہنے لگے وہ عمر بن خطابؓ ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۵۸: بَابٌ

۵۵۸: باب

۱۶۲۳ : حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ أَبُوْ عَمَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ ابْنِ وَاقِدٍ قَالَ ثَنِيْ أَبِيْ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ ثَنِيْ أَبِيْ بُرَيْدَةَ قَالَ أَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِلَالًا فَقَالَ يَا بِلَالُ بِمَ سَبَقْتَنِيْ إِلَى الْجَنَّةِ مَا دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَطُّ إِلَّا سَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ أَمَامِيْ دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ أَمَامِيْ فَأَتَيْتُ عَلٰى قَصْرٍ مُرَبَّعٍ مُشْرِفٍ مِنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ قَالُوْا لِرَجُلٍ مِّنَ الْعَرَبِ فَقُلْتُ أَنَا عَرَبِيٌّ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ قَالُوْا لِرَجُلٍ مِّنْ قُرَيْشٍ فَقُلْتُ أَنَا قُرَشِيٌّ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ قَالُوْا لِرَجُلٍ مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَنَا مُحَمَّدٌ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ قَالُوْا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ بِلَالٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَذَّنْتُ قَطُّ إِلَّا صَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ وَمَا أَصَابَنِيْ حَدَثٌ قَطُّ إِلَّا تَوَضَّأْتُ عِنْدَهَا وَرَأَيْتُ أَنَّ لِلّٰهِ عَلَيَّ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَمُعَاذٍ وَأَنَسٍ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

۱۶۲۳: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ نے بلالؓ کو بلایا اور پوچھا کہ اے بلال کیا وجہ ہے کہ تم جنت میں داخل ہونے میں مجھ سے سبقت لے گئے کیونکہ میں جب بھی جنت میں گیا تو اپنے سامنے تمہارے چلنے کی آہٹ محسوس کی۔ آج رات بھی جب میں جنت میں داخل ہوا تو وہاں تمہارے چلنے کی آہٹ پہلے سے موجود تھی۔ پھر میں ایک سونے سے بنے ہوئے چوکور اور اونچے محل کے پاس سے گزرا تو پوچھا کہ یہ محل کس کے لیے ہے؟ کہنے لگے ایک عربی کا؟ میں نے کہا عربی تو میں بھی ہوں۔ کہنے لگے قریش میں سے ایک شخص کا؟ میں نے کہا قریشی تو میں بھی ہوں، کہنے لگے محمد (ﷺ) کی امت میں سے ایک شخص کا۔ میں نے کہا میں محمد ہوں یہ محل کس کا ہے؟ کہنے لگے عمر بن خطابؓ کا۔ پھر بلالؓ نے (اپنی آہٹ جنت میں سنے جانے کے متعلق جواب دیتے ہوئے) عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں جب بھی اذان دیتا ہوں اس سے پہلے دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور جب بھی میں بے وضو ہو جاتا ہوں تو فوراً وضو کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ اللہ کیلئے دو رکعت نماز

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْجَنَّةِ قَصْرًا مِّنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا فَقِيْلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنِّيْ دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةَ يَعْنِيْ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنِّيْ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ هٰكَذَا رُوِيَ فِيْ بَعْضِ الْحَدِيْثِ وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ رُؤْيَا الْاَنْبِيَآءِ وَحْيٌ.

پڑھنا اسکا حق ہے[1]۔ (لہٰذا دو رکعت ادا کرتا ہوں) آپ ؐ نے فرمایا: یہی وجہ ہے کہ تم جنت میں مجھ سے پہلے ہوتے ہو۔ اس باب میں جابرؓ، معاذ، انسؓ، اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے جنت میں سونے کا ایک محل دیکھا تو میں نے پوچھا کہ یہ کس کے لیے ہے؟ فرشتوں نے کہا کہ یہ عمر بن خطابؓ کے لیے ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ حدیث میں جو یہ فرمایا کہ میں گزشتہ رات جنت میں داخل ہوا اس سے مراد یہ ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا کہ میں جنت میں داخل ہوا ہوں۔ بعض احادیث میں اسی طرح منقول ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انبیاء کا خواب وحی ہوتا ہے۔

۵۵۹: بَابٌ

۱۶۲۴: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ ثَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ بُرَيْدَةَ يَقُوْلُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ جَآءَتْ جَارِيَةٌ سَوْدَآءُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ نَذَرْتُ اِنْ رَدَّكَ اللّٰهُ سَالِمًا اَنْ اَضْرِبَ بَيْنَ يَدَيْكَ بِالدُّفِّ وَاَتَغَنّٰى فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنْ كُنْتِ نَذَرْتِ فَاضْرِبِيْ وَاِلَّا فَلَا فَجَعَلَتْ تَضْرِبُ فَدَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ وَّهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَ هِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَاَلْقَتِ الدُّفَّ تَحْتَ اِسْتِهَا ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ اِنِّيْ كُنْتُ جَالِسًا وَهِيَ تَضْرِبُ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهِيَ

۵۵۹: باب

۱۶۲۴: حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ کسی جہاد سے واپس تشریف لائے تو ایک سیاہ فام باندی حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحیح سلامت واپس لائے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دف بجاؤں گی اور گانا گاؤں گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اگر تم نے نذر مانی تھی تو بجالو ورنہ نہیں۔ اس نے دف بجانا شروع کیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ آ گئے وہ بجاتی رہی پھر علی رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ کے آنے پر بھی وہ دف[2] بجاتی رہی لیکن اس کے بعد عمرؓ داخل ہوئے تو وہ دف کو نیچے رکھ کر اس پر بیٹھ گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمرؓ: تم سے شیطان بھی ڈرتا ہے۔ کیونکہ میں موجود تھا اور یہ دف بجا رہی تھی۔ پھر ابوبکرؓ، علیؓ اور عثمانؓ (یکے بعد دیگرے) آئے

---

[1] اس حدیث سے وضو اور تحیۃ الوضو کی فضیلت ثابت ہوئی اور حضرت بلالؓ کا نبی اکرم ﷺ کے آگے چلنا ایسا تھا جیسے کہ چوبدار اور نقیب بادشاہوں کے آگے چلتے ہیں، حضرت بلالؓ کا نبی اکرم ﷺ کے آگے چلنا نبی اکرم ﷺ پر افضل ہونا نہیں بلکہ نبی اکرم ﷺ ہی افضل ہیں۔ واللہ اعلم (مترجم)

[2] یہاں یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ سیاہ فام باندی نبی اکرم ﷺ، حضرت ابوبکرؓ، عثمان اور علیؓ کی موجودگی میں تو دف بجاتی رہی لیکن حضرت عمرؓ کے داخل ہونے پر نبی اکرم ﷺ نے اسکو شیطانی کام قرار دیا۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا جہاد سے صحیح وسالم واپس آنا چونکہ خوشی کا باعث تھا پھر اس (لونڈی) نے نذر بھی مانی ہوئی تھی۔ لہٰذا آپ ؐ نے اسے اجازت دے دی۔ لیکن چونکہ تھوڑا بجانے سے بھی اسکی نذر پوری ہو جاتی تھی۔ لہٰذا زیادہ بجانے سے وہ کراہت کی مرتکب ہوئی اور اسی وقت حضرت عمرؓ بھی آ گئے۔ لہٰذا آپ ﷺ کے اجازت دینے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دف حرام نہیں اور بعد میں اسے شیطانی کام قرار دینے سے اسکی کراہت معلوم ہوتی ہے۔ پھر یہ حکم بھی اُسی صورت میں ہے کہ فتنے کا خوف نہ ہو ورنہ حرام ہی ہے۔ واللہ اعلم (مترجم)

تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَهِيَ تَضْرِبُ فَلَمَّا دَخَلْتَ أَنْتَ يَا عُمَرُ أَلْقَتِ الدُّفَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ بُرَيْدَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَائِشَةَ.

تب بھی یہ بجاتی رہی لیکن جب تم آئے تو اس نے دف بجانا بند کر دیا۔ یہ حدیث بریدہؓ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ اور عائشہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۶۲۵: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ أَنَا يَزِيْدُ بْنُ رُوْمَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ جَالِسًا فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَصَوْتَ صِبْيَانٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَإِذَا حَبْشِيَّةٌ تَزْفِنُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهَا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ تَعَالَى فَانْظُرِي فَجِئْتُ فَوَضَعْتُ لَحْيَيَّ عَلَى مَنْكِبِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهَا مَا بَيْنَ الْمَنْكِبِ إِلَى رَأْسِهِ فَقَالَ لِي أَمَا شَبِعْتِ أَمَا شَبِعْتِ قَالَتْ فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ لَا لِأَنْظُرَ مَنْزِلَتِي عِنْدَهُ إِذْ طَلَعَ عُمَرُ قَالَتْ فَارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا قَالَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِيْنِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ قَدْ فَرُّوْا مِنْ عُمَرَ قَالَتْ فَرَجَعْتُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۲۵: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ بیٹھے ہوئے تھے کہ ہم نے شور وغل اور بچوں کی آواز سنی۔ آپ کھڑے ہوئے تو دیکھا کہ ایک حبشی عورت ناچ رہی ہے اور بچے اس کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: عائشہ! آؤ دیکھو۔ میں گئی اور ٹھوڑی آنحضرت ﷺ کے کندھے پر رکھ کر اس عورت کو دیکھنے لگی۔ میری ٹھوڑی آپؐ کے کندھے اور سر کے درمیان تھی۔ آپؐ نے فرمایا کیا تمہارا جی نہیں بھرا؟ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ آپؐ کے نزدیک میری کیا قدر ومنزلت ہے۔ لہٰذا میں نے کہا ''نہیں'' اتنے میں عمرؓ آگئے اور انہیں دیکھتے ہی سب بھاگ گئے اور آپؐ نے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں شیاطین جن وانس عمرؓ کو دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے[1]۔ پھر میں لوٹ آئی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۵۶۰: بَابٌ

۵۶۰: باب

۱۶۲۶: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ نَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ ثُمَّ أَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ آتِي أَهْلَ الْبَقِيْعِ فَيُحْشَرُوْنَ مَعِي ثُمَّ أَنْتَظِرُ أَهْلَ مَكَّةَ حَتّٰى أُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَاصِمُ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ لَيْسَ بِالْحَافِظِ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ.

۱۶۲۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے میری قبر کی زمین پھٹے گی۔ پھر ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی پھر عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی۔ پھر میں بقیع والوں کے پاس آؤں گا اور اس کے بعد اہل مکہ کا انتظار کروں گا یہاں تک کہ حرمین (مکہ اور مدینہ) کے درمیان لوگوں کے ساتھ جمع کیا جاؤں گا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عاصم بن عمر العمری محدثین کے نزدیک حافظ نہیں ہیں۔

---

[1] اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں کہ شیطان نبی اکرم ﷺ کو دیکھ کر نہیں بھاگا اور عمرؓ کو دیکھ کر بھاگ گیا۔ یہ اسلئے ہے کہ رسول اللہ ﷺ بمنزلہ بادشاہ اور عمرؓ بمنزلہ کوتوال ہیں اور کوتوال ہی کو دیکھ کر لوگ زیادہ ڈرتے ہیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کو یہ فضیلت نبی اکرم ﷺ کے توسط سے تو حاصل ہوئی۔ واللہ اعلم (مترجم)

۵۶۱: بَابٌ

۱۶۲۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَدْ كَانَ يَكُوْنُ فِي الْاُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ فَاِنْ يَكُ فِيْ اُمَّتِيْ اَحَدٌ فَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَخْبَرَنِيْ بَعْضُ اَصْحَابِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ مُحَدَّثُوْنَ يَعْنِيْ مُفَهَّمُوْنَ.

۵۶۱: باب

۱۶۲۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پچھلی امتوں میں بھی محدثون[1] ہوا کرتے تھے اگر میری امت میں کوئی محدث ہے تو وہ عمرؓ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ مجھے بعض اصحاب سفیان بن عیینہ نے خبر دی کہ ابن عیینہ فرماتے ہیں کہ محدثون سے مراد وہ لوگ ہیں جنکو دین کی سمجھ عطا کی گئی۔

۵۶۲. بَابٌ

۱۶۲۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ اَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ عُمَرُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى وَجَابِرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

۱۶۲۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَرْعٰى غَنَمًا لَهٗ اِذْ جَآءَ الذِّئْبُ فَاَخَذَ شَاةً فَجَآءَ صَاحِبُهَا فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ فَقَالَ الذِّئْبُ كَيْفَ تَصْنَعُ بِهَا يَوْمَ السَّبُعِ يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَاٰمَنْتُ بِذٰلِكَ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ وَمَا هُمَا فِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۶۲: باب

۱۶۲۸: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم پر ایک شخص داخل ہوگا۔ وہ جنتی ہے۔ چنانچہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے۔ پھر فرمایا کہ ایک جنتی شخص آنے والا ہے۔ اس مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے۔ اس باب میں حضرت ابو موسیٰؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث ابن مسعودؓ کی حدیث سے غریب ہے۔

۱۶۲۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ایک چرواہا بکریاں چرا رہا تھا کہ اچانک ایک بھیڑیا آیا اور اسکی بکری پکڑ لی۔ چرواہے نے اس سے بکری چھین لی۔ بھیڑیا کہنے لگا کہ تم اس دن کیا کرو گے، جس دن صرف درندے رہ جائیں گے اور میرے علاوہ کوئی چرواہا نہ ہوگا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں ابوبکرؓ و عمرؓ اس پر ایمان لائے۔ ابوسلمہؓ فرماتے ہیں کہ جس وقت آپ ﷺ نے یہ بات فرمائی اس وقت دونوں حضرات مجلس میں موجود نہیں تھے۔ محمد بن بشار بھی محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ سعد سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

---

[1] محدثون سے مراد وہ لوگ ہیں جو انتہائی فراست اور تخمینہ لگا کر بات کرتے ہیں۔ یہ دولت اللہ ہی طرف سے عنایت ہوتی ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ محدث وہ ہے جس سے فرشتے بات کریں اور بعض روایات بھی اس معنی کی تائید کرتی ہیں کیونکہ ان میں ''مُكَلَّمُوْنَ'' کے الفاظ آئے ہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ محدث وہ ہے جسکی زبان پر حق اور صحیح بات جاری ہو۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ عمرؓ کی زبان اور دل میں حق جاری ہوتا ہے۔ واللہ اعلم (مترجم)

۱۶۳۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اُحُدًا وَاَبُوبَكْرٍ وَعُمَرُ وَ عُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمْ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُثْبُتْ اُحُدُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۱۶۳۰: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ابوبکر، عمرؓ اور عثمان احد پہاڑ پر چڑھے تو وہ لرزنے لگا۔ آپؐ نے فرمایا: اے احد ٹھہر جا تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

خلاصہ مناقب حضرت عمر فاروق ؓ: امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مناقب وفضائل بے شمار ہیں ان کی عظیم ترین شخصیت وحیثیت اوران کے بلند ترین مقام ومرتبہ کی منقبت میں یہی ایک بات کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پاک ﷺ کی دعاء قبول کر کے ان کو اسلام قبول کرنے کی توفیق دی اوران کے ذریعہ اپنے دین کو زبردست حمایت وشوکت عطاء فرمائی۔ ان کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ منجانب اللہ راہ صواب ان پر روشن ہوجاتی تھی الہام والقاء کے ذریعہ غیبی طور پران کی راہنمائی ہوتی تھی ان کے دل میں وہی بات ڈالی جاتی تھی جو حق ہوتی تھی اوران کی رائے وحی الٰہی اور کتاب اللہ کے موافق پڑتی تھی۔ اسی بناء پر علماء نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کے حق میں ان کی رائے خلافتِ صدیقؓ کے حق میں ہونے کی دلیل ہے۔ ابنِ مردویہؒ نے حضرت مجاہدؒ کا قول نقل کیا ہے کہ (کسی معاملہ ومسئلہ میں) حضرت عمر فاروقؓ جو رائے دیتے تھے اس کے موافق آیات قرآن نازل ہوتی تھیں۔ ابن عساکر سیدنا علی مرتضیٰؓ کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں قرآن حضرت عمر کی رائے میں سے ایک رائے ہے یعنی قرآنی آیات کا ایک بڑا حصہ حضرت عمرؓ کی رائے کے موافق ہے۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تاریخ الخلفاء میں لکھا ہے کہ ''موافقات عمرؓ'' یعنی حضرت عمرؓ کی رائے سے قرآن کریم میں جہاں جہاں اتفاق کیا گیا ہے ایسے مواقع بیس ہیں (۱) حدیث نمبر ۱۶۱۸ حضرت عمرؓ کے حق میں آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی یا تو ان کے ایام خلافت پر محمول ہے یعنی حضرت عمرؓ اپنے زمانۂ خلافت میں تمام انسانوں سے بہتر تھے اس حقیقت کو آنحضرت ﷺ نے پہلے بیان فرمادیا تھا یا یہ کہ اس ارشاد گرامی میں ابوبکرؓ کے بعد کے الفاظ مقدر ہیں یعنی نبی کریم ﷺ نے گویا یہ فرمایا کہ آفتاب کسی شخص پر طلوع نہیں ہوا جو ابوبکرؓ کے بعد عمر سے بہتر ہو (۲) دَف سے مراد وہ گول باجا ہے جو چھلنی کی طرز کا اور ایک طرف سے منڈھا ہوا ہو اوراس میں جھانجھ نہ ہو۔ حضور ﷺ کا یہ فرمان کہ ''اگر تُو نے نذر مانی ہے'' یہ جملہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس نذر (منت) کا پورا کرنا کہ جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل ہوتی ہو واجب ہے اور رسول ﷺ کا سفر جہاد سے باعافیت واپس تشریف آوری پر کہ جس میں جانیں چلی جاتی ہیں مسّرت وشادمانی کا اظہار کرنا ایسی چیز تھی جس سے اللہ کی رضا وخوشنودی حاصل ہوتی ہے ورنہ ایسا نہ کرنا اس سے ثابت ہوا کہ ویسے تو دف بجانا جائز نہیں لیکن اس طرح کے موقع پر جائز ہے جن میں شارع علیہ السلام کی اجازت منقول ہوئی ہو۔ اس واقعہ کو بنیاد بنا کر تقریبات اور خوشی ومسّرت کے مواقع اور عرسوں اور عید وغیرہ میں راگ اور باجے اور ناچ رنگ کی محفلوں کو جائز کہا جاتا ہے یہ بالکل غلط ہے کیونکہ صحیح احادیث میں ان سب چیزوں کی حرمت اور گناہ ہونا ثابت ہے اگرچہ وہ راگ محض اپنا دل خوش کرنے کے لئے ہو جیسا کہ ہدایہ درمختار اور بحرالرائق وغیرہ میں لکھا ہے ''تم سے تو شیطان بھی خوف زدہ رہتا ہے'' میں شیطان سے مراد وہ سیاہ فام لڑکی تھی جو ایک شیطانی کام کر کے انسانی شیطان کا مصداق بن گئی تھی یا وہ

شیطان مراد ہے جو اس لڑکی پر مسلط تھا جس نے تفریح طبع کے لئے لہویعنی (بیہودگی) کی حد تک پہنچا دیا تھا یہ حدیث کی اجزائی وضاحت تھی اب اشکال یہ ہے کہ وہ لڑکی حضور ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے سامنے تو دف بجاتی رہی اور حضور ﷺ خاموش رہے لیکن جیسے ہی حضرت عمرؓ تشریف لائے تو اس نے بند کر دیا تو آخر میں آپ ﷺ نے اس کو شیطان سے تعبیر کیا آخر ایسا کیوں! اس کا جواب یہ ہے کہ اس لڑکی نے جب دف بجانا شروع کیا تو اتنی منہمک ہوئی کہ جائز حد سے گذر گئی اور اس کا یہ عمل گناہ کے دائرے میں داخل ہو گیا لیکن اتفاق سے اسی وقت حضرت عمرؓ آ گئے اس لئے آنحضرت ﷺ نے مذکورہ الفاظ ارشاد فرمائے جن میں اس طرف اشارہ تھا کہ یہ کام بس اتنا ہی جائز ہے جتنے کی اجازت دی گئی ہے اس سے زیادہ منع ہے۔ حدیث نمبر ۱۶۲۵ اس حبشی عورت کی کرتب بازی اور تماشا آرائی کی اس ظاہری صورت کے اعتبار سے جو لہو ولعب کی صورت سے مشابہ تھی وہ حقیقت کے اعتبار سے لہو لعب نہیں تھا یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ دراصل وہ عورت نیزہ وغیرہ کی ذریعہ مشاقی دکھا رہی تھی جو جہاد کے لئے ایک کار آمد چیز تھی اور اسی لئے آنحضرت ﷺ نے اس کی وہ مشاقی خود اور حضرت عائشہؓ کو بھی دکھائی۔ حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمرؓ علیین (جنت کی ایک وادی) میں بلند ترین مقام پر ہوں گے اور اہل جنت کے سردار ہوں گے ظاہر ہے جنت میں تو کوئی بھی ادھیڑ عمر کا نہیں ہوگا سب جواں ہوں گے اس لئے ادھیڑ عمر والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو ادھیڑ عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوں گے۔ اگلوں سے مراد گذشتہ امتوں کے لوگ مراد ہیں جن میں اصحاب کہف آل فرعون کے اہل ایمان بھی شامل ہیں اور پچھلوں سے مراد اس وقت کے لوگ ہیں جن میں تمام اولیاء اللہ اور شہداء بھی شامل ہیں۔ حضرت ابو بکرؓ و حضرت عمرؓ کی خلافت حکم نبوی ﷺ کے مطابق تھی۔ باہم محبت رکھنے والوں کی عادت ہے کہ جب آپس میں ان کی ایک دوسرے پر نظر پڑتی ہے تو بے اختیار مسکرانے لگتے ہیں اور شاداں و فرحاں ہو جاتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح جسم کے اعضاء میں کان اور آنکھ اپنی خصوصی اہمیت اور حیثیت کی بناء پر سب سے زیادہ خوبی و عمدگی رکھتے ہیں اسی طرح یہ دونوں حضرات (ابو بکرؓ و عمرؓ) اپنی خصوصی اہمیت و حیثیت کے اعتبار سے ملت اسلامیہ میں سب سے زیادہ شرف و فضیلت رکھتے ہیں۔ حدیث سے واضح طور پر ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ حضرت جبرئیلؑ اور حضرت میکائیلؑ (بلکہ تمام فرشتوں) سے افضل اعلیٰ وہیں اسی طرح یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ تمام صحابہ سے افضل اور اعلیٰ ہیں جبکہ باقی تمام صحابہ لوگوں میں افضل و اعلیٰ ہیں۔ یعنی آپ ﷺ نے اس خواب کو سن کر یہ تعبیر لی کہ عمرؓ کی خلافت کے بعد فتنوں کا دور شروع ہو جائے گا دینی و ملی امور میں انتشار و اضمحلال آ جائے گا۔

مُنَاقِبُ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ وَلَهُ كُنِيَتَانِ يُقَالُ اَبُوْ عَمْرٍو وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مناقب انکی دو کنیتیں ہیں ابو عمرو اور ابو عبد اللہ

۱۶۳۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ عَلٰى حِرَآءٍ هُوَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اهْدَاْ فَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُثْمَانَ

۱۶۳۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ (مکہ کے ایک پہاڑ) حراء پر تھے۔ آپؐ کے ساتھ ابو بکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ اور زبیرؓ بھی تھے۔ چنانچہ اس پہاڑ پر حرکت ہوئی تو آپؐ نے فرمایا رک جا تجھ پر نبی، صدیق اور شہداء کے علاوہ کوئی نہیں۔ اس باب میں حضرت عثمانؓ، سعید بن زیدؓ، ابن عباسؓ، سہل بن سعدؓ، انسؓ اور بریدہؓ اسلمیؓ

وَسَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَبُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۶۳: بَابٌ

۱۶۳۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ وَرَفِيْقِيْ يَعْنِيْ فِي الْجَنَّةِ عُثْمَانُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَهُوَ مُنْقَطِعٌ.

۵۶۳: باب

۱۶۳۲: حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نبی کا ایک رفیق ہوتا ہے۔ اور میرا رفیق عثمان ہے۔ یعنی جنت میں۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسکی سند قوی نہیں اور یہ منقطع حدیث ہے۔

۵۶۴: بَابٌ

۱۶۳۳: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدٍ هُوَ ابْنُ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ فَوْقَ دَارِهٖ ثُمَّ قَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ حِرَاءَ حِيْنَ انْتَقَضَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُثْبُتْ حِرَآءُ فَلَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْشَهِيْدٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ جَيْشِ الْعُسْرَةِ مَنْ يُنْفِقُ نَفَقَةً مُتَقَبَّلَةً وَالنَّاسُ مُجْهَدُوْنَ مُعْسِرُوْنَ فَجَهَّزْتُ ذٰلِكَ الْجَيْشَ قَالُوْا نَعَمْ ثُمَّ قَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ بِئْرَرُوْمَةَ لَمْ يَكُنْ يَشْرَبُ مِنْهَا اَحَدٌ اِلَّا بِثَمَنٍ فَابْتَعْتُهَا فَجَعَلْتُهَا لِلْغَنِيِّ وَ الْفَقِيْرِ وَابْنِ السَّبِيْلِ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ وَاَشْيَآءَ عَدَّهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ.

۵۶۴: باب

۱۶۳۳: حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عثمانؓ محصور ہوئے تو اپنے گھر کی چھت پر چڑھ کر لوگوں سے فرمایا کہ میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر یاد دلاتا ہوں کہ وہ وقت یاد کرو جب پہاڑ حرا ہلا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے اسے حکم دیا کہ رک جاؤ۔ تم پر نبی، صدیق اور شہداء کے علاوہ کوئی نہیں۔ (باغی) کہنے لگے ہاں۔ پھر آپؓ نے فرمایا: میں تمہیں یاد دلاتا ہوں کیا تم لوگ جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوہ تبوک کے موقع پر فرمایا کون ہے جو اس تنگی اور مشقت کی حالت میں خرچ کرے اسکا (صدقہ وخیرات) قبول کیا جائے گا۔ چنانچہ میں نے اس لشکر کو تیار کرایا۔ کہنے لگے ہاں۔ پھر فرمایا: اللہ کے لیے میں تمہیں یاد دلاتا ہوں کہ کیا تم لوگ نہیں جانتے کہ رومہ کے کنوئیں سے کوئی شخص بغیر قیمت ادا کیے پانی نہیں پی سکتا تھا اور میں نے اسے خرید کر امیر وغریب اور مسافروں کے لیے وقف کر دیا تھا۔ کہنے لگے اے اللہ ہم جانتے ہیں۔ پھر آپؓ نے بہت سی باتیں گنوائیں۔ یہ حدیث اس سند یعنی ابوعبدالرحمٰن سلمی کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۶۳۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ دَاوُدَ نَا

۱۶۳۴: حضرت عبدالرحمٰن بن خبابؓ فرماتے ہیں کہ

السَّكَنُ بْنُ الْمُغِيرَةِ وَيُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ مَوْلٰى لِاٰلِ عُثْمَانَ قَالَ اَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِىْ هِشَامٍ عَنْ فَرْقَدٍ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ هُوَ يَحُثُّ عَلٰى جَيْشِ الْعُسْرَةِ فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيْرٍ بِاَحْلَاسِهَا وَاَقْتَابِهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيَّ مِائَتَا بَعِيْرٍ بِاَحْلَاسِهَا وَاَقْتَابِهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَيَّ ثَلٰثُ مِائَةِ بَعِيْرٍ بِاَحْلَاسِهَا وَ اَقْتَابِهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَنَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عَنِ الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُوْلُ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ مَاعَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ.

میں نے نبی اکرم ﷺ کوغزوۂ تبوک کے لیے تیاری کے متعلق ترغیب دیتے ہوئے دیکھا۔ چنانچہ حضرت عثمان بن عفانؓ کھڑے ہوئے اورعرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: سواونٹ ، پالان اور کجاوے وغیرہ سمیت میرے ذمے ہیں جو اللہ کی راہ کے لیے وقف ہیں۔ آپؐ نے پھر ترغیب دی تو عثمانؓ دوبارہ کھڑے ہوئے میں دوسواونٹ پالان اور کجاوے وغیرہ سمیت اپنے ذمے لیتا ہوں۔ آپؐ نے پھر ترغیب دی تو حضرت عثمانؓ تیسری مرتبہ کھڑے ہوئے اور تین سواونٹ اپنے ذمے لے لیے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ منبر سے یہ کہتے ہوئے نیچے تشریف لے آئے کہ آج کے بعد عثمانؓ کچھ بھی کرے اسکا مواخذہ نہیں ہوگا۔ آج کے بعد عثمانؓ کے کسی عمل پر اسکی پکڑ نہیں ہوگی۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ اس باب میں عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۶۳۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ الرَّمْلِيُّ نَا ضَمْرَةُ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ كَثِيْرٍ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَآءَ عُثْمَانُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَلْفِ دِيْنَارٍ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ فِىْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ مِنْ كِتَابِىْ فِىْ كُمِّهٖ حِيْنَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَنَثَرَهَافِىْ حِجْرِهٖ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَلِّبُهَا فِىْ حِجْرِهٖ وَيَقُوْلُ مَاضَرَّ عُثْمَانَ مَاعَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۳۵: حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عثمانؓ ایک ہزار دینار لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ راوی حدیث حسن بن واقع کہتے ہیں کہ میری کتاب میں ایک جگہ اسطرح مذکور ہے کہ وہ غزوۂ تبوک کے موقع پر اپنی آستین میں ایک ہزار دینار ڈال کر لائے اور آپؐ کی گود میں ڈال دیئے۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دیناروں کو اپنی گود میں ہی الٹ پلٹ رہے تھے اور فرمارہے تھے کہ آج کے بعد عثمانؓ کو کوئی گناہ ضرر نہیں پہنچا سکا۔ تین مرتبہ یہی فرمایا: یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۶۳۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ نَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ نَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ لَمَّا اَمَرَرَسُوْلُ ﷺ بِبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِلَى

۱۶۳۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے بیعت رضوان کا حکم دیا تو عثمان بن عفانؓ نبی اکرم ﷺ کے پیغامبر بن کر اہل مکہ کے پاس گئے ہوئے تھے۔ چنانچہ لوگوں نے بیعت کی پھر آپؐ نے فرمایا: عثمان، اللہ

اَهْلِ مَكَّةَ قَالَ فَبَايَعَ النَّاسَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنَّ عُثْمَانَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ فَضَرَبَ بِاِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى فَكَانَتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِّنْ اَيْدِيْهِمْ لِاَ نْفُسِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

اور اسکے رسول ﷺ کے کام سے گیا ہے اور اپنا ایک ہاتھ دوسرے پر مارا۔ (یعنی آپؐ نے ایک ہاتھ کو عثمانؓ کا ہاتھ ٹھہرا کر بیعت کی) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ عثمانؓ کے لیے لوگوں کے ہاتھوں سے بہتر تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۶۳۷: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَ عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالُوْا ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ انَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْحَجَّاجِ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِيْنَ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ ائْتُوْنِيْ بِصَاحِبَيْكُمُ اللَّذَيْنِ اَلَّبَاكُمْ عَلَيَّ قَالَ فَجِيْئَ بِهِمَا كَاَنَّهُمَا جَمَلَانِ اَوْ كَاَنَّهُمَا حِمَارَانِ قَالَ فَاَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَلَيْسَ بِهَا مَآءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرُ بِئْرِ رُوْمَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّشْتَرِيْ بِئْرَ رُوْمَةَ فَيَجْعَلُ دَلْوَهٗ مَعَ دِلَآءِ الْمُسْلِمِيْنَ بِخَيْرٍ لَّهٗ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ فَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اَشْرَبَ مِنْهَا حَتّٰى اَشْرَبَ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِاَهْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّشْتَرِيْ بُقْعَةَ اٰلِ فُلَانٍ فَيَزِيْدُهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَّهٗ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ وَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اُصَلِّيَ فِيْهَا رَكْعَتَيْنِ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِيْ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ اَنْشُدُكُمْ

۱۶۳۷: حضرت ثمامہ بن حزن قشیری کہتے ہیں کہ جب حضرت عثمانؓ لوگوں سے خطاب کرنے کے لیے چھت پر چڑھے تو میں بھی موجود تھا۔ آپؓ نے فرمایا: اپنے ان دو ساتھیوں کو میرے پاس لاؤ جنہوں نے تمہیں مجھ پر مسلط کیا ہے۔ چنانچہ انہیں لایا گیا۔ گویا کہ وہ دو اونٹ یا دو گدھے تھے۔ حضرت عثمانؓ انکی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں تمہیں اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ نبی اکرم ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو مدینہ میں بئر رومہ کے علاوہ میٹھا پانی نہیں تھا۔ آپؐ نے فرمایا جو شخص اسے خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دے گا اس کے لیے جنت کی بشارت ہے۔ چنانچہ میں نے اسے خالصتاً اپنے مال سے خرید لیا اور آج تم مجھے اس کنویں کا پانی پینے سے روک رہے ہو اور میں کھاری پانی پی رہا ہوں کہنے لگے اے اللہ ہم جانتے ہیں۔ پھر آپؓ نے فرمایا۔ میں تمہیں اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ مسجد نبوی چھوٹی پڑ گئی ہے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو فلاں لوگوں سے زمین خرید کر مسجد میں شامل کرے گا۔ اسے جنت کی بشارت ہے۔ میں نے اسے بھی خالصتاً اپنے مال سے خرید لیا آج مجھے اس مسجد میں دو رکعت نماز بھی نہیں پڑھنے دیتے، کہنے لگا ہاں یا اللہ ہم جانتے ہیں۔ پھر فرمایا میں تمہیں اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں نے غزوۂ تبوک کا پورا لشکر اپنے مال سے تیار کیا تھا۔ کہنے لگے ہاں معلوم ہے۔ پھر فرمایا میں تمہیں اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تم لوگوں

بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى ثَبِيْرِ مَكَّةَ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتّٰى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهُ بِالْحَضِيْضِ قَالَ فَرَكَضَهُ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اُسْكُنْ ثَبِيْرُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَّشَهِيْدَانِ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ شَهِدُوْا لِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اَنِّيْ شَهِيْدٌ ثَلَاثًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُثْمَانَ.

کو علم نہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ مکہ کے پہاڑ ثبیر پر چڑھے۔ میں (یعنی حضرت عثمانؓ) ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی آپؐ کے ساتھ تھے۔ اس پر وہ پہاڑ لرزنے لگا۔ یہاں تک کہ اسکے چند پتھر بھی نیچے گر گئے۔ آپؐ نے اسے اپنے پاؤں سے مارا اور فرمایا ثبیر رک جا۔ تجھ پر نبی ﷺ، صدیق اور دو شہید ہیں۔ کہنے لگے ہاں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: اللہ اکبر۔ ان لوگوں نے بھی گواہی دی۔ اور (فرمایا) رب کعبہ کی قسم میں شہید ہوں۔ یہ تین مرتبہ فرمایا: یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے حضرت عثمانؓ سے منقول ہے۔

۱۶۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ اَنَّ خُطَبَاءَ قَامَتْ بِالشَّامِ وَفِيْهِمْ رِجَالٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ اٰخِرُهُمْ رَجُلٌ يُّقَالُ لَهٗ مُرَّةُ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ لَوْلَا حَدِيْثٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُمْتُ وَذَكَرَ الْفِتَنَ فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ فِيْ ثَوْبٍ فَقَالَ هٰذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدٰى فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَاَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوَالَةَ وَكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ.

۱۶۳۸: حضرت ابواشعث صنعانی فرماتے ہیں کہ شام میں بہت سے خطباء کھڑے ہوئے جن میں صحابہ کرامؓ بھی تھے۔ آخر میں مرہ بن کعبؓ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے حدیث نہ سنی ہوتی تو کبھی کھڑا نہ ہوتا۔ پھر آپؐ نے فتنوں کے متعلق بتایا اور فرمایا کہ یہ عنقریب ظاہر ہوں گے۔ اتنے میں وہاں سے ایک شخص منہ پر کپڑا لپیٹے ہوئے گزرا تو آپؐ فرمانے لگے یہ شخص اس دن ہدایت پر ہوگا (اور اس شخص کی طرف اشارہ کیا) حضرت مرہ فرماتے ہیں کہ میں نے اٹھ کر دیکھا تو وہ حضرت عثمانؓ تھے۔ پھر میں نے نبی اکرم ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر عرض کیا کہ یہ شخص۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، عبداللہ بن حوالہ اور کعب بن عجرہ سے بھی روایت ہے۔

۵۶۵: بَابٌ

۵۶۵: باب

۱۶۳۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عُثْمَانُ اِنَّهٗ لَعَلَّ اللّٰهَ يُقَمِّصُكَ قَمِيْصًا فَاِنْ اَرَادُوْكَ عَلٰى خَلْعِهٖ فَلَا تَخْلَعْهُ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ

۱۶۳۹: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ایک قمیص (یعنی خلافت) پہنائیں۔ اگر لوگ اسے اتارنا چاہیں تو مت اتارنا۔ اس حدیثِ مبارکہ میں طویل قصہ ہے۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

طَوِيْلَةٌ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۵۶۶. بَابٌ

۱۶۴۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعَطَّارُ نَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَقُوْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۵۶۶: باب

۱۶۴۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں ابو بکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ کو اسی ترتیب سے ذکر کیا کرتے تھے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ یعنی عبید اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے اور کئی سندوں سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔

۱۶۴۱: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ نَا شَاذَانُ الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ هَارُوْنَ عَنْ كُلَيْبِ بْنِ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِتْنَةً فَقَالَ يُقْتَلُ فِيْهَا هٰذَا مَظْلُوْمًا لِعُثْمَانَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۴۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنے کا ذکر کیا اور فرمایا کہ یہ (عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اس فتنے میں مظلوم قتل کئے جائیں گے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۵۶۷: باب

۱۶۴۲: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ مِصْرَ حَجَّ الْبَيْتَ فَرَاٰى قَوْمًا جُلُوْسًا فَقَالَ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالُوْا قُرَيْشٌ قَالَ فَمَنْ هٰذَا الشَّيْخُ قَالُوا ابْنُ عُمَرَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ شَيْءٍ فَحَدِّثْنِيْ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الْبَيْتِ اَتَعْلَمُ اَنَّ عُثْمَانَ فَرَّ يَوْمَ اُحُدٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتَعْلَمُ اَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا قَالَ نَعَمْ اَتَعْلَمُ اَنَّهُ تَغَيَّبَ يَوْمَ بَدْرٍ فَلَمْ يَشْهَدْهُ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ تَعَالَ حَتّٰى اُبَيِّنَ لَكَ مَا سَاَلْتَ عَنْهُ اَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ اُحُدٍ فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ عَفَا عَنْهُ وَغَفَرَ لَهُ وَاَمَّا تَغَيُّبُهُ يَوْمَ بَدْرٍ فَاِنَّهُ كَانَتْ عِنْدَهُ اَوْ تَحْتَهُ اِبْنَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

۵۶۷: باب

۱۶۴۲: حضرت عثمان بن عبداللہ بن موہب کہتے ہیں کہ ایک مصری شخص حج کے لیے آیا تو کچھ لوگوں کو بیٹھے ہوئے دیکھا اور پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ لوگ کہنے لگے قریشی ہیں۔ پوچھا کہ یہ بوڑھے شخص کون ہیں؟ اسے بتایا گیا کہ یہ ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ کہنے لگا میں آپؓ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں اور اس گھر کی حرمت کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا عثمانؓ جنگ احد کے موقع پر میدان سے فرار ہوئے تھے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہاں۔ پوچھا کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ بیعت رضوان کے موقع پر موجود نہیں تھے۔ فرمایا۔ ہاں۔ پوچھا کیا یہ بھی جانتے ہیں کہ وہ جنگ بدر میں شریک نہیں ہوئے؟ فرمایا ہاں۔ کہنے لگا۔ اللہ اکبر (پھر تم لوگ انکی فضیلت کے قائل کیوں ہو) پھر ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا: آؤ میں تمہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَکَ اَجْرُ رَجُلٍ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ وَاَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَوْ كَانَ اَحَدٌ اَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ لَبَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانَ عُثْمَانَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ وَكَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَ مَاذَهَبَ عُثْمَانُ اِلَى مَكَّةَ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى هٰذِهٖ يَدُ عُثْمَانَ وَضَرَبَ بِهَا عَلٰى يَدِهٖ وَقَالَ هٰذِهٖ لِعُثْمَانَ قَالَ لَهُ اذْهَبْ بِهٰذَا الْاٰنَ مَعَکَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تمہارے سوال کے جواب دوں۔ جہاں تک احد سے فرار کی بات ہے تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی حضرت عثمانؓ کو) معاف کر دیا۔ جنگ بدر کی حقیقت یہ ہے کہ ان کے نکاح میں رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی تھیں اور آپؐ نے ان سے فرمایا تھا کہ تمہارے لیے بدر میں شریک ہونے والے کے برابر اجر ہے اور تمہیں مال غنیمت سے حصہ بھی دیا جائے گا۔ اب آؤ بیعت رضوان کی طرف تو اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر حضرت عثمانؓ کے علاوہ کوئی اور مکہ میں ان سے زیادہ عزت رکھتا ہوتا تو نبی اکرم ﷺ حضرت عثمانؓ کی بجائے اسی کو بھیجتے۔ چونکہ بیعت رضوان ان کے مکہ جانے کے بعد ہوئی اس لئے وہ اس میں شریک نہیں ہو سکے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ کو عثمانؓ کا ہاتھ قرار دے کر اسے دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا یہ عثمانؓ کی بیعت ہے۔ پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اب یہ چیزیں سننے کے بعد تم جا سکتے ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۶۸: بَابٌ

۱۶۴۳ : حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ اَبِىْ طَالِبِ الْبَغْدَادِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عُثْمَانُ بْنُ زُفَرَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِىَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةِ رَجُلٍ لِيُصَلِّيَ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَارَاَيْنَاکَ تَرَكْتَ الصَّلٰوةَ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلَ هٰذَا قَالَ اِنَّهُ كَانَ يُبْغِضُ عُثْمَانَ فَاَبْغَضَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ هٰذَا هُوَ صَاحِبُ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ ضَعِيْفٌ فِى الْحَدِيْثِ جِدًّا وَمُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ صَاحِبُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَهُوَ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ وَيُكْنٰى اَبَا الْحَارِثِ وَمُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْاَلْهَانِيُّ صَاحِبُ اَبِىْ اُمَامَةَ ثِقَةٌ شَامِيٌّ يُكْنٰى اَبَا سُفْيَانَ .

۵۶۸: باب

۱۶۴۳: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کا جنازہ لایا گیا تو آپؐ نے اسکی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے پہلے کسی کی نماز جنازہ ترک کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بغض رکھتا تھا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ بھی اس سے بغض رکھتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور محمد بن زیاد جو میمون بن مہران کے دوست ہیں حدیث میں ضعیف ہیں جبکہ حضرت ابو ہریرہؓ کے دوست محمد بن زیاد ثقہ ہیں۔ انکی کنیت ابو حارث ہے اور وہ بصری ہیں۔ اور ابو امامہؓ کے ساتھی محمد بن زیاد ہانی شامی بھی ثقہ ہیں۔ انکی کنیت ابو سفیان ہے۔

۵۶۹: بَابُ

۱۶۴۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حَائِطًا لِّلْاَنْصَارِ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ فَقَالَ لِيْ يَا اَبَا مُوْسٰى اَمْلِكْ عَلَيَّ الْبَابَ فَلَا يَدْخُلَنَّ عَلَيَّ اَحَدٌ اِلَّا بِاِذْنٍ فَجَآءَ رَجُلٌ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا اَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَاْذِنُ قَالَ ائْذَنْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ وَجَآءَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالَ عُمَرُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا عُمَرُ يَسْتَاْذِنُ قَالَ افْتَحْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ وَدَخَلَ وَبَشَّرْتُهٗ بِالْجَنَّةِ فَجَآءَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالَ عُثْمَانُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا عُثْمَانُ يَسْتَاْذِنُ قَالَ افْتَحْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰى بَلْوٰى تُصِيْبُهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ.

۱۶۴۵: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ ابْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ ثَنِيْ اَبُوْ سَهْلَةَ قَالَ قَالَ لِيْ عُثْمَانُ يَوْمَ الدَّارِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَهِدَ اِلَيَّ عَهْدًا فَاَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ.

۵۶۹: باب

۱۶۴۴: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چلا اور ہم انصاریوں کے ایک باغ میں داخل ہوئے۔ آپؐ نے وہاں اپنی حاجت پوری کی اور مجھے حکم دیا کہ دروازے پر رہوتا کہ کوئی بغیر اجازت میرے پاس نہ آسکے۔ ایک شخص آیا اور اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے پوچھا کون ہے؟ کہنے لگے ابوبکرؓ۔ میں نے آپ کو بتایا۔ فرمایا انہیں آنے دو انہیں جنت کی بشارت دو۔ وہ اندر آ گئے۔ پھر دوسرا شخص آیا تو اس نے بھی دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے پوچھا کون۔ عمر بن خطابؓ ہوں۔ میں نے آپؐ سے عرض کیا کہ عمرؓ اجازت چاہتے ہیں۔ فرمایا انہیں آنے دو اور انہیں بھی جنت کی بشارت دو۔ میں نے دروازہ کھولا اندر آئے اور میں نے انہیں خوشخبری سنادی۔ پھر تیسرا شخص آیا تو میں نے نبی اکرمؐ سے عرض کیا کہ عثمانؓ بھی اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں۔ فرمایا: انہیں اندر آنے دو اور انہیں بھی ایک بلوے میں شہید ہونے پر جنت کی بشارت دیدو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی سندوں سے ابی عثمان نہدی سے منقول ہے اور اس باب میں جابرؓ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۶۴۵: حضرت ابوسہلہ کہتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ جب گھر میں محصور تھے تو مجھ سے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ایک عہد لیا ہے۔ چنانچہ میں اسی پر صبر کرنے والا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسمٰعیل بن ابی خالد کی روایت سے جانتے ہیں۔

خلاصہ مناقب حضرت عثمانؓ: بئر رومہ یعنی رومہ کا کنواں یہ مدینہ کے اس بڑے کنویں کا نام ہے جو وادی عقیق میں مسجد قبلتین کے شمالی جانب واقع ہوا ہے اس کنویں کا پانی شیریں، لطیف اور پاکیزہ ہے اس مناسبت سے کہ آنحضرت ﷺ کی بشارت کے مطابق اس کنویں کو خریدنے اور وقف کرنے کے سبب حضرت عثمانؓ کا جنتی ہونا ثابت ہوا اس کنویں کا ایک نام ''بئر جنت'' یعنی جنتی کنواں بھی مشہور ہے۔ اس زمانہ میں حضرت عثمانؓ نے اس کنویں کو ایک لاکھ درہم کے عوض خریدا تھا۔ فلاں شخص کی

اولاد سے مراد انصار سے تعلق رکھنے والے ایک خاندان کے وہ افراد جو مسجد نبوی کے قریب آباد تھے اور ان کی ملکیت میں ایک ایسی زمین تھی جس کو مسجد نبوی میں شامل کردینے سے مسجد شریف وسیع اور کشادہ ہو جاتی تو حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو متوجہ کیا۔ حضرت عثمانؓ نے آنحضرت ﷺ کی خواہش کے مطابق اس زمین کو بیس ہزار یا پچپن ہزار درہم کے عوض خرید کر مسجد نبوی میں شامل کرنے کے لئے وقف کر دیا پھر بعد میں ۲۹ھ میں حضرت عثمانؓ نے اس کی دیواریں اور ستون منقش پتھروں اور چونے سے بنوائے اور چھت ساکھو کی لکڑی کی کروائی۔ اس کے علاوہ جنگ تبوک کی مہم میں تیس ہزار اور دس ہزار سوار شامل تھے تو اس بناء پر گویا حضرت عثمانؓ نے دس ہزار سے زیادہ فوج کے لئے سامان مہیا کیا اور اس اہتمام کے ساتھ کہ اس کے لئے ایک ایک تسمہ تک ان کے روپے سے خریدا گیا تھا اس کے علاوہ ایک ہزار اونٹ، ستر گھوڑے اور سامان رسد کے لئے ایک ہزار دینار پیش کئے۔ حضور ﷺ اس فیاضی سے اس قدر خوش ہوئے کہ اشرفیوں کو دست مبارک سے اچھالتے تھے اور فرماتے تھے ''آج کے بعد عثمانؓ کا کوئی کام اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ حضرت عثمانؓ کی خلافت میں طرابلس، الجزائر، مراکش، اسپین، قبرص، طبرستان فتح ہوئے اس کے علاوہ بھی فتوحات ہوئیں۔ ایک عظیم الشان بحری جنگ بھی حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں ہوئی۔ حضور ﷺ نے شہادت کی پیشین گوئی فرمائی۔ اسی طرح بیعت الرضوان کے موقع پر حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک حضرت عثمانؓ کے ہاتھ کے قائم مقام قرار دیا اس بناء پر ان کی بیعت گویا سب لوگوں کی بیعت سے افضل و اشرف رہی۔ مخالفین حضرت عثمانؓ کو حضرت ابن عمرؓ کا مسکت اور مدلل جواب میں سے ایک منصف شخص کی تسلی و تشفی ہو جاتی ہے۔ ان مذکورہ ابواب اور مندرجہ بالا احادیث مبارکہ میں حضرت عثمانؓ کے فضائل و مناقب بیان کئے گئے ہیں معلوم ہوا کہ خلیفہ ثالث امیر المؤمنین وامام المسلمین حضرت عثمانؓ کے ساتھ محبت رکھنا ایمان کی علامت ہے اور بغض رکھنے والے کا جنازہ لایا گیا تو نبی کریم ﷺ نے اس کا جنازہ پڑھانے سے انکار فرما دیا کہ ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ بھی بغض رکھتے ہیں۔ تفصیل کے لئے سیر الصحابہؓ حصہ اوّل دیکھئے۔

مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ وَلَهٗ كُنْيَتَانِ اَبُوْ تُرَابٍ وَاَبُو الْحَسَنِ

۱۶۴۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ جَيْشًا وَ اسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَمَضٰى فِي السَّرِيَّةِ فَاَصَابَ جَارِيَةً وَاَنْكَرُوْا عَلَيْهِ وَتَعَاقَدَ اَرْبَعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنْ لَقِيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْنَاهُ بِمَا صَنَعَ عَلِيٌّ وَّكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِذَا رَجَعُوْا مِنْ سَفَرٍ بَدَءُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا اِلٰى رِحَالِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ سَلَّمُوْا

مناقب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوتراب اور ابوالحسن ہے

۱۶۴۶: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ کو ایک لشکر کا امیر بنا کر روانہ فرمایا: پس وہ (حضرت علیؓ) ایک چھوٹا لشکر لے کر گئے۔ اور مال غنیمت میں سے ایک باندی لے لی۔ لوگوں کو یہ بات ناگوار گزری اور چار صحابہؓ نے عہد کیا کہ نبی اکرم ﷺ سے ملاقات ہونے پر بتا دیں گے کہ حضرت علیؓ نے کیا کیا۔ مسلمانوں کی عادت تھی کہ جب کسی سفر سے لوٹتے تو پہلے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے سلام عرض کرتے اور اس کے بعد اپنے گھروں کی طرف جایا کرتے تھے۔ چنانچہ جب یہ لشکر سلام عرض کرنے کے لیے حاضر ہوا تو ان چار آدمیوں میں ایک کھڑا

عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَامَ اَحَدُ الْاَرْبَعَةِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَمْ تَرَ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ صَنَعَ كَذَا وَكَذَا فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَامَ الثَّانِيْ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ الثَّالِثُ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَامَ الرَّابِعُ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالُوْا فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ مَاتُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ اَنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ.

ہوا اور آپؐ کے سامنے قصہ بیان کیا اور عرض کیا کہ دیکھئے علیؓ نے کیا کیا۔ آپؐ نے اس سے منہ پھیرلیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا۔ اور اس نے بھی وہی کچھ کہا جو پہلے نے کہا تھا۔ آپؐ نے اس سے بھی چہرہ پھیرلیا۔ تیسرے کے ساتھ بھی اسی طرح ہوا لیکن جب چوتھے نے اپنی بات پوری کی تو نبی اکرم ﷺ اسکی طرف متوجہ ہوئے۔ آپؐ کے چہرہ انور پر غصے کے آثار نمایاں تھے اور تین مرتبہ ارشاد فرمایا کہ علیؓ سے تم کیا چاہتے ہو۔ علیؓ مجھ سے ہیں اور میں اس سے ہوں اور وہ میرے بعد ہر مؤمن کا دوست ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف جعفر بن سلیمان کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۶۴۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ سَرِيْحَةَ اَوْزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ شَكَّ شُعْبَةُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مَيْمُوْنَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَاَبُوْ سَرِيْحَةَ هُوَ حُذَيْفَةُ بْنُ اُسَيْدٍ صَاحِبُ النَّبِيِّ ﷺ.

۱۶۴۷: حضرت ابوسریحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں (شعبہ کو شک ہے) کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں دوست ہوں، علیؓ بھی اس کا دوست ہے[1]۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ شعبہ اس حدیث کو میمون بن عبداللہ سے وہ زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنی نقل کرتے ہیں۔ ابوسریحہ کا نام حذیفہ بن اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ یہ صحابی ہیں۔

۱۶۴۸: حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ عَتَّابٍ سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ نَا الْمُخْتَارُ بْنُ نَافِعٍ نَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ اَبَابَكْرٍ زَوَّجَنِي ابْنَتَهٗ وَحَمَلَنِيْ اِلٰى دَارِ الْهِجْرَةِ وَاَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهٖ رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَالَهٗ صَدِيْقٌ رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ تَسْتَحْيِيْهِ الْمَلَائِكَةُ رَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا اَللّٰهُمَّ اَدِرِ الْحَقَّ مَعَهٗ حَيْثُ دَارَ هٰذَا حَدِيْثٌ

۱۶۴۸: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوبکرؓ پر رحم فرمائے اس نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دی اور مجھے دار الہجرۃ لے کر آئے پھر بلالؓ کو بھی انہوں نے اپنے مال سے آزاد کرایا۔ اللہ تعالیٰ عمرؓ پر رحم فرمائے یہ ہمیشہ حق بات کرتے ہیں اگر چہ وہ کڑوی ہو اسی لیے وہ اس حال میں ہیں کہ ان کا کوئی دوست نہیں۔ اللہ تعالیٰ عثمانؓ پر رحم فرمائے۔ اس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ علیؓ پر رحم فرمائے۔ اے اللہ: یہ جہاں کہیں بھی ہو حق اس کے ساتھ

[1]: شیعہ حضرات کا حضرت علیؓ کی خلافت بلافصل پر اس حدیث سے استدلال قطعاً درست نہیں کیونکہ مولیٰ کے کئی معنیٰ ہیں۔ کبھی دوست، کبھی مالک، کبھی رب اور اس کے علاوہ بھی کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا لفظ مولیٰ کو کسی ایک معنی کے ساتھ مخصوص کر دینا باطل اور عقل کے خلاف ہے۔ پھر اگر فرض کرلیا جائے کہ مولیٰ سے مراد خلیفہ ہی ہے تب بھی اس سے انکی خلافت تو ثابت ہوتی ہے۔ لیکن خلافت بلافصل نہیں۔ واللہ اعلم۔ (مترجم)

غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

رہے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اس حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۶۴۹: حَدَّثَنَاسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ بِالرَّحْبَةِ فَقَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْحُدَيْبِيَةِ خَرَجَ اِلَيْنَا نَاسٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْهِمْ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو وَاُنَاسٌ مِنْ رُءُ وْسَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَرَجَ اِلَيْكَ نَاسٌ مِّنْ اَبْنَائِنَا وَاِخْوَانِنَا وَاَرِقَّائِنَا وَلَيْسَ لَهُمْ فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ وَاِنَّمَا خَرَجُوْا مِنْ اَمْوَالِنَا وَ ضِيَاعِنَافَارْدُدْ هُمْ اِلَيْنَا فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ سَنُفَقِّهُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ لَتَنْتَهُنَّ اَوْلَيَبْعَثَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَّضْرِبُ رِقَابَكُمْ بِالسَّيْفِ عَلَى الدِّيْنِ قَدِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ عَلَى الْاِيْمَانِ قَالُوْا مَنْ هُوَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ اَبُوْ بَكْرٍ مَنْ هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَالَ عُمَرُ مَنْ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ خَاصِفُ النَّعْلِ وَ كَانَ اَعْطٰى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهَا قَالَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا عَلِيٌّ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَّبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ رِبْعِيِّ عَنْ عَلِيٍّ.

۱۶۴۹: حضرت علی بن ابی طالبؓ نے رحبہ کے مقام پر فرمایا کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر کئی مشرک ہماری طرف آئے جن میں سہیل بن عمرو اور کئی مشرک سردار تھے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ہماری اولاد، بھائیوں اور غلاموں میں سے بہت سے ایسے لوگ آپؐ کے پاس چلے گئے جنہیں دین کی کوئی سمجھ بوجھ نہیں ۔ یہ لوگ ہمارے اموال اور جائدادوں سے فرار ہوئے ہیں۔ لہٰذا آپؐ یہ لوگ ہمیں واپس کر دیجئے اگر انہیں دین کی سمجھ نہیں تو ہم انہیں سمجھا دیں گے۔ آپؐ نے فرمایا: اے اہل قریش تم لوگ اپنی حرکتوں سے باز آجاؤ ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر ایسے لوگ مسلط کریں گے جو تمہیں قتل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کے ایمان کو آزمالیا ہے۔ ابوبکرؓ وعمرؓ اور لوگوں نے پوچھا کہ: وہ کون ہے یارسول اللہ ﷺ؟ آپؐ نے فرمایا: وہ جوتیوں میں پیوند لگانے والا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنی نعلین مبارک مرمت کے لیے دی تھیں۔ حضرت ربعی بن خراش فرماتے ہیں کہ پھر علیؓ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے گا۔ وہ اپنی جگہ جہنم میں تلاش کرلے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو اس سند سے صرف ربعی کی روایت سے جانتے ہیں وہ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۵۷۰: بَابٌ

۵۷۰: باب

۱۶۵۰: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اِنَّا كُنَّا لَنَعْرِفُ الْمُنَافِقِيْنَ نَحْنُ مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ بِبُغْضِهِمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فِيْ اَبِيْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنِ الْاَعْمَشِ

۱۶۵۰: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم انصار لوگ، منافقین کو ان کے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض کی وجہ سے پہچانتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ابوہارون عبدی کے متعلق شعبہ کلام کرتے ہیں۔ پھر یہ حدیث اعمش سے بھی ابوصالح کے حوالے سے ابوسعید رضی اللہ عنہ

عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ.

سے منقول ہے۔

۵۷۱: بَابُ

۱۶۵۱: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبِی النَّضْرِ عَنِ الْمُسَاوِرِ الْحِمْیَرِیِّ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ فَسَمِعْتُهَا تَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ لَا یُحِبُّ عَلِیًّا مُنَافِقٌ وَلَا یُبْغِضُهٗ مُؤْمِنٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۷۱: باب

۱۶۵۱: حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ منافق حضرت علیؓ سے محبت نہیں کرسکتا اور کوئی مؤمن اس سے (یعنی حضرت علیؓ سے) بغض نہیں رکھ سکتا۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۵۷۲: بَابُ

۱۶۵۲: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ مُوْسٰی نِ الْفَزَارِیُّ ابْنُ بِنْتِ السُّدِّیِّ نَا شَرِیْکٌ عَنْ اَبِیْ رَبِیْعَةَ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ بِحُبِّ اَرْبَعَةٍ وَّاَخْبَرَنِیْ اَنَّهٗ یُحِبُّهُمْ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِّهِمْ لَنَا قَالَ عَلِیٌّ مِنْهُمْ یَقُوْلُ ذٰلِکَ ثَلَاثًا وَاَبُوْذَرٍّ وَالْمِقْدَادُ وَ سَلْمَانُ وَاَمَرَنِیْ بِحُبِّهِمْ وَاَخْبَرَنِیْ اَنَّهٗ یُحِبُّهُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْکٍ.

۵۷۲: باب

۱۶۵۲: حضرت بریدہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے چار آدمیوں سے محبت کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ اللہ بھی ان سے محبت کرتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا ہمیں بتائیے کہ وہ کون ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا کہ علیؓ بھی انہی میں سے ہیں۔ ابوذرؓ مقدادؓ اور سلیمانؓ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف شریک کی روایت سے جانتے ہیں۔

۵۷۳: بَابُ

۱۶۵۳: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ مُوْسٰی نَا شَرِیْکٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ حُبْشِیِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلِیٌّ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ عَلِیٍّ وَلَا یُؤَدِّیْ عَنِّیْ اِلَّا اَنَا اَوْعَلِیٌّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ.

۵۷۳: باب

۱۶۵۳: حضرت حبشی بن جنادہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ علیؓ مجھ سے اور میں علیؓ سے ہوں اور میری طرف سے (عہد و نقض میں) میرے اور علیؓ کے سوا کوئی دوسرا ادا نہیں کرسکتا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۶۵۴: حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسَی الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِیُّ نَا عَلِیُّ بْنُ قَادِمٍ نَا عَلِیُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَیٍّ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنْ جُمَیْعِ بْنِ عُمَیْرِ التَّیْمِیِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اٰخٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَ اَصْحَابِهٖ فَجَآءَ عَلِیٌّ تَدْمَعُ عَیْنَاهُ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اٰخَیْتَ بَیْنَ

۱۶۵۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کے درمیان اخوت قائم کی تو حضرت علیؓ روتے ہوئے آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ میں بھائی چارہ قائم فرمایا لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ آپ

اَصْحَابِکَ وَلَمْ تُوَاخِ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَحَدٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْتَ اَخِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَفِیْهِ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی.

نے فرمایا: تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور اس باب میں حضرت زید بن ابی اوفیؓ سے بھی روایت ہے۔

۵۷۴: بَابٌ

۱۶۵۵: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ عِیْسَی بْنِ عُمَرَ عَنِ السُّدِّیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَیْرٌ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ ائْتِنِیْ بِاَحَبِّ خَلْقِکَ اِلَیْکَ یَاْکُلُ مَعِیْ هٰذَا الطَّیْرَ فَجَآءَ عَلِیٌّ فَاَکَلَ مَعَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ السُّدِّیِّ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ وَالسُّدِّیُّ اِسْمُهٗ اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَقَدْ اَدْرَکَ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ وَرَاَی الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ.

۵۷۴: باب

۱۶۵۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا۔ آپؐ نے دعا کی کہ یا اللہ اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص میرے پاس بھیج تاکہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھا سکے۔ چنانچہ حضرت علیؓ آئے اور آپؐ کے ساتھ کھانا کھایا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو سدی کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں لیکن یہ حدیث انسؓ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ سدی کا نام اسمٰعیل بن عبدالرحمٰن ہے۔ انہوں نے انس بن مالکؓ کو پایا اور حسین بن علیؓ کو دیکھا ہے۔

۱۶۵۶: حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ اَنَا عَوْفٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدٍ الْجَمَلِیِّ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ کُنْتُ اِذَا سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَانِیْ وَاِذَا سَکَتُّ ابْتَدَاَنِیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۵۶: حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن ہند جملی کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز مانگتا تو آپؐ مجھے عطا فرماتے اور اگر خاموش رہتا تو بھی پہلے مجھے ہی دیتے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۵۷۵: بَابٌ

۱۶۵۷: حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ مُوْسٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الرُّوْمِیِّ بْنِ نَا شَرِیْکٌ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ عَنْ سُوَیْدِ بْنِ غَفَلَةَ عَنِ الصُّنَابِحِیِّ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا دَارُ الْحِکْمَةِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مُنْکَرٌ رَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ شَرِیْکٍ وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عَنِ الصُّنَابِحِیِّ وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَحَدٍ مِنَ الثِّقَاتِ غَیْرَ شَرِیْکٍ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۵۷۵: باب

۱۶۵۷: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی رضی اللہ عنہ اس کا دروازہ۔ یہ حدیث غریب اور منکر ہے۔ بعض اسے شریک سے روایت کرتے ہوئے صنابحی کا ذکر نہیں کرتے۔ ہم اسے شریک کے ثقات کے علاوہ کسی کی روایت سے نہیں جانتے۔ اس باب میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔

۱۶۵۸ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَمَّرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِیْ سُفْيَانَ سَعْدًا فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسُبَّ اَبَا تُرَابٍ قَالَ اَمَّا مَا ذَكَرْتُ ثَلاَثًا قَالَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَنْ اَسُبَّهٗ لَاَنْ تَكُوْنَ لِیْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِعَلِیٍّ وَخَلَفَهٗ فِیْ بَعْضِ مَغَارِيْهِ فَقَالَ لَهٗ عَلِیٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَخْلُفُنِیْ مَعَ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِیْ وَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلاً يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ فَتَطَاوَلْنَا لَهَا فَقَالَ ادْعُوْالِیْ عَلِيًّا قَالَ فَاَتَاهُ وَبِهٖ رَمَدٌ فَبَصَقَ فِیْ عَيْنِهٖ فَدَفَعَ الرَّايَةَ اِلَيْهِ فَفَتَحَ اللّٰهُ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ نَدْعُ اَبْنَآءَ نَا وَ اَبْنَآءَ كُمْ وَنِسَاءَ نَاوَنِسَآءَ كُمْ اَلْاٰيَةَ دَعَارَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَ حَسَنًا وَّ حُسَيْنًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَآءِ اَهْلِیْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۵۸: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہؓ نے سعد سے پوچھا کہ تم ابوتراب کو برا کیوں نہیں کہتے؟ انہوں نے فرمایا جب تک مجھے رسول اللہ ﷺ کی یہ تین باتیں یاد ہیں میں انہیں کبھی برا نہیں کہوں گا۔ اوران تینوں میں سے ایک کا میرے لیے ہونا میرے نزدیک سرخ اونٹوں سے بہتر ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے علیؓ کو کسی جنگ میں جاتے ہوئے چھوڑ دیا۔ علیؓ کہنے لگے یارسول اللہ ﷺ: کیا آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں کے ساتھ چھوڑ کر جارہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیاتم اس مقام پر فائز نہیں ہونا چاہتے جس پر موسیٰ علیہ السلام نے ہارون علیہ السلام کو مقرر کیا تھا۔ (فرق صرف اتنا ہے کہ وہ نبی تھے) اور میرے بعد نبوت نہیں۔ دوسری چیز یہ کہ جنگ خیبر کے موقع پر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ آج میں جھنڈا اس شخص کے ہاتھ میں دوں گا جو اللہ اوراس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے اوروہ بھی (اللہ اوراسکا رسول ﷺ) اس سے محبت کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم سب چاہتے تھے کہ آج جھنڈا اسے دیا جائے لیکن آپ ﷺ نے علیؓ کو بلوایا۔ وہ حاضر ہوئے تو انکی آنکھیں دکھ رہی تھیں۔ آپؐ نے انکی آنکھوں میں لعاب ڈالا اور جھنڈا انہیں دے دیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہی ہاتھ پر فتح نصیب فرمائی اور یہ آیت نازل ہوئی ''نَدْعُ اَبْنَاءَ نَا..... الآیہ'' (آیت مباہلہ) تیسری چیز یہ کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپؐ نے فاطمہؓ، علیؓ، حسنؓ اور حسینؓ کو بلا کر فرمایا کہ یا اللہ یہ میرے اہل بیت (گھر والے) ہیں۔

۵۷۶: بَابٌ

۱۶۵۹ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ زِيَادٍ نَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَيْنِ وَاَمَّرَ عَلٰى اِحْدٰهُمَا عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَعَلَى الْاٰخَرِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَقَالَ اِذَا كَانَ الْقِتَالُ

۵۷۶: باب

۱۶۵۹: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے دولشکر ایک ساتھ روانہ کیے۔ ایک کا امیر حضرت علیؓ کو اوردوسرے کا حضرت خالد بن ولید کو مقرر کیا اورفرمایا: جب جنگ ہوگی تو پورے لشکر کے امیر علیؓ ہوں گے۔ چنانچہ علیؓ نے ایک قلعہ فتح کیا اور مال غنیمت میں سے ایک باندی لے لی۔

فَعَلِيٌّ قَالَ فَافْتَتَحَ عَلِيٌّ حِصْنًا فَاَخَذَ مِنْهُ جَارِيَةً فَكَتَبَ مَعِيَ خَالِدٌ كِتَابًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشِيْ بِهٖ قَالَ فَقَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ الْكِتَابَ فَتَغَيَّرَ لَوْنُهٗ ثُمَّ قَالَ مَا تَرٰى فِيْ رَجُلٍ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ قُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُوْلِهٖ وَاِنَّمَا اَنَا رَسُوْلٌ فَسَكَتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

اس پر خالد نے میرے ہاتھ ایک خط نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا جس میں حضرت علیؓ کی شکایت کی۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور وہ خط دے دیا۔ آپؐ نے اسے پڑھا تو چہرہ انور کا رنگ متغیر ہوگیا۔ فرمایا: تم اس شخص سے کیا چاہتے ہو جو اللہ اور اسکے رسول ﷺ سے محبت رکھتا اور اللہ ورسول کو وہ محبوب ہے۔ راوی فرماتے ہیں میں نے عرض کیا کہ میں اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے غصے سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ میں تو صرف قاصد ہوں۔ اس پر آپؐ خاموش ہوگئے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۷۷: بَابٌ

۵۷۷: باب

۱۶۶۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَجْلَحِ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا يَوْمَ الطَّائِفِ فَانْتَجَاهُ فَقَالَ النَّاسُ لَقَدْ طَالَ نَجْوَاهُ مَعَ ابْنِ عَمِّهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا انْتَجَيْتُهٗ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْاَجْلَحِ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ ابْنِ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَجْلَحِ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَنْتَجِیَ مِنْهُ.

۱۶۶۰: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے طائف کی لڑائی کے موقع پر علیؓ کو بلایا اور ان سے سرگوشی کی لوگ کہنے لگے آج آپؐ نے اپنے چچازاد بھائی کے ساتھ کافی دیر تک سرگوشی کی۔ آپؐ نے فرمایا: میں نے نہیں کی بلکہ اللہ نے خود ان سے سرگوشی کی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اجلح کی روایت سے جانتے ہیں۔ ابن فضیل کے علاوہ کئی راوی اجلح سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ ان کے کان میں کچھ کہوں۔

۵۷۸: بَابٌ

۵۷۸: باب

۱۶۶۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ نَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِیْ حَفْصَةَ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يُّجْنِبَ فِیْ هٰذَا الْمَسْجِدِ غَيْرِیْ وَغَيْرُكَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ قُلْتُ لِضِرَارِ بْنِ صُرَدٍ مَا مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ يَسْتَطْرِقُهٗ جُنُبًا غَيْرِیْ وَغَيْرُكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا

۱۶۶۱: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرے اور تمہارے علاوہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ حالت جنابت میں اس مسجد میں رہے۔ علی بن منذر کہتے ہیں کہ میں نے ضرار بن صرد سے اسکے معنی پوچھے تو انہوں نے فرمایا: اس سے مراد مسجد سے گزرنا ہے[1]۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ امام محمد بن

[1]: یہ صرف حضرت علیؓ اور نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت ہے اور کسی کے لیے جائز نہیں۔ واللہ اعلم۔ (مترجم)

نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ سَمِعَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ مِنِّیْ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَاسْتَغْرَبَهٗ.

اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے یہ حدیث سنی اور اسے غریب کہا۔

۵۷۹: بَابٌ

۱۶۶۲ : حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسٰی نَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ عَنْ مُسْلِمٍ الْمُلَائِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَصَلّٰی عَلِيٌّ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ وَ مُسْلِمٌ الْاَعْوَرُ لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِذَاكَ الْقَوِيِّ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ حَبَّةَ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَ هٰذَا.

۵۷۹: باب

۱۶۶۲: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیر کے دن نبوت عطا کی گئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے منگل کو نماز پڑھی ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف مسلم اعور کی روایت سے جانتے ہیں اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ مسلم اسے حبہ سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۶۶۳ : حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَيُسْتَغْرَبُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ.

۱۶۶۳: حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم میرے لیے اسی طرح ہو جس طرح موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سعد رضی اللہ عنہ سے کئی روایتوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے اور یحییٰ بن سعید انصاری کی روایت سے غریب سمجھی جاتی ہے۔

۱۶۶۴ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِیْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِی الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ.

۱۶۶۴: حضرت جابر بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے علیؓ سے فرمایا: تم میرے لیے وہی حیثیت رکھتے ہو جو ہارون علیہ السلام کی موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھی۔ فرق یہ ہے کہ وہ دونوں نبی تھے اور مجھ پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اور اس باب میں حضرت سعدؓ، زید بن ارقمؓ، ابو ہریرہؓ اور ام سلمہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۵۸۰: بَابٌ

۱۶۶۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ بَلْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۸۰: باب

۱۶۶۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت علیؓ کے دروازے کے علاوہ مسجد میں کھلنے والے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا تھا۔ یہ

اَمَرَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو شعبہ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۶۶۶: حَدَّثَنَانَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَخِيْ مُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ فَقَالَ مَنْ اَحَبَّنِيْ وَاَحَبَّ هٰذَيْنِ وَاَبَا هُمَا وَاُمَّهُمَا كَانَ مَعِيْ فِيْ دَرَجَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۶۶: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسنؓ وحسینؓ کے ہاتھ پکڑے اور فرمایا: جو مجھ سے محبت کرے گا۔اور ساتھ ہی ساتھ ان دونوں ان کے والدین (یعنی علی اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے بھی محبت کرے گا وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میری جگہ میں ہوگا ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو جعفر بن محمد کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۸۱: بَابٌ

۵۸۱: باب

۱۶۶۷: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ بَلْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَوَّلُ مَنْ صَلّٰى عَلِيٌّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ بَلْجٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْدٍ وَاَبُوْ بَلْجٍ اِسْمُهٗ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمٍ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ وَاَسْلَمَ عَلِيٌّ وَهُوَ غُلَامٌ ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ وَاَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ النِّسَآءِ خَدِيْجَةُ.

۱۶۶۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اسلام میں سب سے پہلے علیؓ نے نماز پڑھی۔یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ہم اس حدیث کو شعبہ کی ابو بلج سے روایت کے متعلق نہیں جانتے ۔ابو بلج کا نام یحیٰی بن سلیم ہے۔بعض محدثین کا کہنا ہے کہ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے ابوبکرؓ ہیں۔حضرت علیؓ آٹھ برس کی عمر میں مسلمان ہوئے اور عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ ایمان لائیں۔

۱۶۶۸: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ عَلِيٌّ قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ فَاَنْكَرَهٗ وَقَالَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ اَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ حَمْزَةَ اِسْمُهٗ طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ.

۱۶۶۸: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سب سے پہلے حضرت علیؓ ایمان لائے۔عمرو بن مرہ کہتے ہیں کہ میں نے ابراہیم نخعی کے سامنے اسکا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: نہیں بلکہ سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ ایمان لائے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوحمزہؓ کا نام طلحہ بن زید ہے۔

۵۸۲: بَابُ

۱۶۶۹: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَخِيْ يَحْيَى بْنِ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَقَدْ عَهِدَ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ ﷺ اَنَّهُ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ قَالَ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ اَنَا مِنَ الْقَرْنِ الَّذِيْنَ دَعَالَهُمُ النَّبِيُّ ﷺ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۷۰: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي الْجَرَّاحِ قَالَ ثَنِيْ جَابِرُ بْنُ صُبَيْحٍ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ شَرَاحِيْلَ قَالَتْ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ عَطِيَّةَ قَالَتْ بَعَثَ النَّبِيُّ ﷺ جَيْشًا فِيْهِمْ عَلِيٌّ قَالَتْ فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَا تُمِتْنِيْ حَتّٰى تُرِيَنِيْ عَلِيًّا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۸۲: باب

۱۶۶۹: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو نبی اُمّیؐ تھے انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ مؤمن ہی تجھ سے محبت کرے گا اور منافق تجھ سے بغض رکھے گا۔ عدی بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس قرن (زمانے) میں سے ہوں جن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۶۷۰: حضرت ام عطیہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک لشکر بھیجا اس میں علیؓ بھی تھے۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ ہاتھ اٹھا کر دعا کر رہے تھے کہ یا اللہ مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک علیؓ کو نہ دیکھ لوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

خلاصہ مناقب حضرت علیؓ: علی مجھ سے ہیں یہ ارشاد گرامی دراصل کمال قرب وتعلق، اخلاص و یگانگت اور نسب ونسل میں باہم اشتراک سے کنایہ ہے (۲) مطلب یہ ہے کہ جس شخص کو میں دوست رکھتا ہوں اس کو علیؓ بھی دوست رکھتے ہیں اور ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جو شخص میرا حامی و مددگار اور دوست ہوتا ہے اس کے حامی و مددگار اور دوست علیؓ ہوتے ہیں (۳) حضرت علیؓ ان چند صحابہ کرام میں سے ایک تھے جن کا کسی کے ساتھ بھائی چارہ قائم نہیں ہوا تھا اس پر حضرت علیؓ کو سخت ملال اور رنج ہوا اور وہ سمجھے کہ شاید مجھے نظر انداز کر دیا گیا ہے لہٰذا وہ روتے ہوئے آنحضرت ﷺ کی خدمت آئے اور شکوہ کیا تو حضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں تو تمہارا بھائی موجود ہی ہوں دنیاوی رشتہ وقرابت کے اعتبار سے بھی تو پھر تمہیں کیا ضرورت ہے کہ کسی کے ساتھ تمہارا بھائی چارہ قائم کراؤں (۴) حضرت علیؓ علم کے گھر کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہیں کیونکہ اس حقیقت کو نظر انداز نہ کیا جائے کہ آنحضرت ﷺ سے اکتساب فیض کرنے والے تمام ہی صحابہؓ امت کے لئے مدار علم ہیں امت کو دین کا جو بھی علم پہنچا وہ تمام صحابہؓ نے مشترک طور پر پہنچایا کسی صحابیؓ کے بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ امت کو علم نبوت تنہا اسی نے منتقل کیا ہے اور آنحضرت ﷺ کے بعد علوم دین کا دارومدار اسی کی ذات تھی اس کی دلیل میں بہت سی حدیثیں پیش کی جاسکتی ہیں ویسے اس حدیث کے بارے میں علماء محدثین نے بہت کلام کیا ہے اور بعض نے سخت جرح کی ہے نیز محدثین نے اس حدیث کو ان الفاظ میں نقل کیا ''انا مدینة العلم وابوبکرٍ اسا سُها و عمر فیطانها و عثمانُ سقفها وعلیٌّ بابُها'' یعنی میں علم کا شہر ہوں، ابوبکرؓ اس شہر کی بنیاد ہیں، عمرؓ اس شہر کی فصیل ہیں، عثمانؓ اس شہر کی چھت ہیں اور علیؓ اس شہر کا دروازہ ہیں (۵) حضرت علیؓ سے بغض

اندر واقع تھے اور اپنے اپنے گھر میں آنے جانے کے لئے ان کو مسجد میں سے گذرنا پڑتا تھا (۷) حضرت علیؓ سے آنحضرت ﷺ کی اس سرگوشی کا موضوع دراصل اس غزوہ کی بابت کچھ ایسے نقطے اور راز کی باتیں بتانا تھیں جن کا تعلق دین کے ضمن آنے والے دنیاوی انتظام و معاملات سے تھا اور جن کا برسرعام تذکرہ حکمت عملی و پالیسی کے خلاف تھا چنانچہ بخاری کی روایت میں ہے کہ جب کچھ لوگوں نے حضرت علیؓ سے سوال کیا کہ آپ ﷺ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے یعنی (کوئی ایسا خدائی حکم و فرمان) جس کا ذکر قرآن مجید میں نہیں۔ حضرت علیؓ نے جواب دیا اس ذات کی قسم جس نے زمین سے دانہ اگایا اور ذی روح کو پیدا کیا میرے پاس اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے جو قرآن میں موجود ہے ہاں کتاب اللہ کی وہ سمجھ مجھے حاصل ہے جو (حق تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم کے تحت) کسی کو حاصل ہوتی ہے اور یہ ایک صحیفہ میرے پاس ہے جس میں وراثت اور دیت وغیرہ کے کچھ احکام لکھے ہوئے ہیں۔

مَنَاقِبُ اَبِیْ مُحَمَّدٍ طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ

ابو محمد طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۶۷۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدِ الْاَشَجُّ نَا یُوْنُسُ بْنُ بُکَیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنِ الزُّبَیْرِ قَالَ کَانَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ یَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ فَنَهَضَ اِلَی الصَّخْرَةِ فَلَمْ یَسْتَطِعْ فَاَقْعَدَ تَحْتَهٗ طَلْحَةَ فَصَعِدَ النَّبِیُّ ﷺ حَتّٰی اسْتَوٰی عَلَی الصَّخْرَةِ قَالَ فَسَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَوْجَبَ طَلْحَةُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ۔

۱۶۷۱: حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غزوۂ احد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر دو زرہیں تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک پتھر پر چڑھنے لگے تو نہ چڑھ سکے۔ چنانچہ طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بٹھایا اور ان پر پاؤں رکھ کر چڑھ گئے۔ پھر میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۶۷۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا صَالِحُ بْنُ مُوْسٰی عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ قَالَ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَنْظُرَ اِلٰی شَهِیْدٍ یَمْشِیْ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الصَّلْتِ بْنِ دِیْنَارٍ وَقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِی الصَّلْتِ بْنِ دِیْنَارٍ وَضَعَّفَهٗ وَتَکَلَّمُوْا فِیْ صَالِحِ بْنِ مُوْسٰی۔

۱۶۷۲: حضرت جابرؓ بن عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی شہید کو زمین پر چلتا ہوا دیکھ کر خوش ہوتا ہو وہ طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف صلت بن دینار کی روایت سے جانتے ہیں اور ان کے متعلق بعض اہل علم کلام کرتے ہیں۔ بعض محدثین صالح بن موسیٰ پر بھی اعتراض کرتے ہیں۔

۱۶۷۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدِ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَنَزِیُّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ الْیَشْکُرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ سَمِعَتْ اُذُنِیَ

۱۶۷۳: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ میرے کانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے یہ الفاظ سنے کہ طلحہ اور زبیرؓ جنت میں میرے پڑوسی ہوں گے۔ یہ

مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ جَارَايَ فِي الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۶۷۴ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَمِّهٖ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۷۴: حضرت موسیٰ بن طلحہؓ سے روایت ہے کہ میں معاویہؓ کے پاس گیا تو وہ کہنے لگے کیا میں تمہیں ایک بشارت نہ دوں؟ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہؓ ان لوگوں میں سے ہیں۔ جنہوں نے اپنا کام مکمل کرلیا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو معاویہؓ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۸۳: بَابٌ

۵۸۳: باب

۱۶۷۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ نَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ مُوْسٰى وَعِيْسٰى ابْنَيْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْهِمَا طَلْحَةَ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِاَعْرَابِيٍّ جَاهِلٍ سَلْهُ عَمَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ مَنْ هُوَ وَكَانُوْا لَا يَجْتَرِءُوْنَ عَلٰى مَسْئَلَتِهٖ يُوَقِّرُوْنَهٗ وَيَهَابُوْنَهٗ فَسَأَلَهُ الْاَعْرَابِيُّ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَاَلَهٗ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَاَلَهٗ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَاَلَهٗ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ اِنِّي اطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ وَعَلَيَّ ثِيَابٌ خُضْرٌ فَلَمَّا رَاٰنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ قَالَ الْاَعْرَابِيُّ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ هٰذَا مِمَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ كُرَيْبٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ بُكَيْرٍ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْ كُرَيْبٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ اَبِيْ كُرَيْبٍ وَوَضَعَهٗ فِيْ كِتَابِ الْفَوَائِدِ.

۱۶۷۵: حضرت طلحہؓ فرماتے ہیں کہ بعض صحابہؓ نے ایک جاہل اعرابی سے کہا کہ نبی اکرم ﷺ سے پوچھو کہ کون ہیں جو اپنا کام پورا کر چکے ہیں۔ صحابہؓ یہ سوال پوچھنے کی جرأت نہیں کرتے تھے۔ کیونکہ آپؐ کی توقیر (عزت) کرتے اور ڈرتے تھے۔ چنانچہ اس اعرابی نے پوچھا تو آپؐ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ اس نے دوبارہ پوچھا اس مرتبہ بھی آپؐ نے چہرہ انور پھیر لیا۔ تیسری مرتبہ بھی ایسا ہی ہوا۔ حضرت طلحہؓ فرماتے ہیں۔ اتنے میں، میں بھی سبز کپڑے پہنے ہوئے مسجد کے دروازے میں پہنچا اور نبی اکرم ﷺ کی نظر مجھ پر پڑی تو آپؐ نے پوچھا کہ سوال کرنے والا کہاں ہے۔ اعرابی نے کہا کہ میں ہوں یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شخص ان میں سے ہے جنہوں نے اپنا کام مکمل کرلیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابوکریب کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ یونس بن بکیر سے روایت کرتے ہیں۔ کئی کبار محدثین اسے ابوکریب سے نقل کرتے ہیں۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا وہ بھی یہ حدیث ابوکریب ہی سے نقل کرتے ہیں اور انہوں نے اسے کتاب الفوائد میں بیان کیا ہے۔

مَنَاقِبُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَامِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۶۷۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ جَمَعَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَقَالَ لِاَبِيْ وَاُمِّيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۶۷۶: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے بنو قریظہ سے لڑائی میں میرے لیے اپنے والدین کو جمع کیا اور فرمایا میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۸۴. بَابٌ

۱۶۷۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو نَا زَائِدَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَاِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُقَالُ الْحَوَارِيُّ النَّاصِرُ.

۵۸۴: باب

۱۶۷۷: حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرا حواری زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حواری کے معنیٰ مددگار کے ہیں۔

۵۸۵: بَابٌ

۱۶۷۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ وَزَادَ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِيْهِ يَوْمَ الْاَحْزَابِ قَالَ مَنْ يَّاتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا قَالَهَا ثَلَاثًا قَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۵۸۵: باب

۱۶۷۸: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبی کے مددگار ہوتے ہیں میرا مددگار زبیرؓ ہے۔ ابونعیم اس حدیث میں یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات جنگ خندق کے موقع پر فرمائی۔ چنانچہ آپؐ نے پوچھا کہ کون ہے جو میرے پاس کفار کے متعلق خبر لے کر آئے؟ زبیرؓ نے عرض کیا: میں۔ آپؐ نے تین مرتبہ پوچھا اور زبیرؓ نے تینوں مرتبہ کہا کہ میں خبر لاتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۸۶: بَابٌ

۱۶۷۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ صَخْرِ بْنِ جُوَيْرِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ اَوْصَى الزُّبَيْرُ اِلَى ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ صَبِيْحَةَ الْجَمَلِ فَقَالَ مَا مِنِّيْ عُضْوٌ اِلَّا وَقَدْ جُرِحَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى انْتَهٰى ذَاكَ اِلٰى فَرْجِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ.

۵۸۶: باب

۱۶۷۹: حضرت ہشام بن عروہؓ سے روایت ہے کہ جنگ جمل کے موقع پر زبیرؓ نے اپنے بیٹے عبداللہ کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا کہ میرا کوئی عضو ایسا نہیں کہ جو نبی اکرم ﷺ کیساتھ جنگ میں زخمی نہ ہوا ہو۔ یہاں تک کہ میری شرمگاہ تک زخمی ہوگئی تھی۔ یہ حدیث حماد بن زید کی روایت سے حسن غریب ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ الزُّهْرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۶۸۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّهِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ قِرَاءَةً عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَ هٰذَا وَهٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ.

۱۶۸۱: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مِسْمَارٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ يَعْقُوْبَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ حَدَّثَهُ فِيْ نَفَرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَشَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ اَبُوْبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ فَعَدَّ هٰؤُلَاءِ التِّسْعَةَ وَسَكَتَ عَنِ الْعَاشِرِ فَقَالَ الْقَوْمُ نَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا الْاَعْوَرِ مَنِ الْعَاشِرُ قَالَ نَشَدْتُمُوْنِيْ بِاللّٰهِ اَبُو الْاَعْوَرِ فِي الْجَنَّةِ قَالَ هُوَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ هٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ.

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بن عبد عوف زہری رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۶۸۰: حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ جنتی ہیں۔ عمرؓ، عثمان علیؓ، طلحہؓ۔ زبیرؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ، سعد بن ابی وقاصؓ، سعید بن زید اور ابوعبیدہ بن جراحؓ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم سب کے سب) جنت میں ہیں۔ ابومصعب، عبدالعزیز بن محمد سے وہ عبدالرحمٰن بن حمید سے وہ اپنے والد سے وہ سعید بن زید سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مانند نقل کرتے ہیں۔ اس سند میں عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر نہیں اور یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عبید بھی اپنے والد سے وہ سعید بن زیدؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۶۸۱: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چند لوگوں کو یہ حدیث سنائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دس آدمی جنتی ہیں۔ ابوبکر، عمرؓ، علیؓ، عثمان، زبیرؓ، طلحہؓ، عبدالرحمٰن، ابوعبیدہؓ اور سعد بن ابی وقاصؓ، راوی کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نو آدمیوں کا نام گن کر دسویں سے خاموش ہوگئے۔ لوگوں نے کہا اے ابواعور: ہم تمہیں اللہ کی قسم دے کر کہتے ہیں کہ دسویں شخص کے متعلق بھی بتائیے کہ وہ کون ہے؟ فرمانے لگے تم نے مجھے اللہ کی قسم دے دی ہے۔ (لہٰذا سنو) ابواعور بھی جنتی ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کا نام سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ہے۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث پہلی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۵۸۷: بَابٌ

۱۶۸۲ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمْرَكُنَّ لَمَّا يُهِمُّنِىْ بَعْدِىْ وَلَنْ يَّصْبِرَ عَلَيْكُنَّ اِلَّا الصَّابِرُوْنَ قَالَ ثُمَّ تَقُوْلُ عَائِشَةُ فَسَقَى اللّٰهُ اَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيْلِ الْجَنَّةِ تُرِيْدُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَقَدْ كَانَ وَصَلَ اَزْوَاجَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ بِيْعَتْ بِاَرْبَعِيْنَ اَلْفًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۶۸۳ : حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ الْبَصْرِىُّ وَاَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَا نَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ اَوْصٰى بِحَدِيْقَةٍ لِاُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِيْعَتْ بِاَرْبَعِ مِائَةِ اَلْفٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۵۸۷: باب

۱۶۸۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ازواج مطہرات کو مخاطب کر کے فرمایا کہ مجھے اپنے بعد تم لوگوں کی فکر رہتی ہے کہ تمہارا کیا ہوگا۔ تمہارے حقوق ادا کرنے پر صرف صبر کرنے والے ہی صبر کر سکیں گے۔ ابوسلمہؓ کہتے ہیں کہ پھر عائشہؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تیرے باپ یعنی عبدالرحمٰن بن عوف کو جنت کے چشمے سے سیراب کرے۔ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے ازواج مطہرات کو ایسا مال (بطور ہدیہ) دیا تھا۔ جو چالیس ہزار میں فروخت ہوا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۶۸۳: حضرت ابوسلمہؓ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات (رضی اللہ عنہن) کے لیے ایک باغ کی وصیت کی جو چار لاکھ میں فروخت ہوا۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِىْ اِسْحَاقَ سَعْدِ ابْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاسْمُ اَبِىْ وَقَّاصٍ مَالِكُ بْنُ وُهَيْبٍ

۱۶۸۴ : حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُذْرِىُّ نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ اِذَا دَعَاكَ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِىَّ ﷺ قَالَ اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ اِذَا دَعَاكَ.

حضرت ابواسحٰق سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۶۸۴: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا کی یا اللہ: سعد جب تجھ سے دعا کرے تو اسکی دعا قبول فرما۔ یہ حدیث اسمٰعیل سے بھی منقول ہے۔ وہ قیس سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ جب سعدؓ تجھ سے دعا کرے تو اسکی دعا قبول فرما۔

۵۸۸: بَابٌ

۱۶۸۵ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ قَالَا نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقْبَلَ سَعْدٌ فَقَالَ النَّبِىُّ ﷺ هٰذَا خَالِىْ فَلْيُرِنِىْ اِمْرُؤٌ خَالَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُجَالِدٍ وَكَانَ سَعْدٌ مِنْ بَنِىْ زُهْرَةَ وَكَانَتْ اُمُّ

۵۸۸: باب

۱۶۸۵: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ سعدؓ تشریف لائے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں کوئی شخص مجھے (ان جیسا) اپنا ماموں دکھائے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف مجالد کی روایت سے جانتے ہیں۔ حضرت سعد کا تعلق قبیلہ بنو زہرہ سے تھا اور نبی

النَّبِيِّ ﷺ مِنْ بَنِي زُهْرَةَ لِذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ هٰذَا خَالِي.

اکرم ﷺ کی والدہ بھی اسی قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں اس لیے آپ نے فرمایا یہ میرے ماموں ہیں۔

۵۸۹: بَابٌ

۱۶۸۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ وَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ سَمِعَا سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ قَالَ عَلِيٌّ مَاجَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاهُ وَاُمَّهُ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدٍ قَالَ لَهُ يَوْمَ اُحُدٍ اِرْمِ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ وَ قَالَ لَهُ اِرْمِ اَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَقَدْرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ.

۵۸۹: باب

۱۶۸۶: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اولدین کو ایک ساتھ کسی پر فدا نہیں کیا لیکن غزوۂ احد میں سعدؓ سے فرمایا کہ اے طاقتور پہلوان تیر چلاؤ۔ میرے والدین تجھ پر فدا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں سعد رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ کئی حضرات یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے اور وہ میںّب سے نقل کرتے ہیں۔

۱۶۸۷: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ جَمَعَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَبَوَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۶۸۷: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ احد کے دن میرے لئے اپنے والدین کو جمع فرمایا۔ یہ حدیث صحیح ہے اور عبداللہ بن شداد بن ہاد سے بھی منقول ہے وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

۱۶۸۸: حَدَّثَنَابِذٰلِكَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَاوَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ مَاسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْدِيْ اَحَدًااَبَوَيْهِ اِلَّا لِسَعْدٍ فَاِنِّيْ سَمِعْتُهُ يَوْمَ اُحُدٍ يَقُوْلُ اِرْمِ سَعْدُ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۶۸۸: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت سعدؓ کے علاوہ کسی کے لئے اپنے والدین کو جمع فرماتے نہیں سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے سعد: تیر پھینکو، میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۹۰: بَابٌ

۱۶۸۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ سَهِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْدَمَهُ الْمَدِيْنَةَ لَيْلَةً فَقَالَ لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا يَحْرُسُنِي اللَّيْلَةَ قَالَتْ

۵۹۰: باب

۱۶۸۹: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ (کسی جنگ سے) مدینہ طیبہ تشریف لائے تو رات کو آنکھ نہ لگی۔ فرمانے لگے کوئی نیک شخص آج رات میری حفاظت کرتا۔ ام المومنین فرماتی ہیں کہ ہم ابھی یہی سوچ رہے

فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْسَمِعْنَا خَشْخَشَةَ السِّلَاحِ فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِكَ فَقَالَ سَعْدٌ وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ خَوْفٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ اَحْرُسُهُ فَدَعَالَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ نَامَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

تھے کہ کسی کے ہتھیاروں کی جھنکار سنی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا یہ کون ہے؟ عرض کیا سعد بن ابی وقاصؓ ہوں۔ آپؐ نے پوچھا کیوں آئے ہو؟ عرض کیا مجھے خوف لاحق ہوا کہ نبی اکرم ﷺ کو کوئی ضرر نہ پہنچائے لہٰذا میں حفاظت کرنے کے لیے آیا ہوں۔ آپؐ نے ان کے لیے دعا کی اور پھر سو گئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِي الْاَعْوَرِ وَاسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابواعور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کے مناقب

١٦٩٠: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ اَنَا حُصَيْنٌ عَنْ هِلَالِ ابْنِ يَسَافٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ الْمَازِنِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ اَنَّهُ قَالَ اَشْهَدُ عَلَى التِّسْعَةِ اَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِلَمْ اٰثَمْ قِيْلَ وَكَيْفَ ذَاكَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِحِرَاءَ فَقَالَ اُثْبُتْ حِرَاءَ فَاِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ قِيْلَ وَمَنْ هُمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدٌ وَعَبْدُ الرَّحْمَانِ بْنُ عَوْفٍ قِيْلَ فَمَنِ الْعَاشِرُ قَالَ اَنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

۱۶۹۰: حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیلؓ فرماتے ہیں کہ میں نو آدمیوں کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں اور اگر میں دسویں کے متعلق بھی یہی گواہی دوں تو بھی گناہ گار نہیں ہوں گا۔ پوچھا گیا وہ کیسے؟ فرمایا: ہم ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حراء پر تھے کہ آپؐ نے حراء کو مخاطب کر کے فرمایا رک جا تجھ پر نبی، صدیق اور شہداء کے علاوہ کوئی نہیں۔ لوگوں نے پوچھا وہ سب کون کون تھے؟ فرمایا ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمان، علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ، سعدؓ، اور عبدالرحمٰن بن عوفؓ پوچھا گیا کہ دسواں کون ہے؟ حضرت سعدؓ نے فرمایا میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے سعید بن زیدؓ کے واسطے سے نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے۔

١٦٩١: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنِيْ شُعْبَةُ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۶۹۱: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے انہوں حجاج بن محمد سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے حر بن صباح سے انہوں نے عبدالرحمٰن بن اخنس سے انہوں نے سعید بن زید سے اور انہوں نے نبیؐ سے اسی کے ہم معنی نقل کی ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

مَنَاقِبِ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

حضرت ابوعبیدہ بن عامر بن جراح رضی اللہ عنہ کے مناقب

١٦٩٢: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ

۱۶۹۲: حضرت حذیفہ بن یمانؓ فرماتے ہیں کہ ایک قوم کا سردار اور اس کا نائب نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے

الْيَمَانِ قَالَ جَاءَ الْعَاقِبُ وَ السَّيِّدُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا اِبْعَثْ مَعَنَا اَمِيْنَكَ قَالَ فَاِنِّيْ سَابْعَثُ مَعَكُمْ اَمِيْنًا حَقَّ اَمِيْنٍ فَاَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ فَبَعَثَ اَبَا عُبَيْدَةَ قَالَ وَ كَانَ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ صِلَةَ قَالَ سَمِعْتُهُ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَاسَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَاَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ قُلْتُ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ مِنْ ذَهَبٍ.

اورعرض کیا کہ ہمارے ساتھ اپنے ایک امین کو بھیج دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: میں تمہارے ساتھ ایسے شخص کو بھیجوں گا جو حقیقت میں امین ہوگا۔ چنانچہ لوگ اس منصب پر فائز ہونے کی تمنا کرنے لگے۔ آپؐ نے ابوعبیدہ کو بھیجا۔ ابواسحٰق جب یہ حدیث صلہ سے روایت کرتے تو فرماتے کہ میں نے یہ حدیث ان سے ساٹھ سال پہلے سنی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حضرت عمرؓ اور انسؓ سے منقول ہے کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے۔ اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے۔ ہم سے محمد بن بشار نے مسلم بن قتیبہ اور ابوداؤد کے حوالے سے شعبہ سے اور انہوں نے ابواسحٰق سے نقل کیا ہے کہ حذیفہؓ نے فرمایا کہ صلہ بن زفر، سونے جیسے ہیں (بہت اچھے ہیں)۔

۱۶۹۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ الدَّوْرَقِيُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَيُّ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ قَالَتْ اَبُوْ بَكْرٍ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ ثُمَّ عُمَرُ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ ثُمَّ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ فَسَكَتَتْ.

۱۶۹۳: حضرت عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ نبی اکرم ﷺ کو اپنے صحابہؓ میں سے سب سے زیادہ کس سے پیار تھا؟ ام المومنین نے فرمایا حضرت ابو بکرؓ سے۔ میں نے پوچھا ان کے بعد؟ فرمایا عمرؓ سے، میں نے پوچھا ان کے بعد؟ فرمایا ابوعبیدہ بن جراحؓ سے۔ میں نے پوچھا ان کے بعد؟ اس مرتبہ وہ خاموش رہیں۔

۱۶۹۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ.

۱۶۹۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکرؓ، عمرؓ اور ابوعبیدہ بن جراح (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کتنے بہترین آدمی ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سہیل کی روایت سے جانتے ہیں۔

خلاصۃ الابواب: مناقب حضرت طلحہؓ: غزوہ احد کے دن حضرت طلحہؓ نے کمال جانثاری کا ثبوت دیا تھا اور آنحضرت ﷺ کو کفار کے حملوں سے محفوظ رکھنے کے لئے خود سپر بنالیا تھا وہ تلواروں کو اپنے ہاتھ پر روک کر آنحضرت ﷺ کو گزند سے بچاتے تھے چنانچہ نہ صرف یہ کہ ان کا ہاتھ زندگی بھر کے لئے شل اور بے کار ہوگیا تھا بلکہ ان کے پورے جسم پر اسی (۸۰) زخم لگے تھے صحابہؓ جب بھی غزوہ احد کے دن کا تذکرہ کرتے تو کہا کرتے تھے کہ وہ دن درحقیقت طلحہؓ کی جانثاری اور فداکاری سے بھرپور دن تھا اور قدیم الاسلام غزوہ بدر کے علاوہ اور تمام غزوات میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ شریک رہے۔ غزوہ بدر میں حضور ﷺ کے کام سے کہیں گئے ہوئے تھے۔ حضور ﷺ نے ان کو جنتی ہونے کی خوشخبری عطاء فرمائی (۲)

حضرت زبیر بن العوام کی والدہ حضور ﷺ کی حقیقی پھوپھی تھیں۔ زبیر بن العوام قدیم الاسلام میں اس وقت سولہ سال کے تھے آنحضرت ﷺ کے ساتھ تمام غزوات میں شریک ہوئے حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبیؑ کے حواری یعنی خاص دوست اور مددگار ہوتے ہیں اور میرے حواری حضرت زبیرؓ ہیں حضرت زبیرؓ نے تمام خطرات اور دشواریوں کے باوجود غزوہ احزاب میں دشمن کی خبر لانے کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا تو حضور ﷺ نے ان کی زبردست تحسین کی اور اپنا حواری ہونے کا اعزاز عطاء فرمایا اور جنت کی خوشخبری سنائی۔ (۳) حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو یہ سعادت حاصل ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی خاطر اپنا مال اور اپنی دولت خرچ کی خصوصاً حضور ﷺ کی ازواج مطہرات کے خرچہ کے لئے ایک باغ دیا تھا جو چار لاکھ میں فروخت ہوا تھا۔ ان کو بھی حضور ﷺ نے جنتی ہونے کی بشارت سنائی تھی۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے نمایاں کارنامے انجام دیئے۔ حضور ﷺ نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ میرے ماں باپ ان پر قربان ہوں ان کی خدمات بہت زیادہ ہیں۔

حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ کو اس امت کا امین اس اعتبار سے فرمایا گیا کہ یا تو ان میں یہ وصف دوسرے صحابہ کی بہ نسبت زیادہ غالب تھا یا یہ کہ خود ان کے دوسرے اوصاف کی بہ نسبت یہ وصف ان پر زیادہ غالب تھا بہرحال ابوعبیدہؓ اپنے ذاتی محاسن و کمالات کی بناء پر بڑے شان والے صحابی ہیں ان کے مناقب اور فضائل میں اور بھی بہت سی روایتیں منقول ہیں۔

وہ دس (۱۰) صحابہ کرامؓ جن کو حضور ﷺ نے جنتی ہونے کی خوشخبری سنائی تھی ان کو عشرہ مبشرہ کہا جاتا ہے ان میں سعید بن زیدؓ بھی ہیں جو ابتداء میں اسلام لائے تھے ان کی بھی بہت قربانیاں اور خدمات ہیں۔

مَنَاقِبُ اَبِی الْفَضْلِ عَمِّ النَّبِیِّ ﷺ وَهُوَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۶۹۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ ثَنِیْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنُ رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ دَخَلَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا وَاَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ مَا اَغْضَبَكَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالَنَا وَ لِقُرَيْشٍ اِذَا تَلَاقَوْا بَيْنَهُمْ تَلَاقَوْا بِوُجُوْهٍ مُبْشَرَةٍ وَاِذَا لَقُوْنَا لَقُوْنَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ قَالَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی احْمَرَّ وَجْهُهُ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلِ الْاِيْمَانُ حَتّٰی يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ اٰذٰی عَمِّیْ فَقَدْ اٰذَانِیْ فَاِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابوالفضل عباس بن عبدالمطلبؓ کے مناقب

۱۶۹۵: حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب فرماتے ہیں کہ عباسؓ نبی اکرم ﷺ کے پاس غضبناک حالت میں آئے میں بھی وہاں موجود تھا۔ آپؐ نے فرمایا: (کیا بات ہے) کیوں غصہ میں ہیں؟ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ قریش کو ہم سے کیا دشمنی ہے کہ جب وہ آپس میں ملتے ہیں تو خوش ہو کر ملتے ہیں۔ اور جب ہم سے ملتے ہیں اور طرح ملتے ہیں۔ اس پر نبی اکرم ﷺ کو بھی غصہ آ گیا۔ یہاں تک کہ آپ کا چہرۂ انور سرخ ہو گیا۔ پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ تم میں سے کسی شخص کے دل میں ایمان اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتا۔ جب تک وہ تمہیں اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کے لیے محبوب نہ رکھے۔ پھر فرمایا: اے لوگو جس نے میرے چچا کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی کیونکہ چچا باپ کی طرح ہوتا ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۹۱: بَابُ

۱۶۹۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا شَبَابَةُ نَاوَرْقَاءُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَبَّاسُ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُاَبِيْهِ اَوْمِنْ صِنْوِاَبِيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵۹۱: باب

۱۶۹۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عباسؓ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں۔ اور چچا باپ کی طرح ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو ابوزناد کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۵۹۲: بَابُ

۱۶۹۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا وَهْبُ بْنُ جُرَيْرٍ نَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِعُمَرَ فِي الْعَبَّاسِ اَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُاَبِيْهِ وَ كَانَ عُمَرُ كَلَّمَهُ فِيْ صَدَقَتِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۵۹۲: باب

۱۶۹۷: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرؓ سے حضرت عباسؓ کے بارے میں فرمایا کہ چچا باپ کی طرح ہوتا ہے۔ کیونکہ عمرؓ نے ان سے صدقے کے متعلق کوئی بات کی تھی۔

یہ حدیث حسن ہے۔

۱۶۹۸: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ اِذَا كَانَ غَدَاةَ الْاِثْنَيْنِ فَاْتِنِيْ اَنْتَ وَوَلَدُكَ حَتّٰى اَدْعُوَلَهُمْ بِدَعْوَةٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا وَوَلَدَكَ فَغَدَاوَ غَدَوْنَا مَعَهُ فَاَلْبَسَنَا كِسَاءً ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوَلَدِهٖ مَغْفِرَةً ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً لَا تُغَادِرُ ذَنْبًا اَللّٰهُمَّ احْفَظْهُ فِيْ وَلَدِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۶۹۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ عباسؓ سے فرمایا کہ پیر کے دن صبح آپ اپنے بیٹوں کو لے کر میرے پاس آئیں تاکہ میں آپ لوگوں کے لیے ایسی دعا کروں جس سے اللہ تعالی آپ کو اور آپ کے بیٹوں کو نفع پہنچائے چنانچہ ہم ان کے ساتھ گئے۔ آپؐ نے ہمیں ایک چادر اوڑھا دی اور پھر دعا کی کہ یااللہ! عباس اور ان کے بیٹوں کی مغفرت فرما۔ ظاہری بھی اور باطنی بھی (ایسی مغفرت کہ) کوئی گناہ باقی نہ رہے۔ اے اللہ! انہیں اپنے بیٹوں کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

مَنَاقِبُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۶۹۹: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

۱۶۹۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَاَيْتُ جَعْفَرًا يَطِيْرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ وَقَدْ ضَعَّفَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَغَيْرُهُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ وَهُوَ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

نے فرمایا کہ میں نے جعفرؓ کو جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھا ہے۔ یہ حدیث ابوہریرہؓ کی روایت سے غریب ہے اس حدیث کو ہم صرف عبداللہ بن جعفر کی روایت سے جانتے ہیں۔ یحییٰ بن معین وغیرہ انہیں ضعیف کہتے ہیں۔ یہ علی بن مدینی کے والد ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔

۱۷۰۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا احْتَذَى النِّعَالَ وَلَا انْتَعَلَ وَ لَا رَكِبَ الْمَطَايَا وَلَا رَكِبَ الْكُوْرَ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَفْضَلُ مِنْ جَعْفَرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۰۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی شخص نے یہ کام جعفرؓ سے بہتر نہیں کیے۔ جوتی پہننا، سواری پر سوار ہونا اور اونٹ کی کاٹھی پر چڑھنا (یعنی اونٹنی پر سوار ہونا۔) یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۷۰۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۰۱: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جعفر بن ابی طالبؓ سے فرمایا کہ تم صورت اور سیرت دونوں میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔ اس حدیث میں ایک قصہ ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۰۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُوْ يَحْيَى التَّيْمِيُّ نَا اِبْرَاهِيْمُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْمَخْزُوْمِيُّ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنْ كُنْتُ لَاَ سْأَلُ الرَّجُلَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ عَنِ الْاٰيَاتِ مِنَ الْقُرْاٰنِ اَنَا اَعْلَمُ بِهَا مِنْهُ مَا اَسْاَلُهُ اِلَّا لِيُطْعِمَنِيْ شَيْئًا فَكُنْتُ اِذَا سَاَلْتُ جَعْفَرَ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ لَمْ يُجِبْنِيْ حَتّٰى يَذْهَبَ بِيْ اِلٰى مَنْزِلِهٖ فَيَقُوْلُ لِامْرَاَتِهٖ يَا اَسْمَآءُ اَطْعِمِيْنَا فَاِذَا اَطْعَمَتْنَا اَجَابَنِيْ وَكَانَ جَعْفَرٌ يُحِبُّ الْمَسَاكِيْنَ وَيَجْلِسُ اِلَيْهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ وَيُحَدِّثُوْنَهٗ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُكَنِّيْهِ بِاَبِي الْمَسَاكِيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْاِسْحَاقَ الْمَخْزُوْمِيُّ هُوَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْمَدِيْنِيُّ وَقَدْ

۱۷۰۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ہمیشہ صحابہ کرامؓ سے قرآن کریم کی آیات کی تفسیر پوچھا کرتا تھا۔ اگرچہ میں خود اس سے زیادہ بھی جانتا ہوتا۔ صرف اس لیے کہ وہ مجھے کھانا کھلا دے چنانچہ اگر میں جعفر سے کوئی چیز پوچھتا تو وہ ہمیشہ مجھے اپنے ساتھ گھر لے جا کر ہی جواب دیتے اور اپنی بیوی سے کہتے اسماء ہمیں کھانا کھلاؤ۔ جب وہ کھانا کھلا دیتیں تو جواب دیتے۔ حضرت جعفر مسکینوں سے محبت کرتے تھے۔ ان کے ساتھ بیٹھتے اور ان سے گفتگو کرتے تھے، اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ابومساکین کہا کرتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ابواسحٰق مخزومی کا نام ابراہیم بن فضل مدنی ہے۔ بعض محدثین ان کے حافظے پر اعتراض کرتے ہیں۔

تَكَلَّمَ فِيهِ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

مَنَاقِبُ اَبِىْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ وَالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا

۱۷۰۳ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نُعْمٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا جَرِيْرٌ وَابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ يَزِيْدَ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ حَسَنٌ وَابْنُ اَبِىْ نُعْمٍ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ نُعْمٍ الْبَجَلِيُّ الْكُوْفِيُّ.

۱۷۰۴ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ نَا مُوْسَى بْنُ يَعْقُوْبَ الزَّمْعِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ قَالَ اَخْبَرَنِى الْحَسَنُ بْنُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ طَرَقْتُ النَّبِيَّ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِىْ بَعْضِ الْحَاجَةِ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى شَىْءٍ لَا اَدْرِىْ مَا هُوَ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ حَاجَتِىْ قُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِىْ اَنْتَ مُشْتَمِلٌ عَلَيْهِ فَكَشَفَهٗ فَاِذَا حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ عَلٰى وَرِكَيْهِ فَقَالَ هٰذَانِ اَبْنَاىَ وَابْنَا ابْنَتِىْ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۰۵ : حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَصْرِيُّ الْعَمِّيُّ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ نَا اَبِىْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ يَعْقُوْبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ نُعْمٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ انْظُرُوْا اِلٰى هٰذَا يَسْاَلُ عَنْ دَمِ

ابومحمد حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے مناقب

۱۷۰۳: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسن رضی اللہ عنہ اور حسینؓ رضی اللہ عنہ جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔ سفیان بھی جریر اور ابن فضیل سے اسی کی مانند روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح حسن ہے اور ابن ابی نعم کا نام عبدالرحمٰن بن ابی نعم بجلی کوفی ہے۔

۱۷۰۴: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں کسی کام سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اوپر کچھ لپیٹے ہوئے تھے مجھے معلوم نہیں کہ وہ کیا تھا۔ جب میں کام سے فارغ ہوا تو پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کولہے پر حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت فرما اور جو ان سے محبت کرے اس سے بھی محبت فرما۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۰۵: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی نعم فرماتے ہیں کہ ایک عراقی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مچھر کے خون کے متعلق پوچھا کہ اگر کپڑے کو لگ جائے تو کیا حکم ہے؟ فرمانے لگے دیکھو یہ مچھر کے خون کا حکم پوچھ رہا ہے۔ اور انہی لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند (یعنی امام حسینؓ) کو قتل کیا ہے میں نے

الْبَعُوضِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَ اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا رَيْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْيَا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ يَعْقُوْبَ وَقَدْرَوٰی اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٰذَا وَ ابْنُ اَبِیْ نُعْمٍ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ نُعْمٍ الْبَجَلِیُّ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حسنؓ اور حسینؓ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ شعبہ اس حدیث کو محمد بن ابی یعقوب سے نقل کرتے ہیں اور ابوہریرہؓ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ ابن ابی نعم سے عبدالرحمٰن بن ابی نعم بجلی مراد ہیں۔

۱۷۰۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْ خَالِدِ الْاَحْمَرُ نَا رَزِيْنٌ قَالَ حَدَّثَتْنِیْ سَلْمٰی قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ وَهِیَ تَبْكِیْ فَقُلْتُ مَا يُبْكِيْكِ قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ تَعْنِیْ فِی الْمَنَامِ وَعَلٰی رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهِ التُّرَابُ فَقُلْتُ مَالَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُ قَتْلَ الْحُسَيْنِ اٰنِفًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۰۶: حضرت سلمیٰؓ فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ ام سلمہؓ کے ہاں گئی تو وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا کہ آپ کیوں رو رہی ہیں۔؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ کے سر مبارک اور داڑھی پر خاک تھی۔ میں نے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا کہ میں ابھی حسینؓ کا قتل دیکھ آیا ہوں۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۷۰۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ ثَنِیْ يُوْسُفُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ اَهْلِ بَيْتِكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَكَانَ يَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ اُدْعِیْ لِیَ ابْنَیَّ فَيَشُمُّهُمَا وَيَضُمُّهُمَا اِلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ.

۱۷۰۷: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ آپؐ کے اہل بیت میں سے آپؐ سب سے زیادہ محبت کس سے کرتے ہیں۔ فرمایا حسنؓ اور حسینؓ سے۔ نیز نبی اکرم ﷺ حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کرتے تھے کہ میرے دونوں بیٹوں کو بلاؤ اور پھر انہیں سونگھتے اور اپنے ساتھ چمٹاتے۔ یہ حدیث انسؓ کی روایت سے غریب ہے۔

۵۹۳: بَابٌ

۵۹۳: باب

۱۷۰۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ نَا الْاَشْعَثُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَيِّدٌ يُصْلِحُ اللّٰهُ عَلٰی يَدَيْهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ يَعْنِی الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ.

۱۷۰۸: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے اور فرمایا کہ میرا یہ بیٹا سید (سردار) ہے۔ یہ دو جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس سے مراد حسن بن علی رضی اللہ عنہما ہیں۔

۵۹۴: بَابٌ

۵۹۴: باب

۱۷۰۹: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ ثَنِیْ اَبِیْ ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ

۱۷۰۹: حضرت ابوبردہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک حسنؓ اور حسینؓ آ گئے

قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ بُرَیْدَةَ یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ یَخْطُبُنَا اِذَا جَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عَلَیْهِمَا قَمِیْصَانِ اَحْمَرَانِ یَمْشِیَانِ وَیَعْثُرَانِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مِنَ الْمِنْبَرِ فَحَمَلَهُمَا وَوَضَعَهُمَا بَیْنَ یَدَیْهِ ثُمَّ قَالَ صَدَقَ اللّٰهُ اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ نَظَرْتُ اِلٰی هٰذَیْنِ الصَّبِیَّیْنِ یَمْشِیَانِ وَیَعْثُرَانِ فَلَمْ اَصْبِرْ حَتّٰی قَطَعْتُ حَدِیْثِیْ وَرَفَعْتُهُمَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ.

دونوں نے سرخ قمیصیں پہنی ہوئی تھیں۔ چلتے تھے تو (چھوٹے ہونے کی وجہ سے) گر جاتے تھے۔ آپ منبر پر سے نیچے تشریف لائے اور دونوں کو اٹھا کر اپنے سامنے بٹھالیا۔ پھر فرمایا :اللہ تعالیٰ سچ فرماتے ہیں کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولادیں فتنہ (آزمائش) ہیں۔ لہٰذا دیکھو کہ جب میں نے انہیں دیکھا کہ گر گر کر چل رہے ہیں تو صبر نہ کرسکا اور اپنی بات کاٹ کر انہیں اٹھالیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حسین بن واقد کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۷۱۰ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَیْمٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ یَعْلَی بْنِ مُرَّةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ اَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ اَحَبَّ حُسَیْنًا حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۷۱۰: حضرت یعلیٰ بن مرۃؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسینؓ مجھ سے ہے اور میں اس سے۔ اللہ بھی اس سے محبت کرتے ہیں جو حسینؓ سے محبت کرتا ہے۔ حسینؓ بھی نواسوں میں سے ایک نواسہ ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۷۱۱ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ مِنْهُمْ اَشْبَهَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۷۱۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ لوگوں میں حسینؓ سے زیادہ کوئی نبی اکرم ﷺ سے مشابہت نہیں رکھتا تھا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۱۲ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِهُهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ الزُّبَیْرِ.

۱۷۱۲: حضرت ابو جحیفہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ حسن بن علیؓ آپؐ کے زیادہ مشابہ تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں حضرت ابوبکر صدیقؓ، ابن عباسؓ اور ابن زبیرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۷۱۳ : حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ قَالَتْ ثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ ابْنِ زِیَادٍ فَجِیْئَ بِرَاْسِ الْحُسَیْنِ فَجَعَلَ یَقُوْلُ بِقَضِیْبٍ فِیْ اَنْفِهٖ وَیَقُوْلُ مَارَاَیْتُ مِثْلَ هٰذَا حُسْنًا لِمَ یُذْکَرُ قَالَ قُلْتُ اَمَا اِنَّهٗ کَانَ مِنْ اَشْبَهِهِمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۱۷۱۳: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت ابن زیاد کے پاس تھا۔ جب حضرت امام حسینؓ کا سر مبارک لایا گیا تو وہ (یعنی ابن زیاد) اپنی چھڑی ان کی ناک میں پھیرتے ہوئے کہنے لگا کہ میں نے اس طرح کا حُسن نہیں دیکھا تو اس کا کیوں تذکرہ کیا جائے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ یہ نبی اکرم ﷺ سے زیادہ مشابہت رکھتے

وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ .

تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۷۱۴ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ انا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْحَسَنُ اَشْبَهُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَيْنَ الصَّدْرِ اِلَى الرَّاسِ وَالْحُسَيْنُ اَشْبَهُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاكَانَ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۱۴: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حسن سینے سے سر تک نبی اکرم ﷺ کے سب سے زیادہ مشابہ تھے اور حسین سینے سے نیچے تک۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۱۵ : حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ ابْنِ عُمَيْرٍ قَالَ لَمَّاجِيْئَ بِرَاْسِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَاَصْحَابِهٖ نُضِدَتْ فِى الْمَسْجِدِ فِى الرَّحَبَةِ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْجَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ فَاِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ تَخَلَّلُ الرُّءُ وْسَ حَتّٰى دَخَلَتْ فِىْ مِنْخَرَىْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ حَتّٰى تَغَيَّبَتْ ثُمَّ قَالُوْا قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلاَثًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۱۵: حضرت عمارہ بن عمیر فرماتے ہیں کہ جب عبیداللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لا کر رحبہ کی مسجد میں ڈال دیئے گئے تو میں بھی وہاں گیا۔ جب وہاں پہنچا تو لوگ کہنے لگے وہ آ گیا وہ آ گیا۔ دیکھا تو وہ ایک سانپ تھا جو آیا اور سروں میں سے ہوتا ہوا عبیداللہ بن زیاد کے نتھنوں میں گھس گیا۔ تھوڑی دیر نکلا اور چلا گیا یہاں تک کہ غائب ہو گیا۔ پھر لوگ کہنے لگے وہ آ گیا، وہ آ گیا۔ اس نے دو یا تین مرتبہ اسی طرح کیا۔

۵۹۵. بَابٌ

۵۹۵: باب

۱۷۱۶ : حَدَّثَنَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالاَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زِرِّبْنِ حُبَيْشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَاَلَتْنِىْ اُمِّىْ مَتٰى عَهْدُكَ تَعْنِىْ بِالنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَالِىْ بِهٖ عَهْدٌ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَنَالَتْ مِنِّىْ فَقُلْتُ لَهَادَعِيْنِىْ اٰتِى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُصَلِّىَ مَعَهُ الْمَغْرِبَ وَاَسْاَلُهٗ اَنْ يَّسْتَغْفِرَلِىْ وَلَكِ فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْمَغْرِبَ فَصَلّٰى حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ انْفَتَلَ فَتَبِعْتُهٗ فَسَمِعَ صَوْتِىْ فَقَالَ مَنْ هٰذَا حُذَيْفَةُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَا حَاجَتُكَ غَفَرَاللّٰهُ لَكَ

۱۷۱۶: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ میری والدہ نے پوچھا کہ تم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کتنے دن بعد حاضر ہوتے ہو؟ عرض کیا: اتنے دنوں سے میرا آنا جانا چھوٹا ہوا ہے۔ اس پر وہ بہت ناراض ہوئیں میں نے کہا: اچھا اب جانے دیجئے میں آج ہی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپؐ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھوں گا اُن سے اپنی اور آپ کی مغفرت کی دعا کرنے کے لیے کہوں گا۔ میں گیا اور آپؐ کے ساتھ مغرب پڑھی پھر آپؐ عشاء تک نماز میں مشغول رہے اور پھر عشاء پڑھ کر لوٹے۔ میں آپؐ کے پیچھے ہولیا۔ آپؐ نے میری آواز سنی تو پوچھا کون ہے؟ حذیفہؓ۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا تمہیں کیا کام ہے۔ اللہ تمہاری

وَلِاُمِّکَ قَالَ اِنَّ هٰذَا مَلَکٌ لَمْ يَنْزِلِ الْاَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ اِسْتَاْذَنَ رَبَّهُ اَنْ يُّسَلِّمَ عَلَيَّ وَيُبَشِّرَنِيْ بِاَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ.

اور تمہاری والدہ کی مغفرت فرمائے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: یہ ایک ایسا فرشتہ تھا جو آج کی رات سے پہلے کبھی زمین پر نہیں اترا۔ آج اس نے اپنے رب سے مجھے سلام کرنے اور یہ خوشخبری دینے کے لیے آنے کی اجازت چاہی کہ فاطمہؓ جنتی عورتوں کی سردار اور حسنؓ و حسینؓ جنت کے جوانوں کے سردار ہوں گے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسرائیل کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۷۱۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۱۷: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنؓ و حسینؓ کو دیکھا تو دعا کی کہ یا اللہ میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی انہیں محبوب رکھ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۱۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ نَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ نِعْمَ الْمَرْكَبُ رَكِبْتَ يَا غُلَامُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنِعْمَ الرَّاكِبُ هُوَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَزَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ قَدْ ضَعَّفَهُ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۱۷۱۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو کندھے پر بٹھائے ہوئے تھے کہ ایک شخص نے کہا: اے لڑکے تم کتنی بہترین سواری پر سوار ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سوار بھی تو بہترین ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ اور زمعہ بن صالح کو بعض علماء نے حفظ کے اعتبار سے ضعیف کہا ہے۔

۱۷۱۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۱۹: حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو کندھے پر بٹھائے ہوئے یہ دعا کرتے ہوئے سنا کہ یا اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مَنَاقِبُ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کے اہل بیت کے مناقب

۱۷۲۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ نَا زَيْدُ

۱۷۲۰: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ میں نے

بْنُ الْحَسَنِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّتِهٖ يَوْمَ عَرَفَةَ وَ هُوَ عَلٰى نَاقَتِهِ الْقَصْوَآءِ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَا اَيُّهَاالنَّاسُ اِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ وَحُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَزَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ قَدْ رَوٰى عَنْهُ سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَغَيْرُوَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حج کے موقع پر اپنی اونٹنی قصواء پر سوار ہو کر عرفات کے میدان میں خطبہ دیتے ہوئے دیکھا ۔آپ ؐنے فرمایا: اے لوگو میں تم لوگوں میں دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں اگر انہیں پکڑے رکھو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہوگے۔ایک قرآن مجید دوسرے میرے اہل بیت۔اس باب میں حضرت ابوذرؓ، ابوسعیدؓ، زید بن ارقمؓ اور حذیفہ بن اسیدؓ سے بھی روایت ہے۔یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔زید بن حسن سے سعید بن سلیمان اور کئی حضرات روایت کرتے ہیں۔

۱۷۲۱ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيّ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ رَبِيْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا فِيْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَّحُسَيْنًا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِيْ فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَ اَنَا مَعَهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَنْتِ عَلٰى مَكَانِكِ وَاَنْتِ عَلٰى خَيْرٍوَفِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَاَبِي الْحَمْرَاءِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۷۲۱: رسول اللہ ﷺ کے پروردہ عمرو بن ابی سلمہؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت: ''اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ ...الآیۃ'' (یعنی اے اہل بیت اللہ چاہتا ہے کہ تمہاری ناپاکی کو دور کردے) ام سلمہؓ کے گھر میں نازل ہوئی تو آپؐ نے حضرت فاطمہؓ، حسنؓ اور حسینؓ کو بلایا اور ان پر ایک چادر ڈال دی۔علیؓ آپؐ کے پیچھے تھے۔ چنانچہ آپؐ نے ان سب پر چادر ڈالنے کے بعد فرمایا: اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں ان سے ناپاکی کو دور کردے اور انہیں اچھی طرح پاک کردے۔ اس پر ام سلمہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں بھی انہیں میں ہوں۔آپؐ نے فرمایا تم اپنی جگہ ہو اور بھلائی پر ہو۔اس باب میں حضرت ام سلمہؓ، معقل بن یسارؓ، ابوحمراءؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۱۷۲۲ : حَدَّثَنَاعَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَالْاَعْمَشِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمْ مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِيْ اَحَدُهُمَا اَعْظَمُ مِنَ الْاٰخَرِ كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَّمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلُ بَيْتِيْ وَلَنْ

۱۷۲۲: حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تم میں وہ چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں کہ اگر تم اسے پکڑے رکھو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہوگے۔ان میں سے ایک دوسری سے بہت بڑی ہے اور جو بڑی ہے وہ اللہ کی کتاب ہے گویا کہ آسمان سے زمین تک ایک رسی لٹک رہی ہے اور دوسری میرے اہل بیت۔یہ دونوں حوض (کوثر) پر پہنچنے تک کبھی جدا نہیں ہوں گے۔پس دیکھو کہ تم میرے بعد

يَتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِيْ فِيْهِمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

ان سے کیا سلوک کرتے ہو۔
یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۲۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ كَثِيْرِ النَّوَّاءِ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ نَجَبَةَ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ كُلَّ نَبِيٍّ اُعْطِيَ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ رُفَقَاءَ اَوْقَالَ رُقَبَاءَ وَاُعْطِيْتُ اَنَا اَرْبَعَةَ عَشَرَ قُلْنَا مَنْ هُمْ قَالَ اَنَا وَابْنَايَ وَجَعْفَرٌ وَ حَمْزَةُ وَ اَبُوْبَكْرٍ وَّ عُمَرُ وَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَ بِلَالٌ وَ سَلْمَانُ وَعَمَّارٌ وَالْمِقْدَادُ وَحُذَيْفَةُ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَلِيٍّ مَوْقُوْفًا.

۱۷۲۳: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نبی کو اللہ تعالیٰ نے سات نجباء یا فرمایا کہ نقباء عطا فرمائے ہیں جو اس کے رفقاء ہوتے ہیں لیکن مجھے چودہ عطا کئے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے پوچھا: وہ کون ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں، میرے دونوں بیٹے، جعفرؓ، ابوبکرؓ، عمرؓ، مصعب بن عمیرؓ، بلالؓ، سلمانؓ عمارؓ، مقدادؓ، حذیفہؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ، یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور حضرت علیؓ سے موقوفاً منقول ہے۔

۱۷۲۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ نَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ نَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَايَغْذُوْكُمْ مِنْ نِعَمِهٖ وَ اَحِبُّوْنِيْ بِحُبِّ اللّٰهِ وَاَحِبُّوْا اَهْلَ بَيْتِيْ بِحُبِّيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۷۲۴: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ سے محبت کرو اس لیے کہ وہ تمہیں اپنی نعمتوں میں سے کھلاتا ہے اور مجھ سے اللہ کی محبت کی وجہ سے محبت کرو اور اسی طرح میرے اہل بیت سے میری وجہ سے (محبت کرو)۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

مَنَاقِبُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَاَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ

حضرت معاذ بن جبلؓ، زید بن ثابتؓ، ابی بن کعبؓ، اور ابوعبیدہ بن جراحؓ کے مناقب

۱۷۲۵: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ دَاوٗدَ الْعَطَّارِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْحَمُ اُمَّتِيْ بِاُمَّتِيْ اَبُوْبَكْرٍ وَاَشَدُّهُمْ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَ اَقْرَؤُهُمْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ هٰذَا

۱۷۲۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں سے ان پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ابوبکرؓ ہیں۔ اللہ کے حکم کی تعمیل میں سب سے زیادہ سخت عمرؓ، سب سے زیادہ باحیاء عثمان بن عفانؓ، حلال وحرام کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے معاذ بن جبلؓ، سب سے زیادہ علم میراث جاننے والے زید بن ثابتؓ اور سب سے زیادہ قراءت جاننے والے ابی بن کعبؓ ہیں۔ پھر ہر امت کا امین ہوتا ہے۔ اس امت کے امین ابوعبیدہ بن جراحؓ ہیں۔ یہ

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوَاهُ اَبُوْ قِلاَبَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو قتادہ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابوقلابہ بھی انسؓ سے اسی کی مانند مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۷۲۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الثَّقَفِيُّ نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلاَبَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قَالَ وَسَمَّانِيْ قَالَ نَعَمْ فَبَكٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

۱۷۲۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعبؓ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ میں تمہیں سورۃ البینہ پڑھ کر سناؤں۔ انہوں نے پوچھا کیا میرا نام لے کر؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ اس پر وہ (یعنی ابی بن کعبؓ) رونے لگے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابی بن کعبؓ بھی یہی حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۷۲۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَبُوْ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ مَنْ اَبُوْ زَيْدٍ قَالَ اَحَدُ عُمُوْمَتِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۲۷: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں انصار میں سے چار آدمیوں نے قرآن جمع کیا۔ حضرت ابی بن کعبؓ، معاذ بن جبلؓ، زید بن ثابتؓ، اور ابوزیدؓ۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ سے پوچھا کون سے ابوزید؟ انہوں نے فرمایا میرے ایک چچا ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَاحِ نِعْمَ الرَّجُلُ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ.

۱۷۲۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکرؓ کتنے بہترین انسان ہیں۔ اسی طرح عمرؓ، ابوعبیدہؓ، اسید بن حضیرؓ، ثابت بن قیسؓ، معاذ بن جبلؓ اور معاذ بن عمرو بن جموح بھی کیا خوب لوگ ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۷۲۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ جَاءَ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالاَ ابْعَثْ مَعَنَا اَمِيْنًا قَالَ فَاِنِّيْ سَابْعَثُ

۱۷۲۹: حضرت حذیفہ بن یمانؓ فرماتے ہیں کہ ایک قوم کا سردار اور اس کا نائب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارے ساتھ کسی امین کو بھیجئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ میں تم لوگوں کیساتھ ایسا امین بھیجوں گا جو حقیقت میں

مَعَكُمْ اَمِيْنًا حَقَّ اَمِيْنٍ فَاَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ فَبَعَثَ اَبَا عُبَيْدَةَ قَالَ وَكَانَ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ صِلَةَ قَالَ سَمِعْتُهُ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عُمَرَ وَاَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ.

امین ہوگا۔ راوی فرماتے ہیں کہ اس پر لوگ اس خدمت کے انجام دینے کی تمنا کرنے لگے۔ پھر آپؐ نے ابوعبیدہؓ کو بھیجا۔ ابواسحٰق (راوی حدیث) جب یہ حدیث صلہ سے بیان کرتے تو فرماتے کہ میں نے یہ حدیث ساٹھ سال پہلے سنی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمرو، انسؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اس امت کا امین ابوعبیدہؓ ہے۔

مَنَاقِبُ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سلمان فارسیؓ کے مناقب

۱۷۳۰: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا اَبِيْ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ رَبِيْعَةَ الْاِيَادِيِّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْجَنَّةَ تَشْتَاقُ اِلٰى ثَلٰثَةٍ عَلِيٍّ وَعَمَّارٍ وَّ سَلْمَانَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ.

۱۷۳۰: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت تین آدمیوں کی مشتاق ہے۔ علیؓ، عمارؓ اور سلمانؓ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حسن بن صالح کی روایت سے جانتے ہیں۔

مَنَاقِبُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَكُنْيَتُهُ اَبُو الْيَقْظَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عمار بن یاسرؓ کے مناقب

انکی کنیت ابویقظان ہے

۱۷۳۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ جَاءَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يَسْتَاْذِنُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوْا لَهُ مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۳۱: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ عمار بن یاسرؓ حاضر ہوئے اور رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی تو آپؐ نے فرمایا: اسے آنے دو۔ مرحبا اے پاک ذات اور پاک خصلت والے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۳۲: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ سِيَاهٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خُيِّرَ عَمَّارٌ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اخْتَارَ اَرْشَدَهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ سِيَاهٍ

۱۷۳۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عمارؓ کو جن دو کاموں میں بھی اختیار دیا گیا انہوں نے ان میں سے بہتر ہی کو اختیار کیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو اس سند سے صرف عبدالعزیز بن سیاہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ یہ کوفی شیخ ہیں۔ محدثین ان سے روایت کرتے ہیں۔ ان کے بیٹے کا نام یزید

وَهُوَ شَيْخٌ كُوفِيٌّ وَقَدْرَوٰى عَنْهُ النَّاسُ وَلَهُ ابْنٌ يُقَالُ لَهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ ثِقَةٌ رَوٰى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ .

بن عبدالعزیز ہے۔ یہ بھی ثقہ ہیں۔ان سے یحییٰ بن آدم نے احادیث نقل کی ہیں۔

۱۷۳۳ : حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مَوْلٰى لِرِبْعِيٍّ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَدْرِيْ مَا قَدْرُ بَقَآئِيْ فِيْكُمْ فَاقْتَدُوْا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ وَاَشَارَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَاهْتَدُوْا بِهَدْيِ عَمَّارٍ وَ مَاحَدَّثَكُمُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَصَدِّقُوْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ هِلَالٍ مَوْلٰى رِبْعِيٍّ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَقَدْرَوٰى سَالِمٌ الْمُرَادِيُّ الْكُوْفِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ حَرْمٍ عَنْ رِبْعِيِّ ابْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

۱۷۳۳: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ میں کب تک تم لوگوں میں ہوں لہٰذا میرے بعد آنے والے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء (پیروی) کرنا، عمار رضی اللہ عنہ کی راہ پر چلنا اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی بات کی تصدیق کرنا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ابراہیم بن سعد اس حدیث کوسفیان ثوری سے وہ عبدالملک بن عمیر سے وہ ہلال سے (ربعی کے مولیٰ) سے وہ ربعی سے وہ حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔ سالم مرادی کوفی نے بواسطہ عمرو بن حزم اور ربعی بن حراش حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اسکے ہم معنی مرفوع حدیث نقل کی۔

۱۷۳۴ : حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ الْمَدِيْنِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْشِرْ يَاعَمَّارُ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ اَبِي الْيُسْرِ وَحُذَيْفَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

۱۷۳۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمارؓ تمہیں بشارت ہو کہ تمہیں باغی لوگ شہید کریں گے۔ اس باب میں حضرت ام سلمہؓ، عبداللہ بن عمروؓ، ابو یسر اور حذیفہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

یہ حدیث علاء بن عبدالرحمٰن کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاریؓ کے مناقب

۱۷۳۵ : حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ هُوَ اَبُو الْيَقْظَانِ عَنْ اَبِيْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ اَصْدَقَ مِنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَفِي

۱۷۳۵: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آسمان نے ابوذرؓ سے زیادہ سچے پر سایہ نہیں کیا اور نہ ہی زمین نے ان سے زیادہ سچے کو اٹھایا۔اس باب میں حضرت ابودرداءؓ اور ابوذرؓ سے بھی روایت ہے۔

الْبَابِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ وَاَبِیْ ذَرٍّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۷۳۶ : حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِیُّ نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عِکْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ ثَنِیْ اَبُوْ زُمَیْلٍ عَنْ مَالِکِ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِنْ ذِیْ لَهْجَةٍ اَصْدَقَ وَلَا اَوْفٰی مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ شِبْهِ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ کَالْحَاسِدِ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَتَعْرِفُ ذٰلِکَ لَهٗ قَالَ نَعَمْ فَاعْرِفُوْهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ یَمْشِیْ فِی الْاَرْضِ بِزُهْدِ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ.

یہ حدیث حسن ہے۔

۱۷۳۶: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق فرمایا کہ آسمان نے ابوذرؓ سے زیادہ زبان کے سچے اور وعدے کو پورا کرنے والے پر سایہ نہیں کیا اور نہ ہی اس سے زیادہ سچے اور وفاشعار شخص کو زمین نے اٹھایا۔ وہ (یعنی ابوذرؓ) عیسٰی بن مریم سے مشابہ ہے۔ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اسطرح پوچھا گویا کہ رشک کر رہے ہوں کہ کیا ہم انہیں بتادیں۔ فرمایا ہاں بتادو۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ بعض اس حدیث کو اسطرح نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ ابوذرؓ زمین پر عیسٰی بن مریم علیہ السلام کی طرح زہد کیساتھ زندگی بسر کرتا ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے مناقب

۱۷۳۷ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیْدٍ الْکِنْدِیُّ نَا اَبُوْ مُحَیَّاةَ یَحْیَی بْنُ یَعْلٰی عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ اَخِیْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا اُرِیْدَ قَتْلُ عُثْمَانَ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فَقَالَ لَهٗ عُثْمَانُ مَاجَاءَ بِکَ قَالَ جِئْتُ فِیْ نَصْرِکَ قَالَ اُخْرُجْ اِلَی النَّاسِ فَاطْرُدْهُمْ عَنِّیْ فَاِنَّکَ خَارِجًا خَیْرٌ لِّیْ مِنْکَ دَاخِلًا فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ اِلَی النَّاسِ، فَقَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ کَانَ اِسْمِیْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فُلَانٌ فَسَمَّانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ، وَنَزَلَتْ فِیَّ اٰیَاتٌ مِّنْ کِتَابِ اللّٰهِ نَزَلَتْ فِیَّ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَکْبَرْتُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ وَنَزَلَ قُلْ کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْکِتَابِ اِنَّ لِلّٰهِ سَیْفًا مَغْمُوْدًا عَنْکُمْ وَاِنَّ الْمَلَائِکَةَ قَدْ جَاوَرَتْکُمْ فِیْ بَلَدِکُمْ هٰذَا الَّذِیْ نَزَلَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ اَنْ تَقْتُلُوْهُ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَتَلْتُمُوْهُ لَتَطْرُدُنَّ

۱۷۳۷: حضرت عبدالملک بن عمیر، حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے بھتیجے سے نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمانؓ کے قتل کا ارادہ کیا گیا تو عبداللہ بن سلامؓ ان کے پاس گئے۔ انہوں نے پوچھا کیوں آئے ہو؟ عرض کیا آپ کی مدد کے لیے۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا تم باہر رہ کر لوگوں کو مجھ سے دور رکھو تو یہ میرے لئے تمہارے اندر رہنے سے بہتر ہے۔ وہ (یعنی عبداللہ بن سلامؓ) باہر آئے اور لوگوں سے کہا اے لوگو زمانہ جاہلیت میں میرا یہ نام تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے میرا نام عبداللہ رکھا۔ میرے متعلق قرآن کریم کی کئی آیات نازل ہوئیں۔ چنانچہ ''وشهد من بنی اسرائیل ......'' اور ''قُلْ کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ...الآیۃ'' میرے ہی بارے میں نازل ہوئی ہیں۔ (جان لوکہ) اللہ کی تلوار میان میں ہے اور فرشتے تمہارے اس شہر میں تمہارے ہمسائے ہیں۔ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رہے تھے۔ لہٰذا تم لوگ اس شخص کے متعلق اللہ سے ڈرو۔ اللہ کی قسم اگر تم نے اسے قتل کر دیا تو تمہارے ہمسائے فرشتے تم سے دور ہو جائیں گے اور تم پر اللہ کی تلوار

جِيرَانَكُمُ الْمَلَائِكَةَ وَلَتَسُلَّنَّ سَيْفَ اللّٰهِ الْمَغْمُوْدِ عَنْكُمْ فَلَا يُغْمَدُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ قَالُوا اقْتُلُوا الْيَهُوْدِيَّ وَاقْتُلُوا عُثْمَانَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ وَقَدْ رَوٰى شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ.

میان سے نکل آئے گی جو پھر قیامت تک کبھی میان میں واپس نہیں جائے گی۔ لوگ کہنے لگے اس یہودی کو بھی عثمانؓ کے ساتھ قتل کرو۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عبدالملک بن عمیر کی روایت سے جانتے ہیں۔ شعیب بن صفوان بھی اسے عبدالملک بن عمیر سے وہ عمر بن محمد بن عبداللہ بن سلام سے اور وہ اپنے دادا عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۷۳۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عُمَيْرَةَ قَالَ لَمَّا حَضَرَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ الْمَوْتُ قِيْلَ لَهٗ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَوْصِنَا قَالَ اَجْلِسُوْنِيْ فَقَالَ اِنَّ الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ مَكَانَهُمَا مَنِ ابْتَغَاهُمَا وَجَدَهُمَا يَقُوْلُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَالْتَمِسُوا الْعِلْمَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ رَهْطٍ عِنْدَ عُوَيْمِرٍ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ الَّذِيْ كَانَ يَهُوْدِيًّا فَاَسْلَمَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّهٗ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِي الْجَنَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۳۸: حضرت یزید بن عمیرہ کہتے ہیں کہ جب معاذ بن جبلؓ کی موت کا وقت قریب آیا تو ان سے درخواست کی گئی کہ اے ابوعبدالرحمٰن ہمیں وصیت کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: مجھے بٹھاؤ۔ پھر فرمایا ایمان اور علم اپنی جگہ موجود ہیں جو انہیں تلاش کرے گا۔ وہ یقیناً پالے گا۔ تین مرتبہ یہی فرمانے کے بعد فرمایا: علم کو چار شخصوں کے پاس تلاش کرو۔ ایک ابو درداءؓ، دوسرے سلمان فارسیؓ، تیسرے عبداللہ بن مسعودؓ، اور چوتھے عبداللہ بن سلامؓ، جو یہودی تھے بعد میں مسلمان ہوئے۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو ان کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا کہ وہ ان دس میں سے ہیں جو جنتی ہیں۔ اس باب میں حضرت سعدؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے مناقب

۱۷۳۹: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ يَحْيَى ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِي الزَّعْرَاءِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتَدُوْا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ مِنْ اَصْحَابِيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّ عُمَرَ وَاهْتَدُوْا بِهَدْيِ عَمَّارٍ وَّ تَمَسَّكُوْا بِعَهْدِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَيَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَاَبُو الزَّعْرَاءِ اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

۱۷۳۹: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء (پیروی) کرنا، عمارؓ کے راستے پر چلنا اور عبداللہ بن مسعودؓ کے عہد کو لازم پکڑنا (یعنی نصیحت پر عمل کرنا۔) یہ حدیث اس سند سے عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت سے غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف یحییٰ بن سلمہ بن کھیل کی روایت سے جانتے ہیں۔ اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ ابو زعراء کا نام عبداللہ بن ھانی ہے لیکن ابوزعراء جن سے شعبہ،

هَانِـيٍ وَاَبُو الزَّعْرَاءِ الَّذِیْ رَوٰی عَنْهُ شُعْبَةُ وَ الثَّوْرِیُّ وَابْـنُ عُیَیْنَةَ اِسْمُهٗ عَمْرٌ ووَهُوَابْنُ اَخِیْ اَبِی الْاَحْوَصِ صَاحِبُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

ثوری اورابن عیینہ روایت کرتے ہیں وہ عمرو بن عمرو ہیں۔ وہ ابوحوص کے بھتیجے اورابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دوست ہیں۔

۱۷۴۰: حَـدَّثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ نَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ یُوْسُفَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَـزِیْدَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا مُوْسٰی یَقُوْلُ لَقَدْ قَدِمْتُ اَنَا وَاَخِیْ مِنَ الْیَـمَنِ وَمَا نَرٰی حِیْنًا اِلَّا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَیْتِ النَّبِیِّ ﷺ لِـمَا نَرٰی مِنْ دُخُوْلِهٖ وَدُخُوْلِ اُمِّـهٖ عَلَی النَّبِیِّ ﷺ هٰـذَا حَـدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرَوَاهُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ.

۱۷۴۰: حضرت ابواسود بن یزید کہتے ہیں کہ میں نے ابوموسیٰؓ کوفرماتے ہوئے سنا کہ میں اورمیرے بھائی جب یمن سے آئے توصرف عبداللہ بن مسعودؓ ہی کے متعلق معلوم ہوتا تھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں سے ہیں۔ کیونکہ وہ اوران کی والدہ اکثر آپؐ کے پاس آیا جایا کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔سفیان ثوری اسے ابواسحٰق سے روایت کرتے ہیں۔

۱۷۴۱: حَـدَّثَـنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ نَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَـزِیْدَ قَالَ اَتَیْنَا حُذَیْفَةَ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا بِاَقْرَبِ النَّاسِ مِـنْ رَسُـوْلِ اللّٰـهِ صَـلَّـی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَدْیًا وَدَلًّا فَـنَاْخُذَ عَنْهُ وَ نَسْمَعَ مِنْهُ قَالَ كَانَ اَقْرَبُ النَّاسِ هَدْیًا وَدَلًّا وَسَـمْتًـا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ مَسْـعُـوْدٍ حَتّٰـی یَتَـوَارٰی مِـنَّـا فِـیْ بَیْتِـهٖ وَلَقَدْ عَلِمَ الْـمَـحْفُـوْظُوْنَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَـلَیْـهِ وَسَـلَّـمَ اَنَّ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ هُوَ مِنْ اَقْرَبِهِمْ اِلَی اللّٰهِ زُلْفٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۷۴۱: عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں کہ ہم حذیفہؓ کے پاس گئے اوران سے کہا کہ ہمیں وہ شخص بتایئے جو نبی اکرم ﷺ سے دوسرے لوگوں کی نسبت چال چلن میں زیادہ قریب تھا تاکہ ہم اس سے علم حاصل کریں اوراحادیث سنیں۔انہوں نے فرمایا: وہ عبداللہ بن مسعودؓ ہی ہیں۔ وہ آپؐ کے پوشیدہ خانگی حالات سے بھی واقف ہوتے تھے جن کا ہمیں علم تک نہ ہوتا۔ نبی اکرم ﷺ کے جھوٹ سے محفوظ صحابہ کرامؓ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان سب میں ام عبد کے بیٹے عبداللہ بن مسعودؓ کے علاوہ کوئی اللہ تعالیٰ سے اتنا قریب نہیں جتنے وہ ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۴۲: حَـدَّثَـنَـا عَبْدُ اللّٰـهِ بْـنُ عَبْدِ الرَّحْـمٰـنِ نَـاصَـاعِدُالْحَرَّانِیُّ نَا زُهَیْرٌنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْـهِ وَسَـلَّـمَ لَـوْ كُـنْـتُ مُؤَمِّرًا اَحَدًا مِّنْهُمْ مِنْ غَیْرِ مَشْـوَرَةٍ لَاَمَّرْتُ عَلَیْهِمْ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ هٰذَا حَدِیْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِیْثِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ.

۱۷۴۲: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں بغیر مشورے کے کسی لشکر کا امیر مقرر کرتا تو ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کرتا۔

اس حدیث کو ہم صرف حارث کی علیؓ کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۷۴۳: حَـدَّثَـنَـا سُفْیَانُ بْنُ وَكِیْعٍ نَا اَبِیْ عَنْ سُفْیَانَ الثَّـوْرِیِّ عَـنْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ

۱۷۴۳: ہم سے روایت کی سفیان بن وکیع نے انہوں نے اپنے والد سے وہ سفیان ثوری سے وہ ابواسحٰق سے وہ حارث

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا اَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشْوَرَةٍ لَاَمَّرْتُ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ.

سے اور وہ حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر مشورے کے امیر مقرر کرتا تو ام عبد کے بیٹے (ابن مسعودؓ کو کرتا)۔

۱۷۴۴ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خُذُوا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَمُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۴۴: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قرآن چار آدمیوں سے سیکھو۔ ابن مسعودؓ، ابی بن کعبؓ، معاذ بن جبلؓ اور ابوحذیفہؓ کے مولیٰ سالم سے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۴۵ : حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَصْرِيُّ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ اَبِيْ سَبْرَةَ قَالَ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَسَاَلْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّيَسِّرَ لِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا فَيَسَّرَ لِيْ اَبَا هُرَيْرَةَ فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ لَهٗ اِنِّيْ سَاَلْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّيَسِّرَ لِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا فَوُفِّقْتَ لِيْ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ جِئْتُ اَلْتَمِسُ الْخَيْرَ وَاَطْلُبُهٗ فَقَالَ اَلَيْسَ فِيْكُمْ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ مُجَابُ الدَّعْوَةِ وَابْنُ مَسْعُوْدٍ صَاحِبُ طَهُوْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعْلَيْهِ وَحُذَيْفَةُ صَاحِبُ سِرِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّارُ الَّذِيْ اَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ وَسَلْمَانُ صَاحِبُ الْكِتَابَيْنِ قَالَ الْقَتَادَةُ وَالْكِتَابَانِ الْاِنْجِيْلُ وَالْقُرْاٰنُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَخَيْثَمَةُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ سَبْرَةَ نُسِبَ اِلٰى جَدِّهٖ.

۱۷۴۵: حضرت خیثمہ بن ابی سبرہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا تو اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے کوئی نیک دوست عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ابوہریرہؓ سے ملوادیا۔ میں انکے پاس بیٹھا اور اپنی دعا کے متعلق بتایا۔ انہوں نے پوچھا کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ کوفہ کا رہنے والا ہوں اور خیر کی طلب مجھے یہاں لائی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کیا تمہارے پاس سعد بن مالکؓ نہیں جنکی دعا قبول ہوتی ہے۔ کیا نبی اکرم ﷺ کے لیے وضو کا پانی رکھنے اور جوتیاں سیدھی کرنے والے ابن مسعودؓ نہیں ہیں۔؟ کیا نبی اکرم ﷺ کے رازدار حذیفہؓ نہیں ہیں؟ کیا عمارؓ نہیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی دعا کے مطابق شیطان سے دور کردیا ہے۔؟ اور کیا دو کتابوں والے سلمانؓ نہیں ہیں۔ قتادہ کہتے ہیں کہ دو کتابوں سے مراد انجیل اور قرآن ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اور خیثمہ، عبدالرحمٰن بن سبرہ کے بیٹے ہیں سند میں وہ اپنے دادا کی طرف منسوب ہیں۔

مَنَاقِبُ حُذَيْفَةَ ابْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حذیفہؓ بن یمانؓ کے مناقب

۱۷۴۶ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ زَاذَانَ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اسْتَخْلَفْتَ قَالَ اِنِ اسْتَخْلَفْتُ عَلَيْكُمْ فَعَصَيْتُمُوْهُ عُذِّبْتُمْ وَلٰكِنْ مَا

۱۷۴۶: حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کاش آپؐ کسی کو خلیفہ مقرر فرما دیتے ؟ فرمایا: اگر میں خلیفہ مقرر کروں اور پھر تم اسکی نافرمانی کرو تو عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے لیکن جو چیز تم سے حذیفہؓ بیان کرے

حَدَّثَکُمْ حُذَیْفَةُ فَصَدِّقُوْهُ وَمَا اَقْرَاَکُمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْهُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقُلْتُ لِاِسْحَاقَ بْنِ عِیْسٰی یَقُوْلُوْنَ هٰذَا عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ لَا عَنْ زَاذَانَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَهُوَ حَدِیْثُ شَرِیْکٍ.

اسکی تصدیق کرنا اور جو عبداللہ بن مسعودؓ پڑھے وہی پڑھنا۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن راوی کہتے ہیں کہ میں نے اسحٰق بن عیسیٰ سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ حدیث ابو وائل سے منقول ہے۔ انہوں نے کہا نہیں بلکہ زاذان سے انشاء اللہ۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور شریک سے منقول ہے۔

مَنَاقِبُ زَیْدِ بْنِ حَارِثَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زید بن حارثہؓ کے مناقب

۱۷۴۷: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُمَرَ اَنَّهٗ فَرَضَ لِاُسَامَةَ فِیْ ثَلَاثَةِ آلَافٍ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَفَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِیْ ثَلَاثَةِ الْاٰفٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لِاَبِیْهِ لِمَ فَضَّلْتَ اُسَامَةَ عَلَیَّ وَاللّٰهِ مَا سَبَقَنِیْ اِلٰی مَشْهَدٍ قَالَ لِاَنَّ زَیْدًا کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْ اَبِیْکَ وَکَانَ اُسَامَةُ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْکَ فَاٰثَرْتُ حِبَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی حِبِّیْ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۷۴۷: حضرت اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے اسامہ کو بیت المال سے ساڑھے تین ہزار اور عبداللہ بن عمرؓ کو تین ہزار دیئے تو انہوں نے اپنے والد سے کہا کہ آپ نے اسامہ کو مجھ پر فضیلت کیوں دی ہے۔ اللہ کی قسم انہوں نے کسی غزوہ میں مجھ سے سبقت حاصل نہیں کی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اس لیے کہ اسامہؓ کے والد زیدؓ نبی اکرم ﷺ کو تمہارے باپ سے زیادہ عزیز اور اسامہ تم سے زیادہ محبوب تھے۔ لہٰذا میں نے نبی اکرم ﷺ کے محبوب شخص کو اپنے محبوب پر مقدم کیا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۴۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا یَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوْسٰی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ مَا کُنَّا نَدْعُوْا زَیْدَ بْنَ حَارِثَةَ اِلَّا زَیْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰی نَزَلَتْ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآءِ هِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَاللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۷۴۸: حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمد ﷺ ہی کہا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی "اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآءِ هِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَاللّٰهِ" (یعنی انہیں ان کے اصل باپ ہی کی طرف منسوب کیا کرو) یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۷۴۹: حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الرُّوْمِیِّ نَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ اَخُوْ زَیْدٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ابْعَثْ مَعِیَ اَخِیْ زَیْدًا قَالَ هُوَذَا قَالَ فَاِنِ انْطَلَقَ مَعَکَ لَمْ اَمْنَعْهُ قَالَ زَیْدٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَا اَخْتَارُ عَلَیْکَ اَحَدًا قَالَ فَرَأَیْتُ رَأْیَ اَخِیْ اَفْضَلَ مِنْ رَأْیِیْ

۱۷۴۹: حضرت جبلہ بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیج دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا وہ یہ ہے اگر تمہارے ساتھ جانا چاہے تو میں نہیں روکتا۔ زید نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: اللہ کی قسم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت چھوڑ کر کسی کو اختیار نہیں کر سکتا۔ جبلہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ میرے بھائی کی رائے میری رائے سے افضل تھی۔ یہ حدیث حسن غریب

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ الرُّوْمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ.

ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابن رومی کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ علی بن مسہر سے روایت کرتے ہیں۔

۱۷۵۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بَعَثَ بَعْثًا وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَطَعَنَ النَّاسُ فِيْ اِمَارَتِهٖ فَقَالَ اِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ اِمْرَتِهٖ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِيْ اِمْرَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ وَاَيْمُ اللّٰهِ اِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِّلْاِمَارَةِ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ وَاِنَّ هٰذَا مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ بَعْدَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ.

۱۷۵۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور اس کا امیر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو مقرر کر دیا۔ لوگ انکی امارت پر طعن کرنے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اسکی امارت پر طعن کرتے ہو تو کیا ہوا تم تو اسکے باپ کی امارت پر بھی طعن کرتے تھے۔ اللہ کی قسم وہ امارت کا مستحق اور میرے نزدیک سب سے عزیز تھا اور اسکے بعد یہ میرے نزدیک سب سے عزیز ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ علی بن حجر اسے اسماعیل بن جعفر سے وہ عبداللہ بن دینار سے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

مَنَاقِبُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اسامہ بن زیدؓ کے مناقب

۱۷۵۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ هَبَطْتُ وَهَبَطَ النَّاسُ الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَقَدْ اُصْمِتَ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَضَعُ يَدَيْهِ عَلَيَّ وَيَرْفَعُهُمَا فَاَعْرِفُ اَنَّهٗ يَدْعُوْ لِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۵۱: حضرت اسامہ بن زیدؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کا مرض بڑھا تو میں اور کچھ لوگ مدینہ واپس آئے۔ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس داخل ہوا تو آپؐ کی زبان بند ہو چکی تھی۔ لہٰذا آپؐ نے کوئی بات نہیں کی لیکن اپنے ہاتھ مجھ پر رکھتے اور انہیں اٹھاتے۔ میں جانتا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے دعا فرما رہے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۵۲: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُنَحِّيَ مُخَاطَ اُسَامَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ دَعْنِيْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّذِيْ اَفْعَلُ قَالَ يَا عَائِشَةُ اَحِبِّيْهِ فَاِنِّيْ اُحِبُّهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۵۲: ام المومنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہؓ کی ناک پونچھنے کا ارادہ کیا تو میں نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑ دیئے میں ناک صاف کر دیتی ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہؓ اس سے محبت کرو کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۵۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ

۱۷۵۳: حضرت اسامہ بن زیدؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ بیٹھا ہوا تھا کہ علیؓ اور عباسؓ آئے اور مجھ سے کہا کہ اے

بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا اِذْ جَاءَ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ يَسْتَاْذِنَانِ فَقَالَا يَا اُسَامَةُ اسْتَاْذِنْ لَنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ يَسْتَاْذِنَانِ قَالَ اَتَدْرِيْ مَا جَاءَ بِهِمَا قُلْتُ لَا فَقَالَ لٰكِنِّيْ اَدْرِيْ اِئْذَنْ لَهُمَا فَدَخَلَا فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْنَاكَ نَسْاَلُكَ اَيُّ اَهْلِكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ قَالَا مَا جِئْنَاكَ نَسْاَلُكَ عَنْ اَهْلِكَ قَالَ اَحَبُّ اَهْلِيْ اِلَيَّ مَنْ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْهِ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَا ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جَعَلْتَ عَمَّكَ اٰخِرَهُمْ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا قَدْ سَبَقَكَ بِالْهِجْرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ كَانَ شُعْبَةُ يُضَعِّفُ عُمَرَ بْنَ اَبِيْ سَلَمَةَ .

اسامہ نبی اکرمؐ سے ہمارے لیے اجازت مانگو۔ میں نے نبی اکرمؐ سے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ دونوں کیوں آئے ہیں؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا لیکن میں جانتا ہوں؟ انہیں اجازت دے دو وہ اندر آئے اور عرض کیا یا رسول اللہؐ ہم آپؐ سے یہ پوچھنے آئے ہیں کہ آپؐ کے نزدیک آپؐ کے اہل میں سے آپؐ کس سے سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا فاطمہؓ بنت محمدؐ سے۔ عرض کیا: ہم آپکی اولاد کے متعلق نہیں پوچھ رہے بلکہ گھر والوں کے متعلق پوچھ رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ان میں سے میرے نزدیک وہ سب سے زیادہ محبوب ہے جس پر اللہ نے اور میں نے انعام کیا اور وہ اسامہ بن زیدؓ ہے۔ انہوں نے پوچھا: ان کے بعد؟ آپؐ نے فرمایا علی بن ابی طالبؓ۔ حضرت عباسؓ کہنے لگے یا رسول اللہ آپؐ نے اپنے چچا کو آخر میں کر دیا۔ آپؐ نے فرمایا: علیؓ نے آپ (یعنی عباسؓ) سے پہلے ہجرت کی ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ شعبہ نے عمر بن ابی سلمہ کو ضعیف کہا ہے۔

مَنَاقِبُ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ کے مناقب

۱۷۵۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَزْدِيُّ نَا زَائِدَةُ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا ضَحِكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۱۷۵۴: حضرت جریر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ جب سے میں مسلمان ہوا نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے پاس آنے سے کبھی نہیں روکا اور آپؐ جب بھی مجھے دیکھتے مسکراتے ہوئے دیکھتے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۵۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو نَنِيْ زَائِدَةُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۵۵: حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے پاس حاضر ہونے سے کسی وقت نہیں روکا اور آپؐ جب بھی مجھے دیکھتے ہنستے ہوئے دیکھتے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

۱۷۵۶: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ وَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِيْ جَهْضَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ رَاٰى جِبْرَئِيْلَ مَرَّتَيْنِ وَدَعَالَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَرَّتَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ اَبُوْ جَهْضَمٍ لَمْ يُدْرِكِ ابْنَ عَبَّاسٍ وَ اِسْمُهُ مُوْسَى بْنُ سَالِمٍ.

۱۷۵۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَا قَاسِمُ ابْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَعَالِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّؤْتِيَنِيَ اللّٰهُ الْحُكْمَ مَرَّتَيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَطَآءٍ وَ قَدْرَوَاهُ عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۱۷۵۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَمَّنِيْ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے مناقب

۱۷۵۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے دومرتبہ جبرائیل کو دیکھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دومرتبہ ان کے لیے دعا فرمائی۔ یہ حدیث مرسل ہے۔ کیونکہ ابوجہضم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو نہیں پایا۔ ان کا نام موسیٰ بن سالم ہے۔

۱۷۵۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے دومرتبہ اللہ (عزوجل) سے دعا کی کہ مجھے حکمت عطا فرمائے۔ یہ حدیث اس سند سے عطاء کی روایت سے حسن غریب ہے۔ عکرمہ نے بھی اسے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے۔

۱۷۵۸: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے عبد الوہاب ثقفی انہوں نے خالد حذاء انہوں نے عکرمہ سے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سینے سے لگایا اور دعا کی کہ یا اللہ اسے حکمت عطا فرما۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

۱۷۵۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّمَا بِيَدِيْ قِطْعَةُ اِسْتَبْرَقٍ وَلَا اُشِيْرُ بِهَا اِلٰى مَوْضِعٍ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا طَارَتْ بِيْ اِلَيْهِ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اَخَاكَ رَجُلٌ صَالِحٌ اَوْ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے مناقب

۱۷۵۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں ریشمی مخمل کا ایک ٹکڑا ہے۔ میں اس سے جنت کی جس جانب بھی اشارہ کرتا ہوں وہ مجھے اڑا کر وہاں لے جاتا ہے۔ میں نے یہ خواب حضرت حفصہؓ کو سنایا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کردیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بھائی نیک شخص ہے یا فرمایا عبداللہ نیک آدمی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۷۶۰ : حَدَّثَنَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى فِيْ بَيْتِ الزُّبَيْرِ مِصْبَاحًا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ مَا اُرٰى اَسْمَاءَ اِلَّا قَدْ نُفِسَتْ فَلَا تُسَمُّوْهُ حَتّٰى اُسَمِّيَهُ فَسَمَّاهُ عَبْدَاللّٰهِ وَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے مناقب

۱۷۶۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے زبیرؓ کے گھر میں چراغ (کی روشنی) دیکھی تو فرمایا۔ عائشہؓ مجھے یقین ہے کہ اسماء کے ہاں ولادت ہوئی ہے۔ تم لوگ اسکا نام نہ رکھنا میں خود اس کا نام رکھوں گا۔ پھر آپؐ نے اس کا نام عبداللہ رکھا اور کھجور چبا کر اسکے منہ میں دی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

مَنَاقِبُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۷۶۱ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ ابْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْجَعْدِاَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَتْ اُمِّيْ اُمُّ سُلَيْمٍ صَوْتَهُ فَقَالَتْ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُنَيْسٌ قَالَ فَدَعَالِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ دَعَوَاتٍ قَدْ رَاَيْتُ مِنْهُنَّ اثْنَتَيْنِ فِي الدُّنْيَا وَاَنَا اَرْجُو الثَّالِثَةَ فِي الْاٰخِرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَلِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۷۶۲ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ اَنَّهَا قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ خَادِمُكَ اُدْعُ اللّٰهَ لَهُ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا اَعْطَيْتَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۶۳ : حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْ نَصْرٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَنَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اَجْتَنِيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرِ الْجُعْفِيِّ عَنْ اَبِيْ نَصْرٍ وَاَبُوْ نَصْرٍ هُوَ خَيْثَمَةُ بْنُ اَبِيْ خَيْثَمَةَ الْبَصْرِيُّ رَوٰى عَنْ

حضرت انس بن مالکؓ کے مناقب

۱۷۶۱: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ گزرے تو میری والدہ ام سلیم نے آپؐ کی آواز سن کر عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ انیس ہے۔ پھر آپؐ نے میرے لیے تین دعائیں کہیں ان میں سے دو تو میں نے دنیا میں دیکھ لیں اور تیسری (دعا) کی آخرت میں امید رکھتا ہوں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور کئی سندوں سے حضرت انس بن مالکؓ کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

۱۷۶۲: حضرت ام سلیمؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ انس بن مالکؓ آپؐ کا خادم ہے اس کے لیے دعا کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اے اللہ اس کا مال و اولاد زیادہ کر اور جو کچھ اسے عطا فرمایا ہے اس میں برکت پیدا فرما۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۶۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک سبزی (ساگ وغیرہ) توڑتے ہوئے دیکھا تو اسی کے نام پر میری کنیت رکھ دی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جابر جعفی کی روایت سے جانتے ہیں۔ جابر جعفی ابونصر سے روایت کرتے ہیں۔ ابونصر وہ خیثمہ بن ابی خیثمہ بصری ہیں۔ یہ انسؓ سے احادیث روایت

اَنسٍ اَحادِيث.

کرتے ہیں۔

۱۷۶۴ : حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ نَا مَيْمُونٌ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ نَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ قَالَ قَالَ لِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَا ثَابِتُ خُذْعَنِّيْ فَاِنَّكَ لَنْ تَاْخُذَ عَنْ اَحَدٍ اَوْثَقَ مِنِّيْ اِنِّيْ اَخَذْتُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ جِبْرَئِيْلَ وَاَخَذَهُ جِبْرَئِيْلُ عَنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.

۱۷۶۴: حضرت ثابت بنانی کہتے ہیں کہ مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ اے ثابت مجھ سے علم حاصل کرلو کیونکہ تمہیں مجھ سے زیادہ معتبر آدمی نہیں ملے گا۔ اس لیے کہ میں نے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام سے اور جبرائیل نے اللہ تعالیٰ سے لیا (سیکھا) ہے۔

۱۷۶۵ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَعْقُوْبَ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ وَاَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جِبْرَئِيْلَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ.

۱۷۶۵: ہم سے روایت کی ابوکریب نے انہوں نے زید بن حباب انہوں نے میمون ابوعبداللہ انہوں نے ثابت انہوں نے انس بن مالکؓ سے ابراہیم بن یعقوب کی حدیث کی مانند حدیث نقل کی لیکن اس میں یہ مذکور نہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ علوم جبرائیلؑ سے حاصل کئے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف زید بن حباب کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۷۶۶ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ مَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ رُبَّمَا لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَاذَاالْاُذُنَيْنِ قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ يَعْنِيْ يُمَازِحُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۶۶: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ اکثر مجھے اے دو کان والے کہا کرتے تھے۔ابواسامہؓ کہتے ہیں کہ یہ فرمانا آپؐ کا مذاق کے طور پر تھا۔یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۷۶۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ اَبِيْ خَلْدَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي الْعَالِيَةِ سَمِعَ اَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَدَمَهُ عَشْرَسِنِيْنَ وَدَعَالَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ بُسْتَانٌ يَحْمِلُ فِي السَّنَةِ الْفَاكِهَةَ مَرَّتَيْنِ وَكَانَ فِيْهَا رَيْحَانٌ يَجِدُ مِنْهُ رِيْحَ الْمِسْكِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ خَلْدَةَ اسْمُهُ خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَقَدْاَدْرَكَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَرَوٰى عَنْهُ.

۱۷۶۷: حضرت ابوخلدہ کہتے ہیں کہ میں نے ابو عالیہ سے پوچھا کہ کیا انسؓ نے نبی اکرم ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ فرمایا کہ انسؓ نے نبی اکرم ﷺ کی دس سال خدمت کی ہے اور آپؐ نے حضرت انسؓ کے لیے دعا بھی فرمائی ۔ ان کا (حضرت انسؓ) ایک باغ تھا جو سال میں دو مرتبہ پھل دیا کرتا تھا اور اس میں ایک درخت تھا جس سے مشک کی خوشبو آتی تھی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ابوخلدہ کا نام خالد بن دینار ہے یہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔انہوں نے انس بن مالکؓ کو پایا ہے اور ان سے روایت کی ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوہریرہؓ کے مناقب

۱۷۶۸ : حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا

۱۷۶۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا

عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْمَعُ مِنْکَ اَشْیَاءَ فَلاَ اَحْفَظُهَا قَالَ اُبْسُطْ رِدَائَکَ فَبَسَطْتُ فَحَدَّثَ حَدِیْثًا کَثِیْرًا فَمَا نَسِیْتُ شَیْئًا حَدَّثَنِیْ بِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِوَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپؐ سے بہت سی احادیث سنتا ہوں لیکن یاد نہیں کرسکتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی چادر پھیلاؤ۔ میں نے چادر پھیلائی اور پھر آپؐ نے بہت سی احادیث بیان فرمائیں ان میں سے میں کچھ نہیں بھولا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے۔

۱۷۶۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِیِّ الْمُقَدَّمِیُّ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاکٍ عَنْ اَبِی الرَّبِیْعِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ ﷺ فَبَسَطْتُ ثَوْبِیْ عِنْدَهٗ ثُمَّ اَخَذَهٗ فَجَمَعَهٗ عَلٰی قَلْبِیْ قَالَ فَمَا نَسِیْتُ بَعْدَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۷۶۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر چادر بچھادی۔ پھر آپؐ نے اسے اکٹھا کر کے میرے دل پر رکھ دیا۔ اور اس کے بعد میں کچھ نہیں بھولا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۷۷۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا هُشَیْمٌ نَا یَعْلَی بْنُ عَطَاءٍ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ لِاَبِیْ هُرَیْرَةَ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ اَنْتَ کُنْتَ اَلْزَمَنَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَحْفَظَنَا لِحَدِیْثِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

۱۷۷۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہؓ سے فرمایا کہ آپؐ ہم سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر رہتے تھے۔ اور ہم سب سے زیادہ ان کی حدیثوں کو یاد رکھنے والے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۷۷۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدِ الْحَرَّانِیُّ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ مَالِکِ بْنِ اَبِیْ عَامِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ فَقَالَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَرَاَیْتَ هٰذَا الْیَمَانِیَّ یَعْنِیْ اَبَا هُرَیْرَةَ اَهُوَ اَعْلَمُ بِحَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْکُمْ نَسْمَعُ مِنْهُ مَالاَ نَسْمَعُ مِنْکُمْ اَوْ یَقُوْلُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَالَمْ یَقُلْ قَالَ اَمَّا اَنْ یَّکُوْنَ سَمِعَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَالَمْ نَسْمَعْ عَنْهُ وَذٰلِکَ اَنَّهٗ کَانَ مِسْکِیْنًا لاَ شَیْءَ لَهٗ ضَیْفًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ یَدُهٗ مَعَ یَدِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَکُنَّا نَحْنُ اَهْلَ بُیُوْتَاتٍ وَغِنًی وَکُنَّا نَاْتِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ طَرَفَیِ النَّهَارِ لاَ اَشُکُّ اِلاَّ اَنَّهٗ سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَالَمْ نَسْمَعْ وَلاَ تَجِدُ اَحَدًا فِیْهِ خَیْرًا یَقُوْلُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

۱۷۷۱: مالک بن عامر کہتے ہیں کہ ایک شخص طلحہ بن عبیداللہ کے پاس آیا اور عرض کیا: اے ابومحمد: آپ نے اس یمنی (ابوہریرہؓ) کو دیکھا ہے کیا وہ تم سے زیادہ احادیث جانتا ہے؟ کیونکہ ہم اس سے وہ احادیث سنتے ہیں جو تم لوگوں سے نہیں سنتے یا پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کرتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ صحیح ہے کہ اس نے ہم سے زیادہ احادیث سنی ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ مسکین تھا اسکے پاس کوئی چیز نہیں تھی۔ آپ کا مہمان رہتا تھا اور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ہی کھاتا پیتا تھا جبکہ ہم لوگ گھر بار والے اور مالدار لوگ تھے۔ ہم صبح و شام آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ لہٰذا اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے نبی اکرم ﷺ سے وہ احادیث سنی ہیں جو ہم نے نہیں سنیں اور تم کسی نیک شخص کو کبھی نبی اکرم ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کرتے ہوئے نہیں دیکھوگے۔ یہ حدیث

مَالَمْ يَقُلْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ وَقَدْ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ.

حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف محمد بن اسحٰق کی روایت سے جانتے ہیں۔ یونس بن بکیر وغیرہ یہ حدیث محمد بن اسحٰق سے نقل کرتے ہیں۔

۱۷۷۲: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اٰدَمَ اِبْنَةِ اَزْهَرِ السَّمَّانِ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا اَبُوْ خَلْدَةَ نَا اَبُو الْعَالِيَةِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ ﷺ مِمَّنْ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ دَوْسٍ قَالَ مَاكُنْتُ اَرٰى اَنَّ فِيْ دَوْسٍ اَحَدًا فِيْهِ خَيْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ خَلْدَةَ اِسْمُهُ خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ وَاَبُو الْعَالِيَةِ اِسْمُهُ رُفَيْعٌ.

۱۷۷۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کس قبیلے سے تعلق رکھتے ہو؟ میں نے عرض کیا قبیلہ دوس سے۔ آپؐ نے فرمایا: میرا خیال تھا کہ اس قبیلہ سے کوئی شخص ایسا نہیں ہوگا جس میں خیر ہو۔ یہ حدیث غریب صحیح ہے۔ ابوخلدہ کا نام خالد بن دینار ہے اور ابو عالیہ کا نام رفیع ہے۔

۱۷۷۳: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ نَا الْمُهَاجِرُ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الرِّيَاحِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ بِتَمَرَاتٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ فَضَمَّهُنَّ ثُمَّ دَعَالِيْ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ فَقَالَ لِيْ خُذْهُنَّ فَاجْعَلْهُنَّ فِيْ مِزْوَدِكَ هٰذَا اَوْفِيْ هٰذَا الْمِزْوَدِ كُلَّمَا اَرَدْتَّ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا فَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْهِ فَخُذْهُ وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا فَقَدْ حَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا مِنْ وَسْقٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُنَّا نَاْكُلُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ وَكَانَ لَا يُفَارِقُ حَقْوِيْ حَتّٰى كَانَ يَوْمُ قَتْلِ عُثْمَانَ فَاِنَّهُ انْقَطَعَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۱۷۷۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس کھجوریں لایا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: ان میں برکت کی دعا کیجئے۔ آپؐ نے انہیں جمع کر کے میرے لئے دعا کی اور فرمایا: لو پکڑو اور اسے اپنے توشہ دان میں رکھ دو۔ جب تم لینا چاہو تو ہاتھ ڈال کر نکال لینا اور اسے جھاڑنا نہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس میں سے کتنے ہی ٹوکرے اللہ کی راہ میں خرچ کیے پھر خود بھی اس سے ہم کھاتے تھے۔ اور لوگوں کو بھی کھلاتے تھے اور وہ تھیلی کبھی میری کمر سے جدا نہیں ہوتی تھی۔ لیکن جس روز حضرت عثمانؓ کو قتل کیا گیا اس روز وہ گرگئی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے ابوہریرہؓ سے اس سند کے علاوہ بھی منقول ہے۔

۱۷۷۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُرَابِطِيُّ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ رَافِعٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ لِمَ كُنِّيْتَ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ اَمَا تَفْرَقُ مِنِّيْ قُلْتُ بَلٰى وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَهَابُكَ قَالَ كُنْتُ اَرْعٰى غَنَمَ اَهْلِيْ وَكَانَتْ لِيْ هُرَيْرَةٌ صَغِيْرَةٌ فَكُنْتُ اَضَعُهَا بِاللَّيْلِ فِيْ شَجَرَةٍ فَاِذَا كَانَ النَّهَارُ ذَهَبْتُ بِهَا مَعِيْ فَلَعِبْتُ بِهَا فَكَنَّوْنِيْ اَبَا هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۷۴: حضرت عبداللہ بن رافعؓ کہتے ہیں کہ میں نے ابوہریرہؓ سے پوچھا کہ آپ کی کنیت ابوہریرہ کیوں رکھی گئی؟ فرمایا: کیا تم مجھ سے ڈرتے ہو؟ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا۔ میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا اور میری ایک چھوٹی سی بلی تھی۔ رات کو میں اسے ایک درخت پر بٹھا دیتا اور دن میں اسے ساتھ لے جاتا اور اس سے کھیلتا رہتا۔ اسی طرح لوگ مجھے ابوہریرہؓ کہنے لگے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۷۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَخِيْهِ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَيْسَ اَحَدٌ اَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّيْ اِلَّا عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَاِنَّهٗ كَانَ يَكْتُبُ وَ كُنْتُ لَا اَكْتُبُ.

۱۷۷۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ کے علاوہ مجھ سے زیادہ احادیث کسی کو یاد نہیں وہ بھی اس لیے کہ وہ لکھتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔

مَنَاقِبُ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت معاویہ بن ابی سفیانؓ کے مناقب

۱۷۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا اَبُوْ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عُمَيْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهٗ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَّهْدِيًا وَاهْدِبِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۷۶: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا کی کہ یا اللہ اسے ہدایت والا اور ہدایت یافتہ بنا اور اسکے ذریعے لوگوں کو ہدایت دے۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۷۷۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ النُّفَيْلِيُّ نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جَلِيْسٍ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ قَالَ لَمَّا عَزَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُمَيْرَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ حِمْصَ وَلّٰى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ النَّاسُ عَزَلَ عُمَيْرًا وَوَلّٰى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ عُمَيْرٌ لَا تَذْكُرُوْا مُعَاوِيَةَ اِلَّا بِخَيْرٍ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اهْدِبِهٖ.

۱۷۷۷: حضرت ابوادریس خولانی کہتے ہیں کہ جب عمر بن خطابؓ نے عمیر بن سعد کو حمص کی حکمرانی سے معزول کر کے معاویہؓ کو وہاں کا حاکم مقرر کیا تو لوگ کہنے لگے کہ عمیر کو معزول کر کے معاویہ کو مقرر کر دیا۔ عمیر کہنے لگے معاویہ کے متعلق اچھی بات ہی سوچو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان کے متعلق یہ دعا کرتے ہوئے سنا ہے کہ اے اللہ ان کے ذریعے لوگوں کو ہدایت دے۔

مَنَاقِبُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عمرو بن عاصؓ کے مناقب

۱۷۷۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْلَمَ النَّاسُ وَاٰمَنَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ مِشْرَحٍ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ.

۱۷۷۸: حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ اسلام لائے اور عمرو بن عاص مؤمن ہوا۔ (یعنی انہیں ایمان قلبی عطا کیا گیا)۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابن لہیعہ کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ مشرح سے روایت کرتے ہیں اور اسکی سند قوی نہیں۔

۱۷۷۹: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ الْجُمَحِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِيْ

۱۷۷۹: حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عمرو بن عاص (رضی اللہ عنہ) قریش کے نیک لوگوں میں سے ہیں۔ اس حدیث کو ہم صرف نافع بن عمرو الجمحی کی روایت سے

قُرَيْشٍ هٰذَا حَدِيْثٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ الْجُمَحِيِّ وَنَافِعٌ ثِقَةٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ لَمْ يُدْرِكْ طَلْحَةَ.

جانتے ہیں۔ نافع ثقہ ہیں لیکن اسکی سند متصل نہیں کیونکہ ابن ابی ملیکہ نے طلحہ کو نہیں پایا۔

مَنَاقِبُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت خالد بن ولیدؓ کے مناقب

۱۷۸۰ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَزَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلاً فَجَعَلَ النَّاسُ يَمُرُّوْنَ فَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا يَااَبَا هُرَيْرَةَ فَاَقُوْلُ فُلاَنٌ فَيَقُوْلُ نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا وَيَقُوْلُ مَنْ هٰذَا فَاَقُوْلُ فُلاَنٌ فَيَقُوْلُ بِئْسَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا حَتّٰى مَرَّ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قُلْتُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ سَيْفٌ مِنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلاَ نَعْرِفُ لِزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ سِمَاعًا مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَهُوَ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

۱۷۸۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک سفر کے دوران نبی اکرم ﷺ کے ساتھ کسی جگہ ٹھہرے۔ تو لوگ ہمارے سامنے سے گزرنے لگے۔ آپؐ مجھ سے پوچھتے کہ یہ کون ہے؟ میں بتاتا تو کسی کے متعلق فرماتے کہ یہ کتنا اچھا بندہ ہے اور کسی کے بارے میں فرماتے کہ یہ کتنا برا بندہ ہے یہاں تک کہ خالد بن ولیدؓ گزرے تو آپؐ نے پوچھا یہ کون ہے؟ میں نے بتایا: خالد بن ولیدؓ۔ آپؐ نے فرمایا: خالد بن ولیدؓ کتنا اچھا آدمی ہے یہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ زید بن اسلم نے ابو ہریرہؓ سے احادیث سنی ہیں یا نہیں۔ میرے نزدیک یہ حدیث مرسل ہے اور اس باب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن معاذؓ کے مناقب

۱۷۸۱ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ اُهْدِيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبُ حَرِيْرٍ فَجَعَلُوْا يَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۸۱: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک مرتبہ ریشمی کپڑا بھیجا گیا۔ لوگ اسکی نرمی پر تعجب کرنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگ اس پر تعجب میں پڑ گئے ہو۔ جنت میں سعد بن معاذؓ کے رومال بھی اس (ریشمی کپڑے) سے اچھے ہیں۔ اس باب میں حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۸۲ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ اِهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ

۱۷۸۲: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ جب سعد بن معاذؓ کا جنازہ ہمارے سامنے رکھا گیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ انکی وفات پر رحمٰن کا عرش بھی ہل گیا۔ اس باب میں اسیر بن حضیر، ابوسعید اور رمیثہ سے بھی روایت ہے۔

وَرُمَيْثَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۷۸۳ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا حُمِلَتْ جَنَازَةُ سَعْدِ ابْنِ مُعَاذٍ قَالَ الْمُنَافِقُوْنَ مَااَخَفَّ جَنَازَتَهُ وَذٰلِكَ لِحُكْمِهٖ فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَحْمِلُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۷۸۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب سعد بن معاذؓ کا جنازہ اٹھایا گیا تو منافقین کہنے لگے کہ اس کا جنازہ کتنا ہلکا ہے کیونکہ اس نے بنوقریظہ کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ خبر جب نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: فرشتے اسے اٹھائے ہوئے تھے۔

یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

مَنَاقِبُ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت قیس بن سعد بن عبادہؓ کے مناقب

۱۷۸۴ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الْاَمِيْرِ قَالَ الْاَنْصَارِيُّ يَعْنِيْ مِمَّايَلِيْ مِنْ اُمُوْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْاَنْصَارِيِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا الْاَنْصَارِيُّ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ قَوْلَ الْاَنْصَارِيِّ.

۱۷۸۴: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کا مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک امیر کے کوتوال کا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت کاموں کو بجالاتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف انصاری کی روایت سے جانتے ہیں۔ محمد بن یحییٰ بھی انصاری سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں لیکن اس میں انصاری کا قول مذکور نہیں ہے۔

مَنَاقِبُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهِ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہؓ کے مناقب

۱۷۸۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ نِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ وَلَا بِرْذَوْنٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۸۵: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو نہ خچر پر سوار تھے اور نہ کسی ترکی گھوڑے پر بلکہ پیدل ہی تشریف لائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۸۶ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَنَا بِشْرُبْنُ السَّرِيِّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اسْتَغْفَرَلِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَعِيْرِ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ مَرَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى لَيْلَةَ الْبَعِيْرِ مَارُوِيَ مِنْ

۱۷۸۶: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اونٹ کی رات میرے لیے پچیس مرتبہ مغفرت کی دعا فرمائی۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اور اونٹ کی رات سے مراد وہ رات ہے جس کے بارے میں کئی سندوں سے منقول ہے کہ جابرؓ نے فرمایا کہ میں نبی اکرم ﷺ کیساتھ ایک سفر میں تھا اور

غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَبَاعَ بَعِيْرَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاشْتَرَطَ ظَهْرَهُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ يَقُوْلُ جَابِرٌ لَيْلَةَ بِعْتُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَعِيْرَ اسْتَغْفَرَ لِيْ خَمْسًا وَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً كَانَ جَابِرٌ قَدْ قُتِلَ اَبُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ يَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ بَنَاتٍ فَكَانَ جَابِرٌ يَعُوْلُهُنَّ وَيُنْفِقُ عَلَيْهِنَّ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبَرُّ جَابِرًا وَيَرْحَمُهُ بِسَبَبِ ذٰلِكَ هٰكَذَا رُوِيَ فِيْ حَدِيْثٍ عَنْ جَابِرٍ نَحْوُ هٰذَا .

اپنا اونٹ آپ کو اس شرط پر فروخت کر دیا کہ مدینہ منورہ تک اس پر سواری کروں گا۔ جابرؓ ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے۔ کہ اس رات آپؐ نے میرے لئے پچیس مرتبہ مغفرت کی دعا فرمائی حضرت جابرؓ کے والد عبداللہ بن عمرو بن حرام جنگ احد میں شہید ہو گئے تھے۔ اور کئی بیٹیاں چھوڑ گئے تھے۔ حضرت جابرؓ انکی پرورش کرتے اور انہیں خرچ دیا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتے اور ان پر رحم فرماتے تھے۔ حضرت جابرؓ سے ایک روایت میں اسی طرح منقول ہے۔

مَنَاقِبُ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت مصعب بن عمیرؓ کے مناقب

۱۷۸۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَقَعَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَّاتَ لَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْئًا وَ مِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهٗ ثَمَرَتُهٗ فَهُوَ يَهْدِبُهَا وَاَنَّ مُصْعَبَ بْنَ عُمَيْرٍ مَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ اِلَّا ثَوْبًا كَانُوْا اِذَا غَطَّوْا بِهٖ رَاْسَهٗ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّوْا بِهٖ رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوْا رَاْسَهٗ وَاجْعَلُوْا عَلٰى رِجْلَيْهِ الْاِذْخِرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ نَحْوَهٗ.

۱۷۸۷: حضرت خبابؓ سے روایت ہے کہ ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اللہ کی رضا کے لیے ہجرت کی لہٰذا ہمارا اجر اللہ ہی پر ہے۔ ہم میں سے کئی اس حالت میں فوت ہو گئے کہ دنیاوی اجر میں سے کچھ بھی نہ حاصل کر سکے اور ایسے بھی ہیں جنکی امیدیں بارآور ثابت ہوئیں اور وہ اس کا پھل کھا رہے ہیں۔ مصعب بن عمیرؓ اس حال میں فوت ہوئے کہ ایک کپڑے کے علاوہ کچھ بھی نہیں چھوڑا وہ (کپڑا) بھی ایسا کہ اگر اس کپڑے سے ان کا سر ڈھانپتے تو پاؤں اور اگر پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ پس نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ان کا سر ڈھانپ دو اور ان کے پاؤں پر اذخر (گھاس) ڈال دو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم سے یہ حدیث ہناد نے ابن ادریس کے حوالے سے نقل کی ہے۔ وہ ابو وائل سے اور وہ خباب بن ارت سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

مَنَاقِبُ الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت براء بن مالکؓ کے مناقب

۱۷۸۸ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا سَيَّارٌ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا ثَابِتٌ وَعَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمْ مِنْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهٗ لَوْ اَقْسَمَ

۱۷۸۸: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بہت سے غبار آلود بالوں، پریشان اور پرانے کپڑوں والے ایسے ہیں جنکی طرف کوئی التفات (توجہ) بھی نہیں کرتا لیکن اگر وہ کسی چیز پر اللہ کی قسم کھا بیٹھیں تو

عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

اللہ انکی قسم سچی کر دے انہی میں سے حضرت براء بن مالکؓ بھی ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

مَنَاقِبُ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری کے مناقب

۱۷۸۹: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ نَا اَبُوْ يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَا اَبَا مُوْسَى لَقَدْ اُعْطِيْتَ مِزْمَارًا مِنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ بُرَيْدَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ.

۱۷۸۹: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوموسیٰ تمہیں اللہ تعالیٰ نے آل داؤد علیہ السلام کی سریلی آوازوں میں سے آواز عطا کی ہے۔ یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت بریدہ ابوہریرہ اور انس (رضی اللہ عنہم) سے بھی احادیث منقول ہیں۔

مَنَاقِبُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سہل بن سعدؓ کے مناقب

۱۷۹۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ نَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ يَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَ نَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ فَيَمُرُّ بِنَا فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَ الْمُهَاجِرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اَبُوْ حَازِمٍ اسْمُهٗ سَلَمَةُ بْنُ دِيْنَارٍ الْاَعْرَجُ الزَّاهِدُ.

۱۷۹۰: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ خندق کھدوا رہے تھے تو ہم بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔ ہم مٹی نکال رہے تھے۔ جب آپ ﷺ ہمارے پاس سے گزرتے تو دعا فرماتے کہ یا اللہ آخرت کی زندگی کے علاوہ کوئی زندگی نہیں لہٰذا انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرمادے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ ابوحازم کا نام سلم بن دینار اعرج زاہد ہے۔

۱۷۹۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاَكْرِمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَنَسٍ.

۱۷۹۱: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے محمد بن جعفر، انہوں نے شعبہ، انہوں نے قتادہ، انہوں نے انس بن مالکؓ سے کہ رسول اللہؐ فرماتے تھے اے اللہ آخرت کی زندگی کے علاوہ کوئی زندگی نہیں لہٰذا انصار ومہاجرین کی تکریم کر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے انسؓ سے منقول ہے۔

خلاصۃ الابواب: حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب حضور ﷺ کے چچا ہیں واقعہ فیل سے ایک سال قبل پیدا ہوئے تھے ان کی والدہ پہلی عرب خاتون ہیں جس نے کعبہ اقدس پر مریر ودیباج اور قسم قسم کے قیمتی کپڑوں کا غلاف چڑھایا تھا بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت عباسؓ بچپن میں کہیں گم ہو گئے تھے اور جب تلاش وبسیار کے بعد ہاتھ نہیں لگے تو ان کی والدہ نے منت مانی کہ اگر میرا بیٹا مل گیا تو میں بیت الحرام پر غلاف چڑھاؤں گی چنانچہ حضرت عباسؓ کا سراغ مل گیا اور وہ گھر آ گئے تو ان کی والدہ نے بڑے اہتمام کے ساتھ منت پوری کی۔ حضرت عباسؓ نے اسلام تو بہت پہلے قبول کر لیا تھا لیکن کسی مصلحت کی وجہ سے اپنے اسلام کا اظہار نہیں کرتے تھے چنانچہ جنگ بدر میں بڑی کراہت کے ساتھ اور مجبوری کے تحت مشرکین مکہ کے ساتھ شریک تھے بعد میں مکہ

سے با قاعدہ ہجرت کر کے مدینہ آ گئے حضور ﷺ کا غیر معمولی ادب واحترام کرتے تھے۔ منقول ہے کہ ایک دن کسی نے ان سے سوال کیا کہ آپ بڑے ہیں یا آنحضرت ﷺ تو انہوں نے جواب دیا کہ بڑے تو آنحضرت ﷺ ہی ہیں ہاں عمر میری زیادہ ہے۔ حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد کے لئے عزت وشوکت اور مغفرت کی دعا کی تھی چنانچہ دعاء قبول ہوئی کہ وہ زمانہ آیا جب کئی صدیوں تک خلافت وحکمرانی کا اعزاز عباسیوں میں رہا یہ بھی ارشاد فرمایا کہ کسی آدمی کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوسکتا جب تک وہ حضرت عباسؓ کو اللہ اور رسول ﷺ کے لئے محبوب نہ رکھے یہ بھی فرمایا کہ اے لوگو جس نے میرے چچا کو تکلیف پہنچائی گویا اس نے مجھے تکلیف پہنچائی کیونکہ چچا باپ کی طرح ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت جعفرؓ چونکہ بہت زیادہ مساکین نواز تھے اور ان کے ساتھ بہت زیادہ اٹھنا بیٹھنا رکھتے تھے اس مناسبت سے آنحضرت ﷺ نے ان کی کنیت ابوالمساکین رکھ دی تھی ان کی بہت بڑی فضیلت بیان کی اور حضرت جعفرؓ سے فرمایا کہ تم صورت اور سیرت دونوں میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔ جناب جعفر طیارؓ جنگ موتہ میں اسلامی لشکر کے کماندار تھے جھنڈا ان کے ہاتھ میں تھا اس جنگ میں انہوں نے جام شہادت نوش کیا تھا حضور ﷺ نے فرمایا وہ اپنے پروں کے ذریعہ فرشتوں کے ساتھ جنت میں اُڑتے پھر رہے ہیں۔

حضرات حسنینؓ کے فضائل اور مناقب بہت زیادہ ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ حسنؓ اور حسینؓ دونوں بہشت کے جوانوں کے سردار ہیں۔ اس کا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ حسنؓ اور حسینؓ تمام اہل جنت کے سردار ہیں کیونکہ تمام اہل جنت جوان ہونگے لیکن انبیاء اور خلفاء راشدینؓ مستثنیٰ ہیں یعنی ان سے یہ دونوں افضل نہیں ہوں گے نیز حضور ﷺ کے تمام اہلِ بیت بہت فضیلت والے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبلؓ زید بن ثابتؓ حضرت عمار بن یاسرؓ حضرت ابوذر غفاریؓ اور حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے فضائل اور مناقب حدیث اور سیرت کی کتب میں بغور پڑھنے کے لائق ہیں۔

مناقب عبداللہ بن مسعودؓ: اُمّ عَبد کے بیٹے سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہیں ان کی والدہ کی کنیت ام عبد تھی۔ دَل کے معنی سیرت، حالت، ہیئت کے بھی آتے ہیں اور بعض حضرات نے اس کے معنی خوش کلامی، خوش گوئی کے بھی کئے ہیں لیکن یہاں حدیث میں اس لفظ سے سکینت (یعنی متانت وسنجیدگی وقار اور خوبصورتی کے معنی مراد ہیں ''سمت'' کے معنی ہیں راستہ، میانہ روی، ھَـدْیُ کے معنی ''طریقہ'' سیرت، اہل خیر کی ہیئت وحالت کے ہیں حاصل یہ کہ یہ تینوں لفظ یعنی دَل، سَمْتْ، ھْدٰی معنی مفہوم میں قریب قریب ہیں اور عام طور پر یہ تینوں ایک دوسرے کے ساتھ ہی استعمال ہوتے ہیں۔ بہر حال حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو حضور ﷺ کے ساتھ بہت زیادہ محبت اور تعلق تھا صاحب الطہور والسواک مشہور تھے کئی خدمات نبوی ﷺ ان کے سپرد تھیں نبی کریم ﷺ نے ان کو جنت کی بشارت بھی دی تھی قرآن مجید کے بہت بڑے عالم تھے۔ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ کو صاحب سترِ رسول ﷺ کہا جاتا ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ نے ان پر وہ مختلف راز اور بھید منکشف فرما رکھے تھے جن کا عام انکشاف دینی وملی مصالح کے تحت مناسب نہیں تھا۔ حضرت زید بن حارثہؓ اور اسامہ بن زیدؓ کی فضیلت احادیث باب سے واضح ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت اسامہؓ کی تنخواہ اپنے بیٹے ابن عمرؓ سے زیادہ مقرر کی ابن عمرؓ کے شکوہ کرنے پر جواب میں فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کو یہ دونوں (زیدؓ اور اسامہؓ) بہت محبوب تھے حضرت عائشہؓ کی حدیث اس پر روشنی ڈال رہی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی بہت بڑی فضیلت ہے کہ ان کے متعلق حضرت جبرئیلؑ نے فرمایا کہ اگر ابن عباسؓ ہمیں سلام کرتے تو میں ان کے سلام کا جواب دیتا اور حضور ﷺ نے ان کے حق میں علم وحکمت کی دعاء فرمائی اس دعاء کی برکت سے اللہ

تعالیٰ نے بہت علم عطاء فرمایا اور عزت سے سرفراز کیا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے متعلق ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ ابن عمرؓ نیک آدمی ہے۔ عبداللہ بن الزبیرؓ بہت کمالات والے تھے ان کی ۳۳ روایتیں احادیث کی کتابوں میں ملتی ہیں انہوں نے حضرت ام المؤمنین سیّدہ عائشہؓ جیسی خالہ کی آغوش تربیت میں پرورش پائی تھی۔ حضرت انس بن مالکؓ تو حضور ﷺ کے خاص خادم تھے آپ ﷺ سے بہت کچھ حاصل کیا تھا۔ حضور ﷺ نے ان کے حق میں بہت دعاء کی تھی اللہ تعالیٰ نے شرف قبولیت نصیب کیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ کے کثیر مناقب ہیں سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ احادیث بہت کثرت کے ساتھ حضور ﷺ سے سنی اور پھر لوگوں تک پہنچایا۔ حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں نبی کریم ﷺ نے ہدایت کی دعاء فرمائی نبی پاک ﷺ کی دعا قبول ہوئی انہوں نے اسلام اور مسلمانوں کی بہت زیادہ خدمت کی بہت بڑے عالم، مدبر، منتظم تھے۔ حضرت امیر معاویہؓ کے اسلام قبول کرنے سے پہلے غزوہ بدر اور احد وغیرہ بڑے بڑے معرکے ہوئے مگر ان میں سے کسی میں مشرکین کے ساتھ معاویہؓ کی شرکت کا پتہ نہیں چلتا۔ ان کے مشرف با اسلام ہونے کی خوشی میں آنحضرت ﷺ نے انہیں مبارک باد دی قبول اسلام کے بعد حضرت معاویہؓ حنین اور طائف کے غزوات میں شریک ہوئے حنین کی جنگ کے مالِ غنیمت میں آنحضرت ﷺ نے ان کو سو (۱۰۰) اونٹ اور ۴۰ اوقیہ سونا یا چاندی مرحمت فرمائی اور ان کو کتابت وحی کا جلیل القدر منصب ملا۔ حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں دمشق کا عامل بنایا اور ان کی بہت قدر فرماتے۔ حضرت عثمانؓ نے شام کا والی بنا دیا اس ولایت کے زمانہ میں انہوں نے رومیوں کے مقابلہ میں بڑی زبردست فتوحات حاصل کیں۔ ان کے بہت زیادہ کارناموں سے ایک کارنامہ بحری بیڑا ہے جو انہوں نے بحر روم میں اُتارا جو ۵۰۰ جہازوں پر مشتمل تھا۔ تفصیل کے لئے سیر الصحابہؓ جلد ششم دیکھئے۔

۵۹۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ مَنْ رَأَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَحِبَهٗ

۵۹۶: باب صحابہ کرامؓ کی فضیلت کے بارے میں

۱۷۹۲: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَبِیْبِ بْنِ عَرَبِیِّ الْبَصْرِیُّ نَا مُوْسَی ابْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ کَثِیْرِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَاٰنِیْ اَوْرَاٰی مَنْ رَاٰنِیْ قَالَ طَلْحَةُ فَقَدْ رَاَیْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَالَ مُوْسٰی وَقَدْ رَاَیْتُ طَلْحَةَ قَالَ یَحْیٰی وَقَالَ لِیْ مُوْسٰی وَقَدْ رَاَیْتَنِیْ وَنَحْنُ نَرْجُوا اللّٰهَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ مُوْسَی بْنِ اِبْرَاهِیْمَ الْاَنْصَارِیِّ وَرَوٰی عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْحَدِیْثِ عَنْ مُوْسٰی هٰذَا الْحَدِیْثَ.

۱۷۹۲: حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایسے مسلمان کو دوزخ کی آگ نہیں چھو سکے گی جس نے مجھے دیکھا ہو یا اسے دیکھا ہو جس نے مجھے دیکھا ہو۔ طلحہ نے کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ کو دیکھا ہے اور موسیٰ نے کہا کہ میں نے طلحہ کو دیکھا ہے۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ موسیٰ نے مجھ سے کہا کہ تم نے مجھے دیکھا ہے اور ہم سب نجات کی امید رکھتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف موسیٰ بن ابراہیم کی روایت سے جانتے ہیں۔ علی بن مدینی اور کئی حضرات یہ حدیث موسیٰ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۷۹۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عُبَیْدَةَ هُوَ السَّلْمَانِیُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

۱۷۹۳: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بہترین لوگ میرے زمانے کے لوگ

مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِىْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَاتِىْ قَوْمٌ بَعْدَذٰلِكَ تَسْبِقُ اَيْمَانُهُمْ شَهَادَاتِهِمْ اَوْشَهَادَاتُهُمْ اَيْمَانَهُمْ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَبُرَيْدَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

(صحابہ کرامؓ) ہیں ۔ان کے بعد ان کے بعد والے (یعنی تابعین) اوران کے بعدان کے بعدوالے (یعنی تبع تابعین) پھران کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جوقسموں سے پہلے گواہی دیں گے اورگواہی دینے سے پہلے قسمیں کھائیں گے ۔اس باب میں حضرت عمرؓ،عمران بن حصینؓ اور بریدہؓ سے بھی روایت ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۹۷: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ فَضْلِ مَنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

۵۹۷: باب بیعت رضوان والوں کی فضیلت کے بارے میں

۱۷۹۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۷۹۴: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جن لوگوں نے درخت کے نیچے بیعت (رضوان) کی ان میں سے کوئی دوزخ میں نہیں جائے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۹۸: بَابُ فِىْ مَنْ يَسُبُّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۹۸: باب اس کے بارے میں جوصحابہ کرام کو برا بھلا کہے

۱۷۹۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ ذَكْوَانَ اَبَا صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِىْ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْاَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا اَدْرَكَ مُدَّاَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ نَصِيْفَهٗ يَعْنِىْ نِصْفَ مُدِّهٖ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهٗ.

۱۷۹۵: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے صحابہؓ کو برا نہ کہو۔اس لیے کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کردے تو ان کے (یعنی صحابہ کرامؓ کے) ایک مُد بلکہ آدھے مُد کے برابر بھی نہیں ہوگا۔یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ''نصیفہ'' سے نصف مد مراد ہے۔حسن بن علی بھی ابومعاویہ سے وہ اعمش سے وہ ابو صالح سے وہ ابوسعیدؓ سے اوروہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۷۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا عُبَيْدَةُ بْنُ اَبِىْ رَائِطَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِىْ

۱۷۹۶: حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد میرے صحابہؓ کے بارے میں اللہ سے ڈرنا اورانہیں ہدف ملامت نہ بنانا اس لیے کہ جس نے ان سے محبت کی اس نے میری محبت کی وجہ سے ان سے

اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهُمْ وَ مَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذَا هُمْ فَقَدْاٰذَانِیْ وَمَنْ اٰذَانِیْ فَقَدْ اٰذَی اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَی اللّٰهَ یُوْشِکُ اَنْ یَّاْخُذَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

محبت کی اور جس نے ان سے بغض کیا اس نے مجھ سے بغض کیا اور جس نے انہیں ایذا (تکلیف) پہنچائی گویا کہ اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے اذیت دی گویا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی اور جس نے اللہ کو اذیت دی اللہ تعالیٰ عنقریب اسے (اپنے عذاب میں) گرفتار کر دیں گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۷۹۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ عَنْ خِدَاشٍ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مَنْ بَایَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

۱۷۹۷: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے درخت کے نیچے بیعت کی (یعنی بیعت رضوان) وہ سب جنت میں داخل ہوں گے سوائے سرخ اونٹ والے کے[1]۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۷۹۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ عَبْدًالِحَاطِبِ جَاءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَشْکُوْحَاطِبًا فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَیَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ فَقَالَ کَذَبْتَ لَا یَدْخُلُهَا فَاِنَّهٗ شَهِدَبَدْرًاوَ الْحُدَیْبِیَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۷۹۸: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حاطب کا ایک غلام انکی شکایت لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: حاطب دوزخ میں جائے گا۔ فرمایا: نہیں تم جھوٹ بولتے ہو۔ لیے کہ وہ غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ میں موجود تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۹۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ نَاجِیَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ اَبِیْ طَیْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِیْ یَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَنُوْرًا لَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ اَبِیْ طَیْبَةَ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ مُرْسَلٌ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۷۹۹: حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے صحابہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) میں سے جو جس زمین پر فوت ہوگا قیامت کے دن وہاں کے لوگوں کا قائد اور ان کے لیے نور ہو کر اٹھے گا۔ یہ حدیث غریب ہے عبداللہ بن مسلم اس حدیث کو ابوطیبہ سے وہ بریدہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔

۱۸۰۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ نَافِعٍ نَا النَّضْرُ بْنُ حَمَّادٍ نَا سَیْفُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَارَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی

۱۸۰۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ (رضی اللہ عنہم) کو برا کہتے ہوں تو ان سے کہہ دو کہ تمہارے شر پر اللہ کی لعنت۔ یہ حدیث منکر ہے۔ ہم اس

---

[1] سرخ اونٹ والے سے مراد جد بن قیس منافق ہے۔ وہ بیعت کے وقت اپنا اونٹ تلاش کرتا رہا اور بیعت (رضوان) میں شریک نہیں ہوا۔ (مترجم)

شَرِيْكٌ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث کو عبید اللہ بن عمر کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

باب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۰۱ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اَنَّ بَنِيْ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اِسْتَاذَنُوْنِيْ اَنْ يُّنْكِحُوْا اِبْنَتَهُمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَلَا اٰذَنُ ثُمَّ لَا اٰذَنُ اِلَّا اَنْ يُّرِيْدَ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَنْ يُّطَلِّقَ ابْنَتِيْ وَ يَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ فَاِنَّهَا بَضْعَةٌ مِّنِّيْ يَرِيْبُنِيْ مَا رَابَهَا وَ يُؤْذِيْنِيْ مَا اٰذَاهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۰۱: حضرت مسور بن مخرمہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بنو ہشام بن مغیرہ نے مجھ سے اجازت چاہی کہ ہم اپنی لڑکی کا نکاح علیؓ سے کردیں۔ میں اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔ آپؐ نے تین مرتبہ اسی طرح کہنے کے بعد فرمایا: ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ علی بن ابی طالبؓ میری بیٹی کو طلاق دینا چاہے تو دے دے اور انکی بیٹی سے نکاح کرلے۔ میری بیٹی۔ (فاطمہؓ) میرے دل کا ٹکڑا ہے جو اسے برا لگتا ہے وہ مجھے بھی برا لگتا ہے اور جس چیز سے اسے تکلیف ہوتی ہے۔ مجھے اس چیز سے تکلیف ہوتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۰۲ : حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ نَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ جَعْفَرِ الْاَحْمَرِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ اَحَبَّ النِّسَاءِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِيٌّ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ يَعْنِيْ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۰۲: حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کو عورتوں میں سب سے زیادہ محبت فاطمہؓ سے اور مردوں میں سے سب سے زیادہ محبت علیؓ سے تھی۔ ابراہیم کہتے ہیں یعنی آپؐ کے اہل بیت (گھر والوں) میں سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۸۰۳ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَلِيًّا ذَكَرَ بِنْتَ اَبِيْ جَهْلٍ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّيْ يُؤْذِيْنِيْ مَا اٰذَاهَا وَيُنْصِبُنِيْ مَا اَنْصَبَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا قَالَ اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ وَقَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ ابْنُ مُلَيْكَةَ

۱۸۰۳: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت علیؓ نے ابوجہل کی بیٹی کا ذکر کیا تو یہ بات نبی اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپؐ نے فرمایا فاطمہؓ میرا دل کا ٹکڑا ہے جو چیز اسے تکلیف پہنچاتی ہے وہ مجھے بھی تکلیف پہنچاتی ہے جو چیز اسے تعب دیتی ہے وہ مجھے بھی تعب دیتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایوب بھی ابن ابی ملیکہ سے وہ ابو زبیر اور کئی حضرات سے روایت کرتے ہیں جبکہ بعض حضرات ابن ابی ملیکہ سے مسور کے حوالے سے روایت کرتے ہیں۔ احتمال یہ ہے کہ انہوں نے دونوں سے روایت کی ہو۔ چنانچہ عمرو بن دینار بھی

رَوٰی عَنْهُمَا جَمِیْعًا وَّقَدْرَوَاہُ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ الْمِسْوَرِبْنِ مَخْرَمَةَ نَحْوَ حَدِیْثِ اللَّیْثِ.

ابن ابی ملیکہ سے اوروہ مسور سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۸۰۴: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْبَغْدَادِیُّ نَا عَلِیُّ بْنُ قَادِمٍ نَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِیُّ عَنِ السُّدِّیِّ عَنْ صُبَیْحٍ مَوْلٰی اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ زَیْدِبْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لِعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَصُبَیْحٌ مَوْلٰی اُمِّ سَلَمَةَ لَیْسَ بِمَعْرُوْفٍ.

۱۸۰۴: حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی، فاطمہ، حسن اور حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے فرمایا کہ میں بھی اس سے لڑوں گا جس سے تم لڑو گے اور جن سے تم صلح کرو گے ان سے میں بھی صلح کروں گا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ حضرت ام سلمہؓ کے مولیٰ معروف (مشہور) نہیں ہیں۔

۱۸۰۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ نَا سُفْیَانُ عَنْ زُبَیْدٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ جَلَّلَ عَلَی الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ کِسَاءً ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَیْتِیْ وَحَامَتِیْ اَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِیْرًا فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَاَنَا مَعَهُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّکِ عَلٰی خَیْرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَهُوَ اَحْسَنُ شَیْءٍ رُوِیَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَعُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ وَاَبِی الْحَمْرَاءِ.

۱۸۰۵: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن، حسین، علی اور فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کو ایک چادر اوڑھائی اور دعا کی کہ یا اللہ یہ میرے اہل بیت اور خاص لوگ ہیں ان سے ناپاکی کو دور کر کے انہیں اچھی طرح پاک کر دے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: میں بھی ان کے ساتھ ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم خیر پر ہی ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ اس باب کی سب سے بہتر روایت ہے۔ اس باب میں حضرت انسؓ، عمرو بن ابی سلمہؓ اور ابوحمراء سے بھی روایت ہے۔

۱۸۰۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ مَیْسَرَةَ بْنِ حَبِیْبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَتْ مَا رَاَیْتُ اَحَدًا اَشْبَهَ سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْیًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ فِیْ قِیَامِهَا وَقُعُوْدِهَا مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ وَکَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَامَ اِلَیْهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِیْ مَجْلِسِهٖ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَادَخَلَ عَلَیْهَا قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِهَا فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِیْ مَجْلِسِهَا فَلَمَّا مَرِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

۱۸۰۶: ام المومنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے عادات، چال چلن، خصلتوں اور اٹھنے بیٹھنے میں فاطمہؓ بنت محمد ﷺ سے زیادہ آپؐ سے مشابہ کسی کو نہیں دیکھا۔ جب فاطمہؓ آتیں تو آپ کھڑے ہو جاتے ان کا بوسہ لیتے اور اپنی جگہ پر بٹھاتے۔ اسی طرح جب نبی اکرم ﷺ بھی ان کے ہاں تشریف لے جاتے تو وہ (یعنی فاطمہؓ) بھی اپنی جگہ سے کھڑی ہو جاتیں۔ آپ کا بوسہ لیتیں اور آپ کو اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔ چنانچہ جب نبی اکرم ﷺ بیمار ہوئے تو فاطمہؓ آئیں اور آپؐ پر گر پڑیں۔ آپ کا بوسہ لیا۔ پھر سر اٹھا کر رونے لگیں۔ پھر دوبارہ آپؐ پر گریں اور سر اٹھا کر ہنسنے لگیں۔ (حضرت

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَتْ فَاطِمَةَ فَاَكَبَّتْ عَلَيْهِ ثُمَّ رَفَعَتْ رَأْسَهَا فَضَحِكَتْ فَقُلْتُ اِنْ كُنْتُ لَاظُنُّ اَنَّ هٰذِهِ مِنْ اَعْقَلِ نِسَاءِ نَا فَاِذَاهِيَ مِنَ النِّسَاءِ فَلَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لَهَا اَرَاَيْتِ حِيْنَ اَكْبَبْتِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعْتِ رَأْسَكِ فَبَكَيْتِ ثُمَّ اَكْبَبْتِ فَرَفَعْتِ رَأْسَكِ فَضَحِكْتِ مَا حَمَلَكِ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَتْ اِنِّي اِذَنْ لَبَذِرَةٌ اَخْبَرَنِيْ اَنَّهُ مَيِّتٌ مِنْ وَجَعِهِ هٰذَا فَبَكَيْتُ ثُمَّ اَخْبَرَنِيْ اَنِّيْ اَسْرَعُ اَهْلِهِ لُحُوْقًابِهِ فَذَاكَ حِيْنَ ضَحِكْتُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ.

عائشہؓ فرماتی ہیں) پہلے تو میں سمجھتی تھی کہ وہ عورتوں میں سب سے زیادہ عقل مند ہیں لیکن بہرحال عورت تھیں۔ پھر جب آپ فوت ہوگئے۔ تو میں نے ان سے اسکی وجہ پوچھی کہ آپ کیوں گر کر سر اٹھا کر روئیں اور دوسری مرتبہ ہنسیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی حیات طیبہ میں، میں نے یہ راز چھپایا۔ بات یہ ہے کہ پہلے آپؐ نے مجھے بتایا کہ آپؐ اس مرض میں وفات پا جائیں گے اس پر میں رونے لگی اور دوسری مرتبہ فرمایا کہ تم اہل بیت میں سے سب سے پہلے مجھ سے ملوگی۔ (یعنی جنت میں) اس پر میں ہنسنے لگی۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے۔

۱۸۰۷: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِيْ عَلٰى عَائِشَةَ فَسُئِلَتْ اَيُّ النَّاسِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَةُ فَقِيْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُهَا اِنْ كَانَ مَاعَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۸۰۷: جمیع بن عمیر تیمی کہتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ساتھ حضرت عائشہؓ کے پاس حاضر ہوا اور پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کو کس سے سب سے زیادہ محبت تھی۔ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ فاطمہؓ سے۔ پھر پوچھا کہ مردوں میں سے کس سے سب سے زیادہ محبت تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ ان کے (یعنی فاطمہؓ کے) شوہر سے اور میں اچھی طرح جانتی ہوں کہ وہ (یعنی علیؓ) بکثرت روزے رکھتے اور نمازیں پڑھا کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

بَابُ فَضْلِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

۱۸۰۸: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَا يَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ قَالَتْ فَاجْتَمَعَ صَوَاحِبَاتِيْ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَقُلْنَ يَا اُمَّ سَلَمَةَ اِنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَا يَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ وَاِنَّا نُرِيْدُ الْخَيْرَ كَمَا تُرِيْدُ عَائِشَةُ فَقُوْلِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَاْمُرُالنَّاسَ يُهْدُوْنَ اِلَيْهِ اَيْنَ مَا كَانَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ اُمُّ سَلَمَةَ فَاَعْرَضَ عَنْهَا ثُمَّ عَادَ اِلَيْهَا فَاَعَادَتِ الْكَلَامَ فَقَالَتْ يَا

۱۸۰۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ لوگ میری باری کا انتظار کیا کرتے تھے کہ جس دن رسول اللہ ﷺ ان کے ہاں ہوتے تو اسی دن ہدیہ لاتے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میری سوکنیں سب حضرت ام سلمہؓ کے ہاں جمع ہوئیں اور کہنے لگیں۔ اے ام سلمہؓ لوگ ہدایا بھیجنے کے لیے عائشہؓ کی باری کا انتظار کرتے ہیں حالانکہ ہم بھی اسی طرح خیر چاہتی ہیں جس طرح عائشہؓ۔ لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہو کہ لوگوں کو حکم دیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جہاں بھی ہوں وہیں ہدایا

رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ صَوَاحِبَاتِیْ قَدْذَکَرْنَ اَنَّ النَّاسَ یَتَحَرَّوْنَ بِھَدَایَاھُمْ یَوْمَ عَائِشَةَ فَاْمُرِ النَّاسَ یُھْدُوْنَ اَیْنَ مَا کُنْتَ فَلَمَّا کَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَتْ ذٰلِکَ قَالَ یَا اُمَّ سَلَمَةَ لاَ تُؤْذِیْنِیْ فِیْ عَائِشَةَ فَاِنَّهُ مَااُنْزِلَ عَلَیَّ الْوَحْیُ وَاَنَا فِیْ لِحَافِ امْرَاَةٍ مِنْکُنَّ غَیْرِھَا وَقَدْرَوٰی بَعْضُھُمْ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ مُرْسَلاً ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْرُوِیَ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ھٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ رُمَیْثَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ شَیْئًا مِنْ ھٰذَا وَ ھٰذَا حَدِیْثٌ قَدْ رُوِیَ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ فِیْهِ عَلٰی رِوَایَاتٌ مُخْتَلِفَةٌ وَقَدْرَوٰی سُلَیْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ نَحْوَ حَدِیْثِ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ.

بھیجا کریں۔ام سلمہؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے منہ پھیر لیا۔لیکن جب تیسری مرتبہ بھی یہی بات کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ام سلمہؓ تم مجھے عائشہؓ کے متعلق تنگ نہ کیا کرو۔اس لیے کہ اس کے علاوہ تم میں سے کسی کے لحاف میں مجھ پر وحی نازل نہیں ہوئی۔بعض حضرات یہ حدیث حماد بن زید سے وہ ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔یہ حدیث غریب ہے اور ہشام بن عروہ سے عوف کے حوالے سے بھی منقول ہے وہ رمیثہ سے اور وہ ام سلمہؓ سے اسی قسم کی حدیث نقل کرتے ہیں۔اس میں روایات مختلف ہیں۔سلیمان بن ہلال، ہشام بن عروہ سے حماد بن زید ہی کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۸۰۹ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ الْمَکِّیُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ حُسَیْنٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ جِبْرِیْلَ جَاءَ بِصُوْرَتِھَا فِیْ خِرْقَةِ حَرِیْرٍ خَضْرَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ھٰذِہٖ زَوْجَتُکَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ وَقَدْرَوٰی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیِّ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ مُرْسَلاً وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ وَقَدْرَوٰی اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ شَیْئًا مِنْ ھٰذَا.

۱۸۰۹: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جبرائیل علیہ السلام ایک مرتبہ ایک ریشمی کپڑے پر میری صورت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور فرمایا: کہ یہ (یعنی عائشہؓ) دنیا و آخرت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ہیں۔یہ حدیث حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف عبداللہ بن عمرو بن علقمہ کی روایت سے جانتے ہیں۔عبدالرحمٰن بن مہدی اس حدیث کو عبداللہ بن دینار سے اسی سند سے مرسلاً نقل کرتے ہوئے اس میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ابو اسامہ بھی ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۱۸۱۰ : حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَائِشَةُ ھٰذَا جِبْرَیْلُ وَھُوَ یُقْرِئُ عَلَیْکِ السَّلاَمَ قَالَتْ قُلْتُ وَعَلَیْهِ السَّلاَمُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ تَرٰی

۱۸۱۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہؓ یہ جبرائیل علیہ السلام ہیں اور تمہیں سلام کہتے ہیں۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے جواب دیا "علیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" آپؐ وہ دیکھتے ہیں جو ہم نہیں دیکھتے۔

لاَ نَرٰی هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۱۱: حَدَّثَنَا سُوَیْدٌ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ نَازَکَرِیَّا عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرَئِیْلَ یَقْرَئُ عَلَیْکِ السَّلاَمَ فَقُلْتُ وَعَلَیْهِ السَّلاَمَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۱۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ جبرائیل تمہیں سلام کہتے ہیں۔ میں نے کہا ''وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ''۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۱۲: حَدَّثَنَا حُمَیْدُ ابْنُ مَسْعَدَةَ نَا زِیَادُ بْنُ الرَّبِیْعِ نَا خَالِدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِیُّ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ مَا اَشْکَلَ عَلَیْنَا اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدِیْثٌ قَطُّ فَسَاَلْنَا عَائِشَةَ اِلاَّ وَجَدْنَا عِنْدَهَا مِنْهُ عِلْمًا هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۱۸۱۲: حضرت ابوموسیٰ سے روایت ہے کہ جب ہم لوگوں یعنی (صحابہ کرامؓ) کو کسی حدیث کے بارے میں اشکال ہوتا اور اس کے بارے میں ہم حضرت عائشہؓ سے پوچھتے تو ان کے پاس اس کا علم ہوتا۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۱۳: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِیْنَارٍ الْکُوْفِیُّ نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ مُوْسٰی بْنِ طَلْحَةَ قَالَ مَارَاَیْتُ اَحَدًا اَفْصَحَ مِنْ عَائِشَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۱۸۱۳: حضرت موسیٰ بن طلحہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے زیادہ فصیح کسی کو نہیں دیکھا۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۱۴: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ یَعْقُوْبَ وَبُنْدَارٌ قَالاَ نَا یَحْیٰی بْنُ حَمَّادٍ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اسْتَعْمَلَهٗ عَلٰی جَیْشِ ذَاتِ السَّلاَسِلِ قَالَ فَاَتَیْتُهٗ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ عَائِشَةُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ اَبُوْهَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۱۴: حضرت عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ''ذاتِ سلاسل'' کے لشکر کا امیر مقرر کیا۔ حضرت عمرو بن عاصؓ فرماتے ہیں جب میں آیا تو آپؐ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ: آپ کس سے سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا عائشہؓ سے۔ میں نے پوچھا: مردوں میں سے؟ آپؐ نے فرمایا اس کے والد سے یعنی ابوبکرؓ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۱۵: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعِیْدِ الْجُوْهَرِیُّ نَا یَحْیٰی ابْنُ سَعِیْدِ الْاُمَوِیُّ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَنْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَیْکَ قَالَ عَائِشَةُ قَالَ مِنَ الرِّجَالِ اَبُوْهَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ قَیْسٍ.

۱۸۱۵: حضرت عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ میں نے آپؐ سے پوچھا کہ آپ کس سے سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا عائشہؓ سے۔ میں نے پوچھا مردوں میں سے؟ آپؐ نے فرمایا اس کے والد سے یعنی ابوبکرؓ سے۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اسمٰعیل اسے قیس سے روایت کرتے ہیں۔

۱۸۱۶ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاَبِيْ مُوْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ هُوَ اَبُوْ طُوَالَةَ الْاَنْصَارِيُّ مَدِيْنِيٌّ وَهُوَ ثِقَةٌ.

۱۸۱۶: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہؓ کی ساری عورتوں پر اس طرح فضیلت ہے جس طرح ثرید[1] کی تمام کھانوں پر۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن معمر کی کنیت ابوطوالہ انصاری مدنی ہے۔ وہ ثقہ ہیں

۱۸۱۷ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ غَالِبٍ اَنَّ رَجُلاً نَالَ مِنْ عَائِشَةَ عِنْدَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ اَغْرِبْ مَقْبُوْحًا مَنْبُوْحًا اَتُؤْذِيْ حَبِيْبَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۱۸۱۷: حضرت عمرو بن غالب سے روایت ہے کہ عمار بن یاسرؓ کی موجودگی میں کسی شخص نے حضرت عائشہؓ کو کچھ کہا تو انہوں نے فرمایا کہ مردود اور بدترین آدمی دفع ہو جا تم نبی اکرم ﷺ کی لاڈلی رفیقہ حیات کو اذیت پہنچاتے ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۱۸ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْاَسَدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُوْلُ هِيَ زَوْجَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَعْنِيْ عَائِشَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۱۸: حضرت عبداللہ بن زیدؓ اسدی سے روایت ہے کہ میں نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دنیا و آخرت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۱۹ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قِيْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ اَبُوْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۱۹: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے ان کے محبوب ترین شخص کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: عائشہؓ۔ آپؐ سے پوچھا گیا کہ مردوں میں سے کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ان کے والد یعنی ابوبکرؓ۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

بَابُ فَضْلِ خَدِيْجَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

۱۸۲۰ : حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ مَا غِرْتُ

۱۸۲۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ مجھے حضرت خدیجہؓ کے علاوہ نبی اکرم ﷺ کی کسی بیوی پر رشک نہیں آیا حالانکہ میں نے ان کو نہیں پایا۔ اس (رشک) کی وجہ

---

[1] ثرید گوشت کے شوربے میں روٹی کو بھگو کر کھانے کو ثرید کہتے ہیں۔ واللہ اعلم (مترجم)

عَلٰی خَدِیْجَةَ وَمَابِیْ اَنْ اَکُوْنَ اَدْرَکْتُهَا وَمَا ذٰلِکَ اِلَّا لِکَثْرَةِ ذِکْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَهَا وَاِنْ کَانَ لَیَذْبَحُ الشَّاةَ فَیَتَتَبَّعُ بِهَا صَدَائِقَ خَدِیْجَةَ فَیُهْدِیْهَا لَهُنَّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

صرف اتنی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں بکثرت یاد کرتے اور اگر کوئی بکری ذبح کرتے تو حضرت خدیجہؓ کی سہیلیوں کو تلاش کر کے انہیں گوشت کا ہدیہ بھیجتے ۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۲۱ : حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَاالْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا حَسَدْتُ امْرَأَةً مَا حَسَدْتُ خَدِیْجَةَ وَمَا تَزَوَّجَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِلَّا بَعْدَ مَامَاتَتْ وَ ذٰلِکَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بَشَّرَهَا بِبَیْتٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِیْهِ وَلَا نَصَبَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۲۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت خدیجہؓ کے علاوہ کسی پر اتنا رشک نہیں کیا۔ حالانکہ میرا نکاح آپؐ سے انکی وفات کے بعد ہوا لیکن نبی اکرم ﷺ نے انہیں جنت میں ایسے گھر کی بشارت دی تھی جو موتی سے بنا ہوا ہے۔ نہ اس میں شور وغل ہے نہ ایذاء و تکلیف ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۲۲ : حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِیُّ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ خَیْرُ نِسَاءِ هَا خَدِیْجَةُ بِنْتُ خُوَیْلِدٍ وَخَیْرُ نِسَائِهَا مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۲۲: حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ خدیجہؓ اپنے زمانے کی عورتوں میں سے سب سے بہتر اور مریم بنت عمران اپنے زمانے کی عورتوں میں سب سے اچھی تھیں۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور ابن عباسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۲۳ : حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ زَنْجُوَیْهِ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَسْبُکَ مِنْ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَ خَدِیْجَةُ بِنْتُ خُوَیْلِدٍ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ وَاٰسِیَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۲۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے (اتباع واقتداء کرنے) کے لیے چار عورتیں ہی کافی ہیں۔ مریمؓ بنت عمران، خدیجہؓ بنت خویلد، فاطمہؓ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور فرعون کی بیوی آسیہؓ۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

بَابُ فِیْ فَضْلِ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

باب ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۲۴ : حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِیُّ نَا یَحْیَی بْنُ کَثِیْرٍ الْعَنْبَرِیُّ اَبُوْ غَسَّانَ نَا مُسْلِمُ بْنُ جَعْفَرٍ وَ کَانَ ثِقَةً عَنِ الْحَکَمِ بْنِ اَبَانَ عَنْ عِکْرِمَةَ قَالَ قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مَاتَتْ فُلَانَةٌ لِبَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَجَدَ قِیْلَ لَهٗ اَتَسْجُدُ هٰذِهِ السَّاعَةَ

۱۸۲۴: حضرت عکرمہؓ سے روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فجر کی نماز کے بعد کہا گیا کہ نبی اکرم ﷺ کی فلاں بیوی فوت ہوگئی ہیں۔ وہ فوراً سجدہ میں گر گئے۔ ان سے کہا گیا کہ آپ اس وقت سجدہ کر رہے ہیں۔ آپؓ نے فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ جب تم کوئی نشانی دیکھو تو

فَقَالَ اَلَيْسَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمْ اٰيَةً فَاسْجُدُوْا فَاَيُّ اٰيَةٍ اَعْظَمُ مِنْ ذِهَابِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سجدہ کیا کرو۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے اُٹھ جانے (یعنی وفات) سے بڑھ کر کونسی نشانی ہوگی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۸۲۵: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ نَا هَاشِمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْكُوْفِيُّ نَا كِنَانَةُ قَالَ حَدَّثَتْنَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ بَلَغَنِيْ عَنْ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ كَلَامٌ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ قَالَ اَلَا قُلْتِ وَكَيْفَ تَكُوْنَانِ خَيْرًا مِنِّيْ وَزَوْجِيْ مُحَمَّدٌ وَاَبِيْ هَارُوْنُ وَعَمِّيْ مُوْسٰى وَ كَانَ الَّذِيْ بَلَغَهَا اَنَّهُمْ قَالُوْا نَحْنُ اَكْرَمُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا وَ قَالُوْا نَحْنُ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَنَاتُ عَمِّهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هَاشِمٍ الْكُوْفِيِّ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِذَاكَ.

۱۸۲۵: حضرت صفیہ بنت حیی سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ مجھے حضرت حفصہ اور عائشہ سے ایک بات پہنچی تھی میں نے نبی اکرم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا تم نے ان سے یہ کیوں نہیں کہا کہ تم مجھ سے بہتر کیسے ہوسکتی ہو۔ میرے شوہر محمد ﷺ ہیں۔ میرے والد ہارون علیہ السلام ہیں اور میرے چچا موسیٰ علیہ السلام ہیں[1]۔ اور وہ بات یہ تھی کہ حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ نے کہا تھا کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے نزدیک تم سے زیادہ معزز ہیں۔ اس لیے کہ ہم آپ کی بیویاں بھی ہیں اور ان کے چچا کی بیٹیاں بھی۔ اس باب میں حضرت انس سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ہاشم کوفی کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۸۲۶: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ بَلَغَ صَفِيَّةَ اَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ بِنْتُ يَهُوْدِيٍّ فَبَكَتْ فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِيْ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكِ قَالَتْ قَالَتْ لِيْ حَفْصَةُ اِنِّيْ ابْنَةُ يَهُوْدِيٍّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ وَاِنَّ عَمَّكِ نَبِيٌّ وَاِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ فَفِيْمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ ثُمَّ قَالَ اتَّقِي اللّٰهَ يَا حَفْصَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۲۶: حضرت انس سے روایت ہے کہ حضرت صفیہ کو پتہ چلا کہ حفصہ نے ان کے بارے میں کہا ہے کہ وہ یہودی کی بیٹی ہے۔ اس پر حضرت صفیہ رونے لگیں۔ اتنے میں انکے ہاں نبی اکرم ﷺ تشریف لائے جبکہ وہ رو رہی تھیں۔ آپ نے پوچھا کیوں رو رہی ہو؟ عرض کیا حفصہ نے مجھے یہودی کی بیٹی کہا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم نبی کی بیٹی ہو تمہارے چچا نبی ہیں اور تم نبی کی بیوی ہو۔ پس وہ (یعنی حفصہ) تم پر کس بات میں فخر کرتی ہے۔ پھر آپ نے فرمایا حفصہ اللہ سے ڈرو۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۲۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ

۱۸۲۷: حضرت ام سلمہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فتح

---

[1] حضرت صفیہ یہودی قبیلے کے سردار حیی بن اخطب کی بیٹی تھیں۔ اس قبیلے کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا اور یہ ہارون علیہ السلام جو موسیٰ علیہ السلام کے بھائی ہیں کی اولاد میں سے ہیں۔ اسی لیے آپ ﷺ نے ہارون علیہ السلام کو والد اور موسیٰ علیہ السلام کو چچا فرمایا۔ واللہ اعلم۔ (مترجم)

بْنِ عَثْمَةَ ثَنِیْ مُوْسَی بْنُ یَعْقُوْبَ الزَّمْعِیُّ عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ وَهْبٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ دَعَافَاطِمَةَ عَامَ الْفَتْحِ فَنَاجَاهَا فَبَکَتْ ثُمَّ حَدَّثَهَا فَضَحِکَتْ قَالَتْ فَلَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سَأَلْتُهَا عَنْ بُکَائِهَا وَضِحْکِهَا قَالَتْ اَخْبَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ یَمُوْتُ فَبَکَیْتُ ثُمَّ اَخْبَرَنِیْ اَنِّیْ سَیِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْیَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ فَضَحِکْتُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

مکہ کے سال فاطمہؓ کو بلایا اور ان کے کان میں سرگوشی کی۔ وہ رونے لگیں۔ پھر دوبارہ سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں۔ حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد میں نے حضرت فاطمہؓ سے رونے اور ہنسنے کی وجہ پوچھی تو کہنے لگیں کہ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی وفات کی خبر دی جسے سن کر میں رونے لگی پھر فرمایا کہ تم مریم بنت عمران کے علاوہ (جنت میں) تمام عورتوں کی سردار ہوگی۔ یہ سن کر میں ہنسنے لگی۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۸۲۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ نَا سُفْیَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَیْرُکُمْ لِاَهْلِیْ وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُکُمْ فَدَعُوْهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَرُوِیَ هٰذَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلٌ.

۱۸۲۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہے اور میں تم سے سب سے زیادہ اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہوں اور جب تم میں سے کوئی مرجائے تو اسے چھوڑ دو یعنی اسے برائی سے یاد نہ کیا کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ہشام بن عروہ سے بھی ان کے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے مرسلاً منقول ہے۔

۱۸۲۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنِ الْوَلِیْدِ عَنْ زَیْدِ بْنِ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُبَلِّغُنِیْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ مِنْ اَصْحَابِیْ شَیْئًا فَاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَیْهِمْ وَاَنَا سَلِیْمُ الصَّدْرِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَاُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَیْتُ اِلٰی رَجُلَیْنِ جَالِسَیْنِ وَهُمَا یَقُوْلَانِ وَاللّٰهِ مَا اَرَادَ مُحَمَّدٌ بِقِسْمَتِهِ الَّتِیْ قَسَمَهَا وَجْهَ اللّٰهِ وَلَا الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَتَثَبَّتُّ حِیْنَ سَمِعْتُهَا فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَاحْمَرَّ وَجْهُهُ وَقَالَ دَعْنِیْ عَنْکَ فَقَدْ اُوْذِیَ مُوْسٰی بِاَکْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ هٰذَا

۱۸۲۹: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص میرے صحابہؓ کے متعلق میرے سامنے برائی بیان نہ کرے کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ جب انکی طرف جاؤں تو میرا دل صاف ہو۔ عبداللہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے پاس کچھ مال لایا گیا تو آپؐ نے اسے تقسیم کیا اس کے بعد میں دو آدمیوں کے پاس گیا وہ بیٹھے ہوئے کہہ رہے تھے: اللہ کی قسم محمد (ﷺ) نے اس تقسیم سے اللہ کی رضا اور آخرت کا ارادہ نہیں کیا۔ جب میں نے یہ بات سنی تو مجھے بہت بری لگی۔ پس میں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ بیان کیا تو آپ کا چہرۂ انور سرخ ہوگیا اور فرمایا مجھے چھوڑ دو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس سے زیادہ اذیت پہنچائی گئی۔ لیکن انہوں نے صبر کیا۔ یہ حدیث اس

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْزِيْدَ فِيْ هٰذَا الْإِسْنَادِ رَجُلٌ.

سند سے غریب ہے اور اس سند میں ایک شخص (راوی) کا اضافہ ہے۔

۱۸۳۰ : اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى وَالْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِشَامٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ زَائِدَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِّنْ هٰذَا مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۳۰: ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل نے انہوں نے عبیداللہ بن موسیٰ سے اور حسین بن محمد سے انہوں نے اسرائیل سے انہوں نے سدی سے انہوں نے ولید بن ابی ہشام سے انہوں نے زید بن زائدہ سے انہوں نے ابن مسعودؓ سے انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اسی قسم کی حدیث نقل کی ہے یعنی اس سند کے علاوہ اور سند سے۔

فَضْلُ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابی بن کعبؓ کی فضیلت

۱۸۳۱ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ سَمِعْتُ زِرَّبْنَ حُبَيْشٍ يُحَدِّثُ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ فَقَرَأَ عَلَيْهِ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَرَأَ فِيْهَا اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَاللّٰهِ الْحَنِيْفِيَّةُ الْمُسْلِمَةُ لَا الْيَهُوْدِيَّةُ وَلَا النَّصْرَانِيَّةُ وَلَا الْمَجُوْسِيَّةُ مَنْ يَّعْمَلْ خَيْرًا فَلَنْ يُّكْفَرَهٗ وَقَرَأَ عَلَيْهِ لَوْ اَنَّ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيًا مِنْ مَالٍ لَا بْتَغٰى اِلَيْهِ ثَانِيًا وَلَوْ كَانَ لَهٗ ثَانِيًا لَا بْتَغٰى اِلَيْهِ ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا تُرَابٌ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِهٰذَا الْوَجْهِ وَرَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَعَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ وَقَدْ رَوٰى قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُبَيٍّ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ.

۱۸۳۱: حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ تمہارے سامنے قرآن کریم پڑھوں۔ پھر آپؐ نے سورۃ البینہ پڑھی اور اس میں اس طرح پڑھا ''اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ..... يُكْفَرَهٗ تک'' (یعنی اللہ کے نزدیک دین ایک ہی طرف کی ملت ہے نہ کہ یہودیت، نہ نصرانیت اور نہ مجوسیت اور جو شخص نیکی کرے گا اسے ضرور اسکا بدلہ دیا جائے گا)۔ پھر آپؐ نے ''لَوْاَنَّ لِابْنِ اٰدَمَ..... آخر تک پڑھا'' (یعنی اگر کسی کے پاس مال کی بھری ہوئی ایک وادی بھی ہو تو پھر بھی اسکی خواہش ہوگی کہ اسے دوسری بھی مل جائے اور اگر دو ہوں تو تیسری کی خواہش ہوگی۔ اور یہ کہ ابن آدم کا پیٹ مٹی کے علاوہ کوئی چیز نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ اسکی توبہ قبول کرتے ہیں جو توبہ کرتا ہے۔) یہ حدیث حسن صحیح ہے اور دوسری سند سے بھی منقول ہے۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابزی اسے اپنے والد سے اور وہ ابی بن کعبؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہارے سامنے قرآن پڑھوں۔ حضرت قتادہ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابی بن کعبؓ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہارے سامنے قرآن پڑھوں۔

فَضْلُ الْقُرَيْشِ وَالْاَنْصَارِ

۱۸۳۲ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا اَبُوْ عَامِرٍ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِّنَ الْاَنْصَارِ وَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَوْ سَلَكَ الْاَنْصَارُ وَادِيًا اَوْ شِعْبًا لَكُنْتُ مَعَ الْاَنْصَارِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۸۳۳ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْقَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَنْصَارِ لَا يُحِبُّهُمْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُهُمْ اِلَّا مُنَافِقٌ مَنْ اَحَبَّهُمْ فَاَحَبَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَاَبْغَضَهُ اللّٰهُ فَقُلْنَا لَهُ اَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنَ الْبَرَاءِ فَقَالَ اِيَّايَ حَدَّثَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۳۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ اَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ فَقَالُوْا لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا فَقَالَ ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ قُرَيْشًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِجَاهِلِيَّةٍ وَمُصِيْبَةٍ وَاِنِّيْ اَرَدْتُّ اَنْ اَجْبُرَهُمْ وَاَتَاَلَّفَهُمْ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّرْجِعَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بُيُوْتِكُمْ قَالُوْا بَلٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْسَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا اَوْشِعْبًا وَسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ وَادِيًا اَوْ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْاَنْصَارِ وَ شِعْبَهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ

باب: قریش اور انصار کی فضیلت

۱۸۳۲: حضرت ابی بن کعبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ہوتا۔ اسی سند سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر انصار کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں تب بھی میں ان کا ساتھ دوں گا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۸۳۳: حضرت عدی بن ثابت، حضرت براء بن عازبؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کے متعلق فرمایا کہ ان سے وہی محبت کرتا ہے جو مؤمن ہے اور صرف منافق ہی بغض رکھتا ہے۔ جو ان سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے اور جو ان سے (یعنی انصار سے) بغض رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھتا ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ ہم نے عدی بن ثابت سے پوچھا کہ کیا آپ نے خود یہ حدیث براءؓ سے سنی۔ انہوں نے فرمایا: ہاں براءؓ نے مجھ ہی سے تو بیان کی۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۳۴: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار میں سے چند لوگوں کو جمع کر کے پوچھا کہ کیا تم میں کوئی غیر تو نہیں؟ لوگوں نے کہا ہمارے ایک بھانجے کے علاوہ کوئی نہیں۔ آپؐ نے فرمایا کسی کا بھانجا انہی میں سے ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: قریش نئے نئے جاہلیت چھوڑ کر مسلمان ہوئے ہیں اور نئی نئی مصیبت سے بھی دوچار ہوئے ہیں۔ (قتل وقید وغیرہ) میں چاہتا ہوں کہ انکی دل شکنی کا کوئی علاج کروں اور ان سے الفت کروں۔ کیا تم راضی نہیں کہ لوگ دنیا لے کر گھروں کو لوٹیں اور تم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اپنے گھروں کو لوٹو۔ انہوں نے عرض کیا: ہاں کیوں نہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: اگر دوسرے لوگ ایک وادی یا گھاٹی میں چلیں اور انصار دوسری وادی یا گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی وادی اور گھاٹی میں چلوں

صَحِيْحٌ.

گا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۳۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ اَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ نَا النَّضْرُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يُعَزِّيْهِ فِيْمَنْ اُصِيْبَ مِنْ اَهْلِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ يَوْمَ الْحَرَّةِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ اَنَا اُبَشِّرُكَ بِبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّ الْاَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّ ذَرَارِيِّهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ.

۱۸۳۵: حضرت زید ارقمؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس بن مالکؓ کو غزوہ حرہ کے موقع پر شہید ہونے والے ان کے چند اقرباء اور چچازاد بھائیوں کی تعزیت میں لکھا کہ میں آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دیتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: اے اللہ انصار کو، ان کی اولاد اور ان کی اولاد کی اولاد کو بخش دے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی یہ قتادہ نے نضر بن انسؓ سے انہوں نے زید بن ارقم سے۔

۱۸۳۶: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ دَاوُدَ وَعَبْدُ الصَّمَدِ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرِئْ قَوْمَكَ السَّلَامَ فَاِنَّهُمْ مَا عَلِمْتُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۳۶: حضرت ابوطلحہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ اپنی قوم کو میرا سلام کہنا۔ میں انہیں پرہیزگار اور صابر جانتا ہوں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۳۷: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ ابْنُ حُرَيْثٍ نَا الْفَضْلُ ابْنُ مُوْسٰى عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ عَيْبَتِيَ الَّتِيْ اٰوِيْ اِلَيْهَا اَهْلُ بَيْتِيْ وَاِنَّ كَرِشِيَ الْاَنْصَارُ فَاعْفُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ وَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ.

۱۸۳۷: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سن لو کہ میرے خاص اور راز دار لوگ جن کے پاس میں لوٹ کر جاتا ہوں میرے اہل بیت ہیں۔ اور میں جن لوگوں پر اعتماد کرتا ہوں وہ انصار ہیں۔ لہٰذا ان میں سے بروں کو معاف کردو اور نیکوکاروں کو قبول کرلو۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۸۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَنْصَارُ كَرِشِيْ وَعَيْبَتِيْ وَاِنَّ النَّاسَ سَيَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّوْنَ فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۳۸: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار میرے اعتماد والے اور راز دار لوگ ہیں۔ لوگ بڑھتے جائیں گے اور یہ کم ہوتے جائیں گے لہٰذا ان کے نیکوں کو قبول کرو اور ان کے بروں کو معاف کردو۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۳۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ

۱۸۳۹: حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

دَاوُدَ الْهَاشِمِیُّ نَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ نَا صَالِحُ بْنُ کَیْسَانَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ یُوْسُفَ بْنِ الْحَکَمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ یُرِدْ هَوَانَ قُرَیْشٍ اَهَانَهُ اللّٰهُ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ ثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ سَعْدٍ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ صَالِحِ بْنِ کَیْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ.

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قریش کی ذلت چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کر دیتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ عبد بن حمید بھی یعقوب بن ابراہیم سے وہ اپنے والد سے وہ صالح بن کیسان سے اور وہ ابن شہاب سے اسی سند سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں۔

۱۸۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِیِّ وَالْمُؤَمَّلُ قَالَا نَا سُفْیَانُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِیْ لَا یُبْغِضُ الْاَنْصَارَ رَجُلٌ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۸۴۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والا ہے وہ انصار سے بغض نہیں رکھے گا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۴۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا اَبُوْ یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَذَقْتَ اَوَّلَ قُرَیْشٍ نَکَالًا فَاَذِقْ اٰخِرَهُمْ نَوَالًا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

۱۸۴۱: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ تو نے قریش کو پہلے (قتل وقید) کے عذاب کا مزہ چکھا دیا اب آخر میں انہیں عنایت اور رحمتوں کا مزہ چکھا۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۴۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْوَرَّاقُ ثَنِیْ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْاُمَوِیُّ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهٗ.

۱۸۴۲: ہم سے روایت کی عبدالوہاب وراق نے انہوں نے یحییٰ سے اور وہ اعمش سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۱۸۴۳: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِیْنَارٍ الْکُوْفِیُّ نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِنِسَاءِ الْاَنْصَارِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۴۳: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی یا اللہ انصار کو اور ان کی اولاد کو اور ان کی اولاد کی اولاد کو اور ان کی عورتوں کو بخش دے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۵۹۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ اَیِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَیْرٌ

۵۹۹: باب انصار کے گھروں کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۴۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ یَحْیَی ابْنِ سَعِیْدٍ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ یَقُوْلُ قَالَ

۱۸۴۴: حضرت انس بن مالک ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں انصار میں سے بہتر لوگوں یا فرمایا: بہتر

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ اَوْ بِخَيْرِ الْاَنْصَارِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بَنُوا النَّجَّارِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُو عَبْدِالْاَشْهَلِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُوْا لْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُوْ سَاعِدَةَ ثُمَّ قَالَ بِيَدِيْهِ فَقَبَضَ اَصَابِعَهٗ ثُمَّ بَسَطَهُنَّ كَالرَّامِيْ بِيَدَيْهِ قَالَ وَفِيْ دُوْرِ الْاَنْصَارِ كُلِّهَا خَيْرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدِ السَّاعِدِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

انصار کے متعلق نہ بتاؤں ۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کیوں نہیں۔آپؐ نے فرمایا قبیلہ بنونجار اور پھر جوان کے قریب ہیں۔یعنی بنوعبدالاشہل پھران کےقریب والے بنوحارث بن خزرج پھران کے قریب والے بنوساعدہ۔پھرآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا اور اپنی انگلیوں کو بند کر کے کھولا جیسے کوئی کچھ پھینکتا ہے اور فرمایا انصار کے تمام گھروں میں خیر ہے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ انسؓ اس حدیث کو ابوسعید ساعدی سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔

۱۷۴۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدِ السَّاعِدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ دُوْرُ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ دُوْرُ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنِيْ سَاعِدَةَ وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ فَقَالَ سَعْدٌ مَا اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا فَقِيْلَ قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ اُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ اسْمُهٗ مَالِكُ بْنُ رَبِيْعَةَ .

۱۷۴۵: حضرت ابواسید ساعدیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کے گھروں میں سے سب سے بہتر گھر بنونجار کے ہیں پھر بنوعبدالاشہل کا، پھر بنوحارث بن خزرج کا، پھر بنوساعدی کا اور انصار کے تمام گھروں میں خیر ہے۔ حضرت سعدؓ نے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر دوسروں کو فضیلت دی ہے۔ چنانچہ کہا گیا: تمہیں بھی تو دوسروں پر فضیلت دی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔اور ابواسید ساعدی کا نام مالک بن ربیعہ ہے۔

۱۷۴۶ : حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ نَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَيْرُ دِيَارِ الْاَنْصَارِ بَنُوا النَّجَّارِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ .

۱۷۴۶: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انصار کے گھروں میں سے بہترین گھر بنو نجار کے ہیں۔

یہ حدیث غریب ہے۔

۱۷۴۷ : حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ نَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَنْصَارِ بَنُوْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۷۴۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ انصار میں سے بہترین لوگ قبیلہ بنوعبدالاشہل کے لوگ ہیں۔یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

خلاصۃ الباب : صحابی ہونا بھی بہت بڑا اشرف اور مرتبہ ہے بلکہ جس نے حالت اسلام میں کسی صحابی کو دیکھا اور پھر حالت اسلام میں اس کی وفات ہوئی وہ بہت بڑا مرتبہ والا بن گیا جس کو تابعی کہتے ہیں ۔صحابہ کرامؓ کے بارے میں

حضور ﷺ نے بہت تاکید فرمائی کہ ان کا احترام وعزت کی جائے اور کسی صورت میں ان کی شان میں گستاخی برداشت نہیں فرمائی۔ یہاں تک ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی میرے صحابہ سے کسی کو گالی یا بُرا کہے تو سننے والا اس کے جواب میں یہ کہے کہ تمہارے شریر پر اللہ کی لعنت ہو (۲) حضرت فاطمہؓ کی شان بہت عظیم ہے جنت کی عورتوں کی سیّدہ ہیں اور فرمایا کہ جو فاطمۃ الزہراؓ کو بُرا لگتا ہے وہ مجھے بُرا لگتا ہے حدیث باب میں حضرت عائشہؓ کا فاطمہؓ کے بارے میں بیان بہت عمدہ ہے (۳) حضرت عائشہؓ کے فضائل بھی بے شمار ہیں ان کی سوانح اور مناقب پر مشتمل مستقل کتابیں تحریر کی گئی ہیں پڑھنے کے قابل ہیں۔ ان کو حضرت جبرئیلؑ سلام کرتے تھے ایک مرتبہ حضرت عمرو بن العاصؓ نے پوچھا کہ آپ ﷺ کو کس سے سب سے زیادہ محبت ہے آپ ﷺ نے فرمایا کہ عائشہؓ سے۔ قرآن وحدیث کی بہت بڑی عالمہ تھیں بہت سارے صحابہؓ اور تابعینؒ سیّدہ صدیقہؓ کے شاگرد ہیں دین واسلام کا بہت بڑا حصہ حضرت عائشہؓ کے ذریعہ پھیلا۔

خلاصہ مناقب خدیجہؓ: ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ حضور ﷺ کی سب سے پہلی زوجہ مطہرہ ہیں جنہوں نے اپنا سارا مال حضور ﷺ پر قربان کر دیا مکہ میں ان کی بہت زیادہ عزت تھی لوگ ان کا بہت احترام کرتے تھے زمانۂ جاہلیت میں بھی عفیفہ (پاکدامن) کے نام سے مشہور تھیں۔ حضور ﷺ کی بہت خدمت کرتی تھیں اور حضور ﷺ جب پریشان ہوتے تو حضرت خدیجہؓ تسلی دیا کرتی تھیں۔ حضور ﷺ نے ان کو جنت کی بشارت سنائی تھی۔ ان کی وفات کے بعد جب ان کا خیال آجاتا تو آبدیدہ ہو جاتے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں مجھے حضرت خدیجہؓ پر جتنا رشک آتا ہے اتنا کسی اور پر نہیں آتا۔ ان کے علاوہ باقی ازواج مطہراتؓ کے بھی بہت فضائل اور مناقب ہیں۔ امام ترمذیؒ نے کچھ بیان کیے ہیں۔

۶۰۰: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ فَضْلِ الْمَدِیْنَةِ

۱۸۴۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا اللَّیْثُ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَیْمٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ حَتّٰی کَانَ بِحَرَّةِ السُّقْیَا الَّتِیْ کَانَتْ لِسَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ائْتُوْنِیْ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ قَامَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ کَانَ عَبْدُکَ وَخَلِیْلُکَ وَدَعَا لِاَهْلِ مَکَّةَ بِالْبَرَکَةِ وَاَنَا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَدْعُوْکَ لِاَهْلِ الْمَدِیْنَةِ اَنْ تُبَارِکَ لَهُمْ فِیْ مُدِّهِمْ وَ صَاعِهِمْ مِثْلَ مَابَارَکْتَ لِاَهْلِ مَکَّةَ مَعَ الْبَرَکَةِ بَرَکَتَیْنِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۱۸۴۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ زِیَادٍ نَا اَبُوْ نُبَاتَةَ

۶۰۰: باب مدینہ منورہ کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۴۸: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور جب سعد بن ابی وقاصؓ کے محلے میں ''حرہ سقیا'' کے مقام پر پہنچے تو آپؐ نے وضو کا پانی منگوا کر وضو کیا اور قبلہ رخ ہو کر کھڑے ہو کر دعا کی کہ اے اللہ ابراہیم علیہ السلام تیرے بندے اور دوست تھے۔ انہوں نے اہل مکہ کے لیے برکت کی دعا کی تھی۔ میں بھی تیرا بندہ اور رسول ہوں اور میں تجھ سے اہل مدینہ کے لیے دعا کرتا ہوں کہ ان (اہل مدینہ) کے مد اور صاع میں اس سے دوگنی برکت عطا فرما جو تو نے اہل مکہ کو عطا فرمائی اور ہر برکت کے ساتھ دو برکتیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں حضرت عائشہؓ، عبداللہ بن زیدؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۸۴۹: حضرت علی بن ابی طالبؓ اور ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ

يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى بْنِ نُبَاتَةَ نَا سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْمُعَلّٰى عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالاَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کا حصہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۱۸۵۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَامِلِ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمِ الزَّاهِدُ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَابَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ.

۱۸۵۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ اسی سند سے یہ بھی منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری مسجد میں ایک نماز مسجد حرام کے علاوہ دوسری کسی مسجد میں ایک ہزار نمازیں پڑھنے سے بہتر ہے۔ اور مسجد حرام میں ایک نماز مسجد نبوی کی ایک ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حضرت ابو ہریرہؓ سے متعدد طرق سے مرفوعاً منقول ہے۔

۱۸۵۱ : حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَّمُوْتَ بِالْمَدِيْنَةِ فَلْيَمُتْ بِهَا فَاِنِّيْ اَشْفَعُ لِمَنْ يَّمُوْتُ بِهَا وَ فِي الْبَابِ عَنْ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْاَسْلَمِيَّةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ.

۱۸۵۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس سے ہو سکے کہ مدینہ منورہ میں مرے تو وہیں مرنے کی کوشش کرے کیونکہ جو یہاں مرے گا میں اسکی شفاعت کروں گا۔ اس باب میں سبیعہ بنت حارث اسلمیہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ یہ حدیث اس سند یعنی ایوب سختیانی کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۵۲ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ مَوْلَاةً لَهٗ اَتَتْهُ فَقَالَتْ اِشْتَدَّ عَلَيَّ الزَّمَانُ وَ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى الْعِرَاقِ قَالَ فَهَلَّا اِلَى الشَّامِ اَرْضِ الْمَنْشَرِ وَاصْبِرِيْ لُكَاعِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ صَبَرَ عَلٰى شِدَّتِهَا وَلَاْ وَآئِهَا كُنْتُ لَهٗ شَهِيْدًا اَوْشَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَ سُفْيَانَ بْنِ اَبِيْ زُهَيْرٍ وَ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةِ

۱۸۵۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ ان کی لونڈی ان کے پاس حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ مجھ پر زمانے کی گردش ہے لہٰذا میں چاہتی ہوں کہ عراق چلی جاؤں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: شام کیوں نہیں چلی جاتی ہو وہ حشر ونشر کی زمین ہے۔ پھر اے نادان صبر کیوں نہیں کرتی اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جس نے مدینہ منورہ کی سختیوں اور بھوک پر صبر کیا میں قیامت کے دن اس کا گواہ یا (فرمایا) شفیع ہوں گا۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ،

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

سفیان بن ابی زہیرؓ اور سبیعہ اسلمیہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۵۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ السَّائِبِ ثَنَا اَبِیْ جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰخِرُ قَرْيَةٍ مِّنْ قُرَى الْاِسْلَامِ خَرَابًا الْمَدِيْنَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ جُنَادَةَ عَنْ هِشَامٍ فَقَالَ تَعَجَّبَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ مِنْ حَدِيْثِ اَبِیْ هُرَيْرَةَ.

۱۸۵۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ منورہ مسلمانوں کے شہروں میں سے سب سے آخر میں ویران ہوگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف جنادہ کی روایت سے جانتے ہیں اور وہ ہشام سے نقل کرتے ہیں۔

۱۸۵۴: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ اَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَلَى الْاِسْلَامِ فَاَصَابَهُ وَعْكٌ بِالْمَدِيْنَةِ فَجَاءَ الْاَعْرَابِیُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَقِلْنِیْ بَيْعَتِیْ فَاَبٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ الْاَعْرَابِیُّ ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ اَقِلْنِیْ بَيْعَتِیْ فَاَبٰى فَخَرَجَ الْاَعْرَابِیُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّمَا الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ تَنْفِیْ خَبَثَهَا وَ تُنَصِّعُ طَيِّبَهَا وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۵۴: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے نبی اکرم ﷺ کے ہاتھ پر اسلام کی بیعت کی پھر مدینہ منورہ ہی میں اسے بخار ہوگیا۔ چنانچہ وہ آیا اور عرض کیا کہ اپنی بیعت واپس لے لیں۔ آپؐ نے انکار کردیا۔ وہ دوبارہ حاضر ہوا اور اسی طرح عرض کیا۔ آپؐ نے پھر انکار کردیا۔ وہ تیسری مرتبہ پھر حاضر ہوا لیکن آپؐ نے اس مرتبہ بھی انکار کردیا۔ وہ پھر چلا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مدینہ طیبہ ایک بھٹی کی مثل ہے جو میل کچیل کو دور کر دیتی ہے۔ اور طیب (پاکیزہ چیز) کو خالص کر دیتی ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۵۵: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ وَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ لَوْرَاَيْتُ الظِّبَاءَ تَرْتَعُ بِالْمَدِيْنَةِ مَا ذَعَرْتُهَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَابَيْنَ لَابَتَيْهَا حَرَامٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ اَيُّوْبَ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ وَجَابِرٍ وَسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ نَحْوَهٗ حَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۵۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر میں کسی ہرن کو بھی مدینہ منورہ میں چرتا ہوا دیکھ لوں تو خوف زدہ نہ کروں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان دو پتھریلی زمینوں کے درمیان حرم ہے۔ اس باب میں حضرت سعدؓ، عبداللہ بن زیدؓ، انسؓ، ابوایوبؓ، زید بن ثابتؓ، رافع بن خدیجؓ، جابرؓ، عبداللہؓ اور سہل بن حنیفؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۵۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ وَثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِیْ عَمْرٍو عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

۱۸۵۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے احد پہاڑ کو دیکھا تو فرمایا کہ یہ ایسا پہاڑ ہے جو ہم

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ طَلَعَ لَہٗ اُحُدٌ فَقَالَ ھٰذَا جَبَلٌ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ اَللّٰھُمَّ اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ حَرَّمَ مَکَّۃَ وَاِنِّیْ اُحَرِّمُ مَابَیْنَ لَا بَتَیْھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

سے محبت کرتا ہے اور ہم بھی اسے محبوب رکھتے ہیں۔اے اللہ ابراہیمؑ نے مکہ مکرمہ کو حرم بنایا اور میں دونوں پتھریلی زمین کے بیچ کو یعنی مدینہ منورہ کو حرم ٹھہراتا ہوں۔یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۸۵۷: حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ عِیْسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ غَیْلَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْعَامِرِیِّ عَنْ اَبِیْ زُرْعَۃَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ اَوْحٰی اِلَیَّ اَیَّ ھٰؤُ لَاءِ الثَّلَاثَۃِ نَزَلْتَ فَھِیَ دَارُ ھِجْرَتِکَ الْمَدِیْنَۃِ اَوِ الْبَحْرَیْنِ اَوْ قِنَّسْرِیْنَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰی تَفَرَّدَبِہٖ اَبُوْ عَامِرٍ.

۱۸۵۷: حضرت جریر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر وحی نازل کی کہ ان تین جگہوں میں سے جہاں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم جا کر ٹھہریں گے وہی دارالہجرہ ہوگا۔ مدینہ بحرین اور قنسرین۔یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف فضل بن موسیٰ کی روایت سے جانتے ہیں۔اس روایت کے ساتھ ابو عامر منفرد ہیں۔

۱۸۵۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی نَا ھِشَامُ بْنُ عُرْوَۃَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَصْبِرُ عَلٰی لَاْ وَاءِ الْمَدِیْنَۃِ وَشِدَّتِھَا اَحَدٌ اِلَّا کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا اَوْشَھِیْدًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِّنْ ھٰذَا الْوَجْہِ وَصَالِحُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ اَخُوْسُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ.

۱۸۵۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص مدینہ منورہ کی سختی اور بھوک برداشت کریگا قیامت کے دن میں اس کا شفیع یا (فرمایا) گواہ ہوں گا۔یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور صالح بن ابی صالح، سہیل بن ابی صالح کے بھائی ہیں۔

۶۰۱: بَابُ فِیْ فَضْلِ مَکَّۃَ

۶۰۱: باب مکہ مکرمہ کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۵۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا اللَّیْثُ عَنْ عُقَیْلٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَدِیِّ ابْنِ حَمْرَاءَ قَالَ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا عَلَی الْحَزْوَرَۃِ فَقَالَ وَاللّٰہِ اِنَّکِ لَخَیْرُ اَرْضِ اللّٰہِ وَاَحَبُّ اَرْضِ اللّٰہِ اِلَی اللّٰہِ وَلَوْلَا اَنِّیْ اُخْرِجْتُ مِنْکِ مَا خَرَجْتُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرَوَاہُ یُوْنُسُ عَنِ الزُّھْرِیِّ نَحْوَہٗ وَرَوَاہُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَحَدِیْثُ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ

۱۸۵۹: حضرت عبداللہ بن عدی بن حمراءؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو حزورہ کے مقام پر کھڑے ہو کر فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ کی قسم اے مکہ تو اللہ کی ساری زمین سے بہتر اور اللہ کے نزدیک پوری زمین سے زیادہ محبوب ہے۔ اگر مجھے تجھ سے جانے پر مجبور نہ کیا جاتا تو ہرگز نہ جاتا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔یونس نے زہری سے اسی کی مانند حدیث نقل کی ہے۔محمد بن عمرو اسے ابوسلمہ سے وہ ابوہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔زہری کی ابوسلمہ سے عبداللہ بن عدی بن حمراء کے واسطے منقول حدیث میرے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ حَمْرَاءَ عِنْدِيْ اَصَحُّ .

(یعنی امام ترمذیؒ کے) نزدیک زیادہ صحیح ہے۔

۱۸۶۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ نَا الْفَضْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَاَبُو الطُّفَيْلِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِمَكَّةَ مَا اَطْيَبَكِ مِنْ بَلَدٍ وَاَحَبَّكِ اِلَيَّ وَلَوْلَا اَنَّ قَوْمِيْ اَخْرَجُوْنِيْ مِنْكِ مَا سَكَنْتُ غَيْرَكِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۶۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے فرمایا: تو کتنا اچھا شہر ہے اور مجھے کتنا عزیز ہے اگر میری قوم مجھے یہاں سے نہ نکالتی تو میں تیرے علاوہ کہیں نہ ٹھہرتا۔

یہ حدیث مبارکہ اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۷۰۲ : بَابُ فِيْ فَضْلِ الْعَرَبِ

۷۰۲: باب عرب کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۶۱ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا اَبُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ قَابُوْسَ بْنِ اَبِيْ ظَبْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا سَلْمَانُ لَا تُبْغِضْنِيْ فَتُفَارِقَ دِيْنَكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اُبْغِضُكَ وَبِكَ هَدَانِيَ اللّٰهُ قَالَ تُبْغِضُ الْعَرَبَ فَتُبْغِضُنِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ بَدْرٍ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيْدِ.

۱۸۶۱: حضرت سلمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے سلمان مجھ سے بغض نہ رکھنا کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا دین تمہارے ہاتھ سے جاتا رہے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میں آپؐ سے کیسے بغض کر سکتا ہوں جبکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے آپؐ کے ذریعے ہدایت دی۔ آپؐ نے فرمایا: اگر تم عرب سے بغض رکھو گے تو گویا کہ مجھ سے بغض رکھو گے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابو بدر بن شجاع بن ولید کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۸۶۲ : حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ عَنْ مُخَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ يَدْخُلْ فِيْ شَفَاعَتِيْ وَلَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ الْاَحْمَسِيِّ عَنْ مُخَارِقٍ وَلَيْسَ حُصَيْنٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ بِذَاكَ الْقَوِيِّ.

۱۸۶۲: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عرب سے خیانت کرے گا وہ میری شفاعت میں داخل نہیں ہوگا اور اسے میری محبت نصیب نہیں ہوگی۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف حصین بن عمر احمسی کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ مخارق سے روایت کرتے ہیں۔ حصین بن عمر محدثین (رحمہم اللہ تعالیٰ) کے نزدیک زیادہ قوی نہیں۔

۱۸۶۳ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى نَا سُلَيْمَانُ ابْنُ حَرْبٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ رَزِيْنٍ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ كَانَتْ اُمُّ الْحَرِيْرِ اِذَا مَاتَ اَحَدٌ مِّنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا فَقِيْلَ لَهَا اِنَّا نَرَاكِ اِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ

۱۸۶۳: حضرت محمد بن ابی رزین اپنی والدہ سے نقل کرتے ہیں کہ ام حریر کا یہ حال تھا کہ اگر کوئی عربی فوت ہو جاتا تو وہ غمگین ہو جاتیں۔ لوگوں نے کہا ہم دیکھتے ہیں کہ کسی عربی کے فوت ہونے پر آپ کو سخت صدمہ ہوتا ہے انہوں نے فرمایا میں نے

عَلَيْكِ قَالَتْ سَمِعْتُ مَوْلَايَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي رَزِيْنٍ وَ مَوْلَاهَا طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ حَرْبٍ.

اپنے آزاد کردہ غلام سے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عرب کی ہلاکت، قیامت کی قربت کی نشانیوں میں سے ہے۔ محمد بن ابی رزین کہتے ہیں کہ ان کے غلام طلحہ بن مالک تھے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف سلیمان بن حرب کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۸۶۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ حَدَّثَتْنِي اُمُّ شَرِيْكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ حَتّٰى يَلْحَقُوْا بِالْجِبَالِ قَالَتْ اُمُّ شَرِيْكٍ يَارَسُولَ اللّٰهِ وَاَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ قَالَ هُمْ قَلِيْلٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۸۶۴: حضرت ام شریکؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ دجال سے بھاگیں گے یہاں تک کہ پہاڑوں میں جا کر رہنے لگیں گے۔ ام شریکؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دن عرب کہاں ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تھوڑے ہوں گے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۶۵: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ سَامُ اَبُو الْعَرَبِ وَيَافِثُ اَبُو الرُّوْمِ وَحَامُ اَبُو الْحَبَشِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَيُقَالُ يَافِثُ وَيَافِتُ وَيَفُتُ.

۱۸۶۵: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سام عرب کے باپ، یافث رومیوں کے باپ اور حام حبشیوں کے باپ ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور یافث کو یافت یعنی یفث بھی کہتے ہیں۔

۶۰۳: بَابٌ فِي فَضْلِ الْعَجَمِ

۶۰۳: باب عجم کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۶۶: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ نَا صَالِحُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ ذُكِرَتِ الْاَعَاجِمُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنَا بِهِمْ اَوْبِبَعْضِهِمْ اَوْثَقُ مِنِّي بِكُمْ اَوْ بِبَعْضِكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِي بَكْرِبْنِ عَيَّاشٍ وَصَالِحٌ هُوَ ابْنُ مِهْرَانَ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ.

۱۸۶۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عجم کا ذکر کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ان میں سے بعض پر تم لوگوں میں سے بعض سے زیادہ اعتماد ہے۔ یا (فرمایا) تم میں سے بعض کی نسبت زیادہ اعتماد ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف ابو بکر بن عیاش کی روایت سے جانتے ہیں صالح وہ مہران کے بیٹے اور عمرو بن حریث کے مولیٰ ہیں۔

۱۸۶۷: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنِي ثَوْرُبْنُ زَيْدٍ الدِّيْلِيُّ عَنْ اَبِي الْغَيْثِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

۱۸۶۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب سورۂ جمعہ نازل ہوئی تو ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس تھے آپ ﷺ نے

قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ فَتَلاهَا فَلَمَّا بَلَغَ وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ قَالَ لَهٗ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِنَا فَلَمْ يُكَلِّمْهُ قَالَ وَسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ فِيْنَا قَالَ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلٰى سَلْمَانَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْكَانَ الْاِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهٗ رِجَالٌ مِنْ هٰؤُلَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

یہ سورۃ پڑھی اور جب "وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ ....الآیہ" پر پہنچے تو ایک آدمی نے آپ ﷺ سے پوچھا کہ وہ کون ہیں جو ہم سے ابھی نہیں ملے؟ آپ ﷺ خاموش رہے۔ راوی فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسیؓ بھی ہم میں موجود تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ حضرت سلمان فارسیؓ پر رکھا اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر ایمان ثریا پر بھی ہوتا تو بھی اس کی قوم میں سے کچھ لوگ اسے حاصل کر لیتے۔ یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً منقول ہے۔

۶۰۴ : بَابٌ فِیْ فَضْلِ الْيَمَنِ

۶۰۴: باب اہل یمن کی فضیلت کے متعلق

۱۸۶۸ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ زِيَادٍ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْانَا اَبُوْدَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ قِبَلَ الْيَمَنِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقُلُوْبِهِمْ وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

۱۸۶۸: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف دیکھ کر دعا فرمائی یا اللہ! ان کے دل ہماری طرف پھیر دے اور ہمارے صاع اور مد (وزن کے پیمانے) میں برکت عطا فرما۔ یہ حدیث زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف عمران قطان کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۸۶۹ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ هُمْ اَضْعَفُ قُلُوْبًا وَاَرَقُّ اَفْئِدَةً اَلْاِ يْمَانُ يَمَانٍ وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَّةٌ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۱۸۶۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے پاس اہل یمن آئے ہیں جو بہت کمزور دل اور نرم طبیعت والے ہیں۔ ایمان بھی یمن سے نکلا ہے اور حکمت بھی یمن ہی سے نکلی ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور ابن مسعودؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۷۰ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ نَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ صَالِحٍ نَا اَبُوْ مَرْيَمَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُلْكُ فِیْ قُرَيْشٍ وَالْقَضَاءُ فِی الْاَنْصَارِ وَالْاَذَانُ فِی الْحَبَشَةِ وَالْاَمَانَةُ فِی الْاَزْدِيَعْنِی الْيَمَنَ.

۱۸۷۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہت قریش میں، قضاء (فیصلہ) انصار میں، اذان حبشہ میں اور امانت ازد یعنی یمن میں ہے۔

۱۸۷۱ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ مَرْيَمَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ.

۱۸۷۱: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالرحمٰن بن مہدی انہوں نے معاویہ بن صالح انہوں نے ابو مریم انصاری اور وہ ابو ہریرہؓ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہوئے اسے مرفوع نہیں کرتے ۔ یہ حدیث زید بن حباب کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۸۷۲ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ ثَنِیْ عَمِّیْ صَالِحُ بْنُ عَبْدِالْكَبِيْرِ بْنِ شُعَيْبٍ ثَنِیْ عَمِّیْ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَزْدُ اَسَدُاللّٰهِ فِی الْاَرْضِ يُرِيْدُ النَّاسُ اَنْ يَّضَعُوْهُمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّا اَنْ يَرْفَعَهُمْ وَلَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَقُوْلُ الرَّجُلُ يَا لَيْتَ اَبِیْ كَانَ اَزْدِيًّا يَالَيْتَ اُمِّیْ كَانَتْ اَزْدِيَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرُوِیَ عَنْ اَنَسٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مَوْقُوْفًا وَهُوَ عِنْدَنَا اَصَحُّ.

۱۸۷۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ازد (یعنی یمنی لوگ) کے رہنے والے اللہ کی زمین پر اس کے دین کے مددگار ہیں ۔ لوگ انہیں پست کرنا چاہیں گے لیکن اللہ تعالیٰ ان کی ایک نہ مانے گا بلکہ انہیں اور بلند کرے گا لوگوں پر ضرور ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی کہے گا کاش میرا باپ یمنی ہوتا، کاش میری ماں اہل یمن سے ہوتی ۔ یہ حدیث غریب ہے ۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ انسؓ سے موقوفاً بھی مروی ہے اور وہ ہمارے نزدیک زیادہ صحیح ہے۔

۱۸۷۳ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنِیْ مَهْدِیُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ ثَنِیْ غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ اِنْ لَّمْ تَكُنْ مِنَ الْاَزْدِ فَلَسْنَا مِنَ النَّاسِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۷۳: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ اگر ہم ازدی (یمن والوں سے) نہ ہوتے تو کامل لوگوں میں سے نہ ہوتے۔

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

۱۸۷۴ : حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ زَنْجُوِيَةَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ مِيْنَاءَ مَوْلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَجَاءَهٗ رَجُلٌ اَحْسَبُهٗ مِنْ قَيْسٍ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الْعَنْ حِمْيَرًا فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَهٗ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَهٗ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَهٗ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ حِمْيَرًا اَفْوَاهُهُمْ سَلَامٌ وَاَيْدِيْهُمْ طَعَامٌ وَهُمْ اَهْلُ اَمْنٍ وَاِيْمَانٍ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا

۱۸۷۴: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس تھے کہ ایک آدمی آیا میرا خیال ہے کہ وہ قیس میں سے تھا۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ قبیلہ حمیر پر لعنت بھیجئے ۔ آپؐ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ وہ دوسری جانب سے آیا تو آپؐ نے ادھر سے منہ پھیر لیا۔ وہ تیسری جانب سے آیا اس مرتبہ بھی آپؐ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ اور فرمایا: اللہ تعالیٰ قبیلۂ حمیر پر رحم فرمائے ۔ ان کے منہ میں اسلام اور ان کے ہاتھوں میں طعام ہے پھر وہ لوگ امن اور ایمان والے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے ۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے

نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَيُرْوٰى عَنْ مِيْنَآءَ اَحَادِيْثُ مَنَا كِيْرُ.

عبدالرزاق کی روایت سے جانتے ہیں۔ میناء سے اکثر منکر احادیث مروی ہیں۔

۶۰۵: بَابُ فِیْ غِفَارٍ وَاَسْلَمَ وَجُهَيْنَةَ وَمُزَيْنَةَ

۶۰۵: باب قبیلۂ غفار، اسلم، جہینہ اور مزینہ کی فضیلت کے بارے میں

۱۸۷۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَنْصَارُ وَ مُزَيْنَةُ وَجُهَيْنَةُ وَاَشْجَعُ وَغِفَارُ وَمَنْ كَانَ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ مَوَالِيْ لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلَاهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۷۵: حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار، مزینہ، جہینہ اشجع، غفار اور قبیلۂ عبدالدار کے لوگ میرے رفیق ہیں۔ اور اللہ کے علاوہ انکا کوئی رفیق نہیں۔ لہٰذا اللہ اور اس کا رسول ﷺ ان کے رفیق ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۰۶: بَابُ فِیْ ثَقِيْفٍ وَبَنِيْ حَنِيْفَةَ

۶۰۶: باب بنوثقیف اور بنوحنیفہ کے متعلق

۱۸۷۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْرَقَتْنَا نِبَالُ ثَقِيْفٍ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اهْدِ ثَقِيْفًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۱۸۷۶: حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمیں بنوثقیف کے تیروں نے جلا دیا ہے۔ لہٰذا ان کے لیے بددعا کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: اے اللہ ثقیف کو ہدایت دے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۱۸۷۷: حَدَّثَنَا زَيْدُبْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ نَا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ نَاهِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَكْرَهُ ثَلَاثَةَ اَحْيَاءٍ ثَقِيْفًا وَبَنِيْ حَنِيْفَةَ وَبَنِيْ اُمَيَّةَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸۷۷: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے تو تین قبیلوں کو پسند نہیں کرتے تھے، ثقیف، بنوحنیفہ اور بنوامیہ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۸۷۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِیْ ثَقِيْفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ وَاقِدٍ نَا شَرِيْكٌ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُصْمٍ يُكْنٰى اَبَا عَلْوَانَ وَهُوَ

۱۸۷۸۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قبیلۂ بنوثقیف میں ایک کذاب اور ایک ہلاک کرنے والا ہے۔ عبدالرحمٰن بن واقد نے شریک سے اسی سند سے اسی کی مانند حدیث نقل کی ہے۔ عبداللہ بن عصم کی کنیت ابوعلوان ہے اور وہ کوفی ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم

كُوفِيٌّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ شَرِيكٍ وَشَرِيكٌ يَقُولُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُصْمٍ وَاِسْرَائِيلُ يَرْوِى عَنْ هٰذَا الشَّيْخِ وَ يَقُولُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُصْمَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ.

اس حدیث کو صرف شریک کی روایت سے جانتے ہیں۔ وہ عبداللہ بن عصم سے روایت کرتے ہیں۔ اسرائیل ان سے روایت کرتے ہوئے انہیں عبداللہ بن عصمہ کہتے ہیں، اس باب میں حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۸۷۹ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا يَزِيدُبْنُ هَارُونَ نَا اَيُّوبُ عَنْ سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَهْدٰى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرَةً فَعَوَّضَهُ مِنْهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ فَتَسَخَّطَهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ فُلاَنًا اَهْدٰى اِلَيَّ نَاقَةً فَعَوَّضْتُهُ مِنْهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ فَظَلَّ سَاخِطًا لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لاَ اَقْبَلَ هَدِيَّةً اِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ اَوْ اَنْصَارِيٍّ اَوْثَقَفِيٍّ اَوْدَوْسِيٍّ وَفِي الْحَدِيثِ كَلاَمٌ اَكْثَرُ مِنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا حَدِيثٌ قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَيَزِيدُبْنُ هَارُونَ يَرْوِى عَنْ اَيُّوبَ اَبِي الْعَلاَءِ وَهُوَ اَيُّوبُ بْنُ مِسْكِينٍ وَيُقَالُ ابْنُ اَبِي مِسْكِينٍ وَلَعَلَّ هٰذَا الْحَدِيثُ الَّذِي رُوِىَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ الْمُقْبُرِيِّ هُوَ اَيُّوبُ اَبُو الْعَلاَءِ وَهُوَ اَيُّوبُ بْنُ مِسْكِينٍ وَ يُقَالُ ابْنُ اَبِي مِسْكِينٍ.

۱۸۷۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے نبی اکرم ﷺ کو ایک جوان اونٹنی ہدیے میں دی۔ آپؐ نے اسے اسکے بدلے چھ جوان اونٹنیاں عنایت فرمائیں۔ اس پر بھی وہ خفا رہا۔ پس جب یہ بات نبی اکرم ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: فلاں شخص نے مجھے بطور ہدیہ ایک اونٹنی دی جس کے بدلے میں نے اسے چھ اونٹنیاں دیں لیکن وہ اسکے باوجود ناراض ہے لہٰذا میں نے فیصلہ کیا ہے کہ قریشی، انصاری ثقفی اور دوسی کے علاوہ کسی سے ہدیہ قبول نہیں کروں گا۔ اس حدیث میں اور چیزوں کا بھی تذکرہ ہے۔ یہ حدیث حضرت ابوہریرہؓ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ یزید بن ہارون، ایوب ابی العلاء سے روایت کرتے ہیں۔ اور یہ ایوب بن مسکین ہیں۔ انہیں ابن مسکین بھی کہتے ہیں۔ شاید یہ وہی حدیث ہے جو ایوب سے سعید مقبری کے حوالے سے منقول ہے۔ ایوب' ابوعلاء اور ایوب بن مسکین ایک ہی شخص ہیں۔ ابن ابی مسکین بھی انہی کو کہتے ہیں۔

۱۸۸۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ نَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ الْحِمْصِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اَهْدٰى رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ نَاقَةً مِنْ اِبِلِهِ الَّذِي كَانُوا اَصَابُوا بِالْغَابَةِ فَعَوَّضَهُ مِنْهَا بَعْضَ الْعِوَضِ فَتَسَخَّطَهُ فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ اِنَّ رِجَالاً مِنَ الْعَرَبِ يُهْدِى اَحَدُهُمُ الْهَدِيَّةَ فَاُعَوِّضُهُ مِنْهَا بِقَدْرِمَا عِنْدِي ثُمَّ يَتَسَخَّطُهُ فَيَظَلُّ يَتَسَخَّطُ فِيهِ عَلَيَّ وَايْمُ اللّٰهِ لاَ اَقْبَلُ بَعْدَ مَقَامِي

۱۸۸۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنوفزارہ کے ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ان اونٹوں میں سے ایک اونٹنی دی جو اسے غابہ کے مقام سے ملے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس کے بدلے میں کچھ دیا تو وہ خفا ہوگیا۔ چنانچہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عرب کے لوگ مجھے ہدیہ دیتے ہیں اور میں بھی جو کچھ میرے پاس ہوتا ہے انہیں دے دیتا ہوں لیکن پھر بھی وہ اس کو ناپسند کرتے ہیں اور اسکی وجہ سے مجھ پر ناراض ہوتے ہیں۔ اللہ کی قسم میں آج کے بعد قریشی،

هٰذَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ هَدِيَّةً اِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ اَوْاَنْصَارِيٍّ اَوْ ثَقَفِيٍّ اَوْدَوْسِيٍّ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ.

انصاری، ثقفی اور دوسی کے علاوہ کسی عرب سے ہدیہ قبول نہیں کروں گا۔ یہ حدیث یزید بن ہارون کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۸۸۱: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ انَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَلَّاذٍ يُحَدِّثُ عَنْ نُمَيْرِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ مَسْرُوْحٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ اَبِيْ عَامِرٍ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الْحَيُّ الْاَسْدُ وَالْاَشْعَرُوْنَ لَا يَفِرُّوْنَ فِي الْقِتَالِ وَلَا يَغُلُّوْنَ هُمْ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ قَالَ فَحَدَّثْتُ بِذٰلِكَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ لَيْسَ هٰكَذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُمْ مِنِّيْ وَاِلَيَّ فَقُلْتُ لَيْسَ هٰكَذَا ثَنِيْ اَبِيْ وَلٰكِنَّهٗ ثَنِيْ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هُمْ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ قَالَ فَاَنْتَ اَعْلَمُ بِحَدِيْثِ اَبِيْكَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ وَهْبِ بْنِ جَرِيْرٍ وَيُقَالُ الْاَسْدُهُمُ الْاَزْدُ.

۱۸۸۱: حضرت عامر بن ابی عامرؓ اشعریؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنواسد اور بنواشعر بھی کتنے اچھے قبیلے ہیں۔ یہ لوگ جنگ میں فرار نہیں ہوتے اور مال غنیمت سے چراتے نہیں۔ وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں۔ راوی کہتے ہیں میں نے یہ حدیث معاویہؓ کو سنائی توانہوں نے کہا نبی اکرم ﷺ نے اس طرح نہیں بلکہ یوں فرمایا وہ مجھ سے ہیں اور میرے ہی ہیں۔ ابو عامر کہتے ہیں میں نے کہا میرے والد نے مجھ سے اس طرح بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں۔ حضرت معاویہؓ نے فرمایا تم اپنے باپ کی روایت کو زیادہ بہتر جانتے ہوگے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف وہب بن جریر کی روایت سے جانتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اسد اور ازد دونوں ایک ہی قبیلہ ہیں۔

۱۸۸۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَاَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ وَبُرَيْدَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۸۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: قبیلہ اسلم کو اللہ صحیح وسالم رکھے اور قبیلہ غفار کی اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ اس باب میں حضرت ابوذرؓ، ابو بریدہ اسلمیؓ، بریدہؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۸۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ وَغِفَارُ اللّٰهُ لَهَا وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۸۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبیلہ اسلم کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ قبیلہ غفار کو اللہ تعالیٰ بخش دے اور عیصہ نے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی نافرمانی کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۸۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُؤَمَّلٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ نَحْوَ حَدِيْثِ شُعْبَةَ وَزَادَ فِيْهِ وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۱۸۸۴: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے مؤمل سے انہوں نے سفیان سے اور وہ عبداللہ سے شعبہ کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔

صَحِيْحٌ.

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۸۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَغِفَارُ وَاَسْلَمُ وَمُزَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ اَوْقَالَ جُهَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ مُزَيْنَةَ خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ اَسَدٍ وَطَيِّ وَغَطْفَانَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۸۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے۔ غفار، اسلم، مزینہ اور جہینہ کے لوگ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک اسد، طی اور غطفان کے لوگوں سے بہتر ہوں گے۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۸۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ جَاءَ نَفَرٌ مِنْ بَنِیْ تَمِيْمٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرُوْا يَابَنِیْ تَمِيْمٍ قَالُوْا بَشَّرْتَنَا فَاَعْطِنَا قَالَ فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ نَفَرٌ مِّنْ اَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰی اِذَا لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ قَالُوْا قَدْ قَبِلْنَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۸۶: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ بنو تمیم کا ایک وفد نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے فرمایا: اے بنو تمیم تمہیں بشارت ہو۔ وہ کہنے لگے۔ آپؐ ہمیں بشارت دے رہے ہیں تو کچھ عنایت بھی کیجئے۔ راوی کہتے ہیں کہ اس پر آپ کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا۔ پھر یمن والوں کی ایک جماعت آئی تو آپؐ نے ان سے فرمایا: تم لوگ خوشخبری قبول کرلو۔ اس لیے کہ بنو تمیم نے قبول نہیں کی۔ انہوں نے عرض کیا: ہم نے اسے قبول کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۸۸۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ خَيْرٌ مِّنْ تَمِيْمٍ وَاَسَدٍ وَغَطْفَانَ وَبَنِیْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ يَمُدُّبِهَا صَوْتَهٗ فَقَالَ الْقَوْمُ قَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا قَالَ فَهُوَ خَيْرٌ مِّنْهُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۸۸۷: حضرت ابوبکرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسلم، غفار اور مزینہ کے لوگ، تمیم، اسد غطفان اور بنو عامر بن صعصعہ کے لوگوں سے بہتر ہیں اور ان کا ذکر کرتے ہوئے آپ آواز کو بلند کرتے تھے۔ چنانچہ لوگ کہنے لگے کہ یہ لوگ محروم ہو گئے اور خسارے میں رہ گئے۔ آپؐ نے فرمایا وہ لوگ ان سے بہتر ہیں۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۰۷: بَابُ فِیْ فَضْلِ الشَّامِ وَالْيَمَنِ

۷۰۷: باب شام اور یمن کی فضیلت کے متعلق

۱۸۸۸: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اٰدَمَ بْنُ اِبْنَةِ اَزْهَرَ السَّمَّانِ ثَنِیْ جَدِّیْ اَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ يَمَنِنَا قَالُوْا وَفِیْ نَجْدِنَا قَالَ هُنَا لِكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِهَا

۱۸۸۸: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی کہ یا اللہ ہمارے شام اور ہمارے یمن میں برکت عطا فرما۔ لوگوں نے عرض کیا اور ہمارے نجد میں لیکن آپؐ نے اس مرتبہ بھی شام اور یمن ہی کے لیے برکت کی دعا کی لوگوں نے دوبارہ عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا

اَوْقَالَ مِنْهَا يَخْرُجُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَوْنٍ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

وہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ (یعنی اس کے مددگار) نکلے گا۔ یہ حدیث اس سند یعنی ابن عون کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور سالم بن عبد اللہ کی روایت سے بھی منقول ہے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔

۱۸۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ نَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَمَاسَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ نُؤَلِّفُ الْقُرْاٰنَ مِنَ الرِّقَاعِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ طُوْبٰى لِلشَّامِ فَقُلْنَا لِاَیِّ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لِاَنَّ مَلَائِكَةَ الرَّحْمٰنِ بَاسِطَةٌ اَجْنِحَتَهَا عَلَيْهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ.

۱۸۸۹: حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے چمڑے کے ٹکڑوں سے قرآن جمع کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شام کے لیے بھلائی ہے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس وجہ سے۔ آپؐ نے فرمایا اس لیے کہ رحمٰن کے فرشتے ان پر اپنے پر پھیلائے ہوئے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو یحییٰ بن ایوب کی روایت سے جانتے ہیں۔

۱۸۹۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ يَفْتَخِرُوْنَ بِآبَائِهِمُ الَّذِيْنَ مَاتُوْا اِنَّمَا هُمْ فَحْمُ جَهَنَّمَ اَوْلَيَكُوْنُنَّ اَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِیْ يُدَهْدِهُ الْخِرَاءَ بِاَنْفِهِ اِنَّ اللّٰهَ اَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْاٰبَاءِ اِنَّمَا هُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ وَفَاجِرٌ شَقِیٌّ وَالنَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُوْاٰدَمَ وَاٰدَمُ خُلِقَ مِنَ التُّرَابِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَمْرٍو ابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۸۹۰: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ لوگ اپنے ان آباؤ اجداد پر فخر کرنے سے باز رہیں (جو زمانہ جاہلیت میں مر گئے) وہ جہنم کا کوئلہ ہیں۔ اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے نزدیک گوبر کے کیڑے سے بھی زیادہ ذلیل ہو جائے گا۔ جو اپنی ناک سے گوبر کی گولیاں بناتا ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں سے جاہلیت کے تکبر اور آباء واجداد کے فخر کو دور کر دیا ہے۔ اب تو لوگ یا مؤمن متقی ہیں یا فاجر، بدبخت اور نسب کی حقیقت یہ ہے کہ سب لوگ آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدمؑ کو مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عمر ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۸۹۱: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسَى بْنِ اَبِیْ عَلْقَمَةَ الْفَرْوِیُّ الْمَدِيْنِیُّ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْاَذْهَبَ

۱۸۹۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں سے زمانہ جاہلیت کے تکبر اور باپ دادا پر فخر کرنا دور کر دیا ہے اب دو قسم کے لوگ ہیں، متقی مؤمن یا بدکار اور بدبخت۔ پھر تمام لوگ آدمؑ کی اولاد ہیں اور آدمؑ مٹی

اللّٰهُ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْاٰبَاءِ مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ وَالنَّاسُ بَنُوْاٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَسَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ قَدْ سَمِعَ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَيَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ اَشْيَاءَ كَثِيْرَةً عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَدْرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُوَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَحَدِيْثِ اَبِيْ عَامِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ.

سے پیدا کئے گئے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔سعید مقبری نے حضرت ابو ہریرہؓ سے احادیث سنی ہیں اور بواسطہ والد حضرت ابو ہریرہؓ سے بہت سی احادیث نقل کی ہیں سفیان ثوری اور کئی حضرات یہ حدیث ہشام بن سعد وہ سعید مقبری سے وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی اکرمؐ سے ابو عامر ہی کی حدیث کی مانند نقل کرتے ہیں۔ جو ہشام بن سعد سے منقول ہے مسند یہاں ختم ہوگئی۔ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔اور درود وسلام ہو ہمارے سردار حضرت محمدؐ اور آپ کی پاکیزہ آل پر۔

خلاصۃ الابواب : مدینہ منورہ کا تقدس اور اس کی عظمت شان صرف اسی بات سے ظاہر ہے کہ وہ سرور انبیاء علیہم السلام کا مسکن رہا تھا اور ان کا مدفن ہے یہ ایک ایسی بڑی فضیلت ہے کو کسی دوسرے مقام کو نصیب نہیں اور کوئی دوسری فضیلت کیسی ہی کیوں نہ ہو اس کی ہمسری کسی طرح نہیں کرسکتی۔ مدینہ منورہ کے نام احادیث میں بکثرت وارد ہوئے ہیں یہ بھی ایک شعبہ اس کی فضیلت کا ہے مثلاً طابہ، طائبہ، طیبہ۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ مدینہ منورہ نہایت پاکیزہ مقام ہے نجاسات معنوی یعنی شرک وکفر سے پاک ہے اور نجاسات ظاہری سے بھی بَری ہے وہاں کے در و دیوار اور ہر چیز میں حتیٰ کہ مٹی میں بھی نہایت لطیف خوشبو آتی ہے جو ہرگز کسی دوسری خوشبودار چیز میں نہیں پائی جاتی۔ شیخ شبلیؒ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ کی مٹی میں ایک عجیب خوشبو ہے جو مشک وعنبر میں ہرگز نہیں۔ نبی کریم ﷺ جب مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے چلنے لگے تو دعاء کی اے اللہ اگر مجھے اس شہر سے نکالنا ہے جو تمام مقامات سے زیادہ مجھے محبوب ہے تو اس مقام میں مجھے لے جا جو تمام شہروں سے زیادہ تجھے محبوب ہو۔ نبیؐ نے فرمایا کہ میرے گھر (روضہ مقدس) اور میرے منبر کے درمیان ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے اور میرا منبر (قیامت کے دن) میرے حوض کے اوپر ہوگا۔علماء نے اس حدیث کے کئی مطالب بیان کئے ہیں مگر صحیح مطلب یہ ہے کہ وہ خطہ، پاک جو روضہ اقدس اور منبر اطہر کے درمیان ہے بعینہٖ اُٹھ کر جنت الفردوس میں چلا جائے گا جس طرح کہ دنیا کے تمام مقامات برباد ہو جائیں گے اس مقام پر کوئی آفت نہیں آئے گی یہی مطلب ہے اس کے باغ ہونے کا بہشت کے باغوں میں سے اور حضورؐ کا منبر عالی قیامت از سر نو اعادہ کیا جائے گا جس طرح آدمیوں کے جسموں کا اعادہ ہوگا پھر وہ منبر آپ ﷺ کے حوض پر نصب کر دیا جائے گا۔ حضرت عمر فاروقؓ کعبہ کو مستثنیٰ کر کے مدینہ طیبہ کو مکہ سے افضل کہتے ہیں۔ مکہ مکرمہ وہ شہر ہے جس میں بیت اللہ اور جس پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں روئے زمین میں یہی ایک جگہ ہے جہاں حج جیسی عبادت کی جاتی ہے۔ نبی کریم ﷺ عربی ہیں اس طرح تمام عرب بھی افضل ہو گئے نسب بہت اونچی ہے اس لئے حضور ﷺ نے فرمایا کہ عرب سے محبت کرو اور جو ان سے بغض رکھے گا گویا میرے ساتھ بغض رکھتا ہے۔اہل یمن کے بارے میں حضور ﷺ نے بہت تعریفی کلمات ارشاد فرمائے کہ یہ دل کے نرم ہیں ایمان والے اور حکمت بھی یمن ہی سے نکلی ہے۔صحابہ کرامؓ کی مقدس جماعت میں انصار کو ایک خاص امتیاز حاصل ہے ان کے علمی، مذہبی، اخلاقی اور سیاسی کارناموں سے اسلام اور مسلمانوں کو عزت اور شوکت نصیب ہوئی۔

اٰخِرُ الْمُسْنَدِ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلٰوتُهٗ وَسَلَامُهٗ عَلٰى سَيِّدِ نَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ.

كِتَابُ الْعِلَلِ

کتاب: حدیث کی علتوں اور راویوں کی جرح وتعدیل کے بارے میں

اَخْبَرَنَا الْكَرُوخِيُّ نَا لْقَاضِيُّ اَبُوْ عَامِرِ الْاَزْدِيُّ وَالشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرِ الْغُوْرجِيُّ وَاَبُو الْمُظَفَّرِ الدَّهَّانُ قَالُوْا اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ الْجَرَّاحِيُّ نَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْمَحْبُوْبِي اَنَا اَبُوْ عِيسٰى قَالَ جَمِيْعُ مَافِي هٰذَا الْكِتَابِ مِنَ الْحَدِيْثِ هُوَ مَعْمُوْلٌ بِهٖ وَبِهٖ اَخَذَ بَعْضُ اَهْلُ الْعِلْمِ مَا خَلاَ حَدِيْثَيْنِ حَدِيْثُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِالْمَدِيْنَةِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَلاَ سَفَرٍ وَلاَ مَطَرٍ وَحَدِيْثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ فَاِنْ عَادَ فِي الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ وَ قَدْبَيَّنَّا عِلَّةَ الْحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا فِي الْكِتَابِ وَمَا ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ مِنْ اِخْتِيَارِ الْفُقَهَاءِ فَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ فَاَكْثَرُهٗ مَا حَدَّثَنَا بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْكُوْفِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ وَمِنْهُ مَا حَدَّثَنِيْ بِهٖ اَبُو الْفَضْلِ مَكْتُوْمُ بْنُ الْعَبَّاسِ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ عَنْ سُفْيَانَ وَمَا كَانَ مِنْ قَوْلِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ فَاَكْثَرُهٗ مَا حَدَّثَنَا بِهٖ اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنُ بْنُ عِيْسَى الْقَزَّازُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ اَبْوَابِ الصَّوْمِ فَاَخْبَرَنَا بِهٖ اَبُوْ مُصْعَبِ الْمَدِيْنِيُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَبَعْضُ كَلاَمِ مَالِكٍ مَا اَخْبَرَنَا بِهٖ مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ

خبر دی ہم کو کرخی نے ان کو قاضی ابو عامر ازدی نے اور شیخ غورجی اور ابو مظفر دھان تینوں نے کہا کہ خبر دی ہم کو ابو محمد جرامی نے ان کو ابو العاس محبوبی نے ان کو ابو عیسیٰ ترمذیؒ نے کہ انہوں نے فرمایا اس کتاب کی تمام احادیث پر عمل ہے بعض علماء نے اس کو اپنایا۔ البتہ دو حدیثیں ایک حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کہ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں کسی خوف، سفر اور بارش کے بغیر ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھیں ۔ دوسری حدیث یہ کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی شراب پیئے تو اسے کوڑے مارو اگر چوتھی مرتبہ یہ حرکت کرے تو اسے قتل کر دو اور ہم (امام ترمذیؒ) ان دونوں حدیثوں کی علتیں اس کتاب میں بیان کر چکے ہیں۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ) ہم نے اس کتاب میں فقہاء کے مذاہب نقل کیے ہیں۔ ان میں سفیان ثوریؒ کے اقوال میں سے اکثر اقوال ہم نے محمد بن عثمان کوفی سے انہوں نے عبید اللہ بن موسیٰ سے اور انہوں نے سفیان ثوری سے نقل کیے ہیں جبکہ بعض اقوال ابو الفضل مکتوم بن عباس ترمذی سے وہ محمد بن یوسف فریابی سے اور وہ سفیان ثوری سے نقل کرتے ہیں۔ امام مالک بن انسؒ کے اکثر اقوال اسحٰق بن موسیٰ انصاری سے انہوں نے معن بن عیسیٰ فزاری سے اور انہوں نے امام مالکؒ سے نقل کیے ہیں۔ پھر روزوں کے ابواب میں مذکور اشیاء ہم نے ابو مصعب مدینی کے واسطے سے امام مالکؒ سے نقل کی ہیں جبکہ امام مالکؒ کے بعض اقوال ہم سے موسیٰ بن حزام نے عبد اللہ بن مسلمہ قعنبی کے واسطے سے

اَنَسٍ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ ابْنِ الْمُبَارَكِ فَهُوَ مَا حَدَّثَنَا بِهٖ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الْاٰمُلِيُّ عَنْ اَصْحَابِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْهُ وَمِنْهُ مَارُوِىَ عَنْ اَبِىْ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَمِنْهُ مَارُوِىَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَمِنْهُ مَارُوِىَ عَنْ عَبْدَ انَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَمِنْهُ مَارُوِىَ عَنْ حَبَّانَ بْنِ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَمِنْهُ مَارُوِىَ عَنْ وَهْبِ بْنِ زَمْعَةَ عَنْ فَضَالَةَ النَّسَوِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَلَهٗ رِجَالٌ مُسَمُّوْنَ سِوٰى مِنْ ذَكَرْنَا عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ الشَّافِعِيِّ فَاَكْثَرُهٗ مَا اَخْبَرَنِىْ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ عَنِ الشَّافِعِيِّ وَمَا كَانَ مِنَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلَاةِ حَدَّثَنَا بِهٖ اَبُو الْوَلِيْدِ الْمَكِّيُّ عَنِ الشَّافِعِيِّ وَمِنْهُ مَاحَدَّثَنَا اَبُو اِسْمٰعِيْلَ نَا يُوْسُفُ بْنُ يَحْيَى الْقُرَشِيُّ الْبُوَيْطِيُّ عَنِ الشَّافِعِيِّ وَذَكَرَ فِيْهِ اَشْيَاءَ عَنِ الرَّبِيْعِ عَنِ الشَّافِعِيِّ وَ قَدْاَجَازَلَنَا الرَّبِيْعُ ذٰلِكَ وَكَتَبَ بِهٖ اِلَيْنَا وَ مَاكَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَاِسْحٰقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ فَهُوَ مَا اَخْبَرَنَا بِهٖ اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ اِلَّا مَافِىْ اَبْوَابِ الْحَجِّ وَالدِّيَاتِ وَالْحُدُوْدِ فَاِنِّىْ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ اِسْحَاقَ بْنِ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنِىْ بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْاَصَمُّ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَحْمَدَ وَ اِسْحَاقَ وَبَعْضُ كَلَامِ اِسْحَاقَ اَخْبَرَنَا بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ عَنْ اِسْحَاقَ وَقَدْ بَيَّنَّا هٰذَا عَلٰى وَجْهِهٖ فِى الْكِتَابِ الَّذِىْ فِيْهِ الْمَوْقُوْفُ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ ذِكْرِ الْعِلَلِ فِى الْاَحَادِيْثِ وَالرِّجَالِ وَالتَّارِيْخِ فَهُوَ مَااسْتَخْرَجْتُهٗ مِنْ كِتَابِ التَّارِيْخِ وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ مَانَا ظَرْتُ بِهٖ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ وَمِنْهُ مَانَا ظَرْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

امام مالکؒ سے نقل کیے ہیں۔ ابن مبارک کے اقوال احمد بن عبدہ آملی ابن مبارک کے شاگردوں کے واسطے سے نقل کرتے ہیں۔ پھر ان کے بعض اقوال ابووہب نے ابن مبارک سے نقل کئے کچھ اقوال علی بن حسن نے اور بعض اقوال عبدان نے سفیان بن عبدالملک کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن مبارک سے نقل کئے ہیں۔ حبان بن موسیٰ، وہب بن زمعہ بواسطہ فضالہ نسوی اور کچھ دوسرے لوگ بھی ابن مبارک کے اقوال نقل کرتے ہیں۔ امام شافعیؒ کے اکثر اقوال حسن بن محمد زعفرانی کے واسطے سے امام شافعیؒ سے منقول ہیں۔ وضوء اور نماز کے ابواب میں مذکر امام شافعیؒ کے اقوال میں سے بعض ابو ولید مکی کے واسطے سے اور بعض ابو اسمٰعیل سے یوسف بن یحییٰ کے حوالے سے امام شافعیؒ سے نقل کیے ہیں۔ ابو اسمٰعیل اکثر ربیع کے واسطے سے امام شافعیؒ کے اقوال نقل کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ربیع نے ہمیں یہ چیزیں بیان کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ اور اسحٰق بن ابراہیم کے اقوال اسحٰق بن منصور نے نقل کئے البتہ ابواب حج، دیت اور حدود سے متعلق اقوال ہمیں محمد بن موسیٰ اصم کے واسطہ سے اسحٰق بن منصور سے معلوم ہوئے۔ اسحٰق کے بعض اقوال محمد بن فلیح بھی بیان کردی ہیں۔ ہم نے اس کتاب میں سندیں اچھی طرح بیان کردتے ہیں کہ یہ روایات موقوف ہیں اسی طرح احادیث کی علتیں، راویوں کے احوال اور تاریخ وغیرہ بھی مذکور ہیں۔ تاریخ میں (امام ترمذیؒ) نے کتاب التاریخ (امام بخاریؒ کی کتاب) سے نقل کی ہے۔ پھر اکثر علتیں ایسی ہیں جن کے متعلق میں نے خود امام بخاریؒ سے گفتگو کی ہے جبکہ بعض کے متعلق عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابوزرعہ سے مناظرہ کیا ہے چنانچہ اکثر امام بخاریؒ سے اور بعض ابوزرعہ سے نقل کی ہیں۔ ہماری اس کتاب میں فقہاء کے اقوال اور احادیث کی علتیں بیان کرنے کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں نے خود اس کی فرمائش کی تھی۔ چنانچہ ایک مدت تک

وَاَبَا زُرْعَةَ وَاَكْثَرُ ذٰلِکَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَاَقَلُّ شَیْءٍ فِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِیْ زُرْعَةَ وَاِنَّمَا حَمَلْنَا عَلٰی مَابَیَّنَّا فِیْ هٰذَا الْکِتَابِ مِنْ قَوْلِ الْفُقَهَاءِ وَعِلَلِ الْحَدِیْثِ لِاَ نَّا سُئِلْنَا عَنْ هٰذَا فَلَمْ نَفْعَلْهُ زَمَانًا ثُمَّ فَعَلْنَاهُ لِمَارَجَوْنَا فِیْهِ مِنْ مَنْفَعَةِ النَّاسِ لِاَنَّا قَدْوَجَدْ نَا غَیْرَوَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ تَکَلَّفُوْامِنَ التَّصْنِیْفِ مَالَمْ یُسْبَقُوْا اِلَیْهِ مِنْهُمْ هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ وَ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ جُرَیْجٍ وَسَعِیْدُ ابْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ وَمَا لِکُ بْنُ اَنَسٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَکِ وَیَحْیٰی بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ وَوَکِیْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَغَیْرُ هُمْ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ صَنَّفُوْا فَجَعَلَ اللّٰهُ فِیْ ذٰلِکَ مَنْفَعَةً کَثِیْرَةً فَنَرْجُوْا لَهُمْ بِذٰلِکَ الثَّوَابَ الْجَزِیْلَ عِنْدَ اللّٰهِ لِمَا نَفَعَ اللّٰهُ الْمُسْلِمِیْنَ بِهٖ فَبِهِمْ الْقُدْوَةُ فِیْمَا صَنَّفُوْاوَقَدْعَابَ بَعْضُ مَنْ لَا یَفْهَمُ عَلٰی اَهْلِ الْحَدِیْثِ الْکَلَامَ فِی الرِّجَالِ وَقَدْوَجَدْنَا غَیْرَوَاحِدٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ مِنَ التَّابِعِیْنَ قَدْ تَکَلَّمُوْا فِی الرِّجَالِ مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ وَطَاؤُسٌ تَکَلَّمَا فِیْ مَعْبَدِ الْجُهَنِیِّ وَتَکَلَّمَ سَعِیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ فِیْ طَلْقِ بْنِ حَبِیْبٍ وَقَدْ تَکَلَّمَ اِبْرَاهِیْمُ النَّخَعِیُّ وَعَامِرُ الشَّعْبِیُّ فِی الْحَارِثِ الْاَعْوَرِوَهٰکَذَا رُوِیَ عَنْ اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ وَسُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ وَشُعْبَةَ ابْنِ الْحَجَّاجِ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَا لِکِ بْنِ اَنَسٍ وَ الْاَوْزَاعِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَکِ وَیَحْیٰی بْنِ سَعِیْدِ الْقَطَّانِ وَوَکِیْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ مَهْدِیٍّ وَغَیْرِ هِمْ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُمْ تَکَلَّمُوْا فِی الرِّجَالِ وَ ضَعَّفُوْا فَاِنَّمَا حَمَلَهُمْ عَلٰی ذٰلِکَ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ النَّصِیْحَةُ لِلْمُسْلِمِیْنَ لَا یُظَنُّ بِهِمْ اَنَّهُمْ اَرَادُوا الطَّعْنَ عَلَی النَّاسِ اَوِالْغِیْبَةَ اِنَّمَا

یہ چیزیں اس میں نہیں تھیں لیکن جب یقین ہوگیا کہ واقعی اس میں فائدہ ہے تو انہیں بھی شامل کردیا۔ کیونکہ ہم نے دیکھا کہ بہت سے ائمہ کرام نے سخت مشقت اٹھانے کے بعد ایسی تصانیف کیں جو ان سے پہلے نہیں تھیں۔ ان میں ہشام بن حسان، عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج، سعد بن ابی عروبہ، مالک بن انس، حماد بن سلمہ، عبداللہ بن مبارک، یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ، وکیع بن جراح اور عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرہ شامل ہیں۔ یہ تمام حضرات اہل علم ہیں۔ ان کی تصانیف سے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو فائدہ پہنچایا لہٰذا وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عظیم ثواب کے مستحق ہیں۔ پھر یہ لوگ تصنیف کے میدان میں اقتداء کے قابل ہیں۔ بعض حضرات نے محدثین پر نقد وجرح کو اچھا نہیں سمجھا لیکن ہم نے متعدد تابعین کو دیکھا کہ انہوں نے راویوں کے بارے میں گفتگو کی۔ ان میں حضرت حسن بصری اور طاؤس بھی ہیں ان دونوں نے معبد جہنی پر اعتراضات کیے ہیں۔ سعید بن جبیر نے طلق بن حبیب پر اور ابراہیم نخعی اور عامر شعبی نے حارث اعور پر اعتراضات کئے ہیں۔ ایوب سختیانی، عبداللہ بن عوف، سلمان تیمی، شعبہ بن حجاج، سفیان ثوری، مالک بن انس، اوزاعی، عبداللہ بن مبارک، یحییٰ بن سعید قطان، وکیع بن جراح اور عبدالرحمٰن بن مہدی اور کئی دوسرے اہل علم نے رجال (راویوں) کے بارے میں گفتگو کی اور انہیں ضعیف قرار دیا۔ ہمارے نزدیک اسکی وجہ مسمانوں کی خیرخواہی ہے۔ واللہ اعلم۔ یہ گمان مناسب نہیں کہ ان اہل علم حضرات نے طعن وتشنیع یا غیبت کا ارادہ کیا بلکہ انہوں نے ان کا ضعف اس لیے بیان کیا کہ حدیث میں ان کی پہچان ہوسکے کیونکہ ان ضعفاء میں سے کوئی صاحب عدت تھا کوئی مہتم تھا کوئی اکثر غلطیوں کا مرتکب ہوتا تھا کوئی غفلت برتتا تھا اور کوئی حافظے کی کمزوری کی وجہ سے، اپنی حدیث بھول جایا کرتا تھا۔ پھر اسکی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ دین کی

اَرَادُوْاعِنْدَنَا اَنْ يُبَيِّنُوْا ضَعْفَ هٰؤُلَاءِ لِكَىْ يُعْرَفُوْالِاَنَّ بَعْضَ الَّذِيْنَ ضُعِّفُوْاكَانَ صَاحِبُ بِدْعَةٍ وَبَعْضُهُمْ كَانَ مُتَّهِمًا فِى الْحَدِيْثِ وَ بَعْضُهُمْ كَانُوْا اَصْحَابَ غَفْلَةٍ وَكَثْرَةِ خَطَاءٍ فَاَرَادَ هٰؤُلَاءِ الْاَئِمَّةُ اَنْ يُبَيِّنُوْا اَحْوَالَهُمْ شَفَقَةً عَلَى الدِّيْنِ وَتَثْبِيْتًا لِاَنَّ الشَّهَادَةَ فِى الدِّيْنِ اَحَقُّ اَنْ يُتَثَبَّتَ فِيْهَا مِنَ الشَّهَادَةِ فِى الْحُقُوْقِ وَالْاَمْوَالِ.

گواہی تحقیقات کی زیادہ محتاج ہے بہ نسبت حقوق واموال کے۔ لہٰذا اگر ان میں (یعنی حقوق واموال میں) بھی گواہوں کا ترکیہ ضروری ہے تو اس میں (یعنی دین میں) تو بدرجہ اولٰی ضروری ہے۔

۱: اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ ثَنِىْ اَبِىْ قَالَ سَاَلْتُ سُفْيَانَ الثَّوْرِىَّ وَشُعْبَةَ وَمَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ عَنِ الرَّجُلِ تَكُوْنُ فِيْهِ تُهْمَةٌ اَوْضَعْفٌ اَسْكُتُ اَوْاُبَيِّنُ قَالُوْا بَيِّنْ.

۱: ہم سے روایت کی محمد اسمٰعیل نے انہوں نے محمد بن یحییٰ بن سعید قطان سے اور وہ اپنے اوالد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے سفیان ثوری، شعبہ، مالک بن انس اور سفیان بن عیینہ سے پوچھا کہ اگر کسی شخص میں ضعف ہو یا وہ کسی چیز میں متہم ہو تو میں اسے بیان کروں یا خاموش رہوں ان سب نے جواب دیا کہ بیان کرو۔

۲: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ رَافِعِ النَّيْسَابُوْرِىُّ وَ يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ قَالَ قِيْلَ لِاَبِىْ بَكْرِبْنِ عَيَّاشٍ اِنَّ اُنَاسًا يَجْلِسُوْنَ وَيَجْلِسُ اِلَيْهِمُ النَّاسُ وَلَا يُسْتَاهَلُوْنَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ كُلُّ مَنْ جَلَسَ جَلَسَ اِلَيْهِ النَّاسُ وَصَاحِبُ السُّنَّةِ اِذَا مَاتَ اَحْيَى اللّٰهُ ذِكْرَهٗ وَالْمُبْتَدِعُ لَا يُذْكَرُ.

۲: ہم سے روایت کی محمد بن رافع نیشاپوری نے وہ یحییٰ بن آدم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ابوبکر بن عیاش سے کہا کہ ایسے لوگ حدیث بیان کرنے کے لیے بیٹھ جاتے ہیں جو اس کے اہل نہیں ہوتے اور لوگ بھی ان کے پاس بیٹھنے لگتے ہیں۔ ابوبکر بن عیاش نے کہا کہ جو کوئی بھی بیٹھے گا لوگ اس کے پاس آ کر بیٹھیں گے لیکن صاحب سنت کی موت کے بعد اللہ تعالیٰ اس کا ذکر لوگوں میں باقی رکھتے ہیں جبکہ بدعتی کا کوئی ذکر نہیں کرتا۔

۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ نَا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصَمُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كَانَ فِى الزَّمَنِ الْاَوَّلِ لَا يَسْاَلُوْنَ عَنِ الْاِسْنَادِ فَلَمَّا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ سَاَلُوْا عَنِ الْاِسْنَادِ لِكَىْ يَاْخُذُوْا حَدِيْثَ اَهْلِ السُّنَّةِ وَيَدَعُوْا حَدِيْثَ اَهْلِ الْبِدَعِ.

۳: ہم سے روایت کی محمد بن علی بن حسن بن شقیق نے انہوں نے نضر بن عبداللہ بن اصم سے انہوں نے اسمٰعیل بن زکریا سے وہ عاصم سے اور وہ ابن سیرین سے نقل کرتے ہیں کہ گزشتہ زمانے میں چونکہ لوگ سچے اور عادل ہوتے تھے اس لیے سندوں کے متعلق نہیں پوچھا جاتا تھا لیکن جب فتنوں کا دور آیا تو محدثین نے اسناد کا اہتمام شروع کر دیا۔ لیکن اسکے باوجود محدثین اہل سنت کی حدیث کو قبول کر لیتے ہیں اور اہل

بدعت کی روایت کو چھوڑ دیتے ہیں۔

۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ انَ يَقُوْلُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْاِسْنَادُ عِنْدِيْ مِنَ الدِّيْنِ لَوْلَا الْاِسْنَادُ لَقَالَ مَنْ شَآءَ مَاشَآءَ فَاِذَاقِيْلَ لَهُ مَنْ حَدَّثَكَ بَقِيَ.

۴: ہم سے روایت کی محمد بن علی بن حسن نے انہوں نے کہا کہ میں نے عبدان سے سنا وہ عبداللہ بن مبارک کا قول نقل کرتے ہیں کہ اسناد دین میں داخل ہیں کیونکہ اگر یہ نہ ہوتیں تو جس کا جو جی چاہتا کہہ دیتا۔ چنانچہ اسناد کی وجہ سے اگر راوی جھوٹا ہے تو پوچھنے پر مبہوت رہ جاتا ہے۔

۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ذُكِرَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ حَدِيْثٌ فَقَالَ يَحْتَاجُ لِهٰذَا اَرْكَانٌ مِنْ اٰجُرٍّ يَعْنِيْ اَنَّهُ ضَعَّفَ اِسْنَادَهُ.

۵: ہم سے روایت کی محمد بن علی نے وہ حبان بن موسیٰ سے نقل کرتے ہیں کہ ابن مبارک کے سامنے جب ایک حدیث بیان کی گئی تو انہوں نے فرمایا کہ اس کے لیے مضبوط اینٹوں کے ستونوں کی ضرورت ہے یعنی انہوں نے اسکی سند کو ضعیف قرار دیا۔

۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ نَا وَهْبُ بْنُ زَمْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهُ تَرَكَ حَدِيْثَ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ وَالْحَسَنِ بْنِ دِيْنَارٍ وَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَسْلَمِيِّ وَمُقَاتِلِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَعُثْمَانَ الْبُرِّيِّ وَرَوْحِ بْنِ مُسَافِرٍ وَاَبِيْ شَيْبَةَ الْوَاسِطِيِّ وَعَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ وَاَيُّوْبَ بْنِ خَوْطٍ وَ اَيُّوْبَ بْنِ سُوَيْدٍ وَنَصْرِ بْنِ طَرِيْفٍ اَبِيْ جَزْءٍ وَالْحَكَمِ وَحَبِيْبِ الْحَكَمُ رَوٰى لَهُ حَدِيْثًا فِي كِتَابِ الرِّقَاقِ ثُمَّ تَرَكَهُ وَحَبِيْبٌ لَا اَدْرِيْ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَسَمِعْتُ عَبْدَ انَ قَالَ كَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَرَأَ اَحَادِيْثَ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ وَكَانَ اَخِيْرًا اِذَا اَتٰى عَلَيْهَا اَعْرَضَ عَنْهَا وَكَانَ لَا يَذْكُرُهُ قَالَ اَحْمَدُ وَ ثَنَا اَبُوْ وَهْبٍ قَالَ سَمَّوْا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ رَجُلًا يُهِمُ فِي الْحَدِيْثِ فَقَالَ لَاَنْ اَقْطَعَ الطَّرِيْقَ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ اُحَدِّثَ عَنْهُ وَاَخْبَرَنِيْ مُوْسٰى بْنُ حِزَامٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ يَقُوْلُ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّرْوِيَ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ عَمْرٍو النَّخَعِيِّ الْكُوْفِيِّ وَسَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ يَقُوْلُ كُنَّا عِنْدَ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فَذَكَرُوْا مَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ

۶: ہم سے روایت کی محمد بن عبدہ نے وہ وہب بن زمعہ سے نقل کرتے ہیں کہ ابن مبارک نے ان حضرات سے احادیث روایت کرنا چھوڑ دیا تھا۔ حسن بن عمار، حسن بن دینار، ابراہیم بن محمد اسلمی، مقاتل بن سلمان، عثمان بری، روح بن مسافر، ابوشیبہ واسطی، عمرو بن ثابت، ایوب بن خوط، ایوب بن سوید، نصر بن طریف ابو جزء، حَکَم ورحبیب حَکَم۔ عبداللہ بن مبارک نے جیب حَکَم سے کتاب الرقاق میں ایک حدیث نقل کرنے کے بعد ترک کردی۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) میں حبیب کو نہیں جانتا۔ احمد بن عبدہ اورعبدان کہتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارک نے پہلے بکر بن خنیس کی احادیث پڑھیں لیکن آخر عمر میں جب ان کے سامنے بکر کی احادیث بیان کی جائیں تو وہ ان سے اعراض کر جاتے اوران (بکر بن خنیس) کا ذکر نہ کرتے۔ احمد، ابو وہب کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے ابن مبارک کے سامنے کسی شخص کا ذکر کیا کہ وہ احادیث میں وہم کیا کرتا تھا تو ابن مبارک نے فرمایا میرے نزدیک اسکی روایات لینے سے سفر کرنا بہتر ہے۔ موسیٰ بن حزام فرماتے ہیں کہ میں نے یزید بن ہارون کو فرماتے ہوئے سنا کہ سلیمان بن عمرو نخعی کوفی سے روایات لینا کسی کے لیے جائز

فَذَكَرُوْا فِيْهِ عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَغَيْرِ هِمْ فَقُلْتُ فِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ فَقَالَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ نَعَمْ.

نہیں۔ احمد بن حسن فرماتے ہیں کہ ہم امام احمد بن حنبلؒ کے پاس تھے کہ حاضرین نے ان لوگوں کا ذکر کیا جن پر جمعہ واجب ہوتا ہے کچھ لوگوں نے بعض اہل علم تابعین وغیرہ کے اقوال نقل کئے۔ لیکن میں نے نبی اکرمؐ کی حدیث بیان کی۔ امام احمد بن حنبلؒ نے پوچھا کہ نبی اکرمؐ سے مروی ہے۔ میں نے کہا۔ جی ہاں۔

۷: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ نَا الْمُعَارِكُ بْنُ عَبَّادٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ آوَاهُ اللَّيْلُ قَالَ فَغَضِبَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَقَالَ اسْتَغْفِرْ رَبَّكَ مَرَّتَيْنِ وَاِنَّمَا فَعَلَ هٰذَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ لِاَنَّهُ لَمْ يُصَدِّقْ هٰذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِضُعْفِ اِسْنَادِهٖ لِاَنَّهُ لَمْ يَعْرِفْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ جِدًّا فِي الْحَدِيْثِ فَكُلُّ مَنْ رُوِىَ عَنْهُ حَدِيْثٌ مِمَّنْ يُتَّهَمُ اَوْ يُضَعَّفُ لِغَفْلَتِهٖ وَكَثْرَةِ خَطَائِهٖ وَلَا يُعْرَفُ ذٰلِكَ الْحَدِيْثُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِهٖ فَلَا يَحْتَجُّ بِهٖ قَدْرَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ عَنِ الضُّعَفَاءِ وَبَيَّنُوْا اَحْوَالَهُمْ لِلنَّاسِ.

۷: (اور کہا میں نے) ہم سے روایت کی حجاج بن نصیر نے انہوں نے معارک بن عباد سے انہوں نے عبداللہ بن سعید مقبری سے وہ اپنے والد سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جمعہ اس پر واجب ہے جو رات تک اپنے گھر واپس آسکتا ہو۔ احمد بن حسن کہتے ہیں کہ امام احمد بن حنبلؒ یہ حدیث سن کر غصے میں آگئے اور فرمایا اپنے رب سے استغفار کر اپنے رب سے استغفار کر۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ وہ (امام احمد بن حنبلؒ) اس حدیث کی سند کو ضعیف سمجھتے تھے۔ اور حجاج بن نصیر محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں جبکہ عبداللہ بن سعید مقبری کو یحییٰ بن سعید بہت ضعیف قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ اگر کوئی حدیث کسی ایسے شخص سے منقول ہو کہ وہ جھوٹ، وضع یا ضعف وغیرہ میں متہم ہو تو ایسے شخص کی بیان کردہ حدیث قابل استدلال نہیں بشرطیکہ اس حدیث کو کسی اور ثقہ راوی نے بیان نہ کیا ہو۔ پھر بہت سے ائمہ نے ضعیف راویوں سے احادیث نقل کر کے ان حضرات کے احوال (ضعف) بیان کر دیئے ہیں۔

۸: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْذِرِ الْبَاهِلِيُّ نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ اِتَّقُوا الْكَلْبِيَّ فَقِيْلَ لَهٗ فَاِنَّكَ تَرْوِيْ عَنْهُ قَالَ اَنَا اَعْرِفُ صِدْقَهُ مِنْ كَذِبِهٖ وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ ثَنِيْ عَفَّانُ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ قَالَ لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ اِشْتَهَيْتُ كَلَامَهُ فَتَتَبَّعْتُهُ عَنْ اَصْحَابِ الْحَسَنِ فَاَتَيْتُ بِهٖ اَبَانَ بْنَ اَبِيْ عَيَّاشٍ فَقَرَأَهُ عَلَيَّ كُلَّهُ عَنِ الْحَسَنِ فَمَا اَسْتَحِلُّ اَنْ اَرْوِيَ عَنْهُ شَيْئًا

۸: ہم سے روایت کی ابراہیم بن عبداللہ بن منذر باہلی نے وہ یعلی بن عبید سے سفیان کا قول نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کلبی سے بچو۔ عرض کیا گیا آپ بھی تو ان سے روایت کرتے ہیں، سفیان نے جواب دیا میں ان کے جھوٹ اور سچ کو پہچانتا ہوں۔ محمد بن اسمٰعیل، یحییٰ بن معین سے وہ عفان سے اور وہ ابو عوانہ سے نقل کرتے ہیں کہ جب حسن بصری کا انتقال ہوا تو میں نے ان کا کلام تلاش کرنا شروع کیا چنانچہ میں ان کے اصحاب (ساتھیوں) سے ملا پھر ابان بن عیاش کے پاس

وَقَدْ رَوٰى عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَاِنْ كَانَ فِيْهِ مِنَ الضَّعْفِ وَالْغَفْلَةِ مَا وَصَفَهُ اَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُهُ فَلَا يُغْتَرُّ بِرِوَايَةِ الثِّقَاتِ عَنِ النَّاسِ لِاَنَّهُ يُرْوٰى عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيُحَدِّثُنِىْ فَمَا اَتَّهِمُهُ وَلٰكِنْ اَتَّهِمُ مَنْ فَوْقَهُ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فِىْ وِتْرِهٖ قَبْلَ الرُّكُوْعِ وَ رَوٰى اَبَانُ بْنُ اَبِىْ عَيَّاشٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فِىْ وِتْرِهٖ قَبْلَ الرُّكُوْعِ هٰكَذَا رَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَ هٰذَا اَوْزَادَ فِيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَتْنِىْ اُمِّىْ اَنَّهَا بَاتَتْ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ فِىْ وِتْرِهٖ قَبْلَ الرُّكُوْعِ وَاَبَانُ بْنُ اَبِىْ عَيَّاشٍ وَاِنْ كَانَ قَدْ وُصِفَ بِالْعِبَادَةِ وَالْاِجْتِهَادِ فَهٰذِهٖ حَالُهُ فِى الْحَدِيْثِ وَالْقَوْمُ كَانُوْا اَصْحَابَ حِفْظٍ فَرُبَّ رَجُلٍ وَاِنْ كَانَ صَالِحًا لَا يُقِيْمُ الشَّهَادَةَ وَلَا يَحْفَظُهَا فَكُلُّ مَنْ كَانَ مُتَّهَمًا فِى الْحَدِيْثِ فِى الْحَدِيْثِ بِالْكَذِبِ اَوْ كَانَ مُغَفَّلًا يُخْطِئُ الْكَثِيْرَ فَالَّذِىْ اخْتَارَهُ اَكْثَرُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ مِنَ الْاَئِمَّةِ اَنْ لَّا يُشْتَغَلَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ اَلَا تَرٰى اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ حَدَّثَ عَنْ قَوْمٍ مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ اَمْرُهُمْ تَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنْهُمْ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِىْ قَوْمٍ مِنْ اَجِلَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَضَعَّفُوْهُمْ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِمْ وَوَثَّقَهُمْ اٰخَرُوْنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ بِجَلَالَتِهِمْ وَصِدْقِهِمْ وَ اِنْ كَانُوْا قَدْ وَهِمُوْا فِىْ بَعْضِ مَارَوَوْا

آیا تو اس سے جو چیز بھی پوچھی جاتی وہ حسن ہی سے روایت کر دیتا حالانکہ وہ محض جھوٹا تھا۔لہٰذا اس کے بعد میں اس سے روایت کرنا جائز نہیں سمجھتا۔ ابان بن عیاش سے کئی ائمہ نے روایت کی ہے اگر چہ اس میں ضعف اور غفلت ہے جیسا کہ ابو عوانہ نے ان کے متعلق بیان کیا ہے۔ لہٰذا یہ مت سمجھو کہ ثقہ لوگ (راوی) اس سے روایت کرتے ہیں تو اس میں کوئی مضایقہ نہیں۔ کیونکہ بعض ائمہ تنقید یا بیان کرنے کے لیے بھی بعض ضعفاء سے احادیث بیان کرتے ہیں۔ ابن سیرین کہتے ہیں کہ میں بعض ایسے لوگوں سے احادیث سنتا ہوں جنہیں میں متہم نہیں سمجھتا لیکن ان سے اوپر کا راوی متہم ہوتا ہے۔ کئی راوی ابراہیم نخعی سے وہ علقمہ سے اور وہ ابن مسعودؓ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ وتر میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھتے تھے۔ سفیان ثوری اور بعض راوی بھی ابان بن عیاش سے اسی اسناد سے اسی طرح نقل کرتے ہوئے اس میں یہ اضافہ کرتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ مجھے میری والدہ نے بتایا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ہاں رات گزاری تو آپ ﷺ کو وتروں میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے دیکھا۔ اگر چہ عبادت و ریاضت میں ابان بن عیاش کی تعریف کی گئی ہے۔ لیکن حدیث میں ان کا یہ حال ہے۔ پھر بعض لوگ حافظ بھی ہوتے ہیں صالح بھی لیکن شہادت دینے یا اسے یاد رکھنے کے اہل نہیں ہوتے۔ غرضیکہ جھوٹ میں متہم اور کثیر الخطاء یا غافل شخص کی احادیث قابل نہیں ہیں۔ اکثر ائمہ حدیث کا یہی مسلک ہے کہ اس سے روایت نہ لی جائے۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ عبداللہ بن مبارک اہل علم کی ایک جماعت سے روایت کیا کرتے ہیں لیکن جب ان پر ان حضرات کا حال ظاہر ہوا تو ان سے روایت لینا ترک کر دیا۔ بعض محدثین نے بڑے بڑے اہل علم کے بارے میں کلام کیا اور حفظ کے اعتبار سے انہیں ضعیف قرار دیا۔ حالانکہ بعض ائمہ حدیث نے انہیں ان کی

وَقَدْ تَكَلَّمَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ فِي مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ثُمَّ رَوٰى عَنْهُ.

۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيُّ قَالَ سَاَلْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ فَقَالَ تُرِيدُ الْعَفْوَ اَوْتُشَدِّدُ قُلْتُ لَابَلْ اُشَدِّدُ فَقَالَ لَيْسَ هُوَ مِمَّنْ تُرِيدُ كَانَ يَقُوْلُ اَشْيَاخُنَا اَبُوْ سَلَمَةَ وَيَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ قَالَ يَحْيٰى وَسَاَلْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو فَقَالَ فِيهِ نَحْوَ مَا قُلْتُ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو اَعْلٰى مِنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ وَهُوَ عِنْدِيْ فَوْقَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ عَلِيٌّ فَقُلْتُ لِيَحْيٰى مَارَاَيْتَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ لَوْشِئْتُ اَنْ اُلَقِّنَهُ لَفَعَلْتُ قَالَ كَانَ يُلَقَّنُ قَالَ نَعَمْ قَالَ عَلِيٌّ وَلَمْ يَرْوِيَحْيٰى عَنْ شَرِيْكٍ وَلَا عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ وَلَا عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ صُبَيْحٍ وَلَا عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَاِنْ كَانَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَدْ تَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنْ هٰؤُلَاءِ فَلَمْ يَتْرُكِ الرِّوَايَةَ عَنْهُمْ اَنَّهُ اِتَّهَمَهُمْ بِالْكَذِبِ وَلٰكِنَّهُ تَرَكَهُمْ لِحَالِ حِفْظِهِمْ وَذُكِرَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اَنَّهُ كَانَ اِذَا رَاَى الرَّجُلَ يُحَدِّثُ عَنْ حِفْظِهِ مَرَّةً هٰكَذَا وَمَرَّةً هٰكَذَا لَا يَثْبُتُ عَلٰى رِوَايَةٍ وَاحِدَةٍ تَرَكَهُ قَدْ حَدَّثَ عَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ تَرَكَهُمْ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَوَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَغَيْرُهُمْ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَهٰكَذَا تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِي سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ وَحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ وَاَشْبَاهِ هٰؤُلَاءِ مِنَ الْاَئِمَّةِ

جلالت علمی اور صداقت کے باعث ثقہ قرار دیا اگر چہ ان سے بعض روایات میں خطاء ہوئی۔ چنانچہ یحییٰ بن سعید قطان نے محمد بن عمرو کے بارے میں کلام کیا پھر ان سے روایت لی۔

۹: ہم سے روایت کی ابوبکر عبدالقدوس بن محمد العطار بصری نے انہوں نے علی بن مدینی سے وہ کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے محمد بن عمرو بن علقمہ کا حال پوچھا تو انہوں نے کہا کیا تم درگزر والا معاملہ چاہتے ہو تو یا تشدد کا؟ میں نے عرض کیا تشدد کا۔ فرمانے لگے وہ ایسا نہیں جیسے تم چاہتے ہو۔ وہ کہتا تھا کہ میرے شیوخ ابوسلمہ اور یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن حاطب ہیں۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ میں نے مالک بن انس سے محمد بن عمرو کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے اس کے بارے میں وہی کچھ کہا جو میں نے کہا۔ علی یحییٰ سے نقل کرتے ہیں کہ محمد بن عمرو، سہیل بن ابی صالح سے اعلیٰ ہیں اور میرے نزدیک عبدالرحمٰن بن حرملہ سے بھی بلند ہیں۔ علی کہتے ہیں میں نے یحییٰ بن سعید سے عبدالرحمٰن بن حرملہ کے بارے میں پوچھا کہ کیا آپ نے عبدالرحمٰن بن حرملہ کو دیکھا ہے؟ انہوں نے فرمایا اگر میں ان کی تلقین کرنا چاہوں تو کر سکتا ہوں۔ علی نے پوچھا کیا ان کی تلقین کی جاتی تھی؟ فرمایا۔ ہاں۔ علی بن مدینی کہتے ہیں کہ یحییٰ نے شریک، ابوبکر بن عیاش، ربیع بن صبیح اور مبارک بن فضالہ سے روایت نہیں کی۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید نے ان حضرات سے ان کے متہم بالکذب ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کے حفظ کی بنا پر روایت ترک کی۔ یحییٰ بن سعید سے منقول ہے کہ جب وہ کسی شخص کو دیکھتے کہ وہ اپنے حفظ سے کبھی کچھ روایت کرتا ہے اور کبھی کچھ تو آپ اس سے روایت نہ لیتے۔ جن حضرات کو یحییٰ بن سعید نے چھوڑا ہے ان سے عبداللہ بن مبارک، وکیع بن جراح، اور عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرھم ائمہ کرام نے روایات لی ہیں۔ اسی طرح بعض محدثین نے سہیل بن ابی صالح، محمد بن اسحٰق، حماد بن سلمہ، محمد بن عجلان

اِنَّمَا تَكَلَّمُوْا فِيهِمْ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِمْ فِي بَعْضِ مَارَوَوْاقَدْ حَدِيثَ عَنْهُمُ الْاَئِمَّةَ.

اوران جیسے دوسرے ائمہ کے بارے میں کلام کیا ہے البتہ یہ کلام مرویات میں حفظ کے اعتبار سے کیا ہے۔ورنہ ان سے ائمہ کرام نے احادیث روایت کی ہیں۔

١٠: حَدَّثَنَاالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْحُلْوَانِيُّ نَاعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ كُنَّا نَعُدُّ سُهَيْلَ بْنَ اَبِيْ صَالِحٍ ثَبْتًا فِي الْحَدِيْثِ.

۱۰: ہم سے روایت کی حسن بن علی حلوانی نے وہ علی بن مدینی سے نقل کرتے ہیں کہ سفیان بن عیینہ نے فرمایا کہ ہم سہیل بن صالح کو حدیث میں ثابت سمجھتے تھے۔

١١: حَدَّثَنَاابْنُ اَبِيْ عُمَرَ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ ثِقَةً مَامُوْنًا فِي الْحَدِيْثِ وَاِنَّمَا تَكَلَّمَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ عِنْدَنَا فِي رِوَايَةِ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ.

۱۱: ہم سے روایت کی ابن عمر رضی اللہ عنہما نے وہ سفیان بن عیینہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا ہم محمد بن عجلان کو ثقہ اور مامون سمجھتے تھے لیکن یحییٰ بن سعید قطان انکی سعید مقبری سے روایت پر اعتراض کرتے ہیں۔

١٢: حَدَّثَنَااَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ اَحَادِيْثُ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ بَعْضُهَا سَعِيْدٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَبَعْضُهَا سَعِيْدٌ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَاخْتَلَطَتْ عَلَيَّ فَصَيَّرْتُهَا عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاِنَّمَا تَكَلَّمَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عِنْدَنَا فِي ابْنِ عَجْلَانَ لِهٰذَا وَقَدْرَوٰى يَحْيَى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ الْكَثِيْرَوَهٰكَذَا مَنْ تَكَلَّمَ فِي ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى اِنَّمَا تَكَلَّمَ فِيْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ رَوٰى شُعْبَةُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَخِيْهِ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُطَاسِ قَالَ يَحْيَى ثُمَّ لَقِيْتُ ابْنَ اَبِيْ لَيْلٰى فَحَدَّثَنَا عَنْ اَخِيْهِ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى نَحْوَ هٰذَا غَيْرُ شَيْءٍ كَانَ يَرْوِي الشَّيْءَ مَرَّةً هٰكَذَا اَوْمَرَّةً هٰكَذَا يُغَيِّرُ الْاِسْنَادَ وَاِنَّمَا جَاءَ هٰذَا مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ لِاَنَّ اَكْثَرَ مَنْ مَضٰى مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ كَانُوْ الَايَكْتُبُوْنَ وَمَنْ كَتَبَ مِنْهُمْ اِنَّمَا كَانَ

۱۲: ہم سے روایت کی ابوبکر نے بواسطہ علی بن عبداللہ اور یحییٰ بن سعید وہ کہتے ہیں کہ محمد بن عجلان کہتے ہیں کہ سعید مقبری کی بعض روایات بواسطہ سعید حضرت ابوہریرہؓ سے اور بعض ایک اور شخص کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہیں۔محمد بن عجلان کہتے ہیں کہ مجھ سے دونوں قسم کی حدیثیں غلط ملط ہوگئیں تو میں نے دونوں کو سعید سے ایک ہی سند سے روایت کردیا۔یحییٰ بن سعید کے محمد بن عجلان پر اعتراض کی میرے نزدیک یہی وجہ ہے۔اس کے باوجود وہ ان سے احادیث روایت کرتے ہیں۔اسی طرح جن لوگوں نے ابن ابی لیلیٰ کے بارے میں کلام کیا تو وہ بھی حفظ کے اعتبار سے ہے۔علی بن مدینی، یحییٰ بن سعید سے وہ ابن ابی لیلیٰ سے وہ اپنے بھائی عیسیٰ سے وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے وہ ابوایوبؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے چھینک کے متعلق حدیث نقل کرتے ہیں۔یحییٰ کہتے ہیں پھر میں ابن ابی لیلیٰ سے ملا تو انہوں نے بواسطہ عیسیٰ، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور حضرت علیؓ، نبی ﷺ سے روایت نقل کی۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن ابی لیلیٰ سے اسکے علاوہ اس قسم کی روایات مروی ہیں وہ سند میں ردو بدل کرتے ہوئے کبھی کچھ بیان کرتے ہیں اور کبھی کچھ۔اور یہ حفظ کی وجہ سے

يَكْتُبُ لَهُمْ بَعْدَ السَّمَاعِ وَسَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُوْلُ ابْنُ اَبِىْ لَيْلٰى لَا يُحْتَجُّ بِهٖ وَكَذٰلِكَ مَنْ تَكَلَّمَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لَهِيْعَةَ وَغَيْرِهِمَا اِنَّمَا تَكَلَّمُوْا فِيْهِمْ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِمْ وَكَثْرَةِ خَطَاهُمْ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُمْ غَيْرُ وَاحِدٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ فَاِذَا تَفَرَّدَ اَحَدٌ مِنْ هٰٓؤُلَاءِ بِحَدِيْثٍ وَلَمْ يُتَابَعْ عَلَيْهِ لَمْ يُحْتَجَّ بِهٖ كَمَا قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ ابْنُ اَبِىْ لَيْلٰى لَا يُحْتَجُّ بِهٖ اِنَّمَا عَنٰى اِذَا تَفَرَّدَ بِالشَّيْءِ وَاَشَدُّ مَا يَكُوْنُ هٰذَا اِذَا لَمْ يَحْفَظِ الْاِسْنَادَ فَزَادَ فِى الْاِسْنَادِ اَوْ نَقَصَ اَوْ غَيَّرَ الْاِسْنَادَ اَوْ جَاءَ بِمَا يَتَغَيَّرُ فِيْهِ الْمَعْنٰى فَاَمَّا مَنْ اَقَامَ الْاِسْنَادَ وَحَفِظَهٗ وَغَيَّرَ اللَّفْظَ فَاِنَّ هٰذَا وَاسِعٌ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا لَمْ يَتَغَيَّرِ الْمَعْنٰى.

ہوا۔ کیونکہ اکثر علماء لکھتے نہ تھے اور جو لکھتے ہیں اور وہ بھی سننے کے بعد لکھتے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے احمد بن حسن کو احمد بن حنبل کے حوالے سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ ابن ابی لیلیٰ ان لوگوں میں سے ہیں جنکی روایات قابل استدلال نہیں۔ اسی طرح کئی حضرات مجالد بن سعید اور عبداللہ بن لہیعہ وغیرہ پر سوء حفظ اور کثرت خطاء کی وجہ سے اعتراض کرتے ہیں لیکن کئی ائمہ ان سے احادیث نقل کرتے ہیں۔ حاصل یہ کہ جب ان میں سے کوئی حدیث میں منفرد ہو اور اس کا کوئی متابع نہ ہو تو اسکی روایات سے استدلال نہیں کیا جاسکتا۔ جس طرح امام احمد بن حنبل نے فرمایا کہ ابن ابی لیلیٰ کی روایات سے استدلال نہیں کیا جاسکتا تو اس سے بھی یہی مراد ہے کہ جب وہ اپنی روایت میں منفرد ہوں اور سب سے سخت بات تو یہ ہے کہ جب سند یاد نہ ہو تو اس میں کمی زیادتی کی جائے یا بدل دی جائے یا متن میں ایسے الفاظ لائے جائیں جن سے معنی بدل جائے تو اس میں تشدید کی جائے گی۔ لیکن جو حضرات سندیں اچھی طرح یاد رکھتے ہوں اور کسی ایسے لفظ میں تغیر کرتے ہوں جس سے معنی میں فرق نہ آئے تو اہل علم کے نزدیک ایسے حضرات کی روایات میں کوئی مضائقہ نہیں۔

۱۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ اِذَا حَدَّثْنَاكُمْ عَلَى الْمَعْنٰى فَحَسْبُكُمْ.

۱۳: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے وہ عبدالرحمٰن بن مہدی وہ معاویہ بن صالح وہ علاء بن حارث وہ مکحول اور وہ واثلہ بن اسقع سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ جب ہم تم سے روایت بالمعنی بیان کریں تو یہ تمہیں کافی ہے۔

۱۴: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كُنْتُ اَسْمَعُ الْحَدِيْثَ مِنْ عَشَرَةٍ اللَّفْظُ مُخْتَلِفٌ وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ.

۱۴: ہم سے روایت کی یحییٰ بن موسیٰ نے انہوں نے عبدالرزاق سے وہ معمر سے وہ ایوب سے اور وہ محمد بن سیرین سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں دس آدمیوں سے حدیث سنتا تھا، ان کے الفاظ مختلف اور معنی ایک ہی ہوتے تھے۔

۱۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىُّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِىُّ وَالْحَسَنُ وَالشَّعْبِىُّ يَاْتُوْنَ بِالْحَدِيْثِ عَلَى الْمَعَانِىْ وَكَانَ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَرَجَاءُ

۱۵: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے وہ ابن عون سے نقل کرتے ہیں کہ ابراہیم نخعی، شعبی اور حسن روایات بالمعنیٰ بیان کیا کرتے تھے۔ قاسم بن محمد بن سیرین اور رجاء بن حیوۃ انہی الفاظ سے دوبارہ حدیث بیان کیا

بْنُ حَيْوَةَ يُعِيدُوْنَ الْحَدِيْثَ عَلٰى حُرُوْفِهٖ.

کرتے تھے جن سے پہلی مرتبہ بیان کی ہوتی۔

۱۶ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ اِنَّكَ تُحَدِّثُنَا بِالْحَدِيْثِ ثُمَّ تَحَدِّثُنَابِهٖ عَلٰى غَيْرِ مَاحَدَّثْتَنَا قَالَ عَلَيْكَ بِالسَّمَاعِ الْاَوَّلِ.

۱۶: ہم سے روایت کی علی بن خشرم نے ان سے حفص بن غیاث نے وہ عاصم احول سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے ابوعثمان نہدی سے عرض کیا کہ آپ ایک مرتبہ ایک حدیث کوایک طرح بیان کرنے کے بعد دوسری مرتبہ اورطرح بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا تم پہلی مرتبہ جوسنو اسی کواختیار کرلو۔

۱۷ : حَدَّثَنَا الْجَارُوْدُ نَا وَكِيْعٌ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ صُبَيْحٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا اَصَبْتَ الْمَعْنٰى اَجْزَاَكَ

۱۷: ہم سے روایت کی جارود نے ان سے وکیع نے وہ ربیع بن صبیح سے اوروہ حسن سے نقل کرتے ہیں۔ کہ اگر حدیث معنیٰ کے اعتبار سے صحیح ہوتو یہی کافی ہے۔

۱۸ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَيْفٍ هُوَ ابْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ اَنْقِصْ مِنَ الْحَدِيْثِ اِنْ شِئْتَ وَلَا تَزِدْ فِيْهِ.

۱۸: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے ان سے عبداللہ بن مبارک نے وہ سیف بن سلیمان سے اوروہ مجاہد سے نقل کرتے ہیں کہ مجاہد نے فرمایا: اگرتم حدیث میں کمی کرنا چاہوتو کرسکتے ہولیکن زیادتی نہ کرو۔

۱۹ : حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَازَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ رَجُلٍ قَالَ خَرَجَ اِلَيْنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ فَقَالَ اِنْ قُلْتُ لَكُمْ اِنِّيْ اُحَدِّثُكُمْ كَمَا سَمِعْتُ فَلَا تُصَدِّقُوْنِيْ اِنَّمَا هُوَ الْمَعْنٰى.

۱۹: ہم سے روایت کی ابوعمار حسین بن حریث نے ان سے زید بن حباب نے اوروہ ایک شخص سے اسکا قول نقل کرتے ہیں کہ ایک دفعہ سفیان ثوری ہمارے پاس آئے اورفرمایا اگر میں تم سے یہ کہوں کہ میں نے بالکل بعینہٖ وہی الفاظ بیان کئے ہیں جو سنے تھے تب بھی میری بات کی تصدیق نہ کرواورروایت بالمعنی ہی سمجھو۔

۲۰ : حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ اِنْ لَّمْ يَكُنِ الْمَعْنٰى وَاسِعًا فَقَدْ هَلَكَ النَّاسُ وَاِنَّمَا تَفَاضَلَ اَهْلُ الْعِلْمِ بِالْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ وَالتَّثَبُّتِ عِنْدَ السَّمَاعِ مَعَ اَنَّهٗ لَمْ يَسْلِمْ مِنَ الْخَطَاءِ وَالْغَلَطِ كَثِيْرُ اَحَدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ مَعَ حِفْظِهِمْ.

۲۰: ہم سے روایت کی حسین بن حریث نے وہ وکیع سے نقل کرتے ہیں۔ کہ اگر معنیٰ میں وسعت نہ ہوتی تو لوگ برباد ہوجاتے۔ چنانچہ علماء کوایک دوسرے پرفضیلت، حفظ، اتقان اورسماع کے وقت ثبت کی وجہ سے ہے اس کے باوجود ائمہ کرام خطاء اورغلطی سے محفوظ نہیں ہیں۔

۲۱ . حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ نَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ قَالَ قَالَ لِيْ اِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ اِذَا حَدَّثْتَنِيْ فَحَدِّثْنِيْ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ فَاِنَّهٗ حَدَّثَنِيْ مَرَّةً بِحَدِيْثٍ ثُمَّ سَاَلْتُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ

۲۱: ہم سے روایت کی محمد بن حمید رازی نے انہوں نے جریر سے وہ عمارہ بن قعقاع سے نقل کرتے ہیں کہ ابراہیم نخعی نے مجھ سے کہا اگر تم روایت کروتو ابو زرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت کیا کرواس لیے کہ ایک مرتبہ انہوں نے مجھ سے ایک

بِسِنِیْنَ فَمَا اَخْرَمَ مِنْهُ حَرْفًا.

حدیث بیان کی جس کے متعلق میں نے ان سے دو سال بعد پوچھا تو انہوں نے اس سے ایک حرف بھی کم نہ کیا یعنی اسی طرح بیان کردی جس طرح پہلے بیان کی تھی۔

۲۲۰ : حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ قُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ مَا لِسَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ اَتَمُّ حَدِيْثًا مِّنْكَ قَالَ لِاَنَّهٗ كَانَ يَكْتُبُ.

۲۲: ہم سے روایت کی ابوحفص عمرو بن علی نے انہوں نے یحییٰ بن سعید قطان سے وہ سفیان سے اور وہ منصور سے نقل کرتے ہیں۔ کہ انہوں نے ابراہیم سے کہا: کیا بات ہے سالم بن ابی جعد کی حدیث آپ سے زیادہ مکمل ہوتی ہے۔ انہوں نے فرمایا اس لیے کہ وہ لکھا کرتے تھے۔

۲۳ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ نَا سُفْيَانُ قَالَ قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ اِنِّيْ لَاُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ فَمَا اَدَعُ مِنْهُ حَرْفًا.

۲۳: ہم سے روایت کی عبدالجبار بن علاء بن عبدالجبار نے وہ سفیان سے عبدالملک بن عمیر کا قول نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں جب حدیث بیان کرتا ہوں تو ایک حرف بھی نہیں چھوڑتا۔

۲۴ : حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيِّ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ قَالَ قَالَ قَتَادَةُ مَا سَمِعَتْ اُذُنَایَ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا وَعَاهُ قَلْبِیْ.

۲۴: ہم سے روایت کی حسین بن مہدی نے انہوں نے عبدالرزاق سے وہ معمر سے اور وہ قتادہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میرے کانوں نے کوئی ایسی بات نہیں سنی جسے میرے دل نے محفوظ نہ کرلیا ہو۔

۲۵ : حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَنَصَّ لِلْحَدِيْثِ مِنَ الزُّهْرِيِّ.

۲۵: ہم سے روایت کی سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی نے انہوں نے سفیان بن عیینہ سے اور وہ عمرو بن دینار سے انہی کا قول نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے زہری سے بہتر (حدیث) بیان کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔

۲۶ : حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِیُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ قَالَ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِیُّ مَا عَلِمْتُ اَحَدًا كَانَ اَعْلَمُ بِحَدِيْثِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ بَعْدَ الزُّهْرِيِّ مِنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ.

۲۶: ہم سے روایت کی ابراہیم بن سعید جوہری نے وہ سفیان بن عیینہ سے ایوب سختیانی کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں نے اہل مدینہ میں سے زہری کے بعد یحییٰ بن کثیر سے بڑا کوئی محدث (عالم حدیث) نہیں دیکھا۔

۲۷ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عَوْنٍ يُحَدِّثُ فَاِذَا حَدَّثْتُهٗ عَنْ اَيُّوْبَ بِخِلَافِهٖ تَرَكَهٗ فَاَقُوْلُ قَدْ سَمِعْتُهٗ فَيَقُوْلُ اِنَّ اَيُّوْبَ كَانَ اَعْلَمَنَا بِحَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ

۲۷: ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل نے انہوں نے سلیمان بن حرب سے اور وہ حماد بن زید سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عون حدیث بیان کرتے اور جب میں ایوب سے اس کے خلاف بیان کرتا تو وہ اپنی روایت چھوڑ دیتے۔ میں عرض کرتا کہ میں

سِيرِيْنَ.

نے ان سے سنا ہے تو فرماتے ایوب، محمد بن سیرین کی روایات کو ہم سے زیادہ جانتے ہیں۔

۲۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ لِيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَيُّهُمَا اَثْبَتُ هِشَامُ الدَّسْتَوَائِيُّ اَمْ مُسْعَرٌ قَالَ مَارَاَيْتُ مِثْلَ مِسْعَرٍ كَانَ مِسْعَرٌ مِنْ اَثْبَتِ النَّاسِ.

۲۸: ہم سے روایت کی ابوبکر نے وہ علی بن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے یحییٰ بن سعید سے پوچھا کہ ہشام دستوائی اور مسعر میں کون زیادہ ثابت ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے مسعر جیسا کوئی نہیں دیکھا وہ سب سے اثبت تھے۔

۲۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَحَدَّثَنِي اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ سَمِعْتُ حَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ يَقُوْلُ مَا خَالَفَنِي شُعْبَةُ فِي شَيْءٍ اِلَّا تَرَكْتُهُ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ وَحَدَّثَنِي اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ قَالَ لِي حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اِنْ اَرَدْتَ الْحَدِيْثَ فَعَلَيْكَ بِشُعْبَةَ.

۲۹: ہم سے روایت کی ابوبکر عبدالقدوس بن محمد نے اور روایت کی مجھ سے ابوالولید نے وہ حماد بن زید سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: شعبہ نے جس حدیث میں بھی مجھ سے اختلاف کیا میں نے (ان کے اعتماد پر) اسے چھوڑ دیا۔ ابوبکر، ابوولید سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حماد بن سلمہ نے مجھ سے کہا کہ اگر حدیث کا علم حاصل کرنا چاہتے ہو تو شعبہ کی صحبت اختیار کرنا ضروری سمجھو۔

۳۰: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ قَالَ شُعْبَةُ مَارَوَيْتُ عَنْ رَجُلٍ حَدِيْثًا وَاحِدًا اِلَّا اَتَيْتُهُ اَكْثَرَ مِنْ مَرَّةٍ وَالَّذِي رَوَيْتُ عَنْهُ عَشْرَةَ اَحَادِيْثَ اَتَيْتُهُ اَكْثَرَ مِنْ عَشْرَةٍ وَالَّذِي رَوَيْتُ عَنْهُ خَمْسِيْنَ حَدِيْثًا اَتَيْتُهُ اَكْثَرَ مِنْ خَمْسِيْنَ مَرَّةً وَالَّذِي رَوَيْتُ عَنْهُ مِائَةً اَتَيْتُهُ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ اِلَّا حَيَّانَ الْكُوْفِيَّ الْبَارِقِيَّ فَاِنِّي سَمِعْتُ مِنْهُ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثَ ثُمَّ عُدْتُ اِلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ قَدْمَاتَ.

۳۰: ہم سے روایت کی عبد بن حمید نے وہ ابوداوَد سے شعبہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں نے جس سے ایک حدیث نقل کی ہے اس کے پاس ایک سے زیادہ مرتبہ حاضر ہوا ہوں اور اسی طرح اگر دس حدیثیں نقل کی ہیں تو دس سے زیادہ مرتبہ اور اگر پچاس نقل کی ہیں تو پچاس سے زیادہ مرتبہ اور اگر سو احادیث نقل کی ہیں تو سو سے زیادہ مرتبہ حاضر ہوا ہوں۔ لیکن حبان کوفی بارقی سے میں نے احادیث سنیں اور جب دوبارہ انکی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے گیا تو وہ انتقال کر چکے تھے۔

۳۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ نَا ابْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُوْلُ شُعْبَةُ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الْحَدِيْثِ.

۳۱: ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل نے عبداللہ بن اسود سے وہ ابن مہدی سے اور وہ سفیان سے نقل کرتے ہیں کہ سفیان نے فرمایا شعبہ حدیث کے امیر المومنین ہیں۔

۳۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ لَيْسَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ شُعْبَةَ وَلَا يَعْدِلُهُ اَحَدٌ عِنْدِي وَ اِذَا خَالَفَهُ سُفْيَانُ اَخَذْتُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ قَالَ عَلِيٌّ قُلْتُ لِيَحْيَى اَيُّهُمَا

۳۲: ہم سے روایت کی ابوبکر نے انہوں نے علی بن عبداللہ سے اور وہ یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں کہ مجھے شعبہ سے زیادہ کوئی عزیز نہیں اور نہ ہی کوئی ان کے برابر ہے۔ ہاں اگر سفیان ان سے اختلاف کریں تو میں ان کے قول پر اعتماد کرتا

اَحْفَظُ لِلْاَحَادِيْثِ الطِّوَالِ سُفْيَانُ اَوْشُعْبَةُ قَالَ كَانَ شُعْبَةُ اَمَرَّ فِيْهَا قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَكَانَ شُعْبَةُ اَعْلَمَ بِالرِّجَالِ فُلَانٌ عَنْ فُلَانٍ وَكَانَ سُفْيَانُ صَاحِبَ الْاَبْوَابِ.

ہوں۔علی کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ سے پوچھا کہ ان دونوں میں سے کون ایسا ہے جو طویل حدیث کو بہتر یاد کرسکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا اس میں شعبہ زیادہ قوی تھے۔ یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں کہ شعبہ اسماء رجال کے زیادہ عالم تھے اور سفیان صاحب الابواب (فقیہ) تھے۔

۳۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ قَالَ شُعْبَةُ سُفْيَانُ اَحْفَظُ مِنِّيْ مَاحَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ عَنْ شَيْخٍ بِشَيْءٍ فَسَاَلْتُهُ اِلَّا وَجَدْتُهُ كَمَا حَدَّثَنِيْ سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ مُوْسَى الْاَنْصَارِيَّ قَالَ سَمِعْتُ مَعْنَ بْنَ عِيْسٰى يَقُوْلُ كَانَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ يُشَدِّدُ فِيْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْيَاءِ وَالتَّاءِ وَنَحْوِ هٰذَا.

۳۳: ہم سے روایت کی ابوعمار حسین بن حریث نے وہ وکیع سے نقل کرتے ہیں کہ شعبہ کہا کرتے تھے کہ سفیان کا حافظہ مجھ سے زیادہ قوی ہے۔ کیونکہ میں نے جب بھی ان سے کوئی حدیث پوچھی تو انہوں نے ویسے ہی بیان کی جیسے ان کے شیخ نے مجھ سے بیان کی تھی۔ میں (امام ترمذیؒ) نے اسحٰق بن موسیٰ انصاری سے سنا وہ فرماتے ہیں میں نے معن بن عیسیٰ سے سنا کہ مالک بن انسؓ حدیث رسول (ﷺ) میں بہت سختی برتتے تھے یہاں تک کہ ''یاء اور تا'' کا بھی خیال رکھتے۔

۳۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى ثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرَيْمٍ الْاَنْصَارِيُّ قَاضِيُ الْمَدِيْنَةِ قَالَ مَرَّ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَلٰى اَبِيْ حَازِمٍ وَهُوَ جَالِسٌ يُحَدِّثُ فَجَازَهُ فَقِيْلَ لَهُ لِمَ لَمْ تَجْلِسْ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَجِدْ مَوْضِعًا اَجْلِسُ فِيْهِ فَكَرِهْتُ اَنْ اٰخُذَ حَدِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا قَائِمٌ.

۳۴: ہم سے روایت کی ابوموسیٰ نے وہ ابراہیم بن عبداللہ بن قریم انصاری (جو مدینہ کے قاضی تھے) کا قول نقل کرتے ہیں کہ مالک بن انس ایک مرتبہ ابوحازم کی مجلس پر سے گزرے وہ احادیث بیان کر رہے تھے لیکن وہ ٹھہرے نہیں، چلے گئے۔ جب ان سے اسکی وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے فرمایا وہاں بیٹھنے کی جگہ نہیں تھی اور کھڑے ہوکر حدیث رسول (ﷺ) سننا میرے نزدیک مکروہ (ناپسندیدہ) ہے۔

۳۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ مَالِكٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ قَالَ يَحْيٰى مَافِي الْقَوْمِ اَحَدٌ اَصَحُّ حَدِيْثًا مِنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ كَانَ مَالِكٌ اِمَامًا فِي الْحَدِيْثِ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُوْلُ مَارَاَيْتُ بِعَيْنِيْ مِثْلَ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْقَطَّانِ قَالَ وَسُئِلَ اَحْمَدُ عَنْ وَكِيْعٍ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ

۳۵: ہم سے روایت کی ابوبکر نے وہ علی بن عبداللہ سے اور وہ علی بن مدینی سے نقل کرتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید نے فرمایا کہ میرے نزدیک مالک کی سعید بن مسیّب سے منقول احادیث سفیان ثوری کے واسطے سے ابراہیم نخعی سے منقول احادیث سے زیادہ عزیز ہیں اور حدیث میں مالک بن انس سے زیادہ معتبر کوئی شخصیت نہیں۔ وہ حدیث میں امام ہیں۔ میں نے احمد بن حسن سے احمد بن حنبل کا یہ قول سنا کہ میں نے یحییٰ بن سعید جیسا کوئی نہیں دیکھا۔ پھر ان سے وکیع اور عبدالرحمٰن بن مھدی

فَقَالَ اَحْمَدُ وَكِيعٌ اَكْبَرُ فِي الْقَلْبِ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اِمَامٌ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيَّ الْبَصْرِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ يَقُوْلُ لَوْ حَلَفْتُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ لَحَلَفْتُ اِنِّيْ لَمْ اَرَاَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَالْكَلَامُ فِيْ هٰذَا وَالرِّوَايَةُ عَنْ اَهْلِ الْعِلْمِ تَكْثُرُ وَاِنَّمَا بَيَّنَّا شَيْئًا مِنْهُ عَلَى الْاِخْتِصَارِ لِيُسْتَدَلَّ بِهٖ عَلٰى مَنَازِلِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَتَفَاضُلِ بَعْضِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ فَمَنْ تَكَلَّمَ فِيْهِ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ لِاَيِّ شَيْءٍ تَكَلَّمَ فِيْهِ وَالْقِرَاءَةِ عَلَى الْعَالِمِ اِذَا كَانَ يَحْفَظُ مَا يُقْرَأُ عَلَيْهِ اَوْيُمْسِكُ اَصْلَهٗ فِيْمَا يُقْرَأُ عَلَيْهِ اِذَا لَمْ يَحْفَظْ هُوَ صَحِيْحٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ مِثْلَ السَّمَاعِ.

کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ وکیع دل کے معاملے میں بڑے ہیں جبکہ عبدالرحمٰن امام ہیں۔ میں (امام ترمذیؒ) نے محمد بن عمرو بن نبھان بن صفوان ثقفی بصری کو علی بن مدینی سے کہتے ہوئے سنا کہ اگر مجھے رکن اور مقام ابراہیم کے درمیان قسم اٹھا کر کہنے کے لیے کہا جائے تو بھی میں کہہ سکتا ہوں کہ میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے بڑا عالم نہیں دیکھا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس بارے میں علماء کے بہت سے اقوال منقول ہیں۔ ہم نے اختصار سے کام لیا تا کہ اس کے ذریعہ علماء کے مراتب اور حفظ و اتقان میں ایک دوسرے پر برتری پر استدلال کیا جا سکے۔ اور جن پر علماء نے اعتراضات کیے ہیں وہ بھی کسی وجہ سے ہیں۔ اگر کوئی کسی عالم کے سامنے ایسی احادیث پڑھے جو اسے یاد ہوں یا پھر وہ ان احادیث کی اصل (کاپی) کو دیکھ رہا ہو تو (یہ بھی سماع کی طرح) صحیح ہے۔

۳۶: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰى عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ فَقُلْتُ لَهٗ كَيْفَ اَقُوْلُ فَقَالَ قُلْ حَدَّثَنَا.

۳۶: ہم سے روایت کی حسین بن مہدی بصری نے انہوں نے عبدالرزاق سے اور وہ ابن جریج سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے عطاء بن ابی رباح کے سامنے احادیث پڑھیں اور پھر ان سے پوچھا کہ انہیں کس طرح بیان کروں؟ انہوں نے فرمایا کہو ''حَدَّثَنَا'' (ہم سے فلاں نے حدیث بیان کی)

۳۷: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْ عِصْمَةَ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ نَفَرًا قَدِمُوْا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ مِنْ اَهْلِ الطَّائِفِ بِكِتَابٍ مِنْ كُتُبِهٖ فَجَعَلَ يَقْرَأُ عَلَيْهِمْ فَيُقَدِّمُ وَيُؤَخِّرُ فَقَالَ اِنِّيْ بَلِهْتُ لِهٰذِهِ الْمُصِيْبَةِ فَاقْرَءُوْا عَلَيَّ فَاِنَّ اِقْرَارِيْ بِهٖ كَقِرَاءَتِيْ عَلَيْكُمْ.

۳۷: ہم سے روایت کی سوید بن نصر نے ان سے علی بن حسین بن واقد نے وہ ابو عاصمہ سے وہ یزید نحوی سے اور وہ عکرمہ سے نقل کرتے ہیں کہ اہل طائف میں سے چند لوگ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس ان کی کتابوں میں سے ایک کتاب لے کر حاضر ہوئے تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس میں سے پڑھنا شروع کیا۔ چنانچہ وہ اس میں تقدیم و تاخیر کرنے لگے۔ پھر فرمایا میں مصیبت سے تنگ آ گیا ہوں تم لوگ خود میرے سامنے پڑھو کیونکہ تمہارے پڑھنے پر میرا اقرار (یعنی تصدیق) اسی طرح ہے جیسے میں نے پڑھ کر سنایا۔

۳۸: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ

۳۸: ہم سے روایت کی سوید نے ان سے علی بن حسین بن واقد

اَبِيهِ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ اِذَا نَاوَلَ الرَّجُلُ كِتَابَهُ اٰخَرَ فَقَالَ اَرْوِهٰذَا مِنِّيْ فَلَهُ اَنْ يَرْوِيَهُ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ سَاَلْتُ اَبَا عَاصِمِ النَّبِيْلَ عَنْ حَدِيْثٍ فَقَالَ اِقْرَءْ عَلَيَّ فَاَحْبَبْتُ اَنْ يَقْرَاَ هُوَ فَقَالَ أَاَنْتَ لَا تُجِيْزُ الْقِرَاءَةَ وَقَدْ كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ يُجِيْزَانِ الْقِرَاءَةَ

نے انہوں نے اپنے باپ سے اوروہ منصور بن معتمر سے نقل کرتے ہیں کہ اگر کوئی کسی کو اپنی کتاب دے کر اسے روایت کرنے کی اجازت دے دے تو اس کے لیے روایت کرنا جائز ہے۔محمد بن اسمٰعیل کہتے ہیں کہ میں نے ابوعاصم نبیل سے ایک حدیث پوچھی تو انہوں نے فرمایا تم پڑھ لولیکن میں چاہتا تھا کہ وہی پڑھیں چنانچہ انہوں نے فرمایا کیا تم شاگرد کا استاد کے سامنے پڑھنا جائز نہیں سمجھتے ؟ حالانکہ سفیان ثوری اور مالک بن انس اسے جائز قرار دیتے ہیں۔

۳۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ مَا قُلْتُ حَدَّثَنَا فَهُوَمَا سَمِعْتُ مَعَ النَّاسِ وَمَا قُلْتُ حَدَّثَنِيْ فَهُوَ مَا سَمِعْتُ وَحْدِيْ وَمَا قُلْتُ اَخْبَرَنَا فَهُوَ مَا قُرِءَ عَلَى الْعَالِمِ وَاَنَا شَاهِدٌ وَمَا قُلْتُ اَخْبَرَنِيْ فَهُوَمَا قَرَاْءتُ عَلَى الْعَالِمِ يَعْنِيْ وَاَنَا وَحْدِيْ وَسَمِعْتُ اَبَا مُوْسٰى مُحَمَّدَ بْنَ الْمُثَنّٰى يَقُوْلُ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدِ الْقَطَّانَ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا وَ اَخْبَرَ نَا وَاحِدٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَكُنَّا عِنْدَ اَبِيْ مُصْعَبِ الْمَدِيْنِيِّ فَقُرِئَ عَلَيْهِ بَعْضُ حَدِيْثِهِ فَقُلْتُ لَهُ كَيْفَ نَقُوْلُ فَقَالَ قُلْ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَقَدْ اَجَازَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْاِجَازَةَ اِذَا اَجَازَ الْعَالِمُ اَنْ يَرْوِيَ عَنْهُ لِاَحَدٍ شَيْئًا مِنْ حَدِيْثِهِ اَنْ يَرْوِيَ عَنْهُ .

۳۹: ہم سے روایت کی احمد بن حسن نے وہ یحییٰ بن سلمان جعفی مصری سے عبداللہ بن وہب کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں جس روایت میں ''حَدَّثَنَا'' کہوں تو سمجھ لو کہ میں نے اور لوگوں کے ساتھ سنی ہے اور اگر ''حدثنی'' کہوں تو صرف میں نے سنی ہے، اگر ''اخبرنا'' کہوں تو اس سے مراد یہ ہے کہ لوگوں نے یہ استاد کے سامنے (حدیث) پڑھی ہے اور میں بھی وہاں حاضر تھا۔اور اگر ''اخبرنی'' کہوں تو میں نے اکیلے استاد کے سامنے (حدیث) پڑھی ہے۔ابوموسیٰ محمد بن مثنیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید قطان سے سنا کہ ''حَدَّثَنَا'' اور ''اخبرنا'' دونوں کا ایک ہی مطلب ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہم ابومصعب مدینی کے پاس حاضر ہوئے تو ان کے سامنے ان کی بعض احادیث پڑھی گئیں تو میں نے ان سے پوچھا کہ ہم یہ احادیث کس طرح روایت کریں۔انہوں نے فرمایا تم یوں کہو کہ ہم سے ابومصعب نے بیان کیا: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ بعض علماء نے اجازت دینے کو جائز رکھا ہے۔ اگر کوئی عالم کسی دوسرے کو اپنے سے منقول احادیث روایت کرنے کی اجازت دے تو یہ جائز ہے۔

۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ قَالَ كَتَبْتُ كِتَابًا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ اَرْوِيْهِ عَنْكَ قَالَ نَعَمْ.

۴۰: ہم سے روایت کی محمود بن غیلان نے ان سے وکیع نے وہ عمران بن حدیر سے وہ ابومجلز سے اوروہ بشیر بن نہیک سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں نے ابوہریرہؓ کی روایات ایک کاپی میں لکھنے کے بعد ان سے پوچھا کہ کیا میں یہ احادیث آپ سے روایت کرسکتا ہوں؟ انہوں نے فرمایا ہاں۔

۴۱: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْوَاسِطِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلْحَسَنِ عِنْدِیْ بَعْضُ حَدِيْثِکَ لَرْوِيْهِ عَنْکَ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَبُوْعِيْسٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ اِنَّمَا يُعْرَفُ بِمَحْبُوْبِ بْنِ الْحَسَنِ وَقَدْحَدَّثَ عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ.

۴۱: ہم سے روایت کی محمد بن اسمٰعیل واسطی نے ان سے محمد بن حسن نے اور وہ عوف اعرابی سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حسن سے پوچھا کہ کیا میں آپکی وہ احادیث بیان کرسکتا ہوں جو میرے پاس ہیں۔ توانہوں نے فرمایا ہاں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ محمد بن حسن، محبوب بن حسن کے نام سے معروف ہیں۔ ان سے کئی ائمہ احادیث نقل کرتے ہیں۔

۴۲: حَدَّثَنَاالْجَارُوْدُ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اَتَيْتُ الزُّهْرِيَّ بِكِتَابٍ فَقُلْتُ لَهٗ هٰذَا مِنْ حَدِيْثِکَ اَرْوِيْهِ عَنْکَ قَالَ نَعَمْ.

۴۲: ہم سے روایت کی جارود بن معاذ نے انہوں نے انس بن عیاض سے اور وہ عبید اللہ بن عمر سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک کتاب لے کر زہری کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یہ آپ کی روایت کردہ احادیث ہیں۔ کیا مجھے انہیں بیان کرنے کی اجازت ہے۔ انہوں نے فرمایا ہاں۔

۴۳: حَدَّثَنَااَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ جَاءَ ابْنُ جُرَيْجٍ اِلٰى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِكِتَابٍ فَقَالَ هٰذَا حَدِيْثُکَ اَرْوِيْهِ عَنْکَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ يَحْيٰى فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ لَا اَدْرِیْ اَيُّهُمَا اَعْجَبُ اَمْرًا وَقَالَ عَلِیٌّ سَاَلْتُ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ عَنْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ فَقَالَ ضَعِيْفٌ فَقُلْتُ اَنَّهٗ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِیْ قَالَ لَا شَیْءَ اِنَّمَا هُوَ كِتَابٌ دَفَعَهٗ اِلَيْهِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی وَالْحَدِيْثُ اِذَا كَانَ مُرْسَلاً فَاِنَّهٗ لَا يَصِحُّ عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ قَدْ ضَعَّفَهٗ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْهُمْ.

۴۳: ہم سے روایت کی ابوبکر نے انہوں نے علی بن عبداللہ سے اور وہ یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں کہ ابن جریج، ہشام بن عروہ کے پاس ایک کتاب لے کر آئے اور پوچھا کہ کیا مجھے یہ احادیث جو آپ نے بیان کی ہیں، نقل کرنے کی اجازت ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔ یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ میں نے اپنے دل میں سوچا کہ قراءت بہتر ہے۔ یا اجازت۔ علی بن مدینی کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے ابن جریج کی عطاء خراسانی سے منقول احادیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا وہ ضعیف ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ وہ کہتے ہیں ''اخبرنی'' انہوں نے فرمایا ان کا ''اخبرنی'' کہنا صحیح نہیں اس لیے کہ وہ تو ایک کتاب تھی جو انہوں نے اس کے سپرد کی تھی۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث مرسل اکثر محدثین کے نزدیک صحیح نہیں۔ بعض نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔

۴۴: حَدَّثَنَاعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِیْ حَكِيْمٍ قَالَ سَمِعَ الزُّهْرِیُّ اِسْحَاقَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ فَرْوَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الزُّهْرِیُّ قَاتَلَکَ اللّٰهُ يَا

۴۴: ہم سے روایت کی علی بن حجر نے انہوں نے بقیہ بن ولید سے اور وہ عتبہ بن ابی حکیم سے نقل کرتے ہیں کہ عتبہ نے زہری کے سامنے اسحٰق بن عبداللہ بن ابی فروہ سے کہتے ہوئے سنا ''قال رسول اللہ ﷺ'' اس پر زہری کہنے لگے ابن ابی فروہ:

بْنَ اَبِیْ فَرْوَۃَ تَجِیْئُنَا بِاَحَادِیْثَ لَیْسَتْ لَهَا خُطُمٌ وَلاَ اَزِمَّةٌ.

اللہ تعالیٰ تمہیں غارت کرے ہمارے پاس بے مہار و بے لگام احادیث لاتے ہو۔

۴۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ مُرْسَلاَتُ مُجَاهِدٍ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ مُرْسَلاَتِ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ بِكَثِيْرٍ كَانَ عَطَاءٌ يَاْخُذُ عَنْ كُلِّ ضَرْبٍ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيَى مُرْسَلاَتُ عَطَاءٍ قُلْتُ لِيَحْيَى مُرْسَلاَتُ مُجَاهِدٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ اَمْ مُرْسَلاَتُ طَاؤُسٍ قَالَ مَا اَقْرَبَهُمَا قَالَ عَلِيٌّ وَسَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ مُرْسَلاَتُ اَبِيْ اِسْحَاقَ عِنْدِيْ شِبْهُ لاَ شَيْءَ وَالْاَعْمَشُ وَالتَّيْمِيُّ وَيَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ وَمُرْسَلاَتُ ابْنِ عُيَيْنَةَ شِبْهُ الرِّيْحِ ثُمَّ قَالَ اِيْ وَاللّٰهِ وَسُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ قُلْتُ لِيَحْيَى فَمُرْسَلاَتُ مَالِكٍ قَالَ هِيَ اَحَبُّ اِلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَحْيَى لَيْسَ فِي الْقَوْمِ اَحَدٌ اَصَحُّ حَدِيْثًا مِنْ مَالِكٍ.

۴۵: ہم سے روایت کی ابوبکر نے انہوں نے علی بن عبداللہ سے اور وہ یحییٰ بن سعید سے ان کا قول نقل کرتے ہیں کہ مجاہد کی مرسل روایات میرے نزدیک عطاء بن ابی رباح سے کہیں زیادہ بہتر ہیں ۔ اس لیے کہ عطاء بن ابی رباح ہر قسم کی احادیث نقل کرتے تھے۔علی، یحییٰ بن سعید کا قول نقل کرتے ہیں کہ سعید بن جبیر کی مرسل احادیث بھی میرے نزدیک عطاء بن ابی رباح کی مرسلات سے زیادہ بہتر ہیں۔علی کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے پوچھا کہ آپ کے نزدیک طاؤس اور مجاہد کی مرسل روایات میں سے کس کی روایات زیادہ بہتر ہیں۔انہوں نے فرمایا دونوں قریب قریب ہیں۔علی کہتے ہیں کہ پھر میں نے یحییٰ کو یہ کہتے ہوئے بھی سنا کہ ابواسحٰق کی مرسل روایات میرے نزدیک غیر معتبر ہیں۔اسی طرح اعمش، تیمی، یحییٰ بن ابی کثیر اور ابن عیینہ کی مرسل روایات کا بھی کوئی اعتبار نہیں۔ پھر فرمایا ہاں خدا کی قسم سفیان بن سعد کی روایات کا بھی یہی حال ہے۔ میں نے یحییٰ سے امام مالک کے مرسلات کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ بہتر ہیں۔ پھر فرمایا لوگوں کے نزدیک کسی کی حدیث امام مالک کی روایت کردہ حدیث سے زیادہ بہتر نہیں۔

۴۶: حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ يَقُوْلُ مَا قَالَ الْحَسَنُ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلاَّ وَجَدْنَا لَهٗ اَصْلاً اِلاَّ حَدِيْثًا اَوْ حَدِيْثَيْنِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَمَنْ ضَعَّفَ الْمُرْسَلَ فَاِنَّهٗ ضَعَّفَهٗ مِنْ قِبَلِ اَنَّ هٰؤُلاَءِ الْاَئِمَّةَ قَدْ حَدَّثُوْا عَنِ الثِّقَاتِ وَغَيْرِ الثِّقَاتِ فَاِذَا رَوٰى اَحَدُهُمْ حَدِيْثًا وَاَرْسَلَهٗ لَعَلَّهٗ اَخَذَهٗ عَنْ غَيْرِ ثِقَةٍ قَدْ تَكَلَّمَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ فِيْ مَعْبَدِ الْجُهَنِيِّ ثُمَّ رَوٰى عَنْهُ.

۴۶: ہم سے روایت کی سوار بن عبداللہ عنبری نے وہ کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جن احادیث میں حسن بصری نے ’’قال رسول اللہ ﷺ‘‘ کہا ان میں سے ایک یا دو حدیثوں کے علاوہ تمام احادیث کی کوئی نہ کوئی اصل ہے ۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جو حضرات مرسل احادیث کو ضعیف قرار دیتے ہیں ۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اس میں احتمال ہوتا ہے کہ ممکن ہے کہ ائمہ کرام نے ثقہ و غیر ثقہ سب سے روایات لی ہیں لہٰذا جب کوئی مرسل حدیث روایت کرتا ہے تو شاید اس نے غیر ثقہ سے لی ہو۔جیسے کہ حسن بصری، معبد جہنی پر اعتراض بھی کرتے ہیں اور پھر ان سے روایات بھی کرتے ہیں۔

۴۷: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْبَصْرِيُّ نَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعَطَّارُ حَدَّثَنِي اَبِيْ وَعَمِّيْ قَالَ سَمِعْنَا الْحَسَنَ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَمَعْبَدَ الْجُهَنِيِّ فَاِنَّهُ ضَالٌّ مُضِلٌّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَيُرْوٰى عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ نَا الْحَارِثُ الْاَعْوَرُ وَكَانَ كَذَّابًا وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَبْنَ بَشَّارٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِيٍّ يَقُوْلُ اَلَا تَعْجَبُوْنَ مِنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ لَقَدْ تَرَكْتُ لِجَابِرِ الْجُعْفِيِّ بِقَوْلِهٖ لَمَا حَكٰى عَنْهُ اَكْثَرُ مِنَ اَلْفِ حَدِيْثٍ ثُمَّ هُوَ يُحَدِّثُ عَنْهُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَتَرَكَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدِيْثَ جَابِرِ الْجُعْفِيِّ وَقَدِ احْتَجَّ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ بِالْمُرْسَلِ اَيْضًا.

۴۷: ہم سے روایت کی بشر بن معاذ بصری نے انہوں نے مرحوم بن عبدالعزیز عطار سے وہ اپنے والد سے اور چچا سے اور وہ حسن بصری سے نقل کرتے ہیں کہ معبد جہنی سے دور رہو وہ خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبی سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حارث اعور نے حدیث بیان کی اور وہ کذاب (جھوٹا) تھا، محمد بن بشار، عبدالرحمٰن بن مہدی سے نقل کرتے ہیں وہ فرمایا کرتے تھے کیا تم سفیان بن عیینہ سے تعجب نہیں کرتے کہ میں نے ان کے کہنے پر جابر بن جعفی کی ایک ہزار سے زائد احادیث چھوڑ دیں اور سفیان بن عیینہ اس کے باوجود ان سے روایات کرتے ہیں۔ محمد بن بشار کہتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن مہدی نے جابر جعفی سے روایت کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پھر بعض اہل علم مرسل احادیث کو حجت تسلیم بھی کرتے ہیں۔

۴۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِي السَّفَرِ الْكُوْفِيُّ نَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ قَالَ قُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اَسْنِدْ لِيْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ اِذَا حَدَّثْتُكَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فَهُوَ الَّذِيْ سَمِعْتُ وَاِذَا قُلْتُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَدِ اخْتَلَفَ الْاَئِمَّةُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ تَضْعِيْفِ الرِّجَالِ كَمَا اخْتَلَفُوْا فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْعِلْمِ ذُكِرَ عَنْ شُعْبَةَ اَنَّهُ ضَعَّفَ اَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ وَعَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ اَبِيْ سُلَيْمَانَ وَحَكِيْمَ بْنَ جُبَيْرٍ وَتَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنْهُمْ ثُمَّ حَدَّثَ شُعْبَةُ عَمَّنْ هُوَ دُوْنَ هٰؤُلَاءِ فِي الْحِفْظِ وَالْعَدَالَةِ حَدَّثَ عَنْ جَابِرِ الْجُعْفِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُسْلِمِ الْهَجَرِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ وَغَيْرِ وَاحِدٍ مِمَّنْ يُضَعَّفُوْنَ فِي الْحَدِيْثِ.

۴۸: ہم سے روایت کی ابوعبیدہ بن ابی سفر کوفی نے انہوں نے سعید بن عامر سے وہ شعبہ سے اور وہ سلیمان اعمش سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ابراہیم نخعی سے کہا کہ آپ کوئی ایسی حدیث بیان کیجئے جو عبداللہ بن مسعودؓ سے متصل الاسناد ہو۔ ابراہیم نے فرمایا اگر میں عبداللہ بن مسعودؓ سے حدیث بیان کروں تو اس کا یہی مطلب ہے وہ حدیث میں نے خود ان سے سنی ہے لیکن اگر کہوں "قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ" کہ عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا تو اس میں میرے اور ان کے درمیان کئی واسطے ہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) کہ تضعیف رجال میں بھی علماء کا اسی طرح اختلاف ہے جس طرح اور چیزوں میں ہے۔ چنانچہ شعبہ نے ابوزبیر مکی، عبدالملک بن ابی سلیمان اور حکیم بن جبیر کو ضعیف قرار دیتے ہوئے ان سے روایت کرنا ترک کر دیا ہے لیکن وہ حفظ و عدالت میں ان سے بھی کم درجے کے رواۃ سے احادیث نقل کرتے ہیں۔ شعبہ نے جابر جعفی، ابراہیم بن مسلم ہجری، محمد بن عبید اللہ عزرمی اور کئی دوسرے راویوں سے

روایت کی ہے۔ جن کو حدیث میں ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

۴۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الْبَصْرِيُّ نَا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ قُلْتُ لِشُعْبَةَ تَدَعُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي سُلَيْمَانَ وَ تُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَرْزَمِيِّ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَبُو عِيسَى وَقَدْ كَانَ شُعْبَةُ حَدَّثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ ثُمَّ تَرَكَهُ وَيُقَالُ إِنَّمَا تَرَكَهُ لَمَّا تَفَرَّدَ بِالْحَدِيثِ الَّذِي رَوَى عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّجُلُ أَحَقُّ بِشُفْعَتِهِ يُنْتَظَرُ بِهِ وَإِنْ كَانَ غَائِبًا إِذَا كَانَ طَرِيقُهُمَا وَاحِدًا وَقَدْ ثَبَتَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ وَحَدَّثُوا عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ وَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ وَحَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ.

۴۹: ہم سے روایت کی محمد بن عمرو بن نبہان نے انہوں نے امیہ بن خالد سے نقل کیا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے شعبہ سے کہا آپ عبدالملک بن ابی سلیمان کو چھوڑتے ہیں اور محمد بن عبید اللہ عرزمی سے حدیث نقل کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا "ہاں" امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ نے عبدالملک بن ابی سلیمان سے حدیث روایت کی لیکن بعد میں اس سے روایت لینا چھوڑ دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اسکی وجہ وہ حدیث ہے جس کی روایت میں وہ منفرد ہیں۔ اسے عبدالملک، عطاء بن ابی رباح سے وہ جابرؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ آپؐ نے فرمایا ہر آدمی اپنے شفعے کا مستحق ہے لہٰذا اگر وہ موجود نہ ہو تو اس کا انتظار کیا جائے۔ بشرطیکہ دونوں کا راستہ ایک ہی ہو۔ انہیں کئی ائمہ ثابت قرار دیتے ہیں اور ابوزبیر عبدالملک بن ابی سلیمان اور حکیم بن جبیر تینوں سے روایت کرتے ہیں۔

۵۰: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا حَجَّاجٌ وَابْنُ أَبِي لَيْلَى عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ كُنَّا إِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ تَذَاكَرْنَا حَدِيثَهُ وَكَانَ أَبُو الزُّبَيْرِ أَحْفَظَنَا لِلْحَدِيثِ.

۵۰: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے انہوں نے ہشیم سے وہ حجاج اور ابن ابی لیلیٰ سے اور وہ عطاء بن ابی رباح سے نقل کرتے ہیں کہ جب ہم جابر بن عبداللہؓ کے پاس جاتے تو آپس میں ان احادیث کا مذاکرہ کرتے اور ہم سب میں ابوزبیر زیادہ حافظ تھے۔

۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ كَانَ عَطَاءٌ يُقَدِّمُنِي إِلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَحْفَظُ لَهُمُ الْحَدِيثَ.

۵۱: ہم سے روایت کی محمد بن یحییٰ بن ابی عمر مکی نے وہ سفیان بن عیینہ سے ابوزبیر کا قول نقل کرتے ہیں کہ عطاء مجھے جابر بن عبداللہؓ سے احادیث سنتے وقت آگے کر دیا کرتے تھے تاکہ میں حفظ کرلوں۔

۵۲: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ وَ أَبُو الزُّبَيْرِ وَ أَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ يَقْبِضُهَا قَالَ أَبُو عِيسَى إِنَّمَا يَعْنِي بِذَلِكَ الْإِتْقَانَ وَالْحِفْظَ وَيُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ يَقُولُ

۵۲: ہم سے روایت کی ابن ابی عمر نے وہ سفیان سے نقل کرتے ہیں کہ ایوب سختیانی نے ابوزبیر سے روایت کی ہے۔ یہ بات کہتے ہوئے سفیان نے اپنی مٹھی بند کی کہ وہ (ابوزبیر) حفظ واتقان میں قوی تھے۔ عبداللہ بن مبارک سے سفیان ثوری کا قول مروی ہے کہ عبدالملک بن ابی سلیمان علم کے

كَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ مِيزَانًا فِى الْعِلْمِ .

میزان تھے۔

۵۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ تَرَكَهُ شُعْبَةُ مِنْ اَجْلِ هٰذَا الْحَدِيْثِ الَّذِىْ رَوَاهُ فِى الصَّدَقَةِ يَعْنِى حَدِيْثَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ وَلَهُ مَا يُغْنِيْهِ كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُمُوْشًا فِىْ وَجْهِهٖ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا يُغْنِيْهِ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْ قِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيٰى وَقَدْ حَدَّثَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ وَزَائِدَةُ قَالَ عَلِيٌّ وَلَمْ يَرَ يَحْيٰى بِحَدِيْثِهٖ بَاْسًا.

۵۳: ہم سے روایت کی ابوبکر نے وہ علی بن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے یحییٰ بن سعید سے حکیم بن جبیر کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: شعبہ نے ان سے اس حدیث کی وجہ سے روایت کرنا چھوڑ دیا ہے جو انہوں نے (باب الصدقة) صدقے کے باب میں بیان کی ہے۔ یعنی عبداللہ بن مسعودؓ سے منقول ہے نبی اکرم ﷺ کا قول کہ ''جو شخص لوگوں سے سوال کرے حالانکہ اس کے پاس اتنا مال ہے جو اسکو غنی کردے وہ قیامت کے دن اس حالت میں آئے گا کہ اس کا منہ چھلا (نوچا) ہوا ہوگا۔ لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کتنا مال غنی کر دیتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا پچاس درہم یا ان کی قیمت کے برابر سونا۔ علی، یحییٰ سے نقل کرتے ہیں کہ سفیان ثوری اور زائدہ، حکیم بن جبیر سے روایت کرتے ہیں۔ یحییٰ کے نزدیک ان کی حدیث میں کوئی حرج نہیں۔

۵۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ بِحَدِيْثِ الصَّدَقَةِ قَالَ يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ صَاحِبُ شُعْبَةَ لِسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ لَوْ غَيْرَ حَكِيْمٍ حَدَّثَ بِهٰذَا فَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ وَمَا لِحَكِيْمٍ لَا يُحَدِّثُ عَنْهُ شُعْبَةُ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ سَمِعْتُ زُبَيْدًا يُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَمَا ذَكَرْنَا فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ فَاِنَّمَا اَرَدْنَا حَسَنٌ اِسْنَادُهٗ عِنْدَنَا كُلُّ حَدِيْثٍ يُرْوٰى لَا يَكُوْنُ فِىْ اِسْنَادِهٖ مَنْ يُتَّهَمُ بِالْكَذِبِ وَلَا يَكُوْنُ الْحَدِيْثُ شَاذًّا وَيُرْوٰى مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ نَحْوَ ذَاكَ فَهُوَ عِنْدَنَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَمَا ذَكَرْنَا فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ فَاِنَّ اَهْلَ الْحَدِيْثِ يَسْتَغْرِبُوْنَ الْحَدِيْثَ لِمَعَانٍ رُبَّ حَدِيْثٍ يَكُوْنُ غَرِيْبًا لَا يُرْوٰى اِلَّا مِنْ وَجْهٍ وَاحِدٍ مِثْلَ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى الْعُشَرَاءِ

۵۴: ہم سے روایت کی محمود بن غیلان نے انہوں نے یحییٰ بن آدم سے وہ سفیان ثوری سے اور وہ حکیم بن جبیر سے صدقہ کے متعلق حدیث نقل کرتے ہیں۔ یحییٰ بن آدم کہتے ہیں کہ پھر شعبہ کے دوست عبداللہ بن عثمان نے سفیان ثوری سے کہا کاش کہ حکیم کے علاوہ بھی کوئی شخص یہ حدیث بیان کرتا سفیان نے ان سے پوچھا حکیم کو کیا ہے؟ کیا شعبہ ان سے راوی نہیں۔ عبداللہ نے کہا ہاں ہیں۔ اس پر سفیان ثوری نے فرمایا میں نے یہ حدیث زبیدہ سے بھی سنی وہ محمد بن عبدالرحمٰن بن یزید سے روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس کتاب میں جو لکھا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے تو اس سے ہماری مراد ہے کہ اسکی سند حسن ہے۔ ہر وہ مروی حدیث جس کی سند میں کوئی متہم بالکذب نہ ہو، وہ حدیث شاذ نہ ہوا ور متعدد طرق سے مروی ہو وہ ہمارے نزدیک (حدیث) حسن ہے۔ اور جس حدیث کو ہم نے (امام ترمذیؒ نے) غریب کہا ہے تو محدثین مختلف وجوہات کی بنا پر اسے

عَنْ اَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَا تَكُوْنَ الزَّكٰوةُ اِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَةِ فَقَالَ لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا اَجْزَأَ عَنْكَ فَهٰذَا حَدِيْثٌ تَفَرَّدَ بِهٖ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الْعَشْرَاءِ وَلَا يُعْرَفُ لِاَبِي الْعَشْرَاءِ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثُ وَاِنْ كَانَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مَشْهُوْرًا فَاِنَّمَا اشْتَهَرَ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِهٖ يَعْنِي وَرُبَّ رَجُلٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ لَا يُعْرَفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِهٖ فَيَشْتَهِرُ الْحَدِيْثُ بِكَثْرَةِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ مِثْلَ مَارَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَهِبَتِهٖ لَا يُعْرَفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ رَوَاهُ عَنْهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَشُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَرَوٰى يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَوَهِمَ فِيْهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ وَالصَّحِيْحُ هُوَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ هٰكَذَا رَوٰى عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَرَوٰى الْمُؤَمَّلُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ شُعْبَةَ فَقَالَ شُعْبَةُ لَوَدِدْتُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ دِيْنَارٍ اَذِنَ لِي حَتّٰى كُنْتُ اَقُوْمُ اِلَيْهِ فَاُقَبِّلُ رَاْسَهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرُبَّ حَدِيْثٍ اِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِزِيَادَةٍ تَكُوْنُ فِي الْحَدِيْثِ وَاِنَّمَا يَصِحُّ اِذَا كَانَتِ الزِّيَادَةُ مِمَّنْ يُعْتَمَدُ عَلٰى حِفْظِهٖ مِثْلَ مَارَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ قَالَ

غریب کہتے ہیں۔ چنانچہ بہت سی احادیث صرف ایک سند سے مذکور ہونے کی وجہ سے غریب کہلاتی ہیں۔ جیسے حماد بن سلمہ کی ابوعشراء سے منقول حدیث وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا حلق اور لبہ (سینہ کا بالائی حصہ) کے علاوہ ذبح جائز نہیں؟ آپ نے فرمایا اگر تم نے اسکی ران میں مارا تو یہ بھی کافی ہے۔ اس حدیث کو صرف حماد نے ابوعشراء سے نقل کیا ہے اوران کی اس کے علاوہ کوئی حدیث معروف نہیں۔ چنانچہ یہ حدیث حماد بن سلمہ کی روایت سے مشہور ہے۔ ہم اسے صرف انہی کی سند سے جانتے ہیں۔ اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کوئی امام ایک حدیث روایت کرتا ہے جو صرف اسی سے پہچانی جاتی ہے۔ لیکن چونکہ اس سے بہت سے راوی روایت کرتے ہیں۔ اس لیے مشہور ہوجاتی ہے۔ جیسے عبداللہ بن دینار کی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث کہ نبی اکرم ﷺ نے حق ولاء کی خرید وفروخت اور اسے ہبہ کرنے سے منع فرمایا: یہ حدیث صرف عبداللہ بن دینار سے معروف ہے اور ان سے عبید اللہ بن عمرو، شعبہ، سفیان ثوری، مالک بن انس اور ابن عیینہ انہی (عبداللہ بن دینار) سے روایت کرتے ہیں۔ اسی طرح کئی ائمہ حدیث بھی انہی سے روایت کرتے ہیں۔ یحیٰی بن سلیم یہ حدیث عبید اللہ بن عمرو سے وہ نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں لیکن اس میں انہیں وہم ہوا ہے کیونکہ صحیح یہی ہے کہ عبید اللہ بن عمرو، عبداللہ بن دینار سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔ اس لیے کہ عبدالوہاب ثقفی اور عبداللہ بن نمیر نے بواسطہ عبید اللہ بن عمرو اور عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔ مؤمل نے یہ حدیث شعبہ سے نقل کرنے کے بعد ان کا یہ قول بھی نقل کیا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ اس حدیث کی وجہ سے عبداللہ بن دینار مجھے اجازت دیں اور میں کھڑا ہوکر ان کی پیشانی چوم لوں۔

وَزَادَ مَا لِکٌ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَرَوٰی اَیُّوْبُ السَّخْتِیَانِیُّ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَدْ رَوٰی بَعْضُهُمْ عَنْ نَافِعٍ مِثْلَ رِوَایَةِ مَالِکٍ مِمَّنْ لَا یُعْتَمَدُ عَلٰی حِفْظِهٖ وَقَدْ اَخَذَ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ بِحَدِیْثِ مَالِکٍ وَاحْتَجُّوْا بِهٖ مِنْهُمُ الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَا اِذَا کَانَ لِلرَّجُلِ عَبِیْدٌ غَیْرُ مُسْلِمِیْنَ لَمْ یُؤَدِّ عَنْهُمْ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاحْتَجَّا بِحَدِیْثِ مَالِکٍ فَاِذَا زَادَ حَافِظٌ مِمَّنْ یُعْتَمَدُ عَلٰی حِفْظِهٖ قَبِلَ ذٰلِکَ عَنْهُ وَ رُبَّ حَدِیْثٍ یُرْوٰی مِنْ اَوْجُهٍ کَثِیْرَةٍ وَاِنَّمَا یُسْتَغْرَبُ لِحَالِ الْاِسْنَادِ.

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث کے غریب ہونے کی دوسری وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اس میں ایسا اضافہ ہو جو ثقات سے نہ منقول ہو۔ یہ اس صورت میں صحیح ہوسکتا ہے کہ (حدیث) ایسے شخص سے منقول ہو جس کے حافظے پر اعتماد کیا جاسکتا ہو جیسے مالک بن انس، نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا صدقہ فطر ہر مرد و عورت آزاد و غلام مسلمان پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جو مقرر کیا۔ مالک بن انس نے اس حدیث میں " مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ" کا لفظ زیادہ نقل کیا ہے۔ ایوب سختیانی، عبداللہ بن عمر اور کئی ائمہ حدیث اس حدیث کو نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہوئے یہ الفاظ (مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ) نقل نہیں کرتے جبکہ بعض مالک کی طرح بھی روایت کرتے ہیں۔ لیکن ان لوگوں کے حافظے پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ بعض ائمہ کرام امام مالک کی اس حدیث کو حجت تسلیم کرتے ہوئے اسی پر عمل پیرا ہیں۔ امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کے پاس غیر مسلم غلام ہوں تو ان کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا واجب نہیں۔ ان دونوں (امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ) نے حدیث مالک بن انس سے دلیل پکڑی۔ بہرحال اگر ایسا راوی جس کے حافظہ پر اعتماد کیا جاسکے، کچھ الفاظ کا اضافہ کرے تو اس سے یہ اضافہ قبول کیا جائے گا۔ بہت سی احادیث متعدد سندوں سے مروی ہوتی ہیں لیکن وہ ایک سند سے غریب سمجھی جاتی ہیں۔

۵۵. حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ وَاَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِیُّ وَاَبُو السَّائِبِ وَ الْحُسَیْنُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالُوْا نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَیْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْکَافِرُ یَاْکُلُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ وَالْمُؤْمِنُ یَاْکُلُ فِیْ مِعًا وَاحِدٍ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّمَا یُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ مُوْسٰی سَاَلْتُ مَحْمُوْدَ بْنَ غَیْلَانَ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ فَقَالَ هٰذَا حَدِیْثُ اَبِیْ کُرَیْبٍ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ فَقَالَ هٰذَا

۵۵: ہم سے روایت کی ابوکریب نے اور ہشام اور ابوالسائب اور حسین بن اسود نے چاروں نے کہا ہم سے روایت کی ابو اسامہ نے انہوں نے بریدہ بن عبداللہ بن ابی بردہ سے انہوں نے اپنے دادا ابی بردہ سے وہ ابوموسیٰ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ آپؐ نے فرمایا کافر سات آنتوں میں اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ حالانکہ کئی سندوں سے منقول ہے۔ میں (امام ترمذیؒ) نے محمود بن غیلان سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ ابوکریب کی روایت ہے وہ ابواسامہ سے راوی ہیں۔ پھر امام بخاریؒ سے پوچھا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا اور فرمایا ہم اس حدیث کو صرف ابوکریب کی

حَدِيْثُ اَبِىْ كُرَيْبٍ عَنْ اَبِىْ اُسَامَةَ لَمْ نَعْرِفْهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِىْ كُرَيْبٍ فَقُلْتُ لَهٗ حَدَّثَنَا غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اَبِىْ اُسَامَةَ بِهٰذَا اَفَجَعَلَ يَتَعَجَّبُ وَقَالَ مَاعَلِمْتُ اَنَّ اَحَدًا حَدَّثَ بِهٰذَا غَيْرَاَبِىْ كُرَيْبٍ قَالَ مُحَمَّدٌ وَكُنَّا نَرٰى اِنَّ اَبَا كُرَيْبٍ اَخَذَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِىْ اُسَامَةَ فِى الْمُذَاكَرَةِ.

روایت سے جانتے ہیں۔میں نے عرض کیا: مجھ سے تو اسے متعددافراد نے ابواسامہ ہی سے روایت کیا ہے۔امام بخاریؒ نے اس پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا میں اسے ابوکریب کے علاوہ کسی روایت سے نہیں جانتا۔پھر فرمایا میرا خیال ہے کہ ابوکریب نے یہ حدیث ابواسامہ سے کسی مباحثے میں سنی ہوگی۔

۵۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا اَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍنَا شُعْبَةُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَآءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمُرَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَ الْمُزَفَّتِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا حَدَّثَ بِهٖ عَنْ شُعْبَةَ غَيْرَ شَبَابَةَ وَقَدْ رُوِىَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوْجُهٍ كَثِيْرَةٍ اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ يُّنْتَبَذَ فِى الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَحَدِيْثُ شَبَابَةَ اِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِاَنَّهٗ تَفَرَّدَبِهٖ عَنْ شُعْبَةَ وَقَدْرَوٰى شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمُرَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ الْحَجُّ عَرَفَةُ فَهٰذَا الْحَدِيْثُ الْمَعْرُوْفُ اَصَحُّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ.

۵۶: ہم سے روایت کی عبداللہ بن ابی زیاد اور کئی لوگوں نے شبابہ بن سوار سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے بکیر بن عطاء سے اور وہ عبدالرحمٰن بن یعمر سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے دباء[1] اور مزفت (کے برتنوں میں) نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث اس لیے غریب ہے کہ اس حدیث کو صرف شبانہ نے شعبہ سے نقل کیا ہے۔پھر شعبہ اور سفیان ثوری دونوں اسی سند سے بکیر بن عطاء سے وہ عبدالرحمٰن بن یعمر سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: حج، وقوف عرفات کا نام ہے۔

یہ حدیث محدثین کے نزدیک اس سند سے صحیح ترین ہے۔

۵۷: حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ مُزَاحِمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَصَلّٰى عَلَيْهَا فَلَهٗ قِيْرَاطٌ وَمَنْ تَبِعَهَا حَتّٰى يُقْضٰى قَضَاؤُ هَا فَلَهٗ قِيْرَاطَانِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْقِيْرَاطَانِ قَالَ اَصْغَرُ هُمَا مِثْلُ اُحُدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَلَّامٍ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ نَا اَبُوْ مُزَاحِمٍ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ

۵۷: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں معاذ بن ہشام سے انہوں نے اپنے باپ سے اور وہ یحییٰ بن ابی کثیر سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ابوہریرہؓ سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ جائے اور نماز (جنازہ) پڑھے اس کے لیے ایک قیراط (ثواب) اور جو اس کے دفن سے فراغت تک ساتھ رہے اس کے لیے دو قیراط (ثواب) ہے۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ قیراط کتنے ہوتے ہیں۔؟ آپؐ نے فرمایا: ان میں سے چھوٹا اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔عبداللہ بن عبدالرحمٰن، مروان بن محمد سے وہ معاویہ بن سلام وہ یحییٰ بن

---

[1] کدو کو اندر سے کرید کر جو برتن بنایا جاتا ہے اسے دباء کہتے ہیں۔ (مترجم)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَهُ قِيْرَاطٌ فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَنَا مَرْوَانُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ قَالَ يَحْيٰى وَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِیُّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ سَفِيْنَةَ عَنِ السَّائِبِ سَمِعَ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قُلْتُ لِاَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا الَّذِیْ اِسْتَغْرَبُوْا مِنْ حَدِيْثِكَ بِالْعِرَاقِ فَقَالَ حَدِيْثُ السَّائِبِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَهٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ هٰذَا الْحَدِيْثُ لِحَالِ اِسْنَادِهٖ لِرِوَايَةِ السَّائِبِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ابی کثیر سے وہ ابومزاحم سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے اسی کی مانند مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں جو اسی کے ہم معنیٰ ہے۔عبداللہ، مروان سے وہ معاویہ بن سلام سے وہ یحیٰی سے وہ ابوسعید مولیٰ مہدی سے وہ حمزہ بن سفینہ سے وہ سائب سے وہ حضرت عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتی ہیں۔میں (امام ترمذیؒ) نے ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا کہ آپ کی وہ کون سی حدیث ہے جسے آپ نے سائب کے واسطے سے حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے اور محدثین اسے غریب قرار دیتے ہیں۔چنانچہ انہوں نے یہی بیان کی۔ پھر میں (امام ترمذیؒ) نے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو بھی یہ حدیث ان سے روایت کرتے ہوئے سنا ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث کئی سندوں سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے لیکن صرف سائب کی روایت سے غریب ہے۔

۵۸ : حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ اَبِیْ قُرَّةَ السَّدُوْسِیُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْقِلُهَا وَاَتَوَكَّلُ اَوْ اُطْلِقُهَا وَاَتَوَكَّلُ قَالَ اَعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ قَالَ عَمْرُو ابْنُ عَلِیٍّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ هٰذَا عِنْدِیْ حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَقَدْ وَضَعْنَا هٰذَا الْكِتَابَ عَلَى الْاِخْتِصَارِ لِمَا رَجَوْنَا فِيْهِ مِنَ الْمَنْفَعَةِ نَسْئَلُ اللّٰهَ النَّفْعَ بِمَا فِيْهِ وَاَنْ يَجْعَلَهُ لَنَا حُجَّةً بِرَحْمَتِهٖ وَاَنْ لَا يَجْعَلَهُ عَلَيْنَا بِرَحْمَتِهٖ

۵۸: ہم سے روایت کی ابوحفص عمرو بن علی نے انہوں نے یحیٰی بن سعید قطان سے وہ مغیرہ بن ابی قرۃ السدوسی سے اور وہ انس بن مالک سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کیا میں اونٹ کو باندھ کر توکل کروں یا بغیر باندھے ہی اللہ پر بھروسہ رکھوں۔آپؐ نے فرمایا: اسے باندھو اور بھروسہ کرو۔عمرو بن علی کہتے ہیں کہ یہ حدیث یحیٰی بن سعید کے نزدیک منکر ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے انس بن مالکؓ کی روایت سے جانتے ہیں۔پھر یہ عمرو بن امیہ ضمری سے بھی نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند منقول ہے۔

ہم (امام ترمذیؒ) نے اس کتاب میں انتہائی اختصار سے کام لیا ہے اور امید کرتے ہیں کہ یہ فائدہ مند ہوگی اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں اس سے نفع پہنچائے اور اپنی رحمت سے فلاح ونجات کا باعث بنائے نہ کہ وبال کا۔

اٰخِرِ الْكِتَابِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهُ عَلٰى اِنْعَامِهِ وَاَفْضَالِهِ وَصَلَاتُهُ وَسَلَامُهُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ الْاُمِّيِّ وَصَحْبِهِ وَاٰلِهِ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَلَهُ الْحَمْدُ عَلَى التَّمَامِ وَعَلَى النَّبِيِّ وَاٰلِهِ وَصَحْبِهِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَاَزْكَى السَّلَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

یہاں کتاب ختم ہوتی ہے اور ساری تعریفیں ﷲ کیلئے ہیں جو اکیلا ہے وہ جیسے اس نے انعام وافضال کیے اور درود و سلام ہو سید المرسلین امی پر اوران کے اصحابؓ وآل پر۔ ہمارے لیے ﷲ (ﷻ) کافی ہے اور کیا اچھا کام بنانے والا ہے اور نہیں طاقت گناہ سے بچنے کی اور نہ قوت عبادت (نیکی) کرنے کی مگر ﷲ ربّ العزت کی طرف سے جو بلند ہے اور سب سے بڑا ہے اور اسی کیلئے تعریف ہے پوری اور نبی اور انکے آل وصحابہ پر افضل صلوٰۃ اور ازکی سلام اور سب تعریفیں ﷲ کیلئے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

تمت

چند اہم کتب احادیث کے تراجم

صحیح مسلم شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا عزیز الرحمٰن

سنن ابوداؤد شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

سنن ابن ماجہ شریف ﴿۳ جلدیں﴾

مترجم: مولانا قاسم امین

سنن نسائی شریف ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا خورشید حسن قاسمی

ریاض الصالحین ﴿۲ جلدیں﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

نزہۃ المتقین شرح ریاض الصالحین ﴿اردو﴾

مترجم: مولانا شمس الدین

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸۔ اردو بازار لاہور O پاکستان